ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات ضرب الامثال بمع ضمیمہ جدید عربی الفاظ

المنجد عربی اردو

مؤلف : لویس معلوف

مترجم : مولانا ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی مدظلہ

تکمیل و نظر ثانی : مولانا عبد الصمد صارم الازہری مدظلہ ماہر علوم اسلامیہ

خزینہ علم و ادب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7211458-7314169

نام کتاب	المنجد عربی اردو
تصنیف	لویس معلوف
ترجمہ	مولانا ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی
طابع	نذیر محمد
مطبع	افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395

اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718

مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت
طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ
کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار
ہوں گے۔ (ادارہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ "المنجد" کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے بھی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی "مصباح اللغات" جو اس سے پہلے "خزینۂ علم وادب" شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تا کہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم "حافظ قاری قاسم صاحب" کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے "مصباح اللغات" لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ "دارالمشرق بیروت" پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ "مصباح اللغات" شائع کردہ "خزینۂ علم وادب" پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے "المنجد" سے حذف کئے تھے وہ یا تو "سائنسی اصطلاحات" تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دارالعلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح، دوپہر، شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم[1]) کو اجر عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہل خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پر شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والد محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل و عیال کو دنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر ماسیہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس وانچارج باغ جناح پارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ ان سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

"خزینۂ علم وادب" نے اپنے آغاز ۲۵/۱/۱۹۹۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے، درمے، سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

المنجد کے رموزِ واشارت

قا سے مراد	اسم فاعل	مص سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفع سے مراد	اسم مفعول	(ض) سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک) سے مراد	باب کرم یکرم
ج سے مراد	جمع	(ن) سے مراد	باب نصر ینصر	(ح) سے مراد	باب حسب یحسب
جج سے مراد	جمع الجمع	(ف) سے مراد	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل
کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھے دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔
(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔
(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔
(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔
(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔
(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔
(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔
(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔
(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔
(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔
(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔
(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔
(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔
(۱۴) تقلید: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔
(۱۵) تخمیر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔
(۱۶) تکلیف: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔
(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔
(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔
(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔
(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تکلیف میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تکلیف میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔
(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔
(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔
(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا چاہنا۔
(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۹) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَثُ الحِمَارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) صیرورت: جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آ گیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلامَ الفَرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دور کی۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی۔ (۴۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسخہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تکلیہ: جیسے ذَهَّبَہٗ = اس نے سنہری بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القوسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اس نے مجھے خوش کیا۔

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الہ الا اللہ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (۳۲)

باب مفاعلۃ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔
موافقت افعل: جیسے بَاعَدَہٗ: بمعنی اَبْعَدَہٗ
موافقت فعّل: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَأَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا۔ (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کرکے پیا۔ (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا۔ (۲۴)

(۹) مطاوعت فعّل: جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۶)

(۴) مطاوعت فاعل: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دور ہوگیا۔ (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طلق) (۵)

(۲) لزوم ومطاوعہ: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔

مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ = باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔ (۲)

(۲) تخیر: جیسے اِنْتَخَلَ الشَّعِیْرَ = اس نے اپنے لئے جو چنا (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممته فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب۔

موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تخاصم (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمته = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)

(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمته = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)

(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۴۱)

(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۴)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القری = اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۶)

(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)

(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔ (۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِسْتَقَرَّ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ (۳۲)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَحَدَّ = زیر ناف کے بال کاٹے۔ (۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہوگئی۔ (۲۹)

فائدہ: اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، اِبْیَضَّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب افعیعال

(۱) مبالغہ: جیسے اِخْشَوْشَبَ = بہت کھردرا ہو گیا۔ (۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التَّمْرُ بمعنی حَلَا (۳۱)

باب افعوّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔ (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکایا وہ لڑھک گیا۔ (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنا لیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں: (۱) مصدر، (۲) اسم مرۃ (۳) اسم نوع، (۴) ظرف مکان وظرف زمان، (۵) اسم آلہ، (۶) اسم فاعل، (۷) اسم مفعول، (۸) صفت مشبہ، (۹) اسم تفضیل، (۱۰) مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالۃ ہے جیسے زِرَاعَۃٌ تِجَارَۃٌ حِیَاکَۃٌ.

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَال ہے۔ جیسے اباء، شراد، جماع

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلان ہے جیسے غَلَیَان' جَوَلان' خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعلة ہے جیسے حُمرة' زُرقة' خضرة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فَعُل کا مصدر فُعُولَة اور فَعالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَة' نَباهَة' فَصاحَة۔

(۲) فَعِل لازمی کا مصدر فَعَل کے وزن پر ہے جیسے فَرَح' عَطَش' بَلَج۔

(۳) فَعَل لازمی کے مصدر فُعُول کے وزن پر جیسے قُعُود' خُرُوج' نُهُوض۔

(۴) فَعِل او فَعَل کے وزن پر جیسے فَهم' نَصر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعّل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّل تقبیلا اور تفعِلة کے وزن پر بھی آتا ہے کَرَّم جیسے وَسَّع توسعة قَدَّم تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعلة کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تنبئة وطَّأ توطئة' هنّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلة ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّی تحلية' زکّی تزکية اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّم' تقویما' سوّد تسویدا۔

فاعَل کا مصدر فِعال و مفاعَلة ہے جیسے قاتَل قِتالاً و مُقاتَلَة ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یا ہو وہاں مُفاعَلة کا وزن متعین ہے جیسے یاسَرَ مُیاسَرَة' یاقَن مُیاقنة اور یاوَم مُیاوَمَة' و یومًا شاذ ہے۔

اَفعَل کا مصدر اِفعال ہے جیسے اَکرَم اِکرا اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اماتَ' اماتة' اضاعَ اضاعة' اشار اشارة

تَفَعَّلَ کا مصدر تفعُّل اور تفاعَل کا تفاعُل ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تانّی' تانیًا تقاضی تقاضیًا۔

اِنفَعَل کا مصدر اِنفِعال' اِفتَعَل کا اِفتِعال' اِفعَوعَل کا اِفعِیعال اور اِفعَلَّ کا اِفعِلال ہے جیسے انعکس انعکاسًا۔ انطلق انطلاقًا' اِحدَودَب اِحدیدابًا اور اِسوَدّ اِسوِدادًا

اِستَفعَل کا مصدر اِستِفعال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِستقام اِستقامة

فَعلَلَ کا مصدر فَعلَلَة اور فِعلال ہے جیسے دَحرَجَ دَحرَجَةً وَدِحراجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسوَسَ وَسوَسَةً اور وِسواسًا

تَفَعلَلَ کا تَفَعلُل۔ اِفعَنلَل کا اِفعِنلال' اِفعَلَلّ کا اِفعِلّال جیسے تدحرج تدحرجًا' احرنجم احرنجامًا۔ اِقشَعَرَّ اِقشِعرارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَربًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَربًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنظَر' مَضرَب' مَرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیء' مَرجِع' مَسِیر' مَصِیر' مَشِیب' مَرفِق' مَقِیل مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَورِد' مَوعِد' مَوجِل ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُتَحَنَّر' مُصطَبَر' مُزدَحَم۔

اسم مرة و اسم نوع

اسم مرة وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرة کا وزن فَعلة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبتُ ضَربَةً جَلَستُ جَلسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرة بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلتَفَتُّ اِلتِفاتَةً اِنطَلَقتُ اِنطِلاقَةً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرة لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربتہ ضربة واحدة' اطلقه

مقاتلة لا غير وما التفت اليه الا التفاتة وَاجبتُه اجابة لطف.

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشی مِشْيَةَ المُخْتَالِ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَّنَ الاطلاقة طيب المعاشرة.

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَح' مَسْمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل.

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں' ان سب کا وزن مفعل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِقٌ' مَغْرِبٌ' مَطْلِعٌ' مَجْزِرٌ' مَرْفِقٌ' مَفْرِقٌ' مَسْكِنٌ' مَنْسِكٌ' مَنْبِتٌ' مَسْقِط.

مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد' مَوْجِل' مَطْوِی' مَرْمَی.

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ. اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ. اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلة = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَد. مِفْعَال جیسے مِفْتَاحٌ. مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنْخُلٌ' مُدْهُنٌ' مكحلة' مدق' مُسْعُطٌ' مُنْصُلٌ' مُشُطٌ وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَلُوْمٌ' سِكِّيْنٌ' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے جیسے ضارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ.

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّفٌ.

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْتَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَجٌ

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً فَعَلَ سے مَاجِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ايفَعَ سے يَافِعٌ. اَغْضَبَ سے غَاضِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ. اَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ.

(۲) اسم مفعول' مصدر میمی' ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لَيِّنٌ' سَهْلٌ' صَعْبٌ' لَغِيَانٌ' غَضْبَانٌ' كَسُوْلٌ' عَطْشَى' رؤف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن اَفْعَل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اَعْرَجُ' اَبْلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقيم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن فعلى کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سوادا۔ اشد استخراجا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد، حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "ھذا اسفر اَخْصَرُ من ذاکَ" میں اَخْصَرُ، إِخْتُصِرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "ھبایا الباادیۃ انوا منہ" میں انواء، نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پختہ کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے۔ کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوازنِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں

فَعَّال جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَۃٌ جیسے عَلَّامَۃٌ وَفھامۃ. فِعِّیل جیسے صِدِّیق وسکیر. مفعیل جیسے مِسْکِین وَ مِعْطِیرٌ. مِفْعَالٌ جیسے مکسال و مقدام. فعلۃ جیسے ضحکۃ و ضُجَعَۃٌ. فَعِلٌ جیسے فَرِۃٌ وَ حَذِرٌ. فَعِیْلٌ جیسے رَجِیْمٌ وَ عَظِیْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے کَذُوْبٌ. وَدُوْدٌ. فَاعِلَۃٌ جیسے زَاوِیَۃٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُوْلَۃٌ جیسے فَرُوْقَۃٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِضْرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ. فُعَّالٌ جیسے کُبَّارٌ..... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاکٌ، اَدْرَکَ سے۔ معطاء اعطی سے۔ مِھوان اھان سے مِحْسَانٌ احسن سے مِعْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِملاق. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِیْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِیْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زُھُوْقٌ. اَزْھَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامہ، فہامۃ

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر، امرأۃ نصیرۃ"۔ جاء نصیر و نصیرۃ"۔

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے "زید قتیل۔ و قتلت المرأۃ جریحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبیب و حبیبۃ۔

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیٰ الحتول، مریم الحتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولۃ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ھذا رسول و تلک رسولۃ۔ و جاء رسل و رسولۃ۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمۃ، قوۃ، نعمۃ، قدرۃ الف مقصورہ جیسے علری، فضلی، کبری، عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بیضاء، زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحۃ، نخلۃ اور طلی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی، مؤنث معنوی، مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو خلقۃً تانیث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اخت، ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے اس لئے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المتذکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان، اذن، ارض، ارنب، اروی، است، اصبع، افعی، الق، بئر، باع، بنصر، ثعلب، جحیم، جہنم، حرب، خنصر، دار، دبر، ذراع، رجل، رحی، ریح، سعیر، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عین، غول، فاس، فخذ، فلک، قدم، قدوم،

قوس، کاس، کتف، کرش، کف، لاز، نعل، نفس، ورک، ید، یمین، اصبع۔

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال، نکباء، حرور، سموم، صرصر، مکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها. الا الاعصار فانه مذکر.

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں۔ ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سرو، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سماء، سوق، صاع، ضحیٰ، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، قدر، قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء۔

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان"۔ رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے "عبدا الاحد، عبدا الرحمن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذوا تأبط شرا.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو مثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے راع راعیان، داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو مثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصا سے عصوان۔ فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریٰ سے ذکریان، قہقریٰ سے قہقریان، خوزلیٰ سے خوزلیان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقران، خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء، خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے صحراء سے صحراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے املاء سے املاءان۔ قراء سے قراءان

اور اگر ہمزہ نہ ہو تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو مثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آ جائے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا مثنیہ کی حالت میں ابوان ہو گا ایسے ہی اخ سے اخوان، حم سے حموان، غد سے غدوان لیکن دم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ دمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو مثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا مثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعاء، کل اور عریب، دیار اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال من سے ہو جیسے الزیدان افضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب

زوو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' علیون' اهلون' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سنون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات' مسلمۃ سے مسلمات

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(١) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاۃ' قلۃ' امۃ' ملۃ' شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(٢) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات' مریم سے مریمات

(٣) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(٤) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حبلیٰ سے حبلیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے جیسے سماوات' ارضات' کلمات' حمامات' سرادقات' شمالات' امہات' سرادقات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساطیل' فلاسفل' بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فعل اور فعلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے ثمرۃ ثمرات۔ رحمۃ رحمات۔

اور اگر فعل یا فعل کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کسرۃ سے کسرات' کسرات' کسرات' خطوۃ سے خطوات' خطوات' خطوات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جوزۃ سے جوزات' بیضۃ سے بیضات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رمیات اور زلوۃ سے زلوات' زلوات۔ لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل کا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے جنۃ سے جنات۔ عزۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رجل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رسل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اسد سے اسد۔ نمک سے نمک۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلت وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

افعال جیسے طفل سے اطفال۔ افعل جیسے نہر سے انہر۔ افعلۃ جیسے رغیف سے ارغفۃ۔ فعلۃ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قناديل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراقی داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایها الشیوخ لا تکونوا کالفتیۃ. احفظوا انفسکم.

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلت کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَةٌ کی جمع جیسے غُلبَةٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُرْة کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَةٌ کی جمع جیسے قِطعَة کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلة کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل' جدول کی جمع جداول' اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج' اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف' رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) أفاعل افعل (بتشکیک الہمزہ) کی جمع افاعل۔ اصبع کی جمع جیسے اصابع انملة کی جمع انامل' اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفاعِل مِفْعَل اور مِفعَلة کی جمع جیسے مصنع کی جمع مصانع۔ مکنسة کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مِفْعال اور مفعیل مفعول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین' مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل' قوم' رہط' جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقة'' ہے ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام رفقة کی جمع رفق' نجم کی نجم' نجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل' (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ' (۴) اسم تفضیل' (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة' عالم عالمة' لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جدا گانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ سکران سے سکریٰ' ظمآن سے ظمأی لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان' حلان' خمصان' سخنان' صوجان' فتوجان' قشوان' نصان' لمصان' نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلیٰ کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانة' غضبان سے غضبیٰ اور غضبانة

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء' اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کرمیٰ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے اعلیٰ سے علیاء۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر وتانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فُعَالَةٌ جیسے رَجُلٌ فَهَّامَةٌ اِمْرَأَةٌ فَهَّامَةٌ

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ' امراة مِفْضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِيل جیسے رجل معطیر امراة معطیر اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعَلَةٌ اور فُعْلَةٌ جیسے رجل ضُحَكَةٌ امراة ضححة اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة = بہت ہنسنے والا ہمزة = بہت عیب لگانے والا هزأة = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور' غلام قتیل' امراة قتیل' لیکن یہ امر قت ہے

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے
ہاں عدوۃ شاذ ہے۔
کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأۃ عقیم، یحیی العظام وھی رمیم۔
جو صفات کہ طبقاً اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے لو حملت فھی مرضعۃ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں:۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر۔ ازرق کی زرق، اعرج کی عرج، اعمی کی عمی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ بیض، ہیف، غید، ابیض، اہیف، اغید کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالی یا فعال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاری و حیاری سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فعلۃ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ، رماۃ، غزاۃ کہ اصل ان کی دعوۃ رمیۃ غزوۃ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، ذور یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحی، صریع کی جمع صرعی، شتیت کی جمع شتی اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضی ...... یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکی

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فعال، فعلۃ، فعل، فواعل، فعلاء اور افعلاء۔

(۱) فعال اور فعلۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زوار۔ صائم کی جمع صوام اور کاتب کی جمع کتبۃ ظالم کی جمع ظلمۃ۔
فعلۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ باعۃ حاکۃ صاغۃ کہ اصل میں سوقۃ بیعۃ حیکۃ صوغۃ تھے۔

(۲) فعل بھی فاعل کی جمع جیسے سجد ساجد کی جمع نوم نائم کی جمع جوع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقاً اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر، حائض کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ حلماء حلیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کبریات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صغر، کبر۔ صیغہ جمی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے صواحبات کی جمع صواحبات۔ افاضل کی جمع افاضلون

نسبۃ

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد ولاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل بصری۔
اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فعل میں فعلی اور ملک میں ملکی کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔
اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔
اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عصوی۔ فتی سے فتوی۔
اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مرمی سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مرمی اور اگر اصلی

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلٰی اور ذفریٰ کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے حبلاوی۔ ذفراوی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفٰی سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصطفوی اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی، سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضی سے قاضِیٌّ، ماضی سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ، ماضوی اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِیٌّ، محاذی سے محاذی۔

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وہ اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غَنِیٌّ سے غَنَوِیٌّ، عَلِیٌّ سے عَلَوِیٌّ۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے وہی فُعیل و فُعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌّ، قصی سے قُصَوِیٌّ، قُلَیْلَۃٌ سے قُلَیْلِیٌّ، اُمَیْنَۃٌ سے اُمَیْنِیٌّ۔

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا

قلنسوۃ سے قَلَنْسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی، دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا۔ اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حیی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حیی سے حَیَوِیٌّ۔

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی، اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدی، دمی

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سَمَوِیٌّ اور بَنَوِیٌّ کہنا جائز ہے اور اِبْنِیٌّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی لغۃ سے لغوی اور زِنَۃٌ سے وَزْنِیٌّ اور صِلَۃٌ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراقی، مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی، عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے محاطر، مناجذ، نساء نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے محاطری، مناجذی، نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جاتے

منف کبیر	سے	أناليٌّ	حرمين	"	جرميٌّ	رباب	"	رَبّيٌّ
أمّه	"	أمَوِيٌّ	حضرموت	"	حضرميٌّ	سهل	"	سهليٌّ
بادية	"	بَدَوِيٌّ	غزينة	"	غُزَنِيٌّ	سليقة	"	سَلِيقيٌّ
بحرين	"	بحرانيٌّ	ثغر	"	ثغريٌّ	سليمة الأزد	"	سُلَمِيٌّ
بهراء	"	بَهْرانيٌّ	قير	"	قيرانيٌّ	سُلَيم	"	سُلَمِيٌّ
تهامة	"	تهاميٌّ یا تَهام	دارينا	"	دارانيٌّ	شام	"	شام
تيم اللات	"	تيمليٌّ	رب	"	رَبّانيٌّ	شعر كبير	"	شعرانيٌّ
ثقيف	"	ثقفيٌّ	رقبة عظيمة	"	رقبانيٌّ	صدر كبير	"	صدرانيٌّ
جمة عظيمة	"	جُمّاني	رامهرمز	"	راميٌّ	صنعاء	"	صنعانيٌّ
جذيمة	"	جلميٌّ	ردينة	"	رُدَيْنيٌّ	طبيعة	"	طبيعيٌّ
جلولاء	"	جَلُوليٌّ	روح	"	رُوحانيٌّ	مرو الشاهجهاني	"	مَرْوَزِيٌّ
بنى الحبلى	"	حُبَليٌّ	فقيم كنانه	"	فُقَمِيٌّ	امرؤ القيس	"	مَرْئِيٌّ
طي	سے	طائيٌّ	فراهيد	"	فُرهُودِيٌّ	هجر	"	هاجريٌّ
عميرة كلب	"	عُمَيْرِيٌّ	قويم	"	قُوَمِيٌّ	هُذَيل	"	هُذَليٌّ
بنى عبيده	"	عُبَيْديٌّ	قريش	"	قُرَشيٌّ	انباط	"	نَباطيٌّ یا
عبدشمس	"	عَبشَمِيٌّ	كنت	"	كُنْتِيٌّ			نباطِ
عبدالدار	"	عَبْدَرِيٌّ	لحية عظيمة	"	لِحيانيٌّ	ناصره	"	نَصْرانيٌّ
عبدقيس	"	عَبْقَسِيٌّ	مليح خزاعة	"	مُلَحِيٌّ	يمن	"	يَمانٍ
عبدالله	"	عبدليٌّ	رَوحاء	سے	رَوحانيٌّ			
صرراء	"	حَرُورِيٌّ	رے	"	رازيٌّ			

گے۔ جیسے انبار سے انباری، انصار سے انصاری، اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کر دیا جائے گا اور اوّل جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی جزء اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی و مرئی القر سے دیرانی، عبدالاشہل سے اشہلی، ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ایل سے عین ایلی وادی آش سے وادی آشی عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی ذرحبا سے ذری۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب، عبد سے عُبَید، رُجُل سے رُجَیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیعِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر، سفرجل سے سُفَیرِج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیعِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مضراب سے مُضَیرِیب اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل ہو تو حرف ہو گا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثُمَیرۃ، بشریٰ کی بُشَیریٰ، صحراء کی صُحَیراء، سکران، غضبان کی غُضَیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہو جاتا ہے جیسے دار سے دُوَیرۃ، شمس سے شُمَیسۃ لیکن شرط یہ

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا تاء ظاہر کریں گے۔ مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خُمَیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عُوَیج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عُیَید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوَید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سور سے سُوَیر۔ بیت سے بُیَیت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خُوَیلد۔ ضارب سے ضُوَیرِب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیوِل' اسود سے اُسَیِّد یا اُسَیوِد۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نُصَیر سے نُصَیِّر۔ جمیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عُصَیفیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہو احیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ' اُخَیّ' فُنَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ آخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیۃ بُنَیۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مؤمنان کی مُؤَیمِنان' مومنون کی مُؤَیمِنون' مومنات کی مُؤَیمِنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اُفَیلِس اور غُلَیمۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غُلَیِّمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شُوَیعِرون ہوگی اور اگر مذکر لا یعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جُوَیرِیات دراہم کی جمع دراہم کی دُرَیہِمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبد اللہ کی تصغیر عُبَید اللہ ہوگی اور یہی حالت مرکب مزجی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر مُعَیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حُضَیرموت' نفطویہ کی تصغیر نُفَیطویہ' خمسۃ عشر کی خُمَیسۃ عشر' بعلبک کی بُعَیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تأبط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ جیسے مغرب' مغیربان' عشیۃ کی عشیشیۃ۔ انسان کی اُنَیسیان' رجل کی رُوَیجِل' اصیل کی اُصَیلال' اصیل کی اُصَیلان۔ صبیۃ اُصَیبِیۃ۔ غلمۃ' اُغَیلِمۃ۔ اسی طرح قوس۔ ذرع۔ حرب۔ نعل۔ عرس۔ خوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل' لافضل لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فاتنی' وائذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے باس بؤس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل ائذن" اور "ھذا الذی اؤتمنت علیہ" اور ہمزہ متوسط متحرک کر اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لـــــؤم رؤف سأل۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال، رئال، مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شیٔ فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے هَنُؤَ، لَکَأَ، خَطِیَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نـشأۃ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئَۃ لُؤلُؤۃ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خطیئۃ بریئۃ قراءۃ صلاءۃ مروءۃ سوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قاتل سے قُوتِلَ۔

بَأَرَ: (ف) بَأْرًا و اِبْتَأَرَ: کھودنا۔ الشَّيْءَ: چھپانا۔ ذخیرہ کرنا۔... الْخَبَر: پوشیدہ رکھنا۔

اَبْأَرَ هٗ: کسی کے لئے کنواں بنانا۔

الْبِئْر: کنواں۔ ج آبَار و آبَار و بِئَار و اَبْؤُر: (کلمہ مؤنث ہے)

الْبَآر: کنواں کھودنے والا۔

الْبُؤْرَة: گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔

الْبَارَامُون. الْبَيْرَمُون: عیسائیوں کا یوم عید (یونانی)۔

الْبُرَة الْبِئْرَة: ذخیرہ۔

البَارَة: قرش کا چالیسواں حصہ۔ ج بارات۔
البَارِنَامَج و البِرْنَامَج: بجٹ۔ فہرست حدیث کے راویوں اور اسنادِ کتب کی فہرست۔
البَارُوْد: بارود۔
البَارُوْدَة: بندوق۔ ج بَوَارِید۔
بَــارُوْنَة: کسی ممتاز شخصیت کا لقب جس کو یورپ میں زمین حکومت وقت تحفتاً دیا کرتی تھی۔
البَازِ: ج بِیزَان و بُزُوز و أَبْؤُز و (البَازُ و البَازِی): ج أَبْوَاز و بِوَاز و بِیزَان و بُزَاة: باز۔
البَازْدَار: باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا۔ ج بَزَادِرَة۔
البَازَار: بازار۔
البَازِرْكَان: سوداگر۔
البَــارَقْلِـیط: عیسائیوں کے نزدیک روح مقدس اقنوم ثالث جس کا ترجمہ قریباً وطلب کیا گیا۔ (یونانی ہے)۔
بــاریوم: سفید دھات جس کی علامت Ba ہے۔
البَازَهْر: دیکھئے۔ بادزهر۔
بَؤُسَ: (ک) بَــأْسًــا: مضبوط و بہادر ہونا۔ صفت (بَئِیس و بَئِس)۔
بَئِسَ: (س) بُؤْسًــا و بَئِیسًــا و بُؤُوسًا و بُــؤْســـی: سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائس) ج بُؤَس۔
بِئْـسَ: فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لئے مستعمل ہے اور بِئْسَ الرَّجُلُ: سے بنا ہے۔
أَبْأَسَ: مصیبتیں پڑنا ..... ہ: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔
تَبَاءَسَ: خلاف مفلس بنا
اِبْتَأَسَ: ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ": جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔
البَــــــأْس: بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لَا بَــأْسَ بِهِ: اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَــأْسَ عَلَيْكَ: تمہارے اوپر کوئی خوف نہیں۔ لَا بَأْسَ فِيْهِ: اس میں کوئی حرج نہیں۔ لَا بَأْسَ أَنْ تَعْرِفُوْا: تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔
البُؤْس: ج أَبْؤُس و (البَأْسَاء و البُؤْسَى) شدت و محتاجی۔ و البَأْسَاء لڑائی۔ بھوک۔
بَنَاتُ بِئْسٍ: مصیبتیں۔
بِئْسَ و بَئِسَ العَذَاب: سخت عذاب۔
البَــاسَــلِيْق: کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔
بَاشِ: رئیس۔ باش کاتب۔ ہیڈ کلرک۔
البَــاشَا: پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج بَــاشَـــاوَات و بَاشَات۔
البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔
تَبَاطَحَ: لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔
عَنْهُ: اعراض کرنا۔
بَــاقَهُ (ن) بَــوْقًا و اِنْبَاقَ. عَلَيْهِ الوَيْلُ: اچانک آنا۔
البَاقَة: گلدستہ۔
بَــؤُلَ: (ک) بَــؤُوْلَة و بَــالَة: کمزور اور ذلیل ہونا۔ صفت (بَئِيْل)
بَالطُو: کلاج اس کی عربی معطف ہے۔
بَــاتُولُوجِيَا: جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔
بَان: لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔
البَالُ: دل۔ مچھلی۔
البَالَة: عِنْدَ التُّجَارِ: کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح عربی الثّالة ہے۔
البَــالُو: ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)
البَــالُوْن: غبارہ۔ اس کی فصیح عربی منطاد ہے۔ (جدید)
بَــانْطَلُون: پتلون شلوار کی طرح انگریزی پاجامہ۔
البَامِيَا: بھنڈی ترکاری۔ (جدید)
بَاهُ: (ف) بَلَهًا: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَاهَ لِلْأَمْرِ أَوْ بِالْأَمْرِ": اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
البَــاوبَــاب: موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ (Baobab)
بَأَى: (ف) بَــأْوًا. عَلَيْهِمْ: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔
بَــاى: مالدار یا صاحب گھر۔ ایشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادة کو بولتے ہیں۔
البَبّ: طریقہ۔
البَبْر و البَبَر: شیر۔ ببر۔ ج بُبُور
البَبْغَــاء و البَبْغَــاء و البَبَغَاء: طوطا۔ ج بَبْغَاوَات
بَتَأَ (ف) بَتْأً. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔
بَتَّهُ: (ن ض) بَتًّا و بَتَّهُ إِبْتَاتًا: کاٹنا.....
الأَمْرَ: نافذ کرنا..... النِّيَّةَ: پختہ ارادہ کرنا۔
الرَّجُلَ: مشقت میں ڈالنا۔
بَتَّتَــــهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا۔
الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا۔
تَبَتَّتَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔
اِنْبَتَّ: کٹ جانا۔
البَاتّ: کاٹنے والا۔ ؤ بالبَتّ بَاتّ: لازمی قطع۔
البَتّ: موٹا کپڑا۔ ج بُتُوت
البَتَات: توشہ۔ سامان۔ گھریلو سامان۔ ج
أَبِتَّة: کہا جاتا ہے۔ هُوَ عَلَى بَتَاتِ أَمْرٍ: وہ کام کے قریب جا لگا۔
البَتَّة: بَتّ کا اسم مرۃ۔ البَتَّة و بَتَّةً و بَتًّا: یقیناً کہا جاتا ہے "لَا أَفْعَلُهُ البَتَّةَ": میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔
البَتَّات و البَتِّى: موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔
البَتِّيَّة: لکڑی کا چرا بچا۔ ج بَتَاتِي۔
البَتِّيّ: اونی رومال۔
بَتَرَهُ: (ن) بَتْرًا: کاٹنا۔
بَتِرَ (س) بَتَرًا و البُتْرَا: کٹ جانا
أَبْتَرَهُ اللّٰهُ: بے اولاد کر دینا۔

الْبَتْر و الْبَتَّار و الْبَطَّر : شمشیر براں۔ ج بَتَّرٌ۔

الْأَبْتَر : کٹا ہوا۔ دُم کٹا ..... مِنَ الْحَيَّاتِ : چھوٹا زہریلا سانپ۔ لاولد۔ الْأَبْتَرَان : غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بَتْرَاء . والْبَتْرَاءُ مِنَ الْخُطَبِ : وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔

الْبِتْرُول : زمین کی معدنیات میں سے ایک اعلیٰ قسم کا پٹرول جو کافی صفائی کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

بَتِعَ : (س) بَتَعًا : مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أَبْتَع) : مؤنث بَتْعَاءُ ج بُتْع.

بَتَعَ : (ن) بُتُوعًا مِنْهُ : پیچھے رہ جانا۔ کہا جاتا ہے " بَتَعَ فِي الْأَرْضِ " : وہ دور تک چلا گیا۔

بَتَعَ : (ض) بَتْعًا . النَّبِيذَ : شراب بنانا۔

الْأَبْتَع : پُر گوشت، گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے " جَاءُوا كُلُّهُمْ أَبْتَعُونَ " : وہ سب کے سب آئے۔

الْبِتْع و الْبِتَع : شراب۔ شہد یا عصارہ کھجور کی تیز نبیذ۔ الْبِتَع : سردار، دراز قامت۔

بَتَكَهُ : (ن ض) بَتْكًا و بَتَّكَهُ : کاٹنا۔

تَبَتَّكَ و انْبَتَكَ : کٹنا۔

الْبِتْكَة : ٹکڑا۔ ج بِتَك.

الْبَاتِك و الْبَتُوك : کاٹنے والا۔ تلوار۔

بَتَلَ : (ن ض) بَتْلًا و بَتَّلَ . الشَّيْءَ : کاٹ کر جدا کرنا۔

تَبَتَّلَ و بَتَّلَ : دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔

انْبَتَلَ : کٹنا۔

عَطِيَّة (بَتْل) : بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔

الْبَتُول : غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔

الْبَتُولَة و الْبَتُولِيَّة : تجرد کی حالت۔

الْبَتِيل : دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصے کی نالی۔ " غُصْن بَتِيل " : پتلی کر۔ ج بُتُل۔

الْبَتُّولَا : خوبصورت سفید لکڑی والے درخت جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی انتہائی قیمتی شمار ہوتی ہے۔

الْبَتِيلَة : بمعنی بتول (..... و الْبَتْلَاء) : کھجور کا چھوٹا پودا جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔

الْمُبْتَل : وہ کھجور جس کی شاخیں کاٹ کر دوسری جگہ لگائی گئی ہوں۔

بَثَّ : (ن ض) بَثًّا و بَثَّثَ . الْخَبَر : خبر پھیلانا ..... الشَّيْءَ : بکھیرنا ..... الْغُبَار : غبار اڑانا۔

بَثَّ و بَاثَّ و أَبَثَّ . فُلَانًا الْخَبَر : آگاہ کرنا۔ بتانا۔

تَبَاثَّ . الْقَوْمُ الْأَسْرَارَ : ایک دوسرے کو راز بتانا۔

انْبَثَّ : پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اڑنا۔

اسْتَبَثَّهُ الْخَبَرَ : کسی سے خبر پوچھنا۔

الْبَثّ : پراگندگی حال۔ سخت غم۔

بَثَّثَ . الْخَبَرَ : پھیلانا ..... الْغُبَار : اڑانا۔

بَثَرَ : (ض) بَثْرًا و بَثِرَ (س) و بَثُرَ : (ک) بَثْرًا و بُثُورًا و بَثَرًا و تَبَثَّرَ . وَجْهُهُ : چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بَثِر و بَثِير)

الْبَاثِر : قا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی۔ حاسد۔

الْبَثْر : پھنسی واحد (بَثْرَة) ج بُثُور.

الْبَثِير : بہت۔ کہا جاتا ہے " كَثِير بَثِير ".

الْمَبْثُور : بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔

بَثِعَتْ (س) بَثَعًا . الشَّفَةُ خَاصَّةً : کثرت خون سے سرخ ہونا۔

الْأَبْثَع : وہ شخص جس کے ہونٹ کثرت خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بَثْعَاء ج بُثْع.

بَثَقَ (ن) بَثْقًا و تَبْثَاقًا و بَثَّقَ . السَّيْلُ الْمَوْضِعَ : سیلاب کا جگہ کو پھاڑ دینا۔ بَثَقَ النَّهْرَ : پانی اچھی طرح بہنے کے لئے دریا کے بند کو توڑ دینا۔

انْبَثَقَ : الْمَاءُ : بہہ پڑنا ..... بِالْكَلَامِ : تیز بولنا۔

الْبَثْق و الْبِثْق : دریا کے کنارے کی ٹوٹی ہوئی جگہ۔ ج بُثُوق۔

الْبُجّ : پرندے کا بچہ۔

بَجَّهُ (ن) بَجًّا : پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بَجَّ الْكَلَأُ الْمَاشِيَةَ : موٹا کرنا۔

انْبَجَّ : پھٹنا۔

الْأَبَجّ : کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بَجَّاء ..... کہا جاتا ہے " عَيْن بَجَّاءُ " کشادہ آنکھ۔

الْبَجَّة : پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے۔

بَجْبَجَ . الصَّبِيَّ : بچے کو بہلانا۔

تَبَجْبَجَ . اللَّحْمُ : ڈھیلا ہونا۔

بَجِحَ (س) بَجَحًا : بِهِ : خوش ہونا۔

الْبَجْبَاج : موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔

وَرَمْل بَجْبَاج : جمع شدہ ریت۔

تَبَجَّحَ : فخر کرنا۔ بڑا بننا۔

الْبَجَّاح : بہت فخر کرنے والا۔

بَجَدَ (ن) بُجُودًا و بَجَدَ . بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔

الْبَجْد . مِنَ النَّاسِ : جماعت ..... مِنَ الْخَيْلِ : سواد سو سے زائد گھوڑے۔

بَجْدَةُ الْأَمْرِ و بُجْدَتُهُ و بُجُدَتُهُ : حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے " عِنْدَهُ بَجْدَةُ الْأَمْرِ " وہ حقیقت شناس ہے۔ " وَهُوَ ابْنُ بَجْدَةِ الْأَمْرِ " وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔

الْبِجَاد : دھاری دار کپڑا۔ ج بُجُد۔

بَجِرَ (س) بَجَرًا . الرَّجُلُ : موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَجِر و أَبْجَر)

تَبَجَّرَ . النَّبِيذَ : پینے میں زیادتی کرنا۔

الْبَاجِر : قا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بُجْرَة . الْبُجْرَة : ناف۔ ج۔ عیب ج بُجَر

کہا جاتا ہے " ذکر عجرہ و بجرہ": اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیے۔

البجرۃ ج اباجر و اباجیر و (البجری) ج بجاری: برائی۔ مصیبت۔ برا معاملہ۔ کہا جاتا ہے " لقیت منه البجاری ": اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔

البجر ج بجور: علماء عروض کی اصطلاح میں شعر کا وزن۔

البجراء: سخت اور بلند زمین۔ زمین جس میں گھاس نہ اگے۔

البجارم: مصیبتیں۔

بجس (ن ض) بجسا و بجّس۔ الماءَ: پانی جاری کرنا۔ البجرح: زخم چیرنا …..

بجس فلانا: کالی دینا۔

بجس و انبجس و تبجّس۔ الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔

البجس و البجیس: بہنے والا۔ غیض

بجیس: بہت پانی والا چشمہ۔ ماء بجیس: بہتا ہوا پانی۔

بجعہ (ف) بجعا: تلوار سے کاٹنا۔

البجع: ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعۃ

بجل (ن) و بجل (س) بجلا و بجولا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجل)

بجُل (ک) بجالۃ و بجولا: معزز ہونا۔ صفت (بجیل)

ابجلہ الشیءُ: کافی ہونا۔

بجّلہ: تعظیم کرنا۔

البجل: بہتان۔ تعجب۔ رنامت۔ دون۔ سستی۔

بجل: حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب: تم کہتے ہوئے۔ " بجلک "۔ یعنی تمہارے لئے کافی ہے۔

البجل: بڑا بہتان۔

البجیل: وسیع و فراخ

الابجل: ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج اباجل

بجم (ض) بجما و بجوما: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔

بجّم: کسی چیز سے دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ حقیقی ہونا۔

البجم: جہاز کا پل۔ واحد بجمۃ

البجم: بڑی جماعت۔

بحّ (س) بحا و بحّا و بحوحا و بحاحا و بحوحۃ و بحاحۃ: گلوگرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابحّ) مؤنث بحّاء: ج بحّ

ابحّہ و بحبحہ: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔

البحّۃ: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔

بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔

تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ " تبحبحت العرب فی لغاتھا " توسع کرنا۔

بحبوحۃ: الدار: وسط۔ درمیان۔

العیش: فراخی زندگانی۔

البحبحۃ: جماعت

البحباحۃ: بدخورت۔

بحت (ک) بحوتۃ: خالص ہونا۔

باحتہ۔ الودّ: خالص دوستی کرنا ….. فلانا: بتانا۔

البحت: محض خالص۔ شراب بحت: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مسک بحت: خالص مشک۔ عربی بحت: خالص نسب (الاعرابی مؤنث بحتۃ: بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع، مذکر، مؤنث سب کے لئے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔

البحتر و البحتری: پست قد گٹھے بدن والا۔

بحث (ف) بحثا۔ فی الارض: کھودنا اور اسی سے مثل ہے " کالباحث عن حتفہ بظلفہ " یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے ….. عنہ: تفتیش کرنا۔

باحثہ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔

تباحثوا: باہم گفتگو کی۔

تبحّث و ابتحث و استبحث۔ عنہ: تفتیش کرنا۔

البحث: مصدر۔ مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔

ج ابحاث ….. ج بحوث: بڑا سانپ۔

البحوث: بھید۔ کہا جاتا ہے " بدا بحیثھم " ان کا بھید ظاہر ہو گیا۔

البحّاث: بہت بحث کرنے والا۔

المبحث: بحث کی جگہ۔ یا کھود کرید۔ ج مباحث ….. مباحث البقر: غیر معلوم جگہ۔ بے آب و گیاہ زمین۔

المبحثۃ: بحث و تدقیق

بحثر الشیءَ بحثرۃ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔

تبحثر (ف): بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔

بحِر (س) بحرا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بحِر)

بحَر (ف) بحرا۔ الارضَ: شق کرنا …..

الناقۃَ: کان چیرنا۔ صفت مفعول (بحیرۃ)

بحائر و بُحُر

ابحر: سمندر میں سفر کرنا ….. الماءُ: کھاری ہونا ….. الارضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔

تبحّر۔ فی العلم: بہت وسیع علم والا ہونا۔

استبحر۔ فی العلم والمال: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔

البحر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر ابیحر ج ابحر: بحور و بحار۔ البحر المتوسط او بحر الروم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ البحر المحیط: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بحر الظلمات: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔

اَلْبَحْرَةُ: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ۔ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بُحُور

اَلْبَحْرِيُّ: بحر کی جانب منسوب (....

وَالْبَحَّارُ: ملاح۔

اَلْبُحَيْرَةُ: جھیل۔

اَلْبَاحِرُ: مبہوت۔ بے وقوف۔ فضولی۔

اَلْبَاحُورُ و الْبَاحُورَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ اَلْبَاحُورُ: چاند۔

اَلْبُحْرَانُ: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوتِ مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔

اَلْبَحْرَيْنِ: ایک شہر کا نام نسبت کے لئے (بحرانی) خلاف قیاس۔

بَخَّ (ن) بَخًّا. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔

بَخْ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لئے مستعمل ہے اور تاکید کے لئے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ وا۔ آفریں شاباش۔

بَخْبَخَ. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا...... اَلْبَعِيرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔ الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔

بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ. اَلْحَرُّ: کم ہو جانا۔

بَخَتَهُ (ن) بَخْتًا: مارنا۔

بَخَتَهُ: لاجواب کر دینا۔

بُخِتَ: بزدل ہونا۔

اَلْبَخْتُ: نصیب (فارسی کلمہ ہے جس کے لئے فصیح لفظ اَلْحَظُّ ہے)

اَلْبَخِيتُ وَالْمَبْخُوتُ: نصیبہ ور۔

بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔

اَلْبَخْتَرِيَّةُ والتَّبَخْتُرِيَّةُ: متکبرانہ چال۔

بَخَرَتْ (ف) بَخْرًا. اَلْقِدْرُ: بھاپ نکلنا۔

بَخِرَ (س) بَخَرًا. اَلْفَمُ: گندہ دہن ہونا۔ صفت اَبْخَرُ

بَخَّرَ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَهُ و بَخَّرَ عَلَيْهِ: دھونی دینا۔ دھونی دے کے خوشبودار بنانا۔

تَبَخَّرَ: دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔

اَلْبُخَارُ: بھاپ ج اَبْخِرَة ...

اَلْبَاخِرَةُ: اسٹیمر

اَلْبَخُورُ: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبْخِرَة و بَخُورَات

بَخُورُ مَرْيَمَ و بَخُورُ الْاَكْرَادِ و بَخُورُ الْبَرِّ و بَخُورُ السُّودَانِ و بَخُورُ الْبَرْبَرِ: مختلف قسم کے حیاتات کے نام۔

اَلْمِبْخَرَةُ: عود سوز۔

اَلْمَبْخَرَةُ: باعث گندہ دہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اِيَّاكُمْ وَ نَوْمَةَ الْغَدَاةِ فَاِنَّهَا مَبْخَرَةٌ مَجْفَرَةٌ مَجْعَرَةٌ": صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس سے گندہ دہنی پیدا ہوتی ہے۔ (مجفرة) بدن کے فساد کا سبب اور (مجعرة) طبیعت کی خشکی

بَخَزَ (ن) بَخْزًا. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔

بَخَسَهُ (ف) بَخْسًا: گھٹانا اور اسی سے ہے "لَا تَبْخَسْ اَخَاكَ حَقَّهُ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَيْهِ: آنکھ پھوڑنا۔

تَبَاخَسَ. اَلْقَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔

اَلْبَخْسُ. مص: ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔

اَلْبَخْسُ: وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اگائے۔

اَلْبَخْسِيُّ. مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔

اَلْاَبَاخِسُ: انگلیاں۔

بَخَشَ يَبْخَشُ: سوراخ کرنا۔

اَلْبَخْشُ: سوراخ اَلْبَخْشِيشُ: مشائی عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں۔ عام عربی میں یہ الفاظ بہت شائع ہیں۔

اَلْبَخْشِيشُ: بخشش۔ انعام (اس کے لئے فصیح لفظ الرَّاشِنُ اور الْحُلْوَانُ ہیں)

بَخَصَ (ف) بَخْصًا. عَيْنَهُ: آنکھ نکال لینا۔

بَخِصَ (س) بَخَصًا. اَلرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَصُ): مؤنث بَخْصَاءُ ج بُخْصٌ

تَبَخَّصَ: تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا۔

اَلْبَخَصُ: قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔

مُبَخَّصُ. اَلْقَدَمَيْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔

بَخَعَ: (ف) بَخْعًا. نَفْسَهُ. غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا۔ لَهُ نُصْحَهُ: خالص خیر خواہی کرنا۔ ... الرَّكِيَّةَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا ... "فُلَانًا خَبَرَهُ" تصدیق کرنا۔

بَخِعَ (س) بُخُوعًا و بَخَاعَةً. بِالْحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔

بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ. عَيْنَهُ: کانی کرنا۔ پھوڑنا۔

رَجُلٌ (اَبْخَقُ و بَاخِقٌ و بَخِيقٌ و مَبْخُوقٌ): کانا مرد۔

عَيْنٌ (بَخْقَاءُ و بَاخِقَةٌ و بَخِيقَةٌ و مَبْخُوقَةٌ): کانی آنکھ۔

اَلْبُخْنُقُ: زرد چڑیا۔

بَخِقَتْ (س) بَخَقًا. عَيْنُهُ: بری طرح کانی ہونا۔

بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخْلًا: بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِيلٌ ج بُخَلَاءُ عَلَيْهِ و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت بَاخِلٌ ج بُخَّلٌ

بَخَّلَهُ: بخل کی جانب منسوب کرنا۔

اَبْخَلَهُ: بخیل پانا۔

اَلْبَخَّالُ و الْبَخَّالُ و الْمُبَخَّلُ و الْبَخِلُ: بہت کنجوس۔

اَلْمَبْخَلَةُ: باعث بخل اور اسی سے ہے"

الوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ"
لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
اَلْبَخْنَق: کنٹوپ۔ ایک قسم کا زنانہ سربند۔
بَخَا (ن) بَخْوًا. غَضَبُه: غصہ سے تھمنا۔
بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَيْه: ٹانگیں پھیلانا...... الرَّجُلَ عَنِ الشَّيْءِ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدَّ (س) بَدَدًا: زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ. الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجلُ: تھکنا۔
بَادَّ مُبَادَّةً و بِدَادًا: مبادلہ کے طور پر بیچنا۔
..... القومُ فِي السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ. الشَّيْءَ بَيْنَهُم: ہر ایک کا حصہ دینا...... يَدَهُ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تَبَدَّدَ: متفرق ہونا..... القومُ الشَّيْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِبْتَدَّ. الرَّجُلَانِ فُلَانًا بِالضَّرْبِ: دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔
تَبَادَّ. القَومُ: باہم مقابلہ کے لئے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گزرنا۔
اِسْتَبَدَّ. بِكَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔
..... الأَمْرُ بِفُلَانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔
البِدُّ و البَدِيدُ: مثل و نظیر
البُدُّ: چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو" لَابُدَّ مِنْ هٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ
..... و البُدَّةُ و البِدَادُ: حصہ۔
البِدَادُ: مقابلے کے لئے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے" لَقُوا بِدَادَهُم" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔" وَيَا بَدَادِ و بَدَادِ بِدَادِ" یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے اپنے قرین کو پکڑے۔" وَ جَاءَتِ الْخَيْلُ بَدَادِ" گھوڑے متفرق متفرق آئے۔
البَدُّ و البُدُّ: طاقت۔ حاجت۔ الأَبَدُّ: وہ

شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مؤنث بَدَّاءُ: کہا جاتا ہے" ذَهَبُوا (أَبَادِيدَ تَبَادِيدَ)" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔" و طَيْرًا أَبَادِيدَ وَ تَبَادِيدَ" متفرق پرندے۔
اَلْمُسْتَبِدُّ: کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔
بَدَأَ: (ف) بَدْءًا و بَدْأَةً و تَبْدَاءً. الشَّيْءَ وَبِهِ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلَانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ و أَبْدَأَ. اللّٰهُ الخلقَ: پیدا کرنا۔
صفت (بَادِئٌ و مُبْدِئٌ) أَبْدَأَ الرجلُ: عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا اور کہا جاتا ہے" فُلَانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔
بَدَّأَهُ: شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔
البَدْءُ و البَدَاءَةُ و البِدَاءَةُ و البُدَاءَةُ: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے" أَفْعَلُهُ بَدْءًا و بَدْءَ بَدْءٍ و أَوَّلَ بَدْءٍ و بَادِئَ بَدْءٍ و بَدَاءَةَ ذِي بَدْءٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔
و البَدَاءَةُ: کسی جگہ کے لئے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو" أَكْرَيْتُ الفَرَسَ لِلْبَدَاءَةِ وَالرَّجْعَةِ" میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لئے کرایہ پر لیا۔ جملہ کی جمع أَبْدَاءٌ و بُدُوءٌ
اَلْمَبْدَأُ: اصل۔ سبب ج مَبَادِئُ
اَلْمُبْتَدَأُ: پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔
الابْتِدَائِي: پہلا کیا جاتا ہے۔ اَلْمَحْكَمَةُ الِابْتِدَائِيَّةُ: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِيمُ الِابْتِدَائِي: ابتدائی تعلیم۔ سیکنڈری ایجوکیشن کا لفظ اب اردو میں بھی مستعمل ہے۔
اَلشَّهَادَةُ الِابْتِدَائِيَّةُ: پرائمری سند۔
أَبْدَأَ الرَّجُلُ: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيدُ: یعنی فلاں آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو

اعادہ کر سکتا ہے۔
بَدَحَ (ف) بَدْحًا. هُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا..... بِالسِّرِّ: ظاہر کرنا۔
تَبَادَحُوا. بِالشَّيْءِ: باہم مل کر پھینکنا
البَدَحُ ج بُدُوحٌ و بِدَاحٌ و (البِدَاحُ) ج بُدُحٌ و (البَدْحَةُ): وسیع زمین۔
بَدَخَ (ف ض) و بَدُخَ (ک) بَدْخًا و بَدَاخَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَدِيخٌ) ج بُدَخَاءُ
تَبَدَّخَ. عَلَيْهِ: بڑا بننا۔
بَدَرَ (ن) بُدُورًا. إِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا۔
...... ه إِلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔
بَادَرَ مُبَادَرَةً و بِدَارًا. إِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا..... الشَّيْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔" بَادَرَ فُلَانًا الشَّيْءَ و إِلَيْهِ" کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ. القَومُ: جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ و ابْتَدَرَ. القَومُ أَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لئے بڑھنا۔
أَبْدَرَ: ماہ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔
اَلْبَدْرُ: ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق ج بُدُورٌ
اَلْبَادِرُ: جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا ج بَوَادِرُ
اَلْبَدْرِيُّ: جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش
اَلْبَدَرَى: مسابقت۔ کہا جاتا ہے۔" تَسَابَقْنَا البَدَرَى": ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی لئے دوڑ کی۔
البَدْرَةُ: دس ہزار درہم..... مِنَ المَالِ: بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی۔ ج بِدَرٌ و بُدُورٌ کہتے ہیں" فُلَانٌ يَهَبُ البُدُورَ" فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔
اَلْمَبْدَرَةُ: بکری کے بچہ کی کھال۔
اَلْبَادِرَةُ: تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی۔ ج بَوَادِرُ: کہا جاتا ہے" بَدَرَتْ مِنْه

بوادِرُ غضبِ" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں۔ البـادِرَۃ: تیر کی نوک۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہٗ بَادِرَۃُ السَّھْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی۔ موڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

بَدَارِ: اسم فعل بمعنی اسرِعْ۔ یعنی جلدی کرنا۔

البَیْدَر: کھلیان۔ ج بَیَادِر۔

بَدَعَ (ف) بَدْعًا. الشَّیْءَ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔

بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَۃً و بُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔

بَدِعَ (س) بَدَعًا: موٹا ہونا۔ صفت (بَدِیْع)

بَدَّعَہٗ: بدعت کی نسبت کرنا۔

اَبْدَعَ: کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا...... بہ: چھوڑ دینا (..... وابتدع) الشَّیْءَ: ایجاد کرنا ..... الرَّجُلُ: بدعت نکالنا۔

تَبَدَّعَ: بدعتی ہونا۔

اِسْتَبْدَعَ. الشَّیْءَ: عجیب و نادر سمجھنا۔

اَلْبِدْعُ: انوکھا۔ ناتجربہ کار فرد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِدْعٌ فِی الْاَمْرِ" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع و بُدُوع

اَلْبِدْعَۃ: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرون ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع

البَدِیْع: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰہُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ": اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔ انوکھی چیز۔ انوکھی چیز بنانے والا۔ سو جھ بوجھ والا۔ مشک۔

عِلْمُ الْبَدِیْع: وہ علم جس سے کلام کی محسنات لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں۔

اَلْمُبْتَدِعُوْن: بدعتی لوگ۔

بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بالشَّرِّ او بالاقذار: آلودہ ہونا۔

بَدَغَ (ف) بَدْغًا. الْجَوْزَ والْلَوْزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدَغَ (ک) بَدَاغَۃً: پاکخانہ میں پاکخانہ کرنا۔ صفت (بَدِغ)

بَدَلَ (ن) بَدْلًا و اَبْدَلَ و بَدَّلَ. الشَّیْءَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ (س) بَدَلًا: ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَّلَ و اَبْدَلَ. الشَّیْءَ مِنْہُ: بدلہ میں لینا۔ بَدَّلَ الشَّیْءَ شَیْئًا: اَخر۔ بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "بَدَّلَ اللّٰہُ الْخَوْفَ اَمْنًا": اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَہٗ. بِکَذَا: بدلہ دینا۔

تَبَادَلَا و تَبَادَلَا. ثَوْبَیْھِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔

تَبَدَّلَہٗ و اِسْتَبْدَلَہٗ. بِکَذَا: بدلہ میں لینا جیسے "تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِاُنْسِھَا وَحْشًا": مکان کی انسیت وحشت سے بدل گئی۔

اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والبَدِیْلُ: بدلہ۔ جانشین۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ" ج اَبْدَال و بُدَلَاء البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد اور اسی سے ہے "رُبَّ بَدَلٍ شَرٌّ مِنْ بَدَلٍ" بہت سے عوض ہڈی کے درد سے بُرے ہیں۔

اَلْاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

اَلْبَدَّال: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔

البَادِلَۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔

بَدَنَ (ن) بَدْنًا و بَدَنًا و بُدُوْنًا و بَدُنَ (ک) بَدَانَۃً و بَدَانًا: موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن بَادِنَۃ) ج بُدْن و (بَدِیْن) ج بُدُن

بَدَّنَہٗ: زرہ پہنانا۔ و بَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔

اَلْبَدَن: جسم۔ ج اَبْدَان: چھوٹی زرہ ج اَبْدُن

اَلْبَدَنَۃ: وہ گائے یا اونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقع پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنَات. و بُدْن

اَلْمِبْدَان و الْمُتَبَدِّن: موٹے جسم والا۔ تناور۔

بَدَہَ (ف) بَدْھًا و بَادَہَہٗ. الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بَادِہ) مؤنث (بَادِھَۃ) ج بَوَادِہ

تَبَادَھُوْا: الشِّعْرَ والخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَہَ. اَلْخُطْبَۃَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِہ و مِبْدَہ)

البُدَاھَۃ والبَدَاھَۃ: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "لِلْحَمْقَۃِ فِی بَدَاھَۃِ جَرْیِہٖ": دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔

بَدِیْھًا و عَلَی الْبَدِیْھَۃِ: فی البدیہہ۔

البَدِیْھَۃ: اچانک۔ فوری۔ بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَی الْبَدِیْھَۃِ": اس نے بے غور و فکر جواب دیا۔ ج بَدَائِہ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَعْلُوْمٌ فِی بَدَائِہِ الْعُقُوْلِ" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے۔ "وَلِفُلَانٍ بَدَائِہُ فِی الْکَلَامِ" یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے۔

البَدِیْھِیّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لئے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو)

المِبْدَہ: فی البدیہہ بولنے والا۔ اچانک آنے والا۔

بَدَا (ن) بُدُوًّا و بَدَاءً و بَدْوًا و بَدَاءَۃً: ظاہر ہونا۔ صفت (بَادٍ) ج بَادُوْن و بُدَّی و بُدًی ..... لہ فی امر: خیال سوجھنا۔

بَدَا (ن) بَدَاوَۃً و بِدَاوَۃً و تَبَدّٰی: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (البَدَوِیّ و بَدَوِیّ) ظاہر ہونا۔

اَبْدٰی. الْاَمْرَ: ظاہر کرنا ..... فی کلامہ: جرأت دکھلانا۔ اسی سے ہے "السُّلْطَان ذُوْ عَدَوَانٍ وَ ذُوْ بَدَوَانٍ": بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے۔

بَادٰی: بالعداوۃ: کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا ..... ہ: کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا۔ کھلم

کھلا مقابلہ کرنا۔
تَبَادیٰ: بدوی صفت ہونا۔
البدو والبادیۃ والبداوۃ: صحراء جنگل۔ ج بادیات وبوادی والبدو: خانہ بدوش ...... عربی قبائل اور بدو کی طرف نسبت کے لئے (بدوی و بدوی) مؤنث بدویۃ ج بداوی۔
البدوۃ: وادی کا کنارہ۔
البداۃ: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بدوات
بداوۃ الامر: آغاز معاملہ۔ والبداوات: مختلف رائیں۔
بذ (س) بذذا و بذاذا و بذاذۃ و بذوذۃ: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بذ و باذ): مؤنث (بذۃ و باذۃ)
بذہ: (ن) بذا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
باذہ: سبقت کرنا۔
ابتذ۔ منہ حقہ: لینا۔
البذو البذیذۃ: شکل ..... اور کہا جاتا ہے "رجل بذیذ": یگانہ روزگار مرد۔
بذا: (ف) بذاء۔ الشیئ: ناپسند کرنا ..... الشخص و علی الشخص: حقارت کرنا، مذمت کرنا۔
بذا (ف) وبذی (س) وبذو (ک) بذاءۃ: فحش گو ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت (بذی)
ارض بذیۃ: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
ابذا: فحش گوئی کرنا۔
باذاہ: جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
ابذج: بکری کا بچہ۔ ج بذجان
بذحہ (ف) بذحا: چیرنا ..... الجلد عن العرق: کھال ہٹانا۔
تبذح۔ الشحاب: برسنا۔
البذح: پھٹن۔ ج بذوح: کہا جاتا ہے "فی رجلہ بذوح" اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
البذح: رانوں کی خراش

بذخ (س) بذخا و بذخ (ف) بذخا و بذخ (ک) بذاخۃ و بذوخا: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (باذخ) ج بواذخ و (بذیخ) ج بذخاء
باذخہ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
البذاخ: تکبر کرنے والا ...... من الابل: بہت بلبلانے والا اونٹ۔
البذاخی: بڑا۔
البذخ: موٹے جسم والی عورت
بذر: (ن) بذرا۔ الحب: بونا ..... المال: فضول خرچی میں اڑانا ..... العلم: پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔
..... الارض: اگانا
"ذھبوا شذر و بذر و شذر بذر" وہ لوگ ہر طرف بکھر گئے۔
بذر۔ المال: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بذور و بذار و تبذارۃ)
تبذر و ابذر: متفرق ہونا۔ تبذر الماء: رنگ بدل کر پیلا پڑ جانا۔
البذر: تخم ریزی کے لئے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "انہ بذر سوء" وہ بری نسل کا ہے۔ ج بذور و بذار
البذر والبذار والبذارۃ والبذار: بہت بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے والا۔
البذور والبذیر: چغل خور۔ وہ شخص جو اپنے راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بذر
المبذار: فضول خرچی کرنے والا۔
البذری: باطل۔ بہت فضول خرچ۔
المبذور: بہت
بذرق۔ المال: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المبذرق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما
بذعہ: (ف) بذعا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔
بذع الاناء: برتن کا ٹپکنا۔
[illegible]

البذع: خوف۔ ڈر
المبذوع: خوفزدہ
ابذعر: متفرق ہونا۔ ابذعرت الخیل: کسی چیز کی طلب میں دوڑنا
الباذق والباذق: انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا ہوا۔
الباذقۃ: پیادے
البیذق: سفر کا رہنما۔ پیادہ ج بیاذق
المبذقۃ: وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر ہو۔
ابذقر: متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے "ما ابذقر الدم فی الماء" یعنی خون پانی میں نہیں ملا۔
بذل: (ن ض) بذلا۔ الشیئ: دینا۔ عطا کرنا۔ کہا جاتا ہے "بذل نفسہ دون فلان" : اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (باذل و بذول) اور صفت مفعول (مبذول) بذل جھدہ: پوری کوشش کرنا ..... وابتذل الثوب: کام کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کلام المبتذل: گھٹیا یا کثیر الاستعمال۔ صفت
صدق المبتذل: تیز دھار والی تلوار۔
تبذل و ابتذل: چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔ ابتذل: روزانہ پہننے کے کپڑے استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البذل: عطا۔ بخشش۔ رجل بذل: فیاض مرد۔
البذلۃ من الثیاب: روزانہ استعمالی کپڑے۔
البذال والمبذال: بہت فیاضی کرنے والا۔
المبذل والمبذلۃ: روزانہ استعمالی کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مباذل
بذلخ بذلخۃ و بذلاخا: قول کے مطابق عمل نہ کرنا۔ صفت مبذلخ و بذلاخ
بذم: (ک) بذامۃ: کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم
البذم: دوراندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے

کی محدکی۔ مروت۔
اَلْبِدْلَمُ: مضبوط اُونٹنی
بَذَأَ (ن) بَذْئًا وَبَذَاءً وَبَذَاءَةً ...... عَلَيْهِ: فحش بکنا۔
بَذُؤَ (ک) بَذَاءً وَبَذَاءَةً: فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِيٌّ) ج اَبْذِيَاءُ مؤنث (بَذِيَّةٌ)
اَلْبَذَاءُ: بے ہودہ کلام۔
بَرَّ (ن) بِرًّا وَمَبَرَّةً. وَالِدَهُ: اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرٌّ) ج اَبْرَار و (بَارٌّ) ج بَرَرَة
بَرَّ (س ض) بِرًّا و بَرَارَةً و بُرُوْرًا. فِي قَوْلِهِ: سچ بولنا ...... خَالِقَهُ: اطاعت کرنا ......
بَرَّتِ الْيَمِيْنُ: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلٰوةُ: نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ: نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَهُ: نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا۔
بَارَّهُ: حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا ...... عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ فائق ہونا ...... اللّٰهُ حَجَّهُ: قبول کرنا ......
اَلْيَمِيْنَ تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔ تَبَرَّرَهُ: اطاعت کرنا۔
تَبَارَّ. الْقَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا۔
اِبْتَرَّ: ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا۔
اَلْبَرُّ: اللہ تعالی کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ نیکوکار۔ خشک زمین۔ ج بُرُوْر: کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ بَرًّا" میں گھر سے باہر بیٹھا۔ "خَرَجَ بَرًّا" وہ بیابان کی طرف نکلا۔ "وَ اُرِيْدُ جَوًّا وَ يُرِيْدُ بَرًّا": میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ اعلانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے)
اَلْبِرُّ: عطیہ۔ طاعت۔ صلاحیت۔ سچائی۔ نیک دل۔ لومڑی کا بچہ۔ چوہا۔ بڑا چوہا۔
اَلْبُرُّ: گیہوں۔ واحد (بُرَّة)
اَلْبَرُّ و اَلْبَارُّ: نیکوکار۔ بھلائی کرنے والا۔ بہت نیکی کرنے والا۔ سچا ج اَبْرَار و بَرَرَة
اَلْبَرِّيُّ: صحرائی ...... مِنَ النَّبَاتِ: جنگلی ...... مِنَ الْحَيْوَانِ: وحشی
اَلْبَرِّيَّةُ: جنگل بیابان۔ ج بَرَارِيّ
اَلْبَرَّانِيُّ: ظاہر۔ کہا جاتا ہے "مَنْ اَصْلَحَ جَوَّانِيَّهُ اَصْلَحَ اللّٰهُ بَرَّانِيَّهُ": جو شخص اپنے باطن کو درست کرنے گا اللہ اس کے ظاہر کو درست کر دے گا۔
اَلْبَرِّيَّتُ: جنگل۔ بیابان۔ ج بَرَارِيْت
اَبَرُّ: اسم تفضیل۔ عرب کا قول "اَصْلَحُ الْعَرَبِ اَبَرُّهُمْ" کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔
اَلْبَرِّي: اچھی بات۔
اَلْمَبَرَّةُ: جو نیکی پر ابھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرَّات و مَبَارّ
اَلْمَبْرُوْرُ. مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ۔ جھوٹ خیانت سے خالی۔
اَلْبَرِيْرُ: درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِيْرَة
بَرَأَهُ (ف) بَرْءًا و بُرُوْءًا: نیست سے ہست کرنا۔
بَرِئَ (س) بُرُوْءًا و بَرَاءً و بَرَاءَةً. مِنَ الْعَيْبِ وَالدَّيْنِ: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔
بَرِئَ (س) و بَرَأَ (ف) و بَرُؤَ (ک) بَرْءًا و بُرُوْءًا. مِنَ الْمَرَضِ: شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا۔
بَرَّأَهُ تَبْرِئَةً: بری کرنا۔ پاک کرنا ...... مِنَ التُّهْمَةِ: دور کرنا۔
اَبْرَأَ. الْمَرِيْضَ: شفا دینا ...... هُ مِنَ الدَّيْنِ: بری کر دینا ...... اَلرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔
بَارَأَ. شَرِيْكَهُ: شریک سے جدائی اختیار کر لینا۔
تَبَرَّأَ. مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بیزار ہونا۔
تَبَارَأَ. الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برأت طلب کرنا۔
اَلْبَرِيءُ و اَلْبَرِيُّ: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج [illegible]
اَبْرَاء و اَبْرِيَاء۔ مؤنث بَرِيْئَة و بَرِيَّة ج بَرِيْئَات و بَرِيَّات و بَرَايَا
اَلْبَرَاءُ: مہینے کی پہلی رات۔ "اِبْنُ الْبَرَاءِ" مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے "اَنَا بَرَاءٌ مِنْ كَذَا" میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لئے مؤنث ہے)
اَلْبُرْأَةُ: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَاء
اَلْبَرَاءَةُ: بَرِئَ کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ۔ ج بَرَاءَات
اَلْبَارِئُ: پیدا کرنے والا۔ صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو۔
اَلْبَرِيَّةُ: مخلوق۔ ج بَرَايَا
اَلْبُرَائِلُ و اَلْبُرَائِلِيُّ: پرندہ کی گردن کے پر۔
اَلْبُرَائِلِيُّ: مرغ
بَرْأَلَ و تَبَرْأَلَ و اِبْرَأَلَّ. الطَّائِرُ: پرندہ کا لڑنے کے لئے گردن کے پر کھڑے کرنا۔
اَلْبُرْنُجُ: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَانِج
بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا۔ صفت (بَرْبَار)
تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔
اَلْبَرْبَرِيُّ: قوم بربر کا ایک فرد۔
اَلْبَرْبَرُ: مغربی افریقہ کی ایک قوم اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر و بَرَابِرَة
اَلْهِبْرِبْرُ: شیر۔
بَرْبَشَهُ: طلب کرنا۔
تَبَرْبَسَ: کتے کی مانند چلنا۔
اَلْبِرْبَاسُ: گہرا کنواں۔
بَرْبَصَ. الْاَرْضَ: سینچنا۔
اَلْبَرْبَطُ: بربط (باجہ)
بَرَتَ (ض) بَرْتًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔
بَرِتَ (س) بَرَتًا: حیران ہونا۔
اَلْبُرْتُ و اَلْمِبْرَتُ: چینی۔ شکر سفید۔
اَلْبَرْتُ: کلہاڑا۔
اَلْبُرْتُ و اَلْبُرِّيْتُ: ماہر راہبر۔ ج اَبْرَات
اَلْبُرْتُقَالُ: نارنگی۔ نارنگی کا درخت۔ واحد

(بَرْطَالہ)

بَرْتَکَ بَرْتَکَۃً. الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا..... الشَّیْءَ: چیونٹی کی مانند کاٹنا۔

اَلْبَرَاتِکُ: چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

بَرِثَ (س) بَرَثًا: خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔

اَلْبَرْثُ: نرم وہموار زمین ج بِرَاث و اَبْرَاث و بُرُوث

اَلْبُرْثُنُ: مِنَ السِّبَاعِ وَ الطَّیْرِ: پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن

اَلْبِرْثَۃُ: شوکت وقوت۔

بَرِجَ (س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجَت عَیْنُہٗ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجَاء) ج بُرج

بَرَجَ. الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔

بَرَّجَ و اَبْرَجَ: برج بنانا۔

تَبَرَّجَتِ. الْمَرْاَۃُ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہوکر نکلنا۔

اَلْبَرَجُ: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْرَاج

اَلْبُرْجُ: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرُوج و اَبْرَاج و اَبْرِجَۃ. اَلْبُرْجُ: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں: حمل، ثور، جوزاء، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔

فَلَکُ الْبُرُوْج: وہ دائرہ جس کو سورج آسمان میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ ماہرفن اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔

اَلْبَارِج: ماہر کشتی بان۔

اَلْبَارِجَۃ: بڑی جنگی کشتی۔ ج بَوَارِج: کہتے ہیں "مَا فُلَانٌ اِلاَّ بَارِجَۃٌ قَدْ جَمَعَ فِیْہِ کُلَّ الشَّرِّ": یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ "سَفِیْنَۃٌ بَارِجَۃٌ": کھلی ہوئی کشتی۔

تَبَارِیْجُ النَّبَاتِ: نباتات کے پھول۔

اَلاِبْرِیْجُ: دودھ بلونے کا آلہ۔

اَلْبِرْجَاسُ: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ لٹکاتے تھے۔

اَلْبُرْجُدُ: موٹا دھاری دار کمبل۔

اَلْبِرْجِیْسُ: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

اَلْبُرْجُمَۃُ ج بَرَاجِم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔

اَلْبَرَاجِمُ: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ "اِنَّ الشَّقِیَّ وَافِدُ الْبَرَاجِمِ" ضرب المثل عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنوتمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنودارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پاکر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔

بَرِحَ (س) بَرَاحًا و بَرَحًا. الْمَکَانَ وَ مِنْہُ: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَرِحَ وَلاَ بَرِحْتُ غَنِیًّا": یعنی مَا زَالَ وَلاَ زِلْتُ. بَرِحَ الْخَفَاءُ: ظاہر ہونا۔

بَرَحَ (ن) بَرْحًا. الرَّجُلُ: غضبناک ہونا ...... (..... بُرُوحًا) الصَّیْدُ: دائیں جانب سے گزرنا۔ صفت (بَارِح و بَرُوح و بَرِیح)

بَرَّحَ. بِہٖ الاَمْرُ: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ ...... اللّٰہُ عَنْکَ: تکلیف دور کرنا۔

اَبْرَحَہٗ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بَارَحَ. الْمَکَانَ: چھوڑ دینا۔

اَلْبَرْحُ ج اَبْرَاح و (التَّبْرِیْح و الْبُرَحَاءُ): سختی۔ تکلیف۔ بلا۔

اَلتَّرَحُ: وحشت انگیز معاملہ۔

اَمْرٌ (بَرِحٌ): تکلیف دہ معاملہ۔

اَلْبَرَاحُ: کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "لاَ بَرَاحَ" کوئی چارہ کار نہیں۔ "وَجَاءَنَا الاَمْرُ بَرَاحًا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آ گیا۔ "وَجَاءَ بِالْکُفْرِ بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا۔

بَرَاحِ: بروزن قَطَامِ: آفتاب کیلئے علم ہے۔

اَلْبَارِحُ و الْبَارِحَۃُ: گزشتہ رات۔ اَلْبَارِحَۃُ الاُوْلٰی: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے "ھٰذِہِ فَعْلَۃٌ بَارِحَۃٌ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔

بَرْحٰی: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَرْحٰی اس کے خلاف ہے۔

اَلْبَارِحُ: گرم ہوا۔ ج بَوَارِح.

ابن بَرِیْح: کوا۔

اَلتَّبَارِیْحُ: مشقت ہائے زندگانی۔ کہا جاتا ہے "تَبَارِیْحُ الشَّوْقِ" سوزشہائے عشق۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا و بَرُدَ (ک) بُرُوْدَۃً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (بَرْد و بَارِد و بَرُوْد و بُرَاد)

بُرِدَتِ الاَرْضُ: اولے پڑنا۔ بُرِدَ الْقَوْمُ: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ بَرَدَ الْحَقُّ عَلَیْہِ اَوْ لَہٗ: ثابت ہونا۔ بَرَدَ فُلاَنٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَدَّ فِی الاَمْرِ ثُمَّ بَرَدَ" اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔

بَرَدَ: (ن) بَرْدًا: الْحَدِیْدَۃَ: ریتی سے رگڑنا۔ الْخُبْزَ ...... : روٹی پر پانی ڈالنا ...... الْعَیْنَ: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔

بَرَدَہٗ (ن) بَرْدًا اَوْ بَرَّدَہٗ: ٹھنڈا کرنا ...... الْوَجَعَ: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا۔ الْحَقَّ: ثابت کرنا۔ واجب کرنا ...... بَرَّدَنَا اللّٰہُ و بَرَدَ عَلَیْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔

اَبْرَدَ: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا ...... الْمَاءَ لَہٗ و الشَّرَابَ: قاصد بھیجنا ...... الشَّیْءَ: ٹھنڈا

کرنا۔ أَبْرَدَهُ الْمَرَضُ: کمزور کردینا۔
تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا۔ کہاجاتا ہے "نَزَلَ فِي الْمَاءِ يَتَبَرَّدُ" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے پانی میں اُترا۔
تَبَارَدَ: کسی کام میں سست ہوجانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
اِبْتَرَدَ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔
اِسْتَبْرَدَهُ: ٹھنڈا پانا۔ اِسْتَبْرَدَ عَلَيْهِ لِسَانَهُ: اس نے اس پر زبان درازی کی۔
الْبَرْدُ: سردی۔ نیند۔
الْبَرْدَانِ وَ الْأَبْرَدَانِ: صبح شام
الْبَرَدُ: اولے۔
الْبَرَدَةُ: ایک اولہ۔ بدہضمی۔
الْبَرُودُ: سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے۔
ثَوْبٌ بَرُودٌ: وہ کپڑا جس کی درز ابھری ہوئی ہو۔
الْبَرُودُ: پانی میں تر کی ہوئی روٹی۔
الْبُرْدُ: دھاری دار کپڑا۔ ج بُرُودٌ و أَبْرَادٌ و أَبْرُدٌ: کہاجاتا ہے "وَقَعَ بَيْنَهُمْ فَشَقَّا بُرُودٍ بَيْنَهُمْ" یعنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں یعنی سب آپس میں جھگڑے۔
الْبُرْدَةُ: کالا کمبل۔ واحد بُرْدٌ ج بُرَدٌ.
الْبَرْدِيُّ: ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔
الْبَرْدِيُّ: ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
الْبُرَادَةُ: ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے۔
الْبُرَدَاءُ: جاڑا بخار۔
الْبَرَّادَةُ: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔
الْبَرِيدُ: قاصد۔ ج بُرُدٌ: تقریباً بارہ میل کی مسافت۔ ڈاک خانہ۔
الْبَارِدُ: فا۔ عَيْشٌ بَارِدٌ: خوشگوار زندگی۔ "غَنِيمَةٌ بَارِدَةٌ" بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت۔ حُجَّةٌ بَارِدَةٌ: کمزور دلیل۔ الْمُرْهَفَاتُ الْبَوَارِدُ: تیز کاٹنے والی تلوار۔
الْأَبْرَدُ: چیتا۔ ج أَبَارِدُ مؤنث الْأَبْرَدَةُ

الْبُرْدَةُ: برقع۔
الْمَبْرَدَةُ: وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنے والی ہو۔ کہاجاتا ہے "هٰذَا مَبْرَدَةٌ لِلْبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہنچانے والی ہے۔
الْبَرْذَعَةُ و الْبَرْدَعَةُ: پالان کے نیچے ڈالنے کا کمبل۔
الْبِرْذَوْنُ: ٹٹو گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج بَرَاذِينُ
بَرْذَنَ الْفَرَسُ: ترکی گھوڑے کی طرح چلنا۔ ٹٹو کی طرح چلنا۔ ...... الرَّجُلَ: مغلوب کرنا۔
بَرَزَ (ن) بُرُوزًا: میدان کی طرف نکلنا۔
بَرُزَ (ن) و بَرِزَ (س) بَرَزًا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔ صفت (بَارِزٌ)
بَرُزَ (ک) بَرَازَةً: فضل یا شجاعت میں اپنے ہمسروں سے بڑھ جانا۔ صفت (بَــــرْزٌ): مؤنث (بَرْزَةٌ)
أَبْرَزَهُ: نکالنا۔ الْكِتَابَ: شائع کرنا۔ الرَّجُلُ: ارادہ سفر کرنا۔
بَرَّزَ: پاخانہ کرنا۔ الشَّيْءَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ الْفَرَسُ: گھوڑ دوڑ کے میدان میں آگے بڑھ جانا۔ الرَّجُلُ فِي الْعِلْمِ: ہمسروں سے فائق ہونا۔
بَارَزَ مُبَارَزَةً و بِرَازًا: لڑائی کے لئے مقابلہ پر نکلنا۔
تَبَرَّزَ: قضائے حاجت کے لئے میدان میں جانا۔
تَبَارَزَا: مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔
اِبْتَرَزَهُ: نکالنا۔
الْبِرَازُ: بارز کا مصدر۔ آدمی کا پاخانہ۔
الْبَــــرَازُ: درختوں سے خالی کشادہ میدان۔ (اس کو قضائے حاجت کے لئے بطور کنایہ کے استعمال کرتے ہیں)
الْمَبْرَزُ و الْمُتَبَرَّزُ: قضائے حاجت کی جگہ۔
ذَهَبٌ (إِبْرِيزٌ): خالص سونا۔
الْبَــرْزَخُ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ ج بَرَازِخُ۔ بَرَازِخُ الْإِيمَانِ: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک و یقین کے درمیان کی حالت۔

الْبَرْزُوغُ و الْبُرْزَاغُ و الْبُرْزُوغُ: نشاط۔ جوانی۔ کڑیل جوان۔
تَبَرْزَقَ۔ الْقَوْمُ: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں کے جمع ہونا۔
الْبَرَازِيقُ: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے راستے کے ادرگرد چھوٹے راستے۔ واحد بُرْزُوقٌ
بَرِسَ (س) بَرَسًا: مقروض پر سختی کرنا۔
بَرَّسَ۔ الْأَرْضَ: نرم بنانا۔
الْبُرْسُ و الْبِرْسُ: روئی۔
الْبِرْسِيمُ: ایک قسم کی کھجور۔
الْبِرِسْكُوبُ: ایسا شیشہ جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود کافی حد تک دکھائی دیتا ہے۔
بَرْسَمَهُ: برسام میں مبتلا کردینا۔
الْبِرْسَامُ: ایک ہذیانی بیماری۔
بُرْسِمَ: برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مُبَرْسَمٌ)
بَرِشَ (س) بَرَشًا و بُرْشَةً: سفید داغوں والا ہونا۔ صفت (أَبْرَشُ و بَرْشَاءُ): مکان۔
الْأَبْرَشُ: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔ سَنَةٌ بَرْشَاءُ: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
الْبُرْشَةُ و الْبُرْشُ: سفید داغ۔
الْبَرِيشُ: سفید داغوں والا۔
بَرْشَطَ۔ اللَّحْمَ: کاٹنا۔
الْبُرْشُعُ و الْبُرْشَاعُ: بدخلق۔
بَرْشَقَ۔ اللَّحْمَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فُلَانًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِبْرَنْشَقَ: شاد ماں ہونا۔ صفت (مُبْرَنْشِقٌ) ...... الشَّجَرُ: کلی نکلنا۔ ...النَّوْرُ: کھلنا۔
بَرْشَكَ الْجَزُورَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بَرْشَمَ بَرْشَمَةً و بِرْشَامًا۔ الرَّجُلُ: غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔ إِلَيْهِ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
الْبُرْشُمُ: برقع۔
الْبِرْشَامُ: تیز نظر والا۔
بَرْصَنَ۔ الرِّسَالَةَ: گوند سے چپکانا۔

البرشان: کوند۔ گتی۔
برص: (س) برصا: برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت (ابرص)، مؤنث برصاء: ج برص۔
ارض برصاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین۔ حیۃ برصاء: سفید داغوں والا سانپ۔
ابرصہ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تبرص۔ الارض: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
البرص: ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سام ابرص: چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں "هذان سامّا ابرص" اور جمع کی صورت میں "هؤلاء سوامّ ابرص و ابارص" بولتے ہیں۔
ابو بریص: چھپکلی۔
الابرص: چاند۔
البرصوم: کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔
برض (ن) برضا۔ الماءُ من العین: تھوڑا نکلنا۔
برض (ن) بروضا۔ النبات: انکوا نکلنا۔
برّض و ابرض۔ المکان: بہت انکوا والی ہونا۔
تبرّض: تھوڑی چیز پر زندگی گزارنا۔ الشیئ: تھوڑا تھوڑا لینا۔۔۔۔ السماء: چوسنا۔۔۔۔ الارض: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البرض: تھوڑا ج براض و بروض و ابراض۔۔ کہا جاتا ہے "هذا برض من عدّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
البرضۃ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البارض: انکوا۔
عین (برض): تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البراض و البراضۃ: تھوڑا۔
المتبرّض: کثرت دارو دہش کی وجہ سے تنگ دست۔
المبرطس و المبرطش: بائع اور خریدار کے درمیان دلالی۔ المبرطس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البرطاش: پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاسکفۃ ہے۔
برطلۃ برطلۃ: رشوت دینا۔
تبرطل: رشوت لینا۔
البرطل: ٹوپی۔
البرطیل: رشوت۔ لمبا پتھر ج براطیل۔
برطم: اللیل: تاریک ہونا۔ الرجل: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (۔۔۔۔۔ و تبرطم) غصہ سے پھولنا۔
البرطام و البراطم: موٹے ہونٹ والا۔
برع (ن) و برع (س) و برع (ک) براعۃ و بروعا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت (بارع)
برّعہ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
تبرّع الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
تبرّع بالعطاء: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
البریع: عقل و جمال میں کامل۔ برق بریع: دور سے چمکنے والی بجلی۔
البرعث: حلقہ دبر۔
البرعس و البرعوس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ البرعس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔
تبرغص الرجل: کسی کے پیچھے تملانا۔
تبرعص الحیۃ: کنڈلی مارنا۔
البرعل: بجو کا بچہ۔
برعم برعمۃ و تبرعم۔ الشجر: شگوفہ نکلنا۔
البرعم و البرعمۃ ج براعم و (البرعوم و البرعومۃ) ج براعیم: شگوفہ ناشگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
برغ (س) برغا: نازو نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
البرغ: لعاب۔
برفت۔ المکان: بہت پھوڑوں والا ہونا۔
البرغوث: پسو۔ ج براغیث
برغوث الشجر: جھینگا۔
البرغل و البرغل: سخت چھنی ہوئی گندم۔
البرغز و البرغوز و البرغاز: گائے یا نیل کا بچہ۔ ج براغز و براغیز۔
البرغش: مچھر۔ واحد (برغشۃ)
البرغی و البرغی: پیچ والی کیل۔ ج براغی: فصیح عربی لولب ہے۔
البرفیر: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
برق (ن) برقا و بروقا و برقانا و بریقا۔ البرق: ظاہر ہونا۔۔۔۔ الشیئ: چمکنا۔ روشن ہونا۔۔۔۔ السماء: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
الرجل: دھمکانا۔
برق (ن) برقا و برقت و ابرقت۔ المرأۃ: آراستہ ہونا۔
برق (س) برقا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
برّقہ: آراستہ کرنا۔ برّق عینیہ و بعینیہ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
ابرق: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا۔۔۔۔ بسیفہ: چمکانا۔۔۔۔ عن وجھہ: ہٹانا۔
ابرقت السماء: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
البرق: بجلی ج بروق۔۔۔۔ کہا جاتا ہے "برق خلّب و برق خلّب و برق الخلّب" بے بارش کی بجلی۔
البارقۃ: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔ سحابۃ (برقۃ) بجلی والی بدلی۔
البرقۃ: دہشت۔ خوف۔
البرق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج ابراق و برقان۔
البرق: گوہ۔
رجل (بروق): بزدل۔
البرقۃ ج برق و (الابرق) ج اباریق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر (ابیرق) ہے۔ الابرق: سیاہ سفید

رنگ والا۔

البُــــرَاق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

البَــارِیق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔

الغَرْبُ: آلودہ ہونا۔

مَبْرَقُ الصُّبْحِ: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔ ج مَبَارِق وَ مَبَارِیق۔

الغَرْبُ: آلودہ ہونا۔

بَرْقَشَةً بَرْقَشَةً: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا۔

بَرْقَحَ بَرْقَحَةً و تَبَرْقَحَ. وَجْهُهُ: بدصورت ہونا ...... فِـــي الْـــكَلَامِ: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔

تَبَرْقَشَ: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔

البِـــرْقِش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔

اَبُو بَرَاقِش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔

البُرْقُوش: پرانا جوتا۔

بَرْقَطَ: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا ...... الکَلَامَ: بے ترتیب بولنا۔

بَرْقَعَهَا: برقع اوڑھنا۔

تَبَرْقَعَتْ: برقع اوڑھنا۔

البُرْقُع: برقع۔

بَرْقَلَ: جھوٹ بولنا۔

اَلبَرْقَلَة: قول جو عمل سے خالی ہو۔

البِرْقِیل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔

اَلبَرْوَق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔

البُرْقُوق: شفتالو۔

بَرَکَ: (ن) بُــرُوکًا و تَبْرَاکًا و بَرَکَ و اِسْتَبْرَکَ. البَعِیرُ: بیٹھنا۔ بَرَکَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

بَرَّکَ فِیهِ: برکت کی دعا کرنا۔

بَــارَکَ. الرَّجُلَ: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بَــارَکَ الـلّٰـهُ لَکَ وَ فِیکَ و عَــلَیکَ و بَــارَکَکَ: برکت دینا۔ بولتے ہیں "بَــارَکَ عَــلَی الاَنْبِیَاءِ و آلِهِمْ" یعنی ان کی عزت و عظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ اور بُورِکَ فِیکَ اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

اَبْرَکَهُ: اونٹ کو بٹھانا۔

تَبَرَّکَ. بِهِ: برکت حاصل کرنا۔

تَبَارَکَ. بِهِ: نیک شگون لینا ...... اللّٰهُ: مقدس ہونا۔

اِبْتَرَکَ. القَوْمُ: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَکُوا فِي العَدْوِ: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا ...... فُلَانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا ...... فِی عِرْضِهِ وَ عَلَیهِ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔

اِسْتَبْرَکَ: برکت کی فال لینا۔

البَـــــرْک: سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارک) مؤنث (بارِکَة) ج بُرُوک۔

البَرَکَة: زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو

البِــرْکَة: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِــــرَک: دودھ دینے والی بکری۔ ج بِرَکَات۔

البُـــرْکَة: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پیسنے والے کی اجرت۔ ج بُــرَک و اَبْرَاک و بُرکَان۔

البَرِیک: اونٹ۔

البَارُوک: بزدل۔ کابوس۔

البَرَّاک: پانی لینے والا۔ پیسنے والا۔

اَلمَــبْرَک: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَیْــسَ بِفُلَانٍ مَبْرَکُ جَمَلٍ" یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔

اَلبَرُوکَة: مادہ بکی۔

بَــرْکِیَّة: لمبے چوڑے سینے والا پودا۔

البِرْکَار و البِیکَار: پرکار (جدید)

البُـــرْکَــان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید) بَرْکَعَهُ: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَــرْکَعَ الــفَــرَسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔

بَرْکَعَ و تَبَرْکَعَ. الرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔

البُرْکُع: پست قد مرد۔

اَلبَرْلَمَان: پارلیمانی نظام۔

جُوعٌ (بُرْکُوعٌ): سخت بھوک۔

بَرَمَ (ن) بَــرْمًا و بَرَمَ. الحَبْلَ: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعول (مَبْرُوْم و بَرِیم). الاَمْرَ: مضبوط کرنا۔

بَرِمَ (س) بَرَمًا: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ ...... بِحُجَّتِهِ: دلیل کا نہ ملنا۔

اَبْرَمَ. الحَبْلَ: بمعنی برم الحبل ...... ہ: زچ کرنا ...... عَلَیهِ فِي الجِدَالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کیے جانا۔

تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔

اِنْبَرَمَ. الحَبْلُ: رسّی کا بٹ جانا۔

البَرَم: درخت غضاد کا پھل (دیکھئے غضاہ) بــخِیل لَئِیم: وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج اَبرام۔

البُرْمَة: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام

البُرَم: بد اخلاق لوگ۔

البُرَام: چچڑی۔ ج اَبْرِمه

البَرَّام: رسّی بٹنے والا۔

البَـــرِیم و البَــرَام: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسّی۔ البریم: لشکر۔

البَرِیمَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

البَیرَم: لنگر۔ ج بَیَارِم۔

اَلبَوَارُ مِنَ الذَّهَبِ المَبْرُوْم: اصل سونے (۲۳ قیراط تک) کے کنگن۔

المُبْرَمُ: مطلع قضا۔ مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔

اَلبِرْمَا: حلوہ کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)۔

البِرْمِیل: پیپہ۔ ج بَرَامِیل۔ (جدید)

البَرْنَامَج: پروگرام۔ بجٹ (جدید)

اَلْبَرْنَاسِيَّة: ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صنعت کا پورا اہتمام کیا۔
بَرْنَسَہٗ: برنس پہناتا۔
تَبَرْنَسَ: برنس پہننا۔
اَلْبُرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
اَلْبُرْنَيْطَةُ: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)
اَلْبُرْنَيْطَة: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (فلٹ کیپ)
اَلْبَرْنِيَّة: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِيُّ۔
بَرِهَ (س) بَرَهًا: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَہ) مؤنث (بَرْهَاء): ج بُرْه۔
اَبْرَهَ: دلیل لانا۔
اَلْبُرْهَة و اَلْبَرْهَة: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَہ و بُرْهَات۔
اَلْبَرَاهِمَة: ہندوؤں کی ایک ذات..... مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ الشَّیْءَ وَ عَلَيْهِ وَ عَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلْبُرْهَان: دلیل۔ ج بَرَاهِين۔
اَلْبَرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لئے فصیح لفظ کظاف اور اطار ہے۔
اَلْبَرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلْبَرُوتِسْتَانِي: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹنٹ کو ماننے والا۔
اَلْبُرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ۔
اَلْبَرُولِتَارِيَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلْبُرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بھیے والے مادے کی شکل میں علامت BR۔
اَلْبُرُومز (الصُّفر): پیتل۔

اَبْرُومِيز: ہوا کی پیمائش کا آلہ۔
اَلْبَرْوَاق و اَلْبَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْكَرُ مِنْ بَرْوَقَة" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔
بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرَی اِبْرَاءً. النَّاقَةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
اَلْبُرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب) ج بُرًی و بُرَات و بُرِين و بِرِين: کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنْيَا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔
بَرَی: (ض) بَرْيًا و اِبْتَرَی. السَّهْمَ او القَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعول (بَرِیّ و مَبْرِیّ)
..... الشَّخْصَ: دُبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَی. الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ ..... اِمْرَأَةً فِراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرَی: مٹی لگنا۔
تَبَارَيَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّی. لِمَعْرُوفِهِ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَی: تراشا جانا..... لَهُ: پیش آنا۔
اَلْبَرَی: مٹی۔
اَلْبَارِئ: فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ الْقَوْسَ بَارِيَهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
اَلْبُرَايَة و اَلْبُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
اَلْبَرِيَّة: مخلوق۔ ج بَرَايَا
اَلْاِبْرِيَة و الْهِبْرِيَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
اَلْمِبْرَاة و الْمِبْرَاة و الْمِبْرَاة: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهٗ (ن) بَزًّا و بِزِّيزَی: چھیننا۔ غالب ہونا ..... الشَّیْءَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ. مِنْهُ الشَّیْءَ: زبردستی چھین لینا۔

اَلْبَزُّ: کتان یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوز۔
اَلْبِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
اَلْبَزَّاز: پارچہ فروش۔
اَلْبِزَازَة: پارچہ فروشی۔
اَلْبَزَابُورْط: پاسپورٹ (جدید) پروانۂ راہداری۔ اس کے لئے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
اَلْبِزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جو قدار سلاخ۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ..... عَلَى فُلَانٍ: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهٗ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزْخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا. ظَهْرَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے پشت پر مارنا..... فُلَانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ. عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔
تَبَازَخَتِ الْمَرْأَةُ: بڑے سرین والی ہونا۔
تَبَزَّخَ. لَهُ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا. الحُبُوبَ: بونا۔ بیج چھیلنا
حَتَأ (ف) حَتْأً وَاَحْتَأَ. العقدة: گرہ باندھنا ... الثوبَ: کپڑا سینا ... الجدارَ: دیوار مضبوط کرنا ... الشیَ: لگاتار دیکھنا ... الحِمْلَ عن الدابة: بوجھ اتارنا ... المرأة: جماع کرنا ... الرجلَ: مارنا۔

حَتْحَتَ: جلدی کرنا۔

تَحَتْحَتَ. الورقُ: جھڑنا۔

حَتِدَ (س) حَتَداً: خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)

حَتَدَ (ض) حُتُوداً. بالمکانِ: اقامت کرنا۔

حَتَّدَ. الشیُ: خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔

الحَتْد والحَتِد. من الشیِ: اصل جوہر کہا جاتا ہے "عینٌ حَتِدٌ" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔

المَحْتِد: اصل۔ کہا جاتا ہے "فلان کریم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔

حَتَرَہ (ن ض) حَتْراً وحُتُوراً: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر له شیئاً: تھوڑا دینا ... اهلَه: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حترتُ الیوم شیئاً" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔

اَحْتَرَ. الشیَ: مضبوط کرنا ... الرجلُ: تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا ... علینا الرزقَ: کم کرنا یا روک لینا۔

حَتَّرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا ... البیتَ: گھر کے گرد گھیرا بنانا۔

الحَتْر والحِتْر والحُتْرة: تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔

حِتَارُ. الشیِ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتارُ الاُذن" کان کا کنارہ۔ "حِتارُ الظفر" ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔ "حِتارُ المُنخل

والغربال" چھلنی کا کھیر اسے حثحث۔
الحَثرة: ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔
المحثرة۔ عند العض المحثورة: کہا جاتا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔
المُحثر: اہل وعیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔
حَثرش حثرشةً۔ الجراد: کھانے میں آواز نکالنا۔
تحثرش۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔
الحثروش: ہلکا پھلکا چست لڑکا۔
المحارش: بچے کی حرکتیں۔ کہا جاتا ہے "ما احسن محارش هذا الصبی" اس بچے کی حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔
تحثرف۔ الشیُ: بکھر جانا۔ کہا جاتا ہے "تحثرف الشیُ من یدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔
الحثرفة: آنکھ کی سرخی۔ سختی۔
حثش (ن) حثشا: آبادی کے ساتھ جمع ہونا۔
الحثف: موت۔ کہا جاتا ہے "مات حثف انفه لو حثف فیه" وہ اپنی موت سے مرا۔ ج حثوف۔
حثک (ض) حثکا وحثکانا وتحثک: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔
الحثنک والحثواتک: شتر مرغ کے بچے۔
حثله (ن) حثلاً: دینا۔
الحثل والحاتل: شکل ومشابہ۔ الحثل: علیہ۔ گھٹیا چیز۔
حثم (ض) حثما۔ الشیُ: مضبوط کرنا۔ الشیُ علیه: واجب کرنا۔ بالشیُ: کسی چیز کا حکم لگانا۔
تحثحث: خوش ہونا۔ اظہار شادمانی کرنا۔ دسترخوان کے بقیہ کو کھانا۔ الزجاج بعضه علی بعض: شیشہ کا بعض بعض پر گر کر ٹوٹنا۔ (... وانحتم) الامر: واجب ہونا۔
تحتم الشیُ علی نفسه: لازم کرلینا۔ واجب کرلینا۔
الحاتم: قاضی۔ حاکم۔ کہا جاتا ہے "حتم الحاتم بکذا" حاکم نے فلاں چیز کا فیصلہ کیا۔ کالا کوا۔
المحتم: محض۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "هو الاخ المحتم" وہ حقیقی بھائی ہے۔ "وهذا ولد حتم" یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شبہ نہیں۔ فیصلہ۔ ج حُتوم۔
الحُثرفة: ترشی۔
الحُتمة: سیاہی۔
الاحتم: سیاہ۔
الحتامة: دسترخوان کا چورہ۔
حتن (ن) حتنا۔ النحو: تیز ہونا۔
احتتن۔ الرجلُ: سارے تیر ایک ہی جگہ پڑ گئے۔
تحاتن۔ القومُ فی الامر: برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تحاتن اللدمعُ" دو دو قطرے آنسو کے گرے۔ "وتحاتنت الریاح" ہوائیں پے در پے چلیں۔
باحتتن: بالکل برابر ہونا۔
الحتن والحتن: برابر۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هما حتان" وہ دونوں برابر ہیں۔ الحتن: بالکل۔ یومٌ (حاتن) گرمی میں اول آخر برابر دن۔
الحتن: پہاڑ کے کنارے۔
حتا یحتو حتوا: تیز دوڑنا۔
حتاه (ض) حتیا والحتاة: سینا۔ مضبوط کرنا۔ ... الحبل: بٹنا۔
فرس (محتاة) الخلق: مضبوط بدن کا گھوڑا۔
حث (ن) حثا وحثث تحثیثا واحتثه احتثاثا واحتث احتثاثا واستحث استحثاثا۔ الرجل علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
حاثه: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔
تحاثّ۔ القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
احتثّ: برانگیختہ ہونا (لازم ومتعدی)
حثث تحثیثا: سونا۔
الحثّ: بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی۔ چھپا ہوا ریت۔
الحثیث والحثوث: تیز کہا جاتا ہے "ولّی حثیثا" وہ تیز بھاگا۔
الحثاث والحثاث: جلدی۔ تھوڑی نیند۔ کہا جاتا ہے "ما اکتحل فلان حثاثا" یعنی وہ ذرا بھی نہیں سویا۔
حثحث۔ البرقُ: بادل میں کوندنا۔
فلانا: کسی چیز پر برانگیختہ کرنا ... المیل فی العین: سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں حرکت دینا۔
تحثحث۔ القومُ: آمادہ ہونا۔
الحثحاث والحثحوث: تیز جس میں کسی قسم کی سستی نہ ہو۔
حثر (س) حثرا۔ الجلد: پھنسی والا ہونا ... العینُ: آشوب چشم کی وجہ سے سوئے چپکنے والی ہونا۔ العسلُ: خراب ہونے کی وجہ سے دانہ دار ہونا۔ صفت (حاثر وحثر)۔ الشیُ: کشادہ ہونا۔ صفت (حثر وحثر)
حثر۔ الدواءُ: گولی بنانا۔
احثر وتحثر۔ النخلُ: دانہ ظاہر ہونا۔
الحثر: بھس۔ تلچھٹ۔
الحثر: پھنسی والا۔ طعام حثر: بکھرا ہوا کھانا۔ جس میں کوئی برکت نہ ہو۔ فؤاد حثر: دل جو کچھ محفوظ نہ رکھ سکے۔ لسان حثر: زبان جس کو کچھ مزہ معلوم نہ ہو۔
حثرب۔ الماءُ: گدلا ہونا ... البئر: گدلے پانی والا ہونا۔
الحثرب: گدلا پانی۔ نرم زمین میں اُگنے والی ایک قسم کی گھاس۔ ہانڈی کی تلی کی چکنائی۔
حثل (س) حثلا: بڑے پیٹ والا ہونا۔
احثلت۔ الامُ ولدها: خراب غذا دینا۔ صفت مفعول (حثیل) ... الدهر فلانا: برا حال کردینا۔ تباہ حال کردینا۔

السَّخْل: برے طریقہ سے دودھ پلانا۔ تباہ حالی۔

الخَثَل: لاغر۔ کمزور۔

الخُثْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔

الحُثَال والحُثَالَة: چاول جو وغیرہ کا چھلکا۔ حُثَالَة الدھن: تیل کا تلچھٹ۔ ...الناس: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

الحَثْمَة والحَثَمة: چھوٹا ٹیلہ۔ والحُثْمة: ناک کا بانسہ۔ ج حِثام۔

الحُثَمَة: بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔

حَثَا (ن) حَثْوًا وحَثَى (ض) حَثْيًا وتَحْثَاءً التراب: گرانا۔ ڈالنا۔ التراب: گرنا... لہ: تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَثَا فِي وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کر دیا۔ "وحثا في وجه التراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔

اِسْتَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔

الحَثَا والحَثَى: بھوسے کے ریزے۔ نڈالی ہوئی مٹی۔

الحَثْواء: بہت مٹی والی زمین۔

الحُثَي: مص۔ لپ ج حَثَيَات۔

الحُثْوة: مٹی کا ایک حصہ۔ ج حُثَى۔

حَجَّهٗ (ن) حَجًّا: دلیل میں غالب ہونا۔ الجُرْح: سلائی لگا کر دیکھنا ...ہ: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَجَّ بنو فلان فلانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمد و رفت کی "وحَجَجْتُ فلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔ حَجَّ الاماکنَ المقدسة: زیارت کرنا۔ صفت (حاجٌ) ج حُجَّاج وحَجِيج وحُجٌّ: مؤنث حاجّة ج حَوَاجّ۔ حَجَّ عَلَيْهِ: آنا ...عن الامر: باز رہنا۔

حَاجَّهٗ حِجَاجًا ومُحَاجَّة: جھگڑا کرنا۔

حَجَّجَهٗ تَحْجِيجًا واَحَجَّهٗ واَحْجَاجًا: حج کرنے کے لئے بھیجنا۔

تَحَاجَّا تَحَاجًّا: باہم جھگڑا کرنا۔

اِحْتَجَّ: دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا ...بالشَّيْءِ: دلیل یا عذر بنانا ...البيت: زیارت کرنا۔

اِسْتَحَجَّ: حجت طلب کرنا۔

الحَاجّ: فا۔ مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجَّاج۔ کہتے ہیں "قَدِمَ الحَاجُّ حتى المُشاة" حاجی صاحبان آ گئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔

الحِجَّة: حج کا اسم۔ سال۔

ذُو الحِجَّة: قمری سال کا بارھواں مہینہ ج ذوات الحِجَّة۔ الحِجَّة: کان کی لو۔

الحَجَّة: بالی۔ کان کی لو۔

الحُجَّة: دلیل۔ برہان۔ ج حُجَج وحِجَاج۔

الحِجَاج: ابرو کی ہڈی۔ ج حُجُج واَحِجَّة وحِجَاج۔ حِجَاجُ الشمس: آفتاب کا کنارہ۔

الحَجِيج: دلیل میں غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کے زخم کو سلائی میں ڈال کر معلوم کیا جائے۔

المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ۔

المَحَجَّة: راستہ کا درمیان۔ ج مَحَاجّ۔

المِحْجَاج: بڑا جھگڑالو۔ زخم معلوم کرنے کی سلائی۔

المَحْجُوج: دلیل میں مغلوب۔ مطلوب و مقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔

حَجَأ (ف) حَجْأً بالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ عنه الشَّيْءُ: روکنا۔

حَجِيَ (س) حَجًا وحَجَأً وتَحَجَّأً بالشَّيْءِ: کنجل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔

الحَجِي: سزاوار۔ لائق۔ تم کہتے ہو "حَجِي بكذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ تم کہتے "هو حَجِي الهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔

المَحْجَأ: پناہ لینے کی جگہ۔

حَجَبَهٗ (ن) حَجْبًا وحِجَابًا وحَجَّبَهٗ: چھپانا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَبَ بَيْنَهُمَا: حائل ہونا۔ حَجَبَ صدرُهٗ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "فلان يَحْجُبُ للامير" فلاں امیر کا دربان ہے۔

تَحَجَّبَ واِحْتَجَبَ: چھپنا۔

اِسْتَحْجَبَهٗ: حاجب بنانا۔ دربان بنانا۔

الحِجَاب: مص ...ج حُجُب: پردہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ تعویذ۔ حِجَاب الشمس: آفتاب کی روشنی۔ حِجَابُ القلب: پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔

الحَاجِب ج حَوَاجِبُ وحُواجِبُ: ابرو ...حَوَاجِبُ الشمس: آفتاب کی شعاعیں ...الشَّيْءُ: چیز کا کنارہ۔ حاجبُ الشمس: آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔ الحاجب ج حُجَّاب وحَجَبة: دربان۔

الحِجَابَة: دربانی۔

حَبَّذَا: اس کا اعراب یعنی ترکیب۔ حَبَّ: فعل ماضی ذا: اسم اشارہ اس کا فاعل فعل فاعل مل کر خبر مقدم ضمیر یا بعد والا اسم اس کا مبتدا مؤخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریں۔

الحَاجِبِيَة: معتدل علاقوں کی ایک پھولدار انگوری۔

المَحْجُوب: اندھا۔

حَجْحَجَ: گفتگو سے رکنا ...بالمكان: اقامت کرنا ...الرَّجُلُ: پچھلے پاؤں واپس ہونا۔

حَجَرَهٗ (ن) حَجْرًا وحُجْرًا وحُجْرانًا. بتثليث الحاءِ في المصدرين: منع کرنا۔ حَجَرَ عَلَيْهِ القَاضِي: مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔ ...حَجَّرَ (وتَحَجَّرَ) عَلَيْهِ الامر: محروم کرنا۔

حَجُرَ. القمرُ: ہالہ والا ہونا۔ ...الطين: پتھر کی مانند سخت ہونا۔

اَحْجَرَهٗ: ڈھانپنا۔ چھپانا۔
تَحَجَّر واسْتَحْجَرَ: پتھر کی مانند ہونا۔
الرَّجُلُ: حجرہ بنانا۔ تحجّر علی فلان: تنگی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تحجّر ما وسّعه الله" اللہ نے جس چیز میں اس کے لئے وسعت کی تھی اس کو اس نے اپنے لئے تنگ بنا لیا۔ محروم کرنا۔ اِسْتَحْجَرَ علیه: جرأت و دلیری کرنا۔
اِحْتَجَرَ: حجرہ بنانا۔ احتجر الشیٔ: اپنی گود میں لینا۔۔۔۔۔ به: پناہ لینا۔
الحَجْرُ: مص۔ منع۔ روک۔۔۔۔۔ من العین: آنکھ کا خانہ۔۔۔۔۔ والحَجْرُ والحِجْرُ: گود۔ کہا جاتا ہے "نشأ فلانٌ فی حجر فلانٍ" فلاں کی پرورش فلاں کی گود میں ہوئی۔ حرام۔ کہا جاتا ہے "هذا حجر علیک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ وحُجْرًا له: یعنی دفع ہو۔ عرب اس کو اس وقت بولا کرتے ہیں جبکہ کسی چیز کو مکروہ سمجھیں۔
الحِجْرُ: عقل۔ گھوڑی۔ ج "حُجُور وحُجُورة واَحْجَار"۔
الحَجَرُ: پتھر۔ ج اَحْجَار وحِجَار وحِجَارة واَحْجُر: کہا جاتا ہے "الْقَمَه الحَجَرَ" یعنی اس نے اسے لاجواب کر دیا اور کہا جاتا ہے "اهلُ الحَجَرِ والمَدَرِ" یعنی دیہات کے رہنے والے لوگ۔ الحَجَرَان: سونا چاندی۔ اَحْجَار الخَیل: وہ عمدہ گھوڑے جو نسل بڑھانے کے لئے پالے جائیں۔ (مفرد استعمال نہیں کرتے)
الحُجُر: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔
الحَجْرَة: کنارہ۔ ج حُجَر وحَجَرات وحَوَاجِر: کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُه" اس کا مال زیادہ ہو گیا۔
الحُجْرَة: چھوٹا کمرہ۔ قبر۔ باڑہ۔ کنارہ۔ ج حُجَر وحُجُرات وحُجَرات وحُجْرات۔ حَجْرتا العسکر: لشکر کے دونوں بازو میمنہ و میسرہ۔
الحَجِر والحَجِرَة: بہت پتھروں والی جگہ۔
الحَاجِر: ۔۔۔۔۔ ج حُجْرَان: بلند زمین جس کے درمیان میں پست جگہ ہو۔ صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ (والحاجور) نہر کے کنارے کا وہ حصہ جو پانی کو روک لے۔
المَحْجِر والمَحْجَر۔ من العین: آنکھ کا خانہ۔ باغ۔ ج مَحَاجِر۔
المُتَحَجَّر: گاؤں کا گردا گرد۔ حفاظت کی جگہ اور اسی سے ہے "المتحجر الصحی" وہ مقام جہاں پر وبا زدہ لوگ رکھے جائیں تا کہ وبا دوسری جگہ نہ پھیلنے پائے۔
حَجَزَه (ن ض) حَجْزًا وحِجَازَةً: منع کرنا۔ روکنا۔ دفع کرنا۔۔۔۔۔ بینهما: فاصلہ کرنا۔۔۔۔۔ علیه المالَ اوالعقار: مال یا جائیداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔
اَحْجَزَ وانْحَجَزَ: ملک حجاز میں آنا۔
انْحَجَزَ: رک جانا۔
حَاجَزَه: ایک دوسرے کو منع کرنا۔
تَحَاجَزُوا: بعض کا بعض کو منع کرنا اور دفع کرنا۔
اِحْتَجَزَ۔ الشیٔ: اکٹھا ہونا۔۔۔۔۔ به: باز رہنا۔۔۔۔۔ بالازار: کمر پر باندھنا۔۔۔۔۔ الشیٔ: گود میں اٹھانا۔۔۔۔۔ الرجلُ: حجاز میں آنا۔
الحُجَز والحُجْز: ج۔ قبیلہ۔ کنارہ۔
الحِجْز: پاک دامن۔ پاک۔
الحِجَاز: ملک عرب کا ایک حصہ۔ کمر بند۔ اونٹ کے باندھنے کی رسی۔ گانے کا ایک نمبر۔
الحُجْزَة ج حُجَز وحُجُزات وحُجَزات وحُجْزات: ازار باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہا جاتا ہے "فلان طیّبُ الحُجْزة" فلاں پاکدامن ہے "وشدید الحجزة" یعنی بڑا صابر۔ "وهذا الکلامُ آخِذٌ بعضُه بحجزة بعض" یعنی یہ کلام ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہے۔
الحَاجِز۔ ج حُجَزة: روک۔ فاصل۔ کالم۔ الحاجز ج حَوَاجِز: تلوار کی دھار۔ برزخ: فاصل و روک۔
الحَاجِزُ: "الناری": توپخانہ سے مسلسل گولہ باری کر دشمن کے سامنے آگ کی دیوار بن جائے۔
الحَاجِزُ: (الحراری) ایک علمی اصطلاح اس سے مراد وہ حرارت جو کہ طیاروں کے فضاء میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔
المَحْجَز: ازار باندھنے کی جگہ۔
حَاجَفَه مُحَاجَفَةً: مقابلہ کرنا۔ مدافعت کرنا۔
اِنْحَجَفَ: زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔
اِحْتَجَفَ۔ الشیٔ: اپنے لئے خاص کر لینا۔
نفسه عن شیٔ: باز رکھنا۔
الحَجَفَة: بغیر لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ ج حَجَف۔
الحَجِیف: جوف سے نکلنے والی آواز۔
المَحْجُوف: وہ شخص جس کے نیچے کے جبڑے میں درد ہو۔
حَجَلَ (ن ض) حَجْلًا وحَجَلانًا: ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر اٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔ المقیّد: دونوں پاؤں سے کودنا۔۔۔۔۔ البعیرَ: باندھنا۔
حُجِلَ حَجْلًا۔ بینهما: حائل کیا جانا۔
حَجَلَت (ن) حُجُولًا وحَوَجَلَت۔ العینُ: اندر کو دھنس جانا۔
حَجَّلَ۔ العروسَ: دلہن کے لئے کمرہ آراستہ کرنا۔ دلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔ حَجَّلت المرأةُ بَنانها: مہندی لگانا۔ العینُ: اندر کو دھنس جانا۔ الرجلُ امرَه: مشہور کرنا۔ المقیّد: دونوں پاؤں سے کودنا۔
حَجَّلَ وتَحَجَّلَ۔ الفرسُ: ٹانگوں میں سفیدی والا ہونا۔ (صفت مُحَجَّل ومَحْجُول) اور اگر تین ٹانگوں میں سفیدی ہو تو اس کو محجل کہتے ہیں۔ حَجَّلَت المرأةُ: پازیب پہنایا جانا۔

الحجل واحد حجلة ج حجلان وحجلى: چکور۔

الحجل والحجل والحجل. پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی۔ ج احجال وحجول

الحجلة۔ پردہ جو دلہن کے لئے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لئے آراستہ کیا جائے۔ ج حجال وحجل: عربوں کے قول "الحجول لربات الحجال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لئے ہے۔

الحجيلا: پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الحوجلة والحوجلة: شیشی۔ ج حواجل وحواجيل۔

المحجل. من الخيل: ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ يوم محجل: خوشی کا دن اور کہا جاتا ہے "امر اغر محجل" بہت مشہور معاملہ۔

حجم (ن ض) حجما. البعير: منہ پر جالی لگانا۔ ... الحجام المريض: پچھنا لگانا ...... الحية: ڈسنا ...... الصبي لدى امه: چوسنا۔ حجمه عن الشئ: منع کرنا۔ حجم طرفه عنه: نگاہ پھیرنا۔

حجم (ن) حجما واحجم. الثدى: اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ احجمت المولدة للمولود: پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن الشئ: ڈر کر باز رہنا۔ پیچھے ہٹنا۔

احتجم: پچھنے لگوانا۔

الحجامة: پچھنا لگانے کا پیشہ۔

الحجم: جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حجوم۔

الحجام: اونٹ کے منہ میں لگانے کی جالی۔

الحاجم ج حجام وحجمة و (الحجام) پچھنے لگانے والا۔

المحجم: پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج محاجم

المحجم والمحجمة: پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج محاجم۔

المحجام: خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔

حجن (ن) حجنا وحجن. العود: موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ (...... واحتجن) الشئ: ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "احتجن المال" اس نے مال کو جمع کیا۔ نیز اس نے منتشر مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی۔ احتجن عليه: روک دینا۔

حجن (س) حجنا. بالدار: اقامت کرنا ...... عليه وبه: بخل کرنا۔

تحجن: مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

الحجن والحجنة: کجی۔ ٹیڑھا پن۔

الحجنة: اپنے لئے مخصوص طریقہ سے جمع کی ہوئی چیز۔ الحجن: چھڑی۔

الاحجن: ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "صقر احجن المخالب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا۔ مؤنث حجناء ج حجن۔

الحجون: کاہل۔ کہتے ہیں "سرنا عقبة حجونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے۔

المحجن والمحجنة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔ ٹیڑھے سر والا۔ کہا جاتا ہے "هو محجن مال" وہ مال کا یعنی اونٹوں کا بہترین منتظم ہے۔ محجن الطائر: چونچ۔

حجا (ن) حجوا: ٹھہرنا ...... بالمكان: اقامت کرنا ...... بالشئ: بخل کرنا ...... به حجوا: گمان کرنا ...... السر: حفاظت کرنا ...... حجاه: قصد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ منع کرنا ...... القوم: بدلہ دینا ...... الامر: گمان کر کے دعوی کرنا۔

حجى (س) حجى. به: فریفتہ ہو کر لازم ہونا۔

احجاه إحجاء. بكذا: لائق بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما احجاه بكذا" وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔

حاجاه محاجاة: پہیلی پیش کرنا۔ یا عقل وزیرکی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حاجيته فحجوته" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

تحجى. بالشئ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا ...... بالمكان: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحجيتكم في هذا المكان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا ...... الشئ: قصد کرنا۔

إحتجى. الشئ: چھپانا۔

تحاجوا: آپس میں پہیلی پیش کرنا۔

الحجى: عقل وزیرکی جمع احجاء۔

الحجا: کنارہ۔ گوشہ۔ ج احجاء: پردہ۔

الحجا: وادی کا موڑ۔ زمین کا بلند حصہ۔ ج احجاء وحجا. الشئ: کنارہ۔

الحجاة: بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ۔ ج حجا۔

الحجى والحجى: لائق۔

الاحجية: چیستاں۔ پہیلی۔ ج احاجي واحاج كلمة (محجية ومحجية) پہیلی وار کلمہ جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں۔ کہا جاتا ہے "انه (المحجاة) ان يفعل كذا" یعنی وہ یقیناً اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔

خذ (ن) خذوا وخذذا. الدار: حد مقرر کرنا ...... المذنب: حد جاری کرنا ...... الشئ عن الشئ: جدا کرنا ...... الله عنا الشر: روکنا۔ باز رکھنا۔ پھیرنا۔

خذت (ن ض) خذا وخذاذا. المراة: سوگ منانا۔ صفت (خاذ) ج حواذ۔

خذ خذا وخذذ واخذ. السكين: تیز کرنا۔

خذت (ض) حذة واخذت. السكين: تیز ہونا ...... باریک دھار ہونا۔

حذ (ض) حذا وحذذا وحذة. عليه: غضب ناک ہونا۔

خذذ. الارض: حدود قائم کرنا ...... اليه وله: قصد کرنا ...... الامر: معلوم کرانا ...... عليه: غضب ناک ہونا ...... الزرع: بارش مؤخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اگنا۔

خاذة: دشمنی کرنا۔ باہم غضب ناک ہونا۔

حَاذّت ارضه ارضی: پڑوس میں ہونا۔
اَحَدّ اِلَیهِ النظر: گھورنا۔ تیز نظر کرنا۔
اَحدّتِ المرأۃ: شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا۔ صفت (مُحِدّ و مُحِدّۃ)
تَحَادّ. بہم: دور پے ہونا۔
تَحَادُّوا: باہم غضب ناک ہونا۔
اِحتدّ: قوی ہونا۔ .. علیه: غضب ناک ہونا۔
اِستحدّ: دھار تیز کرنا۔ شرم گاہ کے بال مونڈنا۔
الحدّ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ تم کہتے ہو "داری حد داری" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے۔ والحدّ: کسی چیز کی انتہا۔ الحدّ من السّیف: تلوار کی دھار ...... من الشراب: شراب کی تیزی من الانسان: دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو۔ من کل شی: تیزی۔ حدّ الشیٔ: جامع مانع تعریف۔ سزا۔ ج حُدُود۔ وحُدُودُ الله: اطاعت الٰہی واحکام شرعیہ۔
الحَدَد: مص۔ ممنوع۔ کہا جاتا ہے "هذا امر حَدَد" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں "وهذا خبرٌ حَدَد" یہ خبر باطل و جھوٹ ہے "دُونَ هذا حَدَد" اس کے ورے ممانعت ہے "وحَدَدًا ان یکون هذا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو۔
الحِداد. حدّت المرأۃ: کا مصدر۔ سیاہ ماتمی لباس۔
الحَدّاد: تیزی والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُدَادٌ" تیزی والا مرد۔ سکین حُدَادٌ: تیز چھری۔ ج حِدَدٌ اور کہا جاتا ہے "حُدَادُكَ أن تفعل كذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَدَادَۃ: بیوی۔
الحِدَادَۃ: لوہاری۔
الحَدِید: لوہا۔ سخت طاور سخت لوہے کو "ذکر" اور نرم کو "انثی" اور "الیث" سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هو حَدِیدِی" وہ میرا پڑوسی ہے۔ "وداری حدیدۃ داره" میرا گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے۔
الحَدِید: ج أَحِدّاء و حِداد: کاٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "سَیفٌ حَدِیدٌ" کاٹنے والی تلوار "رجلٌ حَدِیدٌ" تیز فہم یا سریع الغضب۔
الحَدِیدَۃ: لوہے کا ٹکڑا۔ ج حدائد وحَدِیدات و جمع حدائدات حَدِیدَۃُ الحَرث: ہل کی پھار۔ الحَدِیدَۃ: چمچہ۔
الحَدّاد: لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان۔ جیلر۔ زرہ ساز۔ شراب فروش۔ سمندر۔
المَحدُود: حد بندی کیا ہوا۔
حَدَأَ (ف) حَدْأً. الشیءَ عنه: پھیرنا۔ ہٹانا۔
حَدِئَ (س) حَدَأً. بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا .. الیه: پناہ لینا ..... الیه وعنه: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ ظلم سے بچانا .. علیه: غضب ناک ہونا۔
الحَدَأَۃ: دو سر والی کدال۔ ج حَدَأ و حِدَاء۔
الحِدَأَۃ: چیل۔ عوام حِدَیَّۃ کہتے ہیں۔ ج حِدَأ و حِدَاء و حِدْآن۔
حَدِبَ (س) حَدَبًا واحْدَبَّ. الرجلُ: کبڑا ہونا ..... صفت (حَدِب و اَحْدَب) مؤنث حَدِبَۃ و حَدْبَاء: ج حُدْب و حُدَاب. وحَدِبات. حَدِب علیه: مہربان ہونا۔
حَدَّب واحْدَب: کبڑا بنانا۔ حَدَّب الشیءَ: کسی چیز کو ابھرا ہوا بنانا۔
تَحَدَّب: کبڑا ہونا .. علیه: مہربان .... به: تعلق رکھنا۔ المرأۃ: بچوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا۔
اِحدَودَب و تَحادَب: کبڑا ہونا۔
احدَودَب الرملُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔
الحَدَب: مص۔ کبڑا پن۔ موج۔ لہر۔ کھال کے اندر نشان۔ زمین کی اونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الحَدْبَاء: قحط کا سال۔ دشوار امور۔ لاش۔
الحَدَبَۃ: کبڑا پن۔ پیٹھ میں کبڑا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فی ظهره حَدَبَۃ" اس کی پیٹھ میں کبڑا پن ہے۔ من الارض: بلند و سخت جگہ۔
الاَحدَب: تلوار۔ ہاتھ کی ایک رگ کا نام۔ امرٌ احدب: دشوار کام۔
المُحدَّب: کبڑا۔ من الخطوط: ابھری ہوئی لکیریں۔ لین (حُدَب) جما ہوا دودھ۔
حَدَثَ (ن) حُدُوثًا. الامرُ: واقع ہونا۔ (.... حَدَاثَۃ وحُدُوثًا) نو پید ہونا اور جب قَدُم کے مقابلے میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "اَخَذَنی ما قَدُمَ وما حَدُثَ" یعنی مجھ کو نئے پرانے غموں نے گھیر لیا۔ اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں دیتے۔
حَدَّث. عن فلان: روایت کرنا۔ ه کذا وبکذا: خبر دینا۔ بیان کرنا۔
حَادَثه: گفتگو کرنا۔ حادث السیف: تلوار کو جلا دینا اور اسی سے ہے "کَنَصلِ السَّیفِ حُودِثَ بالصِّقَال" مانند تلوار کی پھل کے کہ صیقل کرنے سے جلا دیا گیا ہو۔
اَحدَثه: ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔ اَحدَث الرجلُ: پاخانہ کرنا۔ السیف: تلوار کو جلا دینا۔
تَحَدَّث. بالشیء عن الغیر: گفتگو کرنا۔ خبر دینا۔
تَحَادَثُوا: باہم گفتگو کرنا۔
اِستَحدَثه: پیدا کرنا۔ الخبر: نیا پانا۔ دو جعل (حِدث) لوگ: بادشاہوں کا قصہ گو۔
الحِدث والحِدْث: اچھی گفتگو کرنے والا۔
الحَدَث: نئی چیز۔ خلاف سنت۔ نئی بات۔ دین میں نئی بات۔ پاخانہ۔ ج اَحداث واَحداث الدهر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدَث: جوان۔ ج احداث وحُدثان۔
الحَداثَۃ: مص۔ حداثۃ الامر: آغاز

وابتداء۔
الحُدثی: نئی۔
الحُدُوثة: آغاز وابتداء۔
الحِدثان: آغاز وابتداء۔ حدثانُ الدهر وحدثانه: زمانہ کی سختیاں۔
الأُحْدُوثة: بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج أحادیث.
حُدُوثُ العالَم: فلاسفہ کے نزدیک دنیا کا حادث ہونا۔ اس کے صانع نے اس کو نیا بنایا ہے وہ ازل سے نہیں۔
الحادِث: نو پید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج حوادث. وحادثات. حوادثُ الدهر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدِیث ج حِداث وحُدثاء: نیا۔
الحَدِیث ج أحادیث وحِدثان وحُدثان: خبر۔ کہا جاتا ہے "صاروا أحادیث" یعنی وہ لوگ ختم ہو گئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحدیث: نبی کریم ﷺ کے اقوال، افعال واحوال بتانے والا علم۔
الحِدِّیث: بہت گفتگو کرنے والا۔
الحُدّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔
الحِدِّیثی: خبر حدیث۔
المُحْدَث: مفع کتاب وسنت واجماع کے خلاف نئی بات۔ ج مُحْدَثات: نیا۔
مُتَحدَّث. القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔
حَدَجَ (ض) حَدْجًا. البعیرَ: اُونٹ پر کجاوہ باندھنا..... الاحمالَ: باندھنا..... الابل: داغ لگانا..... ہ: مارنا۔ حَدَجَه بالسهم: تیر اندازی کرنا..... ہ بالذنب: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَدَجَه ببیع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کر دی جس میں گھاٹا ہے۔
حَدَجَ وحَدَّجَ. ببصره: گھورنا۔ تیز دیکھنا۔
أحْدَجَ. البعیرَ: اُونٹ پر بوجھ لادنا۔ اُونٹ پر کجاوہ کسنا۔
الحِدْج: بوجھ۔ ج حُدُج وحُدُوج

وأحْداج. (..... والحِداجة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری۔ ج حَدائج.
الحَدَج: کچا اور سخت اندرائن۔ کچا خربوزہ۔
أبو حُدَیج: لَقْلَق پرندہ کی کنیت۔
المِحْدَج: اُونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار۔
حَدُرَ وحَدَرَ (ن وک) حَدْرًا وحُدُورًا وحَدارة. الرجلُ: مضبوط وموٹا ہونا۔ ..... الجلدُ: سوجنا۔ حَدْرًا وحَدَرًا وحَوْلَهُ وبه: گھیر لینا۔
حَدَرَ (ن وض) حَدْرًا وحُدُورًا: نیچے اُترنا۔ الشیءَ: نیچے اُتارنا..... اللثامَ عن حَنَکه: جھکانا..... العینُ الدمعَ: آنسو بہانا۔ القراءةَ فی القراءة: تیزی سے پڑھنا۔ ..... الدواءُ بطنَه: اسہال لانا۔
تَحَدَّرَ وتَحادَرَ: اُترنا۔ کہا جاتا ہے "رأیتُ الدمعَ یتحادرُ علی لحیته" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔
إنْحَدَرَ: نیچے۔ کہا جاتا ہے "إنحدرتُ من الجبل الی المدینة" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اُترا۔ الجلدُ: سوجنا۔
الحَدَر: ڈھلوان جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ آنکھ کا بھینگا پن۔
الحَدُور والحَدراء والحادُور: وہ جگہ جہاں سے اُترا جائے۔ الحادُور: اسہال لانے والی دوا۔ ج حَوادِیر.
الحَدَرة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ عینٌ حَدْرة: پُر گوشت آنکھ۔
الحُدْرة: اُونٹوں کا ریوڑ۔
الحادِر: فا۔ موٹا خوبصورت۔ جَبَلٌ حادِرٌ: بلند پہاڑ۔ حَبْلٌ حادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ حَیٌّ حادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔ الحادر: شیر۔ کہا جاتا ہے "ناقة حادِرة العینین" پُر گوشت خوبصورت آنکھوں والی اُونٹنی۔
الأحْدَر. من الخیل: پُر گوشت گھوڑا۔ من الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث حَدْراء.

الحَدْفُورة والحُدْفُورة والحادُورة: انسوں کا بہاؤ۔
الحُنْدُر والحُنْدُور والحُنْدُورة والحِنْدارة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَنادِیر کہا جاتا ہے "جَعَلْتُه علی حُنْدُورة عینی وحِنْدِیرة عینی" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الحَیْدَر: شیر۔ پست قد۔
الحَیْدَرة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَماهُ اللّٰه بالحَیْدَرة" اللہ اس کو مصیبت و ہلاکت میں مبتلا کرے۔
حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا. فی الامر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشیءَ برِجْله: روندنا۔ زَنْدًا: پچھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاة: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔ فی الارض: اٹکل سے چلنا۔ فی السیر: تیز چلنا۔ حَدَسَ به الارضَ: پٹک دینا۔
تَحَدَّسَ. الاخبارَ وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الحَدِیس والمَحْدُوس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔
الحَدُوس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔
الحَدْس: مص۔ دانائی۔ زیرکی۔
الحَدْسِیّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الحِداس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ به الحِداسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔
المَحْدِس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بعیدُ المَحْدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔
حَدَقَ (ض) حَدْقًا. القومَ: گھیر لینا۔ حَدَقَه بعینه: کسی کی طرف دیکھنا..... ہ: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المریضُ حُدُوقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔
أحْدَقَ. القومُ به: گھیر لینا۔ أحْدَقَتِ الروضةُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔

حَدَقَ بِہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
حَدَقَ بِہٖ: چاروں طرف سے گھیر لینا۔
تَحَادَقُوْا: ایک دوسرے کو گھیر لینا۔
اِحْدَوْدَقَ۔ القومُ بہٖ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
الحَدَقَۃُ: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَدَق وحَدَقات واَحْدَاق وحِدَاق: کہا جاتا ہے "ھُمْ فِي مِثْلِ حَدَقَةِ البَعِيْرِ" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے۔ "وھم رُمَاۃُ الحَدَقِ" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں۔ وتکلمت علی حَدَقِ القَوْمِ: میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو کی۔
الحَدَق: بیگن۔
الحَدِیْقَۃ: باغ جس کی چار دیواری ہو۔ ج حَدَائِق۔
حَدَلَ (ض) حَدْلاً وحُدُوْلاً۔ عَلَیْہِ: کسی پر ظلم کرنے کے لئے مائل ہونا۔
حَدِلَ (س) حَدَلاً: بہ نسبت دوسرے کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا۔ الرجلُ: کنکھیوں سے دیکھنا۔ صفت اَحْدَل مؤنث حَدْلاء ج حُدْل (شاذ) و(حَبِل) ج حَدَالی۔ حَدِلَ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔
حَادَلَۃ: پھسلانا۔
تَحَادَلَ: کمان پر جھکنا۔
الحِدَل: ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا درد۔
الحَدَل: ہمس۔ کہا جاتا ہے "إنَّهُ لَحَدَلٌ" وہ غیر عادل ہے۔
الحُدَال: چکنا و ہموار۔
مُحَدْلَۃُ الطُّرُقِ: شوارع کو درست کرنے والی گاڑی۔
الحَوْقَلَۃ: چپٹا۔ ٹیلہ۔
حَدَمَہ (ض) حَدْماً: تیز گرم کرنا۔ الدمَ: گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ۔ النَّھَارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الشَّرَابُ: تیزی بڑھ جانا۔ اِحْتَدَمَت القِدْرُ: سخت جوش والی ہونا۔

اِحْتَدَمَ وتَحَدَّمَ۔ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ سخت غضبناک ہونا۔ اِحْتَدَمَ الدَّمُ: گہرا سرخ ہونا۔ عَلَیْہِ غَیْظًا: غصہ سے دانت پیسنا۔
الحَدَمَۃ: آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَام: غصہ۔ غضب۔
حَدَا (ن) حَدْوًا وحِدَاءً وحُدَاءً: حدی پڑھنے میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْلَحَ حُدَاءَہٗ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے۔ الاِبلَ وبالاِبل: گا کر ہانکنا۔ صفت (حَادٍ) ج حُدَاۃ ...... الریحُ السحابَ: ہانکنا۔ چلانا۔ حَدَاہ علی کذا: برانگیختہ کرنا (واحتدی) اللیلُ النھارَ: پیچھے آنا۔
الحَادِی وحَادِی النَّجْم: دو ستاروں کے نام اور حادی عشر میں حادی واحد کا مقلوب ہے۔
الحَدَّاء: حادی کا مبالغہ اور حادی اس کو کہتے ہیں جو اونٹوں کو گا کر ہانکے۔
الحَدْوَاء: شمالی ہوا۔
الحَوَادِی: ہر چیز کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الاُحْدُوَّۃ والاُحْدِیَّۃ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔
حَدِیَ (س) حَدًی۔ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا۔
تَحَدَّی۔ الرجلَ: مقابلہ کرنا۔
(...... وَحَدَّیٰ) الشیءَ: کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیَّا: جھگڑا۔ مقابلہ۔ کہا جاتا ہے "ھو حُدَیَّا النَّاسِ" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے "وانا حُدَیَّاک فی ھذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں۔
حَذَّہٗ (ن) حَذًّا: جلدی سے کاٹنا۔
الحَذَذ: ہاتھ یا دم کا ہلکا پن۔ وحَذَذُ القلبِ: تیزی خاطر۔ تیز فہمی۔
الاَحَذّ: ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ دبلا۔ امر اَحَذّ: امر منکر۔ سخت امر۔ بے مثل۔ القلبُ اَحَذّ: ذکی۔ مؤنث حَذَّاء کہا جاتا ہے "ناقۃ حَذَّاء" تیز رفتار "وقصیدۃ حذاء" مشہور قصیدہ۔ "وحاجۃ حذاء" جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت۔ "وعزیمۃ حذاء" پختہ ارادہ۔ ج حُذّ۔
الحُذَّۃ: گوشت کا ٹکڑا۔
حَذِرَ (س) حَذَرًا وحِذْرًا ومَحْذُرَۃ الرجلَ ومن الرجل: بچنا۔ پرہیز کرنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت (حَذِرٌ وحَذُرٌ) ج حَذِرُوْنَ وحَذَارَی۔
حَذَّرَہٗ: خوف دلانا۔ متنبہ کرنا۔ چوکنا کرنا۔
حَاذَرَہٗ: ایک دوسرے سے پرہیز کرنا۔ ڈرتے رہنا۔ (...... وتَحَذَّرَ منہ (احتذرہ) پرہیز کرنا۔ بچتے رہنا۔
اِحْذَأَرَّ: غضبناک و منقبض ہونا۔
الحَاذِر: کام۔ مستعد و تیار۔
الحَاذُوْرَۃ: بہت چوکنا۔
حَذَارِ: اسم فعل بمعنی بچو۔ کہا جاتا ہے "حَذَارِ زَیْدًا" یعنی زید سے بار بار بچو۔
الحُذُرِیَّات: ڈرانے والے۔
الحِذْرِیَان: چوکنا رہنے والا۔
الحِذْرِی: باطل۔
الحِذِّیْر: ڈرانے والا۔ کہا جاتا ہے "انا حَذِیْرُکَ منہ" میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں۔
المَحْذُوْر: وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُوْرَۃ: گھبراہٹ۔ بلا و مصیبت کہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ جنگ۔
حَذَفَہٗ (ض) حَذْفًا: گرانا۔ کاٹنا۔ بالعصاء اور الحجر: لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔ حذف فی مشیہ: قریب قریب قدم رکھنا۔
حَذَّفَ۔ الشیءَ: اچھی طرح سے کرنا۔ (گویا کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے ان کو علیحدہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے سارے عیوب سے پاک صاف ہو گیا)۔ ...... شَعْرَہٗ: زلف نکالنا۔ ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَہٗ۔ بالعصاء: مارنا یا پھینک کر مارنا۔

الحذف : مص۔ چھوٹی بھیڑیں۔ حذف الزرع: کھیتی کے پتے۔
الحذف: ایک قسم کی بط۔ واحد حذفة.
الحذفة: پست قد عورت۔
الحذافة من الشیٔ: تھوڑا۔ تراشہ۔
الحذفار والحذفور۔ ج حذافیر: جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادہ جنگ لوگ۔ کہا جاتا ہے "اشدد حذافیرک" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و "اخذه او تناوله بحذفاره و بحذفوره و بحذافیره" اس نے اس کو تمام لے لیا۔
حذق (ض) حذق (س) حذقا و حذاقا و حذاقة و حذاقة: ماہر ہونا۔ صفت (حاذق) ج حذاق و حذاق. الکتاب: پوری پڑھ لینا۔ العمل: ماہر ہونا۔
حذق (ض) حذوقا. الخل: بہت کھٹا ہونا۔
حذق (ض) حذقا. الشیٔ: کاٹنا..... الخل فاه: منہ پر اہٹ لگنا۔
حذقه: ماہر بنانا۔
تحذق: ماہر ہونا۔ وتحذق علیه: مہارت ظاہر کرنا۔
انحذق: کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حذقت الحبل فانحذق" میں نے رسّی کو کاٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحذقة: ٹکڑا۔ ج حذق و حذاق: (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحاذق: ق۔ ج حذاق و حذاق ..... من الخل: بہت تیز سرکہ۔
الحذیق: کٹا ہوا۔
الاحذاق: ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "حبل احذاق" کٹی ہوئی رسّی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوب اخلاق میں)
الحذاق: بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحذاقة: تھوڑا کھانا۔
الحذاقی: فصیح زبان والا۔ تیز چھری۔ گدھے کا بچہ۔

حذلت (س) حذلا. العین: گری ہوئی پلکوں والا ہونا۔ صفت (حذلاء)
احذل العین: پلک گرا دینا۔
تحذل علیه: مہربان ہونا۔
الحذل: میلان (..... والحذل والحذل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحذالة: ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔
حذلق وتحذلق: حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "انه یتحذلق فی کلامه" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔
حذلق الشیٔ: تیز کیا جانا۔
رجل (حذلق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا شیخی۔
حذلم: جلدی کرنا۔ العود: چھیل کر تیز کرنا ..... السقاء: بھرنا۔
تحذلم: جلدی کرنا، با ادب ہونا۔
الحذلوم: ہلکا پھلکا، جلد باز۔
حذمه (ض) حذما: کاٹنا..... (حذمحذما) فی مشیه: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحذم والحذیم والمحذم من السیوف: شمشیر براں۔
الحذم: باز و کٹے ہوئے پرندہ کی اڑان۔
حذام: ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔
الحذام: سست و کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عبدا حذام المشی" اس نے سست رفتار غلام خریدا۔
حذا (ن) حذوا و حذاوة النعل: جوتے پر کاٹنا۔ حذا النعل بالنعل: ایک برابر قطع کرنا۔ حذاه و حذا حذوه: پیروی کرنا۔ نقل کرنا (حذاه و حذاله و احذاه) نعلا: جوتا پہنانا۔ جوتا دینا۔ جوتا بنانا۔ حذا الشراب لسانه: زبان کو چھیل دینا..... الشراب فی وجوههم: خاک ڈالنا۔ زیدا شیئا: کسی کو کچھ دینا۔

حذاه و حاذاه محاذاة و حذاءه: مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تحاذیا: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان یتحاذون الماء" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
احتذی: جوتا پہننا..... مثال فلان وعلی مثاله: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
استحذاه: جوتا طلب کرنا۔
الحذاء والحذة والحذو والحذوة والحذوة: مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری حذاء داره" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجلس حذاءه و بحذائه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔
الحذوة والحذوة: عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الحذاوة: بیٹ۔
الحذاء: جوتا۔ اونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج احذیة.
الحذاء: جوتا بنانے والا۔ ج حذاءون کہا جاتا ہے۔ هو (محاذاک) وہ تمہارے مقابل ہے۔
حذی (ض) حذیا. الخل لسانه: زبان کو چھیل دینا..... یده: کاٹنا..... ه بلسانه: گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
احذاه احذاء: مال غنیمت کا حصہ دینا۔ حذاه طعنة: نیزہ مارنا۔
الحذیا والحذیا والحذایة والحذیة: مال غنیمت کا حصہ۔ والحذیا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحذیة: بیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المحذاء: لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حر (س) حرارا. العبد: آزاد ہونا (حریة) شریف الاصل ہونا۔ (..... حرة) پیاسا ہونا۔
حر (س ن ض) حرا و حرة و حرورا و حرارة: گرم ہونا۔
حر (ن ض) حر الماء: گرم کرنا۔

الارض: ہموار کرنا۔
حَرَّرَ. العبدَ: آزاد کرنا۔ الولدَ والشَّیْءَ: اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے وقف کرنا۔
الکتابَ: خوبصورت و درست لکھنا۔
الوزنَ: غور کر کے منضبط کرنا۔ المعنی: حشو و زوائد سے پاک کرنا۔
اَحَرَّ. النھارُ: گرم ہونا...... اَحَرَّ صدرَہ: پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ. العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ. القتالُ: سخت جنگ ہونا۔
الحَرُّ: گرمی۔ ج حُرُوْر و اَحَارِر: (خلاف قیاس) الحَرُوْرُ: گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارۃ: گرمی۔
الحُرِّیَّۃ والحَرُوْرَۃ والحَرُوْرِیَّۃ. ونعلم العلم فیھما: آزادی۔
الحُرِّیَّۃ: خالص ہونا۔ حُرِّیَّۃ القوم: قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "ھو مِنْ حُرِّیَّۃ قومہٖ" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِیْر: ریشم۔ ریشم کا بُنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا (...... والمَحْرُوْر: غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِیْرَۃ: ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا دودھ اور روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرُّ: آزاد و شریف ...... مِن کُلِّ شَیْءٍ: عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فرس حُرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "وطینٌ حُرٌّ" بغیر ریت کے خالص مٹی۔ حُرُّ الدار: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارض: زمین کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوَجْہِ: رخسار کہا جاتا ہے "لَطَمَہٗ علی حُرِّ وَجْہِہٖ" اس نے اس کے رخسار پر طمانچہ مارا۔ ج اَحْرَار و حِرَار۔
اَحْرَارُ البُقُول: وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ: کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔
سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ عُشُّ حُرٍّ: ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّۃ. حُرٌّ: کا مؤنث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرَائِر و حُرَّات۔

اَرْضٌ حَرَّۃٌ: بغیر ریت والی زمین۔ رَمْلَۃٌ حُرَّۃٌ: ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَیْلَۃٌ حُرَّۃٌ اَوْ لَیْلَۃُ حُرَّۃٍ: ہر مہینے کی پہلی رات۔
الحَرَّۃ: سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات و حِرَار و اَحَرُّوْن و حَرُّوْن۔
الحِرَّۃ: پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاہُ اللّٰہُ بالحِرَّۃِ تحت القِرَّۃِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کر دے۔
الحَارُّ: گرم ...... مِنَ الاعمال: دشوار کام۔
الحَرَّان: بہت پیاسا۔ مؤنث حَرَّی۔ ج حِرَار و حَرَارَی۔
الحَرِیْرِی: ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا۔
المَحْرُوْر: وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی ہو۔
حَرَبَ (ن) حَرْبًا. الرجلَ: سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعول (حَرِیْب) ج حَرْبٰی و حُرَبَاء و (محروب)
حُرِبَ. الرجل مالَہٗ: چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا: کتے کے کاٹنے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضب ناک ہونا۔ صفت (حَرِب) یعنی سخت غضب ناک۔ ج حَرْبٰی و حَرِبَ الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور واحَرَبَاہُ: کہنا۔
حَرَّبَہٗ: غضب ناک بنانا۔ حَرَّبَ السنانَ: تیز کرنا۔
حَارَبَہٗ حِرَابًا و مُحَارَبَۃً: لڑائی کرنا۔
اَحْرَبَ. الحَرْبَ: جنگ بھڑکانا۔ فلانًا: دشمن کے مال کے لوٹنے کے لئے رہنمائی کرنا۔
النحلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ و اِحْتَرَبَ. القومُ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبٰی اِحْرِنْبَاءً: آمادہ غضب ہونا۔ آمادہ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں اٹھانا۔ المکانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْب: لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعتْ بینھم حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی گو مؤنث ہے مگر کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں اس کی تصغیر حُرَیْب: ج حُرُوْب. رجل حَرْبٌ: بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لِمَنْ یُحَارِبُنِی" میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔ دَارُ الحَرْب: مشرکین کا ملک اور وہاں کے رہنے والوں کو "الحربیون" کہتے ہیں۔
الحَرْبَۃ: چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب. الحَرْبَۃ: نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔ ج حَرْبَات و حَرَبَات۔
الحَرَّاب: چھوٹے نیزے کو اٹھانے والا، چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَۃ: ہیئت جنگ۔
المِحْرَبَۃ: گون یا بورے کی مانند ایک برتن نما ہوا ہے کا تھیلا۔
الحِرْبَاء والحِرْبَاءَۃ: گرگٹ۔ اس کو گون مزاج کے لئے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج حَرَابِیّ۔
الحِرْبَاء: زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت۔
الحَرَب: مص۔ ہلاکت و ویل۔
وَاحَرَبَا: میت پر افسوس اور نوحہ کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔
المِحْرَب والمِحْرَاب: جنگجو۔ بہادر۔
المِحْرَاب: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اونچی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کچہار۔ و مِحْرَابُ المَسْجِد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحَارِیْب: کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یکرہ المَحَارِیْب" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
الحِرْبِش والحِرْبِیْش: بڑا سانپ اژدہا۔
حَرَتَ (ن) حَرْتًا. الشَّیْءَ: سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا. الرجلُ: بد خلق ہونا۔
الحَرِیْت: مص۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔
الحَرِیْت: ایک قسم کی مچھلی۔

حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا. الارضَ: ہل چلانا' کھیتی کرنا۔ صفت (حَـارِث) ج حُـرَّاث. حَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا...... النارَ: کریدنا۔ الشـــیئَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الامـرَ: یاد کر کے بھڑک اُٹھنا...... الـخُبْـزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (وأحـرَثَ واحتـرَثَ) الـــدَّابَةَ: تھکانا۔ دبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حَرِيثَة) ج حَرَائِث.

اِحتَرَثَ. الارضَ: کھیتی کرنا۔ المالَ: کمائی کرنا۔

الحَرْث: مص۔ کھیتی۔

الحَارِث: کا۔ ج حُـرَّاث. الحَارِث.

وابوالحَارِث: شیر کی کنیت۔

الحَرِيثَة: کمائی۔ ج حَرَائِث.

الحِرَاثَة: کھیتی۔ کاشتکاری۔

المِحْرَث. ج مَحَارِث و (المِحْرَاث) ج مَحَارِيث: ہل۔ کریلنی۔

حَرِجَ (س) حَرَجًا. الشیئُ: تنگ ہونا...... الـرجلُ: گنہگار ہونا...... العیـنُ: اندر دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔ عَـلَیـه الشَّیئُ: حرام ہونا۔ الیه: پناہ لینا...... الغبارُ: تنگ جگہ میں گھسنا۔

حَرَجَ (ن) حَرْجًا. انیابه: غصہ سے دانت پیسنا۔

حَرَّجَه: تنگ کرنا۔ حـرَّجَ علَیْه: کسی سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔

أحـرَجَه: گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا۔ تنگ جگہ کے لئے مجبور کرنا۔ فلانًا الیه: مضطر کرنا۔ احَرَجَ علَیْه الامرَ: حرام کرنا۔

تَحَرَّجَ: گناہ سے بچنا۔

الحَرَج: گناہ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ مردہ لے جانے کا تختہ۔ حرمت۔ کہا جاتا ہے "لاحَـرَجَ عَلَیْک" تمہارا کوئی قصور نہیں یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں۔ وَحَـدِّث عَـن البَحرِ ولاحَرَجَ: سمندر کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔

الحَرِج: گناہ۔ کوڑی۔ شکار میں سے کتے کا حصہ۔ درندوں کے شکار کے لئے پھندا۔ بکریوں کا ریوڑ۔ ج أحْرَاج وحِرَاج.

الـحَـرِج: تنگ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ پھیرے۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف کھائے۔

الـحَـرَجَـة: درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں کا' اونٹوں کا گلہ۔ ج حَرَج وحَرَجَات.

الحُرْجَة: ڈولچی۔

الحَرِيج: تنگ۔

الحِرَاج. مِنَ اللیالی: بہت سرد راتیں۔

الـمُـحَـرِّج: تنگ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "حَلَفَ بالمحَرِّجَات" اس نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔

حَـرْجَـلَ حَرْجَلَة: لمبا ہونا۔ دائیں یا بائیں دوڑنا۔

الـحَـرْجَلَة: مص۔ لنگڑا پن۔ (...... والـحَرْجَل) گھوڑوں کا گلہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا احرَاجلَةً" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔

الحُرْجُل والحُرَاجِل: لمبا۔

حَـرْجَمَ. الابلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے پر کرتے ہوئے واپس کرنا۔

اِحْـرَنْجَمَ. القومُ او الابلُ: اکٹھا ہونا۔ عن الامرِ: ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔

حَرِدَ (س) حَـرَدًا وحَرْدًا. عَلَیْه: غضب ناک ہونا۔ صفت (حَارِد وحَرِد وحَرْدَان) ...... الوتـرُ: کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرِد)

حَـرَدَه (ض) حَـرْدًا: منع کرنا۔ ارادہ کرنا ...... الخشبَ: سوراخ کرنا۔ (حُرُودًا) قوم سے علیحدہ اکیلا ہونا۔ صفت (حَرْدُ وحَرِدٌ) ج حِراد و (حَرِيد) ج حَرْدَاء.

حَرَّدَ: جھونپڑی میں پناہ لینا۔ الشَعْرُ: ایک بال کا تنہا اُگنا...... ٥: روکنا۔ حَـرَّدَ الحَبلَ: بٹنے سے گول ہوجانا۔ الشیءَ: ٹیڑھا کر دینا۔

أحْرَدَهُ: الگ کر دینا۔ اکیلا کر دینا۔ أحْرَدَ فی المشیِ: تیز چلنا۔

تَـحَـرَّدَ. الادیمُ: بالوں سے پاک صاف ہونا۔

حَـارَدَتِ. النَاقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (حَـرُود مُحَارِد) ...... السنةُ: کم بارش والا ہونا۔ حَـارَدَ الـرجلُ: دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا۔

الحَرَد: اکیلا ہونا...... النجمُ: ٹوٹنا۔

الـحَرَد: مص۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔

الحَرُود: کم دودھ والی اونٹنی۔

الـحَـرِيـد: دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں سے تھوڑی چیز۔

الأحْـرَد: اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد.

المِحْرَاد: بے بارش کا سال۔ ج مَحَارِد.

الحَرْدَبَة: بے عقلی۔

الحِرْذَوْن: گرگٹ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔

حَرَزَ (ن) حَـرْزًا. المالَ: حفاظت کرنا' اکٹھا کرنا۔

حَرِزَ (س) حَرَزًا: پرہیزگار ہونا۔

حَرُزَ (ک) حَـرَازَةً وحَرَازًا. المکانُ: مضبوط ہونا۔

حَـرَّزَ. الشَّـیئَ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔ (...... وأحْرَزَ) المکانُ الرجلَ: جائے پناہ ہونا۔ أحْـرَزَ الشَّیئَ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ. منه: بچنا۔

اِسْتَحْرَزَ: محفوظ جگہ میں آجانا۔

الـحِـرْز: مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِـرْزٌ حَرِيزٌ وحَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "أخَذَ حِرْزَهُ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع

اور تلف ہونے سے بچائے۔طبی اصطلاح

المعوذین: تعویذ۔ ج أخراز.

الخرز: مص۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ ج أخراز.

الخريز: جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لاخريز من بيع" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دے دی تو میں بیچ دوں گا۔

الخريزة. من الابل: اونٹ جس کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج خرائز.

خرسه (ن ض) خرسا: حفاظت کرنا۔ صفت (خارس) ج خُرّاس وخرسة وخرس وأخراس. خارس السماء وخارس السماك: دو ستاروں کے نام۔

خرس (ض) خرسا واخترس. الشئ: رات میں چوری کرنا۔

خرس (س) خرسا: زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔

أخرس. بالمكان: حفاظت کے لئے قیام کرنا۔

تخرس واخترس. منه: محفوظ رہنا' بچ کر رہنا۔

الخرس: مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مضى عليه خرس" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ ج أخراس.

الخرس: حفاظت کرنے والے۔ وخرس السلطان: شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (خرسی)

الخرسان: رات دن۔

الخراسة: حفاظت۔

الخريسة: بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج خرائس.

الأخرس: پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔

الخرسان: ٹڈی کی ایک قسم۔

الخرشم: گوشہ۔

الخرشوم: زہر۔ موت۔

الخرشفين: ایک قسم کی مچھلی۔

الخراشين: دو سالہ اونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔

خرش (ض) خرشا وتخراشا. الحطب: شکار کرنا...... البعير: تیز چلنے کے لئے رسی سے پیٹھ کو رگڑنا...... الوجل: خراش لگانا۔

خرش (س) خرشا: سخت ہونا۔ صفت (أخرش)...... الرجل: دھکا دینا۔

خارش. بين القوم وبين الكلاب والسباع: ایک کو دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔

تخرش. به: درپے ہونا۔ تخرش الضب وبالضب: شکار کرنا۔

اخترش. الشئ: جمع کرنا...... القوم: اکٹھا ہونا...... الرجل: دھکا دینا...... اعياله: کمائی کرنا...... الضب: شکار کرنا۔

الخرش: مص۔ اثر۔ دھوکا' فریب۔ جماعت۔ ج خراش.

الخرش: کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔

الخرشة والخرش: کھردراپن۔

الخريش: کنسلائی۔ ج خروش: کن کھجورا۔

الخريش: ایک دریائی جانور۔ کیکڑا' ایک قسم کا پچی دار سانپ۔

الخريشة: ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "أخرجت له خريشتي" میں نے اس کے لئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضے میں تھا نکال دیا۔

الخراش. من الحيات: بڑا سیاہ سانپ۔

الأخرش: کھردری کوہ۔ دينار أخرش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار ج حرش.

الخرشف: مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پرندے۔ ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "ليس ثمه غير خرشف رجال" وہاں پر سوائے کمزور بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج خراشف.

الخرشف: سخت زمین۔

خرص (ن) خرصا. الجلد: چھیلنا۔ القصار الثوب: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا۔

خرص (ض) وخرص (س) حرصا واخترص. على الشئ: لالچ کرنا صفت (حريص) ج حرصاء وحراص وحراص: مؤنث حريصة ج حرائص وحرائص.

خرص. المرعى: چرے کے بالکل صاف کیا جانا۔ حرّصه. على الشئ: لالچ دلانا۔

تحرص: بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو يتحرص غداءهم وعشاءهم: وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔

الحرص: مص۔ لالچ۔

الحرصة والحارصة والحريصة: زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحارصة والحريصة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔

خرض (ن ض) حروضا وحرض (س) حرضا وحرض (ک) حراضة: مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت (حرض وحرض وحارض وحارضة) کہا جاتا ہے "ناقة حرض" دبلی اونٹنی۔

حرض (ض) حرضا. نفسه: خراب کرنا' بگاڑنا۔

حرّضه. على الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا۔ الشئ: خراب کرنا' بگاڑنا۔

أحرضه: گرانا...... الحزن او المرض: بدن کو گھلا دینا...... على الشئ: برانگیختہ کرنا...... الرجل: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔

حارض. على العمل: مداومت کرنا۔ فلانا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔

تحارضوا. على العمل: ایک دوسرے کو

برا بھیختہ کرنا۔
الحَرَض: مص۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی ...... حَرَضُ الثوب: کپڑے کا کنارہ۔
الحَرَض: قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ بُری گفتگو۔ ج اَحْرَاض و حُرْضَان و حِرَضَة.
الحُرُض والحُرْض: اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔
الحِرْضَة: گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے۔ ج حِرَض.
حَرَفَ (ض) حَرْفًا. الشیئ عن وجه: پھیرنا، جھکانا ...... عن الشیئ: مائل ہونا۔ لعياله: اِدھر اُدھر سے کمائی کرنا۔
حَرِفَ. فی ماله حَرْفَةً: کچھ ضائع ہو جانا۔
حَرَّفَ. القولَ: قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا ...... القلمَ: ترچھا قط لگانا۔ ...... الشیئَ: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔
حَارَفَهُ: معاملہ کرنا اور اسی سے ہے "فَقَدْ عَلِمُوْا فِی الغَزْوِ كَيْفَ نُحَارِفُ" انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں ...... الرجلَ: شر یا خیر کا بدلہ دینا ...... الجرحَ: سلائی سے اندازہ کرنا۔
أَحْرَفَ: فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا۔ الناقة: لاغر کرنا ...... الرجل: خیر و شر کا بدلہ دینا۔
تَحَرَّفَ عنه وانْحَرَفَ واحْرَوْرَفَ: ایک جانب کو جھکنا۔ تَحَرَّفَ لعياله: ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔
اِحْتَرَفَ: پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ کرنا ...... لاهله: کمائی کرنا۔
الحَرْف ج حِرَف: کنارہ دھار۔ جانب "حَرْفُ الجَبَل" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان علی حَرْفٍ مِنْ أَمْرِهِ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔
الحَرْف: پانی بہنے کی جگہ۔ حرفُ السَّفِينَةِ او النهر: کشتی یا دریا کا کنارہ۔ الحَرْف: ج حُرُوف و أَحْرُف: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے ...... فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حروف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔
الحُرُف: رائی۔ واحد (حُرْفَه)
الحُرْف: محرومی۔ بدبختی۔
الحِرْفَة: پیشہ۔
حَرِيْف. الرّجل: ہم پیشہ۔ ج حُرَفَاء.
الحُرْفَة: محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔
الحَرَافَة: چرپراہٹ۔
الحِرِّيْف: چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا البَصَل حِرِّيْف" یہ تیز پیاز ہے۔
المُحْتَرِف: پیشہ ور۔
المِحْرَف والمِحْرَاف: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔
المُحَارَف: وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو۔
المُحَارَف: محروم۔ کم نصیب۔
حَرَقَهُ (ن) حَرْقًا. بالنار: جلانا۔ بالمبرد: ریتی سے رگڑنا ...... الشیئ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔
حَرَقَ (ن ض) حَرْقًا وحَرِيْقًا وحُرُوقًا. نابهُ عليه: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان يَحْرُقُ ويَحْرِقُ عَلَیَّ الأُرَّمَ" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدت غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔
حَرِقَ (س) حَرَقًا. شعرهُ: کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِقٌ) الشعر.
حَرِقَ وحُرِقَ: تیز کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔
حَرَّقَهُ وأَحْرَقَهُ. بالنار: جلانا۔
حَرَّقَ المرعی الابلَ: پیاس لگانا۔
تَحَرَّقَ واحْتَرَقَ: جلنا۔
حَارَقَ مُحَارَقَةً. المرأة: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔
الحَرْق والحَرَق: مص۔ جلن۔ الحَرَق: دھوبی کے ٹھکنے سے کپڑے کی پھٹن۔
الحَرُوق: کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔
الحَرِق: سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔
الحُرْقَة والحَرْقَة: گرمی۔ کہا جاتا ہے "فی جَوْفِهِ حُرْقَةٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔
الحَرَقَة والحَارُوْقَة والحُرُّقَّة: شمشیر بُراں۔
الحُرَاق والحِرَاق: ہر چیز کو بگاڑنے والا۔
الحُرَاق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الحَرِيْق: آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقَى.
الحَرِيْقَة: علامة الناس کے نزدیک۔ کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا، حرارت۔
الحُرَّاق: بہت کھاری پانی۔
حَرَّاق: عوام کے نزدیک لقمہ طعام۔
الحَرَّاقَة: کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حَرَّاقَات: عوام کے نزدیک حُرَّاقَة: اس کو کہتے ہیں جو کھانے پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اٹھ آئے۔
الحَرُوْق والحُرُوْق: چقماق کا سوختہ۔
الحَرِيْقَة: گرمی (...... والحَرُوْقَة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔
المِحْرَق: ریتی۔
المُحْرَقَة: ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کے لئے جلا دیا کرتے تھے۔ ج مُحْرَقَات.
الحَارِق: ران کی رگ یا پٹھا۔

عمامة (حُرْقَانِيَّة) خاکستری رنگ کا عمامہ۔
الحَرْقَد: زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِد.
الحَرْقَدَة: نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَصَ. في المشي: قریب قریب قدم رکھنا۔ الكلام: جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص: پسو کی مانند ایک کیڑا۔
الجَرْقُوصُ: بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔
الحَرْقَفَة: سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَرَاقِف وحَرَاقِيف.
الحُرْقُوف: دبلا جانور۔
حَرَكَ (ن) حَرْكًا: حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حَرَكَ حَارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ... بالسيف: تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ (س) حَرَكًا: کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيك) مؤنث حَرِيكَة.
حَرُكَ (ک) حَرْكًا وحَرَكَةً: ہلنا۔
حَرَّكَهُ: ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ مِنِّي الأَمْرُ" مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِك: فا۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔
الحَرَكَةُ اليَوْمِيَّة: (فلکیات) آسمانی گیند کی گردش کا تصور جہان کے محور کے اردگرد جس کا سبب زمین کی گردش اپنے محور کے گرد۔
الحَرَاك: حرکت۔
الحَرِك: سبک وتیز خاطر رفتار۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ حَرِكٌ" سبک وتیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك: حرکت دینے والا آلہ۔ کرلچی۔
المُحَرِّك ج مُحَرِّكَات: مختلف جہازوں، گاڑیوں کے انجن۔
المُحَرَّك: گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرَّكَتْ حَرْكَهُ. الريحُ الأشجارَ: ہلانا۔

الحُرْكُلَة: سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاكِك وحَرَاكِيك.
الحُرْكُوك: کندھوں کے درمیان کا حصہ۔
حَرْكَلَ. الصائد: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَرْكَلَة: ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَهُ (ض) وحَرِمَهُ (س) حِرْمًا وحَرِيمًا وحِرْمَانًا وحِرْمًا وحِرْمَةً وحَرِيمَةً الشيءَ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرِمَ (س) حُرْمًا وحُرَامًا وحَرُمَ (ک) حُرْمًا وحُرُمًا وحُرْمَةً وحُرُمَةً وحَرَامًا. عليه الأمرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا. في القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ. الشيءَ: حرام کرنا۔ حَرَّمَ الصلوة: نماز کا تحریمہ باندھنا (..... وأَحْرَمَ) ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَمَه واحرمه في القمار: غالب ہونا۔ وأَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔
أَحْرَمَ الشيءَ: حرام کرنا۔ أحرم عن الشيء: رکنا، باز رہنا۔
تَحَرَّمَ. منه بِحُرْمَةٍ: کسی کے ذمہ میں آ کر محفوظ ہونا۔ تَحَرَّمَ به: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّمْتُ بِطَعَامِكَ ومَجَالِسِكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے، اٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لئے جائز تھا وہ ممنوع ہو گئی۔
اِحْتَرَمَهُ: ڈرنا۔ حرمت وعزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشيءَ: محروم ہونا۔ "لاتحترم فتحرم" میں دونوں معنی جمع ہو گئے ہیں۔ یعنی ڈر دوست ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ. الشيءَ: حرام سمجھنا۔
الحِرْم: مص۔ حرام ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم: احرام کا زمانہ۔
الحُرْم: معنی۔ حج کا احرام۔

الحَرَم: مص۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس ج أَحْرَام. الحَرَم الأقصى: بیت المقدس۔
الحَرَمَان: مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمَان: محرومی۔
الحُرْمَة والحُرُمَة الحُرَمَة: ذمہ، ہیبت، ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی بے وقری حرام ہو۔ حُرْمَةُ الرجل: بیوی۔ ج حُرَم وحُرَمَات وحُرُمَات.
الحُرْمَة: حفاظت۔
الحَرِيم: مص۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِيم الرجل: جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم وأَحْرِمَة وأَحَارِيم.
الحُرُم: ایک شخص کی بیویاں۔ الأشهر الحُرُم اربعة: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم ورجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل وقتال حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيمَة: مص۔ ہر مرغوب چیز جو فوت ہو جائے۔
الحَرَام: مص۔ ضد حلال۔ ج حُرُم کہا جاتا ہے "حرامُ اللهِ لا افعل هذا" قسم کے لئے جیسے "يمينُ اللهِ لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حرامٌ وقومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد، احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔
الشهرُ الحَرَام: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ مکرمہ۔ المسجدُ الحَرَام: مسجد کعبہ۔
الحَرَامِي: حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّم: قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المُحَرَّم: جس کے لئے ذمہ ہو۔ جلد مُحَرَّم: بے

کمائی ہوئی کھال۔ مَنُوط مُحرّم: کوزا جو زم نہ کیا گیا ہو۔ اَعْرابِی مُحْرَم: اُجڈ دیہاتی۔

المُحْرَم: حرام۔ ج مَحارِم۔ مَخارِم اللیل: رات کے خطرات۔

المُحْرِم: احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انہ لمُحْرِم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔

المَحْرُوم: خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کرسکتا ہو۔

المَحْرَمة والمَحْرُمَة: ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحارِم۔

حَرْمَدَ۔ فی الامر: اصرار کرنا۔

الحِرْمِد والحِرْمَد: رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔

حَرْمَزَ: لعنت کرنا۔

الحَرْمَل: کالا دانہ۔

حَرَنَ وحَرُنَ (ن وک) حُرُونًا وحِرَانًا وحِرَانًا۔ البَغْلُ: اڑ جانا۔ صفت مذکر و مؤنث (حَرُون) ج حُرُن۔ وحَرَنَ فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُنَ (ک) حَرُونة بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا...... العسلُ فی الخلیة: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکالنے میں دشواری ہونا۔ وحَرَنَ القطن: دھنا۔

المِحْرَن: دھننے کی کمان۔

الحَرا: گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نزلتُ بحَرَاهُ" میں اس کے صحن میں اترا۔ آواز۔ گرہ۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْراء۔

الحَرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا ان یکون ذاک"۔

الحَراوَة: رائی وغیرہ کی تیزی۔

الحَرْوَة: گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔

حَرَی (ض) حَرْیًا۔ الشیءُ: گھٹنا۔ کم ہونا۔

اَحْرَی۔ الشیءَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔

تَحَرَّی: قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولی کو طلب کرنا..... الامرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا..... بالمکان: ٹھہرنا۔

المَحْرَی والمَحْرَاة: لائق سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ھذا الامر محریٰ او محراة لذلک او بذالک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔

الحَرِی ج حَرِیون واَحْرِیاء: مؤنث حَرِیَّة: ج حَرِیات وحرایا (الحَرِی) ج اَحْرَاء (الحَرَی) لائق سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہُ لحَرِیٌّ او حَرٍ او حَرًی بکذا باَنْ یَفْعَلَ کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ (اخیر کلمہ کے تثنیہ و جمع نہیں آتے)

الحَارِیَة: بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہوگیا ہو۔

اَحْرِ بِہ: فعل تعجب ہے بمعنی کس قدر لائق۔ اس کی ترکیب احر فعل امر بمعنی تعجب اس کے آخر میں ی حرف علت گرا دیا گیا ہے۔ بہ: با حرف زائد ہے اور ہا حالت رفع میں فاعل احر کا۔

الاَحْرَی: زیادہ لائق زیادہ مناسب زیادہ بہتر۔

رِجالُ المَحْرَی: پولیس کی تفتیشی پارٹی جو کہ جرائم اور مجرمین کے متعلق تفتیش کرتے ہیں۔

حَزَّهُ (ن) حَزًّا واحْتَزَّهُ: کاٹنا۔ حَزَّ العودَ: شگاف ڈالنا۔

تَحَزَّزَ: شگاف پڑنا۔

حَزَّ واَحَزَّ۔ علی کرم فلان: بڑھ جانا۔

حَزَّزَ۔ اَسنانَہ: کناروں کو تیز کرنا۔

حازَّهُ مُحازَّةً وحِزازًا: پوری کوشش کرنا۔ اچھی طرح سے تلاش و جستجو کرنا۔

الحَزُّ: موسم۔ وقت۔ سخت گفتگو والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حَزَّة)

الحَزَّة: دردِ دل۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْ حَزَّةَ اَتَیْتُکَ لقَضَیْتُ حاجتک" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت۔

الحَزَاز والحَزَازَة: سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کے لئے قوباء ہے۔

الحَزازَة: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد۔ گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حَزازات۔

الحَزّاز والحُزّاز: ہر وہ چیز جو دل یا پیٹ میں باعث تکلیف ہو۔

حَوازُّ القلب: دل کو الم پہنچانے والے امور۔ واحد (حازَّة)

الحَزِیز: سخت عمل کرنے والا ج حُزُز وحُزّان وحِزّان واَحِزّة۔

الحَزازُ: بھوسا جو کہ کنگھی کے بعد گرتا ہے۔ ایک بیماری کا نام۔

الحَزازِی: سخت عمل کرنے والا۔ تیز کاٹنے والا۔

الحَزاز: سفید یا سبز پودا جو کہ پتھروں یا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔

المَحَزُّ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قطع فاصاب المَحَزّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔

المِحَزّ: کاٹنے کا آلہ۔ ج محازّ: سخت گفتگو والا۔

الحَزَز: تختی۔

الحَزِّة: تیغہ۔

الحَزّات: سرخ یا زرد پھول کا نام۔

حَزَأَ (ف) حَزْأً۔ الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا...... السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا...... المراة: جماع کرنا۔

اِحْزَوْزَأ۔ الطائر: پروں کو سمیٹ کر اڑنا دل سے علیحدہ ہونا...... الابلُ: اکٹھا ہونا۔

حَزَبَہ (ن) حَزْبًا۔ الوبیلُ الغمُّ: پہنچنا لاحق ہونا سخت ہونا۔ حَزْبُ القرآن: ایک حصہ مقرر کرکے پڑھنا۔

حَزَّبَ۔ القومَ: پارٹی پارٹی کرکے جمع کرنا۔

حَازَبَه: کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔مدد کرنا۔قوت پہنچانا۔
تَحَزَّبَ. القومُ: اکٹھا ہونا۔پارٹی پارٹی ہونا۔
الحَازِب۔ ج حَوَازِب و(الحَزِيب) ج حُزُب وحُزُبٌ: امرِ شدید۔تم کہتے ہو "نَزَلَتْ بِهٖ حَوَازِبُ الخُطُوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔"وهٰذا امرٌ حَزِيبٌ" یہ دشوار امر ہے۔
الحِزْب: لوگوں کی جماعت۔ہتھیار۔پارٹی۔حصہ۔ورد۔وظیفہ۔ج أحْزَاب: ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔
الحَزَابِی والحَزَابِيَة. مِنَ الرجال: گٹھے بدن والا۔پست قد۔
الحَزَنْبُون والحَزَنْبُور: گوسٹ بڑھیا۔
حَزَر (ن ض) حَزْرًا ومَحْزَرَةً. الشَّیْ: اندازہ کرنا' تخمینہ کرنا۔کہا جاتا ہے "حَزَر فلوسَهٗ يومَ كذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا(.. وحَزُرَ (ک) حُزُرًا وحُزُورًا) النبيذُ او اللبن: کھٹا ہونا۔صفت (حَازِر)
الحَزْرَة۔ ج حَزَرَات و(الحَزِيرَة) مِنْ كل شیْ: عمدہ حصہ۔
المَحَازِرَة: حَازِر: کا مؤنث: مضبوط قوی اونٹنی۔
الحَزْوَر والحَزَوَّر: طاقتور لڑکا۔ج حَزَاوِرَة: کمزور مرد۔طاقتور مرد۔
الحَزُّوْرَة: مص۔چھلیاں۔ٹیکلی (عوام کی لغت ہے) فصیح لفظ "الاحجیّة" ہے۔
المَحْزُور: غضبناک۔
حَزِيرَان: ماہ جون۔شمسی سال کا چھٹا مہینہ۔
حَزْقَرَ. القومُ لِلقَوْم: جنگ کے لئے آمادہ ہونا۔
حَزْقَرَ الإنَاء: بھرنا۔...المتاع: باندھنا۔
حَزَق (ض) حَزْقًا. الوَتَر اوالرباط: خوب کھینچ کر باندھنا......الشَّیْ: دبا کر نچوڑنا۔الحمارُ: گوز کرنا......بالحبل: رسّی سے باندھنا۔
أحْزَقَهٗ: منع کرنا۔روکنا۔
تَحَزَّقَ: سکڑنا۔
الحِزْق والحِزْقَة والحَازِقَة والحَزِيقَة والحَزِيقَة: آدمی وغیرہ کی جماعت۔حزیقة کی جمع حَزَائِق وحَزِيق وحُزُق. الحِزْقَة: ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحَازُوْقَة: ہچکی۔(لغت عوام ہے فصیح لفظ الفُوَاق ہے)
الحَزُق والحُزُق والحَزُقَّة والحُزُقَّة والأُحْزُقَّة: پست قد۔جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔(......والمُحْزَئِق) بدخلق۔بخیل۔
المَحْزُوق. مِنْ ابریق ونحوه: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حَزَكَهٗ (ض) حَزْكًا: لپیٹنا اور دبانا۔
ه بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔
إحْتَزَكَ. بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔
إحْزَأَلَّ. الشَّیْ: اکٹھا ہونا۔القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا......الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا......البعيرُ في السير: چلنے میں بلند ہونا۔
الحَزَوَّل الحَزَوَّلَة: پست قد۔
حَزَمَهٗ (ض) حَزْمًا وحِزْمَةً: باندھنا۔
حَزِمَ (س) حَزَمًا: سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حَزُمَ (ک) حَزْمًا وحَزَامَةً: ہوشیاری اور دوراندیشی سے کام لینا۔صفت (حَازِم) ج حَزَمَة وحُزَّم وأحْزَام و(حَزِيم) ج حُزَمَاء. (أحْزَم) الفرسَ: تنگ باندھنا۔
تَحَزَّمَ واحْتَزَمَ: رسّی وغیرہ سے کمر کسنا۔کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ في الأمْر": یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔
إحْزَوْزَمَ إحْزِيزَامًا. الشَّیْ: اکٹھا ہونا......المكان: سخت و بلند ہونا۔
الحِزَام ج حُزُم و(الحِزَامَة) ج حَزَائِم و(المِحْزَم والمِحْزَمَة) جانور کا تنگ۔کہا جاتا ہے "أخَذَ حِزَامَ الطَّرِيق" وہ وسط راستہ پر چلا۔
الحَزْم: مص۔سخت و بلند زمین......ج حُزُوم.
الحَزَم: کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا' سینہ میں پھندا لگنا۔
الحُزْمَة: لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزُمَّة: پست قد۔
الحَزِيم: جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ' کہا جاتا ہے "شَدَدْتُ لِهٰذَا الأمْرِ حَزِيمِي" میں نے اس معاملہ کے لئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔سینہ کا وسط۔ج حُزُوم وأحْزِمَة.
الأحْزَم: چوڑے سینہ والا۔بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الأحْزَام: پارٹیاں۔
الحَيْزُوْم: سینہ کا وسط۔سخت و بلند زمین۔ج حَيَازِم وحَيَازِيم. "شَدَّ الحَيَازِيمَ": کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المَحْزِم. مِنَ الدابة: تنگ باندھنے کی جگہ۔
حَزَنَهٗ (ن) حُزْنًا: غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا. لهٗ وعليه: غمگین ہونا صفت حَزِين ج حُزَنَاء وحِزَان وحَزَانَی و(حَزِنٌ وحَزْنٌ ومَحْزُونٌ ومُحْزَن ومِحْزَان وحَزْنَان)
حَزُنَ (ک) حُزُونَةً. المكانُ: سخت ہونا۔
أحْزَنَ: سخت زمین میں چلنا۔(...... وحَزَّنَ) الرجلَ: غمگین بنانا حَزَّنَ القارئُ: باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ وتَحَازَنَ واحْتَزَنَ: غمگین ہونا۔
تَحَزَّنَ عليه ولامره: دردمند ہونا۔
الحُزْن والحَزَن: غم۔ج أحْزَان.
الحَزْن: سخت و بلند زمین۔ج حُزُن وحُزُون.
الحُزْنَة. من الارض: سخت زمین۔
الحُزُنَّة: سخت پہاڑ۔ج حُزَن. المُحْزَن:

خشف. التمر: ردی کھجوروں سے صاف کرنا۔
تخشّف. الجلد: چھلنا۔۔۔۔اوبارُ الابل: اونٹ کے بالوں کا بکھر جانا۔
إنخشف. الشیٔ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا۔
الخشاف: کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔
الخشافة: ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے "فلان لایعطی من البر الاخشافه ومن التمر الاخشافة" فلاں گیہوں کی صرف بھوسی اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔ خشافة الناس: رذیل لوگ۔ (الخشفة والخشیفة) دشمنی۔ غصہ۔ کہتے ہیں "رجع بخشیفة نفسه": بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔
خشک (س) خشکا. علیه: غضب ناک ہونا۔ صفت (خشک)۔ الدابة: چارہ کھانا، دانہ چبانا۔
أخشک. الدابة: چارہ دینا۔
النبات: کانٹے دار ہونا۔
الخشک: مص۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (خشکة)
الخشکة: جانور کا دانہ۔ بھوسی۔
(والخشکة والخشاکة) دشمنی۔ کینہ۔
الخشیک: پست قد۔
خشل (ن) خشلا. الشیٔ: ذلیل کرنا۔ الدابة: تیز ہانکنا۔
خشل. به: ذلیل کیا جانا۔
خشل. بنفسه: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔
تخشّل واختشل: گوہ کے بچے کا شکار کرنا۔
الخشل: گوہ کا بچہ۔ ج خشلة واخشال وخشول وخشلان: کہا جاتا ہے "لاآتیک سن الخشل" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤں گا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام

سے کنایہ کیا گیا اور لفظ سن منصوب بنزع الخافض ہے اور اس وجہ سے کہ تقدیر ملفظ بقاء سن الخشل ہے۔ ابو خشل وابو خشیل: گوہ۔
الخشالة: چاندی۔ چاندی کے ذرات جو وغیرہ کی بھوسی۔ (والخشیلة: قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
الخشیل: گائے کے بچے۔ واحد (خشیلة) گھٹیا چیز۔ ج خشل۔
المخشول: گھٹیا۔ ردی۔
خشم (ض) خشما: جڑ سے کاٹنا۔
خشم العرق: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا۔ الداء: مرض کو دوا سے دور کرنا۔
خشم الشیٔ: روکنا۔ منع کرنا۔
انخشم: جڑ سے کٹنا۔
الاخشم: باخبر فیصلہ کن مرد۔
الخشوم: نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "ایام خشوم" (علی الوصف) "ایام خشوم" (علی الاضافة) یعنی نامبارک و منحوس دن۔
الخشام: شمشیر بُران۔ خشام السیف: تلوار کی دھار۔
المخشمة: کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "هذا مخشمة للداء": یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔
خشن وخشن (ک۔ن)
خشنا: خوبصورت ہونا۔ صفت (خشن) ج خشان و (خشان) ج خشانون و (خاشن وخشین) مؤنث خشنة وخشناء ج خشان وخشنات اور مبالغہ کے لئے (خشان) مؤنث خشانة۔
خشنه: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
خاشنة مخاشنة: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "الی لاخاشن بک الناس" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔

أخشن: نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
۔۔۔۔الشیٔ: اچھی طرح جاننا۔ اچھی طرح جاننا۔ کہا جاتا ہے "فلان یخشن القراءة" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے۔۔۔۔الیه وبه: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔
تخشّن: خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
بکذا: آراستہ ہونا۔ موٹر نا۔ کہا جاتا ہے "دخل الحمام فتخشن": وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
استخشنه: اچھا جاننا۔
الخشن: جمال و خوبصورتی۔ ج مخاشن: (خلاف قیاس) المخاشن: بدن کے خوبصورت مواقع خشن ساعة: ایک قسم کی نباتات ہے جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اس کی خوشنمائی تھوڑی دیر کے لئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ یسٹ
الخشن: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ الخشن: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
الخشن: مص۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔
یا لمذکر۔ الخشنان: سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہما۔
الخشنة: نیکی۔ بھلائی۔ ج خشنات۔
الاخشن: حسن کا اسم تفضیل۔ ج اخاشن مؤنث خشنی: اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اخیشن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اخیشن زیدا"۔۔۔۔ اخاشن القوم: قوم کے خوبصورت لوگ۔
الخشنی: اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج خشنیات وخشن۔۔۔۔ الاسماء الخشنی: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔
الخشنیان: فتح مندی وشہادت۔ کہا جاتا ہے "خشناه وخشناه ان یفعل

يَحْسُنُ بِهِ: اس کے لئے اچھا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔
الحَسُّوْن: ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔
المِحْسَان: بہت بھلائی کرنے والا۔
التَّحَاسِيْن: اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا أَبْدَعَ تَحَاسِيْنَ الطَّاوُوْسِ وَتَزَايِيْنَهُ": مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادار اور عجیب ہے۔
المَحْسَنَة: سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامٌ مَحْسَنَةٌ لِلْجِسْمِ": یہ خوراک جسم کے لئے باعث حسن ہے۔
الحِسْنَة: پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔
حَسَا (ن) حَسْوًا وَتَحَسَّى وَاحْتَسَى المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پینا ..... الطَّائِرُ المَاءَ: چونچ سے پانی پینا۔
حَسَّى وَأَحْسَى وَحَاسَى. الرَّجُلَ المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پلانا۔
تَحَاسَيَا: ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
الحَسْوُ وَالحَسَا وَالحَسَاءُ وَالحَسُوُّ: ہر رقیق چیز جو پی جا سکے اور اسی سے ہے "يَوْمٌ كَحَسْوِ الطَّيْرِ" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
الحَسُوُّ: بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا۔
الحَسْوَة۔ حسا: کا اسم مرۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات۔
الحُسْوَة: ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ۔ کہا جاتا ہے "فِي الإِنَاءِ حُسْوَةٌ" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج أَحْسِيَة وَأَحْسُوَة وجمع أَحَاسٍ۔
الحَسِيَّة: وہ چیز جو پی جا سکے۔
حَسَى (ض) حَسْيًا وَاحْتَسَى: نرم دلدلی زمین۔
المِحْسَاة: پانی کھینچنے کا کل۔
حَشَّ (ن) حَشًّا. العُشْبَ: کاٹنا ..... النَّارَ: سلگانا اور کریدنا ..... الحَرْبَ: بھڑکانا ..... الفَرَسَ: گھاس ڈالنا اور اسی سے مثل ہے ..... "أَحُشُّكَ وَتَرُوثُنِي" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے .....
السِّقَاءَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا ..... الصَّيْدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ اليَدُ: شل ہونا ..... الوَلَدُ فِي بَطْنِ النَّاقَةِ: پیٹ میں خشک ہونا۔
..... الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔
أَحَشَّ. الكَلَأُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا ..... الأَرْضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔ أَحَشَّهُ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا۔
أَحَشَّتِ النَّاقَةُ أَوِ المَرْأَةُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) أَحَشَّهُ عَنْ حَاجَتِهِ: جلدی کرانا۔
إِحْتَشَّ. الحَشِيْشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔
إِسْتَحَشَّ. الرَّجُلُ: پیاسا ہونا ..... الغُصْنُ: لمبی ہونا ..... اليَدُ: شل ہونا۔
..... العَظْمُ: باریک ہونا۔
الحَشِيْش: خشک گھاس۔ واحد (حَشِيْشَة)
الحَشِيْشَة: بھنگ۔
حَشِيْشَةُ المَلَاكِ: یورپ کا پودا جو کہ اب ایشیاء میں بھی اگایا جاتا ہے۔ اکثر نشہ آور اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
الحُشَاشَة وَالحُشَاش: مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا": تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَشُّ وَالحُشُّ وَالحِشُّ: باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ پاخانہ۔ ج حُشُوش وَحُشُوْن۔
الحُشّ بالضم: ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔
الحِشُّ بالكسر: بچہ۔ الحَشُّ بالفتح: چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حِشَّان۔
الحَفْشَة: بڑا قبہ۔
الحُشَاش: گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ۔ ج حَشَشَة۔
الحَشَّاش: گھاس کا جمع کرنے والا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُوْن وَحَشَّاشَة۔
الأُحْشُوْش وَالمُحْشُوْش: ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔
المَحَشّ وَالمَحَشَّة: بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاشّ۔ المَحَشَّة: دبر۔
المِحَشّ: گھاس کاٹنے کی درانتی۔
(..... وَالمِحَشَّة) آگ جلانے کی وجہ کی کرنگی۔ المِحَشّ: دلاور۔
حَشَأَ (ف) حَشْأً. النَّارَ: روشن کرنا۔
..... بِسَهْمٍ: کسی کے جوف میں تیر مارنا
..... بِسَوْطٍ: پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔
المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
المِحْشَأ: موٹا کمبل۔ ج مَحَاشِئ۔
أَحْشَأَه: غضبناک کرنا۔
إِحْتَشَأُوْا: اکٹھا ہونا۔
الحَوْشَبَة: لوگوں کی جماعت۔
الحَوْشَب: خرگوش۔ بچھڑا۔ نر لومڑی۔ دبلا۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)
حَشْحَشُوْا وَتَحَشْحَشُوْا: اٹھنے کے لئے حرکت کرنا۔ حَشْحَشَةُ النَّارِ: جلانا۔
تَحَشْحَشَ القَوْمُ: متفرق ہونا۔
حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
(حُشُوْدًا) الزَّرْعُ: پوری طرح اگنا .....
النَّاقَةُ: تھن میں دودھ جمع کرنا ..... القَوْمُ: پکار کا جلدی جواب دینا۔
حَشَّدَ. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
أَحْشَدَ وَتَحَشَّدَ وَتَحَاشَدَ وَإِحْتَشَدَ القَوْمُ: ایک مقصد کے لئے جمع ہونا۔ کہا جاتا ہے "إِحْتَشَدَ لَنَا فِي الضِّيَافَةِ": اس نے مہمانی میں دریا دلی سے کام لیا۔ "وَإِحْتَشَدَ لِفُلَانٍ فِي كَذَا" اس نے فلاں کے لئے تیار کیا

الخشد : مص۔(......والخشد) جماعت۔کہا جاتا ہے "عندی خشد من الناس" : میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ج خشود۔

الخاشد : فا۔بغیر کوتاہی کے اونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔بہت دانوں والا کھجور کا گچھا۔مستعد و تیار۔کہا جاتا ہے "فلان خاشد خاشد" : فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنے والا ہے۔

الخشد : وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ج خشد۔عین خشد : چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔

الخشود : تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی۔

المخشود : وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔

المحاشد : محفلیں مجلسیں۔

خشر (ن ض) خشرا۔ الناس : جمع کرنا ہ عن وطنہ : جلاوطن کرنا۔خشر الجمع : ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا...... العود : چھیلنا اور باریک کرنا......السنۃ الشدیدۃ المال : مال یعنی اونٹوں کو لاغر کر دینا اور ہلاک کر دینا۔

خشر واختشر۔ فی راسہ : بڑے سر والا ہونا۔علی ھذا القیاس۔خشر فی بطنہ : بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کے ساتھ مستعمل ہے۔خشرت الوحوش : مرنا و ہلاک ہونا۔

الحشر : مص......من الاذان : باریک کان۔کہا جاتا ہے "اذن خشر" "واذنان خشر واذان خشر" : ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے۔اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔الحشر من الاسنۃ : باریک نیزہ۔ج خشر۔یوم الحشر : قیامت کا دن۔

الخشارۃ : معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک "الخشارۃ" کی تصحیف ہے۔)

الحاشر : فا۔ج حاشرون و حشار۔

الحشرۃ : چھلکا جو دانے سے ملا ہوا ہو۔ج خشر۔

الحشرۃ۔ ج خشرات : کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور۔

الحشر : بھوسی۔

الحشور : بڑے پیٹ والا۔پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔لطیف قد و قامت والا۔کہا جاتا ہے "الفرس حشور" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔

المحشر والمحشر : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔

حشرج حشرجۃ : جاں کندنی کے وقت گھنگھرو کا بولنا۔

الحشرج : آب خورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو۔

حشف (ض) حشفا۔ الضرع : دودھ خشک ہو جانا۔

احشفت۔ النخلۃ : ردی کھجور والا ہونا...... ضرع الناقۃ : سکڑنا۔سمٹنا۔

حشف۔ عینہ : آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔

تحشف : پرانا کپڑا پہننا۔

استحشف۔ اذن الانسان : خشک ہو کر سمٹنا...... ضرع الانثی : سکڑنا۔سمٹنا۔

الحشف : ردی کھجور "احشفا وسوء کیلۃ" : (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بری عادتیں جمع ہوں۔جیسے اردو میں "کریلا اور نیم چڑھا"۔خشک پستان۔

الحشفۃ : ڈھل جو کھیتی کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔خشک خمیر۔گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ج حشاف۔

حشک (ض) حشکا وحشوکا۔ الضرع : دودھ سے پر ہونا......

السحاب : بہت پانی والا ہونا...... النخلۃ : بہت پھلدار ہونا۔صفت (حاشک)...... الوادی : پانی کو باہر پھینک دینا۔

...... القوم : جمع ہونا...... الریح : مختلف جہات سے چلنا...... الناقۃ لبنھا : تھن میں دودھ جمع کرنا۔صفت (حشوک)......

الناقۃ : دودھ جمع ہونے کے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔صفت مفعول (محشوکۃ)

حشک (س) حشکا۔ الدابۃ جو وغیرہ چبانا۔حشک اللبن فی الضرع : جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

احشک۔ الدابۃ : جو وغیرہ کھلانا۔

تحشک۔ الضرع : دودھ سے پر ہونا۔

الحشکۃ : بارش کی بوچھار۔

الحشکۃ : جماعت۔کہا جاتا ہے "جاءنا بحشکتھم" : لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے۔

الحشیکۃ : جانوروں کے کھانے کے لئے جو وغیرہ (الریاح الحواشک) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔واحد (حاشکۃ)

الحشاکۃ والحشاک : لکڑی جو جانور کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔

حشل (ن) حشلا۔ الشیء : حقیر و ذلیل کرنا۔

الحشل : حقیر و ذلیل چیز۔

حشمۃ (ن ض) حشما : ناپسند بات سنا کر غضب ناک کرنا۔تکلیف پہنچانا۔شرمندہ کرنا۔

...... الشیء : طلب کرنا۔کہا جاتا ہے "ما حشم الصید" : اس نے شکار کو نہیں پایا "ما حشم من طعامنا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حشم (ض) حشوما : تھکنا۔لاغری کے بعد فربہ ہونا...... منہ : منقبض ہونا۔

حشم (س) حشما : غضب ناک ہونا۔

حشما : غضبناک کرنا۔

حَشَمَهُ وأَحْشَمَهُ: غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ وحَشَمَهُ: تکلیف پہنچانا۔

حاشَمَهُ: غضبناکی پر برانگیختہ کرنا۔

تَحَشَّمَ مِن فلانٍ: شرم کرنا۔ ندامت سے بچنا۔

اِحْتَشَمَ منه وعنه: غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔

حَشَمُ الرجل: نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل وعیال۔ قرابت ج أَحْشام.

الحَشَمَة: غضب۔

الحِشْمَة: شرم وحیاء۔ انقباض۔ غصہ وغضب۔

الحُشْمَة: عورت، قرابت، ذمہ داری۔

الحَشِيم: کامل حیاء دار۔ بزدل۔ مہمان ج حُشَماء.

حَشِنَ (س) حَشَنًا۔ السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔

أَحْشَنَ السقاءَ: بدبودار کرنا۔

حاشَنَهُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَحَشَّنَ: میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔

الحَشَن: بمعنی۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔

الحِشْنَة: کینہ۔

حَشا (ن) حَشْوًا۔ الوسادةَ بالقطن: تکیہ میں روئی بھرنا ...... الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھئے لفظ الحشا).

حاشاه: تھوڑی چیز دینا۔

اِحْتَشَى اِحْتِشاءً: بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَتِ الرُّمانةُ بالحَبِّ": انار دانوں سے بھر گیا۔ واحْتَشَى مِنَ الطعامِ: وہ کھانے سے آسودہ ہو گیا۔ "اِحْتَشَتِ المرأةُ الحَشِيَّةَ وبِها": عورت نے حشیّۃ کا استعمال کیا۔ (دیکھئے لفظ الحَشِيَّة)

الحاشِيَة۔ مِنَ الناسِ والإبلِ: چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشا: پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج أَحْشاء: کہا جاتا ہے "أنا في حَشا فلانٍ": میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "وفلانٌ خيرُهم حَشًا": فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔

الحَشْو: بمعنی۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اونٹ۔ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ۔ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج الحَشاوِي: (خلاف قیاس)

الحِشْوَة والحُشْوَة۔ مِنَ البطن: آنتیں، ردی چیز۔ کہا جاتا ہے "هو مِن حِشْوَةِ بني فلانٍ": وہ بنو فلاں کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔

الحَشِيَّة۔ توشک: گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج حَشایا.

الحَشْوِيّ: بک بک کرنے والا۔

المَحْشَى: پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

المِحْشَى: گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج مَحاشِي.

المُحْتَشاة۔ مِنَ البطن: پیٹ کا وہ نچلا حصہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہنچتا ہے۔

حَشِيَ (س) حَشًى۔ الرجلُ: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا ...... السقاءُ: مشکیزے کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔

حَشَّى۔ الثوبَ: گوٹ لگانا۔ الکتابَ: حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشٍّ) اور مفعولی (مُحَشًّى)

حاشَى مُحاشاةً۔ زيدًا مِنَ القومِ: استثناء کرنا۔

تَحَشَّى۔ فلانًا: استثناء کرنا۔ تَحَشَّى مِنَ الشيءِ و(تحاشى) عن الشيءِ: بچنا، دور رہنا۔ وتَحَشَّى فلانٌ: ندامت سے بچنا۔

الحَشَى۔ ضيق النفس: کی بیماری۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں جیسے کلیجی، تلی، اوجھڑی وغیرہ ج أَحْشاء.

حاشا: کلمہ استثناء جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے "ضربتُ القومَ حاشا زيدًا": لیکن وجہ ہے کہ "صلى الناسُ حاشا زيدًا": کہنا مستحسن نہیں اس لئے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر حاشا: فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرف جر ہو تو مابعد حاشا پر جر آئے گا۔

الحاشِيَة: گوٹ۔ کنارہ۔ اہل وعیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَواشٍ: کہا جاتا ہے "رجلٌ رقيقُ الحواشي": اچھی صحبت کا مرد۔ "وكلامٌ رقيقُ الحواشي": نرم گفتگو۔

الحَشِي: مؤنث حَشِيَة و(الحَشْيان) مؤنث حَشْيا: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے والا۔

حَصَّ (ن) حَصًّا۔ الشعرَ: مونڈنا ...... الجليدُ النبتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ حَصَّنِي مِنَ المالِ كذا: مال میں سے حصہ مقرر کرنا ...... الشيءَ: گھٹانا۔ کاٹ لینا۔

حَصَّ (س) حَصَصًا: گرے ہوئے سر کے بال یا کم بال والا ہونا۔ صفت (أَحَصّ)

حَصْحَصَ۔ الأمرُ: ظاہر ہونا۔

أَحَصَّهُ: حصہ دینا۔ أَحَصَّه المكانَ: جگہ میں اتارنا۔

حاصَّ مُحاصَّةً۔ الغرماءُ: حصے تقسیم کرنا۔

تَحاصَّ۔ القومُ الشيءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِنْحَصَّ۔ الشعرُ: جھڑنا، گرنا ...... اللحيةُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا۔ ...... الذنبُ: کٹ جانا۔

الحَصَص: سر کے بالوں کی کمی۔ سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّة: حصہ۔ ج حِصَص.

الحُصُّ : زعفران ۔ موتی ۔ ج حُصُوص واحصاص.

الحُصَاص : دوڑنے کی تیزی ۔ خارش ۔ گوز ۔

الحُصَاصَة : انگور کاٹنے کے بعد ٹنی میں جو باقی رہ جائے ۔

الحُصَاصَاء : خاک ۔

الحَاصَّة : ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں ۔

الأحَصُّ : سر میں کم بالوں والا ۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں ...من الطیور : پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں ۔ مؤنث حَصَّاء یَومٌ اَحَصُّ : بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن ۔ سَیفٌ احصُّ : بغیر جوہر کے تلوار ۔ سَنَةٌ حصّاء : خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو ۔ ریحٌ حَصّاء : بغیر غبار کے صاف ہوا ۔

الحُصَیص : عدد ۔ کہا جاتا ہے "حُصَیصُهُم کذا" : ان کی تعداد اتنی ہے ۔ گدھے اونٹ کے گرے ہوئے بال ۔

الحُصَیصَة : مونڈ کر یا اکھیڑ کر جمع کئے ہوئے بال ۔ کان کے بال ۔

حَصَا وحَصِیَ (س) حَصًا : الرضیعُ : شکم سیر ہو کر دودھ پینا ...من الماء : سیراب ہونا ۔

اَحصَاهُ : سیراب کرنا ۔

حَصَبَه (ن ض) حَصْبًا : کنکری سے مارنا (وحَصَّبَ) المکانَ : کنکر بچھانا ۔

حَصَبَ فی الارض : جانا ..... عنه : تیز بھاگنا حَصَبَه عن کذا : دور کرنا ۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا وحُصِبَ : کھسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔ صفت (مَحصُوب) حَصِبَ الوترُ : تانت کا کمان سے اُلٹ جانا ۔

اَحصَبَ الفرسُ فی عدوه : کنکری اُڑانا ..... عنه : اعراض و روگردانی کرنا ..... ه عن کذا : دور کرنا ۔

تَحَصَّبَ الحمامُ : دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اُڑنا ۔

تَحَاصَبُوا : ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا ۔

الحَصَب : پتھر ۔ سنگریزہ ۔ ایندھن ۔

الحَصِیب : دودھ جس کا مکھن سردی ہونے کی وجہ سے نہ نکلا ہو ۔

الحَصبَة والحَصَبَة والحَصِبَة : (ایک بیماری کا نام) الحَصِبَة : کنکری کو اُڑانے والی تیز ہوا ۔ ارضٌ حَصِبَةٌ : بہت کنکری والی زمین ۔ لَیلَةُ الحَصبَة : ایام تشریق کے بعد والی رات ۔

الحَصبَاء : سنگریزہ کنکری ۔ واحد (حَصبَة)

الحَاصِب : فا ۔ کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا ۔ اولے ۔ اولے برسانے والا بادل ۔ ج حَوَاصِب.

المَحصَبَة : بہت کنکریوں والی زمین ۔

حَصحَصَ حَصحَصَةً الحقُّ : پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا ..... الرجلُ : بیڑی میں جکڑے ہوئے کی طرح چلنا ..... الشَّیءَ فی الشَّیءِ : مضبوط و مستحکم کرنے کے لئے حرکت دینا ..... التراب وغیره : دائیں بائیں ہلانا ۔

تَحَصحَصَ : زمین سے چمٹنا اور برابر ہونا ..... الوبرُ والزِّئبِرُ : اون یا روئیں کا جھڑ جانا ۔

الحَصحَاص والحِصحِصُ : مٹی والحِصحِصُ : پتھر ۔ رجل (حُصحُص وحُصحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہنچنے والا ۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا وحِصَادًا وحَصَادًا واحتَصَدَ الزرعَ : زراعت سے کاٹنا ۔ اسی سے ہے "مَن زَرَعَ الشَّرَّ حَصَدَ النَّدامَة" : جو برائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا ۔ صفت (حَاصِد) ج حَصَدَة وحُصَّاد ...... القومَ بالسیف : قتل کرنا ۔

حَصِدَ (س) حَصَدًا الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ..... الدرعُ : مضبوط بناوٹ کا ہونا ۔

اَحصَدَ الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب ہونا ..... الحبلَ : بٹنا ۔

اِستَحصَدَ القومُ : جتھا بننا ..... الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا ..... الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا ..... الرجلُ : غضبناک ہونا ۔

الحَصَّاد : کھیت کاٹنے والا ۔

الحَصَاد والحِصَاد : مص ۔ کھیت کاٹنے کا وقت ۔ الحَصَاد : کٹی ہوئی کھیتی ۔ حَصَادُ الشجرة : درخت کا پھل ۔ کہا جاتا ہے "اَحصَدُوا حَصَادَ الشجر" : انہوں نے درخت کا پھل لیا ۔ حَصَادُ البُقول البَرِّیَّة : دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں ۔

الحَصَد والحَصِید والحَصِیدَة : کھیت کا کٹا ہوا حصہ ۔ الحَصِیدَة : کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو درانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے ۔ کھیتی ۔ ج حَصَائد. وحَصَائدُ الألسنة : جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں ۔

الاَحصَد : مضبوط بٹی ہوئی رسی ۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہو ۔ مؤنث حَصدَاء دِرعٌ حَصدَاء : تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ ۔ شَجَرَةٌ حَصدَاءُ : بہت پتوں والا درخت ۔

المِحصَد : درانتی ۔

حَصَرَهُ (ن ض) حَصرًا : تنگی ڈالنا ۔ گھیرنا ..... الشَّیءَ : پورا لے لینا ..... القومَ بفلان : تنگی ڈالنا ..... البَعِیرَ : اونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا ۔

حُصِرَ : قبض ہونا ۔

حَصِرَ (س) حَصَرًا : بخل کرنا ۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا ..... بالسِّرِّ : چھپانا ..... الرجلُ : تنگ دل ہونا ..... عن الشیء : شرم کر کے چھوڑ دینا ۔ صفت (حَصِر وحَصُور وحَصِیر)

حَاصَرَهُ حِصَارًا ومُحَاصَرَةً العدوَّ : محاصرہ کرنا ۔ گھیرا ڈال کر آمد و رفت روک دینا ۔

اَحصَرَهُ عن السفر : روکنا ..... ه المرض

او البول: مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔
أُحصِرَ: قبض ہو جانا۔
اِنحَصَرَ: تنگ ہونا۔
اِحتَصَرَ. البعیرَ: گدیلا باندھنا۔
الحِصَار: گدیلا جو اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔
الحُصْر والحُصُر: بخل۔
الحَصِیر: بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "کَانَهٗ عَـرِیْضُ الحَصِیرَین": چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ مونڈھے سے کر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ اور اسی سے ہے "اَثَّـرَ حَصِیـرُ الحَصِیـرِ فی حَصِیـرِ الحَصِیـرِ": یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُـصُـر واَحصِرة.
اَلـحَصِیرَة: بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج حَصَائِر.
المِحْصَرة. للجمل: گدیلا۔
المُحْتَصِر: شیر۔
الحَصِیرِیُّ: چٹائی بیچنے والا۔
الحَصُوْر: تنگ دل بخیل۔ خوفزدہ۔ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا۔ باوجود طاقت کے عورتوں کی طرف رغبت نہ رکھنے والا۔
الحَصُورة: تنگی بخل۔
حَصْرَمَ. القوسَ: مضبوطی سے تانت کسنا۔ ...... الحبلَ: مضبوط بٹنا ...... القِرْبة: بھرنا ...... القلمَ: تراشنا۔
تَحَصْرَمَ: بخیل وتنگ دل ہونا۔
الـحِـصْـرِم: کچا سبز انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمة) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔ الحِصْرِم: کوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
حَصُفَ (ک) حَصَـافَةً: عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا۔ صفت (حَـصِـیـف وحَصِیف)
حَصِفَ (س) حَصَفًا: خشک خارش والا ہونا۔
حَصَفَهٗ (ن) حَصْفًا: دور کرنا۔
اَحْـصَـفَ: تیز دوڑنا۔ صفت (مُـحْـصِـف ومِحْصِف ومِحْصَاف) أحصَفَهٗ: دور کرنا۔
...... الامرَ: مضبوطی سے کرنا ...... النَسِیجَ: گف بنا ...... الحَبلَ: مضبوط بٹنا۔ الحَرُّ فُلانًا: خشک خارش میں مبتلا کر دینا۔
اِستَحصَفَ. الشَّیْءُ: مضبوط ہونا۔
...... القومُ: اکٹھا ہونا ...... الدهرُ علیه: سخت ہونا ...... الحبلُ: مضبوط بٹنا۔
المُحصِف: ہر بے عیب مضبوط چیز۔
الحَصَف: خشک خارش۔
حَصَلَ (ن) حُصُولًا ومَحْصُولًا. الشَّیْءُ: حاصل ہونا۔ ثابت ہونا۔ باقی رہنا۔ کہا جاتا ہے "حَصَـلَ عَلَیْـهِ مِنْ حَقِّی کَـذَا": اس کے اوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا ...... لَـهٗ کَذَا: واقع ہونا ...... عِنْدَهٗ کَذَا: پایا جانا ...... علی الشَّیْءُ: جمع کرنا اور مالک ہونا ...... لی علیک کَـذَا: ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَـصِـلَ (س) حَصَلًا. الدابةُ: جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ. الشَّیْءُ او العِلمَ: حاصل کرنا۔
...... الـکـلامَ: نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا۔
...... الدَّینَ: جمع کرنا۔
تَحَصَّلَ. الشَّیْءُ: اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔
...... مِنَ المَسْئَلَةِ کَذَا: کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الـحَـاصِل: فا۔ کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی ...... مِن کُلِّ شَیءٍ: بقیہ ...... عند الـمُـحَاسِبِیْن: حاصل ضرب۔ محصول (موصلة) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ عَیْنِ الماءِ": پانی کی ٹینکی۔ ج حَوَاصِل۔
المَحْصِل: حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی نباتات۔
الحَصِیلَة: تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ بقیہ۔ ج حَصَائِل: کہا جاتا ہے "مَا حَصِیلَتُکَ وما حَصَـائِلُکَ": تمہارا حاصل کردہ کیا ہے۔
الـمَـحْـصُوْل: حاصل۔ کہا جاتا ہے "هَذَا مَحْصُوْلُ کَلَامِهٖ": یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "وما لِفُلَانٍ مَحْصُولٌ ولا مَعْقُولٌ": یعنی فلاں کے لئے رائے وتمیز نہیں ہے۔
حَصُنَ (ک) حَصَانَةً: مضبوط واستوار ہونا۔ صفت (حَصِین)
حَصُنَت حُصْنًا وحِصْنًا وحَصَانَةً المرأةُ: پاکدامن ہونا۔ صفت (حَصَان) ج حُصُن وحَصَانَات و(حَاصِنٌ وحَاصِنَةٌ) ج حَوَاصِن وحَاصِنَات۔ و(حَصْنَاء).
حَصَنَهٗ (ن ض) حَصْنًا: مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ واَحْصَنَ. المکانَ: مضبوط بنانا۔
اَحْـصَـنَ: المرأةَ: شادی کرنا۔ اَحْصَنَتِ المرأةُ: شادی شدہ ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت (مُحْصَنة) (بفتح الصاد. اَحْصَنَ الرَّجلُ: شادی شدہ ہونا۔ صفت (مُحْصَن)
تَحَصَّنَ: اپنے لئے قلعہ بنانا۔ تَحَصَّنَتِ المرأةُ: عفیفہ و پاکدامن ہونا ...... الفرسُ: اصیل ہونا۔
الحِصْن: محفوظ و بلند جگہ۔ قلعہ۔ ہتھیار ج حُصُون واَحْصَان وحِصَنَة.
الحَاصِن والحَاصِنَة: پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں۔ ج حَوَاصِن وحَاصِنَات.
الحَوَاصِن: حاملہ عورتیں۔
الحَصَان: موتی۔
الـحِـصَـان: اصیل گھوڑا۔ نر گھوڑا۔ ج اَحْصِنَة وحُصُن.
الحَصِین. مِنَ الاماکن: مضبوط۔ کہا جاتا

ہے "دِرْعٌ حَصِينٌ" مضبوط زرہ۔ و "حِصْنٌ حَصِينٌ" مضبوط قلعہ۔
أَبُو الحُصَيْنِ۔ مُصَغَّرًا : لومڑی۔
المِحْصَن : زنبیل۔ تالا۔ گل۔
حَصَا (ن) حَصْوًا۔ ہ : روکنا۔ منع کرنا۔
الحَصْوا : پیٹ کا درد۔
حَصَى (ض) حَصْيًا۔ الرجلَ : کنکری سے مارنا۔
حُصِيَ : مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت (مَحْصِيٌّ)
حَصِبَت (س) حَصًا۔ الارضُ : بہت کنکری والی ہونا۔ صفت (مُحْصَاة)
حَصَّاهُ تَحْصِيَةً : بچانا۔
أَحْصَى۔ الشئَ : شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذا الأَمْرُ لا أُحْصِيه" : یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔
تَحَصَّى : بچنا۔
الحَصَى : کنکری۔ واحد (حَصَاة) ج حَصَيَات وحُصِيٌّ وحِصِيٌّ (طَرْق الحَصَى : کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ والحَصَاة : عدد۔ عقل و رائے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاةِ" : فلاں عاقل ہے۔
الحَصِيُّ : بڑا عقلمند۔
أَرْضٌ (حَصِيَةٌ) بہت کنکریوں والی زمین۔
نہر (حَصْوِيٌّ) بہت کنکری والی ندی۔
حَضَّهُ (ن) حَضًّا وحُضِّيضَةً۔ علي الامر : اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَاضَّ۔ القومُ : ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
إِحْتَضَّ۔ نَفْسَهُ : اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔
الحَضَضُ : چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "ما عِنْدَهُ حَضَضٌ ولا بَضَضٌ" : اس کے پاس کچھ نہیں۔
الحَضُّ والحِضِّيضَى والحُضِّيضَى حَضَّ کا اسم مصدر۔
الحَضِيضُ : دامن کوہ کا پتھر۔
الحَضِيض : دامن کوہ۔ ج أَحِضَّة و حُضُض پست زمین اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔
الحَضِيضَة : شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو۔ "أَخْرَجْتُ إِلَيْهِ حَضِيضَتِي وبَضِيضَتِي" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کر دی۔
الحَضَوْضَى : دوری۔ آگ۔
حَضَبَ (ض) حَضْبًا وأَحْضَبَ النارَ : ایندھن ڈالنا۔
تَحَضَّبَ : دشوار گزار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔
الحِضْب والحُضْب : کمان کی آواز۔ دامن کوہ۔ ج أَحْضَاب۔
حَضَجَ (ن) حَضْجًا۔ النارَ : جلانا۔
...... الشئَ في الماءِ : ڈبانا۔ ...... بفلانٍ : پچھاڑنا۔
...... به الارضَ : پٹک دینا۔
حَضَّجَ۔ الكلامَ : کوتاہی کرنا۔
إِنْحَضَجَ۔ الرجلُ : غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
الحُضَاج : وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو۔
الحِضَاج : بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگادی گئی ہو۔
المِحْضَج والمِحْضَاج : آگ جلانے کی کرچھی۔ المِحْضَاج : کپڑا دھونے کی موگری۔
إمرأة مِحْضَاج : کشادہ پیٹ والی عورت۔
حَضَاجِر۔ حَضَاجِر : بجو کا علم جنس ہے۔
حَضَرَ (ن) حُضُورًا وحَضَارَةً : موجود ہونا۔ (... حَضَارَةً) شہر میں مقیم ہونا۔
حَضِرَ (س) وحَضَرَ (ن) حُضُورًا المَجْلِسَ : حاضر ہونا ...... عن المكان : منتقل ہونا۔ حَضَرَهُ الامرُ : دل میں گزرنا ...... ه الموتُ : موت کا وقت آنا ...... اليه : آنا۔ کہا جاتا ہے "حَضَرَتْ الامر بخير" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ و "حَضَرَتِ الصلوٰة" نماز کا وقت آگیا۔
حُضِرَ : موت واقع ہونا۔ صفت (مَحْضُورٌ)
حَضَرَهُ وحَضَّرَهُ وأَحْضَرَهُ : حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَحْضَرَهُ الشئَ" اس کے پاس چیز کو لایا۔ "أَحْضَرَ الفرسُ" تیز دوڑنا۔
حَاضَرَهُ مُحَاضَرَةً وحِضَارًا : ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا۔
حَاضِرُ الجَوَاب : حاضر جواب ہونا۔
تَحَضَّرَ واحْتَضَرَ : حاضر ہونا۔ تَحَضَّرَ واحْتَضَرَ الرجلَ : حاضر کرنا۔ إِحْتَضَرَ الفرسُ : دوڑنا۔ تَحَضَّرَ البَدْوِيُّ : شہری جیسا بننا۔
تَحَضَّرَهُ الهَمُّ : غم لاحق ہونا۔
أُحْتُضِرَ : قریب المرگ ہونا۔
إِسْتَحْضَرَ۔ الشئَ : حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا ...... الفرسَ : دوڑانا۔
الحَضَر والحَضَارة والحَاضِرَة : شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ البَدْو والبَدَاوة والبادية کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذا مِنْ كلامِ الحَاضِرَةِ ولَمْ أرَ البَوادِي لَفَظُوا به ولا عَرَفُوه" : یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں۔
الحَضَارَة والحِضَارَة : شہر کی اقامت۔
الحَضْر والحَضْرَة : موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔
حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرة العالية تامر بكذا : جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں اور کہا جاتا ہے "كلمته بحضرة فلان" : میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔

الـحُضُر : تیز دوڑ۔ احضـر الفرسُ کا اسم ہے۔

الـخَحِـر والخَصِر : لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا۔

الـحَضُر : حاضر جواب۔ الـحَضِر : وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔

الـحُضْرَة والحِضْرَة والحَضَرَة : پہلو، نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَسَنُ الحَضْرَة" : جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو۔ "وجَمَعَ الحَضِرَة" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ کر لیا ہے۔

الحَضَار : سفید۔

الحَضَرِيُّ : شہری۔

الـحَاضِر : قا۔ شہر کا رہنے والا۔ ج حُضّر و حُضَّار و حُضُور و حَضَرة۔ الحاضِر : بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لئے کہا جاتا ہے۔)

الحَاضِرَة : حاضر کا مؤنث۔ ہاتھی کا کان ج حَوَاضِر۔

الـمَحْضِرَة : لوگوں کی جماعت۔ فوج کا ہراول۔ زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج حَضَائِر و حَضِير۔

الـمَحْضَر : حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج مَحَاضِر۔ الـمَحْضَر : حاضر ہونے والے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فـلان حسـن الـمَحْضَر" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ "وكان ذلك بمحضر من فلان" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا۔

الـمَحْضُور : بمعنی لبنٌ مَحْضُورٌ : بہت آفت والا دودھ۔

المِحْضَار والمِحْضِير. مِنَ الخيل وغيرها : تیز دوڑنے والا۔ ج مَحَاضِير۔

المُتَحَضِّر : شہری، شہر میں آنے والا۔

المُحْتَضَر : قریب المرگ۔ کہتے ہیں "اللبن مُحْتَضَـر فغطِّ اناءك" : دودھ کے لئے بہت آفت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپا لو۔

حَضْرَمَ. في الكلام : اعرابی غلطی کرنا۔

.....الشيْءَ : ملانا..... لِحَاءَ الشجر : چھال اتارنا۔

.....القوسَ : کمان کو مضبوط کرنا۔

الحَضْرَمِيَّة : گفتگو میں لکنت۔

حضرموت کی جانب منسوب۔

المُحَضْرَم : بمعنی المُخَضْرَم : (دیکھئے لفظ المخضرم)

حَضِلَت (س) حَضَلاً. النخلةُ : درخت خرما کے ڈنٹھل کے جڑ کا خراب ہونا۔

حَضَنَ (ن) حَضْناً وحِضَانَةً واحْتَضَنَ. الصبيَّ : گود میں لینا۔ پرورش کرنا۔ سینہ سے لگانا۔ حَضَنَه عن كذا : علیحدہ کرنا۔ دور کرنا۔

حَضَنَ (ن) حَضْناً وحَضَانَةً وحِضَاناً وحُضُوناً واحتضن. الطيرُ بَيْضَه وعلى بَيْضِه : انڈے سینا۔

حَضُنَتْ (ک) حِضَاناً. المرأةُ او الشاةُ او الناقةُ : ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت (حَضُون)

أحْضَنَ. الرجلَ وبالرجل : حقارت کرنا

أحْضَن بحقِّه : حق مار لینا۔

الحِضْن : گود۔ اتنی مقدار جو گود میں آ سکے۔ کہا جاتا ہے "أعطاه حِضْناً مِنَ التمر" : اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں۔ کسی چیز کا کنارہ۔ پہاڑ کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "عشّش الطائرُ في حِضْنِ الجبل" : پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا۔ ج أحْضَان وحُضُون۔ الـحِضْن والـحُضْن : بجو کا بچہ۔

الحَضَانَة. حَضَنَ الطائر : کا اسم مصدر۔

الحَاضِنَة : بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ۔ ج حَوَاضِن : کہا جاتا ہے "حمامةٌ حاضِنٌ وحمامٌ حَوَاضِنُ"۔

الحِضَانَة : دایہ گری۔ پرورش۔

الحِضْنان : وہ شخص جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو۔

المِحْضَنَة : پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن۔

المُحْتَضَن : گود۔

حَضَا (ن) حَضْواً. النارَ : کریلی سے ہلانا۔

المِحْضَأ والمِحْضَاءُ : آگ ہلانے کی کریلی۔

المِحْضَى : مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی۔

حَطَّ (ن) حَطّاً : اترنا۔ نازل ہونا۔

.....حَطّاً وحُطُوطاً. السعرُ : سستا ہونا

(حَطَّ (ن) حَطَاطاً) البعيرُ : ایک جانب جھک کر دوڑنا (..... وانحطّ) الوجهُ : مہاسا نکلنا (حَطَّ (ن) حَطّاً وانْحَطَّ انحطاطاً) الشيْءَ : چھوڑنا۔ رکھنا..... الحِمْلَ : جانور کی پیٹھ سے اتارنا۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَه" اس نے اقامت کی..... الجلدَ : پالش کرنا۔ لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا۔

اِنْحَطَّ : اترنا..... الناقةُ في سَيْرِها : تیز دوڑنا..... السعرُ : سستا ہونا۔ کہا جاتا ہے "الأسعار حاطّةٌ ومُنْحَطَّةٌ" : بھاؤ سستا ہے۔

اِسْتَحَطَّ : نیچے اترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فلاناً وِزْرَه" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا..... مِنَ الثمنِ شيئاً : کچھ گھٹانے کو کہنا۔

الـحِطَّة والحِطِّيطَى. اِسْتَحَطَّه وِزْرَه : کا اسم ہے۔

الحَطِيط : چھوٹا۔

الحَطِيطَة : قیمت کی کمی۔

الحُطَيْطَة : کھانسی۔

الحُطَاط : مہاسے۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (حُطَاطَة)

المُحَطَّاط : بدبو۔

الحُطُط : نرم و نازک اجسام۔

الحِطَّان : بکرا۔

الحَطُوط : اصیل تیز رفتار اونٹنی۔

الخط : نرم وچکنی پیٹھ والا۔
المحط والمحطة : اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ج محاط ومحطات۔
المحطة : ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)
المحط والمحطة : لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔
المحطوط : مقح ادیم محطوط : پالش کیا ہوا چمڑہ۔ سیف محطوط : تیز کی ہوئی تلوار۔
حطأ (ف) حطأ الارض به : پچھاڑنا۔
...به عن كذا : دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔
...بالشئ : پھینکنا۔
الحطئة : بدصورت پست قد مرد۔
الحطء : برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "حطء من تمر" : پیٹھ پر اٹھانے کے لائق کھجوریں۔
الحطئ من الناس : ذلیل آدمی۔ کہا جاتا ہے "هو حطئ بطئ" وہ ذلیل ہے۔ بطئ کا لفظ تابع ہے۔
حطب (ض) حطبا واحطب واحتطب : لکڑی چننا۔ صفت (حاطب) کہا جاتا ہے "هو حاطب ليل" وہ گفتگو میں رطب ویابس ملانے والا ہے۔
حطبة : لکڑی لانا۔
حطب واحطب. المكان : بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (حطب) مؤنث (حطبة)
حطب. به وعليه : چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حطب في حبله" اس نے اس کی مدد واعانت کی۔ و"حطب عليه بخير" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔
احطب واستحطب. الكرم : انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا۔
الحطب : ایندھن ج احطاب : ایک ٹکڑے کو حطبة : کہتے ہیں۔
الحطب مؤنث حطبة و(الاحطب) مؤنث حطباء : ج حطب : بہت دبلا۔

الحطاب : لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔
الحطوبة : لکڑی کا گٹھا۔
الحطابة. الحطاب : کا مؤنث۔ لکڑی چننے والی۔
المحطب : ہنسیا۔
......القوس : کمان چڑھانا۔
حطمه (ض) حطما وحطمة : توڑنا۔
حطم (س) حطما : بڑی عمر والا ہونا۔
تحطم وانحطم : ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تحطم الرجل غيظا" : وہ غصہ سے چور ہو گیا۔ "وانحطم الناس عليه" : لوگوں نے اس پر بھیڑ کی۔
الحطم : بے رحم چرواہا (...... والحطم) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔
الحطمة والحطامة والحطام : سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حطام الدنيا : دنیاوی ساز وسامان۔ حطام البيض : انڈے کا چھلکا۔
الحطام والحطوم والمحطم : شیر۔ کہا جاتا ہے "ريح حطوم" : بہت تیز ہوا۔
الحاطوم : ہضم کرنے والی دوا (والحطمة والحطمة) سخت سال۔
الحطمة : تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اونٹ وبکریاں۔
الحطيم : کعبہ کے کنارے کی دیوار۔ وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے۔
الحطميات : زرہیں جو ایک شخص حطمة : نامی کی جانب منسوب ہیں اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔
حظ (س) حظا وحظ واحظ : نصیب والا ہونا۔ صفت (حظی وحظيظ ومحظوظ)
الحظ : حصہ۔ بہرہ۔ نصیب۔ حصہ خیر وفضل۔ کبھی حصہ شر کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ دولت مندی، نیک بختی۔ ج حظوظ

وحظاظ واحظ۔
حظب (ن) حظوبا وحظب (س) حظبا. الرجل : موٹا ہونا۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حظب) مؤنث حظبة۔
الحظب : بڑے پیٹ والا پست قد سخت اجڈ۔ بخیل۔ تنگ خو۔
حظره (ض) حظرا الشئ وحظر عليه الشئ : منع کرنا۔ روکنا...... الشئ : محفوظ کرنا۔ (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا) المواشي : باڑہ میں بند کرنا۔ (واحتظر) اپنے لئے باڑہ بنانا۔ احتظر به : بچنا۔
احظر : دوسرے کے لئے باڑہ بنانا۔
حظر. بمعنی حظر : تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔
الحظر : درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں۔ ترکانٹا۔ کہا جاتا ہے "وقع في الحظر الرطب" : یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں۔ "واوقد في الحظر الرطب" اس نے چغل خوری کی۔ "وجاء بالحظر الرطب" وہ بہت مال لایا بہت جھوٹ بولا۔
الحظيرة ج حظائر (والحظار والحظار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو۔ باڑہ۔ "وانه لنكد الحظيرة" : وہ بخیل وبے فیض ہے۔ حظيرة القدس : جنت۔
المحظور : روکا ہوا۔ حرام۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "المحظورات تبيح المحظورات"
حظرب. القوس : سختی سے تانت چڑھانا...... الحبل : مضبوط بٹنا...... السقاء : بھرنا۔
تحظرب : بھر جانا۔
حظل (ن ض) حظلا وحظلانا وحظلانا. عليه : حرکت اور تصرف سے

روکنا۔ (حظلان) المشی: ٹھہر ٹھہر کر چلنا اور کہا جاتا ہے "ھو یحظل حظلانًا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے۔

حَظِلَ (س) حظلاً. البعیرُ: بہت اندرائن کھانا۔ صفت حَظِل: جمع حظالی.

أحظَل. المکانُ: بہت اندرائن والی جگہ ہونا۔

الحَظِل والحظّال والحظول: بخل کی وجہ سے اپنے اہل وعیال پر تنگی کرنے والا۔

حظا (ن) حظوًا: آہستہ چلنا۔

حَظِیَ (س) حُظوۃً وحِظوۃً وحِظۃً بالرزق: حصہ پانا۔ (... واحتظی) رتبہ والا ہونا۔ نصیب والا ہونا۔

أحظاہ: صاحب رتبہ بنانا۔ أحظاہ بالمال: مال کا حصہ دینا۔ أحظاہ علی فلان: فضیلت دینا۔

الحظو: مص۔ حصہ۔

الحظی: صاحب رتبہ۔

الحَظوۃ: چھوٹا تیر۔ درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو۔ ج حِظاء وحَظَوات.

الحِظَۃ: حصہ۔ مرتبہ۔ ج حِظًا وحِظاء۔

الحُظوۃ والحِظوۃ: مص۔ مرتبہ۔

الحظیُّ: وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔

الحظیّۃ. الحظی: کا مؤنث۔ امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی۔ ج حظایا۔

الحُظَیٰ: آہستہ چال۔ کہا جاتا ہے "مشی الحُظَیٰ": وہ آہستہ چال چلا۔

الحُظیّۃ: بے پھل کا چھوٹا تیر۔

الحَظی: جوں۔ واحد (حظاۃ)

الحظی: حصہ۔ ج أحظ و ج أحاظ.

حفّ (ن) حفًّا وحِفافًا. الشیءَ: چھلکا اتارنا۔ ... اللحیۃ: مونڈنا یا کترنا۔ الوجہ: بال دور کرنا۔

حفّ (ن) حفًّا. القومُ الرجلَ وبہ وحولہ: گھیرنا۔ حفّہ. بکذا: احاطہ کرلینا۔

حفّت الحاجۃ: ضرورت لاحق ہونا۔

حفّ (ن) حفیفًا. الشجرۃُ أو الحیّۃُ: سرسراہٹ ہونا۔ حفّت الأرضُ حفوفًا: خشک ہونا۔ ... سمعہ: بہرا ہونا۔ ... اللحیۃ: پراگندہ ہونا۔ حفّ الرجلُ: تیز نظر بد لگانے والا ہونا۔

أحفّ الحفّاظ. رأسہ: مدت تک تیل نہ لگانا۔ ... الرجلَ: برائی سے یاد کرنا۔

حفّف. القومُ حولہ وحفّفوہ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔ ... الرجلُ: جلائے معیشت و کم مال والا ہونا۔ ...ہ بکذا: احاطہ کرنا۔

احتفّ. القومُ بہ: احاطہ کرنا۔

النبتَ: کاٹنا۔ ... الشیءَ: چھلکا اتارنا۔ کہا جاتا ہے "احتفّ جمیع ما فی القِدر": اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھالیا۔

استحفّ. المالَ: سارا لے لینا۔

الحافّ: فا۔ تیز نظر بد لگانے والا۔ سویق حافّ: خشک ستو۔ خبز حافّ: سوکھی روٹی۔ بغیر سالن کے روٹی۔ کہا جاتا ہے "ما لہ حافّ ولا رافّ": اس کے لئے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت کرے۔

الحِفاف: مص۔ جانب۔ نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جاء علی حفافہ": وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔ گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال۔ ج أحِفّۃ: کہا جاتا ہے "کان الطعامُ حفافَ ما أکلوا": کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا۔

الحَفّ: مص۔ (... والحفف) گوشہ۔ نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جاء علی حفّہ او علی حففہ) وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔ "وفلان حفّ علی نفسہ".

الحَفَف: مال کی کمی۔ کہا جاتا ہے "طعام حفف": تھوڑا کھانا۔ "ومعیشۃ حفف" تنگ زندگی۔

الحَفّ: رانچھ۔ دھرکی۔

الحُفافۃ: گرے ہوئے بال وغیرہ۔ بھوسہ کا بقیہ۔

الحَفّان: شترمرغ کے چوزے۔ واحد (حفّانۃ) نوکر چاکر۔ بھرا ہوا برتن۔ کہا جاتا ہے "إناءٌ حفّان" بھرا ہوا برتن۔ وحفّان النعام: شترمرغ کے بچے۔

الحَفّۃ: پوری فیاضی۔ بنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اونٹ کی مقدار خوراک۔ الحفّۃ: گڑھے کے کنارے کی زمین (مولدہ)

المِحفّۃ: عورتوں کی پالکی۔ تخت رواں۔ اشتر بچہ۔

المحفوف: مفع۔ ج محاج۔

الحفیف: سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ۔

حفاہ (ف) حفًا: پچھاڑنا۔

الحَفا: ایک قسم کا پودا جس کی چھال کو قدماء مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔ واحد حفاۃ.

حفتہ (ن) حفتًا: ہلاک کرنا۔ گردن توڑ دینا۔ حفت الشیءَ: کوٹنا۔

الحفث والحِفث. ج أحفاث. و(الحُفّاث) ج حفافیث: ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحفث الحِفث. الحفثۃ) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں۔

الشیءُ: پرندے کے اڑنے یا تیر کے چھٹنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا۔

حفد (ض) حفدًا وحفودًا وحفدانًا واحتفد. فی العمل: جلدی کرنا۔ وحفدہ: خدمت کرنا۔

أحفد. الظلیمُ: تیز دوڑنا۔ دوڑنے پر برانگیختہ کرنا۔

الحفید: پوتا۔ ج حفداء.

الحافد: خادم۔ تابع۔ مددگار۔ پوتا۔ ج حفدۃ وحفد۔ الحفدۃ: نقش ونگار کرنے والا۔

المحفد: اصل۔ کوہان کی جڑ۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ ج محافد (... والمحفد) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن۔ المحفد:

پیانہ کرنے کا پیالہ۔ کپڑے کا کنارہ۔
المَخفُود: مخدوم۔
المُختَفِد. من السیوف: جلدی کاٹنے والی تلوار۔
حَفَرَ (ض) حَفرًا واحتَفَرَ: گڑھا کھودنا۔ حَفَرَ الطَّرِیقَ: چل کر نشان ڈالنا۔ حَفَرَ الشَّیْءَ: تہ تک معلوم کرنا ...... الغَنَمَ: ذلیل کرنا۔
حَفَرَ (ض) حَفرًا وحَفِرَ (س) حَفَرًا وحَفرًا: زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا۔
اَحفَرَ الصَّبِیُّ: دودھ کے دانت گرانا۔ ...... ہ بئرًا: کھودنے میں مدد دینا۔
حَافَرَ. الیَربُوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈنے والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا اور اسی سے مثل ہے "فُلَانٌ اَروَغُ مِن یَربُوعٍ مُحَافِرٍ"۔
تَحَفَّرَ. السَّیلُ: گڑھے ڈالنا۔
اِستَحفَرَ. النَّهرُ: کھودنے کا وقت قریب پہنچنا۔
الحَفْر والحَفَر: کشادہ کنواں۔ دانتوں کی زردی۔ الحَفَر: مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے۔ ج اَحفَار وجج اَحَافِیر۔
الحُفرَة ج حُفَر و(الحَفِیرَة) ج حَفَائِر و(الحَفِیر) گڑھا۔ قبر۔
الحَافِر: فا۔ جانور کا کھر۔ ج حَوَافِر اور "النَّقدُ عِندَ الحَافِرِ": کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی جانور کو خریدو تو بغیر دام ادا کئے ہوئے وہاں سے جدا مت ہو۔
الحَافِرَة. الحافر: کا مؤنث۔ کھودی ہوئی زمین۔ ابتدائی حالت۔ کہا جاتا ہے "الآنَ قَد تَصَنَّفَ وقَد کَانَ نَجِیبًا فِی الحَافِرَةِ": اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتداء میں شریف تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا اور اسی سے ہے "رَجَعَ عَلَی حَافِرَتِهِ اَوفِی حَافِرَتِهِ": یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا۔ یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ اسی میں جتلا ہو گیا۔ "رَجَعَ فِی حَافِرَتِهِ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ "والتَقَی القَومُ فَاقتَتَلُوا عِندَ الحَافِرَةِ" یعنی قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی۔
الحِفرَی: ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔
الحَفَّار: کھودنے والا۔ عموماً گورکن کے لئے مستعمل ہے۔
المِحفَر والمِحفَرَة والمِحفَار: کدال۔
المَحفُور: منھ۔ زرد دانتوں والا۔

حَفَزَهُ (ض) حَفزًا: پیچھے سے دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَفَزَ اللَّیلُ النَّهَارَ": یعنی رات نے دن کو ہٹایا۔ "وحَفَزُوا خَلفَنَا الخَیلَ والرِّکَابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کر دیا ...... ہ: بالرمح: نیزہ مارنا ...... ہ عن کذا: دور کرانا اور جلدی کرانا ...... المرأة: جماع کرنا۔
حَافَزَهُ: زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا۔
تَحَفَّزَ واحتَفَزَ: زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کے لئے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحتَفَزَ فِی مَشیِهِ": اس نے چلنے میں کوشش کی۔
الحَفزُ: مدت۔ کہا جاتا ہے "جَعَلتُ بَینِی وبَینَکَ حَفزًا": میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔
الحَفُوزُ. مِنَ القِسِیِّ: تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔

حَفَسَ (ض) حَفسًا: کھانا۔
تَحَفَّسَ: بستر پر تلملانا۔
الحِفَنسُ والحَفَیسُ: موٹا جس سے کسی چیز کی امید نہ ہو۔ بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا۔ الحَفَیسُ: غضبناک۔

حَفَشَهُ (ض) حَفشًا: چھلکا اتارنا۔ حَفَشَ السَّیلُ الوَادِیَ: بھر دینا۔ المَطَرُ الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا ...... فلانًا: دھکا دینا۔ ...... السَّیلُ: ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔ ...... القَومُ عَلَیهِ: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فِی الامرِ: کوشش کرنا ...... الفَرَسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔
حَفِشَ (س) حَفَشًا. السَّحَابَةُ: یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔
حَفَّشَ وتَحَفَّشَ. الرَّجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔
الحَافِشَة: پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات وحَوَافِش۔
الحِفش: ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحفَاش وحِفَاش۔ اَحفَاشُ البَیتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحفَاشُ الارضِ: جنگلی چوہا۔ گوہ وغیرہ۔ الحِفش: اندام نہانی۔

حَفَصَ (ض) حَفصًا. الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ ...... الشَّیْءَ من یدہ: ڈال دینا۔ گرا دینا۔
الحُفَاصَة: جمع کی ہوئی چیز۔
الحَفص: مص۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحفَاص وحُفُوص۔
الحَفَص: بیر وغیرہ کی گٹھلی۔
المِحفَصَة: چمڑے کا تھیلا۔
الحَفصَة: بجو۔ (الحَفصَة وأُمُّ حَفصَة) ایک قسم کا گدھ۔ (اُمُّ حفصة) مرغی۔

حَفَضَ (ن) حَفضًا. العودَ: موڑنا (وحَفَّضَ) الشَّیْءَ: ہاتھ سے گرانا ...... الارضَ: خشک کرنا ...... القَومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا ...... اللّٰهُ عنه: تخفیف کرنا۔
الحَفَضُ: گھر کا سامان جو بار کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا۔ اونٹ۔ بورا۔ جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَحَفَضُ عِلمٍ": وہ کم علم ہے (اس قول میں علم کو حفض سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے) اور کہا جاتا ہے "نِعمَ حَفَضُ العِلمِ هٰذَا" یہ علم کا جاننے

والا اچھا ہے۔ ج حَفَظَة و حُفّاظ۔
حَفِظَ (س) حِفْظًا. الشَّيْءَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔
...... الكتاب: زبانی یاد کرنا...... السِّرَّ: چھپانا۔
...... المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
حَفَّظَهُ. الكتابَ: یاد کرانا۔
حَافَظَهُ حِفَاظًا و مُحَافَظَةً. على الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا...... عنه: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "إنه لَذُو حِفَاظ وذُو مُحافَظَة": اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔
أَحْفَظَهُ: غصہ دلانا۔
إِحْتَفَظَ: غضبناک ہونا...... به: یاد کرنا۔
...... الشَّيْءَ وبه لنفسه: اپنے لئے خاص کرنا۔
تَحَفَّظَ. عنه ومنه: بچنا...... به الكتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
إسْتَحْفَظَهُ. مالاً او سِرًّا: محفوظ رکھنے کو کہنا۔
الحِفْظ: مص۔ یاد۔ ہوشیاری۔
الحَفِيظَة: نگہبانی۔ تعویذ۔ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔
اهل الحَفَائِظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِيظَة والحِفْظَة: قابل حفاظت چیز کے لئے غضب و حمیت۔
الحَافِظ: فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطريق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافِظُ العَيْنِ": مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفّاظ وحَفَظَة وحافِظُون۔
الحَافِظ والحَفِيظ. من الملائكة: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحفيظ: محفوظ نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الحَافِظَة. الحافظ: کا مؤنث۔ یادداشت کی قوت۔
المُحَافَظَة: غصہ دلانے والا معاملہ۔ ج مَحْفِظَات. المَحْفِظَات: غصیلیں۔

حَفَلَ (ض) حَفْلاً وحُفُولاً وحَفِيلاً. الماءُ: کثرت سے جمع ہونا...... القومُ: اکٹھا ہونا...... الدمعُ: بہت ہونا...... الوادي بالسيل: لبالب بھرنا...... السماءُ: بہت برسانا۔ الشَّيْءَ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَفَلَهُ وما حَفَلَ به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
حَفَّلَهُ: اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا...... الشَّيْءَ: صیقل کرنا...... الناقةَ: تھن میں دودھ جمع ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔
تَحَفَّلَ. اللبنُ: اکٹھا ہونا...... فلانٌ: آراستہ ہونا...... المجلسُ: مجلس کا بھر جانا۔
إحْتَفَلَ. القومُ: جمع ہونا...... المجلسُ بالناس: بھرنا...... الوادي بالسيل: لبالب بھرنا...... الطريقُ: واضح ہونا...... الشَّيْءُ: روشن ہونا...... بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا...... في الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَلَ به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
الحَافِل: فا۔ ضَرْعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن۔
وادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔
جَمْعٌ حافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقةٌ او شاةٌ حافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ وحَوافِلُ۔
الحَافِلَة. الحافل: کا مؤنث۔ دارٌ حافِلَةٌ: ہرا بھرا گھر۔ سُوقٌ حافلةٌ: بھرا ہوا بازار۔
الحَفْل: مص۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عنده حَفْلٌ من الناس": اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمع حُفُول: بڑی جماعت۔
الحَفِيل: بہت۔ جیسے جمع "حَفِيلٌ" بہت جماعت "مكانٌ حَفِيلٌ": بھری ہوئی جگہ۔ "رجلٌ حَفِيلٌ": ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔
الحَفُول: خوبصورت عورت۔ ج حفافل۔
المُحْفَال: بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ بڑی کھجور۔

الحُفَالَة: ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔
حُفَالَةُ الطعام: کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفَالَةُ اللبن: جھاگ۔
الحَفْلَة. اسم المرة اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر حَفْلَتَه": اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ "وجاءوا بحَفْلَتِهم وبِحَفِيلَتِهم" وہ سب کے سب آ گئے۔
الحَفْلَى: عام دعوت۔
المَحْفِل: مجلس۔ ج مَحَافِل (والمَحْفَل) جمع ہونے کی جگہ۔ مَحْفِلُ الامر: معاملہ کا بڑا حصہ۔
الحَفَلَّق: کمزور۔ بے وقوف۔
حَفَنَ (ض) حَفْنًا. الشَّيْءَ: لپ بھر لینا...... له: لپ بھر دینا۔
إحْتَفَنَ. الشجرة: جڑ سے اکھیڑنا۔ الشَّيْءَ لنفسه: لینا...... من الشَّيْءِ: بہت لینا...... الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔
الحَفْنَة والحُفْنَة: لپ بھر۔ والحُفْنَة: گڑھا۔ ج حُفَن۔
حَفَا (ن) حَفْوًا. فلانًا: دینا۔ حَفَاهُ من الشَّيْءِ: روکنا۔ منع کرنا۔ حَفَاهُ اللّٰهُ به: عزت دینا۔ حَفَا البرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا...... شاربه: خوب اچھی طرح مونڈنا۔
حَفِيَ (س) حَفًا: زیادہ چلنے سے پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حفٍ وحافٍ) ج حُفَاة...... الفرسُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا...... حِفَاوَة وحَفَاوَة وحِفَايَة وتَحَفَّايَة واحتفى به: عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حَفِيَ عنه: حالت بہت پوچھنا۔
حَافَاهُ. مُحَافَاة: گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔
أَحْفَى إحْفَاءً: گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا...... السُّؤالَ: بار بار دہرانا

اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا ......
إليه في الوصية : مبالغہ کرنا ..... بہ: عیب
لگانا ..... شاربه : کترنے میں مبالغہ کرنا۔
تحفّى في الشّيْ : کوشش کرنا ..... لهٗ: بہت
اکرام کرنا۔
تحاقّا۔ الى السّلطان : فیصلہ کے لئے
جانا۔
إحْتَفى : ننگے پاؤں چلنا۔ جوتا اتارنا ......
البقل : چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے
اکھیڑنا ..... القوم المرعى : چراگاہ میں کچھ
نہ چھوڑنا۔
إستحفى۔ ہ عن كذا : کسی شخص سے کسی چیز
کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا۔
الحَفاء : کھر یا پاؤں کی گھسائی۔
الحَفاية والحُفوة والحِفية : بمعنی الحفاء۔
الحَفِيُّ : کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم
رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہار خوشی میں
مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے
متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے
میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج حُفواء۔
حَقّهٗ (ن) حقًّا : حق میں غالب ہونا۔
حق الامر : ثابت کرنا ..... الخبرَ : حقیقت
پر مطلع ہونا ..... العقدة: باندھنا ..... الرجل :
وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا ......
الطريق : وسط راستہ چلنا۔
حَقّ (ض) حقًّا۔ عليه ان يفعل كذا :
واجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حقّ لك ان تفعل
كذا وحققت ان تفعل كذا" یعنی اس کا کرنا
تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق
ہو۔
حَقّ (ن ض) حقًّا وحقّةً۔ الامرُ : ثابت و
واجب ہونا ..... الحاجة : سخت پیش آنا۔
خَدَعَه (ف) خِدْعًا و خَدْعًا: دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ..... الضَّبُّ فی جُحْرِه: داخل ہونا ..... المطرُ: کم ہونا ..... الرَّجُلُ: کم مال والا ہونا۔ داد و دہش سے رکنا ..... الــسوق: بازار کا ماند پڑنا۔ رائج ہونا (ضد) ..... الامورُ: مختلف ہوجانا ..... الشــمسُ: غائب ہونا ..... الطریقُ: غیر معلوم ہونا۔

..... الشَّیئُ: خراب ہونا ..... الثوبُ: موڑنا۔
..... الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا۔
اَخْــدَعَــه: دغا بازی پر اکسانا ..... الشَّیئَ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
خَــادَعَــهُ مُــخَــادَعَــةً وخِــدَاعًا والمُخَادَعَة وتَــخَــادُعَــةً: دھوکا دینا۔ خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا۔ تَخَدَّعَ لَه: حکلف مدد کرنا۔
تَــخَــادَعَ: فریب خوردہ ظاہر کرنا ..... القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِنْــخَــدَعَ: فریب خوردہ ہونا۔ دھوکے پر راضی ہونا ..... بِه: دھوکا کھا جانا ..... الــسوقُ: بازار کا ماند پڑ جانا۔
الــخَــدِیْــعَة: ج خَــدَائِــع و(الــخُــدْعَة والخِداع): فریب۔ دھوکا۔ مکر و حیلہ۔
الخُدَعَة: لوگوں کو دھوکا دینے والا۔
الخُدَعَة والخَدَّاع والخَیْدَع: بہت دھوکا دینے والا۔ سَــنَــةٌ خَــدَّاعَة: کم پیداوار والا سال۔
الــخَادِع و فا: طریقٌ خَادِعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ دیــنــار خَادِعٌ: کھوٹا دینا۔
الخَادِعَة: مؤنث۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ۔ مکان کے اندر کوٹھری۔
الاَخْدَع: اسم تفضیل۔ الاَخْــدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لَاُقِیْــمَنَّ اَخْدَعَیْــکَ" میں تمہارے تکبر کو دور کردوں گا۔ و "فُــلانٌ شَدِیْدُ الاَخْدَعِ" فلاں بڑا گردن کش ہے۔ ج اَخَادِع۔
الخَیْدَع: وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ کیا جائے۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو۔ چمکتی ہوئی ریت۔ فریب دینے والا بھیڑیا۔
الخَدُوع: بہت فریب دینے والا۔
طَــرِیــقٌ خَــدُوْعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے۔ ج خُدُع۔
المِخْدَع والمُخْدَع والمَخْدَع: کوٹھری جو بڑے کمرے کے اندر ہو۔ ج مَخَادِع۔
المُــخَــدَّع: تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو۔
الخَدْعُوْنَة: کدو کا ٹکڑا۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا: تیز چلنا۔
خَدَفَــت الــسَّــمَــاءُ بــالثلج: برف گرانا
(..... واخْتَدَفَ) الشَّیْئَ: اچک لینا۔
الخَدْف: مص۔ کشتی کا چپو۔
خَدِلَتْ (س) خَــدَلًا وخَــدَالَةً وخُدُوْلَةً الساقُ: پر گوشت ہونا۔
سَاقٌ خَدْلَة: پر گوشت پنڈلی۔
خَدَمَه (ض ن) خِدْمَةً وخَدْمَةً: خدمت کرنا۔ صفت (خادم) ج خُــدَّام وخَــدَم: مؤنث خادِم وخادِمَة۔
اَخْدَمَه: خادم دینا۔
خَدَّمَ الرَّجُلُ امراَتَه: پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَه: خدمت لینا۔ خادم بنانا۔
اِخْتَدَم: اپنی خدمت کرنا ..... ہ: خادم مانگنا۔ خادم بنانا۔
اِسْــتَخْدَمَــه: خادم بنانا ..... الرجلَ: خادم مانگنا۔
الخِدْمَة: وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا۔
الــخَدَمَة: پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں کا حلقہ۔ کہا جاتا ہے "فَضَّ اللّٰهُ خَدَمَتَهُم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کر دے۔
(..... والخِدَامَة): حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے۔ ج خَدَم وخِدَام وخَدَمات۔
الخَادِمِیَّة: نوکری۔
المَخْدُومِیَّة: آقائی۔
الخُدَّام: نوکر۔
الخَدِیْم: نوکر۔ غلام۔
الاَخْــدَم: گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو۔ مؤنث خَدْماء۔ الخَدْماء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں۔
الــمَخْدُوم: مطیع۔ آقا۔ مولی۔ [illegible]

مَخْذُوم: وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں۔
المُخَدَّم والمُخَلْخَمَة: پازیب پہننے کی جگہ۔ تسمہ۔ عورت کے پاجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا۔ قوم مُخْذَمُوْن: بہت لوٹ کر جانے والے لوگ۔
خَادَنَهُ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔ ساتھی بننا۔
الخِدْن: دوست۔ یار۔ ساتھی (مذکر و مؤنث) ج أخْدَان.
الخَدِيْن: دوست۔ یار۔ ساتھی۔
الخُذَنَة: لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا۔
خَدَى (ض) خَدْيًا وخَدَيَانًا. الفرسُ او البعيرُ: تیز دوڑنا۔
أخْدَى إخْدَاءً: آہستہ آہستہ چلنا۔
الخَذَا: کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے۔ واحد (خَذَاة)
الخُدَيْوِيُّ: عزیز مصر کا لقب۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ۔ وزیر۔ سردار۔
خَذَا وخَذِيَ (س) خَذْأً وخُذُوءً او خَذَاءةً واسْتَخْذَأَ. لَهُ: فروتنی کرنا۔ تابعدار ہونا۔
أخْذَأَه: ذلیل کرنا۔ تابع بنانا۔
الخَذَأ: نفس کی کمزوری۔
خَذَّ (ن) خَذِيْذًا. الجرحُ: پیپ بہنا۔
الخُذْرَة: پھرکی۔
خَذْرَفَ: جلدی چلنا۔۔۔۔۔۔هُ بالسيف: جسم کے اطراف کاٹنا۔۔۔۔۔۔الاناءَ: بھرنا۔
تَخَذْرَفَه. النوى: پھینک دینا۔ تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا۔
الخُذْرُوف: تیز چلنے والا۔ پھرکی۔ اس کو خُرَّارَة بھی کہتے ہیں۔ اُونٹوں کا گلہ۔ اُونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "تركت السيوف رأسه خَذَارِيْف" تلواروں نے اس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔
رجلٌ (مُتَخَذْرِف) اچھے اخلاق والا مرد۔
خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ. اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کئے ہوئے کاشیں تراشنا۔
تَخَذَّعَ: کٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَذَّعُوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
الخُذْعَة: زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔
الخُذَيْعَة: ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
المِخْذَعَة: چھری۔
الخَيْذَع: عیب۔
خَذْعَبَ وخَذْعَلَ. البِطِّيخَ ونحوه: پھانکیں کرنا۔
الخُذْعُوبَة والخُذْعُولَة: پھانک۔ قاش۔
خَذَفَ (ض) خَذْفًا. بالحصاة ونحوها: انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔
تَخَاذَفَت. عيناه بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔
الخَذَافَة: زہر۔
المِخْذَفَة: گوپھن۔ غلیل۔
الخَذُوف. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اڑائے جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اٹھائے۔ ج خُذُف.
الخَذَفَان: تیز رفتاری۔
خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا. الدابةُ: تیز چلنے کے لئے تاجھونا۔۔۔۔۔۔البازي: بیٹ کرنا۔
الخَذْق: گوبر۔ لید۔
خَذَلَ (ن) خَذْلاً وخِذْلانًا وخِذْلاَنًا. فلانًا وعنه: مدد چھوڑنا۔ صفت (خَاذِل) ج خُذَّال: صفت مفعول (مَخْذُول) ج مَخَاذِيْل. خَذَلَتِ الظَّبْيَةُ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خَاذِل وخَذُول) (خَذَلَ عنه أصحابه): مدد چھوڑنے پر اکسانا۔
۔۔۔۔۔۔ه: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔
خَاذَلَه مُخَاذَلَةً: مدد چھوڑنا۔
تَخَاذَلَ. القومُ: باہم مدد چھوڑنا۔۔۔۔۔۔رِجلاه: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔
الخُذَّال: زیادہ مدد چھوڑنے والا۔
الخُذَلَة: وہ شخص جس کی مدد بہت چھوڑ دی جائے۔
الخَذُول: بہت مدد چھوڑنے والا۔
رجلٌ خَذُول الرجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دے دیا ہو۔
خَذَمَ (ض) خَذْمًا وخَذَّمَ. الشيءَ: جلدی سے کاٹنا۔
خَذِمَ (س) خَذَمًا: نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِيْم): کٹنا۔
خذِم (س) خَذَمًا: تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
أخْذَمَ: ذلت کا اقرار کرنا۔۔۔۔۔۔ه الشرابُ: مست کر دینا۔
تَخَذَّمَ. الشيءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔۔۔۔۔۔الشيءَ: تکلف سے کاٹنا۔
إنْخَذَمَ: قاطع ہونا۔۔۔۔۔۔الشيءُ: کاٹنا۔
الخِذْذَم ج خُذُم و(الخَذِيم والمِخْذَم والمُخَذَّم)۔۔۔۔۔۔مِنَ السيوف: کاٹنے والی تلوار۔
الخُذَامَة: چیز کا ٹکڑا۔
المِخْذَم: کاٹنے کا اوزار۔
خَذَا (ن) خَذْوًا وخَذِيَ (س) خَذًى: ڈھیلا ہونا۔۔۔۔۔۔لحمُه: گٹھا ہونا۔۔۔۔۔۔الاذنُ: لٹکا ہوا ہونا۔
إسْتَخْذَى: تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔
الأخْذَى: ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذْوَاء) لٹکے ہوئے کان۔
خَرَّ (ن ض) خَرِيْرًا. الماءُ او الريحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) النائمُ: خراٹے لینا۔
خَرَّ (ن ض) خَرًّا وخُرُوْرًا: اوپر سے نیچے گرنا۔ خَرَّ لِلّٰهِ ساجدًا: سجدہ میں گر پڑنا۔۔۔۔۔۔لوجهه: گرنا۔۔۔۔۔۔الرجلُ: مرنا۔۔۔۔۔۔عليه: غیر معلوم جگہ سے اچانک آ پڑنا۔
أخَرَّهُ إخْرَارًا: گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضربه بالسيف فأخَرَّه" اس نے اسے تلوار مار کر گرا دیا۔
إنْخَرَّ: ڈھیلا ہونا۔
الخُرّ: کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں

سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِزَرَة۔
(..... والخرثیّ): چکّی کا سوراخ۔
الخَرْوَرُ: چکّی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں۔
المَخْوَرُ: جمع۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخْوِرَة۔
المِخْرَاطُ: بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث خَرَّازَة۔ الخَرَّازَة: پھرکی۔
خَرِیَ (س) خَرْأً وخِرَاءَةً وخُرُوءاً: پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرِئَتْ بَیْنَهُم الضِّبَعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی۔
الخُرْءُ ج خُرُوْءٌ و (الخِراء): پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔
المَخْرَأةُ والمَخْرُأةُ والمِخْرَأةُ: پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخَارِیْ۔
خَرِبَ (س) خَرَبًا وخَرَابًا۔ البیتُ: اجاڑ ہونا۔ صفت (خَرِبٌ) مؤنث خَرِبَةٌ۔
(..... خَرَبًا) الرَّجُلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخْرَبُ) مؤنث خَرْبَاءُ ج خُرْبٌ۔
خَرَبَهُ (ض) خَرْبًا: ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔
خَرَبَ (ض) خِرَابَةً وخَرَابَةً وخَرَبًا وخُرُوْبًا: چور ہونا۔ صفت (خَارِبٌ) ج خُرَّابٌ۔
خَــرَّبَ۔ البیتَ: ویران کرنا۔ ڈھانا .....
المزادةَ: سوراخ کرنا۔
اَخْرَبَ۔ البیتَ: غیر آباد کرنا ..... المکانُ: خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ۔ الدُّوْدَةُ الشجرةَ: سوراخ کرنا۔
اِسْتَخْرَبَ۔ الرَّجُلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا ..... اِلَیْهِ: مشتاق ہونا ..... الشَّیْءُ: سوراخ دار ہونا۔
المَخْرِبُ: ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَرِبُ العِظَامِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے۔ "وَهُوَ خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے۔ "وَهُوَ خَرِبُ الاَمَانَةِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے۔ رجلٌ (خِرْبِیَان) بزدل مرد۔
الخُرْبُ والخُرْبَةُ والخُرَّابَةُ والخُرْبَةُ: سرین کا گڑھا۔ سوئی کا ناکہ اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ۔ ج خُـــرَبٌ واَخْرَابٌ وخُرُوْبٌ۔
الخُرْبُ والخَرْبَةُ والخُرْبَةُ: چمڑے کا تھیلا۔ دین کی خرابی۔
الخَرْبَةُ: کجی۔ عیب۔ لغزش۔ باعث شرم چیز۔ دینی خرابی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَاحِبُ خَــرْبَةٍ" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے اور اسی سے ہے "لحی الله ادنانا الی کل خَرْبَةٍ" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو دین کی ہر خرابی کے قریب کر دیا۔ "وما رَاَیْنَا مِنْ فُلَانٍ خَرْبَةً فِیْ دِیْنِهِ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔ ج خَرَبَات۔
الخِرْبَةُ والخَرِبَةُ: ویران جگہ۔ ج خَرِبَات وخِرَبٌ وخَرِبٌ وخَرَائِبُ۔ الخِرْبَةُ: چور کی ہیئت۔
الخَرَابُ: ویران۔ ج اَخْرِبَة واَخْرِبَاءُ۔
خُرَّابَةٌ وخُرَّابَةٌ۔ الاِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔
الخَرُّوْبُ والخُرْنُوْبُ: ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَةٌ وخُرْنُوْبَةٌ۔
الخَوَارِبُ: بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ شہد کے چھتے کے سوراخ جس میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ اس کا مفرد خَــرْرُوْبٌ ہے (صحیح خَوَارِیْبُ بالنون ہے)
الخَرْبَدُ: کھٹا جما ہوا دودھ۔
الخِرْبِزُ: خربوزہ۔
خَرْبَشَ خَرْبَشَةً۔ الکتابَ او العملَ: بگاڑنا۔
مُخَرْبَشٌ۔ الخطُّ: تحریر جو بگاڑ دی گئی ہو۔
خَرْبَصَ۔ الاشیاءَ: الگ الگ کرنا ..... المالَ: لے کر چمپت ہو جانا۔
الخَرْبَصَةُ: جوان و پر گوشت عورت۔
خَرْبَقَ: چلنے میں جلدی کرنا ..... الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ..... العملَ: بگاڑنا۔
الثوبَ: پھاڑنا ..... البیتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَقُ: ایک قسم کی گھاس جس کی چھال بار تنگ کے مشابہ ہوتی ہے اور دو قسم کی ہوتی ہیں سیاہ و سفید۔
اِخْرَنْبَقَ: سر جھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔
خَرَتَ (ن) خَرْتًا۔ الاُذُنَ: سوراخ کرنا ..... الارضَ: راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا: ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْتُ والخُرْتُ: سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "اَضْیَقُ مِنْ خُرْتِ الاِبْرَةِ" و "اِجْعَلِ الفَوْدَ فِیْ خُرْتِ الفَاْسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی۔ ج اَخْــــرَات وخُرُوْت ذئبٌ خُرُتٌ: تیز بھیڑیا۔
الخِرِّیْتُ: ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو۔ ج خَــرَارِیْت وخَرَاتِیْت۔
المَخْرَتُ: واضح راستہ۔
المَخْرُوْتُ: مقطع۔ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا۔
المُخَرْتَاءُ: بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت۔
الخِرْثِلَةُ: سرخ چیونٹی۔
الخُرْثِیُّ: ردی و گھٹیا سامان۔ خُرْثِیُّ الکلام: بے فائدہ گفتگو۔
خَرَجَ (ن) خُرُوْجًا ومَخْرَجًا۔ مِنْ موضعه: نکلنا ..... فی العلم: فائق ہونا ..... به: نکالنا ..... علیه: جنگ کے لئے نکلنا ..... والرَّعِیَّةُ علی المَلِکِ: سرکشی و بغاوت کرنا ..... الی فلانٍ مِنْ دَیْنِهِ: ادا کر دینا۔
خَرَّجَهُ مِنَ المکانِ: نکالنا ..... الارضَ: خراج مقرر کرنا ..... المسئلةَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا۔
الولدَ فی الاَدَبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا

......العملَ : ایک دوسرے کے بخلاف مختلف قسم کے کر دینا۔ الغلامُ اللوحَ : کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا...... الرّاعِیَةُ المرتعَ : کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

اَخْرَجَ. الشَّیْئَ : نکالنا......الرجلُ: خراج ادا کرنا... الـرّاعِیَةُ الـمرتعَ : کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا۔

خَـارَجَ. الـسَّیِّدُ عَبْدَہ : ہر مہینہ رقم معین کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔

تَخَارَجَ. الشُّرَکَاءُ : آپس میں تقسیم کرنا۔

تَـخَرَّجَ. الـوَلَـدُ فی الاَدَب : تربیت یافتہ ہونا۔ صفت مُتَخَرِّج۔

اِخْتَـرَجَ. الشَّیْئَ : نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا... فلانًا: نکلنے کو کہنا۔

اِخْـرَجَّ واخْـرَاجَّ. الحیوانُ : سیاہ وسفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخـــــرَج) مؤنث خَرْجاءُ.

اِسْتَـخْرَجَ. الشَّیْئَ : استنباط کرنا......ہ: نکلوانا... ...الـمسئلۃَ: حل کرنا...... اُسْتُـخْرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔

الخَرْج : خراج۔ بعضوں کے نزدیک خَرْج اور خراج میں فرق ہے۔ خرج : وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہے۔ خـــــرج : اوّل اوّل گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخراج.

الخَرْجَۃ. خروج : کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔

الخُرْج. خرجی. ج خِرَجَۃ.

الـــخَـــرَاج. مـثـلـۃ الـخـــاء : زمین کا محصول۔ جزیہ۔ ج اَخْرَاج واَخْرِجَۃ وج آخاریج.

الـخُرَّاج : پھوڑا پھنسی۔ واحد(خُرَّاجَۃ) ج خُرّاجات.

خَـرَّاج ولاّج وخُـرَجَۃٌ وُلَجَۃ : بہت نکلنے والا۔ بہت داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔

الخَارِج : ہر چیز کا ظاہر۔ نکلنے والا۔

الـــخَـــارِجَۃ. الـخـارج : کا مؤنث۔ ج خـــارِجَـــات وخَوَارِج. الـخَوَارِج : باغی لوگ۔ جماعت سے نکلے ہوئے لوگ۔

الـخَارِجِیّ : بیرونی۔ وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ کا باغی۔ جماعت کا مخالف۔ مذہب خوارج کا معتقد۔

الـخَـارِجِیَّۃ. الخَـارجی : کا مؤنث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں۔

الـمُخَرَّج والخِرِّیج والمُتَخَرِّج : تربیت یافتہ۔

الـخُـرُوج : مص۔ یـوم الـخـروج : عید کا دن۔ قیامت کا دن۔

الـــمَـخْـرَج : مص۔ نکلنے کی جگہ۔ پاخانہ کا مقام۔ ج مَخَارِج۔ والمَخرج عند القُرّاء والصرفیین: منہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔

المُخْرَج : مطلع۔ نکلنے کی جگہ۔

خَرْخَرَ. النَّائِمُ : خراٹے لینا......النمرُ او الـسِّـنَّوْرُ: آواز کرنا۔

تَـخَـرْخَرَ. بطنُہُ : بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔

الخَرْخَر : پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔

الخَرْخَار : کثرت سے بہتا ہوا پانی۔

خَـــرِدَت (س) خَـــرَدًا وتَـخَـــرَّدَت.

الجَارِیَۃُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔

خَـــرِدَ واَخْـــرَدَ. الـرَّجُـلُ : زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو کرنا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخْرَدَ الی اللّھو : مائل ہونا۔

الـخَـرِیْـد والـخَـرِیْـدَۃ والخَرُوْد : باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَرَائِد وخُرُد وخُرُد. صوت خَـــرِیـــد : نرم آواز جس میں شرم وحیاء کی آمیزش ہو۔ لولؤ خرید: بے سفید موتی۔

الـخَرِیْدَۃ : ناسفتہ موتی۔ ج خَرائد وخُرُد وخُرُد.

الخُرْدَۃ: معمولی اسباب تجارت۔

الـخُـرْدِجی : خردہ بیچنے والا۔ معمولی تاجر۔ بساطی۔

خَرْدَق. العمل : بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے۔ فصیح خَرْبَق ہے۔

الخُرْدُق : چیرو ج خَرادِق (دخیل)

خَرْدَل. الطعامَ : اچھا صحبہ کھانا......اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الخَرَادِل : گوشت کے ٹکڑے۔

لـــحـــم (خَـــرَادِیـل) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔ الخَرْدَل: رائی۔ واحد(خردلۃ)

خَرَزَ (ن ض) خَـرْزًا. الـجلدَ: ستالی سے سینا۔

خَرِزَ (س) خَرَزًا: کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔

الـخَـرَز : پوت جس کو لڑی میں پرو لیا جائے۔ شیشہ کے چھدے ہوئے دانے پتھر کے نگ واحد(خَــــرَزَۃ) خَرَزَۃُ الظھر : ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خَــرَزَات الـملک: شاہی تاج کے جواہر۔

الـــخُـرْزَۃ : سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز.

الخِرَازَۃ : موچی کا پیشہ۔

الخَرّاز : موچی۔

طـائـر (مُـخَرَّز) پرندہ جس کے بازوؤں پر نقطے ہوں۔

المِخْرَز : ستالی۔ ج مَخَارِز.

خَرِسَ (س) خَـرَسًا: گونگا ہونا۔ خَرْسًا : منکے سے چپّا۔

اَخْرَسَہُ اللّٰہُ : گونگا کرنا۔ اَخْرَسَتِ الارضُ واسْتَخْرَسَت : ناقابل زراعت ہونا۔

خَـــرَّسَ. عـلـی الـنـفـســاء : زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔

تَخَارَسَ : گونگا بننا۔

تَـخَـرَّسَت. النفساءُ : زچہ کا اپنے لئے کھانا

تیار کرنا اور اسی سے مثل ہے "خَرْسِی یا نَفْسِی لا تَخْرُسِی لَکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔
الخُرْس والخِرَاس: بچہ کی پیدائش کا کھانا۔
الخُرْسَة والخُرْسَة: زچہ کا کھانا۔ اچھوانی۔
الخَرَس والمِخْرَس: مٹکا۔ ج خُرُوس
الخِرْس: نا قابل زراعت زمین۔
الخَرَّاس: مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا۔
الخَرُوس: زچہ کہ جس کے لئے اچھوانی تیار کی جائے۔
الأخْرَس: گونگا۔ ج خُرْس وخُرْسَان وأخارِس مؤنث خرساء۔ لَبَنٌ أخرَس: جما ہوا دودھ کہا جاتا ہے۔ "وَلَّانِي عُرْضًا أخْرَسَ أمْرَس" یعنی اُس نے مجھ سے منہ پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی۔
الخَرْسَاء: مصیبت۔ بغیر گرج و چمک کے بادل۔ رَجُلٌ (خَرِس): رات کو نہ سونے والا مرد۔
خَرَشَهٗ (ض) خَرْشًا وخَرَّشَهٗ وخَارَشَهٗ مُخَارَشَةً وخِرَاشًا وإخْتَرَشَهٗ: خراش لگانا ..... ہ السِّهَامُ: کاٹنا۔ خَرَشَ وخَرَّشَ العَصَا: چھڑی کو ڈنڈے سے کھینچنا۔
خَارَشَ الكَلْبُ: برا محنت کرنا۔ خَرَشَ وإخْتَرَشَ لِعِيَالِهٖ: بال بچوں کے لئے کمائی کرنا۔
إخْتَرَشَتِ الجِرَاءُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ خَارَشَهٗ الشَّيْءَ وإخْتَرَشَ مِنْهُ الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا۔
تَخَارَشَتِ الكِلَابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور نوچنا۔
الخَرَش: مکھی۔ واحد (خَرَشَة): گھر کا ردی سامان۔ ج خُرُوش۔
الخُرَاشَة: برادہ۔
الخِرْشَاء: سانپ کی کینچلی۔ انڈے کا چھلکا۔ غبار۔ خِرْشَاءُ العَسَل: موم۔ شہد کہ جس میں مری مکھیاں پڑی ہوں۔ ج خَرَاشِي۔

المُخْرَنْشِ والمُخْرَنْطِش: مڑے ہوئے سرکا اژدہا۔ عوام اس کو تَخْكُورَة: کہتے ہیں۔
خَرْشَبَ العَمَلَ: کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔
الخُرْشُعَة: پہاڑ کی چھوٹی چوٹی۔ ج خَرَاشِع وخَرَاشِيع۔
الخَرْشَفَة: گفتگو کی گڑبڑی۔ حرکت۔ ..... (والخَرْشَاف) سخت زمین کہ جس میں چلنا دشوار ہو۔
الخَرْشُوف: ایک قسم کی نباتات۔
الخُرْشُوم: وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی نوک۔ بڑا پہاڑ۔ ج خَرَاشِيم۔
خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا: جھوٹ بولنا۔ فی الأمر: انکل سے کہنا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَصَ النَّخْلَةَ" اس نے درخت خرما کے پھلوں کا انکل سے اندازہ کیا۔
خَرُصَ (ك) خَرَاصَةً الشَّيْءَ: درست کرنا۔
خَرِصَ (س) خَرَصًا: بھوک و سردی والا ہونا۔ صفت (خَرِصٌ وخَارِص)
تَخَرَّصَ وإخْتَرَصَ: تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا۔ توشہ دان میں رکھنا۔
الخَرْص: اندازہ۔ تم کہتے ہو "کم خرص ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے۔ توشہ دان۔ چھوٹا نیزہ۔ بھالا۔ مٹکا۔ ٹوکری۔
الخِرْص والخُرْص ج خِرْصَان وخُرْصَان: سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ..... ج خِرَاص وأخْرَاص: درخت خرما کی شاخ۔
الخُرْص والخُرْص والخُرُص: شہد نکالنے کی لکڑی۔ ج اخراص۔
الخُرْصَة: حصہ۔ زچہ کا کھانا۔
الخِرْنِص: ٹھنڈا پانی۔ درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی۔ شہر کی ایک جانب۔
الخَرَّاص: جھوٹا۔
المِخْرَص: نیزہ۔ ج مَخَارِص۔

خَرَطَ (ن ض) خَرْطًا۔ الوَرَقَ: ہاتھ سے مار کر پتے جھاڑنا ..... العُنْقُودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا ...... الشَّجَرَةَ: کھینچ کر پتے جھاڑنا ..... العُودَ: خراد سے ہموار کرنا ..... الحَدِيدَةَ: عمود کی مانند لمبا کرنا۔ الجَوَاهِرَ: تھیلے میں جمع کرنا ...... البَازِيَ: شکار پر چھوڑنا ..... الرَّجُلَ فِي الأمْرِ: کسی کام میں لگانا ..... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا ..... الدَّلْوَ فِي البِئْرِ: لٹکانا ..... الإبِلَ فِي المَرْعَى: چرنے کے لئے چھوڑنا ...... جَارِيَةً: جماع کرنا ..... بِطْنِهٖ: گوز کرنا ...... عَبْدَهٗ عَلَى النَّاسِ: ایذا رسانی کے لئے مقرر کرنا۔
خَرَطَهٗ (ن) وخَرَّطَهٗ۔ الدَّوَاءُ: اسہال لانا۔
خَرِطَتْ (س) خَرْطًا وأخْرَطَتْ۔ الشَّاةُ أو النَّاقَةُ: بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا ..... خَرِطَ بِالطَّعَامِ: پھندا لگنا۔
تَخَرَّطَ۔ فِي الأمُورِ: دلیری (خودسری) کرنا۔
إنْخَرَطَ۔ الجِسْمُ: لاغر ہونا۔ إنْخَرَطَتِ الخَرَزَةُ فِي السِّلْكِ: پرویا جانا۔ إنْخَرَطَ فِي المَكَانِ: جلدی سے داخل ہونا ..... مِن: نکلنا ..... الصَّقْرُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ بَطْنُ الإنْسَانِ: پیٹ چلنا۔ کہا جاتا ہے "إنْخَرَطَ عَلَيْنَا بِالقَبِيحِ" وہ ہمارے اوپر فحش گوئی کے ساتھ متوجہ ہوا۔
إخْتَرَطَ۔ السَّيْفَ: سونتنا ..... العُنْقُودَ: انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا۔
إسْتَخْرَطَ فِي البُكَاءِ: پھوٹ پھوٹ کے رونا۔
الخَرَّاط: خراد کا کام کرنے والا۔ بڑا جھوٹا۔
الخَرَط: سارے جسم کی کمزوری۔ جانوروں کی ایک بیماری جو ان کے تھن میں ہوتی ہے اور اس سے جما ہوا دودھ نکلتا ہے۔
الخَرُوط: منہ زور جانور۔ ج خُرُط: بے عقلی و نادانی سے کاموں میں دخل دینے والا۔

الخِرَاطَة: خراد کے کام کا پیشہ۔
الخُرَاطَة: برادہ۔
الخَرِيطَة: تھیلا۔ ملک کا نقشہ۔ اٹلس۔ خریطہ کو خارطہ بھی کہتے ہیں اور عربی مصوّر یا مُخطّط ہے۔
الخَرِطَانُ: انگوری جس کو جانور کھاتے ہیں اور امریکی لوگ اس کا مشروب پیتے ہیں۔
المُخْرِط: وہ بکری یا اونٹنی جس کو خورط کی بیماری لاحق ہو۔ ج مَخارِيط۔
المِخْرَطَة: خراد کرنے کا اوزار۔ ج مَخارِط۔
المَخْرُوط: ملیح۔ کم داڑھی والا۔ لمبا چہرہ جس میں عرض کم ہو۔
بئر مخروطة: تنگ منہ کا کنواں۔
الخِرْطِيط: منقش پروں والا پروانہ۔ ج خَراطِيط۔
الخُرْطُوم و الخُرْطُم: سونڈ۔ جلدی نشہ لانے والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے سے پہلے نکلے۔ خراطیم القوم: سرداران قوم۔
خَرْطَمَه: سونڈ پر مارنا۔
اِخْرَنْطَم: ناک بلند کرنا۔ غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
الخَرَاطِين: زمین کے اندر بسنے والا کیڑا جو کہ زمین کو زراعت والی بناتے میں فائدہ مند ہے۔
خَزَعَهُ (ف) خَزْعًا: پھاڑنا۔
خَرِعَ (س) خَرَعًا. الشَّيءُ: ٹوٹنا۔
وانْخَرَعَ وتَخَرَّعَ الرَّجُلُ: سست ہونا۔ ناقص رائے ہونا۔ کمزور جسم ہونا۔ انخرعت القناة: پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
خَرُعَ (ک) خَرَاعَةً وخَرْعًا وخُرُوعًا: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا۔ صفت خَرِعٌ وخَرِيعٌ۔
خَرَّعَ. الثوبَ: عصفر (کسم) سے رنگنا۔
اِخْتَرَعَ. الشَّيءَ: پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا اور اس سے (المخترعة) ہے۔
..... فلانا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
..... السَّحَابَةُ: دوسرے کے جانور کو چند دن کام میں لانا اور پھر واپس کر دینا۔
الخَرَاعَة: مس۔ بے باکی۔
الخِرْوَع: ارنڈی کا پودہ جس سے کسٹرآئل تیار ہوتا ہے۔ ہر وہ پودہ جو نرمی سے دوہرا ہو جائے۔ واحد خِرْوَعَة۔
الخُرَاع: اونٹنی کی دیوانگی۔ اونٹنی کی پیٹھ کی شکستگی۔
الخَرُوع والخَرِيع والخِرْوَع. مِنَ النساء: نزاکت سے جھک جھک جانے والی عورت۔ ج خَرائِع وخُرُوع. عَيْش خَرْوَع: آسودہ زندگی۔ رجل خَرِيع: کمزور مرد۔ ناقة خريع ومَخْرُوعَة: اونٹنی جس کو دیوانگی لاحق ہو۔
خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ک) خَرَفًا: بڑھاپے کی وجہ سے فاسد العقل ہونا۔ صفت (خَرِف) مؤنث (خَرِفَة)
خَرَفَ (ن) خَرْفًا وخِرَافًا وخَرَافًا ومَخْرَفًا. الثمرَ: چننا۔
خُرِفَت. الارض: موسم خریف کی بارش ہونا۔ صفت (مَخْرُوفَة)..... البَهائمُ: موسم خریف کا آنا یا ان کے چرنے کے لائق گھاس اگانا۔
خَرَّفَه. خَرَّفَ: (فساد عقل) کی جانب نسبت کرنا۔
خَارَفَهُ مُخَارَفَةً وخِرافًا: موسم خریف میں معاملہ کرنا۔
أَخْرَفَهُ: بگاڑنا۔ فاسد کرنا۔ أخْرَفَت الشاةُ: موسم خریف میں بچہ دینا۔ أخرف الرجلُ: موسم خریف میں داخل ہونا۔..... الثمرُ: پھل توڑنے کا وقت آ پہنچا۔
اِخْتَرَفَ. الثمرَ: چننا..... في المكان: موسم خریف میں اقامت کرنا۔
الخَرَاف والخِرَاف: پھلوں کے چننے کا زمانہ۔
الخُرَافَة: بے عقلی کی ہنسی لانے والی باتیں۔
الخَرُوف: بکری کا بچہ۔ ج خِرَاف وأخْرِفَة وخِرْفان۔
الخَرُوفَة: بکری کا مادہ بچہ۔ درخت خرما جس کا پھل توڑا جائے۔
الخُرْفَة: چنا ہوا میوہ۔
الخَرِيف: موسم خریف۔ گرمی اور جاڑے کے درمیان کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش اور نسبت کے لئے (خَرِيفِيٌّ وخَرَفِيٌّ وخَرْفِيٌّ): چنی ہوئی کھجور۔
الخَرِيفَة: درخت خرما جس سے تر کھجوریں چنی جائیں۔
الخُرَافَة: باطل بات۔ ج خُرافات: چنا ہوا پھل۔
المِخْرَف: چھوٹی ٹوکری۔ جس میں عمدہ کھجوریں چن کے رکھی جائیں۔
المَخْرَفَة: درخت خرما کی دو قطاروں کے درمیان کا راستہ۔ ج مَخارِف: بڑھاپے کی وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخَارِف. مِن الرجال: محروم۔
خَرْفَشَ. الشيءَ: ملانا۔ خلط ملط کرنا۔
خَرَقَ (ن ض) خَرْقًا. الثوبَ: پھاڑنا..... فلانا بالرمح: نیزہ مارنا..... الكَذِبَ: جھوٹ گھڑنا..... المفازةَ: طے کر کے انتہا تک پہنچنا..... العادةَ: عادت کے خلاف کرنا..... البناء وفي البناء: روشن دان کھولنا..... الريحُ: تیز چلنا..... الرجلُ: جھوٹ بولنا۔
خَرَقَ (ن) خُرُوقًا. في البيت: لگاتار قیام کرنا۔
خَرِقَ (س) خَرَقًا: خوف یا شرم سے دہشت زدہ ہونا۔ صفت (خَرِق)..... في البيت: لگاتار قیام کرنا..... الغزالُ او الطائرُ: اٹھنے یا اڑنے سے عاجز ہونا۔
خَرِقَ (س) خَرُقَ (ک) خَرَاقَةً: بے وقوف ہونا۔ ادھورا کام کرنا۔ صفت (أخْرَق) مؤنث خَرْقاء۔
خَرَّقَهُ: پھاڑنا۔ خَرَّقَ الرجلُ: بہت جھوٹ بولنا۔
أخْرَقَهُ: دہشت زدہ کرنا۔

تَخَرَّقَ وانْخَرَقَ واخْرَوْرَقَ : جھوٹ گھڑنا۔ وتَخَرَّقَ الكذب : جھوٹ گھڑنا۔
تَخَرَّقَ فِي الكَرَم : بے حد فیاضی کرنا۔
تَخَرَّقَت وانْخَرَقَتِ الريحُ : تیز چلنا۔
اِخْتَرَقَ الارضَ : زمین میں ایک طرف کو بغیر راستہ کے چلنا ...... القومَ : قوم کے درمیان سے چلنا ...... الكذبَ : جھوٹ گھڑنا۔
الخَرْقُ : مص۔ سوراخ۔ کشادگی۔ بغیر گھاس پانی کا بیابان۔ کشادہ زمین جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج خُرُوق۔
الخِرْقُ : ج اَخْراق وخُرَّاق وخُرُوق و(الخِرِّيق) : فیاض۔ سخی۔
الخُرْقُ والخَرَقُ والخُرْقَة : رائے کی کمزوری۔ نادانی و بے وقوفی۔ سختی۔ نَوْمَةُ الخُرَق : چاشت کے وقت کی نیند۔ اس کو نومة الخرق : اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس وقت سونے سے عبادت رہ جاتی ہے۔
الخِرْقَة : کپڑے کا ایک ٹکڑا۔ ج خِرَق : چیتھڑا۔ دھجی۔
الخَارِق : قاعدہ جو مقتضائے عادت کے خلاف ہو۔ ج خَوارِق۔
الخَرِيق والخَرْوَق : ٹھنڈی تیز ہوا۔
الخَرِيق : نرم ہوا۔ ج خُرُق : وادی کا کشادہ حصہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔
الخَرْقَاء : اَخْرَق کا مؤنث۔ کشادہ زمین۔ تیز ہوا۔
المَخْرَق : بے گھاس پانی کا بیابان۔ ج مَخارِق۔ مَخارِق کا استعمال عام طور پر بدن کے منافذ جیسے منہ ناک وغیرہ پر ہوتا ہے۔
المَخْرَقَة : جھوٹ۔
المِخْرَاق : خوبصورت بدن والا۔ فیاض۔ تجربہ کار۔ ج مَخارِيق۔ المَخارِيق : وہ کپڑا جس کو بٹ کر بچے کھیلا کرتے ہیں۔
المُتَخَرِّق : تیز رفتار۔
المُخْتَرَق : گزرگاہ۔ مُخْتَرَقُ الرياح : ہوا کے چلنے کی جگہ اور کہا گیا ہے "مكانٌ خاوِيُ المُخْتَرَق" یعنی ایسی جگہ جہاں کوئی چلنے والا نہ ہو۔

خَرَمَهُ (ن) خَرْمًا : شگاف ڈالنا۔ سوراخ کرنا۔ خرم الخَرَزَة : توڑنا ...... ہ : ناک کی درمیانی ہڈی پھاڑنا ...... الاَعْرابيَّة : ناک کر توڑ دینا ...... عن الطريق : ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "خَرَمَتْهُ الخَوارِمُ" یعنی وہ مرگیا۔ و"ما خَرَمْتُ مِنْهُ شيئًا" میں نے اس میں سے کچھ کم نہیں کیا۔
خَرِمَ (س) خَرَمًا : نتھنوں کے بیچ کی چھدری ہوئی ہڈی والا ہونا۔ صفت (اَخْرَم)
خَرُمَ (ک) خَرَامَةً : شوخ و بے باک ہونا۔ صفت (خارِم وخَرِيم)
خَرَّمَ. الخَرَزَة : سوراخ کرنا۔
تَخَرَّمَ : لوٹنا۔
تَخَرَّمَهُ واخْتَرَمَهُ : ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اِخْتَرَمَهُ المرضُ : لاغر کرنا۔
تَخَرَّمَهُ واخْتَرَمَتْهُ المَنِيَّةُ : اس کو موت نے لے لیا۔
اُخْتُرِمَ. عنَّا : مرنا۔
اِنْخَرَمَ. الأنف : نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا چھدنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْخَرَمَ ذلِكَ القَرْنُ" یہ زمانہ ختم ہوگیا۔
الخَرْمُ : مص۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ ج خُرُوم۔
الخُرْمَان : جھوٹ۔
الخُرْمَة : ناک میں چھدنے کی جگہ۔
الخُرْمَاء : چھدا ہوا کان۔ عنزة خرماء : بکری جس کا کان عرض میں پھاڑ دیا گیا ہو۔
الخَوْرَمَة : انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔
الأَخْرَم : موٹے کا کنارہ۔ شاعر روم کا لقب۔
الأَخْرَمَان : اوپر کے جبڑے میں دو سوراخ دار ہڈیاں۔
المَخْرِم : پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج مَخارِم۔ مَخارِمُ الليل : رات کے ابتدائی حصے۔

خَرْمَشَ. الكتابَ : مٹانا۔ بگاڑنا۔
خَرْنَقَهُ. بالسيف : تلوار سے مارنا۔
الخِرْنِق : جوان خرگوش۔ ج خَرانِق۔
الخَوَرْنَق : بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس۔ ایک نباتات۔

خَزَّ (ن) خَزًّا. الحائطَ : دیوار پر کانٹے رکھنا ...... خَزَّ الصَّمرُ يَخِزُّ : چھوکھٹا ہونا۔ صفت (خازّ) (...... واخْتَزَّه) بالرمح : نیزہ مارنا ...... کہا جاتا ہے "خَزَّهُ واخْتَزَّهُ بِبَصَرِهِ" اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔
الخَزُّ : ریشم۔ ریشم اور اُون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج خُزُوز۔
الخُزَز : نر خرگوش۔ ج خِزّان واخِزَّة۔
الخَزْخَز : بہت ہی خشک عوسج (عوسج ایک کانٹے کا نام ہے)
الخَزَّاز : ریشم فروش۔
المَخَزَّة : خرگوشوں کی جگہ۔

خَزِبَ (س) خَزَبًا وتَخَزَّبَ. الجلدُ : بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِب) ...... الشاةُ : سوجے ہوئے تھنوں والی ہونا۔ صفت (خَزِبَة وخَزْباء)
الخَيْزَب والخَيْزَبان : نرم گوشت۔ ایک ٹکڑے کو (خَيْزَبة وخَيْزَبانة) کہتے ہیں۔
الخَيْزَبان : شتر مرغ کا نر بچہ۔
الخَزْبَة : سونے کی کان۔
الخِزْباز والخازِباز. مبني على الكسرة : ایک قسم کی مکھیاں جو باغوں میں ہوتی ہیں۔ باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔

خَزَرَ (ن) خَزْرًا : انکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت (خازِر)
خَزِرَتْ (س) خَزَرًا. عينُه : تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر) مؤنث خَزْراء ج خُزْر۔
خَزَّرَ. خَزَّرَ الرجلُ : بھاگنا۔
خَزَّرَ. الشيءَ : تنگ کرنا۔
تَخَازَرَ : نگاہ تیز کرنے کے لئے پلکوں کو

سیٹنا۔

الخَزَز: آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں اور اسی سے ہے "بَحر الخَزَر" یعنی بحر کیسپین۔

الخَزَرة والخُزرة: پیٹھ کا درد۔

الخُزرَة: بدترین قسم کا بھینگا پن جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشے کی جانب اُلٹ جاتا ہے۔

الخَیزُران: بانس۔ نیزے۔ نرکل۔ ہر نرم لکڑی۔ لکڑی جس سے ملاح کشتی کو چلاتا ہے۔ واحد (خَیزُرانة) ج خَیازِر۔

الخَیزُور: نرکل۔

الخَوزَرَی والخَیزَرَی: ایک قسم کی چال ناز و انداز کے ساتھ۔

خَزرَق فی مشیته: ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

خَزَعَ (ف) خَزعًا وتَخَزَّعَ الشَّیءَ: کاٹنا۔۔۔۔عن القوم: پیچھے رہ جانا۔ خَزَعَ منه شیئًا: لینا۔ تَخَزَّعوا الشَّیءَ: باہم تقسیم کرنا۔

خَزَّعَ الشَّیءَ: کاٹنا۔۔۔۔الشیءَ بینهم: تقسیم کرنا۔

اِنخَزَعَ الحبلُ: نصف سے کٹ جانا۔ ۔۔۔۔الرَّجُلُ: بڑھاپے یا کمزوری کی وجہ سے جھکنا۔

اِختَزَعَهُ: لینا۔۔۔۔ه عن القوم: جدا کر لینا۔

الخُزاع: موت۔

الخَزَعة: ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔

الخِزعة: گوشت کا ٹکڑا۔

الخُزاعة: ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹا جائے۔

الخَوزَع: بڑھیا۔

الخَوزَعة: ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔

الخَزُوع: وہ شخص جو لوگوں کے مال کو اڑا لے۔

الخَزعَبَل والخُزعَبِیل والخُزعُبِیل: خوش طبعی کی باتیں۔ باطل باتیں۔

الخُزعَبلة: خوش طبعی و مذاق۔

خَزعَل فی مشیه: لنگڑانا۔۔۔۔الماشی: پاؤں کو جھاڑنا۔

الخَزعَل: بجو۔

الخُزعالة: خوش طبعی و کھیل کود۔

خَزَفَ (ض) خَزفًا فی مشیه: ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔۔۔۔الثوبَ: پھاڑنا۔۔۔۔الشیءَ: چیرنا۔

الخَزَف: واحد (خَزَفة) ٹھیکری۔ مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزّاف والخَزَفیّ: مٹی کے برتن بنانے والا یا بیچنے والا۔

خَزَقَهُ (ض) خَزقًا: آہستہ نیزہ مارنا۔ خَزَقَه بالسهم: تیر مارنا۔ خَزَقَ الطائرُ: بیٹ کرنا۔۔۔۔الشیءَ فی الارض: گاڑنا۔

تَخَزَّقَ وانخَزَقَ: چھدنا۔

اِختَزَقَ السیفُ: ننگی ہونا۔ میان سے نکل پڑنا۔

الخازق: فا۔ نیزے کا پھل۔

الخازُوق: تیز سرے کا ایک لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کی دبر میں داخل کرتے تھے اور وہ اس پر مر جایا کرتا تھا۔ ج خَوازِیق: مولدین نے اسی سے فعل "خَوزَق" بنایا ہے۔

المِخزَقة: چھوٹا نیزہ۔

خَزِکَ (س) خَزکًا: اصرار کرنا۔

خَزِلَ (س) خَزَلًا: خمیدہ پشت ہونا۔ صفت (اَخزَل و مَخزُول)

خَزَلَ (ض) خَزلًا الشیءَ: کاٹنا۔۔۔۔ه عن حاجته: روکنا۔

تَخَزَّلَ: کٹنا۔ بوجھل چلنا۔۔۔۔السَّحابُ:

الاِختِزال: علم حساب میں حذف کرنا اور کثیر کو قلیل کی طرف لانا۔ کسر اور اختصار

اِنخَزَلَ: گرانباری سے چلنا۔۔۔۔فی کلامه: رک جانا۔۔۔۔عن الجواب: لاپروائی کرنا ۔۔۔۔مِنَ المکان: علیحدہ ہونا۔

اِختَزَلَ الشیءَ: کسی چیز کو کاٹ لینا۔ ۔۔۔۔ه: عیب لگانا۔۔۔۔برایه: علیحدہ رائے رکھنا۔۔۔۔ه عن قومه: علیحدہ کرنا۔۔۔۔الوَدیعة: واپسی سے عذر کر کے خیانت کرنا۔

الخَزَلة: خمیدگی پشت۔

الخُزَلة: مراد سے روکنے والا۔

الخَوزَلی والخَیزَلی: ایک قسم کی چال جس میں ناز و انداز ہو۔

خَزَمَ (ض) خَزمًا اللآلی: پرونا۔ ۔۔۔۔(وخَزَّمَ) البعیرَ: ناک میں حلقہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "خَزَمَ انفَ فلانٍ" یا "جَعَلَ فی انفه الخِزامة" فلان کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی تابع و مسخر کر لیا۔

خازَمَهُ مُخازَمةً الطریقَ: دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ ملنا۔

تَخَزَّمَ الشوکُ فی رجله: چبھنا۔

تَخازَمَ الجیشان: دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الخَزَم: ایک درخت جس کی چھال سے رسی بنتے ہیں۔

الخُزامَی والخُزام: ایک قسم کی نباتات جس کا پھول بہت خوشبودار ہوتا ہے۔

الخِزامة: باریک چھلا جس سے دو تسموں کو باندھا جائے۔ ج خَزائم۔

الخَزُومة: گائے۔ یا چھوٹے قد اور زیادہ عمر والی گائے۔

الاَخزَم: نر سانپ۔

شراک (مَخزُوم): کٹا ہوا تسمہ۔

خَزَنَ (ن) خَزنًا واختَزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا۔۔۔۔السرَّ: چھپانا۔۔۔۔اللسانَ: زبان روکنا۔ اِختَزَنَ الطریقَ: قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔

خَزَنَ (ن) خَزنًا وخُزُونًا وخَزِنَ (س) خَزَنًا وخَزُنَ (ک) خَزانةً۔ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَزِنٌ)

اَخزَنَ: جماع کے بعد مال دار ہونا۔

اِستَخزَنَ۔ المالَ: ذخیرہ کرنے کو کہنا۔

اِستَخزَنَ المالَ: ذخیرہ کرنا۔

الخِزَانَةُ والخِزَانَةُ : ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ ج خَزَائِن۔ الخِزَانَةُ: خزانچی کا پیشہ۔
الـخَازِن : ق۔ ذخیرہ کرنے والا۔ خَـازِن الأَمِيـر : خزانچی۔ ج خَـزَنَة و خُـزَّان.
الخازِن: ترجمان۔
الـمَخْزَنَة والـمَخْزُونَة : خزانہ۔ ذخیرہ کیا ہوا مال۔
الخَزَّان : دیان۔
الـمَخْزَن : ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَخَازِن۔
مَخَازِنُ الطريق: مقصود کی طرف قریب ترین راستہ۔
خَـزَاه (ن) خَـزْوًا: غالب آنا۔ سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی سے روکنا۔ دشمنی کرنا۔
خَزَا الدَّابة: سدھانا۔
خَزِيَ (س) خِـزْيًـا و خَزًى : ذلیل ہونا۔ مصیبت میں مبتلا ہونا۔ خَـزِيَةً و خَزِيَ مِنْه خَـزَايَةً و خَزًى : شرم کرنا۔ صفت (خَزٍ): مؤنث خَـزِيَةٌ و (خَزْيَان) مؤنث خَزْيَاء ج خَزَايَا.
خَزَاهُ (ض) خَزْيًا۔ ہ: شرمندگی میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ بہت زیادہ رسوا ہونا۔
خَازَاهُ مُخَازَاةً : شرمندگی میں ڈالنا۔
أَخْـزَاه إِخْزَاءً : شرمندگی میں ڈالنا۔ ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا اور جب کوئی شخص کوئی پسندیدہ فعل کرے تو کہا کرتے ہیں "أَخْـزَاهُ اللّٰهُ مَا أَشْعَرَهُ" جیسے کہ کہتے ہیں "قَاتَلَهُ اللّٰهُ مَـا أَفْـصَحَـهُ" ان جیسی دعاؤں میں معنیٰ کا اعتبار نہیں ہوتا۔
اِسْتَخْزَى : شرم محسوس کرنا۔
الخِزْي : ذلت۔ رسوائی۔ عذاب۔ دوری۔
الـخِـزْيَةُ والـخَزْيَة : بلاء۔ مصیبت۔ ذلیل کن عادت۔
الـمَخْزَاة : باعثِ رسوائی و شرمندگی۔
خَسَّ (س) خَـسَاسَةً و خُـسُـوسَةً و خِسَّـةً : رذیل ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا۔ صفت (خَسِيس) ج خِسَاس و أَخِسَّة.
خَسَّ (ن) خَسًّا و خَسَّسَ.
نَصِيبَه: حصہ کم کرنا۔
أَخَـسَّ : گھٹیا کام کرنا۔۔۔۔ ہ : رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔ أَخَسَّ حَظَّهُ: حصہ کم کرنا۔
تَـخَـاسُّوا۔ الشَّيْءَ : کسی چیز کو آپس میں لینا دینا اور اس کی طرف سبقت کرنا۔
اِسْتَخَسَّهُ : رذیل پانا۔ حقارت کرنا۔
الـخَسُّ : خس۔ خَسُّ الحِمَارِ و خَسُّ البَقَرِ : دو جنگلی گھاس کے نام۔
الـخُسَـاس : ہر وہ چیز جس کو لوگ آپس میں دے لیں۔
الخُسَاسَة : تھوڑا مال۔
الـخَسِيـسَـةُ الـخَسِيـس کا مؤنث۔ ج خَسَائِس و خَسَائِسُ الأُمُور : حقیر باتیں۔
شَـيْءٌ (خَسَاسٌ و مَخْسُوس) معمولی گھٹیا چیز۔
الخُنَّسَان : ستارے جو غائب نہ ہوں۔ جیسے بنات النعش۔
خَسَـأَ (ف) خَسْـأً۔ الكَلْب : دھتکارنا۔ (۔۔۔۔ خَسْـأً و خُسُـوْءًا) البصرُ: چندھیا جانا۔ نگاہ کا تھک جانا (۔۔۔۔ و خَسِـيَ (س) خَسَـأً) و اِنْخَسَـأَ الكَلْبُ: دور ہونا۔ دھتکارا جانا۔
خَاسَأَ مُخَاسَأَةً و تَخَاسَأً و تَخَاسَؤُوا۔ القومُ: آپس میں ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخَسِيءُ : گھٹیا اون وغیرہ۔
الخَاسِئ : ق۔۔۔۔ مِنَ الخَنَازِير و الكِلَاب: دھتکارے ہوئے کتے و سور جو لوگوں کے قریب نہ آنے دیئے جائیں۔
الخَيْش : خیمہ۔ اون کا بنا ہوا کمبل۔
خَسِرَ (س) خَسْـرًا و خُسْـرًا و خُسْـرًا و خَسَـارًا و خَسَـارَةً و خُسْـرَانًا : نقصان اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (خَاسِرٌ و خَسِيرٌ و خَسْـرِي)
خَسَرَ (ض) خَسْـرًا و خُسْرَانًا.
الـمِيزَانَ : کم کرنا۔ گھٹانا۔۔۔۔ الـمالَ: ضائع کرنا۔
خَسَّـرَهُ و أَخْسَـرَهُ : نقصان کرنا۔ گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا۔ أَخْسَرَ الرجُل : نقصان میں پڑنا۔ أَخْسَرَ المِيزَانَ : گھٹانا۔ کم کرنا۔
الخَاسِر : ق۔ كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ : غیر مفید حملہ۔
الـخَـنْسَر و الخُنْسَرِيُّ : وہ شخص جو نقصان میں ہو۔ ج خَنَاسِرَة.
خَسِـعَ خَسْعًا۔ عنه كذا : کسی سے کسی چیز کو دور کیا جانا۔
خَـاسِعُ القَوْمِ و خَسِيعُهُم : قوم کا خسیس ترین فرد۔
خَسَفَ (ض) خُسُـوفًا۔ المكانُ : دھنس جانا۔۔۔۔ القمرُ : گہن لگنا۔۔۔۔ العَيْنُ : آنکھ کا جاتا رہنا یا اندر کو دھنس جانا۔۔۔۔ السَّـقْفُ : گرنا۔۔۔۔ الشَّيْءُ : کم ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: دبلا ہونا۔ خَسَفَ فِي الأَرْضِ و خُسِفَ بِه : زمین میں دھنسنا۔۔۔۔ خَسَـقَ الشَّيْءَ : کاٹنا۔۔۔۔ العينَ : پھوڑنا۔۔۔۔ اللّٰهُ الارضَ : مع ساری چیزوں کے دھنسا دینا۔۔۔۔ اللّٰـهُ الأَرْضَ بِفُلَانٍ: زمین میں دھنسا دینا۔ البئر : پتھریلی زمین میں کنواں کھودنا جو ہمیشہ جاری رہے۔۔۔۔ فلانًا: ذلیل کرنا۔ ناپسندیدہ امر پر مجبور کرنا۔ خَسَفَ الشَّيْءَ فَانْخَسَفَ : پھاڑنا اور پھٹنا۔ (لازمی و متعدی)
أَخْسَفَتْ و انْخَسَفَتْ۔ عَيْنُهُ : اندھی ہونا۔۔۔۔ الارضُ : مع ساری چیزوں کے دھنس جانا۔۔۔۔ البئرُ: گر جانا۔
الـخَسْف : نقص۔ عیب۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "سَامَهُ خَسْفًا و خُسْفًا" اس نے اس کو ذلیل کیا اور اس کو مشقت کی تکلیف دی۔
الخَسْف : کنوئیں کا سوت۔
الـخَاسِف : ق۔ دھنسی ہوئی آنکھ۔ بیماری کی وجہ سے لاغر۔ بھوکا۔ ج خُسُف.
الـخَسْف و الـخُسَف : اخروٹ واحد (خَسْفَة)۔ کہا جاتا ہے "بَـاتُـوا عَلَى الـخَسْف" انہوں نے فاقہ سے رات گزاری ہو "شَرِبْنَا عَلَى الخَسْف" بغیر کچھ کھائے ہوئے ہم نے پیا۔
الـخَسِيف ج أَخْسِفَة و خُسُف و (الـخَسُوف) ج خُسُف۔ مِنَ الآبار :

کنواں جو چٹان میں کھودا جائے اور اس کا پانی ختم نہ ہو۔ والخسيف مِنَ العُيُون: دھنسی ہوئی آنکھ مِنَ النُّوق: بہت دودھ والی اونٹنی جس کا دودھ جاڑے میں جلدی ختم ہو جائے۔ مِنَ السَّحاب: بہت پانی کو لے کر اٹھنے والا بادل۔

خَسَق (ض) خَسقًا وخُسُوقًا. السهمُ: اچھی طرح نافذ نہ ہونا۔

الخَسَّاق: بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوخَسَقَاتٍ فِي البَيعِ" وہ کبھی بیع کو جاری کرتا ہے۔ کبھی فسخ کرتا ہے۔

خَسَلَهُ (ن) خَسْلاً: رذیل کرنا۔ دور کرنا۔

الخُسَالَة والخُسَالَة: ہر چیز کا ردی حصہ۔

الخَسِيل: فرومایہ۔ رذیل۔ ج خِسَال وخُسَائِل.

الخُسَّل والخُسَّال: کمینے و کمزور لوگ۔

المُخَسَّل والمَخْسُول: رذیل۔ حقیر۔

خَاسَى مُخَاسَاةً واخْسى إِخْسَاءً وخَسَى تَخْسِيَةً......ہ: اخروٹ سے باہم طاق و جفت کھیلنا۔

الخَسَا: طاق۔ ج الأَخَاسِي: (خلافِ قیاس) کہا جاتا ہے "خَسَا أَوْزَكَا" یعنی طاق یا جفت۔

الخَسِيّ: اون یا کپڑا یا خیمہ۔

خَشَّ (ن) خَشًّا. فيه: داخل ہونا...... السحابُ: تھوڑی بارش برسنا......زيدًا: تیز مارنا......البعيرَ: اونٹ کی خشاش ڈالنا۔ (دیکھئے لفظ "خشاش")

اِنخَشَّ. فيه: داخل ہونا ...... بَينَ القَوم: گھل مل جانا۔

الخَشّ: مص۔ تھوڑی بارش۔ شگاف۔ کھردری چیز۔ بپارے۔

الخُشّ: ٹیلہ۔

الخَاشّ: نا۔ الخُشّ: کا واحد بمعنی پیادہ۔

الخَشَاش: کیڑے مکوڑے۔ پہاڑی سانپ۔ ایک قسم کی لکڑی جس کو اونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں۔ واحد (خَشَاشَة) غضب۔ کہا جاتا ہے "خَشَّكَ خَشَاشَةً" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ خَشَاشَا الشَّيءِ: چیز کے دونوں کنارے۔ ج أَخِشَّة.

الخُشَاش: ردی۔ گھٹیا۔ بہادر۔

الخَشْنَاء: گارے اور کنکر والی زمین۔ ج خَشْنَاوَات وخَشَاشِيّ.

الخُشَشَاء: کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی۔

المِخَشّ: دلیر مرد جو رات کی ہولناکیوں میں کام کرے۔ دلیر گھوڑا۔

الخِشْف والخُشَف: ہرن کا بچہ جو چلنے لگے۔

خَشَبَ (ض) خَشْبًا. الشَّيءَ بالشَّيءِ: ملانا ...... الشَّيءَ: چھانٹنا۔ صاف کرنا...... السَّيفَ: صیقل کرنا (...... واخْتَشَبَ) الشِّعْرَ: آمد کے مطابق بغیر تنقیح کے اشعار کہنا۔

اِخْتَشَبَ السَّيفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

خَشُبَ. الشَّيءُ: موٹائی میں لکڑی کی مانند ہونا۔

تَخَشَّبَ: چراگاہ سے سوکھی گھاس چرنا۔ السَّيفَ: تلوار کو لکڑی جیسا بنانا۔

اِخْشَوْشَبَ: لکڑی کی مانند سخت ہونا۔ في عَيشِهِ: مشقت پر صبر کرنا۔

الخَشَب: موٹی لکڑی۔ ج خُشُب وخُشْب وخُشْبَان.

الخَشِيب والأَخْشَب: موٹا کھردرا۔ عَيشٌ خَشِبٌ: ناپسندیدہ زندگی۔

الخَشَّاب: لکڑی بیچنے والا۔ ج خَشَّابَة.

الخَشْبَاء: سخت زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارہ ہو۔

الخَشِيب مِنَ السُّيُوف: تلوار جو ابھی ڈھالی گئی ہو۔ صیقل کی ہوئی تلوار۔ ردی گھٹیا۔ صاف کی ہوئی چیز...... مِنَ القِسِيّ: تراشی ہوئی کمان۔ ج خُشُب وخَشَائِب.

المَخْشُوب: مخلوط نسب والا۔ وہ شخص جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہوئی ہو۔ وہ شخص جو اچھے طریقے سے کام نہ کرتا ہو۔

المَخْشَلَب: موتا۔ پست قد۔

الخَشْتَل: سخت ٹیلہ۔

الخَشْتَق: کتان۔ ریشم۔ چوغلہ۔

خَشْخَشَ خَشْخَشَةً وتَخَشْخَشَ. السِلَاحُ او الحُلِيُّ: جھنکار ہونا...... فلانٌ بَينَ الشَّجَرِ وبَينَ القَومِ: داخل ہوکر غائب ہو جانا۔

الخَشْخَاش: پوست کا پودہ۔ واحد (خَشْخَاشَة)

خَشَرَ (ض) خَشْرًا: دسترخوان پر ردی چیز چھوڑنا...... الشَّيءَ: کسی چیز سے اس کے ردی حصہ کو دور کرنا۔

خَشِرَ (س) خَشَرًا: بزدلی سے بھاگنا۔ حریص ہونا۔

الخُشَار والخُشَارَة: ہر چیز کا ردی حصہ۔ دسترخوان کا بچا کھچا۔ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو۔ رذیل لوگ۔

خَشَارَة. النَّاسِ: رذیل لوگ۔ واحد (الخَاشِر)

خَشْرَبَ خَشْرَبَةً: ادھورا کام کرنا۔

خَشْرَمَ. الضَّبُعُ: کھانے میں چرچر کرنا۔

الخَشْرَم: شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کی جماعت۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں۔ ج خَشَارِمَة.

الخُشَارِم: موٹی آواز۔ بڑی ناک۔

خَشَعَ (ف) خُشُوعًا. له: فروتنی کرنا۔ عاجزی کا اظہار کرنا۔ صفت (خَاشِع) ج خُشَّع وخَشَعَة وخَاشِعُون...... بَصَرَهُ: پست کرنا...... بَصَرُهُ: نگاہ کا پست ہونا...... الصَّوتُ: آواز کا پست ہونا...... الشَّمسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا...... الوَرَقُ: پتے مرجھانا...... الأَرضُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔

إِخْشَعَهُ: کسی کو فروتنی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَخَشَّعَ: فروتنی کرنا (...... وتَخَاشَعَ):

فروتنی دکھانا۔

اِخْتَشَعَ : کسی کے سامنے سر جھکاتے ہوئے فروتنی کرنا۔

الخَاشِعُ فَلْتَكَانُ خَاشِعٌ : وہ جگہ جس کا راستہ نہ ملے۔ بَلْدَةٌ خَاشِعَةٌ : وہ شہر جس میں اُترنے کی کوئی جگہ نہ ہو۔ جِدَارٌ خَاشِعٌ : دیوار جو گر کر زمین کے ہموار ہو گئی ہو۔

الخِشْعَةُ : بچہ جو مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر نکالا گیا ہو۔

الخُشْعَةُ : پست ٹیلہ۔ ج خُشَع۔

خَشَفَ (ن ض) خُشُوْفًا وَخَشَفَانًا : ملک میں جانا اور غائب ہو جانا۔ رات میں چلنا۔ السَّمَاءُ : جمنا۔۔۔۔ البَرَدُ : تیز ہونا۔۔۔۔ وانْخَشَفَ فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا۔

خَشَفَ (ض) خَشْفَةً بِالقَوْمِ : ساتھ چلنا اور راہبری کرنا۔ (۔۔۔۔ خَشْفًا وَخَشَفَةً)۔۔۔۔ الجَلِيْدُ : برف پر چلنے سے آواز نکلنا۔۔۔۔ فِي السَّيْرِ : تیز چلنا۔

خَشِفَ (س) خَشَفًا. البَعِيْرُ : پورے بدن پر خارش والا ہونا۔ صفت (أَخْشَفُ) : مؤنث خَشْفَاءُ۔ ج خُشْف۔

خَشَّفَ : راستہ بتلانا۔

خَاشَفَ. إِلَى الشَّرِّ : برائی کی طرف سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فِي بَلِيَّتِهِ" اس نے بدعہدی کرنے میں جلدی کی۔

خَاشَفَ السَّهْمُ : سنسناہٹ سنائی دینا۔

أَخْشَفَتِ. الظَّبْيَةُ : بچہ والی ہونا۔

الخَاشِفُ. فَا. سَيْفٌ خَاشِفٌ : تیز تلوار۔ مَاءٌ (خَاشِفٌ وَخَشُوْفٌ) : جما ہوا پانی۔

الخِشْفُ. بِحَلِيْبِ الخَاءِ : ہرن کا نوزائیدہ بچہ۔ ج خِشَفَة (۔۔۔۔ والخُشَفُ) : سبز رنگ کی مکھی۔ واحد (خُشَفَة)

الخَشْفُ والخَشَفَةُ والخَشْفَةُ : آواز۔ حرکت۔ آہٹ۔ الــخَشْفُ : ذلت۔

الخِشْفُ والخُشُفُ : گھٹیا قسم کا اُون۔

الخَشُوْفُ : معاملات میں دخل دینے والا۔۔۔۔ مِنَ الرِّجَالِ : رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔۔۔۔ مِنَ السُّيُوْفِ : تیز تلوار۔

الخُشَّافُ : چمگادڑ۔

المَخْشَفُ : وہ جگہ جہاں پانی جم گیا ہو۔

المِخْشَفُ : راہبر۔ معاملات میں دخل دینے والا۔ رات کے وقت چلنے میں دلیر۔ تیز۔

خَشَلَهُ (ن) خَشْلًا وَخَشْلَةً : حقیر بنانا۔

خَشَلَ الشَّرَابَ : صاف کرنا۔

خَشِلَ (س) خَشَلًا. الثَّوْبُ : بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّلَ : ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ ردی چیز لانا۔

الخَشْلُ والخَشَلُ : ردی۔ المُخَشَّلُ : ہر جوفدار چیز۔ خالی کیا ہوا انڈا۔ واحد (خَشَلَة) : کہا جاتا ہے رجل (خَشْلٌ فَشْلٌ وخَشِلٌ فَشِلٌ) : کمزور مرد۔

خَشَمَهُ (ض) خَشْمًا : ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا وَخُشُوْمًا : چوڑی ناک والا ہونا۔۔۔۔ الأَنْفُ : بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا وَخَشَّمَ وَأَخْشَمَ وَتَخَشَّمَ. اللَّحْمُ : بدبودار ہونا۔ خَشَّمَهُ الشَّرَابُ : ناک کی جڑ میں شراب کی بو پہنچ کر مست کر دینا۔

الأَخْشَمُ : چوڑی ناک والا۔ بو محسوس نہ کرنے والا۔ أَنْفٌ أَخْشَمُ : بدبودار ناک۔ مؤنث خَشْمَاءُ ج خُشْم۔

الخَيْشُوْمُ : ناک کی جڑ۔ ج خَيَاشِيْم۔

الخَيَاشِيْمُ : ناک کے اندر کی رگیں۔ خَيَاشِيْمُ الجِبَالِ : پہاڑوں کی چوٹیاں۔ کہا جاتا ہے "اِنْطَرَقَتْ خَيَاشِيْمُ الجِبَالِ"۔

المُخَشَّمُ : شیر۔ بڑی ناک والا۔ بڑا پہاڑ جس کی بڑی چوٹی نکلی ہوئی ہو۔

رَجُلٌ (مَخْشُوْمٌ) مست مرد۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَةً خَشَانَةً وَخُشُوْنَةً وَمَخْشَنَةً : سخت و کھردرا ہونا۔۔۔۔ صفت (خَشِنٌ) ج خِشَان۔

خَشَّنَهُ : سخت و کھردرا بنانا۔ کہا جاتا ہے "خَشَّنَ صَدْرَهُ" اس نے اس کو غصہ دلا کر بھڑکا دیا۔

خَاشَنَهُ : سختی کا برتاؤ کرنا۔

تَخَشَّنَ : سخت کھردرا ہونا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔

تَخَاشَنَ : بتکلف سختی برتنا۔

اِسْتَخْشَنَ. الشَّيْءَ : کھردرا پانا۔

اِخْشَوْشَنَ : سخت کھردرا ہونا۔ عَلَيْهِ صَدْرُهُ : غضبناک ہونا۔

الخَشِيْنُ : سخت طبیعت والا۔

الأَخْشَنُ : سخت و کھردرا۔ مؤنث خَشْنَاءُ ج خُشْن : کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَخْشَنُ" برے حال والا۔ و"هُوَ أَخْشَنُ الجَانِبِ" وہ دشوار طاقت سے زیادہ ہے۔ "كَتِيْبَةٌ خَشْنَاءُ" بہت ہتھیاروں والی فوج۔

خَشِيَهُ (س) خَشْيًا وَخِشْيًا وَخَشْيَةً وَخَشَاةً وَخَشَاةً وَخَشْيَانًا وَمَخْشِيَةً وَمَخْشَاةً : ڈرنا۔

خَشَّاهُ تَخْشِيَةً وَخَشَّاهُ : ڈرانا۔ خَشَّاهُ فُلَانًا : کسی سے خوف دلانا۔

الخَشِي والخَاشِي والخَشْيَان والخَشِيُّ : ڈرنے والا۔ مؤنث خَاشِيَةٌ وخَشِيَةٌ وخَشْيَانَةٌ وخَشْيَا ج خَشَايَا. الخَشِي والخَشِيُّ مِنَ النَّبَاتِ : خشک گھاس۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا المَكَانُ أَخْشَى مِنْ ذَاكَ" یہ جگہ اس سے زیادہ خوفناک ہے۔

خَصَّ (ن) خَصًّا وَخُصُوْصًا وَخُصُوْصِيَّةً وَخُصُوْصِيَّةً وَتَخِصَّةً وَخِصِّيْصَةً وَخِصِّيْصَى وَخِصِّيْصَاءَ فُلَانًا بِالشَّيْءِ : خاص کرنا۔ خصوصیت دینا۔ کہا جاتا ہے خَصَّهُ بِالوُدِّ : یعنی اس نے اسی کے ساتھ محبت کی (۔۔۔۔ خُصُوْصًا) الشَّيْءُ : خاص ہونا۔۔۔۔ الشَّيْءَ لِنَفْسِهِ : اپنے لئے چھانٹ لینا۔

خَصَّ (س) خَصَاصَةً وَخَصَاصًا وَخَصَاصَاءَ : محتاج ہونا۔

خَصَّصَ. الشَّيْءَ : خاص کرنا۔۔۔۔ بِالشَّيْءِ :

کسی کو کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا ...... السلامُ: لکڑی کے سرے پر آگ لے کر گھمانا۔ پنکھی گھمانا۔

إخْتَصَّ: محتاج ہونا...... بالشَّيْءِ: خاص ہونا ...... ہ بالشَّيْءِ: خاص کرنا اور اسی سے ہے۔ "اَللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ" اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے۔

تَخَصَّصَ. بِالشَّيْءِ: خاص ہونا۔ تَخَصَّصَ الرَّجُلُ: خاص لوگوں میں سے ہونا۔

اِسْتَخَصَّ. الشَّيْءَ: مخصوص ہونے کی درخواست کرنا۔

الخُصُّ: بانس یا لکڑی کا جھونپڑا۔ شراب بیچنے والے کی دکان۔ ج أَخْصَاص وخُصُوص وخِصَاص. شهر (خُصٌّ) ناقص مہینہ۔

الخَاصُّ: فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔

الخَاصَّة. عَامَّة: کی ضد۔ وہ چیز جس کو تم اپنے لئے خاص کر لو۔ خَاصَّةُ المَلِكِ: بادشاہ کے مقرب لوگ۔ خَاصَّةُ النَّبَاتِ: نباتات کی قوت و اثر۔ ج خَوَاصُّ (والخَوَاصُّ والخُصَّان والخِصَّان) مِنَ القَوْمِ: برگزیدہ اور بڑے لوگ۔ کہا جاتا ہے "إِنَّمَا يَفْعَلُ هٰذَا خِصَّانُ النَّاسِ" اس کو بڑے بڑے لوگ ہی کرتے ہیں۔

الخَاصِّيَّة: خاص کی جانب نسبت۔ ج خَاصِيَات وخَصَائِص.

الأَخَصُّ: افضل۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَكُنْ فِي أَصْحَابِهِ أَخَصُّ مِنْ هٰذَيْنِ".

الخُصَاصَة: انگور توڑنے کے بعد بیل میں چھوٹے ہوئے دانے۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج خُصَاص.

الخُصُوص والخَصُوص: علیحدگی۔ اس کے مقابلہ میں عموم ہے۔ انحصار۔ اس کے مقابلہ میں اطلاق ہے اور کہا جاتا ہے "عَلَى الخُصُوصِ وخُصُوصًا" یعنی خاص طور پر جیسے حریری کا قول ہے۔ لَنْ يَنْفَقَ الخَاطِرُ ويَنْشَطُ الفَاتِرُ كَمَقَابَلَةِ الهَوَاجِرِ وخُصُوصًا فِي شَهْرَي نَاجِرٍ.

الخَصَاص: شگاف۔ دروازہ کی جھری۔ برقع وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے "بَدَا القَمَرُ مِنْ خَصَاصِ الغَيْمِ" چاند بادل کے درمیان سے ظاہر ہو گیا۔ "وَلَمَحْتُهُ مِنْ خَصَاصِ البَابِ" میں نے اس کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔ مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَة) اور کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصَةَ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی محتاجی دور کر دی۔

خُوَيْصَّةُ. الإنسان: وہ شخص جو خدمت کرنے کے لئے مخصوص ہو۔

خَصَبَ (ض) وخَصِبَ (س) خِصْبًا المَكَانُ: سرسبز ہونا۔ زرخیز ہونا۔ صفت (خَصِب وخَصِيب ومُخْصِب ومِخْصَاب)

أَخْصَبَ. المَكَانُ: سرسبز ہونا...... اللّٰهُ المَكَانَ: سرسبز کرنا...... الشَّاةُ: سرسبزی میں پہنچنا...... القَوْمُ: سرسبزی پانا۔ کہا جاتا ہے "أَخْصَبَ جَنَابُ القَوْمِ" قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔

الخَصْب: شگوفہ خرما۔ بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خَصْبَة)

الخِصْب: سبز گھاس کی کثرت۔ فراخی زندگانی۔ ج أَخْصَاب: کہا جاتا ہے "بَلَد خِصْبٌ وأَخْصَاب" (جمع کا صیغہ مبالغہ کے لئے) یعنی سرسبز شہر اور کہا جاتا ہے "أَرْض خَصِبَة وأَرَضُونَ خِصْب وأَرْض خِصْبَة وخَصْبَة".

الخِصَاب: بہت پھل دار درخت خرما۔ واحد (خِصَابَة)

(رجل خَصِيب) بہت فیض والا مرد۔

خَصِرَ (س) خَصَرًا. اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ ...... الرَّجُلُ: ٹھنڈک کی وجہ سے اطراف اعضاء میں تکلیف پہنچنا۔

أَخْصَرَ. القُرُّ أَنَامِلَهُ: سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔

خَاصَرَهُ مُخَاصَرَةً: ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا یا کسی کے کمر پر ہاتھ رکھ کر چلنا۔

إِخْتَصَرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ الكَلَامَ: مختصر کرنا...... الطَّرِيقَ: قریب کا راستہ چلنا۔ ...... فِي الشَّيْءِ: زائد چیزیں حذف کرنا...... الرَّجُلُ: ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا۔ ...... بِالعَصَا: ٹیک لگانا۔

تَخَاصَرَ: اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا...... القَوْمُ: ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر اکٹھے چلنا۔

تَخَصَّرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ ...... بِالمِخْصَرَةِ: لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔

الخَصْر: کمر۔ خَصْرُ القَلَمِ: نکوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُور.

الخَصَر: سردی۔

الخَصِر: ٹھنڈا۔

الخِصَار: ازار۔

الخَاصِرَة مِنَ الإنسان: پہلو۔ ج خَوَاصِر: پہلو کا درد۔

المِخْصَرَة: ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جس کو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر. مَخَاصِرُ الطَّرِيقِ: اقرب ترین راستہ۔

المُخَصَّر: باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُخَصَّرُ القَدَمَيْنِ" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔

رَجُلٌ (مَخْصُورٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔

أَخْصَرُ: مختصر۔ اِخْتَصَرَ: کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا وأَخْصَفَ واخْتَصَفَ. النَّعْلَ: جوتا سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا۔ الشَّيْءَ عَلَى الشَّيْءِ: چپکانا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَخْصِفُونَ أَقْدَامَ القَوْمِ بِأَقْدَامِهِمْ" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔

خصف. بہ: ٹکیہ کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خصف: بدخلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اس کے خلاف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خصفه الشيب" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔
الخصف: مص۔ جوتا۔
الخصف: سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔
الخصفة: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خصف و خصاف۔
الخصف والخصفة: چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔
الخصفة: جوتے وغیرہ کا سوراخ۔
الخصاف: بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخصيف: راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے..... والاخصف سفید وسیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔
الاخصف: شترمرغ۔ مؤنث خصفاء۔
شاة (مخصوفة) سفید وسیاہ رنگوں والی بکری۔
خصل (ن) خصلا الشئ: کاٹنا۔ جدا کرنا
(خصل (ن) خصلا وخصالا) القوم: فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خصله: ٹکڑے کرنا..... الشجر: چھانٹنا۔
خاصله خصالا ومخاصلة: تیراندازی میں شرط لگانا۔
اخصل. الرامي: نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تخاصل. القوم: تیراندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخصل: مص۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیراندازی میں مقرر ہو۔ جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہا جاتا ہے "احرز خصله واصاب خصله" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خصول۔
الخصلة: عادت (حسنہ یا قبیحہ) غالب استعمال حسنہ کے لئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خصال (والخصلة) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خصل

الخصل: لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخصلة: بالوں کا گچھا۔ گوشت کا عضو۔
الخصيلة: بالوں کا گچھا۔ گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خصيل وخصائل: کہا جاتا ہے "ارتعدت فرائصه واضطربت خصائله" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھرتھرانے لگا۔
المخصل: شمشیر براں۔ (مخصل میں ایک ضعیف لغت)
المخصال: درانتی۔
خصمه (ض) خصما: جھگڑے میں غالب آنا۔
خاصمه خصاما ومخاصمة: جھگڑا کرنا۔ اسم (الخصومة) ہے۔
اخصم: جھگڑا کرنے کے لئے دلیل سکھانا۔
تخاصم واختصم. القوم: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخصم: مص۔ مد مقابل۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ جمع اور مؤنث کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هما وهم وهي خصم"۔ ج خصوم وخصام واخصام۔
الخصم: جانب۔ گوشہ۔ ج اخصام وخصوم۔
الخصم: جھگڑالو۔ ج اخصام وخصماء وخصمان۔
الخصيم ج اخصام وخصيمون و(الخصوم) جھگڑالو۔ مخالف۔ مد مقابل۔
خصى (ض) خصاء: خصی کرنا۔
الخصي: فوطوں میں درد والا۔
الخصي: وہ شخص جس کے فوطے نکال لئے گئے ہوں۔ آختہ۔ ج خصية وخصيان۔
الخصية: فوطہ۔ ج خصى۔ خصية البحر وخصى الثعلب وخصية الديك وخصية الكلب: مختلف نباتات کے نام۔
خضض۔ الجارية: سفید مہرے پہنا کر

سنوارنا۔
خاضه مخاضة: بیع بالعوض کرنا۔
الخضض: سفید مہرے۔ رنگ برنگ کے کھانے۔ بے ہودہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "منطق خضخض"۔
الخضاض: کم حیثیت زیور۔ روشنائی۔ قیدی کی بیڑی۔ کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ دوجلق
خضاض وخضاضة: بے وقوف مرد۔
مكان (خضيض) پانی سے تر جگہ۔
خضب (ض) خضبا وخضب. الشئ: رنگین کرنا۔
خضب (ض) وخضب (س) خضوبا وخضب واخضب الشجر او المكان: سرسبز ہونا۔
تخضب واختضب. بالحناء: رنگین ہونا۔ صفت (خضيب) ج خضب و(مخضوب ومخضب)
اخضوضب واخضيضابا. الشجر: سرسبز ہونا۔
الخاضب: شترمرغ جس کے بچے پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہو گئی ہوں۔
الخضب: پودوں میں سبز مادہ جو کہ کلوروفل کے نام سے مشہور ہے وہ پتوں اور دانوں میں ہوا کے اندر کاربن کے آنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کی مدد سورج کی شعاعیں بھی کرتی ہیں۔ (کلوروفل بھی کہتے ہیں)۔
الخضب: مص۔ درخت کی سبزی۔ بارش کے بعد نئی اُگی ہوئی سبزی۔ ج خضوب۔
الخضاب: رنگ۔ رنگ کرنے کی چیز۔
الخضبة: بہت خضاب لگانے والی عورت۔
الخضوب: بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی۔
الخضيب: رنگا ہوا۔ کہا جاتا ہے "كف خضيب وامرأة خضيب" رنگی ہوئی

جیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خُضُب. الکفُّ الخضیبُ: ایک ستارے کا نام۔

المِخضَب: کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔

خَضخَضَ خَضخَضَةً. الماءَ ونحوہ: ہلانا۔

تَخَضخَضَ: ہلنا۔

الخُضَاخِضُ. مِنَ الأماکِنِ: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں۔ بڑے پیٹ والا موٹا مرد (.....والخُضخُضُ) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا۔

خَضَدَ (ض) خَضدًا. العودَ: بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا۔ موڑنا.....الشجرَ: کانٹے کاٹنا .....الرَّجُلُ: ککڑی کا جد وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا۔

خُضدَۃ: کاٹنا۔

تَخَضَّدَ وانخَضَدَ. العودُ: ٹوٹنا۔

انخَضَدَت الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔

الخَضَدُ: کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری۔

خَضَدُالبدنِ: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا۔ خَضَدُ السَّفَرِ: تکانِ سفر (.....والخضاد) اعضاء کا درد۔

الخَضِدُ والمَخضُودُ: اُٹھنے سے عاجز، کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَخضُودٌ" رذیل سے عاجز مرد۔

الأخضَدُ والمُنخَضِدُ: دوہرا ہونے والا۔

المِخضَدُ: بہت کھانے والا۔

خَضِرَ (س) خَضَرًا: سبز ہونا.....الزَّرعُ: سرسبز و شاداب ہونا۔

خَضَرَ (ن) خَضرًا. النخلَ: کاٹنا۔

أخضَرَ. الربیعُ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا۔ خَضَّرَ. الشيءَ: سبز کرنا۔

خَاضَرَہٗ مُخاضَرَۃً: درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا۔

إخضَرَّ واخضَوضَرَ: سبز ہونا۔ واخضَرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا۔

إختَضَرَ. الفاکِهَةَ: وقت سے پہلے کچا کھانا .....العشبَ: سبز چرے ہوئے کاٹنا..... الجاریۃَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا۔

أُختُضِرَ: جوان مرنا۔

الخَضِرُ والخِضرُ: اس ذات گرامی کا نام جن سے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے۔

الخَضِرُ: سبز۔ کھیتی۔ سبز ترکاری۔ سبزہ زار۔

الخَضَار: نئی سبزی۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔

الخَضِیرُ: سبز۔ سبز ترکاری۔

الخُضرَۃُ: سبز رنگ۔ ترکاری۔ نرمی و نازکی۔ کہا جاتا ہے "غُصنٌ فِیهِ خُضرَۃٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو۔ ج خُضَر وخُضرو "خَضرَاءُ الدِّمَن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب ہو اس کے لئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) والخُضرَۃُ فِی أَلوانِ الإبلِ والخَیلِ" خیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو.....فی أَلوانِ النَّاسِ: گندم گونی۔

الخَضَّار: سبزی فروش۔

الخُضَارۃُ: سبز ترکاریاں۔ خَضَارِۃُ: سمندر کے لئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

الخُضَارِیُّ والخُضَیرِیُّ: ایک قسم کا پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں۔ ج خُضَارِیُّ.

الخَضرَاءُ. أَخضَر: کا مؤنث۔ القُبَّۃ الخَضرَاءُ: آسمان۔ خَضرَاءُ القَومِ: قوم کا بڑا حصہ۔ ج خَضرَاوَات.

الخَضرَاوَاتُ: ترکاریاں۔ میوے۔

الأخضَرَانِ: گھاس و درخت۔

الأخَاضِرُ: سونا۔ گوشت و شراب۔

الأُخَیضِرُ: مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری۔

المَخضَرَۃُ: سبزہ زار۔

خَضرَمَ. الأُذُنَ: کان کا کچھ حصہ کاٹ لینا۔

الخِضرِمُ: بہت پانی والا کنواں۔ بہت بڑا سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحرٌ خِضرِمٌ" بہت پانی والا سمندر۔ و "رَجُلٌ خِضرِمٌ" بہت فیاض مرد۔ (.....والخُضَارِمُ) ج خِضرِمُونَ و خَضَارِم و خَضَارِمَۃ.

المُخَضرِمُ: میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی، گوہ کا بچہ۔

المُخَضرَمُ: غیر مختون۔ وہ شخص جو خود کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو۔ وہ شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو۔ وہ شخص جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو۔ "مَاءٌ مُخَضرَمٌ" میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔

خَضَعَ (ف) خُضُوعًا وخَضعًا وخُضعَانًا: عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ سرنگندہ ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوع) ج خُضَّع..... لَهٗ: تابع و فرمانبردار ہونا.....النَّجمُ: مائل بغروب ہونا .....الرجلَ: ساکن کر دینا۔

خَضِعَ (س) خَضَعًا. الرَّجُلُ: جھکا ہوا ہونا۔ صفت (أخضَع) مؤنث خَضعَاء.

خَضعَضَۃٌ: عاجز کرنا.....اللحمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

أخضَعَ: عاجز ہونا.....ہ: عاجز کرنا۔ کہا جاتا ہے "أخضَعَتنِي إلیکَ الحَاجَۃُ" تمہارے سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا۔ الکِبَرُ فلانًا: بڑھاپے کا کسی کو پست گردن بنا دینا۔

خَاضَعَہٗ: نرمی سے گفتگو کرنا۔

تَخَضَّعَ واختَضَعَ: بتکلف عاجزی ظاہر کرنا۔

إنخَضَعَ: عاجز ہونا.....الصَّقرُ: ٹوٹ پڑنے کے لئے سر جھکانا.....فی سَیرِہٖ: تیز چلنا۔

الخَضَعُ: مص۔ پیدائشی گردن کی پستی۔

الاَخْضَعُ : ذلت پر راضی۔ دلی ہوئی گردن والا۔
الخُضَخِضَة : ہر ایک سے عاجزی ظاہر کرنے والا۔ اپنے ہمسر پر غالب آنے والا۔ ج خُضَع۔
الخَضْخَضَة والخُضْخُضَة : تلواریں۔ کوڑے۔ تلواروں اور کوڑوں کی آواز۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضْخَضَةً" میں نے کوڑوں کے پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِيعَة : آواز جو جانور کے پیٹ سے سنائی دے۔ سیلاب کی آواز۔
الخَيْضَعَة : لڑائی کا شور۔ میدان جنگ اور اس کا غبار۔
الخَيْضَعُ مِنَ الرِّجَالِ : ذلت پر راضی ہونے والا۔
خَضَفَ (ض) خُضَافًا و خَضْفًا. گوز کرنا۔ صفت (خَضِيفٌ و خَضُوفٌ و خَضَّافٌ)
الخَضَفُ : چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ۔
خَضِلَ (س) خَضَلًا و اَخْضَلَ و اِخْضَلَّ و اِخْضَوْضَلَ : تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت (خَضِلٌ و خَضَاضِيلُ) کہا جاتا ہے "عَيْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی۔ "وَشِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت۔ "وَالبَنَانُ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ و اَخْضَلَ. الشيءَ : تر کرنا۔
اِخْضَالَّ و اِخْضَلَّ : تر ہونا۔
.....الشَّجَرُ : بہت گھنی اور بکثرت پتے ہونا۔
الخَضَلُ والخَضْلُ : صاف موتی۔ ایک قسم کے موتی۔ واحد (خَضَلَة)
الخُضْلَة : تروتازگی۔ آسودگی۔ نعمت۔ زندگی کا آرام و آسودگی۔
الخَضِيلَة : سرسبز و شاداب باغ۔
المُخْضَلُ والمُخْضَلُّ : آسودہ زندگی والا۔
خَضَمَ (ض) و خَضِمَ (س). خَضْمًا.

الخَضْمُ : انتہائی داڑھ سے کھانا۔ منہ بھر کے کھانا۔
اَخْضَمَ لَهُ فِي العَطَاءِ : زیادہ دینا۔
الخِضَمُّ : بڑا سمندر۔ سردار۔ بڑا فیاض (عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت۔ سامان رکھنے کا پتھر۔ سَيْفٌ خِضَمٌّ : شمشیر بُرّاں۔
الخُضَامُ والخُضَامَة : وہ چیز جو انتہائی داڑھ سے کھائی جائے۔
الخُضَيْمَة : سبز نباتات۔ بہت نباتات والی زمین۔ ابلا ہوا گیہوں۔
الخُضْمَة : درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخْضَمُ والمُتَخَضِّمُ : آسودہ زندگی والا۔
خَطَّ (ن) خَطًّا. بالقلم : لکھنا۔
الخِطَّةَ لِنَفْسِهِ : نشان لگا کر اپنے لئے مخصوص کرنا۔
.....الشَّيءَ : قلم وغیرہ سے لکھنا۔.....عَلَى الشيءِ : نشان لگانا۔ علامت لگانا۔.....الغُلامُ : سبزہ آغاز ہونا.....عِذَارُهُ : رخسار پر بال نکلنا۔ القبرَ : کھودنا۔ الرِّيَاحُ الرملَ : دھاری ڈالنا.....فِي الأرضِ : لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاهُ فَمَا خَطَّ غُبَارَهُ" اس نے اس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہنچا اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَخُطُّ فِي الأرضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطَّعَامَ و فِي الطَّعَامِ" تھوڑا کھانا.....فِي نَوْمِهِ : خراٹے لینا۔
خَطَّطَ : لکیریں کھینچنا.....المَخْطُوطَ : نقش کرنا.....البِلادَ : حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ. الوجهُ او غيرُهُ : دھاری دار ہونا.....الغُلامُ : سبزہ آغاز ہونا.....الارضَ او الدارَ : اپنا معلوم ہونے کے لئے حد بندی کرنا.....خُطَّةً : معین کرنا۔ علامت لگانا۔
الخَاطُّ : فال۔ جادوگر۔
الخَطُّ : تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔ خَطُّ الاِسْتِوَاءِ : وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج

خُطُوطٌ. وخُطُوطُ الكَفِّ : ہاتھ کی لکیریں۔
الخُطُّ والخَطُّ : راستہ۔ سڑک۔ محلہ۔
الخِطُّ والخِطَّة : وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کر لے۔ ج خِطَط۔
الخُطَّة : کام۔ کہا جاتا ہے "تِلْكَ خُطَّةٌ لَيْسَتْ مِنْ بَالِي" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "وفِي رَأْسِهِ خُطَّةٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَبْنِي خُطَطَ المَكَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔
الخَطِّيُّ : نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ خَطِّيَّة۔
المَخْطُوطُ : زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے۔
الخَطَّاطُ : بہت لکھنے والا۔
المِخَطُّ : کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی۔
المُخَطَّطُ : دھاری دار۔ خوبصورت۔
خَطِئَ (س) خَطَأً غلطی کرنا.....فِي دِينِهِ : قصداً یا بلاقصد غلطی کے راستہ پر چلنا۔
(.....خِطْأً و خِطَاءً) گناہ کرنا۔ صفت (خَاطِئٌ) ج خُطَاةٌ : مؤنث خَاطِئَةٌ ج خَوَاطِئُ۔
خَطَأَتْ (ف) خَطْأً. القِدْرُ بِزَبَدِهَا : جھاگ پھینکنا۔
خَطَّأَهُ تَخْطِيئًا و تَخْطِئَةً : غلطی کی طرف نسبت کرنا۔
اَخْطَأَ اِخْطَاءً و خَاطِئَةً : غلطی کرنا..... الطريقَ : چوک جانا.. الرجلُ : غلطی میں ڈالنا..... الرامي الغرضَ : نشانہ پر نہ لگنا

......في غَمْلِه : راہ راست سے ہٹ جانا۔
تَخَطَّأَ وتَخَاطَأَ : غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَهُ وتَخَاطَاهُ: غلطی میں ڈالنا...... السهمُ الرمِيَّةَ : نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَهُ فِي المَسْئَلَةِ وبِها: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے درپے ہونا۔
الخِطْء : گناہ۔
الخَطَء والخَطَا والخَطَاء : گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔
الخَطَّاء : بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔
الخَطِيئَة : گناہ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَايَا وخَطِيئَات.
خَطَبَ (ن) خُطْبَةً وخَطْبًا وخَطَابَةً: وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ القومَ وفي القوم" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔
خَطُبَ (ک) خَطَابَةً: واعظ ہونا۔ مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔
خَطَبَ (ن) خَطْبًا وخِطْبَةً وخِطِّيبَى الفَتَاةَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الفَتَاةَ عَلَى فلان" اس نے فلاں کے لئے لڑکی کی منگنی کی۔
خَطِبَ (س) خَطَبًا۔ الشَّيْءُ: تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔
خَاطَبَهُ خِطَابًا ومُخَاطَبَةً وتَخَاطَبَا : باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَهُ فِي فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔
أَخْطَبَ۔ الصيدُ فُلانًا : قریب ہونا...... الحَنظَلُ : رنگین ہونا...... الحَنظَلُ: زرد ہونا اور سبز دھاریاں پڑنا۔
اِخْتَطَبَ۔ الفَتَاةَ : منگنی کرنا...... القومُ فلانًا : قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا۔ عَلَى المِنبَر : خطبہ دینا۔

الخَطْب : معنی۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ما خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب.
الخِطَاب : گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَاب : فصاحت۔ حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد أمّا بعد کہنا۔
الخُطْبَة : تقریر۔ گفتگو۔ خُطْبَةُ الكِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة : تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔
الخِطْب : منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خِطْبُهَا وهِيَ خِطْبَتُهُ" ج أَخْطَاب.
الخِطْبَة : معنی۔ منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔
الخَطَّاب : منگنی کرنے والا۔ بہت تقریر کرنے والا۔
الخَطَّابَة : بہت تقریر کرنے والا (مذکر مؤنث) الخَطَّاب : کا مؤنث۔
الخَطَّابِيَّة : شيعة رافضة: میں سے ایک فرقہ جو کہ اپنے امیر ابوالخطاب کی طرف منسوب ہیں۔ وہ ان کو اپنے مخالفین کے خلاف جھوٹی گواہی دینے کا حکم کرتا تھا۔
الخَطِيب : منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِيبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء.
الخِطِّيب : عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج خِطِّيبُون.
الخِطِّيبَى : عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔
الأَخْطَب : شِقِرّاق۔ مِنَ الحَنظَل: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الأَخْطَب : خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے أكتب: اور شعر سے أشعر کہا جاتا ہے "كَانَ أَخْطَبَ أَهْلِ زَمَانِهِ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطَرَانًا وخَطِيرًا. فِي مِشْيَتِهِ : ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا۔ الرُّمْحُ: ہلنا...... بِسَيْفِهِ او رُمْحِهِ : غرور سے ہلانا...... بِيَدِهِ : چلنے میں آگے پیچھے کرنا (...... خَطْرًا وخَطَرَانًا وخَطِيرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِهِ : بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔
خَطَرَ (ن ض) خُطُورًا. الامرُ لَهُ : سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِث : پیش آنا۔ خَطَرَ الامرُ بِبَالِهِ وعَلَى وفي بَالِهِ : بھولنے کے بعد یاد آنا۔
خَطُرَ (ک) خَطَرًا وخُطُورَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِير) ج خُطَرَ.
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً. بِنَفْسِهِ: خطرہ میں ڈالنا ......ہ عَلَى كَذَا: شرط لگانا۔
أَخْطَرَ. الشَّيْءُ فِي او عَلَى او بِبَالِهِ : یاد دلانا ......ہ: بلند مرتبہ میں ہم شکل ہونا...... المالَ: مال کو شرط پر رکھنا...... المَرِيضُ: خطرناک ہونا۔ صفت (مُخْطِر)
تَخَطَّرَنِي : پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ إِلَيَّ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَرَ۔ القومُ عَلَى الشَّيْءِ :شرط لگانا۔
الخَطْر : غلہ کا ایک بڑا پیمانہ...... والخَطْر اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب مل کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔
الخِطْر : بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج أَخْطَار.
الخَطَر : قریب بہلاکت ج أَخْطَار کہا جاتا ہے "رَكِبُوا الأَخْطَارَ" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ شکل۔ ہم پلہ (اور ذی مرتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے "لَيْسَ لِعِيشِي خَطَرٌ" ...... خَطَر : شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار. جمع خُطَر.
الخَطْرَة : ایک بار۔ تم کہتے ہو "مَا أَلْقَاهُ إِلَّا

خطرۃ" میں اس سے ایک بار ملا۔
الخاطِر : فا۔امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازاً اطلاق کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی خَاطِرِیْ" میرے دل میں واقع ہوا۔ و"فُلانٌ سَرِیْعُ الخَاطِرِ" فلاں تیز طبیعت ہے۔ و"جَاشَ الشِعْرُ فِی خَاطِرِیْ" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر۔
الخَطّار. الخَاطِر : کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ شیر۔
الخَطّارۃ : اونٹوں کا باڑہ۔
الخَطِر : عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسّی۔ ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَهُ خَطِیْر" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔
المَخَاطِر : خطرے (اس کے لئے مفرد نہیں)
الخُطْرُب والخُطَارِب : افترا پرداز۔ جھوٹا۔
خَطْرَفَ وتَخَطْرَفَ : چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطْرِیْف وخُطْرُف)
خَطْرَفَهُ بالسَّیْفِ : تلوار سے مارنا۔
خَطِفَ (س) خَطْفًا۔ الشَّیْءَ : اُچک لینا ...... البَرْقُ البَصَرَ : چندھیا کر دینا ...... السَّمْعَ : چوری سے سننا۔
خَطِفَ (س) وخَطَفَ (ض) خَطَفَانًا : تیز چلنا۔ صفت (خَطِیْف وخَیْطَف)
خَطَّفَ : اُچک لینا۔ (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)
الخَطْفَة : خطا کرنا ...... ہ المرضُ : بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا ...... الرجلُ : کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے ٹھیک ہونا۔
تَخَطَّفَ واخْتَطَفَ۔ الشَّیْءَ : چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اُچک لینا۔
الخَطِف والخَطَف : لاغری اور پہلوؤں کا پتلا ہونا۔
الخَطْفَة : جھپٹنا۔ عضو جس کو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔
الخَاطِف : فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف۔
اَلخَطِفَ. الخَطِفَی : زُبا۔
الخَاطُوف : درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔
الخَطّاف. الخَاطِف : کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔
الخُطّاف : آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اُچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیْف وخَطَاطِیْفُ السِّبَاعِ : درندوں کے چنگل۔
الخَطَفَی والخَیْطَفَی : تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَمْشِی الخَطَفَی" وہ تیز چلتا ہے۔
الخَطِیْفَة : ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔
خَطِلَ (س) خَطَلاً واَخْطَلَ. فِی کَلامِهِ : بہت بولنا اور فحش بولنا۔ فِی مَنْطِقِهِ اَوْرَأْیِهِ : غلطی کرنا۔ جیسے "اِصَالَةُ الرَّاْیِ صَانَتْنِی مِنَ الخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔
تَخَطَّلَ. فِی المَشْیِ : ناز انداز سے چلنا۔
الخَاطِل : باطل۔
الخَطَل : مص۔ بے وقوفی۔ ہلکی۔ سرعت۔ بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "اَرَی فِی مَشْیِهِ خَطَلاً" میں اس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگو کے پریشان۔
الخَطِل : بے ہودہ گفتگو والا۔ بے وقوف۔
سَهْمٌ خَطِل : نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔
ثَوْبٌ خَطِلٌ : موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر گھسیٹے۔ ج اَخْطَال اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ الیَدَیْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد و "رُمْحٌ خَطِلٌ" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخَطِل : تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "الخَوْضُ فِی الهَیْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِلٌ" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا ہوتا ہے۔ "خَطِلٌ بالمعروف" داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔
الاَخْطَل : لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بے ہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلاء ج خُطْل۔
الخَیْطَل : کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش۔ ٹڈی دل۔
خَطَمَهُ (ض) خَطْمًا وخِطَامَةً. بالخِطَامِ : نکیل لگانا۔ خَطَمَهُ بالکَلامِ : خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ : ناک پر مارنا۔ (...... خَطْمًا وخَطَمَانًا) القَوْسَ بِالوَتَرِ : کمان پر تانت چڑھانا۔
اِخْتَطَمَ. اِخْطَامَ : نکیل لگانا۔
المَخْطِم والمِخْطَم : ناک۔
الخَطْم : مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ ...... مِنَ الدَّابَّةِ : چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ اَنْفٌ خَطِیْمٌ : پہاڑ کی چوٹی۔
الخِطَام : مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت۔ ج خُطُم۔
الخَاطِم : فا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ خَاطِمُ اَمْرِ بَنِی فُلانٍ" فلاں بنوفلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخَطّام : اسم مبالغہ۔ مِسْکٌ خَطّامٌ : ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔
الاَخْطَم : لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْماء۔ ج خُطْم۔
الخِطْمِیّ : ایک قسم کی نباتات جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِیَّة)
خَطَا (ن) خَطْوًا : قدموں کے درمیان کشادہ کر کے چلنا۔
خَطَا واَخْطَی. الرجلَ : قدموں کو کشادہ کر کے چلانا۔ خَطَّی عَنْهُ الشَّیْءَ : زائل کیا جانا۔
تَخَطَّی تَخَطِّیًا واخْتَطَی اِخْتِطَاءً. ہ اِلَی

تَخَطَّاہُ: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
الـخُـطْـوَۃ : چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشخـہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے "قَـرَّبَ اللّٰـہُ عَـلَیْکَ الـخُطْوَۃَ: اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کر دیں۔ ج خُـطًـى وخُطُوَات وخُطَوَات وخُطْوَات۔
الخَطْوَۃ: بمعنی خُطْوَۃ: خطا کا اسم مرۃ..... فی المسافۃ : چھ قدم۔
الخَطِیئَۃ : گناہ۔
خَظَا یَخْظُوْ خُظُوًّا۔ لَحْمُہ : گٹھا ہونا۔
اَخْظَى۔ الرَّجُلُ : موٹا ہونا۔ اَخْظَاہ : موٹا کرنا۔
الخَظِی : گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے
خَفَّ (ض) خِفًّا وخِفَّۃً وخَفَّۃً: ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔
..... المطرُ : کم ہونا۔ ..... خَفًّا وخِفَّۃً وخُفُوفًا) اِلَی العَدُوِّ: جلدی کرنا ..... القومُ : جلدی کوچ کر کے کم ہونا۔
خَفَّفَ۔ الشَّیْءَ : ہلکا کرنا۔ ... الحرفَ : مشدد نہ کرنا ..... الثوبَ : باریک بنانا۔
اَخَفَّ : کم سامان والا ہونا۔ سبک حال ہونا ... الرجلَ : جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔
تَخَفَّفَ : چمڑی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔
تَخَافَّ : ہلکا پھلکا ہونا۔
اِسْتَخَفَّہُ : ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا ..... ہ الغناءُ: طرب و نشاط میں ڈالنا ... ہ الطَّرَبُ : .....
اِسْتَخَفَّ بِہ : حقیر جاننا۔
اَلْخِفُّ : ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِیْ خِفٍّ مِنْ اَصْحَابِہٖ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الخُفُّ۔ لِلْبَعِیْرِ والنَّعَامِ : اونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ چمڑی موزہ۔ ج اَخفاف وخِفَاف کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَـاحِکٌ" پھٹا ہوا موزہ۔ الـخُفُّ : قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الـخِـفَّـۃ : ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)
الـخَـفِـیْـف : ہلکا پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خَفِیْفُ الرُّوْحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے۔ و "خَـفِـیْـفُ الـقَـلْـبِ" ذکی "وخَفِیْفُ العَقْلِ" بے وقوف "وخَفِیْفُ الـظَّھْرِ" کم اولاد والا و "خَفِیْفُ الیَدِ" پھرتیلا و "خَفِیْفُ العَارِضَیْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج اَخِفَّاء وخِفَاف واَخْفَاف۔
الـخَفِیْفُ : علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔
الخُفَاف : ذکی تیز فہم۔
الخَفَّاف : چمڑی موزوں کا بیچنے والا۔
الخَفُّوف : بجو۔
خَفَأ (ف) خَفْأً۔ الشَّیْءَ : اکھیڑ کر زمین پر پٹکنا ..... البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ..... القِرْبَۃَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔
خَفَتَ (ن) خُفُوْتًا۔ الصوتُ: پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ وخَفِیْتٌ) (..... خُفَاتًا) اچانک مرنا۔ (..... وخَفْتًا وخَافَت وتَخَافَتَ۔ بِکَلَامِہٖ وبِصَوْتِہٖ) پوشیدہ رکھنا۔ پست کرنا۔ آہستہ کرنا۔ ..... بالقِرَاءَۃِ: آہستہ پڑھنا۔ خَافَتَہُ: پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ: تکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا۔
الخُفْت : ایک قسم کی نباتات۔
الـخُـفْـتَـان : چاکت (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)
الخَافِتُ : بے پانی کا بادل۔ مزروع خافت : کمزور پودا جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔
خَفِجَ (س) خَفَجًا۔ البعیرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔
الخَفَج : کمزور۔ سست۔
الاَخْفَج۔ خفج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمود اخفج : ٹیڑھا ستون۔
الخَفَج : ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔
خَفْخَفَ خَفْخَفَۃً۔ الخِنْزِیْرُ اَوِ الضَّبُعُ : آواز کرنا ..... الرَّجُلُ قَمِیْصَہُ الجَدِیْدَ اَوِ القِرْطَاسَ: حرکت دینے سے آواز نکالنا۔
الخَفْخَاف : وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔
خَفَدَ (ن) خَفْدًا وخَفَدَانًا وخَفِدَ (س) خَفَدًا : تیز چلنا۔
الـخُـفْـدُد الـخُفْدُوْد : چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔
الـخَـفَـیْـدَد : تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔ ج خَفَادِد وخَفَادِیْد وخَفَیْدَدَات۔
خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا وخُفُرًا۔ ہ وبِہٖ وعَلَیْہِ : پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ..... ہ : پناہ دینے کی اجرت لینا۔ خَـفَـرَ بالعَھْدِ : وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (..... خَفْرًا وخُفُوْرًا) فلانًا: عہد توڑنا۔ بے وفائی کرنا۔
خَفِرَت (س) خَفَرًا وخَفَارَۃً الجَارِیَۃُ: بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَـفِـرَۃ وخَفِیْرَۃ ومِخْفَار)
خَـفَّـرَہ : امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔
تَخَفَّرَ۔ بِہٖ : پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو کہنا۔
تَخَفَّرَتِ الجَارِیَۃُ : بہت شرمیلی ہونا۔
الـخِـفَـارَۃ۔ (بتثلیث الخاء) رہبری۔ عہد۔ الخُفَارَۃ : راہبر کی اجرت۔
اَلْمَخْفَرُ : پولیس اسٹیشن۔
الـخُفْرَۃ۔ خفارۃ : کے معنی میں اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "ھو فی خفرۃ اللّٰہ" وہ اللہ کے ذمہ ہے "ھٰذَا خُفَرَتِیْ" یہ میرا رہبر ہے۔
الخَفِیْر : پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت و حفاظت کرنے والا۔ ج خُفَرَاء۔
الخُفَرَۃ : پناہ دینے والا۔
خَفَسَہٗ (ن) خَفْسًا: ٹھٹھا کرنا۔
خَفَسَ الطَّعَامَ والشَّرَابَ: تھوڑا کھانا یا پینا۔ البناءُ : عمارت ڈھانا۔
خَفَسَ (ض) خَفْسًا واَخْفَسَ: بہت

بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ. المَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ. الرَّجُلُ: لیٹنا۔
شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب۔
خَفَشَ (ن) خَفْشًا بِه: پھینکنا۔ البناء ڈھانا۔ خَفِشَ (س) خَفَشًا: کمزور ہونا۔ پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندا والا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ واَخْفَشُ)
خَفَّشَ. البدنُ: بدن کا کمزور ہونا۔
...... البناءُ: عمارت ڈھانا...... الرجلُ: پچھاڑ کر کچل دینا...... بالارضِ: زمین سے چمٹنا۔
الخُفَّاشُ: چمگادڑ۔ ج خَفَافِيشُ.
خَفَضَهُ (ض) خَفْضًا: پست کرنا۔ الصوتَ: آہستہ کہنا...... الكلمةَ: زیر دینا۔
خَفَضَ الصوتُ: آہستہ ہونا ...... بالمكانِ: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: مرنا...... الابلُ: آہستہ چلنا...... الجاريةَ: ختنہ کرنا۔
خَفُضَ (ک) خَفْضًا. العيشُ: آسودہ خوشحالی ہونا۔ صفت (خَفِيضٌ وخَفْضٌ وخافِضٌ ومخفوضٌ)
خَفَّضَ. الشيءَ: آسان کرنا۔ نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّضْ عَنكَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو۔
تَخَفَّضَ. الامرُ: آسان ہونا۔
اِنْخَفَضَ: بلندی کے بعد پست ہونا...... الصوتُ: پست ہونا۔
اِخْتَفَضَ. السعرُ: بھاؤ گرنا۔
الخَافِضُ: ۱۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ خافِضُ الطيرِ وخافِضُ الجَنَاحِ" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خافِضَة. الخَافِضَة: لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔
الخَفْضُ: مص۔ ...... والخَفِيضَة) آسودگی۔ فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي خَفْضٍ مِنَ العَيشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خَفَعَ (ف) خَفْعًا: بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَهُ بالسَّيفِ: تلوار سے مارنا۔
(خَفْعًا وخَفَعَانًا) السعرُ: بلنا۔
اَخْفَعَهُ. الجُوعُ: چکرا کر گرا دینا۔
اِنْخَفَعَ: بےہوشی کے قریب ہونا۔
المَخْفُوعُ: دیوانہ۔
خَفَقَهُ (ن ض) خَفْقًا. بالسَّيفِ: آہستہ تلوار سے مارنا...... النَّعْلُ: جوتے سے آواز نکلنا(...... خَفْقًا وخُفُوقًا وخَفَقَانًا) الفؤادُ: دھڑکنا...... الرَّايَةُ: پھڑ پھڑانا...... البرقُ: کوندنا...... خُفُوقًا) النجمُ: غروب ہونا...... الليلُ: اکثر حصہ گزر جانا...... الطائرُ: اڑنا...... الرَّجُلُ فِي البِلادِ: سفر کرنا...... المكانُ: خالی ہونا۔
اَخْفَقَ: مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا...... القومُ: قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا...... برايتِه: اونگھ سے سر ہلانا...... بثوبِه: کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا...... النجمُ: غروب ہونا...... الطائرُ: بازو پھڑ پھڑانا...... ه: پچھاڑنا۔
اِخْتَفَقَ. العَلَمُ او السرابُ: جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔
الخَفْقَةُ. خَفَقَ: کا اسم مرۃ۔
المِخْفَقَةُ: کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔
الخَفِقُ والخَيْفَقُ والخَفَقُ والخُفَقَّةُ: پتلی کمر کا گھوڑا (خَيْفَقَةٌ اور خُفَقَّةٌ) میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے۔ ج خِفَاقٌ وخَيْفَقَاتٌ وخُفَقَّاتٌ.
الخَافِقُ: ۱۔ مَكَانٌ خافِقٌ: ایسی سے خالی جگہ۔ رَجُلٌ خَافِقُ العَيْنِ: دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
الخَفَّاقُ: اسم مبالغہ۔ خَفَّاقُ القَدَمِ: وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔
الخَفَّاقَةُ: ۱۔ امرأةٌ خَفَّاقَةُ الحَشَا: پتلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَانِ: پورب و پچھم۔
الخَوَافِقُ والخَافِقَاتُ. خافِقَة: کی جمع۔ جھنڈے۔ خَوَافِقُ السَّمَاءِ: ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔
الخَيْفَقُ: مصیبت۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔
المُخْتَفَقُ: ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہوا ہو۔
المِخْفَقُ: چوڑی تلوار۔
المِخْفَقَةُ: کوڑا جس سے مارا جائے اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔
مَخَافِقُ. النجم: ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔
المَخْفُوقُ: مخبوط۔ پاگل۔ دیوانہ۔
الخَافِلُ: بھاگنے والا۔
الخَفْنُ: پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔
الخَيْفَانُ: ٹڈی۔ واحد (خيفانة)
الخَفَانُ: شترمرغ کے چوزے۔
الخُفَانُ: ایک قسم کا نرم پتھر۔ یہ استعمال عوام سے ہے۔ فصیح لفظ "الرخفة" ہے۔
خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا. البرقُ: چمکنا...... الشيءُ: ظاہر ہونا۔
خَفَى (ض) خَفْيًا وخُفِيًّا. الشيءَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَفَى المَطَرُ الفأرَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ (ضد)
خَفِيَ (س) خَفَاءً وخُفْيَةً وخِفْيَةً: پوشیدہ ہونا۔ صفت (خَافٍ وخَفِيٌّ)
خَفَّى واَخْفَى. الشيءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَخْفِ عَنّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ۔ واَخْفَى الرَّجُلُ: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَخْفَى الشيءُ: سرپوش ہٹانا۔
تَخَفَّى واسْتَخْفَى: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
اِخْتَفَى. الشيءَ: ظاہر کرنا۔ نکالنا...... مِنْ فُلانٍ: چھپنا...... البئرَ: کھودنا۔

الخَفَاء : مص ۔ پوشیدگی ۔ کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاء" یعنی معاملہ واضح ہوگیا ۔ پردہ ۔ چادر جو لباس کو چھپا لے ۔ پوشیدہ چیز ۔ ج أَخْفِيَة ۔ أخفِيَةُ الكَرَى : آنکھیں ۔ أخفِيَة الزَهْرَة : کلی کے غلاف ۔
الخَفِيُّ : لوگوں سے علیحدہ ۔ مخفی جگہ میں رہنے والا ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَفِيُّ البَطْنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد ۔
الخَافِي و الخَافِيَاء : جن ۔
الخَافِيَة ۔ الخَافِي کا مؤنث ۔ پوشیدہ چیز ۔ پوشیدگی ۔ جن ۔ ج خَوَافٍ اور کہا جاتا ہے "أَرْضٌ خَافِيَة" جنوں کی سرزمین ۔
الخَوَافِيُّ : پرندے کے بازوؤں کے پیچھے چھپے ہوئے پر اور امثال عرب سے ہے "لَيْسَ القَوَادِم كالخَوَافِي" بڑے پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں ۔
الخَفِيَّة ۔ الخَفِيُّ : کا مؤنث ۔ گنجان ۔ جھاڑی ۔ کنواں جس میں پانی ہو ۔ ج خَفَايَا و خَفِيَّات کہا جاتا ہے "بِهِ خَفِيَّة" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے ۔
المُخْتَفِي : قا ۔ کفن چور ۔
خَفَقَ (ض) خَفْقًا و خَفَقًا و خَفِيقًا ۔ القَلْبُ : جوش سے سنسنانا ۔ خَقَّ السَّيْلُ فِي الأَرْضِ : گہرا گڑھا کر دینا (..... و اَخَقَّتْ) البَكْرَةُ : چرخی کے سوراخ کا چوڑ ہونا ۔
الخَقُّ ج أَخْقَاق و خُقُوق و (الأُخْقُوق و الأُخْقِيق) زمین کا شگاف ۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے ۔
خَاقَان : ترکوں کے بادشاہ کا لقب ۔ ج خَوَاقِين کہا جاتا ہے (خَقَّنَ) القَوْمُ عَلَى أَنْفُسِهِمْ : لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنا لیا ۔
خَلَّ (ن ض) خَلًّا و خُلُولًا ۔ لَحْمُهُ : دبلا ہونا ۔ کم گوشت ہونا (خَلَّ الشَّيْءَ : سوراخ کرنا ۔
..... الفَصِيلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کے لئے لکڑی ڈالنا ..... فِي دُعَائِهِ : خاص کرنا ۔

خَلَّ إِلَيْهِ : محتاج و فقیر ہونا ۔
خَلَّلَ العَصِيرُ : کھٹا ہونا ۔ سرکہ بننا .....
العَصِيرَ : سرکہ بنانا ..... الأَسْنَانَ : خلال کرنا ۔ خَلَّلَ فِي دُعَائِهِ : خاص کرنا ۔
خَالَّهُ مُخَالَّةً و خِلَالًا و خُلَالًا : دوستی کرنا ۔ بھائی بندی کرنا ۔
أَخَلَّ : محتاج ہونا ..... بِالشَّيْءِ : کوتاہی کرنا ۔ چھوڑ دینا ..... الوَالِي بِالثُّغُورِ : لشکر کم کر دینا ..... بِمَرْكَزِهِ : مرکز کو چھوڑ دینا ..... بِقَوْمِهِ : غائب ہو جانا ..... بِالرَّجُلِ : پورا حق نہ دینا ..... بِالأَمْرِ : برے طریقے سے انجام دینا ۔ بگاڑ دینا ۔ أَخَلَّهُ اللّٰهُ : محتاج کر دینا ۔
أُخِلَّ بِالرَّجُلِ : محتاج ہونا ۔
تَخَلَّلَ ۔ القَوْمَ : قوم میں مل جانا ..... ه بِالرُّمْحِ : پیاپے نیزے مارنا ..... الشَّيْءُ فِيهِ : نفوذ کرنا ..... المَطَرُ : مخصوص جگہ میں برسنا ..... الرَّجُلُ : خلال کرنا ۔
اِخْتَلَّ ۔ الأَمْرُ : کمزور و فاسد ہونا ..... عَقْلُهُ : خراب ہونا ..... إِلَيْهِ : محتاج ہونا ..... العَصِيرُ : سرکہ بننا ..... لَحْمُهُ : لاغری کی وجہ سے کم ہونا ..... الرَّجُلُ : اپنے لئے سرکہ بنانا ۔
تَخَالُّوا تَخَالًّا : باہم دوستی کرنا ۔
الخَلُّ : مص ۔ سرکہ ۔ ریگستانی راستہ ۔ دبلے جسم والا ۔ لاغر ۔ موٹا ۔ بوسیدہ کپڑا ۔ کپڑے کی چھلن ۔ ج أَخُلٌّ و خِلَالٌ : کہا جاتا ہے "مَا لَهُ خَلٌّ وَلَا خَمْرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ ردی "وَلَسْتُ مِنْ هٰذَا الأَمْرِ فِي خَلٍّ وَلَا خَمْرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام ۔ أُمُّ الخَلِّ : شراب ۔
الخِلُّ و الخُلُّ : دوست ۔ مؤنث خِلٌّ و خِلَّة : ج أَخْلَال ۔
الخَلَلُ : سستی ۔ فساد ۔ رائے میں انتشار و پراگندگی ۔ شگاف ۔ دراڑ ۔ ج خِلَال ۔
الخِلَلُ : دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ واحد (خِلَّة) کہا جاتا ہے "هُوَ خِلَلَ القَوْمِ" وہ قوم کے درمیان ہے ۔

الخَلَّة : عادت ۔ سوراخ ۔ تھوڑا سرکہ ۔ تھوڑی سی کھٹی شراب ۔ حاجت ۔ محتاجی ۔ ج خِلَال و خِلَل ۔ الخَلَّة : ہلکی پھلکی عورت ۔ الخُلَّة : گھاس جس میں مٹھاس ہو ۔ ج خُلَل : دوستی ۔ عادت ۔ بیوی ۔ محبوب ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "هُوَ وَ هِيَ وَ هُنَّ خُلَّتِي" ۔
الخِلَّة : دوستی ۔ بھائی بندی ۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو ۔ چمڑا جو منقش ہو ۔ ج خِلَل و خِلَال الخِلَال : سوراخ کرنے کا آلہ ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تا کہ دودھ نہ پی سکے ۔ ج أَخِلَّة (..... و الخِلَالَة) دانت صاف کرنے کا تنکا ۔
الخِلَال و الخُلَالَة : دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ ۔ و خِلَالَ الدِّيَارِ : شہروں کا اردگرد ۔ گھروں کے درمیان ۔ کہا جاتا ہے هُوَ خِلَالَهُمْ : وہ ان کے درمیان ہے ۔
الخَلَالَة و الخِلَالَة و الخُلَالَة : سچی دوستی ۔
الخَلِيل : خالص دوست ۔ ج أَخِلَّاء و خُلَّان : لاغر بدن ۔ فقیر ۔ مؤنث خَلِيلَة ج خَلِيلَات و خَلَائِل : شَيْءٌ خَلِيلٌ : چھدی ہوئی چیز ۔
الخَلَّال : سرکہ بیچنے والا ۔ سرکہ بنانے والا ۔
الأَخَلُّ : محتاج ۔ دوسرے سے زیادہ محتاج ۔ رَجُلٌ (مُخَلٌّ) محتاج مرد ۔
خَلَا (ف) خُلُوءًا : جگہ سے نہ ٹلنا ۔ خَلَأَتِ النَّاقَةُ : اڑ جانا ۔
خَالَأَ مُخَالَأَةً ۔ القَوْمَ : ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا ۔
خَلَبَهُ (ن ض) خَلْبًا ۔ بِظُفْرِهِ : خراش لگانا ۔ زخمی کرنا ..... السَّبُعُ الفَرِيسَةَ : چنگل سے پکڑنا ..... الفَتَى : جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا ۔
خَلَبَهُ (ن) خَلْبًا و خِلَابًا و خِلَابَةً و خَالَبَهُ مُخَالَبَةً و خَلَّبَهُ و اخْتَلَبَهُ : نرم کلامی سے

فریفتہ کرنا۔ صفت (خَالِبٌ وخَلُوبٌ وخَلَّابٌ وخَلَبُوت) مؤنث خَالِبَةٌ وخَلِبَةٌ وخَلُوبٌ وخَلَّابَةٌ وخَلَبُوت۔

خَلِبَتْ (س) خَلَبًا۔ المرأة : بےوقوف ہونا۔ صفت خَلْبَاء۔

أَخْلَبَ۔ الماءُ : کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)

اِسْتَخْلَبَهُ۔ بِظُفْرِهِ : خراش لگانا۔

الخِلْبُ : جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج أَخْلَابٌ ز..... والمِخْلَبُ) چنگل۔ ج مَخَالِب۔ المِخْلَب : درانتی۔

الخُلْبُ والخُلُب : کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال اور اس کی بٹی ہوئی رسی۔

الخُلَّبُ : بےبارش کا بادل۔ والبرق الخُلَّب وبَرْقُ الخُلَّب : بےبارش کے بادل کی بجلی۔ "إِنَّمَا أَنْتَ كَبَرْقِ خُلَّبٍ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے۔

الخَلَبُوتُ : فریب۔

المُخَلَّبُ۔ مِنَ الثِّيَابِ : بہت نقش ونگار والا کپڑا۔

خَلْبَسَهُ۔ او خَلْبَسَ قلبه : فریفتہ کرنا۔

الخَلَابِيسُ : نرم بات۔

الخَلَابِيسُ والخِلَابِيسُ والخَلَابِيسُ : باطل وجھوٹی باتیں۔ الخَلَابِيسُ : کمینے و فرومایہ لوگ۔

خَلْبَصَ : بھاگنا۔

خَلَجَهُ (ن ض) خَلْجًا : کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا ..... ہ بِعَيْنِهِ : آنکھ سے اشارہ کرنا ..... الشَّيْءُ : حرکت دینا ..... ہ بالسيف : تلوار سے مارنا ..... الولد : دودھ چھڑانا ..... ہ الأمرُ : مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْهُ أُمُورُ الدُّنْيَا" اس کو دنیا کے دھندوں نے پھنسا لیا۔

خَلَجَتْ (ن ض) خَلْجًا وخُلُوجًا وخَلَجَانًا۔ العين : پھڑکنا۔

خَلِجَ (س) خَلَجًا : چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا ..... الشيءُ : اکڑنا۔ خراب ہونا۔

خَالَجَ۔ قَلْبَهُ أَمْرٌ : کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔

أَخْلَجَ۔ حَاجِبَيْهِ : مٹکانا۔

تَخَلَّجَ : لڑکھڑانا۔ ہلنا۔ جھکنا ..... الشَّيْءُ : کھینچا۔

تَخَالَجَتْهُ۔ الهُمُومُ کہا جاتا ہے "تخالج في صدري شيء" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔

اِخْتَلَجَ : پھڑ جانا ..... العينُ : پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ..... الشيء في صدره : خلجان ہونا ..... الشَّيْءُ : کھینچ کر نکالنا ..... الولدَ : دودھ چھڑانا۔

أُخْتُلِجَ۔ من بينهم : مرنا۔

الخَالِجُ : فا۔ موت۔

الخُلُجُ : کاٹنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔

الأَخْلَجُ : رسی۔

الخَلِيجُ۔ من البحر : کھاڑی۔ ندی۔ چھوٹی کشتی۔ رسی۔ ج خُلْجَان وخُلُج۔ خَلِيجَا النهر : دریا کے دونوں جانب۔

الخِلَاجُ : ایک قسم کی دھاری دار چادر۔

الخَلُوجُ : اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔

الأُخْلُوجُ : ایک قسم کی گھاس ..... مِنَ الخَيْلِ : تیز رفتار گھوڑا۔

خَلْخَلَ۔ العظمَ : گوشت چھڑا کر صاف کرنا ..... المرأةَ : پازیب پہنانا۔

تَخَلْخَلَ۔ الشَّيْءُ : کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ..... من مكانه : جگہ سے ہلنا ..... المرأةُ : پازیب پہننا ..... الثوبُ : بوسیدہ ہونا۔

الخَلْخَالُ ج خَلَاخِيلُ و(الخَلْخَلُ والخُلْخُلُ ج خَلَاخِلُ) : پازیب ثوب (خَلْخَالٌ وخَلْخَلٌ) باریک کپڑا۔

المُخَلْخَلُ : پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ۔ عسكر (مُتَخَلْخِلٌ) بکھری ہوئی فوج۔

خَلَدَ (ن) خُلُودًا : ہمیشہ رہنا ..... خَلْدًا وخُلُودًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِدٌ ومُخْلَدٌ ومُخْلِدٌ ومُخَلَّدٌ) ..... الى المكان وبالمكان : اقامت کرنا ..... الى الارض : چمٹنا۔

خَلَّدَ وأَخْلَدَ۔ الى المكان وبالمكان : اقامت کرنا ..... ہ : ہمیشہ کے لئے رکھنا۔

أَخْلَدَ بِصَاحِبِهِ : ہمیشہ ساتھ رہنا۔ أَخْلَدَ إِلَيْهِ : مائل ہونا۔ جھکنا۔

الخُلْدُ : ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْدُ : چھچھوندر۔ جَنَاحُ الخُلْدِ : کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَةٌ۔

الخَلَدُ : دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔

الخَلَدَةُ : بالی۔ کنگن۔

الخَالِدُ : فا۔ أَبُو خَالِدٍ : کتا۔

الجَزَائِرُ الخَالِدَاتُ : جزائر کناری۔

الخَوَالِدُ : دیگدان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔

الخُلَّرُ : ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔

خَلَسَ (ض) خَلْسًا وخِلِّيسَى۔ الشَّيْءُ : فریب سے جھپٹا مار لینا۔

أَخْلَسَ۔ النبتُ : سبز اور خشک ملا جلا ہونا ..... الرأسُ : بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت خَلِسٌ وخَلِيسٌ ومُخْلِسٌ أَخْلَسَتِ الارضُ : کچھ ہریالی ہونا۔

خَالَسَهُ مُخَالَسَةً : جلدی کرنا۔

تَخَالَسَ۔ القومُ الشَّيْءَ : ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَخَالَسَانِ أَنْفُسَهُمَا" وہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔

اِخْتَلَسَ۔ الشَّيْءَ : فریب سے جھپٹا مار لینا ..... القارئُ الحَرَكَةَ : پڑھ پڑھنا۔ اس کے

مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی یہ بڑھتے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔

الخُلْسَة : جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت اور اسی سے ہے "الخُلْسَةُ سَرِيعَةُ الفوتِ بطيئةُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔

الخَلِيس والخِلاس : چوکنا بہادر۔

الخَلِيسَة : درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔

الخِلاسِيُّ : وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔

خَلَصَ (ن) خُلُوصًا و خَلاصًا : خالص ہونا ..... مِنَ الهلاک : نجات پانا۔ محفوظ رہنا ..... الماءُ مِنَ الكَدَرِ : صاف ہونا ..... الی المکانِ وبالمکانِ : پہنچنا ..... مِنَ القَوْمِ : جدا ہونا۔

خَلِصَ (س) خَلَصًا. اللَّحْمُ : گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔

خَلَّصَهُ. من كذا : نجات دینا۔ خَلَّصَ الشَّیْءَ : صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلُ : شکل ثنی دینا۔

خَالَصَهُ مُخَالَصَةً. فی العِشْرَةِ او المَوَدَّةِ : خلوص برتنا۔ خَالَصَهُ الوُدَّ : خالص دوستی کرنا۔

تَخَالَصَا : باہم خالص دوستی کرنا۔

اَخْلَصَ. الشَّیْءَ : خلاصہ لینا۔ چھن لینا۔ ..... ہ اللّٰهَ : عیوب سے خالی کرنا ..... الطاعة وفی الطّاعة : بے نام و نمود کے کرنا ..... له الحبَّ او القولَ : کھوٹ سے خالی کرنا۔

تَخَلَّصَ. منه : نجات پانا۔ جدا ہونا ..... من كذا الی كذا : منتقل ہونا۔

اِسْتَخْلَصَه : چھن لینا۔ الشیء منه : اپنے لئے حاصل کرنا۔

الخَلاص : مص (..... والخِلاص) کھوٹ سے خالی کیا ہوا۔ (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلاصَة والخِلاصَة : خالص گھی۔ گھی کا عام طریقہ سے استعمال جو اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو اور اسی سے ہے "خُلاصَةُ الكَلامِ"۔

الاِخْلاص والاِخْلاصَة : مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "كَلِمَةُ الاِخْلاصِ"۔ لا اِلٰه الا الله

الخَلَص : ہر سفید چیز۔

الخِلْص : ج۔ خُلَصاء و (الخُلْصان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصان : مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خُلْصانِي وهُم خُلْصانِي"۔

الخَالِص : فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "هذا ثَوْبٌ خالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَة : خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خالِصَتِي" وہ میرا دوست ہے "هذا الشَّیْءُ خالِصَةٌ لکَ" یہ تمہارے لئے مخصوص ہے۔

الخُلُوص : زبد جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی۔

المُخَلِّص : فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا وخَلَّطَ. الشَّیْءَ بالشیءِ : ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَّطَ المَرِيضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و"خَلَّطَ فی الكَلامِ" اس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّیْءِ : خراب و فاسد کرنا۔

اَخْلَطَ. الفَرَسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَه مُخالَطَةً وخِلاطًا : ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ..... الدَّاءُ فُلانًا : بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ. فی عَقْلِهِ : مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ : ملنا ..... الظَّلامُ : تاریکی کا چھا جانا ..... الرَّجُلُ : خراب عقل والا ہونا۔ ..... الفَرَسُ : دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوا : باہم ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل جانا۔

المِخْلَط : جس میں لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

المِخْلَط : تیز حا تیر۔ تیز کی کمان۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِخْلَطٌ بَيِّنُ المِخْلاطَةِ" وہ بے وقوف ہے جس کی بے وقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج اَخْلاط : حرامی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الاَخْلاط : ملی جلی قسمیں۔ اَخْلاطُ الجَسَدِ فی عُرْفِ الاَقْدَمِينَ : خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ و اَخْلاطُ القَوْمِ : قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط : بے وقوف۔

الخُلْطَة : شرکت۔

الخِلاط : آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاطَة : عقل کی خرابی۔ بے وقوفی۔

الخَلِيط : ج خُلُط و خُلَطاء : خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِيطُ الرَّجُلِ : میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِيطٌ مِنَ النّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَّيْطَی والخُلَيْطَی : معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فی خُلَيْطَی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاط والمُخْلِط : بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِط) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا. الشَّیْءَ : اتارنا ..... کتفه او وَرِکَه : عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ..... القائدَ : معزول کر دینا ..... الدابةَ : بندش سے آزاد کر دینا ..... العِذارَ : اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) ..... عَلَیْهِ ثَوْبًا : خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ : پتے جھڑنے کے بعد نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا. امرأته : طلاق کرنا۔

صفت مخلوع (ج خلعاء) زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔
...... بشرکہ : مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مخلوع (خالع) اسم (الخلعة)
خُلِعَ. المیتُ : کفن جدا کیا جانا۔
خَلُعَ (ک) خلاعۃً : خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بے حیاء ہونا۔
خالَعَ مُخالَعَۃً. الرَّجُلُ زَوْجَتَه او المرأةُ زَوْجَها : مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔
خَالَعَ الرجلَ : جوا کھیلنا۔
خَلَّعَهُ : جدا جدا۔ خالص کرنا۔
أَخْلَعَ. السنبل : خوشہ میں دانے بیٹھنا...... الشجرُ : نئے پتے نکلنا۔
تَخَلَّعَ. فی المشی : چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا...... فی الشراب : منہمک ہونا...... القومُ : چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔
تَخَالَعَ. الزَّوجُ والزَّوْجَۃُ : مال پر جدائی اختیار کرنا...... القومُ : باہم عہد توڑنا۔
اِنْخَلَعَ : ہٹ جانا۔ اُکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔
اِخْتَلَعَ. الشیءَ : نکال لینا۔ کھینچ لینا۔
اِخْتَلَعُوا الرَّجُلَ : مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المرأةُ مِنْ زَوْجِها : مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)
الخِلْعَۃ : کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں۔ اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔
الخُلُعۃ : عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فیه خُلعة" اس میں کمزوری ہے۔
الخُلاَعُ : ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔ الخَلِیعُ : بے حیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعاء۔ بھیڑیا۔ بھوت۔ ثوبٌ خلیعٌ : بوسیدہ کپڑا۔
الخَلِیعَۃ : بے حیائی۔ الخلیع : کا مونث۔ سن مالی عورت۔
الخَوْلَعُ : بے وقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (...... والخَیْتَعُ) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخُلَّعُ : بے آنکھوں کی قمیص۔ رَجُلٌ خَیْلَعٌ : کمزور مرد۔
المُخَلَّعُ : مثلِ ...... مِنَ الرِّجالِ : کمزور سست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بے حس ہو۔
الخَلْعاء والخَلْعَلَعُ : بجو۔
خَلَفَه (ن) خِلافَۃً وخِلِّیفَی : جانشین ہونا...... زَیْنَه فی قَوْمِه : جانشین بنانا۔ الرجلَ : قائم مقام ہونا...... خَلْفًا وخِلْفَۃً) الفاکھۃُ بعضُها بعضًا : ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا...... خَلاَفَۃً وخُلُوفًا) الغلامُ : بے وقوف ہونا۔ صفت (خالِف خالِفَۃ)...... عن خُلُقِ أبیه : باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا...... خُلُوفًا وخُلُوفَۃً) فمُ الصائم : منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ض) خَلْفًا) الرجلُ لأھلِه : اپنے گھر والوں کے لئے پانی لانا۔ البیتَ : پچھلے حصہ میں ستون لگانا...... أباه : باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰهُ لکَ وعلیکَ" اللہ تعالیٰ تم کو بدلہ دیں...... الثوبَ : مرمت کرنا...... عَنْ أصحابِه : پیچھے رہ جانا...... فلانًا : پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا اور کہا جاتا ہے "خَلَفَ لَهُ بالسیفِ" اس کے پیچھے سے آ کر اس نے اسے تلوار ماری۔ و"خَلَفَه بخیرٍ أو شرٍ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔
خَلِفَ (س) خَلَفًا : بائیں ہاتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ خَلِفَتِ الناقۃُ : حاملہ ہونا۔ صفت (خلِفۃ)
خَلَّفَ. الشیءَ : پیچھے چھوڑنا۔ مؤخر کرنا...... ہ : جانشین بنانا۔
خَالَفَه خِلافًا ومُخالَفَۃً : ناموافقت کرنا۔
خالَفَ عنْ کَذا : پیچھے رہنا...... بَیْنَ رِجْلَیْه : آگے پیچھے کرکے چلنا اور تم کہتے ہو "خَالَفَنی عَنْ کَذا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو اور "خَالَفَنی إلی کَذا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔
أَخْلَفَ : بو کا بدلنا یا خراب ہونا...... الثوبَ : مرمت کرنا...... لأھلِه : اپنے لوگوں کے لئے پانی کھینچنا...... وَعْدَہ وبِوَعْدِه : پورا نہ کرنا...... ہ : وعدہ خلاف پانا...... الغَیْثُ : امید کے بعد نہ برسنا...... الشجرۃُ : کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا...... الطائرُ : پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا...... الغلامُ : قریب البلوغ ہونا...... لَهُ : ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا...... ہ : پیچھے ڈالنا...... الدَّواءُ فلانًا : کمزور کرنا...... اللّٰهُ علیه : ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔
تَخَلَّفَ. عنهم : پیچھے رہنا...... القومَ : پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔
تَخَالَفُوا واخْتَلَفُوا : اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اِخْتَلَفَه : جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ واخْتَلَفَ إلی المکانِ : بار بار جانا۔
اِسْتَخْلَفَه : اپنا جانشین بنانا...... فلانًا من فلانٍ : قائم مقام کرنا۔ اِسْتَخْلَفَتِ الأرضُ : گرمی کی گھاس کو اگانا۔ اِسْتَخْلَفَ الرَّجُلُ لأھلِه : اپنے لوگوں کے لئے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔
الخَلَفُ : مثل۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو اور اسی سے ہے "ھؤلاءِ خَلَفُ سَوْءٍ" ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول اور امثال عرب میں ہے "سَکَتَ أَلْفًا ونَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار۔ بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خُلُوف اور خلف قُدام کی نقیض ہے۔ بمعنی پیچھے و بعد از آں۔
الخُلْفُ : وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف۔ مفرد جس

خلیف : کی جمع ۔ قِیَاسُ الخُلْف : منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔
الخِلْف : مختلف ۔ اُونٹنی کے تھن کا سرا ۔ موسم بہار کی گھاس ۔ ج اَخْلاف وخِلَفَة
الخِلْفَان : دو مختلف صفات والے ۔ کہا جاتا ہے "لَهُ وَلَدَانِ خِلْفَان" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک اور دوسرا بے وقوف یا ایک لمبا اور دوسرا پست قد ہے اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَةُ خِلْفَيْن" اُونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے ۔ ذَاتُ الخِلْفَيْن : کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں ۔ ج ذَوَات الخِلْفَيْن۔
الخَلَف : ولد یا ولد صالح ۔ بدل ۔ کہا جاتا ہے "فِي هٰؤُلَاءِ القَوم خَلَفٌ مِمَّنْ مَضَى" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں ۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاكَ اللّٰهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدل دیں ۔ نسل ۔ اولاد ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامُ خَلَفًا عَنْ سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں ۔ و "هُوَ خَلَفُ صِدْقٍ عَنْ اَبِيْهِ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔
الخَالِف : فاسد ۔ بے وقوف ۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد پیچھا رہے ۔ نَبِيْذٌ خَالِفٌ : بگڑی ہوئی شراب ۔ الخَالِف : گوشت جس میں کچھ بو پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل نہ ہو۔
الخَالِفَة . الخالف : کا مؤنث ۔ گزری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت ۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون ۔ رَجُلٌ خَالِفَةٌ : بے وقوف ۔ جھگڑالو ۔ بہت اختلاف کرنے والا ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِي اَيُّ خَالِفَةٍ هُوَ وَاَيُّ الخَالِفِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔
الخَوَالِف : عورتیں ۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔
الخِلَاف : ناموافقت ۔ بید کی ایک قسم ۔ آستین ۔ المَسَائِلُ الخِلَافِيَّة : مختلف فیہ مسائل۔
الخِلَافَة : امارت ۔ قائم مقامی ۔ امامت۔
الخُلْفَة : مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا ۔ ج خُلَف۔
الخِلْفَة : آنا جانا ۔ مختلف کپڑے کا پیوند ۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اگے ۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے ۔ باقی ماندہ چیز ۔ کہا جاتا ہے "هُنَّ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً" وہ سب آگے پیچھے آ جا رہی ہیں و "جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا ۔ و "قَوْمٌ خِلْفَةٌ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ ۔ و "فِي البِئْرِ خِلْفَةٌ مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔
الخُلْفَة : مخالفت ۔ بے وقوفی ۔ عیب ۔ کھانے کا آخری مزہ۔
اِخْتِلَافُ المَنْظَر : زاویہ (ستارے اور زمین کے درمیان) وہ زاویہ جس کا سر "ک" ہو اور اس کا قاعدہ زمین کے قطر کا نصب اور ب ہو ۔ اس اختلاف کو اختلاف افقی بولتے ہیں۔
الخَلِيف : دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ یا پہاڑی راستہ ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا ۔ وعدہ خلافی کرنے والا ۔ ج خُلُف وخُلَّف وخُلَفَاء . الخَلِيف : وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکائے۔
الخَلِيفَة : جانشین ۔ قائم مقام ۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو ۔ یہ مذکر ہے ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا خَلِيفَةٌ آخَر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خَلِيفَةٌ اُخْرٰى" ج خُلَفَاء وخَلَائِف : پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثَلَاثَةُ خُلَفَاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مؤنث
دونوں لانا جائز ہے ۔ تم کہو گے "ثَلَاثَةُ خَلَائِف" اَوْ "ثَلَاثُ خَلَائِف"۔
الأَخْلَف : بائیں ہاتھ ۔ بھینگا ۔ کم عقل ۔ سیلاب ۔ نر سانپ۔
المِخْلَاف : بہت وعدہ خلاف ۔ ج مَخَالِيف ۔ المِخْلَاف : پرواور اسی سے مَخَالِيفُ اليَمَن ہے۔
المَخْلَفَة : پیدا گھنے کی جگہ ۔ راستہ ۔ مرحلہ ۔ منزل۔
خَلَقَهُ (ن) خَلْقًا وخِلْقَةً : پیدا کرنا ۔ عدم سے وجود میں لانا ...... الكَذِب : جھوٹ گھڑنا ...... الأَدِيم : کاٹنے سے پہلے اندازہ کرنا ...... الشَّيْءَ : ہموار کرنا ۔ چکنا کرنا ۔ ملائم کرنا۔
خَلِقَ (س) خَلَقًا وخَلُقَ (ک) خُلُوقًا وخُلُوقَةً وخَلَاقَةً : چکنا و نرم ہونا۔
خَلَقَ (ن) وخَلِقَ (س) وخَلُقَ (ک) خُلُوقَةً وخَلَقًا . الثَّوبُ : بوسیدہ ہونا۔
خَلُقَ الشَّيْءُ لَهُ : لائق ہونا ۔ سزاوار ہونا۔
خَلُقَ الغُلَامُ : اچھے اخلاق والا ہونا۔
خَلَّقَهُ : خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ...... العود : ہموار کرنا ...... القدح : نرم کرنا۔
خَالَقَهُمْ مُخَالَقَةً : خوش خوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔
الخَلَنْج : ایک درخت جس کے پھول گلابی اور پتے باریک چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔
أَخْلَقَ . الثوبُ : بوسیدہ ہونا ...... الشَّبَابُ : جوانی کا ختم ہونا ...... الثَّوبَ : بوسیدہ کرنا ...... ه الثوبَ : بوسیدہ کپڑا پہنانا ۔ کہا جاتا ہے "اَخْلَقْتُ لَهُ وَجْهِيْ" میں نے اس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔
تَخَلَّقَ : خلوق سے خوشبودار ہونا۔
...... بِغَيْرِ خُلُقِهِ : بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا اور اسی سے ہے "لَيْسَ التَّخَلُّقُ

بِالاَخلاقِ مَحَـالـخـلقِ: بناوٹی اخلاق کی عادات جیسے کیں۔
(…… واختـلـق) الـکـذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افتراء کرنا۔
اِخْلَوْلَقَ. الثوبُ: بوسیدہ ہونا…… الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا…… متـنُ الـفـرسِ: چکنی ہونا…… الدّارُ: ویران ہونا اور حسن کے معنی میں اُمید کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "اِخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ اَنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔
الخَلق: ج س۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔
الخِلقَة: فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق۔
الـخُلق والـخُلُق: طبعی خصلت۔ طبیعت۔ مروت۔ عادت۔ ج اَخلاق. عــلــم الاخـلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔
الـخَلَق: ج س۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ثـوبٌ خَـلَقٌ وجُبَّةٌ خَلَقٌ" ج "اَخلاق وخُلْقـان اور کہا جاتا ہے "ثَوبٌ اَخلاقٌ وثِيابٌ اَخلاقٌ"۔
الخَلِيق: بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔
الخَلاق: بھلائی کا وافر حصہ۔
الخَلاق: چکنا۔
الخِلاق والخَلُوق: ایک قسم کی خوشبو جس کا جز و اعظم زعفران ہے۔
الـخَـلِيـق: لائق مناسب ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَلِيقٌ بِهِ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلَق و خُلَقاء۔
الـخَلِيقَة: طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلائِق۔
الاَخـلــق: زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مؤنث خَلْقاء۔
المُخَلَّق: کامل و معتدل اخلاق والا۔
الـمُـتَخَـلِّق: اخلاق کریمانہ رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "هــو (مــخـلــقـة) بــذالــك ومَخْلَقٌ" وہ اس کے لائق ہے۔
الخَلَقِين: بڑا دیگ۔ ج خلاقین۔

اہل و عشیرہ کو چرنے والے اونٹ۔
خَلا(ن) خُلُوًّا وخَلاءً. الاناءُ: خالی ہونا…… المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا…… الرَّجُلُ: مکان میں اکیلا ہونا…… علی الشیء: اقتصار کرنا۔ بس کرنا…… علی فلان: اعتبار کرنا…… بہ: فریب کرنا…… الشیءُ: گزرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ مِنَ الشَّهرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا…… عنِ الاَمرِ ومِنْهُ: بیزار ہونا۔ عن الشیء: بچنا…… بالشیءِ: منفرد ہونا۔
خَـلا(ن) خَـلْـوَةً وخَلْوًا وخَلاءً. بہ و مَـعَـهُ واِلَـيـهِ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلا الرَّجُلُ بِنَفْسِهِ: منفرد ہونا…… للاَمرِ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا…… بالمکانِ: لازم رہنا…… بالله: مطمئن ہونا…… الحُزْنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خال) ج خُلُوٌّ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ كَذَا وخَلاكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خَلّى تَخْلِيَةً. الاَمرَ وعَنْهُ: چھوڑنا…… سَبِيلَهُ: مرنا…… سَبِيلَهُ: چھوڑنا، آزاد کرنا…… بَيْنَ الـمُشْتَرِي والـمَبِيعِ: سپرد کرنا…… بينهما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔
خالاهُ مُخالاةً: چھوڑ دینا۔
اَخْلى اِخْلاءً. المکانَ: خالی کرنا یا پانا…… المکانُ: خالی ہونا…… وبہ ومَعَهُ: تنہائی میں ملنا…… فلانًا مَعَهُ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا…… عَنْهُ: چھوڑنا۔
تَخَلّى: تنہائی میں رہنا…… مِنهُ وعَنْهُ: چھوڑنا…… لَهُ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا…… خَلِيَّةً: اپنے لئے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
اِخْتَلى: تنہائی میں رہنا۔
اِسْتَخْلى. ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا…… بالمَلِكِ: تنہائی میں ملنا…… المکانُ: خالی ہونا۔
[illegible]

مکان خَلاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "باتَ فِي البَلَدِ الخَلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ و "خَلاؤُكَ اَقْنَى لِحَيَائِكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیاء کا نگہبان ہے "واَنَا مِنْهُ خَلاءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد و تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔
الخِلْو: خالی (مذکر و مؤنث) ج اَخْلاء اور کبھی مؤنث کے لئے خِلْوَة استعمال کرتے ہیں۔
خَلا وما خَلا. اِلّا کے معنی میں کلمہ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ القَومُ خَلا زَيْدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خَلا زَيْدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔
الخَلْوَة: تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوات.
الـخَلِيَّة: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلایا۔
اَلْخَلِيَّةُ: ج خلایا تمام زندہ کائنات کا بنیادی مادہ۔ کائنات بسیطہ ایک خلیہ سے بنی ہے اور کائنات مرکب مجموعہ خلیہ ہوتا ہے۔
الـخَلِيُّ: فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِيٌّ مِنْهُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْـلِـيـاء وخَلِيُّون. الخَلِيّ: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
الخالِي: قا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلاء.
خَلى (ض) خَلْيًا. النباتَ: کاٹنا۔
المِخْلاة: جانوروں کے لئے گھاس کاٹنا۔ …… الفرسَ: منہ میں لگام دینا…… اللجامَ في الفرسِ: اتارنا…… الشعرَ في الـمِخْلاةِ: توبرا میں جوڈالنا…… القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا…… ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔
خالَى مُخالاةً. ہ: چھوڑنا۔ فریب دینا۔
اَخْلَى. المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا

...... الدابۃَ : گھاس کا چارہ دینا۔
إختلی. العشبَ : کاٹنا۔
إنختلی. الخلی : کٹنا۔
إخلَولی إخلیلاءً الرّجلُ : دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
اَلْخَلْبُوْزُ : لکڑی اور روئی وغیرہ کی پیدائش میں بنیادی مادہ۔
الخلی : تر گھاس۔ ج اخلاء واحد (خلاۃ)
المِخلی : گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
المِخلاۃ : توبرہ۔ ج مخالی.
المُختلی : شیر۔
خَمَّ : (ن ض) خمًا. البیتَ : جھاڑ دینا ...... البئرَ : کنواں صاف کرنا ...... الناقۃَ : دوہنا ...... فلانًا : تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "ھو یخم ثیاب فلان" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خمًا وخُمُومًا وأخم)
اللحمُ : بدبودار ہونا۔ صفت (خام وخم ومخم)...... اللبنُ : بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلان لایخم" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خَمَّمَ. الدجاج : دڑبہ میں بند کیا جانا۔
تَخَمَّمَ. ماعلی الخوان : دسترخوان کا باقی ماندہ کھانا کھانا۔
اِختمّ. البیتَ : جھاڑ دینا ...... الشیئَ : کاٹنا۔
الخُمامۃ : کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
الخُمّ : ڈربہ۔ ج خِمَمَۃ.
الخِم : خالی باغ۔
الخِمّان. مثلثۃ الخاء : ادنٰی درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔
المِخَمَّۃ : جھاڑو۔
المَخموم : تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ مست قلب (مخموم) حسد و کینہ سے پاک صاف دل۔
الخَمیت : موٹا۔
خَمِجَ (س) خَمَجًا : بیماری یا تھکن کی وجہ سے سست ہونا ...... اللحمُ : بدبودار ہونا ...... دینہ او خلقہ : فاسد ہونا۔ خراب ہونا ...... فلانًا : برائی سے ذکر کرنا۔
خمخم : گنگنانا۔
الخُمخُم : ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمخِم : ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔
خَمَدت (ن) وخَمِدت (س) خَمدًا وخُمُودًا. النارُ : آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کر ختم ہوجانا ...... الحمی : بخار کی تیزی کا کم ہونا۔
المریض : بے ہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
أخمد. الرجلُ : بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا ...... أنفاسہ : مارڈالنا یا ذلیل کرنا ...... النارَ : لپٹ کو بجھانا۔
المَخمود : آگ بجھنے کے لئے دبانے کی جگہ۔
خَمَرہ (ن ض) خَمرًا : چھپانا ...... الشھادۃَ : پوشیدہ کرنا ...... الرجلَ : شراب پلانا ...... العجینَ : خمیر ڈالنا ...... فلانًا : شرم کرنا۔
خَمِرَ (س) خَمَرًا. عنہ : پوشیدہ ہونا۔ چھپنا ...... عنہ الخبرُ : پوشیدہ رہنا ...... الشیئُ : سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمّرَ. العجینَ : خمیر ڈالنا ...... وجھہ : ڈھانپ لینا ...... بیتہ : گھر میں جمے رہنا ......
خامَرَ مُخامَرۃً : بیع میں دھوکا دینا۔
...... القلبَ : داخل ہونا ...... الشیئُ الآخر : باہم ملنا ...... ہ الداءُ : بیماری کا اندر تک اثر کرنا ...... بیتہ : گھر میں جمے رہنا ...... بہ : چھپنا۔
أخمَرَ : چھپنا ...... لہ : کینہ رکھنا ...... الشیئ : چھپانا ...... غافل کرنا ...... العجینَ : خمیر ڈالنا ...... الامرَ : پوشیدہ کرنا ...... الارضُ : زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا ...... ہ الشیئ : تحفہ دینا۔
تَخَمّرت واختمرت. المرأۃُ : اوڑھنی اوڑھنا ...... العجین : خمیر ہوجانا
إختمر العجینُ : شراب بن جانا۔
الخَمر والخَمرۃ : انگوری شراب۔ ہر نشلی چیز۔
الخِمر : کینہ۔
الخَمَر : لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی۔ تم کہتے ہو "توارٰی الصید عنی فی خمر الوادی" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔
الخَمِر : وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔
رَجُلٌ خَمِرٌ : وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمار : شراب کی وجہ سے دردسر۔ (...... والخُمار والخَمَرۃ) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمار : اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج أخمرۃ وخُمُر وخُمْر : کہا جاتا ہے "ماخمرک؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الاختمار : کیمیائی تبدیلی یعنی بنیادی مادہ دوسرے مادہ میں تبدیل کرنا مثلاً گنے کے شیرہ سے الکحل بنانا۔
الخَمیر والخَمیرۃ : خمیر۔ الخَمیر : خمیری روٹی۔
الخُمرۃ : خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ۔ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمرۃ اللبن : وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَر (...... والخُمرۃ والخِمرۃ) بُو جو تمہیں پہنچے۔
الخُمری. من الالوان : سیاہ رنگ جو سرخی مائل ہو۔
الخَمّار : شراب فروش و (الخَمّارۃ) شراب بیچنے کی جگہ۔
المِخمیر والمُستخمر : بہت شراب پینے والا۔
المَخمور : شراب کی وجہ سے مست۔
خَمَسَ (ن ض) خَمسًا. القومَ : پانچواں

ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا۔ المالَ: پانچواں حصہ لینا...... الحَبْلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔

خَمَّسَ. الشَّئَ: پانچ رکن والا بنانا اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے۔ جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔

اَخْمَسَ. القومُ: پانچ ہونا۔

الخُمُس والخُمْس: پانچواں حصہ۔ ج اَخْماس: کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔

رَبَثَہُ (ن) رَبْثًا ورَبْثَۃً۔ عَنْ شُغْلِہِ: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ: ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ واِرْبَثَّ۔ القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا...... أَمْرُہُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِّبِّیْثَی: مانع۔ روک۔
الرَّبِیْثَۃُ: مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث۔
الرَّبِیْثُ والمَرْبُوْثُ: رُکا ہوا۔
رَبُجَ (ک) ورَبِجَ (س) رَبَاجَۃً: کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ: متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبِجَان: ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا۔ فِی تِجَارَتِہِ: نفع اٹھانا۔
رَبَّحَہُ: نفع کرانا۔
رَابَحَہُ مُرَابَحَۃً وأَرْبَحَہُ۔ عَلَی سِلْعَتِہِ: نفع دینا۔ رَبَّحَ النَّاقَۃَ: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ: نفع طلب کرنا۔
الرَّابِحُ: مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِّبْحُ ج أَرْبَاحٌ (الرَّبَحُ والرَّبَاحُ): نفع۔
الرُّبَیْحُ: اونٹ جو بیچنے کے لئے لائے جائیں۔ اونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَّبَاحُ: شراب۔
الرَّبَاحِیُّ: کافور کی ایک قسم۔
الرُّبَاحُ والرُّبَّاحُ: نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیْح۔

مَتْجَرٌ (رَبِیْحٌ): فائدہ مند تجارت۔
الرِّبَحْلُ: بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَۃ۔
رَبَخَ (س) رَبْخًا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا...... رَبْخًا ورُبُوْخًا ورُبَاخًا۔ المَرْأَۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
أَرْبَخَ۔ الرَّمْلُ: سخت ہونا...... الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ۔ الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَّبِیْخُ: بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
رَبَدَہُ (ن) رَبْدًا: روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الإِبِلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَدَتِ۔ الشَّاۃُ: تھن میں سیاہ و سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَّرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ۔ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھ جانا...... اللَّوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَّبَدُ: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُّبَدُ: تلوار کا جوہر۔
الرَّابِدُ: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الأَرْبَدُ: خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ أَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء۔ الرَّبْدَاءُ: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاهِیَۃٌ رَبْدَاءُ" بلائے بد۔ ج رُبْدٌ۔ الأَرْبَدُ: ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَدُ: اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَّبِیْدُ: کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَّبِیْدَۃُ: دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کی صندوقچی۔

المُتَرَبِّدُ: شیر۔
رَبِلَ (س) رَبَلًا: چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِلٌ) کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ رَبِلُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِلَۃ۔ لِثَۃٌ رَبِلَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
أَرْبَلَ۔ الثَّوْبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِّبْلَۃُ والرِّبْلَۃ: ٹکڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں اور جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورِبَذ۔
الرِّبْذَۃُ: بے خیر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرَّبَذِیُّ: کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَۃً: زیرک و دانا۔
...... الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَزَ۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ۔ الشَّیْءُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِیْزُ: زیرک و دانا۔
رَبَسَہُ (ن) رَبْسًا۔ بِیَدَیْہِ: ٹھپڑ مارنا۔
(...... ورَبَّسَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
أَرْبَسَہُ إِرْبَاسًا: غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ۔ العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گھسنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ۔ اِرْبِسَاسًا۔ الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔ فِی أَمْرِہِ: تصرف کرنا...... أَمْرُہُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَّبْسُ: مص۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرَّبِیْسَۃُ: سخت مصیبت۔ ج رَبَائِس "جَاءَ بِأُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِیْسُ: بہادر۔ مصیبت۔ وہ جو مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (أُمُّ الرُّبَیْسِ): بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبْسَۃُ: میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّیْبَاسُ: چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا

مزہ شیریں مائل کڑوا ہوتا ہے۔
تَرَبَّشَ. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَشُ: مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاء۔
اَرْضٌ رَبْشَاءُ: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَةُ: رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَشُ: نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِهِ: کسی کے لئے خیر و شر کا انتظار کرنا۔ برائی کا پہنچانے کے لئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ: انتظار کرنا ...... عَنِ الاَمْرِ: رک جانا ...... فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا ...... بِفُلَانٍ: کسی ربص ...... بِسِلْعَتِهِ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَةُ: انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَتْ (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا ورِبْضَةً. الدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلَى فَرِيْسَتِهِ او القِرْنُ عَلَى قِرْنِهِ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلَانًا او المَكَانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهُ. بِالْمَكَانِ: ٹھہرانا ...... الغَنَمَ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا ...... الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ: ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِضُ: فا (...... الرُّبَّاضُ): شیر۔
الرَّابِضَةُ. رَابِضٌ: کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نکمے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَةٌ رَابِضَةٌ عَلَى وَجْهِهِ"۔
الرُّبْضُ والرِّبْضُ والرُّبُضُ والرَّبَضُ: بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبَضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْضُ: عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔

الرِّبْضُ. مِنَ الْبَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَضُ: بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاضٌ۔
الرُّبَّيْضَةُ والرُّبُضَةُ: ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔
الرَّبِيْضَةُ: لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْضُ. مِنَ الْقُرَى: آباد گاؤں ...... مِنَ الدُّرُوْعِ: کشادہ زرہ ...... مِنَ الشَّجَرَةِ: بڑا درخت۔ ج رُبُضٌ. قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔
الرَّبِيْضُ: باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِضُ: جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِضُ (...... والمَرْبَضُ): پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَهُ (ن ض) رَبْطًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا ...... اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهِ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَةً): مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا ومُرَابَطَةً. الاَمْرَ: مداومت کرنا ...... الجَيْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ المَاءُ فِي المَكَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہر رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لئے تیار کرنا ...... فِي الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاطُ: مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔ ج رُبُطٌ۔
الرِّبَاطُ: فقراء کے لئے مکان سوقف۔ ج رِبَاطَاتٌ: کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهُ" یعنی وہ مر گیا یا مرض سے تندرست ہو گیا۔

الرَّابِطُ: فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا
قَلْبٌ رَابِطُ الجَأْشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَةُ. رَابِطٌ: کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
المَرْبُوْطُ: بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد فلسفی۔
رَبِيْطُ الجَأْشِ: بہادر۔
الرَّبِيْطَةُ: باندھے ہوئے جانور۔
خلاف قیاس دَابَّةٌ رَبِيْطَةٌ اور دَوَابُّ رَبِيْطَةٌ کہا جاتا ہے اور دَابَّةٌ رَبِيْطٌ بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاطُ: تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُطُ: بندھے ہوئے اور چارہ دیے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْطٌ)
المَرْبَطُ والمِرْبَطُ: جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِطُ۔
المُتَرَابِطَةُ: آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُتَرَابِطَاتٌ۔
رَبَعَ (ف) رَبْعًا: توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَيْكَ اَوْعَلَى نَفْسِكَ او عَلَى ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... عَنْهُ: رکنا۔ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا ...... الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کے لئے پتھر اٹھانا ...... بِمَعِيْشَتِهِ: راضی رہنا ...... الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے کے لئے آنا۔ رُبِعَتْ عَلَيْهِ الحُمَّى: چوتھے دن بخار آنا (...... رُبُوْعًا) الرَّبِيْعُ: موسم بہار آنا۔
رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسی بٹنا ...... القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبِعَ. القَوْمُ: موسم بہار کی بارش پانا اور دنیا کی زمین کے لئے ہے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَةٌ) ...... الرَّجُلُ: چوتھے دن بخار آنا۔
رَبَّعَ. البَيْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوْا. الحِمْلَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ

اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعْتُهُ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اُونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

أَرْبَعَ: چوتھے سال میں داخل ہونا۔ ... القَوْم: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا...... الإِبِلَ: پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ أَرْبَعَ الرَّجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

أَرْبَعَ. الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ. فِي جُلُوسِهِ: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔

(...... وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اُونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا...... بالمَكَانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ. الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ ...... الشَّيْءَ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْعُ: مص۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوع وأَرْبُع وأَرْبَاع (...... والرَّبْع): میانہ قد۔

الرُّبْعُ والرُّبُعُ: چوتھائی ج أَرْبَاع ورُبُوع.

الرُّبَعُ: اُونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُمْ رُبَعٌ ولا هُبَعٌ" ج رِبَاع وأَرْبَاع مؤنث رُبَعَة ج رُبَعَات ورِبَاع.

الرِّبْعُ: تین دن اُونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّى الرِّبْع: چوتھیا بخار۔

الرَّابِعُ: فا۔ چوتھا۔ رَبِيعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ إبِلٌ رَوَابِعُ: چوتھے دن پانی پینے والے اُونٹ۔

رُبَاعَ: چار چار۔ کہا جاتا ہے "أتَوْا رُبَاعَ": وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَةُ: میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبَعَات ورَبْعَات: عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "أَفْسَحُ العَطَّارُ رَبْعَتَهُ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّبَاعُ: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَةُ والرِّبَاعَةُ: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِيهِمْ مَنْ يَضْبِطُ رِبَاعَتَهُ إِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَا يُقِيمُ رِبَاعَةَ القَوْمِ إِلَّا فُلَانٌ" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رِبَاعَةُ قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِيَةُ: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِيَات.

الرَّبَاعِي: وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع ورُبُع ورُبْعَان ورِبَاع وأَرْبَاع مؤنث رَبَاعِيَة ج رَبَاعِيَات.

الرُّبَاعِيُّ: چار سے مرکب۔

الرَّبِيعُ: ج أَرْبِعَة ورِبَاع وأَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِيعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار...... ج أَرْبِعَا ورُبْعَان: زمین کے لئے پانی کا حصہ...... ج رُبُع: چوتھائی۔

الرَّبِيعِيُّ. مِنَ المَسَاكِنِ: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِيعَةُ: پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَعُ: کمزور۔ کمینہ۔

الرَّوْبَعَةُ: پست قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اُونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

أَرْبَعَةٌ: چار۔ مؤنث أَرْبَع. الرِّيَاحُ الأَرْبَعُ: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔ ذَوَاتُ الأَرْبَعِ: چارپائے۔

أُمُّ أَرْبَعٍ وأَرْبَعِينَ: ایک قسم کا کیڑا۔

الأَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ حتثنیہ أَرْبِعَاوَان۔ ج أَرْبِعَاوَات وأَرَابِعَاوَات. قَعَدَ (الأَرْبَعَاءَ والأُرْبُعَاوَى): وہ چار زانو بیٹھا۔

الأُرْبُعَاءُ: ستون خانہ۔

أَرْبَعُونَ: چالیس۔

المَرْبَعُ: موسم بہار کی بارش (...... والمُرْتَبَعُ): موسم بہار کی اقامت گاہ۔

المِرْبَعُ والمِرْبَعَةُ: لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔

المِرْبَاعُ: موسم بہار میں بچہ جننے والی اُونٹنی۔

المُرَبَّعُ: چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّعُ: چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے $4 \times 4 = 16$

المِرْبَاعُ: وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اُونٹنی۔

(...... والمُرْتَبَعُ والمُرْبُوعُ): درمیانہ قد۔

المُرْتَبَعُ: ابتدائے موسم بہار کی بارش۔

اليَرْبُوعُ: ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہے۔ ج يَرَابِيعُ.

رَبَغَ (ف) رَبْغًا. القَوْمُ فِي النَّعِيمِ: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (ف) رَبْغًا. عَيْشُهُ: فراخ و آسودہ ہونا...... الرَّجُلُ: بدکار و شوخ چشم ہونا۔

مثلث (ربغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً: بہت ہونا۔

الأَرْبَغُ: کثیر و کشادہ۔

رَبَقَهُ (ن ض) رَبْقًا ورَبَّقَهُ: پھندے سے باندھنا...... وفِي الأَمْرِ: کام میں ڈالنا۔ ورَبَّقَ الكَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ البَهْمَ حَبْلَهُ وأَرْبَقَهُ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کے لئے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَهٗ: اٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّيْءَ فِيْ عُنُقِيْ" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ. فِي الْحِبَالَةِ: اٹکانا ...... فِي الْأَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِيْ حَبَائِلِهٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْقُ: پھندوں والی رسّی۔

الرِّبْقَةُ والرِّبْقَةُ: رسی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وأرْبَاق: کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و"نَقَضُوا الْحِبَالَ وَاكَلُوا الرِّبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیے۔

الرَّبِيْقُ: پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

الْمُرَبَّقَةُ: چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

الْمِرْبَقُ: بکری باندھنے کی رسی۔

أُمُّ الرُّبَيْقِ: بلا۔

رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَّيْءَ: ملانا۔

الرَّبِيْكَةُ: گارا بنانا ......ه: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِكَ (س) رَبَكًا: پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ ورَبِيْكٌ)

اِرْتَبَكَ. فِي الْوَحْلِ: کیچڑ میں گرنا ...... فِي الْأَمْرِ: پھنس کے رہ جانا ...... فِيْ كَلَامِهٖ: رک رک کے گفتگو کرنا ...... الصَّيْدُ فِي الْحِبَالَةِ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا ...... الْأَمْرُ: معاملہ میں پیچیدہ ہونا۔

اِرْتَبَاكٌ اِرْتَبَكَتْ. رَأْيُهٗ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا ...... الرَّجُلُ عَنِ الْأَمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِيْكَةُ: گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "أَوْقَعَهٗ فِيْ رَبِيْكَةٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا۔ ...... والرَّبِيْكُ والرَّبُوْكُ: ایک قسم کا کھانا جو پنیر، کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الْأَرْبَكُ. مِنَ الْإِبِلِ: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا. الْقَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ الْمَرَاعِيْ: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَّلَ وأرْبَلَ. الْمَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ: بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ: لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ: موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ...... جِسْمُهٗ: پھولنا ...... الْأَرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ الْقَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ. مَالُهٗ: بہت ہونا۔

الرَّبْلُ: موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹتے۔ ج رُبُوْل۔

الرِّبْلُ: بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ): موٹا مرد۔

الرَّبَلَةُ والرَّبْلَةُ: ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلات۔

الرِّبِّيْلُ: تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔

الرَّبَالَةُ والرَّبِيْلَةُ: گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمُرَ بَعْدَ رَبَالَةٍ" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَّبِيْلَةُ: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔

الرِّئْبَالُ: لمبی جھپیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَئَابِيْل۔

الْمِرْبَالُ: بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔

الرِّبِّيْلُ: ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت۔ موٹی اونٹنی۔

أَرْبَنَهٗ: بیعانہ دینا۔

تَرَبَّنَ: جہاز کا کپتان ہونا ...... السَّفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔

الرُّبُوْنُ والأَرْبُوْنُ والأُرْبَانُ: بیعانہ۔

الرُّبَّانُ والرُّبَّانِيُّ: جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة

ورُبَايِنُ. رُبَّانُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ بِرُبَّانِهٖ أَوْ بِرُبَايِنِهٖ" اس نے سارا لے لیا۔

رَبَا يَرْبُوْ رُبُوًّا ورَبَاءً ورُبُوًّا. الْمَالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا ...... الرَّابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الْفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (...... رَبْوًا ورُبُوًّا) الْوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا اور تیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ ورَبِيْتُ رَبَاءً ورُبِيًّا" میں نے نشوونما پائی۔

رَبَّى تَرْبِيَةً وتَرَبِّيًا. الْوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى الصَّفَائِحَ بِالسُّكَّرِ: مربہ ڈالنا۔

رَابَى مُرَابَاةً: سود پر مال دینا۔

...... الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔

أَرْبَى إِرْبَاءً: سود لینا ...... الشَّيْءَ: بڑھانا ...... ه: اُمیدوار نا ...... عَلَيْهِ فِيْ كَذَا وأَرْبَى (إِرْبَاءً): زیادہ کرنا۔

الرِّبَا: زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے رِبَوِيّ۔

الرَّبَاءُ: زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔

الرَّابِيَةُ: ج رَوَابٍ و(الرُّبْوَةُ والرَّبْوَةُ والرِّبْوَةُ) ج رُبًى ورُبِيّ: ٹیلہ۔

الرُّبْوَةُ. عِنْدَ الْحُسَّابِ الرِّبْوَةُ: دس لاکھ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًى۔

الرُّبَيَّةُ: حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔

الرَّبَاةُ والرَّبَاوَةُ: جگہ۔ ٹیلہ۔

الرَّبْوُ: ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج أَرْبَاء. الرَّبْوُ والرَّبْوَةُ عِنْدَ الْأَطِبَّاءِ: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الْأُرْبِيَّةُ: اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِيْ أُرْبِيَّةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتَتًا: ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (أَرَتُّ): وصف مؤنث (رَتَّاء ورُتّی) ج رُتٌّ۔

أَرَتَّهُ إرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔

الرَّتُّ: بخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَة۔

الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوت: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّة: ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بیکلی۔

رَتَأَ (ف) رُتُوءًا: گلا گھونٹنا ...... العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا ...... فِي المَكَانِ: اقامت کرنا ...... الرَّجُلُ: چلا جانا۔

أَرْتَأَ: رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا ورُتُوبًا. الشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوةِ" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَهُ: ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

أَرْتَبَ: سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا ...... الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ: ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الرَّتَبُ: سختی و تنگی۔ بلند زمین قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔

(...... والرَّتَبُ): خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔

الرَّتَبَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتْبَة: مرتبہ۔ ج رُتَب۔

التُّرْتَبُ والتُّرْتُبُ: قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے کئی مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا تُرْتُبًا" وہ سارے آ گئے۔

التُّرْتُبَة: راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔

الرَّاتِبُ: ثابت۔ عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔

والرَّاتِبُ عِنْدَ المُحْدَثِينَ: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِب۔ الرَّوَاتِبُ: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة: درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِب۔

رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (...... ورَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

أَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا ...... الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔

...... الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔

...... الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔

...... البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔

أُرْتِجَ وارْتُتِجَ واسْتُرْتِجَ. الخَطِيبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔

الرَّتَجُ والرِّتَاجُ: پھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔

سِكَّةٌ (رَتَجٌ): بند گلی۔ مَالٌ رِتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔

الرِّتَاجَة: چٹان۔ ج رَتَائِج۔

(...... والمَرْتَجُ): تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِج۔

المِرْتَاجُ: تنگ راستہ۔ تنگی۔ مکان (مُرْتَجٌ): بہت نباتات والی جگہ۔

رَتَخَ (ف) رُتُوخًا. العَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ...... عَنِ الخَيْرِ: پیچھے رہنا۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا ورُتُوعًا ورِتَاعًا: آسودہ زندگی بسر کرنا ...... فِي المَكَانِ: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِع) ج رُتَّع ورَتْعَى ورِتَاع ورُتُوع ورَاتِعُون۔

رَتَعَ فِي مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ ...... فِي لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔

أَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا ...... الأَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا ...... الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اگانا۔

...... الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔

الرَّتْعَة: سبزے کی کثرت اور اسی سے ہے "اِسْتَمْنَى القَيْدُ والرَّتْعَة" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔

الرَّتِيعُ: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ گھاس۔ الرَّتِيعُ: چرنے والے کے لئے کافی گھاس۔

الأَرْتَاعُ. مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ أَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ": میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔

الرَّتَّاعُ: سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔

المُرْتِعُ: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔

المَرْتَعُ: چراگاہ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔

الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ "رَتَقَ فَتْقَهُمْ": اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی۔

...... الشَّيْءَ: بند کرنا۔

اِرْتَتَقَ. الشَّيْءُ: جڑ جانا۔

الرِّتَاقُ: دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔

الرَّتَقَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الرُّتُوق: عزت و شرف۔

رَتَكَ: (ض ن) رَتْكًا ورَتَكًا ورَتَكَانًا. البَعِيرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

أَرْتَكَ. البَعِيرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ أَرْتَكَ الجَمَكَ: آہستہ ہنسنا۔

المَرْتَك: مردا سنگ۔

رَتِلَ: (س) رَتَلًا. الشَّيْءُ عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِل)

رَتَّلَ. الكَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔

...... القُرْآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔

تَرَتَّلَ. فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔

الرَّتَل: حسن۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَلَامٌ

رَتَـــلٌ" خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثَغرٌ رَتَلٌ" خوبصورت ہموار دانت۔
التَّرتِیلُ: پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرف اچھی طرح ادا ہوں۔
الاَرتَلُ: اچھی ترتیب والا۔ ہتلانے والا۔
الـرُّتَيلاءُ: کیڑے کوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ۔ ج رُتَيلاوَات: ایک قسم کی حیاتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهُ (ض) رَتْـمًا: توڑنا یا کوٹنا......فی بَنِی فُلَانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَا رَتَمَ بِكَلِمَةٍ": وہ ایک لفظ نہیں بولا۔(......رَتِمًا) رتم کے دانے کھانے سے بے ہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرتَمَ وتَرَتَّمَ وارتَتَمَ: یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرتَمتُ زَيدًا: یاد آنے کے لئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھا۔
الرَّتَمُ: ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں واحد (رَتَمَةٌ) الرَّتَمُ: بھرا ہوا ترشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرُّتَامُ: بوسیدہ۔
الرَّتَمَةُ: ج رَتَمٌ ورِتَـامٌ و(الـرَّتِيمَةُ) ج رَتَائِمُ: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الـرَّتِيمُ: آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بے ہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رَتمَی۔
شَرٌّ (مُرتَتِمٌ ومُرتَتِمٌ): دائمی فساد۔
رَتَنَ: (ن) رَتنًـا۔ الشَّـحمَ بالعَجِينِ: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔
رَتَـاهُ يَرتُـوهُ رَتـوًا: ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَـلبَ: دل کو قوی کرنا ......اِلَيـهِ: ملانا۔ الـدَّلوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (......رَتـوًا ورُتُـوًّا) بِـرَاسِـهِ: سر سے اشارہ کرنا ... ...

التَّرتُّلُ: قدم رکھنا۔
رُتِیَ فِی فَوْدِهِ: سست یا زود ہونا۔
الـرَّتوَةُ: قدم بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَينَنَا وبَينَهُم رَتوَةٌ" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَّاتِي: دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ: (ض) رَثَـاثَةً ورُثُـوثَةً۔ الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث۔
اَرَثَّ اِرثَاثًا۔ الثَّوبَ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرتُـــثَّ: زخمی کو میدان جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرتَثٌّ)
الـــرَّثُّ: مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث: کہا جاتا ہے "اَلكَلَامُ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ: بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَّثِيثُ: بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔
الـرِّثَّـــةُ: گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَـث ورِثَاث: کمزور لوگ۔
الرَّثَاثَةُ: مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ: (ف) رَثـأً۔ اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا۔ ...الشَّيءَ بِالشَّيءِ: ملانا ... غَضَبَهُ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرثَـأَ وارتَثَـأَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرتَثَأَ فِی رَأيِهِ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرتَثَأَ عَلَيهِمُ الاَمرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرتَثَأَ۔ الرَّثِيئَةُ: دہی جیسا۔
الـرَّثْءُ والـرَّثَـأَةُ: بے وقوفی۔ کم عقلی۔ کمزور دلی۔
الـرَّثِيئَـةُ۔ رَثَأَ الـلَّبَنَ: کا اسم۔ دہی۔ بے وقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرثُوءٌ): کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ: (ن) رَثـدًا وارتَثَدَ۔ المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعول (رَثِيـــدٌ ومَرثُودٌ)

رَثِدَ: (س) رَثَـدًا وارتَثَـدَ۔ المَـاءُ: پانی کا گدلا ہونا اور کہا جاتا ہے "اِبتَـثَـرَ حَتّـی اَرثَـدَ": اس نے کھودا یہاں تک کہ کھودتا کیچڑ تک پہنچ گیا۔ اَرثَدَ القَومُ: جماعت ہونا۔
الـرَّثَدُ والرِّثِدَةُ: لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الـرَّثَـدُ: ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَيتِ: گھر کا ردی سامان۔
المِرثَدُ والمُرثِدُ: فیاض وسخی مرد۔ المَرثَدُ: شیر۔
رَثَطَ: (ن) رُثُـوطًا وارتَـثَطَ وتَـرَثَّطَ۔ فِي مَقعَدِهِ: نشست میں جم کے رہنا۔
رَثِعَ: (س) رَثَعًا بہت حریص ولالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُونَ۔
اِرثَعَنَّ اِرثِعنَانًا۔ المَطَرُ: لگاتار برسنا...... فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا......الشَّعرُ: بال کا لٹکنا۔
رَثَمَ (ض) رَثمًا۔ الاَنفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعول (رَثِيمٌ ومَرثُومٌ)
رَثِمَ: (س) رَثَـمًا وارثَـمَّ۔ الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثَـمٌ واَرثَـمُ): صفت مؤنث (رَثِمَةٌ ورَثمَاءُ) ج رُثمٌ۔
الـرَّثَـمُ والـرُّثـمَةُ: گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔
الرِّثمَةُ: ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔
المَرثِمُ والمِرثَمُ: ناک۔ ج مَرَاثِم۔
رُثِّنَ مَرثَنًا: اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَّثَانُ: لگاتار بارش۔
اَرضٌ (مَرثُونَةٌ ومُرثَنَةٌ): بارش شدہ زمین۔
رَثَـا يَرثُـوا رَثـوًا ورَثَـى يَرثِـي رِثيًا ورِثَاءً ورَثَـايَةً ومَـرثَاةً ومَرثِيَةً۔ المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رَثَى لَهُ: رحم کرنا۔
رَثَى يَرثِي رِثَايَةً۔ عَنهُ حَدِيثًا: یاد کرنا۔
رَثِيَ يَرثَى رَثًى ورَثيًا: جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَي وتَرَثّي. المَيّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔
الرَّثّاءَة والرَّثّايَة: نوحہ کرنے والی عورت۔
الـرَّثْيَة: جوڑوں کا درد (..... والـرَّثْيَة): کمزوری۔ سستی۔ بے وقوفی۔
المَرْثَاة والمَرْثِيَة: وہ اشعار وغیرہ جس میں میّت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مَـرَاثٍ و "الـمَرَاثِي السَّبع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رَجُلٌ (مَرثُوٌّ): کمزور عقل والا مرد۔
الرَّثُوُ: دہی۔
رَجَّ: (ن) رَجًّا: ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجْرَجَهُ: (ن) ورُجّ رَجًّا: ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ. البـحرُ: موج مارنا..... الـكلامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّة: حرکت۔ رَجَّةُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجٌ. الغـنم او النّاس: کمزور ولاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجَاجَةٌ": لاغر بھیڑ۔
نـاقَةٌ (رَجّاء): بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
أَرْجَـأ. الأمْـر: کام کا مؤخر کرنا۔ أَرْجَأَتِ الحامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔
الصَّائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ: (ن) رَجْبًا. مِنهُ: شرم کرنا۔
رَجَبَه بِكلامٍ سَيّئٍ: تہمت لگانا (..... رَجَبًا ورُجُوبًا وارْتَجَبَ): ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ: (س) رَجَبًا. مِنهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَه: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا اور اسی سے ہے "أَنَا جُذَيْلُها المُحَكَّكُ وعُذَيْقُها المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَيْل جذل کی اور عُذَيْق عذق: کی تصغیر ہے۔ جذل: کے معنی تنا اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ کھلک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب: جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹھونی لگا دی گئی ہو۔
رَجَّبَ الرَّجُلَ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَـرَجَّبَ: خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا...... الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَـــــب: قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج أَرْجَـاب ورُجُوب ورِجَاب: کہا جاتا ہے "أَجَّلْتُكَ إلى سَبْعَةِ أَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔
رَجَبَان: ماہِ رجب وشعبان۔
الـرُّجْبَة: سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔
الرَّاجِبَة: انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب۔
الأَرْجَاب: آنتیں۔ (واحد نہیں)
المَرْجَب: مہیب۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ: (ف ن ض) رُجْحَانًا ورُجُوحًا. المِيزانُ: جھکنا..... الرَّأيُ: غالب ہونا۔
...... ہ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔
...... دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ...... ہ بِيَدِه: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجَاحَةً) حلیم وبردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَهُ وأَرْجَحَهُ: جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔
رَجَّحَ وأَرْجَحَ لَهُ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَـحَـه: جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔
تَـرَجَّحَ. الرَّأيُ عِنْدَه: غالب وبرتر ہونا ...... فِـي القَوْل: مائل ہونا...... الشَّيْءُ: ہلنا...... الأُرْجُوحَةُ بِه: جھکنا۔
اِرْتَـجَـحَ. عَلى الأُرْجُوحَةِ: جھولے میں جھکنا...... الإبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُّجُح. مِنَ الجِفَان: بھرے ہوئے بڑے پیالے...... مِنَ الكَتَائِبِ: لشکر گراں۔
الأُرْجُـوحَةُ ج أَرَاجِيح (الـرُّجَّـاحَة والرُّجَاحَة والمَرْجُوحَة): جھولا۔
الأَرَاجِيح: بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأةٌ (رَجَاح): بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجْدًا: خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجّاد)
إِعْتِرَاجِحَة أو المُبَايَنَةُ الفَلَكِيّة: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ۔
رَجِذَ رَجَذًا ورَجَذَوُ أُرْجِذَ: کانپنا۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا: رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِز ورَجّاز ورَجّازَة) رَجَزَ بِه: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَهُ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ. صَاحِبَه: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَـرَجَّـزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا...... السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَـجَـزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا...... بِفُلان: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا...... الرَّجَزَ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَـرَاجَزَ. القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْز والرِّجْز: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔
الـرَّجَـز: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔
الـــرِّجَازَة: عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔
الأُرْجُوزَة: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج أَرَاجِيز.
الأَرْجَز: رجز کی بیماری والا۔
رَجَسَ: (ن ض) رَجْسًا. البَعِيرُ: اونٹ کا آواز کرنا...... السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔
...... فـلانًـا عَـنِ الأمْـر: روکنا (..... وارْتَجَـسَ): پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ: (س) وَرَجُسَ: (ک) رَجَاسَةً: بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِسٌ)
اِرْتَجَسَتِ السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔
الرِّجْسُ والرَّجَسُ والرِّجِسُ: گندگی۔ پلیدی۔ الرِّجْسُ: بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔
الرَّجَّاسُ: سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ أَوْ سَحَابٌ رَجَّاسٌ" بہت تیز آواز والا بادل یا اُونٹ۔
بَعِيرٌ رَجُوسٌ بِرَجْسٍ: تیز آواز نکالنے والا اُونٹ۔
المِرْجَاسُ: پانی کی گہرائی ناپنے والا آلہ۔
المَرْجُوسَةُ: فساد و گڑگڑاہٹ۔
رَجَعَ: (ض) رُجُوعًا ومَرْجِعًا ومَرْجِعَةً ورُجْعَى ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا (...... رَجْعًا ومَرْجِعًا ومَرْجَعًا) الكلامُ فِيهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَسَافُدٌ إِلَّا سَجْعٌ لَيْسَ فِيهِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِي الدَّابَّةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُهُ عَلَى بَدْئِهِ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا...... الشَّيْءَ عَنْهُ او اِلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (...... رُجُوعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔
رَجَّعَ فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (...... وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيبَةِ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَّابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةَ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔
رَاجَعَهُ فِي الأَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا...... الكَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرنا...... الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا۔
أَرْجَعَهُ: رد کرنا۔ پھیرنا...... الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔ الرَّجُلُ فِي المُصِيبَةِ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا...... اللّٰهُ بَيْعَتَهُ: نفع کرانا۔
اِرْتَجَعَ النَّاقَةَ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ إِلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔
المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔
اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ حَمْلَهُ فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔
تَرَاجَعَ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا...... القَوْمُ الكَلَامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں اُلٹ پھیر کرنا۔
اِسْتَرْجَعَ مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا...... فِي المُصِيبَةِ ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾: کہنا۔
الحَمَامُ فِي غِنَائِهِ: کبوتری کا گٹ گری کرنا۔
الرَّجْعُ: مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاعٌ ورُجْعَانٌ ورِجْعَانٌ۔ الرَّجْعُ: لید...... مِنَ الأَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو...... مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز بازگشت۔
الرَّجِيعُ مِنَ الكَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اُونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيرٌ رَجِيعٌ: سفر سے تھکا ہوا اُونٹ۔ ج رَجَائِعُ۔ دَابَّةٌ رَجِيعُ أَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔
الرَّاجِعُ: ق۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِعُ۔
الرَّجِيعَةُ: رجیع کا اسم۔ لوح۔ حجت۔ اُونٹ۔ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اُونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔
الرَّجْعَةُ: واپسی۔
والرُّجْعَةُ والرُّجْعَى والرُّجْعَانُ والرُّجُوعَةُ: خط کا جواب۔ المَرْجِعُ: لوٹنے کی جگہ۔ مونڈھے کا نچلا حصہ۔
المَرْجُوعُ والمَرْجُوعَةُ: خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا البَيْعِ مَرْجُوعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔
المُرَاجِعُ مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔
الرِّجَاعُ: مہار کا وہ حصہ جو اُونٹ کی ناک پر ہو۔ ج أَرْجِعَةٌ ورُجُعٌ۔
رَجَفَ: (ن) رَجْفًا ورَجَفَانًا ورَجِيفًا: تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی و متعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الأَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا...... الرَّعْدُ: گڑگڑانا...... الأَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔
أَرْجَفَ: لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا...... القَوْمُ: بِالشَّيْءِ وفِيهِ: گھسنا...... الرِّيحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔
أَرْجَفَتِ الأَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔
تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ: بہت زیادہ کانپنا۔
اِسْتَرْجَفَ رَأْسَهُ: حرکت دینا اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوا يَسْتَرْجِفُونَ الأَرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔
الرَّجْفَةُ: اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔
الرَّاجِفُ: ق۔ جوڑی والا بخار۔
الرَّاجِفَةُ: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجَّاف : بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الاَرَاجِيف : گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِيفُ كَثُرَتِ الْاَرَاجِيفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔

التَّرَجَّاف : اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ : (ن) رَجْلاً۔ الفَصِيْلَ : اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَّاةَ : بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَهٗ : ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ : (س) رَجَلاً : پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا...... الدَّابَّةُ : ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعرُ : بال کا کچھ گھنگھریالے ہونا۔ الفَصِيْلُ : اُونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَهٗ : قوی کرنا...... الشَّعرَ : کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَهٗ : مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِيْلَ : اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَـرَجَّلَ : سواری سے اُتر کر پیدل چلنا...... المَرْأَةُ : مرد جیسی ہونا...... الشَّمسُ : آفتاب کا بلند ہونا...... البِئرَ وفي البِئر : بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا...... الزَّندَ : پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ : دیگچی میں پکانا۔ الشَّاةَ : ٹانگیں باندھنا...... ہ : پاؤں سے پکڑنا...... الزَّندَ : پاؤں کے نیچے رکھنا...... الكَلاَمَ : فی البدیہہ کہنا۔

...... بِرَأيِهٖ : منفرد ہونا...... الرَّجُلُ : پیدل چلنا۔

...... النَّهَارُ : دن کا چڑھنا...... الفَرَسُ : درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رِجْلَكَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجِل : مص۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعرٌ رَجِلٌ : کچھ گھنگھریالے بال۔

الرِّجْل۔ ج اَرْجُل : پاؤں۔ ج اَرَاجِيل : کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلٌ دِبَاءٍ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذَالِكَ فِيْ رِجْلِ فُلاَنٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الــرِّجْل : پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ تقصیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِيْ عَلٰى رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ : کھاڑی خلیج۔ رِجْلاَ السَّهْمِ : تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجَرَادِ : دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّارِ ورِجْلُ الجَوْزَاءِ ورِجْلُ قَنْطُورُس : ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يُقَدِّمُ رِجْلاً وَيُؤَخِّرُ اُخْرٰى" یعنی وہ اچھے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الـرَّجُل : مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال ورِجَلَة ورَجْلَة واَرَاجِل ورِجَالاَت : کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ رَجُلٌ فِي الرِّجَالِ" : فلاں کامل مرد ہے۔

الرَّجَل : مص...... مِنَ الشَّعرِ : کم گھنگھریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالٰى۔

الـرَّاجِل : پیدل چلنے والا۔ الـرَّجِلُ مِنَ الشَّعرِ : کم گھنگھریالے بال۔

الــرَّاجِل : فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل ورَجَّالَة ورُجَّال ورِجَال ورَجَالٰى ورُجَالٰى ورُجْلاَن : کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيَّالَةُ والرَّجَّالَةُ" سوار و پیادے سب آگئے۔ "اَغَارَ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِهٖ ورَجْلِهٖ" : اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ : پیدل چلنے والا مرد۔

الرِّجْلَة : خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل۔

الرُّجْلَة : چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَة : جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجُلَة : عورت۔

الـرَّجِيْل : ج اَرْجِلَة واَرَاجِل واَرَاجِيْل : پیدل چلنے والا...... ج رَجْلٰى ورُجَالٰى ورَجَالٰى : بہت چلنے پر قادر۔ كَلاَمٌ رَجِيْلٌ : فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِيْلٌ : قوی مضبوط مرد۔

مَكَانٌ رَجِيْلٌ : جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِيْلٌ : سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الاَرَاجِيْل : شکاری لوگ۔

الــرُّجُوْلَة والــرُّجُوْلِيَّة والــرُّجُوْلِيَّة والرُّجْلِيَّة : مردی۔ مردانگی۔

الــرَّجْلاَن : پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰى ورَجَالٰى ورَجْلٰى : مؤنث رَجْلٰى۔ ج رِجَال ورَجَالٰى۔

الاَرْجَل۔ مِنَ الدَّوَابِّ : ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَل : بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلاَءُ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَرْجَلُهُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَّــرْجِيْل : مص جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَّرَاجِيْل : کرفس (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل : دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔

المُـرَجَّل۔ مِنَ النَّسِيْجِ ونَحْوِهٖ : کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔ مِنَ الثِّيَابِ : کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَأَةٌ (مُرْجِل) : لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَهٗ : (ن) رَجْمًا : سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔

...... القَبْرَ : نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الـرَّجُلُ : اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَمَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَمَ بِالغَیبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
رَاجَمَہٗ مُرَاجَمَۃً: ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَومِہٖ: مدافعت کرنا...... و فِی الحَرْبِ اوِ الکَلَامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْا: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بِالکَلَامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔
المَرْجَمُ: ہم دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ المَرْجَمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالغَیبِ" اٹکل پچو۔ و صَارَ فُلَانٌ رَجْمًا: فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔
الرَّجَمُ: کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔
الرُّجْمَۃُ الرُّجْمَۃ: قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام۔
الرَّجِیْمُ: سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرِّجَامُ: کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَۃٌ)
المِرْجَمُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط اور قوی مرد۔
فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔
حَدِیْثٌ (مُرَجَّم): ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔
المِرْجَامُ: پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِنَ الإبِلِ: مضبوط اونٹ۔
التَّرَاجِمُ: قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالتَّرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ: (ن) ورَجِنَ (س) ورَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا......
الحَیَوَانُ: مانوس ہونا۔
رَجَنَ: (ن) رَجْنًا ورُرجُنَ وارْتَجَنَ الدَّابَّۃَ: چارہ کھانے کے لئے گھر پر روکنا۔

رَجَنَ فُلَانًا: شرم کرنا۔ وارْتَجَنَتِ النَّاقَۃُ: گھر پر ٹھہرنا۔
اِرْتَجَنَ۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الزُّبْدَۃُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا...... عَلَی القَوْمِ اَمْرُھُمْ: گڑبڑ و فاسد ہونا۔
الرَّجِیْنُ: مہلک زہر۔
الرَّجْنَۃُ: جماعت۔
المَرْجُوْنَۃُ: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ فِی مَرْجُوْنَۃٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَہٗ: (ف) رَجْھًا: ہلنا...... بالشَّیْءُ: دانتوں سے پکڑنا۔
اَرْجَہَ۔ الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹنا۔
رَجَا: (ن) رَجَاءً ورُجُوًّا ورَجَاۃً ومَرْجَاۃً ورَجَاوَۃً ورَجَاءَۃً: امید ہونا...... الشَّیْءَ: اُمید کرنا۔ خوف کرنا......
الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔
رَجِیَ: (س) رَجًا: کلام سے رک جانا۔
رُجِیَ۔ عَلَیْہِ: کلام منقطع ہونا۔
رَجَّی وتَرَجَّی وارْتَجَی۔ الشَّیْءَ: اُمید کرنا۔
رَجَّی وارْتَجَی فُلَانًا: اُمید لگانا۔ وارْتَجَی الشَّیْءَ: خوف کرنا۔
اَرْجَی۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا...... الصَّیْدَ: نہ پانا۔ اَرْجَی البِئْرَ: کنوئیں کا من بنانا "اَرْجَتِ النَّاقَۃُ: جننے کے قریب پہنچنا۔
الرَّجَا والرَّجَاءُ: کنارا۔ رَجَوَا البِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاءُ: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِیَّۃُ: اُمید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَلَیْسَ لِی فِی فُلَانٍ رَجِیَّۃٌ" فلاں سے مجھے کوئی اُمید نہیں۔
الاُرْجِیَّۃُ: جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے۔
الرَّجْثَۃُ: سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔
الرَّجَحُ: کمر کی چوڑائی۔

الرُّجُحُ: چوڑے پیالے۔
الاَرْجَخُ: بھرے گوشت والا۔ مؤنث رَجْخَاءُ: ج رُجْخٌ۔
رَحُبَ: (س) رَحْبًا ورَحُبَ (ک) رُحْبًا ورَحَابَۃً۔ المَکَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ ورَحِیْبٌ ورُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَتْکُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)
رَحَّبَ۔ المَکَانَ: کشادہ کرنا...... (...... بِہٖ مُرَحَّبًا): بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
اَرْحَبَ۔ المَکَانُ: کشادہ ہونا...... المَکَانَ: کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاحَبَ: کشادہ ہونا۔
الرَّحْبُ: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ رَحْبٌ وارْضٌ رَحْبَۃٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "ورَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَھْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ البَاعِ اوِ الذِّرَاعِ": فیاض۔ سخی۔
الرُّحْبَی: سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحَبَۃُ والرَّحْبَۃُ: کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آئے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ...... مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن...... مِنَ الوَادِی: وادی کے دونوں جانب پانی پہنچنے کی جگہ۔ ج رِحَابٌ ورَحَبٌ ورَحَبَاتٌ ورَحْبٌ ورَحْبَاتٌ۔
الرَّحِیْبُ: بہت کھانے والا۔
التَّرْحَابُ: خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِیْبَۃٌ۔
المُرَحَّبُ: کشادگی اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِکَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَکَ اللّٰہُ ومَسْھَلَکَ" اللہ تم کو

کجاوہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "اَھْلاً وَمَرْحَبًا" یعنی اچھے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَامَرْحَبًابِکَ"۔

رَحْرَحَ: مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ...... الشَّیْئَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ...... بِالْکَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَحُ والرُّحْرَاحُ والرَّحْرَحَانُ: پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَحْرَحٌ ورَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ وفراخ زندگی۔

رَحَضَ: (ف) رَحْضًا وارْتَحَضَ. الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ. المَحْمُومُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ. الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحِیضٌ): کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الـرَّحْضُ: مٹکا۔ پرانا توشہ دان۔

الرُّحَاضُ: پسینہ کی آمد۔

الــرُّحَــاضَةُ: وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھودن۔

الرُّحَضَاءُ: بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِیضُ: دھویا ہوا۔

المِرْحَاضُ: غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِغْسَاط: کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیضُ.

المِرْحَضَةُ والمِرْحَاضَةُ: کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

الرُّحَاقُ والرَّحِیقُ: شراب۔ الرَّحِیقُ: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِیقٌ: بے داغ حسب ...... مِسْکٌ رَحِیقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ: (ف) رَحْلاً ورُحِیلاً وتَرْحَالاً. عَنِ المَکَانِ: ترک وطن کرنا ...... اِلَی المَکَانِ: منتقل ہونا ...... البَعِیرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَہٗ نَفْسِیْ" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ...... ہٗ بِالسَّیْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا ...... فُلَانًا: بکھرنا۔ گھورنا۔

رَحَّلَہٗ: کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ...... الثَّوْبَ: نقش ونگار کرنا۔

رَاحَلَہٗ: کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ: سواری کے بہت جانور والا ہونا ...... الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری ولاغری کے بعد موٹا ومضبوط ہونا ...... ہٗ: سواری دینا۔ ...... الاِبِلَ والنَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ فُلَانًا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ. عَنِ المَکَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ...... البَعِیرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ ...... الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَہٗ: سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ...... النَّاسَ نَفْسَہٗ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْلُ: بمعنی کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلٰی رَحْلِہٖ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامان سفر کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَہٗ واَلْقٰی رَحْلَہٗ" اس نے اپنا کجاوہ اُتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ وارْحُلٌ.

الرِّحَالُ: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَةُ: کوچ۔ تم کہتے ہو "قَدْ دَنَتِ الرِّحْلَةُ" ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔

الــرُّحْلَةُ: جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت وسفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَــالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَــعِیــرٌ ذُوْرُحْلَةٍ وَرُحْلَةٌ: مضبوط وقوی اونٹ۔

الــرَّجِیْلُ: بمعنی کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَــلٌ رَحِیلٌ ونَاقَةٌ رَحِیلَةٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

الــرَّاحِلُ: فا۔ ج رَاحِلُوْنَ. ورُحَّلٌ ورُحَّالٌ.

الــرَّاحِلَةُ. مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ اور اونٹنی (تا مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِلُ.

الــرِّحَــالَةُ: بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِلُ.

الاَرْحَلُ. مِنَ الخَیْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الــرَّحَّــالُ: کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَةٌ.

الرَّحَّالَةُ: بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْلُ: بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْلُ: کجاوہ۔

الــمَرْحَلَةُ: مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِلُ.

الــمُــرْحِلُ: بہت سواری کے جانور والا۔ (...... والمِرْحَلُ) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط وقوی۔

المُرَحَّلُ. مِنَ الاِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ ...... مِنَ الثِّیَابِ: کجاوہ کے مانند نقش ونگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَلُ. البَعِیرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَہٗ: (س) رَحْمَةً ومَرْحَمَةً ورُحْمًا ورُحُمًا: نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) ورَحْمًا ورَحَمًا ورَحَامَةً ورُحِمَتْ. المَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوْمٌ رَحِمَةٌ ورَحْمَاءُ)

رَحَّمَ وتَرَحَّمَ. عَلَیْہِ: کسی کے متعلق "رَحْمَةُ

اللہ رہا۔
تَراحَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
اِسْتَرْحَمَهُ: مہربانی طلب کرنا۔
الرَّحِمُ والرِّحْمُ: (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذُوالرَّحِمِ" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرْحام۔
الرُّحام: بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرَّحْمَةُ والرُّحْمیٰ والرُّحْمُ: نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔
الرَّحَمُوت: بڑی مہربانی۔
الرّاحِمُ والرَّحُوم: مہربانی کرنے والا۔
الرَّحِیْم: مہربانی کرنے والا۔ جس پر مہربانی کی جائے۔ ج رُحَماء۔ الرَّحِیْم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الرَّحْمان: مہربانی کرنے والا۔ یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔
المَرْحَمَة: مہربانی۔ ج مَراحِم۔
المُتَرَحَّم: جس پر مہربانی کی جائے (..... والمَرْحُوْم): مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔
الرَّحامِس: دانا و دلیر مرد۔
رَحا يَرْحُو رَحْوًا ورَحیٰ يَرْحِی رَحْیًا وتَرَحّیٰ. الحَیَّةُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَّحیٰ: چکی چلانا۔
الرَّحیٰ: (مؤنث) چکی۔ تثنیہ رَحَیان ورَحَوان ج اَرْحاء واَرْحِیَة واَرْحٍ ورُحِیّ ورِحِیّ واَرْحِیّ۔ الرَّحیٰ: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَحیٰ قَوْمِه" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بِاَرْحائِهِ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو خود تو اپنی جگہ سے نکلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے۔ ج اَرْحاء۔
المُرَحّی: چکی ساز۔
المُرَحّیٰ: گھمسان کا رن۔

رَخَّهُ (ن) رَخًّا: پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا ..... الشَّرابَ: پانی ملانا۔
رَخَّ: (ض) رَخًّا. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
اَرَخَّ. فی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا ..... العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔
اِرْتَخَّ. الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔
الرَّخَخ: نرمی۔ سہولت۔
الرُّخّ: ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ (واحد)
رُخَّة: شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ ج رِخاخ ورِخَخَة۔
الرَّخاخ: نرم گھاس۔ عَیْشٌ رَخاخ: آسودہ زندگی۔ رَخاخُ العَیْش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ اَرْضٌ رَخاخ: نرم زمین۔
اَرْضٌ (رَخام): نرم زمین۔ ج رَخاخِیّ۔
الرَّخْت: زین۔ ج رُخُوت (جدید)
الرَّخْرَخ والرَّخْراخ: پتلا گارا۔
تَرَخْشَ وارْتَخَشَ: ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
الرَّخْشَة: اضطراب۔ حرکت۔
رَخُصَ: (ک) رُخْصًا. الشَّیْءُ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِیْص) (..... رَخاصَة ورُخُوْصَة): نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخْص ورَخِیْص): مؤنث رَخْصَة: ج رِخاص۔
رَخَّصَ. السِّعْرَ: بھاؤ سستا کرنا ..... لَهُ كَذا وفِی كَذا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔
اَرْخَصَهُ: سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔
تَرَخَّصَ. فی الاَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا ..... فی كَذا: اجازت دیا جانا۔ فی حَقِّه: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔
اِرْتَخَصَهُ: سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔
اِسْتَرْخَصَ. الشَّیْءَ: سستا سمجھنا۔
الرُّخْصَة والرُّخُصَة: تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فی هٰذا الاَمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے۔ چھٹے کی باری۔
مَوْتٌ (رَخِیْص): جلدی آنے والی موت۔
رَخَفَ: (ن) رَخْفًا ورَخَفَ (س) رَخَفًا ورَخُفَ (ک) رَخافَةً ورُخُوْفَةً. العَجِیْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخِف ورَاخِف)
اَرْخَفَ. العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔
الرَّخْف والرَّخْفَة: پتلا مکھن۔ گیلا گندھا ہوا آٹا۔ ج رِخاف۔
الرَّخْفَة والرَّخِیْف: نرم و پتلا پتھر۔
الرِّخْل والرَّخِل والرِّخْلَة: بھیڑ کا مادہ بچہ۔ ج اَرْخُل ورُخال ورِخال ورِخْلان ورَخِلَة ورِخَلَة۔
المُتَرْخِل: بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔
رَخُمَ (ن) رَخْمًا ورَخُمَ (ک) رَخامَةً. الصَّوْتُ او الكَلامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِیْم) ..... الجارِیَةُ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیْمَة ورَخِیْم)
رَخَمَتْ (ن) رَخْمًا ورَخَمًا ورَخَمَةً. الدَّجاجةُ البَیْضَ وعَلَی البَیْضِ (اَرْخَمَتْ) عَلَی البَیْض: مرغی کا انڈا سینا۔ صفت (راخِم ومُرْخِم ومُرْخِمَة)
رَخِمَت (ف ان) رَخْمًا ورَخَمَةً ورَخَمَةً. المَرْاَةُ وَلَدَها: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا ورَخِمَهُ: مہربانی کرنا۔
رَخِمَ. رَحِمَ: میں ایک لغت ہے۔
رَخَّمَ تَرْخِیْمًا. الشَّیْءَ: نرم کاٹ دینا۔ اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادیٰ ہے۔ نرم آواز کر دینا۔ الدَّجاجةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
الرَّخَم: ممس۔ گدھ۔ واحد (رَخَمَة) ج
رُخَم: نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔
الرُّخام: سنگ مرمر۔ ایک ٹکڑے کو (رُخامَة) کہتے ہیں۔

الرُّخَامَى: نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْخَم مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مؤنث رَخْمَاء ج رُخْم۔
الـرَّخُوم والـيَرْخَم واليَرْخُوم: ترکدھ۔
رَخِيَ: (س) رَخًا ورِخْوَةً ورَخُوَ (ک) رَخَاوَةً: نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت (رَخْو ورُخْو ورِخْو)
رَخَا: (ن) ورَخِيَ (ف) ورَخِيَ (س) ورَخُوَ: (ک) رَخَاء العَيْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت (رَاخٍ ورَخِيّ)
رَاخَاهُ مُـرَاخَـاةً: دور کرنا۔ جیسے کہتے ہیں "حَسِبْتُ الفِرَارَ يُرَاخِي الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی۔ ..... الشَّيْءَ: نرم کرنا ..... العُقْدَةَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخِي خِنَاقَهُ او بِخِنَاقِهِ" یعنی اس نے اسے مہلت دی۔ رَاخَتِ الـمَرْأَةُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔
اَرْخَى اِرْخَاءً. الشَّيْءَ: نرم کرنا ..... الفَرَسَ ولِلفَرَسِ: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْخِ لَـهُ الحَبْلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو۔ یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو ..... السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "اَرْخَى عِـمَـامَتَـهُ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا ..... دَابَّتَـهُ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا ..... زِمَامَ النَّاقَةِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
رَخَّى. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔
تَـرَاخَى تَرَاخِيًا. عَنْهُ: دور ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَـرَاخَـتِ الـسَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی۔ تَـرَاخَى الـفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِـي الاَمْـرِ تَـرَاخِيًا": معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔
اِرْتَخَى واِسْتَرْخَى: نرم ہونا۔
اِسْتَرْخَتْ بِهِ حَالُهُ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہوگئی۔
الرَّخَاء: مص۔ فراخی زندگی۔

الرُّخَاء: نرم ہونا۔
الاَرْجُوحَةُ: ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے۔ ج اَرَاجِيحُ۔
الـمِـرْجَـاحُ: تیز دوڑنے والا جانور۔ ج مَرَاجِيحُ: (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے) کہا جاتا ہے "فَـرَسٌ مِـرْجَـاحٌ ونَـاقَـةٌ مِرْجَاحٌ"۔
رَدَّهُ: (ن) رَدًّا ومَـرَدًّا ومَـرْدُودًا ورِدِّيدَى. عَنْ كَذَا: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ لوٹانا۔ رَدَّ فُـلانًا: خطا کار ٹھہرانا ..... البَابَ: بھیڑ دینا ..... عَـلَيْـهِ الشَّيْءَ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔ ..... اِلَيْهِ جَوَابًا: جواب لکھنا ..... ه اِلَى بَيْتِهِ: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا يَرُدُّ هٰذَا عَلَيْكَ شَيْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا ..... الشَّيْءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "طَرَدَّ شُـعُـورَهُـنَّ السُّودَ بِيضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا۔ رَدَّدَ الـقَـوْلَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا۔
رَدَّدَ. الـقَـوْلَ: بمعنی رَدَّ الـقَوْلَ: (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّهُ. الشَّـيْءَ: واپس کر دینا ..... ه فِـي الكَلَامِ: بحث کرنا۔
اَرَدَّ. البَحْرُ: جوش میں آنا ..... الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا ..... الشَّاةُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدٌّ)
تَرَدَّدَ: رد ہونا ..... فِي الاَمْرِ: شک و شبہ میں پڑ جانا ..... اِلَيْهِ: بار بار آنا (..... و تَـرَادَّ) فِي الجَوَابِ: زبان کا لڑکھڑانا۔
تَرَادَّا. البَيْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔
تَرَادَّ الشَّاةُ: روگ کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔
اِرْتَدَّ. الشَّيْءَ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا ..... عَلَى اَثَرِهِ او عَنْ طَرِيقِهِ: لوٹنا ..... عَنْ دِينِهِ: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عَنْ هِبَتِهِ: ہبہ کو لوٹا لینا ..... اِلَـى الـصَّـوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا۔
اِسْتَـرَدَّ. الشَّيْءَ: واپس کرنے کو کہنا ..... ه الشَّيْءَ واپس چاہنا ..... الهِبَةَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔
الـرَّدُّ: مص زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "ضَيْعَةٌ كَثِيرَةُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائیداد۔ شَـيْءٌ رَدٌّ: ردی چیز۔ اَمْرٌ رَدٌّ: خلاف سنت کام۔ دِرْهَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنِي مِنْ رُدُودِ الدَّرَاهِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔
الرِّدُّ: چیز کا سہارا۔
الرُّدَّى: طلاق دی ہوئی عورت۔
الـرَّدَّةُ: ردکا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فِي وَجْهِهِ رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔
الـرِّدَّةُ: ارتداد کا اسم۔ ٹھوڑی کا جھکنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "شَـرِبَـتِ الاِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔
الرِّدَادُ والرُّدَادُ: واپسی۔
الرَّدِيدُ: بادل جو برس چکا ہو۔
التَّرْدَادُ: رد۔ تکرار۔
الاَرَدُّ: فاسق تر۔
الـمَـرَادَّةُ المَرَدَّةُ: فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لَا مَرَادَّةَ او لَا مَرَدَّةَ فِيهِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔
الـمُـرِدُّ: مدت تک سفر میں رہنے والا یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرَادُّ۔
الـمِـرَدُّ. مِنَ الرِّجَالِ: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔
الـمَـرْدُودُ: ملح۔ مص زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔
المَرْدُودَةُ: مردود کا مؤنث۔ اسراء۔
المُرَدَّدُ: حیران و سرگشتہ۔
رَدَأَ: (ف) رَدْأً. الـحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔

...... الرَّجُلَ : مدد کرنا۔ رَدَأَهُ بِحَجَرٍ : پتھر مارنا۔

رَدُؤَ : (ک) رَدَاءَةً : ردی ہونا۔ صفت (رَدِیٌّ) ج اَرْدِیَاءُ وَاَرْدِئَا۔

اَرْدَأَ : بُرا کام کرنا یا بُری چیز پہنچانا ...... ہ : خراب کرنا۔ بگاڑنا ...... السِّتْرَ : لٹکانا ...... الحَائِطَ : دیوار کو تھم لگانا ...... فُلَانًا : تسکین دینا۔ برقرار رکھنا ...... ہ عَلٰی مِائَةٍ : زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔

تَرَادَأَ القَوْمُ : باہم مدد کرنا۔

الرِّدْءُ : مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لاد دیں۔ ج اَرْدَاءٌ۔

تَرَدُّبُهُ : نرمی سے پیش آنا۔

الرَّدْبُ : راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔

الاِرْدَبُّ : چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ۔ سطح زمین پر بہنے والی۔ ج اَرَادِبُ۔

الاِرْدَبَّةُ : چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔

رَدَخَ : (ف) رَدْخًا : ثابت قدم رہنا۔ الشَّیْءَ : زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔ (وَاَرْدَخَ) البَیْتَ : گارا گارا لیپنا۔

رَدَّخَ الشَّیْءَ : زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔

الرَّدْخُ : معمولی ہلکا درد۔

الرَّدْحُ : لمبی مدت کہا جاتا ہے "اَقَامَ رَدْحًا مِنَ الدَّهْرِ" اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔

الرَّدَاحُ : بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت۔ بڑا پیالہ ...... مِنَ الکِبَاشِ : بڑی چکی والا دنبہ۔ ج رُدُحٌ۔

الرُّدْحَةُ : خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی رُدْحَةُ الصَّائِدِ : پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے ارد گرد کھڑا کرے۔

المِرْدَاخَةُ وَالمِرْدَاحَةُ : بجو کے شکار کے لئے مکان۔

رَدَخَ : (ف) رَدْخًا۔ رَاسَهُ : سر توڑنا۔

رَدَسَ : (ن ض) رَدْسًا۔ القَوْمَ : پتھر مارنا ...... الحَائِطَ : گرانا ڈھانا ...... الرَّجُلَ : ذلیل کرنا ..... الاَرْضَ : ہموار کرنا ...... بِالشَّیْءِ : لے جانا ...... الحَجَرَ بِالحَجَرِ : پتھر سے پتھر توڑنا۔

رَادَسَهُ : ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔

تَرَدَّسَ مِنْ مَكَانِهِ : گرنا۔

المِرْدَسُ وَالمِرْدَاسُ : پتھر توڑنے کا آلہ۔ سر پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کے لئے ڈالا جائے۔

رَجُلٌ (رَدُوسٌ وَرِدِّیسٌ) : بہت دفع کرنے والا۔

رَدَعَهُ : (ف) رَدْعًا۔ عَنْ كَذَا : روکنا ہٹانا ...... ہ بِالشَّیْءِ : چھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الاَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔ ...... السَّهْمَ : تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کے لئے زمین پر مارنا ...... المَرْأَةَ : جماع کرنا۔

رُدِعَ، رَدْعَةً : خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بِهِ : پچھاڑا جانا۔

رَدَّعَهُ بِالزَّعْفَرَانِ : زعفران میں لت پت کرنا۔

تَرَدَّعَ : لت پت ہونا۔

تَرَادَعَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو باز رکھنا۔

اِرْتَدَعَ : باز رہنا ...... بِالطِّیبِ : خوشبو سے لت پت ہونا ...... السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔

الرَّدْعُ : بمعنی گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ منہ کے بل گرے۔ و "رَكِبَ البَعِیرُ رَدْعَهُ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہو جائے۔

قَمِیصٌ (رَادِعٌ) : قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔

الرُّدَاعُ : جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی۔

الرَّدِیعُ : پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِیعٌ : زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِیعٌ وَمِرْدَعٌ) : تیر جس کا پھل گر گیا ہو۔

المِرْدَعُ : محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پست قد۔ خوشبو کے اثر والا۔

الرِّدْعِلُ : چھوٹے بچے۔

رَدَغَتْ : (ف) رَدْغًا۔ السَّمَاءُ : تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الاَرْضَ : پٹک دینا۔

اَرْدَغَ المَكَانُ : بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدِغٌ)

اِرْتَدَغَ : کیچڑ میں پڑنا۔

الرَّدْغُ وَالرَّدَاغُ : کیچڑ۔ گارا۔

الرَّدَغَةُ وَالرَّدْغَةُ : سخت کیچڑ۔ ج رَدَغٌ وَرِدَاغٌ۔ وَرَدَغَاتٌ۔ مَاءٌ رَدِغَةٌ : کیچڑ ملا ہوا پانی۔

الرَّدِیغُ : پچھاڑا ہوا۔ بے وقوف۔

المَرْدَغَةُ : گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ حمد و بے رونق باغ۔ ج مَرَادِغُ۔

رَدِفَهُ (ف) وَرَدِفَ لَهُ (س) رَدْفًا : پیچھے ہونا۔

رَدِفَهُ وَرَدِفَ لَهُ : پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔

رَدِفَ الاَمْرُ القَوْمَ : پیش آنا۔

رَادَفَهُ : ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔

اَرْدَفَ : پے در پے ہونا ...... ہ : اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" : جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ اَرْدَفَ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ وَعَلَیْهِ : کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے "اَرْدَفْتُ خَیْلًا عَلٰی خَیْلِی" : میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ اَرْدَفَ لَهُ : پیچھے آنا ...... الاَمْرُ القَوْمَ : پیش آنا۔

تَرَادَفَا : ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الكَلِمَاتُ : کلمات کا ہم معنی ہونا۔

اِرْتَدَفَهُ : پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ : دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ...... ہ : اپنے پیچھے سوار کرانا۔

تَرَدَّفَهُ : پیچھے سوار ہونا۔

اِسْتَردَفَہ : پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔

الرِّدْف : پیچھے سوار ہونے والا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر فی الجاھلیۃ زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْدَاف۔ الرِدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔

الرِدْفان: رات دن۔

الرِدْف والرِدَاف. مِنَ الدَّابَۃِ : جانور کا چوتڑ۔

الرَّدِیْف : سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رِدَاف ورُدَفَاء : نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِیْف فی اِصْطِلَاحِ الجُنْدِیَۃ: وہ فوجی جو آزاد کردیا جائے اور ضرورت کے وقت بلالیا جائے۔

الرَّادِفَۃ والرَّادُوْف. رَوَادِف کا واحد ہے اور رَوَادِف : درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں جو چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب : کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَھُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ وَرَوَادِفَ"۔

الرَّوَادِف: سُرین۔ پیچھے رہنے والی قوم۔

الرِوَادِفَۃ : بادشاہ کی قائم مقامی۔

الرُّذَالٰی : مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُذَالٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔

رَوْدَکَۃ : آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَّوْدَک : خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَکَۃ۔

رَدَمَ (ن) رَدْمًا. الثُّلْمَۃَ او البابَ : رخنہ یا دروازہ بند کرنا...... القَوْسَ: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا...... الثِّیَابَ: جھوڑنا۔

رَدَمَ (ن) رَدَمًا. الشیءُ: بہنا......

السَّحَابُ: ہمیشہ گھر رہنا...... الحمیُّ : ہمیشہ بخار رہنا...... الشَّجَرَۃُ : خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ رَدَّمَ الشَّیْءَ : کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑ دینا۔

اَرْدَمَ. السَّحَابُ : ہمیشہ گھر رہنا۔

الحُمّیٰ عَلَیْہِ : ہمیشہ بخار رہنا۔

رَدَّمَ. الثَّوْبَ : پیوند لگانا...... النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِھَا: اُونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔

تَرَدَّمَ. ثَوْبَہ : کپڑے میں پیوند لگانا...... الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا۔

المُخَاصَمَۃُ : جھگڑے کا طویل ہونا...... ہ: درپے ہو کر حقیقت معلوم کرنا...... النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِھَا : اُونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا...... القَوْمُ الارضَ : زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔

الرَّدْمُ :مص دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (...... والرُّدَام والمَرْدَام) : ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔

الرَّدْم : رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم۔

الرَّدِیْم. مِنَ الثِّیَابِ: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم۔

الاَرْدَم: ماہر ملاح۔ ج الارْدَمُوْن۔

ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ ومُرْتَدَم) : پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔

المُتَرَدَّم : پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "ھَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدَّمٍ" : کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔

رَدَنَ : (ض) رَدْنًا. الاشیاءَ : تہ بتہ رکھنا...... المرأۃُ : تکلے پر کاتنا...... النَّارَ : آگ جلانا۔

رَدِنَ : (س) رَدَنًا. الجلدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ وَاَرْدَنَ. القمیصَ : آستین لگانا۔

اُرْدِنَتِ الحمیُّ : بخار کا مدت تک رہنا۔

اِرْتَدَنَتْ. المرأۃُ : تکلا بنانا۔

الرُّدْن : آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہو گیا "ثَقُلَ رُدْنُہ" یعنی وہ مالدار ہو گیا۔ ج اَرْدَان۔

الرَّدْن :مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔

الرَّدَن : سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان۔

الرَّادِن: قا۔ زعفران۔

احمر (رَادِنِیّ) : سرخ جس میں زردی ملی ہو۔

الاردن : ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔

الرُّدَیْنِی : نیزہ۔ ردینہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔

المِرْدَن : تکلا۔

المُرْدِن : تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مُرْدِن: بدبودار پسینہ۔

خَیْطٌ (مَرْدُوْنٌ) : ملایا ہوا دھاگا۔

رَدَہَ : (ف) رَدْھًا. فلانًا بحجرٍ : سنگسار کرنا...... البیتَ : بڑا مکان بنانا۔

رَدُہَ. الرجلُ : شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔

الرَّدْھَۃ : پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْہ ورِدَاہ ورُدَہ۔

رَدَیٰ :(ض) رَدْیًا ورَدَیَانًا. الشیءَ : توڑنا۔ ہ: دھکا دینا...... ہ بحجرٍ : پتھر مارنا...... الفرسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا۔

الجاریۃُ : لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا...... فلانٌ : جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِی اَیْنَ رَدٰی" میں نہیں جانتا کہاں گیا...... فی البئرِ : کنوئیں میں گرنا...... فلانٌ : بلند پہاڑ سے گرنا...... علی الخمسینَ مِنْ عُمْرِہٖ : زائد ہونا۔

رَدِیَ (س) رَدًی : ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدّٰی. الرَّجُلَ : ہلاک کرنا۔ چادر اڑھانا۔ ...... ہ فی البئرِ : کنوئیں میں گرانا...... ناقَۃ : زیادہ ہونا...... علی الخمسینَ : زائد

ہونا...... القرسَ : کرانا۔
رَاذی مـــراذاۃ. الرّجلَ : پھسلانا۔ نرمی برتنا...... عن القوم : کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔
تـردّی : چادر اوڑھانا۔ تـردّی فـی البئر : کنوئیں میں گرنا۔
اِرتدی : چادر اوڑھنا۔ گلے میں تلوار لٹکانا۔
اِرتدت الجاریۃ : لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا۔
الـــرداء : چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ تجمیل۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی۔ باعث زینت۔ باعث عیب۔ رداء الشباب : جوانی کی رونق۔ رداء الشمس : آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "غمر الرداء" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے۔ "خفیف الرداء" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَردیۃ۔
الرداءۃ : بڑی چادر۔
الرداۃ : چٹان۔ ج رَدَی۔
الرّدی : ہلاک ہونے والا۔
الـــمِرداۃ : لڑائی کا چکر اور اسی سے ہے "فلانٌ مِرداۃ حروب" لڑائی کے چکر نے اسے پیس کر رکھ دیا ...... (والـمِردی) بڑی چادر۔ ازار۔ پتھر توڑنے کا پتھر۔ ج مَـرادی۔ الـمَرادی : گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو پٹخنے والا گھوڑا۔
المَراجِع : ہاتھی۔
رَذَت (ن) رَذفًا و اَرذَت. السّـمـاءُ : پھوار برسانا۔ وارذت القربۃ : بہہ پڑنا۔
الرّذاذ : پھوار۔
رَذُلَ (ک) رَذِلَ : (س) رَذالۃ : قابل حقارت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذل) : ج اَرذال ورُذال ورُذول ورُذلون و (رَذِیل) ج رُذلاء ورِذال۔
رَذَلَہ (ن) رَذلًا و رُذالۃ : حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
اَرذَل : بُرا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا...... ہ : حقیر کرنا ناپسند کرنا حقیر سمجھنا۔
الـمُرذَل : کھوٹے کرکے واپس کرنا۔
اِستَرذَلَہ : حقیر سمجھنا۔
الرُّذال : حقیر و کمینہ (...... والـرُّذالۃ) : چیز کا ردی حصہ۔ رُذالۃ کلّ شیءٍ : ہر چیز کا گھٹیا۔
الرّذیلۃ : نالائق۔ بری عادت۔ ج رذائل۔
الاَرذل : اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج اَراذِل واَرذَلون۔
الـمُـرذِل : رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔
رَذَم : (ن ض) رَذمـا ورَذَمـانـا ورَذِم (س) رَذَمـا و اَرذَم. الاِناءُ : لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) واَرذم علی الخمسین من عمرہٖ : زائد ہونا۔
الـرَّذم والـرَّذمـان. من النّاس : متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رأیت رَذمـا من الـنّـاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وکان فی رَذمان من النّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔
الـرُّقام والـرَّذوم : کمزور جس میں مروت نہ ہو۔
الـــرَّذوم : بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے۔ ج رُذُم ورَذَم۔
الرّزمۃ : الـتّـوافقیۃ (علم هندسہ) : چار سید ھے فاصلے جو ایک موافق تقسیم نقطہ پر پہنچے۔
اللاتوافقیۃ : پہلی قسم کی ضد۔
رَذِیَ (س) رَذاوۃ وَرَذِی : بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیّ) رُذاۃ : مؤنث رَذِیۃ۔
اَرذاہ : نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعول (مُرذَی)۔
الرَّذِیّ : بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔
رَزَت : (ن ض) رَزّا. الـجـرادۃُ : ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ الـسّمـاءُ : گرجنا۔ ہ : تیر مارنا...... الباب : دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السّہم فی الحائط : تیر کو دیوار میں گاڑنا۔
اَرَزّت. الـجرادۃُ : ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔
رَزّز. الـــورقَ : کاغذ کو چکنا کرنا...... الامر : کسی معاملہ کو درست کرنا۔
اِرتَزّ. السّھمُ فی الحائط : تیر کا دیوار میں گڑ جانا۔ البخیل عند المسئلۃ : بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔
الرُّز : چاول (اُرز : میں ایک لغت ہے)
الـرِّزّ والـرِّزیزیٰ : دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔
الـرَّزّۃ : زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزاز ورزّات ورُزز۔
الرُّزّۃ : پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔
الرَّزّاز : سیسہ۔
الرَّزّاز : چاول کا سوداگر۔
الاِرزیز : کپکپی۔ تیز رو کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔
الـرَّزیز : ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزیز الـرّعـد : گرج کی آواز۔
الـمُرزّز. من الطّعام : چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔
الـمَرزّۃ : چاول اُگنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کئے جائیں یا جہاں چاول بہت ہوں۔
رَزَأ : (ف) رَزءًا ورُزءًا ومَـرزِئۃ. الـرّجـلَ مـالَہ : کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھو یُرزأ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں ...... ورَزِیَ : (س) رَزأ وارتـزأ. الـرجـل : بھلائی حاصل کرنا۔
اِرتَزاۃ الشّیءُ : کم کرنا۔ وارتزأ الشّیءُ : کم ہونا۔
الرُّزء : ج اَرزاء و (الـرزیئۃ والرّزیّۃ) ج رزایا : بڑی مصیبت۔

المَرزُؤ : فیاض تخی۔ ج مَرزُؤُون۔
والمَرزُؤُون : قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المَرزِئة : بڑی مصیبت۔
رَزَبَهٗ : (ن) رَزْبًا : چمٹے رہنا۔
الارْزَبُ : چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
المِرْزَبَة والمِرزَبّة : لوہے کی سلاخ۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرازِب۔
المِــــرْزاب : پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرازِیب۔
المَرزُبان : فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرازِبَة و(المَرزَبة) : فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ : (ف) رَزْحــــا ورُزُوحــــا ورَزاحـا۔ الجَمَلُ : لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح……
الـــرجُـلُ : کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا……الرجُلَ بالرُّمحِ : نیزہ مارنا (……وارْزَح) العِنَبُ : گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحَتْ وتَرازَحَتْ) حاله : برا حال ہونا۔
رَزَّحَ الناقَة : اُونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزاحَی ورُزْحَی ورُزَّح ورَوازِح) : لاغر و کمزور اُونٹ۔
المَرزَح : ہموار زمین۔
المِــرزَح والمِــرزَحة : انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کے لئے لکڑی۔ ج مَـــرازِح۔
المِرزَح : آواز۔
المِــرزاح مِنَ الابِلِ : بہت ہی لاغر اُونٹ جو اٹھنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرازِیح۔
رَزَخَهٗ (ف) رَزْخًا۔ بالرُّمحِ : نیزہ چبھونا۔
الـــرَّزدَق : لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الـــرُّزداق : دیہات اور اس کے اردگرد کی زمینیں۔ ج رَزداقات ورَزادِیق۔
اَرْزَغَ الـــسَّــــــماءُ : پانی کم ہونا……
الـــمَـكــــانُ : بہت کیچڑ والی جگہ ہونا……

الـــمُـحتَفِرُ : کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا……المَطَرُ الارضَ : بارش کا زمین کو تر کر دینا……الــرَّجُلَ : عیب سے آلودہ کرنا……فِــي فُلانٍ : بہت تکلیف پہنچانا، حقارت کرنا، عیب لگانا، طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَه : سختی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرزَغَة : کمزور سمجھنا۔
الـــرَّزَغَة : چلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ ورِزاغ۔
الرَّزَغ : تری۔
الرَّزِغ والمَرزاغ : کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِیــــفـــــا ورَزَفــــانا وارْزَفَ اِلَیــهِ : آگے بڑھنا……الــجَـمَـلُ : اُونٹ کا بلبلانا۔ دوڑنا۔ رَزَفَ الامــرُ : قریب ہونا۔
اَرْزَفَ الــــنّـــــاقَة : تیزی چلانا۔ ارْزِفَ القَومُ : جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَة (رَزُوف) : کشادہ قدم تیز رفتار اُونٹنی۔
رَزافاتُ البَلَدِ : شہر کے قریب کی جگہیں۔
رَزَقَهٗ (ن) رَزْقًا : روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَه اللّٰه الغِنَی" اللہ اسے تو انگری دے۔
رُزِقَ : روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
اِرْتَـزَقَـهٗ : روزی مانگنا……الــجُـنـدُ : روزی لینا۔
اِسْتَرزَقَهٗ : روزی مانگنا۔
الرِّزْق : روزی۔ ج اَرْزاق : بارش۔
الـــرِّزْقُ الـحَسَن : بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (……والرَّزْقَة) ج رَزَقـــــات : سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "اَخَـــذْتُ رَزْقَة هـذا الشَّهْـــرِ او هـذا الـعـام" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرّازِقِیُّ : کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرّازِقِیَّة : کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب۔
الـــرَّزّاق : روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
الـمُـــرتَــزِق : ملع، جسے سے فائدہ اٹھایا جائے۔
الـــمُـــرتَــزِقة : وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔
المَرزُوق : ملع خوش نصیب۔
رَزَمَ : (ن) رَزْمـــا۔ الشَّـــیْءَ : جمع کر کے باندھنا……بالشَّیءِ : پکڑنا……عَلی عَدُوِّه : دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا……
الرَّجُلُ : مرنا……الامُّ بِه : جننا۔
رَزَمَ : (ض ن) رُزُومـــا ورُزامـــا۔
الـــبَعِــیرُ : اُونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّم (……رَزَمَة) الشِّتاءُ : سرد ہونا۔
رَزَّمَ الثِّـــيـــابَ : کپڑوں کا گٹھڑی میں باندھنا۔
……القَومُ : کسی جگہ میں جٹ کر رہنا۔
رَازَمَ بَـیــنَـهُـمَــا : جمع کرنا……فِـی الـــطَّــعـــامِ : بدل بدل کر کھانا کھانا……
الدّارَ : دیر تک رہنا۔
اَرْزَمَ الرَّعْدُ : سخت گرجنا۔ اَرْزَمَـــتِ الناقَةُ : بچہ کے لئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے "لااَفعَلُهٗ مَا اَرْزَمَتْ اُمُّ حائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اُونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا۔
اِرْزَامَّ اِرْزِیمامًا : غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَة : دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِّزْمَة مِنَ الثِّیابِ وغَیرِها : گٹھڑی۔ ج رِزَم۔
الـــرَّزَمَة : بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچے پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اُونٹنی کی آواز اور اسی سے مثال ہے "لاخَیــرَ فِــی رَزَمــةٍ لادِرَّةَ فِیها" اس اُونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَیْــــثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی

کرنج ختم نہ ہو۔
الرِزَام : سخت مرد۔ ج رُزَّم۔
اَسَـــدٌ (رَزَامَةٌ ورُزَّام) : اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔
الرَزِيْم : شیر کی گونج۔
الـرَزَّام والمُـرْزِم : اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "مَـرَّ مُنحَنِقٌ بِالمُرْتَزِم"
المِرْزَم : گٹھڑی باندھنے کی چیز جیسے رسی۔
اُمُّ المِرْزَم : بادشمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمَان : دو ستارے جو دونوں شعری کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لاَ خَيْـرَ فِي الزَمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَان" : یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔
رَزَنَ : (ن) رَزْنًـا. الشَيْءَ : ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا......بِـالمَكَانِ : اقامت کرنا۔
رَزُنَ : (ک) رَزَانَةً : سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِيْـــــن) : صفت مؤنث (رَزَان) رزینہ : نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ. الرَجُلَ : دوست ہونا۔ ساتھ اترنا۔
تَرَازَنَا : ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
تَـرَزَّنَ. فِي الاَمْرِ اَوفِيْ مَجْلِسِهِ : سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الـرَزْن والـرِزْن : بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُن ورِزَان واَرْزَان. الـرِزْن : کنارہ۔
الرِزْنَة : پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان.
الاَرْزَن : سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔
الـرَزِيْـن : ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَرَزِيْنُ الرَايِ".
الرَوْزَنَة : روشن دان۔ ج رَوَازِن.
رَزَىٰ : (ض) رَزْيًـا. فُلاَنًـا : احسان قبول کرنا۔

اِرْزَأَىٰ اِرْزَاءً. اِلَيْـــهِ واَرْزَىٰ اِلَيْـــهِ ظَهْـرَهُ : سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ : (ن) رَسًّا. البِئْرَ : کنواں کھودنا...... الشَيْءَ : دھنسانا......ـةُ الـخَبَرَ : بیان کرنا ......المَيِّتَ : میت کو دفن کرنا......خبرهم : معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ بَيْنَهُمْ : صلح کرانا ۔ فساد ڈالنا......(ضد)...... رَسًّا ورَسِيْسًا وارْتَسَّ) السُـقْـمُ فِيْ جِسْـمِهِ) : بیماری کا لازم ہوکر ٹھہر جانا۔
رَاسَّـه مُـرَاسَّـةً. بِالاَمْرِ : کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتداء کرنا۔
تَرَاسَّ. القَوْمُ الخَبَرَ : رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَـسَّ. الـخَبَـرُ فِي النَاسِ : پھیلنا۔ ظاہر ہونا۔
الـــرَسُّ : مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن : ہر چیز کی ابتداء۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِـهِ رَسُّ حُـمَّـى" : اسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ : آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔ کہا جاتا ہے "بَـلَـغَنِيْ رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرُسَّة : مضبوط ستون۔
الرُسَّة والاُرْسُوْسَة : ٹوپی۔
الـرَسِيْـسُ : مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ سِرٌّ رَسِيْـسٌ : ترم ہوا۔ رَسِيْـسُ الـحُمَّى : بخار کی ابتداء۔ رَسِيْـسُ الحُبِّ : آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔
الرُسَّى : ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔
رَسَبَ ورَسُبَ : (ن وک) رُسُوبًا ورَسْبًا. الشَيْءُ فِي المَاءِ : تہ نشین ہونا...... العَيْنُ : آنکھ اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَه : نیچے اتارنا۔
الرَاسِب والرُسُوْب. مِنَ الرِجَال : حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الـرُسُـب والـرَسُوْب والرُسُوْب والـمِـرْسَـب. مِنَ السُيُوْف : اندر گھس جانے والی تلوار۔
الـرُوَسِـبُ : سیلاب کی وجہ سے زرخیز مٹی کا بہہ کر دریاؤں اور سمندروں میں گرنا۔
الرَوْسَب : بلا۔ مصیبت۔

رَسِـخَ : (س) رَسَـخًا : دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَـخ) : صفت مؤنث (رَسْـخَـاء) : ج رُسْـخ. اِمْـرَاَةٌ رَسْخَاءُ : بدصورت عورت۔
اَرْسَخه : لاغر کرنا۔
رَسَخَ : (ن) رُسُوْخًا : گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْـرُ فِـيْ الصَحِيْفَة" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "ورَسَـخَ العِلْـمُ فِي القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہوگیا۔ وفُلاَنٌ رَاسِـخٌ فِي العِلْمِ : فلاں مضبوط علم والا ہے ---- الغَدِيْر : تالاب کا پانی نیچے اتر گیا۔
اَرْسَخَه : گاڑ دینا۔ ثابت کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تَـرَسَّخَ. فِي التَقْوَى : پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الـرَسْـدَق والـرُسْـتَاق : بمعنی الـرَزْدَق والرُزْدَاق.
رَسَغَ : (ف) رَسْـغًـا. العَضْوُ : خراب اور ڈھیلا ہونا......عَيْنُه : چمٹے ہوئے کیچڑ والی ہونا......الصَبِيَّ : بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِـغَ : (س) رَسَـغًا : خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَــغ)...... عَيْنُـــه : خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْـغَـاء)...... بِـهِ الشَيْءُ : چمٹنا۔
رَسَّغَ : خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا......الشَـــــيْءَ : چپکانا...... السَيْـرَ : ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا......الصَبِيَّ : بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِسَاغَة : ج رَسَائِغ : تلوار کی پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرُسْغُوْغ : کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الـرَسِيْغ : چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

رَسَغَ :(ن) رَسْغًا. البَعِيْرَ : اگلی ٹانگوں کے گٹّے میں رسی باندھنا۔
رَسَّغَ. المَطَرُ : ٹخنے تک برسنا...... العَيْشَ : وسیع کرنا...... الكلامَ : دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔
رَاسَغَهُ : گٹّا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔
اِرْتَسَغَ. عَلٰى عِيَالِهٖ : نفقہ میں وسعت کرنا۔
الرُّسْغُ والرُّسُغُ : گٹّا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغٌ وَاَرْسُغٌ.
المُرَسَّغُ. مِنَ العَيْشِ : کشادہ زندگی۔ مِنَ الطَّعَامِ : بہت خوراک۔
الرِّسَاغُ : وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹّے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔
المُرْتَسَغُ. مِنَ الآرَاءِ : کمزور و نادرست رائے۔
رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا وَرَسِيْفًا وَرَسَفَانًا : پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔
اَرْسَفَ. الدَّابَّةَ : بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔
اِرْتَسَفَ. الشَّيْءُ : بلند ہونا۔
رَسِلَ (س) رَسَلًا وَرَسَالَةً. الشَّعْرُ : بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا...... البَعِيْرُ : اُونٹ کا نرم چال والا ہونا۔
رَسَّلَ. فِي القِرَاءَةِ : خوش آوازی سے پڑھنا۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا...... الفُصْلَانَ : اُونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔
رَاسَلَهُ. فِيْ وَعَلٰى وَبِالاَمْرِ : خط وکتابت کرنا۔ رَاسَلَهُ الغِنَاءَ : گانے میں مقابلہ کرنا۔
اَرْسَلَهُ : بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ القَوْلَ : بلا قید بولنا...... فُلَانًا عَلَيْهِ : مسلط کرنا۔
اَرْسَلَ بِهٖ اِلَيْهِ : پیغام کے ساتھ بھیجنا...... قوله مثلًا : اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔
تَرَسَّلَ : نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعوٰی کرنا...... فِي الرُّكُوبِ : اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا...... فِي القُعُوْدِ : ارد گرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا۔
تَرَاسَلَ. القَوْمُ : باہم خط وکتابت کرنا۔
اِسْتَرْسَلَ. الشَّعْرُ : بالوں کا سیدھا ہونا۔ لٹکنا...... الشَّيْءُ : نرم ہونا...... اِلَيْهِ : بے تکلفی برتنا...... فِي الكَلَامِ : گفتگو میں وسعت کرنا۔
الرَّسْلُ. مِنَ السَّيْرِ : نرم چال...... مِنَ الشَّعْرِ : لٹکے ہوئے بال...... مِنَ الاِبِلِ : نرم چال والا اُونٹ۔
الرِّسْلُ : نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج اَرْسَالٌ.
الرِّسَالُ : اُونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْلُ والرِّسْلَةُ) : آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلٰى رِسْلِكَ يَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ ہو قار رہ۔ الرَّسَلَةُ : جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَرْسَالًا" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔
الرَّسَلُ : جنس۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَالٌ.
اَلرَّسُوْلِي : عیسائی کیتھولک کے نزدیک کرسی رسول یعنی پوپ کی طرف سے صادر کردہ فرمودات۔
الرَّسْلَةُ : کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِيْهِ رَسْلَةٌ نَاقَةٌ رَسْلَةٌ" نرم چال والی اُونٹنی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ رَسْلَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ نرمی وآسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَةُ : وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں۔
الرِّسَالَةُ والرَّسَالَةُ : پیغام۔ پیغامبری۔ خط۔ ج رَسَائِلُ وَرَسَالَاتٌ.
الرَّسُوْلُ : بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسُلٌ وَرُسْلٌ وَاَرْسُلٌ وَرُسَلَاءُ.
الرُّسُلُ : چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔
الرَّسِيْلُ : بھیجا ہوا۔ پیغام بر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ۔ صاف۔ میٹھا پانی۔ ج اَرْسُلٌ وَرُسُلٌ وَرُسَلَاءُ.
المُرَاسَلَةُ. المُرَاسَلَةُ : کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى الكَلَامَ عَلٰى رُسَيْلَاتِهٖ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔
المُرْسَلَةُ : لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلَاتٌ. المُرْسَلَاتُ : ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔
المِرْسَالُ : چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ نَاقَةٌ مِرْسَالٌ : نرم رفتار اُونٹنی۔ ج مَرَاسِيْلُ.
رَسَمَ (ن) رَسْمًا. المَطَرُ الدَّارَ : مٹا کر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا...... لَهُ كَذَا : حکم دینا...... عَلٰى كَذَا : لکھنا...... الكِتَابَ : لکھنا...... نَحْوَهُ : دوڑتے ہوئے جانا...... الاُسْقُفُ : گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم "الرِّسَامَةُ" ہے۔
رَسَمَ (س) رَسِيْمًا. البَعِيْرُ : پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رَسُوْمٌ)
رَسَّمَ. الثَّوْبَ : دھاری دار بنانا (...... وَاَرْسَمَ) النَّاقَةَ : چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا۔
تَرَسَّمَ. الدَّارَ : گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا...... الشَّيْءَ : یاد کرنا...... البَانِيْ وَالحَافِرُ : عمارت بنانے یا کھودنے کے لئے زمین دیکھنا۔
اِرْتَسَمَ. الاَمْرَ : فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَهُ كَذَا فَارْتَسَمَهُ" : اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجالایا...... لِلّٰهِ تَعَالٰى : تکبیر کہنا اور دعا کرنا...... الرَّجُلُ : گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔
الرَّسْمُ : جس۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات۔ مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت۔ غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَى وُدَّكُمْ رَسْمًا وَوُدِّيْ حَقِيْقَةً" : میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْمٌ

وَارْتَسَمَ: حامله. — حِمْدَ لِقَبْلِ الجمَاعَةِ نکلیں۔
التَّرْسِيْمُ: حقّ کشی۔ غیر حقیقی ڈرامہ۔ (گلشن)
الرَّسَمُ: رفتار کی خوبی۔
الرَّاسِمُ: فا۔ بہتا ہوا پانی۔
الرُّسُوْمُ: ج رَوَاسِمُ و(الرَّوْسَمُ) ج رَوَاسِمُ: مہر۔ مٹکے وغیرہ پر مہر (توسمہ) کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلہ کے ڈھیر پر (توسمہ) مہر کی جائے۔
الـرَّوْسَمُ: علامت۔ نشان۔ مصیبت۔
الرَّوَاسِمُ: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اُونٹ۔ واحد (رَاسِمٌ و رَاسِمَةٌ)
المَرْسُوْمُ: ملح۔ لکھا ہوا۔ سرکلر۔ ج مَرَاسِيم ومَرَاسِم
الرَّسَّامُ: نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا۔
الرَّسَمَانُ والمِرْسَمُ: زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اُونٹ کی چال۔
رَسَنَ: (ن ض) رَسْنًا وارْسَنَ۔ الدَّابَّةَ: جانور کے سر میں رسی ڈالنا۔ رَسَنَ وأرْسَنَ الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "رَمٰی بِرَسَنِهٖ عَلٰی غَارِبِهٖ": اس نے اس کے کندھے پر اس کی رسی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ المُهْرُ: بچھیری کا تابع ہونا۔ گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سردے دینا۔
الرَّسَنُ: جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسی۔ ج اَرْسَان واَرْسُن۔
المَرْسِنُ والمِرْسَنُ۔ مِنَ الدَّابَّةِ: رسی ڈالنے کی جگہ۔ ج مَرَاسِن: ناک۔
رَسَا يَرْسُو رَسْوًا ورُسُوًّا: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (رَاسٍ): صفت مؤنث (رَاسِيَةٌ) ج رَوَاسٍ ورَاسِيَات۔
رَسَتِ السَّفِيْنَةُ: لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَيْنَ القَوْمِ: صلح کرانا۔ عَنْهُ حَدِيْثًا: کسی سے روایت کرنا۔ لَهُ الحَدِيْثَ: کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا۔ الصَّوْمَ: روزے کی نیت کرنا۔

زَامِي - ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔
تَرَسّٰی وارْتَسٰی۔ الشَّيْءُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا لنگر انداز کرنا۔ الوَتَدَ فِي الأَرْضِ: کھونٹے کو زمین میں گاڑنا۔
الرَّسْوُ: خیمہ کا ایک حصہ۔
الرَّاسِي: فَاسِقُوْ رَاسِيَةٌ: ایک جگہ پڑے رہنے والی بڑی دیگ۔
الرَّوَاسِي: مضبوط پہاڑ۔
الرَّسِيُّ: ثابت۔ خیمہ کے درمیان کا کھم۔
المَرْسٰی: بندرگاہ۔ ج مَرَاسٍ۔
المُرْسٰی: مصدر۔ باری تعالیٰ کے قول "يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا" کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ (ﷺ) سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی؟"
المِرْسَاةُ: کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاسٍ کہا جاتا ہے "اَلْقٰى مَرَاسِيَهُ" یعنی اس نے اقامت کی "وَاَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِيَهَا" بادل جم کر برسا۔
رَشَّ: (ن) رَشًّا وتَرْشَاشًا۔ المَاءَ: پانی چھڑکنا۔ السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا۔ الشَّيْءَ: دھونا۔
اَرَشَّتِ السَّمَاءُ: آسمان کا پھوار برسانا ...... الطَّعْنَةُ: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ...... الشِّوَاءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔
تَرَشَّشَ عَلَيْهِ المَاءُ: متفرق چھینٹے پڑنا۔ بہنا۔
الرَّشُّ: مص۔ پھوار۔ ج رِشَاش: تکلیف دہ مار۔
الرَّشَاشُ: پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔
المِرَشَّةُ: پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔
رَشَأَ: (ف) رَشْأً۔ الظَّبْيُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا ...... الظَّبْيَةُ: ہرن کا جننا۔

الرَّشَا: ہرن کا بچہ یا وہ جو چلنے لگے۔ ج اَرْشَاء۔
الرَّشِيَّة: مٹکے سے خالی نارجیل جس سے پانی نکالیں۔
المَرَاشِبُ: مٹی جس سے مٹکوں کا منہ بند کردیں۔
رَشَحَ (ف) رَشْحًا ورَشَحَانًا وارْشَحَ وارْتَشَحَ۔ الإِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ...... الجَسَدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا۔ رَشَحَ الظَّبْيُ: ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ يَرْشَحْ لَهُ بِشَيْءٍ": اس نے اس کو کچھ نہیں دیا۔
رَشَحَتِ النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا وارْتَشَحَتْهُ ورَشَّحَتْهُ: اُونٹنی کا اپنے بچہ کی دم کی جڑ کو اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر کر جانا تاکہ بچہ اس سے لاحق رہے۔
صفت (رَاشِح مُرْشِح ومُرَشِّح)
رَشِحَ: پسینہ سے تر ہونا۔
رَشَّحَ۔ المَالَ: بہتر انتظام کرنا ...... الوَلَدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هُوَ يُرَشَّحُ لِوِلَايَةِ العَهْدِ" وہ ولی عہدی کے لئے تیار کیا جارہا ہے ...... الظَّبْيَةُ وَلَدَهَا: جننے کے وقت آلائش جانا ...... النَّاقَةُ وَلَدَهَا: بمعنی رَشَحَتْهُ ...... الغَيْثُ النَّبَاتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔
تَرَشَّحَ۔ وَلَدُ النَّاقَةِ: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا ...... الظَّبْيَةُ: جننے کے وقت آلائش جانا ...... المَاءُ: پتھروں سے ٹپکنا۔
...... الرَّجُلُ لِلْأَمْرِ: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔
اِسْتَرْشَحَ۔ النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔ ...... النَّبَاتُ: چرانے کے لئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔
الرَّشْحُ: مص۔ پسینہ۔
الرَّاشِحُ: فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی۔ ...... مِنَ الغِضْلَانِ: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا۔ ج رَوَاشِح۔
الرَّشِيْحُ: پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِرْضَح والمِرْضَحة : زین کے نیچے کا نوگیر۔
الأرْضَح : بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هو ارْضَحُ فؤادًا" : وہ تیز خاطر ہے۔
رَشَدَ (ن) رُشْدًا ورَشَادًا ورَشِدَ (س) رَشَدًا : ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا ...... أمْرَهُ : ہدایت یافتہ ہونا۔
رَشَّدَهُ وأرْشَدَهُ. إلى كَذَا وعَلَيْهِ ولَهُ : ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القاضِي : سیدھے راستے پر چلنا۔
إسْتَرْشَدَ. لأمْرِهِ : راہ راست پانا۔
..... : ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْد : مص۔ ہدایت راہ راست پر ہونا۔
الرِّشْدَة والرَّشْدَة : حلال زادہ۔
الرُّشْدَى : ہدایت۔
الرَّشِيد : سیدھے راستے پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشَاد والرُّشَد : ایک قسم کی نباتات۔
الرَّشَادَة : چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر۔ ج رَشَاد۔
المَرَاشِد : سیدھے ومتوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)
أمّ (رَاشِد) : چوہیا۔
رَشْرَشَ رَشْرَشَةً. الشيءُ : ڈھیلا ہونا۔
البَعِيرُ : اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لئے سینہ سے زمین رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ. الماءُ : بہنا۔ خُبْزٌ أو غَظْمٌ (رَشْرَش ورَشْرَاش) : نرم روٹی یا ہڈی۔
رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا ورَشِيفًا وتَرْشَافًا ورَشِفَ (س) رَشَفًا ورَشَفَانًا. الماءَ ونحوَهُ : چوسنا .... الإناءَ : پی کر خالی کرنا۔
رَشَّفَ وأرْشَفَ وتَرَشَّفَ وارْتَشَفَ الماءَ : خوب چوسنا۔
الرَّشَف والرَّشَف : حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشِفٌ" بے پانی کا حوض۔
الرَّشُوف : بہت چوسنے والا۔
المِرْشَف : پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف۔
المَرَاشِف : ہونٹ۔
رَشَقَهُ (ن) رَشْقًا. بالسَّهْمِ : تیر مارنا۔ بِبَصَرِهِ : گھور کے دیکھنا ...... وبلسانه : طعن و تشنیع کرنا اور اسی سے ہے "إيَّاكَ ورَشَقَات اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔
رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً. الغُلامُ : خوبصورت قد والا ہونا۔ چابک دست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِيق) ج رِشَاق۔
رَاشَقَهُ مُرَاشَقَةً : ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
تَرَاشَقَ. القَوْمُ : باہم تیر اندازی کرنا اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوا بألْسِنَتِهِمْ وتَرَاشَقُوا بأعْيُنِهِمْ" انہوں نے اپنی زبانوں سے طعن و تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔
تَرَشَّقَ. في الأمْرِ : تیز ہونا۔
أرْشَقَ. النَّظَرَ إليهِ : تیز نظر سے دیکھنا۔
القَوْمُ بِبَصَرِهِ : نگاہ ڈالنا .... الظَّبْيَةُ : ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا .... الرَّامِي : سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "أرْشَقَنِي مَقْصِدِي" اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا "ما أرْشَقَ هٰذِهِ القَوْسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
المِرْشَق : تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِيق کی جمع۔
الرَّشْق والرِّشْق : قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِهِ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق : تیر اندازی ج أرْشَاق۔
الأرْشَق : سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِيدٌ أرْشَقُ" کھڑی گردن۔
الرَّشِيق : نازک اندام وخوبصورت۔ حَسَنُ اللَّفْظِ أو الخَطِّ : پاکیزہ ونفیس لفظ یا خط۔
رَشَمَ (ن) رَشْمًا. بَيْدَرَ الحِنْطَة : گیہوں کے کھلیان (قوصرہ پر) مہر کرنا۔ (....ورَشَمَ) لکھنا۔
رَشِمَ (س) رَشَمًا : کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (أرْشَم)
أرْشَمَ. الشَّجَرُ : درخت کا پتے والا ہونا۔
الأرْضُ : سبزی نکلنا شروع ہونا ..... البَرْقُ : بجلی چمکنا۔ السَّمَاءُ : ابتدائی سبزی چرنا۔
(....وارْتَشَمَ) الإناءَ : برتن پر قوصرہ مہر کرنا۔
الرَّشْمُ : ابتدائی سبزی۔ بجو کی منہ کی سیاہی (....والرَّشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر۔
الأرْشَم : داغدار۔ کتا (چونکہ اس کے تھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے) ...... من الغَيْثِ : تھوڑی بارش۔ عامٌ أرْشَمُ : سال کہ جس میں ارزانی وفراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَم والرَّاشُوم : غلہ کے انبار پر قوصرہ مہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُّشْمَة : بجو کے منہ کی سیاہی۔
رَشَنَ : (ن) رَشْنًا ورُشُونًا : بن بلائے مہمان بننا ...... الكَلْبُ في الإناءِ : کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَّشْن والرَّشَن : پانی نکلنے کا راستہ۔
الرَّاشِن : طا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "المَعْلُوم" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن : روشن دان۔ ج رَوَاشِن۔
رَشَاهُ (ن) رَشْوًا : رشوت دینا۔
رَاشَى مُرَاشَاةً. فلانًا : رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
أرْشَى. الدَّلْوَ : ڈول میں رسی لگانا ..... الشَّجَرُ : درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا ..... القَوْمُ في دَمِهِ : کسی کے خون میں شریک ہونا ..... أرْشَوْا بِسِلاحِهِمْ فيهِ : کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَشَّى. الرَّجُلُ : باہم نرمی برتنا۔
إرْتَشَى : رشوت لینا ..... مِنْهُ رِشْوَةً : رشوت

لینا۔
اِسْتَرْضٰی. فِیْ حُکْمِهٖ :رشوت مانگنا......
الفَصِیْلُ :اُونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا......مَا فِی الضَّرْعِ :تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُّشْوَۃ والرَّشْوَۃ والرِّشْوَۃ :رشوت۔ج رُشًی ورِشًی۔
الرِّشَاء :رسی۔ ڈول کی رسی۔ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتْبِعِ الدَّلْوَ رِشَاءَهَا" ڈول کے پیچھے رسی بھی کرو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔ وارشیة النبات :نباتات کی بیلیں۔
الرَّشَاۃ :ایک قسم کی نباتات۔ج رَشًا.
الرَّشِیُّ :اُونٹ کا بچہ۔
المِرْشَاء :ڈول کی رسی۔
رَصَّ (ن) رَصًّا. الشَّیْءَ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا......الدَّجَاجَةُ بَیْضَهَا :مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کے لئے چونچ سے درست کرنا۔
رَصْرَصَہ :ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا......الرَّجُلُ :سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَاصَّ وارْتَصَّ :باہم چمٹنا۔ جڑنا۔
الرَّصَاص :سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَة)
الرَّصَاصِیُّ :سیسہ کے رنگ کا۔
الرَّصَص :دانتوں کی پیوستگی۔
الرَّصِیْص :ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیْصَة. ج رَصَائِص کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی القَبْرِ الرَّصَائِص" قبر پر پتھر جڑ دیئے گئے۔
الرَّصِیْص :انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔
الاَرَصُّ :قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء. ج رُصّ. فَخِذٌ رَصَّاء :ایک دوسرے سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَة :خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَاصَة :کنکل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنْیَان (مَرْصُوْص) :مضبوط عمارت۔
الرَّصَب :انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا :قریب قریب سرین والا صفت (اَرْصَح) مؤنث رَصْحَاء.
رَصِحَ. فِی الاَمْرِ :بمعنی رَسِخَ.
رَصَدَہٗ :(ن) رَصْدًا ورَصَدًا :انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رَصِدَ. المَكَانُ :بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَہٗ :نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ. الرَّقِیْبَ :گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا......لَهٗ شَیْئًا :تیار کرنا۔ مہیا کرنا......لَهٗ خَیْرًا اَوْ شَرًّا :بدلہ دینا......الحِسَابَ :پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ وتَرَصَّدَہٗ :امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لَهٗ :گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ. الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَّاصِد :فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد.
الرَّصَد :راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد :گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کے لئے اَرْصَاد بولتے ہیں)
الرَّصْدَة :بوچھار ج رِصَاد.
الرُّصْدَة :تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَّصُوْد :پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اُونٹنی۔
الرَّصِیْد :گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد :راستہ (.....والمَرْصَد) گھات ج مَرَاصِیْد ومَرَاصِد. مَرَاصِدُ الحَیَّات :سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔

اَرْضٌ (مُرْصِدَة) :تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصَّصَ. البِنَاءَ :عمارت مضبوط بنانا......فِی المَكَانِ :ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَّصْرَاصَة :سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَهٗ (ف) رَصْعًا. بِیَدِهٖ :تھپڑ مارنا......بالرُّمْحِ :سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ البَنَانَ فِی المَطْعُوْنِ :زور سے بھالا مار کر گھسا دینا......الحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا......رَصُوْعًا :اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا. بالشَّیْءِ :چپکنا......بالطِّیْبِ :مہک اٹھنا......المَرْاَةَ رِصَاعًا :جماع کرنا۔
رَصَّعَ. الشَّیْءَ :اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّهٗ بالقُضْبَان" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کرکے تیلیوں سے بنایا۔ الذَّهَبَ بالجَوَاهِرِ :سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاهِرِ" جواہر کا جڑا ہوا تاج......العِقْدَ بالجَوَاهِرِ :ہار میں جواہر پرونا۔
اَرْصَعَهٗ. بالرُّمْحِ :سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ. الحَبَّ :دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا......بِهٖ :چپکنا......اَسْنَانُهٗ :دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔
تَرَصَّعَ :جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ. العَصَافِیْرُ :جفتی کرنا۔
الرَّصِیْعَة :کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج رَصَائِع.
الاَرْصَع :لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ اَرْصَعُ :پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَّصَّاع :بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع :لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو جوڑا کریں۔
الرَّصِیْع :بندوبست۔ گتا۔

الرِصَائع : بمعنی الرصاغ۔
رَصَفَ (ن) رَصْفًا. الحِجارةَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا......المصلّی قدمیہ اوبَین قدمیہ : نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا اور کہا جاتا ہے "هٰذا الامر لایَرصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافةً. العَمَلُ : مضبوط ہونا۔
رَصِفَتْ : (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصَفًا اَسنانُہ: دانتوں کا ترتیب وہموار ہونا۔
اَرْصَفَ : شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔
تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ وارْتَصَفَتْ والحِجارةُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا......القومُ فِی الصَّفِّ : ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہونا......اَسنانُہ : دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔
الرَّصَف : پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَة)
الرَّصَفَتان : گھٹنوں کی ہڈیوں کے پیچھے گٹھے۔ الرَّصَف : پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَف : پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔
الرِّصَاف : پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج رُصُف و رُصْف.
الرَّصِیف : نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِیفٌ: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک رَصِیف: کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
الرُّصَافة : پٹھا جو چھڑ میں تیر کے پھل کے اندر داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ اطراف شہر کا سبزہ زار اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
الرُّصُوفة : ثابت قدمی۔
المِرْصَافة : ہتھوڑا۔

المُرْتَصِف : تیر۔ رَجُلٌ مُرْتَصِفُ الاَسنَان : قریب قریب دانتوں والا امرد۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا . الاَمْرَ : پورا کرنا۔ مضبوط کرنا......السائلة: داغ لگانا......ہ بِلِسَانِہ : گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانةً. العَقلُ وغیرُہُ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِین)
رَصَنَ. الشئَ مَعْرِفَةً : خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے "رَصِّنْ لی هٰذا الخَبرَ" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔
اَرْصَنَہ : مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
الرَّصَن : ایک قسم کی نباتات۔
الرَّصِین : اپنے ساتھی کی ضرورت کے لئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
المِرصَن : جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا. الشئَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
اَرْصٰی: بالمَکان : جم کے رہنا۔
رَضَّہ (ن) رَضًّا: کوٹنا۔ دلنا۔
رَضْرَضَ. الشئَ : اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَضْرَضَ : کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
اَرَضَّ : سست ربوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا......فی الاَرْض : جانا۔ العَصَبُ العَرَقَ : پسینہ بہانا۔
اِرْتَضَّ. الشئُ : ٹوٹنا۔
الاَرَضّ : جم کر بیٹھنے والا۔
الرَّضِیض والمَرْضُوض : کوٹا ہوا۔
الرُّضَاض : ریزے۔ چورا۔
الرُّضَّة والمِرْضَّة والرَّضّ : گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔ المِرْضَّة : کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا وارْتَضَبَ. المَطَرُ : زور سے بارش ہونا......السَّحَابةُ: آسمان کا برسانا (رَضَبَ وتَرَضَّبَ) الرِّیقَ : تھوک چوسنا۔
الرَّاضِب : ما مِنَ المَطَرِ : زور سے برسنے

والی بارش۔
الرُّضَاب : چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءُ رُضَابٍ: میٹھا پانی۔
المَرَاضِب والمَرَاضِیب : خوش مزہ تھوک۔
رَضَخَ :(ف) رَضْخًا. النَّوَیٰ اوالحصٰی : گٹھلی یا کنکری توڑنا......راسہ بالحجر: کچلنا۔
تَرَضَّخَ. الحَصٰی : کنکری کا ٹوٹنا۔ الخُبزَ: روٹی کا چورا کرنا۔
تَرَاضَخُوا. بالنُّشَّاب : ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَخَ. مِنَ الاَمْرِ : عذر کرنا۔
الرَّضْخ : حس۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَاه رَضْخٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
الرُّضَخ : گٹھلی۔
الرَّضِیخ : ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
الرَّضْخَة : گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْخَةٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج رَضَائخ۔
المِرْضَاخ: گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَحَ :(ض ف) رَضْحًا. النَّوٰی اوالحصٰی: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَحَ لَہُ مِنْ مَالِہِ رَضْحَةً" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا......القُیُوسُ : باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں "رَضَحَ لَہُ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَحَ لِلحَقِّ" : اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَحَہُ : ایک دوسرے کو پتھر مارنا......الشئَ : بادل ناخواستہ دینا......بِمِنہ شَیئًا : پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَحَ. بِالرَّجُل : بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ. القَومُ بِالحِجَارَةِ : باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ. الحَصَى : کنکری کا توڑنا۔ العُظْمَ : توڑ کر کھانا...... الخَبَرَ : سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخ : مص۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی خبر یعنی خبر۔

الرَّضِيخ : توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِيخَة والرُّضَاخَة : تھوڑا عطیہ۔

المِرْضَاخ ج مَرَاضِيخ (المِرْضَخَة) : پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ : (ن) رَضْدًا. المَتَاعَ : سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ. المَتَاعُ : سامان ترتیب سے رکھنا۔

رَضِعَ (س) و رَضَعَ (ف ض) رَضْعًا و رَضَعًا و رَضِعًا و رَضَاعًا و رِضَاعًا و رَضَاعَة و رِضَاعَة و اِرْتَضَعَ. الوَلَدُ أُمَّهُ : ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع.

رَضُعَ : (ک) رَضَاعَة : لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع.

رَاضَعَهُ رِضَاعًا و مُرَاضَعَة : رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا...... ابنَه : دائی پلائی کو دینا...... الطِّفْلُ : بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

أَرْضَعَهُ : دودھ پلانا۔ أَرْضَعَتِ المَرْأَةُ : دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) : (اس کلمہ میں تا علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ کہ طبعاً تانیث ہی کے لئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِع.

اِسْتَرْضَعَ : دائی پلائی طلب کرنا یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَةَ وَلَدِي" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع : کھیتی۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَة)

الرَّاضِع : تا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة. رَاضِع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَانِ : بچہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع.

الرَّضِيع ج رُضَعَاء و الرَّضِيع۔ ج رُضَّع : دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِيعُكَ : تمہارا رضاعی بھائی اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اس لئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة : مص۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (...... والرِّضَاعَة) اِرضاع : کا اسم۔

المَرْضُوعَة : اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی عورت۔

الرَّضَّاع : بہت دودھ پلانے والے۔ کمینہ۔

المَرَاضِيع : کمینے۔

رَضَفَهُ : (ض) رَضْفًا : داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ : دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا...... اللَّحْمَ : گوشت کو گرم پتھر پر بھونتا۔

رَضَّفَهُ : سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْف : گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَة) : کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضَف : ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضْفَة : گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضْف و رَضَفَات.

الرَّضِيف : گرم پتھر (...... والرَّضِيفَة) : گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيفَة" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِيف والمَرْضُوف : گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيفَة والمَرْضُوفَة : اوجھ جس کو دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کا ٹکڑا اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة : داغ کرنے کا آلہ۔

مُعَكْفِئَة (الرَّضْف) : ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

أَرْضَكَ. عَيْنَيْهِ : آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا۔

رَضَمَ : (ض) رَضْمًا. الأَرْضَ : زمین کو جوتنا...... البَيْتَ : گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعولی (رَضِيم و مَرْضُوم)

المَتَاعَ : سامان کو تہ بتہ رکھنا۔ الشَّيْءَ : توڑنا۔ عَلَيْهِ الصَّخْرَ : ڈالنا...... رَضْمًا و رَضَمَانًا فِي المَشْيِ : سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا...... بِالمَكَانِ : اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ. المَتَاعُ : سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام : بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رَضْم : کا واحد (رَضْمَة)

الرَّضَام : ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوهُ رَضْوًا : پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُهُ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

رَضِيَ : (س) رِضًى و رُضًى و رِضْوَانًا و رُضْوَانًا و مَرْضَاةً. عَنْهُ و عَلَيْهِ : خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُونَ و رُضَاةٌ و رَضِيٌّ : ج رَضُونَ و (رَضِيّ) ج أَرْضِيَاء و رُضَاةٌ.

رَضِيَ. الشَّيْءَ و رَضِيَ بِهِ و عَلَيْهِ : پسند کرنا۔ قناعت کرنا۔ صفت مفعولی (مَرْضِيّ و مَرْضُوّ) : کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ فُلَانٍ و رَضِيَ عَنْهُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو

قبول کرے اور اس سے خوش رہے۔ "رَضِيتُ مَعِيشَتَهُ" اس کی زندگی پسندیدہ ہے۔

رَاضَى رِضَاءً و مُرَاضَاةً. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضَى وَرَضَّى. الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّى. الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَى. القَوْمُ الشَّيْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاهُ. لِخِدْمَتِهِ اولِصُحْبَتِهِ: پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاهُ: رضامندی طلب کرنا۔ واسْتَرْضَيْتُهُ: کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ وامْرَأَةٌ (رِضًى): پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد وتثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے یکساں ہے)

عِيشَةٌ (رَاضِيَةٌ): پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوَى: مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام اور نسبت کے لئے رَضْوِيّ۔

الرِّضَاءُ: خوشنودی۔

الرِّضْوَةُ: خوشنودی۔ کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِهِ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِيُّ: عاشق۔ دبلا۔ چھریرا۔

اَرْطَ اِرْطَاطًا: بے وقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ ۔۔۔ فِي مَقْعَدِهِ: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرْطَهُ: بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطِيطُ: شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بے وقوف۔ ج رَطَائِطُ۔

الرَّطَائِطُ: بے وقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)

رَطَأَ: (ف) رَطْأً. القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا۔ ۔۔۔ بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا ۔۔۔ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

اِسْتَرْطَأَ. الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ ۔۔۔ الرَّجُلَ: بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطَاءُ: بے وقوفی۔

الرَّطِيءُ: بے وقوف۔ ج رِطَاءٌ: مؤنث رَطِيئَةٌ و رِطَاءٌ۔

رَطُبَ: (ن) رُطُوبَةً. البُسْرُ: پختہ ہونا۔ بسر کھجور کا رطب ہونا۔

رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوبًا. الدَّابَّةَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔

رَطِبَ: (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوبَةً ورَطَابَةً: تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔

رَطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔

رَطَّبَ و اَرْطَبَ. الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: تر کرنا۔

رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔

تَرَطَّبَ: تر ہونا اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِيْ بِذِكْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔

الرَّطْبُ والرَّطِيبُ: تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پیر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَطِيبٌ": خوش حال زندگی۔

الرُّطْبُ والرُّطُبُ: سبز چارہ۔

الرُّطَبُ: پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَةٌ) ج رِطَابٌ و اَرْطَابٌ۔

الرَّطْبَةُ: گھاس نما پودہ تین پتوں والا۔ بنفشی رنگ پھولوں والا جنگل میں اور زراعت کیا جاتا ہے۔

المَرْطَبَةُ: کھاری کنویں کے درمیان میٹھا کنواں۔

المِرْطَابُ: درجہ حرارت اور ہوا کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ دوسرا نام میزان رطوبت ہے۔

الرَّطَابِ: بروزن قطام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔

المَرْطَبَانُ: اچار مربہ جمع کرنے کے لئے برتن۔ (عامی لفظ ہے)۔

الرَّطْرُ: کمزور بال وغیرہ۔

الرُّطْرَاتُ: خرافات۔

رَطَسَ: (ن ض) رَطْسًا: تھپڑ مارنا۔

اِرْطَسَتْ. عَلَيْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔

رَطَعَ: (ف) رَطْعًا. الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

الرَّطْعُ: زکام۔

رَطَلَ: (ن) رَطْلًا. الشَّيْءَ: ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

رَطَّلَ. الشَّعْرَ: تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا ۔۔۔ الشَّيْءَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا

(۔۔۔ و اَرْطَلَ) الرَّجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔

رَاطَلَ: رطل سے بیچنا۔

الرَّطْلُ والرِّطْلُ: بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج اَرْطَالٌ۔ الرَّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ: بے وقوف۔ سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام۔ قریب البلوغ لڑکا۔ سبک رفتار گھوڑا۔

الرِّطْلَةُ: سبک رفتار گھوڑی۔

الرُّطَيْلَاءُ: رتیلا کی تصحیف ہے۔

المُرَطَّلُ. مِنَ الرِّجَالِ: نرم۔ لمبا۔

رَطَمَهُ: (ن) رَطْمًا: کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔

رَطَمَ واَرْطَمَ. فِي قُعُودِهِ: جم کے بیٹھنا۔

واَرْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔

رُطِمَ. البَعِيرُ: اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا۔

تَرَطَّمَ. السَّلْحَ: پاخانہ روکنا۔

اِرْتَطَمَ: کیچڑ میں گرنا یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا ۔۔۔ فِي الاَمْرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا ۔۔۔ عَلَيْهِ الاَمْرُ: مشتبہ ہونا ۔۔۔ الشَّيْءُ: ڈھیر لگنا۔

الرُّطْمَةُ: پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی

دشوار ہو۔
الزُّكَام: بلغم۔
الزُّطُوم: بے وقوف مرد۔
الزَّاطِم: کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔
اِمْرَأَةٌ (مَرْطُومَةٌ): بدی کے ساتھ متہم عورت۔
رَطَنَ لَهُ: (ن) رِطَانَةً ورَطَانَةً ورَاطَنَةً مُرَاطَنَةً: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ. القَوْمُ و تَرَاطَنُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرَّطِيْنِي: کلام جو سمجھ میں نہ آ سکے۔ کہا جاتا ہے "مَا رَطِيْنَاكَ هٰذِهِ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَعَتْ: (ن) رَعْثًا. الرِّيحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرَّعَاعُ: کمینے و رذیل لوگ۔
الرَّعَاعَةُ: شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ: (ف) رَعْبًا ورُعْبًا: خوف کرنا...... الرَّجُلَ: خوف دلانا۔ (...... رَعْبًا) الإِنَاءَ او الحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا...... السَّنَامَ وتَرْعِيبَهُ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ: کبوتر وغیرہ کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيبًا وتَرْعَابًا. الرَّجُلَ: خوف دلانا...... الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا...... فُلَانًا: کسی کے لئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
اِرْتَعَبَ: ڈرنا۔
الرُّعْب: جادو کا منتر۔ مقفی نثر۔ بُرا وعدہ۔
الرُّعْبُ والرُّعُبُ: گھبراہٹ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة۔
الرَّعِيبُ: خوفزدہ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِيبُ العَيْنِ ومَرْعُوبُ العَيْنِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب: جادو کرنے والا۔ مقفی نثر بولنے والا۔

الرَّعْبَنَةُ: لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
المَرْعُوب: بزدل۔ ج رَعَابِيب (..... المَرْعُوبَةُ والرَّعْبُوبُ) مِنَ الجَوَارِي: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعِب: موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيبَةُ: کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِيب۔
المُرْعِبَة: ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
تَرَعْبَلَ. اللَّحْمُ: گوشت کے پارے پارے ہونا۔
..... الثَّوْبَ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
..... الرَّجُلُ: بے وقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ. اللَّحْمُ: گوشت کا پارہ پارہ ہونا..... الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الرَّعْبَلُ مِنَ النِّسَاءِ: بے وقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَةُ والرُّعْبُولَةُ: پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل ورَعَابِيل اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ رَعَابِيلُ" یعنی پرانا کپڑا۔
الرَّعْبَلَةُ والرَّعْبَلِيلُ. مِنَ الرِّيَاحِ: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُولَةُ: پھٹا ہوا۔ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔
رَعَثَ (ف) رَعْثًا ورَعِثَ: (س) رَعَثًا۔
العَنْزُ: کانوں کے سفید کنارے والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَتْ. المَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ والرَّعَثُ: رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَةُ والرَّعَثَةُ: بالی۔ مرغ کی کلغی۔ مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث و ج ج رُعُث۔
الرَّعْثَاءُ: بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں۔ لمبے دانت والا

انگور۔
الرَّاعُوفَةُ: پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ: (ف) رَعْجًا ورَعَجَانًا وأَرْعَجَهُ: تنگی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ أَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال مویشی والا ہونا۔ رَعِجَ: (س) رَعَجًا. المَالُ او الغُلُوُّ: بہت ہونا۔ الوَادِي: وادی کا بھر جانا۔ اِرْتَعَجَ الرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبُوا ولَهُمْ اِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا۔ البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔ الوَادِي: بھر جانا۔ المَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعْج: بہت مویشی۔
رَعَدَ: (ف ن) رَعْدًا ورُعُودًا. السَّحَابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "رَعَدَ لِي فُلَانٌ وبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ "رَعَدَتِ المَرْأَةُ وبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگھار کے سامنے آئی۔
أَرْعَدَ. الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا۔ گڑگڑاہٹ سننا..... فُلَانًا: دھمکی دینا..... ٥
المَخُوفَ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
أُرْعِدَ: کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ: حرکت کرنا۔ کانپنا۔
اِرْتَعَدَ: اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد: مص۔ بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرِّعْدَة والرُّعْدَة: کپکپی۔
الرَّعَّاد: بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور اس کو "السَّمَكَةُ الرَّعَّادُ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة: بہت بولنے والا۔

الرَّاعِدَة : گرجنے والا بادل۔ صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ : اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد. ذَاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔
رَعْدَدَ : سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ : کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيْد والرِّعْدِيْدَة : بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رِعْدِيْد : نرم و نازک نباتات۔ ج رَعَادِيْد.
رَعْرَعَ. المَاءَ : پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ...... الفَرَسَ : گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا ...... ہ اللّٰہُ : اُگانا۔
تَرَعْرَعَ. الصَّبِيُّ : بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ ...... المَاءُ او الشَّرَابُ : پانی یا سیراب کا متلاطم ہونا ...... السِّنُّ : دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرُّعْرُوع : اچھے قد اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِع ورَعَارِيْع.
الرُّعْرَاع : بزدل۔ لمبا نرکل۔
رَعَسَ : (ف) رَعَسًا : کانپنا۔ تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (...... رَعْسًا ورَعَسَانًا).
رَاعِسَة : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
أَرْعَسَه : کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ : کانپنا۔
نَاقَةٌ (رَاعِسَةٌ) : اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوْس : خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِس : چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاس : نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المِرْعَس : خسیس آدمی جو گوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ : (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ : کانپنا۔ صفت (رَعِش ورَعِيْش)
أَرْعَشَة ورَعَّشَة : کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔ عاجز کرنا۔
الرَّعِش والرِّعْشِيْش : بزدل۔ جلد باز۔
الرَّعْشَة : جلد بازی۔

الرُّعَاش : مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَـاقَةٌ (رَعُوْش) : بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاء. مِنَ النَّعَام : تیز رفتار شتر مرغ۔ ...... مِنَ النُّوْق : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرْعَش والمَرْعَش : ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔
الـرَّعْشَــن : کانپنے والا۔ بزدل۔ جلدی کرنے والا۔
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وأَرْعَصَ. الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ ہلانا۔ کھینچنا ...... خَلَبُهُ جِلْدَةً : کھال کا پھڑکنا۔
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ. خَلَبُهُ جِلْدَةً : کھال کا پھڑکنا ...... الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔
رَعَظَ : (ف) رَعْظًا. السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَه. عَنْ كَذَا : سست کر دینا۔ جلدی کرانا ...... الوَتَدَ : اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
أَرْعَظَ. السَّهْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ ...... فُلَانًا : سست کر دینا۔
الـرُّعْظ : تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج أَرْعَاظ : کہا جاتا ہے "كَسَرَ عَلَيْهِ أَرْعَاظَ النَّبَالِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدت غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ : (ف ن) رَعْفًا. الفَرَسُ الخَيْلَ : آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ : (س) رَعَفًا. الفَمُ: نکسیر پھوٹنا۔ (...... ورَعُفَ): (ف ن) رَعْفًا ورُعَافًا) الـرَّجُلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِهِ البَابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔
أَرْعَفَه : جلدی کرانا ...... القِرْبَةَ : مشک کو لبالب بھرنا ...... القَلَمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔

إِرْتَـعَفَ واسْتَـرْعَفَ : آگے بڑھنا۔
واسْتَرْعَفَتِ الحَصَى رِجْلَه : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرَّعْف : حس۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَاف : نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّاف : بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔
الرُّعَافِي : بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے۔)
الـرَّاعِف : ناک۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِف.
الرَّوَاعِف: نیزے۔
الـرَّعُوْف والـرَّاعُوْف والـرَّاعُوْفَة والأُرْعُوْفَة. مِنَ البِئْر : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُّعُوْف : ہلکی بارش۔
المَرَاعِف : ناک اور اس کا ارد گرد۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ عَلَى الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِه" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِف. مِنَ الخَيْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا۔
رَعَقَ : (ف) رُعَاقًا ورَعِيْقًا. بَطْنُ الدَّابَّة: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَـلَ : (ف) رَعْلًا. الشَّيْءَ: کشادہ۔ پھاڑنا۔ فُلَانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِـلَ : (س) رَعَلًا: بیوقوف ہونا۔ النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (أَرْعَل)
رَعَّلَ. الكَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا۔
أَرْعَلَه : سخت تیز مارنا۔
إِسْتَرْعَلَتْ. الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ إِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا۔
الأَرْعَـل : بیوقوف۔ مؤنث رَعْلَاء ج رُعْـل: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخ والی نباتات۔
ضَـرْبَةٌ أَرْعَل : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے

والی تلوار کی ضرب۔
الرَّعْل : پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رَعْل
الرَّعْل : کپڑے۔
الرَّعْل : شہد کی زرد مکھی۔
الرُّعَال : رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعَالَة : بے وقوفی۔
الرَّعْلَة : شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصے کو کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔ تھوڑے گھوڑوں کا یا گائیوں کا گلہ۔ ج رِعَال ورَعَال والرَّاعِل کہا جاتا ہے "اَقْبَلَتِ الخَيْلُ رِعَالًا والرَّاعِل" "رَاعِلُ الرِّيَاحِ اَوِالسَّحَاب : ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَة : انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل۔ ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
الرَّعِيل : آگے آگے رہنے والی جماعت (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال۔
المِرْعَل : شمشیر براں۔
المِرْعَل : عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل : گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا۔ الشَّيْءَ : نگہبانی کرنا۔ ...الشَّمْسَ : آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) ورَعُمَتْ (ک) رُعَامًا ورُعَمَتْ۔ الشَّاةُ : بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوم)
رَعَمَ۔ الشَّاةَ : بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام : نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام : رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج اَرْعِمَة۔
الرُّعَامة والرُّعَامَى : ایک قسم کا درخت۔
الرُّعَامَى : جگر کی زیادتی۔
الرِّعْم : چربی۔ اُمّ رِعْم : بجو۔
الرَّعُوم : نفس۔
الرَّعُوم : نازک بدن عورت۔

رَعَنَ (ن) رَعْنًا ورَعِنَ (س) رَعَنًا ورَعُنَ (ک) رُعُونَة : بے وقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں پیچ والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)
رَعَنَهُ (ن) رَعْنًا۔ الشَّمْسُ : دھوپ لگنے سے بے ہوشی طاری ہونا۔
الرَّعْن : پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان ورُعُون۔
الاَرْعَن : چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُون : تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔
رَعَا يَرْعُو رَعْوًا ورِعْوًا ورُعْوَةً ورَعْوَةً ورِعْوَةً : غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوَى والرُّعْيَا)
اِرْعَوَى اِرْعِوَاءً۔ عَنِ الجَهْلِ : رکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) : رجوع کرنا۔
رَعَى يَرْعَى رَعْيًا ورِعَايَةً ومَرْعًى۔ الماشِيَةُ الكَلَأَ : جانور کا گھاس چرنا۔ ...الماشِيَةَ : جانور کو گھاس چرانا۔ ...النُّجُومَ : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا۔ ...الاَمِيرُ رَعِيَّتَهُ رِعَايَةً : امیر کا انتظام مملکت کرنا۔ ...عَلَيْهِ حُرْمَتَهُ : پاس عزت کرنا۔ ...الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔
رَاعَى مُرَاعَاةً۔ النُّجُومَ : ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا۔ ...الاَمْرَ : حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا۔ ...الرَّجُلَ : کسی کے حق پر نگاہ رکھنا۔ رَاعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا۔
رَاعِنِي سَمْعَكَ : توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُرَاعِي اِلَى قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا۔ الجِمَارُ الحُمُرَ : گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔
اَرْعَى۔ الماشِيَةَ : جانور کو چرانا۔ ...المَكَانَ : چراگاہ بنانا۔ ...عَلَيْهِ : شفقت مہربانی کرنا۔ اَرْعِنِي سَمْعَكَ : بات سننا۔ اَرْعَتِ الاَرْضُ : بہت چراگاہ والی ہونا۔ ...اللّٰهُ الماشِيَةَ : چرکرا گانا۔

رَعَّاهُ تَرْعِيَةً : کسی سے "رَعَاهُ اللّٰهُ" کہنا۔
اِرْتَعَتْ وتَرَعَّتِ۔ الماشِيَةُ : جانور کا چرنا۔
اِسْتَرْعَى اِسْتِرْعَاءً۔ الماشِيَةَ : چرانے کے لئے کہنا۔ ...ہ مَاشِيَةً : رکھوالی کے لئے کہنا اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کے لئے کہا اس نے ظلم کیا۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ...ہ السَّمْعَ : توجہ کرنے کو کہنا ...ہ الشَّيْءَ : کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لئے کہنا۔
الرِّعْيَة : چرائی۔
الرُّعْيَا والرَّعْوَى والرَّعْيَا والرُّعْوَى : حفاظت۔
الرَّعْي : مص۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لَكَ" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔
الرِّعْي : گھاس۔ ج اَرْعَاء۔ رِعْيُ الحَمَامِ والاِبِلِ : دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِيَّة : چرنے والا جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا۔ رَعِيَّةُ المَلِكِ ورعاياہ : تابع فرمان لوگ۔
الرَّعَاوَى والرُّعَاوَى : لوگوں کے ارد گرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِيَّة : عوام کے مویشی۔
الاَرْعَاوِيہ : شاہی مویشی۔
الرَّاعِي : فا۔ بہت الفت کرنے والا حاکم قوم
رَاعِي الماشِيَةِ : چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاة ورُعْيَان ورُعَاء ورِعَاء : مؤنث رَاعِيَة ج رَوَاعٍ۔ رَاعِيَةُ الشَّيْبِ ورَوَاعِيهِ : بڑھاپے کی ابتداء۔ رَاعِي الجَوْزَاءِ ورَاعِي النَّعَائِمِ : دو ستاروں کے نام۔ رَاعِي البَعِيرِ ورَاعِيَةُ الاِبِلِ : ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاسِ : جوں۔
المَرْعَى : مص۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (...والمَرْعَاة) : چراگاہ۔

الـمَرْعِیُّ : جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت کی جائے۔
رَغِبَ (س) رَغْبًا ورُغْبًا ورَغْبَةً. فِیهِ: چاہنا۔ خواہش کرنا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔
بِهِ عَنْ غَیْرِهِ: دوسرے پر فضیلت دینا۔
رَغِبَ (س) رَغَبًا ورَغْبَی ورُغْبَی ورُغْبَةً ورَغَبَةً ورَغَبُوتًا ورَغَبَانًا ورَغَبَاءً إِلَیْهِ: خواری و عاجزی ظاہر کرنا۔ خواری و ذلت سے مانگنا۔
رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَةً: بہت کھاؤ ہونا...... الوَادِی: فراخ وکشادہ ہونا۔
رَغَّبَهُ وأَرْغَبَهُ. فِی الشَّیْءِ: رغبت دلانا۔
رَغَّبَهُ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَبَ اللّٰهُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے۔
اِرْتَغَبَ. فِیهِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔
تَرَاغَبَ. الوَادِی: کشادہ ہونا۔ النَّاسُ فِی الخَیْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔
الرَّغَبُ: مرغوب۔
الرُّغُبُ والرِّغَابُ. مِنَ الأَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔
طَرِیقٌ (رَغِیبٌ): کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ.
الرَّغِیبُ: بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِیبٌ وسِقَاءٌ رَغِیبٌ" کشادہ حوض و مشک۔ حَمِلٌ رَغِیبٌ بھاری بوجھ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیبُ الخُطْوَةِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَابٌ.
الرَّغُوبُ: خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔
الرَّغِیبَةُ. رَغِیبٌ: کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ ج رَغَائِبُ.
رَغَثَ: (ف) رَغْثًا. الوَلَدُ أُمَّهُ: ماں کا دودھ پینا...... ہ: لگاتار نیزے مارنا ...... القَوْمُ فُلانًا: سوال کرکے سارا مال ختم کر دینا۔
رُغِثَ: کسی سے بہت سوال کیا جانا اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔
أَرْغَثَتْ. المَرْأَةُ: دائی پلائی ہونا۔
وَلَدَهَا: دودھ پلانا۔ صفت (رَغُوثٌ ورَغُوثَةٌ ومُرْغِثٌ): أَرْغَثَهُ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔
اِرْتَغَثَ. الوَلَدُ أُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
الرُّغَثَاءُ: پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔
المُرْغَثُ: انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔
رَغِدَ: (س) رَغَدًا ورَغُدَ: (ک) رَغَادَةً عَیْشُهُ: آسودہ وخوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیدٌ)
أَرْغَدَ. القَوْمُ: آسودہ زندگی والی ہونا ...... مَوَاشِیَهُمْ: جانوروں کے چرنے کے لئے آزاد چھوڑنا ...... اللّٰهُ عَیْشَهُ: آسودہ بنانا۔
اِرْغَادَّ: رائے میں متردد ہونا ...... اللَّبَنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔
اِسْتَرْغَدَ. العَیْشَ: آسودہ زندگی پانا۔ قَوْمٌ (رَغْدٌ) ونِسَاءٌ رَغْدٌ: آسودہ زندگی والی قوم اور یہ رَاغِدٌ کی جمع ہے جیسے خَادِمٌ کی جمع خَدَمٌ.
الرَّغِیدَةُ: ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔
المَرْغَدَةُ: باغ۔
رَغَسَهُ: (ف) رَغْسًا وأَرْغَسَهُ. اللّٰهُ مالاً وولَدًا: بہت دینا۔
اِسْتَرْغَسَهُ: نرم سمجھنا۔
الرَّغْسُ: نعمت وبرکت۔ نمو۔ ج أَرْغَاسٌ.
المَرْغِسُ. مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔
المَرْغُوسُ: مبارک۔
المَرْغُوسَةُ. المَرْغُوسُ: کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔
رَغَشَ: (ف) رَغْشًا. عَلَیْهِ: شور مچانا۔
رَغَفَ: (ف) رَغْفًا. العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا ...... البَعِیرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔
أَرْغَفَ: چلنے میں جلدی کرنا ...... إِلَیْهِ: تیز نظر سے دیکھنا۔
الرَّغِیفُ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ۔ چپاتی روٹی۔ ج أَرْغِفَةٌ ورُغُفٌ ورُغْفٌ ورُغْفَانٌ ورَّغَائِفُ.
وَجْهٌ (مُرَغَّفٌ): سخت چہرہ۔
رَغَلَ: (ف) رَغْلاً. الوَلَدُ أُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔
أَرْغَلَ. الرَّجُلُ: غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا ...... إِلَیْهِ: مائل ہونا ...... الزَّرْعُ: کھیتی کی خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا ...... الشَّیْءَ: بے موقع رکھنا۔
...... الجَدْیُ أُمَّهُ: بکری کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ...... المَکَانُ: رغل نامی گھاس اگانا ...... المَاءَ: بہت گرانا۔
الرُّغْلُ: ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج أَرْغَالٌ.
الرَّغُولُ: اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَغُولٌ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔
الأَرْغَلُ. مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔
الرَّغْلَةُ: بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔
رَغَمَهُ: (ف) رَغْمًا: مغلوب ومجبور کرنا۔
رَغَمَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔
رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورُغْمًا ورِغْمًا. أَنْفُهُ لِلّٰهِ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِمٌ) الأَنْفِ: ج رُغَّمُ الأُنُوفِ. ورَغِمَهُ: ناپسند کرنا۔
رَغَّمَهُ: ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا۔
أَنْفَهُ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰهُ أَنْفَهُ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے ...... فُلانٌ أَنْفَهُ: فروتنی کرنا۔
أَرْغَمَهُ: ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا ...... ہ الـذُّلُّ: خاک آلود کرنا۔ لِرَغْمِ نَفْلِهِ: اپنے اہل کو ناپسندیدگی

سے چھوڑنا۔۔۔۔ الصَّقْتَهُ مِنْ فِيهِ :اس کو منہ سے مٹی میں ڈالنا۔۔۔۔ اللہُ أَنْفَهُ :ذلیل کرنا۔

أَرْغَمَتِ الْغَنَمُ أَوِ الظِّبَاءُ :بکری بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ :باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ عَلَيْهِ :غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتْ الرَّجُلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْمُ والرُّغْمُ والرِّغْمُ :ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "أَتَى عَلَى رَغْمِهِ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِمُ :کہ رَاغِمُ الأَنْفِ :ذلیل۔ ج رُغَّمٌ الأُنُوفِ.

الرَّغَامُ: مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغَامُ :رینٹھ۔ ج أَرْغِمَةٌ.

الـرُّغَـامَةُ :حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لِيْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَةٌ" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَّغْمَاءُ مِنَ الشَّاءِ :ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

الـمُـرْغِـمُ والمَـرْغَـمُ. ج مَـرَاغِـمُ و(الـرُّغَـامَى) لـاک الرُّغَامَى :جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑوں کی رگیں۔

الـمُـرَاغَمُ :مطح۔ بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "إِذْلِي عَنْ دَارِ الْهَوَانِ مُرَاغَمٌ" میرے لئے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَةُ :ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ عَلَى مَرْغَمَةٍ" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المِرْغَامُ :غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مِرْغَامَة.

رَغَنَ (ف) رَغْنًا. فِيهِ :لالچ کرنا۔ إِلَيْهِ: کان لگانا۔

أَرْغَنَهُ :طمع دلانا۔ أَرْغَنَ الأَمْرَ :آسان کرنا۔۔۔۔ إِلَيْهِ :کان لگانا۔ أَرْغَنَ لِفُلَانٍ :اطاعت و فرمانبرداری کرنا۔

الأَرْغُنُ والأَرْغُنُونُ :(آرگن) (ایک باجہ کا نام)

رَغَا :(ن) رُغَاءً. البَعِيرُ أَوِ النَّعَامُ أَوِ الضَّبُعُ: بلبلانا۔ رَغْوًا۔۔۔۔ الصَّبِيُّ :بہت رونا۔

۔۔۔۔ الرَّعْدُ :زور سے گرجنا۔

رَغَا :(ن) رَغْوًا رَغْيًا تَرْغِيَةً وأَرْغَى إِرْغَاءً. اللَّبَنُ وَنَحْوُهُ :دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَى الرَّجُلُ وأَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ و "أَتَيْتُهُ فَمَا أَثْغَى وَلَا أَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی۔۔۔۔ ہ :ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا۔ وَرَغَّى فُلَانًا :غضبناک کرنا۔

إِرْتَغَى. اللَّبَنَ :دودھ سے جھاگ اتار لینا۔۔۔۔ الرَّغْوَةَ: جھاگ پینا۔

الـرَّغْـوَةُ والرُّغْوَةُ والرِّغْوَةُ. ج رُغًى ورِغًى و(الرُّغَاوَةُ والرِّغَايَةُ والرِّغَاوَةُ والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) مِنَ اللَّبَنِ :دودھ کا جھاگ۔

الرَّاغِيَةُ :اونٹنی۔ کہتے ہیں "مَا لَهُ ثَاغِيَةٌ وَلَا رَاغِيَةٌ" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔

المِرْغَاةُ :کفگیر۔

المُرْغِيُّ. مِنَ الكَلَامِ :مبہم گفتگو۔

رَفَّ :(ن ض) رَفًّا :بہت کھانا۔۔۔۔ ہ : خدمت کرنا۔ بھلائی واحسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا۔۔۔۔ النَّاسُ بِهِ: گھیر لینا۔۔۔۔ بِهِ :اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ وَيَرُفُّهُ" وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔

البَيْتَ :گھر میں آگ بجھانا۔۔۔۔ إِلَى يَحُفُّهَا: خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَيْنُهُ :پھڑکنا۔۔۔ البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔۔۔۔ شَفَتَيْهِ: ہونٹ کا چوسنا۔

۔۔۔ اللَّبَنَ :ہر روز دودھ پینا۔۔۔۔ ثَوْبَهُ: دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا۔

الكَلَأَ :بھوسہ کھانا۔

رَفَّ :(ض) رَفًّا ورَفِيفًا وارْتَفَّ. النَّبَاتُ: لہلہانا۔ رَفَّتِ العَيْنُ :پھڑکنا۔

رَفَّ البَرْقُ :بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُهُ :چمک اٹھنا۔

أَرَفَّ إِرْفَافًا. الطَّائِرُ :پرندے کا دونوں بازو پھیلانا۔

الـرَّفُّ :مص۔ انگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوف ورِفَاف.

الـرِّفُّ: اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ الحُمَّى رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُّفُّ والرُّفَّةُ :بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔

الرُّفَافُ :بھوسہ کا چورہ۔

الـرَّفِيفُ :مص۔ چھت۔ فراخ سالی۔۔۔۔ فَتًى رَفِيفُ الأَخْلَاقِ :اچھے اخلاق والا جوان۔

الـرَّفَّـافُ :اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثَغْرٌ رَفَّافٌ" سفید و شفاف دانت۔

رَفَأَ :(ف) رَفْأً. الثَّوْبَ: کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمت کرنا۔۔۔۔ ہ :خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا۔۔۔۔ بَيْنَهُمْ :صلح کرانا۔۔۔۔ السَّفِينَةَ : کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً وتَرْفِيئًا :مبارکباد دینا اور "بِالرِّفَاءِ وَالبَنِينَ" کہنا (بالرفاء والبنين): شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بچے پیدا ہوں۔

أَرْفَأَ. إِلَيْهِ :قریب ہونا اور پناہ لینا۔

الشَّيْءَ إِلَيْهِ :قریب کرنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: کشتی کرنا۔

۔۔۔۔ السَّفِينَةُ :کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔

ارْتَفَأَهُ ورَافَأَهُ :مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔

الرِّفَاءُ :اتفاق۔

الرفاء : رفو گر۔
المرفأ والمرفأ من البحر : بندرگاہ۔ ج مرافئ.
رفت : (ن ض) رفتا الشيء : توڑنا کوٹنا چورہ کرنا۔۔۔ وارفت وترفت : ٹوٹنا چورہ ہونا۔۔۔ العظم : ریزہ ریزہ ہونا۔
الحبل : رسی کا کٹ جانا۔
الرفت : بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرفات : چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رفث : (ن ض) رفثا ورفث : (س) رفثا وارفث ۔ في كلامه : فحش گوئی کرنا۔
الرفث : مص۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رفحه : نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رفغ ۔ عيش رافغ : ناز ونعمت کی آسودہ زندگی۔
الرفوغ : مصیبتیں۔
رفده : (ض) رفدا وارفده : دینا۔ مدد دینا۔
رفد الحائط : سہارا دینا۔ رفد القتب وعليها وارفدها : چوپایہ کے لئے پالان بنانا۔
رافده : مدد دینا۔
رفده : تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
ترافد القوم : باہم مدد کرنا۔
ارتفد المال : کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
استرفده : عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرفد : مص۔ حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "أريق رفده" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرفد : ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کے لئے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج أرفاد ورفود.
الرفدة : لوگوں کی جماعت۔ ج رفد.
الرفيد : ق۔ بادشاہ کی صحبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رفداء.
الرافدان : دریائے دجلہ وفرات۔

الرافدة : پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وصلة" کہتے ہیں۔ ج روافد.
الرفادة : زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
ناقة (رفود) : ایک وقت کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رفد.
المرفد والمرفد : مدد۔ ج مرافد.
المرفد : بڑا پیالہ۔ ج مرافد.
المرافيد : بکریاں جن کا دودھ جاڑے یا گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المرفد : باری گر۔
رفرف ۔ الطائر : پرندے کا پر پھڑانا۔۔۔ الشيء : آواز کرنا۔
الرفرف : لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ یا باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضربت الريح رفرف الفسطاط" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر ادھر کر دیا۔ رفرف الدرع : زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رفارف.
الرفراف : ایک پرندہ جس کو "خاطف ظله" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
رفزه : (ض) رفزا : مارنا۔
الرافز : حرکت کرنے والی رگ۔
رفسه : (ن ض) رفسا ورفاسا : سینہ پر مارنا۔۔۔ البعير : اونٹ کے پاؤں باندھنا۔۔۔ اللحم ونحوه : گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرفاس : اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الرفسة : سینہ پر لات مارنا۔
ناقة (رفوس) : دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رفش : (ن) رفشا : کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ خوب کھانا پینا۔۔۔ القمح : گیہوں کو بیلچے سے اٹھا کر لے جانا۔۔۔ الشيء : کوٹنا (۔۔۔ ورفش) في الأمر : کشادہ ہونا۔
رفش (س) رفشا : چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (أرفش) مؤنث رفشاء۔ ج رفش.
رفش ۔ لحيته : داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرفاش : گیہوں کو بیلچے سے اٹھا اٹھا کر ماپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرفش : مص۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المرفشة : بیلچہ۔
رفص ۔ ترافصوا الماء : باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو (رفيص) کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هو رفيصك" : وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
ارتفص ۔ السعر : بھاؤ گراں کرنا۔
الرفصة : پانی پینے کی باری۔
رفض : (ن ض) رفضا ورفضا ۔ الشيء : پھینکنا چھوڑنا۔ صفت رافض ج رافضون ورفضة ورفاض (۔۔۔ ورفض) الإبل : چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رفض وترفض الوادي : کشادہ ہونا۔
ترفض : بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا۔
الدمع : آنسو بہانا اور بکھرنا۔
ارفض ۔ الدمع : آنسو بہنا۔ ٹپکنا۔۔۔ الجرح : زخم سے پیپ بہنا۔۔۔ الشيء : متفرق ہو کر جانا اور اسی سے ہے "ارفض الناس عنه" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔۔۔ الوجع : درد کا زائل ہونا۔
استرفض ۔ الوادي : کشادہ ہونا۔
الرفض : مص۔۔۔ ورفاض و (الرفض) ج أرفاض : اونٹوں یا پرندوں کا متفرق گلہ۔ کہا جاتا ہے "نعام رفض" متفرق شتر مرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "في القربة رفض من ماء" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔
الرافضة : جنگ وغیرہ میں اپنے قائد کو چھوڑ

کو چھوڑ دینے والی جماعت۔ یہ لفظ رافضی کا جمع ہے اور اسی سے ہے "لا خیر فی الرّوافض"۔

الرّافضۃ: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لئے "رَافِضِیّ"۔

المَرَافِض: پریشان راستے۔

الرُّفَاض مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑے۔ ریزے۔

رَجُلٌ (امْرَأَۃٌ رُفَضَۃ) جتھہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرَّفُوض: متفرق گھاس۔ رُفُوضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ۔ رُفُوضُ الْاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت نہ ہو۔ زمین جو گی ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِیْض: چھوڑا ہوا۔ پیٹ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الرَّفِیْض والمَرْفُوض: چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ۔ ج مَرَافِض

رَفَعَ: (ف) رَفْعًا الشَّیْءَ: اٹھانا...... فُلَانًا عَلٰی صَاحِبِہٖ فِی المَجْلِسِ: آگے بڑھانا ...... الکَلِمَۃَ: رفع کی علامت لگانا ...... الشَّیْءَ: لینا ...... الشَّیْءَ فِی خِزَانَتِہٖ: چھپانا ...... المُحْمَلُ فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ...... القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا ...... الجَمَلَ: تیز چلانا ...... الحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہنچانا۔

(...... رَفْعًا وَرُفْعًا وَرِفَاعًا) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا

(...... رَفْعًا وَرُفْعَانًا) ہٗ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لئے جانا ...... ہٗ اِلَی السُّلْطَانِ: پیش کرنا۔ قریب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّاسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث بھرو بزرگی ہے۔ "وَفُلَانٌ لَا یَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِہٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ: (ک) رِفْعَۃً وَرَفَاعَۃً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (رَفِیْع) و رَفُعَ رَفَاعَۃً: بلند آواز والا ہونا ...... الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رفیع)

رُفِعَ لَہُ الشَّیْءُ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَہٗ: بلند کرنا۔ رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَہٗ اِلَی الحَاکِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا ...... ہٗ: قطع تعلق کرنا ...... بِھِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ: برتری ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَفَّعَتْ بِی ھِمَّتِی عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے ...... الشَّیْءَ او الرَّجُلَ: بلند کرنا۔

تَرَافَعَا: ایک دوسرے کو بلند کرنا ...... الخَصْمَانِ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے جانا۔

اِرْتَفَعَ: بلند ہونا ...... السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا ...... النَّھَارُ: دن کا چڑھنا ...... دراز ہونا ...... عَنْ بَیْنِھِمُ الخِصَامُ: دشمنی زائل ہونا ...... الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ الشَّیْءَ: اٹھانے کو کہنا ...... الخِوَانُ: دسترخوان خالی ہونا اور اٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِع: فا۔ بَرْقٌ رَافِعٌ "چمکنے والی بجلی"۔

الرِّفْعَۃ: مص۔ بلندی و مرتبہ۔

الرَّفَاع والرِّفَاع: کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا۔ کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

الرَّافِعَۃ وَالمِعْتَل: (قاری کلمہ) بوجھ اٹھانے کا اوزار۔ کرین۔ پتھر توڑنے کا آلہ بھاری اشیاء تولنے کا آلہ جس کا دوسرا نام القبان بھی ہیں کینچی جس کو المِقَصّ بھی بولتے ہیں۔ دستپناہ جس کو المِلْقَط بولتے ہیں۔ چٹی جس کو الکَسَّارَۃ بولتے ہیں۔ ☆

الرَّفَاعَۃ والرُّفَاعَۃ والرِّفَاعَۃ مِنَ الصَّوْتِ: آواز کی بلندی و شدت۔ الرَّفَاعَۃ والرُّفَاعَۃ: گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعَۃ: حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ۔

المَرْفُوع: بلند۔ ایک قسم کی تیز دوڑ سرین ...... الکَلَامُ: بلند گفتگو ...... الحَدِیْثُ المَرْفُوعُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْنَ: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم ﷺ تک متصل ہو۔

الاِرْتِفَاع: ارباب مساحۃ کے نزدیک بلندی مثلث یا اضلاع والی یا مخروطی شکل میں۔ دو قاعدوں کے درمیان ایک عمود (علم ہندسہ والوں کے نزدیک) کسی ستارے کا بلند ہونا (فلکیات میں) وہ زاویہ جو کہ افق اور زمین و کوکب کے درمیان واقع ہونے والے سیدھے خط کے درمیان ہو۔

المِرْفَع: بلند کرنے کا آلہ۔

المَرْفَع والمَرَافِع عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْنَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ: (ک) رَفَاغَۃً العَیْشُ: کشادہ و آسودہ ہونا۔ صفت (رَافِغ و رَفِیْغ و اَرْفَغ)

اَرْفَغَ لَہُ المَعَاشَ: آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ: آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ جماع کے لئے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرَّفْغ: ج اَرْفَاغ و رِفَاغ: وادی کی بہت بری جگہ۔ بہت خاک والی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ کَرَفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا۔ گوشہ ...... ج اَرْفَاغ و رُفُوْغ: جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ۔ جوار کا بھوسہ۔

اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔

الرَّفْغ والرَّفَاغَۃ والرَّفَاغِیَۃ: آسودہ زندگی

بِکَلَسٍ رَفِیْغٍ: نرم چونے کا گارہ۔ الرَّفَغ: ناخن کا میل۔

الرُّفْغ: بغل۔ اندام نہانی کا اردگرد اور اسی سے ہے "اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَانِ وَجَبَ الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

الرُّفْغ: ناخن کا میل۔

المَرَافِغ: بیخ ران و بغل (جمع ہے اور اس کا واحد نہیں۔)

المَرْفُوْغَۃ: تنگ اندام نہانی والی عورت

جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔
رَفَقَهُ :(ن)رِفْقًا: نفع پہنچانا۔ مدد کرنا۔ کہنی پر مارنا..... النَّاقَةَ : اُونٹنی کے بازو کو باندھنا۔ العَمَلَ: مضبوطی سے کرنا۔
رَفَقَ ورَفُقَ :(ن وک)ورَفِقَ:(س)رِفْقًا ومَرْفِقًا ومُرْفَقًا ومِرْفَقًا۔ بِهٖ وَلَهٗ وعَلَيْهِ : مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ :(س)رَفَقًا۔ البَعِيْرُ : پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت(أَرْفَق)
رَفُقَ:(ک)رَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔
رَافَقَهُ :رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَافَقَهُ فِي السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
أَرْفَقَهُ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔ نفع پہنچانا۔
تَرَفَّقَ بِهٖ :مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
عَلَيْهِ :سہارا لینا۔
تَرَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ :ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِرْتَفَقَ :کہنی یا تکیہ پر ٹیک لگانا۔ مدد طلب کرنا۔
الإِنَاءُ : بھر جانا القَوْمُ: سفر میں باہم ساتھی ہونا۔ بِهٖ: نفع اٹھانا۔
اِسْتَرْفَقَهُ :مہربانی طلب کرنا۔ نفع رسانی طلب کرنا۔
تَمَرْفَقَ :تکیہ لینا۔
الرِّفْقُ :مص۔ نرم برتاؤ۔ مہربانی۔ ہر وہ چیز جس سے مدد لی جائے۔
الرَّفَقُ :مص۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ رَفَقُ البُغْيَةِ" یہ سہل الحصول معاملہ ہے۔ الرَّفَقُ: تھن میں دودھ کی نالیوں میں خرابی۔ نَاقَةٌ (رَفِقَةٌ ورَفْقَاءُ): اُونٹنی جس کے تھن کے اندر دودھ کی نالیوں میں خرابی ہو۔
الرِّفْقَةُ والرُّفْقَةُ والرُّفَقَةُ والمُرْتَفِقَةُ : ساتھیوں کی جماعت۔ ج رِفَاقٌ ورِفَقٌ ورُفَقٌ وأَرْفَاقٌ۔
الرَّافِقَةُ:لطف ومہربانی۔ بہتر سلوک۔
الرِّفَاقُ :اُونٹنی کے بازو باندھنے کی رسی۔ ج

رُفُقٌ۔
الرَّفِيقُ: ساتھی۔ مہربان۔ ج رُفَقَاءُ۔
المِرْفَقُ والمَرْفِقُ: کہنی۔ ہر وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ ج مَرَافِقُ۔
المَرْفِقُ :ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے اور اسی سے ہے "مَرَافِقُ الدَّارِ" یعنی گھر کے منافع جیسے کنواں، باورچی خانہ، پاخانہ وغیرہ۔ و"مَرَافِقُ البِلَادِ" شہر کے منافع جن سے سارے باشندے مستفید ہوں۔
المِرْفَقَةُ : چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسار رکھتے ہیں۔
المِرْفَقُ المُرْتَفَقُ :تکیہ لگانے کی جگہ۔
المُرْتَفِقُ :بھرا ہوا۔ ثابت۔
رَفَلَ :(ن) رَفْلًا ورُفُولًا ورَفَلَانًا: دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا۔ ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔ صفت مذکر(رَفِل)
صفت مؤنث(رَفِلَةٌ)
رَفِلَ :(ن) رَفْلًا ورَفِلَ (س) رَفَلًا: بدنما لباس پہننا۔ بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔ صفت مذکر(أَرْفَل ورَفِل)۔ صفت مؤنث رَفْلَاءُ۔
أَرْفَلَ: دامن گھسیٹنا۔ ناز سے چلنا۔
ثِيَابَهُ : کپڑوں کو لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "أَرْفَلَ رِفْلَهٗ" اس نے دامن لٹکایا۔
رَفَّلَهُ :تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔ مالک بنانا۔ ذلیل کرنا۔ الإِزَارَ: ازار لٹکانا اور ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ :تکبر کی وجہ سے ناز سے چلنا۔
تَرَفَّلَ۔ عَلَيْهِ :رئیس وسردار بننا۔
الرِّفْلُ :دامن۔
الرَّفْلُ :مص۔ مِنَ البِئْرِ :کنوئیں کی تہ کا تھوڑا پانی۔
المِرْفَلُ : لمبے دامن والا۔ لمبی دم والا گھوڑا۔ بہت گوشت والا۔ کشادہ کپڑا۔
عَيْشٌ رِفْلٌ :کشادہ زندگی۔
الرُّفَالُ۔ مِنَ الشَّعْرِ :لمبے بال۔
المِرْفَالُ۔ مِنَ الرِّجَالِ والنِّسَاءِ :دامن

کھینچتے ہوئے ناز سے چلنے والا یا چلنے والی۔
المِرْفَانُ : آہستہ آہستہ قطروں والی بارش۔
رَفَهَ (ل)رَفْهًا ورِفْهًا ورُفُوهًا :خوش حال ہونا۔ صفت(رَافِهٌ ورَفْهَانُ)
رَفَهَتِ الإِبِلُ :حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔ صفت(رَافِهَةٌ) ج رَوَافِهُ۔
رَفُهَ :(ک)رَفَاهَةً ورَفَاهِيَةً ورَفَاغَةً۔ العَيْشُ : زندگی کا خوش گوار و آسودہ ہونا۔ صفت(رَافِهٌ ورَفِيهٌ)
رَفَّهَ وأَرْفَهَ۔ الرَّجُلَ : آسودہ وخوشحال بنانا۔
رَفَّهَ عَنْهُ :مہلت دینا۔ بار غم ہلکا کرنا۔ کشادگی کرنا۔ أَرْفَهَ ورَفَّهَ الرَّاعِي۔ الإِبِلَ :حسب مرضی آنے دینا۔ أَرْفَهَتِ الإِبِلُ : اُونٹ کا پانی کے قریب رہنا۔ أَرْفَهَ القَوْمُ: قوم کے مویشی کا حسب مرضی روزانہ پانی پر آنا۔
رُفِّهَ۔ عَنْهُ :تنگی ورنج دور کیا جانا۔
أَرْفَهَ وتَرَفَّهَ واسْتَرْفَهَ : آرام لینا۔
الرِّفَهَةُ :مص۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔
الرُّفْهَةُ :رحمت ومہربانی۔
هُوَ (رَافِهٌ) بِهٖ :وہ اس پر مہربان ہے۔
الرُّفَهْنِيَةُ :فراخی عیش وارزانی۔
الرُّفَهُ : خشک گھاس اور اسی سے مثل ہے "أَقْصَى مِنَ الفُقَّةِ عَنِ الرُّفَهِ"
رَفَا:(ن)رَفْوًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے پر رفو کرنا۔ درست کرنا۔ صفت(رَافٍ) ج رُفَاةٌ اور صفت مفعولی(مَرْفُوٌّ)..... ہ: ڈر دور کرنا۔ فاقہ دور کرنا۔
رَفَّى تَرْفِيَةً۔ العَرُوسَ :شادی شدہ کو دعا دینا اور "بِالرِّفَاءِ والبَنِيْنَ" کہنا۔
رَافَى رِفَاءً ومُرَافَاةً۔ الرَّجُلَ :موافقت کرنا۔
أَرْفَى۔ إِلَيْهِ :پناہ لینا۔
تَرَافَى۔ القَوْمُ عَلَى الأَمْرِ :باہم موافق ہونا۔
الرِّفَاءُ :اتفاق وموافقت۔
الأَرْفَى : ڈھیلے پن کے ساتھ لمبے کانوں

والا۔ مؤنث رقوآء ج رُقْق۔
الارْقَی: ہرن کا دودھ یا ملائی دودھ۔
رَقَّ :(ض) رِقَّةً : پتلا ہونا......لَـهٗ : رحم کرنا
......وَجْهُـهٗ : شرم کرنا...... الـرَّجُلُ : برے حال والا اور کم مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَقَّتْ عِظَامُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
رَقَّ :(ض) رِقًّـا. الـعَبْـدُ : غلام بنانا یا غلام رہنا۔
رَقَّقَهٗ : پتلا کرنا۔ رَقَّقَ اللَّفْظَ : نرمی سے پڑھنا
......الكَلَامَ: خوبصورتی سے گفتگو کرنا۔
......مِشْيَتَهٗ : آہستہ چلنا...... حَاشِيَةَ الْقَوْمِ : فساد ڈالنا۔
أَرَقَّ الشَّيْءَ : پتلا کرنا...... الوَاعِظُ قَلْبَهٗ : دل کو نرم کرنا...... الرَّجُلُ : کم مال والا ہونا۔
......العِنَبُ : انگور کا پتلے چھلکے اور زیادہ شیرہ والا ہونا۔ العَبْدَ: غلام کا مالک ہونا۔
تَـرَقَّقَ الشَّيْءُ : پتلا ہونا...... لَـهٗ : رحم کھانا۔ ترس کھانا۔
اِسْتَرَقَّ الشَّيْءُ : پتلا ہونا...... العَبْدَ : غلام کا مالک ہونا...... اللَّيْلُ : رات کا اکثر حصہ گزر جانا...... المَاءُ : پایاب ہو جانا۔
الرِّقُّ : مس۔ غلامی۔ پتلی چیز۔ پتلی کھال۔ جس پر لکھا جائے۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ درخت کے پتے یا جانوروں کے لئے آسانی سے حاصل ہونے والی ٹہنیاں۔
الرَّقُّ : لکھنے کے لئے پتلی کھال۔ سفید کاغذ کا تختہ۔ پتلا۔ مگرمچھ کے مشابہ ایک آبی جانور۔ بڑا یا نر کچھوا۔ ج رُقُوق۔
الرِّقُّ والرَّقُّ والرَّقَقُ : نرم و کشادہ زمین۔
الرَّقُّ: سمندر یا وادی کا پتلا پانی۔
الـرَّقَـقُ : کمزوری۔ باریکی۔ کھانے کا پتلا پن۔
الـرِّقَّةُ : زمین جو پانی سے بھر جائے اور پھر خشک ہو جائے۔ ج رِقَاق. الرَّقَّةُ: ایک شہر کا نام۔ الـرَّقَّتَـان: دو شہر ہیں جن کے نام رَقَّة و رافقة ہیں اور یہ باب تغلیب سے ہے۔
الرِّقَّةُ : رحمت۔ مہربانی۔ شرم۔ باریکی۔ رِقَّةُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔ رِقَّةُ الـجَانِبِ: ضعف و کمزوری سے کنایہ ہے۔
الرَّقَاقُ : بیابان۔ ہموار نرم زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الرُّقَاقُ : پتلا۔ پتلی روٹی۔ واحد (الرُّقَاقَة): نرم مٹی والی کشادہ زمین یا وہ زمین جس پر سے پانی خشک ہو چکا ہو۔
الـرَّقِيقُ : پتلا۔ ج أَرِقَّـاء مؤنث رَقِيقَة ج رِقَاق : کہا جاتا ہے "هُـوَ رَقِيـقُ الـمَعَانِي" وہ لطیف معانی والا ہے۔ و "عَيْـشٌ رَقِيـقُ الـحَوَاشِي" یعنی خوش حالی اور آسودگی والی زندگی۔ و "رَجُـلٌ رَقِيقُ الحَالِ" کم مال والا مرد۔ و "لَفْظٌ رَقِيقٌ" : یعنی آسان و خوشگوار لفظ۔ الرَّقِيقُ: غلام۔ (واحد و جمع دونوں کے لئے) کہا جاتا ہے۔ عَبْدٌ رَقِيقٌ وعَبِيدٌ رَقِيقٌ اور کبھی أَرِقَّـاء جمع بولتے ہیں اور باندی کے لئے رَقِيـق اور رَقِيـقَة دونوں کا استعمال ہے۔ رَقِيـــقُ الأَنْفِ : ناک کا نرم حصہ۔
الرَّقِيقَانِ: ناک کے نتھنوں کے کنارے۔
مَرَاقُّ البَطْنِ : پیٹ کا نرم و پتلا حصہ۔
المِرَقُّ : چوڑی پتلی روٹی۔
المِرْقَاقُ : بیلن۔
المُسْتَرَقُّ : چیز کا نرم حصہ۔
رَقَأَ :(ف) رَقْأً ورُقُوءًا. الدَّمْعُ أَوِ الدَّمُ: آنسو یا خون کا خشک ہونا۔ منقطع ہونا۔ رَقَـأَ بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا...... فِي الدَّرَجَة : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْقَأْ عَلَى ظَلْعِكَ" اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ : میں ایک لغت ہے۔ یعنی اپنے اوپر نرمی کرو اور استطاعت سے زیادہ بوجھ مت لادو۔
أَرْقَأَ الدَّمَ أَوِ الدَّمْعَ : خشک کرنا۔
الـرَّقُوءُ :خون بند کرنے والی چیز۔ قوم کے درمیان صلح کرانے والا۔
المَرْقَأَة والمِرْقَاة : سیڑھی۔ زینہ۔
الرَّقَاء : فساد۔
رَقَبَهٗ :(ن) رُقُوبًا ورُقُوبًا ورِقْبَةً ورِقْبَانًا ورِقْبَة ورَقَابَة: نگہبانی کرنا۔ انتظار کرنا ڈرانا...... النُّجُوم : ستاروں کی دیکھ بھال کرنا
......ہ : گلے میں رسی ڈالنا۔
رَاقَبَهٗ : نگہبانی کرنا۔ رَاقَبَ اللّٰهَ فِي أَمْرِهٖ: خوف کرنا۔
أَرْقَبَهُ الدَّارَ: بشرط رُقْبٰی : زندگی بھر کے لئے دینا (دیکھو لفظ رُقْبٰی) أَرْقَبَـهُ الرُّقْبٰی : کسی کے لئے رقبیٰ کرنا (دیکھو لفظ رُقْبٰی)
تَـرَقَّبَـهٗ وارْتَقَبَـهٗ : انتظار کرنا۔ اِرْتَقَبَ المَكَانَ: چڑھنا۔
تَرَاقَبَا : ایک دوسرے کی نگہبانی کرنا۔
الرَّقَبُ : گردن کی موٹائی۔
الـرُّقْبٰی : کسی کو مکان وغیرہ اس شرط پر دینا کہ اگر میں تم سے پہلے مر جاؤں تو یہ مکان تمہارے لئے ہے اور تم مر گئے تو پھر میں واپس لے لوں گا۔
الـرِّقْبَةُ : احتیاط۔ بچاؤ۔ نگہبانی۔ خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ کہا جاتا ہے "وَرِثَ مَالًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ مال آباؤ اجداد سے حاصل نہ کیا ہو۔ ایسے ہی کہا جاتا ہے و "وَرِثَ مَجْدًا عَنْ رِقْبَةٍ" جبکہ آباؤ اجداد صاحب مجد نہ ہوں۔
الـرَّقَبَةُ : گردن یا پس گردن۔ ج رِقَـاب ورَقَبَات ورَقَب وأَرْقُب. الرَّقَبَةُ: مملوک غلام (مجازاً) کہا جاتا ہے "هُـــمْ غِلَاظُ الرِّقَاب" وہ سخت اور سرکش لوگ ہیں۔
الـرُّقْبَة : چیتے کے شکار کے لئے گڑھا جیسے زبیہ شیر کے لئے۔
الأَرْقَـب : مؤنث رَقْبَـاء. و (الـرَّقَبَـان والـرَّقَبَـانِي) : موٹی گردن والا۔ الأَرْقَـب: شیر۔
الـرَّقُوب : میراث کے لئے اپنے شوہر کی موت کا انتظار کرنے والی عورت۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو یا وہ جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ الـرَّقُوبُ مِنَ الشُّيُوخِ والأَرَامِل : وہ لوگ جن کی کوئی کمائی نہ ہو اور نہ وہ کمائی کرنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ أُمُّ الـرَّقُوب : مصیبت۔
الرَّقِيب ج رُقَبَاء: نگہبان۔ محافظ۔ منتظر پس

مانڈکان ۔ چچا زاد بھائی جوئے کے تیروں میں سے تیسرا تیر۔ ایک ستارہ کا نام۔ رَقِیبُ الجَیشِ: دیدبان۔ ج رُقَبٌ ورقیبات: ایک خبیث قسم کا زہریلا سانپ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَقِیبُ نَفسِهٖ" وہ اپنے اعمال کا خود ہی نقاد ہے۔ کسی کو کچھ کہنے کا موقع نہیں دیتا۔ نیز "الرَّقِیبُ" اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرِّقَابَة: مالک کی غیوبت میں مال کی نگرانی کرنے والا خادم۔

المَرقَب والمَرقَبَة: نگرانی کرنے کی اونچی جگہ۔ ج مَرَاقِب۔

المِرقَب: دوربین۔

رَقَحَ. مَالَهٗ: بہتر انتظام کرنا۔

تَرَقَّحَ. لِعِيَالِهٖ: کمائی کرنا۔

اِرتَقَحَ: زیادہ ہونا۔

الــرِّقَـــاحَة: کمائی تجارت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ (رَاقِحَة) اَهلِهٖ" وہ اپنے اہل و عیال کے لئے کمائی کرنے والا ہے۔

الرَّقَاحِي: سوداگر۔

رَقَدَ: (ن) رَقدًا ورُقُودًا ورُقَادًا: سونا صفت (رَاقِد) ج رُقُود ورُقَّد. السُّوقُ: بازار کا مندا پڑنا ...... الحَرُّ: گرمی کم ہونا۔ عَــنِ الاَمـرِ: کام سے غافل ہونا ...... عَــنَ ضَيفِهٖ: مہمان کی خبر گیری نہ کرنا ...... الثَّوبُ: پرانا ہونا۔

اَرقَدَ: سلانا۔ اَرقَدَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَرَاقَدَ: سوتا ہوا ظاہر کرنا ...... القَومُ عَلٰى فُلَانٍ: قوم کا کسی کے خلاف مدد دینا۔

اِرقَدَّ اِرقِدَادًا: جلدی کرنا۔

اِستَرقَدَ: نیند کا غالب ہونا۔

الرَّقدَة: نیند۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتنَا رَقدَةٌ مِنَ الحَرِّ" یعنی ہمارے اوپر دس دن کے برابر گرمی پڑی۔

الرُّقَدَة والمِرقَاد: بہت سونے والا۔

الــرَّقُـــود: ہمیشہ سونے والا۔ کہا جاتا ہے "اِمرَاَةٌ رَقُودُ الضُّحٰى" چاشت تک سونے والی۔ یعنی آسودہ حال عورت۔

الرَّقدَان: بکری کے بچہ وغیرہ کی اُچھل کود۔

الرَّاقُود: بڑا مٹکا۔ ج رَوَاقِید: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ایک قسم کا پیمانہ۔

القَرقِيد: ایک قسم کی چال۔ تَرقِيدُ البَيضِ: بچے نکالنے کے لئے مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔

المَرقَد: خواب گاہ۔ ج مَرَاقِد۔

المُرقِد: خواب آور دوا۔ واضح راستہ۔

رَقرَقَ. المَاءَ: چھڑکنا ...... العَينُ: آنسو بہانا ...... الخَمرَ: پانی ملانا ...... الطِّيبَ فِي الثَّوبِ: خوشبو لگانا۔

تَرَقرَقَ. المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ چمکنا۔ آنا جانا ...... العَينُ: آنسو بہانا ...... الدَّمعُ: آنسو کا آنکھ میں چکر کھانا۔ الشَّــمسُ: آفتاب کا گھومتا ہوا معلوم ہونا۔

الــرَّقرَاق: وہ جو چمکے۔ آئے جائے۔ مِنَ الدَّمعِ: آنسو جو آنکھوں ہی میں پھر رہا ہو۔ ...... مِنَ الــسَّحَـابِ: آنے جانے والا بادل۔

الــرَّقــارِق: سمندر یا وادی کا رقیق پانی۔ باریک کپڑا۔ بہت آبدار تلوار۔

رَقَــزَ: (ن) رَقــزًا: ناچنا ...... الــجِرذُ: اُچھلنا۔

الرَّقَّاز: ناچنے والا۔

رَقَشَهٗ: (ن) رَقشًا: نقش کرنا ...... الكَلَامَ: لکھنا۔ سجانا۔

رَقَّــشَ. الكَلَامَ: لکھنا۔ سجانا۔ گھڑنا ...... الصَّحِيفَةَ: سطریں کرنا ...... الرَّجُلَ: عتاب کرنا ...... الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا۔

تَرَقَّشَ: مزین ہونا۔

اِرتَقَشَ: حسن زینت ظاہر کرنا ...... الجَيشُ: لڑائی میں گتھ جانا۔

الاَرقَــشُ: سفید و سیاہ چتیوں والا۔ مؤنث رَقشَاء۔

الرَّقش والرَّقشَة: ایک قسم کا رنگ جس میں نیلا پن اور سیاہی ہو۔

الرَّقشَاء. مِنَ الحَيَّاتِ: چتی دار سانپ۔ ایک قسم کا کیڑا۔ اُونٹ کے مستی کے وقت کے جھاگ۔

رَقَصَ: (ن) رَقصًا: ناچنا۔ اضطراب کرنا ...... النَّبِيذُ: جوش مارنا ...... فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا ...... رَقَصًا ورَقَصًا ورَقَصَانًا. الجَمَلُ: اُونٹ کا دوڑنا۔

رَقَّصَهٗ وَاَرقَصَهٗ: نچانا۔ کہا جاتا ہے "اَرقَصَ القَومُ فِي سَيرِهِم" جبکہ وہ اپنی چال میں کبھی بلند ہوں اور کبھی پست۔

اِرتَقَصَ. السِّعرُ: بھاؤ گراں ہونا۔

تَــرَقَّصَ. الشَّيءُ: جلدی جلدی پست و بلند ہونا۔

اَلــرَّقَّـــاص: وہ تکلی جو کر لٹکائی جائے اور دھاگے کے ذریعے ناچے۔ ہر جسم جو کہ اپنے محور کے اردگرد اپنے بوجھ کی وجہ سے گھومے۔

الرَّقَّاص: بہت ناچنے والا اور اسی سے ہے رَقَّاصُ السَّاعَةِ: (گھڑی کا پنڈولم)

الــرَّقَّـاصَةُ: رقاص کا مؤنث۔ عربوں کے ایک کھیل کا نام۔ باوجود بارش کے پیداوار نہ اُگانے والی زمین۔

شِعرٌ (مُرَقِّص): وجد میں لانے والا شعر۔

فَلَاةٌ (مُرَقِّصَة): بیابان میں جو چلنے والے کو دوڑنے پر ابھارے۔

رَقَطَ (س) رَقَطًا: سیاہ پر سفید نقطے یا سفید پر سیاہ داغ والا ہونا۔

رَقَّطَ. عَلَى الثَّوبِ: روشنائی وغیرہ چھڑک کر داغ ڈالنا۔

تَرَقَّطَ تَرَقُّطًا وارقَطَّ يَرقَطُّ وارقَاطَّ يَرقَاطُّ اِرقِيطَاطًا: سیاہ یا سفید داغ والا ہونا۔ صفت (اَرقَط): مؤنث رَقطَاء ج رُقط الاَرقَط: چیتا۔

الرُّقطَة: سیاہ پر سفید یا سفید پر سیاہ داغ۔

الرَّقطَاء: فتنہ و فساد۔

اُمُّ الرُّقَيطَاء: تربیاکی پودا۔

رَقَعَ :(ف) رَقْعًا. الثَّوْبَ : کپڑے پر پیوند لگانا......الغَرَضَ بِسَهْمِهِ: نشانہ پر مارنا ......خَلْفَهُ بِالسَّوْطِ :دم پر کوڑے سے مارنا ......فِي السَّيْرِ : تیز چلنا......الرَّجُلَ :ٹھوکر ......الشَّيْءَ :اٹھنے کے لئے ہتھیلیوں کا ٹیک لگانا۔

رَقُعَ :(ک) رَقَاعَةً: بے وقوف و بے حیاء ہونا۔ صفت (رَقِيع و رَقْعَاء و مَرْقَعَان)

رَقَّعَ تَرْقِيعًا. الثَّوْبَ: کپڑے پر پیوند لگانا اور اسی سے ہے "رَقَّعَ دُنْيَاهُ بِآخِرَتِهِ" : اس نے اپنی دنیا کی اصلاح آخرت سے کی۔ "هُوَ صَاحِبُ تَرْقِيعٍ وَتَوْصِيلٍ" : اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنی باتوں میں نمک مرچ لگایا کرتا ہو۔

رَاقَعَ. الخَمْرَ :ہمیشہ شراب پینا۔

تَرَقَّعَ. الثَّوْبُ : کپڑے کا پیوند کے قابل ہونا ......الرَّجُلُ : حماقت کا کام کرنا۔

تَرَقَّعَ. البِلَادَ :شہروں میں ارزانی وفراخی میں کمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا (ارْتَقَعَ) بِهِ وَلَهُ" یعنی اس نے اس کی پرواہ نہیں کی۔

اِسْتَرْقَعَ. الثَّوْبُ : قابل مرمت ہونا۔

الرَّقِيعُ :مص۔ متقدمین کے نزدیک ساتواں آسمان۔

الرَّقْعَة :نشانہ میں تیر کی آواز۔

الرُّقْعَة :تحریر کا پرزہ۔ کپڑے کا پیوند۔ رُقْعَةُ الشَّطْرَنْجِ :شطرنج کا تختہ۔ رُقْعَةُ الغَرَضِ : جس پر نشانہ لگایا جائے۔ "رُقْعَةُ الأَرْضِ" : زمین کا ایک ٹکڑا۔ رُقْعَةُ الشَّيْءِ :چیز کا اصل و جوہر۔ ج رُقَعٌ و رِقَاعٌ :کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الجَمَلِ رُقْعَةٌ مِنَ الجَرَبِ" اس اونٹ میں خارش کی ابتداء ہے۔

الرَّقْعَاءُ. أَرْقَعُ :کا مؤنث۔ بَقَرَةٌ رَقْعَاءُ : مختلف رنگوں والی گائے۔

الرَّقِيعُ :آسمان یا قدماء کی اصطلاح میں پہلا آسمان۔ ج أَرْقِعَة.

جُوعٌ (يَرْقُوعٌ) :سخت بھوک۔

المُرَقَّعُ : کپڑے میں پیوند کی جگہ اور کہا جاتا ہے "مَا تَرَى عِنْدَهُ مُرَقَّعًا" میں اس کے اندر کوئی موقع کمالی یا ابھرکا یا کوئی موقع اصلاح کا نہیں دیکھتا ہوں۔

تَرَقَّلَ :دوڑنا۔ تیز چلنا......المَفَازَةَ: بیابان کو طے کرنا۔ أَرْقَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔

الرَّقْلَة : کھجور کا لمبا درخت۔ ج رِقَال و رَقْل.

السُّرْقُوْلُ : کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ پائی۔

المِرْقَالُ والمُرْقِلُ والمُرْقِلَة. مِنَ الإِبِلِ : تیز رفتار اونٹ۔ ج مَرَاقِيل ومَرَاقِل ومُرْقِلَات.

رَقَمَ :(ن) رَقْمًا ورَقَّمَ :لکھنا......الكِتَابَ : اعراب و نقطے لگانا۔ رَقَمَ الثَّوْبَ: کپڑے کو دھاری دار بنانا......البَعِيرَ : اونٹ پر داغ لگانا......الخُبْزَ: روٹی پر نقش ڈالنا اور "فُلَانٌ يَرْقُمُ عَلَى المَاءِ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو کاموں میں حاذق و ماہر ہو۔

الرَّقْمُ :مص۔ دھاری دار نقش یا دھاری دار چادر کی ایک قسم۔ مہر۔ ج أَرْقَام ورُقُوم۔ الأَرْقَامُ الهِنْدِيَّةُ: ہندسے۔

الرَّقْم الرَّقِيم وبِنْتُ الرَّقِيم :مصیبت کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالرَّقْمِ أو بِالرَّقِيمِ" یعنی وہ بہت مصیبت لایا۔ و "جَاءَ بِالرَّقِيمِ الرَّقْمَاءِ" وہ بہت بڑی مصیبت لایا۔

الرَّقْمَة :باغ وادی کا پہلو۔ وادی میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔ خبازی: کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الأَرْضِ إِلَّا رَقْمَةً مِنْ كَلَإٍ" : میں نے زمین میں صرف تھوڑی سی گھاس پائی۔

الرَّقْمَة :ایک قسم کی نباتات۔

الرَّقِيمُ :کتاب۔ لکھا ہوا۔

الأَرْقَمُ :ایک خبیث قسم کا سانپ۔ چتی دار سانپ۔ ج أَرَاقِم: اس کی مادہ کو رَقْشَاء: نہیں رَقْمَاء: کہتے ہیں۔ الأَرْقَم: قلم۔

الرَّقْم والرُّقْمَة : چتی دار سانپ کا رنگ۔

المِرْقَمُ :قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ داغ لگانے کا آلہ۔ ج مَرَاقِم.

المَرْقُوْمُ :مطبع۔ كِتَابٌ مَرْقُوْمٌ :واضح لکھی ہوئی کتاب۔ فَرَسٌ مَرْقُوْمُ القَوَائِمِ :ٹانگوں میں سیاہ دھاری یا داغوں والا گھوڑا۔ أَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ :تھوڑی گھاس والی زمین۔

رَقَنَتْ :(ن) رَقْنًا. الجَارِيَةُ :لڑکی کا مہندی لگانا۔

رَقَّنَهُ :نقش ونگار کرنا۔ لکھنا۔ رَقَّنَ الكِتَابَ : مزین کرنا۔ سجانا۔ قریب قریب سطریں لکھنا۔

......الخَطَّ : نقطے لگانا ......ورَقَّنَ لِحْيَتَهُ : داڑھی پر خضاب لگانا۔

أَرْقَنَ وتَرَقَّنَ إِرْتَقَنَ واسْتَرْقَنَ :خضاب لگایا ہوا ہونا۔

الرَّقِيْنُ والمَرْقُوْنُ :لکھا ہوا۔

الرِّقَانُ والرَّقُوْنُ والإِرْقَانُ :مہندی یا زعفران۔

الرَّقُونُ :مردار خوار پرندے کا انڈا۔

الرَّقْوُ والرَّقْوَة :گول وبلند ریت کا ٹیلہ۔

رَقِيَ :(س) رُقِيًّا ورُقْيًا. الجَبَلَ وفِيهِ وإِلَيْهِ :پہاڑ پر چڑھنا۔ کہا جاتا ہے "إِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ" یعنی اپنی طاقت کے مطابق چڑھو اور اپنے نفس پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔

رَقَى :(ض) رَقْيًا ورُقِيًّا ورُقْيَةً. هُ وعَلَيْهِ: نفع یا نقصان کے لئے منتر کرنا۔

رَقَّاهُ تَرْقِيَةً :بلند کرنا۔ چڑھانا۔

إِرْتَقَى إِرْتِقَاءً وتَرَقَّى تَرَقِّيًا. الجَبَلَ وفِيهِ وإِلَيْهِ :پہاڑ پر چڑھنا......فِي السُّلَّمِ :سیڑھی کے ڈنڈوں پر چڑھنا......بِهِ الأَمْرُ :انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يَتَرَقَّى بِهِ الأَمْرُ حَتَّى بَلَغَ غَايَتَهُ" فلاں کے لئے معاملہ ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ انتہا کو پہنچ گیا۔ وتَرَقَّى الرَّجُلَ: بغل کی ہڈی پر مارنا۔

تَرَاقَى. بِهِمْ إِلَى الفَسَادِ :معاملہ میں لگاتار فساد کا ہونا۔

اِسْتَرْقَاہ: منتر کرنے کو کہنا......لَہٗ: کسی کے لئے منتر کرنے والے کو طلب کرنا۔

الرُّقْیَۃ: منتر۔افسوں۔تعویذ۔ج رُقًی ورُقْیات ورُقَیات۔

الرَّاقِی: فا۔منتر کرنے والا۔ج رُقَاۃ وراقُوْنَ: مؤنث رَاقِیَۃ ج رَوَاقِی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَاقِیَۃٌ" مثل رَجُلٌ رَاوِیَۃٌ: کے۔ تا مبالغہ کے لئے ہے تانیث کی نہیں۔

الرَّقَّاء: ماہر منتر کرنے والا۔پہاڑوں پر بہت چڑھنے والا۔

المَرْقٰی: چڑھنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "لَقَدْ اِرْتَقَیْتُ مُرْتَقًی صَعْبًا" میں دشوار مقام پر چڑھا۔

التَّرْقُوَۃ: ہنسلی کی ہڈی۔ج تَرَاقِی۔

المَرْقٰی والمِرْقَاۃ والمَرْقَاۃ: سیڑھی کا پایہ۔ج مَرَاقٍ۔

رَکَّ: (ض) رَکًّا ورِکَّۃً ورَکَاکَۃً: ضعیف و کمزور ہونا۔ اسی قول سے ہے "اِقْطَعْہُ مِنْ حَیْثُ رَکَّ" اس کو جہاں سے کمزور ہے کاٹ دو......الرَّجُلُ: کم علم یا کم عقل ہونا۔

رَکَّ: (ن) رَکًّا. الشَّیْءَ: بعض کو بعض پر جمانا۔کہا جاتا ہے "رَکَّ الاَمْرَ فِی عُنُقِہٖ" اس نے کام اپنے ذمہ لازم کیا......الشَّیْءَ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے دبا کر موٹائی معلوم کرنا۔

رُکِّکَ وأَرَکَّ. السَّحَابُ: ہلکی بارش برسانا۔

أَرَکَّ الحَقُّ فُلَانًا: غالب ہونا۔

أُرِکَّتْ ورُکِّکَتِ الأَرْضُ: ہلکی بارش برسنا۔

اِرْتَکَّ: مضطرب ہونا۔بند۔علی الاَمْرِ: شک کرنا۔

اِسْتَرَکَّہٗ: کمزور سمجھنا یا کمزور پانا......

الرَّکُّ والرِّکُّ: ج رِکَاکٌ وأَرْکَاکٌ و(الرَّکَّۃُ والرَّکِیکَۃُ): ہلکی بارش۔أَرْضٌ رِکٌّ: ہلکی بارش والی زمین۔الرِّکُّ: لاغر۔

الرُّکَاکُ والأَرَکُّ: کمزور عقل۔کمزور رائے۔

الرَّکِیکُ: ج رِکَاکٌ ورَکَکَۃٌ: کمزور عقل یا کمزور رائے۔ڈھیلا ڈھالا کم ہمت۔

الرَّکِیکُ مِنَ الکَلَامِ: پس پشی گفتگو۔

رَجُلٌ رَکِیکُ العِلْمِ: کم علم مرد۔ثَوْبٌ رَکِیکُ النَّسْجِ: چھدرا بنا ہوا کپڑا۔

الرُّکَاکَۃ: کمزور عقل۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُکَاکَۃٌ وامْرَأَۃٌ رُکَاکَۃٌ" ج رِکَاکٌ۔

الرُّکُوکَۃ: کمزوری۔

رَکِبَ: (س) رُکُوبًا ومَرْکَبًا. الدَّابَّۃَ وعَلَی الدَّابَّۃِ: چڑھنا۔سوار ہونا......البَحْرَ: دریائی سفر کرنا......الطَّرِیقَ: راستہ پر چلنا۔

......الاَمْرَ: پیچھا کرنا......ھَوَاہُ: مطیع خواہشات ہونا......رَأْسَہٗ: بغیر سوچے سمجھے کسی کام کو کر گزرنا......الذَّنْبَ: ارتکاب کرنا

......الخَطَرَ: اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔

رَکِبَہُ الدَّیْنُ: مقروض ہونا۔

رَکِبَ: (س) رَکَبًا: بڑے زانو والا ہونا۔

رَکَبَہٗ: (ن) رَکْبًا: زانو پر مارنا۔

رُکِبَ: زانو میں درد والا ہونا۔

رَکَّبَ. الشَّیْءَ: ترکیب دینا۔بعض کو بعض پر رکھنا......ہ الفَرَسَ: سوار کرانا۔

أَرْکَبَہٗ: سواری دینا......المُھْرُ: سواری کے قابل ہونا۔

تَرَکَّبَ. ترکیب پانا۔

اِرْتَکَبَہٗ: سوار ہونا......الذَّنْبَ: گناہ کر بیٹھنا

......الاَمْرَ: دلیری سے گھس پڑنا۔

......الدَّیْنَ: قرض زیادہ لینا۔

تَرَاکَبَ. الاَمْرُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَّکْبُ: اونٹ یا گھوڑوں کے سوار۔یہ اسم جمع ہے اور بقول بعض جمع۔ج أَرْکُبٌ ورُکُوبٌ۔

الرِّکْبَۃ "رَکِبَ الدَّابَّۃَ" کا اسم۔سوار ہونے کی ایک قسم۔کہا جاتا ہے "ھُوَ حَسَنُ الرِّکْبَۃِ" وہ اچھی طرح سوار ہونے والا ہے۔

الرُّکْبَۃ: زانو۔گھٹنا۔ج رُکَبٌ ورُکُبَات ورُکَبَات: کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اِصْطَکَّتْ فِیْہِ الرُّکَبُ" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں گھٹنے ایک دوسرے سے رگڑ کھاتے ہیں۔رُکْبَۃُ الدَّجَاجَۃِ ورُکْبَۃُ الرَّامِی: دو ستاروں کے نام۔

الرِّکَاب: زین کا وہ لٹکا ہوا حصہ جس میں سوار اپنا پیر ڈالتا ہے۔ج رُکُب۔

الرِّکَاب: سواری کے لئے اونٹ اس کا واحد رَاحِلَۃٌ: ہے۔ج رُکُب ورِکَابَات ورِکَابَات. رِکَابُ السَّحَابِ: ہوائیں۔

الرَّکُوب: بہت سوار ہونے والا۔

(...... والرَّکُوبَۃ): سواری کا اونٹ۔سواری۔ج رَکَائِب. طَرِیقٌ رَکُوبٌ: چلتا ہوا راستہ۔

الرَّکَّاب: بہت سوار ہونے والا۔مؤنث رَکَّابَۃ۔

المَرْکَبَات: واحد۔مَرْکَبَۃ: مختلف شکلوں کی سامان ولی (راحت) گاڑیاں خواہ گھوڑوں گدھوں کے ذریعے چلیں یا بجلی تیل وغیرہ کے ساتھ۔

الرُّکَّاب: کابوس۔

التَّرَاوِيْح : ترویحہ کی جمع۔ جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے کا اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لئے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔ المَرَاح : روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔
المُرَاح : اُونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ۔
المَرُوْح والمَرِيْح : ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔ يَوْمٌ مَرُوْح : اچھی ہوا والا دن۔
المِرْوَح والمِرْوَحَة : پنکھا۔ ج مَرَاوِح.
المَرْوَحَة : بیابان۔ ج مَرَاوِح.
المُرَوَّح : ملمع۔ دُهْنٌ مُرَوَّح : خوشبودار

تحمل۔

المُسْتَرَاح : پاخانہ۔

رَادَ يَرُوْدُ رَوْدًا ورِيَادًا۔ الشَّئَ : طلب کرنا ...... الاَرْضَ : قیام کے لئے چراگاہ و پانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ...... قَوْمَهٗ مَرْعًی او مَنْزِلًا : قوم کے لئے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔

رَادَ يَرُوْدُ رَوَدَانًا ورِيَادًا : کسی چیز کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔ رَادَتِ الاِبِلُ : اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا ورَوَدَانًا۔ المَرْأَةُ : پڑوسیوں کے ہاں اکثر آنا جانا ...... الرِّيْحُ : ہوا کا نرم چلنا ...... المَاشِيَةُ : مویشیوں کا چرنا۔

رَاوَدَهٗ مُرَاوَدَةً ورِوَادًا : چاہنا۔ رَاوَدَهٗ عَنْ وعَلٰى نَفْسِهٖ : فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا۔ پھسلانا ...... عَلٰى كَذَا : ارادہ کرنا۔

رَوْدَةٌ : طلب وجستجو پر اکسانا۔

اَرَادَ اِرَادَةً : چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا ...... ہ : عَلَى الاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔

اَرْوَدَ اِرْوَادًا ومُرْوَدًا ومُرْوِيدًا ورُوَيْدًا ورُوَيْدَةً۔ فِي السَّيْرِ : آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔

اِرْتَادَ اِرْتِيَادًا۔ الشَّئَ : طلب کرنا۔

اِسْتَرَادَ : فرمانبردار ہونا۔ لِاَمْرِ اللّٰهِ : حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا۔

الدَّابَّةُ : جانور کا چرنا ...... الرَّجُلُ : چل پھر کر روزی طلب کرنا۔

الرَّائِدُ۔ ف رَادَةٌ ورُوَّادٌ ورَائِدُوْنَ : جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ و پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ۔ رَائِدُ العَيْنِ : آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَائِدُ الوِسَادِ" : وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔

الرَّادُ : بمعنی الرائد۔

الرِّيْدُ : طلب۔ تلاش۔

الرَّادَةُ والرَّائِدَةُ والرُّوَادَةُ : پڑوسیوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔

الرَّوْدُ : بمعنی ریح (رَوْدٌ ورَائِدَةٌ) : نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى الرَّوْدِ" یعنی آہستہ چلو۔

الرَّادَارُ : راڈار۔ جنگی جہازوں کی آمد و رفتار اور ان کو روکنے کی معلومات دینے والا آلہ۔

الرَّادِيْكَالِي : ایسے مذہب کی طرف نسبت والا جو کہ مکمل سیاسی اصطلاحات کا مطالبہ کرتے ہیں۔

رُوَيْدٌ۔ تَرْوَدَ : کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَيْدًا" یعنی آہستہ۔ و "رُوَيْدَكَ زَيْدًا" و "رُوَيْدَ زَيْدٍ" : یعنی زید کو مہلت دی۔ "وسَارُوا سَيْرًا رُوَيْدًا" و "سَارُوا رُوَيْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی و آہستگی سے چلے۔

الاَرْوَدُ : کام میں آہستگی کرنے والا اور کہتے ہیں "الدَّهْرُ اَرْوَدُ ذُوْ غِيَرٍ" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ و "الدَّهْرُ اَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" : یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔

المِرْوَدُ : سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَرَاوِدُ۔

المَرَادُ والمُسْتَرَادُ : چراگاہ میں اونٹوں کے آنے جانے کی جگہ۔ مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ : آمد و رفت کی جگہ۔

المَسَاوِيْدُ : جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔

الرَّوَنْدُ والرِّوَنْدُ والرَّاوَنْدُ : ریوند چینی۔ ایک دوا کا نام۔

رَازَ : (ن) رَوْزًا۔ الحَجَرَ : پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ...... الرَّجُلَ : آزمانا ...... الدِّيْنَارَ : دینار کا وزن معلوم کرنے کے لئے تولنا۔

الاَرَاضِيُّ : زمین کے پاس قیام کرنا اور اسے قابل کاشت بنانا ...... مَا عِنْدَهٗ : طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رَائِزٌ) ج رَازَةٌ۔

رَوَّزَ۔ الكَلَامَ اوالرَّاْيَ : کہنے سے آہستہ غور کرنا۔

رَازَهٗ : آزمائش کرنا۔

الرَّازِيُّ : منسوب بہ شہر رے۔

الرُّوَيْزِيُّ : بڑی چادر۔

الرَّازُ : معماروں کا سردار۔ ج رَازَةٌ اور اس کی اصل رَائِزٌ ہے۔ جیسے شَائِكٌ وشَاكٌ کے۔

الرِّيَازَةُ : معماری۔

المِرَازُ والمِرْوَازَةُ : وزن۔ مقدار۔

المَرَازَانِ : دونوں پستان۔

الرُّوْزْنَامَةُ : روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ يَرُوْسُ رَوْسًا : متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا ...... السَّيْلُ الغُثَاءَ : سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لے جانا۔

اِسْتَرَاسَ : کھانا طلب کرنا۔

الرَّوْسُ : مص۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔

رَوَابِسُ۔ الاَوْدِيَةِ : وادیوں کے بلند حصے۔

رَوَابِسُ۔ السَّحَابِ : اگلے بادل۔

رَاشَ يَرُوْشُ رَوْشًا : بہت کھانا۔

...... ہ المَرَضُ : کمزور کرنا۔

الرَّاشُ۔ مِنَ الجِمَالِ اوالرِّمَاحِ : کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رَائِشٌ کا مخفف ہے۔ مؤنث رَاشَةٌ۔

الرَّوَشُ : بکی عقل۔

الاَرْوَشُ : بکی عقل والا۔ مؤنث رَوْشَاءُ۔

رَاصَ : (ن) رَوْصًا : بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

رَاضَ يَرُوْضُ رَوْضًا ورِيَاضَةً ورِيَاضًا۔ المُهْرَ : بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رَائِضٌ) ج رَاضَةٌ ورُوَّاضٌ ورُوَّضٌ ورَائِضُوْنَ اور صفت مفعول (مَرُوْضٌ) : مؤنث مَرُوْضَةٌ۔

رَوَّضَ۔ المُهْرَ : بچھیرے کو خوب سدھانا ...... الرَّجُلُ : باغوں میں رہنا ...... المَطَرُ۔

الاَرْض : بانچ کی مانند بنا دینا۔

رَاوَضَہٗ. عَلَی الاَمْرِ : کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

اَرَاضَ. اِرَاضَۃً : سیراب ہونا۔ القَوْمَ : سیراب کرنا...... المَکَانُ : بکثرت باغات ہونا...... اللّٰہُ الاَرْضَ : مرغزار بنانا۔ باغات بنانا...... الحَوْضُ : حوض کی تہ کا پانی سے ڈھلکنا۔

اَرْوَضَ. المَکَانُ : بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا...... الاَرْضُ مِنَ المَطَرِ : زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ. القَوْمُ فِی الاَمْرِ : کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا...... فِی البَیْعِ وَالشِّرَاءِ : آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ. المُھْرُ : بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القَوَافِیَ الصَّعْبَۃُ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کی مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَۃً. المَکَانُ : جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھلکنا۔ کشادہ ہونا۔ النَّفْسُ : خوش ہونا...... المَکَانُ : بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْض : مص۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَۃ : باغ۔ ج رَوْض ورِیَاض ورَوْضَات ورِیْضَان. رَوْضَاتُ الجَنَّات : باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ الرَّوْضَۃُ : حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فِی الحَوْضِ رَوْضَۃٌ مِنَ المَاءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپا لیا ہے۔

الرِّیْضَۃ. الرَّوْضَۃ : میں ایک لغت۔

الرِّیَاضَۃ : مص۔ جسمانی ورزش۔ بری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاقِ نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ایمانی میں غور و فکر کرنا۔

العِلْمُ الرِّیَاضِی وعِلْمُ الرِّیَاضِیَّات : علم حساب۔ الجبرا و جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّیِّض : وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مؤنث اس میں برابر ہیں۔ "اَمْرٌ رَیِّضٌ" غیر محکم کام۔

الرَّیِّضَۃ : باغ۔

المُرَاض : نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَایِض ومُرَاضَات.

اَرْض (مُسْتَرِیْضَۃ) : عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرِیْضٌ : نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ یَرُوْطُ وَیَرِیْطُ رَوْطًا وَرَیْطًا : بِالمَکَانِ : پناہ ڈھونڈنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ یَرُوْعُ رَوْعًا وَرُوُوْعًا : مِنْہُ : گھبرانا۔ صفت (رَائِع ورَوِع)...... فِی یَدِیْ کَذَا : فائدہ دینا۔ رَاعَہٗ الاَمْرُ : گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ یَرُوْعُ وَیَرِیْعُ رُوَاعًا : لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِیْعَ. فُلَانٌ : گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَہٗ وَرَوَّعَہٗ : گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا. اَرْوَع : ہونا۔ (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

اَرْوَعَ اِرْوَاعًا. الرَّاعِی الغَنَمَ : چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ وَتَرَوَّعَ. مِنْہُ وَلَہٗ : ڈرنا۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ : خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْع : مص۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَۃ : ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْع : دل کا سیاہ نقطہ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِغْ رُوْعَکَ" اپنے دل کو مطمئن رکھو۔

الرَّوَع. اَرْوَع : کا اسم (دیکھئے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَع : حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج رُوْع وَاَرَاوِع. مؤنث رَوْعَاء. قَلْبٌ اَرْوَعُ : جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ. (رُوَاعُ) القَلْبِ : ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِع : فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن وَرُوَّع : مؤنث رَائِعَۃ ج رَوَائِع وَرُوَّع. کَلَامٌ رَائِعٌ : خوشگوار کلام۔

رَائِعَۃُ. الشَّبَابِ : جوانی کی ابتداء میں۔

رَائِعَۃُ النَّهَارِ اَوِ الضُّحٰی : دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّع : خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ : (ن) رَوْغًا وَرَوَغَانًا. الصَّیْدُ : شکار کا اِدھر اُدھر جانا...... الرَّجُلُ عَنِ الطَّرِیْقِ : مکر و فریب کے راستے سے کترا کترا کر چلنا۔ اِلٰی کَذَا : چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ ...... عَلَیْہِ بِالضَّرْبِ : مارنے کے لئے لوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ. اللُّقْمَۃَ فِی الدَّسَمِ : لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَہٗ مُرَاوَغَۃً : کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔

رَاوَغَہٗ عَلَی الاَمْرِ : پھسلانا، ورغلانا۔

رَاوَغَ القَوْمُ : مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَہٗ اِرَاغَۃً وَاِرْتَاغَہٗ اِرْتِیَاغًا : مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اُرِیْغُ حَاجَۃً لِیْ" : میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العُقَابُ الصَّیْدَ" عقاب شکار کا پیچھا کرنے میں ادھر ادھر جاتا رہا۔ اَرَاغَہٗ عَلٰی اَمْرٍ وَعَنْ اَمْرٍ : پھسلا بہلا کر طلب کرنا...... اَرَاغَ الرَّجُلَ : دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ. الحِمَارُ : گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا : ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی کرنا۔

الرَّائِغ : فا۔ طَرِیْقٌ رَائِغٌ : کج راستہ۔

الرُّوَاغ والرَّوَاغَۃ : مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغ : بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ثَعْلَبٌ رَوَّاغٌ" و

هُمْ كَمَنَاكِبِ زَوْقَةٍ" وہ یاوہ لوگ قریب رہنے والی لومڑی کی مانند ہیں۔
الوِيَاع : سرسبزی۔
زَافَ يَزَافُ. زَافَ يَزَافُ : میں ایک لغت ہے۔
الزَّوْفُ : سکون' اطمینان۔
الرَّزَفَة : رحمت۔
رَاقَ يَرُوقُ رَوْقًا. الشَّرَابُ : صاف ہونا ...... عَلَيْهِ: فضیلت وخوبی میں بڑھ جانا۔
رَاقَهُ رَوْقًا ورَوَقَانًا. الشَّيءُ : تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔
رَوِقَ يَرْوَقُ رَوَقًا : اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (أَرْوَقُ) : مؤنث رَوْقَاءُ ج رُوْقٌ.
رَوَّقَ. الشَّرَابُ : صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَهُ : سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا
(رَوَّقَ وأَرْوَقَ (أَرْوَقَ) اللَّيْلُ : تاریکی پھیلانا۔
رَوَّقَ. البَيْتَ : سائبان بنایا جانا۔
رَاوَقَهُ مُرَاوَقَةً : کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مُرَاوِقِي" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔
أَرَاقَ إِرَاقَةً السَّمَاءُ : بہانا ...... دَمَهُ : خون گرانا۔ کنایہ قتل کرنے سے۔
الرَّائِقُ : فا۔ ج رُوَّقٌ ورُوَّقَة.
الرَّوْقُ : سی۔ سینگ ...... مِنَ البَيْتِ : سائبان' برآمدہ ...... مِنَ الشَّبَابِ : جوانی کی رونق وابتداء ...... مِنَ الخَيْلِ : خوبصورت گھوڑا ...... مِنَ اللَّيْلِ : رات کا ایک حصہ۔ مِنَ المَاءِ ونَحْوِهِ : صاف۔ رَوْقُ الفَرَسِ : تیر وجو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں رکھا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو "أَرْوَقُ" کہتے ہیں۔ الرَّوْقُ : خالص محبت۔ چیز کی زیادتی۔ بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "دَاهِيَةٌ ذَاتُ رَوْقٍ" یعنی بڑی مصیبت ... "رَمَى بِأَرْوَاقِهِ عَلَى الدَّابَّةِ" : یعنی وہ سوار ہوا و "أَلْقَى بِأَرْوَاقِهِ عَنِ الدَّابَّةِ" : یعنی وہ دابہ سے اتر گیا۔ و "أَلْقَى أَرْوَاقَهُ" : یعنی وہ چیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ و "ضَرَبَ رَوْقَهُ بِمَنْزِلِ كَذَا" : وہ فلاں منزل پر اترا اور اس نے خیمہ لگایا۔ "وأَلْقَى عَلَيْكَ أَرْوَاقَهُ وجِرَاءَهُ" : اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ و "أَلْقَتِ السَّحَابَةُ أَرْوَاقَهَا" بادل نے اپنا دھانہ کھول دیا۔
الرُّوَاقُ والرِّوَاقُ : برآمدہ۔ سائبان۔ چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج أَرْوِقَة ورِوَاقَات ورُوُق. رِوَاقُ العَيْنِ : ابرو۔ رِوَاقُ اللَّيْلِ : رات کا ابتدائی حصہ۔
الرَّاوُوقُ : چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔
رَيِّقُ. الشَّبَابِ : جوانی کی رونق وابتداء اور کہا جاتا ہے "كُنْتُ فِي رَيِّقِ زَمَانِي" میں اپنے زمانہ کی ابتداء میں تھا۔ و "رَيِّقُ كُلِّ شَيْءٍ" : ہر چیز کا افضل حصہ۔
الرَّوَقُ : اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا (اور یہ عیب ہے)
الرُّوقَة : بہترین حسن وجمال۔
الرُّوقَة : رائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غِلْمَانٌ رُوقَةٌ" خوبصورت لڑکے اور یہی مذکر' مؤنث' واحد اور جمع کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ رُوقَةٌ جَارِيَةٌ رُوقَةٌ وجَوَارٍ رُوقَةٌ".
الأَرْوَقُ : سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا۔
المُرَوَّقُ : صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بَيْتٌ مُرَوَّقٌ : سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔
الرَّوْكَة والرَّوْكَاء : مرغ کی آواز۔
رَوَلَ. الفَرَسُ : گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الخُبْزَ : گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا۔
الرُّوَالُ : گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِيل.
المِرْوَلُ : بہت رال والا۔
رَامَ : (ن) رَوْمًا ومَرَامًا. الشَّيءَ : ارادہ کرنا۔ صفت (رَائِمٌ) ج رُوَّمٌ ورُوَّام.
رَوَّمَ : ٹھہرنا ...... فُلَانًا وبِهِ : خواہش والا ...... رَاوَمَهُ : ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔
تَرَوَّمَ بِهِ : ٹھٹھا کرنا۔
الرَّام : ایک درخت کا نام۔
الرَّامَة : جو بڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال حشو سے ہوتا ہے۔
الرُّومُ والرُّوم : کان کی لو۔
الرُّومُ والأَرْوَام : بحر متوسط کے ساحل کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُومِيٌّ) : نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بَحْرُ الرُّومِ : بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔
رُومَة ورُومِيَة : قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دارالسلطنت ہے۔ نسبت کے لئے رُومَانِيٌّ.
الرُّومِيّ : خالی کشتی کا بادبان۔
الرُّومَة : سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔
الرُّومَنْطِيقِيَّة أَوِ الرُّومَانِتِيكِيَّة : ادبی نظریہ جس میں شعور اور خیال عقل پر غالب ہوتا ہے اور انفرادی تسلط ہوتا ہے۔
المَرَام : مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات.
رَانَ يَرُونُ رَوْنًا. الأَمْرُ : سخت ہونا۔ رَانَتِ اللَّيْلَةُ : سخت خوفناک ہونا۔
الرَّوْن : سختی۔ ج رُوُون.
رُونَةُ الشَّيءِ : چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ اللّٰهُ عَنْكَ رُونَةَ هٰذَا الأَمْرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔
الأَرْوَنَان : سخت۔ دشوار (الأَرْوَنَانُ والأَرْوَنَانِيُّ) : ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی' گرمی' خوشی' غمی' شور وغیرہ کی) مؤنث أَرْوَنَانَة وأَرْوَنَانِيَّة.
مَرُونٌ بِهِ : مغلوب۔
الرَّوْنَدُ والرَّاوَنْد والرِّوَانْد : ایک پودا جس

کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔ طبی فائدہ معدہ کو طاقت اور اخراج مادہ ہے۔

رَاهَ: (ن) رَوْهًا وَرَوَهَانًا. الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَى: (ض) رِوَايَةً. الْحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت رَاوٍ۔ ج رُوَاةٌ وَرَاوُونَ۔۔۔۔ الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔۔۔۔ الرَّحْلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا۔۔۔۔ الْقَوْمَ: قوم کے لئے پانی لانا۔

رَوِيَ: (س) رِيًّا وَرَيًّا وَرِوًى. مِنَ الْمَاءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَيَّانُ): مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاءٌ۔۔۔۔ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّى تَرْوِيَةً: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔۔۔۔ الشِّعْرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا۔۔۔۔ النَّبَاتَ: نباتات کو پانی دینا۔

رَوَّى فِي الْأَمْرِ: غور و فکر کرنا۔

تَرَوَّى تَرَوِّيًا: سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا۔۔۔۔ الْحَدِيثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔۔۔۔ الْقَوْمُ: سفر میں پانی ساتھ لے جانا۔ تَــــرَوَّتْ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَى اِرْتِوَاءً مِنَ الْمَاءِ: سیراب ہونا۔ الْحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ مَفَاصِلُهُ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّيُّ: سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوش حالی و زیادتی نعمت۔

الرَّوِيُّ: سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوْ: سرسبزی (اس کی اصل رَوْيٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے۔)

الرَّيَّا: عمدہ خوشبو۔ عَيْنٌ (رَيَّةٌ): بہت پانی والا چشمہ اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ رِيَّتُكُمْ" کہاں سے تم پانی لاتے ہو۔

الــرِّيَةُ. رَوِيَ: کا اسم نوع۔ جھینگا۔ رِيَةُ الْبَحْرِ: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الــرِّوَى. مِنَ الشُّرْبِ: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رِوًى" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ فَــــــاءٌ رِوًى اور

سیراب کرنے والا پانی اور ایسا ہی کہا جاتا ہے "كَأْسٌ رَوِيَّةٌ" الرَّوِيُّ: بخ دبارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ ۔ انے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِيَّةُ. الرَّوِيُّ: کا مؤنث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّيَّانُ: سیراب۔ سرسبز گھنی وغیرہ۔ مؤنث رَيَّا۔ ج رِوَاءٌ۔ وَجْهٌ رَيَّانُ: پُر گوشت چہرہ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَيَّانُ مِنَ الْعِلْمِ وَهُمْ رِوَاءٌ مِنْهُ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاءُ. ج أَرْوِيَةٌ (الْمِرْوَى) ج مَرَاوٍ وَمَرَاوِيُّ: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسی۔

الرَّوَاءُ: خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا۔ بہت پانی۔

الــرُّوَاءُ: خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَهُ رُوَاءٌ" مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الــرَّاوِيَةُ: حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لئے ہے۔ ج رَوَايَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال۔

الْأُرْوِيَّةُ وَالْإِرْوِيَّةُ: پہاڑی بکری۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ ج أَرَاوِيُّ وَ أَرَاوٍ أَرْوًى.

يَــوْمُ (التَّــرْوِيَةِ): ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لئے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملے میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَهُ يَرِيبُهُ رَيْبًا: شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيبُهُ أَحَدٌ بِشَيْءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

أَرَابَهُ إِرَابَةً: شک میں ڈالنا۔ قابل شک ہونا۔ بے قرار کرنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ أَوِ الْأَمْرُ: قابل شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَدْ أَرَابَهُ مِنْهُ أَمْرٌ" یعنی

اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَيَّبَ تَرَيُّبًا. مِنْهُ: خوف کرنا، ڈرنا۔۔۔۔ بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَــابَ اِرْتِيَــابًا. مِنَ الشَّيْءِ: شک کرنا۔ بِفُلَانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَةً: شک میں پڑنا۔۔۔۔ بِهِ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّيْبُ: تہمت۔ شک۔ حاجت۔

رَيْبُ الْمَنُونِ: گردش زمانہ۔

الرِّيبَةُ: شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِيَبٌ۔

أَمْرٌ (رَيَّابٌ): ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ يَرِيثُ رَيْثًا وَتَرَيَّثَ: تاخیر کرنا، دیر کرنا۔

رَيَّثَ: تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَيَّثَ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی۔۔۔۔ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔

أَرَاثَهُ إِرَاثَةً: دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَهُ اِسْتِرَاثَةً: دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّيْثُ: مقدار۔ مہلت۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَ (رَيْثَمَا) صَلَّيْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ و "مَا قَعَدْتُ عِنْدَهُ إِلَّا رَيْثَ أَعْقِدُ شِسْعِي" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بجز مَا کے اور فعل مضارع بغیر اَن کے مستعمل ہے جیسے کریث يفعل بجائے كَيُوشِكُ أَنْ يَفْعَلَ کے ہے۔

الــرَّيِّثُ: سست۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ (مُرَيَّثُ) الْعَيْنَيْنِ: کمزور نظر والا۔

رَاخَ يَرِيخُ رَيْخًا وَرَيَخَانًا وَرُيُوخًا: ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

رَيَّخَهُ: کمزور کرنا۔

الْمِرْيَخُ: سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج أَمْرِخَةٌ۔

الرَّيْدُ: پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ۔ ج رُيُودٌ

رَبُغَ (رَبَاغَةً ورَبَاغَةً رَبَغَانَةً): نرم ہوا۔
رَبَغَ القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
رَبُسَ القَوْمُ: موٹا یا غالب ہونا۔ رَبُسَتِ
البلادُ: ارزانی وفراخ سالی والے ہونا۔ رَبَّسَ
القَوْمُ: ارزانی وفراخ سالی میں پہنچنا۔
الرَّيُو: رال جو بچہ کے منہ سے نکلے۔ والرَّيُو
والرِّيُو والرَّآن: بڑی کا مغز جو لاغری کی وجہ
سے پگھل چکا ہو۔
الرَّائِرَةُ: لاغری کی بڑی کا مغز۔
رَاشَ يَرِيشُ رَيْشًا ورَيَشَانًا: متکبرانہ چال
چلنا...... الشَّيْءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا
...... القَوْمَ: برتر ہونا' غالب ہونا۔
الرَّئِيسُ: سردار قوم۔
رَاشَ يَرِيشُ رَيْشًا: مال ومتاع جمع کرنا......
ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ...... ہ
مَالًا: دینا...... مِنْ حَالِهِ: درست کرنا۔ کہا
جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَرِيشُ وَلَا يَبْرِي" فلاں
نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ و "لَا تَرِشْ
عَلَيَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔
(...... وأَرَاشَ ورَيَّشَ "السَّهْمَ"): پر لگانا۔
رَيَّشَ السَّقَمُ فُلَانًا: کمزور کرنا۔
إِرْتَاشَ. السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا
(...... وتَرَيَّشَ): خوش حال ہونا۔
الرِّيشُ: پرندوں کے پر۔ پرندوں کے لئے
زینت اور حفاظت کا ذریعہ ہیں۔ ان کی
(پروں کی) پانچ اقسام ہیں۔ (۱) القَوَادِمُ
(۲) المَنَاكِبُ (۳) الخَوَافِي (۴) الأَبَاهِرُ
(۵) الكُلَى۔
الرِّيشُ: پرندے کے پر۔ واحد (رِيشَةٌ) ج
رِيَاشٌ وأَرْيَاشٌ. الرِّيشُ: لباس فاخرہ۔
متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔
الرَّاشُ: پرندے کے پر۔ ج أَرْيَاشٌ.
جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ:
نادار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَيْرٌ
رَاشٌ: پرندہ جس کے پر نکل آئے ہوں۔
مؤنث رَاشَةٌ كَلَأٌ (رَيِّشٌ ورَيِشٌ): بہت
پتوں والی گھاس۔

الرَّيَشُ: کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرَّيْشَاءُ. مِنَ النُّوقِ: کانوں پر بکثرت بال
والی اونٹنی۔
الرِّيَاشُ: عمدہ لباس وسامان۔ سرسبزی۔
معاش۔ مال۔
الرَّيَّاشُ: تیروں پر پر لگانے والا۔
الرَّائِشُ: رشوت لینے والے اور رشوت
دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔
الأَرْيَشُ: کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔
مؤنث رَيْشَاءُ ج رِيشٌ ورَجُلٌ أَرْيَشُ:
مال ولباس والا مرد۔
المَرِيشُ والمُرَيَّشُ. مِنَ السِّهَامِ: پر لگایا
ہوا تیر۔ والبُرْدُ المُرَيَّشُ: پروں کے نقش
والی چادر۔ المُرَيَّشُ: بہت بالوں والا' کم
گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔
المُرَيَّشُ مِنَ الرِّجَالِ: سر میں شاہی اعزاز
کا پر لگانے والا۔
الرَّيْطَةُ: ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر
کی مانند ہو۔ کفن۔ ج رَيْطٌ ورِيَاطٌ.
الرَّائِطَةُ: ایک پاٹ کی چادر۔
رَاعَ يَرِيعُ رَيْعًا ورُيُوعًا ورِيَاعًا ورَيَعَانًا.
الشَّيْءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا...... الزَّرْعُ:
کھیتی کا بڑھنا...... (رَيْعًا) السَّرَابُ: سراب
کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا...... مِنْهُ: ڈرنا
...... عَنْهُ وإِلَيْهِ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے
"ضَرَبَتِ الإِبِلُ فَصَاحَ بِهَا الرَّاعِي
فَرَاعَتْ إِلَيْهِ" اونٹ بھاگ پڑے اور
چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس
واپس آ گئے۔ و "فُلَانٌ لَا يَرِيعُ
لِكَلَامِكَ": فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
رَيَّعَ. القَوْمُ: جمع ہونا...... الطَّعَامُ: بڑھنا اور
زیادہ ہونا ...... الطَّعَامَ: بڑھانا اور زیادہ
کرنا۔
أَرَاعَ إِرَاعَةً. الزَّرْعُ: کھیتی کا بڑھنا...... اللّٰهُ
الزَّرْعَ: کھیتی کو بڑھانا...... القَوْمُ: بڑھی ہوئی
کھیتی والے ہونا...... الإِبِلُ: اونٹوں کا بہت
بچوں والے ہونا۔

تَرَيَّعَ: ٹھہرنا۔ بے قرار ہونا۔ حیران ہونا ...
السَّقَاءُ: بہنا۔ السَّرَابُ: سراب کا کبھی ظاہر
ہونا کبھی ناپید ہونا...... القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
...... يَدَاهُ بِالجُودِ: فیاضی کرنا۔
إِسْتَرَاعَ إِسْتِرَاعَةً: حیران ہونا...... يَدَاهُ
بِالجُودِ: فیاضی کرنا۔
الرَّيْعُ: مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔
خوف...... مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و
افضل۔ مِنَ الضُّحَى: چاشت کے وقت کی
روشنی و چمک ...... مِنَ الدِّرْعِ: دامن و
آستین کی زیادتی۔ الرَّيْعُ: ہر چیز کی زیادتی
اور کہا جاتا ہے "لَيْسَ لَهُ رَيْعٌ: اس کے لئے
پیداوار نہیں۔
الرِّيعُ: بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ
راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ۔
عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج
رِيَاعٌ ورُيُوعٌ وأَرْيَاعٌ.
الرِّيعَةُ: بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّيْعَانُ. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اول و
افضل۔ أَرْضٌ (مَرِيعَةٌ): سرسبزی والی زمین۔
مَطَرٌ (مُرِيعٌ): سرسبزی لانے والی بارش۔
نَاقَةٌ (رَيْعَانَةٌ ومِرْيَاعٌ): جلدی اور بہت
دودھ والی اونٹنی۔
رَاغَ يَرِيغُ رَيْغًا: بھاگنا۔
رَيِغَ تَرْيِيغًا. التَّرْيِيغَةُ: گھی میں تر ہونا۔
تَرَيَّغَتْ. التَّرْيِيغَةُ: گھی میں تر کرنا۔
الرَّيْغُ: گرد وغبار۔ مٹی۔
المُرَيَّغُ: خاک آلود۔
رَافَ يَرِيفُ رَيْفًا وأَرْيَفَ إِرْيَافًا وتَرَيَّفَ:
سبزہ زار زمین میں آنا۔ وأَرَافَتِ الغَاشِيَةُ: سبزہ
چرنا۔
رَاَيَفَ مُرَايَفَةً. لِلظِّنَّةِ: تہمت کے قریب
ہونا۔
أَرَافَ إِرَافَةً وأَرْيَفَ إِرْيَافًا. المَكَانُ: سبزہ
زار ہونا۔
الرَّائِفُ: شراب۔
الرِّيفُ: سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی

زمین۔ ج اَرْیَاف وَرُیُوف. الرِّیْف: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّف): سرسبز جگہ۔ مؤنث رَیِّفَة.

رَاق یَرِیْقُ رَیْقًا. اَلْمَاءُ عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ: سطح زمین پر پانی کا بہنا..... اَلشَّیْءُ: چمکنا۔ ..... اَلسَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

(..... رَیْقًا وَرُیُوْقًا) بِنَفْسِهٖ: جان دینا۔

رَیَّقَهٗ. اَلشَّرَابَ: نہار منہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَةً. اَلْمَاءَ: گرانا۔

تَرَیَّقَ. اَلسَّرَابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

الرَّیْق: مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَیْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی ..... والرَّیِّقُ (والرَّیُّوْق) مِنْ كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اول و افضل۔

الرِّیْق: ج اَرْیَاق وَرِیَاق و(الرِّیْقَة): تھوک۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ عَلَی الرِّیْقِ" میں نہار منہ ہوں و "شَرِبْتُ عَلَی الرِّیْقِ وَعَلٰی رِیْقِ النَّفْسِ اَوْرِیْقَةِ النَّفْسِ" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّیْق: قوت۔ بقیہ جان۔

الرَّائِق: فا۔ خالص۔ نہار منہ والا مفلس۔

خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔ اَلْمَاءُ الرَّائِق: وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔

الرَّیِّق: نہار منہ والا۔

رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا. اَلصَّبِیُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِّیَال: رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس کے معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)۔

رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا. حَمْلُ الْبَعِیْرِ: بوجھ کا جھک پڑنا ..... اَلْمَكَانَ وَمِنْهُ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا ..... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ..... عَنْهُ۔ ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے: "مَا رَامَ یَفْعَلُ كَذَا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے: "اِذَا رُمْتَ مِمَّنْ لَا یَرِیْمُ مُتَیَّمًا" یعنی لَا یَزَالُ مُتَیَّمًا.

(..... رَیْمًا وَرَیَمَانًا) الْجُرْحُ: زخم کا انگور باندھنا۔

رَیَّمَ. بِهٖ: چھوڑ دیا جانا۔

رَیَّمَ تَرْیِیْمًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ..... عَلٰی كَذَا: بڑھنا ..... اَلسَّحَابَةُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّیْم: مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو "لِهٰذَا الْعِدْلِ رَیْمٌ عَلَی الْاٰخَرِ" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی چھپنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دے دی جائے۔ (..... والرِّیْم): خالص سفید اونٹنی۔

رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا وَرُیُوْنًا. اَلشَّیْءُ فُلَانًا وَعَلَیْهِ وَبِهٖ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "رَانَ هَوَاهُ عَلٰی قَلْبِهٖ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آ گئیں۔ رَانَتْ نَفْسُهٗ: جی متلانا۔ رَانَ الْمَوْتُ عَلَیْهِ وَبِهٖ: موت کا آ جانا۔

رِیْنَ. بِهٖ: لاینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَةً. الْقَوْمُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْن)

الرَّان: موزہ کی طرح جوتا۔

الرَّیْن: میل کچیل۔

الرَّیْنَة: شراب۔ ج رَیْنَات.

رَجُلٌ (مُرِیْن) عَلَیْهِ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک ہو گئے ہوں۔

رَاةَ یَرِیْهُ رَیْهًا. الرَّجُلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔

رَیَّهَ تَرْیِیْهًا: آمد و رفت کرانا۔

تَرَیَّهَ. السَّرَابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْیٰی اِرْیَاءً. الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَیَّی. الرَّایَةَ: جھنڈا بنانا۔

الرَّایَة: علامت جو پہچان کے لئے لگائی جائے۔ جھنڈا اور اس کی کنیت "اُمُّ الْحَرْبِ" ہے اور یہ لوا سے بڑا ہوتا ہے۔ ج رَایَات ورَایٌ۔

الرَّیّ: مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے (الرازی)۔

المَرِیّ: خوش منظر۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ رِیٌّ حَسَنٌ": فلاں خوش منظر ہے۔ عَیْنٌ (رَیَّة): بہت پانی والا چشمہ۔

زَ : الزای: بنیادی حروف میں سے گیارہواں حرف ہے اور حروف اسلیہ (زبان کی نوک سے نکلنے والے) میں سے ہے۔
زَأَبَ :(ف) زَأْبًا: ڈگمگا کے چلنا...... المَغْرَ بِهِ : زمانہ کا اٹھنا...... الخاطِيئةَ: سوکھی ہانکنا۔ بِحَمْلِهِ : بوجھ کھینچنا (...... و إزْدَأَبَ إزْدِئَابُ القِرْبَةَ) : مشک اٹھا کر تیز دوڑنا۔
زَئِبَرَ. الثَّوبُ : کپڑے کا روواں والا ہونا۔
...... الثَّوبَ : کپڑے سے رواں نکالنا۔
الزِئْبَر والزُّوْبَر والزُّوْبَر : کپڑے کا رواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الأيَّامُ بِنَضَارَتِهِ وَنَفَضَتْ زِئْبَرَهُ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے روئیں کو جھاڑ دیا۔ یعنی اس کا زمانہ پرانا ہو گیا۔
زَأبَقَ. الشَّئَ : پارہ کی قلعی کرنا۔
الزِئْبَق والزِّئْبِق : پارہ۔
زَأَجَ :(ف) زَأجًا. بَيْنَهُمْ : بھڑکانا۔ اُکسانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔
زَأَدَهُ : (ف) زَأْدًا وزَأَدًا وزُؤُودًا وزُؤُودًا: گھبرا دینا۔
الزُّؤْدُو الزُّوْد : گھبراہٹ۔
لَيْلَةٌ (مَزْؤُوْدَةٌ) : خوف و گھبراہٹ کی رات۔
زَأرَ : (ف ض) وزَئِرَ : (س) زَئِيْرًا وزَأْرًا وتَزْآرًا وزَأَرَ إزْآرًا وتَزْآرَ. الأسَدُ : شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِر وزَائِر ومُزْئِر)
الفَحلُ : آواز کو گڑ گڑانا۔
الزَّأرَةُ. زَأَرَ : کا اسم مرۃ۔ جنگل جھاڑی۔ بَاءَ ۔ مِنَ الإبِلِ والغَنَمِ : اونٹوں اور بکریوں کا گنجان ریوڑ۔
زَأْزَأَ : سر اور دم اٹھا کر تیز چلنا ...... ہ : خوف دلانا ...... الشَّئَ : ہلانا، حرکت دینا۔
تَزَأْزَأَ : ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا ۔ مِنْهُ: ڈر کر خاکساری کرنا...... الشَّئُ: ہلنا۔
زَأَطَ :(ف) زَأْطًا: بہت شور مچانا۔
زَأَفَهُ :(ف) زَأْفًا : جلدی کرانا۔
أزْأَفَ إزْآفًا. عَلَيْهِ : ادھ مری کو مار ڈالنا۔
أزْأَفَهُ بِطْنَهُ: بوجھل کرنا کر چل نہ سکے۔
الـزُّؤَاف : جلدی کرانا۔ مَوْتٌ زُؤَافٌ : جلدی کی موت۔
زَأَكَ :(ف) زَأكَانًا: ناز سے چلنا۔
تَزَأَّكَ تَزَؤُّكًا. مِنْهُ : شرم کرنا۔
زَأَمَ :(ف) زَأْمًا وزُؤَامًا : جلدی مرنا۔ خوب ڈٹ کے کھانا ...... ہ : گھبرا دینا۔
...... ہ البَرْدُ : کپکپا دینا ...... لِيْ كَلِمَةً : ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل معلوم نہ ہو اور کہا جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔
زَئِمَ زَأْمًا وزَئِمَ :(س) زَأْمًا وإزْدَأَمَ : بہت گھبرانا ۔ زَئِمَ بِفُلانٍ: چلانا۔ آواز دینا۔
زَأّمَهُ تَزْئِيْمًا : گھبراہٹ میں ڈالنا۔
أزْأمَهُ. عَلَى الأمْرِ : کسی کام پر مجبور کرنا۔
الجُرْحَ : زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا۔
المَوْتُ (الزُّؤَام) : مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔
الـزَّئِم : آگھو۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوا فِي زَئِمَتِهِ" لوگوں نے اس کی حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔
الزَّئِم : بہت خوفزدہ۔
الزَّأمَةُ : حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْصِيهِ زَأمَةً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔
الزَّأْمَةُ مِنَ الطَّعَامِ : کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو۔
الـزُّؤَان : ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد (زُؤَانَة)
زَأَى : (ف) زَأْيًا: تکبر کرنا۔
أزْأَى. فُلانًا بِطْنُهُ : پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔
زَبَّ : (ض) زَبًّا: چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا ...... الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
زَبَّ :(ن) زَبًّا. القِرْبَةَ : مشک بھرنا ...... الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔
زَبَّبَتْ. الشَّمْسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ...... العِنَبَ: انگور خشک کرنا۔
الـرَّجُلُ : زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فُلانٌ حَتَّى زَبَّبَ فَمُهُ" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آنے لگا۔
أزْبَّ. إزْبَابًا العِنَبُ : انگور خشک کرنا

السَّمْسُ : ڈوبنے کے قریب ہونا۔
تَزَبَّبَ. العِنَبُ : انگور خشک ہونا۔
الرَّجُلُ : غصہ سے بھر جانا..... فِيْ الكَلَامِ : زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا۔
اِزْدَبَّتْ. اِزْدِبَابًا القِرْبَةُ : مشک کا بھر جانا۔
الزَّبَبُ : مص۔ بالوں کی زیادتی ولمبائی۔
الزَّبَابَةُ : ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَةٍ"۔
الزَّبِيبُ: خشک انگور یا انجیر بیچنے والے کو "زَبَّابٌ" کہتے ہیں۔ سانپ کے منہ کا زہر۔
الزَّبِيبَةُ : زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ منہ کے جھاگ۔
الزَّبِيبَتَانِ : سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذَاتُ الزَّبِيبَتَيْنِ" کہتے ہیں۔
الاَزَبُّ : چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مؤنث زَبَّاءُ. عَامٌ اَزَبُّ : سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثال عرب میں ہے "كُلُّ اَزَبَّ نَفُوْرٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔
دَاهِيَةٌ زَبَّاءُ : بڑی مصیبت۔
الزَّبِيبِيُّ : کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔
المُزِبُّ والمُزَبِّبُ : فا۔ بہت مال والا۔
الزَّبْغَلُ : پستہ قد۔
زَبَدَ : (ن) زَبْدًا : مکھن کھلانا..... السِّقَاءَ : مشک میں مکھن نکلنے کے لئے بلونا۔
زَبَدَ : (ض) زَبْدًا. السَّوِيْقَ : ستو میں مکھن ملانا..... لَهُ : مکھن دینا۔
زَبَّدَ. اللَّبَنُ : دودھ کے اوپر مکھن آنا۔
شِدْقُهُ : جبڑے سے جھاگ نکلنا..... القُطْنُ : روئی دھننا۔
اَزْبَدَ. البَحْرُ او القِدْرُ او الفَمُ : سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "اَزْبَدَ الرَّجُلُ وَاَزْبَدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آ گیا اور اس نے دھمکی دی۔
الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا..... السِّدْرُ وَنَحْوُهُ : شگوفہ نکلنا۔
تَزَبَّدَ. الشِّدْقُ : جبڑے سے جھاگ نکلنا۔
الرَّجُلُ : غضبناک ہونا اور دھمکی دینا۔ الزُّبْدَةَ : مکھن لینا..... الشَّيْءَ : خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نکلنا..... اليَمِيْنَ : قسم کھانے میں جلدی کرنا۔
الزُّبْدَةُ والزُّبْدُ : مکھن۔ ج زُبَدٌ وزُبْدَةُ الشَّيْءِ : چیز کا عمدہ و افضل حصہ اور اِخْتَلَطَ زُبْدُهُ بِخَاثِرِهِ : ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔
الزَّبْدُ : داد و دہش۔
الزَّبَدُ : ج۔ اَزْبَادٌ و (الزَّبَدَةُ) ج زَبَدٌ : جھاگ۔ میل اور اسی سے مثل ہے "صَرَّحَ المَحْضُ عَنِ الزَّبَدِ" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنون کے بعد سچی بات معلوم ہو۔
الزَّبَادُ : ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کی جاتی ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزَّبَادُ و سِنَّوْرُ الزَّبَادِ : اور قِطُّ الزَّبَادِ : کہا جاتا ہے۔
الزُّبَادُ : ایک قسم کی نباتات۔ زُبَادُ اللَّبَنِ : غیر مفید چیز اور اسی سے مثل ہے "اِخْتَلَطَ الخَاثِرُ بِالزُّبَادِ" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔
الزِّبْدِيَّةُ : مٹی کا پیالہ۔ ج زَبَادِيُّ۔
المِزْبَدُ : مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مَزَابِدُ۔
المُزْبِدُ : فا۔ جھاگ پھینکنے والا۔ بَحْرٌ مُزْبِدٌ : جھاگ پھینکنے والا سمندر۔
المُزْدَبِدُ : مکھن والا۔
زَبَرَهُ : (ن ض) زَبْرًا. عَنِ الاَمْرِ : کام سے منع کرنا۔ روکنا..... السَّائِلَ : جھڑکنا..... الرَّجُلَ : پتھر مارنا..... البِئْرَ : عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا..... غَلَبَهُ : مجبور کرنا..... وزُبُرًا وَاِزْدَبَرَ الكِتَابَ : لکھنا۔
زَبُرَ : (ک) زَبَارَةً : بڑے جسم کا ہونا۔ صفت (زَبِيْرٌ)
اَزْبَرَ. الرَّجُلُ : دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔
الكَبْشُ : موٹا کرنا۔
اِزْبَأَرَّ واِزْبَغَرَّ اِزْبِئْرَارًا : کتے کے بال کھڑے کرنا..... الشَّعْرُ : بال کھڑے ہونا۔ الرَّجُلُ : آمادۂ شرارت ہونا..... النَّبَاتُ والوَبَرُ : نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اگنا۔
الزَّبْرُ : مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط۔ پتھر۔ تحریر۔ کلام۔
الزِّبْرُ : کتاب۔ ج زُبُوْرٌ : عقل۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ زِبْرٌ" اس کو عقل نہیں۔
اَخَذَهُ (بِزَبْرِهِ او بِزَابِرِهِ) : یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔
الزَّبِرُ : بہت قوی۔
الزُّبْرَةُ : لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ ایال (شیر وغیرہ کی) ناف۔ ج زُبَرٌ وزُبْرٌ۔
الزَّبُوْرُ : فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُرٌ۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی کتاب۔
الزَّبِيْرُ : لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ پتھر۔
الاَزْبَرُ : بڑے کندھوں والا۔ ایذا رساں۔ مؤنث زَبْرَاءُ. ج زُبْرٌ۔
التَّزْبِرَةُ. زَبَرَ : کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔
المِزْبَرُ : قلم۔
المُزْبَرُ : بڑے کندھے والا۔
اَرْضٌ (مَزْبَرَةٌ) : بہت بجڑوں والی زمین۔
اَسَدٌ (مُزْبَرَانِيٌّ) : بہت ایال والا شیر۔
بِئْرٌ (مَزْبُوْرَةٌ) : پتھروں سے منہ بنایا ہوا کنواں۔
زَبْرَجَ. الشَّيْءَ : خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔
الزِّبْرِجُ : نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِجُ۔
الزَّبَرْجَدُ : زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِجُ۔

زَبَطَ :(ض) زَبْطاً وزَبِيْطاً. البَطُّ: کڑکڑانا۔

الزَّبَاطَة والزُّبَاطَة. بط.

تَـزَبَّعَ :بد خلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَّبِعُ: غصہ ور جھگڑالو۔

الزَّوْبَعُ: حقیر۔ پست قد۔

الـــزَّوْبَـــعَة: بگولا۔ اس کوامُّ زَوْبَـــعَة اور ابـوزَوْبَعَة :بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوَابِع۔

الزَّوابِع: مصیبتیں۔

زَبَعْر۔ الزِّبَعْرى: بد خلق۔ سخت۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ مگر مچھ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھا لیتا ہے۔

الزِّبَعْرى: لمبے پروالا تیر۔

زَبَقَ :(ض) زَبْـقـاً. شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا ......ہ فِی السِّجْنِ :قید کرنا۔ جکڑ ڈالنا......ہ فِی الشَّیْ :داخل کرنا...... الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: خلط ملط کرنا۔ ملانا...... القُـفْـلَ: تالا کھولنا......

المَرْأةُ بِوَلَدِهَا: پھینک دینا۔

اِنْزَبَقَ. فِی البَیْتِ: گھر میں داخل ہونا۔

......فِی الحِبَالَة: جال میں پھنسنا۔ چھپنا۔

الزَّابُوقَة. مِنَ البَیْتِ :مکان کا گوشہ۔

الأزْبَق: بے وقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔

الـمُـزَبَّـوْقَة والمُزَبَّقَة. مِنَ اللُّحیٰ: نوچی ہوئی داڑھی۔

زَبَـلَ :(ض) زَبْلاً وزُبُـلاً. الأرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا...... و(أزْبَلَ) الشَّیْئَ: اٹھانا۔

الزَّابِل والزَّابِل: پست قد۔

الـزُّبَال والزِّبَال :وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے۔ کہا جاتا ہے "مَـا أصَـابَ مِنْهُ زُبَالاً" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

الزِّبْل والزِّبْلَة والزُّبَیْل: گوبر۔ کھاد۔

الـزِّبِـیْـل والـزُّبَّیْل: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں۔

القُبْلَة : لقمہ۔

الزُّبْلَة :تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی البِئْرِ زُبَالَة" کنوئیں میں تھوڑا پانی بھی نہیں ہے۔

الـزَّبِیْل : ج زُبُـل وزُبْلاَن و (الـزِّبِّیْل) ج زَبَابِیْل و(الزِّنْبِیْل) والزِّنْبِیْل) ج زَنَابِیْل: ٹوکرا۔ برتن۔ توشہ دان۔

المَزْبَلَة والمَزْبُلَة: کوڑا خانہ۔ ج مَزَابِل۔

زَبَنَهُ : (ض) زَبْناً: دفع کرنا۔ ٹکر لگانا۔ علیحدہ کرنا۔

زَبَـنَـتِ الـنَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کے وقت زانو سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "زَبَـنَ عَنَّا مَعْرُوفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا۔ زَبَـنَ الثَّمَر: درخت پر پھل بیچنا۔

اَزْبَنَ. بَیْتَـهُ عَنِ الطَّرِیْقِ: راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا۔

زَابَـنَـهُ مُزَابَنَةً :ایک دوسرے کو ہٹانا۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ درخت پر پھل بیچنا۔

تَزَابَنَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

اِنْزَبَنَ. القَوْمُ: علیحدہ ہونا۔ کنارہ پر ہونا۔

تَزَبَّنَهُ: زبردستی غلبہ کرنا۔

اِسْتَزْبَنَهُ: غالب ہونا۔

الزَّبْن :مص۔ بَیْتٌ زَبْن: گھروں سے علیحدہ گھر۔ مَقَامٌ زَبْن: تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں۔

الزَّبَن: گوشہ۔

الزَّبِن والزَّبُوْن: بہت دفع کرنے والا۔

زُبْنَتَا. النَّاقَة: اونٹنی کی دونوں ٹانگیں۔

الزَّبِّیْن: پیشاب پاخانہ کو روکنے والا۔

الزِّبْنِیَة: سخت۔ جن وانسان میں سے سرکش۔ سپاہی ج زَبَانِیَة۔

الزَّبَانِیَة. عِنْدَ العَرَبِ :سپاہی۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔

الـزَّبُوْن. مِنَ النُّوْق :دودھ کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی۔ حَـرْبٌ زَبُوْن: سخت لڑائی۔ الـــزَّبُّوْن: بے وقوف غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الـزَّبُّـوْنَة والزُّبُوْنَة: گردن اونچا کیا جاتا ہے "فِیْهِ زُبُوْنَة" اس میں تکبر ہے۔

زُبَانَی. العَقْرَب: بچھو کا ڈنک۔

زُبَـانَیَـا. العَقْرَب :بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو آنکڑے کے مانند ہوتے ہیں۔

المُزَابَنَة:مص۔ اندازہ سے بیچ کرنا۔

زَبَـی(ض) زَبْـیاً وازْدَبیٰ ......ہ :اٹھانا۔ ہانکنا۔ زَبَاهُ بِشَرٍّ: تہمت لگانا۔

ازْدَبَاهُ إزْدِبَاءً: اٹھانا۔

زَبَّـی. فُلاَنـاً: ہانکنا......الـلَّـحْـمَ: شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا۔

زَبَّی وتَـزَبَّی. الزُّبْیَة :شکار کا گڑھا کھودنا۔

تَـزَبَّی فِی الزُّبْیَة :شکار کے لئے گڑھے میں چھپنا۔

تَزَابَی تَزَابِیاً: تکبر کرنا۔

الـزُّبْیَة: درندوں کے شکار کا گڑھا۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے۔ ج زُبـــی: کہا جاتا ہے "بَـلَـغَ السَّیْلُ الزُّبیٰ" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا۔

الأزْبِـــی: جلدی۔ نشاط۔ ایک قسم کی چال۔ برائی۔ بڑا معاملہ۔ ج أزَابِیّ۔

زَجَّ: (ن) زَجّاً: دوڑنا......ہ: کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا۔ زَجَّـهُ بِالرُّمْحِ: کسی کو نیزہ مارنا...... بِالشَّیْئِ: کوئی چیز پھینکنا۔

زَجَّ: (ض) زَجَجاً وازْدَجَّ. حَاجِبُهُ: لمبی اور باریک ابرو والا ہونا۔ صفت (أزَجّ): مؤنث زَجَّاء ج زُجّ: (الٹی بھوں کو بھی ازج کہتے ہیں۔)

زَجَّجَ. الحَاجِب :ابرو کو لمبی اور باریک بنانا ......المَوْضِع: درست وہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَقَرَ خَشَبَةً ثُمَّ زَجَّجَ مَوْضِعَ النَّقْرِ" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔

أزَجَّ. الـــرُّمْـــحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔

الزُّجّ: نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابلہ میں

اوپر کا لوہا سنان سے) مشکل ہے "جَعَلَ الزُّجَّ قُدَّامَ السِّنَانِ" یعنی اس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کشتی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجَاج وأَزِجَّة وزِجَجَة اور کبھی الزِّجَاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَّجَاج والزُّجَاج والزِّجَاج: شیشہ (زَجَاجَة زِجَاجَة زُجَاجَة): شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشِيشَةُ الزُّجَاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُّجَاجِيّ: شیشہ بیچنے والا۔

الزَّجَّاج: شیشہ بنانے والا۔

الزِّجَاجَة: شیشہ گری کا پیشہ۔

الزُّجَج: پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے۔ سدھائے ہوئے گدھے۔

الأَزَجّ: لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شتر مرغ۔ مؤنث زَجَّاء ج زُجّ۔

المِزَجّ: چھوٹا نیزہ۔ رُمْح (مُزَجَّج): نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّة: وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُّجَّة: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ مِنْهُ زُجَّةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَهُ: (ن) زَجْرًا. عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔ ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا ...... الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا ...... الكَلْبَ وبالكلب: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا ...... الطَّيْرَ: شگون لینے کے لئے پرندہ کو اڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرَّجُلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زَجَرْتُ أَنْ يَكُونَ كَذَا وكَذَا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجَرَهُ: منع کرنا۔ روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (...... وانْزَجَرَ): رک جانا۔

تَزَاجَرَ. القَوْمُ عَنِ الشَّرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَّجْر: مص۔ (...... والزَّجَر): ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجُور۔

الزَّاجِر: فا ...... زَاجِرُ الإِنْسَانِ: ضمیر۔ أَبُو زَاجِر: کوا۔

الزَّجَّار: بہت ڈانٹنے والا۔

نَاقَةٌ (زَجُوْر): اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر: ڈانٹنے کی جگہ (...... والمَزْجَرَة): ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِكْرُ اللهِ مَزْجَرَةٌ لِلشَّيْطَانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ: (ن) زَجْلاً. ہ وبِہ: تیر مارنا۔ دفع کرنا ...... ہ بالرُّمْح: نیزہ مارنا ...... الحَمَام: کبوتر کو دور جانے کے لئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمَامُ الزَّاجِل یا حَمَامُ الزَّجَّال کہتے ہیں۔

زَجِلَ: (س) زَجَلاً: خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزَاجِل) القَوْمُ: کھیل کود کرنا۔

الزَّجَل: شعر کی ایک قسم۔ سَحَابٌ ذُو زَجَلٍ: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجِنِّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَّجْلَة: لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات۔

الزُّجْلَة: لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔ مَسَافَةٌ (زَجُوْل) دور کی مسافت۔

الزَّاجِل والزَّاجَل: حلقہ کی مانند لکڑی جو رسی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزے کے پچھلے حصہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار۔ ج زَوَاجِل۔

الزَّجَّالَة: چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجَال: چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل: کبوتروں کی روانگی کی جگہ۔ نَاقَةٌ (زُجْلَانَة): تیز رفتار اونٹنی۔

زَجَمَ: (ن) زَجْمًا: آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَمَا زَجَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُّجُم: ایک قسم کا پرندہ۔

الزَّجْمَة والزُّجْمَة: آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لَمْ أَسْمَعْ لَهُ زَجْمَةً" میں نے اس سے ایک بات بھی نہیں سنی۔ وهُوَ لا يُخَالِفُهُ بِزَجْمَةٍ: وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَّجْمَة: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قَوْسٌ (زَجُوْم): کمزور آواز والی کمان۔

الزُّجْنَة: نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ زُجْنَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجْيًا تَزْجِيَةً وأَزْجَى وازْجَاءً وازْدَجَى. ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "كَيْفَ تُزْجِي أَيَّامَكَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "زَجَّى فُلانٌ حَاجَتِي" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کر دیا۔ أَزْجَى الأَمْرَ: مؤخر کرنا۔ أَزْجَى الدِّرْهَمَ: درہم کا رائج کرنا۔

زَجَا: (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجَاءً. الأَمْرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا ...... الخَرَاجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا ...... فُلانٌ: بھی منقطع ہونا۔

تَزَجَّى تَزَجِّيًا. بالشَّيْءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجَى: تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث مُزْجَاة۔

الأَزْجَى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ أَزْجَى مِنْ فُلانٍ بِهٰذَا الأَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

المُزَجِّي: کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہے۔

زَحَّهُ: (ن) زَحًّا: دفع کرنا۔ ہٹانا یا جلدی سے کھینچنا ...... عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا وزُحُوبًا. إِلَيْهِ: نزدیک

ہونا۔

زَحَرَ: (ف ض) زَحِيْرًا وزُحَارًا وزُحَارَةً: پیچش میں مبتلا ہونا۔ حمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِهِ اُمُّهُ: جننا۔ زَحَرَهُ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔

زُحِرَ: مبتلائے پیچش ہونا۔

زَحَّرَ: پیچش میں مبتلا ہونا۔

زَاحَرَهُ: دشمنی کرنا۔

تَزَحَّرَ: پیچش میں مبتلا ہونا...... عَنْهُ اُمُّهُ: جننا۔

الزُّحَار والزَّحِير: پیچش۔

الزُّحَر والزَّحَّار والزَّحْرَان: بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔

زَحْزَحَهُ عَنْ مَكَانِهِ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

تَزَحْزَحَ: دور ہونا۔ ہٹنا۔

الزَّحْزَح: دوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِزَحْزَحٍ مِنْهُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔

الزَّحْزَاح: دور۔

زَحَفَ: (ف) زَحْفًا وزَحَفَانًا وزُحُوفًا: آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا...... إِلَيْهِ: چلنا...... کہا جاتا ہے "زَحَفَ الْعَسْكَرُ إِلَى الْعَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا...... الشَّيْءَ: آہستہ آہستہ کھینچا۔

...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔

زَاحِفٌ وزَاحِفَةٌ: تا مبالغہ کیلئے ہے۔ صفت مؤنث زَاحِفَةٌ ج زَوَاحِف و(زُحُوف) ج زُحُف...... السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِف) ج زَوَاحِف۔

أَزْحَفَ: اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا...... ہ طُولُ السَّفَرِ: تھکا دینا...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا...... الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ أَزْحَفَ بَنُو فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔

زَاحَفَهُمْ: ایک دوسرے کی طرف گھسٹنا۔

تَزَحَّفَ وازَّحَفَ. إِلَيْهِ: چلنا۔

تَزَاحَفَ. الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

الزَّحْف: معن۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوف۔

الزَّحْفَة: قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دور نہ جائے۔

الزِّحَاف. فِي الْعَرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔

الزَّحَّاف: گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَة۔

الزَّحَّافَات مِنَ الْحَيَوَان: رینگنے والے جانور۔

الْمَزْحَف: گھسٹنے کی جگہ۔ ج مَزَاحِف۔

مَزَاحِفُ الْحَيَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ۔

مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔

بَعِيْرٌ (مِزْحَاف): اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِف ومَزَاحِيف۔

زَحَكَ (ف) زَحْكًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا...... مِنْهُ: قریب ہونا...... عَنْهُ: بعید ہونا...... الْبَعِيرُ: اونٹ کا تھکنا۔

أَزْحَكَ: تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔

زَاحَكَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: دور کرنا۔

تَزَاحَكَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)

زَحَلَ: (ف) زُحُوْلًا. عَنْ مَكَانِهِ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِل وزَحِل)

زَحِلَ: (س) زَحَلًا: تھکنا۔

أَزْحَلَهُ. إِلَيْهِ: پناہ لینا۔

أَزْحَلَهُ وزَحَّلَهُ: دور کرنا۔

تَزَحَّلَ. عَنْ مَكَانِهِ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔

زُحَل: ایک سیارہ کا نام جس کو بلندی اور بعد کے لئے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں...... ورَجُلٌ زَحِلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا اگرچہ اچھا کام ہو یا برا۔

الزُّحَلَة: کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مُسْتَعْمَلَة (زُحُوْل): دوری کی مسافت۔

الزُّحَلِيل: تیز۔ علیحدہ رہنے والا (...... والزُّحْلُوْل): تنگ پھسلنے کی جگہ۔

الزُّحْلُوْل: ہلکے پھلکے جسم والا۔

الْمَزْحَل: وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہوکر جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "إِذَا لَمْ يَكُنْ عَنْ شَفْرَةِ السَّيْفِ مَزْحَل" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔

زَحْلَفَ. الشَّيْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا...... الْإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِي الْكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔

تَزَحْلَفَ: لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔

تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔ دوپہر میں ڈھلنا۔

الزُّحْلُوْفَة: چکنی ڈھلوان جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِف وزَحَالِيف۔

الزُّحَالِف: چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔

زَحْلَق وزَحْلَكَ وتَزَحْلَق وتَزَحْلَكَ والزُّحْلُوْقَة والزُّحْلُوْكَة: بمعنی زَحْلَف وتَزَحْلَف والزُّحْلُوْفَة۔

الزُّحْلُوْقَة: لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں جانب بیٹھ کر جھولیں۔

زَحَمَهُ: (ف) زَحْمًا وزِحَامًا: تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاحَمَهُ: تنگی کرنا۔ زَاحَمَ الْخَمْسِينَ: قریب ہونا۔

ازْدَحَمَ وتَزَاحَمَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا۔

الْأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّحْم: معن۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّحْمَة: بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّحَام: معن معن۔ يَوْمُ الزِّحَامِ: قیامت کا دن۔

الْمِزْحَم: بہت بھیڑ کرنے والا (أَبُو مُزَاحِم):

باجی۔

زَخَمَر القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

زَخَنَ: (ف) زَخْنًا: دیر کرنا...... ہ عَنِ المَكَانِ: دور کرنا۔

تَزَخَّنَ: دیر کرنا سستانا...... عَنْ مَكَانِهِ: بلنا ...... عَلَى الشَّيْءِ وعَنْهُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رَجُلٌ زُخَنٌ: پست قد مرد۔ مؤنث زُخَنَةٌ.

الزُّخْنَةُ: سخت گرمی۔ مع ساز و سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ زُخْنَةٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے۔ "وَلَهُ زُخْنَةٌ بَعْدُ" جب کہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہو جائے۔

الزُّخُنَّةُ: وادی کا موڑ۔

زَخَّ: (ن) زَخًّا: غضبناک ہونا...... بِالإِبِلِ: اونٹوں کو تیز چلانا...... ہ: گڑھے میں دھکیلنا...... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

زَخَّ: (ن) زَخًّا وزَخِيخًا. الجَمْرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَّخُّ: مص۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔

الزَّخَّةُ: کینہ۔ غصہ۔ غضب (...... والمِزَخَّةُ والمِزَخَّةُ): بیوی۔

زَخْزَخَ. المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ: (ف) زَخْرًا وزُخُورًا وتَزْخَارًا. البَحْرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا...... الوَادِي: لمبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا...... النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا...... القَوْمُ: جنگ یا روانگی جنگ کے لئے پُر جوش ہونا...... الحَرْبُ او القِدْرُ: جوش مارنا...... ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا...... بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔

زَاخَرَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَهُ فَزَخَرَهُ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ. البَحْرُ او الوَادِي: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تَزَخَّرَ. بِمَا عِنْدَهُ: فخر کرنا۔

الزَّاخِرُ: فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا...... مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔

زَوَاخِرُ. الوَادِي: وادی کی گھاس۔

الزَّخَّارُ. زَخَرَ: کا اسم مبالغہ۔

نَبَاتٌ (زُخُورٌ وزُخَارِيٌّ وزُخْرُورِيٌّ): لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِيُّ النَّبَاتِ: پودہ کی تر و تازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ أَخَذَتِ الأَرْضُ زُخَارِيَّهَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہو جائے۔ كَلَامٌ زُخْرُورِيٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزُّخْرُورِيُّ: لمبا۔

زَخْرَفَهُ: خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا...... الكَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔

تَزَخْرَفَ. الرَّجُلُ: مزین ہونا۔

الزُّخْرُفُ: سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔ زُخْرُفُ الكَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو۔ زُخْرُفُ الأَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِفُ. الزَّخَارِفُ: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔

زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ: (ف) زَخْفًا وزَخِيفًا: تکبر کرنا۔

زَخَفَ. فِي القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَـــزَخَّفَ: مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المِزْخَفُ: فخر کرنے والا متکبر۔

زَخَمَهُ: (ف) زَخْمًا: سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ: (س) زَخَمًا وازْخِيمٌ. اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِمٌ)

ازْدَخَمَ. الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

الزَّخَمَةُ: بدبودار گوشت۔

الزَّخْمَاءُ: بدبودار عورت۔

الزِّدْبُ: حصہ۔ ج أَزْدَابٌ.

زَدَرَ: لوٹنا (صَدَرَ: میں ایک لغت ہے)

أَزْدَرَ: لوٹانا (أَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)

الأَزْدَرَانِ: دونوں سوئڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ أَزْدَرَيْهِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

ازْدَرَمَ: نگلنا۔

ازْدَقَّ. اللَّيْلُ: تاریک ہونا (اسْدَقَّ میں ایک لغت ہے)

الزِّدْقُ: سچائی (الصِّدْقُ: میں ایک لغت ہے)

زَدَا: (ن) زَدْوًا. الصَّبِيُّ الجَوْزَ وبِالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المَزْدَاةُ والمِزْدَاءُ: اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

أَزْدَى إِزْدَاءً: سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ: (ن) زَرًّا. القَمِيصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا...... الشَّيْءَ: جمع کر کے باندھنا...... المَتَاعَ: سامان کو جھاڑنا...... الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔

زَرَّهُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا...... الشَّعَرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَيْنَهُ: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ: (س) زَرًّا. الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا۔ اپنے مخالف پر سختی کرنا۔ عقل و تجربہ بڑھنا۔

زَرَّ: (ض) زَرِيرًا. سِنَانُ الرُّمْحِ: نیزے کے پھل کا چمکنا...... العَيْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

أَزَرَّ. القَمِيصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ. ثَوْبَهُ: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ. القَمِيصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِّرُّ: گھنڈی۔ بٹن۔ ج أَزْرَارٌ و زُرُورٌ: دل کے بیچ کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّيْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّيْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ و "أَعْطَاهُ الشَّيْءَ بِزِرِّهِ" اس نے اس کو ساری چیز دے دی۔ و "جَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهِ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَّرَّةُ: دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزَّرَبُ: دانت سے کاٹنے کا نشان۔ شکل۔
المُزَلِّقَةُ: ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے اور وہ اس سے چمٹ جائے۔
الـزُّرَابُ والزَّرِيْرُ: سریع الفہم۔ تیز خاطر۔
الزَّرِيْرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زُرَيْرَةٌ)
الزَّرْلُوقَةُ: جانوروں کو لگنے والی مکھی۔
جِمَارَةٌ (مِزْزَلٌ): دانت سے کاٹنے والا گدھا۔
زَرَّمَ يَزْرُمُ يَزْرِمُ زَرْماً وازْرَامَ. ازْرِمَّاماً.
کلامُـہُ او قصـّـہُ او بَولُـہُ: گفتگو یا خون میں پیشاب کا منقطع ہونا۔
زَرَبَ: (ن) زَرْباً. المَوَاشِيَ: جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔
زَرِبَ: (س) زَرَباً. المَاءُ: پانی کا بہنا۔
اِنْزَرَبَ: باڑہ میں داخل ہونا۔
اِزْرَبَّ. النَّبَاتُ: نباتات کا زرد ہونا۔ سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔
الزَّرْبُ: مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (...... والـزِّرْبُ): باڑہ۔ ج زُرُوْبٌ.
الزِّرْبُ پانی بہنے کی جگہ۔
الزَّارُوْبُ. عِنْدَ العَامَّةِ: لمبی تنگ گلی۔ فصیح لفظ الزقب ہے۔
الـزِّرْبِيُّ والـزِّرْبِيَّةُ: مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچے۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ...... مِنَ النَّبْتِ: گھاس جو زرد ہو یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِيّ.
الزِّرْبِيَّةُ: مخملی حضوری۔
الـزَّرِيْبَةُ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زَرَائِبُ وزُرُبٌ.
رَجُلٌ (مُسَبَّهٌ): بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔
الْمِسْبَهُ: فصیح زبان والا۔
سَبَهْلَلٌ: کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ و "هُوَ يَمْشِيْ سَبَهْلَلًا" وہ بے کار آتا جاتا ہے۔
سَبٰى يَسْبِيْ سَبْيًا و سِبَاءً۔ الْعَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ..... الْخَمْرَ: دور کر کے جلا وطن کرنا .....

الْخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا ..... السَّيْلُ الْمَاءَ: پانی تک کھودنا ..... فُلَانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔
اِسْتَبٰى اِسْتِبَاءً۔ الْعَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ..... قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا ..... الْخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔
تَسَابٰى۔ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔
تَسَبّٰى۔ فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرنا۔
السَّبْيُ: مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ وَا بِسَبْيٍ كَثِيْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کے لئے اور سَبْيٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِيٌّ۔ و سَبْيُ الْحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِيُّ: قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِيٌّ وَجَارِيَةٌ سَبِيٌّ" ج سَبَايَا
سَبِيُّ الْحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِيَّةُ: قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔
السَّبِيُّ والسَّبَاءُ: لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔
ج سَوَابِيُّ۔ السَّابِيَاءُ: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔
السَّتُ: عیب۔ بری گفتگو۔
السِّتَّةُ: چھ۔ مذکر کے لئے مستعمل ہے اور مؤنث کے لئے سِتٌّ۔
السَّاتُّ: چھٹا۔
السِّتُّوْنَ: ساٹھ (مذکر و مؤنث)
السَّتَبُ: ایک قسم کی تیز چال۔
سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا و سَتَرًا و سُتُوْرًا۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔
سَاتَرَهُ مُسَاتَرَةً۔ الْعَدَاوَةَ: مخفی دشمنی کرنا۔
تَسَتَّرَ و اسْتَتَرَ و انْسَتَرَ: چھپنا۔ ڈھک جانا۔
کہا جاتا ہے "هُوَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰهِ

بِسِتْرٍ" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔
السِّتْر: پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُور وأَسْتَار: کہا جاتا ہے "مَالَهُ سِتْرٌ ولَا حِجْرٌ" یعنی اسے حیاء و عقل نہیں۔ و"هَتَكَ اللهُ سِتْرَهُ" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔
السَّتَر: ص۔ ڈھال۔
السِّتَار: پردہ۔ ج سُتُر: کہا جاتا ہے "أَسْدَلَ اللَّيْلُ سِتَارَهُ" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔
السُّتْرَةُ: ج سُتَر و(السِّتَارَةُ) ج سَتَائِر: پردہ۔ سُتْرَةُ السَّطْحِ: چھت پر پردہ کی دیوار۔
السَّتِير: چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيرٌ وامْرَأَةٌ سَتِيرَةٌ" ج سُتَرَاءُ: جیسے فُقَلاء و ظُهَلاء۔ وشَجَرٌ سَتِيرٌ: بہت ڈالیوں والا درخت۔
المَسْتُور: مع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُورُون ومَسَاتِير۔
السَّتَّار، سَتِير: کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔
الإِسْتَار مِنَ العَدَدِ: چار..... وفِي الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج أَسَاتِر وأَسَاتِير۔
المِسْتَر والإِسْتَارَة: پردہ۔
المُسَتَّر: مع۔ جارِيَةٌ مُسَتَّرَةٌ: پردہ نشین لڑکی۔
السِّتَيْع والسُّتَيْع: چست و چالاک اور بہت کارگزار مرد۔
السُّتُوق والسُّتُّوق: کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔
السُّتُقَة والسُّتُّقَة: لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔
سَتَلَ (ن) سَتْلاً وتَسَاتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ. القَوْمُ: پے در پے یکے بعد دیگرے نکلنا...... اللُّؤلُؤ: موتیوں کا لگاتار بکھرنا...... الدَّمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔

سَتَلَ (تابع)
سَجِلَ (س) سَجَلاً وسَآلَةً: چوری کرنا۔
السَّجْل: ص۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِجْلَان وسِجْلَان.
السَّآلَة: ردی چیز۔
المَسْتَل: تنگ راستہ۔ ج مَسَاتِل.
أَسْتَنَ. الرَّجُلُ فِي السَّنَةِ: قحط سالی میں پڑنا۔
الأَسْتَن والأَسْتَان: بوسیدہ درخت کی جڑیں۔
الإِسْتَالة: شہر قسطنطنیہ۔
سَتَهَ (ف) سَتْهًا. الرَّجُلَ: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔
السَّتْه والسَّتَه والسُّتَه: سرین۔ ج أَسْتَاه.
الأَسْتَه والسُّتَاهِيّ: بڑی سرین والا۔ ج سُتْه وسُتْهَان ومَسْتَهِيّ: مؤنث سَتْهَاء.
سَتَا (ن) سَتْوًا: جلدی کرنا۔
أَسْتَى وسَتَّى. الثَّوْبَ: کپڑا بننے کے لئے تانے کو پھیلانا۔
السَّتَى: تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْهُ سَتًى" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔
الأُسْتِيّ: تانا تنا ہوا کپڑا۔
سَتَاةُ. الثَّوْبِ: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنْتَ لُحْمَةً ولَا سَتَاةً" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔
سَجَّ (ن) سَجًّا: پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔
السَّجَابِطَة: دیوار لیپنا۔
السَّجَة والسَّجَاج: بہت پانی والا دودھ۔
السَّجْج: لمبی ہوئی چپٹیں۔ پاک نفوس۔
السِّيَسْجَة: لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔
السَّجَب: پرانی مشک۔ ج سُجُب. بِقَاةُ (سَاجِب): خشک مشک۔ ج سَوَاجِب.
سَجْسَجَ (ف) سَجْسَجًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا..... وسَجْسَجَ لَهُ بِكَلَامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔

سَجَحَ (س) سَجَحًا وسَجَاحَةً: اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا...... الخَدُّ: رخسار کا ملائم ہونا...... خُلُقُهُ: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِهِ رَجَاحَةٌ وفِي خُلُقِهِ سَجَاحَةٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔
سَجَّحَ. الوَالِي: معاف کرنا...... الرَّجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِذَا سَأَلْتَ فَاسْجَحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔
انْسَجَحَ. لَهُ بِكَلَامٍ: سخاوت و جواں مردی کیا جانا۔
السُّجُح: نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بُيُوتُهُمْ عَلَى سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (..... والسُّجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔
السَّجِيح: نرم و آسان۔
السُّجْحَة والسَّجِيحَة: عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السُّجُحَة: اندازہ...... کہا جاتا ہے "رَكِبَ سُجُحَةً رَأْيِهِ" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔
الأَسْجَح: خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث سَجْحَاء. ج سُجْح.
سَجَاح: بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔
السِّجَاح: سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجَاحَ وَجْهِهِ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔
السَّجَاح: فضائے آسمانی۔
السُّجُوح والسُّجُوحَة: عادت۔
سَجَدَ (ن) سُجُودًا: فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کے لئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّد وسُجُود و صفت مؤنث (سَاجِدَة) ج سَاجِدَات وسَوَاجِد.

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ الْمَنْخِرِ" وہ پست و ذلیل ہے۔ و "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔
سَجِدَتْ (س) سَجَدًا. رِجْلُه : پیر کا پھولنا۔
أَسْجَدَ: سر جھکانا۔ عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔
الأَسْجَدُ: پھولے ہوئے پاؤں والا۔
السَّجَّادُ: بہت سجدہ کرنے والا۔
السَّجْدَةُ. سجد: کا اسم۔
السجادة والمسجدة: جائے نماز۔
المَسْجَد والمَسْجِد: سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ ج مَسَاجِد۔ المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔ المَسْجِد الأَقْصٰى: مسجد بیت المقدس۔ المَسْجِدَانِ: مکہ و مدینہ کی مسجدیں۔
المَسْجَد: آدمی کی پیشانی۔ ج مَسَاجِد.
سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا...... الماءُ النَّهَرَ : پانی کا دریا کو بھرنا...... البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا...... الماءَ فِي حَلْقِهِ : پانی ٹپکانا...... الكَلْبَ : گلے میں لکڑی باندھنا...... الشَّيْءَ : بھیجنا...... سَجْرًا وسُجُوْرًا) النَّاقَةُ : لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّرَ. الماءَ : پانی جاری کرنا...... التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔
سُجِرَ. البَحْرُ : سمندر کا چڑھنا۔ بلند موجوں والا ہونا۔
سَاجَرَهٗ: مخلص دوست بنا۔
اِنْسَجَرَ. الإِنَاءُ : برتن کا بھر جانا...... الإِبِلُ فِي سَيْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔
السَّجْر بمعنی۔ بادل کی گرج۔ بِئْرٌ سَجُوْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
السُّجْرَة: پانی جو دریا کو بھر دے۔ ج سُجَر ...... والسَّجَر فِي العَيْنِ : سرخی ملی ہوئی سپیدی۔

السَّاجِر : فا۔ سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔ وہ جگہ جس کو سیلاب آ کر بھر دے۔
السَّاجُوْر : لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ ج سَوَاجِير اور اسی سے ہے "سوجر الكلب" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِي أَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔
المِسْجَر والسَّجُوْر : تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔
السَّجِيْر: مخلص دوست۔ ج سُجَرَاء.
الأَسْجَر : آنکھوں میں سرخی والا۔ مؤنث سَجْرَاءُ: خالص کیچڑ والا تالاب۔ شیر۔ شَعَرٌ (مُسَجَّر ومُنْسَجِر): لٹکے ہوئے بال۔
المُسْجَر : وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔
المَسْجُوْر : مفع۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللُّؤْلُؤُ المَسْجُوْر : پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَةٌ : بہت آبدار موتی۔
السَّجُوْرِيُّ: بے وقوف۔
سَجِسَ (س) سَجَسًا. الماءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجِس وسَجَس وسَجْس)
سَجَّسَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا۔
السَّجَس بمعنی۔ فساد۔ گدلاپن۔ کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَّيَالِي" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
السَّجْسَج : زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ "رِيحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِيج وسَجَاسِج۔

سَجَعَ (ف) سَجْعًا. الخَطِيْبُ : مقفّیٰ کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع وسَجَّاع وسَجَّاعَة) الحَمَامَةُ : کبوتر کا کوکو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة وسَجُوْع). ج سُجَّع وسَوَاجِع...... النَّاقَةُ : اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا (اور یہ کمان کے لئے بھی مستعمل ہے)...... کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔
سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)
السَّاجِع: فا۔ گفتگو۔ رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ وَجْهٌ سَاجِعٌ : اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔
السَّجْعُ: مقفّیٰ کلام۔ ج أَسْجَاع.
السَّجْعَة والأُسْجُوْعَة : قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج أَسَاجِيع.
المَسْجَع: مقصد۔
سَجَفَ (ن) سَجْفًا وسُجُفًا. البَيْتَ : مکان کا پردہ لٹکانا۔
سَجِفَ (س) سَجَفًا: پتلی کمر والا ہونا۔
أَسْجَفَ. السِّتْرَ : پردہ لٹکانا۔ البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا...... اللَّيْلُ: تاریکی بڑھنا۔
السَّجْف والسِّجْف. ج سُجُوْف وأَسْجَاف و(السِّجَاف والسَّجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ۔ السِّجَاف: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللَّيْلُ سُجُوْفَهٗ" رات نے پردے ڈال لئے۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔
السُّجْفَة: رات کا ایک حصہ۔
السِّجَافَة: پردۂ حجاب۔
سَجَلَ (ن) سَجْلًا. بِهٖ: اوپر سے پھینکنا...... الماءَ : پانی گرانا...... الكِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔
سَجَلَ بِالشَّيْءِ : اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ السِّجِلَّ : عہد نامہ لکھنا...... الأَوَّلُ: پھر کی

اور خطبوں میں اوزان کو تحریر میں لانا۔
اَلْکَاتِبُ عَلَيْهِ: فیصلہ کرنا...... عَلَيْهِ بِکَذَا: مشہور کرنا...... لَهُ بِمَالِهِ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهُ مُسَاجَلَةً وَسِجَالاً: مقابلہ کرنا، دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
أَسْجَلَ: بہت خیر والا ہونا...... ہ: بہت دینا۔ الحَوْضَ: بھرنا۔ الکَلَامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا۔ النَّاسَ: چھوڑنا۔
لَهُمُ الأَمْرَ: لوگوں کے لئے کسی معاملہ کو مباح کر دینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَهُ إِنْ شَاءَ أَخَذَهُ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَهُ" یہ اس کے لئے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے۔ "أَسْجَلَ الأَنْعَامَ فِي الزَّرْعِ" کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَسَاجَلَا: باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ: اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ الْمَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا۔
السَّجْلُ: مس۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَال وسُجُول اور کہا جاتا ہے "الحَرْبُ بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ سَجْلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِّجِلُّ: معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تا کہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات.
السِّجِّيلُ: کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُولٌ): بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔
السَّجِيلُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَاهُ سَجِيلَهُ مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ خَلْوٌ سَجِيلٌ وسَجِيلَةٌ: بڑا ڈول۔ (سَطلة

سَجْلَاءُ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَةُ والسَّوْجَلُ والسَّاجُولُ: شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِل.
المُسْجَلُ: مطلع۔ ہر ایک کے لئے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ وَالدَّهْرُ مُسْجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِّجِلَّاطُ: چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُومًا وسِجَامًا. الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا وسُجُومًا عَنِ الأَمْرِ: دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا وسُجُومًا وسَجَمَانًا الْعَيْنُ أَوِ السَّحَابَةُ الْمَاءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا وتَسْجِيمًا وأَسْجَمَ. الْمَاءَ: پانی گرانا۔ أَسْجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ. الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا...... الکَلَامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتْ. الدُّمُوعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔
أَسْجَمُ: پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُومٌ): آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوم۔ نَاقَةٌ (سَجُومٌ وَمِسْجَامٌ): بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوم ومَسَاجِيم.
مَكَانٌ (مَسْجُومٌ): بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهُ (ن) سَجْنًا: قید کرنا۔ سَجَنَ الْهَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
السِّجْنُ: قید خانہ۔ ج سُجُون.
السَّجَّانُ: داروغہ جیل۔
السَّجِينُ: قیدی۔ ج سُجَنَاءُ وسَجْنَى۔ مؤنث سَجِينٌ وسَجِينَةٌ ج سَجْنَى وسَجَائِن. ضَرْبٌ سِجِّينٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھا دے۔
الْمَسْجُونُ: مطلع۔ قیدی۔
السَّاجِنَةُ. السَّاجِنُ: کا مؤنث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن.

السِّجِّينُ: ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا و اعلانیہ۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ سِجِّينًا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے ارد گرد کا گڑھا۔
السَّجَنْجَلُ: آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَجَاجِل.
سَجَا يَسْجُو سَجْوًا وسُجُوًّا. اللَّيْلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّى تَسْجِيَةً. الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَايِبَ أَخِيكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
أَسْجَتْ إِسْجَاءً. النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ أَسْجَى الْبَحْرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا...... الرَّجُلُ: کسی چیز کو چھپانا۔
سَاجَاهُ: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِي: فا۔ ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "وَلَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
امْرَأَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاءُ: دوہنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيحٌ سَجْوَاءُ: نرم ہوا۔
السَّجِيَّةُ: طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّات وسَجَايَا.
سَحَّ (ن) سَحًّا: بہت موٹا ہونا۔
السَّحُّ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُهُ الْقَصِيدَةَ فَسَحَّهَا عَلَيَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا...... ہ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّهُ بِالسَّوْطِ" اس نے

اس کو سو کوڑے مارے (..... سَحًّا و سُحُوحًا وتَسحَاحًا): بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوحًا وسُحُوحَةً: الشَاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌ وسَاحَةٌ) ج سِحَاحٌ وسُحَاحٌ.
اِنْسَحَّ. اِبطُ البَعِيرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔
السَحُّ والسُحُّ: خشک متفرق کھجوریں۔
السَحَاحُ: فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سَحُوحٌ): بہت بارش والا بادل۔
غَارَةٌ (سَحَّاءُ): اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔
عَيْنٌ (سَحْسَاحَةٌ): بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسَحٌّ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهُ (ف) سَحْبًا: زمین پر گھسیٹنا۔
السَحُوبُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَسْحَبُ ذَيْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا ..... مِنَ الاكلِ والشُرْبِ: بہت کھانا ..... پینا ..... فِي حَقِّ فُلانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
اِنْسَحَبَ: گھسٹنا۔
السُحْبَةُ: آنکھ کا پردہ ..... (والسُحَابَةُ) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَحَابُ: بادل۔ ج سُحُبٌ: واحد (سَحَابَةٌ) ج سَحَائِبُ: کہا جاتا ہے "أَقَمْتُ عِنْدَهُ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
السَحْبَلُ: کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف) سَحْتًا وسُحْتًا: حرام مال کمانا ..... ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا۔ سَحَتَ الشَحْمَ عَنِ اللَحْمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا ..... وَجْهَ الارْضِ: مٹانا۔
أَسْحَتَهُ: خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اَسْحَتَ بِتِجَارَتِهِ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ: مال ضائع ہونا۔
السَحْتُ: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب اور کہا جاتا ہے "مَالُهُ اَوْدَمُهُ سَحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کے لئے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔
السُحْتُ والسُحُتُ: حرام۔ ہر وہ کمائی جو خبیث وقبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔ جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَاتٌ.
مَالٌ (سُحْتٌ وسُحُتٌ وسَحِيتٌ ومُسْحَتٌ ومَسْحُوتٌ): تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ وسَحِيتٌ: بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتُ) وارْضٌ (سَحْتَاءُ): بے نباتات والا سال یا زمین۔
السُحْرُوتُ والسِحْرِيتُ: کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُحْتُوتُ والسِحْتِيتُ: پرانا کپڑا۔
السَحِيفَةُ: سب کچھ بہا لے جانے والا بادل۔
ج سَحَائِفُ.
مَسْحُوتٌ. الجَوْفِ والمِعْدَةِ: آسودہ نہ ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)
سَحَجَهُ (ف) سَحْجًا وسَحَجَةً: چھیلنا ..... الشَيْءَ بِالشَيْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوجٌ وسَحِيجٌ)
سَحَجَتِ الدَابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ وانْسَحَجَ: چھلنا۔
السَحَّاجُ: بہت چھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
السَحُوجُ والمِسْحَاجُ: بہت قسم کھانے والی عورت۔
المِسْحَجُ والمِسْحَاجُ. مِنَ الدَوَابِّ: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔
المِسْحَاجُ: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔ زَمَنٌ مِسْحَاجٌ: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔
سَحَرَهُ (ف) سِحْرًا: دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا ..... ہ عن كَذَا: پھیرنا۔ دور کرنا۔
سَحَرَ عَنِ الأَمْرِ: کسی معاملے سے دور ہونا ..... وسَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا مجول چڑھانا۔
سَحَرَهُ (ف) سَحْرًا: پھیپھڑے پھاڑنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُورٌ وسَحِيرٌ) ..... المَطَرُ الطِينَ: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س) سَحَرًا: صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِرٌ وسَحِيرٌ)
سَحَّرَهُ: جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ: صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ: سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح کے وقت نکلنا۔ الدِيكُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
السِحْرُ: مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اَسْحَارٌ وسُحُورٌ. السِحْرُ الكَلامِيُّ: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ البَيَانِ لَسِحْرًا".
السَحَرُ: صبح سے کچھ پہلے۔ السَحَرُ الاعْلىٰ: صبح کاذب۔ والسَحَرُ الآخِرُ: صبح صادق۔
السَحْرُ: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَارٌ.
السَحْرُ والسَحَرُ والسُحْرُ: پھیپھڑا۔ ج سُحُورٌ وسُحُرٌ واَسْحَارٌ اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحَرِي" میں اس سے نا امید ہو گیا۔ "وانْتَفَخَ سَحْرُهُ" وہ بزدل ہو گیا۔

گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فُلانٌ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي" فلاں کا انتقال میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔
السَّحَرِي والسَّحَرِيَّة: صبح سے کچھ پہلے۔
السُّحْرَة: صبح کا وقت۔
السُّحَارَة: پھیپھڑا۔ مِنَ الشَّاة: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔
السَّحُور: سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔
السَّحِير: پیٹ کی بیماری والا ...... مِنَ الخيل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔
السَّحَّار: جادوگر۔
السَّاحِر: قا۔ عالم۔ ج سَحَرَة وسُحَّار وسُحَّار وساحِرُونَ: مؤنث السَّاحِرَة۔ ج ساحِرات وسَوَاحِر۔
السَّوْحَر: بید کا درخت۔
المُسَحَّر: وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔
المَسْحُورَة: مٹی خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔
عنز مَسْحُورَة: کم دودھ والی بھیڑ۔
أرض مَسْحُورَة: بنجر زمین۔
تَسَحْسَحَ. الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔
السَّحْسَح والسَّحْسَحَة: گھر کا صحن (السَّحْسَح والسَّحَّاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہا لے جائے۔
سَحَطَ (ف) سَحْطًا وسَحَطًا: جلدی ذبح کرنا ...... الطَّعَامُ: پھندا لگانا ...... سَحَطَ الشَّرابَ: پانی ملانا ...... السَّخْلَ: بکری کے بچے کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔
إنْسَحَطَ. من يده: ہاتھ سے پھسل کر گرنا ...... مِن النَّخلة ونحوها: کھجور اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اترنا۔

المُسَحَّط: حلق۔
شَاة (سَحِيط ومَسْحُوطَة): ذبح کی ہوئی بکری۔
سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَّعَرَ عَنِ الجِلْدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا ...... الرَّأسَ: سر مونڈنا ...... و(تَسَحَّفَتْ) الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔ و أَسْحَفَ
السَّحْفَة: پیٹھ کی چربی کو چھیلنا۔
السَّحِيفَة: پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحَاف وسُحُف۔
السُّحَاف: سل کی بیماری۔
السَّحِيف: چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
السَّحِيفَة: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحَائِف۔
السَّحُوف: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے "نَاقَةٌ سَحُوفٌ" بے چربی والی اونٹنی۔ اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جَمَلٌ أَوْ نَاقَةٌ سَحُوف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف. الحَيَّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
المِسْحَفَة: گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رَجُلٌ (مَسْحُوف): سل کی بیماری والا۔
أرض (مُسَحْسَفَة): باریک گھاس والی زمین۔
سَحَقَهُ (ف) سَحْقًا: بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا ...... الرِّيحُ الأرضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا ...... الرَّأسَ: سر مونڈنا ...... الشَّيءَ الشَّدِيدَ: نرم کرنا ...... القَمْلَةَ: جوں کو مار ڈالنا ...... الثَّوبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا ...... العَيْنُ ودمعها: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَهُ اللهُ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سَحْقًا: دور ہونا۔

سَحُقَ (ک) سُحُوقَةً. الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا ...... النَّخلةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوق) ج سُحُق۔
سَحَّقَ: بہت باریک پیسنا۔
أَسْحَقَهُ: دور کرنا۔ ہلاک کرنا ...... الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا ...... خُفُّ البَعِيرِ: گھس جانا۔ الضَّرْعُ: دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔
إنْسَحَقَ: باریک ہونا ...... القَلْبُ: دل کا شکستہ ہونا ...... الشَّيءُ: کشادہ ہونا، دور ہونا ...... الثَّوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔ ...... الدَّلْوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَّحْق: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ وسَحْقُ ثوب" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْقُ درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق۔
السُّحْق والسُّحُق: دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحْقًا لَهُ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔
السَّحِيق: دور۔ مِسْكٌ سَحِيقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔
السَّوْحَق: لمبا یا لمبا مرد۔
السَّحَّاقَة: بہت پیسنے والا۔ امْرَأة سَحَاقَة: عورت جس کی پستانیں بہت لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
السَّحِيقَة. سَحِيق: کا مؤنث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ ج سَحَائِق۔
ودمع (مُنْسَحِق): بہتے ہوئے آنسو۔ ج مَسَاحِيق (نادر) کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَيْنِهِ مَسَاحِيقُ اللُّمُوعِ" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
الأسْحَق: دور۔

المِسْحَق: جس سے پیسا جائے۔
سَحَلَ (ف) سَحْلاً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔۔۔۔ الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔
۔۔۔۔ الغریمَ مائة درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔
۔۔۔۔ ه مائة سوط: مارنا۔۔۔۔ الثوبَ: کچے دھاگے سے بننا۔ الحَبْلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔
سَحَلَتْ سَحْلاً و سُحُولاً. العینُ: رونا۔
سَحَلَ (ض) سَحِيْلاً و سُحَالاً. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
مُسَاحَلَة: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحَلَ القومَ: بِاُولاَئِهِم: ساحل پر لانا۔
اُسْحِلَ: گالی خوردہ پانا۔
اِنْسَحَلَ: چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔
۔۔۔۔ بالكلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدَّرَاهِمُ: چمکدار ہونا۔
السَّحْل: مص (السَّحِيل) ج أَسْحَال وسُحُول وسُحُل و (السَّحِيل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل: فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِل۔
المِسْحَال: لگام۔
السُّحَلَة: چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَة: چاندی، سونے کا برادہ۔ گیہوں، جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔
الإسْحِل: ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الأَسَاحِل: پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل: سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست۔ ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلاَنٌ بِمِسْحَلَتِهِ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب۔ چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔
خسیس آدمی۔ سخاوت و فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل۔
السُّحَال والسَّحِيل: ہنہناہٹ۔
شَاب (مُسْحُلاَنٌ و مُسْحُلاَنِيٌّ): لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحُلاَنَة و مُسْحُلاَنِيَّة)
المَسْحُول: مبلغ۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
السُّحْلُبِيَّات: کلی انگوریاں جو کھانے ترکیب میں بے شکل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں۔ ان کا عرق نچوڑ کا پیا جاتا ہے۔
السَّحْلَل: بڑے پیٹ والا۔
سَحُمَ (س) و سَحُمَ (ک) سُحْمًا: کالا ہونا۔ صفت (أَسْحَم) مؤنث سَحْمَاء. ج سُحْم.
سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔
أَسْحَمَتِ. السماءُ: برسانا۔
السُّحْم والسُّحَام والسُّحْمَة: سیاہی۔
الأَسْحَم: سینگ۔ بادل۔ مرتبان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھ کو ڈبوتے تھے۔
السَّحَم لوہا (۔۔۔۔ والسَّحِيم والأَسْحَمَان): ایک درخت کا نام۔
السِّحَمَة: لوہے کا ٹکڑا۔
المُسْحَم: لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا
۔۔۔۔ الخَشَبَة: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا
۔۔۔۔ الشيءَ: باریک پیسنا۔
مُسَاحَنَة: ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ ساحَنَه الشيءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا
(۔۔۔۔ و تَسَحَّنَه) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسْحَنَة: پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن۔
سَحَاه يَسْحَاه و يَسْحُوه و يَسْحِيه سَحْيًا: چھیلنا۔۔۔۔ الطينَ: کھرچنا۔ صفت (سَاحٍ) ج سُحَاة و سَاحُوْن: مؤنث سَاحِيَة۔۔۔۔ الشعرَ: مونڈنا (۔۔۔۔ و أَسْحَى إِسْحَاءً و سَحَّى تَسْحِيَة)
الكتابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِسْتَحَى اِسْتِحَاءً. الشيءَ: چھیلنا۔ الشعرَ: مونڈنا۔ اِسْتَحَى مِنه: شرم کرنا۔
السِّحَاء. مِنَ الكتاب خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سِحَاءَة. السِّحَاءَة: دماغ کی جھلی۔ ج سَحَايَا۔
المِسْحَاة: میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چگادڑ۔ ج سَحِيّ۔
السِّحَايَة: بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِيَة: سیلاب۔ زور کی بارش۔ المِسْحَاء: بیلچہ بنانے والا۔
الأُسْحُوَان: بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاة: بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ۔
سَحَتَ (ن) سَحْتًا. الجرادةُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا۔۔۔۔ فِي السَّيْرِ او الحَفْرِ: دور تک جانا یا کھودنا۔
السَّحَاح: نرم عمدہ زمین۔
سَحَا (ف) سَحْوًا. النارَ تحتَ القِدْرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّخَب: شور۔
السِّخَاب: لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السِّخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے نا سمجھ پایا۔ ج سُخُب.
اِسْخَاتَ اِسْخِيتَاتًا. الجُرْحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السُّخْت السَّخِيت: سخت۔
السُّخْت: گھر دار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

السَّخْتُوْتُ: نادانی۔ بچکانہ۔
السَّخْتِيْتُ: باریک اڑتا ہوا غبار۔ ستو آٹا۔ شخص۔ کم گھی والا ستو۔
السَّخْتِيَان والسِّخْتِيَان: دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
سَخَرَهُ (ف) سِخْرِيًّا وسُخْرِيًّا وسُخْرَةً وتَسْخِيْرَةً واِسْتَسْخَرَهُ: بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا۔ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَةٌ) ج مَوَاخِر۔
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا وسُخُرًا وتَسْخَارًا وتَسَخَّرَ واِسْتَسْخَرَ۔ بِهِ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "أَنَا أَقُوْلُ هٰذَا ولَا أَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَةُ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار۔ بیگاری۔۔۔۔۔ والسُّخْرِيَّةُ: ٹھٹھا۔
المَسْخَرَةُ: وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامہ)
سَخِطَ (س) سَخَطًا۔ الرَّجُلُ وعَلَيْهِ: ۔۔۔۔۔ غضبناک ہونا۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔
أَسْخَطَهُ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَهُ: ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا۔۔۔۔۔ العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السَّخْطُ والسُّخْطُ والسَّخَطُ: ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوْطُ: منع۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَطُ والمَسْخَطَةُ: سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط۔
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَةً: کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ: باریک ہونا۔۔۔۔۔ السِّقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَهُ: کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَهُ: بے وقوفی میں مدد دینا۔
السَّخْفَةُ والسُّخْفَةُ: لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ سُخْفَةِ عَقْلِكَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
التَّسَخُّف: تنگ گزارہ کی زندگی (۔۔والسُّخْفُ): کم عقلی۔
السَّخِيْفُ: کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيْفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِيْفٌ: کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيْفُ العَقْلِ: ناقص عقل والا۔ رَأْيٌ سَخِيْفٌ: کمزور رائے۔ سَحَابٌ سَخِيْفٌ: پتلا بادل۔
السَّخِفَةُ: ہر چیز کی کمزوری۔
أَرْضٌ (مَسْخَفَةٌ): کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَهُ (ف) سَخْلًا: صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّيْءَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَهُ: عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
أَسْخَلَ۔ الأَمْرَ: پیچھے کرنا۔
السَّخِيْلُ: کمزور۔۔۔۔۔ مِنَ القَوْمِ: رذیل۔ ج سُخَّل وسُخَّال۔
السَّخْلَةُ: بکری کا بچہ۔ ج سَخْل وسِخَال وسُخْلَان وسِخَلَة۔
السُّخَالَةُ: بچورن۔ چھلکن۔
المَسْخُوْلُ: فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول اور اسی سے ہے "كَوَاكِبُ مَسْخُوْلَةٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخِمَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔۔۔۔۔ المَاءَ: پانی گرم کرنا۔۔۔۔۔ اللّٰهُ وَجْهَهُ: سیاہ رو کرنا۔۔۔۔۔ بِصَدْرِهِ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ۔ عَلَيْهِ: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السُّخْمُ: سیاہی۔
السُّخْمَةُ: سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُّخَام: کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ: کالی رات۔۔۔۔ السُّخَامِيُّ (والسُّخَامِيَّةُ): خوشگوار شراب۔
الأَسْخَمُ: کالا۔ مؤنث سَخْمَاءُ۔ ج سُخْم۔
السُّخَامِيُّ: کالا۔
السَّخِيْمَةُ: کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلْتُ سَخِيْمَتَهُ بِاللُّطْفِ والتَّرَضِّيْ" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيْمَتَهُ عَلَى طَرِيْقٍ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم۔
المُسَخَّمُ: منع۔ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُوْنَةً وسَخَانَةً وسَخَنًا وسُخْنًا وسُخْنَةً: گرم ہونا۔
سَخَنَهُ (ن) سَخْنًا۔ بِالضَّرْبِ: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا أَسْخَنَ ضَرْبَهُ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُوْنًا وسُخْنَةً عَيْنُهُ: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
أَسْخَنَ وسَخَّنَ۔ الشَّيْءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَسْخَنَ عَيْنَهُ وبِعَيْنِهِ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السُّخْنُ والسُّخْنَةُ والسِّخْنَةُ والسَّخْنَةُ والسُّخُوْنَةُ: گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْكَ بِالأَمْرِ عِنْدَ سَخَنَتِهِ" معاملہ کو اس کے ابتدا ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخْنُ والسُّخْنَان والسُّخْنَان والسَّخْنَان: گرم۔
مَاءٌ (سَخِيْنٌ): گرم پانی۔ ضَرْبٌ سَخِيْنٌ: تکلیف دہ مار۔ السِّخِّيْنُ: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِيْن۔
السَّاخِنُ: گرم۔ ج سُخَّانٌ: مؤنث سَاخِنَةٌ: کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاخِنَةٌ" گرم رات۔
السُّخَاخِيْنُ: گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِيْنٌ" گرم پانی (کلام عرب میں فعالیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَّخِيْنُ: ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَّخِيْنَةُ: ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

السَّاخِين: ہانڈیاں۔موزے۔چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے اس کا واحد نہیں اور یا تَسْخَن یا تَسْخَان واحد ہے۔)
المِسْخَنَة: ہانڈی۔ج مَسَاخِن.
سَخَا يَسْخُو وسَخِيَ يَسْخَى وسَخُوَ يَسْخُو سَخًا وسَخَاءً وسَخَاوَةً وسُخُوًّا وسُخُوَّةً: فیاض ہونا۔سخی ہونا۔کہا جاتا ہے "سَخَيْتُ نَفْسِي وسَخِيَتْ نَفْسِي عَنِ الشَّيْءِ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخَا النَّارَ يَسْخُوهَا سَخْوًا ويَسْخَاهَا سَخْوًا وسَخْيًا: راکھ نکال کر آگ جلانا...... القِدْرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا...... الرَّجُلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَسَاخَى وتَسَخَّى: بتکلف فیاض بننا۔
السَّخَاوَة: فیاضی۔بخشش۔
السَّخَاءَة: ایک قسم کی سبزی۔ج سَخَاء.
السَّخِيُّ: فیاض۔ج أَسْخِيَاء وسُخَوَاء: مؤنث سَخِيَّة۔ج سَخَايَا وسَخِيَّات.
الأَرْضُ (السَّخْوَاء): کشادہ نرم زمین۔ج سَخَاوِي وسَخَاوَى۔
أَرْضٌ (مَسْخَاوِيَة) نرم کشادہ زمین۔ج سَخَاوِيُّ.
مَسْخَى النَّارِ: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسْخَاة: کھچی۔آگ کی کریدنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا الإِنَاءَ: برتن بند کرنا...... الثُّلْمَةَ: رخنہ درست کرنا...... البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (ن ض) سَدًّا وسَدَادًا: درست ہونا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَسُدُّ فِي قَوْلِهِ" وہ ٹھیک بات کہتا ہے "قُلْتُ لَهُ سَدَادًا مِنَ القَوْلِ وسَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کی...... الشَّيْءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ الرُّمْحَ: سیدھا کرنا...... ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔
أَسَدَّ الشَّيْءُ: سیدھا ہونا...... الرَّجُلُ: راہ راست کو پانا یا طلب کرنا۔
تَسَدَّدَ: سیدھا ہونا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔
إِنْسَدَّ وانْسَدَّ إِنْسِدَادًا وانْسِدَادًا: بند ہونا۔
إِسْتَدَّ الشَّيْءُ: درست ہونا۔
السَّدُّ والسُّدُّ ج أَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔پہاڑ۔کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَلَيْهِ الأَرْضَ بِالأَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہوگئے ہیں۔السُّدُّ ج سِدَدَة: عیب جس کی وجہ سے آدمی پن کے...... والسُّدُّ ج سُدُود: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جَرَادٌ سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔والسُّدُّ ج سِدَدَة: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔وادی مسدّبة۔
كَلَامٌ (سَدَدٌ) صحیح و درست کلام۔
السَّدَد: مصدر۔درستی۔جو درست ہو۔
السَّدَاد: مصدر۔درستی و راستی۔ہدایت۔
السِّدَاد: ڈھکنا۔دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔
السِّدَادَة: ڈھکنا۔
السُّدَاد: ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔
رَجُلٌ (سَدَّاد): راہ راست پر رہنے والا مرد۔
السُّدَّة: دروازہ۔برآمدہ۔بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ج سُدَد۔
عَيْنٌ (سَادَّة): اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ج سُدَّد.
الأَسَدُّ ج سُدٌّ (السَّدِيد): ٹھیک درست۔حق کا قصد کرنے والا۔
المَسَدّ: بند کرنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّهُ" یعنی قائم مقام ہے۔
سَدَجَ (ن) سَدْجًا بِالشَّيْءِ: گمان کرنا۔(...... وتَسَدَّجَ: جھوٹ بولنا۔جھوٹی باتیں گھڑنا۔صفت (سَدَّاج)
إِنْسَدَجَ: اوندھا گرنا۔
سَدَحَهُ (ف) سَدْحًا: ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔پچھاڑنا...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو بٹھانا...... القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔سَدَحَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔(سَدَّحَهُ وسَدَّحَهُ) قتل کرنا۔
إِنْسَدَحَ: چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔
السَّادِح: ق۔بالدار۔صاحب فراخی و ارزانی۔مؤنث سادحة۔السادحة: گھنا ٹوپ بادل۔
السَّدِيح والمَسْدُوح: چت لیٹا ہوا۔
إِنْسَدَخَ: پھیلنا۔
سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا وسُدُورًا. الشَّعْرَ: بال لٹکانا...... الثَّوْبَ: کپڑا اٹھانا۔لٹکانا۔...... الرَّجُلُ فِي البِلَادِ: جا کر واپس نہ آنا۔
سَدِرَ (س) سَدَرًا وسَدَارَةً: حیران ہونا۔لاپروا ہونا...... البَصَرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔صفت (سَادِرٌ) کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ سَادِرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔
إِنْسَدَرَ. الشَّعْرُ: بال لٹکانا اور کہا جاتا ہے "يَتَسَدَّرُ يَعْدُو": وہ آہستہ دوڑ سے گھاٹ اترتا اور بیٹھ جاتا۔
تَسَدَّرَ. بِثَوْبِهِ: اوڑھ لینا۔
السِّدْر: بیر کا درخت۔ج سُدُور.
السِّدْرَة: بیر کا درخت۔ج سِدْرَات وسِدِرَات وسِدَرَات وسِدَر. وسِدْرَةُ المُنْتَهَى: ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے ملجا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کا انتہا یہیں تک ہے۔
السَّدِر: حیران۔سدر۔ناقة سدرة: بوڑھی اونٹنی۔

السِّدْرُ: پردہ کی مانند جو گھر کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار: بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيرُ: تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ مَسْدِيرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الأَسْدَرَانِ: آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ أَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّيْءَ: چھ پہل بنانا۔
أَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا ...... البَعِيرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْسُ: اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْسُ والسُّدُسُ: چھٹا حصہ۔ ج أَسْدَاسٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ: وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَسُ: آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادِسُ: فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِسَةٌ.
السُّدَاسِيُّ: چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے دحرجل۔ کہا جاتا ہے جَاءُوا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّنْدُسُ والسَّنْدُوسُ: سبز رنگ کی چادر۔
السَّدُوسُ: چراغ کی سیاہی۔
السَّدِيسُ: چھٹا حصہ۔ ج سُدُسٌ: چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّسُ: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔

المُسَدَّسُ: ریشمی لباس جس میں چھ کاریں ہوتے ہیں۔
سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا: ذبح کر کے پھیلانا ...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ٹکرانا۔
سُدِعَ: رنج و اذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعَةُ: رنج و اذیت۔
المِسْدَعُ: اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ (ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ...... الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعول (مَسْدُوفٌ)
أَسْدَفَ: سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ...... القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا ...... اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (أَسْدَفُ) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ...... الفَجْرُ: روشن ہونا ...... السِّتْرَ: پردہ اٹھانا ...... المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ اٹھانا۔ أَسْدَفَ عَنْ مَحَلِّهِ: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَفُ: تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج أَسْدَافٌ.
السَّدَفُ: وجود جو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوفٌ.
السُّدْفَةُ والسَّدْفَةُ: تاریکی۔ روشنی (ضد) السُّدْفَةُ: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے۔
السَّدِيفُ: کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سِدَافٌ. وسَدَائِفُ.
السِّدَافَةُ: پردہ۔
السَّدَقُ والسَّوْذَقُ سلق و سوذق کی تصحیف ہے۔
سَدِكَ (س) سَدْكًا وسَدَكًا. بالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِكٌ) بِهِ: کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا وسُدُولًا. الشَّعْرَ والثَّوْبَ: بال یا کپڑا لٹکانا ...... سَدَلَ الثَّوْبَ: کپڑا اچھاڑنا ...... فِي البِلَادِ: جانا۔
سَدِلَ (س) سَدَلًا. خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔
تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ: لٹکنا۔
سَوْدَلَ. الرَّجُلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔
السِّدْلُ: ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔
(...... والسُّدُلُ): پردہ۔ ج أَسْدَالٌ وأَسْدُلٌ وسُدُولٌ: کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللَّيْلُ سُدُولَهُ" رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھا گئی۔
السَّدَلُ: جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ سَدَلٌ إِلَى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔
السَّدِيلُ: ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُلٌ وأَسْدَالٌ وسَدَائِلُ.
شَعْرٌ (مُسْدَلٌ): بہت لمبے بال۔
السَّوْذَلُ: مونچھ۔
سَدَمَ (ن) سَدْمًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔
سَدِمَ (س) سَدَمًا: ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا ...... بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا ...... المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔
سَدَّمَ. المَاءَ حَوْلَ غَهْدِهِ: متغیر کر دینا۔ مَاءٌ (سُدُمٌ وسَدَمٌ وسِدَمٌ وسُدْمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لئے کہا جاتا ہے۔
مِيَاهٌ سُدُمٌ وأَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سَدِمٌ: غضبناک مرد۔
السَّدَمُ: ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدْمَانُ: ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَانُ نَدْمَانُ"۔

اَلسَّدِيْم: کرہ آسمانی پر دھم دکھائی دینے والے ستارے۔ اَلسَّدِيْم: تیز تلوار یا اس کی دھار۔

السَّدِيْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج سُدُم: گہرا یا باریک کہرا۔

سَدَن (ن ض) سَدْنًا وسِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة: کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وَآذِنُــــه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔

سَدَنَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

السِّـــدْن والسَّـــدَن. ج أَسْـــدَان. و(السَّدَوَان): پردہ۔

سِدَانَةُ. الْكَعْبَةِ: کعبہ کی خدمت۔

السَّدِيْن: چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَّدَّان: نہائی (صحیح لفظ سندان ہے)

سَدَا يَسْدُو سَدْوًا. بِيَدِهِ نَحْوَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی طرف سے ہاتھ بڑھانا۔۔۔۔۔ الصَّبِيُّ بِالْجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِي الْمَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

أَسْدَى إِسْدَاءً. النَّخْلُ: خلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً. بِيَدِهِ: ہاتھ بڑھانا۔۔۔۔۔ الصَّبِيُّ بِالْجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔۔۔۔۔ الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

السَّادِي: تانا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِيَةٌ. ج سَوَادٍ. النُّوقُ السَّوَادِي: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدِيَ يَسْدَى سَدًى. البُسْرُ: خلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ)۔۔۔۔۔ الأَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا۔۔۔۔۔ اللَّيْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِيَةٌ)۔۔۔۔۔

سَدَّى يُسَدِّي سَدْيًا. الثَّوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّى. الثَّوْبَ (تَسْدِيَةً): تانا تننا۔۔۔۔۔ إِلَيْهِ: احسان کرنا۔۔۔۔۔ مَعْرُوفًا: بھلائی کرنا۔

۔۔۔۔۔ الأَرْضُ: نمناک کرنا۔

أَسْدَى إِسْدَاءً. الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "أَلْحِمْ مَا أَسْدَيْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو۔۔۔۔۔ إِلَيْهِ: احسان کرنا۔۔۔۔۔ الأَرْضُ: نمناک کرنا۔۔۔۔۔ بينهما: اصلاح کرنا۔۔۔۔۔ الأَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّى تَسَدِّيًا. الشَّيْءَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: تانا تننا۔

السَّدَى: تانا۔ ج أَسْدِيَةٌ: نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (۔۔۔۔۔ والسَّدَاء): سبز کچی کھجور۔

السَّدَاةُ. مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

إِبِلٌ (سُدًى وسَدًى): بے کار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد و جمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ كَلَامُهُ سُدًى" اس کی گفتگو لغو بیکار گئی۔

الأُسْدِيُّ والأَسْدِيُّ: وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاةُ: تانا تننے کا آلہ۔

السَّـــذَاب: ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذْبَة: ایک قسم کا برتن۔

السَّـــاذَج: سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تجز بات۔

السَّذَاجَة: سادگی۔

السَّــــذَق: سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحراؤ بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّوْذَق السُّوذَاق والسَّوْذَقَــان والسَّوْذَقَان: کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَنِيْق: چست۔ چالاک۔ شکرا۔

السَّذَانِق والسَّوْذَنِيْق والسَّوْذَانِق: شکرا۔

سَرَّهُ (ن) سُرُوْرًا ومَسَرَّةً وسُرًّا وسُرَى وتَسِرَّةً: خوش کرنا۔

سَـــرَّهُ (ن) سَـــرًّا: ناف میں نیزہ مارا۔ الصَّبِيَّ: بچے کا نال کاٹنا۔۔۔۔۔ فُلَانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارک باد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا: ناف میں درد ہونا۔

سُــــرَّ سُـــــرُوْرًا: خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْرٌ)۔۔۔۔۔ الصَّبِيُّ: ولادت کے وقت نال کا کاٹا جانا۔

أَسَرَّهُ إِسْرَارًا: خوش کرنا۔۔۔۔۔ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد)۔۔۔۔۔ إِلَيْهِ بِكَذَا: چپکے سے بیان کرنا۔۔۔۔۔ إِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ وبِالْمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَهُ: خوش کرنا۔ سَرَّرَهُ سُرِّيَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں لغت سرّاہ بھی ہے۔

سَـــارَّهُ: پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَـــرَّرَ: لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تسرّی بھی ہے جیسے تظنّن میں تظنّی۔۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ. الْقَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارُّ زَيْدٍ إِلَى مَا تَكْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا: لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا۔۔۔۔۔ خَفَا: چھپنا۔۔۔۔۔ القَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے)۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: چھپانے میں مبالغہ کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: خوش ہونا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرّ بمعنى. کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرّ: ج أَسْرَار: بھید۔ راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الْأَحْرَارِ قُبُوْرُ الْأَسْرَارِ" احرار کے سینے بھید کے لئے قبریں ہیں۔ و"رَجُــــل

بسری" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔ "فلانٌ سِرُّ هذا الأمرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔ السِّرُّ: طریقہ۔ وسط۔ وادی کا درمیان۔ خالص چیز۔ عمدہ و افضل چیز۔ پاک و عمدہ زمین۔ قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ ج أَسِرَّةٌ: جیسے قِن کی جمع أَقِنَّةٌ۔

السِّرُّ و السُّرُّ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ ج أَسْرَار: ج ج أَسَارِير۔ الأَسَارِيرُ: چہرہ کی خوبیاں۔

السُّرُّ: نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ ج أَسِرَّة اور سُرّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

السَّرَرُ و السُّرَرُ: ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔ السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔ کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

السُّرَّةُ: گدست۔

السُّرَّةُ: نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ تک غذا پہنچتی ہے۔ ناف۔ ج سُرَّات و سُرَر۔ سُرَّةُ الوَادِي: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّةُ البَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّةُ الحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّةُ الفَرَسِ: ایک ستارہ۔ اِمْرَأَةٌ سُرَّةٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السُّرُورُ: خوشی۔ تازیو کی شاخیں۔

السَّرِيرُ: تخت۔ عموماً تخت شاہی کے لئے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِيرِهِ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوا أَسِرَّةَ رُؤُوسِهِمْ" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج أَسِرَّةٌ و سُرُرٌ۔

السَّرِيرَةُ: بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَيِّبُ السَّرِيرَةِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِر۔

السُّرِّيَّةُ: لونڈی جو ہم خوابی کے لئے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِيُّ: اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرٌّ: سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

البَرُّ: بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاءُ: خوشی۔ خوش حالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَدِيقٌ لَهُمْ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ أَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔ السَّرَّاءُ: مجوف نالی۔

السِّرَارُ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں۔ ج أَسِرَّةٌ۔ السِّرَارُ: قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّرَارُ: خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّهْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِي: وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّرَارَةُ: خالص نسب۔ وادی کا درمیان۔ سَرَارَةُ الشَّيْءِ: عمدہ خالص۔ ج سَرَار۔

السَّرَارَةُ: وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔ "هُوَ فِي سَرَارَةٍ مِنْ عَيْشِهِ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُورَاءُ: خوشی و خوش حالی۔

الأَسَرُّ: کھوکھلا چقماق۔ ...... مِنَ الرِّجَالِ: اچھی۔ زیادہ سوتا۔

المَسَرَّةُ: مص۔ خوشی۔ تازیو کی شاخیں۔ ج مَسَارّ۔

المِسَرَّةُ: ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسْرُورُ: خوش۔ مؤنث مَسْرُورَةٌ۔

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَأَتْ تَسْرِئَةً الجَرَادَةُ او السَّمَكَةُ او الضَّبَّةُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا ...... المَرْأَةُ: بہت اولاد والی ہونا۔

أَسْرَأَتِ السَّمَكَةُ: انڈے دینے والی ہونا۔

السِّرْءُ والسِّرْءُ والسِّرْأَةُ والسِّرْأَةُ: ٹڈی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّرُوءُ، مِنَ السَّمَكِ وَنَحْوِهَا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُوءٌ و سُرَّأ۔

أَرْضٌ (مَسْرُوءَةٌ): ٹڈیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوبًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا ...... الرَّجُلُ: جھپتے چلے جانا۔

الإِبِلُ: چرنے کے لئے جانا (...... سَرْبًا)

القِرْبَةُ: مشک بہنا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الإِنَاءُ: برتن چکنا ...... المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔

سُرِبَ: ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں کھینچنے سے تکلیف لاحق ہونا۔ صفت مَسْرُوب۔

سَرَّبَ۔ الإِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔

إِلَيَّ الأَشْيَاءَ: ایک کے بعد ایک دینا ......

الشَّاقِرَ: دائیں بائیں کھودنا ......

القِرْبَةَ: مشک میں پانی ڈالنا (...... و أَسْرَبَ)

المَاءَ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے بھر جانا۔

...... الوَحْشُ فِي جُحْرِهِ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

إِنْسَرَبَ: سوراخ میں داخل ہونا۔

...... المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔

السَّرْبُ: مص۔ جانور۔ جانب۔ سینہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلًّى السَّرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَهُ سَرْبَهُ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّرْبُ: ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار۔ عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج أَسْرَاب۔

السَّرَبُ: وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ۔ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج أَسْرَاب۔

الشَّرِب: پینے والا پانی۔ مَزَادَةٌ شَرِبَةٌ: پینے والی مشک۔
الشَّرْبَةُ: قریب کا سفر۔ مشک کی سیون۔
الشُّرْبَةُ: ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج شُرَب۔
السَّـــرَاب: وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا عکس نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے جھوٹ اور مکروفریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَاب" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِب: فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَّرُوْب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب. ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لِلْوُحُوشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ وَمَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْـــرَبُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْـــرُبَة والمَسْـــرَبَة: چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ وبر۔ ج مَسَارِب۔
المُنْسَرِب: بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔
سَـــرْبَخَ. الرَّجُلُ: خفیف وسبک ہونا۔ آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔
السَّـــرْبَخ: کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قَفْرٌ (سِرْبَاخٌ وَمُسَرْبَخٌ): بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ: کرتا پہنانا۔
تَسَرْبَلَ. بِالسِّرْبَال: کرتا پہنانا۔
السِّرْبَال: کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرَابِيل۔
سَرَجَ (ن) سَرْجًا: جھوٹ بولنا...... المَرْاَةَ ضَفْرَهَا: چوٹی بنانا۔
سَـــرِجَ (س) سَـــرَجًـــا: جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ. الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَهُ اللّٰهُ: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا...... الحَدِيثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ اُسْـــرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ "وَاِنَّـــهُ لَيُسَـــرِّجُ الاَحَـــادِيثَ تَسْـــرِيْجًا": وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں "سَرَّجَ الثَّوْبَ": اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ شین معجمہ سے ہے۔
اَسْرَجَ. الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا۔ ...... السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَيْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَّرْج: زین۔ ج سُرُوج۔
السِّـــرَاج: چراغ۔ ج سُـــرُج۔ سِـــرَاجُ اللَّيْلِ: جگنو۔
السِّـــرَج: تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّـــرَّاج: جھوٹا۔ زین ساز و (السِّـــرَاجَةُ): زین سازی کا پیشہ۔
السُّـــرَيْجِيَّات: سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المَسْرَجَة: چراغ دان۔ ج مَسَارِج۔
المِسْرَجَة: چراغ۔ ج مَسَارِج۔
السَّرْجَم: لمبے قد والا۔
السِّرْجِن والسِّرْجِين والسِّرْجُون: گوبر۔
سَـــرَحَـــتْ (ف) سَـــرْحًـــا وسُـــرُوْحًـــا. السَّـــوَاشِـــي: جانوروں کا چرنے کے لئے جانا۔ ...... السَّيْـــلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (...... سَرْحًا) المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ سَرَّحَهُ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
سَرِحَ (س) سَرَحًا. الرَّجُلُ: کسی کام اچھے امور کے لئے نکلنا۔
سَـرَّحَ. المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا...... القَوْمَ: آزاد کرنا۔ چھوڑ دینا ...... الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّـــرَاح): ہے۔ اِلَيْهِ رَسُوْلاً: پیغامبر بھیجنا...... الاَمْرَ: آسان کر دینا۔ ...... اللّٰهُ فُلاَنًا لِلْخَيْرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ ...... الشَّعْرَ: کنگھا کرنا...... عنه: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَـــرَحَـــتْ. الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا...... الـــرَّجُلُ: چیت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ. مِنَ المَكَانِ: نکلنا...... عَنْهُ: کشادگی کیا جانا...... الـــكَتَّـــانُ: کتان کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّـــرْح: مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوح۔
السَّـــرْحَة: جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَيْلٌ (سُرُحٌ وَنَاقَةٌ سُرُحٌ): تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْيَةٌ سُـــرُحٌ: نرم چال۔ عَـــطَـــاءٌ سُـــرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السِّـــرْحَان: بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَـــرَاحٍ وسَـــرَاحِيْن۔ ذَنَبُ السِّرْحَان: فجر کاذب۔
السِّرْحَانَة. سِرْحَان: کا مؤنث۔
السَّرِيْح. مِنَ الاُمُوْرِ: آسان۔ جلدی کیا ہوا۔ جلدی۔ والسَّرِيْحُ مِنَ الخَيْلِ: تیز چلنے کا گھوڑا۔
السَّـــرِيْـــحَة: تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے۔ کپڑا کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح۔
السَّـــارِح: فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چرائے۔ جانور۔ مؤنث سَـــارِحَةٌ اور کہا جاتا ہے "مَا لَهُ سَارِحَةٌ وَلاَ رَائِحَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
المَسْرَح. ج مَسَارِح و (المَسْـــرَحَة)

: کنگھی۔ بال یا کتان وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔

المَسْرَح: چراگاہ۔ ج مَسَارِح۔

اَلْمَسْرَحُ: وہ جگہ جہاں کہانیوں کو ڈراموں میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس کو طھر مسح پڑھنا غلط ہے۔

المُنْسَرِح: اوزان شعر کا ایک وزن (.....السِرْيَاحِ) مِنَ الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رَجُلٌ سِرْيَاحٌ: لمبا مرد۔

السِرْيَاح: ٹڈی۔

السَرَاح، تَسْرِيح: کا اسم۔ کہا جاتا ہے "بِالعَمَلَةِ فِي سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔

السُرْحُوب: گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء۔ ج سَرَاحِيب۔

السِرْحَال: بھیڑیا۔

سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا وسِرَادًا۔ الجِلْدَ: چمڑے کو سینا...... الشَیْءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا...... الدِرْعَ: زرہ بننا...... الحدیثَ او القِرَاءَةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا...... الصَوْمَ: پے در پے روزے رکھنا...... الکِتَابَ: جلدی سے پڑھنا۔

سَرَدَ وسَرِدَ (س) سَرَدًا: لگاتار روزے رکھنا۔

سَرَدًا وأَسْرَدَ. الأَدِيمَ ونحوَهُ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا...... النَخْلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔

تَسَرَّدَ. اللُؤْلُؤُ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَرَّدَ دَمْعُهُ كَمَا يَتَسَرَّدُ اللُؤْلُؤُ": اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔

شَارَطَہٗ: باہم شرط لگانا۔
اَشْرَطَ۔ الْاِبِلَ: اونٹ کو فروخت کرنے کے لئے نشان لگا کر جدا کرنا...... اِلَیْہِ رَسُوْلًا: جلدی اس کی بھیجنا...... نَفْسَہٗ اَوْمَالَہٗ فِیْ اَمْرٍ: پیش کرنا...... نَفْسَہٗ لِکَذَا: تیار کرنا۔ آمادہ ہونا...... بِالشَّیْ وَفِیْہِ: جلا کھانا اور شرط لگانا۔
تَشَرَّطَ۔ فِیْ الْعَمَلِ: اچھی طرح غور کرنا۔ اپنے اوپر غیر ضروری شرطیں لگانا۔
تَشَارَطَا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ شرط لگانا۔ تَشَارَطُوْا عَلَی الشَّیْ: التزام شرط کرنا۔
اِشْتَرَطَ۔ لَہٗ کَذَا: شرم لازم کرنا۔
اِسْتَشْرَطَ۔ المَالُ: درستی کے بعد خراب ہونا۔
الشَّرْط: بمعنی۔ کسی چیز کا لازم کرنا۔ ج شُرُوط: کپت۔ بیج۔ ج اَشْرَاط۔
الشَّرَط: بمعنی۔ علامت۔ ہر چیز کا اول۔ ہر چھوٹی نالی۔ ردی مال۔ چھوٹے چھوٹے مال۔ ج اَشْرَاط۔ الاَشْرَاط: رذیل لوگ۔ شریف لوگ (ضد) کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ شَرَطِ النَّاسِ واَشْرَاطِھِمْ" وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے۔
الشُّرْطَۃُ: شرط جو تم لگاؤ۔ فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں آئے۔ شُرْطَۃُ: کُلِّ شَیْ: عمدہ وبہترین...... والشُّرْطِیُّ شُرَط کے واحد ہیں۔ شُرَط کے معنی والی کے اعوان و انصار لوگ اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔
الشُّرَط: فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ میں حاضر ہو اور موت کے لئے تیار ہو۔
الشَّرِیْط: شرط۔ پوست خرما کی بٹی ہوئی رسی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں۔ ڈبہ جس میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے۔ ج شُرُط۔
الشَّرِیْطَۃُ: شرط۔ پھٹے ہوئے کان والا اونٹ۔ ج شَرَائِط۔
اَشْرَطُ۔ النَّاسِ: رذیل آدمی۔
المِشْرَط والمِشْرَاط والمِشْرَطَۃ: نشتر ج مَشَارِط ومَشَارِیْط۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا۔ لِلْقَوْمِ: قانون بنانا۔ شریعت جاری کرنا...... لَھُمُ الطَّرِیْقَ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرَعَ اللّٰہُ لَنَا کَذَا یَشْرَعُہٗ" یعنی خدا نے ہمارے لئے اپنا ظاہر کیا...... الرَّجُلُ: حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا...... البَیْتُ: گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا۔
البَابَ اِلَی الطَّرِیْقِ: دروازہ کو کھلے ہوئے راستہ کی جانب کرنا...... الحَبْلَ: رسی کی گرہ کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا۔
...... الشَّیْ: بہت بلند کرنا۔
شَرَعَ (ف) شَرْعًا: شُرُوْعًا۔ فِی المَاءِ: پانی میں داخل ہونا یا اوک سے پینا۔
...... الوَارِدُ: پانی کو منہ لگا کر پینا...... المَاشِیَۃَ: جانور کو پانی پر لے جانا...... الاَمْرَ: کام شروع کرنا...... فِی الاَمْرِ: کام میں مشغول ہونا...... الرِّمَاحَ فَشَرَعَتْ ھِیَ: نیزے کو کسی کی جانب سیدھا کرنا اور سیدھا ہونا۔ (لازمی ومتعدی)
الطَّرِیْقُ: راستہ ظاہر ہونا...... بِفُلَانٍ: کسی کو پانی پر لے جانا...... فُلَانٌ عَنْھَا: قریب ہونا اور جھانکنا۔ شَرَعَ یَضْرِبُ: مارنے لگنا۔ (افعال مقاربہ سے ہے۔)
شَرَّعَ واَشْرَعَ۔ الطَّرِیْقَ: راستہ ظاہر کرنا۔
...... ہٗ فِی المَاءِ: پانی میں داخل کرنا۔ شَرَّعَ الحَبْلَ: رسی کی گرہ کھولنا۔ شَرَّعَ السَّفِیْنَۃَ: کشتی میں بادبان لگانا۔ اَشْرَعَ بَابَہٗ اِلَی اَوْ عَلَی الطَّرِیْقِ: راستہ کی طرف دروازہ کھولنا۔ اَشْرَعَ عَلَیْہِ الرُّمْحَ: کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا۔
اَشْرَعَ الشَّیْ: بہت بلند کرنا۔
اِشْتَرَعَ۔ الشَّرِیْعَۃَ: قانون بنانا۔ شریعت

جاری کرنا۔
الشَّرْعُ : مص۔ اللہ کے مقرر کردہ احکام اور کہا جاتا ہے "شَرْعُکَ مَا بَلَّغَکَ الْمَحَلَّ" یعنی تمہارے لئے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا دے اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو تھوڑے پر قناعت کرنے کے لئے برانگیختہ کرتا ہو ...... الشِّرْعُ والشَّرَعُ : مثل۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِیْ هٰذَا شَرْعٌ وَاحِدٌ وَهُمْ فِیْ هٰذَا شَرْعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں۔ الشِّرْعُ : جوتے کا تسمہ۔
الشُّرْعَةُ والشِّرْعَةُ : تانت۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا عَلَی الشَّرْعِ" انہوں نے تانت کو بجایا۔ الشِّرْعَةُ : تانا پرندوں کے شکار کرنے کا جال۔ شریعت۔ مثل۔ پانی کی طرف راستہ۔ عادت۔ ج شِرْعٌ شِرَعٌ وشِرَاعٌ۔
الشَّرَعَةُ : کشتی۔ ج اَشْرَاعٌ۔
الشَّرِيْعُ : بہادر۔ عمدہ کتان ...... مِنَ اللِّيْفِ : درخت خرما کی چھال کے کانٹے جو سخت ہو گئے ہوں۔
الشَّرِيْعَةُ : طریقہ۔ اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام۔ چوکھٹ۔ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ ج شَرَائِعُ۔ نَهْرُ الشَّرِيْعَةِ : دریائے اُردن۔
الشَّارِعُ : اسم فاعل۔ مؤنث شَارِعَةٌ۔ ج شُرَّعٌ وشُرُوْعٌ وشَوَارِعُ : کہا جاتا ہے "اِبِلٌ شُرَّعٌ وشَوَارِعُ" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ۔ بَيْتٌ شَارِعٌ : وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔ والشَّارِعُ ج شَوَارِعُ : سڑک۔ عام راستہ۔ رِمَاحٌ شَارِعَةٌ وشَوَارِعُ : کسی کی جانب سیدھے کئے ہوئے نیزے۔ الشَّوَارِعُ مِنَ النُّجُوْمِ : غروب کے قریب ستارے۔
اَنْفٌ (اَشْرَعُ) : لمبے بانسے والی ناک۔
الشِّرَاعُ : ہر وہ چیز جو بلند اور کھڑی کی جائے۔ بادبان۔ تانت جب تک کہ کمان پر لگی رہے۔ اونٹ کی گردن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شِرَاعُ الْاَنْفِ" لمبے بانسے کی ناک والا مرد۔ ج اَشْرِعَةٌ وشُرُعٌ۔
الشَّرَاعَةُ : دلیری۔
الشَّرَّاعُ : عمدہ کتان بیچنے والا۔
الشَّرْعِيُّ : مطابق شریعت۔
الشَّرَاعِيُّ مِنَ الْاِبِلِ : لمبی گردن والا اونٹ۔
الشَّرَاعِيُّ مِنَ الرِّمَاحِ : لمبے نیزے۔ ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔
تَثْنِيَةُ الْاِشْتِرَاعِ : توریت کا پانچواں باب۔
الْمَشْرَعُ والْمَشْرَعَةُ والْمَشْرُعَةُ : دریا کے کنارے رہنے والوں کے لئے گھاٹ۔ ج مَشَارِعُ۔
الْمُشَرَّعُ مِنَ الْبُيُوْتِ : بلند مکان۔
الْمَشْرُوْعُ : سیدھا کیا ہوا۔ جس کو شریعت جائز رکھے۔ والْاَمْرُ الْمَشْرُوْعُ : وہ کام جس کو تم شروع کرو۔
شَرْعَبٌ اَلْاِبِهَامُ : لمبا کاٹنا۔
الشَّرْعَبُ : لمبا۔
الشَّرْعَبِيُّ : ایک قسم کی چادر۔ لمبا خوبصورت جسم والا۔
الشُّرْعُوْبُ : ایک قسم کی گھاس۔
الشِّرْعَافُ : تر کھجور کے شگوفے کا پوست۔
الشُّرْعُوْفُ : ایک قسم کی گھاس۔
الشِّرْغُ والشَّرَغُ : چھوٹا مینڈک۔
الشُّرْغُوْفُ : ایک قسم کی گھاس۔ چھوٹا مینڈک۔
شَرَفَهُ (ن) شَرْفًا : کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا۔ صفت مفعول (مَشْرُوْفٌ) ......
الْحَائِطُ : دیوار میں کنگرہ بنانا۔
شَرُفَ (ک) شَرَافَةً وشَرَفًا : دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب عزت ہونا۔ (شَرُفَتِ النَّاقَةُ شُرُوْفًا) بوڑھی ہونا۔
شَرِفَ (س) شَرَفًا : بلند ہونا۔
شَارَفَهُ : شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
شَارَفَ الْمَكَانَ : چڑھنا ...... الشَّيْءَ : اوپر سے جھانکنا۔ قریب ہونا۔
شَرَّفَهُ : تعظیم کرنا۔ بزرگی دینا۔ عزت کرنا۔
شَرَّفَ الْبَيْتَ : کنگرہ بنانا ...... الْمَكَانَ : چڑھنا۔
اَشْرَفَ الشَّيْءُ : بلند ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا ...... الْمَكَانَ : چڑھنا ...... عَلَيْهِ : اوپر سے جھانکنا ...... لَکَ الشَّيْءُ : ممکن ہونا۔ قدرت و طاقت میں ہونا ...... عَلَی الْمَوْتِ : قریب الموت ہونا ...... عَلَيْهِ : ڈرنا یا مہربانی کرنا۔
اَشْرَفَتِ الْعَيْنُ : تیز دوڑنا ...... نَفْسُهُ عَلَی الشَّيْءِ : حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔
تَشَرَّفَ الْبَيْتُ : کنگرے دار ہونا ...... الرَّجُلُ : عزت پانا ...... بِکَذَا : باعث عزت جاننا ...... الْمَكَانَ : چڑھنا ...... الشَّيْءَ : ہاتھوں سے آڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اٹھا کے دیکھنا ...... لِلشَّيْءِ : جھانکنا ...... عَلَی الشَّيْءِ : اوپر سے جھانکنا۔
تُشُرِّفَ الْقَوْمُ : ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔
اِخْتَرَفَ : سیدھا کھڑا ہونا۔
اِسْتَشْرَفَ : سیدھا کھڑا ہونا ...... الشَّيْءَ : ہاتھ کی آڑ کر کے نظر اٹھا کے دیکھنا۔
اِسْتَشْرَفَهُ حَقَّهُ : ظلم کرنا۔ حق مار لینا ...... الْخَيْلَ : محبوب سے حال لینے کے لئے دیکھ بھال کرنا۔
الشَّرَفُ : مص۔ عزت و بزرگی۔ بلندی ...... بلند مکان۔ ناک۔ ج اَشْرَافٌ۔ شَرَفُ الْبَعِيْرِ : کوہان۔ الشَّرَفُ : شریف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرَفُ قَوْمِهِ وَكَرَمُهُمْ" وہ قوم کا شریف ہے۔
الشَّرْفَةُ : خاندانی شرافت۔
الشُّرْفَةُ مِنَ الْقَصْرِ : کنگرہ۔ ج شُرَفٌ والشُّرْفَةُ مِنَ الْمَالِ : عمدہ مال اور کہا جاتا ہے "اُعِدُّ زِيَارَتَكُمْ شُرْفَةً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں۔
الشَّرَفَةُ، شَرَفَاتٌ : کا واحد۔ شَرَفَاتُ الْ...

شکلیں یا برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار
کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔
التَّشْرِيفُ: فا۔ تقریب شرف حاصل کرنے
والا۔ سَهْمٌ شَارِفٌ: پرانا تیر۔ خَلٌّ شَارِفٌ:
پرانی شراب کا سرکہ۔۔۔۔ مِنَ النُّوقِ: بوڑھی
اونٹنی۔ ج شُرُفٌ وشُرَّفٌ وشُرُوفٌ
وشُرَّافٌ۔
الشَّارِفَةُ: شارف کا مؤنث۔ بوڑھی اونٹنی۔
ج شَارِفَاتٌ وشَوَارِفُ۔
الشَّوَارِفُ: شراب کے برتن۔ مٹکا وغیرہ۔
الشُّرْشُوفُ: جھاڑو۔
الشَّرِيفُ: شرف وعزت والا۔ ج شُرَفَاءُ
وأَشْرَافٌ: مؤنث شَرِيفَةٌ۔ ج شَرَائِفُ
وشَرِيفَاتٌ۔ حَارِكٌ شَرِيفٌ: بلند مونڈھا۔
مَشَارِفُ الإِنْسَانِ: انسان کے ناک کان۔
الأَشْرَفُ: اسم تفضیل۔ چوڑا۔ القصر
أَشْرَفُ: مؤنث شَرْفَاءُ۔ ج شُرْفٌ: کنگرہ
دار یا برجی والا محل۔ رَجُلٌ أَشْرَفُ: بلند
کانوں والا مرد۔ مَنْكِبٌ أَشْرَفُ:
بلند مونڈھا۔
الشَّرْفَاءُ: أَشْرَفُ کا مؤنث۔۔۔ مِنَ الآذَانِ
: لمبا کان۔
المُشْرِفُ مِنَ الأَمَاكِنِ: بلند جگہ۔
المَشْرَفُ: جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشَارِفُ۔
مَشَارِفُ الأَرْضِ: زمین کی بلند جگہیں۔
المَشْرَفِيُّ: عرب کے ان دیہات کی طرف
منسوب ہیں جو مَشَارِفُ الشَّامِ: کے نام
سے موسوم ہیں اور اسی سے ہے "السُّيُوفُ
المَشْرَفِيَّةُ" اور جو لبعض السُّيُوفُ
المَشْرَفِيَّةُ" یمن کے ایک علاقہ کی طرف
منسوب ہیں۔ مَشَارِفُ الشَّامِ کی طرف
نہیں۔
المُسْتَشْرِفُ: بلند۔
شَرَقَ (ن) شَرْقًا. الشَّاةَ: بکری کے کان کو
لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شَرْقَاءُ)۔۔۔۔
الشَّيْءَ: کاٹ لانا۔
شَرَقَتْ (ن) شَرْقًا وشُرُوقًا. الشَّمْسُ:
آفتاب طلوع ہونا۔۔۔۔ النَّخْلُ: درخت خرما
پر کھجور کا گدر ہونا۔
شَرِقَ (س) شَرَقًا. بِرِيقِهِ: اچھو لگنا۔
شَرِقَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا سرخ ہونا۔۔۔۔ لَوْنُهُ:
شرم کی وجہ سے سرخ ہونا۔۔۔۔ الجُرْحُ بِالدَّمِ:
زخموں کا خون سے بھرنا۔۔۔۔ الدَّمُ فِي عَيْنِهِ:
آنکھ میں خون ظاہر ہونا۔۔۔۔ المَوْضِعُ بِأَهْلِهِ
: جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا
۔۔۔۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب
ہونا۔۔۔۔ الشَّيْءُ: گلوط ہونا۔۔۔۔ الأَرْضُ: پانی
جاری ہونے کے ناقابل ہونا۔۔۔۔ الشَّاةُ:
لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔
شَرَّقَ: مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار
خوبصورت چہرے والا ہونا۔۔۔۔ اللَّحْمَ:
گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک
کرنا۔۔۔۔ البِنَاءَ: چونے وغیرہ سے لیپنا
۔۔۔۔ الشَّيْءَ بِالزَّعْفَرَانِ: کسی چیز کو زعفران
سے رنگنا۔
أَشْرَقَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا طلوع ہونا۔
چمکنا۔ أَشْرَقَ وَجْهُهُ: چمکدار ہونا
۔۔۔۔ المَكَانُ: سورج کی چمک سے روشن
ہونا۔
۔۔۔۔ الرَّجُلُ: طلوع آفتاب کے وقت داخل
ہونا۔ أَشْرَقَتِ الشَّمْسُ المَكَانَ: روشن
کرنا۔ الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ: گہرا رنگنا۔ أَشْرَقَهُ
بِرِيقِهِ: اچھو لگانا۔۔۔۔ النَّخْلُ: درخت خرما پر
کھجور کا گدر ہونا۔
تَشَرَّقَ: دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا۔
اِنْشَرَقَتِ القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِيرَاقًا. العَيْنُ بِالدَّمْعِ:
آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔
الشَّرْقُ: مص۔ آفتاب طلوع ہونے کی
جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "مَا دَخَلَ شَرْقٌ
بِيَ شَيْءٌ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ
داخل نہیں ہوا۔ ج أَشْرَاقٌ (۔۔۔۔
والشَّرْقُ) روشنی جو دروازے کی دراز سے
داخل ہو۔
الشَّرَقُ: مص۔ آفتاب۔
الشَّرْقَةُ. شَرِقَ: کا اسم مرۃ۔ تم کہتے ہو
"تَصَلَّقَهُ شَرْقَةٌ كَادَ يَمُوتُ مِنْهَا" اس کو
اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہو
گیا۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے
کی جگہ (۔۔۔۔ والشَّرْقَةُ) آفتاب جبکہ طلوع
ہو۔
الشَّرِيقُ: آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت
لڑکا۔ ج شُرُقٌ۔
التَّشْرِيقُ: مص۔ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ: عید الاضحیٰ
کے بعد تین دن۔ اس لئے کہ ان دنوں میں
قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔
التَّشْرِيقُ: عید کی نماز اس لئے کہ طلوع
آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشَّارِقُ: فا۔ آفتاب بوقت طلوع۔ کہتے ہیں
"لَا أُكَلِّمُكَ مَا ذَرَّ شَارِقٌ" میں تم سے
گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع
ہو اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی
اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کی
شرقی جانب۔ ج شُرُقٌ۔
الشَّارُوقُ: چوبارا کھلا ہوا۔
المَشْرِقُ والمَشْرَقُ والمَشْرُقُ: طلوع
آفتاب کی جگہ یا جہت۔ ج مَشَارِقُ۔
المَشْرَقَةُ والمَشْرُقَةُ والمَشْرِقَةُ
والمِشْرَاقُ والمِشْرِيقُ: جاڑے کے زمانہ
میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرِيقُ
البَابِ: دروازے کی دراز جس میں طلوع
آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
المِشْرَاقُ: وہ شخص جس کی عادت ہو کہ
دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کر دے۔
المُشَرَّقُ: مصلیٰ۔ چونہ وغیرہ سے پلستر کیا ہوا۔
الشِّرِقْرِقُ والشِّرِقْرَاقُ والشِّقِرَّاقُ
والشِّقْرَاقُ: ایک چھوٹا پرندہ جس کو "أَخْيَلُ"
بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو "شَقْرُقٌ" کہتے
ہیں۔
شَرِكَ (س) شَرَكًا. النَّعْلُ: تسمہ ٹوٹنا۔
شَرِكَهُ (س) شَرِكًا وشِرْكًا وشِرْكَةً

شَارَى مُشَارَاةً وَشِرَاءً. الرَّجُلَ: باہم خرید فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

اِشْتَرَى: خریدنا۔ بیچنا۔

تَشَارَى تَشَارِيًا. الرَّجُلَانِ: باہم غضبناک ہونا۔

تَشَرَّى تَشَرِّيًا: متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔

اِسْتَشْرَى اِسْتِشْرَاءً. الْفَرَسُ فِي سَيْرِهِ: تیز دوڑنا ..... الرَّجُلُ فِي الْأَمْرِ: اصرار کرنا۔ اِسْتَشْرَتِ الْأُمُورُ: بڑا اور دشوار ہونا ..... الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

اِشْرَوْرَى اِشْرِيرَاءً: مضطرب ہونا۔

الشَّرْيُ: اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے "لِفُلَانٍ طَعْمَانِ أَرْيٌ وَشَرْيٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ درخت خرما جو تنے سے اُگا ہو۔ واحد (شَرْيَةٌ)

الشِّرَاءُ۔ ج أَشْرِيَةٌ و(الشِّرَى) خرید فروخت۔

الشَّرَاةُ: طرف۔ جانب۔

الشَّرَى: پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج أَشْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "دَخَلُوا أَشْرَاءَ الْحَرَمِ" وہ لوگ حرم کے اطراف میں داخل ہوئے۔ الشَّرَى: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں (..... والشَّرَاةُ) بڑی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "إِبِلٌ شَرَاةٌ" یعنی عمدہ اونٹ۔

الشَّرِيُّ مِنَ الْخَيْلِ: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا۔

الشَّرِيَّةُ. الشَّرِيُّ: کا مؤنث۔ طریقہ۔ طبیعت۔ روش۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔

الشَّرْوَى: مثل یہ لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَرْوَاكَ وَهُمَا وَهُمْ وَهُنَّ شَرْوَاكَ" یعنی تمہارے مثل ہیں اور کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَا يَمْلِكُ شَرْوَى نَقِيرٍ" وہ حقیر کی برابر بھی کسی چیز کا مالک نہیں۔ تحقیر کے لئے بطور مثال کے بولا کرتے ہیں اور نقیر اس گڑھے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔

الشِّرْيَانُ: ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بناتے ہیں۔ اُچھلنے والی رگ جس میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَايِينُ۔

الشَّرَايِينُ: جسم کی باریک رگیں۔

الشَّارِي: اسم فاعل۔ ج شُرَاةٌ۔ زمانہ حال کے علاوہ اس کلمہ کو بخل پر دلالت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ الشُّرَاةُ: خوارج۔

الْمُشْتَرِي: خریدار۔ ایک سیارہ کا نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔

شَرْيَفَ. الزَّرْعَ: کھیت کے بڑھے ہوئے مضر پتوں کو کاٹنا۔

الشِّرْيَافُ: کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے جو مضر ہوں۔

شَزَّ (ض) شَزَازَةً: بہت خشک ہونا۔ صفت (شَزٌّ وشَزِيزٌ)

شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا وشُزُوبًا: کمزور ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ" رنگ بدلا ہوا لاغر و خشک مرد۔ ج شُزَّبٌ وشَوَازِبُ۔

شَزَّبَ. الْفَرَسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔ چھریرا بنانا۔

تَشَازَبَ. الْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ وَغَيْرِهِ: اپنے حصہ کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مُتَشَازِبُونَ" وہ لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔

الشَّزَبَةُ: اسم مرہ۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔

الشُّزْبَةُ مِنَ الْأُتُنِ: دبلی پتلی گدھی۔ الشُّزْبَةُ. فرصت: کہا جاتا ہے "مَضَتْ شُزْبَتُهُ" اس کی فرصت کا موقع نکل گیا۔

الشَّزِيبُ: لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ ہوئی ہو۔ کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُوبٌ۔

الشُّزُوبُ: علامت۔

شَزَرَ (ض) شَزْرًا. الرَّجُلَ وَإِلَيْهِ: غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا ..... فُلَانًا: دائیں بائیں سے نیزہ مارنا۔ نظر بد لگانا۔

شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا واسْتَشْزَرَ. الْحَبْلَ: رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الْحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔ اِسْتَشْزَرَ الشَّيْءَ: بلند کرنا ..... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔

أَشْزَرَهُ. اللهُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔

تَشَزَّرَ: غضبناک ہونا ..... لِلْقِتَالِ: آمادۂ جنگ ہونا۔

شَازَرَهُ مُشَازَرَةً: دشمنی کرنا۔

تَشَازَرَ الْقَوْمُ: ترچھی نظر سے ایک دوسرے کو دیکھنا۔

الشَّزْرُ: بغض۔ سختی۔ دشواری۔ کہا جاتا ہے "غَزْلٌ شَزْرٌ" ناہموار کتا ہوا سوت۔

الشَّزَرُ والشُّزْرَةُ: آنکھ کی سرخی۔

الْأَشْزَرُ: سرخ۔ عَيْنٌ شَزْرَاءُ: غصہ کی وجہ سے سرخ آنکھ۔

شَزِنَ (س) شَزَنًا. الرَّجُلُ: چست ہونا۔

تَشَزَّنَ. الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ ..... لَهُ فِي الْخُصُومَةِ: جھگڑے میں سختی برتنا۔

..... لِلسَّفَرِ: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا۔

(..... تَشْزِينًا وتَشْزِينًا) الرَّجُلَ: پچھاڑنا۔ ..... الشَّاةَ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔

الشَّزَنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشَّزَنُ والشُّزُنُ: سختی۔ جانب دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ الْعَيْشِ: زندگی کی سختی۔

الشَّزَنَةُ مِنَ النِّسَاءِ: بخیل عورت۔

الشُّزُنُ: چوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔

الشُّزُونَةُ: سختی۔

شَزَا يَشْزُو شُزُوًّا: بلند ہونا۔

شَسَّ (ض) شُسُوسًا. الشَّيْءُ: خشک ہونا۔

الشَّاسُّ: لاغر ضعیف و خشک۔

الشَّسُّ: سخت زمین جو ایک پتھر کی طرح معلوم ہو۔ ج شِسَاسٌ وشُسُوسٌ

کی خوبصورتی اور اعتدال۔
الشاطئة: فا۔ رَجُلٌ شَاطِئٌ: سڈول بدن والا مرد۔ مؤنث شاطئة۔
شَطَأَ (ف) شَطْأً وشُطُوْءًا: کنارہ پر چلنا ...... بالناقة بالحمل: جانور پر بوجھ لادنا۔ ...... فلانًا: مغلوب کرنا ...... الأم بالولد: بچہ گرا دینا ...... وتَشَطَّأَ) الزرع: کھیتی میں خوشہ نکلنا۔ أشْطَأَ الشجر بغصونه: درخت میں ٹہنی نکلنا۔ أشْطَأَ الرجل: زکام والا ہونا۔ أشْطَأَ الوادي: دونوں کناروں پر بہنا۔ کہتے ہیں "سلنا الوادي كذا فوجدناه مُشْطِئًا" ہم فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا۔
شَطَّأَ تَشْطِئَةً. النهر: دونوں کناروں پر بہنا۔
شاطأه: ایک دوسرے کے ساتھ دریا کے کنارے پر چلنا۔
الشَّطْءُ: کنارہ۔ ج شُطُوْء (والشَّطْأ) کھیتی کے پتے یا خوشہ۔ درخت خرما کے پودے۔ ...... من الشجر: شاخیں جو درخت کی جڑ میں نکل آئیں۔ ج أشْطَاء۔
الشُّطْأَة: زکام۔
الشاطئ: ...... من النهر: جانب۔ تم کہتے ہو "شاطئ الأودية" اس کی جمع نہیں آتی۔ ...... من البحر: کنارہ۔ ج شَوَاطِئ وشُطْآن۔
شَطَبَ (ن) شَطْبًا. الشئ: لمبا کاٹنا یا چیرنا ...... وشَطَّبَ قوله: لکیر کھینچنا ...... الرجل: دور ہونا ...... عنه: اعراض کرنا۔ ہٹنا ...... الرمح عن مقتله: نیزے کا خطا کرنا۔
شَطَّبَهُ: جسم میں عمل تشریح کرنا۔
تَشَطَّبَ: کٹنا ...... (وانْشَطَبَ) الماء ونحوه: بہنا۔
الشَّطْب: مص۔ لمبا خوبصورت قد و قامت والا۔ درخت خرما کی تر و تازہ شاخ۔ ج شُطُوب۔
الشَّطْبَة من النخل: کھجور کی سبز شاخ۔ تلوار۔ ج شُطَب۔ لکیر جو تلوار پر کھینچ دی جاتی ہے ...... والشَّطْبَة) لمبی خوبصورت لڑکی۔ اچھے گوشت والا گھوڑا۔
الشُّطْبَة والشُّطُبَة والشِّطْبَة: تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری۔ ج شُطَب۔
الشَّطِيْبَة: اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو۔ جیسے شطائب۔
الشطائب: مختلف فرقے۔ تختیاں۔
سيف مَشْطُوْب ومُشَطَّب: دھاری دار تلوار۔ رَجُلٌ مُشَطَّب: وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو۔
شَطَرَ (ن) شَطْرًا. الشئ: دو برابر حصوں میں کرنا ...... بيت الشعر: شعر کا نصف حذف کرنا ...... الشاة أو الناقة: ایک جانب کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا اور کہتے ہیں شَطَرَ شَطْرَهُ: اس نے اس کی جانب کا قصد کیا۔
شَطَرَتْ (ن) شُطُوْرًا. الناقة: اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔ شَطَرَ بصره: اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے جانب بھی ...... السكن: دور ہونا (شطارة) شوخ و بے باک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا (...... شُطُوْرًا وشُطُوْرَة وشَطَارَة) عنهم: جدا و بعید ہونا ...... على أهله: خباثت و کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا ...... إليهم: متوجہ ہونا۔
شَطُرَ (ک) شَطَارَةً: شوخ و بے باک ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا ...... شُطُوْرَة الناقة: اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا۔ ایک پستان خشک ہونا۔
شَطَّرَ. الشئ: دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ ...... الشعر: شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مسمط) ...... الناقة وبالناقة: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔
شاطَرَهُ. مالَه: آدھا آدھا تقسیم کر لینا۔ ...... فلانًا: کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ...... الناقة: اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا۔
الشَّطْر: مص۔ جزء۔ نصف اور اسی سے ہے "شَطْر بيت الشعر" شعر کا نصف واحد دوری۔ جہت۔ جانب اور اسی سے ہے "شَطَرَ شَطْرَهُ ...... و "فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ المسجد" اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو۔ ج أشْطُر وشُطُور: ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے۔ ہر دو پاکھوں کو شطر کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدهر أشْطُرَهُ" یعنی اس نے تجربہ کیا اور زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا اور امثال عرب سے ہے "هذا حَلَبٌ لك شَطْرُهُ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے۔
الشِّطْرَة: اسم نوع اور کہا جاتا ہے "أولاد فلان شِطْرَة" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر نصف مؤنث ہے۔
الشَّطْرَان: صرف نصف تک بھرا ہوا۔ مؤنث شَطْرَى۔
الشاطِر: فا۔ شوخ و بے باک۔ چالاک و خبیث۔ ج شُطَّار۔
الشَّطُوْر. (من النعاج أو النوق) بھیڑ یا اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو۔ ثوب شَطُوْر: کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو۔ دار شَطُوْر: دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان۔
الشَّطِيْر: دور۔ اکیلا۔ مسافر۔ اجنبی۔ ج شُطَرَاء وشُطُر: آدھا۔ کہا جاتا ہے "هذا شَطْرُهُ وشَطِيْرُهُ" یہ اس کا آدھا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "هذا نِصْفُه ونَصِيْفُه"۔
المَشْطُور: مبلغ۔ چٹنی لگی ہوئی روٹی۔ ...... من الرجز: فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء میں سے تین جز حذف کیا ہوا۔
المُشَاطِر: ہمسایہ۔ کہا جاتا ہے "هُم

میں خوب ملانا...... الشَّعْشَعُ: دو الوان سے ہونا۔

يَتَشَعْشَعُ الحَلَبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑ بکریوں کا کم دودھ میں جاری ہو جانا۔

الشَّعُّ: مکڑی کا جالا۔ شَعُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن۔

الشُّعَاعُ: آفتاب کی کرن۔ ج أَشِعَّةٌ وشُعُعٌ وشِعَاعٌ۔

الشُّعَاعُ: (علم ہندسہ)۔ خطِ مستقیم کا ٹکڑا جس کو سامنے لے جایا گیا ہو خطِ مستقیم کا قطعہ جو مرکز اور نقطہ دائرہ کو ملا دے۔ اس کا نام شُعَاعُ الدَّائِرَة ہے۔

أَشِعَّةٌ: ایکس اور رونٹجن: غیر مرئی شعاعیں غیر شفاف اجسام جیسے لکڑی اور معدنی پلیٹ کو جلاتی ہے۔

أَشِعَّةٌ مَا قَبْلَ الأَحْمَرِ: سفید روشنی میں موجود غیر مرئی شعاعیں جن کا وقوع شرارے میں سرخ رنگ سے قبل ہوتا ہے بہت گرم ہوتی ہیں۔ أَشِعَّةٌ مَا بَعْدَ البَنَفْسَجِيِّ: غیر مرئی سفید روشنی میں موجود شعاعیں جن کا وقوع شرارت میں بنفشی کے بعد ہوتا ہے۔ یہ فوٹوگرافی کی پلیٹ پر نشان چھوڑ جاتی ہے۔ اس کے ذریعے اس کے وجود کا علم ہوتا ہے۔

الأَشِعَّةُ المُهْبِطَةُ: ہلکے (خفیف) گیس کی نالی میں بجلی کے آنے کی وجہ سے نیچے سے اوپر کی طرف بجلی کے شرارے جاتے ہیں۔

المِشَعُّ: شعاع کو چھوڑنے کا آلہ۔

الشَّعَاعُ: مص۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ پتلا ساب...... مِنَ اللَّبَنِ: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ بِالعَصَا عَلَى الحَائِطِ فَطَارَتْ شَعَاعًا" میں نے لاٹھی کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے ٹکڑے اڑ گئے۔ "ذَهَبَ القَوْمُ شَعَاعًا" قوم بکھر گئی۔ "طَارَ قَلْبُهُ شَعَاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے پراگندہ ہو گیا۔ "وتَطَايَرَتْ نَفْسُهُ شَعَاعًا" خوف وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان ہو گیا۔

شَعَاعُ السُّنْبُلِ وشَعَاعُهُ وشِعَاعُهُ وشُعَاعُهُ: خوشہ کا ٹکڑا جب تک کہ خوشہ پر رہے۔

الشَّعُّ والشَّعِيعُ: جلدی۔ والشَّعُّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: بکھری ہوئی۔

شَعَبَ (ف) شَعْبًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد) پھاڑنا۔ ...... الشَّيْءُ: ظاہر ہونا...... القَوْمُ: متفرق ہونا...... الرَّجُلُ: مرنا۔ شَعَبَتْهُ المَنِيَّةُ: ہلاک کرنا...... فُلَانًا: مشغول کرنا...... اللِّجَامُ الفَرَسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لِي شُعْبَةً مِنَ المَالِ" یعنی اپنے مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ إِلَى القَوْمِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا...... الأَمِيرُ رَسُولًا إِلَى مَوْضِعِ كَذَا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَبًا. الرَّجُلُ أَوِ الثَّوْرُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شُعِبَ وانْشَعَبَ. عَنْهُ: ہمیشہ کے لئے جدا ہونا۔ انْشَعَبَ الرَّجُلُ: مرنا۔

شَاعَبَ. وشَاعَبَتْ نَفْسُهُ: مرنا۔ شَاعَبَ الحَيَاةَ: ہلاک کرنا...... صَاحِبَهُ: دور ہونا۔

الشَّعْبُ: بڑا قبیلہ۔ وہ طبقات جن پر عرب کی نسل تقسیم ہے اور حسبِ ذیل ہیں: (۱) الشَّعْبُ (۲) القَبِيلَةُ (۳) العِمَارَةُ (۴) البَطْنُ (۵) الفَخِذُ (۶) الفَصِيلَةُ (۷) العَشِيرَةُ: شعب میں کئی قبائل ہوتے ہیں قبیلہ میں کئی عمارۃ عمارۃ میں کئی بطن بطن میں کئی فخذ فخذ میں کئی فصیلہ اور فصیلہ میں کئی عشیرہ ہیں۔

خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ قریش عمارۃ قصی بطن ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بچے۔

تَشَعَّبُوا: متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا...... النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا...... عَنْهُ: دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْهُمُ الفِتَنُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: متفرق شاخیں پھیلنا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ. عَنْهُ: دور ہونا...... أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: جڑ سے شاخیں نکلنا...... الطَّرِيقُ أَوِ النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ وانْشَعَبَ نَفْسُهُ: مرنا...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ: بات میں سے بات نکالنا۔

الشَّعْبُ: مص۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت شکل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دور۔ کہا جاتا ہے "قَمَاةٌ شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوبٌ۔

الشُّعُوبِيَّةُ: وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ: پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درۂ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَابٌ اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِي جَدْوَايَ" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَبُ: مص۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَةُ: فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ۔ وشُعَبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کے لئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَةُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هَذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيرُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس

کی تفریعات بہت ہیں۔
شَعْبَانُ: قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِین (کلمہ غیر منصرف ہے)
شَعُوبُ: موت کے لئے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔
الاَشْعَبُ: جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔
الشَّعَّاب: شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔
الشَّعِيب: کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُب۔
الشَّاعِبَان: دونوں کندھے۔
المَشْعَب: راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب۔
المِشْعَب: سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشَاعِب۔
المُشَعَّب: درست کیا ہوا۔
شَعْبَذَ: شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔
شَعِثَ (س) شَعَثًا۔ الاَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (..... شَعَثًا وشُعُوثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔
شَعَّثَ۔ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ ہونا ..... ہ بِخَبَرٍ: خبر پہنچانا ..... عَنْ فُلَانٍ: چشم پوشی کرنا ..... مِنْهُ شَيْئًا: لے لینا۔ نکال لینا ..... عَنْهُ: مدافعت کرنا ..... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ..... الشَّاعِرُ: شعر میں تشعیب جاری کرنا (تشعیب علم عروض کی اصطلاح میں "فَاعِلَاتُنْ" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)
تَشَعَّثَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا ..... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ..... الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا ..... الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث

جاری ہونا۔
الاَشْعَثُ: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء۔ ج شُعْث۔
الشَّعَث: پراگندگی معاملہ۔
الشَّعَث: مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔
الشَّعِث والشَّعْثَان: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔
شَعَرَ (ن) شِعْرًا وشَعْرًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں بال بھرنا ..... الرَّجُلُ: شعر کہنا ..... بِفُلَانٍ: کسی کے لئے شعر کہنا۔
شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشِعْرَى وشُعْرَى وشِعْرَى وشِعْرَةً بطلت الشین وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورَةً ومَشْعُورَاءَ بِهِ: جاننا۔ محسوس کرنا ..... لَهُ: سمجھنا۔
شَعِرَ (س) شَعَرًا: زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔
شَعَّرَ۔ الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ..... الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔
اَشْعَرَ۔ الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ..... الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ..... ہ الاَمْرَ وبِالاَمْرِ: جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَار: شِعَار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا اور کہا جاتا ہے "اَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔
اَشْعَرَ ہ بِكَذَا: مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا ..... اَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا ..... الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا ..... ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔
شَاعَرَہ فَشَعَرَہ: شعروں میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔
اُشْعِرَ۔ المَلِكُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔
تَشَعَّرَ۔ الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ: تکلف شاعر بننا۔
اِسْتَشْعَرَ۔ الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ..... الشِّعَارَ: پہننا ..... القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا ..... بِالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لئے شعار بنالو۔
الشَّعْرُ والشَّعَرُ: بال۔ ج اَشْعَار وشِعَار وشُعُور: واحد (شَعْرَة) ج شَعَرَات۔ شَعَرُ الغُول: ایک قسم کی نباتات۔
الشِّعْر: مص۔ کلام منظوم۔ ج اَشْعَار۔ "لَيْتَ شِعْرِي فُلَانًا او عَنْ فُلَانٍ اَوْ بِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہو گیا ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔
الشِّعْرَة: بال کا ایک ٹکڑا ..... والشِّعْرَة: ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔
الشَّعِر والشَّعْرَانِيُّ: بہت اور لمبے بال والا۔
الشَّعَار: درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحَجِّ: احکام حج ورسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)
الشِّعَار: مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقع پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ گھوڑے کا جھول۔ گرک۔ گنجان درخت۔ ج اَشْعِرَة وشُعُر۔ شِعَارُ الحَجِّ: علامت ورسوم حج۔ وشِعَارُ المَمْلَكَة: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)۔
الشَّعِير: جو۔ واحد (شَعِيرَة) ج شَعِيرَات اور شَعِيرَة: کا اطلاق اس پیائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ تیز کو باجتی جو آگہ کے پکنے کے [illegible]

پر ہوتی ہے۔

الشَّعِيْرَةُ : علامت۔ ج شَعَائِر. شَعَائِر الحج: حج کے رسوم وعلامات۔

الشَّعِيْرِيّ: شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔

الاَشْعَر :بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء. ج شُعْر : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشْعَر الرَّقَبَة" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الاَشْعَر: ج اَشَاعِر : جانور کے کھر کے گرد اگرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے کے نیچے نکلے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الْبَيْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَّعْرَاء. الاَشْعَر :کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرو زرد۔ ایک شور قسم کا درخت۔ اَرْضٌ شَعْرَاء :بہت درختوں والی زمین۔ رِمَالٌ شَعْرَاء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان۔

الشَّعْرَاء مِنَ اللَّوَاهِي :سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.

الشَّاعِر :ف۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر وشَاعِرَات.

شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔

الشِّعْرٰى: ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُّعْرُوْر: گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے کمتر ین درجہ کے شاعر کو شُعْرُوْر اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجے والے کو شُعْرُوْر کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُّعْرُوْر: چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِيْر واحد شُعْرُوْرَة)

المَشْعَر :علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر. المَشَاعِر: حواس۔

شَعْشَعَ. الشَّرَابَ: پانی ملانا...... الشَّيْءَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا...... الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ. الشَّهْرُ : مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَّعْشَع والشُّعْشُع والشَّعْشَاع والشَّعْشَعَان والشَّعْشَعَانِيّ: لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (...... والشَّعْشَع) مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ۔

شَغَفَهُ (ف) شَغْفًا. الحُبُّ :محبت کا دل پر غالب ہونا...... ه بِالقَطِرَانِ: قطران ملنا...... الشَّيْءُ الشَّيْءَ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفًا. بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ : شیفتہ وفریفتہ ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاء)

شُعِفَ. بِفُلَانٍ: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَّعَفُ :مص۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَّعْفَة :اسم مرة۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔

الشَّعَفَة : پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَّعَفَةُ مِنَ القَلْبِ :دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے وشَعَفَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف وشُعُوف وشِعَاف وشَعَفَات.

الشِّعَاف: محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔

الشَّعَاف: شیفتگی وفریفتگی۔

المَشْعُوف: محبت میں دیوانہ وشیفتہ۔

شَعَلَ (ف) شَعْلًا. النَّارَ : آگ بھڑکانا...... الاَمْرَ: غور کرنا۔

شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ. الفَرَسُ : گھوڑے کی دُم یا پیشانی میں سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِل وشَعِل واَشْعَل)

شَعَّلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔

اَشْعَلَ. النَّارَ : آگ بھڑکانا...... ه: غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا...... الجَمْعَ: متفرق کرنا...... الخَيْلَ فِي الغَارَةِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا...... السَّقْيَ : اچھی طرح سیراب کرنا۔ اَشْعَلَتِ القِرْبَةُ: مشک کا متفرق ٹپکنا...... الطَّعْنَةُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا...... العَيْنُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

اِشْعَالَّ اِشْعِلَالًا واشْعَالَّ اِشْعِيْلَالًا رَاسُ الرَّجُلِ: کھڑے بال والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ. النَّارُ : آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَعَلَ الرَّاسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ "اِشْتَعَلَ فُلَانٌ" وہ غصہ سے بھڑک اٹھا۔

الشَّعْل :مص۔ غُلَامٌ شَعْلٌ : سبک تیز خاطر لڑکا۔

الشَّعَل :مص۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔

الشُّعْلَة : گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل.

الشَّعِيْل :ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَّعِيْلَة: بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل.

الاَشْعَل. مِنَ النَّاسِ :پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

المِشْعَل والمِشْعَال : چھننا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل ومَشَاعِيْل.

المَشْعَلُ والمَشْعَلَةُ: قندیل۔ ج مَشَاعِل

المَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

الشُّعْلُوْل: آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيْل: کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا شَعَالِيْل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْمًا. الرَّجُلُ :لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

أَشْغَنَ. شَغْوَهُ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔
اِشْغَانَّ واشْغَنَّ. شَعْرُهُ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔
الشَّغَنُ: خشک ہونے کے بعد جو گھاس پات گر جائیں۔ شَعَرٌ (مَشْغُونٌ) پراگندہ بال۔
الشَّعَانِينُ: عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِين)
رَجُلٌ (مُشْعَانُّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا آدمی۔
شَغَبَ. الكَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشْغَب ومُشْغِب)
شَعَا يَشْعُو شَعْوًا. الشَّعْرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔
شَعِيَتْ تَشْعَى شَعًا. الغَارَةُ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)
أَشْعَى. بِهِ: اہتمام کرنا...... القَوْمُ الغَارَةَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔
غَارَةٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَةٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔
الشَّاعِي: فا۔ دور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِيَة ج شَوَاعٍ: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيلُ شَوَاعِيَ وشَوَائِعَ" گھوڑے متفرق آئے۔
الشُّعْـــــــى: پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَة)
شَعْوَذَ شَعْوَذَةً: شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذ ومُشَعْوَذ)
شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) شَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ. القَوْمَ وبِهِمْ وعَلَيْهِمْ: فساد برپا کرنا۔ جاؤ ڈالنا۔ صفت (شَغِب وشَغْب وشَغَّاب ومِشْغَب ومُشَاغِب وذُو شَغَب)
شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِيقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَهُ: جھگڑا کرنا۔
تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ كَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔
الشَّغْبُ والشَّغَبُ: مص۔ شور و غوغا۔
الشَّغُوبُ: فساد انگیز۔ جھگڑالو۔
تَشَغْبَرَتْ. الرِّيحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
الشَّغْبَرُ: گیدڑ۔
شَغَرَتْ (ن) شُغُورًا. الأَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَة)...... الرَّجُلُ: دور ہونا...... البَلَدُ: بھاؤ گھٹنا...... النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔
شَغَرَهُ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِهِ: جلا وطن کرنا۔
شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الكَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔
شَاغَرَهُ مُشَاغَرَةً وشِغَارًا: کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے...... الرَّجُلانِ عَلَيْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔
أَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا...... الرُّفْقَةُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔
...... الحِسَابُ عَلَيْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔
اِشْتَغَرَ. الحِسَابُ عَلَيْهِ: غلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔
...... الأَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ غلط ملط ہونا۔
...... عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا......
الحَرْبُ بَيْنَ الفَرِيقَيْنِ: دونوں جماعتوں میں سخت جنگ ہونا۔ فِي الفَلاةِ: بیابان میں دور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِيرُ: تیز دوڑنا...... فِي الفَرَجِ: انتہا کو پہنچنا۔ کہا جاتا ہے تَفَرَّقُوا (شَغَرَ بَغَرَ وشِغَرَ بِغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ إِنَاءٌ (شَغْرَان) خالی برتن۔
الشِّغَارُ: مص۔ دھتکار۔ جلا وطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ وآبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔
الشَّغَارَةُ: چقماق۔
الشِّغِيرُ: بدخلق۔
المِشْغَرُ: وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔
الشَّوْغَرُ: مضبوط خلقت۔
الشَّوْغَرَةُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔
الشَّغْرُورُ: ایک قسم کی گھاس۔
الشَّغْرَبِيَّةُ: ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔
شَغَزَ (ف) شَغْزًا. عَلَيْهِم: دراز دستی کرنا۔ دست درازی کرنا...... بَيْنَهُمْ: جھگڑا کانٹا تھا ڈالنا۔
الشَّغْزَبِيَّةُ: بمعنی الشَّغْرَبِيَّة
تَشَغْزَبَتْ. الرِّيحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
شَغْشَغَ. الشَّيءَ: داخل کرنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے...... اللِّجَامَ: جانور کو سدھانے کے لئے لگام کو ہلانا۔ فِي الأَمْرِ: جلدی کرنا...... فِي الشُّرْبِ: کم کرنا...... فِي الإِنَاءِ وَنَحْوِهِ: بغیر بھرنے کے ڈالنا...... البَيْتَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شِرْبِي" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔
شَغَفَهُ (ف) شَغْفًا: دل کے پردہ کو زخمی کرنا...... فُؤَادَهُ: دل پر غالب آنا...... اللَّيْلُ: سیری کا نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغْفًا. بِهِ: فریفتہ ہونا۔ شُغِفَ حُبُّهُ: محبت کا دل کے پردہ تک پہنچنا۔

تَشَغَّفَ. الشَّئَ: دوسرے دل کو پہا اکٹھا کرنا
الشَّغَفُ: مص۔ دل کا پردہ۔
الشُّغُفُ: مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَفُ الْقَلْبِ: دل کا پردہ۔
الشَّغَافُ: دل کا پردہ۔ سویداء دل۔ ج شُغُفٌ وَشُغُفَةٌ.
الشَّغَفُ والشُّغَافُ: ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کی نیچے ہوتی ہے۔
الشُّغْفُرُ: خوبصورت عورت۔
شَغَلَهُ (ف) شَغْلاً وَشُغْلاً وَاَشْغَلَهُ. بِكَذَا: مشغول کرنا ...... عَنْهُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْهُ بِكَذَا: مشغول رہنا۔ کسی میں لگا رہنا اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهُ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَهُ: مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)۔
تَشَغَّلَ وَتَشَاغَلَ وَاشْتَغَلَ. بِكَذَا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهُ: جذبات کے افکار ہو کر پریشان ہونا۔ اِشْتَغَلَ فِيهِ السُّمُّ: زہر کا اثر کرنا ...... الدَّوَاءُ فِيهِ: دوا کا مفید ہونا۔ وَتَشَاغَلَ عَنْهُ: غافل ہونا۔
الشُّغْلُ وَالشُّغُلُ وَالشَّغَلُ: مصروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَالٌ وَشُغُولٌ.
الشُّغُلُ: پری۔ بھراؤ۔
الشَّاغِلُ: فا۔ مبالغہ کی صورت میں "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔
الشَّغْلَةُ: اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغَلٌ.
الشَّغِلُ: کام میں لگا ہوا۔ مصروف۔
الشَّغُولُ: بہت کام والا۔
الْاُشْغُولَةُ وَالْمَشْغَلَةُ: کام۔ مشغلہ۔
الْمَشْغُولُ: مفع۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُولٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَارٌ مَشْغُولَةٌ: آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُولَةٌ: شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُولٌ: تجارت و کاروبار میں لگا ہوا مال۔

الشَّغِيمُ: لالچی۔ بہت حریص۔
الشُّغْمُومُ وَالشِّغْمِيمُ: خوبصورت لمبا۔
الشُّغْنَةُ: تر ٹہنی۔ ج شُغَنٌ.
الشُّغْنُبُ وَالشُّغْنُوبُ: نازک و تر ٹہنی۔
شَغَتْ تَشْغُو شُغُوًّا وَشَغِيَتْ تَشْغَى شَغًا. السِّنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت شَاغِيَةٌ. ج شَوَاغٍ: اور ایسے دانت والے کو (اَشْغَى) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاءُ وَشَغْيَاءُ) ج شُغْوٌ.
اَشْغَى اِشْغَاءً. الْقَوْمَ بِهِ: لوگوں کی مخالفت کرنا ...... فُلَانٌ رَائَهُ: پریشان کرنا۔
الشَّغْوَاءُ: عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوفًا وَشَفِيفًا وَشَفَفًا. الشَّيْءُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيفٌ وَشَفَّافٌ) عَنْهُ الثَّوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا (...... شُفُوفًا) الْجِسْمُ: بدن کا دبلا ہونا (...... شَفًّا) الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا "هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيلًا" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔ ...... لَهُ الْاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (...... شَفِيفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهُ (ن) شَفًّا وَشُفُوفًا وَشَفَفَهُ. الْمَرَضُ اَوِ الْهَمُّ: کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ الْمَاءَ: سب پانی پی لینا۔
اَشَفَّهُ. عَلَى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الْفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلَى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا ...... الدِّرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ وَتَشَافَّ. مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن سے سارا پانی پی جانا اور کہا جاتا ہے "اِشْتَفَّ الْبَعِيرُ الْحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ. لَهُ السِّتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لئے روشنی میں پھیلانا ...... الشَّيْءَ: دیکھنا اور معلوم کرنا ...... الْكِتَابَ: غور کرنا۔ ...... ـهُ: پار کی چیز دیکھنا ...... مَا فِي الْاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا ...... پوری پوری رغبت کرنا۔
...... فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں فائدہ اٹھانا۔
الشَّفُّ وَالشِّفُّ: کپڑا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ وَشِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوفٌ. الشِّفُّ: تھوڑی چیز۔
الشَّفِيفُ: مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَافٌ.
ثَوْبٌ شَفِيفٌ: باریک کپڑا۔
الشَّفَفُ: مص۔ کم۔ ہلکا پن۔ بدحالی۔
الشَّفَّانُ: بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشُّفَافَةُ: برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَّهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
الْمَشْفُوفُ: بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفْتَرَ وَاشْفَتَرَّ. الْقَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَتَرَّ الْعُودُ: ٹوٹنا ...... السِّرَاجُ: زیادہ چوڑی لو کا ہونا۔
شَفْتَنَ شَفْتَنَةً: جماع کرنا۔
شَفِرَ (س) شَفَارَةً: گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ. الْمَالُ: کم ہونا ...... الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ...... عَلَى الْاَمْرِ: متوجہ ہونا ...... الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الشُّفْرُ وَالشَّفْرُ: ج اَشْفَارٌ وَ(الشَّفِيرُ) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ ...... مِنَ الْوَادِي: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ شَفْرٌ وَشُفْرٌ وَشَفْرَةٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
الشَّفْرَةُ: بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْرٌ وَشِفَارٌ وَشَفَرَاتٌ. الشَّفْرَةُ: نوکر۔

خادم۔عیش(مُشَفَّفٌ) تنگ زندگی۔

الشِّفْرُ: شدت۔روک۔زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اُونٹ کے ہونٹ کے لئے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشَافِرُ۔

الشِّفَارِجُ: میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔

شَفَزَهٗ (ض) شَفْزًا: لات مارنا۔ٹھوکر مارنا۔

شَفْشَفَ. الرَّجُلُ: کانپنا۔بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ ومُشَفْشَفٌ) ...... بِهٖ: خلط ملط ہونا...... الدَّوَاءَ عَلَى الْجُرْحِ: زخم پر دوا چھڑکنا...... الهَمُّ فُلَانًا: دُبلا کرنا...... الصَّقِيعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا...... الحَرُّ والبَرْدُ الشَّيْءَ: خشک کرنا...... عَلَيْهِ: ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ. النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔

الشَّفْشَافُ: اولوں والی بارش۔عوام الشَّفْشَاف : کہتے ہیں۔ٹھنڈی ہوا۔ثَوْبٌ شَفْشَافٌ: چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔

شَفَعَ (ف) شَفْعًا. الشَّيْءَ: جوڑا کرنا۔دہرا کرنا۔کہا جاتا ہے "كَانَ وَتْرًا فَشَفَعَهُ بِآخَرَ" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا...... جَارَهٗ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا...... النَّاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔تم کہتے ہو (شُفِعَ) لِيَ الْاَشْخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔آنکھ کی صفت (شَافِعَةٌ)

شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً. لِفُلَانٍ اَوْفِيْهِ إِلَى زَيْدٍ: سفارش کرنا۔شَفَعَ عَلَيْهِ بِالْعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِيْنِيْ وَلَهٗ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لئے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے...... لِفُلَانٍ فِي الْمَطْلَبِ: کسی کے لئے کوشش کرنا۔

شَفَّعَ. الشَّيْءَ: جفت بنانا۔شَفَّعَنِيْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔

تَشَفَّعَ. لِيَ وَإِلَيَّ بِفُلَانٍ اَوْ فِيْ فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ. زَيْدٌ إِلَى عَمْرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا...... لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الشَّفْعُ: مص۔جفت۔عدد۔کہا جاتا ہے "اَلشَّفْعُ هُوَ اَمْ وِتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ج اَشْفَاعٌ وشِفَاعٌ۔

الشُّفْعَةُ. عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائگی کی وجہ سے حق خرید۔دیوانگی۔آنکھ...... مِنَ الضُّحٰى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ج شُفَعٌ۔

الشَّافِعُ: فا۔نَاقَةٌ. شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اُونٹنی۔عَيْنٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔نَاقَةٌ (شَفُوْعٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اُونٹنی۔

الشَّفِيْعُ: سفارش کرنے والا۔حق شفعہ والا۔ج شُفَعَاءُ. الشَّفِيْعُ مِنَ الْعَدَدِ: جفت۔

الاَشْفَعُ: لمبا۔

الْمُشَفَّعُ: وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔

الْمُشَفِّعُ: سفارش قبول کرنے والا۔

الْمَشْفُوْعُ: پاگل دیوانہ۔اِمْرَأَةٌ مَشْفُوْعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا. عَلَيْهِ: مہربان ہونا۔خیر خواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔صفت "شَفِقٌ وشَفُوْقٌ وشَفِيْقٌ" شَفِقَ مِنَ الْاَمْرِ: خوف کرنا۔لالچ کرنا...... عَلَى الشَّيْءِ: بخل کرنا۔

شَفُقَهٗ: مہربان بنانا۔شَفَّقَ الشَّيْءَ: کم کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا خراب بننا۔

اَشْفَقَ. الشَّيْءَ: کم کرنا...... عَلَيْهِ مِنْهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔خوف کرنا۔لالچ کرنا...... عَلَى الصَّغِيْرِ: مہربان ہونا...... الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا...... الرِّيْحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔

الشَّفَقُ: مص۔غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیز۔ دن۔خوف۔جاب۔ثَوْبٌ شَفَقٌ: کمزور کپڑا۔ج اَشْفَاقٌ۔

الشَّفَقَةُ: مہربانی۔رحمت۔خوف کے ساتھ مہربانی۔کہا جاتا ہے "اَخَذَتْنِيْ مِنْهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔"وَلِيْ عَلَيْهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔

المِشْفَلَةُ: اوجھ۔ج مَشَافِلُ۔

شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُوْنًا. الرَّجُلَ والِى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)

الشَّفْنُ والشَّفِنُ: زیرک دانا۔الشَّفْنُ: انتظار۔میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْنُ: بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدت حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ج شُفُنٌ۔

الشَّفَنْتَرِيُّ والشَّفَنْتَرَى: حشرق۔

شَفَهَ (ف) شَفْهًا. فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا...... الإنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ الْعِيَالُ تَشْفَهُ مَالِيْ" قریب ہے کہ میرے اہل و عیال میرے مال کو ختم کر دیں...... هٗ عَنِ الْاَمْرِ: غافل کر دینا۔

شُفِهَ. زَيْدٌ: بہت سائلین کا ہونا...... الشَّيْءُ: بہت طالبین کا ہونا...... الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔صفت (مَشْفُوْهٌ)

شَافَهَهٗ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً: رودررو گفتگو کرنا...... الشَّيْءَ: قریب ہونا۔

الشَّفَةُ والشِّفَةُ. مِنَ الْإِنْسَانِ: ہونٹ۔ج شِفَاهٌ وشَفَهَاتٌ اور نسبت کے لئے (شَفَهِيٌّ وشَفَوِيٌّ) اور تصغیر (شُفَيْهَةٌ) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيْفُ الشَّفَةِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔(ضد) و "لَهٗ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔"وَمَا اَحْسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيْكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔و "مَا كَلَّمَهٗ بِبِنْتِ شَفَةٍ" اس نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

شَفَا الشیء کـ شفا گر: ادل کی چیز کا کنارہ۔
الشفیۃ: پیاسا۔
الشَفَّاہی والاَشفہ: بڑے ہونٹوں والا۔
الحروف الشفہیۃ: ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔
المَشفُوہ: مؤنث مَشفُوۃ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آگئے ہوں اور کہا جاتا ہے "فلانٌ مَشفُوۃٌ عنّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "طعامٌ مَشفُوۃ المَوارِد" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد ودہش والا ہے۔
شَفَا یَشفُو شُفُوًّا. الهلالُ: چاند کا طلوع ہونا ...... الشخصُ: ظاہر ہونا ...... الشمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ......
الشَفَا: نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوان۔ ج اَشفَاء آدمی کے لئے موت کے وقت اور چاند کے لئے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لئے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ مِنهُ اِلّا شَفًا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔
الاَشفَی: جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔
شَفَی یَشفِی شِفَاءً. اللّٰهُ فلانًا مِنَ المَرَضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا ...... فلانٌ فلانًا: کسی کے لئے شفا مانگنا ...... الشمسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (...... وشَفِیَ (س) شَفًى الهلالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔
شُفِیَ. المَرِیضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔
اَشفَی اِشفَاءً. فلانًا: شفا مانگنا ...... علیہ: کنارے پر آلگنا اور اسی سے ہے "اَشفَی المَرِیضُ عَلَی المَوتِ" مریض موت کے کنارہ پر آلگا ...... العَلِیلُ: حصول صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کے لئے)

...... المُستَطِیرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا ...... المَرِیضَ: مشہور دوا تا کہ تم کہتے ہو "اَشفِنِی" یعنی مجھ کو کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ تَشفَّاہ الشیءَ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔
تَشَفَّی. مِن غَیظِہ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَفَّی مِن فُلانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا ...... واشتَفَی بِکَذَا: شفا حاصل کرنا۔
المُستَشفَی: ہسپتال (دواخانہ)
اِستَشفَی بِہ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یُستَشفَی بِرَأیِہ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے ...... المَرِیضُ مِن عِلَّتِہ: صحت یاب ہونا۔
الشِفَاء: صحت۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لئے کہ سبب کا نام دے دیا گیا جو مسبب کا تھا)
ج اَشفِیَۃ ج اَشَافٍ.
الشَافِی: نام مِنَ الاَدوِیَۃ وَنَحوِھَا: مفید دوا وغیرہ۔ الجَوَابُ الشَافِی: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔
الاِشفَی: سُتَالی۔ سُوجَاج اَشَافٍ.
شَقَّ (ن) شَقًّا. الشیءَ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے "شَقَّ عَصَا القَومِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ "شَقَّ فُلانٌ العَصَا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔
شَقَّ (ن) شَقًّا وَمَشَقَّۃً. الاَمرُ: دشوار ہونا ...... علی فلانٍ: مشقت میں ڈالنا ...... البَرقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا ...... الفَرَسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا ...... شُقُوقًا ﴾ النَبتُ: اُگنا ...... نابُ البَعِیرِ: دانت نکلنا ...... شَقَّ الصُبحُ: فجر طلوع ہونا۔
شَقَّقَ. الحَطَبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا ...... الکَلامَ: ہر گل کہنا۔
شَاقَّہ شِقَاقًا وَمُشَاقَّۃً: مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔
تَشَقَّقَ. الحَطَبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَقَّقَت عَصَاھُم بِالبَینِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔
تَشَاقَّ. القَومُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا ...... الرَجُلانِ: باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوا بَینَھُم: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔
اِنشَقَّ. الشیءُ: شگاف پڑنا ...... الاَمرُ: پراگندہ و پریشان ہونا ...... الفَجرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنشَقَّت عَصَاھُم" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔
اِشتَقَّ. الشیءَ: آدھا لینا ...... الکَلِمَۃَ مِنَ الکَلِمَۃِ: مشتق کرنا جیسے الضَربُ: سے ضَرَبَ ...... الفَرَسُ فِی عَدوِہ: دائیں بائیں جانا ...... فِی الکَلامِ اَو الخُصُومَۃِ: ادھر اُدھر ہٹ جانا ...... الطَرِیقَ فِی الفَلاۃِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔
الشَقُّ: مص۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوق.
الشِقُّ: جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "المَالُ بَینِی وَبَینَکَ شِقَّ الشَعرَۃِ اَو شَقَّ الشَعرَۃِ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔
الشِقَّۃُ: کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق.
الشِقَّۃُ والشُقَّۃُ: دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لئے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق.
الشَقِیقُ: دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔
الشَقِیقَۃُ: حقیقی بہن۔ پاٹوں کے درمیان

الشَّالِي: ق ـــ مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ کا لمبا لٹکا ہوا کونہ۔ ج شَوَاظِ وشَظَيَان۔

الشَّقَا والشَّقَاء: معں۔ سختی۔ بدبختی۔

الشَّقِي: شقی۔

شَكَّ (ن) شَكًّا. فِي الأَمْرِ: شبہ کرنا۔ صفت فاعل (شَاكّ) اور صفت مفعول (مَشْكُوك) فِيهِ عَلَيْهِ الأَمْرُ: مشتبہ ہونا ...... ه بالرُّمْحِ: ہڈی تک چھیدنا۔ شَكَّتِ الشَّوْكَةُ رِجْلَهُ: کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمَ بُيُوتَهُمْ: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا ...... الخَيَّاطُ الثَّوْبَ: کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا ...... إِلَيْهِ البِلَادَ: طے کر کے پہنچنا۔ ـــ الشَّيْءَ إِلَى الشَّيْءِ: ملانا ...... عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا ـــ فِي السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاكُّ السِّلَاحِ وشَاكٌ فِي السِّلَاحِ) ج شُكَّاك۔

شَكَّ (س) شَكًّا. فُلَانٌ وإِلَيْهِ: مائل ہونا۔

شَكَّكَهُ: شک وشبہ میں ڈالنا۔

تَشَكَّكَ. فِي الأَمْرِ: شبہ کرنا۔

الشَّكُّ: معں۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی دراڑ۔ ایک دوا جو چوہوں کے لئے قاتل ہے۔ ج شُكُوك۔

الشِّكَّةُ: اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جو کلہاڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ ج شِكَك اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِّكَّةِ" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔

الشُّكَّةُ: مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا شُكَّةٌ بَعِيدَةٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت ہے۔

الشَّاكَّةُ. الشَّاكّ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاكّ. بُيُوتٌ (شُكَاكٌ) ایک قطار کے مکانات۔

الشِّكَاكَةُ: زمین کا گوشہ۔

الشِّكِّيكَةُ: طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "قَضَاهُ عَلَى شِكِّيكَتِهِ" اس کو اس کی عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ۔ گروہ کی ٹوکری۔ ج شَكَائِك وشِكَك۔

المِشَكُّ: سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاكّ۔

الشُّكَى: خراب کام۔

الشَّكُوكُ: بہت بالوں والی اونٹنی کہ جس کی لاغری وفربہی معلوم نہ ہو سکے۔

الشِّكْشِكَةُ: تیز ہتھیار یا ہتھیار کی تیزی۔

شَكَا (ل) شَكًّا. نَابُ البَعِيرِ: دانت نکلنا۔

شَكِيَ (س) شَكًّا. ظُفْرُهُ: ناخن پھٹنا۔

أَشْكَأَتِ. الشَّجَرَةُ: شاخیں نکالنا۔

الشُّكْبُ: بدلہ۔ بخشش۔

الشُّكْبَانُ: گھاس جمع کرنے کی جھولی۔

الشَّوْكَبَةُ: بڑے پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔ ج شَوَاكِب۔

شَكَدَ (ن) شَكْدًا وشُكْدًا: بخشا۔ دینا۔

أَشْكَدَ: دینا۔ دودھ یا مال جمع کرنا۔

الشُّكْدُ: بخشش۔ شکریہ۔

الصَّرْحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ والصُّرَاحُ :

خالص۔
الصَّرَاحَة والصُّرُوْحَة :خلوص۔ وضاحت۔
الصُّرَاحِيَّةُ مِنَ الْخَمْرِ :خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِي :واضح۔ ظاہر۔
يَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرِّحٌ :بے بادل کا دن۔
صَرَخَ :(ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا :سخت چیخنا۔ فریاد کرنا ۔ الْقَوْمَ: فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
أَصْرَخَهٗ :فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ :بتکلف چیخنا۔
تَصَارَخَ واصْطَرَخَ الْقَوْمُ :چیخ و پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ: بمعنی صَرَخَ.
الصَّارِخ :فا۔ مرغ۔
الصَّارُوْخ: راکٹ (ایسا ہتھیار جو بم کو لے کر اڑتا ہے)۔
میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔ (۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں یا دھوئیں کے پیچھے اُڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔
الصَّارِخَة. الصَّارِخ :کا مؤنث۔ فریادرسی۔ دادخواہی۔ دادخواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ الْقَوْمِ" میں نے قوم کی دادخواہی کی آواز سنی۔
الصُّرَّاخ :بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔
الصَّرِيْخ :بمعنی۔ فریادرس۔ دادخواہ۔ ج صُرَخَاءُ.
صَرِدَ :(س) صَرَدًا. السَّهْمُ :تیر کا نشانہ پر لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا...... الرَّجُلُ :سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا ...... السِّقَاءُ :جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِيْ عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔
صَرَدَ :(ن) صَرْدًا وأَصْرَدَ. الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ أَصْرَدَ السَّهْمُ :تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَرَّدَ. الشَّيْءَ :ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الْعَطَاءَ :کم دینا...... الرَّجُلَ :سیرابی سے کم پلانا۔
الصَّرْد :محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ أَحَبَّهٗ حُبًّا صَرْدًا :خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ :ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مر گیا۔ أَرْضٌ صَرْدٌ: سرد ملک۔ ج صُرُوْد :اس کے خلاف أَرْضٌ جُرُوْمٌ: ہے۔ یعنی گرم ممالک۔
الصَّرَد :بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں تیز دھار لگایا جائے۔
الصَّارِد :فَالسَّهْمُ صَارِدٌ :نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الصَّوَارِد :ٹھنڈی ہوائیں۔
الصُّرَد :لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَان.
الصُّرَدَان :زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔
الصَّرِد. مِنَ الْخَيْلِ :وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو...... مِنَ الرِّجَالِ :سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى. يَوْمٌ صَرِدٌ :سخت ٹھنڈا دن۔
الصُّرَّاد والصَّرَنْد :بے پانی کا پتلا بادل۔
نَعْجَةٌ صَرِيْدَةٌ :سردی زدہ بھیڑ۔ ج صَرَائِد.
الْمِصْرَاد :بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔
سَهْمٌ مُصَرِّد :نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الْمُصْطَرِد :سخت غضبناک۔
صَرْصَرَ. الصُّرَدُ او الصَّقْرُ :آواز کرنا...... الرَّجُلُ :چیخ...... الشَّيْءَ :چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔
الصَّرْصَر. مِنَ الرِّيَاحِ :تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ...... الصُّرْصُر ج صَرَاصِر. الصُّرْصُوْر ج صَرَاصِيْر: جھینگر۔ جھیرا۔ الصُّرْصُوْر :کشتی۔
الصِّرَاط :راستہ۔ ج صُرُط.
الصُّرَاط :لمبی تیز تلوار۔
صَرَعَهٗ :(ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا: پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا...... الشِّعْرَ :دو مصرعے بنانا...... الْبَابَ: دو کواڑ لگانا۔
صُرِعَ :مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔
صَرَّعَهٗ :سخت پچھاڑنا...... الشِّعْرَ :مصرعے لگانا...... الْبَابَ :کواڑ لگانا۔
صَارَعَهٗ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً :کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ واصْطَرَعَ الرَّجُلَانِ :باہم کشتی لڑنا۔
اِنْصَرَعَ :پچھاڑا جانا۔
تَضَرَّعَ. لِصَاحِبِهٖ :تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَتَضَرَّعُ لَهٗ وَإِلَيْهِ حَتّٰى أَجَابَنِيْ" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔
الصِّرْع :بمعنی۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صِرْعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج أَصْرَاع صُرُوْع.
والصِّرْعَان :رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهٗ صِرْعَيِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُوْ صِرْعَيْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكْتُهُمْ صِرْعَيْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔
الصِّرْع :بمعنی۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ پٹہ
الصَّرِيْع صَرُوْع :کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صِرْعَان" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الضَّرْعَة : اسم مرة۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ ضَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الضُّرْعَة : جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة والصُّرَّاع والصُّرَاعَة والصِّرِّيع والصَّرُوْع : لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُرَعَة" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة : حلیم و بردبار۔ اس لئے کہ اس کی بردباری غضب و غصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصُّرَّع : جمع صَرُوْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة : کشتی کا فن۔

الصَّرِيْع : زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰى : کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيْعَ الْكَأْسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صُرُوْع۔

المَصْرَع : مص۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔

المِصْرَاع مِنَ البَاب : دروازے کا ایک پٹ ...... مِنَ الشِّعْرِ : شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِيْع۔

صَرَفَه : (ض) صَرْفًا : پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ : خالص شراب پینا ...... الدَّنَانِيْرَ : درہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ...... المَالَ : خرچ کرنا ...... الكَلِمَةَ : منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ : (ن) صَرِيْفًا۔ بِنَابِهِ : دانت پیسنا ...... البَابُ : بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَه : مبالغہ کے ساتھ صرف کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّيْءَ : بیچنا ...... الدَّرَاهِمَ : تبدیل کرنا ...... الخَمْرَ : خالص شراب پینا ...... الكَلَامَ : بات سے بات نکالنا ...... فِي الأَمْرِ : سپرد کر دینا ...... صَرَّفَ المَاءَ : جاری کر دینا۔ ...... اللِّسَانَ ...... الرِّيَاحَ : ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَه : سبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ : پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

أَصْرَفَهُ عَنْ كَذَا : رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔

أَصْرَفَ الشَّرَابَ : کم ملانا۔

تَصَرَّفَ فِي الأَمْرِ : کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الأَحْوَالُ : مصائب و آفات کا غالب آ جانا۔

اِنْصَرَفَ الرَّجُلُ : باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الكَلِمَةُ : منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ : کمائی کرنے کے لئے پھرنا ...... الدَّرَاهِمَ : بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِيْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ اللّٰهَ المَكَارِهَ : مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْف : ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ وصُرُوْفُهُ : مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِيْثِ والكَلَامِ : کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ : خرچ کرنا۔

الصِّرْف : خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرْفَان الصِّرْفَان : رات دن۔

الصَّرَفَان : موت۔ چنگل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَة : صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَة : اسم مرة۔ گردش۔ مہرہ، منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوھ کر اگلی صبح تک کے لئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوْف : وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيْف : مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيْفُ البَابِ : دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيْفُ القَلَمِ : قلم کے چلنے کی آواز ...... (والمَصْرُوْف) : ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔

الصَّرِيْفَة : الصَّرِيْف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چٹائی۔ ج صُرُف وصَرَائِف وصَرِيْف۔

تَصَارِيْفُ الدَّهْرِ : مصائب زمانہ۔

الصَّرَّاف والصَّيْرَف والصَّيْرَفِيّ : روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَة۔

الصَّرَّاف والصَّرْفِيّ : علم صرف کا جاننے والا۔

المُتَصَرِّف : ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

المُتَصَرِّفِيَّة : ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الصَّرِيْقَة : چپاتی۔ ج صَرِيْق وصُرُق وصَرَائِق۔

صَرْقَعَ أَصَابِعَهُ : انگلیاں چٹخانا۔

صِرْقَاعَة : کوہان۔ کوہان کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔

صَرُمَ : (ک) صَرَامَةً۔ السَّيْفُ : کاٹنا ...... الرَّجُلُ : دلیر و چالاک ہونا۔

صَرَمَ : (ض) صَرْمًا وصُرْمًا۔ الحَبْلَ : توڑنا ...... الشَّيْءَ : کاٹنا۔ فُلَانًا : چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ...... فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا : اقامت کرنا۔

صَرَّمَهُ : صرم کا مبالغہ ہے۔

صَارَمَهُ مُصَارَمَةً : مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

أَصْرَمَ الرَّجُلُ : محتاج ہونا ...... النَّخْلُ : پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔

تَصَرَّمَ الرَّجُلُ : بہادری کرنا۔

تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ : کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ : سال ختم ہونا۔

تَصَارَمَ القَوْمُ : قطع تعلق کر لینا۔

اِصْطَرَمَ الشَّيْءَ : کاٹنا۔

الصَّرْم : مص۔ کھال (معرب چرم)

الصَّرَّام : گوشت فروش۔
الصِّرْم : جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْـــرَام واَصَارِم واَصَارِيم وصُرْمَان۔
الصُّرْم : مص۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَة : قسم۔ اُونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِم : فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَة : مص۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ : مستقل بالرائے۔ دشمن کا پکا۔
الـصَّـرُوْم : کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الـصُّـرَام : جنگ۔ مصیبت۔
رَجُلٌ صُرَّامٌ : کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِيْم : کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْلِ : رات کا اوّل و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِيْمٌ : لازمی امر۔
الصَّرِيْمَة : عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّيْرَمُ : پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الاَصْـرَم : جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَـرْمَاءُ ج صُـرْم (..... المُصْرَم) : بہت بال بچے والا مفلس۔
الاَصْـرَمَان : رات۔ دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الاَصْرَمَيْن" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔
الصَّرْمَاء ۔ الاَصْرَم : کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ بانجھی۔ کم دودھ والی اُونٹنی۔
الـمَـصْـرِم : ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آ جائے۔
المِصْرَم : درانتی۔
الصُّرْنَايَة : بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا يَصْرُوا صَرْوًا۔ إِلَيْهِ : دیکھنا۔

صَـرَى يَصْرِيْ صَرْيًا۔ الشَّيْءَ : دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَـرَى اللّٰه عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے۔ صَرَى بَوْلَهُ : پیشاب روک دینا۔
..... فُلَانًـــا : منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔
..... الشَّيْءُ : بلند ہونا۔ نیچے ہونا..... القَوْمَ : آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا..... بَيْنَهُمْ : فیصلہ کرنا۔
صَرِيَ يَصْرَى صَرًى۔ المَاءُ : دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا..... اللَّبَنُ : دودھ کا مزہ بدل جانا..... فُلَانٌ فِيْ يَدِ فُلَانٍ : کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا..... الدَّمْعُ : آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِيَتْ واَصْرَتْ۔ النَّاقَةُ : اُونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّى تَصْرِيَةً۔ الشَّاةَ : دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّرَى : باقی ماندہ (..... الصِّرَى) : پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِي : فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء وصَرَارِيّ وصَرَارِيُّوْن : بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔
الصَّارِيَة الصَّارِي : کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الـصَّـرَاة والصُّرْيَة والمُصَرَّاة۔ مِنَ الشَّاةِ او النُّوْق : وہ بکری یا اُونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة : چبوترہ۔
المِصْطَب : لوہار کی نہائی۔
الـمِـصْـطَـح : خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لئے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح۔
صَطَرَ : (ن) صَطْرًا : لکھنا۔
صَيْطَرَ : داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔

المِصْطَلِح : تیج و بلج۔
الاُصْـطُـمَّـة : چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَـعُـبَ : (ک) صُعُوْبَةً۔ عَلَيْهِ الاَمْرُ : دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ : مؤنث صَعْبَةٌ۔ ج صِعَاب۔
اَصْعَبَ۔ الاَمْرُ : مشکل ہونا..... الشَّيْءَ : مشکل پانا..... الجَمَلُ : سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً : سختی کرنا۔
صَعَّبَهُ : دشوار بنانا۔
تَـصَـعَّـبَ : دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الاَمْرَ : دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ : باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ : مشکل ہونا۔ الشَّيْءَ : مشکل پانا۔
الـصَّـعْـب : مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب : دشوار۔ ج صُعُب۔
الصُّعُوْب : دشوار۔
المَصَاعِب : سختیاں۔ مشقتیں۔
الـمُـصْـعَـب : سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَـصَـاعِـب ومَصَاعِيْب : کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِيْبُ" سرکش اُونٹ۔
صَـعْـتَـرَ۔ النَّحْلُ : پہاڑی پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ : مزین کرنا۔
الصَّعْتَر : پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِيّ : چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا۔ فِيْ السُّلَّم : سیڑھی پر چڑھنا..... بِهِ : چڑھانا (..... صُعُوْدًا) المَكَانَ : کھینچتا ہوا ہوئے چڑھنا۔
صَـعَّـدَ۔ فِيْ وعَلَى الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا ..... فِي الوَادِيْ : وادی میں اُترنا۔
صَـعَّـدَ فِيْهِ النَّظَرَ : اوپر سے نیچے تک دیکھنا۔
اَصْـعَـدَ : بلند ہو جانا..... فِي الاَرْضِ : ہو گیا

زمین کی طرف جانا۔ ۔۔۔فِی الْوَادِی : وادی میں اترنا۔۔۔۔فِی الْعَدْوِ : تیز دوڑنا۔۔۔۔۔: چڑھانا۔ اَصْعَدَتِ السَّفِینَۃَ : بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔

تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ : چڑھنا۔ تَصَعَّدَہٗ وتَصَاعَدَہُ الاَمْرُ : دشوار و مشکل ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ : مشکل سے سانس نکلنا۔

اِصَّعَّدَ : چڑھنا۔

الصَّاعِدُ : فا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔

الصَّعَّادُ : بہت چڑھنے والا۔

الصُّعُدُ : بلندی۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا اور "هٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ ایک درخت ہے جس سے تارکول پگھلایا جاتا ہے۔

الصَّعَدُ : مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ : سخت عذاب۔

الصَّعِیدُ : مٹی۔ قبر۔ راستہ۔ زمین کا بلند حصہ۔ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِیْقَۃُ صَعِیْدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہوگیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ ج صُعُدٌ وصُعُدَاتٌ

وصُعْدَانٌ : مصر میں چند شہروں کا نام صعید ہے۔

الصُّعُوْدُ : چڑھائی۔ خَمِیْسُ الصُّعُوْدِ : جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُوْدُ : چڑھائی۔ چڑھتا ہوا راستہ۔ دشوار گزار گھاٹی۔ ج صُعُدٌ واَصْعِدَۃٌ وصَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَاُرْهِقَنَّکَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاءُ : غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاءُ : مشقت۔

الصَّعْدَۃُ : اسم مرۃ۔ سیدھا نیزہ۔ ج صِعَادٌ وصَعَدَاتٌ

الصَّعُوْدَاءُ : دشوار گزار گھاٹی۔

الْمُصَعَّدُ مِنَ الْاَشْرِبَۃِ : آگ سے گرم کیا ہوا۔

التَّصَعُّدُ : جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔ بغیر پگھلنے کے۔

الْمُتَصَعَّدُ : بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

الْمِصْعَدُ : اوپر لے جانے کے لئے خود کار زینہ۔

جَبَلٌ مُصْعِدٌ : بلند پہاڑ۔

الْمِصْعَادُ : درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ : (س) صَعَرًا، وَجْهُہٗ : ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب کو جھکنا۔ صفت اَصْعَرُ : مؤنث صَعْرَاءُ ج صُعْرٌ ۔۔۔۔۔ رَاْسُہٗ : سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ واَصْعَرَ : تکبر وغرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتاً ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ وتَصَاعَرَ : تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ، الشَّیْءَ : گھمانا۔

تَصَعْرَرَ : گھومنا۔

اِصْعَرَّ واِصْعَرَرَ : پیچ وتاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ، الْاِبِلُ : تیز دوڑنا۔

الصَّعَّارُ : مغرور ومتکبر۔

الصُّعْرُوْرُ والصُّعْرُوْرَۃُ : درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ ج صَعَارِیْرُ۔

الصُّعْرُوْرَۃُ : کبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ، الْقَوْمَ : متفرق کردینا۔۔۔۔الشَّیْءَ : حرکت دینا۔ ۔مِنْ فُلَانٍ : خوف کرنا۔ رَاْسَہٗ بِالدُّهْنِ : سر کو تیل سے چکنا کرنا۔ تَصَعْصَعَ : متحرک ہونا، متفرق ہونا۔ الرَّجُلُ : بزدل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کردیا۔ تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہوگئیں۔

الصَّعْصَعُ : متفرق۔۔۔۔۔ والصُّعْصُعُ : ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ ج صَعَاصِعُ : کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہوکر چلے گئے۔

صَعِفَ صَعَفًا : کھکی لاحق ہونا۔ صفت مَصْعُوْفٌ۔

اَصْعَفَ، الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ بل ڈال کر اسے کھایا جاسکے۔

الصَّعْفَۃُ : کھکی۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَقُ والصُّعْفُوْقُ والصَّعْفَقِیُّ : وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کے لئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصُّعْفُوْقُ : کمینہ۔ ج صَعَافِیْقُ وصَعَافِقَۃٌ۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَۃً، السَّمَاءُ الْقَوْمَ : بجلی گرانا۔ صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَۃُ : بجلی گرنا۔

صَعِقَ : (س) صَعْقًا، الرَّعْدُ : زور سے بادل گرجنا۔۔۔۔۔الرَّکِیَّۃُ : کنوئیں کا گر جانا (۔۔۔۔۔ وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَۃً وتَصْعَاقًا) : گرج سے غشی طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ : مرنا۔ صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا : بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْہُ، السَّمَاءُ : بجلی گرانا۔ اَصْعَقَہٗ : قتل کرنا۔

الصَّعْقُ : مص۔ چیخ۔ موت۔

الصُّعَاقُ : بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَۃُ : مص۔ آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت۔ ہر مہلک عذاب۔ عذاب کی چیخ۔ ج صَوَاعِقُ۔

الْمَصْعُوْقُ : غشی والا۔ اچانک مرنے والا۔

الصُّعْرُ : چھپکلی کے انڈے۔

صَعِلَ : (س) صَعَلًا واصْعَالَّ : چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت اَصْعَلُ مؤنث صَعْلَاءُ ج صُعْلٌ۔

الصَّعَلُ : چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا۔ گدھا جس کے بال گر گئے

ہوں۔
صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً: محتاج بنا دینا، دیا کرنا۔
تَصَعْلَكَ: فقیر و محتاج ہونا۔
الصُّعْلُوك: فقیر و محتاج۔ کمزور۔ ج صَعَالِك وصَعَالِيك۔ صَعَالِيك العَرَب: عرب کے چور اور فقراء۔
أَصْعَنَ الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔
إصْعَنَّ الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔
صَغَا يَصْغُو صَغْوًا: باریک اور چھوٹا ہونا۔
الصَّغْو: چھوٹے چڑے۔ واحد صَغْوَة صَغَوَات: ممولا۔ ج صِغَاء وأصْغَاء۔ نَاقَةٌ صَغْوَةٌ: چھوٹے سر والی اونٹنی۔
الصَّغَب: جوں کے انڈے۔
صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صِغَرًا وصَغَارَةً وصُغْرًا وصُغْرَانًا: چھوٹا ہونا۔
صَغُرَ (ک) صِغَرًا وصُغْرًا وصَغَارًا وصَغَارَةً وصُغْرَانًا: ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔
صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا القَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔
صَغَّرَ وأَصْغَرَهُ: چھوٹا بنانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "أَصْغَرَتِ الأَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔
أَصْغَرَ القَوْمُ: چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔
تَصَاغَرَ الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔
إسْتَصْغَرَهُ: چھوٹا پانا۔ چھوٹا سمجھنا۔۔۔۔۔ فلانًا: چھوٹا طلب کرنا۔
الصِّغْرَة: اولاد میں سب سے چھوٹا۔ قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ أَبَوَيْهِ او صِغْرَةُ أَوْلَادِ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے۔ کہا جاتا ہے "أَنَا مِنَ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔
الصَّغَار والصُّغْر: ذلت۔ ظلم۔
الصَّغَارَة: چھوٹا پن اور بعض کہتے ہیں کہ صغارت: مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صِغَر جسامت میں چھوٹا ہونا۔
الصِّغَار والصُّغْرَان: چھوٹا۔
الصَّاغِر: ذلیل۔ بے قدر۔ جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے۔ ج صَغَرَة وصَاغِرُون۔
الصَّغِير: چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَار وصُغَرَاء۔
الأَصْغَر: اسم تفضیل۔ ج أَصَاغِر أَصَاغِرَة وأَصْغَرُون: مؤنث صُغْرَى ج صُغَر۔
الأَصْغَرَان: دل و زبان اور اسی سے مثل ہے "المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔
صَغَا يَصْغُو ويَصْغَى صَغْوًا وصَغِيَ يَصْغَى صَغًى وصُغِيًّا إِلَيْهِ: جھکنا۔۔۔۔۔ النُّجُومُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ مصدر صَغْوًا اور جمع صَوَاغٍ۔
أَصْغَى إصْغَاءً إلَى حَدِيثِهِ: کان لگانا۔۔۔۔۔ إلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا۔۔۔۔۔ الإِنَاءَ: جھکانا۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کھو گئے "أَصْغَى حَقَّهُ" جبکہ حق گھٹا دیا۔
الصَّغْو: کنوئیں کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جو دوہرا ہو۔ صَغْوُ الكَفِّ او الحُقَّة: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج أَصْغَاء۔
صَاغِيَةُ الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "أَكْرِمُوا الرَّجُلَ فِي صَاغِيَتِهِ" یعنی اس کے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔
صَفَّ (ن) صَفًّا وصَفَفَ الشَّيْءَ: صف بنانا۔۔۔۔۔ القَوْمَ: میدان جنگ میں صف بندی کرنا۔۔۔۔ صَفَّ القَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا۔۔۔۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا۔۔۔۔ الإِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا۔۔۔۔۔ اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا۔۔۔۔ السَّرْجَ: گدی بنانا۔
صَافَّ مُصَافَّةً القَوْمَ فِي القِتَالِ: میدان جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا۔۔۔۔۔ فلانٌ فلانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا المُصَافِي کہلاتا ہے۔
أَصَفَّ السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔
تَصَافَّ القَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔
إصْطَفَّ القَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔
الصَّفّ: سیدھی قطار۔ کلاس۔ صف بستہ قوم۔ ج صُفُوف۔
الصَّفَف: زرہ کے نیچے کا لباس۔
الصُّفَّة: ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے۔ صُفَّةُ السَّرْجِ او الرَّحْلِ: زین یا کجاوہ کی گدی۔
صُفَّةُ المَسْجِدِ: مسجد کا سائبان دار چبوترہ۔
الصُّفَّة: گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے بنی ہوئی ہو۔ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهْرِ: زمانے کی ایک مدت۔ ج صُفَف وصُفَّات وصِفَاف۔
الصَّافّ: ج الصَّافَّةُ مِنَ الإِبِلِ: جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے ہوئے ہوں۔ ج صَافَّات وصَوَافّ۔ الصَّافَّات: فرشتے۔
نَاقَةٌ صَفُوف: بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو کثرت دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہتے کے وقت ایک صف میں کر لے۔
الصَّفِيف: خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز۔
الصَّفْصَاف: ایک درخت جو کہ عام طور پر باسکٹ وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔
المَصَفّ: صف باندھنے کی جگہ۔ میدان جنگ۔ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج مَصَافّ۔
تَصَفْصَفَ الرَّجُلُ: قوی و مضبوط ہونا۔

العيفنّ والعيفنّان والعيقّان : بھاری بھر کم جسم والا۔ قوی تحت اندام۔

صَفَحَ :(ف) صَفْحًا. عَنْهُ : روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ گناہ معاف کرنا۔ صَفَحَ السَّائِلَ عَنْ حَاجَتِهِ : حاجت پوری نہ کرنا۔ تم کہتے ہو "أَتَيْتُهُ فِي حَاجَةٍ فَصَفَحَنِي" میں اس کے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ...... ہ بِالسَّيْفِ : تلوار کی چوڑائی کی طرف سے مارنا ...... الشَّيْئَ : چوڑا کرنا ...... النَّاسَ : لوگوں میں مقابلہ کر کے ان کی حالت دیکھنا ...... وَرَقَ الْمُصْحَفِ : ایک ایک ورق کو پیش کرنا ...... فِي الْأَمْرِ : غور کرنا۔

صَفَحَتْ (ف) صُفُوحًا. النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا : دودھ کا ختم ہو جانا۔ صفت صافح۔

صَفَّحَ. الشَّيْئَ : لمبا چوڑا کرنا ...... الْمَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا۔

صَفَّحَ بِيَدَيْهِ : تالی بجانا۔

أَصْفَحَ. السَّائِلَ : محروم واپس کر دینا ...... الشَّيْئَ : الٹا پلٹنا۔

صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وَصِفَاحًا : ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔

تَصَفَّحَ. الشَّيْئَ : تامل کرنا۔ دیر تک دیکھنا ...... الْقَوْمَ : چہروں کو غور سے دیکھنا تا کہ حالات کا اندازہ ہو سکے۔ حالات کا جائزہ لینا۔

تَصَافَحَ. الْقَوْمُ : باہم کر مصافحہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَافَحَتِ الْأَجْفَانُ" یعنی پلک لگ گئی۔

اِسْتَصْفَحَهُ. الذَّنْبَ : گناہ کی معافی چاہنا۔

الصَّفْحُ : جانب ...... مِنَ الْوَجْهِ : رخسارہ ...... مِنَ الْإِنْسَانِ : پہلو ...... مِنَ السَّيْفِ : چوڑا پہلو۔ ج صِفَاحٌ : کہا جاتا ہے "ضَرَبَ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی اعراض کیا۔

الصَّفْحَةُ مِنَ الشَّيْئِ : جانب۔ چہرہ ...... مِنَ الْكِتَابِ : ورق کی ایک جانب۔ صَفْحَةُ الرَّجُلِ : سینہ کی چوڑائی۔ ج صَفَحَاتٌ.

الصَّفْحَتَانِ والصَّفْحَتَانِ : رخسارے۔

الصُّفْحُ : چہرے اور تلوار کی چوڑائی۔

الصِّفَاحُ والصَّفْحُ : رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَتُهُ صِفَاحًا" وہ اس سے اچانک ملا۔

الصَّفِيحُ : آسمان۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔

الصَّفِيحَةُ : چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چوڑی چیز کا ظاہر۔ صَفِيحَةُ الْوَجْهِ : چہرے کی کھال۔ ج صَفِيحٌ وَصَفَائِحُ. الصَّفَائِحُ : سر کی چار ہڈیاں۔ دروازے کے تختے۔

الصُّفَّاحُ : پتلے چوڑے پتھر۔ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں۔ ج صُفَّاحَاتٌ صَفَافِيحُ۔

الصَّفَّاحُ والصَّفُوحُ : معاف کرنے والا۔ الصَّفُوحُ : بمعنی کریم۔

الْمُصَفَّحُ : چوڑا۔ الٹا جھکا ہوا ...... مِنَ الْوُجُوهِ : ملائم و خوبصورت ...... مِنَ الْأُنُوفِ : ستواں ناک ...... مِنَ الرُّؤُوسِ : کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ...... مِنَ الْقُلُوبِ : جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ...... مِنَ النَّاسِ : جو کافر سے کافرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے۔

الْمُصَفَّحُ : چوڑا۔ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں۔ أَنْفٌ مُصَفَّحٌ : ستواں ناک۔

الْمُصَفَّحَةُ والْمُصَفِّحَةُ : تلوار۔ ج مُصَفَّحَاتٌ وَمُصَفِّحَاتٌ.

صَفَدَهُ :(ض) صَفْدًا وَصُفُودًا وَصَفَّدَهُ : قید کرنا۔ ہتھکڑی لگانا۔

أَصْفَدَهُ : قید کرنا ...... مَالًا : دینا۔

الصَّفَدُ : بخشش۔ بندھن۔ ج أَصْفَادٌ : کہا جاتا ہے "الصَّفَدُ صَفَدٌ" یعنی داد و دہش قید ہے۔

الصِّفَادُ : ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے۔ بندش۔

صَفَرَ :(ض) صَفِيرًا : ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔ صَفَرَ بِالْفَرَسِ عِنْدَ وُرُودِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا۔

صَفِرَ صَفَرًا : پیٹ میں صفرا جمع ہونا۔ صفت مَصْفُورٌ (دیکھئے صَفَرٌ)

صَفِرَ :(س) صَفَرًا وَصُفُورًا وَصُفُورَةً. الْإِنَاءُ : برتن کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَفِرَ وَطْبُهُ أَوْ إِنَاؤُهُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔

صَفَّرَ. الشَّيْئَ : زرد کرنا ...... الثَّوْبَ : زرد رنگنا ...... الْبَيْتَ : خالی کرنا ...... لِلدَّابَّةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ...... بِالدَّابَّةِ : جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا۔

أَصْفَرَ : محتاج ہونا ...... الْإِنَاءُ : خالی ہونا ...... الْبَيْتَ : خالی کرنا۔

اِصْفَرَّ اِصْفِرَارًا : زرد رنگ ہونا۔

الصَّفْرُ وَالصِّفْرُ وَالصُّفْرُ : خالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْتٌ صِفْرٌ مِنَ الْمَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "هُوَ صِفْرُ الْيَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔

الصُّفْرُ : سونا۔ پیتل۔

الصِّفْرُ : زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

صَفَرٌ : قمری مہینوں میں دوسرا مہینہ۔ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج أَصْفَارٌ.

الصَّفَرَانِ : عربی سال کے دو مہینے جن میں سے پہلے کا نام ظہور اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔

الصَّفَرُ : مص۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلَى شُرْسُوفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا۔ عقل کہا جاتا ہے "لَا يُلَاطُ هَذَا بِصَفَرِي" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں چپکتا۔

الصَّفِرُ : خالی۔ ج أَصْفَارٌ : کہا جاتا ہے "إِنَاءٌ أَصْفَارٌ" خالی برتن۔

الصُّفَيْرَاءُ : ایک درخت جس کے پتے سبزی زردی مائل ہوتے ہیں۔

الصُّفْنَانِيَّةُ : زیب و زینت والا ایک درخت جس کے پتے پر نما ہوتے ہیں اور سفید رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔

الصَّفْرَة : ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَة : زردی۔ سیاہی۔
مِصْفَارٌ : ایک قسم کی مچھلی۔
الــصِّــفْــرِيْــت : کثیر العیال محتاج۔ ج صَفَارِيْت.
الــصَّــفَرِيّ والصَّفَرِيَّة : فصل خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصل خریف میں ہوتا ہے۔
الــصَّــفَــار : آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کیچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (...... والــصِّــفَــار) : جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُّفَارَة : مرجھایا ہوا پودہ۔
الــصَّــفِــيْــر : ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَّفِيْر : زای معجمہ سین وصاد مہملہ ہیں۔
الصَّفَّار : ٹھٹھیرا۔
الصَّفَّارَة : سیٹی۔ مقصد۔
الصَّفَّارِيَّة : زرد پروں کا پرندہ۔
الــصَّــافِر : سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "هُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے ہر ایک آواز کرنے والا۔ پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الاَصْــفَــر : زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاء ج صُفْر.
الصُّفْر : دنانیر۔
الاَصْفَرَان : زعفران اور سونا۔
الصَّفْرَاء : مؤنث اَصْفَر : سونا۔ چاندی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
المُصْفِر : نامحتاج۔
المَصْفُوْر والمُصَفَّر : بھوکا۔

الصِّفْرِد : ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ۔ الــرَّجُلُ : بیابان میں اکیلا چلنا ...... العُصْفُوْرُ : چڑیا کا چہچہانا۔
الصُّفْصُف : چڑیا۔
الصَّفْصَفَة : بیابان۔
الصَّفْصَاف : بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَة.
صَفَعَهٗ : (ف) صَفْعًا : تھپڑ مارنا۔
صَــافَعَــهٗ وتَصَــافَعَــا : ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَّــفْــعَــان والمَصْفَعَانِيّ : جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهٗ : (ن ض) صَفْقًا : تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَــفَــقَ الــبَــابَ : دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) ...... الــرَّجُــلَ عَــنْ مُرَادِهٖ : کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ...... الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ : پرندہ کا بازوؤں کو پھڑپھڑانا ...... عَيْــنَــهٗ : آنکھ بند کر دینا ...... الــعُــوْدَ : بربط کے تاروں کو حرکت دینا ...... الــقَــدَحَ : پیالہ بھرنا ...... الشَّــرَابَ : صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ...... لَهٗ بِالــبَــيْعِ وصَــفَــقَ عَلٰى يَدِهٖ وصَــفَــقَ يَدَهٗ بِالبَيْعَة : سودا کرنے کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ...... الــرَّجُــلَ : جانا ...... بِالسَّيْف : تلوار مارنا ...... الرِّيْحُ الاَشْجَارَ : ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَــفَــقَــتْ عَلَيْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ : (ک) صَــفَاقَةً۔ الرَّجُلُ : بے حیاء ہونا ...... الثَّوْبُ : کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْــفَقَهٗ : باز رکھنا۔ اَصْــفَقَ البَابَ والقَدَحَ والشَّــرَابَ : بمعنی صَــفَــقَ ...... الــحَوْضَ : حوض میں پانی جمع کرنا ...... لِلقَوْمِ : اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ...... الثَّوْبَ : کپڑے کو گف بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَصْــفَــقُوْا عَلٰى قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ...... الــقَــوْمُ : مضطرب و پریشان ہونے۔
صَــفَّقَ۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَيْهِ : پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ...... الرَّجُلُ بِيَدَيْهِ : تالی بجانا ...... حَوْلَ الشَّيْءِ : طواف کرنا ...... الرَّجُلُ : جانا ...... الشَّــرَابَ : صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَــافَقَ۔ الرَّجُلَانِ عِنْدَ البَيْعِ : بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ صَــافَقَ الــرَّجُــلُ بَيْنَ جَنْبَيْهِ : ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ...... بَيْنَ ثَوْبَيْنِ : ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَــافَقَ۔ القَوْمُ : خرید و فروخت کرنا۔
تَــصَــفَّــقَ۔ الــرَّجُــلُ : تردد کرنا ...... لِلاَمْــرِ : در پے ہونا۔
اِنْــصَــفَــقَ : واپس ہونا۔ پھر جانا ...... القَوْمُ عَلَيْهِ : متوجہ ہونا۔
اِصْــطَفَقَ۔ العُوْدُ : بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ...... الــبَــحْــرُ : موجوں کا متلاطم ہونا ...... القَوْمُ : مضطرب ہونا ...... الاَشْجَارُ : حرکت کرنا ...... النِّسَــاءُ عَلَى المَيِّتِ : عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الــصَّــفْــق : گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ۔
صَــفْــقَا العُنُق : گردن کی دونوں اطراف۔
صَــفْــقَا الفَرَسِ : گھوڑے کے رخسارے۔
صَفْقُ الجَبَلِ : پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق.
الصِّفْق : دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔
الــصَّــفْــقَة : خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان دہ عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔
الصَّفَق : گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔
الــصِّفَاق : کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھتے ہیں۔ ج صُفُق
الــصَّــافِقَة : نازل ہونے والی جماعت۔

مصیبت۔

الصَّفَّاق. صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنے والا اور لین دین کرنے والا۔

الصَّفُوق: بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُق.

الصَّفَائِق: آنے جانے والے قافلے۔

الصَّفَائِق والصَّوَافِق: مصیبتیں۔ حوادث۔

الصَّفِيق: بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيقٌ" گف۔ کپڑا۔

المَصْفَق: راستہ۔

المُصَافِق: ق۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا......

مِنَ الإِبِل: جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ: (ض) صُفُونًا. الفَرَسُ: گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا ...... الرَّجُلُ دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا ...... بِهِ الأَرْضَ زمین پر دے مارنا۔ ......

صَفَنًا، الطَّائِرُ الحَشِيشَ او الوَرَقَ: پرندے کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بہ تہ رکھنا ...... الرَّجُلَ: خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ. القَوْمَ: قوم کے مقابل کھڑا ہونا۔ المَاءَ بَيْنَهُم: پانی کو آپس میں تقسیم کرنا اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ. القَوْمُ المَاءَ: مذکورہ بالا طریقے سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفَن: خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ ج صُفُن وصُفُن وأَصْفَان وصُفْنَان.

الصُّـفْـن: چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفْنَة: ایک مرتبہ بقدر حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَن. ج أَصْفَان وصُفْنَان الصَّفَنَة: خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِن: پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَات وصَوَافِن وصُفُون.

صَفَا يَصْفُو صَفْوًا وصَفَاءً وصُفُوًّا: صاف ہونا ...... الجَوُّ: فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ الخِلَطَ: دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔

صَفَتْ تَصْفُو صَفْوًا وصُفُوتْ صَفَاوَةً النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً. الشَّيْءَ: صاف ستھرا کرنا۔

أَصْفَى إِصْفَاءً. فُلَانًا الوُدَّ: وأَصْفَى لَهُ الوُدَّ: خالص محبت کرنا ...... الَّذِي يَحْفِرُ: کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ أَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا ...... الشَّاعِرُ: شعر کہنے سے رک جانا اور اسی سے ضرب المثل ہے "أَنَا شَاكِرُكَ الَّذِي يَصْفِي وشَاعِرُكَ الَّذِي لَا يُصْفِي" یعنی تمہارا ایسا شکرگزار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رکتا نہیں۔ أَصْفَى مِنَ المَالِ: مال سے خالی ہونا ...... بِكَذَا: مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا ...... الشَّيْءَ: کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً. فُلَانًا: خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى. القَوْمُ: بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفَى. المَالَ: کل لے لینا ...... الرَّجُلَ: خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَصْفَاهُ واصْطَفَاهُ" یعنی چن لینا۔

الصَّفْو: ص۔ خالص محبت (...... الصَّفْوَة والصِّفْوَة والصُّفْوَة) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: خالص اور عمدہ۔

الصَّافِي: صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ: بے ابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ: بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَة: زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو صَوَافٍ.

الصِّـفْـوَة: خالص دوست۔ طرز صفائی الصِّفْوَةُ مِنَ المَاءِ ونَحْوِهِ: تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَاء: جمع صَفَاة: کی بمعنی پتھر اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاة. ج صَفَاء صَفَوَات: جمع أَصْفَاء وصُفِيّ وصِفِيّ.

الصَّفْوَانَة. ج صَفْوَان وصَفْوَان الصَّفْوَاء: ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَنْدَى صَفَاتُهُ" مراد یہ ہے کہ بخیل ہے و "فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَان: چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَان: صاف دن۔

الصَّفِيّ: خالص دوست۔ ج أَصْفِيَاء: مؤنث صَفِيَّة: ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَّفِيّ والصَّفِيَّة: مال غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کر لے۔

الصَّـفِـيَّة: زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صَفَايَا.

المِصْفَاة: چھلنا۔ ج مَصَافٍ.

المُصْطَفَى: برگزیدہ۔ چنا ہوا۔

صَقِبَ: (س) صَقَبًا. المَكَانُ: قریب ہونا۔ بعید ہونا۔

صَقَبَ: (ن) صَقْبًا: تھپڑ مارنا ...... الشَّيْءَ: جمع کرنا ...... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَهُ صِقَابًا ومُصَاقَبَةً: قریب کرنا۔ کہا

جاتا ہے لَقِیتُہٗ صِقَابًا : یعنی روبرو ملاقات کی۔

اَصْقَبَہٗ : نزدیک کرنا۔ اَصْقَبَ الشَّیْئُ : قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَصْقَبَکَ الصَّیْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

الصَّقَبُ : مکان کے اندر سب سے لمبا کھبا۔ ج صُقُوب ..... : لمبا۔ ج صِقَاب وصُقْبَان.

الصَّقَبُ والصَّقَبُ : قریب۔ نزدیک۔ کہا جاتا ہے "دَارِی مِنْ دَارِہٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "اَلْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِہٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔

الصِّقِقَابِیّ : عطر فروش۔

الصَّقَحُ والصَّقْحَۃ : گنج۔ سر کے اگلے حصہ کے بال گر جانا۔

الاَصْقَحُ : گنجا۔ مؤنث صَقْحَاء جمع صُقْح.

صَقَرَہٗ : (ن) صَقْرًا بِالعَصَاء : لاٹھی سے مارنا۔ اسی سے ہے "صَقَرَنِی بِکَلَامِہٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی ..... بِہٖ الاَرْضَ : زمین پر پٹک دینا ..... الحِجَارَۃَ : ہتھوڑے سے پتھر توڑنا۔

صَقَرَ وصَقَّرَ النَّارَ : آگ کو جلانا۔

صَقَرَتْ (ن) صَقْرًا وصَقْرَۃً واَصْقَرَتِ الشَّمْسُ اَوِ النَّارُ : آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْہُ الشَّمْسُ : آفتاب کا جھلس دینا۔

صَقِرَ (ن) صَقْرًا واِصْقَرَّ اللَّبَنُ : دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔

تَصَقَّرَ : شکرہ سے شکار کرنا ..... بِالمَکَانِ : مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ واصْطَقَرَتِ النَّارُ : آگ کا جلنا۔

الصَّقْرُ : گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے۔ شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔

ج اَصْقُر وصُقُور وصُقُوْرَۃ وصِقَار وصِقَارَۃ وصُقْر : کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔

الصَّقْرُ : بہت کھٹا دودھ۔ سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُور وصِقَار.

الصَّقَرُ والصَّقْرُ : شیرہ۔ تر کھجور کا ہو یا خشک انگور کا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا التَّمْرُ اَصْقَرُ مِنْ ذَاکَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔

الصَّقْرِیَۃ : بہت کھٹا دودھ۔

صَقَرُ : طبقہ جہنم کا نام۔ یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔

الصَّقِرُ. مِنَ الرُّطَبِ اَوِ الزَّبِیْبِ : تر کھجور یا خشک انگور جو رس نکلنے کے قابل ہو۔ اِمْرَاَۃٌ صَقِرَۃٌ : بہت تیز نگاہ والی عورت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالصُّقَرِ والبُقَرِ اَوْ بِالصُّقَارِیٰ والبُقَارِیٰ" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَۃ : پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔

الصَّقْرَۃ : حوض کا بقیہ پانی۔

الصَّاقُوْر : ہتھوڑا جس سے پتھر توڑا جائے۔ کدال (..... والصَّاقُوْرَۃ) : مصیبت۔ بڑی مصیبت۔

الصَّاقُوْرَۃ : کھوپڑی کا اندرونی حصہ۔

الصَّقَّار : چغل خور۔ کافر۔ غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا۔ شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صَقَعَہٗ (ف) صَقْعًا : سر پر مارنا۔ صَقَعَ بِہٖ الاَرْضَ : پچھاڑ دینا ..... الرَّجُلُ : جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ صَقَعَ" : یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا۔ راستہ سے ہٹ جانا یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا ..... الحِمَارَ بِکَیٍّ : گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَقَعَتْہُ الصَّاعِقَۃُ" بمعنی صَعَقَتْہُ الصَّاعِقَۃُ : یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔

صَقَعَ (ف) صَقْعًا وصُقَاعًا وصَقِیْعًا الدِّیْکُ : مرغ کا بانگ دینا ..... صَقْعًا وصُقَاعًا بِصَوْتِہٖ : آواز بلند کرنا۔

صَقِعَ : (س) صَقَعًا الرَّجُلُ : بے ہوش ہونا۔

الفَرَسُ اَوِ الطَّائِرُ : سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت اَصْقَعُ. صَقِعَتِ البِئْرُ : کنواں گر جانا۔

صُقِعَ واَصْقَعَ المَکَانُ : یخ والا ہونا۔ پالا پڑنا۔ صَقِعَ لِفُلَانٍ : کسی کے لئے قسم کھانا۔

اَصْقَعَ الرَّجُلُ : یخ پر چلنا ..... الصَّقِیْعُ الاَرْضَ : یخ پڑنا۔

الصُّقْعُ : جانب۔ گوشہ۔ ج اَصْقَاع.

الصَّقَعُ : سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔

الصَّقِیْعُ : گنجا۔ غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے۔ مَکَانٌ صَقِعٌ : پالا زدہ جگہ۔

الصَّقْعَۃ : گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔

الصَّقْعَاء : مؤنث اَصْقَع : کا۔ آفتاب۔

الصَّاقِعُ : جھوٹا۔ کہتے ہیں "صَہٖ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔

الصَّاقِعَۃ : مؤنث صَاقِع : کا۔ بجلی۔

الصِّقَاعُ : برقع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا۔ وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں۔ اونٹ کی گدی پر داغ۔ صِقَاعُ الخِبَاءِ : وہ دری جس کو خیمہ کے اوپر ڈال دیں اور اس کے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔

الصَّقِیْعُ : یخ۔ پالا۔ ایک قسم کی بجری۔

المِصْقَعُ : فصیح بلیغ۔ بلند آواز والا۔ وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہ ہو۔ ج مَصَاقِع.

صَوْقَعَۃ : سر پر مارنا۔

الصَّوْقَعَۃ : عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔

الـصَّـقْـعَـب : لمبا دُم دار لٹکے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)

صَقَرَ فِيْ دُكَّنِهِ : دکان میں چلا نا۔

الصُّقُر : ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔

صَـقَلَ (ن) صَـقْلاً وصِقَالاً. الشَّيْ : صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَقِيل ج صَقَلَة : صفت مفعولی مَصْقُوْل ...... النَّاقَة : دبلا کرنا ...... هُ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا ...... بِهِ الأَرْض : زمین پر پٹک دینا۔

صَقِلَ : (س) صَقَلاً : صاف شدہ ہونا۔

الصَّقَل : گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔

الصُّقْل : پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔

الصُّقْل والصُّقْلَة : کمر۔

الـصَّـقِـلُ : مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ : لمبے پہلو کا گھوڑا۔

المَصْقَل، صَاقِل : کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَيَاقِل وصَيَاقِلَة.

الصَّقِيْل : صاف کیا ہوا۔ تلوار۔

الصِّقْلَال، صَقِيْل : کا مبالغہ۔

صِقِلِّيَة وصَـقَلِّيَة : جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔

المِصْقَل مِنَ الخُطَبَاء : فصیح و بلیغ۔

المِصْقَلَة : جس سے صیقل کیا جائے۔

الصَّـقْلَب والصَّقْلَبِي والصَّقْلَابِي : ایک قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔

صَكَّه (ن) صَكًّا : زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔ صَكَّ البَاب : دروازہ بند کر دینا۔

صَكِكَ (س) صَـكَـكـاً. الرَّجُلُ او الفَرَسُ : چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت أَصَكّ.

اِصْطَكَّتْ رُكْبَتَاهُ : چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا "اِصْـطَـكَّ الـقَـوْمُ بِالسُّيُوْفِ" : تلوار سے لڑنا۔

مَاكَّتْ. الرُّكَب : زانو کا رگڑ کھانا۔

تک : چک۔ اقرار نامہ۔ ج صُكُوك

وصُكُوك وصِكَاك.

الأَصَكّ : چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ ملے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا۔ قوی۔ مؤنث صَكَّاء ج صُكّ.

الصَّكَّاك : زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چیک لکھنے والا۔ چیک کی حفاظت کرنے والا۔

الصَّكِيْك : کمزور۔

المِصَكّ : مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔

المَصْكُوْكَات : دراہم و دنانیر۔

صَكَمَهُ : (ن) صَكْمًا : مارنا۔ صَكَمَ الفَرَسُ عَلَى لِجَامِهِ : گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

الصَّكْمَة : صدمہ شدیدہ۔

الصَّوَاكِم : مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے "صَكَمَتْهُ صَوَاكِمُ الدَّهْرِ" اس کے اوپر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔

صَلَّ : (ض) صَلِيْلاً السِّلَاحُ : جھنکار ہونا ...... الشَّيْ : آواز دینا ...... المِسْمَارُ : ٹھوکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ...... الإِبِـلُ : اونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ...... السِّقَاءُ : مشک کا خشک ہونا (...... صُلُوْلاً) اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...... المَاءُ : پانی کا متغیر ہونا۔

صَلَّ (ن) صَلًّا. الشَّرَابَ : صاف کرنا ...... الحَبَّ المُخْتَلِطَ بِالتُّرَابِ : پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ...... الخُفَّ : چرمی موزہ پر استر لگانا۔ کہا جاتا ہے "صَلَّتْهُم الصَّالَّة" یعنی ان کو مصیبت لاحق ہو گئی۔

أَصَلَّ. اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...

الصَّلُّ : گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔

الـصِّـلُّ : خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔

اس کے مماثل ہے۔ تلوار۔ ج أَصْلَال کہا جاتا ہے "هُوَ صِلُّ أَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔

الصِّلُّ والصَّلُّ والصَّلَّة : تھوڑی متفرق بارش۔

الصَّلَّة : دباغت سے پہلے خشک چمڑا۔ بدبودار چمڑا جوتا۔ جوتی۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ ترمٹی۔

الصُّلَّة : بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔

الصَّالَّة : مصیبت۔

الصِّلَالَة : چرمی موزے کا استر۔ ج أَصِلَّة.

صُلَالَة. الحَبّ : غلے کا کوڑا کرکٹ۔

الصَّلِيْل : جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔

الصَّلَال والـمِـصْلَال. مِنَ الطِّيْن : خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ فـــاۃ صَلَال : متغیر پانی۔

الـصِّـلِّيَـان : ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّيَانَة.

الصَّمَلِّل : سردار۔ شریف۔ خالص النسب۔ کثیر بارش۔

صَـلَبَـه (ن ض) صَـلْـبًا : سولی دینا ...... اللَّحْمَ : گوشت بھوننا ...... العِظَامَ : ہڈیوں سے گودا نکالنا ...... صَلَبَتْهُ الشَّمْسُ : آفتاب کا جھلس جانا۔ صَـلَـبَـتْ عَـلَـيْـهِ الحُمّٰى : بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔

صَلُبَ (ک س) صَلَابَة : سخت ہونا ...

عَلَى المَال : بخل کرنا۔

صَلَّبَ. الشَّيْ : سخت کرنا ...... الشَّيْ : سخت ہونا اور خشک ہونا ...... اللِّـصَّ : چور کو سولی دینا۔

...... الـمَسِـيْـحِي : ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔

أَصْلَبَ. النَّاقَةُ : بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔

تَصَلَّبَ : سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ. العِظَامَ : ہڈیوں سے گودا نکالنا۔

[illegible] ریڑھ کی ہڈی۔ چربی۔ گودا۔ سخت

زمین۔ ج صِلَبَة و اصلاب: ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں "انّھا لا صلاب منذ اعوام"۔
الصُّلْب: سخت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صُلْبٌ فِی دِینِہٖ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ "زاج صُلْبُ العصا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج اَصْلاب و اَصْلُب و صِلَبَة اور کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صُلْبِ فُلان" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے۔
الصُّلْب: قوّة۔ حسب۔ سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَة۔
الصُّلْب: ایک پرندہ ہے۔
الصّالب: فا۔ حُمّی صالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔
الصالب و الصلب: ریڑھ کی ہڈی۔
الصُّلْب: سخت۔ سان رکھنے کا پتھر۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الصُّلْبَة: سان رکھنے کا پتھر۔
الصُّلْبی: سخت۔ جس سے سان رکھا جائے۔ سنان صُلْبی: تیز نیزہ۔
الصُّلَّبَة: بمعنی صُلْبی: تا مبالغہ کے لئے ہے۔
الصُّلَّب: وہ ستون جس کے چار حصے بنائے گئے ہوں۔
الاَشْرُب: وہ ستون لمبا جس کے حصے ہوں۔
الاَصْرَاح: وہ ستون جو دو پر قائم ہوا اور باقی لمبا ہو۔
الصَّلِیب: وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ہر وہ جو دو خط کی شکل پر جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے۔ ج صُلْبان و صُلُب: قوی۔ سولی دیا ہوا۔ چربی۔ گودا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِیبَ العَظْم" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا۔ جھنڈا۔ الذی صَلِیب علی السروز۔ اور مَصْلُوب: اونٹ کا داغ۔ج

صُلَّب: خالص نسب والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ صَلِیبٌ" وہ خالص عربی ہے۔ "ذُو الصَّلِیب" لقب ہے "الاخطل" اعرابی شاعر کا۔
الصَّلِیبِی: واحد الصَّلِیبِیَّة: یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انہوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔
بعیر مُصَلَّب و مَصْلُوب: جس پر صلیب جیسا داغ ہو۔ مؤنث مُصَلَّبَة و مَصْلُوبَة
سنان مُصَلَّب: تیز تیز ہے۔ خیر مُصَلَّب عَلَیْہ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو۔ ثوب مُصَلَّب: جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔
صَلَتَ: (ن) صَلْتًا۔ الفرسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا۔
صَلُتَ: (ک) صُلُوتَة۔ الرجلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا۔
اَصْلَتَ۔ السیفَ: تلوار سونتنا۔
اِنْصَلَتَ۔ فِی عَدْوِہٖ: دوڑ میں آگے نکل جانا۔
الصَّلْت: کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی۔ کہا جاتا ہے "جَبِینٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔
الصَّلْت و الصُّلْت: بڑی چھری۔ ج اَصْلات۔
الصَّلْتُ و الصَّلْتَانُ و الاِصْلِیتُ و الاَصْلَتِیُّ و الاِصْلاتُ و المُصْلَتُ و المِصْلاتُ و المُنْصَلِتُ۔ مِنَ الرِّجال: بہادر آدمی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ مَصَالِیتِ الرِّجال" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے۔
الصَّلْت و الاِصْلِیت و المُنْصَلِت مِنَ السُّیُوف: چمکتی ہوئی تیز تلوار۔
المُصَالَتَة: باہم دگر تلوار بازی کرنا۔ شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنیً لے لینا اور یہ سرقات شعریہ میں قبیح ترین ہے۔
صَلَجَ: (ن) صَلْجًا۔ الفضّة: چاندی

پگھلانا۔ صَلَجَہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔
صَلِجَ: (س) صَلَجًا۔ صَلَجَۃ: بہرا ہونا۔
صُلِجَ۔ الرجلُ: بہرا ہونا۔
الصُّلْج: کمر۔ سیدھی۔
الصُّلَّجَة: ریشم کے کیڑے کا خول۔ ج صُلَج۔
الصُّلَیْجَة: پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔
الصَّوْلَجان و الصَّوْلَجَة: ٹیڑھے سرے کی لاٹھی۔ ج صَوَالِجَة۔
الصَّوْلَج: خالص چاندی۔ کان کا سوراخ۔ ٹیڑھی لکڑی۔
الاَصْلَج: سخت چکنا۔ بہرا۔
صَلَحَ (ک ف ن) صَلاحًا و صُلُوحًا و صَلاحِیَة: درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَلَحَتْ حالُ فُلان" فلاں کا حال درست ہو گیا۔ الرجلُ: نیک ہونا۔ فِی عَمَلِہٖ: کام میں درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذا یَصْلُحُ لَکَ صَلاحِیَّةً": یعنی تمہارے موافق ہے۔ تمہارے لائق ہے۔
صَالَحَہ صِلاحًا و مُصَالَحَة: موافق ہونا۔ صلح کرنا۔
اَصْلَحَ۔ الشیءَ: درست کرنا۔ بَیْنَھُم: صلح کرانا۔ اِلَیْہِ: اچھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰہُ فِی ذُرِّیَّتِہٖ وَ مَالِہٖ"۔
تَصَالَحَ و اصْطَلَحَ و اصَّالَحَ و اصَّلَحَ۔ القومُ: رضامند ہونا۔
اِسْتَصْلَحَ۔ الشیءَ: درستی چاہنا۔
الصُّلْح: سلامتی۔ درستی۔ مصالحت کا نام ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ھُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوحٌ" یعنی رضامند ہیں۔ مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔
الصَّالِحَة: وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔
الاِصْطِلاح: عرف خاص۔ یعنی کسی جماعت

خاص کا کسی چیز پر یا کسی کام کے وضع پر اتفاق کر لینا۔ ج اِصْطِلاحَات۔

الصَّالِح: نیک۔ ٹھیک۔ درست۔ حقوق و واجبات پورے کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَالِحٌ بِكَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَهُ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الأَدَبِ" یعنی اس کے لئے ادب کا حصہ کثیر ہے۔ ج صَالِحُونَ وصُلَّاح۔

الصَّالِحَة: مؤنث صالح کا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَتْنِي صَالِحَةٌ مِنْ فُلانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِيح: بمعنی صالح۔ ج صُلَحَاء۔

الْمَصْلَحَة: جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی۔ ج مَصَالِح: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَهْلِ الْمَفَاسِدِ لا الْمَصَالِحِ"۔

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمَخَة: سخت بہرا ہونا۔ تَصَالَخَ: بہرا بننا۔

اِصْلَخَ: لیٹنا۔

الصَّالِخ: بمعنی السَّالِخ۔ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے "جَرَبٌ صَالِخٌ وسَالِخٌ" کالا سانپ۔

الأَصْلَخ: بہت بہرا۔ مِنَ الْجِمَالِ: خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاء ج صُلْخ۔

الصَّلَخ: بہراپن۔ خارش۔ دَاهِيَةٌ صَلُوخٌ: ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ: سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلْخَد والصِّلْخَد والصِّلَّخْد والصِّلْخَاد والصُّلاخِد والصَّلْخَدَى: قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلاخِد۔

الصَّلْخَدِم مِنَ الإبِلِ: قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُودًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا۔۔۔۔ صَلَدَتِ الأَرْضُ: زمین کا سخت ہونا۔۔۔۔ صَلَدَهُ: سر کے گنج کا چکنا۔

صَلَدَتْ: (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا۔۔۔ الرَّجُلُ إِلَى الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَّدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا۔۔۔ بِيَدَيْهِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلادَةً وصَلَّدَ تَصْلِيدًا: بخل کرنا۔

أَصْلَدَ الزَّنْدُ: بغیر آگ نکلے کے چقماق کا آواز کرنا۔ أَصْلَدَتِ الأَرْضُ: سخت ہونا۔

أَصْلَدَ الزَّنْدَ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکلنا۔

الصَّلْد: ٹھوس۔ چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ صَلْدٌ ومَكَانٌ صَلْدٌ" ج أَصْلادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذموم ہے۔ رَأْسٌ صَلْدٌ: جس پر بال نہ نکلیں۔ جَبِينٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔

الأَصْلَد: بخیل۔ مؤنث صَلْدَاء ج صُلْد۔

الصَّالِد: فا۔ وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔

الصَّالِدَة: مؤنث صَالِد کا۔ دانت جس کے چبانے میں آواز نکلے۔ ج صَوَالِد۔

الصَّلُود: آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس۔ اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُودٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔ قِدْرٌ صَلُودٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَأَةٌ صَلُودٌ: بے برکت عورت۔

الصَّلُودَد: ٹھوس چکنا۔

الصَّلِيد: اکیلا۔

عُودٌ صَلَّادٌ ومِصْلادٌ: نہ سلگنے والی لکڑی۔

نَاقَةٌ مِصْلادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔

الصِّلْدَاء والصِّلْدَاءَة: سخت ٹھوس زمین۔

الصَّلْدَح: چوڑا پتھر۔

الصَّلُودَح: سخت قوی۔

الصِّلْدِم: ٹھوس۔ سخت کھر۔ شیر۔ ج صَلادِم۔ الصِّلَّوْر: ایک قسم کی مچھلی۔

صَلْصَلَ صَلْصَلَةً الحُلِيُّ أو اللِّجَامُ: زیور گرجنا۔ الخُرُوسُ: آواز کو دہرانا۔۔۔۔ فُلانًا: دھمکی دینا۔

تَصَلْصَلَ اللِّجَامُ أو الحُلِيُّ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔

الصُّلْصُل: گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر۔ چرواہا۔ فاختہ۔

الصَّلْصَال: کھنکنانے والی خشک مٹی (۔۔۔۔ والصُّلاصِل والمُصَلْصَل): آواز دینے والا گدھا۔

الصَّلْصَالَة: زمین جس میں کوئی نہ ہو۔

المُصَلْصَل: مصدر میمی۔ خالص النسب۔ شریف سردار۔

الصُّلْطَلَة والصُّلاطَة: سلاد یعنی سبزی، پیاز، نمک، تیل اور دیگر اشیاء سے کچا کھانا تیار کیا جائے۔

اِصْلَنْطَحَ۔ البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔

الصُّلاطِح والمُصْلَنْطِح: چوڑا کشادہ۔

صَلِعَ (س) صَلَعًا: سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت أَصْلَعُ ج صُلْع وصُلْعَان: کہا جاتا ہے "صَلِعَتِ الشَّجَرَةُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔

صَلَّعَتْ وتَصَلَّعَتْ وانْصَلَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا۔۔۔۔ السَّخْلَةُ: بچے کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔

تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔

صِلاعُ الشَّمْسِ: آفتاب کی گرمی۔

الصَّلَعَة والصُّلْعَة: سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔

الصَّلْعَاء۔ أَصْلَعُ: کا مؤنث۔ خالی بیابان۔ مصیبت۔ رَمْلَةٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریگستانی میدان۔ ج صُلْع۔

الصُّلْع والصَّلِيع والصُّلاع: چوڑا پتھر۔

مِنَ الأَمْكِنَةِ: بنجر زمین۔ رَأْسٌ صَلِيعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔

صَلْعَم: صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔

[illegible] آواز نکلنا۔۔۔ [illegible] (س) صَلَفًا: ڈینگ مارنا۔ صفت

صَلِفَ ج صَلِفُوْن صَلْفَاء وصَلافَى ..... لِصَاحِبِه : غیر پسندیدہ باتیں کرنا ..... المَرْأَةُ عِنْدَ زَوْجِهَا : شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔ صفت صَلِفَة۔ ج صَلِفَات وصَلائِف ..... السَّحَاب : زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔

اَصْلَفَ : بے برکت ہونا۔ گراں جان ہونا۔ فُلانًا : بغض رکھنا۔

تَصَلَّفَ : بے تکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا ..... القَوْم : سخت زمین پر پڑنا۔

الصَّلْف : درخت خرما میں خالی ہونا۔ صَلْفَة : واحد ہے۔

الصَّلِف : بے مزہ کھانا۔ بھاری برتن۔ اناءٌ صَلِفٌ : کم پانی لینے والا برتن۔ سَحَابٌ صَلِفٌ : زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔ اَرْضٌ صَلِفَة : زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

الصَّلِيف : گردن کا پہلو۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِصَلِيفِهِ" یعنی پورا لے لیا۔ "طَعَامٌ صَلِيفٌ" بے مزہ کھانا۔

الاَصْلَف : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج اَصَالِف۔

الصَّلْفَاء والصِّلْفَاء والصَّلْفَاءَة والصِّلْفَاءَة : زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ ج الصَّلافِي۔

المُصْلِف : بیوی کی بے قدری کرنے والا۔

صَلْفَعَ : مفلس ہونا۔ رَاسَهُ : مونڈ دینا۔

صَلَقَ : (ن) صَلْقًا۔ الرَّجُلُ : مصیبت میں چیختا چلاتا۔ صَلَقَهُ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ صَلَقَتْهُ الشَّمْسُ : آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔

صَلِقَ : (ن) صَلَقًا۔ نَابُه : دانت پیسنا۔

اَصْلَقَ۔ الرَّجُلُ : مصیبت میں چیختا چلانا۔ ..... النَّاقَة : دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔

تَصَلَّقَ۔ المَرِيضُ : درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا ..... المَرْأَةُ : دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔

اِصْطَلَقَ۔ البَعِيرُ بِنَابِه : اونٹ کا دانت پیسنا۔

الصَّلاقَة : پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔

الصَّلْق : سخت آواز۔

الصَّلَق : ہموار زمین۔ ج اَصْلاق ج ج اَصَالِيق۔

الصَّلِيق : چکنا۔

الصَّلِيقَة : پتلی روٹی۔ چپاتی۔ گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا۔ ج صَلائِق۔

المِصْلَق والمِصْلاق۔ مِنَ الخُطَبَاء : بلیغ خطیب۔ ج مَصَالِق ومَصَالِيق۔

المَصَالِيق : بڑے بڑے چھریرے بدن کے ہلکے اونٹ۔

صَلْقَعَ : مفلس ہونا ..... رَاسَهُ : سر مونڈنا۔ صَوْتَه : آواز تیز کرنا۔

الصَّلْقَع : خالی۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ صَلْقَعٌ بَلْقَعٌ وصَلَنْقَعٌ بَلَنْقَعٌ" خالی مکان۔ بَلْقَع وبَلَنْقَع صَلْقَع وصَلَنْقَع کے لئے تابع ہیں۔

الصَّلَنْقَع : مردود اور دو تکا۔

صَلَمَ : (ن ض) صَلْمًا وصَلَّمَ۔ الشَّيءَ : جڑ سے کاٹنا۔ صَلَمَهُ وصَلَّمَهُ : جڑ سے ناک کان کاٹ لینا۔

اِصْطَلَمَهُ : جڑ سے اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَلَمَهُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو برباد کر دیا۔

الصَّلَم والصَّلَمَة : مضبوط اور بہادر لوگ۔ واحد صَالِم۔

الصُّلْمَة : خود۔

الصَّلامَة والصِّلامَة والصُّلامَة : آدمیوں کی جماعت۔ سخاوت میں بہادری میں اور عمر میں ایک قسم کے لوگ۔ ج صَلامَات صِلامَات صُلامَات۔

رَجُلٌ اَصْلَمُ۔ الاُذُنَيْنِ : وہ شخص جس کے دونوں کان کٹے ہوئے ہوں گویا کہ خلقتًا ایسے ہی ہیں۔ مؤنث صَلْمَاء ج صُلْم۔

الصَّيْلَم : [illegible]

میں ایک مرتبہ کھانا۔ وَلْقَةٌ صَلْمَعَةٌ : جڑ سے مٹا دینے والی جنگ۔

صَلْمَعَ : مفلس ہونا ..... الرَّاسَ : مونڈ دینا ..... الشَّيءَ : اکھیڑ دینا۔ چکنا کر دینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَلْمَعَةُ بْنُ قَلْمَعَةَ" یعنی وہ اور اس کے باپ غیر معروف ہیں۔

اِصْلَهَبَّ : دراز ہونا۔

الصَّلْهَب والمُصْلَهِب : لمبا آدمی۔

الصَّلْهَب : بڑا مکان۔

الصَّلْهَج : بڑی چٹان۔ قوی اونٹنی۔

اِصْلَهَمَّ : سخت ہونا۔

الصِّلْهَام : دلیر۔ شیر۔

صَلا يَصْلُو صَلْوًا۔ فُلانًا : پیٹھ کے درمیان مارنا۔

صَلِيَتْ تَصْلَى صَلًا و اَصْلَتْ اِصْلاءً۔ النَّاقَة : قرب ولادت کی وجہ سے اونٹنی کے ذیرا اور دُم کے درمیان کا ڈھیلا ہو جانا۔

صَلَّى صَلاةً : دعا کرنا۔ نماز پڑھنا۔ اَللّٰه عَلَيْهِ : برکت دینا۔ اچھی تعریف کرنا ..... تَصْلِيَةً۔ الفَرَسُ : گھوڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر ہونا۔ صفت مُصَلِّي۔

الصَّلا : انسان اور چوپایہ کی پیٹھ کا درمیانی حصہ۔ ج صَلَوَات واَصْلاء۔

الصَّلاة والصَّلوة : دعا۔ نماز۔ تسبیح ..... مِنَ اللّٰهِ : رحمت۔ ج صَلَوَات۔

المُصَلَّى : نماز پڑھنے کی جگہ۔

صَلَى صَلْيًا۔ اللَّحْمَ : گوشت بھوننا۔ مفعول مَصْلِيّ ..... فُلانًا النَّارَ وفِيهَا وعَلَيْهَا : آگ میں داخل کرنا ..... الرَّجُلَ : فریب دینا ..... لِلصَّيْدِ : جال لگانا۔

صَلِيَ (س) صَلًى وصِلِيًّا وصُلِيًّا وصِلاءً۔ النَّارَ وبِهَا : آگ کی گرمی برداشت کرنا۔ آگ میں جلنا ..... الاَمْرَ وبِالاَمْرِ : معاملہ کی شدت برداشت کرنا۔

صَلَّى۔ العَصَا عَلَى النَّارِ وبِالنَّارِ : آگ پہ دکھا کر سیدھا کرنا۔ صَلَّى واَصْطَلَى يَدَهُ : ہاتھ گرم کرنا۔

اَصْلاہُ النَّارَ : آگ میں داخل کرنا۔
صَلّٰی تَصْلِیَۃً النَّارَ وبِالنَّارِ : آگ کی گرمی برداشت کرنا۔ آگ تاپنا۔۔۔۔عَصَاہُ عَلَی النَّارِ : آگ دکھلانا۔
اِصْطَلٰی اِصْطِلَاءً بِالنَّارِ : آگ تاپنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُصْطَلٰی بِنَارِہٖ" یعنی فلاں ایسا بہادر ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔
الصِّلَاءُ والصَّلٰی : آگ یا بڑی آگ۔ ایندھن۔
الصَّلَایَۃُ والصَّلَاءَۃُ : پیشانی۔ خوشبو۔ پیسنے کا پتھر۔ ہر بڑا پتھر جس پر پیسا جائے۔ ج صُلِیٌّ وصِلِیٌّ۔
الصِّلِّیَانُ : ایک جنگلی گھاس۔ صِلِّیَانَۃٌ : واحد۔
المِصْلَاۃُ والمِصْلٰی : جال جو شکار کے لئے لگایا جائے۔ ج مَصَالٍ کہا جاتا ہے "اِنَّ لِلشَّیْطَانِ فِخَاخًا ومَصَالِیَ" کہ شیطان کے لئے بہت سے پھندے اور جال ہیں۔
صَمَّ (ن) صَمًّا. القَارُوْرَۃَ : شیشی بند کرنا۔۔۔۔الجُرْحَ : زخم کو باندھنا اور لیپ لگانا۔۔۔۔عَزِیْمَتَہٗ : پکا ارادہ کرنا۔ صَمَّ الرَّجُلَ بِحَجَرٍ : پتھر سے مارنا۔
صَمَّ (س) صَمَمًا وصَمًّا : بہرا ہونا۔ صفت اَصَمُّ مؤنث صَمَّاءُ ج صُمٌّ وصُمَّانٌ. صَمَّ صَدَاہُ : اس کی آواز بہری ہوگئی یعنی مر گیا، ہلاک ہو گیا۔
صَمَّمَہٗ : بہرا کر دینا۔ صَمَّمَ عَلَی الاَمْرِ وفِیْہِ : کر گزرنا اور منع کرنے والے کی بات نہ سننا۔۔۔۔السَّیْفُ : تلوار کا ہڈی میں گھسنا اور کاٹ دینا۔
صَمَّمَ المَحْبُوْبَ : پار کرنا۔ صَمَّمَ الشَّیْءَ : دانت سے کاٹنا۔
اَصَمَّ : بہرا ہونا۔ بہرا کرنا۔ بہرا پانا۔۔۔۔القَارُوْرَۃَ : شیشی بند کرنا۔ اَصَمَّ دُعَاءَہٗ : ایسی قوم کو پکارنا جو ملامت سنے نہ جواب دے۔ اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَی فُلَانٍ : اللہ اسے ہلاک کرے۔

تَصَامَّ عَنِ الحَدِیْثِ : بہرا بننا۔
الصِّمُّ : سخت مصیبت۔ شیر۔
الصِّمَّۃُ : بہادر شیر۔ نر کر سانپ۔ مادہ سکی۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج صِمَمٌ.
الصَّمَمُ : بہرا پن۔ رجل صمم : پختہ ارادہ والا۔
صَمَامِ : بروزن قَطَامِ : سخت مصیبت کے لئے عَلَم : کہتے ہیں "صَمِّیْ صَمَامِ" : اے مصیبت زیادہ ہو۔ "صَمَامِ صَمِیْمٌ" سخت امر۔
الصِّمَامُ ج اَصِمَّۃٌ. الصِّمَامَۃُ : شیشی کی ڈاٹ۔
الصَّمِیْمُ : ہڈی جس پر عضو کا مدار ہو۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : خالص۔۔۔۔مِنَ الحَرِّ او البَرْدِ : سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ فِیْ صَمِیْمِ الحَرِّ" : سخت گرمی میں گیا اور یہ واحد اور جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ تم کہو گے "رَجُلٌ صَمِیْمٌ" و "رِجَالٌ صَمِیْمٌ" مؤنث صَمِیْمَۃٌ : کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ صَمِیْمِ القَوْمِ" یعنی قوم کا اصل ہے۔
الاَصَمُّ : ٹھوس۔ کہا جاتا ہے "حَجَرٌ اَصَمُّ وصَخْرَۃٌ صَمَّاءُ" یعنی ٹھوس پتھر۔ رمح اَصَمُّ : مضبوط نیزہ۔ رَجُلٌ اَصَمُّ : جس سے کسی خیر کی امید نہ ہو اور اپنی خواہشات سے باز نہ رکھا جا سکے۔ دَھْرٌ اَصَمُّ زمانہ گویا کہ اس سے شکایت کی جاتی ہے اور وہ سنتا نہیں۔ عرب رجب کے مہینے کو شھر اَصَمُّ : کہتے تھے اس وجہ سے کہ اس مہینے میں نہ تو قتل وقتال کی آواز آتی تھی اور نہ ہتھیاروں کی جھنکار سنائی دیتی تھی اور نہ فریادی شور مچاتا تھا۔
الصَّمَّاءُ : مؤنث اَصَمُّ۔ ٹھوس زمین۔ سخت مصیبت۔ ج صُمٌّ.
الصِّمَّانَۃُ والصِّمَّانُ : ہر پتھریلی سخت زمین۔
المُصَمِّمُ : کر گزرنے والا۔ السَّیْفُ المُصَمِّمُ : ہڈی میں گھس جانے والی تلوار۔

صَمَأَ : (ف) صَمْأً. عَلَیْھِمْ : برآمد ہونا۔ ظاہر ہونا۔۔۔۔فُلَانٌ عَلَی الاَمْرِ : برانگیختہ کرنا۔
صَمَتَ (ن) صَمْتًا وصُمُوْتًا وصُمَاتًا : خاموش رہنا۔
صَمَّتَ واَصْمَتَ : خاموش رہنا۔ صَمَّتَہٗ واَصْمَتَہٗ : خاموش کرنا۔ اَصْمَتَ العَلِیْلُ : بیمار کی زبان بند ہو جانا۔ صَمَّتَتِ المَرْاَۃُ وَلَدَھَا عورت کا اپنے بچہ کو بہلانے کے لئے کچھ کھلانا۔
الصُّمَاتُ : خاموشی۔ پیاس کی سرعت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِصُمَاتِہٖ ومُسْکِتِہٖ" یعنی چپ کرا دیا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی صُمَاتِ الاَمْرِ او بِصُمَاتِہٖ" : وہ کام کرنے کو مستعد وتیار ہے۔ "جَاءَ مِنَ القَوْمِ عَلٰی صُمَاتٍ" قوم سے قریب ہوا۔
الصُّمْتَۃُ والصُّمْتَۃُ : کھانا یا مٹھائی وغیرہ جس سے بچے کو بہلایا جائے اور چپ کرایا جائے۔
الصَّامِتُ : فا۔ خاموش۔ گاڑھا دودھ۔۔۔۔مِنَ المَالِ : چاندی سونا (مال ناطق حیوانات ہیں) کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ نَاطِقٌ ولَا صَامِتٌ" یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔
الصِّمِّیْتُ والصَّمُوْتُ : بہت خاموش رہنے والا۔
الصَّمُوْتُ : بھاری زرہ۔ شہد سے بھرا ہوا۔ چھتہ۔ ضَرْبَۃٌ صَمُوْتٌ : پار ہو جانے والی ضرب۔ المُصْمِتُ : کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَشْکُوْ اِلٰی غَیْرِ مُصْمِتٍ" یعنی ایسے شخص سے شکایت کر رہا ہے جو اس کی پرواہ نہیں کرتا۔
المُصْمَتُ : ٹھوس۔ بَابٌ مُصْمَتٌ : بند دروازہ جس کے بند ہونے کی جگہ معلوم نہ ہو۔ حَائِطٌ مُصْمَتٌ : جس دیوار میں فرجہ نہ ہو۔ فَرَسٌ مُصْمَتٌ : جس گھوڑے کے رنگ میں کوئی دوسرا رنگ نہ ہو۔ اِنَاءٌ مُصْمَتٌ : جس پر چاندی کی قلعی نہ ہو۔ اَلْف

نضنت ونضنت: کامل ایک ہزار۔
ضَمَحَہٗ: (ف ض) ضَمْحًا۔ الحَرُّ: گرمی کا دماغ کو پگھلا دینا۔۔۔۔ و بـالسوط: کوڑے سے مارنا۔ ضـمح فلانًا: سوال کرنے میں سختی کرنا۔
الضماح: بدبودار پسینہ۔ داغ لگانا۔ چربی جو پگھلا کر پیر کی پھٹن میں لگائی جائے۔
الاضمح: بہادروں کے سر پر ضرب لگانے والا۔
یَومٌ صَامِحٌ وصَمُوحٌ: سخت گرم دن۔
حافرٌ صَموحٌ: سخت کھر۔
الصِمحاء والصِمحاوۃ: سخت زمین۔
صَمَخَہٗ (ن) صَمخًا: کان کے سوراخ پر مارنا۔ صَمَخَ انفَہٗ: ناک توڑ دینا۔
الصمخ: خشک چیز جو بکریوں کے تھن کے سوراخ میں بچہ جننے کے وقت ہوتی ہے کہ اس کے نکل جانے کے بعد دودھ اچھی طرح آنے لگتا ہے۔ مار کا نشان جو چہرے پر پڑ جائے۔
الصِماخ: کان کا سوراخ۔ ج صُمخ واَصمِخۃ۔
الاُصمُوخ: کان کا سوراخ۔ کہتے ہیں "ضرب اللہ علی صِماخِہٖ" یعنی اللہ اسے سلا دے۔
الصُماخ: کم پانی کا کنواں۔ ج صُمخ۔
اصمخلّ: غصہ سے پھول جانا۔
صَمَدَ (ن ض) صَمدًا وصَمَّدَ۔ فلانًا وَلَہٗ والیہ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَمَدَ صَمدَ ھذا الامر" یعنی اس امر پر اعتماد کیا۔۔۔۔ و بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔
صَمَدَتِ الشَمسُ وَجہَہٗ: آفتاب کا چہرے کو جھلس دینا۔ صَمَدَ القارورۃ: شیشی میں ڈاٹ لگایا۔ صَمَدَ الرجلُ رَاسَہٗ: مرد کا اپنے سر پر بند لپیٹنا۔
صَامَدہٗ صِمادًا ومُصَامَدَۃ: تلوار بازی کرنا۔
اَصمَدَ الیہ الامر: سہارا دینا۔

تصمَّد لہٗ بالعصاء: لاٹھی سے مارنا۔
الصَمَد: بلند جگہ۔ ج اَصمَاد وصِمَاد۔
الصَمَد: سردار جس کے بغیر امور پورے نہ ہوں۔ ٹھوس۔ ایسا شخص جو لڑائی میں بھوکا پیاسا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔ بلند اور صمد: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے یعنی وہ ذات جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو۔
الصَمَدۃ: عیسائیوں کے نزدیک قربان مقدس کے پاس رکھا ہوا رومال۔
الصَمَدۃ والصُمُدۃ: بلند گڑی ہوئی چٹان۔
الصِماد: شیشی کی ڈاٹ۔
الصِماد والصِمادۃ: پگڑی کے علاوہ سر پر لپیٹنے کا کپڑا۔
المَصمَد والمَصمُود: قصد کیا ہوا جس کا قصد کیا جائے۔
صَمَدَحَ الیومُ: دن کا بہت گرم ہونا۔
الصُمادح والصُمادحی: بہت سخت چیز کا خالص۔
الصُمادح: کھلا ہوا راستہ۔ شیر۔
الصَمیدح: بہت سخت گرم دن۔
صَمَرَ (ن) صَمرًا وصُمورًا: بخیل ہونا۔ الماءُ: پانی کا آہستہ آہستہ نشیبی زمین سے ہموار زمین کی طرف بہنا۔
صَمِرَ (ض) صَمَرًا وصَمِرَ (س) صَمرًا۔ اللبنُ: کھٹا ہونا۔
اَصمَرَ اللبنُ: زیادہ کھٹا ہونا۔۔۔۔ و صَمَّرَ الرجلُ: بخل کرنا۔ غروب آفتاب کے وقت آنا۔ اَصمَرَ وصَمَّرَ المتاع: جمع کرنا۔
الصَمَر: تازہ مشک کی خوشبو۔۔۔۔ والصَمَر: بدبو۔
الصِمر: آہستہ آہستہ پانی بہنے والے کے جمع ہونے کی جگہ۔
الصُمر: برتن وغیرہ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "ملأ الکأس الی اصمارھا او اصبارھا" یعنی پیالے کو اس کے کناروں تک بھر دیا۔

الصَمیر: بدبودار۔ کہا جاتا ہے "یَدی مِنَ السَمَکِ صَمِرۃٌ" یعنی میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
الصامر: بخیل۔ ج صامرون۔
الصَمیر: دبلا پتلا خشک آدمی جس سے پسینہ کی بدبو پھیلے۔
الصُمَیر: آفتاب کے غروب ہونے کا وقت۔
الصمرۃ والصَمَرورۃ: کھٹا دودھ۔
صَمصَمَ صَمصَمۃً۔ فی الامر او السیر: استقلال سے کام جاری رکھنا۔ صَمصَمَتِ القَعقعۃ: کسی کا آواز کرنا۔
الصَمصام والصَمصامۃ: تلوار جس کی دھار نہ مڑے۔
الصِمصِیم والصُماصِم والصُماصِمَۃ مِنَ الخَیل: چلنے میں ثابت قدم گھوڑا۔
الصِمصِم: چھوٹا ہونا۔
الصَمصَم: بہت زیادہ بخیل۔
الصَمصَمۃ والصِمصِمۃ: قوم میں اچھا آدمی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج صَماصِم و صَماصِیم۔
صَمَعَہٗ (ف) صَمعًا۔ بالعصا او السیف: لاٹھی یا تلوار سے مارنا۔ الکلأ: زمین کے اندر چلا جانا۔
صَمِعَ (س) صَمعًا: لاپرواہی سے گزر جانا۔ فی الکلام: غلطی کرنا۔ صَمِعَت اُذُنُہٗ: کان کا چھوٹا ہونا اور سر سے چپکا ہوا ہونا۔ صفت اَصمَعُ مؤنث صَمعاءُ ج صُمعٌ۔
صَمَّعَ علی رایہ: پختہ ارادہ کرنا۔
اِنصَمَعَ فی غضبہ: غضب پر قائم رہنا۔
الاَصمَع: چھوٹے کان والا۔ مؤنث صَمعاء ج صُمع ۔۔۔۔ اونچے قد والا۔ تلوار قاطع۔ تیز ذہن والا۔ روئیدگی کہ جس کا پھل ابھی غلاف سے نہ نکلا ہو۔ ج صُمعان۔ اَصمَعان: قلب ذکی و ثابت رائے۔
الصَمیع: ذکی القلب۔ تیز فہم والا۔ بہادر۔

ضَمَغ : گوند لگانا۔
اَضْمَغَ الطِّفْلُ : بچہ ہونٹوں کا زیادہ جھکنا والا ہونا۔ اَضْمَغَتِ الشَّجَرَةُ : درخت کا گوند والا ہونا۔
اِسْتَضْمَغَ الشَّجَرَةُ : گوند نکالنا...... فلان زخم ہونا۔
الضَّمْغ والضَّمَغ : گوند۔ واحد ضَمْغَة وضَمَغَة۔ ج ضُمُوغ۔
الضِّمْغ والضِّمْغَة : جھن کے اندر ولادت کے بعد کوئی گھیر چیز ہوتی ہے۔
الضُّمْغَان : وہ شخص جس کے کان ناک منہ سے مادہ نکلے جس طرح درخت سے گوند نکلتا ہے۔
الضِّمْغَان والضِّمْغَعَان والضَّامِغَان والضِّمَاغَان : باچھیں۔
اَضْمَقَ البَابَ : دروازہ بند کرنا...... اللَّبَنُ او الْمَاءُ : متغیر ہونا، بگڑ جانا...... الرَّجُلُ : خبیث ہونا۔
الضَّمَقَة : بگڑا ہوا دودھ۔
ضَمْقَرَ واضْمَقَرَّ اللَّبَنُ : بہت کھٹا ہونا۔
اِضْمَقَرَّتِ الشَّمْسُ : بہت گرم ہونا۔
اِضْمَاكَ الرَّجُلُ : غضبناک ہونا...... اللَّبَنُ : جم کر غیرمیلا ہو جانا...... الاَرْضُ : بارش سے تر ہونا...... الجُرْحُ : زخم کا پھولنا۔
الضَّمَكُوك والضَّمَكْيَك : شر و فساد کی طرف سبقت کرنے والا جاہل۔ سخت مضبوط۔ بہت سخت دل۔ لیس دار چیز۔
ضَمَلَ (ن) ضَمْلاً وضُمُولاً الشَّيْءُ : سخت ہونا۔ خشک ہونا...... الرَّجُلُ عَنِ الطَّعَامِ : رک جانا۔ ضَمَلَهُ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔
اَضْمَلَ الصِّيَامُ : روزے کا دبلا کر دینا۔
اِضْمَالَ : سخت ہونا...... النَّبَاتُ : نباتات کا گھنا ہونا۔
الضُّمَّلُ : مرد قوی جثہ۔
الضَّامِل والضَّمِيْل : بخیل۔

اَلضَّمْضِيخُ : غصہ کی وجہ سے پھولنے والا۔
الضَّمْضِيلَة : مصیبت۔
ضَنْضَى تَضَنْضِيًا ضَنْضَاةً الرَّجُلُ : چلنا۔ کودنا۔ جلدی کرنا۔
ضَنِي يَضْنِيْ ضَنْيًا الاَمْرُ فُلَانًا : سر پر آ پڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا ضَنَاكَ عَلَيْهِ" یعنی کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا......
الضَّنِيْ : شکار کا سامنے ہونا۔
اَضْنَى اِضْنَاءً الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔
الضَّنِيْ : تیر مارنا اور شکار کا سامنے ہی ٹھنڈا ہونا...... الفَرَسُ عَلَى لِجَامِهِ : لگام کو کاٹنا اور چلنا۔ اَضْنَى مَنِيَّتَهُ : موت کا مزہ چکھنا۔
اِنْضَنَى البِنَاءُ عَلَيْهِ : گرنا...... الطَّائِرُ : ٹوٹ پڑنا۔
الضَّنَان : بہادر جس کا تمام خالی نہ جائے۔ ج ضُنَّان۔
اَضَنَّ : گندہ بغل ہونا۔ غرور سے ناک پھیلانا...... اللَّحْمُ : فاسد ہونا...... اللَّحْمُ : بدبودار ہونا...... عَلَى الاَمْرِ : اصرار کرنا...... الرَّجُلُ : خاموش ہونا۔ غیظ و غضب سے بھر جانا۔
الضِّنّ : ٹوکری۔ روٹی رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری۔ زنبیل۔ ج ضِنَان۔
الضِّنّ : اونٹ کا پیشاب۔ دُبر والے ایک جانور کا پیشاب۔ جاڑے کے سخت دنوں میں سے پہلا دن۔
الضُّنَان : گندہ بغلی۔ بدبو۔ ج اَضِنَّة۔
الضِّنَّة : گندہ بغلی۔ بدبو۔
الضُّنَّان : بہادر۔
الاَضَنّ : بغلت برتنے والا۔
الضِّنَاب والضِّنَابَة : لمبی چونچ اور پیٹ والا۔ چٹنی جو رائی اور زیتون کے تیل سے بنائی جاتی ہے۔
الضُّنَاوِيْ : سفیدی کے ساتھ زردی آمیز سرخ رنگ والا۔
ضَنَّرَتْ ضَنَرَةً النَّخْلَةُ : درخت خرما کا کم پھل اور پتلے تنے والا ہونا۔
الضَّنْبَر : ہر چیز کا ایک کونہ......

الضَّنْبُور والضَّنْبُورَة : درخت خرما جس کا پھل کم اور تنہ پتلا ہو۔ درخت خرما جو دوسرے درخت خرما کی جڑ سے بغیر بوئے ہوئے نکلے۔ الضَّنْبُور : وہ شخص جو کمزور بغیر والی وارث کے ہو۔ کمینہ۔ چھوٹا بچہ۔ مصیبت۔ ٹھنڈی ہوا۔ گرم ہوا۔ حوض کی نالی جس سے پانی نکلے۔ ج ضَنَابِير۔
الصِّنَّبْر : ٹھنڈی ہوا۔ گرم ہوا۔ جاڑے کے سخت سات دنوں میں سے دوسرا دن۔ ج صَنَابِر کہا جاتا ہے لَيْلَةٌ صِنَّبْرٌ وصِنَبْرٌ : بہت ٹھنڈی یا گرم رات۔
صَنَابِرُ الشِّتَاءِ : جاڑے کی شدت۔
الصَّنَوْبَر : ایک درخت ہے جس کے پتے ہمیشہ سبز رہتے ہیں اور اس کے پتے بلندی پر ہوتے ہیں۔
الصَّنَوْبَرِيّ : جو صنوبر کے پھل کی شکل کا گول لمبا مخروطی ہو۔
الصَّنَوْبَرِيَا : لمبے اور سبز درختوں کی قسمیں جیسے صنوبر، سرو، عرعر وغیرہ۔
الصَّنُوبَجَة : ایک زرعی دانہ جو کہ ہند، جاپان اور چین میں بویا جاتا ہے۔ گلابی یا سفید پھولوں والا اس کے آٹے سے نشہ دلانے والا مرکب بنایا جاتا ہے۔
ضَنْبَعَ البَخِيْلُ : سوال کے وقت منقبض ہونا۔
اَضْنَتَ الشَّيْءَ : مضبوط کرنا۔
الصُّنُوْت : شیشی کا غلاف۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔ ج صَنَابِيت۔
ضَنَجَهُ (ن) ضُنُوْجًا بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔ ضَنَجَ الشَّيْءَ : ہر ایک کو اس کی اصل کی طرف لوٹانا۔
ضَنَّجَ تَضْنِيْجًا بِهِ : پچھاڑ دینا۔ عوام کہتے ہیں "ضَنْجَتْ رَقَبَتُهُ" یعنی گردن کے اعصاب اکڑ گئے اور ضَنَّجَتْ ضَنَيْجَتْ ہے۔
الصَّنْج : جانجھ، مجیرا، جنگ۔ ج صُنُوْج
صَنْجُ الجِنِّ : جن کی آواز۔ کہا جاتا ہے کہ

أَدْرِيْ أَيُّ صَنَعٍ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کون آدمی ہے۔

الصَّنَّاجُ والصَّنَّاجَة: جھانجھ والا۔ صَنَّاجَةُ العَرَبِ: اعشیٰ قیس شاعر جاہلیت کا لقب صَنَّاجَةُ الجِنِّ: جھینگر۔

الصِّنْدِيْدُ مِنَ الرِّيْحِ او البَرْدِ: تیز۔ من السَّحَابِ: بڑی بوند کی بارش ...... والصِّنْدِيْدُ: سردار۔ بہادر۔ ج صَنَادِيْد.

الصَّنَادِيْدُ: مصیبتیں۔ لشکر کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "يَوْمٌ حَامِي الصِّنْدِيْدِ او الصَّنَادِيْدِ" یعنی سخت گرم دن۔

الصُّنْدُوْق: بکس۔ ج صَنَادِيْق.

الصَّنْدَل: ایک خوشبودار لکڑی کا نام۔

الصُّنَادِل: بڑے سر والا۔

الصَّنْدَلَانِيّ: عطار۔ صَيْدَلَانِيّ میں ایک لغت ہے۔ ج صَنَادِلَة.

الصِّنَار والصِّنَّار: چنار کا درخت۔ واحد صِنَارَة وصِنَّارَة.

الصِّنَارَة: تکلے کے سرے پر مڑا ہوا لوہا۔ صِنَّارَةُ الصَّيَّادِ: مچھلی وغیرہ کے شکار کرنے کا کانٹا۔ بنسی۔ ج صَنَانِيْر کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صِنَارَةٌ وصِنَّارَةٌ": یعنی بدخلق مرد۔ ج صَنَانِيْر.

الصِّنَّوْر: بخیل۔ بدخلق۔

صَنَعَ: (ف) صُنْعًا وصَنْعًا. الشَّيْءَ: بنانا ...... إِلَيْهِ مَعْرُوْفًا: احسان کرنا ...... بِهِ صَنِيْعًا قَبِيْحًا: برائی کرنا ...... صَنْعًا وصَنْعَةً الفَرَسَ: اچھی تربیت کرنا۔

صَنَّعَ الشَّيْءَ: مزین کرنا۔ کاریگری سے خوبصورت بنانا۔

أَصْنَعَ الرَّجُلُ: سیکھنا۔ مضبوطی سے کام کرنا۔ دوسرے کو مدد دینا۔

صَانَعَهُ مُصَانَعَةً: نرمی کرنا۔ مدارات کرنا۔ رشوت دینا۔ مثل مشہور ہے "مَنْ صَانَعَ بِالمَالِ لَمْ يَحْتَشِمْ مِنْ طَلَبِ الحَاجَةِ" جو شخص رشوت میں مال خرچ کرے وہ حاجت کے طلب کرنے سے منقبض نہیں ہو سکتا ...... عَنِ الشَّيْءِ: فریب دینا ...... الرَّجُلَ: ساتھی بننا۔

تَصَنَّعَ: تزئین کا تکلیف کرنا۔ بناوٹ کرنا۔

اِصْطَنَعَ. شَيْئًا: تیار کرنے کا حکم دینا ...... عِنْدَهُ صَنِيْعَةً: احسان کرنا ...... هُ: ادب سکھلانا ...... هُ لِنَفْسِهِ: اپنے لئے اختیار کرنا ...... فُلَانٌ: خیرات کا کھانا تیار کرنا ...... الرِّزْقَ: تلاش کرنا۔

اِسْتَصْنَعَهُ. الشَّيْءَ: کسی چیز کو بنانے کے لئے کہنا۔

الصَّنَعُ: مص۔ ایک چھوٹا سا جانور۔ رَجُلٌ صَنَعُ اليَدَيْنِ: کاریگری میں ماہر۔ ج رِجَالٌ صَنَعُوْنَ.

الصُّنْعُ: مص۔ عمل۔ احسان۔ رزق۔

الصِّنْعُ: بنا ہوا۔ کپڑا۔ عمامہ۔ حوض۔ تلوار۔ گوشت بھونے کی سیخ۔ درزی۔ ج أَصْنَاع رَجُلٌ صِنْعُ اليَدَيْنِ: کاریگری میں ماہر۔ ج رِجَالٌ صِنْعُوْنَ.

الصَّنْعَة: پیشہ کاری گری۔ صَنْعَةُ الفَرَسِ: گھوڑے کے سدھانے کا فن۔

الصَّنَاعُ: لکڑی جو پانی کو کچھ دیر روکنے کے لئے نالی میں لگا دی جائے۔

رَجُلٌ صَنَاعُ اليَدَيْنِ وصَنَعُ اليَدَيْنِ: کاریگری میں ماہر اور اسی طرح امْرَأَةٌ صَنَاعُ اليَدَيْنِ وامْرَأَتَانِ صَنَاعَانِ اور نِسْوَةٌ صُنُعٌ اور شاعر و بلیغ کے لئے کہا جاتا ہے "هُوَ صَنَعُ اللِّسَانِ وَلَهُ لِسَانٌ صَنَعٌ".

الصِّنَاعَة والصَّنَاعَة: پیشہ۔ وہ علم جو مزاولت عمل سے حاصل ہو جیسے درزی کا کام جولاہ گری وغیرہ۔ وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو جیسے منطق۔ اور کہا گیا ہے کہ صَنَاعَة بالفتح کا استعمال محسوسات میں ہوتا ہے اور صِنَاعَة بالکسر کا معانی میں۔ ج صِنَاعَات وصَنَائِع.

الصِّنَاعِيّ: مصنوعی۔ طبعی کا مقابل۔

الصَّنِيْعُ: مص۔ بنایا ہوا۔ صیقل شدہ تلوار۔ تیر۔ صاف ستھرا کپڑا۔ سدھا ہوا گھوڑا۔ کھانا۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَنِيْعِيْ" یعنی فلاں میرا تربیت یافتہ ہے۔ "سَيْفٌ صَنِيْعٌ" جس کی جلا کی دیکھ بھال کی جائے۔ "رَجُلٌ صَنِيْعُ اليَدَيْنِ" کاریگری میں ماہر۔ مؤنث "الصَّنِيْعَةُ اليَدَيْنِ" لوگ صُنُعُ الأَيْدِيْ وصُنْعَى الأَيْدِيْ وصُنْعَى الأَيْدِيْ وصَنِيْعِي الأَيْدِيْ وأَصْنَاعُ الأَيْدِيْ: کاریگری میں ماہرین۔

الصَّنِيْعَة: احسان۔ ج صَنَائِع کہا جاتا ہے "هُوَ صَنِيْعَتِيْ" میرا تربیت یافتہ ہے۔

الصَّانِعُ: فا۔ کاریگر۔ ج صُنَّاع کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ صَانِعَةُ اليَدَيْنِ" یعنی کاریگری میں ماہر عورت۔

صَنْعَاء: موجودہ یمن کا دار الحکومت۔ نسبت کرنے میں صَنْعَانِيّ اور صَنْعَانِيّ کہا جاتا ہے۔

المَصْنَعَة: لکڑی جو پانی کو روکنے کے لئے نالی میں لگا دی جائے۔

المَصْنَعَة والمَصْنُعَة والمَصْنَع: حوض جس میں بارش کا پانی جمع کیا جائے۔ ج مَصَانِع المَصَانِع: گاؤں۔ قلعے۔ محلات۔ المَصْنَعَة: کھانے کی دعوت۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِيْ مَصْنَعَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے یہاں دعوت میں تھے۔ مقام شہد کی مکھیوں کے لئے جو آبادی سے علیحدہ بنا دیا جائے۔

صَنَّفَ. الشَّيْءَ: قسم قسم بنانا اور بعض کو بعض سے جدا کرنا ...... الكِتَابَ: کتاب تصنیف و تالیف کرنا ...... الشَّجَرُ: پتے نکلنا ...... الثَّمَرُ: کھجور کا ادھ پکا ہونا۔

تَصَنَّفَ. الشَّجَرُ او النَّبَاتُ: پتے نکلنا۔ مختلف قسمیں ہونا۔ تصنفت الشفة: ہونٹ کا چھل جانا۔ تصنف الساق: پنڈلی کا پھٹ جانا۔

الصَّنَفُ: صفت۔ کہا جاتا ہے ...... صِنْفَةُ الثَّوْبِ: کپڑے کا کنارہ۔

الصِّنْفُ والصَّنْفُ: نوع۔ قسم۔ کہا جاتا ہے ......

"عِنْدَهٗ صِنْفٌ مِنَ الْاَمْتِعَةِ" یعنی اس کے پاس ایک قسم کا سامان ہے۔ ج اَصْنَافٌ وصُنُوْفٌ.
الْاَصْنَفُ: شتر مرغ جس کی ٹانگیں چھلی ہوئی ہوں۔
الصَّنِيْرُ: ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "وَلَدٌ صَنِيْرَةٌ" یعنی جس کا باپ معلوم نہ ہو۔
صَنِقَ (س) صَنَقًا. صَنَاقَةً او اِبِطُهٗ: تیز بدبودار ہونا۔ صفت صَنِقٌ.
اَصْنَقَ عَلَيْهِ: اصرار کرنا..... فِيْ صَنِيْعِهٖ: اچھی طرح سے عمل کرنا..... الرَّجُلُ الْعَرَقَ: پسینہ کا بدبودار کر دینا۔
الصَّنَقُ: مص۔ بغل کی تیز بدبو۔
الصَّنِقُ: بدبودار۔ نوز بَجَلٌ صَنِقٌ: بھاری بھر کم مرد۔
الصَّنِيْقُ: بہت سخت بدبودار۔ ج صَنَقَةٌ.
الْمُصَنِّقُ والمِصْنَاقُ: اونٹوں کی اچھی خدمت کرنے والا۔
صَنِمَ (س) صَنَمًا. الْعَبْدُ: قوی ہونا۔ صفت صَنِمٌ مؤنث صَنِمَةٌ: ج صَنِمَاتٌ..... الرَّائِحَةُ: خراب ہونا۔
صَنَّمَ: آواز دینا۔ چلانا۔ تصویر بنانا۔
الصَّنَمُ: بت۔ ج اَصْنَامٌ.
الصَّنَمَةُ: جانور کے پر کا قلم۔ مصیبت۔
اَصْنَى اِصْنَاءً او تَصَنَّى وتَصَنِّيًا: حرص کی وجہ سے چولہے کے پاس بیٹھ کر کباب بنانا اور گوشت بھونتا یہاں تک کہ راکھ وغیرہ لگ جائے۔ اَصْنَى النَّخْلُ: درخت خرما کی ایک جڑ سے دو درخت کا ہونا۔
الصِّنَاءُ والصِّنَى: راکھ۔
الصِّنْوُ: دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی۔ جس میں تھوڑا پانی ہے۔ ج صُنُوٌّ.
الصِّنْوُ والصُّنْوُ: حقیقی بھائی۔ بیٹا۔ چچا۔ مؤنث صِنْوَةٌ وصِنْوَةٌ. ج اَصْنَاءٌ وصِنْوَانٌ: ایک جڑ سے دو یا دو سے زیادہ درخت خرما نکلیں تو ہر ایک کو ان میں سے "صِنْو یا صُنْو" کہا جاتا ہے تثنیہ صِنْوَانِ وصِنْوَانٌ: حضرت صاد کے ساتھ اور جمع صِنْوَانٌ: کہا جاتا ہے "نَخْلَتَانِ صِنْوَانِ" یعنی پاس والے کنوئیں یا جو ایک ہی چشمہ سے جاری ہوں۔
الصَّنْوَةُ والصِّنْوَةُ: پودہ۔ درخت کا قلم۔
الصَّانِي: ہمیشہ خدمت کرنے والا۔
الصِّنَايَةُ: عقل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِصِنَايَتِهٖ" یعنی کل لے لیا۔
صَهْ: اسم فعل ہے بمعنی خاموش رہ اور یہی لفظ مؤنث و مذکر کے لئے اور جمع میں بھی استعمال ہوتا ہے اور صَهٍ: تنوین کے ساتھ بولا جاتا ہے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ کسی وقت میں خاموش رہو۔
صَهْ. الْقَوْمَ: ڈانٹنا۔
صَهِبَ: (س) صَهَبًا وصُهْبَةً وصُهُوْبَةً واصْهَبَّ واصْهَابَّ. الشَّعْرُ: بالوں کا سرخ ہونا یا سرخ سفید ہونا۔ صفت اَصْهَبُ.
الصُّهَابُ: ایک مقام کا نام ہے جس کی طرف اونٹ منسوب ہوتے تھے۔
الصُّهَابِيُّ. مِنَ الْجِمَالِ: جو موضع صہاب کی طرف منسوب ہوں۔ جو بہت زیادہ سفید نہ ہو زیادہ جو کم نہ ہو۔ سخت اور اسی معنی میں ہے "اَلْمَوْتُ الصُّهَابِيُّ" یعنی سخت قسم کی موت۔
الصَّيْهَبُ: سخت گرمی۔ گرم دن۔ لمبا آدمی۔ سخت پتھر۔ ہموار زمین۔ دھوپ کی وجہ سے ایسی گرم زمین کہ جس پر گوشت بھن جائے۔ ج صَيَاهِبُ.
الْاَصْهَبُ: سفیدی سرخی مائل۔ ٹھنڈا دن۔ شیر۔ اَصْهَبُ الْبَالِ: دلہن۔ مؤنث صَهْبَاءُ ج صُهْبٌ.
الصَّهْبَاءُ: شراب۔
الْمُصَهَّبُ: گوشت چربی ملا ہوا۔ گوشت کم بھنا ہوا۔
الصُّهَابِيَّةُ: تلڑی۔ اونٹنیاں جو صہاب نامی اونٹ کی جانب منسوب ہیں۔
صَهْصَلَةٌ (ف) صَهْصَلًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلسانا۔
الصَّهْدَانُ: گرمی کی شدت۔
الصَّيْهَدُ والصَّيْهُوْدُ: گرمی کی شدت۔ بیابان بے آب و گیاہ۔ متحرک سراب۔
عِزٌّ صَيْهُوْدٌ: عزت بلند۔
الصَّهْوَدُ: تن و توش والا۔
صَهَرَ (ف) صَهْرًا. الشَّيْءَ: پگھلانا۔ صَهَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم کر دینا۔ صَهَرَ الشَّيْءَ: پگھلی ہوئی چربی ملنا..... الْخُبْزَ: پگھلی ہوئی چربی کو سالن بنانا۔ صفت مفعول مَصْهُوْرٌ وصَهِيْرٌ..... فُلَانًا بِالْيَمِيْنِ: سخت سخت قسم کھلانا..... الشَّيْءَ: قریب کرنا۔
صَاهَرَ مُصَاهَرَةً. الْقَوْمَ وفِي الْقَوْمِ..... اَصْهَرَ. بِهِمْ واِلَيْهِمْ وفِيْهِمْ: داماد بننا۔ سسر بننا۔ اَصْهَرَ الْجَيْشُ لِلْجَيْشِ: لشکر کا لشکر سے قریب ہونا۔ اَصْهَرَ اِصْهَارًا: قریب کرنا۔
اِنْصَهَرَ. الشَّيْءُ: پگھلنا۔
اِصْطَهَرَ. الشَّيْءَ: پگھلانا..... واصْهَارَّ الْحِرْبَاءُ: گرگٹ کی پیٹھ کا سورج کی گرمی سے چمکنا۔
الصَّهِرُ: گرم۔
الصِّهْرُ: قرابت۔ قبر۔ داماد یا بہنوئی۔ ج اَصْهَارٌ: مؤنث صِهْرَةٌ.
الصُّهَارَةُ: جو پگھلایا جائے۔ چربی کا ٹکڑا۔ ہڈی کا گودا۔
الصَّهُوْرُ: پگھلانے والا۔ گوشت بھونے والا۔ ج صُهُرٌ.
الصَّهِيْرُ: پگھلنے والا۔
صَهْرَجَ. الْفُرْقَةَ: چونہ مٹی ملا کر لیپنا۔
الصِّهْرِيْجُ والصُّهَارِجُ: پانی کا حوض۔ ج صَهَارِيْجُ. وصِهْرِجٌ: بھی ایک لغت ہے۔ حوض۔ مُصَهْرَجٌ: حوض چونہ مٹی سے لیپا ہوا۔
الصَّهْصَلِقُ والصَّهْصَلِقُ. مِنَ الْاَصْوَاتِ: تیز آواز۔

صَهْصَهَ. بِالْقَوْمِ : صہ صہ کہہ کے لوگوں کو خاموش کرنا۔
صَهَلَ (ف ض) صَهِيْلاً وَصَاهِلَةً وَصُهَالاً. الْفَرَسُ : ہنہنانا۔
تَصَاهَلَتِ. الْخَيْلُ : ایک دوسرے کی طرف ہنہنانا۔
الصَّهَل : آواز کی تیزی جیسے گلا پڑنے کے۔
الصَّاهِل : (فا) گھوڑا جیسے "نَاهِج" کہتے کے لئے۔ ج صَوَاهِل. الصَّوَاهِل : گھاس وغیرہ میں کھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الصُّهَال وَالصَّهِيْل : گھوڑے کی آواز۔
الصَّهَّال : بہت ہنہنانے والا۔
صَهَا يَصْهُو صَهْوًا وَصَهِيَ يَصْهَى...... صَهْيًا : زخم کا ہرا ہونا۔ زخم کا رسنا۔ صَهَا الرَّجُلُ : مالدار ہونا۔
صَهِيَ يَصْهَى صَهًا : عمر رسیدہ ہونا۔
صَاهَى. الدَّابَّةَ : جانور کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
أَصْهَى إِصْهَاءً. الْفَرَسُ : گھوڑے کی پیٹھ کا دردمند ہونا۔
الصَّهْوَة : گھوڑے کی پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰى عَلٰى صَهْوَةِ الْعِزِّ" یعنی اسے عزت حاصل ہوئی۔ کوہان کا پچھلا حصہ۔ ج صِهَاء وَصَهَوَات...... : پہاڑ کی چوٹی کا برج۔ ج صُهًى ...... : زمین کا پست حصہ جس میں پانی جمع ہو۔ پانی کا منبع۔ ج صِهَاء۔
صَابَ يَصُوْبُ صَوْبًا وَمَصَابًا. الْمَطَرُ : بارش ہونا...... الشَّيْءُ : اوپر سے اُترنا (...... صَوْبًا) الْمَاءَ : بہانا...... السَّمَاءُ الْأَرْضَ : برسانا...... ة الْمَطَرُ : بارش کا منتہا (...... صَوْبًا وَصَيْبُوْبَةً) السَّهْمُ نَحْوَ الرَّمِيَّةِ : تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔
صَابَ يَصِيْبُ صَيْبًا. السَّهْمُ الْقِرْطَاسَ : تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَوَّبَ. لَهُ رَأْيَهُ : تصدیق کرنا...... فُلَانًا : کسی کی تصدیق کرنا...... السَّهْمَ : سیدھا کرنا...... الْفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑنے کے لئے چھوڑنا...... الْإِنَاءَ : جھکا دینا...... الْمَاءَ : گرا دینا...... رَأْسَهُ : پست کرنا...... الْمَكَانُ وَغَيْرُهُ : ڈھلوان ہونا۔
أَصَابَ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر لگنا...... الرَّجُلُ : درست کرنا...... الشَّيْءَ : صواب سمجھنا...... مِنَ الشَّيْءِ : لینا...... الشَّيْءَ : پانا۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔ پست کرنا (...... إِصَابَةً وَمُصَابَةً) الدَّهْرُ الْقَوْمَ بِأَمْوَالِهِمْ أَوْ نُفُوسِهِمْ : تکلیف دینا۔ أَصَابَتِ الْمُصِيْبَةُ فُلَانًا : نازل ہونا۔ أَصَابَهُ بِعَيْنِهِ : نظر بد لگانا۔
تَصَوَّبَ : نیچے اُترنا۔
اِنْصَابَ اِنْصِيَابًا. الْمَاءُ : پانی کا بہنا۔
اِسْتَصَابَ اِسْتِصَابَةً او اِسْتَصْوَبَ اِسْتِصْوَابًا. الرَّأْيَ اوِ الْفِعْلَ : صواب سمجھنا۔
الصَّاب : ایک کڑوا درخت ہے صَابَةٌ واحد اور "الصَّابَة" اس درخت کے عصارہ کو بھی کہتے ہیں۔
الصَّوْب : جانب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُسْتَقِيْمُ الصَّوْبِ" جب کہ اپنے ارادہ سے دائیں یا بائیں جانب مائل نہ ہو۔ صوب مطر سے تشبیہ دے کر عطا کے معنی بھی آتے ہیں۔ ضد خطا (...... الصَّيِّب) : بارش والا بادل۔
الصَّابَة : مصیبت۔ عقل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِيْ عَقْلِهِ صَابَةٌ" یعنی تھوڑا سا جنون ہے۔
الصُّوْبَة : غلہ کا ڈھیر۔
الصَّوَاب : ٹھیک۔ لائق۔ حق۔
الصَّائِب : ٹھیک کرنے والا۔ ج صُيَّاب۔
الصَّوِيْب وَالْمُصِيْب : درست کار۔
صَيُّوْب : ٹھیک کرنے والا۔ بارش۔
مَطَرٌ صَيُّوْبٌ : برسنے والی بارش۔
صُوَّابَةُ الْقَوْمِ وَصُيَّابَتُهُمْ وَصُيَّابَتُهُمْ : قوم کے منتخب لوگ۔
الْأَصْوَب : سخت مصیبت والا۔
الْمُصِيْبَة : بلا۔ ہر امر مکروہ۔ ج مَصَائِب وَمَصَاوِب وَمُصِيْبَات۔
الْمُصَاب وَالْمُصَابَة وَالْمَصُوْبَة : بلا۔ ہر امر مکروہ۔
الْمُصَاب : جس میں کچھ جنون ہو۔
الْمِصْوَب : چمچہ۔ ڈوئی۔
الصَّوْبَج وَالصَّوْبَج : بیلن۔
صَاتَ يَصُوْتُ وَيَصَاتُ صَوْتًا : آواز دینا۔ پکارنا۔
صَوَّتَ تَصْوِيْتًا وَأَصَاتَ إِصَاتَةً : آواز دینا۔ أَصَاتَ بِفُلَانٍ : کسی کے متعلق غیر پسندیدہ چیز کو مشہور کرنا۔ أَصَاتَ الطَّسْتَ وَصَوَّتَهُ : طشت بجانا۔
اِنْصَاتَ. الرَّجُلُ : جھکنے سے جانا۔ جھکاؤ کے بعد قد کا سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَاتَ بِهِ الزَّمَانُ" یعنی مشہور ہو گیا۔ "دُعِيَ فَانْصَاتَ" : بلایا گیا پس متوجہ ہوا۔
الصَّوْت : آواز۔ ہر قسم کا راگ۔ ج أَصْوَات۔ نحویوں کے نزدیک اسماء اصوات وہ ہیں کہ جن سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے پتھر پر پتھر کی آواز کے لئے طق۔ اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لئے "هَلا" اور بچھڑے کے لئے "عَدَس"۔ اور یا تعجب کے لئے جیسے "وَيْ" یا اظہار درد کے لئے جیسے "أَحْ" یا اظہار حسرت و افسوس کے لئے جیسے "آهٍ"۔
الصَّوْت وَالصَّات وَالصِّيْت وَالصِّيْتَة : اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَ صَوْتُهُ بَيْنَ النَّاسِ" اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔ الصِّيْتَة : نوع آواز۔
الصَّات وَالصَّيِّت : بلند آواز والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَاتٌ وَصَوْتٌ صَيِّتٌ"
الْمِصْوَات : بہت آواز دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مِصْوَاتٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الصَّوْجَان : خشک حصہ۔ مؤنث صَوْجَانَة. نَخْلَةٌ صَوْجَانَةٌ : خشک درخت خرما جس کے پتے بھی خشک ہوں۔ کہا جاتا ہے

"اِنَّیْ حَسُوحُ حَسِیْ یَفُو" : یعنی گران آبی وہ ہے۔

صَاخَهٗ یَصُوْخُهٗ صَوْخًا : پھاڑنا۔

صَرَّخَتْهُ الشَّمْسُ او الرِّیْحُ : خشک کرنا۔

صَرَّخَ البَقْلُ : خشک ہونا۔

تَصَوَّحَ : پھٹنا۔ خشک ہونا۔

اِنْصَاحَ اِنْصِیَاحًا : پھٹنا...... الفجرُ : روشن ہونا۔

الصُّوحُ والصَّرْحُ : نہر کا کنارہ۔ دامن کوہ۔

الصَّاحَةُ : بنجر زمین۔

الصُّوَاحُ : گھوڑے کا پسینہ۔ کھجور کا خشک شگوفہ۔

الصُّوحَانُ : خشک۔

صَاخَ یَصُوْخُ صَوْخًا. فِیْ الاَرْضِ : زمین میں دھنسنا۔

اَصَاخَ اِصَاخَةً. لَهٗ والیہ : کان لگانا۔ کہا جاتا ہے اصاخ عَنْ شَیْئٍ : یعنی فلاں چیز سے رجوع کیا و "اَصَاخَ عَلٰی حَقِّ فُلَانٍ" : فلاں کے حق ضائع کرنے پر خاموش رہا۔

الصَّاخَةُ : مصیبت۔ بڑی پر صدمہ کا اثر۔ ج صَاخٌ وصَاخَاتٌ۔

بَلَدٌ صُوَاخٌ : وہ شہر جس میں پورے دھنس جاتے ہوں۔

اَلصُّوْدِیُوْم : سوڈیم ایک سفید دھات چاندی کی طرح جس سے نمک کھانے والا بنتا ہے۔ سوڈیم کاربونیٹ : غسل اور بدہضمی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ سوڈیم نائٹریٹ : فصل کو بارآور کرنے کے لیے ایک کھاد۔

صَارَ یَصُوْرُ صَوْرًا : آواز دینا...... الشَّیْئَ : جھکا دینا۔ تم کہتے ہو "صَارَ عُنُقَهٗ او وَجْهَهٗ اِلَیَّ" یعنی اس نے اپنی گردن یا اپنے چہرے کو میری طرف مائل کیا۔ کسی چیز کو اپنی طرف جھکانا۔ کہا جاتا ہے "صُرْتُ الغُصْنَ لِاَجْتَنِیَ الثَّمَرَ" یعنی میں نے ٹہنی اپنی طرف جھکائی تا کہ پھل توڑوں...... الشَّیْئَ : کاٹنا۔ جدا کرنا۔

صَوِرَ یَصْوَرُ صَوَرًا : جھکنا۔ صفت اَصْوَرُ : کہا جاتا ہے "هُوَ اَصْوَرُ اِلٰی کَذَا" : جب کہ اپنی گردن یا چہرے کو مائل کرے۔

صَوَّرَهٗ : تصویر بنانا۔

صُوِّرَ لِیْ : خیال میں آنا۔

اَصَارَهٗ : جھکا دینا۔ توڑنا۔

تَصَوَّرَ الشَّیْئَ : ذہن میں لانا۔ خیال میں لانا...... الرَّجُلُ : گرنا یا گرنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فَتَصَوَّرَ" : اس نے نیزہ مارا پس وہ گر گیا۔ تَصَوَّرَ لَهُ الشَّیْئُ" اس کے ذہن میں صورت آ گئی۔

اِنْصَارَ اِنْصِیَارًا : جھکنا۔ ٹوٹنا۔

الصَّوْرُ : چھوٹا درخت خرما۔ ج صِیْرَان وَاَصْوَار : گردن کا پہلو۔ نہر کا کنارہ۔ ج صِیْرَان۔

الصُّوْرُ : نرسنگھا۔

الصَّوَرُ : کجی۔ ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ عُنُقِهٖ صَوَرٌ" یعنی اس کی گردن میں کجی ہے۔

الصَّارَةُ. مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔

صَارَةُ المِسْکِ : مشک کا ڈبہ۔

الصَّوْرَةُ : اسم مرة۔ جھکاؤ۔ سر کی خارش۔

الصُّوْرَةُ : شکل۔ ج صُوَرٌ۔ صِوَرٌ۔ صُوْرٌ

الصُّوْرَةُ : صفت۔ نوع۔ چہرہ۔

الصُّوَارُ والصِّوَارُ : گائیوں کا گلہ۔ اچھی بو۔ تھوڑا سا مشک۔ مشک کا ڈبہ۔ ج صِیْرَان۔

الصُّوَارُ : گائیوں کا گلہ۔

الصِّیَارُ : گائیوں کا گلہ۔ ج صِیْرَان۔

الصَّیِّرُ : اچھی صورت والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَیِّرٌ شَیِّرٌ" مرد اچھی صورت ہیئت کا۔

الاَصْوَرُ : جھکاؤ والا۔

التَّصْوِیْرَةُ : تصویر۔ مجسمہ۔ بت۔

المُصَوِّرُ : فوٹو۔ تصویر بنانے والا۔

مُصَوِّرُ الکَائِنَاتِ : اللہ تعالیٰ۔

الصُّوْصُ : لئیم۔ بخیل۔ جو رات کو چھپ کر آئے تا کہ مہمان نہ دیکھ لے۔ الصُّوْصُ

عِنْدَ العَامَّةِ : عوام کے نزدیک مرغی کا بچہ جبکہ وہ انڈے سے نکلے اور صبح انڈے کے قریب ہے۔

صَاعَ یَصُوْعُ صَوْعًا. الصَّبُّ : صارع سے ناپنا...... القَوْمَ : ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا...... الشَّیْئَ : موڑنا۔ متفرق کرنا...... القَوْمَ : قوم پر اطراف سے آنا...... النَّحْلُ : شہد کی مکھیوں کا ایک دوسرے کے پیچھے جانا...... الرَّجُلُ : خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔

صَوَّعَ. الشَّیْئَ : گول اور گولدار بنانا...... لِلقُطْنِ : روئی دھنکنے کے لئے جگہ صاف کرنا...... الرِّیْحُ النَّبَاتَ : ہوا کا پودوں کو حرکت دینا...... الطَّائِرُ بِرَاْسِهٖ : پرندہ کا سر کو حرکت دینا...... الفَرَسُ : سرکشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَوَّعَ بِهٖ فَرَسُهٗ" یعنی سرکشی کی اور قبضہ میں نہیں آیا۔

تَصَوَّعَ : متفرق ہونا۔ دور ہونا۔ پھیلنا۔ النَّبَاتُ : پودہ کا ہلنا ہلہانا...... الشَّعْرُ : پراگندہ ہونا۔

اِنْصَاعَ اِنْصِیَاعًا : جلدی لوٹنا۔ گزرنا۔

الصَّاعُ والصُّوَاعُ والصُّوْعُ : ایک قسم کا پیمانہ جو اسی روپے کے سیر سے ساڑھے تین سیر کے مساوی ہے۔ ج اَصْوَاعٌ اَصْوُعٌ واَصْوُعٌ وصُوْعٌ وصِیْعَانٌ. الصَّاعُ : پست زمین۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ سینہ کا وسط۔ وہ زمین جس میں جھاڑ و دے کر کھیلا جائے۔

الصَّاعَةُ : پست زمین۔ روئی یا اُون دھننے کے لئے زمین۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخِذْ لِصُوْفِکَ صَاعَةً" : اپنی اُون دھننے کے لئے زمین بنالو۔

الصُّوَاعُ والصِّوَاعُ : پانی پینے کا پیالہ۔ ج صِیْعَان۔

صَاغَ یَصُوْغُ صَوْغًا. المَاءُ : پانی کا نیچے اُتر جانا...... الشَّیْئَ : درست نمونہ پر آراستہ کرنا...... الکَلِمَةَ : وزن مخصوص پر دوسرے کلمہ سے کوئی کلمہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "صَاغَ الکَلَامَ" : یعنی گھڑ لیا۔ صَاغَ اللّٰهُ فُلَانًا صِیْغَةً حَسَنَةً" یعنی فلاں کو اللہ تعالیٰ نے اچھے طریقے سے پیدا کیا۔ "وَصِیْغَ عَلٰی

صِبْغَتِهِ": یعنی وہ اس کی پیدائش پر پیدا کیا گیا۔ سَاغَ لَهُ الشَّرَابُ: اس کے لئے شراب خوشگوار ہوئی۔

صَاغَ يَصُوغُ صَوْغًا وَصِيَاغَةً وَصَيْغُوغَةً. الشَّيْءَ: پگھلانا، ڈھالنا۔

اِنْصَاغَ اِنْصِيَاغًا: پگھلنا، ڈھلنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْغُ أَوْ صَوْغَةُ أَخِيهِ" یعنی وہ اس کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا کہ ان دونوں کے درمیان اور کوئی نہیں۔ "هٰذَا صَوْغُ هٰذَا" یعنی وہ اس کے مطابق ہے۔ "هُمَا صَوْغَانِ" یعنی وہ پیدائش وغیرہ میں ایک جیسے ہیں۔

الصِّيغَةُ: قسم۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صِيغَةٍ كَرِيمَةٍ" یعنی وہ اصل کریم سے ہے "وَصِيغَةُ الْأَمْرِ كَذَا وَكَذَا": مراد وہ وزن ہے جس پر امر کا صیغہ بنایا جائے۔ ج صِيَغٌ۔

الصَّائِغُ: زرگر۔ سنار۔ ج صَاغَةٌ وَصُيَّاغٌ وَصُوَّاغٌ۔ الصِّيَاغَةُ: زرگری۔ سناری کا پیشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صَاغَةِ الْكَلَامِ" یعنی وہ لپاڑیا ہے۔

الصَّوَّاغُ وَالصَّيَّاغُ وَالصَّيِّغُ: لپاڑیا۔ جھوٹا۔ الْمَصَاغُ: ڈھالے ہوئے زیور۔

صَافَ يَصُوفُ صَوْفًا. عَنْ كَذَا: اعراض کرنا۔ ...... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا ہو جانا۔ ...... صَوْفًا وَصُؤُوفًا وَصَوِفَ يَصْوَفُ صَوَفًا. الْكَبْشُ: مینڈھے کا بہت اون والا ہونا۔ صفت أَصْوَفُ۔ صَوَّفَهُ: صوفی بنانا۔

أَصَافَهُ: مائل کرنا۔ جھکانا۔

تَصَوَّفَ: صوفی بننا۔ صوفیوں کی سی عادت بنانا۔

الصُّوفُ: اون۔ ج أَصْوَافٌ۔ صُوفَةٌ: اون کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ بِصُوفِ رَقَبَتِهِ" یعنی زبردستی پکڑ لو "أَعْطَاهُ إِيَّاهُ بِصُوفِ رَقَبَتِهِ" یعنی تمام یا مفت دے دیا۔

الصَّوَّافُ: اون کا بیچنے والا۔

الصُّوفِيَّةُ: عبادت گزاروں کی جماعت۔ واحد صوفی۔

الصَّافُ وَالصَّائِفُ وَالْأَصْوَفُ وَالصَّوِفُ: اون والا۔

الصُّوفَانُ: بہت اون والا۔ مؤنث صُوفَانَةٌ.

الصُّوفَانُ: ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ پکڑ لیتی ہے۔

الصَّوِفُ وَالصُّوفَانِيُّ: بہت اون والا۔

جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ: بہت اون والا جبہ۔

صَاقَ. النَّاقَةُ: ہانکنا۔

الصَّوِيقُ: ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔

الصَّاقُ: پنڈلی۔ ج صُوقٌ ساق میں ایک لغت ہے۔

صَاكَ يَصُوكُ صَوْكًا. بِهِ الزَّعْفَرَانُ أَوِ الْمِسْكُ أَوْ نَحْوُهُمَا: زعفران یا مشک وغیرہ کا چپکنا۔

تَصَوَّكَ. فِي رَجِيعِهِ وَبِرَجِيعِهِ: گوبر میں لتھڑنا۔

صَالَ يَصُولُ صَوْلًا وَصَوْلَةً. عَلَيْهِ: کود پڑنا۔ ...... صَوْلًا وَصِيَالًا وَصَالًا وَصُؤُولًا وَصَيَلَانًا وَمَصَالَةً عَلَيْهِ: حملہ کرنا اور زبردستی کرنا۔

صِيلَ. لَهُ الْأَمْرُ: کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔

صَوَّلَ. الْبَيْدَرَ: کھلیان کے اطراف و جوانب کو جھاڑ دینا۔ ...... الشَّيْءَ: پانی سے نکالنا۔ پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔

صَاوَلَهُ مُصَاوَلَةً وَصِيَالًا وَصِيَالَةً: ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔

تَصَاوَلَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود پڑنا۔

الصَّوْلَةُ: حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ أَوَّلَ صَوْلَةٍ" یعنی اول وہلہ میں ملاقات کی۔

صُولَةُ. الْحِنْطَةِ: پانی میں سے نکالا ہوا اور صاف کیا ہوا گیہوں۔

الصُّوَالَةُ: گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے اردگرد کا کوڑا کرکٹ۔

الصَّوُولُ. مِنَ الرِّجَالِ: لوگوں کو مارنے والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔

الْمِصْوَلُ: بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِلُ.

الْمِصْوَلَةُ: کھلیان کا جھاڑو۔

صَامَ يَصُومُ صَوْمًا وَصِيَامًا وَاصْطَامَ: روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے، بولنے، کھانے پینے سے رک جانا۔ صفت صَائِمٌ ج صَائِمُونَ وَصُوَّامٌ وَصُيَّامٌ وَصُوَّمٌ وَصُيَّمٌ وَصِيَامٌ۔ صَامَ الشَّهْرَ: روزہ رکھنا۔ [illegible] ...... النَّعَامُ: شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صَامَ النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ وَالشَّمْسُ فِي مَصَامِهَا" یعنی میں اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِّيحُ: ہوا کا رک جانا۔

صَوَّمَهُ: روزہ رکھوانا۔

الصَّوْمُ: روزہ۔ کام سے رکنا۔ روزہ دار۔ یہ لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْمٌ هِيَ صَوْمٌ هُمْ صَوْمٌ". شَهْرُ الصَّوْمِ: رمضان۔ صَوْمُ النَّعَامِ: شتر مرغ کی بیٹ۔

الصَّوْمُ. مِنَ الْأَرَاضِي: خشک بے پانی کی زمین۔

الصَّوْمَانُ: روزہ دار۔ ج صَوَامَى.

الصَّائِمُ: روزہ دار۔ يَوْمٌ صَائِمٌ: وہ دن جس میں روزہ رکھا جائے۔ سَنَةٌ صَائِمَةٌ: قحط یا کم پانی۔ الصَّائِمَةُ مِنَ الرَّكَائِبِ: [illegible] ...... مِنَ الْخَيْلِ: بغیر چارہ کے کھڑا ہونے والا گھوڑا۔ الصَّائِمَةُ مِنَ الْبَكَرَاتِ: نہ گھومنے والی چرخی۔

الصَّوَّامُ: بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوَّامٌ قَوَّامٌ" یعنی وہ دن میں روزہ رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا ہے۔

تَصَامُّ الفَرَسِ وَتَصَامُعُهَا : گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
صَوَّعَ الشَّیْءَ : جمع کرنا ...... البِنَاءَ : عمارت کو بلند کرنا۔
الصَّوْمَعَةُ والصَّوْمَعُ : راہب کی کٹی گرجا۔
الصَّوْمَعَةُ : عقاب۔ ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج صَوَامِع۔
صَوَّغَلَ الرَّجُلُ : کھال کا بھوک کی وجہ سے خشک ہو جانا۔
صَانَهُ يَصُونُهُ صَوْنًا وَصِيَانًا وَصِيَانَةً واصْطَانَهُ إصْطِيَانًا : حفاظت کرنا۔ صفت مصون مَصُون، مَصْوُوْن : دوسرا کم استعمال ہوتا ہے۔ صَانَ الثَّوْبَ او العِرْضَ : کپڑے اور آبرو کو عیب لگانے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا۔
تَصَوَّنَ وَتَصَاوَنَ مِنَ العَيْبِ : اپنے نفس کی عیب سے حفاظت کرنا۔ تصوّنہ : بچنے کے لئے تکلف کرنا۔
الصَّوَانُ والصِّوَانُ والصُّوَانُ والصِّيَانُ والصُّيَانُ والصَّيَانُ : کپڑوں یا کتابوں کے محفوظ کرنے کا برتن۔
الصَّوَّانَةُ : ایک سخت قسم کا پتھر۔ ذبر۔
المِصْوَانُ والمِصْوَانُ : کمان وغیرہ کا غلاف۔
الصَّوُّ : خالی۔ کہا جاتا ہے إِنَاءٌ صَوٌّ : خالی برتن۔
الصُّوَّةُ : گونج۔ آواز بازگشت۔ ٹیلہ نشان راہ کا پتھر۔ ج صُوًى جج أَصْوَاءٌ۔ الصُّوَى والأَصْوَاءُ : قبور۔
صَوِيَ يَصْوِي صُوِيًّا صَوَى يَصْوِي صُرِيًا وَصَوَّى تَصْوِيَةً واصْوَى إصْوَاءً السُّنْبُلُ : خشک ہونا۔ صفت صَوٍ وصَاوٍ ...... الضَرْعُ : تھن کا خشک ہو جانا۔
صَوِيَ (س) صَوًى الرَّجُلُ : قوی ہونا۔
صَابَ يَصِيبُ صَيْبًا : درست ہونا۔ صفت صَائِب۔ صَابَهُ السَّهْمُ : تیر کا نشانہ پر لگنا۔
سَهْمٌ صَيُوبٌ : تیر نشانے پر لگنے والا۔ ج صُيُوب۔
الصَّيَّابُ والصَّيَّابَةُ والصُّيَّابُ والصُّيَّابَةُ : خالص۔ ہر چیز میں سے عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُيَّابِهِمْ وَمِنْ صُيَّابَتِهِمْ" یعنی وہ سب میں عمدہ ہے۔
الصَّيْبَانَةُ : سردار۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُيَّابَةُ قَوْمِهِ" : وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُيَّابَةُ القَوْمِ : یعنی جماعت قوم۔
صَاحَ يَصِيحُ صَيْحًا وَصَيْحَةً وَصِيَاحًا وَصُيَاحًا وَصَيَحَانًا : چیخ چلانا ...... بِهِ : پکارنا۔ آواز دینا ...... عَلَيْهِ : ڈانٹنا ......
العُنْقُودُ : ترخوشے کا پھٹنا۔
صِيحَ بِهِمْ : گھبرانا ...... فِيهِمْ : ہلاک ہونا۔
صَيَّحَ : چیخنے میں مبالغہ کرنا ...... الشَّيْءَ : توڑ دینا۔ پھاڑنا۔ صَيَّحَتِ الرِّيحُ او الشَّمْسُ البَقْلَ : ہوا یا آفتاب کا ساگ کو خشک کرنا۔
صَايَحَ وَتَصَايَحَ القَوْمُ : ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَايَحَ بِهِ : آواز دینا۔ پکارنا۔
تَصَايَحَ جَفْنُ السَّيْفِ : تلوار کے میان کا پھٹ جانا۔
تَصَيَّحَ وانْصَاحَ : پھٹ جانا۔ تَصَيَّحَ البَقْلُ : اوپر کی جانب سے خشک ہونا شروع ہونا۔
إِنْصَاحَ الفَجْرُ والبَرْقُ : ظاہر ہونا۔
إِنْصَاحَتِ الأَرْضُ : زمین کا کچھ حصہ روئیدگی سے ڈھک جانا اور کچھ کا خالی رہنا۔
الصَّيْحَةُ : چیخ۔ عذاب۔ اچانک غارت۔
الصَّائِحَةُ : مؤنث صائح : نوحہ کی چیخ۔
الصَّيَّاحُ : بہت چیخنے والا۔
صَادَ يَصِيدُ وَيَصَادُ صَيْدًا وَتَصَيَّدَ واصْطَادَ الطَّيْرَ : پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صَائِد۔ صَادَ فُلَانًا : کسی کے لئے شکار کرنا۔ صَادَ واصْطَادَ المَكَانَ : فلاں جگہ میں شکار کرنا۔ صَادَهُ يَصِيدُهُ : ٹیڑھی گردن کا کر دینا۔
صَيِدَ يَصْيَدُ صَيَدًا : ٹیڑھی گردن کا ہونا۔
أَصَادَهُ : شکار پر اکسانا۔ أَصَادَ البَعِيرَ : تکلیف دینا۔ علاج کرنا (کسی گردن کا)
الأَصْيَدُ : تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ وہ اونٹ جس کی گردن ٹیڑھی ہو۔ بادشاہ اس کے لئے کہ وہ بھی فخر و غرور کی وجہ سے ادھر ادھر نہیں دیکھتا۔ شیر۔ مؤنث صَيْدَاءُ ج صِيد۔
الصَّادُ : حروف تہجی کا ایک حرف جس کا عدد بحساب جمل ۹۰ ہے۔ تانبا۔ پیتل۔ ج صِيدَان : ایک مرض ہے جو اونٹ کو ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی ناک ہمیشہ بہتی رہتی ہے اور وہ اپنے سر کو بلند کرتا ہے۔ شیر۔
الصَّيْدُ : شکار۔
الصَّيْدَاءُ : مؤنث أَصْيَد : کنکر۔ ارض صَيْدَاءُ سخت زمین۔
الصَّيَدُ : مص (...... والصِّيدُ) : اونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔
الصَّيَّادُ : شکاری۔ شیر۔
الصَّيُودُ : شکاری۔ کہا جاتا ہے كَلْبٌ صَيُودٌ وَصَقْرٌ صَيُودٌ ج صِيدٌ وَصُيُدٌ۔
الصَّيُودُ مِنَ النِّسَاءِ : بدخلق عورت۔
الصَّيْدَانُ : سونا۔ تانبا۔ صَيْدَانُ الحَصَى : کنکریاں۔
الصَّيْدَانَةُ : بھوت ...... مِنَ النِّسَاءِ : بدخلق۔ بہت بولنے والی۔
المِصْيَدُ والمِصْيَدَةُ والمَصْيَدَةُ والمَصِيدَةُ : جال۔
المَصِيدُ : شکار کیا ہوا۔
المَصَادُ والمُصْطَادُ والمُتَصَيَّدُ : شکارگاہ۔
الصَّيْدَلَةُ : دوافروشی۔
الصَّيْدَلِيُّ والصَّيْدَلَانِيُّ : دوافروش۔ ج صَيَادِلَة : یہ کلمہ دخیل ہے اور اس کے لئے اجزائی کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور دواخانہ کو اجزائیہ کہتے ہیں۔
الصَّيْدَنُ : مضبوط عمارت۔ چاندی کی سل۔ تنگ چادر۔ بھیڑ۔ لومڑی۔ بادشاہ۔ عطر فروش۔ ایک چھوٹا سا جانور جو اپنے آپ کو لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رکھنے کے لئے زمین

میں بہت بنا تا ہے۔
الضَّنَانَی: بہت۔
صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا وَصَیْرُوْرَةً وَمَصِیْرًا: لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا" یعنی زید فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا...... إِلٰی کَذَا او إِلٰی فُلَانٍ: پہنچنا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَهُ یَصُوْرُهُ وَیَصِیْرُهُ صَیْرًا: کاٹنا۔
...... الشَّیْءَ: روک دینا۔
صَیَّرَهُ وَأَصَارَهُ إِصَارَةً: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیَّرَهُ: مشابہ ہونا۔
الصَّیْرُ: انجام۔
الصِّیْرُ: کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الأَمْرِ": یعنی فلاں کام کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔ دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔ یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّیَارُ: گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّیَارَةُ والصِّیْرَةُ: گائے بکریوں کا باڑہ۔ ج صِیَرٌ وَصِیَرٌ۔
الصَّائِرَةُ: خشک گھاس۔
الصَّیِّرُ: جماعت۔ قبر۔
الصَّیُّوْرُ: عقل رائے (...... الصَّیُّوْرَةُ) انجام کار۔
الـمَصِیْـرُ: انجام کار۔ پانی کا گھاٹ۔ ج مَصَائِرُ۔
الصِّیْصَةُ والصِّیْصِیَةُ: کپڑا بننے والے کا کونچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔

گرمی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِیْ۔
ضَاعَ یَضِیْعُ ضَیْعًا وَضِیَاعًا۔
الغَنَمُ: متفرق کرنا...... القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَضَیَّعَ الـمَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
انْضَاعَ الرَّجُلُ: تیزی سے داخل ہونا۔
...... الطَّیْرُ: فضا میں آسمان میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا وَصَیَّفَ وَتَصَیَّفَ وَاصْطَافَ الـمَكَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِی" یعنی یہ کھانا میرے لئے گرم موسم گرما بھر کے لئے کافی ہے۔
صَافَ: (ض) صَیْفًا وَصَیُوْفَةً السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا...... عَنِّی وَجْهَهُ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وَصُیِّفَ. الـمَكَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعول۔ مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ وَمُصَیَّفٌ۔
صَایَفَهُ مُصَایَفَةً وَصِیَافًا: موسم گرما کے لئے معاملہ کرنا۔
أَصَافَ إِصَافَةً: بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا...... القَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا...... اللهُ عَنْهُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دور کرنا۔ أَصَافَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْفُ: موسم گرما۔ ج أَصْیَافٌ۔
الصَّیْفَةُ: موسم گرما۔ یہ صَیْفٌ سے اخص ہے۔ ج صِیَفٌ۔
الصَّیْفُ والصَّیْفَةُ: موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَتْنَا صَیْفَةٌ غَزِیْرَةٌ": ہم پر موسم گرما کی بارش بڑی زبردست مقدار میں ہوئی۔
الصَّیْفُ والصَّیْفِیُّ: گھاس جو موسم گرما میں اگتی ہے۔
الصَّائِفُ والصَّافُ: گرم۔ صَیْفٌ صَائِفٌ: تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جیسے "لَیْلٌ لَائِلٌ"۔
الصَّائِفَةُ: مؤنث الصَّائِفِ: کا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانہ میں جنگ۔ "صَائِفَةُ القَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِفُ۔
الـمَصِیْفُ والـمُتَصَیَّفُ والـمُصْطَافُ: موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ الـمَصِیْفُ: ندی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
أَرْضٌ مِصْیَافٌ: زمین جس میں روئیدگی مؤخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوتی۔ ج مَصَایِیْفُ۔
الـمَصَایِیْفُ: وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیْقُ: چراچرے۔ ج صِیْقَانٌ: تیپت بدبو۔ آواز...... والصَّیِّقَةُ: وہ غبار جو فضا میں آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَقٌ۔
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا. بِهِ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ. لَا تَحُلُّ: مقدر کیا جانا۔
الصِّیْمُ: بہت سخت۔
الصِّیْنُ: ملک چین۔
الصَّوَانِی: چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّةٌ۔
الصِّیْنِیَّةُ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

ض: الضاد: پندرھواں حرف ہجائی حروف ہے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔

الضِئْب: ایک دریائی جانور۔ موتی۔

الضُّوَيْبَان: موٹا قوی مرد یا اونٹ۔

ضَأَدَهُ: (ف) ضَأْدًا: خصومت میں غالب آنا۔

ضُئِدَ وضُؤِدَا: زکام زدہ ہونا۔

أَضْأَدَهُ إِضْآدًا: زکام میں مبتلا کرنا۔

الضُّؤَاد والضُّؤْدَة والضُّؤْدَةُ: زکام۔

المَضْؤُود: زکام زدہ۔

ضَأَزَهُ: (ف) ضَأْزًا وضَأَزًا: ظلم کرنا۔

ضَأَزَهُ حَقَّهُ: حق کم کرنا۔

قِسْمَةٌ ضُؤْزَى وضَأْزَى وضِئْزَى: ناقص تقسیم۔

الضَّأْز: کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الضُّؤْزَة: حقیر مرد۔

ضَأْضَأَ ضَأْضَأَةً وضَوْضَأَ ضَوْضَأَةً. القَوْمُ فِي الحَرْبِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔

الضَّأْضَأُ والضَّوْضَأُ والضَّوْضَى: لڑائی کا شور۔

الضُّؤْضُؤُ والضِّئْضِئُ: اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُّؤْضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَأَطَ: (س) ضَأْطًا. الرَّجُلُ: چلنے میں موٹاپے اور جسم کو حرکت دینا۔

ضُئِكَ: زکام زدہ ہونا۔ المَضْؤُوك: زکام۔

ضَؤُلَ: (ک) ضَآلَةً وضُؤُولَةً: لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔

ضَاءَلَ شَخْصَهُ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔

تَضَاءَلَ: حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَّيْءُ: سکڑنا۔

اِضْطَأَلَ: چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضْطَئِل۔

الضَّئِيل: چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دبلا۔ ج ضُؤَلَاءُ وضِئَال وضَئِيلُون۔

الضُّؤْلَة: کمزور۔ دبلا۔

الضَّئِيلَة۔ ضَئِيل: کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔

ضَأَنَ (ف) ضَأْنًا. الضَّأْنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔

أَضْأَنَ إِضْآنًا: بہت بھیڑ والا ہونا۔

الضَّأْن: بھیڑ۔ دنبہ۔

الضَّأْنِيُّ: مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت۔

الضَّائِن بمعنی کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اون والا۔ بھیڑ دنبہ۔ ج ضَأْنٌ وضَأَنٌ وضَئِين وضِئِين۔

الضَّائِنَة: مؤنث ضائن ج ضَوَائِن۔

الضِّئْنِيُّ: دبی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأَى يَضْأَى ضَأْيًا. الرَّجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا: چپ ہونا...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا...... عَلَى الشَّيْءِ: جمع کرنا...... الشَّيْءَ: زمین سے چمٹنا ...... عَلَيْهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوهُ أَو تَضِبُّ لِثَتُهُ بِحَدًا أَو عَلَى كَذَا" جب حرص زیادہ ہو جائے (...... ضَبًّا وضَبِيبًا) الرِّيقُ أَوِ الدَّمُ: تھوک یا خون بہنا۔

ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا وضُبُوبًا الشَّفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔

ضَبَّ يَضَبُّ وضَبِبَ يَضْبَبُ ضَبَابَةً المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبِبٌ مؤنث ضَبِبَةٌ۔

ضَبَّبَ. عَلَى الشَّيْءِ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا ضَبَّبَ عَلَى الضَّبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔

ضَبَّبَ البَابَ: دروازے میں پلی لگانا۔

أَضَبَّ: خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا (ضد)...... المَاءُ أَو الرِّيقُ: پانی یا تھوک بہنا ...... اليَوْمُ دن کا کہر والا ہونا ...... المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا ...... الشَّعْرُ: بال کا زیادہ ہونا ...... القَوْمُ: کسی کام کے لئے اکٹھا ہو کر کھڑا ہونا ...... القَوْمُ فِي بُغْيَتِهِمْ: حصول مطلب کے لئے متفرق ہونا۔ أَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا ...... المَاءُ أَو الدَّمُ: بہانا ...... عَلَى الأَمْرِ: حاوی ہونا ...... عَلَى الشَّيْءِ: چھپانا ...... عَلَى المَطْلُوبِ: کامیابی کے قریب

ہونا۔ اَضبَأ عَلَيْهِ : جو کچھ دل میں ہو اس پر خاموش رہنا...... عَلَى غِلٍّ فِي قَلْبِهِ : کینہ کو دل میں پوشیدہ رکھنا۔
تَضَبَّبَ الصَّبِيُّ : بچے کا موٹا ہونے لگنا۔
الضَّبُّ : گوہ۔ ج اَضُبٌّ وضِبَابٌ وضِبَّانٌ ومَضَبَّةٌ: عرب کہتے تھے "لا اَفْعَلُهُ حَتَّى يَرِدَ الضَّبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لئے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔
بَقْلَةُ الضَّبِّ : ایک خوشبودار نباتات۔
الضَّبُّ : اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔
الضَّبُّ والضِّبُّ : پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَابٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغاباز حیلہ گر مرد۔
الضَّبَّةُ ضَبَّةٌ : کا مؤنث۔ لکڑی جس کو اس کے کہ کھلے۔ تختی سے جوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَابٌ۔
الاَضَبُّ مِنَ الْجِمَالِ : وہ اونٹ جس کو (ضب) کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاءُ۔ ج ضُبٌّ۔
الضَّبُوبُ : جس میں تنگ سوراخ والی بکری۔
ضَبِيبُ السَّيْفِ : تلوار کی دھار۔
الضَّبَابَةُ : کہرا۔ ج ضَبَابٌ۔
الضَّبِيبَةُ : ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لئے تیار کی جاتی ہے۔
اَرْضٌ مَضَبَّةٌ : زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابُّ۔
المِضَبُّ : بخیل۔
ضَبَأَ : (ف) ضَبْأً وضُبُوءًا۔ الرَّجُلُ : زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَابِئٌ...... الصَّائِدُ : شکاری کا فریب دینے کے لئے چھپنا...... ہ بِالاَرْضِ : چمٹانا...... اِلَيْهِ : پناہ لینا...... مِنْهُ : شرم کرنا...... عَلَى الْقَوْمِ : اچانک آجانا۔
اَضْبَأَ الشَّيْءَ : چھپانا...... عَلَيْهِ : خاموش رہنا اور چھپانا...... مَا فِي يَدِهِ وعَلَيْهِ : پکڑے رکھنا۔
اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً مِنْهُ : چھپنا۔
الضَّابِئُ : راکھ۔
المَضْبَأُ : چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِئُ۔
ضَبَثَ : (ض) ضَبْثًا واَضْبَثَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ : سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِهِ : حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَيْهِ : مارا جانا۔
الضَّبْثَةُ : قبضہ۔ ج ضَبَثَات واَضْبَاث۔
الضُّبَاثُ : شیر کے بچے۔
الضُّبَاثُ والضَّبِثُ والضَّبْرَثُ : شیر۔
المَضَابِث : چنگل اور شیر کے پنجے۔
مِضْبَث : واحد۔
ضَبَحَ (ف) ضَبْحًا وضُبَاحًا۔ الخَيْلُ فِي عَدْوِهَا : گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا...... ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ والثَّعْلَبُ والقَوْسُ : آواز کرنا...... ضَبَحَتِ النَّارُ العُودَ : آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔
ضَابَحَه : رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔
اِنْضَبَحَ لَوْنُهُ : راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔
تَضَابَحَا : ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔
الضَّبْحَاءُ : کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔
الضِّبْح : راکھ۔
المَضْبُوح : سنگلاخ کا پتھر۔
ضَبَدَ : (ن) ضَبْدًا : تر اور کدر گھوڑوں کو ملانا۔
ضَبَّدَهُ : غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔
الضَّبَد : غصہ۔ غضب۔
ضَبَرَ : (ن) ضَبْرًا۔ الجِمَازَةَ : دوچند رکھنا۔ الکُتُبَ : جمع کرنا یا بنڈل بنانا...... ضَبْرًا وضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَيَّدُ : ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔
ضَبَّرَ الشَّيْءَ : جمع کرنا۔
الضَّبُّور : چمڑے کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لئے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضَبَابِير۔
الضَّبْر : جمع۔ فَرَسٌ ضَبْرٌ : گھوڑا تام الخلقة۔
الضَّبْرُ والضَّبِر : جنگلی اخروٹ کا درخت۔
الضِّبْر : بخیل۔
الضِّبَار والضُّبَار : کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔
الضَّبَارَة : خلقت کی مضبوطی۔
الضِّبَارَةُ والضُّبَارَةُ : کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر۔
الاِضْبَارَة : کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِير۔
الضِّبَارَة : لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں "رَاَيْتُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْمَكَانِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔
الضَّبِر : بہت زیادہ کودنے والا۔
الضَّبْبَر والضَّبُوَّر : سخت۔ شیر۔
الضُّبَّار : طوطا کی یا اختراکی درخت۔ واحد ضُبَّارَة۔
المِضْبَر : کودنے والا۔ شیر۔ المضبور : دارنی۔
ضَبَزَهُ : (ض) ضَبْزًا : گھونسوں سے تکڑ دینا۔
الضِّبْزُ والضَّبِيزُ مِنَ الذِّئَابِ : بھیڑیا۔
ضَبَسَ : (ن) ضَبْسًا عَلَى الْغَرِيمِ : قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔
ضَبِسَتْه : (س) ضَبَسًا نَفْسُه : جی کا بگڑنا اور جلانا۔
الضَّبِس : بخیل۔
الضِّبْس : شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسٌ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔
الضَّبِيس : سخت مزاج۔ فریبی۔

الضَّبِيْس : تجربہ کار حریص۔ کم طاقت۔ کم ہمت۔ بزدل۔ بیوقوف۔

ضَبَطَهُ : (ن ض) ضَبْطًا وضَبَاطَةً : لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا..... العَمَلَ : مضبوط کرنا..... الكِتَابَ : صحیح کرنا۔ اعراب لگانا..... عَلَيْهِ : گرفتار کرنا۔

ضَبِطَ : (س) ضَبَطًا : دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت أَضْبَطُ : مؤنث ضَبْطَاءُ ج ضُبْطٌ

ضُبِطَتِ الأَرْضُ : زمین پر بارش ہونا۔

تَضَبَّطَ : زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَتِ الضَّأْنُ : موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔

اِنْضَبَطَ : قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔

الضَّبْطُ : حبس۔ روک۔ گرفتاری۔

الضَّابِطُ : قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاطٌ (..... والضَّابِطَةُ) عِنْدَ المَنَاطِقَةِ : وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔

الضَّابِطَةُ : واحد الضابطی۔ حاکم کا لشکر جس سے مال کو جمع کرنے حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔

الضَّبِطُ والأَضْبَطُ : شیر۔

ضَبَعَ : (ف) ضَبْعًا وضُبُوعًا وضَبَعَانًا البَعِيرُ : اونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا..... القَوْمُ الصُّلْحَ : صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَهُ ضَبْعًا : مارنے کے لئے ہاتھ بڑھانا..... الرَّجُلُ : ظلم کرنا..... عَلَى فُلَانٍ : بددعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔

ضَبِعَ الرَّجُلُ : بزدل ہونا۔ ضَبِعَتِ الخَيْلُ والإِبِلُ : چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔

ضَابَعَهُ مُضَابَعَةً : ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَّجُلُ : مصافحہ کرنا۔

اِضْطَبَعَ : بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر ڈالنا۔

الضَّبُعُ : بغل میں لینا۔

الضَّبُعُ والضَّبْعُ : بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاعٌ وأَضْبُعٌ وضُبُعٌ وضُبُوعَةٌ وضُبُعَاتٌ ومَضْبَعَةٌ اور تصغیر ضبع کی أُضَيْبِعٌ۔ خلاف قیاس اس مادہ کے لئے ضبعة کا استعمال کیا جاتا ہے اور بجو کی دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة : (دھاری دار) ضبع رقطاء : (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔

الضَّبْعُ : بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔

الضَّبْعُ والضِّبْعُ والضَّبُعُ : جانب۔ کنارہ۔ ج أَضْبَاعٌ۔

الضَّبُعُ : قحط کا سال۔

الطَّمْث: حیض۔ میل کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض۔ تہمت۔ کہا جاتا ہے "ما بِفُلانٍ طَمْثٌ ريبة" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔
طَمَحَ: (ف) طَمْحًا وطِماحًا وطُمُوحًا بَصَرُهُ إِلَيْهِ: نگاہ اٹھانا۔ بِبَصَرِهِ وإلَيْهِ: بلندی کی جانب دیکھنا ...... بِأَنْفِهِ: مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا ...... بِهِ: لے جانا ...... في الطَّلَبِ: کوشش کرنا۔
طَمَحَتْ: (ف) طِماحًا وطُمُوحًا۔ الدّابَّةُ: جانور کا سرکش ہونا ...... المَرْأَةُ عَلَى زَوْجِها: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طامِح ج طَوامِح۔
طَمَّحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اٹھانا ...... بالشَّيْءِ في الهَواءِ: پھینکنا۔
أطْمَحَ بَصَرَهُ إلَيْهِ: نگاہ اٹھانا۔
بَحْرٌ طَمُوحُ المَوْجِ: بلند موج والا سمندر۔
طَمَحاتُ الدَّهْرِ وطَمَحاتُهُ: مصائب۔
الطِّماح: غرور۔ فخر۔
الطَّمّاح: دور۔ حریص۔
طَمَخَ: (ن) طَمْخًا۔ بِأَنْفِهِ: تکبر کرنا۔
طَمَرَ: (ض) طَمْرًا۔ الشَّيْءَ: دفن کرنا۔ چھپانا (...... طَمْرًا وطُمُورًا وطِمارًا وطَمَرانًا): کودنا۔ اُچھلنا۔
طَمَرَ: (ن) طُمُورًا: جانا۔ سفر کرنا۔
طَمَرَ: (ن) طَمْرًا۔ المطمورة: بھتی بھرنا۔
(...... وطَمِرَ: (س) طَمَرًا) الجُرْحُ: سوج جانا۔
اليَدُ: ورم آجانا۔
طُمِرَ في جِرْيَتِه: داڑھ میں درد ہونا۔

طَمَّرَ الشَّيْءَ: لپیٹنا اور دفن کرنا ...... البَيْتَ: پردہ لٹکانا۔
إطْمَرَّ عَلَى فَرَسِهِ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔
الطِّمْر: پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج أطْمار: کہا جاتا ہے "لاحَتِ الشَّمْسُ في الأطْمارِ" یعنی زرد رنگ کا ہوگیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِّمِرّ والطِّمْر والطِّمِرّاء والطُّمْرُور: لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطَّمْر: نالی۔ پیسو ج طَوامِير کہا جاتا ہے "هُوَ طامِرُ بْنُ طامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطَّمْرُ: جہل۔ نادانی۔
طُمُورَةُ الشَّبابِ: ابتدائے شباب۔ عنفوان شباب۔
الطّامُور والطُّومار: صحیفہ۔ ج طَوامِير کہا جاتا ہے "كُتِبَ في الطُّومارِ والطَّوامِيرِ"۔
المِطْمَر والمِطْمار: معماروں کا دھاگا۔ پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى مِطْمارِ أَبِيهِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
المَطْمُورَة: بھتی۔ قید۔
طَمَسَ: (ن) طُمُوسًا: دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "لا أدْرِي أيْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا ...... بِعَيْنِهِ: دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ: (ن ض) طَمْسًا وطُمُوسًا وتَطَمَّسَ وانْطَمَسَ: مٹنا۔ طَمَسَ النَّجْمُ او البَصَرُ: ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ: (ض) طَمْسًا الشَّيْءَ: مٹانا۔ ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا ...... الغَيْمُ النُّجُومَ: بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔
طَمَسَ: (ض) طَمَاسَةً الشَّيْءَ: اندازہ کرنا۔
رُبُوعٌ طِماس: مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِيس والمَطْمُوس: اندھا۔

طَمْطَمَ : وسط سمندر میں تیرنا۔
الطَّمْطَام : وسط سمندر۔
الطِّمْطِمُ والطِّمْطِمِيّ والطُّمْطُمَانِيّ : زبان کی لکنت والا۔
طَمِعَ : (س) طَمَعًا وطَمَاعًا وطَمَاعِيَةً فِي الشَّيْءِ وبِهِ : لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ وطَمِعٌ وطَمُعٌ ج طَمِعُونَ وطَمْعَاء واطْمَاع وطَمَاعَى۔
طَمُعَ : (ک) طَمَاعَةً : بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَهُ : لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
أَطْمَعَهُ : لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ : لالچی ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
الطَّمَعُ : وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔ لشکر کی تنخواہ۔ ج أَطْمَاع۔
الطَّمَاعَة : خواہش مندی۔
الطَّمَّاع والمِطْمَاع : بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَع : جس کی خواہش کی جائے۔ ج مَطَامِع۔
المَطْمَعَة : باعث طمع۔ لالچ پر اکسانے والی چیز۔
طَمِفَتْ : (س) طَمَفًا عَيْنُهُ : آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ : (ن) طَمْلاً الخَبَّازُ الخُبْزَ : روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا ...... الثَّوْبَ : کپڑے کو گہرا رنگنا۔
السَّهْمَ الدَّمُ وغَيْرُهُ : خون کا تیر کو لتھیڑنا۔ الرَّاعِيُ : چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ : (س) وطَمِلَ طَمَلاً : خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔ صفت طَمِلٌ۔
أَطْمَلَ الكِتَابَ : مٹا دینا۔
اِطَّمَلَ الرَّجُلُ : چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطَّمْل : خمیر۔ گوندھا ہوا آٹا۔ مخلوق۔
الطِّمْل : بے وقوف۔ کمینہ۔ بدکار۔ بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔ کالا کمبل۔ فقیر۔ بدحال بدشکل بار۔ پرانا کپڑا۔ ج طَمَامِل (......

والطَّمْلَة والطُّمْلَة) : گدلا پانی۔ کیچڑ۔
الطِّمْلِيل : فا۔ مرد بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمَلِيل : گدلا پانی۔ گمنام۔ چٹائی۔ ہاڑ تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔ بکری کا بچہ۔ سَهْمٌ طَمِيلٌ : خون سے لت پت تیر۔ خُبْزٌ طَمِيلٌ : بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطُّمْرُول : بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطَّمْرُولَة : بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَة : بیلن۔
طَمْأَنَ طَمْأَنَةً وطَأْمَنَ. ظَهْرَهُ : پیٹھ کو پست کرنا۔ جھکانا ...... الشَّيْءَ : ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ : پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِينَةً إِلَيْهِ : آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔ پست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا كَانَ يَفْعَلُهُ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَّمْن : ساکن ج طَمُون۔
المُطْمَئِنّ : ساکن ...... مِنَ الأَرْضِ : نرم پست زمین۔
طَمَا يَطْمُو طُمُوًّا وطَمَى يَطْمِي طَمْيًا الماءُ : پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا ...... البَحْرُ : سمندر کا بھر جانا ...... النَّبْتُ : نباتات کا طویل ہونا۔ بڑھنا۔
طَمَتْ هِمَّتُهُ : ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِهِ الهَمُّ او الخَوْفُ : غم یا خوف کا سخت ہونا۔
طَنَّ : (ض) طَنًّا وطَنِينًا وطَنَّ الذُّبَابُ او النَّاقُوسُ ونَحْوُ ذٰلِكَ : بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔ وطَنَّ فُلَانٌ : مرنا۔
أَطَنَّ : بجانا۔ آواز کرانا۔ أَطَنَّ السَّاقَ : پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُّنّ : جسم ج أَطْنَان وطِنَان : بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّة کہلاتا ہے۔ الطُّنّ : دگنی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَّنَّان : زیادہ بجنے والا۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے۔ "وَتِلْكَ قَصِيدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطَّنَّانَة : زیادہ چمکیلے بالوں والے مختلف اقسام کے کیڑے جن کے اڑنے سے بھنبھنانے کی آواز آتی ہے پھولوں کے لئے فائدہ مند ہے۔
الطِّنِّيّ مِنَ الرِّجَالِ : بڑے ڈیل ڈول کا۔
طَنَأَ : (ف) طَنْأً وطُنُوءًا : (س) طَنَأً : شرم کرنا۔
أَطْنَأَ : کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
أَطْنَأَ إِلَى الحَوْضِ : حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔
أَطْنَأَ إِلَى البِسَاطِ : بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لَا تُطْنِئُ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مر جائے۔
الطِّنْءُ : بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلَانٌ فِي طِنْئِهِ" یعنی مر گیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا۔ فرش۔ باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِيدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل۔ تہمت۔
طَنِبَ : (س) طَنَبًا الرُّمْحُ : نیزے کا ٹیڑھا ہونا ...... الفَرَسُ : گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت أَطْنَب : مؤنث طَنْبَاء۔
طَنَّبَ الخَيْمَةَ : خیمہ لگانا ...... بِالمَكَانِ : اقامت کرنا ...... الذِّئْبُ : بھیڑیے کا بھونکنا ...... السِّقَاءَ : مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔
طَانَبَ القَوْمُ : قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسّی ملانا۔
أَطْنَبَتِ الرِّيحُ : ہوا کا غبار کو اڑانا۔
الإِبِلُ : بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔ فِي الوَصْفِ او المَدْحِ : مبالغہ کرنا۔
تَطَانَبَ القَوْمُ : خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔
الطُّنُب : خیمہ کی لمبی رسّی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ ج أَطْنَاب وطِنَبَة : کہا جاتا ہے

"طَلَبَتِ الشَّمْسُ اَطْلَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "غَرَبَتْ اَطْلَابَهَا" یعنی غروب ہوا...... والاطلاب: کمان کے قبضہ پر باندھنے والا تسمہ ج اَطْلَابٌ۔ کہا جاتا ہے "خَيْلٌ اَطْلَابٌ" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المَطْلَبُ: کندھا۔ موندھا۔ ج مَطَالِبُ۔

المُطَلِّبُ: فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَيْشٌ مِطْلَابٌ: بہت بڑا لشکر۔

طَنْبُوْرٌ والطُّنْبَار: ستار ج طَنَابِيْرُ.

طَنْبَلَ طَنْبَلَةً الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُمْ طَنْبَلَةٌ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔

الطُّنْبُلُ: بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطُّنْجَرَةُ: تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِيْرُ: کڑاہی۔ کنایۃً از بزدل و کمینہ۔

طَنِخَ: (س) طَنَخًا: بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ وطَانِخٌ طَنِخَتْ نَفْسُهُ: جی کا بگڑنا۔

طَنَّخَهُ وطَنْخَهُ: بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ طِنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

طَنَزَ: (ن) طَنْزًا بِهِ: تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّازُ: تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَةُ عِنْدَ العَامَّةِ: حلق کا کوا۔ صحیح لفظ طَلَاطِلَةٌ ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً بِالجَرَسِ والطَّسْتِ والذُّبَابُ ونَحْوِهَا: جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ: (س) طَنَفًا: متہم ہونا...... طَنَافَةً وطُنُوْفَةً وطَنَفًا: بدباطن ہونا۔ صفت طَنِفٌ.

طَنَّفَهُ: متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ: دیوار پر کانٹے کی باڑ لگانا۔ کارنس نکالنا۔ چھجا لینا...... طَنَّفَهُ إِلَى كَذَا: لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القَوْمُ: قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطُّنُفُ والطُّنْفُ والطَّنَفُ والطُّنُفُ: پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کارنس۔ سائبان ج طُنُوْفٌ وأَطْنَافٌ.

المُطَنِّفُ: چھجہ یا کارنس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طَنْفَسَ: بد خلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِسُ: ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَةُ والطِّنْفِسَةُ والطَّنْفَسَةُ: فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِسُ.

الطُّنُوْ: بدکاری۔

الطِّنْوُ: فرش۔

طَنِيَ: (س) طَنًى وطُنِيَ: تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِيٌّ فِيْ فُجُوْرِهِ اَوْ فَسَادِهِ: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا...... طَنِيَ اللَّدِيْغُ مِنَ لَدْغِ العَقْرَبِ: بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔

اَطْنَاهُ المَرَضُ: مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّى: تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَى: تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنْيُ: بدکاری و فساد۔

الطَّانِي: فا۔ زنا کار ج طُنَاةٌ.

طَهَرَ (ن) وطَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُوْرًا وطَهَارَةً: پاک ہونا۔ صفت طَاهِرٌ ج أَطْهَارٌ طَهِرٌ ج طَهِرُوْنَ وطَهِيْرٌ ج طُهَارَى کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَابِ" یعنی پاک دامن۔

طَهَرَهُ: (ف) طَهْرًا: دور کرنا۔

طَهَّرَهُ: پاک کرنا۔ طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ: دھونا۔

تَطَهَّرَ واطَّهَّرَ: میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا۔

الأَطْهَارُ: عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطَّهُوْرُ: جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّهْرَةُ: پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْهَرُ: موت کے بعد ایک مدت معینہ کے لئے ابرار و صالحین کے تنقیہ کی ایک کرنے کی جگہ (عقیدہ نصرانیہ)

المَطْهَرَةُ والمِطْهَرَةُ: لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاهِرُ.

المُطَهِّرَةُ: متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَهَسَ: (ف) طَهْسًا فِي الأَرْضِ: داخل ہونا اور گھسنا۔

طَهَشَ: (ف) طَهْشًا العَمَلَ: کام کو بگاڑ دینا۔

أَطْهَفَ السِّقَاءُ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ فِي الكَلَامِ: آسانی اور روانی سے کہنا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ طَهْفَةً: کچھ حصہ دینا۔

الطَّهْفُ: بھوسہ۔

الطَّهَفُ: پناہ۔

زُبْدَةٌ طَهِفَةٌ: نرم مکھن۔

الطِّهْفَةُ مِنَ الشَّيْءِ: ٹکڑا۔

الطَّهَافُ مِنَ السَّحَابِ: بلند بادل۔

الطُّهَافَةُ: گیسو۔

طَهَقَ: (ف) طَهْقًا: تیز چلنا۔

طَهِلَ وطَهُلَ (ف س) طَهَلًا وطُهُلًا وتَطَهَّلَ المَاءُ: بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ وطَهِلٌ.

أَطْهَلَتِ الأَرْضُ: تھوڑی سی گھاس اگانا۔

الطُّهْلَةُ: تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے۔

طَهَمَ الشَّيْءُ: موٹا ہونا...... عَنْهُ: نفرت کرنا۔

تَطَهَّمَ الطَّعَامَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔

المُطَهَّمُ: موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔

طَهَا يَطْهُوْ طَهْوًا: سفر کرنا۔ جانا۔

طَهَا يَطْهُوْ ويَطْهِي طَهْوًا وطُهُوًّا وطَهْيًا وطَهَايَةً اللَّحْمَ: پکانا یا بھوننا۔

أَطْهَى اِطْهَاءً: پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا۔
الطَّهْوُ: کام۔
الطَّهْيُ: پکانا۔
الطُّهْيُ: گناہ۔ پکا ہوا۔
الطَّهْيُ: سخت مار۔ پتلا بادل۔
الـطَّـاهِي: طَا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا۔ ج طُهَاةٌ و طُهِيّ: مؤنث طَاهِيَةٌ ج طَوَاهٍ و طَاهِيَاتٌ۔
الطِّهَايَةُ: پکانے کا پیشہ۔
الـطُّهَـاوَةُ: دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطَّهَاةُ: بلند بادل۔
طَـاءَ يَـطَـاءُ و يَـطُوءُ طَوْءًا: آنا جانا۔ فِي الْأَرْضِ: دور تک نکل جانا۔
تَـطَـاءَ تْ تَـطَاؤُءًا۔ الْاَسْعَارُ: بھاؤ کا گراں ہونا۔
الـطَّاءَ ةُ: کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِيّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الطُّوبُ: پکی اینٹ۔ واحد طُوبَةٌ۔
الطُّوَابُ: خشت پز۔
طَـاحَ يَطُوحُ طَوْحًا: حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا۔۔۔۔۔ السَّهْـمُ: نشانہ سے خطا کرنا۔
طَوَّحَهُ: حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِـهِ: خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاء آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهِ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔
طَوَّحَ تَـطْوِيحًا و طَيَّحَ تَطْيِيحًا الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔
طَاوَحَهُ مُطَاوَحَةً بِكَذَا: ایک دوسرے پر پھینکنا۔
أَطَاحَهُ: ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ: بال گرا دینا۔
تَطَوَّحَ فِي الْبِلَادِ: بھر گرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا۔ فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلَى مَطْوَحِهِ۔ يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے۔
تَـطَاوَحَ تَـطَاوُحًا الْقَوْمُ فُلَانًا بِالْأَمْرِ اَوْ بِـالضَّـرْبِ: آپس میں تنازع کرنا۔
تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوَى: فراق اور بعد نے اس کو پھینک دیا۔
الـطَّـوْحُ: دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِيَّةٌ طَوْحٌ" دور کی نیت۔
الطَّوَائِحُ: شدائد۔ مہلکات۔
الـمَـطَـاوِحُ: ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَةٌ۔
المِطْوَاحُ: لاٹھی۔
طَاحَهُ يَطُوحُهُ طَوْحًا: قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاحٌ۔
طَادَ يَطُودُ طَوْدًا: ثابت رہنا۔
طَوَّدَ و تَطَوَّدَ فِي الْبِلَادِ: پھرنا۔ طَوَّدَ بِهِ: مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْطَادَ: ہوا میں بلند ہونا۔
الـطَّـوْدُ: عظیم۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أَطْـوَادٌ و طِوَدَةٌ۔
المَطَادَةُ: دور دراز کا بیابان۔
المَطَاوِدُ: خطرناک مقامات۔
المُنْطَادُ: بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِيدُ۔
طَـارَ يَـطُـورُ طَوْرًا و طَوَرَانًا بِفُلَانٍ: قریب ہونا۔
الـطَّـوْرُ: اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهُ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ و "جَاوَزَ طَـوْرَهُ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار۔ ج أَطْوَارٌ اور کہا جاتا ہے "النَّـاسُ أَطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔
الطُّورُ: پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔
الـطُّوَارُ: وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔۔۔۔۔ و الـطُّـوَارُ: مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هٰـذِهِ الدَّارُ عَلَى طُوَارِ دَارِي" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔
الـطُّورِيّ و الطُّورَانِيّ: وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الـطُّـورِيّ: اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُورِيّ او طُورَانِيّ" یعنی کوئی نہیں۔
طَـارَةُ الـمُنْخُلِ: چھلنی کا گھیرا اور یہ محرف ہے۔ صحیح "الإطار" ہے۔
الطَّارَةُ و الطَّارُ عِنْدَ العَامَّةِ: دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الأَطْوَرِينَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِي الْعِلْمِ أَطْوَرَيْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔
الـطُّورِيـلُ يا الطُّورِيلَةُ: سمندری سرنگ (مثل)۔
طَـاسَ يَـطُـوسُ طَوْسًا۔ الوَجْهُ: چہرے کا خوبصورت ہونا۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: روندنا۔
طَوَّسَهُ: مزین کرنا۔ طَوَّسَ المُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهِ: لے جانا۔
تَـطَوَّسَ لِـلْـحَـمَـامَةِ: کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ المَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔
الطُّوسُ: چاند۔
الطُّوسُ: ایک مسہل دوا کا نام۔
الـطَّـاسُ: پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَاتٌ۔
الـطَّاوُوسُ الطَّاوُسُ: مور۔ تصغیر طُوَيْسٌ: ج أَطْوَاسٌ و طَوَاوِيسُ۔
طَوَّشَ۔ الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا۔۔۔۔۔ الذَّكَرَ: آختہ کرنا۔
الـطَّوَاشِيّ: آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِيَةٌ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ ترکی ہے۔
طَـاعَ يَطُوعُ و يَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں

بردار ہونا۔ صفت طائع ج طوع وطائعون کہا جاتا ہے "اَمَرَہٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقع پر بابِ افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُہٗ لَا یَطُوْعُ بِکَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی و "طَاعَ لَہُ الْمَرْتَعُ" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔

اَطَاعَہٗ اِطَاعَۃً وطَاعَۃً: فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَہُ المرعی: واَطَاعَۃً: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔

اِنْطَاعَ اِنْطِیَاعًا۔ لَہٗ: فرمانبردار ہونا۔

تَطَوَّعَ: بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِی الْجُنْدِیَّۃِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّیْءِ: تبرع کرنا۔۔۔۔ بِالشَّیْءِ ولِلشَّیْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔۔۔۔ الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَۃً۔ الاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذف تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیْعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَۃ: طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِیَۃ: فرماں برداری۔

الطَّاعُ والطَّوْعُ والطَّیِّعُ: فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ طَوْعُ یَدِکَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے۔

فَرَسٌ طَوْعُ الْعِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "جَاءَہٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

الْمِطْوَاعُ والمِطْوَاعَۃ: فرمانبردار۔

الْمُتَطَوِّعَۃ: رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

الْمُتَطَوِّعُ والْمُطَّوِّعُ: فرائض و واجبات کے علاوہ اعمالِ صالحہ کو بطورِ نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ یَطُوْفُ طَوْفًا وطَوَافًا وطَوَفَانًا بِالْمَکَانِ وحَوْلَہٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔۔۔۔ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔۔۔۔ بِہِ الْخَیَالُ فِی النَّوْمِ: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَہٗ تَطْوِیْفًا وتَطْوَافًا: گھومنا۔ طَوَّفَ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ وتَطَوَّفَ واِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَۃً بِالشَّیْءِ وحَوْلَہٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ اَوِ الْجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَہٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

اَطَافَ۔ بِالشَّیْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا۔۔۔۔ عَلَیْہِ وبِہٖ: رات کو آنا۔۔۔۔ عَلَیْہِ: گرد گھومنا۔

الطَّوْفُ: پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔

الطَّائِفُ: رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف۔

الطَّافُ: بہت زیادہ طواف کرنے والا۔

الطُّوْفَانُ: سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت۔ تباہ کن۔

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِفُ: نائب۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَۃُ: مؤنث طائف: جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف۔

الطَّوَّافُ: بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کشتی۔ کشتی بنانے والا۔

الْمَطَافُ: طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ یَطُوْقُ طَوْقًا وطَاقَۃً واَطَاقَ الشَّیْءَ: قادر ہونا۔

اَطَاقَ عَلَی الشَّیْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَہُ الشَّیْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَہٗ التَّطْوِیْق: طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَہٗ بِالسَّیْفِ وَظَھْرِہٖ" اس نے اسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ وتَطَوَّقَ: طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الْحَیَّۃُ: کنڈلی مارنا۔

الطَّاقُ: محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات وطِیْقَان۔ الطَّاقُ: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا۔۔۔۔ (الطَّائِق): پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ وطَائِقُ کُلِّ شَیْءٍ: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوْقُ: گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج اَطْوَاق۔

الطَّوْقُ والطَّوْقَۃُ: قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا فِیْ طَوْقِیْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَالَا طَاقَۃَ

لَنَا بِہٖ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

الْمُطَوَّقَۃُ: کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَالَ يَطُوْلُ طَوْلاً: لمبا ہونا..... عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَوَّلَہٗ: لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَہٗ: مہلت دینا..... لِلدَّابَّةِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً عَلَيْهِ: احسان کرنا۔

اَطَالَہٗ و اَطْوَلَہٗ اِطَالَةً و اِطْوَالاً: لمبا کرنا۔

اَطَالَتِ الْمَرْاَةُ: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَاوَلَہٗ مُطَاوَلَةً: ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَطَاوَلَ: دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا..... تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا ..... عَلَيْهِ الْعُمُرُ: بوڑھا ہونا۔ تَطَاوَلَا: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً: طویل ہونا..... عَلَيْهِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا..... عَلٰی عِرْضِہٖ: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَى الْقَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔

الطَّوْلُ: فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔

الطُّوْلُ: لمبائی ج اَطْوَالٌ۔

الطُّوْلُ السَّمَاوِيُّ الْكَوْكَبُ: وہ زاویہ جو آسمانی کرہ کے دو دائروں کے سطح کے درمیان واقع ہونے والا ہے ان میں سے ایک کوکب کے پاس سے اور دوسرا نقطۂ اصل کے پاس سے گزرتا ہے۔

الطِّيَلَةُ: عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰهُ طِيَلَتَہٗ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔

الطُّوَّلُ: لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الطِّيَلُ والطِّوَلُ والطُّوَالُ والطِّيَالُ: زمانہ بھر۔

الطَّائِلُ والطَّائِلَةُ: قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ طَائِلَةٌ" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَوَائِلُ هٰذَا اَمْرٌ لَا طَائِلَ فِيْهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِطَائِلٍ اَوْ هُوَ غَيْرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔

الطَّوِيْلُ: لمبا ج طِوَالٌ و طِيَالٌ مؤنث طَوِيْلَةٌ ج طَوِيْلَاتٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ الْبَاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَصِيْرُ الْبَاعِ" یعنی بخیل ہے۔

الْاَطْوَلُ: اسم تفضیل۔ ج اَطَاوِلُ: مؤنث طُوْلٰی ج طُوَلٌ۔ الطُّوْلٰی: بلند مرتبہ۔ والسَّبْعُ الطُّوَلُ: سات بڑی سورتیں قرآن پاک کی۔

الطُّوَالُ: لمبا۔ مؤنث طُوَالَةٌ۔

الطُّوَّالُ: بہت زیادہ لمبا۔

الْمِطْوَلُ: رسی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِلُ۔

طَوٰى يَطْوِيْ طَيًّا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا ..... و اللّٰهُ عُمُرَہٗ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوٰى فُلَانٌ وَهُوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَى الْحَدِيْثَ: بات چھپانا..... كَشْحَہٗ عَلَى الْاَمْرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوٰى كَشْحَہٗ عَنِّيْ" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وطَوَى الْبِلَادَ: قطع مسافت کرنا..... الْبِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَى الرَّجُلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا..... السَّيْرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔

طَوِيَ (س) طَوًى واَطْوَى: بھوکا ہونا۔ صفت طَيَّانُ و طَوٍ طَاوٍ: مؤنث طَيَّا طَوِيَةٌ وطَاوِيَةٌ۔

تَطَوَّتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْطَوٰى الْقَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھا ہونا..... و اطَّوٰى: لپیٹا جانا۔

الطُّوَعَةُ: بھوک۔ خشک۔

الطَّوِيُّ والطَّوِيَّةُ: لپٹی ہوئی چیز۔

الطَّيُّ: لپیٹ۔ شکن۔ کہا جاتا ہے "اَلْغَيُّ فِيْ طَيِّ قَلْبِہٖ" یعنی گمراہی اس کے دل کے شکن میں ہے۔

الطِّيَّةُ: حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپیٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى لِطِيَّتِہٖ" یعنی اپنی نیت پر کار بند ہوا "لَقِيْتُہٗ بِطَيَّاتِ الْعِرَاقِ" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔

طَاوِي الْبَطْنِ: پتلے پیٹ والا۔

الطَّايَةُ: سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَايَاتٌ۔

الطَّوِيُّ: گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الْاَطْوَاءُ (..... والطَّوِيَّةُ): کن بنا ہوا کنواں۔ الطَّوِيَّةُ: نیت۔ ضمیر۔

الْاَطْوَاءُ: ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طُوًى۔

الْمَطْوَى: لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ۔ مَطَاوِي الْحَيَّةِ: سانپ کی کنڈلی۔

الْمِطْوٰى: جس پر کاتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔

طَابَ يَطِيْبُ طِيْبًا وطَابًا و طِيْبَةً و تَطْيَابًا: لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا۔ طَابَتِ النَّفْسُ بِكَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَيْشُہٗ: خوش عیش ہونا..... عَنِ الشَّيْءِ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا..... الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ طَابَتِ الْاَرْضُ: گھاس اُگانا۔

طَيَّبَ الشَّيْءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَيَّبَ خَاطِرَہٗ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔

اَطَابَ اِطَابَةً الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔

اَطْيَبَ اِطْيَابًا الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

طَايَبَہٗ مُطَايَبَةً: ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔

تَطَيَّبَ: خوشبو لگانا۔

اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً۔ اللَّحْمَ: شیریں پانا

مانگنا۔ ..... وَاسْتَطَابَ: اسْتَطَابَ الشَّيْءَ: اچھا پانا۔

الطَّابُ: لذیذ۔ مزے دار۔

الطِّيبُ: خوشبو۔ ج أَطْيَابٌ وطُيُوبٌ: حلال۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طِيبٌ لَكَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔

الطَّابَةُ: شراب۔ مدینہ منورہ کا لقب۔

الطِّيبَةُ: حلال۔ طيبة الخمر: صاف شراب۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِطِيبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔

الطُّيَّابُ: بہت زیادہ پاکیزہ۔

الأَطْيَبُ: اسم تفضیل ج أَطَايِبُ مؤنث طُوبَى ج طُوبَيَاتٌ۔

الطُّوبَى: رشک۔ سعادت۔ خیر۔

الطَّيِّبُ: پاکیزہ۔ اچھا۔ حلال۔ مؤنث طَيِّبَةٌ ج طَيِّبَاتٌ وطُوبَى: کہا جاتا ہے "كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو۔ "بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔

الأَطَايِبُ والمَطَايِبُ۔ مِنَ الشَّيْءِ: عمدہ اشیاء۔

شَرَابٌ مَطْيَبَةٌ: عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔

طَاخَ يَطِيخُ طَيْخًا: بمعنی طَاخَ يَطُوخُ طَوْخًا یعنی ہلاک ہونا۔ سرگرداں پھرنا۔

طَيَّخَهُ: ہلاک کرنا ..... الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔

أَطَاخَهُ: ہلاک کرنا۔

تَطَايَخَ الشَّيْءُ: بکھرنا۔

الطَّيْخَةُ: جاہی۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَتْهُم طَيْخَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرا دی۔ "وطَوَّخَتْهُم طَيْخَاتٌ" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا۔

طَاخَ يَطِيخُ طَيْخًا: بُرے کام سے آلودہ ہونا۔ تکبر کرنا۔ باطل میں منہمک ہونا۔

..... الأَمْرَ: کام کو بگاڑ دینا۔

طَيَّخَهُ وطَيَّخَهُ: قبیحات میں آلودہ کرنا۔

طَيَّخَ أَسْنَانَهُ: کالی دینا۔

تَطَيَّخَ: برائی سے آلودہ ہونا۔

الطَّيْخَةُ: تکبر (..... والطِّيَاخُ والطَّوَاخُ): بے برکت۔ بے وقوف۔

طَارَ يَطِيرُ طَيْرًا وطَيَرَانًا وطَيْرُورَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا ..... صِيتُهُ: مشہور ہونا۔

..... الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا ..... بِكَذَا: سابق ہونا۔

..... إِلَى كَذَا: دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهُ" وہ غضبناک ہوا۔ طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔

طَيَّرَهُ وطَيَّرَ بِهِ وأَطَارَهُ إِطَارَةً وطَايَرَهُ مُطَايَرَةً: اڑانا۔ أَطَارَ وطَيَّرَ المَالَ: تقسیم کرنا۔ طَيَّرَ نَوْمَهُ: نیند اڑا دینا۔

إِطَّيَّرَ وتَطَيَّرَ۔ بِالشَّيْءِ ومِنْهُ: بدفالی لینا۔

تَطَايَرَ: متفرق ہونا ..... الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔ السَّحَابُ فِي السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔

إِنْطَارَ۔ الشَّيْءُ: پھٹنا۔

إِسْتَطَارَ إِسْتِطَارَةً الشَّيْءُ: متفرق ہونا۔ منتشر ہونا ..... الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا ..... السَّيْفُ: جلدی سے سونتنا۔ الطَّيْرَ: پرندے کو اڑانا۔

أُسْتُطِيرَ: خوفزدہ ہونا۔ جلدی سے لے جایا جانا ..... الصَّدْعُ فِي الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا ..... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

الطَّائِرُ: اڑنے والا۔ پرندہ ج طَيْرٌ اور طُيُورٌ وأَطْيَارٌ: جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔ نصیب۔ روزی۔ دماغ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَيْمُونُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔ "سِرْ عَلَى الطَّائِرِ المَيْمُونِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کے لئے دعا ہے) "فُلَانٌ سَاكِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَائِرُ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔

الطَّيْرُ: جمع طائر اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُ اللّٰهِ" جیسا "لَا أَمْرَ إِلَّا أَمْرُ اللّٰهِ" اور "طَيْرُ اللّٰهِ لَا طَيْرُكَ" جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ اور کہا جاتا ہے "كَأَنَّ عَلَى رُؤُوسِهِم الطَّيْرَ" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔ "وَازْجُرْ أَحْنَاءَ طَيْرِكَ" دور کر اپنی خفت و غصہ کو۔

الطِّيَرَةُ والطِّيْرَةُ: بدشگون جس سے لیا جائے۔

الطَّيْرُوَةُ والطَّيْرُورَةُ: طیش۔ ہلکا پن۔ اوچھا پن۔ کہا جاتا ہے "إِيَّاكَ وطَيْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔

الطُّوَيْرُ۔ طَيْرٌ: کی تصغیر۔

الطَّيَّارُ: منتشر۔ ترازو کی زبان۔ سکر تولنے کی ترازو۔

الطَّيَّارَةُ: ہوائی جہاز۔ اس کی کئی اقسام ہیں:

(۱) طَائِرَةُ رُكَّابٍ: سواریوں کے لئے ہوائی جہاز اندرونی و بیرونی سفر کے لئے۔

(۲) طَائِرَةٌ حَرْبِيَّةٌ: ہوائی جنگی جہاز۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) طَائِرَةُ طِرَادٍ: دشمن کو دھکیلنے کے لئے۔

(۲) الطَّائِرَةُ القَاذِفَةُ: زمین پر روشنی چھوڑنے والا جہاز۔

(۳) الطَّائِرَةُ النَّفَّاثَةُ: تیز ترین ہوائی جہاز۔

(۴) الطَّائِرَةُ القَانِصَةُ: دشمن کے ہوائی جہاز کو گرفتار (شکار) کرنے والا ہوائی جہاز۔

(۵) الطَّائِرَةُ الانْقِضَاضِيُّ: دشمن کے ہوائی جہاز کو مار گرانے والا جہاز۔

(٦) اَلْقَنْبلَۃُ الطَّائِرَۃُ : دشمن کے علاقوں پر بمباری کرنے والا بڑا ہوائی جہاز۔
الطَّیَّار والمُطَار. مِنَ الخَیلِ : تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔
اَرْضٌ مُطَارٌ : کثرت سے پرندوں والی زمین۔
الطَّیَّارَۃ : مؤنث طَیَّار : ہوائی جہاز۔
المَطَار : اڑنے کی جگہ۔
المُطَیَّر : مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔
المُسْتَطِیر : فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبْحٌ مُسْتَطِیْرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔
طَاسَ یَطِسُ طَیْسًا الشَّیْئُ : زیادہ ہونا۔
الطَّیْس : عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔
طَاشَ یَطِیْشُ طَیْشًا : اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا..... السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش۔

اَطَاشَ اِطَاشَۃً. السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔
الطَّیَّاش : بمعنی طَائِش : جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔
الطَّیَشَان : ہلکی۔ اوچھا پنا۔
طَاعَ یَطِیْعُ طَیْعًا : بمعنی طَاعَ یَطُوْعُ طَوْعًا.
طَافَ یَطِیْفُ طَیْفًا و مَطَافًا الخَیَالُ : خواب میں خیال آنا۔
طَیَّفَ تَطْیِیْفًا و اَطَافَ اِطَافَۃً و تَطَیَّفَ تَطَیُّفًا : بہت پھرنا۔
الطَّیْف : خیال و خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔
الطِّیَاف : رات کی تاریکی۔
اَلطَّیْف : وہ صورت جو موشور میں سفید روشنی گزرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف رنگ سرخ، مالٹا، زرد، سبز بخشی اور صورت کے ذریعے گیس کی تلاش میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔
طَامَ یَطِیْمُ طَیْمًا : ٹیکر کا رہونا..... اللّٰهُ فُلَانًا

عَلَی الخَیْرِ : اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔
الطِّیْمَاء : جبلت۔ طبیعت۔
طَانَ یَطِیْنُ طَیْنًا و طَیَّنَ الحَائِطَ : دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الکِتَابَ : خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَی الخَیْرِ : اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔
تَطَیَّنَ : گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔
الطِّیْن و الطِّیْنَۃ : گارا۔ مٹی اور چونا یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّیْنَۃ : گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَابِسُ الطِّیْنَۃِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے۔ "لَهٗ طِیْنَۃٌ طَیِّبَۃٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔
مَکَانٌ طَانٌ : بہت گارے کی جگہ۔
الطِّیَانَۃ : گارا بنانے کا پیشہ۔
الطَّیَّان : گارا بنانے والا۔
اَلطَّیُّوْن : ایک بدبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ایک کپڑے مار دوائی بھی تیار کی جاتی ہے۔

ظ: اَلظّـاءُ :سترواں حرف بنیادی حروف میں سے ۔یہ لثوی حروف میں سے ہے ۔یعنی حلق کا کوا اس کا مخرج ہے ۔

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا: نکاح کرنا ۔ظلم کرنا ۔شور کرنا......التَّیْسُ: بکری کا ممیانا ۔

ظَـاءَبَهُ مُظَاءَبَةً: سالی سے نکاح کرنا ۔کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے ۔

تَظَاءَبَا: ہم زلف ہونا ۔

الـظَّـأْبُ: مص ۔ہم زلف ۔ساڑھو ۔ج ظُؤُوب واَظْؤُب.

ظَأَرَ (ف) ظَـأْرًا وظِـئَارًا وانْظَأَرَ واظَّأَرَ وظِئَاءً ومُظَـاءَرَةً. النَّاقَةَ او المَرْأَةَ عَلَى وَلَـدِ غَيْرِهَـا : مہربان کرانا ۔فَـظَأَرَت واظَّأَرَت :مہربان ہونا ۔اورصفت "الظَّؤُوْرَ والظَّؤُوْرَةُ ج اَظْـآر وظُؤَار. ظَأَرَهُ اِلَى كَذَا: مہربان کرانا ۔اِظْـأَرَ عَلَى عَلُوِّهِ :حملہ کرنا ۔ظَـأَرَهُ وظَـاءَرَهُ واَظْأَرَهُ عَلَى كَذَا : مہربان کرنا ۔ظَاءَرَهُ عَلَى الْاَمْرِ : طلب کرنا یا مجبور کرنا ۔ظَـاءَرَ الرَّجُلُ : دایہ بنانا ۔ظَاءَرَتِ المَرْأَةُ: دایہ گری کرنا ۔

اِظَّـأَرَ لِوَلَدِهِ ظِئْرًا : لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا ۔

الظِّـئْرُ :غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی ۔غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْـؤُر واَظْآر وظُؤُوْر وظُؤُوْرَة وظُؤَار. ظِئْرُ القَصْرِ: ستون ۔

الظِّئْرَةُ: تھونی ۔کھمبا ۔

الظُّؤْرَةُ: دایہ ۔دائی پلائی ۔

ظَـاءَمَهُ مُظَاءَمَةً وتَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا : ہم زلف بننا ۔

الظَّأْمُ: ہم زلف ۔ساڑھو ۔

الـظُّبَةُ :تلوار وغیرہ کی دھار ۔ج ظُبَـات وظُبِيّ وظُبُوْن وظِبُوْن واَظْب.

اَظْبَى المكانُ :بہت ہرنیوں والی ہونا ۔

الـظَّبْيُ :ہرن نر یا مادہ ج ظِبَـاءٌ واَظْـبٍ وظُبِيٌّ وظَبَيَات.

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اس لئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی ۔دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَيْتَهُم فَـارْبِضْ لِي ذَاوِهِمْ ظَبْيًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو ۔مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو ۔

الظَّبْيَةُ :ہرنی ۔بکری ۔گائے ۔عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی ۔ج ظِبَـاء وظَبَيَات. الظَّبْيَةُ : داری کا موڑ ۔ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ ۔

اَرْضٌ مَظْبَاةٌ: بہت ہرن والی سرزمین ۔

ظَرَّ (ن) ظَرًّا: دھاردار پتھر توڑنا ۔النَّاقَةَ : اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا ۔

اَظَـرَّ : دھاردار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا ۔

...... الـمكانُ :بہت دھاردار پتھروں والا ہونا ۔

الظِّرُّ والظُّرَرُ والظُّرَرَةُ : پتھر ۔دھاردار پتھر ج ظُرَّان وظِرَّان وظِرَار واَظِرَّة.

الظِّرَّان : چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور پھل لے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے ۔"والطّوْر الظِّرّي والظِّرّاني" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ ۔

اَرْضٌ ظَـرِيرَةٌ ومَظَرَّةٌ :بہت چقماق والی سرزمین ۔الـظَّـرِيرُ :رہنمائی کا نشان ۔ج ظِرَارٌ واَظِرَّةٌ وظِرَّان.

المِظَرَّةُ: چقماق ۔ج مَظَارّ.

ظَرِبَ (س) ظَرَبًا. بِكَذَا: چپکنا ۔

الـظَّـرِبُ :ابھرا ہوا تیز پتھر ۔چھوٹا ٹیلہ ۔ج ظِرَاب واَظْرُب.

الظَّرِبُ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا ۔

الـظَّرِبَان والظَّرِبَاء :بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور ۔ج ظَرَابِي وظَـرَابِين: کہا جاتا ہے "فَـسَـا بَيْنَـهُم الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نااتفاقی ہوگئی ۔

الظِّرِبَى والظِّرْبَاء. ظِرْبَان: کا اسم جمع ۔

الاَظْـــرُب :نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللِّجَامِ :لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ ۔

ظَرُفَ (ک) ظَـرْفًـا وظَرَافَةً: خوش شکل ہونا ۔چالاک ہونا ۔ذہین ہونا ۔صفت ظَرِيف ۔ج ظُـرَفَـاء وظِرَاف وظُرُف

وظُرُوْف وظَرِيْفُوْن: مؤنث ظَرِيْفَة ج ظَرِيْفَات وظَرَائِف. ظَرُفَه ظَرِيْف: تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِيْ فَظَرَفْتُه"۔

اَظْرَف: ظریف اولاد پیدا ہونا...... المَتَاعَ: برتن بنانا۔

تَظَرَّف وتَظَارَف: ظریف بننا۔

اِسْتَظْرَف: ظریف طلب کرنا...... ہ: ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْف: دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْف جُوْدُ المُهْدٰى بِالظَّرْف" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام متکبر کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظَّرف: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْف الزَّمَان والمَكَان" اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيّ الظَّرف" یعنی وہ امین ہے "رَأَيْتُه بِظَرْفِه" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُّرَاف والظُّرَّاف: ظریف ج ظُرَفَاء وظُرَّافُوْن.

المَظْرُوْف: مظروف۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَّسَائِل مَظْرُوْفَة"۔

ظَرَىَ (ض) ظَرْيًا الماءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِىَ (س) ظَرًى. الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَى اِظْرِيْرَاءً: پیٹ پھولنا۔

الظَّارِى: قا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظِّرْوَرَى: زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وظَعَنًا وظُعُوْنًا مَظْعَنًا: کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِيَارِهِم" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ: کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ. الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِّعَان والظُّعُوْن والظِّعَام: ہودہ باندھنے کی رسی۔

الظَّعُوْن والظَّعُوْنَة: بار بردار اونٹ۔ ہودہ اٹھانے والا اونٹ ج ظُعُن.

الظَّعِيْنَة: ہودہ ج ظَعَائِن وظُعْن وظُعُن ج اَظْعَان وظُعُنَات: بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلق عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان. مِنَ الخَيل والنوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

ظَفَرَه (ض) ظَفْرًا: چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا واظَّفَرَ المَطْلُوْبَ وبِه وعَلَيْه: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَيْنُه: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَة اور شخص کی مَظْفُوْر۔

ظَفَّرَه: کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا ...... الثَّوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا ...... الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَه واَظْفَرَه بِعَدُوِّه: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَرَ فُلَانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظُّفْر والظُّفُر والظِّفْر: ناخن ج اَظْفَار ج اَظَافِيْر: کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الدَّار ظُفُر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "وَرَأَيْتُه بِظُفُرِه" یعنی میں نے اس کو دیکھ لیا "قَلَّم اَظْفَارَه عَنْ اَذَى النَّاس" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا۔ و "كَسَر اَظْفَارَه فِي فُلَان" یعنی غیبت کی۔ "ظُفْرُ القِطّ وظُفْرُ النَّسْر وظُفْرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُّفْر والظَّفَرة: ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظُّفْرة: ظافر کی جمع ہے۔

الظَّفِر والظَّفِيْر والظِّفِّيْر: ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَر: لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَار: ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَّوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَار: نجار کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر والمِظْفَار: ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلًا. يَفْعَلُ كَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ"۔

ظَلَّ ظَلَالَة. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا...... الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَه: سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَّوْط: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔

اَظَلَّ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ: سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔ اَظَلَّكَ الشَّهر: یعنی مہینہ آ گیا۔

تَظَلَّلَ. بِالشَّجَرَة: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِّلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا...... مِنَ الشَّيْءِ: سایہ لینا...... الكَرْمُ: انگور کی شاخ کا کٹ جانا...... العُيُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلّ: سایہ ج ظِلَال واَظْلَال وظُلُوْل: عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَّيْل: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی...... مِنَ القَيْظ: گرمی کی شدت...... مِنَ الثَّوْب: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَّبَاب او الشِّتَاء: جوانی یا جاڑے کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بَقِيَ عِنْدِيْ ظِلَّ النَّهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء و زوال شے کے زوال و بقاء پر موقوف ہے۔ "وَهُوَ فِيْ ظِلِّه" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "وَمَشَيْتُ عَلٰى ظِلِّيْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّيْ" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "كَانَ ذٰلِكَ اليَوم اَطْوَلَ مِنْ ظِلِّ القَنَاة" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ يُبَارِي

ظِلُّ زَامِيَة" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ ضَلاعِبُ ظِلِّه او خَاطِف ظِلِّه" ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَّلَلُ: درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَّلَّةُ: اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُّلَّةُ: تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل وظِلال۔

الظَّلِيْلُ والظِّلاَلُ والظِّلَّةُ والظِّلاَلَةُ: ہر سایہ دار۔ ظِلالُ البَحْرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَّلِيْلُ: سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَّلِيْلَةُ: مؤنث ظَلِيْل: زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّةُ والمَظَلَّةُ: جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظَال۔ عِيدُ المَظَالّ: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

يَوْمٌ مُظِلٌّ: سائے والا دن۔

ظَلْظَل: کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا۔ البَعِيرُ: اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظَالِعٌ۔ ظَلَعَتْ بِهِمُ الاَرْضُ: زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْعُ: عیب۔ کہا جاتا ہے "ارْبَعْ عَلٰى ظَلْعِكَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رک جاؤ۔ "لاَ يَرْبَعُ عَلٰى ظَلْعِكَ مَنْ لَيْسَ يَحْزُنُهُ اَمْرُكَ" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "ارْقَ عَلٰى ظَلْعِكَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "ارْقَأْ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کر دیا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لئے کہ بیڑی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَعُ: لنگڑا پن۔

الظَّالِعُ: خم۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) اور مؤنث کے لئے ظَالِعَة بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع۔

الظُّلاَّعُ: جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے ہو۔

ظَلَفَهُ (ن) ظَلْفًا: گھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔

ظَلِفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ القَوْمُ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ وظَالَفَ مُظَالَفَةً اَثَرَهُ: قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرْضُ: سخت ہونا...... مَعِيْشَةُ فُلاَنٍ: تکلیف دہ ہونا...... نَفْسُهُ: رک جانا۔

ظَلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا تا کہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَهُ عَنْ كَذَا: دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلٰى كَذَا: زیادہ کرنا۔

اَظْلَفَهُ: دور کرنا۔

اِظَّلَفَ وتَظَلَّفَ: سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِّلْفُ: پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوف واَظْلاَف: کہا جاتا ہے "جَاءُوا عَلٰى ظِلْفِهِ" یعنی اس کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْفُ: حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظِّلْفُ: باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ ظِلْفًا وظَلَفًا وظَلِيْفًا" یعنی اس کا خون بے کار گیا۔

الظَّلَفُ والظَّلِيفُ۔ پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ "رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفْسِ: اوصاف ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرْضٌ ظَلِفَةٌ وظَلِيْفَةٌ وظَلَفَةٌ: سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِيْفُ: بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلَّف۔

رَجُلٌ ظَلِيْفُ النَّفْسِ: اخلاق رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِظَلِفِهِ وبِظَلِيْفِهِ وبِظَلَفَتِهِ وبِظَلِيْفَتِهِ" یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفَاءُ: ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوْفَةُ: تیز پتھر والی زمین ج اَظَالِيْف۔

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا وظَلْمًا ومَظْلِمَةً: بے موقع رکھنا...... ظلم کرنا...... حَقَّهُ: گھٹانا...... الاَرْضَ: بے موقع کھودنا...... الطَّرِيْقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِيرَ: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلَمًا واَظْلَمَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظْلَمَ اللّٰهُ اللَّيْلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظْلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَهُ: ظلم کی طرف نسبت کرنا...... الحَاكِمُ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلاَنٌ اِلَى الحَاكِمِ مِنْ فُلاَنٍ فَظَلَّمَهُ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کر دی۔

تَظَلَّمَ مِنْهُ: ظلم کی شکایت کرنا۔ ...حَقَّهُ: گھٹا دینا۔ ...الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُهُ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القَوْمُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ وانْظَلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْمُ: برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوم۔

الظُّلْمُ: بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظِّلْمُ: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوم۔

لَيْلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَةُ والظُّلُمَةُ: تاریکی ج ظُلَم وظُلُمَات وظُلْمَات وظُلَمَات۔

الظُّلْم: قمری مہینے کی انیسویں راتیں۔

اکیسویں راتیں۔

الظُلامَة والمَظلِمَة: ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظالِم.

الظالِم: فا۔ ج ظالِمُون وظَلَمة وظُلّام.

الظَلام والظَلْماء: تاریکی۔ ابتدائی رات۔

لَیلَة ظَلْماء: بہت تاریک رات اور لَیل ظَلْماء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔

الظِلام: ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَی ظِلامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَلّام والظَلِیم والظَلُوم: بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَلِیم: مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمان وظُلْمان واَظْلِمَة.

الظَلامِیُّ: جو شخص ظلامیہ مذہب پر ہو۔

الظَلامِیَّة: وہ لوگ جن کا نظریہ ہے کہ عوام کو تعلیم و تعلّم دینا بے فائدہ ہے۔

الظَلِیمَة: جو تم سے ظلماً لی جائے۔

اَمْرٌ مِظلام: دشوار و مشکل کام۔

ظَمِیءَ (س) ظَمَأً وظَمْأً وظَمَاءً وظَمَاءَةً: سخت پیاسا ہونا۔۔۔۔۔ اِلَیہِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِیءٌ وظَامِیءٌ وظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِئَة وظَامِئَة وظَمْآی وظَمْآنَة. ج ظِماء: مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

ظَمّأَهُ واَظْمَأَهُ: پیاسا کرنا۔ دبلا کرنا۔

تَظَمَّأ: پیاس پر صبر کرنا۔

الظِمْءُ: پیاس۔ ج اَظْماء.

الظَمَأ والظَمَاء: پیاس۔

المِظْماء: سخت پیاس والا۔

المَظْمَأ: پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِیَ یَظْمِی ظَمًی: گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمَی: مؤنث ظَمْیاء ج ظُمْی. شَفَةٌ ظَمْیاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَیْنٌ ظَمْیاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْیاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاقٌ ظَمْیاء: کم گوشت والی پنڈلی۔

الظَمْیاءُ: سیاہ اونٹنی۔

المُظْمِیُّ: وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن) ظَنًّا: جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَیْدًا صَاحِبَکَ"۔

ظَنَّه واَظَنَّه واظَّنَّه بکلا: تہمت لگانا۔ اَظَنَّه الشَیْءَ: وہم میں ڈالنا۔

اَظَنَّ بِهِ النَاسَ: تہمت کے لئے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ وتَظَنَّی: گمان کرنا۔

الظَنُّ: گمان اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُون جج اَظَانِیْن (خلاف قیاس)

الظِنَّة: تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِیهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن وظَنَائِن.

الظَنانَة: تہمت۔

الظَنّان والظَنُون: بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُونٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بِئْرٌ ظَنُونٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَیْنٌ ظَنُونٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُونٌ: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔

الظَنِیْن: متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنّاء.

الاَظَنُّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔

نَفْسٌ ظَنّاء: نفس متہم۔

مَظِنَّةُ الشَیْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَظِنَّةُ الخَیْرِ وفِی المَسْأَلَةِ مَظِنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ.

الظُنْبُوب: قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنابِیب: کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظُنْبُوبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کردیا۔ "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوبَه وسَاقَه" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف) ظُهُورًا: ظاہر ہونا۔ ابھر آنا۔

ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِطَلِبَتِه: فخر کرنا۔۔۔۔۔ الشَیْءَ بِهِ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔۔۔۔۔ الثَوْبَ: ابرہ بنانا (۔۔۔۔۔ ظَهْرًا وظُهُورًا) البَیْتَ: مکان پر چڑھنا۔۔۔۔۔ عَلَیْهِ: اعانت کرنا۔۔۔۔۔ بِفُلانٍ وعَلَیْهِ: غالب ہونا۔۔۔۔۔ عَلَی السِرِّ: بھید پر مطلع ہونا۔۔۔۔۔ فُلانٌ بِحَاجَتِی: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَهُرَ (ن) ظَهَارَةً: مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَهِرَ (س) ظَهَرًا: پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ.

اَظْهَرَ الشَیْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا۔۔۔۔۔ الکِتَابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلَی عَدُوِّه: دشمن پر غالب کرانا۔۔۔۔۔ ہ عَلَی السِرِّ: بھید پر مطلع کرنا۔۔۔۔۔ بِهِ: مرتبہ بڑھانا (۔۔۔۔۔ وظَهَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔

ظَهَّرَ واَظْهَرَ حَاجَتِی: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔

ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً وظِهَارًا: مدد کرنا۔ بَیْنَ الثَوْبَیْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا۔۔۔۔۔ بِالشَیْءِ: ظاہر کرنا۔۔۔۔۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْهَرَ: احتیاط کرنا۔۔۔۔۔ الشَیْءَ: بچانے کے لئے پیٹھ پیچھے کرنا۔۔۔۔۔ بِهِ: مدد طلب کرنا۔۔۔۔۔ لَهُ: تیاری کرنا۔۔۔۔۔ عَلَیْهِ: چڑھنا غالب ہونا۔۔۔۔۔ القُرْآنَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَهْر: پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر وظُهُور وظُهْرَان. الظَهْر: باربرداری کا اونٹ۔ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا بھاگ۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَکُوْا فِی طَرِیقِ الظَهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ بَطْنٌ ظَهْرٌ: پانی یا ندی کہا جاتا ہے "قَرَأَہٗ عَلٰی ظَهْرِ قَلْبِهِ" و علی

ظَهْرِ لِسَانِهٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے اُس نے پڑھا"و اَضَاعَهٗ عَنْ ظَهْرِ يَدِهٖ" یعنی بغیر بدلے کے دیا۔"وَهُوَ نَازِلٌ بَيْنَ ظَهْرَيْهِمْ وَظَهْرَانَيْهِمْ وَبَيْنَ اَظْهُرِهِمْ" وہ ان کے درمیان نازل ہوا۔"رَاَيْتُهٗ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ اللَّيْلِ" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے درمیان دیکھا۔"قَلَبَ لَهٗ ظَهْرَ الْمِجَنِّ" یعنی وہ اس کے لئے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَّبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا۔"قَتَلَهٗ ظَهْرًا" اس نے اچانک مار ڈالا۔"هُوَ يَاْكُلُ عَلٰى ظَهْرِ يَدِيْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔"لَا تَجْعَلْ حَاجَتِيْ بِظَهْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِّهْرِيُّ: اُونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ج ظَهَارِيُّ.

الظُّهْرُ: دن کے آدھے ہونے کا وقت ج اَظْهَارٌ.

الظَّاهِرِيَّةُ: ان لوگوں کا مسلک جن کے نزدیک علم شریعت ظاہری نصوص ہی کے ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔ فرقہ ظاہریہ کے نام سے موسوم ہیں۔ محسوس واقعات۔

الظِّهْرَةُ: مدد۔ کہا جاتا ہے"جَعَلَ حَاجَتِيْ ظِهْرَةً" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

الْمُظْهَرُ: اسم ظاہر جو کہ ضمیر کا الٹ ہوتا ہے۔

الظِّهْرَةُ والظُّهْرَةُ: مددگار۔ الظَّهَرَةُ: گھوڑا۔

الظُّهْرَةُ: گھر کا سامان کہا جاتا ہے......

"جَاءَنَا بِظُهْرَتِهٖ وَبِظَهَرَتِهٖ وَبِظِهْرَتِهٖ" ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔

الظَّهِيْرُ: مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ والا۔

الظَّهِيْرَةُ: مؤنث ظَهِيْرٌ: دن کے آدھے ہونے کی حد۔ ج ظَهَائِرُ.

الظُّهَارُ: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔

الظِّهَارَةُ: کپڑے کا ابرا۔

الظَّاهِرُ: فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاهِرُ الْبَلَدِ: بیرون شہر۔ کہا جاتا ہے"قَرَاَهٗ ظَاهِرًا" یعنی حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاهِرَةُ: مؤنث ظاہر...... مِنَ الْعُيُوْنِ: ابھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَاتٌ وظَوَاهِرُ.

ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ: کنبہ۔ قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی الظَّوَاهِرُ: بلند زمینیں۔

الْمَظْهَرُ: جائے ظہور۔

الْمُظْهِرُ: فا۔ سواری والا۔

الْمُظَهَّرُ: قوی پیٹھ والا۔

الظَّوْرَةُ: بے وقوف۔

ظَلَفَهٗ و يَظْلُفُهٗ و يَظْلِفُهٗ ظَلْفًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

ظُوْفُ الرَّقَبَةِ وظَلَفُهَا: گردن کی کھال۔ کہا جاتا ہے"تَرَكْتُهٗ بِظُوْفِ رَقَبَتِهٖ اَوْ بِظَلَفِهَا" یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔

اَظْوَى: بے وقوف۔

الظِّيْبَةُ: سردار جب سڑنا شروع ہو۔

الظَّيَّانُ والظَّيَّانُ: شہد۔ الظَّيَّانُ: جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے چھول سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔

الْمَظْيَاةُ والْمَظْوَاةُ مِنَ الْاَرَاضِيْ: جنگلی چنبیلی والی زمین۔

ظَبَّاهُ تَظْبِيَةً: غمگین کرنا۔

الظَّبَاةُ: بے وقوف۔

مہملہ

ع : اَلْعَین : اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے۔

عَبَّ : (ن) عَبًّا : تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا۔ ...التَّیسُ : جانوروں کی طرح منہ لگا کر پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَّلْوُ : ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (...... عُبَابًا) البَحرُ : موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔

تَعَبَّبَ النَّبِیذَ : ڈگڈگا کے پینا۔

الاَعَبُّ : فقیر۔ سخت ناک والا۔

العَبُّ : مص۔ اولے۔ عَبُّ الشَّمْسِ : آفتاب کی روشنی۔

العُبُّ : آستین کا سرا۔ ج عُبَاب۔

العَبَب : اچھلنے والا پانی۔

العَبَاب : منہ لگا کر پانی پینا۔

العُبَاب : سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ البَحرِ : موج۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْ بِعُبَابِهِم" سب آئے۔ العُبِّیَّة والعِبِّیَّة : نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔

الیَعْبُوب : تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل ج یَعَابِیب۔

عَبَأَ : (ف) عَبْأً وعَبَّأَ تَعْبِئَةً وتَعْبِیئًا المَتَاعَ : سامان کرنا۔ ...... الجَیْشَ لِلْحَربِ : لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ إِلیٰ فُلَانٍ وَلَهُ : قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا أَعْبَأُ بِهِ" مجھے اس کی پرواہ نہیں۔

إِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهُ : سب کچھ لے لینا۔

العِبْءُ : بوجھ۔ بوری۔ گٹھری۔ ج أَعْبَاء (...... والعَبْ) : مثل نظیر۔ ج أَعْبَاء۔

العَبَاء : جبہ۔ ج أَعْبِئَة۔

العَبَاءَة : جبہ۔

المَعْبَأ : راستہ۔

المِعْبَأ : حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَتَ : (ن) عَبْتًا یَدَهُ : ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ : (ن) عَبْثًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا۔

عَبِثَ : (س) عَبَثًا : کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا ...... بِالدِّینِ : حقارت کرنا۔ صفت عَابِث وعَبِث۔

عَبِیثَة النَّاسِ : مختلف قسم کے لوگ۔

العَبَث : بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔

العَبِیث : ایک قسم کا پھول۔

العَبَوْثَرَان والعَبَیْثَرَان : ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً وعُبُودَةً وعُبُودِیَّةً ومَعْبَدًا ومَعْبَدَةً۔ اللّٰهَ : ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَکَ عَنِّی" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُودَةً وعُبُودِیَّةً : باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ : (س) عَبَدًا وعَبَدَةً عَلیٰ فُلَانٍ : غضبناک ہونا ...... مِنْهُ : ناک چڑھانا۔ ...... مِن قَوْلِهِ : انکار کرنا ...... عَلیٰ نَفْسِهِ : ملامت کرنا ...... الرَّجُلُ : نادم وپشیمان ہونا ...... هُ : لازم ہونا۔ جدا ہونا ...... عَلَی الشَّیْءِ : حریص ہونا۔ صفت عَابِد وعَبِد۔

عَبَّدَهُ : فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَّرِیقَ : راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پامال کرنا۔ ...... الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔ بھاگنا ...... البَعِیرَ : قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ یَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَ أَنْ فَعَلَ کَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

أَعْبَدَهُ الغُلَامَ : غلام کا مالک بنانا۔ أَعْبَدَ الغُلَامَ : غلام بنانا ...... القَوْمُ : جمع ہونا۔

تَعَبَّدَ : عبادت کے لئے علیحدہ ہونا ...... هُ : اطاعت کے لئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ القَوْمُ : متفرق ہونا۔

إِسْتَعْبَدَهُ واعْتَبَدَهُ : غلام بنانا۔

العَبْد : آدمی۔ غلام۔ ج عَبِید وعِبَاد وعَبَدَة وعُبُدُون وأَعْبُد وعُبْدَان وعِبْدَان وعِبِدَّان وأَعَابِد ومَعْبَدَة وعِبِدَّاء وعِبِدَّی وعُبُد وعُبَد ومَعْبُودَاء۔ جج أَعَابِد ومَعَابِد وأَعْبِدَة عَبْدَلِیّ وعَبْدَلِیّ : خاندانی غلام۔

العُبُودِیَّة والعُبُودَة والعُبُودِیَّة والعَبْدِیَّة : فرمانبرداری۔ غلامی۔ خرابیہم عُبُودِیَّة : ہمانہ بدائم۔

العِبَاد : عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لئے عِبَادِیّ۔

العَبَادِید والعَبَابِید : لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دور کے راستے۔ (الخ)

کا واحد نہیں)

العَابِد: فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة۔ عُبَّاد۔ عَابِدُوْنَ: مؤنث عَابِدَة ج عَابِدَات وعَوَابِد۔

العَبَدَة: قوت۔ بقاء۔ موٹاپا۔ زندگانی۔ خوشبو پیسنے کا پتھر۔ خودداری۔

المَعْبَد: عبادت گاہ۔ ج مَعَابِد۔

المُتَعَبَّد: عبادت گاہ۔

المِعْبَد: کسی۔ پھاوڑا۔ ج مَعَابِد۔

المُعَبَّد: منفع۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اونٹ بَعِيْرٌ مُعَبَّدٌ: اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة۔ المُعَبَّدَة: تارکول ملی ہوئی کشتی۔

عَبَرَ: (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا ...... العَيْنَ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا ...... الكِتَابَ: چپکے چپکے غور کرنا ...... الدَّرَاهِمَ: کیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا ...... عَبْرًا وعُبُوْرًا) السَّبِيْلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا ...... النَّهْرَ والوَادِيَ: پار کرنا عَبَرَ بِهِ المَاءَ: گزر جانا (...... عَبْرًا وعِبَارَةً) الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا۔

عَبِرَ: (س) عَبَرًا: آنسو بہانا۔ صفت مذکر و مؤنث عَابِر: عبرت حاصل کرنا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيَا ولَا يَعْبُرُهَا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضا مندی حاصل کئے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ: الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا ...... عَمَّا فِي نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کرنا ...... عَنْ كَذَا: بولنا ...... عَبْرَةً بِالمَاءِ: پار کرانا ...... الدَّرَاهِمَ: دراہم کی کیت و کیفیت دیکھنا ...... بِهِ: ہلاک کرنا۔ بِهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔

اِعْتَبَرَ الشَّيْءَ: آزمانا۔ غور کرنا ...... مِنْهُ: تعجب کرنا ...... بِهِ: نصیحت حاصل کرنا۔ الرَّجُلَ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ غمگین ہونا ...... الدَّرَاهِمَ: کیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْيَا أَوِ الدَّرَاهِمَ: تعبیر بیان کرانا۔ دراہم کی کیف و کیت پوچھنا ...... العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العَابِر: فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عَابِرُوْنَ وعُبَّار وعَبَرَة: مؤنث عَابِرَة۔ کہا جاتا ہے "أَدْخُلْ عَابِرَ سَبِيْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّار: مبالغہ عَابِر: خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْر والعِبْر مِنَ الوَادِي: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر وعِبَر: بہت آدمیوں والی مجلس۔

بَنَاتُ عَبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ أَبُوْ بَنَاتِ عَبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْر: ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (والعَبَر): آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبْرُ والعِبْرُ والعُبْرُ: قوی۔ مضبوط (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمَالٌ عُبْرُ أَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْرَة: عبر کا اسم مرة۔ آنسو ج عَبَر وعَبَرَات: غم۔

العِبْرَة: نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

العِبَارَةُ العَبْرِيَّةُ: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ الجبراء کیا جا سکے۔

العِبَارَة: اسم ہے عَبَّرَ کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ كَذَا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

العَابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل: درواراور قمری۔ (سریانی لفظ)

العَبِر: مؤنث عَبِرَة۔ العَبْرَان: مؤنث عَبْرَى ج عَبَارَى: آنسو بہانے والا۔ غمگین۔

العِبْرِيُّ والعِبْرَانِيُّ: یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرَانِيَّة: یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔

العَبِيْر: ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَهْمٌ عَبِيْرٌ: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِيْرٌ: بہت لوگ۔

المَعْبَر: گزرگاہ گھاٹ۔

المِعْبَر والمِعْبَرَة: دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔

المُعْبَر: بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلَامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔

العَبْعَرَب: سماق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے۔

العَبُوْر: بکری کا بچہ۔ ج عَبَائِر: غیر مختون ج عُبُر۔ العَوْبَر: چیتے کا بچہ۔ تیندوے کا بچہ۔

عَبَسَ: (ض) عَبْسًا وعُبُوْسًا: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ جس میں بچپن ہوتا (وعَبَّسَ) الوَجْهَ: ترش رو۔ عَبَسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔

عَبِسَ: (س) عَبَسًا البَعِيْرُ: اونٹ کی دم کی مینگنی کا خشک ہونا ...... الوَسَخُ فِي يَدِهِ وعَلَيْهَا: میل خشک ہونا۔

أَعْبَسَ الرَّجُلُ: میلا ہونا ...... الإِبِلُ: دم پر خشک مینگنی والا ہونا ...... الثَّوْبُ: میل خشک ہونا۔

تَعَبَّسَ: ترش رو ہونا۔

العَبَس: عبس۔ اونٹ کی دم پر خشک مینگنی۔

العَبُوْس والعَبَّاس: بہت ترش رو۔ شیر۔ يَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔

عَبَشَ: (ن) عَبْشًا الشَّيْءَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔

العَبْش: درست۔ صلاح ...... والعَبْش

و الغَبْشَة: عیادت۔ کند ذہنی۔
الغَبْشَة و الغَبَشَة: غفلت۔
غبط: (ض) غبطا۔ الذبیحة: موٹے تازے کو ذبح کرنا۔۔۔ الضرع: تھن کو خون آلود کر دینا۔۔۔ التراب: مٹی اڑانا۔۔۔ الرجل: غیبت کرنا۔۔۔ الدواهي فلانا: بلا کسی سبب کے مصیبت پہنچنا۔۔۔ الكذب: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا۔۔۔ عرضه: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ غبطت الريح وجه الأرض: سطح زمین کا صاف کر دینا۔۔۔ الشیء: پھٹ جانا۔
اغبطه الموت: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔
اغتبط۔ الذبیحة: موٹا تازہ ذبح کرنا۔۔۔ ہ الموت: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔۔۔ الرجل: ظلماً قتل کرنا۔۔۔ العرض: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔۔۔ الرجل: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔
الغبط: سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مات غبطة: یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا۔
الغبيط: تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور۔ ج غبط و غباط۔ أديم غبيط: پھٹا ہوا چمڑا۔ دم غبيط: تازہ خون۔
الاغتباط: مصدر اغتبط۔ الحذف الاغتباطي عند النحاة: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو۔
الغويط: مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ ج غوابط۔
غبغب۔ الجیش: لشکر کا شکست کھانا۔
تغبغب۔ الشیء: پورے کو ہلاک و برباد کر دینا۔
الغبغب: کشادہ کپڑا۔ اونٹ کے بالوں کا نرم کمبل۔ (۔۔۔ و الغبغاب): بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔
غبق: (س) غبقا و غباقة و غباقية الطيب به: خوشبو لگانا۔۔۔ المكان بالطيب: جگہ کا خوشبو سے بھڑک اٹھنا۔۔۔ فلان بالشیء: حریص ہونا۔۔۔ بالمكان: اقامت کرنا۔
غبق (الحة الطيب): خوشبو پھیلانا۔
الغبقة: گھی وغیرہ کا بقیہ۔
الغبق: خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رجل غبق لبق" یعنی ظریف مرد۔
الغباقية: مس۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔
غبقر غبقرة السراب: سراب کا چمکنا۔
غبقر: نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔
الغبقري: غبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔ ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث غبقرية (۔۔۔ والعباقري): ایک قسم کا نفیس فرش۔
غبك: (ن) غبكا۔ الشیء بالشیء: ملانا۔
الغبكة: ٹکڑا۔ مٹک کی میل۔ رسی کی گانٹھ کہتے ہیں "يهلي الحبل وتبقى الغبكة" یعنی رسی جل جائے اور بل نہ جائے۔
غبل: (ض) غبلا۔ الشجرة: درخت سے پتے گرانا۔۔۔ الحبل: رسی بٹنا۔۔۔ الشیء: کاٹنا۔ روک کرنا۔ روکنا۔۔۔ بہ: لے جانا۔۔۔ الشجر: پتے نکلنا۔
غبل: (س) غبلا و غبل: (ک) غبولا و غبالة: موٹا ہونا۔ صفت غبل و غبل ج عبابل و غبال ج غبل: مؤنث غبلة ج غبلات و غبال۔
اغبل: موٹا ہونا۔ سفید ہونا۔۔۔ الشجر: درخت کا گھنی ہوئی پتیوں والا ہونا۔
الغبل: گھنی ہوئی چیاں۔ گرے ہوئے پتے۔ ج اغبال۔
الغبيل: موٹا۔ مؤنث غبيلة۔
الاغبل: سخت قسم کا پتھر جو سفید سرخ اور کالا ہوتا ہے ج غبل۔
الغبل العباقة: جنگلی گھاس۔
الغبلاة: چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان۔ ج غبال۔
الغبقلة: تیر کا لمبا چوڑا پھل ج مغابل۔
الغبول: موت۔
غبم: (ک) غبامة و غباما: بے وقوف ہونا۔
ماء غبام: بہت پانی۔
الغيلم: سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج غبم۔
الغباماء: بے وقوف۔
غبن: (ن) غبنا: موٹا اور گمراہ ہونا۔ صفت غبن و غبنی: مؤنث غبنة ج غبنات۔
الغبهر: نرگس۔ جنگلی (۔۔۔ والغباهر): بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔
غبهلة: عتاب کرنا۔ غبهل الإبل: اونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔
الغبالحل من الإبل: آزاد چھوڑے ہوئے اونٹ۔
الغباهلة: یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے تھے۔ واحد غبهل۔
غبا۔ يغبو غبوا: چہرے کا تاؤ نک اٹھنا۔۔۔ المتاع: تیار کرنا۔
جارية غابية: خوبصورت لڑکی۔
غبی تغبية۔ الجيش: لشکر کو ترتیب دینا۔
تغبی: تیار ہونا۔
الغبی: حصہ۔ کہا جاتا ہے "هذا غبيك من الجزور" ذبح کئے ہوئے (اونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔
رجل غباة و غبا: بھاری جسم والا اکھڑ۔
الغباية: چند۔ ج غبايات و غبی۔
غته: (ن) غتا بالمسألة: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔۔۔ ہ بالكلام: جھڑکی دینا۔
غتا: جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔
تغتت في كلامه: بار بار کلام کو دہرانا۔
الغتت: کلام وغیرہ میں سختی۔

عَتَبَ (ن ض) عَتْبًا وعِتَابًا ومَعْتَبًا ومَعْتَبَةً ومَعْتِبَةً عَلَيْهِ: کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

(..... عَتْبًا وعِتَابًا وعَتَبَانًا) فلانًا: ملامت کرنا(..... عَتْبًا وعَتَبَانًا ومَعْتَبًا): ایک پاؤں پر کودنا(..... البَعِيرُ): تین ٹانگوں پر چلنا(..... عَتَبَانًا) البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا ..... مِنْ مَكَانٍ إِلَى مَكَانٍ ومِنْ قَوْلٍ إِلَى قَوْلٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔

عَتَّبَ الرَّجُلُ: دیر کرنا ..... البَابَ: دروازے کی دلیز بنانا۔ عَاتَبَهُ عِتَابًا ومُعَاتَبَةً عَلَى كَذَا: ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔

أَعْتَبَهُ: سبب ناراضی وملامت کو دور کرنا۔ رضامند کرنا۔ أَعْتَبَ عَنْهُ: پھر جانا۔

تَعَتَّبَ القَوْمُ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَتَعَتَّبُ بِشَيْءٍ وَلَا يُتَعَتَّبُ عَلَيْهِ فِي شَيْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلَانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔

تَعَاتَبَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

اِعْتَتَبَ: میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِيقَ: آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا۔ ... مِنْهُ وعَنْهُ: پھر جانا۔

اِسْتَعْتَبَهُ: رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْتَبْتُهُ فَأَعْتَبَنِي" اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ المَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔

العَتَبُ: لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهِ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔

العَتَّابُ: بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَبُ: انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان۔ فساد۔

العَتَبُ والعَتَبَةُ: مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔

العَتَبَةُ: چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ وعَتَبَاتٌ. عَتَبَاتُ المَوْتِ: موت کی سختیاں۔

العُتْبَةُ: وادی کا موڑ۔

العُتْبَى: رضامندی۔

الأُعْتُوبَةُ: باعث عتاب۔ ج أَعَاتِيبُ.

العُتُوبُ: جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔

المَعْتَبَةُ والمَعْتِبَةُ: مص۔ عتاب۔ غضب۔

المَعْتُوبُ: مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔

أُمُّ عِتْبَانَ أُمُّ عَتَّابٍ: بجو۔

عَتُدَ: (ک) عَتَادًا وعَتَادَةً الشَّيْءُ: تیار ہونا آمادہ ہونا۔

عَتَّدَ وأَعْتَدَ الشَّيْءَ: تیار کرنا۔

تَعَتَّدَ فِي صَنْعَتِهِ: غور سے کرنا۔

العَتَادُ: سامان جو کسی مقصد کے لئے تیار کیا جائے۔ سامان جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج أَعْتِدَةٌ وعُتُدٌ وأَعْتِدٌ.

العَتَدُ والعَتِدُ مِنَ الخَيْلِ: دوڑنے کے لئے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تام الخلقة: (مذکر و مؤنث)

العُتْدَةُ: سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلْأَمْرِ عُتْدَتَهُ" کام کے لئے اس کا سامان لو۔ ج عُتَدٌ.

العَتُودُ: ایک سالہ بکری کا بچہ ج أَعْتِدَةٌ وعِتْدَانٌ.

العَتِيدُ: تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا۔

العَتِيدَةُ: مؤنث عتيد: سنگھاردان۔

عَتَرَ (ض) عَتْرًا الشَّيْءُ: مضبوط ہونا (..... عِتَارًا) العَتِيرَةَ: ذبح کرنا(..... عَتْرًا وعَتَرَانًا) الرُّمْحُ: حرکت کرنا۔

العِتْرُ: اصل اور اسی سے مثل ہے "عَادَتْ إِلَى عِتْرِهَا لَمِيسُ" یعنی لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی یہ مثال اس کے لئے بولی جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت پھر اختیار کر لے۔ العِتْرُ: ہر وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ بکواس(..... والعَتِيرَةُ): بکری جس کو جاہلیت کے زمانہ میں رجب کے مہینے میں بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔ ج عَتَائِرُ.

العِتْرَةُ: کنبہ۔ اولاد۔ مشک خالص کا ٹکڑا۔ خوشگوار تھوک۔ مرزنجوش۔ دانتوں کی تیزی و صفائی۔

العَتَّارُ: خوبصورت مرد۔

العَتَّارُ: بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی مقام۔

المُعْتَرُ مِنَ الرِّجَالِ: موٹا اور عوام کے نزدیک بمعنی شریر۔

عَتْرَسَهُ: سخت بھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔ عَتْرَسَهُ مَالَهُ: مال غصب کر لینا۔

العِتْرِيسُ والعَتَرَّسُ: سخت بھینچنے والا۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹے موٹے جوڑوں والا شیر۔ مرغ۔

العِتْوَرِيسُ: سخت سرکش۔ غضبناک۔ بلا مصیبت۔

العَتَرِيسُ: موٹی مضبوط اونٹنی۔ العَتْرَسَانُ: مرغ۔

عَتْرَفَ لَهُ: سخت ہونا۔

تَعَتْرَفَ: بزرگی ظاہر کرنا۔

العِتْرِيفُ والعُتْرُوفُ: خبیث۔ بدکار۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَتَارِيفُ.

العُتْرُفَانُ: مرغ۔

عَتَفَ: (ض) عَتْفًا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

العِتْفُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔

عَتَقَ: (ض) عَتْقًا وعِتْقًا وعَتَاقًا وعَتَاقَةً العَبْدُ: آزاد ہونا۔ صفت عَتِيقٌ وعَاتِقٌ.

عَتَقَ: (ن) عُتُقًا وعِتْقًا وعُتُقٌ: (ک) عَتَاقَةً: پرانا ہونا ..... الشَّيْءُ: درست ہونا .....

الخَمْرُ: شراب پرانی اور عمدہ ہونا۔ صفت عَاتِقٌ وعَتِيقٌ وعُتَاقٌ. ... اليَمِينُ عَلَيْهِ: قسم

واجب ہونا۔

أَعْتَقَ الْعَبْدَ: غلام آزاد کرنا...... الْفَرَسَ: تیز دوڑانا ...... مَالَهُ: درست کرنا۔

عَتَّقَ. الْخَمْرَ: پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کو پرانا کرنا ...... فُلَانًا بِفِيهِ: منہ سے کاٹ کھانا۔

الْعِتْقُ: مص۔ اصل کا خالص ہونا۔ جمال۔ شرافت۔ نجات۔ آزادی۔ کہنگی۔

الْعُتْقُ: کہنگی۔ آزادی۔ عاتق بمعنی کندھا کی جمع۔

الْعُتُقُ: ایسا درخت جس کی لکڑی اعلیٰ معیار کے اوزار بنانے کے کام آتی ہے۔

الْعَاتِقُ: فا۔ کندھا۔ ج عَوَاتِقُ و عُتُقٌ: کشادہ و مشک۔ عمدہ شراب۔ پرانی شراب۔ دوشیزہ۔ ج عُتَّقٌ. عَاتِقُ الثُّرَيَّا: نام ستارہ (والعاتقه): پرانی سرخ کمان۔

الْعُتَاقُ: پرانی عمدہ شراب۔

الْعَتِيقُ: پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم۔ عمدہ ج عُتَقَاءُ و عُتُقٌ. فَرَسٌ عَتِيقٌ: خوش منظر گھوڑا۔ ج عِتَاقٌ. الْبَيْتُ الْعَتِيقُ: خانہ کعبہ۔ اَمَةٌ عَتِيقٌ: آزاد کردہ لونڈی۔

الْمُعَتَّقَةُ: پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔

عَتَكَ: (ض) عَتْكًا و عُتُوكًا: لڑائی میں حملہ کرنا ...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا دانت کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ عَتَكَ الْبَلَدَ: شہر پر ظلم کرنا ...... عَلَى الْأَمْرِ: کسی کام پر اقدام کرنا ...... إِلَى الْمَكَانِ: مائل ہونا ...... عَلَيْهِ بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ: بھلائی یا برائی سے پیش آنا ...... اللَّبَنُ: دودھ کا کھٹا ہونا ...... الْقَوْسُ: کمان پرانی ہونے سے سرخ ہونا۔ صفت عَاتِكٌ ج عَوَاتِكُ.

الْعَاتِكُ: فا۔ شریف۔ خالص۔ النَّبِيذُ الْعَاتِكُ: صاف شراب۔ الْخَمْرُ عَاتِكٌ: تیز سرخ۔

الْعَتْكُ: مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى عَلَيْهِ عَتْكٌ" یعنی ایک زمانہ گزر گیا۔

الْعَتِيكُ: پرانے ہونے سے سرخ ...... بن الْأَيَّامِ: سخت گرمی والا۔

عَتَلَهُ: (ن ض) عَتْلًا: سختی سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "عَتَلَهُ إِلَى السِّجْنِ" قید خانے کی طرف سختی سے کھینچا ...... الشَّيْءَ: اٹھانا۔

عَتِلَ: (س) عَتَلًا إِلَى الشَّرِّ: برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت عَتِلٌ.

اِنْعَتَلَ: کھنچ جانا ...... وَتَعَتَّلَ: جگہ سے نہ ہلنا۔

الْعَتَلَةُ: بڑا ڈھیلا۔ کدال۔ بڑی لاٹھی۔ ج عَتَلٌ.

الْعُتُلُّ: بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت عادت والا۔ سخت۔

الْعَتَّالُ: بار بردار۔ قلی۔ پیشے کا نام۔ الْعِتَالَةُ.

الْعَتِيلُ: مزدور۔ خادم۔ ج عُتُلٌ و عُتَلَاءُ.

دَاءٌ عَتِيلٌ: سخت مرض۔

الْمِعْتَلُ: کھینچنے میں قوی و مضبوط۔

عَتَمَ: (ض) عَتْمًا. اللَّيْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا ...... عَنِ الْأَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَى الضَّيْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔

عَتَّمَ عَنِ الْأَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا ...... قِرَاهُ: مہمانی کے کھانے میں تاخیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَتَّمَ أَنْ وَقَفَ بِنَا" یعنی دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَيْهِمْ فَمَا عَتَّمَ" یعنی ان پر حملہ کیا تو منہ نہیں پھیرا ...... الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا انسان کے سر کے قریب پر پھڑپھڑانا۔

أَعْتَمَ قِرَى الضَّيْفِ: مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی) ...... حَاجَتَهُ: مؤخر کرنا ...... حَاجَتُهُ: مؤخر ہونا ...... اللَّيْلُ: رات کا ایک حصہ گزرنا ...... الرَّجُلُ: تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا ...... عَنِ الْأَمْرِ: کام کرتے کرتے رک جانا۔

عَتَمَتْ: (ن ض) عَتْمًا وَاعْتَمَتْ وَتَعَتَّمَتْ وَاسْتَعْتَمَتِ النَّاقَةُ: عشاء کے وقت دوہا جانا۔ صفت عَاتِمَةٌ. ج عَاتِمَات وعَوَاتِم وَاسْتَعْتَمَ الرَّجُلُ: دیر کرانا ...... النَّعَمُ: چوپایوں کے دودھ دینے میں دیر کرنا۔

الْعُتْمُ و الْعُتُمُ: جنگلی زیتون کا درخت۔ واحد عُتْمَةٌ و عُتُمَةٌ.

الْعَتَمَةُ: رات کی پہلی تہائی۔ رات کی تاریکی۔ دیر کرنا۔

الْعَاتِمُ: فا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَنَا ضَيْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس مہمان دیر میں شام کے وقت آیا۔ مؤنث عَاتِمَةٌ.

النُّجُومُ الْعَاتِمَاتُ: ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔

الْعَتُوْمُ: اونٹنی عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔ الْمِعْتَوْمَةُ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

الْمِعْتَامُ: دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَامُ الْقِرَى: دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

عَتَنَهُ: (ض ن) عَتْنًا إِلَى السِّجْنِ: قید خانے کی طرف زور سے دھکیلنا۔

أَعْتَنَ عَلَى غَرِيمِهِ: قرض دار سے سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔

الْعَاتِنُ و الْعَتُوْنُ: قوی ج عُتُنٌ.

الْعَتِنُ مِنَ الرِّجَالِ: سخت حملہ کرنے والا۔

عَتِهَ: (س) وعُتِهَ عَتَهًا وعُتْهًا وعَتَاهًا وعَتَاهَةً وعَتَاهِيَةً: کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوهٌ و عَتِهٌ و عَتَاهِيَةٌ. فِي الْعِلْمِ: حریص ہونا۔ عُتِهَ فُلَانٌ فِي فُلَانٍ: تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِيهٌ ج عُتَهَاءُ.

تَعَتَّهَ: جاہل بننا۔ پاگل بننا ...... عَنْهُ: تغافل برتنا۔

الْعَتَاهِيَةُ و الْعَتَاهَةُ: مص۔ جنون اور دہشت سے پاگل لوگ۔ التَّعَتُّهُ: گمراہی۔ سفاہت و توانی۔

عَتَا يَعْتُو عُتُوًّا و عُتِيًّا و عِتِيًّا: تکبر کرنا۔ حد سے گزرنا۔ صفت عَاتٍ ج عُتَاةٌ و عُتِيٌّ ...... عَنِ الْأَدَبِ: ادب قبول نہ کرنا۔

الدُّخان: مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔
تَعَجَّجَ: دھوئیں سے بھر جانا۔
العُجَّة: ایک قسم کا کھانا جو انڈا' آٹا اور گھی یا تیل سے تیار کیا جاتا ہے۔ خاگینہ۔
العَجاج: غبار۔ دھواں۔ بے وقوف۔ اونی لوگ۔ واحد العَجاجة.
العَجاجة: غبار۔ بہت اونٹ۔ کہا جاتا ہے "لَبَدَ عَجاجَتَهُ" یعنی جس کام میں تھا اس سے رک گیا "لَفَّ عَجاجَتَهُ عَلَيْهِمْ" یعنی غارت ڈالا۔
العَجّاج: چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار کو اُڑانے والا۔ يَوْمٌ عَجّاج: گرد و غبار کا دن۔
رِيحٌ مِعْجاج: غبار اڑانے والی ہوا۔
عَجِبَ (س) عَجَبًا مِنَ الأَمْرِ وَلَهُ: تعجب کرنا۔ ...... إِلَيْهِ: پسند کرنا۔
أَعْجَبَهُ وعَجَّبَهُ: تعجب میں ڈالنا۔ أُعْجِبَ بالشَّيْءِ: خوش ہونا اور تعجب کرنا ...... أُعْجِبَ بِنَفْسِهِ: غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَعْجَبَهُ بِرَأْيِهِ" وہ اپنی رائے پر مغرور (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے۔)
تَعَجَّبَ واسْتَعْجَبَ مِنْهُ: تعجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعَجَّبَنِي فُلانٌ" یعنی فلاں نے مجھ کو فریفتہ کر لیا اور فتنہ میں ڈال دیا۔
العَجْب: ہر شے کا پچھلا حصہ۔ دم کی جڑ۔ ج عُجُوب.
العُجْب: فخر۔ غرور۔ خود بینی۔ پیش آمدہ چیز کا انکار۔
العَجَب: حیرانی۔ تعجب ...... مِنَ اللّٰهِ: رضامندی ج أَعْجاب.
العُجاب والعُجّاب والعَجِيب: جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجّاب: تعجب کی حد سے متجاوز۔ مبالغہ کے لئے عَجَبٌ عُجابٌ اور عَجَبٌ عَجِيبٌ کہا جاتا ہے۔
العَجِيبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج عَجائِب.
الأُعْجُوبَة: جس پر تعجب کیا جائے۔ ج أَعاجِيب.
المُعْجِبَة: عورت جس کی خوبصورتی یا بدصورتی پر تعجب کیا جائے ...... مِنَ النِّياق: موٹی اونٹنی۔
رَجُلٌ تِعْجابَة: صاحب عجائبات۔
التَّعاجِيب: عجائبات۔ اس کا واحد نہیں۔
العَجْدَة: کوا۔ ج عَجَد.
العَجَد والعُجَد: دانہ۔ انگور۔ دانہ خشک انگور۔
عَجَرَ: (ن) عَجْرًا. عُنُقَهُ: گردن موڑنا ...... بِالسَّيْفِ: تلوار سے حملہ کرنا ...... القاضِيَ عَلَيْهِ: قاضی کا تصرف سے روک دینا ...... بِالعَصا: لاٹھی مارنے سے بدھی پڑنا ...... الشَّيْءَ: پھاڑنا (عَجَرًا وعَجَرانًا وعاجَرَ: خوف سے جلدی گزرنا۔
عَجِرَ: (س) عَجَرًا: موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت أَعْجَر ...... الفَرَسُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ بَطْنُهُ: موٹاپے کی وجہ سے پیٹ میں سلوٹ پڑنا۔
اِعْتَجَرَ: عمامہ لپیٹنا۔ اِعْتَجَرَتِ المَرْأَةُ: اوڑھنی ڈالنا۔
العَجَر: اُبھار۔ مقدار جسم۔
العُجْرَة: گرہ (دھاگے یا لاٹھی یا بدن کی رگوں کی) کہا جاتا ہے "ذَكَرَ عُجَرَهُ وبُجَرَهُ" یعنی اس کے عیوب بیان کر دیئے یا اس کی ظاہر و پوشیدہ سب باتیں بیان کر دیں۔
العَجُّور: خربوزہ کی ایک قسم۔
الأَعْجَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا کپڑا۔ مؤنث عَجْراء ج عُجْر. العَجْراء: گرہ دار لاٹھی۔
العَجّار: گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑا کھانے والا۔
المُعاجِر: گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
العُجْرُور: ہوا کی وجہ سے ریت میں دھاری ج عَجاجِير.
المِعْجَر: عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ اوڑھنی۔ پگڑی۔
المُعْتَجِر: عمامہ بندھا ہوا۔
عَجْرَدَهُ: ننگا کرنا۔
تَعَجْرَدَ: ننگا ہونا۔ صفت مُتَعَجْرِد.
العَجْرَد: ہلکا پھلکا تیز۔ سخت۔ عضو تناسل۔
العُجارِد: عضو تناسل۔
العُجْرُد: دلاور۔ ننگا۔
العَنْجَرِد: بدزبان عورت۔
تَعَجْرَفَ: تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
العَجْرَفَة: تکبر۔ کلام میں اکھڑپن۔ کہا جاتا ہے "فِي الجَمَلِ عَجْرَفَةٌ وعَجْرَفِيَّةٌ فِي المَشْيِ" یعنی اونٹ چلنے میں لاپرواہ ہے۔
عَجارِفُ الدَّهْرِ وعَجارِيفُهُ: حوادث۔ سختیاں۔ عَجارِفُ المَطَرِ وعَجارِيفُهُ: بارش کی شدت۔
عَجْرَمَ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا۔
العَجْرَم والعُجْرُم والعُجارِم: سخت آدمی۔
العَجْرَمُ: چھوٹے کانٹوں والا چھوٹے پتوں والا انڈوں کی طرح سیاہ چھوٹے پھلوں والا درخت۔
العَجْرَمَة: اونٹوں کا گلہ سو (۱۰۰) کا یا دو سو (۲۰۰) کا یا پچاس سے سو (۱۰۰) تک کا۔
عَجَزَتْ وعَجُزَتْ: (ن ک) عُجُوزًا. المَرْأَةُ: عورت کا بڑھیا ہونا۔
عَجَزَ: (ض) وعَجِزَ: (س) عَجْزًا وعُجُوزًا وعَجَزانًا ومَعْجَزًا ومَعْجِزًا ومَعْجِزَةً ومَعْجَزَةً عَنْ كَذا: قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَجَزَ فُلانٌ عَنِ العَمَلِ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ طاقت نہیں رکھتا۔ صفت عاجِز. ج عَواجِز وعُجَّز.
عَجَّزَهُ: عاجز کرنا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔ روک دینا ...... المَرْأَةُ: عورت کا بڑھیا ہونا۔

أَعْجَزَهُ: عاجز کر دینا۔ عاجز پانا۔ أَعْجَزَهُ الشَّيْءُ: چیز کا قبضہ سے نکل جانا۔ أَعْجَزَ فِي الْكَلَامِ: اپنے مقصود کو بہترین اسلوب سے ادا کرنا۔

عَاجَزَهُ مُعَاجَزَةً: مسابقت کرنا۔ عَاجَزَ الرَّجُلُ: عاجز ہونا۔

تَعَجَّزَ: عجز کا دعویٰ کرنا...... الْبَعِيرَ: اونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔

اِسْتَعْجَزَهُ: عاجز پانا۔

الْعَجُزُ: گوار (والْعُجْزُ والْعِجْزُ والْعَجْزُ والْعَجِزُ): پچھلا حصہ۔ سرین۔ عَجُزُ بَيْتِ الشِّعْرِ: مصرعہ ثانی ج أَعْجَاز۔ بِنَاتُ الْعَجُزِ: تیریں۔ أَعْجَازُ النَّخْلِ: درخت خرما کی جڑیں۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ أَعْجَازَ الْإِبِلِ" یعنی ذلت اور مشقت میں مبتلا ہونا۔

رَجُلٌ عَجُزٌ وعَجِزٌ: عاجز۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عُجْزَةُ أَبِيهِ وعِجْزَتُهُ" یعنی وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد جمع سب کے لئے) "وَلَدُ عِجْزَةٍ" والدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔

الْعِجَازُ والْعِجَازَةُ: چمڑا جس سے تلوار کے دستے کو باندھیں۔

الْعِجَازَةُ الإِعْجَازَةُ: گدی جس کو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں تاکہ بڑے معلوم ہوں۔

الْعَجُوزُ: بڑھیا۔ ج عُجُز وعَجَائِز.

الْعَجُوزُ: شراب۔ مصیبت۔ کشتی۔ راستہ۔ ہانڈی۔ کمان۔ آگ۔ موت۔ کھجور کا درخت۔ اونٹنی۔ سوئی۔ زمین۔ خرگوش۔ شیر۔ ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بہادر۔ گائے۔ سوداگر۔ ڈھال۔ توبہ۔ بیل۔ بھوکا۔ تیردان۔ بڑا پیالہ۔ بھوک۔ دوزخ۔ لڑائی۔ نیزہ۔ بخار۔ خیمہ۔ آفتاب کا ہالہ۔ عورت کی گیسیں۔ دنیا۔ بھیڑیا۔ جھنڈا۔ گدھ۔ رعشہ۔ گھوڑی۔ آسمان۔ مکھی۔ گرم ہوا۔ سال۔ آفتاب۔ خط۔ بات۔ صومعہ۔ بکر۔ گور۔ شہزادہ۔ بچھو۔ چاندی۔ قبلہ۔ ملک۔ دیگ۔ قیمت۔ لشکر۔ کعبہ۔ عورت۔ کتا۔ ملک۔ بادشاہ۔ دیگ کا پایہ۔ داہنا ہاتھ۔ تلوار کی دھار۔ عافیت۔ پرہیزگاری۔ قبضہ تلوار کی میخ۔ ایام الْعَجُوزِ: جاڑے کے آخر میں سات دن سخت سردی کے جس کے چار دن فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں اور عام لوگ ان کو "مُسْتَقْرِضَات" کہتے ہیں اور ان دنوں کے نام یہ ہیں صِنٌّ۔ صِنَّبْر۔ وَبْر۔ آمِر۔ مؤتمر۔ مُعَلِّل۔ مُطْفِي الْجَمْرِ۔ مُكْفِي الظَّعْنِ. (بہت سے شعراء نے اپنے قصائد میں معانی عَجُوز کے جمع کرنے کی کوشش کی ہے انہی قصیدوں میں سے ایک قصیدہ کتاب کے آخر میں لگایا گیا ہے۔)

الْأَعْجَزُ: بڑے سرین والا۔ كِيسٌ أَعْجَزُ: بھری ہوئی تھیلی۔

الْعَاجِزُ: فا۔ ج عَوَاجِز. ثَوْبٌ عَاجِزٌ: تنگ کپڑا۔ اِمْرَأَةٌ عَاجِزٌ: عاجز عورت۔

الْعَجْزَاءُ: مؤنث أَعْجَز: ریت کا اونچا ٹیلہ۔

الْمِعْجَزُ: بڑا پیالہ۔

الْمِعْجَازُ: راستہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔

الْمُعْجِزَةُ: خارق عادت جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ سے ظاہر کرے اور دوسرے اس سے عاجز ہوں۔ ج مُعْجِزَات.

الْمَعْجُوزُ: مُلِحٌّ۔ جس سے سوال میں اصرار کیا جائے۔

الْعَجِيزَةُ: عورت کی سرین۔ کبھی مرد کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج عَجِيزَات.

عَجَسَ: (ض) عَجْسًا. عَنْ حَاجَتِهِ: باز رکھنا۔ عَجَسَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔

تَعَجَّسَ: پیچھے ہٹنا...... الْأَمْرَ: کسی کام کے درپے ہونا۔ پیچھا کرنا...... بِالْقَوْمِ: دیر کرانا۔

تَعَجَّسَهُ: راوی کو ضعیف سمجھنا۔ تَعَجَّسَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: کسی کو اس کی ضرورت سے روکنا۔

الْعُجْسَةُ: رات کی تاریکی۔ رات کی ایک ساعت۔

الْعَجُوسُ: بوجھل بادل۔ لگاتار بارش۔

الْعَجَاسَاءُ: اونٹوں کا بڑا گلہ۔

الْمَعْجِسُ: کمان کا قبضہ۔

عَجْعَجَ عَجْعَجَةً: بہت چیخنا۔

الْعَجْعَاجُ: بہت چیخنے والا...... مِنَ الْخَيْلِ: اصیل گھوڑا۔ عمر رسیدہ گھوڑا۔

الْعَجْعَجَةُ: ج عَجَاج۔

عَجَفَ: (ن) عُجُوفًا: کھانا چھوڑ دینا۔

عَجَفَ: (ض) عَجْفًا وعُجُوفًا وعَجَّفَ نَفْسَهُ عَنِ الطَّعَامِ: باوجود بھوک کے دوسرے کو کھلانے کی غرض سے کھانے کو چھوڑ دینا...... نَفْسَهُ عَلَى الْمَرِيضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔ نَفْسَهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی کو برداشت کرنا اور مواخذہ نہ کرنا۔

عَجَفَ: (ن ض) وأَعْجَفَ الدَّابَّةَ: جانور کو لاغر کرنا۔ أَعْجَفَ الْقَوْمُ: دبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے دور ہونا۔ عَجَفَ نَفْسَهُ عَلَى الْمَرِيضِ: صبر سے تیمارداری کرنا۔

عَجِفَ: (س) وعَجُفَ: (ک) عَجَفًا: کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ وأَعْجَفُ اور مؤنث عَجِفَةٌ وعَجْفَاءُ ج عِجَاف...... الْبِلَادُ: بارش نہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلُوا فِي بِلَادٍ عِجَافٍ" غیر بارش شدہ شہروں میں اترے۔

عَجَّفَ الرَّجُلُ: آسودگی سے کم کھانا...... نَفْسَهُ عَنِ الطَّعَامِ: کھانا چھوڑ دینا۔

الْعِجَافُ: اندرائن۔ زمانہ۔ ج عَجْفَاء کی خلاف قیاس۔

الْعَجَفُ: تنگی حالت۔

الْعَجِيفُ: لاغر دبلا۔ ج عَجْفَى.

عَجِلَ: (س) عَجَلًا وعَجَلَةً: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَجِلَ بِهِ إِلَيْهِ" اس نے ایک کام سے دوسرے کی طرف جلدی کی...... الْأَمْرَ: دیر سمجھ کر دوسرا کام کر لینا۔

عَجَّلَ: جلدی کرنا...... هُ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا...... لَهُ مِنَ الثَّمَنِ كَذَا: پیش

کرنا۔ اللَّحْمَ: گوشت کو جلدی پکانا۔
أَعْجَلَهُ: سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ أَعْجَلَ الشَّيْئَ: جلدی کھانا۔ أَعْجَلَتِ النَّاقَةُ: ناقص بچہ گرا دینا۔
عَاجَلَهُ مُعَاجَلَةً بِذَنْبِهِ: جلدی مواخذہ کرنا اور سزا دینا۔ ...ہ بِضَرْبَةٍ: مارنے میں سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ فِي الْأَمْرِ: جلدی کرنا۔ ...الأَمْرَ: جلدی کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَهُ: برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم دینا۔ سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
اَلْعِجْلُ: بچھڑا۔ عُجُوْلٌ وعِجَلَةٌ وعِجَالٌ
الْعِجَلَةُ: بچھیا۔ رہٹ۔ ج عِجَلٌ وعِجَالٌ.
الْعَجَلُ والْعُجْلَةُ والْعُجَالَةُ: جو جلدی کیا جائے۔ کھانا جو موجود ہو۔ مہمان کے لئے جو جلدی تیار کیا جائے۔
الْعَجَلَةُ: جلدی۔ ہلکا پن۔ گارا۔ کیچڑ۔ سامان لانے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج عَجَلٌ وعِجَالٌ واَعْجَالٌ.
الْعَاجِلُ والْعَجِلُ والْعَجُلُ: جلد باز۔
الْعَاجِلَةُ: مؤنث عَاجِلٌ: دنیا۔
الْعِجَّوْلُ: بچھڑا۔ ج عَجَاجِيْلُ.
الْعَجْلَانُ: مؤنث عَجْلَى: ج عَجَالَى وعُجَالَى وعِجَالٌ والْعَجُوْلُ ج عُجُلٌ والْعَجِيْلُ ج عِجَالٌ: جلد باز۔
الْعَجُوْلُ والْعِجَّالُ: بہت زیادہ جلد باز۔
الْعَجُوْلُ: موت۔ بچے کو کھونے والی۔ متحیر عورت۔
الْعَجِيْلُ: ناشتہ پانی جو مہمان کے سامنے جلدی سے پیش کیا جائے۔
الْعُجَيْلَةُ والْعُجَيْلَى والْعُجَّيْلَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "مَارَأَ الْعُجَيْلَى" تیز چال چلا اور اس کا ضد هُوَيْنَا ہے۔
الْمِعْجَالُ: برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج مَعَاجِيْلُ. مَعَاجِلُ الطَّرِيْقِ: مختصر راستے۔ اِمْرَأَةٌ مِعْجَالٌ: وقت سے پہلے جننے والی عورت۔

طَرِيْقٌ مُسْتَعْجِلَةٌ: مختصر راستہ۔ قریب کا راستہ۔
اَلْيَعْجِلُ: رفتار ناپنے کا آلہ۔
عَجَمَ (ن) عَجْمًا وعُجُوْمًا. الْعُوْدَ: دانت سے کاٹ کر لکڑی کی نرمی سختی معلوم کرنا ... السَّيْفَ: تجربے کے لئے تلوار کو حرکت دینا ...الشَّيْئَ: امتحان کرنا۔ آزمائش کرنا۔ صفت عَاجِمٌ: ج عُجُمٌ (عُجَّمًا) الْكِتَابَ او الْحُرُوْفَ: نقطہ لگانا ...الْكِتَابَ: حروف پر اچھی طرح وقف نہ کرنا۔ عَجَمَتْهُ الأُمُوْرُ: عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَجَمَتْهُ عَيْنِي مُنْذُ كَذَا" میری آنکھوں نے اس کو فلاں وقت سے نہیں دیکھا ہے۔ "رَأَيْتُ فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَيْنِي تَعْجُمُهُ كَأَنَّهَا تَعْرِفُهُ وعَجَمَ عُوْدَ فُلَانٍ" یعنی اس کی آزمائش کی اور اس کے حال کی تحقیق کی۔
أَعْجَمَ وعَجَّمَ الْكِتَابَ: اعراب نہ لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر کے ابہام کو دور کرنا۔ أَعْجَمَ الْبَابَ: دروازے میں تالا لگانا۔ الْكَلَامَ: عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً: لکنت ہونا۔ صفت أَعْجَمُ: مؤنث عَجْمَاءُ. ج عُجْمٌ.
عَاجَمَهُ: تجربہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَاجَمْتُ الأُمُوْرَ وعَاجَمَتْنِي" میں نے اُمور کی آزمائش کی اور اُمور نے میری۔
تَعَاجَمَ. الْقَوْمُ: کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔
الرَّجُلُ: اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِنْعَجَمَ. عَلَيْهِ الْكَلَامُ: دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ: عجز سے ساکت ہونا۔ ... الْقِرَاءَةَ: پڑھنے میں ناقادر ہونا ... عَلَيْهِ الْكَلَامُ: کلام کا دشوار ہونا۔ مبہم ہونا۔
الْعَجْمُ والْعُجْمُ: دُم کی جڑ۔
الْعَجَمُ: ملک فارس و فارسی لوگ (... والْعُجْمُ): غیر عرب۔
الْعَجَمُ والْعُجَامُ: چھوہارے کی گٹھلی۔ گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ عَجَمٌ" واحد عَجَمَةٌ وعُجَامَةٌ.
الْعَجَمَةُ: کھجور کا درخت۔
الْعَجْمَةُ: اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج عَجَمَاتٌ.
الْعُجْمَةُ والْعُجْمَةُ: ابہام۔ کھول کر نہ بیان کرنا۔ ریت کا تودہ۔
الأَعْجَمُ: غیر عربی اگرچہ عجمی زبان فصیح بولتا ہو۔ جو صاف کھول کر نہ بیان کرے اگرچہ عربی ہو۔ گونگا۔ ج أَعْجَمُوْنَ. أَعَاجِمُ.
الْعَجْمَاءُ: مؤنث الأَعْجَمُ: چوپایہ۔ ج عَجْمَاوَاتٌ: ریت کا ٹیلہ جس میں درخت نہ ہو۔
الأَعْجَامُ: غیر عرب۔
الْعَجُّوْمُ: بڑی چمگادڑ۔
الأَعْجَمِيُّ والْعَجَمِيُّ: غیر عرب۔ جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
الْعَوَاجِمُ: دانت۔ مفرد عَاجِمَةٌ.
رَجُلٌ صُلْبُ الْمَعْجَمِ: آزمائش کے وقت سخت۔
الْمُعْجَمُ: مطع۔ مصدر میمی۔ حروف تہجی جانچ۔
مُعْجَمٌ: بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو بھی مُعْجَمٌ کہتے ہیں۔
عَجَنَ: (ن ض) عَجْنًا. الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا۔ عَلَى الْعَصَا: لاٹھی پر ٹیک لگانا ...الرَّجُلُ: دونوں ہاتھوں کا ٹیک لگا کر اٹھنا۔ صفت عَاجِنٌ ج عُجَّنٌ. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَجَنَ وخَبَزَ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔
أَعْجَنَ. الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔
اِعْتَجَنَ. الدَّقِيْقَ: آٹا گوندھنا ...فُلَانٌ: خمیر بنانا۔
تَعَجَّنَ. الشَّيْئُ: گندھ جانا۔ خمیر ہونا۔
الْعَجَنُ. مِنَ الْجِمَالِ: موٹا اونٹ۔
الْعَجْنَاءُ: کم دودھ والی اونٹنی۔ بہت موٹی اونٹنی۔
الْعَجِيْنُ: گندھا ہوا آٹا۔ خمیرا۔ ج عُجُنٌ.
الْمَعْجُوْنُ: ڈھیلے ڈھالے بدن کے مرد یا عورت۔

اَلعَجِينَةُ: گندھے ہوئے آٹے کا ایک ٹکڑا۔ ٹکڑا۔ بے وقوف۔ حماقت۔ اُمُّ عَجِينَةَ: گدھ۔

العِجَانُ: گردن۔ سرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور دبر کا درمیانی حصہ۔ ج عُجُنٌ و اَعْجِنَةٌ.

العَجَّانُ: بہت آٹا گوندھنے والا بے وقوف۔

عَاجِنَةُ المَكَانِ: مکان کا وسط حصہ۔

المِعْجَنُ و المِعْجَنَةُ: آٹا گوندھنے کا برتن۔

عَجَّنَ بَيْنَهُمَا: جدائی کرا دینا۔

تَعَجَّنَ: جاہل بننا...... الاَمْرُ: ملتبس ہونا۔

المُعَجْلِنُ: کمینہ۔ جو خالص النسب نہ ہو۔ خادم۔ باورچی۔ ج عَجَالِنَةٌ.

عَجَا يَعْجُو عَجْوًا البَعِيرُ: اونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عَجَتِ الاُمُّ الوَلَدَ: ماں کا بچے کو وقت رضاعت کے بعد دودھ پلانا۔ دودھ پلانا۔ فُلاَنٌ فَاهُ: منہ کھولنا۔ عَجَاهُ اللَّبَنَ: دودھ کا غذا ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ فُلاَنٌ مَا عَجَاهُ" یعنی سختی میں مبتلا ہوا (...... وغالبی) الوَلَدَ: ماں کے علاوہ کسی دوسرے کا دودھ پلانا یا دودھ روک دینا اور غذا دینا۔

عَجَا وعَجِيَ، وَجْهَهُ: منہ ٹیڑھا کرنا۔

عَجِيَ (س) عَجِيَ الصَّبِيُّ: دودھ کے علاوہ کسی دوسری چیز سے پرورش پانا۔

العَجِيُّ: ماں کو کھونے والا۔ دوسرے کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عَجِيَّةٌ ج عَجَايَا.

العَجِيُّ: بچہ کہ جس کی ماں نے وقت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ بچہ کہ جس نے دوسرے کے دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عَجِيَّةٌ ج عُجْيَا وعَجَايَا.

العَجْوَةُ و العَجَاوَةُ: عمدہ قسم کی کھجور۔

العُجَاوَةُ والعِجَاوَةُ والعُجْوَةُ: دودھ جو کہ یتیم کو پلائیں۔

عَجَتْ تَعْجِي عَجْيًا. المَرْأَةُ صَبِيَّهَا: عورت کا بچے کو دودھ پلانا۔

العَجَاجَةُ و العُجَايَةُ: عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بند و بست کا پٹھا ج عُجِيٌّ وعُجِيٌّ و عَجَايَا.

عَدَّ: (ن) عَدًّا و تَعْدَادًا الشَّيْءَ: شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَدَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا" زید کو میں نے سچا گمان کیا۔

عَدَّدَ. المَيِّتَ: خوبیاں شمار کرنا۔ خوبیاں بیان کرنا...... الشَّيْءَ: شمار کرنا۔ عدد والا کر دینا...... المَالَ: زمانے کے لئے ساز و سامان بنانا۔

اَعَدَّهُ لِاَمْرٍ: تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔

عَادَّهُ عِدَادًا و مُعَادَّةً: لڑائی میں مقابلہ کرنا ...... الشَّيْءَ القَوْمَ: چیز کا قوم پر برابر برابر تقسیم ہونا۔

تَعَدَّدَ و تَعَادَّ: عدد میں زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُمْ يَتَعَدَّدُونَ وَيَتَعَادُّونَ عَلَى اَلْفٍ" یعنی وہ ہزار سے زائد ہیں۔

اِعْتَدَّ: شمار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ لاَ يُعْتَدُّ بِهِ" یعنی یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ "اِعْتَدَّ الاَمْرُ تِجَارَةً" یعنی تجارت کا گمان کیا۔ عوام کہتے ہیں "اِعْتَدَّ بِنَفْسِهِ" یعنی اپنے نفس پر اعتماد کیا۔

اِسْتَعَدَّ. لِلاَمْرِ: تیار ہونا۔

عدد صحیح زیرو سے لے کر تمام گنتی مثبت و منفی مثلاً...... ۳، ۲، ۱، ۰۔

اَلعَدَدُ الزَّوْجُ اَوِ المُزْدَوِجُ: جو ۲ کے علاوہ پر تقسیم نہ ہو جیسے ۴، ۱۲۔ الـمـفـرد: زوج کا الٹ جو دو پر تقسیم نہ ہو جیسے ۳، ۵۔ اَلعَدَدُ الاَوَّلِيُّ اَوِ الاَوَّلُ اَوِ الاَصْلِيُّ: جو اپنے آپ پر یا ایک پر تقسیم ہو۔

اَلعَدَدُ الكَسْرِيُّ اَوِ الكَسْرُ: جو ایک کا ایک جز یا کئی جز ہوں جیسے ۳/۱، ۳/۲۔

اَلعَدَدُ المُوجِبُ: جس کی طرف + (جمع) کا اشارہ ہو۔

والعدد السالب: جس کی طرف (-) نفی کا اشارہ ہو۔

اَلعَدَدُ المُخْتَلِطُ اَوِ المُرَكَّبُ: ...... کے لئے۔

اَلعَدَدَانِ المُتَقَابِلاَنِ: دو عدد جن کی حسابی قیمت ایک ہو اور ان کا اشارہ مختلف ہو جیسے 5+، 5-۔

اَلعَدَدَانِ الاَوَّلِيَّانِ فِيمَا بَيْنَهُمَا: وہ دو عدد جن کو تقسیم کرنے والا مشترک صحیح عدد نہ ہو جیسے ۴، ۹۔ اَلاَعْدَادُ المُتَبَايِنَةُ عِنْدَ العَرَبِ: جن کو اکٹھے کوئی کسر یا عدد صحیح شمار کرے دیگر صورت میں اعداد مشترک ہوں گے۔

اَلاَعْدَادُ الجَبْرِيَّةُ اَوِ المُوَجَّهَةُ: وہ اعداد جن کی طرف اشارہ (+) یا (-) ہو اور اس کے ساتھ صفر ملا ہو۔

العَدَدُ: شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا...... مِنَ الاِنْسَانِ: آدمی کی عمر کے سال۔ ج اَعْدَادٌ.

العِدَادُ: عطاء...... دیوانگی کا اثر۔ ہمسر۔ حریف۔ موت کا وقت۔ چھٹی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي عِدَادِهِمْ" یعنی مجملہ ان کے ہے (...... والعِدَدُ) مِنَ الوَجَعِ: وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "بِهِ مَرَضٌ عِدَادٌ" اس کا مرض وقت مقررہ پر عود کرتا ہے۔

اَلعَدَّادُ: گاڑیوں کے چلنے کی مسافت کو معلوم کرنے کا میٹر یا استعمال شدہ بجلی کو یا استعمال شدہ پانی کو پیمائش کرنے کا میٹر۔

العِدُّ: جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا بَرَضٌ مِنْ عِدٍّ" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔ پرانا۔ کنواں۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عِدُّكَ" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج اَعْدَادٌ.

العِدَّةُ: جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِي عِدَّةُ كُتُبٍ" میرے پاس کتابوں کا ایک ڈھیر ہے۔ "عِدَّةُ المَرْأَةِ" عورت کے طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا زمانہ۔ ج عِدَدٌ.

العُدَّةُ: تیاری۔ کہا جاتا ہے "كُونُوا عَلَى عُدَّةٍ" تیار رہو۔ سامان حرب وغیرہ۔ کہا جاتا

ہے "اَعَدَّ لِلْاَمْرِ عُدَّتَهٗ" معاملے کے لئے سامان کو لے لیا ج عُدَدٌ (...... وَالْعُدَدُ) : مہاسے۔ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
الْعِدَّانُ وَالْعِدَّانُ : کسی چیز کا زمانہ و موسم یا زمانے کا اول و بہتر۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ عِدَّانِ الشَّبَابِ وَعَلٰى عِدَّانِ مِلْكِهٖ" ج عَدَادِيْنُ.
الْعَدَدِيُّ : عدد کی جانب منسوب۔ جو چیز شمار سے بیچی جائے۔
الْعَدِيْدُ : شمار۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْثَرَ عَدِيْدَهُمْ" ان کا شمار کس قدر کثیر ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر۔ ہم شکل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّرَاهِمُ عَدِيْدُ هٰذِهٖ" یعنی یہ درہم اس کے مقدار میں ہیں۔ الْعَدِيْدُ مِنَ الْقَوْمِ : جو قوم میں شمار کیا جائے۔ اَيَّامٌ عَدِيْدَةٌ : چند دن ج عَدَائِدُ الْعَدَائِدُ : بہت سے ہم شکل۔ تقسیم شدہ مال۔ میراث۔
الْعَدِيْدَةُ : حصہ۔
الْمُعِدُّ : فا۔ پورے سامان والا۔
عَدَرَ : (ن) عَدْرًا وَعَدْرَةً : جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔
عَدِرَ : (س) عَدَرًا وَاَعْدَرَ الْمَكَانُ : پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ الْمَطَرُ : بکثرت برسنا۔
الْعَادِرُ : فا۔ مجرم۔ پھسلنے والا۔
الْعَدَّارُ : ملاح۔
الْعَدْرُ وَالْعُدْرُ : موسلا دھار کثیر بارش۔
عَدَسَهٗ : (ض) عَدْسًا : خدمت کرنا۔
عَدَسَ الْمَوَاشِيَ : جانوروں کو چرانا ...... الشَّيْءُ : سخت روندنا (...... عَدْسًا وَعَدَسَانًا وَعِدَاسًا وَعُدُوْسًا) فِي الْاَرْضِ : جانا۔ کہا جاتا ہے "عَدَسَتْ بِهِ الْمَنِيَّةُ" موت اس کو لے گئی۔
عَدِسَ : پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْسٌ.
عَادَسَ الرَّجُلُ : ہمیشہ سفر میں رہنا۔
الْعَدَسُ : مسور۔ واحد عَدَسَةٌ الْعَدَسَةُ : پھنسی۔ الْعَدَسَةُ وَالْعَدَسِيَّةُ عِنْدَ عُلَمَاءِ الطَّبِيْعَةِ : شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلات نظر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔
عَدَسْ : خچر ہانکنے کے لئے اسم صوت۔ نام خچر۔
عَدَفَ : (ض) عَدْفًا وَتَعَدَّفَ : تھوڑا کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَفْتُ اَوْ مَا تَعَدَّفْتُ الْيَوْمَ" یعنی آج میں نے تھوڑا بھی نہیں کھایا۔ چہ جائیکہ کثیر۔
اِعْتَدَفَ الثَّوْبَ : کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
الْعَدَفُ : تھوڑا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْنَا عَدْفًا وَعَدَفًا وَعَدَافًا وَعُدُوْفًا وَعُدُوْفَةً" ہم نے کھانے پانی سے کچھ بھی نہیں چکھا۔
الْعَدُوْفُ : تھوڑا چارہ۔ ج عُدُفٌ.
الْعِدْفُ : لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک حصہ۔
الْعِدْفَةُ : لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا دس سے پچاس تک (...... وَالْعَدَفَةُ) : زمین کے اندر درخت کی جڑ۔ ج عِدَفٌ.
الْعَيْدَفُ : ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ : (ض) عَدْقًا وَعَدِقَ (س) عَدَقًا وَعَدْقَ وَاَعْدَقَ بِيَدِهٖ : حوض یا کنویں کے کنارے میں کسی چیز کی تلاش کرنے کے لئے ہاتھ ڈالنا ...... بِظَنِّهٖ : کسی کام کو اپنی غالب رائے سے کرنا کہ اس کا یقین نہ ہو۔
الْعَدَقَةُ : ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عُدُقٌ.
الْعَوْدَقُ وَالْعَوْدَقَةُ : ڈول نکالنے کا سہ شاخہ کانٹا ج عَدَقٌ.
عَدَكَ : (ن) عَدْكًا الصُّوْفَ : اون دھنکنے کے لئے ڈنڈے سے مارنا۔
الْمِعْدَكَةُ : اون دھننے کا ڈنڈا۔
عَدَلَ : (ض) عَدْلًا السَّهْمَ : تیر کو سیدھا کرنا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ : برابری کرنا۔ بِرَبِّهٖ : شرک کرنا۔ الطَّرِيْقُ : ٹیڑھا ہونا۔ (...... عَدْلًا وَعُدُوْلًا) اِلَيْهِ : رجوع کرنا۔ واپس ہونا۔ فُلَانًا : موازنہ کرنا۔ فِي الْمَحْمِلِ : ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدِلُكَ عِنْدِيْ شَيْءٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں (...... عَدْلًا وَعِدَالَةً وَعُدُوْلَةً وَمَعْدَلَةً وَمَعْدِلَةً) : انصاف کرنا۔ صفت عادل ج عُدُوْلٌ.
عَدُلَ : (ک) عَدَالَةً : عادل ہونا۔ گواہی کے قابل ہونا۔
عَدِلَ : (س) عَدَلًا : ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاهِدَ : معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ : شعر درست وزن پر کہنا۔ الْمَتَاعَ : سامان کو دو حصوں میں برابر کرنا۔ دو گٹھری بنانا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ حَتّٰى عُدِّلَ" یعنی اس قدر پیا کہ اس کا پیٹ مانند گٹھری کے ہو گیا (وَاَعْدَلَ) الشَّيْءَ : سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَهٗ عِدَالًا وَمُعَادَلَةً : موازنہ کرنا۔ وَفِي الْمَحْمِلِ : ساتھ سوار ہونا۔ الشَّيْءُ : ٹیڑھا ہونا۔ فِي الْاَمْرِ : متردد ہونا۔ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ : برابری کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَادَلَ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ" جب کہ دو امر پیش آئیں اور یہ سمجھ میں نہ آئے کہ کون سا اختیار کرے۔ "قَطَعَ الْعِدَالَ فِيْ اَمْرِهٖ" یعنی پختہ ارادہ کر لیا۔
اِنْعَدَلَ عَنِ الطَّرِيْقِ : ہٹ جانا۔
اِعْتَدَلَ : سیدھا ہونا۔ دو حالتوں میں توسط اختیار کرنا۔
الْعَادِلُ : فا۔ مشرک۔ ج عُدُوْلٌ.
الْعَدْلُ : انصاف۔ عادل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَدْلٌ وَامْرَاَةٌ عَدْلٌ وَعَدْلَةٌ وَرِجَالٌ عَدْلٌ" نظیر۔ مثال۔ ج اَعْدَالٌ.
الْمُعْتَدِلُ : پیمانہ۔ ہر طلب امور میں توسط۔ برابری۔ امر متوسط۔ سیدھا ہونا۔
الْعِدْلُ : نظیر و مثل۔ قیمت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ عِدْلُهٗ كَذَا وَكَذَا" یعنی اس کی اتنی قیمت لو۔ گون۔ جانور کی پیٹھ پر ایک طرف کا بوجھ۔ ج عُدُوْلٌ وَاَعْدَالٌ.
الْعَدَلُ : دو گوشوں کی برابری۔
الْعَدَلَةُ وَالْعُدَلَةُ : معتبر گواہان اور جو لکھے عَدَلَةٌ واحد ہے اور عُدَلَةٌ جمع۔
الْعَدِيْلُ. الْعَادِلُ.

الغَدِيْل: نظیر۔ مثل۔ ردیف۔ ج عُدَلاَء۔
الِاعْتِدَال: برابری۔ تناسب۔ الاعتدال الربیعی: موسم ربیع میں رات دن کا برابر ہونا۔ الاعتدال الخریفی: موسم خریف میں رات دن کا برابر ہونا۔
المَعْدِل والمَعْدُوْل: پھرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ مَعْدِلٌ او مَعْدُوْلٌ عَنْ كَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔ "اَخَذَ مَعْدِلَ البَاطِل" یعنی اس نے باطل کا طریقہ اختیار کیا۔
مُعَدَّلَاتُ البَيْتِ: گھر کے گوشے۔
عَدِمَ: (س) عُدْمًا و عَدَمًا المَالَ: گم کرنا۔ نیست کرنا۔ گم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَعْدَمُنِي هٰذَا الأمْرُ" یہ امر مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عَدُمَ: (ک) عَدَامَةً: بے وقوف ہونا۔
أَعْدَمَ إعْدَامًا۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت مُعْدِم و عَدِيْم ..... الشَّيْءَ: محروم کر دینا۔
أُعْدِمَنِي الشَّيْءُ: نہ پانا۔ أَعْدَمَ فُلَانًا: منع کرنا۔
العَدَم والعُدْم والعُدُم: فقدان۔ العَدَم: نیستی۔
العَدِم: فقیر۔ محتاج۔
العَدِيْم: بے وقوف۔ دیوانہ۔ فقیر۔ غیر موجود کہا جاتا ہے "هُوَ عَدِيْمُ النَّظِير" اس کے ہم مثل کوئی نہیں۔ ج عُدَمَاء۔
ارض عَدْمَاء: ویران زمین۔
المَعْدُوْم: منع۔ ضد وجود۔
عَدَنَ: (ض) عَدْنًا الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
العَجَر: اکھیڑنا۔
عَدَنَ: (ن ض) عَدْنًا و عُدُوْنًا۔ بِالمَكَان: اقامت کرنا۔ البَلَدَ: وطن بنالینا۔ اسی سے ہے "جَنَّاتُ عَدْنٍ"۔
عَدَّنَ الارضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔
الأَرْضَ: زمین کھودنا۔ الشَّارِبُ: پینے والے کا آسودہ ہونا۔

عَدَن: یمن میں ایک شہر کا نام۔
العَدَنِيّ: عدن کی جانب منسوب۔ اچھے اخلاق والا۔
جَنَّةُ عَدْنٍ: بہشت کا نام۔
العَدَان: سمندر کا کنارہ۔ دریا کا کنارہ۔
العُدَانَة: جماعت۔ ج عُدَانَات کہا جاتا ہے "اَتَتْنَا عُدَانَات" ہمارے پاس مختلف جماعتیں آ گئیں۔
العَدِينَة: ڈول کا پیوند۔
العَيْدَانَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ج عَيْدَان۔
المَعْدِن: کان سونے، چاندی وغیرہ کی۔ ہر چیز کا مکان جس میں اس کا اصل و مرکز ہو۔ گرمی سردی میں رہائش کی جگہ، کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَعْدِنُ الخَيْر" فلاں خیر کا اصل و مرکز ہے۔ ج مَعَادِن۔
المِعْدَن: ہتھوڑا۔ وہ آلہ جس سے پتھر نکالے جائیں اور توڑے جائیں۔
المُعَدِّن: کان کن۔ کان سے چاندی، سونا نکالنے والا۔
التَّعْدِين: کان کنی اور اس کی تحقیق و معلومات کا علم۔
عَدَا يَعْدُو عَدْوًا و عَدَوَانًا و عُدُوًّا و تَعْدَاءً و عَدًا: دوڑنا۔ ..... عَدْوًا و عُدْوَانًا فُلَانًا عَنِ الأمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا۔
عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ الأمْرَ و عَنِ الأمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَه او قَدْرَه" اس نے اپنے مرتبہ سے تجاوز کیا ..... عَدْوًا و عُدُوًّا و عَدَاءً و عُدْوَانًا و عِدْوَانًا و عُدْوَى) عَلَيْهِ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَدَا مِمَّا بَدَا"۔
عَدَا: مصدریہ کے ساتھ یا بغیر ما کلمۂ استثناء ہے اور یہ تمام احکام میں خلا کے مانند ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَ القَوْمُ عَدَا زَيْدًا و عَدَا زَيْدٍ" نصب اور جر کے ساتھ اور مَا عَدَا زَيْدًا: صرف نصب ہی کے ساتھ۔
عَدِيَ يَعْدَى عَدًا لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔
عَدِيَ عَلَى فُلَانٍ: ظلم کیا جانا۔ الکلام کرنا ایک

کیا جاتا۔
عَدَّى عَنِ الأمْرِ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَدِّ عَمَّا تَرَى" اپنی نگاہ پھیر لو ..... فُلَانًا عَنِ الأمْرِ: کسی کو کسی معاملہ سے باز رکھنا ..... الشَّيْءَ: نافذ کرنا ..... الفِعْلَ: لازم فعل کو متعدی بنانا۔
عَادَى عِدَاءً و مُعَادَاةً فُلَانًا: جھگڑا کرنا۔ دشمن ہونا ..... بَيْنَ الصَّيْدَيْنِ: ایک دوڑ میں دو شکار مارنا ..... الشَّيْءَ: دور کرنا۔
أَعْدَى۔ الرَّجُلَ: دوڑنے کے لئے اکسانا ..... فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: مدد کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ الأمْرَ: معاملہ کی جانب دوسرے کو بڑھانا۔
أَعْدَاهُ شَرًّا: شر پہنچانا ..... مِنْ عِلَّتِهِ او خُلُقِهِ: بیماری لگا دینا یا عادی بنانا۔ کہا جاتا ہے "القَرِيْنُ السُّوْءُ يُعْدِي قَرِيْنَهُ" برا ہم نشین اپنے ساتھی کو بھی برا بنا دیتا ہے۔ "اَعْدَى عَلَيْهِ" ظلم کرنا ..... فِي كَلَامِهِ: زیادتی کرنا۔
تَعَدَّى الشَّيْءَ: تجاوز کرنا ..... عَلَيْهِ: ظلم کرنا ..... الفِعْلُ: متعدی ہونا ..... الشَّيْءُ إلَى آخَر: تجاوز کرنا۔
تَعَادَى القَوْمُ: ایک دوسرے سے دشمنی کرنا۔ دوڑ میں مقابلہ کرنا ..... الرَّجُلُ: دور ہونا ..... مَا بَيْنَهُمْ: اختلاف ہونا۔ فساد ہونا ..... المَكَانُ: ناہموار ہونا۔ تَعَادَتِ النَّوَائِبُ: مصائب کا پے در پے ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَعَادَى القَوْمُ" جبکہ ایک جیسی بیماری ایک کے بعد دوسرے کو ہو۔
اِعْتَدَى الحَقَّ و عَنِ الحَقِّ و فَوْقَ الحَقِّ: تجاوز کرنا ..... عَلَى فُلَانٍ: ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدَى الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا ..... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاء: مشغولیت۔ دوری ..... (و العِدَاء): ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا الفَرَسُ عِدَاءً و عَدَاءً وَاحِدًا" یعنی گھوڑے نے ایک دوڑ لگائی۔ عُدَاءُ الوَادِي: وادی کا

درمیان۔

العِدْو و العِدَاء و العِدَی: چھوٹا پتھر جس سے کوئی چیز چھپائی جائے۔

العِدَیٰ و العُدَیٰ: جانب ج اَعْدَاء۔

العِدَیٰ. اَعْدَاء: جمع عَدُوّ کی بمعنی دشمن۔ دور ہونے والے۔ مسافرین۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَیٰ: عدو کا اسم جمع ہے۔ بلند مقامات۔

العُدْوَیٰ: فساد۔ امراض متعدیہ۔

العَدَاوَة: دشمنی۔ دوری۔

العُدْوَة: دور جگہ (..... والعَدْوَة والعِدْوَة): بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کی ایک جانب ج عِدَاء، وعِدَوات۔

العَدْوَة: ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔

العُدَوَاء: سخت اور خشک زمین۔ دوری۔ مشغولیت۔ عُدَوَاءُ الشَّوقِ: شدائد و تکالیف۔ شوق۔ عُدَوَاءُ الشُّغْلِ: شغل کے موانع۔ کہا جاتا ہے "عَادَتْ عُدَوَاؤُهُمْ" یعنی ان کا تفرق اور دوری طویل ہو گئی۔

العُدْوَان: خالص ظلم۔ کہا جاتا ہے "لَا عُدْوَانَ عَلَيَّ" یعنی میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔

العَدَوَان: تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوْ عَدَوَان: لاگو بھیڑیا۔

العَدَّاء: تیز دوڑنے والا۔

عَدِيّ: نام ایک قبیلہ کا۔ جماعت جو قتل و قتال کے لئے تیار ہو۔

العَدُوّ: دشمن۔ ج اَعْدَاء ج اَعَادٍ۔

العَادِي: فا۔ دشمن۔ ظالم۔ حد سے بڑھنے والا۔ اُچکنے والا۔ چور۔ شیر۔ عَـوَادِي

العَوَادِي: بہت ضروری اُمور جو دوسرے امور سے باز رکھیں ج عَادِيَة۔ عَادِيَا اللَّوحِ: تختی کے دونوں طرف۔

العَادِيَة: مونث عادی۔ جماعت جو قتل و قتال کے لئے تیار ہو۔ لوٹنے والے۔ گھڑ سوار۔ دوری۔ مشغولیت۔ تیزیٔ غضب۔ عَـادِيَةُ السَّمِّ: زہر کا ضرر۔ کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْكَ عَادِيَةَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کا نقصان دور کر دیا ج عَوَادٍ۔ عَوَادِي الدَّهْرِ: گردشیں۔ موانع۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَتْهُ عَنْ كَذَا عَوَادٍ" اس کو فلاں کام سے موانع نے روک دیا۔

المَعْدَىٰ: گزرگاہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لِيَ عَنْ فُلَانٍ مَعْـدًى" میرے لئے فلاں سے گزرنے کی جگہ نہیں ہے۔

عَذَبَ: (ض) عَذْبًا: سخت پیاس کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ صفت عَـذُوب وعَاذِب..... عَذَبَهُ: باز رہنا۔..... و: منع کرنا۔

عَذَبَ السَّوطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔

عَذِبَ: (س) عَذَبًا المَاءُ: کائی والا ہونا۔ صفت عَذِب۔

عَذُبَ: (ک) عُذُوبَة وعُذُوبَت ..... الشَّرَابُ: میٹھا خوشگوار ہونا۔

أَعْذَبَ: میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا۔..... القَوْمُ: میٹھے پانی والا ہونا۔ اللّٰهُ المَاءَ: میٹھا پانی کر دینا۔..... عَنْهُ: باز رہنا۔ عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْذِبْ نَفْسَكَ عَنْ كَذَا" اپنے نفس کو اس سے روکو۔

عَذَّبَهُ: عذاب دینا۔ عَذَّبَهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ: کوڑے میں پھندنا لگانا۔ الشَّيْءَ: روکنا۔

اِعْتَذَبَ: عمامے کے دو شملے لگانا۔

اِسْتَعْذَبَ. الشَّيْءَ: میٹھا خوشگوار پانا۔ میٹھا خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَسْتَعْذِبُ المَاءَ" میٹھا پانی لانے کے لئے گیا..... عَنْ كَذَا: باز رہنا۔

العَذْب: جمع۔ خوشگوار کھانا پانی۔ مَـاءٌ عَذْبٌ: میٹھا پانی۔ العَـذَب: ایک قسم کا درخت۔

العَذَب: جمع۔ کوڑا کرکٹ۔ مثلا ترازو کی زبان۔ درخت کی ٹہنیاں۔ ہر چیز کے اطراف۔ عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَة۔

العَذَبَة: شاخ..... والعَذَبَة: کائی ج عَذَبَات۔

العَاذِب: فا۔ وہ شخص کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوَابِّ: وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج عُذُوب۔

العَذُوب: بمعنی عَاذِب..... مِنَ الدَّوَابِّ: شدت پیاس کی وجہ سے چارے کو چھوڑنے والا۔

العَـذَاب: ہر وہ جو انسان کے لئے باعث مشقت ہو۔ تکلیف۔ سزا۔ ج أَعْذِبَة۔

عَذَجَ: (ض) عَـذْجًا. المَاءَ: پانی پینا..... فلانًا: گالی دینا۔

المِعْذَج: غیرت مند۔ بداخلاق۔ بہت ملامت کرنے والا۔

عَذَرَهُ: (ض) عُذْرًا وعُذُرًا وعُذْرَىٰ ومَعْذُرَة ومَعْذِرَة عَلَى او فِي مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔

عَذَرَ: (ض) عَذْرًا وعُذْرًا: گناہ زیادہ ہونا (..... عَذْرًا) الغُلَامَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔

عَذَرَ: (ض ن) عَـذْرًا وعُـذْرًا. الفَرَسَ بِالعِذَارِ: پوزی لگانا۔ باگ ڈور سے باندھنا..... الصَّبِيَّ العَاذُورُ: حلق کا درد لاحق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔

عُذِرَ الصَّبِيُّ: حلق کا درد لاحق ہونا۔

عَـذَّرَ: عذر ثابت نہ ہونا..... عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عَـذَّرَ الغُلَامُ: لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ آ گیا۔ مسیں بھیگنا..... الغُلَامَ: نشانات مٹانا..... فِي الأَمْرِ: کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

أَعْذَرَهُ فِي او عَلَى مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا..... الرَّجُلُ: عذر کا اظہار کرنا..... نَفْسَهُ: بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف؟..... فِي الأَمْرِ: کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرتے ہوئے باوجود کوشش کرنے والا بننا..... پوزی باندھنا باگ ڈور باندھنا..... لڑکے کا ختنہ کرنا..... فِي ظَهْرِهِ: مار کر..... کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ حَتَّى أَعْذَرَ"

تَمَّهٗ" مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے ...... بِفُلَانٍ: زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَ فُلَانٌ فَاُعْذِرَ" یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدَّارُ: بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عَاذَرَ مُعَاذَرَةً: عذر ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ باز رہنا۔ ...... عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے ہٹنا ...... الرَّسْمُ: مٹنا ...... الرَّجُلُ: اپنے لئے حجت کرنا۔ بھاگنا ...... الشَّیْءُ: پلیدی سے تھڑنا ...... فُلَانٌ مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ وَمِنْ فِعْلِهٖ: عذر بیان کرنا ...... عَنْ فُلَانٍ: کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرَّجُلُ: صاحب عذر ہونا ...... اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا ...... الرَّسْمُ: نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا۔

اَلْعُذْرُ: حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج اَعْذَارٌ: غلبہ کامیابی اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے "لِمَنِ الْعُذْرُ" یعنی کس کے لئے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَبُوْ عُذْرِ هٰذَا الْكَلَامِ" وہ اس کلام کا پہلے بولنے والا ہے۔ "اَلْهَوَی الْعُذْرِيُّ" پاکیزہ محبت۔

اَلْعِذَارُ: مہزی۔ باگ ڈور۔ ج عُذُرٌ: رخسارہ۔ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیاء کہا جاتا ہے "خَلَعَ عِذَارَهٗ" و "هُوَ خَلِيْعُ الْعِذَارِ" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پرواہ نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ "اَلْوٰی عِذَارَهٗ عَنْهُ" یعنی نافرمانی کی۔ الْعِذَارُ مِنَ النَّصْلِ: تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔

الْعِذْرُ: ختنہ کا یا تعمیر مکان کا کھانا۔

عِذْرَةٌ: عذر۔ ج عِذَرٌ۔

اَلْعُذْرَةُ: بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کے لئے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ اَلْعُذْرَاءُ: پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَرٌ۔

اَلْعَذِرَةُ: پاخانہ۔ روی حصہ جو گلیوں سے نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرَاتٌ۔

الْعَاذِرُ: ف۔ نشان زخم (...... وَالْعَاذِرَةُ): پاخانہ۔ الْعَاذِرُ: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے۔

الْعَذِيْرُ: بمعنی عَاذِرٌ: مددگار ج عُذُرٌ: مؤنث عَذِيْرَةٌ۔ الْعَذِيْرُ وَالْعَذِيْرَةُ: کسی نئی خوشی کا کھانا۔ الْعَذِيْرَةُ: نشان زخم۔

الْعَاذُوْرُ: گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِيْرُ۔

الْاِعْذَارُ: کسی نئی خوشی کا کھانا۔

الْعَذْرَاءُ: باکرہ۔ دوشیزہ ج عَذَارَی وَعَذَارٍ وَعَذْرَاوَاتٌ: لقب سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کا۔

الْمَعْذِرَةُ وَالْمَعْذَرَةُ وَالتَّعْذِرَةُ وَالْمَعْذُرَةُ: عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِرُ۔

الْمِعْذَارُ: عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِيْرُ۔

عَذَفَ: (ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا۔ تَعَذَّفَ الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ذُقْتُ عَذْفًا وَلَا عَذُوْفًا وَلَا عَذَافًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

سُمٌّ عُذَافٌ: زہر قاتل۔

الْعُذَافِرُ: شیر۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَذَافِرَةٌ۔

عَذَوْفَرٌ: مضبوط اونٹ۔

عَذَقَ: (ض) عَذْقًا وَعَذَقَ النَّخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عَذَقَهٗ اِلٰى كَذَا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ وَاَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اون سے نشان لگانا۔

اِعْتَذَقَ: دو شملے نکالنا۔ اِعْتَذَقَهٗ بِكَذَا: کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔

الْمُعَاذِقُ: شخص جو ...... کی ...... بحال اور خدمت کرے۔ ج عَوَاذِقُوْنَ وَعُذَّاقٌ۔

الْعَذْقُ: پھل دار کھجور کا درخت۔ ج اَعْذُقٌ وَعِذَاقٌ۔

الْعِذْقُ: انگور کا گچھا ...... مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا خوشہ ج عُذُوْقٌ وَاَعْذَاقٌ۔ الْعِذْقُ: شاخ دار ٹہنی۔ عزت۔ کہا جاتا ہے "فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ عِذْقٌ كَثِيْرٌ" بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔

الْعَذِقُ: ہوشیار۔ چرب زبان۔ خطیب۔

عَذِقٌ: تیز خوشبو۔

الْعَذْقَةُ وَالْعِذْقَةُ: بکری کے رنگ کے خلاف اون کا نشان۔

عَذَلَهٗ: (ن ض) عَذْلًا وَعَذَلَةً: ملامت کرنا۔ صفت عَاذِلٌ ج عُذَّلٌ وَعُذَّالٌ وَعَذَلَةٌ وَعَاذِلُوْنَ مؤنث عَاذِلَةٌ ج عَوَاذِلُ وَعَاذِلَاتٌ۔

تَعَاذَلَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

تَعَذَّلَ وَاعْتَذَلَ: اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ الْيَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّیْءِ: پختہ ارادہ کرنا۔

الْعَذْلُ وَالْعَذَلُ وَالتَّعْذَالُ: ملامت کرنا۔

اَيَّامٌ عُذَّلٌ وَمُعْتَذِلَاتٌ: سخت گرم دن۔

الْعُذَلَةُ وَالْعُذَّلُ وَالْعَذَّالُ وَالْعَذَّالَةُ: بہت ملامت کرنے والا۔

الْعَذَّالَةُ: مؤنث عَذَّالٌ: سرین۔

الْعَاذِلُ: ف۔ رگ خون استحاضہ۔

الْمُعَذَّلُ: سخی۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ۔

عَذْلَجَ السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔ الْوَلَدَ وَغَيْرَهٗ: لڑکے کو اچھی غذا دینا۔

عَيْشٌ عِذْلَاجٌ: خوشگوار زندگی۔

الْعُذْلُوْجُ: اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ۔

الْمُعَذْلَجُ: پُر گوشت۔ خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَةٌ۔

عَذَمَ (ض) عَذْمًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا

کاٹ کھانا......الرَّجُلُ: اپنے آپ سے رنج کرنا......ہ: ملامت کرنا۔

غَذِمَ: (س) غَذِمًا: گالی دینا۔

أَغْذَمَهُ. عَنْ نَفْسِهِ: روکنا۔منع کرنا۔

الـغَـذُوم: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا ج غُذُم.

الغَذَّام: بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔

الغَذِيمَة: ملامت۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت ج غذائم.

غَذَا يَغذُو، وغَذُوًّا وغَذِيَ يَغذَى غَذَى وغَذُرَ يَغذُر غذاوَةَ المَكانُ: اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دور ہونا۔

اِسْتَغْذَى المَكانُ: اچھی ہوا والا سمجھنا۔

ارض غَاذِيَةٌ وغَذِيَّةٌ وغَذِيَةٌ وغَذَاةٌ: عمدہ آب وہوا والی زمین۔

الـغَـذِيُّ: کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو۔ج اغذاء.

غَرَّ: (ن ض) غَرًّا وغَرَّ الجَمَلُ: خارشی ہونا۔ صفت غَرٌّ واَغَرُّ وغارٌّ ومَغرُور۔

غَرَّهُ: (ن) غَرًّا: غمگین ہونا۔ سائل بن کر آنا۔ غَرَّهُ بِشَرٍّ: برائی سے ملوث کرنا...... وغَرَّ) الأرْضَ: زمین میں کھاد ڈالنا۔

غَرَّ: (ض) غِرَارًا وغارٌ مُغارَّةً وغِرَارًا الظَّلِيمُ: شتر مرغ کا چیخنا۔

أَغَرَّتِ. الدَّارُ: مکان کا گندگی والا ہونا۔

تَغارَّ: نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا۔

اِعْتَرَّهُ واعْتَرَّ بِهِ اِعْتِرَارًا: بغیر سوال کے بخشش کے لئے آنا۔

اِسْتَغَرَّهُمُ الجَرَبُ: خارش پھیلنا۔

الـغارُور والغارُورَة: منحوس مرد۔ قوم پر بے عزتی کرنے والا۔ بے کوہان کا اونٹ۔

الغَرُور والغُرُور: خارش۔

الـغُرُّ: خارشی۔ خارش۔ عیب۔ برائی۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔

الـغَرَّة: اسم مرة۔ مؤنث الغُرّ: جنگ کی تنگی۔ بری عادت۔ عیب۔

الغُرُّ: خارش۔ پرندے کی بیٹ۔ لڑکا۔

الـغُـرَّة: خارش۔ لڑکی۔ پرندے کی بیٹ۔ تنگی۔ گوبر۔ کوہان کی چربی۔ مکروہ بات پہنچنا۔ گناہ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو۔ کہا جاتا ہے "بِهِ غُرَّةٌ" یعنی اس کے ساتھ جنون ہے۔

اَعْنَقَ. الزَّرعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔ الکلبَ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔ النجمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعنقتِ البلادُ: دور دور ہونا الدابۃُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا ..... الریحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
تَعَنَّقَ الیربوعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعانَقَ. الرجلانِ: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ. الشیئَ: لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔
اِعْتَنَقَ الرجلانِ: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔
العُنُقُ والعُنْقُ: گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعناق۔ وعُنُقُ کُلِّ شیئٍ: ہر چیز کا اول۔ کہا جاتا ہے "مات فلانٌ فی عُنُقِ الصیف" وہ گرمی کی ابتداء میں مرگیا "قد اَنصلہ بعُنُقِ الیتیمَین" وہ سال در سال کی ابتداء میں پہنچ گیا۔ "وکان ذلک علیٰ عُنُقِ الدھر" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَہُ عُنُقٌ فی الخَیر" اس کے لئے بھلائی میں سبقت ہے۔ "وھم عُنُقٌ اِلیک" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔
والعُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔
اَلعَناقِیَۃ: سفید پھولوں والی زمین پر ایک دیل۔
العَنَق: مص۔ جانور کی تیز چال۔
العَناقُ: بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق وعُنُوق۔ عَناقُ الارض: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَناق: مصیبت ..... والعَناقۃ: تنگی و محرومی۔
الاَعْنَق: لمبی گردن والا۔
العَنْقاء. اَعنق: کا مؤنث۔ ج عُنق۔ عَنقاءُ مُغرِب والعَنقاء المُغرِب والمُغرِبۃ: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت و بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں "حَلَّقَتْ بِہ فی الجوّ عنقاءُ مُغرِب" یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسمانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَۃٌ عَنقاءُ: بلند ٹیلہ۔
العانِقاء: جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِیق: گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِق: تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعانِیق۔
المِعْناق: عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعانِیق۔
المِعْنَقَۃ: پٹہ۔ ہار۔
عَنْقَشَ. بالشیئِ: چمٹ جانا۔
تَعَنْقَشَ بہ: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔
عَنَكَ (ن) عَنْكاً وعُنُوكاً وتَعَنَّكَ الرملُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِیك: ج عُنُك۔ عَنَكَ الباب: دروازہ بند کرنا ..... الرجلُ: سفر کرنا ..... الفرسُ: حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنَّكَہ: ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
اَعْنَكَ. الرجلُ: تودہ ریگ میں چڑھنا۔ البابَ: دروازہ بند کرنا۔
العِنْك: تودہ ریگ۔
العَنْكَبُوت: مکڑی ج عَناكِب عَنْكَبُوتات
العَنْكَب: نر مکڑی ج عَناكِب وعَناكِیب۔
العَنْكَبَۃ والعَنْكَباۃ والعَنْكَبَاءُ: مادہ مکڑی ج عَناكِب وعَناكِیب۔
اَلعَنْكَبُوتِیات: مکڑی بچھو وغیرہ جیسے جانوروں کی جماعت۔
عَنَمَ. البنانَ: پوروں کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عَنَم)
اَعْنَمَتِ الماشیۃُ: جانور کا عنم کو چرنا۔ (دیکھئے عنم)
العَنَم: ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پوروں کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَۃ۔
العَنَم: انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹنی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں۔
العَنَمَۃ: انسان کے ہونٹ کا پھٹن۔
العَنَمِیّ: سرخی آمیز خوبصورت چہرہ۔
العَیْنُوم: زمینڈک۔
عَنا یَعْنُو عَناءً وعُنُوّاً. لہ: خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت عانٍ وعَنِیّ: مؤنث عانِیَۃ وعَنِیَّۃ ..... الشیئَ: ظاہر کرنا۔ عَنَتِ الارضُ بالنبات: اگانا۔ عَنَتْہُ الامورُ: غم میں ڈال دینا۔ عَنا الامرُ علیہ: دشوار ہونا۔ عَنَتِ الامورُ بفلانٍ: نازل ہونا ..... عَنْوا الکتاب: عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔
عَنا یَعْنُو عَنْوَۃً: زبردستی لے لینا۔ صلح لینا۔
عَنا یَعْنُو وعَنِیَ یَعْنی عَناً. فی القوم: قیدی ہونا۔ صفت عانٍ ج عُناۃ مؤنث عانِیَۃ ج عانِیات وعَوانٍ۔
عَنّٰی تَعْنِیَۃً. الرجلَ: قید کرنا۔
اَعْنٰی اِعناءً. الرجلَ: فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اَعْنَتِ الارضُ النباتَ: اگانا۔
العانی: بہتا ہوا خون یا پانی۔

الجُز والعُنا: گروہ۔ گڈاڑ۔ ج عُنَاۃ کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا العُنَاۃُ مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے۔

عَنْوَنَ عَنْوَنَۃً: دیباچہ لکھنا۔

عُنْوَانُ الکِتَابِ وعِنْوَانُہ وعُنْیَانُہ وعِنْیَانُہ: دیباچہ کتاب۔ "والعُنْوَانُ کُلِّ شَیءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو جائے کہا جاتا ہے "الظَّاہِرُ عُنْوَانُ البَاطِنِ"۔

عَنٰی یَعْنِی عَنْیًا الاَمْرُ بِفُلَانٍ: واقع ہونا۔ نازل ہونا...... بِہِ الاَکْلُ: مفید ہونا...... الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا...... عَنْیًا وعِنَایَۃً بِمَا قَالَہٗ کَذَا: مراد لینا۔

عَنَی اللّٰہُ بِہٖ عِنَایَۃً: حفاظت کرنا۔

عَنٰی یَعْنِیْ عِنَایَۃً وعَنَایَۃً وعُنِیَ الاَمْرُ فُلَانًا: مشغول کرنا۔ فکرمند کرنا۔ عُنِیَ بِالاَمْرِ وعَنِیَ بِہٖ بمعنی عُنِیَ: مشغول ہونا۔ فکر مند ہونا۔ مشقت لاحق ہونا۔ صفت عَانٍ وعَنِیٌّ۔

عَنِیَ یَعْنٰی عَنِیَ الاَکْلُ فِیْہِ: مفید ہونا۔

عَنِیَ یَعْنٰی عَنَاءً: تھکنا۔

عَنّٰی تَعْنِیَۃً وَاَعْنٰی إِعْنَاءً الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ امر دشوار کی تکلیف دینا۔

الکِتَابَ: دیباچہ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی شَیْئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا۔

عَانٰی مُعَانَاۃً الشَّیءَ: مشقت برداشت کرنا...... الرَّجُلُ مَالَہٗ: مال کی حفاظت کرنا...... ہ: مدارات کرنا۔ الہُمُومُ فُلَانًا: تفکرات کا آنا۔

تَعَنّٰی تَعَنِّیًا: برداشت کرنا۔ تھکنا...... الاَمْرَ: برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا...... فِی الاَمْرِ: قصد کرنا...... الحُمّٰی فُلَانًا: بخار کا بار بار آنا۔

اِعْتَنٰی اِعْتِنَاءً بِالاَمْرِ: اہتمام کرنا۔ پروا کرنا...... الاَمْرُ: واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِہٖ اَعْنٰی" یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔

العَنِیُّ: اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِیَّۃٌ۔

العُنْیَانُ: عنوان۔

العَنِیَّۃُ والعَنَاءُ والعُنَا: تھکن۔

المَعْنٰی: مقصود۔ معنی (الکلمۃ) کلمہ کا مدلول۔

معنی الکلام: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ.

معانی: سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لئے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِی" فلاں اچھی صفات والا ہے۔

المَعْنَوِیُّ: معنی کی طرف منسوب۔

مَعْنِیُّ الکَلَامِ ومَعْنَاتُہٗ ومَعْنِیَّتُہٗ: مدلول کلام۔

عَہِدَ (س) عَہْدًا الاَمْرَ: پہچاننا...... الشَّیءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا...... فُلَانٌ وَعْدَہٗ: حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔

عَہِدَ اللّٰہَ: توحید بیان کرنا...... فُلَانًا بِمَکَانِ کَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَہْدِیْ بِہٖ قَرِیْبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے۔

عَہِدَ اِلٰی فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا۔ فِیْ کَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔

عُہِدَ المَکَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔

عَاہَدَہٗ: معاہدہ کرنا۔ حلیف بنانا۔

اَعْہَدَ فُلَانًا مِنْ کَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔

تَعَاہَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بنانا۔

تَعَاہَدَ وتَعَہَّدَ واعْتَہَدَ الشَّیءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔

تَعَہَّدَ واعْتَہَدَ اَمْلَاکَہٗ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ (تَعَاہَدَ) کا لفظ بھی اس کے لئے مستعمل ہے۔

اِسْتَعْہَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِہٖ: عہد لینا...... فُلَانًا مِنْ نَفْسِہٖ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔

العَہْدُ: قسم۔ وفا۔ ضمان۔ امان۔ ذمہ۔ دوستی۔ وصیت۔ میثاق۔ قسم۔ شاہی فرمان۔ ج عُہُوْدٌ: وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو۔ وَلِیُّ العَہْدِ: بادشاہ کا جانشین۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ اَوْ عَلٰی عَہْدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا۔ "وعَہْدِیْ بِہِ الکَرِیْمُ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے۔ "ھُوَ قَرِیْبُ العَہْدِ بِکَذَا" وہ فلاں کے قریب الحال ہے۔ "وعَلَیَّ عَہْدُ اللّٰہِ لَا فَعَلْتُ کَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ کہا جاتا ہے "مَتٰی عَہْدُکَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔ العَہْدُ القَدِیْمُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں۔ العَہْدُ الجَدِیْدُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں۔

العَہْدُ والعَہْدَۃُ والعِہْدَۃُ: موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِہَادٌ.

العِہَادَۃُ: موسم ربیع کی پہلی بارش۔

العُہْدَۃُ: ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لئے واپسی۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِی الاَمْرِ عُہْدَۃٌ" یعنی میں اصلاح کے لئے عنقریب لوٹوں گا۔ حکم یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے "فِیْ خَطِّہٖ عُہْدَۃٌ" اس کا خط ردی ہے۔

العَہِدُ: عہد کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔

العِہْدَانُ: ضمان و کفالت۔

المُعَاہِدُ: معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔

المَعْہَدُ: وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاہِدُ.

المَعْہُوْدُ: معلوم۔ معروف۔ مشہور۔

عَہَرَ (ف) عَہْرًا وعَہَرًا او عُہُوْرًا وعَہَارَۃً وعُہُوْرَۃً وعَہِرَ (س) عَہَرًا. اِلَیْہَا: زنا کرنے کے لئے جانا۔ صفت مذکر عَاہِرٌ ج عُہَّارٌ: صفت مؤنث عَاہِرٌ وعَاہِرَۃٌ ج عَوَاہِرُ.

عَاہَرَہَا عِہَارًا: زنا کرنے کے لئے جانا۔

العَیْہَرُ: زنا کرنے کے لئے جانے والا۔ زنا کار۔

العَاہِلُ: شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند

عورت ۔ ج عَوَاهِل۔
عَهَنَ (ن) عَهْنًا ۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ۔ مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا ...... فِي الْعَمَلِ: کوشش کرنا ...... إِلَى فُلَانٍ: عہد لینا ...... لِفُلَانٍ مُرَادَهُ: جلدی پورا کرنا ...... الشَّيْئُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا ۔
عَهِنَتْ (ن ض) عُهُوْنًا ۔ جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا ۔
عَهِنَ (ض) عَهْنًا ۔ الْقَضِيْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا ۔
عَهِنَ (س) عَهَنًا لَهُ كَذَا: جلدی کرنا ...... الشَّيْئُ: حاضر ہونا ۔
العِهْن: اون یا رنگی ہوئی اون ج عُهُوْن کہا جاتا ہے "هُوَ عِهْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے ۔
العُهْنَة: شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو ۔
العِهْنَة: اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا ۔ ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے ۔
العَاهِن: فاتقیر حاضر ۔ ثابت ۔ جلدی کرنے والا ۔ ڈھیلا ۔ کاہل ۔
العَوَاهِن: درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں ۔ عَاهِنَة کی جمع ہے ۔ کہا جاتا ہے "رَمَى الْكَلَامَ عَلَى عَوَاهِنِهِ" جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا ۔ بغیر سوچے؛ دیکھے کہ صحیح ہے یا غلط ۔
عَاثَ يَعُوْثُ وَعَوْثًا فُلَانًا عَنْ كَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے ۔ عَوْثَة: دیر کرا دینا ۔
تَعَوَّثَ: متحیر ہونا ۔
المَعَاث: مذہب ۔ مسلک ۔ گنجائش ۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ لِي عَنْ هَذَا الْأَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اس لئے اس کا چھوڑنا میرے لئے ممکن ہے ۔
عَاجَ يَعُوْجُ عَوْجًا وَمَعَاجًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: مقیم کرانا ...... السَّائِرُ: ٹھہرنا ۔ إِلَى أَوْ عَلَى الْمَكَانِ: مائل ہونا ۔ متوجہ ہونا ۔ فُلَانٌ عَمَّا عَزَمَ عَلَيْهِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا ۔ البَعِيْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا ۔ کہا جاتا ہے "مَا أَعُوْجُ بِكَلَامِهِ" میں اس کے کلام کی پروا نہیں کرتا ...... عَاجًا وَعَوْجًا إِلَيْهِ: مائل ہونا ۔
عَوِجَ يَعْوَجُ عَوَجًا ۔ الْعُوْدُ وَنَحْوُهُ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا ...... الْإِنْسَانُ: بدخلق ہونا ۔ صفت أَعْوَج ۔
عَوَّجَ تَعْوِيْجًا ۔ الْعُوْدَ وَنَحْوَهُ: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا ...... الْعَصَا وَنَحْوَهُ: لاٹھی وغیرہ کو ہاتھی دانت جڑنا ۔ صفت مفعول مُعَوَّجَة: تشکیل عین کے ساتھ ہے ...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو پھیرنا ۔ عَوَّجَهُ عَنِ الشَّيْئِ: باز رکھنا ۔
تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا وَاعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا الْعُوْدُ: لکڑی کا ٹیڑھا ہونا ۔
اِنْعَاجَ اِنْعِيَاجًا عَلَيْهِ: مڑنا ۔
العَاج: ہاتھی دانت ۔ العَاجَة: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا ۔
العَوَّاج: ہاتھی دانت کا بیچنے والا ۔
العِوَج: کجی ۔ پیچیدگی ۔
العَوْجَاء: مؤنث أَعْوَج: کمان ۔ دبلی اونٹنی ج عُوْج ۔
المَعَاج: مسکن ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔
عَادَهُ يَعُوْدُهُ عَوْدًا: ہٹانا ۔ عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا ۔ عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان و بھلائی کرنا ۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وَعَوْدَةً وَمَعَادًا لِكَذَا وَإِلَى كَذَا: کسی کی طرف ہونا ۔ اعراض کے بعد واپس ہونا ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ عَلَيَّ مِنْ فُلَانٍ مَكْرُوْهٌ" فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی ۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وَعِيَادًا ۔ الشَّيْئَ: دوبارہ کرنا ۔ اسی سے مثل ہے "الْعَوْدُ أَحْمَدُ" ۔ عَادَ الْأَمْرُ كَذَا: بمعنی صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لئے آتا ہے جیسے "عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا ۔
عَادَهُ عَوْدًا: عادت بنا لینا ۔
عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وَعِيَادًا وَعِيَادَةً وَعُوَادَةً الْمَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا ۔ صفت مذکر عَائِد ج عُوَّاد وَعُوْد وَعُوَّد: اور صفت مؤنث عَائِدَة: ج عُوْد: اور صفت مفعول مَعُوْد: اور مَعُوْوْد ۔
عَوِدَ فُلَانٌ كَذَا: عادی بنا رہا ...... الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بوڑھا ہونا ...... الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا ۔
عَيَّدَ تَعْيِيْدًا: عید میں حاضر ہونا ۔
عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً وَعِوَادًا ۔ الرَّجُلَ: امر اول کی طرف واپس آنا ...... الشَّيْئَ: عادت بنا لینا ۔ کہا جاتا ہے "عَاوَدَتْهُ الْحُمَّى" بار بار بخار آیا "عَاوَدَهُ بِالْمَسْأَلَةِ" بار بار سوال کیا ۔
أَعَادَ إِعَادَةً الْأَمْرَ وَالْكَلَامَ: لوٹانا ۔ دہرانا ...... الشَّيْئَ: عادت بنا لینا ۔ طاقت رکھنا ...... الشَّيْئَ إِلَى مَكَانِهِ: اس کی جگہ پر واپس کرنا ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيْدُ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو ۔ "رَأَيْتُ فُلَانًا مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيْدُ" یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتداً نہ عادۃً ۔
تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا الْمَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا ...... الشَّيْئَ: عادی ہونا ۔
اِعْتَادَ اِعْتِيَادًا ۔ الشَّيْئَ: خوگر ہونا ۔ عادی ہونا ۔
تَعَاوَدَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا ۔
اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَةً: لوٹنے کو کہنا ...... الشَّيْئَ: فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا ...... الشَّيْئَ: عادی ہونا ۔ خوگر ہونا ۔
عَاد: عرب اولیٰ کا ایک شخص ۔ ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا ۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي أَيُّ عَادٍ هُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے ۔

الـمَـعْهُوْد: وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوام قدیمہ کے کھنڈرات۔ ج معہودات۔

العَوْد: مص۔ بوڑھا اونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِـوَدَة: پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا عَلٰی بَدْءِہٖ او "رَجَعَ عَوْدَہٗ عَلٰی بَدْئِہٖ" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آ گیا۔

العُوْد: لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَان و اَعْوَاد و اَعْوُد.

عُوْدُ الصَّلِیْب و عُوْدُ القَرْح و عُوْدُ الاَنْجَار: دواؤں کے نام۔

العِیْد: عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار منائے ہوں۔ کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی (عِـوْد) ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق (اَعْوَاد) ہونی چاہئے تھی مگر (عِـوَد) بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کے لئے اس کی جمع (اَعْیَاد) آتی ہے۔ العِیْد: بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ۔

العَـادَة: عادت۔ خو ج عَـادَات و عَـاد و عِیَد و عَوَائِد (عوائد گویا عائدہ کی جمع ہے۔)

العَوَّاد: سارنگی بجانے والا۔

الاَعْـوَد: نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْکَ" یعنی یہ تمہارے لئے زیادہ نافع ہے۔

العَـائِدَة: مؤنث عائد۔ ج عُوَّد و عَوَائِد و عَـائِـدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عوائد۔ العَوَائِد: محصول۔

العَوَاد: مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لئے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عَوّاد ثلاثیت: عین کے ساتھ ہے۔

الـعَوَادَة: مص۔ کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کے لئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَـکَ العَوَادَة ولَکَ العَوْد و العَوْدَة" تیرے لئے واپسی کا حق ہے۔

الـمَـعَـاد: مص۔ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنت۔ ج (...... والـمَـعَـادَة) رونے کی جگہ۔ نوحہ کرنے کی جگہ ج مَعَاوِد.

الـمُـعِـیْـد: فا۔ حاذق۔ تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "الفَرَس مُبْدِئٌ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔

المُعَاوِد: فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے عمل میں ماہر۔ جوان مرد۔

المُعَیَّد: خضبناک۔ سخت ظالم۔

عَـاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا و عِیَاذًا و مَعَاذًا و مَعَاذَةً تَـعَـوَّذَ و اِسْـتَـعَاذَ بِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: پناہ لینا۔ عَاذَ بِالشَّیْءِ: لازم ہونا۔

عَـوَّذَ تَعْوِیْذًا و اَعَاذَ اِعَاذَةً و اَعْوَذَ اِعْوَاذًا الـرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُکَ بِـاللّٰہِ: کہنا۔ متنفر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔

تَعَاوَذَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔

العَوْذ: پناہ۔ کہا جاتا ہے "عَـوْذٌ بِـاللّٰہِ مِنْکَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

الـعِـیَـاذ: مص۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "العِیَاذُ بِاللّٰہِ مِنْکَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

العَوَذ: پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔

الـعُـوْذَة ج عُـوَذ و الـتَّـعْـوِیْذ ج تَـعَـاوِیْذ والـمَـعَـاذَةُ ج مَـعَـاذَات: تعویذ۔ اسماء یا آیاتِ قرآنی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کے لئے لٹکایا جائے۔

العَوَاذ: کراہت۔ کہا جاتا ہے "مَـا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْہُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

الـعَـائِد: عائذ ج عُوْذ ...... نئی جننے والی ہرنی یا اونٹ یا گھوڑا ج عُـوْذٌ و عُـوْذَان ج عُوْذَات۔

العَائِذَة: مؤنث عائذ ج عَوَائِذ و عَائِذَات

العَوَائِذ: چار ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام ربع ہے۔

المَعَاذ: مص۔ جائے پناہ۔ مستقر۔ کہا جاتا ہے "مَعَاذَ اللّٰہِ و مَعَاذَ وَجْهِ اللّٰہِ" و "مَعَاذَةَ اللّٰہِ و مَعَاذَةَ وَجْهِ اللّٰہِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

الـمُـعَوَّذ: ٹیکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ۔ گھروں کے اردگرد اونٹوں کی چراگاہ۔

الـمُـعَوَّذ و الـمُـعَوِّذ و العُـوْذ: کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔

عَارَهٗ یَعُوْرُهٗ عَوْرًا: کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لے جانا اور تلف کرنا (...... و اَعَـارَ) عَـیْـنَ الـمَـاءِ او الرَّکِیَّةِ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَـارَتْ عَـیْـنُ المَاءِ او الرَّکِیَّةِ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا۔

عَـوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا و اِعْوَرَّ: کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر: صفت مؤنث عَوْرَاء ج عُوْر و عُوْرَان۔

عَـوَّرَہٗ: کانا کرنا ...... و عَـوَّرَ الاَمْـرَ: باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَـلَیْہِ اَمْرَہٗ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَـوَّرَ الـمَـکَایِیْلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا ...... عَـوَّرَ البِـئْـرَ: کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَـوَّرَ فُلَانٌ: دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا۔ فُلَانًا: رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔

اَعْوَرَہٗ اِعْوَارًا: کانا کر دینا۔ اَعْـوَرَ الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اَعْـوَرَ الـفَـارِسُ: سوار میں تیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا ...... الرَّجُلُ: شک کرنا۔

اَعَـارَہٗ اِعَارَةً. الشَّیْءَ و مِنَ الشَّیْءِ: منگنی دینا۔

عَـاوَرَہٗ الشَّـیْءَ مُعَـاوَرَةً: منگنی دینا۔ عَـاوَرَ الـشَّـمْـسَ: انتظار کرنا۔ عَـاوَرَ الشَّیْءَ: جیسا

کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔
عاور و عائر. المکاییل : پیمانوں کا اندازہ کرنا۔
اِعْوَرّ : کانا ہونا۔ اِعْوَرَّت و اِعْوَارَّت العَیْنُ : آنکھ کا کانی ہو جانا۔
تَعَوَّر و العَارِیَة : منگنی مانگنا..... وتَعَاوَرَ ..... واعْتَوَر) القَوْمُ الشَّیْءَ : باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ الرِّیَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات و کھنڈرات پر مختلف ہوائیں۔ کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔
اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ : منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔
اِسْتَعَارَ الشَّیْءَ مِنْ فُلَانٍ و اِسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّیْءَ : منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "أَرَى الدَّهْرَ يَسْتَعِيرُ ثِيَابِي" میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے۔
العَوْرَة : خلل جو سرحد میں ہو اور جس سے خوف کیا جائے۔ العَوْرَةُ مِنَ الجِبَالِ : شگاف..... مِنَ الشَّمْسِ : جائے طلوع و غروب۔ العَوْرَةُ : ہر امر جس سے شرم کی جائے۔ انسان کے اعضاء جن کو حیا سے چھپایا جاتا ہے ج عَوْرَات عَوَرَات.
العَائِر : فا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔ آشوب چشم۔ تنکا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔ العَائِرُ مِنَ السِّهَامِ و الحِجَارَةِ : وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَهُ سَهْمٌ أو حَجَرٌ عَائِرٌ" اس کو ایسا تیر یا پتھر آ کر لگا جس کے پھینکنے والا معلوم نہیں۔
العَائِرَة : مؤنث عائر : کثرت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ مِنَ المَالِ عَائِرَةُ عَيْنَيْنِ" اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَيْنٌ عَائِرَة : تنکے والی آنکھ ج عَوَائِر. العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ : ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العَارَة و العَارِيَة و العَارِيَّة : منگنی۔ منگنی دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ج عوار و عَوَارِیّ.
العَوَار و العُوَار و العُوَّار : عیب۔ کپڑے کا پھٹن۔
الاَعْوَر : کانا۔ مؤنث عَوْرَاء ج عُور و عُورَان و عِيرَان. المَعَانِي العُور : معانی مشکل۔ فَلَاةٌ عَوْرَاء : بے پانی کا جنگل۔ کَلِمَةٌ عَوْرَاء : کلمہ قبیح۔ الاَعْوَر : کوا۔ ردی۔ ضعیف۔ بزدل۔ بری رہنمائی کرنے والا۔ پھٹی ہوئی کتاب۔ وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہ ہو۔ وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ ہو۔ ج أَعَاوِر.
العَوِر : ردی۔ سیرت۔ شَیْءٌ عَوِرٌ : وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَة.
العُوَیْر : کوا۔
العَیْرَان : ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
العُوَّار : تنکا۔ اباتیل۔ راستہ سے ناواقف۔ کمزور۔ بزدل۔ ج عَوَاوِیر.
المُعَار : دبلا کیا ہوا گھوڑا اور بقول بعض دم نچا ہوا گھوڑا۔
المَعْوَر. مِنَ الاَمْكِنَة : دہشت ناک۔ رَجُلٌ مُعْوِرٌ : بری عادت والا۔ شَیْءٌ مُعْوِرٌ : جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
عَازَ یَعُوزُ عَوْزًا الشَّیْءُ فُلانًا : محتاج ہونا اور کامیاب نہ ہونا۔
عَوِزَ یَعْوَزُ عَوَزًا. الشَّیْءُ : دشوار ہونا۔ باوجود حاجت کے کمیاب ہونا...... الاَمْرُ : سخت ہونا...... الرَّجُلُ : محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ و عَائِزٌ و اَعْوَزُ.
اَعْوَزَ اِعْوَازًا. الرَّجُلُ : محتاج و بدحال ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ و مُعْوَزٌ. اَعْوَزَهُ المَطْلُوبُ : مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حصول دشوار ہونا۔ اَعْوَزَ بِی الشَّیْءُ : محتاج ہونا اور نادر نہ ہونا۔ اَعْوَزَ الشَّیْءُ : دشوار ہونا...... الدَّهْرُ فُلانًا : زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔
اِعْتَوَزَ اِعْتِوَازًا : حیلہ کرنا۔ حالت کا گر جانا۔

ہونا۔
العَوْز : جس۔ دانا انگور۔ واحد عَوْزَة.
العَوَز : حاجت۔ تنگی۔
المِعْوَز و المِعْوَزَة : پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔ ج مَعَاوِز و مَعَاوِزَة.
عَاسَ یَعُوسُ عَوْسًا و عَوَسَانًا : رات میں چکر لگانا..... عَلَى عِيَالِهِ : آل اولاد کے لئے محنت سے کمانا..... عِيَالَهُ : خوراک دینا..... عَوْسًا و عِيَاسَةً) الذِّئْبُ : بھیڑیے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا..... عَوْسًا) الشَّیْءَ : تعریف کرنا..... مَعِيشَتَهُ : درست کرنا۔
عَوِسَ یَعْوَسُ عَوَسًا : بڑھنے میں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَس.
العَوْس : صیغہ مصدر ہے اور لیث کے لئے عُوَیْس : کہا جاتا ہے کُنْیَتُهُ عُوَیْس.
العَوَّاس : صیغہ مبالغہ۔
غَاصَ یَغَاصُ و عَوِصَ یَعْوَصُ عَوَصًا و عَوَاصَةً. الشَّیْءُ : سخت ہونا۔ دشوار ہونا..... الکَلَامُ : جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اِعْتَاصَ اِعْتِيَاصًا. الاَمْرُ عَلَيْهِ : سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔
عَوَّصَ : فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا۔ الشَّاعِرُ او الخَطِيبُ : ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اَعْوَصَ عَوْصًا و عِيَاصًا. و بالخَصْمِ اِعْوَاصًا : بِخَصْمِهِ و عَلَى خَصْمِهِ : دلائل سے حیران کر دینا..... فِی الکَلَامِ : باریک بات کہنا۔
عَاوَصَهُ مُعَاوَصَةً : کشتی لڑنا پچھاڑنا۔
الاَعْوَص : باریک بات۔ مؤنث عَوْصَاء.
العَوْصَاء : مؤنث الاعوص : سختی۔ حاجت۔ کَلِمَةٌ عَوْصَاء : کلمہ نادرہ۔
العَوَص : دشواری۔
العَائِص و العَوِص و العَوِیص : سختی۔ حاجت۔ العَوَص : نفس آوے جرکے۔

الْمُعْرِضُ مِنَ الْأَمْرِ: دشوار۔ ... جِسْنُ الْكَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ ... حِسْنَ الْعَوَاصِي: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عوِيصَةٌ۔
الْعَوِيصُ: جی۔ نفس۔ قوۃ۔ حرکت۔
عَاضَ يَعُوضُ عَوْضًا وَعِوَضًا وَعِيَاضًا وَعَوَّضَ وَعَاوَضَ وَأَعَاضَ إِعَاضَةً فُلَانًا مِنْ كَذَا: بدلہ دینا۔
تَعَوَّضَ وَاعْتَاضَ مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِعْتَاضَ وَاسْتَعَاضَ فُلَانًا: بدلہ مانگنا۔
عَوْضُ: یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے "لَا أُفَارِقُكَ عَوْضُ" یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے "مَا رَأَيْتُ مِثْلَهُ عَوْضُ" یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کے ساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لَا أَفْعَلُهُ عَوْضَ الْعَائِضِينَ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
الْعِوَضُ ج أَعْوَاضٌ ... الْعَائِضُ وَالْمَعُوضَةُ: بدلہ
تَعَوَّطَتِ الْمَرْأَةُ أَوِ النَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا ...
الْعَوَطُ: گردن لمبی ہونا۔
اِعْتَاطَتِ الْمَرْأَةُ أَوِ النَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔
ج عُوطٌ وَعَوَائِطُ وَعِيطٌ وَعُوَّطٌ وَعِيطَاتٌ.
عَافَ يَعُوفُ عَوْفًا الطَّائِرُ: پرندہ کا منڈلانا۔
تَعَوَّفَ الْأَسَدُ: شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا۔
الْعَافُ: نرم۔
الْعَوْفُ: حصہ۔ حال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنے والا۔ پرندہ۔ ایک خوشبودار نباتات۔ أَبُو عَوْفٍ: ٹڈی کا نام
عُوَيْفٌ: مادہ ٹڈی۔
الْعَوَافُ وَالْعَوَافَةُ: شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ قسمت۔
عَاقَهُ يَعُوقُهُ عَوْقًا وَعَوَّقَهُ وَاعْتَاقَهُ إِعْتِيَاقًا وَاعْتَاقَهُ بِمَعْنَاهُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اعْتَاقَنِي عَنِ الزَّادِ أَوِ السُّلُبَةِ اعْتِيَاقًا" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔
تَعَوَّقَ: پیچھے ہٹنا۔ تَعَوَّقَ فُلَانًا: باز رکھنا۔ روک دینا۔
الْعَوْقُ وَالْعُوَقُ: روکنے والا۔ بے فیض آدمی۔ لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج أَعْوَاقٌ۔
الْعُوَقُ وَالْعَوِقُ وَالْعِيَقُ وَالْعَيِّقُ وَالْعُوَّقُ وَالْعُوَقَةُ: بزدل۔ روکنے والا۔
رَجُلٌ عُوَقَةٌ وَعُوَّقَةٌ وَعُوَّقٌ وَعَيِّقٌ وَعُيَّقٌ: لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔
الْعَوَقُ: بھوک۔
الْعَائِقُ: پھولوں کی ایک قسم۔
الْعَائِقُ: شاہ بر روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِقُ وَعُوَّقٌ۔ عَوَائِقُ الدَّهْرِ: زمانے کے مشاغل۔
الْعَاقِقَةُ: مؤنث عَائِقٍ: عمل سے روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِقُ۔
الْعَيُّوقُ: نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔
الْعُوَاقُ وَالْعُوَيْقُ: چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔
عَاكَ يَعُوكُ عَوْكًا وَمَعَاكًا عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا ... بِهِ: پناہ لینا ... مَعَاكَةً: کمائی کرنا۔ صفت عَائِكٌ۔
تَعَاوَكَ الْقَوْمُ: باہم لڑنا۔
اِعْتَوَكَ ... الْقَوْمُ: ہجوم کرنا۔
الْعَوْكُ: مس۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهِ عَوْكٌ" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔
الْعَوِيكَةُ وَالْمَعُوكَةُ: لڑائی۔
الْمَعَاكُ: جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا فِي حُكْمِهِ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا ... يَعُولُ عَوْلًا وَعَالَ يَعِيلُ عِيَالًا فِي الْمِيزَانِ: خیانت کرنا ... الْمِيزَانُ: گھٹنا ... أَمْرُ الْقَوْمِ: مضطرب ہونا ... الشَّيْءُ فُلَانًا: بھاری ہونا۔ عَالَتِ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دم اٹھانا۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا وَعِيَالَةً: کثیر العیال ہونا۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا وَعِيَالَةً وَعُوُولًا الرَّجُلُ عِيَالَهُ: اہل و عیال کے معاش کی کفالت کرنا ... الْيَتِيمَ: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَالَ عَوْلُهُ وَعِيلَ عَوْلُهُ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
عَالَ وَعِيلَ صَبْرُهُ: صبر جاتا رہنا۔
الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔
أَعَالَ إِعَالَةً وَأَعْوَلَ إِعْوَالًا وَأَعْيَلَ إِعْيَالًا الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔ أَعَالَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ أَعَالَ وَأَعْيَلَ: حریص ہونا۔ صفت مُعْوِلٌ وَمُعِيلٌ أَعَالَ عِيَالَهُ: اہل و عیال کے معاش کے لئے کافی ہونا۔
أَعْوَلَ: چیخ کر رونا۔ أَعْوَلَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز کرنا۔ أَعْوَلَ الرَّجُلُ: حرص کرنا ... عَلَى فُلَانٍ: ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
عَوَّلَ: چیخ کر رونا ... عَلَى فُلَانٍ وَبِهِ: مدد مانگنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَوِّلْ عَلَيَّ بِمَا شِئْتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو اور عَوَّلَ عَلَيْهِ مُعَوَّلًا: کہا جاتا ہے اور تَعْوِيلًا نہیں کہا جاتا اور اسم العول ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلْنَا إِلَى فُلَانٍ فِي حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعْمَ الْمُعَوَّلُ" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔
عَيَّلَ تَعْيِيلًا عِيَالَهُ: اہل و عیال کے معاش کے لئے کافی ہونا۔
اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا: چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

الْعَوْلُ والْعَوْلَة والْعَوِيْل: چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ الْـعَـوْل: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل و عیال کی خوراک۔ مدد طلب کیا ہوا۔

الْـمَعْوَل: بھروسہ۔ اعتماد۔ مدد طلب کرنا۔ عمدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِعْوَلِي مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے۔

الْـعَالَة: شتر مرغ۔ بارش سے بچنے کے لئے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی۔

عَيِّلُ الـرَّجُل: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِيَال وعِيَائِل وعَالَة.

الْمِعْوَل: کدال ج مَعَاوِل.

الْـمُعَوَّل: جس سے فریاد کی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔

عَـامَ يَعُوْمُ عَـوْمًـا فِي الْمَاءِ: تیرنا۔ صفت عَائِم. عَـامَـتِ الـسَّفِيْنَة فِي الْمَاءِ: کشتی کا چلنا۔ عَـامَ الـزِّمَـامُ: لگام کا ہلنا۔ عَـامَـتِ النُّجُوْمُ: ستاروں کا چلنا۔

عَـوَّمَ: کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا۔ عَـوَّمَ الـسَّـفِيْـنَة: کشتی چلانا۔ کھینا...... الْـكَـرْمُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔

عَـوَّمَـتْ وعَـاوَمَـتِ النَّخْلَة: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔ عَـــاوَمَ فُلَانًا فُلَانًـــا: ایک سال کے لئے کرایہ پر معاملہ کرنا۔

أَعْـوَمَ إِعْـوَامًا: ایک سال کا ہونا۔ سال کے اول میں ہونا۔

الْعَام: جمع عامة: کی۔ وی۔ سال۔ ج أَعْوَام: تصغیر عُوَيْم: نسبت کے لئے عَامِيٌّ.

الْـعَامَة: عمامہ کا پیچ۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کشتی۔ الْـعَـامَة: کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کئے ہوئے گٹھے ج عَام.

الْعُوْمَة: پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا۔ ایک قسم کا سانپ ج عُوَم.

الْعَوَّام. عَائِم: کا مبالغہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

الْعَوَّامَة: مچھلی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے۔

الْعُوَّام: سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ الْعُوَيْم" یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔

الْمُسْتَعَام: جہاز۔ کشتی۔

عَـانَـتْ تَعُوْنُ عُوُوْنًا الْمَرْأَةُ: عورت ادھیڑ عمر کی ہونا۔

عَوَّنَهُ تَعْوِيْنًا وعَاوَنَهُ مُعَاوَنَةً وعِوَانًا وأَعَانَهُ إِعَانَةً عَلَى الشَّيْءِ: مدد کرنا۔ عَوَّنَتِ الْمَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ أَعَانَـهُ مِنْهُ: اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔

تَـعَاوَنَ اِعْتَوَنَ. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَعَانَ. فُلَانًا وبِفُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔

الْـــعَـــوْن: مص۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) ج أَعْوَان.

الْـعَـــانَة: گدھی۔ گورخر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج عُوْن وعَانَات.

الْـعَوَان: بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الْـحَـرْبُ الْعَوَان: سخت جنگ

الْعَوَان: ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن.

الْـعَـوَانَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو سیہہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الْمَعَانَةُ والْمَعُوْنَةُ والْمَعُوْن: مدد۔

الْـمِـعْـوَان: بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مَعَاوِيْن.

اَلتَّعَاوُنِيَّة: کھانے پینے اور لباس وغیرہ اشیاء کا سستا سٹور جس کو یوٹیلٹی سٹور بولا جاتا ہے۔

اَلْـمُـعَـيَّـن: چار برابر اضلاع والی شکل قائم زاویے کے علاوہ۔ شکل معین بنانا۔

الْمُتَعَاوِنَة: بوڑھی عورت۔

غَـاهُ يَغُوْهُ غَوْهًا وغُوْهَةً الزَّرْعُ: کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا...... الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت غَائِهَة وغَاهٍ وغَاهَة وغُوْهَة.

غُـوِّهَ الـرَّجُـلُ: آفت پہنچانا (...... وأَغَـاهَ وأَغْوَهَ إِغَاهَةً وإِغْوَاهًا وتَـغَـوَّهَ تَغَوُّهًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔

غَـوَّهَ الْـقَوْمُ: کچھ دیر سونے کے لئے سفر میں ٹھہر جانا۔ غَـوَّهَ عَـلَـيْهِمْ: ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

الْـعَاهَة: آفت۔ أَهْـلُ الْعَاهَات: آفت رسیدہ لوگ۔

الْـمَـعْيُوه والْمَعُوْهُ والْمَعِيْه مِنَ الْمَوَاشِي وغَيْرِهَا: آفت رسیدہ۔

عَـوَى يَعْوِي عُوَاءً وعَيًّـا وعَوَّةً وعَوِيَّةً الْـكَـلْبُ او الذِّئْبُ وابن آوی: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَـا يَعْوِي ومَا يَنْبَحُ" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ الْـقَـوْمُ إِلَى الْفِتْنَة: بلانا (...... عَـوَاهُ يَعْوِيْهِ عَيًّا: عَنِ الشَّيْءِ) باز رکھنا (...... وعَوَّى) الْقَوْسَ ولَـوَّاهَا: کمان کو جھکانا...... الْحَبْلَ او الشَّعْرَ: رسی یا بال کو موڑنا...... عَــنِ الـرَّجُـل: حمایت کرنا اور بات کرنے والے کی تکذیب کرنا۔

اِعْتَوَى اِعْوِاءَ الشَّيْءَ: موڑنا...... الْكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔

عَـاوَى. الْكِلَابُ مُعَاوَاةً: بھونک کر کتے کو اکسانا۔

تَعَاوَى تَعَاوِيًا الْقَوْمُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر ہجوم کرنا۔

اِنْعَوَى اِنْعِوَاءً: مڑنا۔

اِسْتَعْوَى اِسْتِعْوَاءً الْقَوْمَ: فریاد کرنا۔ فتنہ پر ابھارنا...... : بھونکوانا۔

الْعَوَّاء: بہت بھونکنے والا کتا۔

الْـعَوَّة: مص۔ آواز۔ شور...... الْعُوَّة: چوتڑ۔

الْمُعَاوِيَة: کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔

غَـابَ يَغِيْبُ غَيْبًا الشَّيْءُ: عیب دار ہونا۔ صفت فاعل عَائِب: اور صفت مفعول مَعِيْب ومَعْيُوْب.

فلانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عاب الشئ: عیب ناک ہونا۔ صفت عائب۔
عَیَّب وتَعَیَّب الرَّجُلَ: عیب کی نسبت کرنا ...... الشئ: عیب دار بنانا۔
تَعَایَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
العَیْب: مص۔ برائی۔ ج عُیُوب۔
العَیْبَة: ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَیْبَة: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِیَب وعِیَاب وعِیَبَات، والعَیْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔
العَاب: عیب برائی۔
العَیَّاب والعَیَّابَةُ والعُیَبَة: بڑا عیب جو۔
المَعَاب والمَعَابَة: عیب۔ برائی۔ ج مَعَایِب۔
المَعِیب والمَعْیُوب: عیب دار۔
المُعَیِّب: زنبیل بنانے والا۔
عَاثَ یَعِیثُ عَیْثًا وعُیُوثًا وعَیَثَانًا الشئ: فاسد کرنا ...... فِی مَالِهِ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَان: صفت مؤنث عَیْثَی۔
عَیَّثَ: اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا اور کہا جاتا ہے عَیَّثَ یَفْعَلُ کَذَا: یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔
تَعَیَّثَتِ الإِبِلُ: سیرابی سے کم پینا۔
العَیُّوث والعَیَّاث: بہت زیادہ فساد کرنے والا ...... (والعَیِّث) شیر۔
العَیْثَة: ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔
عَاجَ یَعِیجُ عَیْجًا بالشئ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا أَعِیجُ بِکَلَامِهِ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا عِجْتُ بالشئ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِهِ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ نفی ہی میں مستعمل ہوتا ہے۔)
عَارَ یَعِیرُ عَیْرًا: حیرانی کے ساتھ آنا جانا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے ـــــم
العَیَّار ...... فلانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِیدَةُ: قصیدہ کا مشہور ہونا۔
عَیَّرَ فلانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَیَّرَهُ کَذَا وعَیَّرَهُ بِکَذَا عَیَّرَ الفَاءَ" کائی والا ہونا۔
عَایَرَ وَمُعَایَرَةً وعِیَارًا المِکْیَالَ او المِیزَانَ: اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَایَرَ فُلَانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
أَعَارَ بِطَارَةَ الفَرَسِ: چرنے کے لئے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔
تَعَایَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
العَار: عیب ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج أَعْیَار۔
العَیْر: مص۔ گدھا یا گورخر اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج أَعْیَار وعِیَار وعُیُور وعُیُورَة وعِیَارَات مؤنث عَیْرَة
العَیْر: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی تلی یا پلک کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَیْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔
عَیْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان کا حصہ۔
عَیْرُ الوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔
العِیر: تجارتی سامان کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِیَرَات وَعِیرَات۔
العَائِر: فا۔ حیران۔ سرگرداں۔ چکر لگانے والا
سَهْمٌ عَائِرٌ: جس تیر کا چلانے والا معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَائِرَةٌ: بکری جو دو ریوڑوں کے درمیان پریشان ہو کر گھر جائے۔
العِیَار: جمع عَیْر۔ عِیَارُ الشئ: ہر چیز کا اندازہ۔ ج عِیَارَات عِیَارُ الدَّرَاهِمِ لو الدَّنَانِیرِ: درہم اور دینار کا ٹھپہ۔
العَیَّار: بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔
فَرَسٌ عَیَّارٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
المِعْیَار: کسوٹی۔ ج مَعَایِیر۔
المُعَار مِنَ الخَیْلِ ......
راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔
المُعَایِر: مجذوب۔
المُسْتَعِیر: جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔
أَعْیَسَ إِعْیَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔
عَیِسَتِ الإِبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔
العَیَس والعِیسَة: بھورے رنگ کا اونٹ۔
العِیس: بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد مذکر أَعْیَس: واحد مؤنث عَیْسَاء۔ العِیس: عمدہ قسم کے اونٹ۔ العَیْسَاء: مادہ ٹڈی۔
عِیسَی: عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی (علیہ السلام) کا ہے نسبت کے لئے عیسوی اور عیسی ہے۔
عَاشَ یَعِیشُ عَیْشًا وعِیشَةً ومَعَاشًا ومَعِیشًا ومَعِیشَةً وعَیْشُوشَةً: زندہ رہنا۔
عَیَّشَهُ وأَعَاشَهُ إِعَاشَةً: زندہ رکھنا۔
عَایَشَهُ: ساتھ زندگی بسر کرنا۔
تَعَیَّشَ: اسباب زندگی کے لئے کوشش کرنا۔
تَعَایَشُوا بِالأُلْفَةِ والمَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
العَائِش: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔
العَیْش: مص۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی ...... (والعِیشَة) زندگی کی حالت۔
العَیَّاش: روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔
عَائِش: کا مبالغہ۔
المَعَاش والمَعِیشَة: کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔
المَعَاش: زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَایِش۔
المُتَعَیِّش: فا۔ جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔
العِیص: گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِیصٍ کَرِیمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔ ج أَعْیَاص وعِیصَان۔

المَغِيص : درخت کے اگنے کی جگہ۔
غَاطَتْ تَغِيطُ غَيْطًا. العُنُقُ : گردن لمبی ہونا۔
غَيِطَ يَغْيَطُ غَيَطًا الرَّجُلُ : لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر أَغْيَطُ : اور صفت مؤنث غَيْطَاءُ ج غِيطٌ.
غَيَّطَ تَغْيِيطًا : چیخنا۔ چلانا۔
تَغَيَّطَ : غضبناک ہونا...... القَوْمُ : چیخنا۔ شور مچانا۔ تَغَيَّطَتِ العُنُقُ : گردن لمبی ہونا۔ تَغَيَّطَ العُودُ : لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
الغِيَاط : چیخ۔ شور۔
الغَائِط : فا۔ چیخنے والا۔ ج غُيُوط وغُيَّط وغُيَّط و غُوَطَط وغُيُطَات : اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہے غَائِطٌ غَيِطٌ وغَوْزَطٌ وغُوَطَطٌ.
هَضْبَةٌ غَيْطَاء : اونچا ٹیلہ۔
غَافَ يَغِيفُ ويَغَافُ غَيْفًا وغِيَافًا وغَيَفَانًا. الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ : کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
غَافَ يَغِيفُ عِيَافَةً. الطَّيْرَ : پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
غَافَتْ تَغِيفُ غَيْفًا الطَّيْرُ : منڈلانا اور اسم غَيْفَةٌ.
أَغَافَ إِغَافَةً. القَوْمُ : پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعْتَافَ. اِعْتِيَافًا : سفر کے لئے توشہ لینا...... الطَّعَامَ وَغَيْرَهُ : ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
العَائِف : فا۔ شگون لینے والا۔
الغَيْفَة : ایک مرتبہ کر دہ جاننا۔ غَيْفَةُ الطَّيْرِ : منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔
العِيفَة : کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
العَيُوف والعَيُوف : شگون لینے والا۔
نسور عَوَائِف : مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔
العَيْفَان : نفرت کرنے کا عادی۔

المَعِيف : مکروہ۔
المُتَعَيِّف : شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاقَ يَعِيقُ عَيْقًا : یعنی عَاقَ يَعُوقُ عَوْقًا.
عَاكَ يَعِيكُ عَيَكَانًا : مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَهُ يَعِيلُهُ عَيْلًا ومَعِيلًا. الشَّيْءُ : عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِي مَشْيِهِ : نازو انداز سے چلنا۔
عَالَ يَعِيلُ عَيْلًا وعُيُولًا وعُيُولًا فِي الأَرْضِ : جانا اور پھرنا۔
عَالَ يَعِيلُ عَيْلًا وعَيْلَةً وعُيُولًا ومَعِيلًا : محتاج ہونا۔ صفت عَائِل : مؤنث عَائِلَة اسم عَيْلَة. عَالَ الرَّجُلُ : کثیر العیال ہونا۔
عَيَّلَ : کثیر العیال ہونا...... عَيَالَة : معاش کی کفالت کرنا...... القَوْمَ : عیال بنالینا۔ بیکار چھوڑ دینا...... فَرَسَهُ : مہمل کر دینا۔ بے کار چھوڑ دینا۔
أَعْيَلَ أَعْيَالًا : کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْيِل : صفت مؤنث مُعْيِلَة.
تَعَيَّلَ فِي المَشْيِ : نازو انداز سے چلنا۔
العَائِل : فا۔ محتاج ج عَالَة وعُيَّل وعُيَّل وعَيْلَى.
العَيْلَان : نر بجو۔
عَيْلُ الرَّجُلِ : گھر کے لوگ ج عَيَائِل.
عَيْلَةُ الرَّجُلِ وعَائِلَتُهُ : گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "أَصْبَحْتُ أَخَا عَيْلَةٍ" یعنی فقیر محتاج ہو گیا۔
العَالَة : فاقہ۔
العَيَّال : ناز سے چلنے والا۔
العِيَالَة المُعَالَة. لِلْمَرْفُوْنِ وغَيْرِهِ : چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّلٌ : صاحب عیال۔ اہل وعیال والا۔
عَامَ يَعَامُ ويَعِيمُ عَيْمًا وعَيْمَةً : دودھ کا خواہش مند ہونا۔
أَعَامَهُ إِعَامَةً. اللهُ : بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
أَعَامَ الرَّجُلُ بغیر دودھ کے رہنا۔ القَوْمُ : دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِيَامًا : عمدہ مال چھانٹ لینا۔
القَيْمَة : دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
العِيمَة : عمدہ مال۔
العَيَام : دن۔ کہا جاتا ہے "سِرْتُ العَيَامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
العَيْمَان : دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيْمَى ج عِيَامَى.
عَانَ يَعِينُ عَيْنًا. الرَّجُلَ : نظر لگانا۔ صفت عَائِن : صفت مفعول مَعِين ومَعْيُون (عَيْنًا وعَيَانًا وعَيَنَانًا) المَاءُ او الدَّمْعُ : پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ : کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتَّى عِنْتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(...... عِيَانَةً) القَوْمَ : خبر لانا...... عَلَى القَوْمِ : جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعْيَنُ عَيَنًا وعِينَةً : آنکھ کی بڑی سیاہی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِينًا. الشَّجَرُ : سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا...... التَّاجِرُ : سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا...... الشَّيْءَ : عین کو لکھنا...... اللُّؤْلُؤَةَ : چھید کرنا۔
القِرْبَةَ : مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں...... الحَرْبَ بَيْنَهُمْ : لڑائی جاری کرا دینا...... الشَّيْءَ : خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا...... فُلَانًا : برائیوں کو روبرو کہہ دینا...... عَلَى فُلَانٍ : جاسوسی کرنا...... عَلَى السَّارِقِ : مجمع میں سے چور کو متعین کرنا...... الشَّيْءَ لِفُلَانٍ : کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِي بِشَيْءٍ وَمَا عَيَّنَنِي شَيْئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
أَعَانَ اعانة : دیکھو اعون۔ کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ حَتَّى أَعَنْتُ" یعنی میں یہاں تک کہ پانی کے چشموں تک پہنچ گیا "وَمَا أَعْيَنَهُ" وہ کتنا تیز نظر ہے۔

عَايَنَهُ عِيَانًا وَمُعَايَنَةً: خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَيَّنَهُ: نظر بد لگانا۔ تَعَيَّنَ الرَّجُلُ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَيَّنَ الشَّيْءَ: دیکھنا...... الْجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا...... الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کے لئے توقف کرنا۔ تَعَيَّنَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ: معین چیز پر لازم ہونا...... السِّقَاءُ: کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ الشَّيْءَ: عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا...... الْقَوْمَ: خبر لانا...... لِفُلَانٍ مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔

الْعَائِنُ: نظر لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهَا الدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "وَشَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

الْعَائِنَةُ: مؤنث عائن: کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ أَوَّلَ عَائِنَةٍ وَأَدْنَى عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَةُ بَنِي فُلَانٍ: مال و ماشکین مال۔

الْعَيْنُ: مص۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے۔ پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج أَعْيُنٌ وَعُيُونٌ وَعِيُونٌ وَأَعْيَانٌ و جج أَعْيُنَاتٌ اور تصغیر عُيَيْنَةٌ۔

الْعَيْنُ: اہل شہر۔ اہل مکان۔ بد نظری۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عَيْنٌ" یعنی وہ بد نظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِهَا الدَّارِ عَيْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرَ الْحَقَّ بِعَيْنِهِ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقے سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَيْنُ الْإِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجود چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهُ عَيْنًا بِعَيْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے چھلے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَيْنًا او بِعَيْنِهِ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کنارہ۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج أَعْيُنٌ وَعُيُونٌ: ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَيْنٌ عَلَى فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے۔ "هُوَ عَبْدُ عَيْنٍ او صَدِيقُ عَيْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِيتُهُ عَيْنَ عُنَّةٍ میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِيتُهُ أَوَّلَ عَيْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ أَثَرًا بَعْدَ عَيْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کے لئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَيْنٍ" و "أَنْتَ عَلَى عَيْنِي" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "مَا هُوَ عَرَضُ عَيْنٍ" یعنی وہ قریب ہے "فَعَلَهُ عَلَى عَيْنٍ وَعَلَى عَيْنَيْنِ وَعَمْدَ عَيْنٍ وَعَمْدَ عَيْنَيْنِ وَعَمْدًا عَلَى عَيْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وَلَقَّاهُ عَيْنَهُ: یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

الْعِينُ: بیل گائے۔

الْعِيْنُ: مص۔ اہل شہر۔ جماعت۔

الْعِيَانُ: مص۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَهُ او رَآهُ عِيَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔ الْعِيَانُ: ہل کا پھل ج عُيُنٌ وَأَعْيِنَةٌ۔

الْعِينَةُ: عمدہ مال۔ عِينَةُ الْخَيْلِ: عمدہ گھوڑے۔ الْعِينَةُ مِنَ الشَّجَرَةِ: بکری کی آنکھ کا گرد اگرد۔ عِينَةُ الْحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ عِينَةٌ": خوش نما کپڑا۔ بَيْعُ الْعِينَةِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔

الْعِيَانِي مِنَ الشُّهُودِ: یعنی گواہ۔

الْعَيْنِيَّةُ: عین کی طرف منسوب۔

الْعَيُونُ: بہت نظر لگانے والا۔ ج عِيْنٌ وَعُيُنٌ۔

الْأَعْيَنُ: وہ شخص جس کی آنکھ بڑی اور چوڑی ہو۔ بیل۔ الْعَيْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ عَيْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

الْمُعَايَنَةُ: مص۔ برادری۔

الْمَعَانُ: منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

الْعَيَّانُ وَالْمِعْيَانُ: بہت نظر لگانے والا۔

الْمَاءُ الْمَعِينُ وَالْمَعْيُونُ: جاری پانی۔ عَيْنٌ مَعْيُونَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

الْمُعَيَّنُ "فِي الْهَنْدَسَةِ": شکل مسطح مساوی الاضلاع۔

الْمُعَيَّنُ: مطلع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ بَيِّنَةٌ مُعَيَّنَةٌ وَمُعَيِّنَةٌ: یعنی بیت ظاہرہ۔

الْمُعْتَانُ: گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاهَ يَعِيهُ عَيْهًا: آفت پہنچنا۔

الْعَائِهَةُ: شور۔ بیج۔

الْعَاهَةُ: آفت۔

أَرْضٌ مَعْيُوهَةٌ: آفت رسیدہ زمین۔

عَيَّ يَعْيَا وَعَيِيَ يَعْيَى عَيًّا وَعَيَاءً بِأَمْرِهِ وَعَنْ أَمْرِهِ: عاجز ہونا۔ نا قابل ہونا...... الْأَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَيِيَ يَعْيَى عِيًّا فِي الْمَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَيِيٌّ وَعَيٌّ۔

عَيَّا تَعْيِيَةً وَعَايَا مُعَايَاةً — الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَايَا صَاحِبَهُ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔

أَعْيَا إِعْيَاءً الْمَاشِي: چلنے والے کا تھکنا۔ أَعْيَاهُ: تھکانا۔ أَعْيَا الدَّاءُ الطَّبِيبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا...... الْأَمْرُ عَلَيْهِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَايَا الْأَمْرُ عَلَيْهِ وَتَعَيَّا عَلَيْهِ وَتَعَايَاهُ: عاجز کرنا۔

تَعَايَا وَتَعَيَّا وَاسْتَعْيَا بِالْأَمْرِ: نا قابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔

الْعَيَاءُ: مص۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَيَاءٌ: نا قابل علاج مرض۔

الْعَيُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج أَعْيَاءٌ۔

الْعَيِيُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج أَعْيِيَاءُ وَأَعْيِيَةٌ۔

الْعَيَّانُ: تھکا ہوا۔ عاجز۔

الْأُعْيِيَّةُ: پیچیدہ کلام۔

الْمُعْيِي: تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غ : اَلْـغَیْن : انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے ۔ حروفِ حلقی میں سے ہے۔
غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا : چند دن کے بعد ملاقات کرنا ۔ غِبْـنَـهُ : ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّتْ عَلَيْهِ الْحُمّٰی : بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا ۔ غَبَّ عِنْدَهُ : رات بسر کرنا ...... الـرَّأْیُ : رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔
غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَةً . الطَّعَامُ : کھانے کا باسی ہونا ۔ بدبودار ہونا ۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرُ : کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔
غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا الْمَاشِيَةُ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا ۔ صفت غَابَّةٌ : ج غَوَابُّ وغَابَّاتٌ.
اَغَبَّ . الْمَاشِيَةَ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا ...... الْقَوْمَ : ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا ۔ اَغَبَّتْـهُ الْحُمّٰی وأَغَبَّتْ عَلَيْهِ : تیسرے دن بخار آنا ۔ اَغَبَّ الـطَّعَامُ : کھانے کا بدبودار ہونا ...... عِنْدَهُ : رات بسر کرنا ۔
غَبَّبَ . الشَّیْءُ : فاسد ہونا ...... فِی الْاَمْرِ : مبالغہ کرنا ...... عَنْهُمْ : دفع کرنا ۔ الـذِّئْبُ : بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا ۔
الْغَابُّ : غا ۔ باسی گوشت ۔ نَـجْـمٌ غَابٌّ : ثابت ستارہ۔
الغِبُّ : بمعنی ۔ نتیجہ انجام ۔ بمعنی بعد ۔ حُمّٰی الـغِـبِّ : تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے ۔ مَاءٌ غِبٌّ : دور کا پانی ج اَغْبَابٌ.
الـغُبُّ : لہر جو کنارے سے ٹکرائے ۔ پست زمین ۔ ج اَغْبَابٌ وغُبُوْبٌ وغُبَّانٌ.
الغُبَّةُ : زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سا سامان ۔
الـغَبَبُ : مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت ۔ ج اَغْبَابٌ.
الغَبِيبُ : باسی گوشت ۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی ۔
الـغَبِيبَةُ : صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دودھ جائے ۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے ۔
الغَيْبَةُ : جھوٹی شہادت ۔
الْمُغِبُّ : شیر ۔
الْمَغَبَّةُ : انجام ۔
الْمُتَغَبِّبُ : انجام کا انتظار کرنے والا ۔
غَبَثَ (ن) غَبْثًا . الْخُبْزَ بِالسَّمْنِ : روٹی کو گھی سے لت کرنا ۔
اِغْبَثَّ : غبالا رنگ کا ہونا ۔ صفت "اَغْبَثُ".
الْغُبْثَةُ : غبالا رنگ ۔
غَبَجَ (س) غَبْجًا . الْمَاءَ : لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا ۔
الْغُبْجَةُ : گھونٹ ۔
غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا : گزرنا ۔ ٹھہرنا ۔ گرد آلود ہونا ۔
غَبِرَ (س) غَبَرًا . الْجُرْحُ : زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا اور پھر ٹوٹ جانا ۔ صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا ۔
غَبَّرَ : غبار اڑانا ...... الشَّیْءَ : غبار میں چھیڑنا ۔ الرَّجُلُ : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا ۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّرَ فِی وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا ۔
اَغْبَرَ : غبار اڑانا ۔ گرد آلود ہونا ۔ فِی الْاَمْرِ : متوجہ ہونا اور کوشش کرنا ۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ : زور سے برسنا ۔
اِغْبَرَّ : گرد آلود ہونا ...... الْيَوْمُ : بہت غبار والا ہونا ۔
الغُبْرُ : چیز کا بقیہ ۔ ج اَغْبَارٌ.
الـغُبَّرُ : چیز کا بقیہ ۔ ج غُبَّرَاتٌ کہا جاتا ہے "غُبَّرُ الْمَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا ۔
الغُبْرَةُ : خاکستری رنگ ۔
والغَبَرَةُ والغُبَارُ : مٹی ۔ خاک ۔
الـغَبَرُ : بلا ۔ دَاهِيَةُ الْغَبَرِ : ختم نہ ہونے والی بڑی مصیبت ۔ سختی ۔
الغَبَرَةُ : گرد ۔ غبار ۔
الـغَبِرُ : گرد و غبار ۔ ناسور ۔ جمع غُبُوْرٌ : خراب شدہ زخم ۔
الْاَغْبَـــرُ : خاکستری رنگ والا ۔ بھیڑیا ۔ جانے والا ۔ کہا جاتا ہے "لَا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الـدُّنْيَا فَاِنَّهُ اَغْبَرُ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانے والی ہے ۔ نیز مستعمل غُبَیر ۔ سخت بھوک کی صفت میں بھی آتا ہے ۔ کہا جاتا ہے "الـجُــوْعُ الْاَغْبَــرُ والْمَوْتُ الْاَحْمَرُ"
الغَبْرَاءُ : مؤنث اَغْبَر : مادہ چکور ۔ زمین ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ وَلَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ" مثل فلاں پیدا نہ

لے سا یا الا اور حد تمن نے اٹھایا۔ سَنَۃٌ
غَبْرَاءُ وبَنُو الغَبْرَاءِ: فقراء۔ سَنَةٌ غَبْرَاءُ:
خشک سال۔
الغُبَيْرَاءُ: چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودا۔
الغُبْرَانُ: ایک غلاف میں دو کھجور۔
الغَابِرُ: ج۔ گزرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے "وَ
هُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔
ج غُبَّرٌ وغَابِرُونَ. غُبْرُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔
غُبْرُ اللَّيْلِ: رات کا آخری حصہ۔ غُبْرُ
الشَّيْءِ: رتبہ کے لحاظ سے آخری۔
المِغْبَارُ. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا: گرد آلود۔
درخت کھجور وغیرہ۔
المُغَبِّرَةُ: وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔
غَبَسَ (ن) غَبْسًا وَأَغْبَسَ وَاغْبَسَّ
واغْبَاسَّ. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
صفت (اَغْبَسُ) ج غُبْسٌ. اَغْبَسَ الشَّيْءُ:
خاکستری رنگ کا ہونا۔
الغُبْسَةُ والغَبَسُ: خاکستری رنگ۔ رات
کی ابتدائی تاریکی۔
غَبِشَ (س) غَبَشًا وَأَغْبَشَ. اللَّيْلُ:
رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط
ہونا۔
تَغْبِيشٌ: دھوکا دینا۔ ظلم کرنا۔ جھوٹا دعویٰ
کرنا۔
الغَابِشُ: دھوکا باز۔ فریبی۔ ظالم۔
الغَبَشُ: رات کا بقیہ۔ آخری رات کی
تاریکی ج اَغْبَاشٌ.
الغُبْشَةُ: رات کا بقیہ۔ لَيْلٌ (غَبِشٌ
واَغْبَشُ) تاریک رات۔ وَلَيْلَةٌ غَبْشَاءُ ج
غُبْشٌ.
غَبِصَتْ (س) غَبَصًا. العَيْنُ: ہمیشہ رونے
کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔
الغَمَصُ: آنکھ کی کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "فِي
عَيْنِهِ غَمَصٌ" اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔
غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشَ: مینڈھے کا
موٹا پا معلوم کرنے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
غَبْطَهُ (ض) وغَبِطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَةً
: کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی
تمنا کرنا۔ صفت (غَابِطٌ) ج غُبُطٌ۔
غَبَّطَهُ: رشک دلانا۔
اَغْبَطَ. السَّحَابُ: لگاتار بارش ہونا۔ کہا
جاتا ہے "اَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ:
زمین کو ڈھانپ لینا۔ اَغْبَطَتِ الحُمَّى عَلَيْهِ
: بخار کا لگاتار رہنا۔
اِغْتَبَطَ وانْغَبَطَ: خوشی اور اچھی حالت میں
رہنا۔
الغَبْطُ والغِبْطُ: کٹی ہوئی کھیتی کے گٹھے ج
غُبُوطٌ.
الغِبْطَةُ: حسن حال۔ خوشی۔ رشک۔ پادری کا
لقب۔
الغَبِيطُ: کجاوہ۔ پست زمین جس کے دونوں
طرف بلندی ہو۔ پانی کی لہر جو زمین کی
بلندی کو کاٹ دے۔ ج غُبُطٌ۔
الغَبُوطُ مِنَ النُّوقِ: اونٹنی جس کی چربی بغیر
ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔
سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔
اَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی
زمین۔
الغَبْغَبُ: گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا
لٹکا ہوا گوشت۔
غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا وغَبَقَهُ: شام کو پینے کی
چیز پلانا۔ غَبَقَ الغَنَمَ: بکری کو شام کو پلانا یا
دوھنا۔
اِغْتَبَقَ: شام کو پینے کی چیز پینا ...... الخَمْرَ:
شام کے وقت شراب پینا۔ تَغَبَّقَ)
النَّاقَةَ: شام کے وقت دوہنا۔ (الغَبُوقُ) شام
کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔
وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوقُ والغَبُوقَةُ)
اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ ج غَبَائِقُ۔ تم
کہتے ہو "لَقِيتُهُ ذَا صَبُوحٍ وَذَا غَبُوقٍ" یعنی
میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔
الغُبْقَةُ: وہ رسی جو اونٹ چلاتے وقت بیل کے
کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے
ہیں۔
الغَبْقَانُ: شام کے وقت پینے والا۔ کہا جاتا
ہے "رَجُلٌ غَبْقَانُ اِمْرَأَةٌ غَبْقَى" ج غِبَاقٌ۔
غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو تنگ یا
چھوٹا کرنے کے لئے موڑ کر سینا...... الرَّجُلَ
: کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ
دیکھے نہ اسے علم ہو...... الطَّعَامَ: کھانے کو
حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔
غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا وغَبَنًا. فِي البَيْعِ اَو
الشِّرَاءِ: دھوکا دینا...... فُلَانًا: قیمت وغیرہ
میں نقصان پہنچانا۔ صفت (غَابِنٌ) صفت
مفعولی (مَغْبُونٌ)
غَبِنَ (س) غَبْنًا وغَبَنًا. الشَّيْءَ وفِيهِ:
بھولنا۔ غلطی کرنا۔ (غَبَنًا وغَبَانَةً رَأْيُهُ) کم سمجھ
ہونا۔ کند ذہن ہونا۔
تَغَابَنَ: بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔
اِغْتَبَنَ. الشَّيْءَ: بغل میں چھپانا۔
الغَبْنُ والغَبَنُ: بمعنی۔ خرید و فروخت میں
دھوکا...... والغَبَانَةُ: کند ذہنی۔ بھول چوک۔
الغَبَنُ: کپڑے کی کترن۔
الغَابِنُ: فا۔ کام سے سستی کرنے والا۔ کام
چور۔
الغَبِينُ والمَغْبُونُ: کم سمجھ۔
الغَبْنُ وَالغَبَنُ وَالغَبَانَةُ: کمزور رائے۔ بھول
جانا۔
الغَبِينَةُ: دھوکا۔
المُغَابَنَةُ: خرید و فروخت میں نقصان۔
المَغْبِنُ: بغل۔ جسم کی لوٹ ج مَغَابِنُ۔
غَبِيَ يَغْبَى غَبًا وغَبَاوَةً. الشَّيْءَ وعَنْهُ:
ناسمجھ ہونا۔ کند ذہن ہونا...... الشَّيْءُ عَلَيْهِ:
مخفی رہنا...... عَنْهُ الخَبَرَ: جاہل ہونا۔ غافل
ہونا۔ مِنْهُ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔
تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا وتَغَابِيَةً: غفلت برتنا۔
تَغَبَّاهُ واسْتَغْبَاهُ: غبی جاننا۔ غبی سمجھنا۔
الغَبَاءُ: زمین کی پوشیدگی...... مِنَ التُّرَابِ:
بلند غبار۔
الغَبْوَةُ والغُبْوَةُ: غفلت۔
الغَبَاوَةُ والغَبِيُّ: جہالت۔ ناسمجھی۔ غفلت۔

الغَبِی : کم سمجھ جاہل ج اَغْبِیَاء و اَغْبِلَه.
غَبّی غَبْیَۃً الشَّیْئَ : چھپانا......الشَّعْرَ : بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبٰی السَّحَابُ : کم برسنا، بوچھار برسانا۔
الغَبَاء مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔
الغَبْیَة : کم بارش یا بوچھار۔
صفت (غَالِط)
اور صفت مفعولی (مَغْلُوطٌ) فِيهِ۔
غَلَّطَهُ :غلطی کی نسبت کرنا۔
غَالَطَهُ غِلاطًا ومُغَالَطَةً وأَغْلَطَهُ :غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ القَوْمُ :ایک دوسرے کو غلطی میں

ڈالنا۔
الـمَغْلَطَة : وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے ۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو۔ ج مَغَالِيط.
الاُغْلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة ج اُغْلُوطَات واَغَالِيط.
الغَلُوطَة بمعنی مَغْلَطَة کہا جاتا ہے جملہ مَسْأَلَة غَلُوطَة : یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے۔
المِغْلاط : بہت غلطی کرنے والا۔
غَلُظَ (ن ض) وغَلُظَ (ک) غَلْظًا وغِلَظَةً وغُلْظَةً وغَلاظَةً : موٹا ہونا ۔ گاڑھا ہونا ۔ سخت ہونا ۔ صفت (غَلِيْظ) ج غِلاظ و(غَالِظ) ج غَلَظَة. غَلُظَتِ السُّنْبُلَة : خوشہ میں دانہ نکلنا ...... الرَّجُلُ : سخت وتندخو ہونا۔
غَلَّظَه : گاڑھا کرنا ۔ غَلَّظَ اليَمِيْنَ : قسم کو موکد کرنا ...... عَلَيْهِ فِي الْيَمِيْنِ : قسم میں سختی کرنا ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْهُ مِيْثَاقًا غَلِيْظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ. الـمُسَافِرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا ...... الثَّوْبَ : غلیظ پانا ...... لَهُ فِي الْقَوْلِ : درشت کلامی کرنا ۔ سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً : دشمنی کرنا ۔ مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ : گاڑھا ہونا ۔ موٹا ہونا ۔ سخت ہونا ...... الشَّيْءُ : موٹا پانا۔
الغِلاظ : گاڑھا ۔ موٹا ۔ سخت ۔
الغَلَظ : سخت زمین ۔
الغِلْظَة : مص ۔ سختی ۔ گندگی ۔ موٹاپا ۔ بدخلقی ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ غِلْظَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا. الشَّيْءُ : ڈھانکنا ۔ غلاف میں ڈالنا۔
غَلِفَ (س) غَلَفًا : غیر مختون ہونا ۔
غَلَّفَ. الشَّيْءُ : غلاف میں ڈالنا ۔ ڈھانکنا ۔ چھپانا۔

اَغْلَفَ. الشَّيْءُ : غلاف بنانا ۔ غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ واِغْتَلَفَ : غلاف میں ہونا۔
تَغَلَّفَ الرَّجُلُ : داڑھی میں غالیہ ۔ یعنی مرکب خوشبو لگانا ۔ اِغْتَلَفَ بِالْغَالِيَة : غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلَف : مص ایک درخت ہے جو باغت کے کام میں آتا ہے۔
الغُلْفَة : ختنہ کا چمڑا جس کو ختنہ کرنے والا کاٹتا ہے ج غُلَف. الغُلْفَتَان : مونچھوں کے دونوں کنارے۔
الـمُغَلَّف : غلاف شدہ کتاب ۔
الاَغْلَف : غیر مختون ۔ کہا جاتا ہے قَلْبٌ اَغْلَف : یعنی ایسا دل جو نہ کچھ دار رکھے نہ سمجھے "عَامٌ اَغْلَف" ارزانی کا سال۔
الـغِلاف : وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کی جائے اور چھپائی جائے جیسے میان ۔ جزدان ج غُلُف وغُلْف وغُلُف.
الغَلْفَاء. اَغْلَف : کا مؤنث ج غُلْف اَرْض غَلْفَاء : بغیر چری ہوئی زمین ۔ سَنَة غَلْفَاء : ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا : تنگ دل ہونا ۔ زچ ہونا ۔ غضبناک ہونا ۔ بدخلق ہونا ۔ صفت (غَلِق) ...... الرَّهْنُ فِي يَدِ الْمُرْتَهِن : حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے۔
اَغْلَقَ وغَلَّقَ. البَابَ : دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے۔
غَلَقَ (ض) غَلْقًا ...... اور یہ اَغْلَقَ میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ. عَلَيْهِ الاَمْرُ : معاملہ کا مبہم ہونا۔
اُغْلِقَ القَاتِلُ فِي يَدِ الوَالِي : قاتل کو والی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے ۔ کہا جاتا ہے "اُغْلِقَ فُلاَنٌ بِجَرِيْرَتِه" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے حوالہ کیا گیا اور اسم (الغَلاق) ہے۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَةً : شرط لگانا۔

تَغَالَقَ. القَوْمُ : ایک دوسرے سے شرط لگانا۔
اِسْتَغْلَقَ. البَابُ : دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا۔
الكَلاَمُ عَلَى فُلاَنٍ : گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَق : قفل ۔ تالا ۔ جا دروازہ ...... عِنْدَ البَنَّائِيْن : معماروں کی اصطلاح میں غلق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے ج اَغْلاق : جج اَغَالِيق.
كَلاَمٌ (غَلِق ومُغْلَق) مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بَابٌ (غُلُق) بند دروازہ۔
الـمُغْلِق : جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مَغَالِق.
الـمِغْلَق والمِغْلاق والمُغْلُوق : قفل ۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے ۔ ج مَغَالِيق.
غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَة واغْتَلَمَ : شہوت پرست ہونا ۔ صفت (غَلِمٌ وغِلِّيْمٌ ومُغْتَلِمٌ) مؤنث غَلِمَة وغَلِيْم وغَلِمَة ومُغْتَلِمَة
اغْتَلَمَ الشَّرَابُ : جوش مارنا ۔ اِغْتَلَمَتِ الاَمْوَاجُ : تیز ہونا۔
الـغُلاَم : سبز خط ۔ نوجوان ۔ غلام ۔ مزدور ج غِلْمَان وغِلْمَة واَغْلِمَة.
الغُلاَمَة : غلام کا مؤنث ۔ باندی ۔ لونڈی۔
الغُلُوْمَة والغُلاَمِيَّة والغُلُوْمِيَّة : نوجوانی۔
الـغَيْلَم : مذکر ۔ کچھوا ۔ مینڈک ۔ کنوئیں میں پانی کا سوت ۔ بہت بالوں والا نوجوان ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ غَيْلَم" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَنَ (ض) غَلْنًا. الشَّبَابُ : جوش پر ہونا
غُلْوَانُ. الشَّبَابِ اَوِ الاَمْرِ : جوانی کی تیزی اور ابتداء۔
غَلاَ يَغْلُو غُلُوًّا : [؟] وہ ہونا بلند ہونا ...... النَّبْتُ : نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا ...... بِالدِّيْنِ : دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلاَ غَلاَءً. السِّعْرُ : بھاؤ بڑھ جانا ۔ مہنگائی (غَالٍ وغَلِيٌّ)
غَلاَ يَغْلُو غَلْوًا وغُلُوًّا. بِالسَّهْمِ وغَالَى بِهِ : تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا۔

غَالَى غِلَاءً وَمُغَالَاةً. السَّهْمَ وَبِالسَّهْمِ: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا...... فِي الْأَمْرِ: مبالغہ کرنا...... بِالشَّيْءِ: قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا و غَالَى الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔
أَغْلَى الشَّيْءَ: گراں قیمت پر خریدنا......
السِّعْرَ: بھاؤ گراں کرنا...... الْكَرْمَ: انگور سے پتے اتار دینا۔
اِغْلَى وَتَغَالَى وَاغْلَوْلَى. الشَّجَرُ: درخت کا گنجان ہونا اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلَى. الْبَعِيرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔
اِسْتَغْلَى. الشَّيْءَ: گراں پانا۔
الْـغَالِي: فا۔ ج غُلَاةٌ مؤنث غَالِيَةٌ ج غَالِيَاتٌ وَغَوَالٍ. الْغَالِي: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُ بِالْغَالِي وَبِالْغَلِي: یعنی میں نے گراں بیچا۔
الْغَلَاءُ: مص۔ قیمت کی زیادتی۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج أَغْلِيَةٌ.
الْـغُلَوَاءُ وَالْغُلْوَاءُ: حد سے گزر جانا...... (وَالْغُلَوَانُ) آغاز جوانی ونشاط جوانی۔ کہا جاتا ہے "خَفِّضْ مِنْ غُلَوَائِكَ" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گزرنے کو پست کر...... وَفَعَلَهُ فِي غُلَوَاءِ شَبَابِهِ" اس نے اس کو اپنے آغاز جوانی میں کیا۔
الْـغَلْوَةُ: ایک تیر پرتاب ج غَلَوَاتٌ وَغِلَاءٌ.
الْمِغْلَى وَالْمِغْلَاةُ: تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مَغَالٍ.
غَلَى يَغْلِي غَلْيًا وَغَلَيَانًا: جوش مارنا۔
غَلَّى تَغْلِيَةً وَأَغْلَى إِغْلَاءً. الْقِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ الرَّجُلَ: دور سے اشارہ کرکے سلام کرنا۔
تَغَلَّى. غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا۔
الْغَالِيَةُ: مرکب خوشبو۔ ج غَوَالٍ.
الْمِغْلَى: ٹوٹی والا چھوٹا برتن جس میں شراب گرم کی جاتی ہے۔
غَمَّهُ (ن) غَمًّا: ڈھانپ لینا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الْيَوْمُ: تیز گرمی والا ہونا...... الْقَمَرُ

النُّجُومَ: ستاروں کی روشنی کو ماند کر دینا۔
الشَّيْءُ الشَّيْءَ: غالب ہونا۔
غُمَّ. عَلَيْهِ الْأَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا: لمبے بال والا ہونا۔ صفت (أَغَمُّ) مؤنث غَمَّاءُ ج غُمٌّ.
أَغَمَّهُ: غمگین کرنا۔ أَغَمَّ الْيَوْمُ: سخت گرمی والا ہونا۔ أَغَمَّتِ السَّمَاءُ: بادل والا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا أَغَمَّكَ لِي وَعَلَيَّ وَإِلَيَّ" کس چیز نے تم کو میرے لئے غمگین کیا۔
غَامَّهُ مُغَامَّةً: ایک دوسرے کو غمگین کیا۔
تَغَامَّ: بتکلف غم ظاہر کرنا۔
اِنْغَمَّ: دھکسنا جانا...... وَاغْتَمَّ: غمگین ہونا۔
اِغْتَمَّ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اِغْتَمَّ الرَّجُلُ: پوشیدہ ہو جانا۔
الْغَامُّ: فا۔ يَوْمٌ غَامٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الْغَمُّ: غم۔ حزن۔ اندوہ۔ کرب۔ ج غُمُومٌ
يَوْمٌ غَمٌّ: گرم دن۔ غم کا دن۔
الْغُمَّةُ: غم۔ حزن۔ ملال۔ حیرت۔ ج غُمَمٌ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي غُمَّةٍ" یعنی وہ حیرت میں ہے۔
لَيْلَةٌ (غَمٌّ وَغَمَّةٌ) گرم رات۔ غم کی رات۔
الْأَغَمُّ. مِنَ السَّحَابِ: گھرا ہوا بادل۔ لَيْلَةٌ غَمَّاءُ: بادل والی رات۔
الْغُمَّى: تنگی۔ تاریکی۔ گرد آلودگی۔
الْغَمَامُ: بادل۔ ایک ٹکڑے کو (غمامة) کہتے ہیں ج غَمَائِمُ کہا جاتا ہے هُوَ يَفْتَرُّ عَنْ مِثْلِ حَبِّ الْغَمَامِ: وہ اولے جیسے دانتوں سے ہنستا ہے۔ الْغُمَامُ: زکام۔
الْمَغْمُومُ: زکام زدہ۔
الْغِمَامَةُ: منہ پر کا چھینکا اور کبھی اس کے لئے بھی بولتے ہیں جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے ادھر اُدھر لگا دیتے ہیں تاکہ سوائے سامنے کے نہ دیکھ سکے ج غَمَائِمُ.
الْغَمَّاءُ وَالْغُمَّى: غم۔ حزن۔ مصیبت۔ کہا جاتا ہے "مِثْلُكَ يَكْشِفُ الْغَمَّاءَ" تمہیں جیسا آدمی مصیبت کو دور کر سکتا ہے۔
الْغَمِيمُ: گرم کیا ہوا گاڑھا دودھ۔

الْغُمُومُ: جمع غم۔ چھوٹے مخفی ستارے۔
غَيْمٌ (مُغْمَوْمِمٌ) بہت پانی والا بادل۔
أَرْضٌ (مَغْمَغَةٌ) بہت پیداوار والی زمین۔
غَمَتَهُ (ض) غَمْتًا. الطَّعَامُ: کھانے کا دل پر ثقیل ہونا اور مدہوش کر دینا...... وَفِي الْمَاءِ: پانی میں ڈوبانا...... الشَّيْءَ: ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غَمَتًا: کھانا دل پر ثقیل ہونے سے مدہوش سا ہونا۔
غَمَجَ (ض) غَمْجًا وَغَمِجَ (س) غَمَجًا. الْمَاءَ: لگاتار گھونٹ سے پانی پینا۔
الْغُمْجَةُ وَالْغُمُجَةُ: گھونٹ ج غُمَجٌ.
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا. السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا...... الشَّيْءَ: چھپانا...... الْأَمْرَ: درست کرنا۔
غَمِدَتْ (س) غَمَدًا. الْبِئْرُ: کنوئیں کا زیادہ پانی والا ہونا۔ کم پانی والا ہونا۔ غَمِدَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
أَغْمَدَ. السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ الْأَشْيَاءَ: بعض کو بعض میں داخل کرنا۔
غَمَّدَهُ وَتَغَمَّدَهُ: عیوب چھپا لینا۔
تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ: رحمت میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا۔ تَغَمَّدَ الْإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اِغْتَمَدَ. اللَّيْلَ: رات میں داخل ہونا۔
الْغِمْدُ: تلوار کی نیام ج غُمُودٌ وَأَغْمَادٌ.
سَفِينَةٌ (غَامِدٌ وَغَامِدَةٌ) بھری ہوئی کشتی ج غَوَامِدُ.
بِئْرٌ (غَامِدٌ وَغَامِدَةٌ) مٹی سے ڈھکا ہوا کنواں۔
مُغَمَّدٌ. السَّيْفُ: تلوار کی میان ج مَغَامِدُ.
غَمَرَهُ (ن) غَمْرًا. الْمَاءُ: پانی کا بلند ہو کر ڈھانکنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَرَ فُلَانًا بِفَضْلِهِ" اس نے فلاں کو اپنے فضل و احسان سے ڈھانپ لیا۔
غَمِرَ (س) غَمَرًا وَغَمْرًا. صَدْرُهُ عَلَيَّ: کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ يَدُهُ: گوشت کی چکناہٹ لگنا۔

غَمَرَ (ک) غَمَارَةً وغُمُورَةً. المَاءُ: بہت ہونا...... الرَّجُلُ: جاہل ہونا۔
غُمِرَ. عَلَيْهِ: بے ہوشی طاری ہو جانا۔
غَمَّرَ. وجهه: منہ پر زعفران ملنا...... بالشَّيْءِ: پھینکنا یا دفع کرنا۔
أَغْمَرَهُ. الحرُّ: گرمی کم ہو جانے کی وجہ سے سفر پر جرأت دلانا۔
غَامَرَهُ مُغَامَرَةً: مقاتلہ کرنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔
إِغْتَمَرَ وتَغَمَّرَ: منہ پر زعفران ملنا۔
إِغْتَمَرَ وانْغَمَرَ: پانی میں ڈوبنا۔ إِغْتَمَرَ الْمَاءُ الشَّيْءَ: ڈوبانا۔
الْغَمْرُ: مص۔ بہت پانی۔ سمندر کا بڑا حصہ۔ کامل کپڑا۔ کریم وسیع الاخلاق ج غِمَارٌ وغُمُورٌ: کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ غَمْرٌ" کشادہ کپڑا "ولَيْلٌ غَمْرٌ" بہت تاریک رات و"غَمْرُ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت "هُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ بہت بھلائی کرنے والا آدمی ہے۔
الْغُمْرُ والْغِمْرُ والْغُمُرُ: ناتجربہ کار جاہل۔ ج أَغْمَارٌ الْغِمْرُ: کینہ۔ پیاس۔ الْغُمْرُ: زعفران منہ وغیرہ پر لگانے کی ایک چیز ہے جس کو درس سے بناتے ہیں۔
الْغَمَرُ: مص۔ ناتجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ۔ گوشت کی چکناہٹ۔ ج غُمُورٌ. غَمَرُ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت۔
الْغُمَرُ: چھوٹا پیالہ ج غُمَارٌ وأَغْمَارٌ.
الْغَمِرُ: بہت چربی والا۔ چکنا۔
غَمْرَةُ. الشَّيْءِ: سختی۔ ج غَمَرَاتٌ وغِمَارٌ وغُمَرٌ. غَمَرَاتُ الْمَوْتِ: موت کی سختیاں۔
الْغُمْرَةُ: زعفران۔
الْغَمَارَةُ: جہالت و بے خبری۔
والْغُمَارُ والْغِمَارُ والْغُمَارَةُ: لوگوں کی جماعت۔ مختلف لوگوں کی جماعت۔
الْغَامِرُ: فا۔ اجاڑ زمین۔ الْمَالُ الْغَامِرُ: بہت مال۔

الْغَمِيرُ: بہت پانی۔
الْمَغْمُورُ: مدہوش۔
الْمَغْمُورُ: ملع۔ گمنام غیر مشہور و مقہور۔
الْغِمَارِيَّةُ: سانپ کی چھتری۔
غَمَزَ (ض) غَمْزًا: ٹٹولنا...... الْقَنَاةَ: نیزہ کو آزمائش کے لئے دانتوں سے چبانا۔ وبالْعَيْنِ او الْجَفْنِ او الْحَاجِبِ: آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ غَمَزَتْ عَيْنُهُ او دَاوُهُ: عیب یا مرض کا ظاہر ہونا۔ غَمَزَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا لنگڑا ہونا۔ غَمَزَ بالرَّجُلِ وعَلَيْهِ: طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔
غَامَزَهُ مُغَامَزَةً: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
أَغْمَزَ. فِيهِ: عیب لگانا۔ حقیر ثابت کرنا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔
تَغَامَزَ. الْقَوْمُ: آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرنا۔
إِغْتَمَزَ: طعنہ دینا۔ الكلمةَ: کمزور رکھنا۔
الْغَمَزُ: گھٹیا مال۔ دبلے پتلے جانور۔ کمزور مرد ج غُمَزٌ وأَغْمَازٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ غَمَزٌ مِنْ قَوْمٍ غَمَزٍ او أَغْمَازٍ".
الْغَامِزُ: فا۔ نیزے کی آزمائش کرنے والا۔
الْغَمَّازُ: اسم مبالغہ۔ مؤنث غَمَّازَةٌ.
الْغَمِيزُ: کھلا ہوا عیب۔
الْمَغْمَزُ: عیب طعنہ یا طمع کی جگہ۔ ج مَغَامِزُ.
الْغَمِيزَةُ بمعنی مَغْمَزٍ: عقل یا عمل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيهِ غَمِيزَةٌ او مَغْمَزٌ" اس میں کوئی نمایاں عیب نہیں۔
الْمَغْمُوزُ: مفع۔ متہم الْغَمُوزُ: اونٹنی جب تک اس کے کوہان پر ہاتھ نہ ڈالیں۔ موٹائی و دبلا پن سے ظاہر نہ ہو۔
غَمَسَ (ض) غَمْسًا. الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا غوطہ دینا۔ السِّنَانَ فِي صَدْرِهِ: بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ گھسانا۔
غُمُوسًا. النَّجْمُ: ستارے کا ڈوبنا۔ غروب ہونا۔
غَمَّسَهُ: سختی سے ڈبونا۔ غَمَّسَ الشُّرْبَ: کم

پینا...... الإِبِلُ: اونٹ کو پانی کم دے کر ہانکنا۔
غَامَسَ مُغَامَسَةً: خطرات میں کود پڑنا۔ ...... فُلَانًا: ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔ ...... فِي الأَمْرِ: جلد بازی کرنا۔
إِنْغَمَسَ واغْتَمَسَ فِي الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔ ...... فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ گھسنا۔
الْغَمُوسُ: مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔ ...... مِنَ الرِّجَالِ: بہادر۔ کہا جاتا ہے "طَعْنَةٌ غَمُوسٌ" پار ہو جانے والی نیزہ کی مار "الْيَمِينُ الْغَمُوسُ" جان بوجھ کر جھوٹی قسم ج غُمُسٌ.
الْغَمِيسُ: تاریکی لَيْلٌ غَمِيسٌ: تاریک رات...... والْغَمِيسَةُ: جھاڑی۔ درختوں کا جھنڈ۔ ہر وہ گنجان چیز جس میں چھپا جا سکے۔
الْغَمَّاسَةُ: مرغابی جس کی بہت قسمیں ہوتی ہیں۔ ج غَمَّاسٌ. طَعْنَةٌ غَمَّاسَةٌ: کشادہ زخم۔
غَمِشَ (س) غَمَشًا: چندھا ہونا۔ کمزور نظر ہونا۔ سیلان اشک کی وجہ سے چندھا ہونا۔ صفت (أَغْمَشُ)
غَمَصَهُ (ض) وغَمِصَهُ (س) غَمْصًا: حقارت کرنا۔ غَمَصَ النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔
عَلَيْهِ: جھوٹ بولنا...... عَلَيْهِ قَوْلًا: عیب لگانا۔
غَمِصَ (س) غَمَصًا: آنکھ کا کیچڑ والا ہونا۔
غَمِصَتْ عَيْنُهُ: کیچڑ بہنا۔ صفت (أَغْمَصُ) اور آنکھ کو (غَمْصَاءُ) کہتے ہیں ج غُمْصٌ.
إِغْتَمَصَهُ: حقیر جاننا۔ حقارت کرنا۔ جھلا سمجھنا۔
الْغَمَصُ: مص۔ آنکھ کی کیچڑ۔
رَجُلٌ (غَمِصٌ) عیب لگانے والا۔
الْغَمُوصُ: جھوٹا۔ يَمِينٌ غَمُوصٌ: جھوٹی قسم۔

رَجُلٌ (مَغْمُوضٌ) عَلَيْهِ : جس کے حسب یا دین میں عیب لگایا جائے۔

غَمُضَ (ن) وغَمُضَ (ک) غُمُوضًا الكَلامُ : کلام کا دقیق ہونا۔

غَمَضَ (ن ض) غَمْضًا. السَّيْفُ فِي اللَّحْمِ : تلوار کا گوشت میں گھسنا ..... الرَّجُلُ فِي الأرْضِ : سفر کرنا ..... غَمَضَ فِي البَيْعِ : خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔

غَمِضَ (س) غُمُوضَةً وغَمَاضَةً المَكَانُ : پست ہونا۔

غَمَّضَ وأغْمَضَ. عَيْنَهُ : آنکھ بند کرنا۔ ..... عَيْنَهُ فِي البَيْعِ : خرید و فروخت میں نرمی برتنا۔ غَمَّضَ الكَلامَ : مبہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "غَمَّضَ عَنِ الإساءَةِ" چشم پوشی کرنا۔

اِغْتَمَضَتِ العَيْنُ فُلانًا : حقارت کرنا۔

أغْمَضَ عَنِ الشَّيْءِ : درگزر کرنا۔ أغْمَضَ عَلَى كَذَا : برداشت کرنا اور راضی ہونا۔

أغْمَضَ فِي السِّلْعَةِ : گھٹیا ہونے کی وجہ سے قیمت کم کرنا ..... حَدَّ السَّيْفِ : تلوار کی دھار باریک کرنا ..... فُلانًا : کسی سے دوڑ میں آگے نکل جانا بعد اس کے کہ پہلے وہ آگے نکل چکا تھا۔

اِنْغَمَضَ. طَرْفُهُ : آنکھ کا بند ہونا۔

اِغْتَمَضَ. البَرْقُ : بجلی کی چمک بند ہونا۔ ..... الرَّجُلُ عَنِ الإساءَةِ : چشم پوشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اغْتَمَضَتْ عَيْنَاهُ" یعنی اس کی آنکھیں نہیں سوئیں۔

الغَمْضُ : مص۔ پست زمین ج غُمُوض وأغْماض : کہا جاتا ہے "فُلانٌ ذُو غَمْضٍ" : فلاں ذلیل و گمنام ہے۔

الغَمْضُ والغِمَاضُ والغِمَاضُ والتَّغْمَاضُ : آنکھ کا بند ہونا۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "مَا اكْتَحَلْتُ عَيْنِي غَمْضًا او غِمَاضًا او اغْمَاضًا او تَغْمَاضًا او تَغْمِيضًا" یعنی میں نہیں سویا۔

الغَامِضُ : فا۔ پست زمین ج غَوَامِض : گمنام۔ ذلیل۔ أمْرٌ غَامِضٌ : مبہم معاملہ۔

الخَلْخَالُ الغَامِضُ : پازیب جو پنڈلی کو بھر دے۔ الغَامِضُ مِنَ الكُعُوبِ والسُّوقِ : موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی۔ غَوَامِضُ الإبِلِ : چھوٹے اونٹ۔

الغَامِضَةُ : مؤنث غَامِض ج غَامِضَات وغَوَامِض. الدَّارُ الغَامِضَةُ : مکان جو سڑک سے علیحدہ ہو۔

الغَمِيضَةُ : عیب۔

المَغْمُوضَةُ "مَا فِي هٰذا الأمْرِ غُمُوضَةٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی عیب نہیں۔

المُغْمِضَاتُ : گناہ جو جان بوجھ کر آدمی کرے۔ مُغْمِضَاتُ اللَّيْلِ : رات کی تاریکیاں۔

غَمَطَهُ (ض) وغَمِطَهُ (س) غَمْطًا : حقارت کرنا۔ حقیر جاننا۔ غَمَطَ النِّعْمَةَ : نعمت کی ناشکری کرنا۔ ناقدری کرنا ...... الحَقَّ : حق کا انکار کرنا ... الماءَ : پانی کا زور سے گھونٹ بھرنا ..... الذَّبِيحَةَ : ذبح کرنا۔

أغْمَطَ. عَلَيْهِ الشَّيْءُ : ہمیشہ ہونا۔

غَامَطَ مُغَامَطَةً فِي الشُّرْبِ : لگاتار گھونٹ لگانا۔

تَغَمَّطَ عَلَيْهِ التُّرابُ : مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا۔

اِغْتَمَطَ : دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا ..... ه بالكَلامِ : غالب ہونا۔ اِغْتَمَطَ الشَّيْءُ : نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا۔

الغَمْطُ : مص۔ پست زمین۔

غَمْغَمَ غَمْغَمَةً : ..... قتل کا خوف کے وقت ڈکارنا ..... الأبْطالُ : بہادروں کا مقابلہ کے وقت شور مچانا ... الكَلامَ : غیر واضح کلام بولنا ... الصَّبِيُّ : بچے کا دودھ کے لئے پستان پر رونا۔

تَغَمْغَمَ. الرَّجُلُ : غیر واضح بولنا ... الغَرِيقُ تَحْتَ الماءِ : ڈوبے ہوئے پانی کے نیچے بولنا۔

الغَمْغَمَةُ : مص۔ خوف کے وقت کی آواز۔ ..... مقابلہ کے وقت کی آواز۔ غیر واضح کلام ج غَمَاغِم۔

غَمِقَ (س ن) وغَمُقَ (ک) غَمَقًا المَكَانُ : نمناک ہونا۔ سیلن والا ہونا ..... النَّباتُ : نمناکی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت ... غَمِقٌ مؤنث (غَمِقَةٌ)

غَمِقَ. البَعِيرُ : اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا۔

الغَمَقَةُ : ایک بیماری جو پیٹھ میں ہوتی ہے۔

المَغْمُوقُ : پیٹھ کی بیماری والا۔

غَمَلَ (ن) غَمْلاً. الشَّيْءَ : چھپانا .. فُلانًا : پسینے کے لئے ڈھانکنا ... البُسْرَ : گدر کھجور کی پال دبانا۔ العِنَبَ فِي الزِّنْبِيلِ : انگور کو زنبیل میں تہ بہ تہ رکھنا ... الشَّيْءَ : درست کرنا۔

... وتَغَمَّلَ. النَّباتُ : ایک دوسرے پر چڑھنا ... الشَّيْءُ : وسیع ہونا۔

غَمِلَ (ض) غَمَلاً : پیچیدہ ہو کر خراب و بدبودار ہونا ..... الجُرْحُ : پٹی کی وجہ سے خراب ہونا۔ صفت (غَمِلٌ)

أغْمَلَ. الإهابَ : کچے چمڑے کا چھوڑ دینا۔ یہاں تک کہ وہ بگڑ جائے۔

اِنْغَمَلَ. الأدِيمُ : چمڑے کا خراب ہونا۔ صفت (غَمِيلٌ)

الغَمِيلُ. مِنَ النَّصِيِّ (ایک قسم کی گھاس) پیچیدہ اگی ہوئی ... مِنَ الأرْضِ : پست زمین ج غَمْلَى۔

المَغْمُولُ : مقع۔ گمنام۔

الغُمْلُولُ : درختوں سے ڈھکی ہوئی وادی ج غَمَالِيل۔

الغَمَلَّجُ والغِمْلِجُ والغِمْلاجُ والغُمْلُوجُ والغُمْلُجُ : غیر مستقل جو ایک حالت پر نہ رہے۔ مؤنث غَمَلَّجَةٌ وغِمْلِجَةٌ غُمْلُوجَةٌ وغُمْلُجَةٌ۔

المُغْمَلِجُ والغُمْلُجُ : موٹا لمبا۔ السِّمِلْجُ : سایہ میں اگی ہوئی شاخ ج غَمَالِيج

غَمَنَ (ن) غَمْنًا. الشَّيْءَ : چھپانا

النَّبسَ: کدر کھجور کی پال دینا...... فلانًا: پسینہ لانے کے لئے ڈھانکنا۔
غَمِسَ وانْغَمَسَ فِی الاَرْضِ: غائب کیا جانا۔ غائب ہونا۔
الغُمَّة: ایک قسم کا اُبٹنا۔
غَمَا یَغْمُو غَمْوًا۔ البَیْتَ: لکڑی اور مٹی سے چھت پاٹنا۔
الغَمَا: مکان کی چھت یا چھت کی لکڑی مٹی وغیرہ۔ اس کا تثنیہ غَمَوَان ج اَغْمِیَة واَغْمَاء۔
غَمَی (ض) غَمْیًا وغَمْیٌ۔ البَیْتَ: بمعنی غَمَا یَغْمُو۔
غُمِیَ واُغْمِیَ۔ الیَوْمُ: تمام دن ابر رہنا۔
غُمِیَ واُغْمِیَ عَلَی المَرِیضِ: غشی طاری ہونا۔ صفت (مَغْمِیٌّ ومُغْمًی) عَلَیْهِ۔
الغَمَی: گھوڑے کو پسینہ لانے والی پوشش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَمًی" یعنی بے ہوش مرد اور جمع کے لئے کہا جاتا ہے "رِجَالٌ غَمِیٌ واَغْمَاءٌ"۔
...... والغِمَاءُ: مکان کی چھت ج اَغْمَاء واَغْمِیَة۔
غَنَّ (ض) غَنًّا۔ النَّخْلُ: درخت خرما کا پکنا۔
...... الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا۔ وغَنًّا وغُنَّةً: گنگنانا۔
غَنَّ۔ الرَّوْضُ: زیادہ درخت والا ہونا۔
اَغَنَّ۔ الشَّجَرُ: درخت کا پکنا...... الوَادِی: وادی کا زیادہ درخت والی ہونا...... الرَّوْضُ: باغ کا سرسبز کرنا...... الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا...... الرَّجُلُ: نرم آواز نکالنا۔
الغَنَان: مکھی کی بھنبھناہٹ۔
الغُنَّة: گنگناہٹ۔
الاَغَنُّ: گنگنانے والا۔ حَرْفٌ اَغَنُّ: غنہ کا حرف۔ الوَادِی الاَغَنُّ: زیادہ گھاس اور درختوں والی وادی۔ مؤنث غَنَّاء۔
القَرْیَةُ الغَنَّاء: آباد گاؤں۔
غَنِثَ (س) غَنَثًا۔ الرَّجُلُ: سانس لے کر پینا۔ غَنِثَتْ نَفْسُهُ: متلانا۔
تَغَنَّثَهُ۔ الشَّیْءُ: بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا۔ چمٹنا۔
الغَنْثَر: بے وقوف۔
غَنِجَ (س) غَنَجًا وتَغَنَّجَ: ناز کرنا۔ صفت (غَنِجٌ ومِغْنَاجٌ) مؤنث غَنِجَة ومَغَانِیج)
الغُنْج والغُنُج والغُنَاج: ناز نخرہ۔
الغُنَاج: کاجل جس کو عورتیں گودنے میں استعمال کرتی ہیں۔
الاُغْنُوجَة: ناز و نخرہ کرنے کی چیز۔ ج اَغَانِیج۔
الغُنْثَر والغُنْثُر۔ مِنَ الغِلْمَان: موٹا تازہ لڑکا۔
تَغَنْدَرَتِ المَرْاَةُ: تکبر سے چلنا۔
الغَانِد: نرخرہ۔
غَنِصَ (س) غَنَصًا: تنگ دل ہونا۔
الغَافَلِیُونَ: زرد اور سفید پھول اس کا ہار بنا کر قبروں پر ڈالتے ہیں۔
غَنِظَ (ض) غَنْظًا: قریب ہلاکت ہونا۔
...... الاَمْرُ فُلانًا: دشوار ہونا۔ (غَنْظَة واِغْنَاظَة) غیظ و غضب سے بھر دینا۔
غَانَظَهُ: ایک دوسرے کو مشقت میں مبتلا کر دینا۔
الغَنْظ والغَنَظ والغَنَاظ والغِنَاظ: لازمی رنج و غم۔
المَغْنُوظ: ملول۔ غمزدہ۔
غَنِمَ (س) غُنْمًا۔ الشَّیْءَ: مفت حاصل کرنا۔
غُنْمًا وغَنْمًا وغَنَمًا وغَنِیمَةً وغُنْمَانًا: غنیمت حاصل کرنا۔
غَنَّمَهُ۔ کَذَا: حصہ سے زائد دینا۔
اَغْنَمَهُ۔ الشَّیْءَ: غنیمت حاصل کرانا۔
تَغَنَّمَ واغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ۔ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھنا۔ تَغَنَّمَ فُلانٌ: بکریاں جمع کرنا جیسے تَاَبَّلَ: اونٹ جمع کرنا۔
الغَنِیمَة: مال جو جنگ میں حاصل ہو۔ کمائی۔ ج غَنَائِم: کہا جاتا ہے "الغَنِیمَة بَارِدَة" یعنی پاک کمائی یا بلا مشقت کی کمائی۔
الغُنْم: بمعنی غنیمت۔ غُنُوم۔
الغَنِیم: بمعنی غنیمت۔
الغَنَم: جنس۔ بکریاں اور اس کے لئے اس لفظ سے واحد نہیں واحد کے لئے لفظ (شاة) ہے ج اَغْنَام وغُنُوم واَغَانِم: کہا جاتا ہے "غَنَمٌ (مُغْنَمَة ومُغَنَّمَة)" یعنی بہت بکریاں۔
الغَنَّام: بہت بکریوں والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ بہت مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المَغْنَم: غنیمت۔ مَغَانِم: کہا جاتا ہے "مَغْنَمٌ بَارِدٌ" یعنی پاک غنیمت۔ کہا جاتا ہے (غُنْمَاکَ) اَنْ تَفْعَلَ کَذَا: تمہاری کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوَة: بے نیازی۔ کہا جاتا ہے (لَهُ عَنْهُ غُنْوَةٌ) اس کو اس سے بے نیازی ہے۔
غَنِیَ (س) غِنًی۔ الرَّجُلُ: نکاح کرنا۔
غَنِیَتِ المَرْاَةُ: حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہونا۔
غَنِیَ ومَغْنًی۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت (غَانٍ) کہا جاتا ہے غَنُوا بِبِلادِهِم ثُمَّ ظَعَنُوا: اپنے ممالک میں اقامت کی پھر ظاعن ہو گئے۔ فلانٌ: زندہ رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔
غَنِیَ۔ غِنَاءً وغُنْیَانًا: مالدار ہونا۔ بِالشَّیْءِ عَنْ غَیْرِهِ: اکتفا کرنا۔
غَنَّی تَغْنِیَةً: آواز کرنا...... الشِّعْرَ وبِالشِّعْرِ: گانا...... بِالمَرْاَةِ: عشق بازی کرنا۔ الشَّاعِرُ بِفُلانٍ: کسی کی مدح کرنا یا ہجو کرنا۔ غَنَّاهُ اللهُ: مالدار کر دینا۔
اَغْنَی اِغْنَاءً۔ الرَّجُلَ: مالدار کر دینا۔ عَنْهُ: کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَغْنَی عَنْهُ غَنَاءَ فُلانٍ ومَغْنَاهُ ومُغْنَاهُ مَغْنَاهُ ومُغْنَاةَ" یعنی قائم مقام ہوا۔ اَغْنَی عَنْهُ کَذَا: دور کر دینا اور کہا جاتا ہے "مَا یُغْنِی عَنْکَ هٰذَا" یعنی اَغْنَی شَیْئًا" یعنی نافع نہیں ہے۔
تَغَنَّی غِنًی: مالدار ہونا...... بِالمَرْاَةِ: عورت سے عشق بازی کرنا...... بِالشِّعْرِ: شعر گانا...... بِفُلانٍ: کسی کی مدح یا ہجو کرنا۔ تَغْنِیَة

الهِرَأة : عورت کا نکاح کرنا۔

اِسْتَغْنٰی : بے نیاز ہونا۔.... عَنْهُ به : اکتفا کرنا۔.... اللّٰـه : اللہ سے بے نیاز ہونے کی دعا کرنا۔

الغِنٰی والغُنْیَة والغُنْیَان : اکتفا۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَنْهُ غِنیً وغُنْیَة وغُنْیَانٌ" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

الغِنٰی والغَنَاء : اکتفا تونگری۔ کہا جاتا ہے "لا غِنٰی عَنْهُ" یعنی ضروری ہے۔

الغِنَاء مِنَ الصَّوْتِ : گیت۔ سُر۔

الاُغْنِیَّة والاِغْنِیَّة والاُغْنِیَة والاِغْنِیَة : گیت۔ سُر۔ راگ۔ ج اَغَانِیّ واَغَانٍ.

الغَنِيّ : اکتفا کرنے والا۔ تونگر۔ مالدار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ غَنِيّ عَنْهُ" یعنی وہ اس سے بے نیاز ہے ج اَغْنِیَاء.

الغَانِي : قانع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَانٍ عَنْ كَذَا" یعنی فلاں چیز سے بے نیاز ہے۔

الغَانِیَة : مؤنث غانی : وہ عورت جو حسن و جمال کی وجہ سے آرائش سے بے نیاز ہو۔ نکاح کرنے والی۔ ج غَانِیَات وغَوَانٍ.

المَغْنٰی : منزل۔ ج مَغَانٍ. کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ مَغَانِیْهِم وخَلَتْ مَغَانِیْهِم" یعنی ان کا شرف جاتا رہا اور ان کے مکان خالی ہو گئے۔ "ومَالَهُ عَنْهُ مَغْنٰی" یعنی اس کے لئے اس سے چارہ نہیں۔

غَهِبَ (س) غَهَبًا وغَهْبًا. عَنْهُ : غافل ہونا۔ بھولنا۔

اِغْتَهَبَ : تاریکی میں چلنا۔

الغَهَبُ : مص۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ الصَّیْدَ غَهَبًا" یعنی شکار پر غفلت میں بلا قصد کے پہنچ گیا۔ "قَتَلَهُ غَهَبًا" اس کو بلا قصد کیا۔

الغَیْهَب : تاریکی۔ بہت تاریک رات۔ بہت سیاہ گھوڑا۔ غافل بے وقوف اور کمزور ج غَیَاهِب.

الغَیْهَبَان : تاریکی۔ بہت۔

الغَیْهَبَة : مؤنث۔ غیہب : لڑائی کا شور۔

غَاثَه یَغُوْثُهُ غَوْثًا وغَوَاثًا وغِوَاثَة وغَوْثُوْثَة : اعانت کرنا۔ مدد کرنا۔

غَوَّثَ. الرَّجُلُ : واغوثاه : کہنا۔

اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ وبِهِ : مدد طلب کرنا۔

الغَوْث والغُوَاث والغَوَاث : مدد۔

الغَوْث والغِیَاث والغَوِیْث : کھانے وغیرہ کی مدد۔

المُغَاوِث : پانی۔ کہا گیا ہے کہ اس کے لئے مفرد نہیں۔

غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وتَغَوَّجَ. الغُصْنُ : شاخ کا جھکنا مڑنا۔ تَغَوَّجَ الرَّجُلُ فِيْ مَشْیِهٖ : چال میں جھکنا۔

غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا : پستی کی طرف آنا۔

الغَائِر : گہرائی میں جانا۔ صفت (غائر)

النَّهَارُ : سخت گرمی والا ہونا۔.... الرَّجُلُ : دوپہر میں سونا۔.... الشَّیْءَ او القَوْمَ : طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "غُرْتُ فِيْ غَیْرِ مَغَار" بغیر مطلب کے میں نے طلب کیا۔

غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وغُؤُوْرًا. عَیْنُهُ : آنکھ کا دھنس جانا۔

غَوْرًا وغُؤُوْرًا وغِیَارًا. فِي الاَمْرِ : معاملہ میں باریک نظر سے دیکھنا.... فِي الشَّيْءِ : .... داخل ہونا۔

غَارَتْ غِیَارًا وغُؤُوْرًا. الشَّمْسُ : آفتاب کا غروب ہونا۔

غَارَهُمُ اللّٰهُ غِیَارًا وغَارَهُم : رزق وغیرہ سے اعانت کرنا۔

غَوَّرَ : پستی کی طرف آنا.... المَاءُ : زمین میں اترنا.... الرَّجُلُ : دوپہر میں چلنا یا نازل ہونا یا سونا.... القَوْمَ : قوم کو شکست دینا.... غَوَّرَتِ الشَّمْسُ او النُّجُوْمُ : غروب ہونا ڈوبنا۔ کہا جاتا ہے غَوَّرَ النَّهَارُ : جبکہ دن ڈھل جائے۔

اَغَارَ اِغَارَةً : چلنے میں جلدی کرنا۔ پستی کی طرف آنا۔ سفر کرنا.... الحَبْلَ : رسی کو مضبوط بٹنا۔

اَغَارَ اِغَارَةً وغَارَةً ومُغَارًا. عَلَیْهِم : لوٹ ڈالنا.... الفَرَسُ : تیز دوڑنا.... بِهِم والیهم : مدد دینے کے لئے آنا۔

غَاوَرَ مُغَاوَرَةً. العَدُوَّ : دشمن پر لوٹ ڈالنا.... بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

تَغَوَّرَ : پستی کی طرف آنا.... طَاهِرُ العَیْنِ : دھنس جانا۔

تَغَاوَرَ. القَوْمُ : بعض کا بعض پر لوٹ ڈالنا۔

اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا : نفع اٹھانا۔ غلہ حاصل کرنا۔

اِسْتَغَارَ. عَلَیْهِم : لوٹ ڈالنا.... الرَّجُلُ : پست زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا۔ موٹا ہونا.... الجُرْحُ : زخم کا سوجنا۔

اِسْتَغْوَرَهُ اِسْتِغْوَارًا : غلہ مانگنا۔

الغَار : غَارِجٌ اَغْوَار وغِیْرَان : ایک قسم کا درخت واحد (غارۃ) غبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔ غیرت۔ تھوڑی کا گڑھا۔

الغَارَان : ہڈیاں جن میں آنکھیں ہیں اوپر نیچے کے تالو۔

الغَارَة : مص۔ لوٹ۔ اسم ہے اغارۃ : کاج خَطَرَات : تیز رفتار غارت ڈالنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ الغَارَة: مضبوط بٹی ہوئی رسی"۔ "شَنَّ الغَارَةَ عَلَیْهِم" گھوڑوں کو متفرق کر دیا اور ہر طرف سے ان پر لوٹ پڑا۔

الغَوْر : مص۔ پست زمین۔ نیچے اترا ہوا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ" فلاں نہایت باریک بین ہے۔ و "عَرَفْتُ غَوْرَ المَسْاَلَة" مسئلہ کی حقیقت میں نے جان لی۔

الغَائِرَة : مؤنث غائر دوپہر : دوپہر کا سونا۔

الغَوْرَة : آفتاب۔ قیلولہ۔

الغِیَر : خون بہا۔

الغَوْرَی : ہر چیز کا گڑھا۔

المَغَار والمُغَار والمَغَارَة والمُغَارَة : غار لوٹ ج مَغَاوِرُ ومَغَارَات.....

المُغَار : لوٹ کی جگہ۔

المِغْوَار والمُغَاوِر. مِنَ الرِّجَالِ : بہت لوٹ ڈالنے والا۔ فَرَسٌ مِغْوَارٌ : تیز رفتار

غوڑا۔

غَازَهُ يَغُوزُهُ غَوْزًا : قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

الغَازُ : گیس۔ ج غَازَات۔

غَاصَ يَغُوصُ غَوْصًا وغِيَاصًا وغِيَاصَةً ومَغَاصًا. فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غَائِص) ج غُوَّاص وغَاصَةٌ.

غَاصَ عَلَى الشَّيْءِ : اچانک آ جانا۔ عَلَى المَعَانِي : معانی کی حقیقت تک پہنچنا۔

غَوَّصَهُ : غوطہ لگوانا۔

الغَوَّاص : بہت غوطہ لگانے والا۔ وہ شخص جو موتی وغیرہ کے لئے غوطہ خوری کرتا ہے اور اس فن کا نام "الغِيَاصَة" ہے۔ ایک پرندہ جو غوطہ لگاتا رہتا ہے۔

الغَوَّاصَة. غَوَّاص : کا مؤنث۔ آبدوز کشتی۔

المَغَاص : مص۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی کے اوپر کا حصہ۔

غَاطَ يَغُوطُ غَوْطًا. الحُفْرَة : گڑھا کھودنا۔ فِيهِ : داخل ہونا۔ گھسنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَمْلٌ تَغُوطُ فِيهِ الأَقْدَام : یہ ایسی ریت ہے جس میں پاؤں گھس جاتے ہیں۔ فِي المَاءِ : پانی میں غوطہ لگانا۔

غَوَّطَ. البِئْرَ : کنواں گہرا کھودنا۔ الطَّعَامَ : بڑے بڑے لقمے لگانا۔

تَغَوَّطَ : پاخانہ کرنا۔ کہا جاتا ہے تَغَوَّطَ وَبَالَ : پیشاب یا پاخانہ کیا۔

تَغَاوَطَا. فِي المَاءِ : ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

اِنْغَاطَ. العُوْدُ : لکڑی کا مڑنا۔

الغَائِط : قے۔ پاخانہ۔ پاخانہ کرنے کی جگہ۔ پست زمین۔

الغَوْط والغَاط والغَوْطَة : پست زمین۔ ج غُوْط وأَغْوَاط وغِيَاط وغِيطَان. الغَاط : جماعت۔

الغُوْطَة : شام میں ایک جگہ کا نام ہے جہاں پانی اور درخت بہت ہیں۔ اس کو غوطہ دمشق بھی کہتے ہیں۔

بِئْرٌ (غَوِيط) بہت گہرا کنواں۔

الغَاغ : پودینہ۔ واحد (غَاغَةٌ)

الغَاغَة : بہت سے مختلف لوگ۔

اَلْغَوَاغَةُ : امریکی علاقے کا ایک درخت۔

الغَوْغَاء : ٹڈی جو اڑنے کے لئے تیار ہو یا جس کے پر نکل آئے ہوں۔ بہت سے مختلف لوگ۔ نیچے طبقے کے لوگ۔ فسادی لوگ۔

غَالَهُ يَغُولُهُ غَوْلاً واغْتَالَهُ : ہلاک کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ غَالَتْهُ الخَمْرُ : شراب کا مست کر دینا۔

غَاوَلَ مُغَاوَلَةً : جلدی چلنا۔

تَغَاوَلاَ : ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔

تَغَوَّلَ. الأَمْرُ : اتر ہونا۔ تَغَوَّلَتِ المَرْأَةُ : رنگ برنگ ہونا۔ تَغَوَّلَتْهُمُ الغِيلاَن : بے راہ کر دینا ...... الأَرْضُ بِفُلاَنٍ : ہلاک کر دینا اور بے راہ کر دینا۔

الغَوْل : مص۔ دردسر۔ مدہوشی۔ جنگل کی دوری۔ مشقت۔ پست زمین۔ بہت مٹی۔

الغُوْل : مصیبت۔ ہلاکت۔ چھلاوہ ج اغوال وغيلان : سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے عقل زائل ہو جائے۔ جادوگر اور جن جو مختلف رنگ بدلیں۔ موت۔ ج أَغْوَال.

الغِيلَة : اسم ہے اِغْتِيَال کا۔

الغَائِلَة : مؤنث غَائِل : مصیبت۔ فساد۔ ہلاکت۔ برائی ج غَوَائِل.

الأَغْوَل. مِنَ العَيْشِ : آسودہ زندگی۔

المِغْوَل : ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبا پیکار۔ گپتی۔

المَغَالَة : ہلاکت۔

غَوَى يَغْوِي وغَيًّا وغَوِيَ يَغْوَى غَوَايَةً : گمراہ ہونا۔ محروم ہونا۔ ہلاک ہونا۔

وغَوَّى وأَغْوَى. الرَّجُلَ. گمراہ کرنا۔

غَوِيَ يَغْوَى وغَوَى يَغْوِي غَوًى الفَصِيلُ : اونٹ کے بچے کو بدہضمی ہونا اور لاغر ہو کر قریب ہلاکت ہونا۔ صفت (غَوٍ)

تَغَاوَى : بتکلیف گمراہ بننا۔ تکلف جاہل بننا ...... القَوْمُ عَلَيْهِ : قتل کرنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِنْغَوَى. الرَّجُلُ : گرنا اور جھکنا۔

اِسْتَغْوَى. الرَّجُلَ : گمراہ کرنا۔ کہا جاتا ہے بِتُّ (غَوًى وغَوِيًّا ومَغْوِيًّا ومَنْوِيًّا ومَغْوِيًّا) یعنی میں نے تمہارا رات بسر کی۔

الغَيَّةُ والغِيَّةُ : گمراہی۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ وَلَدُ غَيَّةٍ" یعنی ولد الزنا ہے۔

الغَاوِي : فاج غَاوُوْنَ وغُوَاةٌ. رَأْسٌ غَاوٍ : چھوٹا سر یا بہت پھرنے والا سر۔

والغَوَى والغَوِيّ والغَيَّان : گمراہ۔ خواہشات کا غلام۔

الغَاوِيَة : مؤنث غَاوِي : مشک جس میں پانی ہو۔

الأُغْوِيَّة : مصیبت۔ ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ النَّاسُ فِي أُغْوِيَّة ج أَغَاوِي.

المَغْوَاة : گمراہی کی جگہ۔ ج مَغَاوٍ.

المَغْوَاة : گمراہی کی جگہ ج مَغْوِيَات.

غَابَ يَغِيبُ غَيْبًا وغَيْبَةً وغِيَابًا وغُيُوبًا ومَغِيبًا. عَنْهُ : غائب ہونا۔ دور ہونا۔ جدا ہونا۔

غَابَتِ الشَّمْسُ غِيَابًا وغَيْبُوبَةً : آفتاب کا غروب ہونا ...... الشَّيْءُ عَنْ فُلاَنٍ : پوشیدہ ہونا ...... عَنْ بِلاَدِهِ : سفر کرنا۔

غَابَ يَغِيبُ غِيَابًا وغَيَابًا وغَيْبَةً وغَيْبُوبَةً وغُيُوبَةً الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ : چھپ جانا۔

غَابَهُ غَيْبَةً واغْتَابَهُ واغْتِيَابًا : غیبت کرنا۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرنا۔

غَيَّبَهُ : دور کرنا۔ کہا جاتا ہے غَيَّبَهُ غَيَابَه : یعنی وہ اپنی قبر میں دفن کیا گیا۔

أَغَابَتِ. المَرْأَةُ : غائب شوہر والی ہونا۔ صفت (مُغِيبٌ ومُغِيبَةٌ ومُغْيِبٌ)

غَابَيَهُ مُغَابَيَةً : پیٹھ پیچھے بات کہنا۔ تم کہتے ہو "أَنَا مَعَكُمْ لاَ أُغَابِيكُمْ" میں تمہارے ساتھ ہوں تمہاری پیٹھ پیچھے بات نہیں کروں گا۔

تَغَيَّبَ. عَنْهُ : غائب ہونا۔

تَغَايَبَ. القَوْمُ : غائب ہونا۔

الـغَـيْـب :مص ـ شک ـ پوشیدہ چیز ـ جو ہم سے غائب ہو ـ بعید ـ پیچیدہ زمین ـ ج غیاب وغُیُوب :کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ صَوْتًا مِنْ وَرَاءِ الغَيْبِ" یعنی میں نے آواز ایسی جگہ سے سنی جس کو میں دیکھتا نہیں۔

الغَيْبَةُ والغَيَابَةُ :پست زمین ـ قبر ـ الغَيَابَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ :پردہ ...... مِنَ الوَادِي او الجُبِّ :وادی یا کنوئیں کی گہرائی۔

الغِيبَةُ :پیٹھ پیچھے کی بدگوئی۔

الغَائِب :ق ـ ج غُيَّب وغُيَّب وغُيَّاب وغُيَّبُون. غَائِبُكَ :جو چیز تم سے غائب ہو۔

الـغَـابَةُ :بانس کی جھاڑی ـ پست زمین ـ لوگوں کی جماعت کے بازو نیزہ ـ ج غـاب وغابات وغَابَةُ البَحْرِ :سمندری کیڑوں کا شجر درخت۔

الـغَيَاب :مص ـ قبر ـ غَيَابُ الشَّجَرِ وغَيَابَتُهُ :درخت کی جڑیں۔

الغَيُّوب والغَيَّاب :غائب کا اسم مبالغہ۔

الغَيُّوبَةُ :غروب ـ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ عِنْدَ غَيُّوبَةِ الشَّمْسِ" یعنی نے اس سے آفتاب کے غروب کے وقت ملاقات کی۔

غَاثَ يَغِيثُ غَيْثًا. اللّٰهُ البِلَادَ :برسانا ـ غَاثَ الغَيْثُ الأَرْضَ :بارش کا زمین پر برسنا۔

غِيثَتِ الأَرْضُ :زمین کا سیراب ہونا ـ صفت (مَغِيثَةٌ ومَغْيُوثَةٌ) غَاثَ النُّورُ :روشن ہونا۔

تَغَيَّثَ البَعِيرُ :اونٹ کا موٹا ہونا۔

الـغَيْـث :بارش ـ گھاس جو بارش کی وجہ سے اُگے ـ کہا جاتا ہے "رَعَيْنَا الغَيْثَ" اور بسا اوقات بادل کو بھی غیث کہتے ہیں ـ ج غُيُوث وأَغْيَاث اور کہا جاتا ہے غیث مغیث عام بارش ـ سَحَابٌ (غَيِّثٌ) موسلا دھار بارش کا بادل اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ذَاتُ غَيِّثٍ" بہت پانی والا کنواں۔

غَيِدَ يَغْيَدُ غَيَدًا. الغُلَامُ :لڑکے کا جھکی ہوئی گردن والا ہونا ـ نرم کندھوں والا ہونا ـ صفت مذکر الأَغْيَد صفت مؤنث (غَيْدَاءُ) ج غِيد.

تَغَايَدَ. فِي مَشْيِهِ :نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔

الغَيَد :مص ـ نزاکت۔

الأَغْيَد :نرم و نازک پودہ ـ مَكَانٌ أَغْيَدُ : بہت پودہ والی جگہ۔

الـغَادَةُ :نرم و نازک بدن عورت ـ تر و تازہ شاخ ـ ج غَادَات.

غَيْدَانُ الشَّبَاب :اول جوانی۔

غَيْدَ غَيْدَ :مکرر مستعمل ہے اور مبنی علی الکسر ہے اور اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جلدی کرو جلدی کرو۔

غَيْدَقَ. المَطَرُ :بارش کا بہت ہونا۔

الغَيْدَق :مص ـ بہت پانی۔

الغَيْدَاق :سرسبز ـ فیاض۔

والغَيْـدَق والـغَيْدَقَان :نرم و نازک ـ غَارَ يَغَارُ غَيْرَةً وغَيْرًا وغَارًا. الرَّجُلُ عَلَى امْرَأَتِهِ مِنْ فُلَانٍ وهِيَ عَلَيْهِ مِنْ فُلَانَةَ : غیرت کھانا ـ صفت (غَيْرَان وغَيُور وغَيَّار) مؤنث (غَيُور وغَيْرَى) ج غَيَارَى وغُيَارَى وغُيُر وغَيَارِير اور اسم الغَيْرَة.

غَـارَهُ يَغِيرُهُ غَيْـرًا :نفع دینا ـ کہا جاتا ہے "غَـارَهُ بِـخَيْـرٍ" یعنی اس کو خیر کا نفع دیا ـ وغَـارَهُمُ اللّٰـهُ بِمَطَرٍ" یعنی اللہ نے ان کو بارش سے سیراب کیا۔

غَارَهُ يَغِيرُهُ غَيْرًا وغِيرَةً :خون بہا دینا۔

غَيَّرَ الشَّيْءَ :بدل دینا ـ تغیر کر دینا۔

غَايَرَهُ غِيَارًا ومُغَايَرَةً :تبادلہ کرنا ـ مخالفت کرنا ـ خرید و فروخت میں مقابلہ کرنا ـ غیر ہونا ـ مغایرت برتنا۔

أَغَارَهُ إِغَارَةً :غیرت پر برانگیختہ کرنا۔

...... الـرَّجُـلُ امْـرَأَتَهُ :مرد کا دوسرا نکاح کر کے پہلی بیوی کو غیرت میں ڈالنا۔

تَغَيَّرَ :بدل جانا ...... عَلَى امْرَأَتِهِ :بیوی پر غیرت آنا۔

تَغَايَرَ. الزَّوْجَانِ :ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔

تَغَايَرَتِ الأَشْيَاءُ :چیزوں کا مختلف ہونا۔

اِغْتَارَ اِغْتِيَارًا. الرَّجُلُ :غلہ مہیا کرنا۔

الغَيْر :مص اسم ہے غَيَّرَ :سے کہا جاتا ہے "مَنْ يَكْفُرْ بِاللّٰهِ يَلْقَ الغِيَرَ" یعنی جو شخص کفر باللہ کرے گا وہ متغیر الحال ہوگا کہ صلاح سے فساد کی جانب آ جائے گا ـ بَنُو غُبَر :جھوٹ اور باطل یا ننگی اور (غَيْر) کا لفظ سوی کے معنی میں آتا ہے ج اَغْيَار اور الا کے معنی میں بھی اور بھی حالیت کے منصوب ہوتا ہے ـ جیسے "فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ" بمعنی لا باغیا ...... اور الا کے معنی میں بھی ـ لیکن یہ اسم لازم للاضافہ ہوتا ہے لفظوں میں مقطوع عن الاضافۃ بھی ہوتا ہے اگر معنی سمجھ میں آ سکے اور اس سے پہلے لَيْسَ یا لا ہو اور اضافت کے رفع اور نصب جائز ہے اور حذف مضاف الیہ کے وقت حالت رفع اور ضمہ نصب اور فتحہ بھی جائز ہے ـ کہو گے "قَبَضْتُ عَشَرَةً لَيْسَ غَيْرُهَا ولَيْسَ غَيْرَهَا ولَيْسَ غَيْرٌ ولَيْسَ غَيْرُ ولَيْسَ غَيْرًا ولَيْسَ غَيْرَ" بمعنی لیس الا اور کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ غَيْرَ مَرَّةٍ" یعنی ایک سے زائد مرتبہ کیا۔

الـغِيـرَةُ :خون بہا ـ غلہ کا ذخیرہ ـ نحوت اسم ہے ـ غَارَ کا ج غِيَر.

غِيَرُ. الدَّهْرِ :زمانے کا حوادث۔

الـغَيْرِيَّةُ :عینیت کے خلاف ـ ہر روش میں سے ایک کا دوسرے کے خلاف ہونا۔

الـمَغِير والمَغْيُور :سیراب شدہ مقامات ـ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَغِيرٌ ومَغْيُورٌ وأَرْضٌ مَغِيرَةٌ ومَغْيُورَةٌ".

غَاضَ يَغِيضُ غَيْضًا ومَغَاضًا وتَغْيَاضًا وانْغَاضَ :پانی کا کم ہونا ـ نیچے اتر جانا ...... الثَّمَنُ :قیمت گھٹنا۔

غَاضَ وغَيَّضَ وأَغَاضَ المَاءَ او الثَّمَنَ : پانی یا قیمت کم کرنا ـ دَمْعَهُ :آنسو روکنا۔

الغَيْض :مص ـ ناتمام بچہ ـ قلیل۔

الـغَيْضَـة :ایک مرتبہ کم کرنا ـ جھاڑی ـ پانی کی جگہ میں بہت درخت ـ ج غِيَـاض وأَغْيَاض وغَيْضَات.

الـمَغِيض :پانی کے جمع ہونے کی جگہ ـ ج مَغَايِض کہا جاتا ہے "مَاءٌ مَغِيضٌ" یعنی وہ پانی جو جمع ہونے کی جگہ تک جاری ہو۔

غَاظَ يَغِيظُ غَيْظًا. فِيهِ :داخل ہونا۔

الـمُغَايَظَةُ :خصومت ـ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ مُغَايَظَةٌ" یعنی ان کے درمیان خصومت ہے۔

الغَيْظ :باغ۔

غاظَهُ يَغِيظُهُ غَيْظًا وغَيَّظَهُ واَغاظَهُ وغايَظَهُ : غصہ دلانا۔ غصہ پر برانگیختہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "غايَظَهُ صاحِبَهُ فِي العَمَلِ" مقابلہ کرنا۔

تَـغَـيَّـظَ. الـحَـرُّ : سخت گرمی ہونا(...... واغْتاظَ) غضبناک ہونا۔

الغَيْظُ : مص۔ غضب یا سخت غضب۔

الغِياظُ : غم۔ مشقت۔

المَغِيظُ : ناراض۔ رنجیدہ۔

غافَتْ تَغِيفُ غَيَفانًا واَغْيَفَتْ وتَغَيَّفَتْ الشَّـجَـرَةُ : دائیں بائیں جھکی ہوئی شاخوں والا ہونا۔ صفت (غَيْفاء) (غَيَّفَ) بھاگنا۔ بزدل ہونا(...... وَتَغَيَّفَ) عَنِ الاَمْرِ : انکار کرنا۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا۔

اَغافَ. الغُصْنَ : ٹہنی کو جھکانا۔

الغافُ : ایک درخت ہے جس کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے واحد غافَةٌ ہے۔

الغَيْفُ : پرندوں کا جھنڈ۔

الاَغْيَفُ : نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ اَغْيَفُ" یعنی آسودہ و خوش حال زندگی۔ مؤنث غَيْفاءُ شَجَرَةٌ غَيْفاءُ : جھکی ہوئی ڈالیوں والا درخت۔

الغَيَّافُ : بہت بڑی لمبی داڑھی والا۔

الغَيَفانُ والغَيْقانُ : متکبرانہ چال۔

غَيَّقَ. المالَ : بگاڑنا۔ فاسد کرنا...... فِي رَاْيِهِ غیر مستقل مزاج ہونا...... الطّائِرُ : اپنی جگہ پر چکر پھڑانا ...... بَصَرَهُ : نگاہ کو پھیرنا۔

تَغَيَّقَتْ. العَيْنُ : آنکھ کا تاریک ہونا۔

غـــاقِ : مبنی علی الکسر۔ کوے کی آواز کی حکایت اگر نکرہ کیا جائے تو (غاقٍ) تنوین سے کہا جاتا ہے۔

الغاقُ : کولا...... والغاقَةُ) ایک آبی پرندہ ہے جس کو غواص اور غُـرابُ الـمـاءِ بھی کہتے ہیں۔

غـالَـتْ تَغِيلُ غَيْلاً واَغالَتْ اِغالَةً المَرْاَةُ ولَـدَهـا : بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا۔ صفت (غَيْلَةٌ ومُغِيلٌ ومُغْيِلٌ)

غالَهُ يَغِيلُهُ غِيالاً وغِيالَةً وغُؤُولاً : چرانا۔

اَغْيَلَتْ اِغْيالاً. المَرْاَةُ ولَدَها : بچے کو بحالت حمل دودھ پلانا...... الشَّجَرَةُ : درخت کا بڑا اور گھنا ہونا...... الغَنَمُ : بکری کا سال میں دو مرتبہ بچے جننا۔

تَغَيَّلَ. القَوْمُ : کثیر المال ہونا۔

تَغَيَّلَتْ واسْتَغْيَلَتْ. الشَّجَرَةُ : درخت کا گھنی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (مِغْيال)

اِغْتالَ اِغْتِيالاً. الغُلامُ : موٹا تازہ ہونا۔

الـغَـيْـلُ : حالت حمل کا دودھ۔ موٹا تازہ لڑکا۔ مؤنث غَـيْـلَـةٌ : زمین پر بہتا ہوا پانی۔ وادی جس میں چشمے جاری ہوں۔ دور کی چیز جو نزدیک دکھائی دے۔

الغِيلُ : جھاڑی۔ گنجان درخت۔ وادی جس میں پانی ہو۔ شیر کی مانند ج اَغْيال وغُيُول.

الغِيلَةُ : دھوکا۔ غفلت سے مار ڈالنا۔ حمل میں دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "قَتَلَهُ غِيلَةً" دھوکے سے مار ڈالا۔

الغائِلَةُ : شر۔ باطنی کینہ۔ حوض میں شگاف۔ ج غَوائِلُ. الغَوائِلُ : مصیبتیں۔

المَغالَةُ : بدی۔ برائی۔

الاَغْيَلُ : پرگوشت۔

الغَيّالُ : اسم مبالغہ۔ شیر اس وجہ سے کہ غَيْل یعنی جھاڑی میں رہتا ہے۔

المِغْيالُ : گھنا سایہ دار درخت۔

غامَتْ تَغِيمُ غَيْمًا وغَيَّمَتْ واَغامَتْ اِغامَةً واَغْيَمَتْ اِغْيامًا وتَغَيَّمَتِ السَّماءُ : بادل والا ہونا۔ غامَ البَعِيرُ : اونٹ کا پیاسا ہونا۔ صفت (غَيْمانُ) مؤنث (غَيْمَى)

اَغْيَمَ القَوْمُ : پیاسا ہونا۔ اَغْيَمُوا فِي المَكانِ : اقامت کرنا۔

غِيمَ. البَعِيرُ : اونٹ کا پیاسا ہونا۔

الغَيْمُ : مص۔ بادل ج غُيُومٌ واحد (غَيْمَةٌ) پیاس۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے پیاس لگی ہو۔

يَوْمٌ (غَيُومٌ) بدلی کا دن۔

غانَ يَغِينُ غَيْنًا : پیاسا ہونا۔

غانَتْ. نَفْسُهُ : متلانا۔ غانَتْ وغِينَتِ السَّماءُ : آسمان پر بادل گھر آنا۔

غِينَ واُغِينَ. عَلَى قَلْبِهِ : خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغانَتِ السَّحابُ السَّماءَ : بادل گھر آنا۔

غَيَّنَ. غَيْنًا : حرف غ لکھنا۔

الغَيْنُ : مص۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ بادل۔

الغَيْنَةُ : بلا پانی کے گھنے درخت۔

الغِيْنَةُ : بے پھل دار سے گھنے جھاڑی۔

الاَغْيَنُ. مِنَ الشَّجَرِ والنَّباتِ : سرسبز اور لمبا۔ مؤنث غَيْناءُ ج غِينٌ.

الغَيْهَمُ : تاریکی۔

غَيّا تَغْيِيَةً واَغْيا اِغْياءً ا. الغايَةَ اي الرّايَةَ : جھنڈا گاڑنا۔ غَيّا القَوْمُ : جھنڈا گاڑنا...... الطَّيْرُ عَلَى الشَّئِ : پرندہ کا چکر پھڑانا۔

اَغْيا السَّـحابُ : بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا۔ اَغْيا الرَّجُلُ : شرافت یا معاملہ میں انتہا کو پہنچنا۔

الفَرَسُ فِي سَبَقِهِ : گھوڑے کا حد مقررہ کو پہنچنا۔

غايا مُغاياةً. القَوْمُ فِي رَاْسِهِ بِالسُّيُوفِ : کسی کے سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔

تَغايَتْ. الطَّيْرُ عَلَى الشَّئِ : پرندوں کا منڈلانا۔ کہا جاتا ہے "تَغايَوْا عَلَيْهِ حَتّى قَتَلُوهُ" یعنی ایک دوسرے کی اعانت کی یہاں تک کہ قتل کر دیا۔

الـغـايَةُ : مدت۔ جھنڈا۔ تیجہ ج غايات وغاىٌ : اور نسبت کیلئے (غائِيٌّ) ہے کہا جاتا ہے "غايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذا" یعنی تمہاری انتہائی طاقت ہے کہ تم ایسا کرو۔ والغايَةُ : چکر کھانے والا پرندہ۔ چڑیوں کے پھنسانے کی لے کہا جاتا ہے "اَنْتَ بَعِيدُ الغايَةِ" یعنی تمہاری [illegible] درست ہے۔

الغَيايَةُ : آفتاب کی شعاع کی روشنی کنوئیں کی گہرائی۔ ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ ڈالے ہو۔ جیسے بادل گرد و غبار وغیرہ ج غَيايات.

الغَيَّةُ. غوی : کا مادہ دیکھئے۔

الغَيْرُ دِيا : چوڑے پھولوں والا انار رنگ کے بیج والا پودا۔

المُغَيّا : جس کے لئے غایت مقرر کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "الغايَةُ لاتَدْخُلُ فِي المُغَيّا" یعنی حد محدود میں داخل نہیں۔

ف

ف : اَلْـفَـاءُ : بیسواں حرف ہجائی حروف میں سے۔ شفوی حروف (ہونٹوں کے ملنے سے ادا ہونے والے الفاظ)۔

الفاء: یہ حرف کئی معنوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ترتیب جیسے قَامَ زَیْدٌ فَعَمْرٌو.

(۲) تعقیب: جیسے خمِسَ زَیْدًا فَقَتَلَهٗ.

(۳) سَبَبِیّت: جیسے ضَرَبَ زَیْدًا فَمَاتَ.

(۴) رابطہ۔ جواب شرط میں جیسے اِنْ تُکْرِمُوْنِیْ فَاَشْکُرُ وَعِنْدِیْ: شبہ جواب شرط میں جیسے اَلَّذِیْ یَاْتِیْنِیْ فَلَهٗ دِرْهَمٌ.

(۵) ناصب مضارع کے لئے بمعنی اَنْ جیسے زُرْنِیْ فَاُکْرِمَکَ.

(۶) استیناف کے لئے جیسے یَـقُـوْلُ کُـنْ فَیَکُوْن.

(۷) زائدہ جیسے زَیْـدٌ فَلَا تَـضْـرِبْـهُ. خَرَجْتُ فَـاِذَا الْاَسَـدُ فِیْ الدَّارِ. وَلَمَّا قُمْتُ قُمْنَا.

اِفْتَـاتَ. بِرَاْیِهٖ: رائے میں منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا ...... عَلَی الْبَاطِلِ: گھڑ لینا۔

افْتِیَتَ: اچانک مرجانا۔

فَأَدَهٗ (ف) فَأْدًا: دل پر مارنا۔ دل پر لگنا۔ فَـأَدَ الخوف فُلَانًا: بزدل بنانا...... اللَّحْمَ فِی النَّارِ: گوشت بھوننا۔ ...الخُبْزَ: روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔

فُـئِدَ فَأْدًا وفَئِدَ (س) فَأَدًا: دل کی بیماری والا ہونا۔

افْتَأَدَ الرَّجُلُ: بھوننے کے لئے آگ جلانا۔ اللَّحْمَ فِی النَّارِ: گوشت بھوننا۔

تَفَأَّدَتْ. النَّارُ: آگ کا جلنا۔

الفُؤَادُ: دل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج اَفْئِدَةٌ.

الفَئِیْدُ: آگ۔ بھنا ہوا۔ بزدل۔

الاُفْـــؤُوْدُ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھوبھل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج اَفَائِیْد.

المُفْتَأَدُ: آگ جلنے کی جگہ۔

المِفْأَدُ والمِفْأَادُ والمِفْأَدَةُ: آگ کریدنے کا لوہا یا لکڑی۔ ج۔ مَفَائِد ومَفَائِیْد.

الـمَـفْـؤُوْدُ: دل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔ بھنا ہوا۔

فَأَرَ (ف) فَأْرًا. الغُرَابُ: مٹی کھودنا۔ ...الشَّیْءُ: دفن کرنا۔ چھپانا۔

فَئِرَ (س) فَأَرًا. المَكَانُ: بہت چوہے والا ہونا۔

الفَأْر: مص۔ چوہا۔ ج فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ: واحد (اَلْفَأْرَةُ) مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔

الفَأْرَةُ: مشک کا نافہ۔

مَـكَانٌ (فَئِرٌ) وَاَرْضٌ (فَئِرَةٌ ومَفْأَرَةٌ) بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔

فَـأَسَ (ف) فَـأْسًـا. الـخَـشَـبَةَ: لکڑی کو کلہاڑی سے پھاڑنا ...... الـرَّجُـلَ: کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔

الـفَـأْسُ: مص۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے (فَـاسٌ) اور یہ مؤنث سماعی ہے ج اَفْؤُس و فُؤُوْس فَأْسٌ الـــرَّاسِ: سر کے پچھلے حصہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔ فَـأْسُ الـفَـمِ: منہ کا وہ کنارا جس میں دانت ہیں۔ فَـأْسُ اللِّجَامِ: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔

فَـأْفَأَ فَـأْفَأَةً. الرَّجُلُ: حرف فا اکثر بولنا۔ صفت (فَأْفَاءٌ و فَأْفَأ)

فَأَقَ (ف) فُؤَاقًا ہچکی آنا۔

فَأَّلَهٗ تَفْئِیْلًا. بِالشَّیْءِ: فال لینا۔

تَفَأَّلَ وَتَفَاءَلَ وافْتَأَلَ بِهٖ: اچھا شگون لینا۔

الفَأْلُ: نیک شگون۔ جیسے مریض کسی کو یا سلیم کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَأْلَ عَلَیْکَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج فُـؤُوْلٌ و اَفْؤُالٌ.

فَـأَمَ (ف) فَـأْمًـا. مِنَ الْمَـاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

فَئِمَ وفَـئِـمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ. البَعِیْرُ: گھاس سے منہ بھرنا۔

فَـأَّمَ وافْأَمَ. القَتَبَ: پالان کو وسیع کرنا۔ اَفْأَمَ الدَّلْوَ: ڈول بھرنا۔

الفِـئَـامُ: لوگوں کی جماعت اور اس لفظ سے واحد نہیں ج فُؤُوْمٌ کہا جاتا ہے فَـطَّـعُـوْهُ (فُؤُوْمًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔

فَأَی یَفْأَیُ فَأْیًا وفَأْیًا. رَاْسَ فُلَانٍ: کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔

انْفَأَی: تنگ وادی میں پڑنا۔

تَفَأَّی. القَدَحُ: پیالہ کا پھٹنا۔

اِنْفَأَی: کھلنا ...... الشَّیْءُ: پھٹنا۔

الـفَـأْوُ: مص۔ دو پہاڑوں کے درمیان

شگاف۔ وادی میں تنگ جگہ۔ چٹی جگہ۔ ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔

الفِئَة: جماعت۔ گروہ ج فِئات وفِئُون.

فَتَّ (ن) فَتًّا وفَتَّتَ. الشَّيْءَ: انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِي سَاعِدِهِ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ "فَتَّ فِي عَضُدِهِ" یعنی اس کی قوت توڑ دی اور اس کے اعوان و انصار کو متفرق کر دیا۔

اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ: ٹوٹنا۔

الفَتُّ: مص۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ أَهْلُ بَيْتٍ فَتٌّ وفِتٌّ ولَفِتٌّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔

الفَتَّة الفُتَّة: خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لا يُسَاوِي فُتَّة" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔

الفُتَات: چورا۔

الفَتِيتَة: ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِت.

الفَتِيت والفَتُوت والمَفْتُوت: چورا کیا ہوا۔

فَتَأَ (ف) فَتْأً. النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَتَأَهُ عَنِ الأَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔

فَتِئَ (س) فَتْأً. عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ (ف س) ومَا فَتِئَ (س) يَفْعَل ذٰلِكَ": یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا اور یہ افعالِ ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔

فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البَابَ: دروازہ کھولنا۔ ...... القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔ ...... البِلادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا ...... الحَاكِمُ بَيْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا ...... اللّٰهُ عَلَيْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا ...... سِرَّهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔

فَتْحًا وفِتَاحَةً. اللّٰهُ عَلَى فُلَانٍ: مدد کرنا۔

فَتَّحَ: بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَفَتَّحَ: کھلنا ...... فِي الكَلَامِ. بِالمَالِ عَلَى فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الأَكِمَّةُ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنْفَتَحَ: کھلنا۔ تَفَتَّحَ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔

فَاتَحَهُ: فیصلے کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهُ بِالأَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَيْعَ: بیع میں آسانی کرنا ...... المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

تَفَاتَحَ. القَوْمُ كَلامًا بَيْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔

اِفْتَتَحَ. البِلَادَ: ملک فتح کرنا ...... (واستفتح) الأَبْوَابَ: دروازے کھولنا ...... الأَمْرَ بِكَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا۔

الفَاتِح: فا۔ ج فَتَحَة وفَاتِحُون.

الفَتْح: مص۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوح۔ يَوْمُ الفَتْحِ: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔

الافْتِتَاحِيَّة: اداریہ۔ اخباریہ (ایڈیٹوریل)

الفُتُوحَات: لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔

الفَتْحَة: ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔

الفَاتِحَة: مص۔ مدد۔

الفِتَاحَة والفُتَاحَة: دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا فُتَاحَات" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔

الفُتُح: کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیش۔

الفُتْحَى: ہوا۔

الفُتْحَة: کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَح.

المُفْتَتَحَة. مِنَ الشَّيْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے المُفْتَتَحَة الكِتَابِ ج فَوَاتِح.

الفُتُوح: بہار کی پہلی بارش ج فَتْح.

الفَتَاح والفِتَاح والفُتُوحَة: حکومت۔

الفَتَّاح: اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔

الاسْتِفْتَاح: مص اور عرف استفتاح: نحویوں کے نزدیک الا ہے۔

المَفْتَح: خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِح.

المِفْتَح: کنجی۔ ج مَفَاتِح. المِفْتَح: پانی کی نالی۔

المِفْتَاح: کنجی۔ ج مَفَاتِيح.

فَتِخَ (س) فَتَخًا: ڈھیلے نرم و کمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أَفْتَخ)

فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. أَصَابِعَهُ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔

أَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔

تَفَتَّخَ: چھلا پہننا۔

الفَتْخَة والفَتَخَة: چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتْخ (فَتَخَات وفُتُوخ وفِتَاخ. فُتُوخ الأَسَد) شیر کے پنجے۔

الأَفْتَخ: نرم و کمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاء ج فُتْخ. أَسَدٌ أَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ أَفْتَخُ الطَّرْفِ: کمزور نگاہ والا مرد۔

الفَتْخ والفَتَخَة: ٹخنے سے بازو تک کا باطنی حصہ۔

فَتَرَ (ن ض) فُتُورًا وفُتَارًا وفَتْرًا: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا ...... المَاءُ: حرارت کم ہونا ...... عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔

فَتْرًا وفُتُورًا جِسْمُهُ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔

فَتَرَهُ وفُتُورًا. الحَرُّ: کم ہونا۔

فَتَرَهُ (ن ض) فَتْرًا: انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔

فَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا ...... السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آہستہ

بارش ہونا۔ فَتَـرَ: سکون ونرمی کے بعد ٹھنڈا کرنا۔ فَتَرَ الْمَاءَ: گرم پانی کی حرارت کو کم کرنا۔

...... فَتَّرَ: کمزور پلکوں والا ہونا...... الشَّرَابُ: شراب کا مست کر دینا...... فَتَّـرَهُ الْـمَـرَضُ او السُّكْرُ: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف وکمزور کر دینا۔

إِسْتَفْتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیئے جانے کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔

اَلْفَاتُوْرَةُ: سامان خرید وفروخت کا تفصیلی بل جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا ہے۔ (بیلنس شیٹ)

الفَتْرُ: کمزوری۔ فتور۔

الفِتْرُ: انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان کھلی ہوئی حالت میں۔

الفَتَرُ: آٹا چھاننے کے لئے کھجور کی چٹائی۔

الـفَـتْـرَةُ: سستی وکمزوری۔ صلح۔ بخار کے دو باری کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج فَتَرَات.

والفِتْرُ: ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہوتی ہے۔

الـفُـتَـار: مص۔ بے ہوشی کی ابتدا ...

الفَتُوْرُ: نیم گرم پانی۔

فَتَرْمَةٌ فَتَرْمَةٌ: کاٹنا۔

فَـتَـشَ (ض) فَتْشًـا وفَـتَّـشَ. الشَّيْءَ: ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ فَـتَّـشَ وفَـتَّـشَ عَنْـهُ: سوال کرنا اور بحث کرنا۔

اَلْمُفَتِّشُ: تفتیشی (انکوائری) افسر۔

اَلْـفَـتُـوْشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز، انجور اور کھجور وغیرہ سے تیار کر کے پھر اس پر کھٹائی لگائی جاتی ہے۔

اَلْفَتِيْشُ: راکٹ۔

الفَتَّاشُ: بہت تلاش وجستجو کرنے والا۔

فَتَعَ (ف) فَتْعًا الشَّيْءَ: ریزہ ریزہ کرنا۔

فَتْفَعَ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتْـفَـتَ إِلَيْهِ فَتْفَتَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ فِي الفَتْفَتَةِ والتَّنْفَنَةِ"۔

الفَتَافِتُ: پوشیدہ اقوال۔

فَتَقَ (ن ض) فَتْقًا وفَتَّقَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔ ادھیڑنا...... المِسْكَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔ الـعَـجِـيْـنَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔

...... بَيْنَ القَوْمِ: اختلاف پیدا کرانا۔ الكَلَامَ: واضح کہنا۔

فَتِقَ (س) فَتَقًا. المَكَانُ: سرسبز ہونا۔

أَفْتَقَ. الـقَوْمُ: کھلے بادل پر جانا۔ قَـرْنُ الشَّمْسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔

...... الـسَّـحَـابُ: بادل کا کھل جانا...... الرَّجُلُ: مختلف مصائب وآفات والا ہونا۔

تَفَتَّقَ وانْفَتَقَ: پھٹنا۔ وانْفَتَقَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فُلَانٌ بِالكَلَامِ: زبان کا رواں ہونا۔

الـفَـتَـقُ: مص۔ کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فُلَانٌ إِلَى فَتَقٍ" فلاں ایسے مقام کی طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں بارش ہے۔ ج فُتُوْق: کہا جاتا ہے "عَـامُ فُتُوْقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی۔ قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔

الفَتْقُ والفَتَقُ: صبح۔

الفَتَائِقُ: خمیر کا بڑا اچھڑا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ دواؤں کا مرکب۔

الـمَـفْـتُـوْق: آفات جیسے مرض، بھوک، فقیری تھوڑی بارش۔

الفَتِيْقُ: موٹاپے سے پھٹ پڑنے والا۔

الـصُّبْحُ الفَتِيْقُ: چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِيْقُ اللِّسَانِ: تیز زبان مرد۔

إِمْـرَأَةٌ فُتُقٌ (فُتُقٌ ومُتَفَتِّقَةٌ): تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔

المَفْتُوْقُ: فتق کی بیماری والا۔

الفِتِّيْقُ: دربان۔ بڑھئی۔ لوہار۔ بادشاہ۔

مَفْتَقُ القَمِيْصِ: قمیص کا گریبان۔

الفَتْقَاءُ: کشادہ شرمگاہ والی عورت۔

فَتَكَ (ن ض) فَـتْـكًا وفِـتْـكًا وفُـتْـكًا وفُتُوْكًا. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔

...... بِفُلَانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔

...... فِـيْ الأَمْـرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

فَتَكَ (ن ض) فُتُوْكًا. فِيْ صَنَاعَةٍ: اپنے پیشے میں ماہر ہونا...... فِـي الـخُـبْـثِ: خباثت میں مبالغہ کرنا۔

فَتُكَ. الفُطْنُ: روئی دھنا۔

أَفْتَكَ. الرَّجُلُ: بمعنی فتک۔

فَـاتَـكَـهُ مُفَـاتَكَةً: کھلم کھلا قتل کرنا۔ فَاتَكَ الشَّيْءَ والأَمْرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا...... : ہنرمندی سے مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔

تَـفَتَّكَ. بِـأَمْرِهِ: خودرائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الفَاتِكُ: فا۔ دلیر۔ بہادر۔ ج فُتَّاكٌ کہا جاتا ہے "هُوَ فَـاتِكُ الـقَلْبِ" یعنی وہ گزرنے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَفْتَكَهُ" یعنی کس قدر جھگڑالو ہے۔

فَتَلَ (ض) فَتْلًا وفَتَّـلَ. الحَبْلَ: رسی بٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجْهَـهُ عَنْهُمْ" یعنی ان سے اپنے چہرے کو پھیر لیا۔ "وفَـتَـلَ ذُؤَابَةَ فُلَانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ فَـتَـلَ الشُّبَيْلَ: چھپانا اور مثال ہے "مَا زَالَ يَفْتِلُ مِـنْ فُلَانٍ فِيْ الذِّرْوَةِ والغَارِبِ" یعنی وہ فلاں کے قریب رہنے کے لئے چکر لگاتا ہے۔

فَتِـلَ (س) فَتَلًا: بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت صر (أَفْتَل) مؤنث (فَتْلَاءُ)

تَفَتَّلَ وانْفَتَلَ: رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔

الفَـتْـلَةُ. فتل: کا اسم مرۃ۔ ہاتھ کے پٹھے کی تختی۔ بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا برتن۔ ج فَتَلٌ.

الفَتْلَةُ: درخت عرفط اور عضاہ کا دانہ ج

فتل: کہا جاتا ہے "مَا اَغْنیٰ عَنْکَ فَتْلَةً او فَتِــلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔
الفَتِـیل: بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِـیلَةٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (...... والفَتِیلَةُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغنیٰ عَنْکَ فَتِیلاً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔
الفَتِیلَة: بتی۔ ج فَتَائِل وفَتِیلات.
الاَقبَص: بڑی کھوپڑی والا...... مِنَ الخَیلِ: چست تیز رفتار گھوڑا۔ الاَقبَص: وہ شخص جو چلنے میں قدم کے اگلے حصے سے غبار اڑائے اور غبار ایڑی پر پڑے۔ مؤنث قَبصاء ج قُبص۔

القَبصاء: بڑی کھوپڑی۔

القَبِیص: مٹی کا ڈھیر۔

القَوابِص: جماعتیں۔ پارٹیاں۔ واحد قابِصَة۔

المِقبَص: رسی جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں باندھ دی جاتی ہے تاکہ سارے گھوڑے ایک قطار میں ہو جائیں۔ ج مَقابِص۔

حَبلٌ مُقتَبَص: چھوٹی رسی۔

قَبَضَ (ض) قَبضًا. بِیَدِهِ الشیءَ وعَلَی الشیءِ: کسی چیز کو ہاتھ سے پکڑنا۔ پنجے سے پکڑنا...... یَدَهُ عَنِ الشیءِ: پکڑنے سے باز رہنا۔ قَبضَهُ عَنِ الاَمرِ: ہٹانا۔ دور کرنا۔

قَبَضَهُ اللّٰهُ: وفات دینا۔ قَبضَ الشیءَ: سمیٹنا...... الحادِی الابِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔

الطائرُ جَناحَهُ: پرندہ کا بازو سمیٹنا...... المالَ و نَحوَها: قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ یَقبِضُنِی ما قَبَضَکَ" جس چیز نے تجھے تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ وفُلانٌ الخَیرُ یَبسُطُهُ والشَرُّ یَقبِضُهُ: فلاں کے لئے خیر باعث بسط اور شر باعث قبض ہے۔ "واللّٰهُ یَقبِضُ ویَبسُطُ" یعنی اللہ کسی پر وسعت کرتا ہے اور کسی پر تنگی ڈالتا ہے۔

قَبَضَ (ض) قَبضًا واقتَبَضَ مِنهُ الشیءَ: اپنے لئے لینا...... قَبضَةً: مٹھی بھر لینا۔

قَبَضَ (ض) قَبضًا وانقَبَضَ. ...: جلدی کرنا اور دامن سمیٹنا...... القَومُ: ...

دینا...... تقبّض: بض ہونا۔ تقبّض الشیٔ
ملنا۔ منقبض ہونا۔ سمٹنا۔
قُبِضَ۔ المریضُ: قریب المرگ ہونا۔ مرنا۔
قَبَضَ۔ الشیٔ: جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ سکیڑنا۔ کہا جاتا ہے "قَبَضَ وَجْهَه فتقبَّضَ" اس نے اپنا منہ بگاڑا پس وہ بگڑ گیا۔ "وقَبَضَ مَابَیْنَ عَیْنَیْهِ" اس نے اپنی آنکھوں کے درمیان یعنی پیشانی پر شکن ڈال لیا۔ قَبَّضَ المالَ فلانًا: مال کسی کے قبضہ میں دینا۔ مال پر کسی کا قبضہ کرانا۔
قَابَضَهٗ مُقَابَضَةً: ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
اَقْبَضَ۔ السیفَ: تلوار کا قبضہ بنانا...... فلانًا المتاعَ: سامان پر قبضہ کرنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔
تَقَبَّضَ: جمع ہونا...... الجلدُ فِی النارِ: کھال سکڑ جانا...... الرجلُ عَنِ الْاَمرِ: نفرت کرنا۔
اِلَیْهِ: کودنا...... عَلَی الْاَمرِ: توقف کرنا۔
تَقَابَضَ۔ المُتَبَایِعَانِ: بائع اور مشتری کا بیعہ اور ثمن پر قبضہ کرنا۔
القَبْضُ: مص۔ تیز ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِی قَبْضِهٖ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔
القَبَضُ: قبضہ کیا ہوا مال۔ جلدی۔ تقسیم سے پہلے غنیمت کا مال۔
اَلْقَبْضُ: علم عروض کی اصطلاح میں پانچواں حرف ساکن کو حذف کرنا جیسے فَعُوْلُنْ سے فعول۔ حذف شدہ کو مقبوض بولتے ہیں۔
القَبْضَة۔ قَبْضٌ: کا اسم مرۃ۔ موت کہا جاتا ہے "صَارَ المَالُ فِی قَبْضَتِهٖ" مال اس کی ملکیت میں ہو گیا۔ قَبْضَةُ السیفِ: تلوار کا قبضہ۔
القَبْضَة والقُبْضَة: مقبوضہ شی مِنَ الشیٔ: مٹھی بھر کر۔
القُبَضَة: خشم۔ چرواہا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُبَضَةٌ رُفَضَةٌ" قبضہ کرنے والا اور جلدی چھوڑ دینے والا مرد۔

القِبَاض والقَبَاضَة: سکڑ جانا۔ جلدی۔
القُبَّاضُ والقُبَّاضَة: بہت سخت قبضہ کرنے والا۔ تیز ہانکنے والا۔
القَابِضُ: ..... مِنَ الطعامِ: زبان پکڑنے والی خوراک...... مِنَ الْاَدْوِیَةِ: قبض کرنے والی دوا۔ تیز ہانکنے والا۔ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ: حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
القَبِیْضُ: سکڑا ہوا۔ تیز۔ عقل مند۔ کاریگر جو اپنے کام پر متعجر ہے۔
المِقْبَضُ والمَقْبِضُ والمَقْبَضُ والمِقْبَضَة والمَقْبَضَة والمَقْبِضَة: تلوار کا قبضہ ج مَقَابِضُ۔
قَبَطَ (ن) قَبْطًا۔ الشیٔ: ہاتھ سے جمع کرنا۔ ملانا۔
قَبَّطَ وَجْهَهٗ: ترش روئی کرنا۔ منہ بگاڑنا۔
القِبْطُ: مصر میں نصرانیوں کی ایک جماعت واحد قِبْطِیٌّ ج اَقْبَاط
القُبْطِیَّة والقِبْطِیَّة: کتان کا کپڑا جو قبط کی طرف منسوب ہے۔ ج القَبَاطِیّ والقَبَاطِی۔
القُبَّاط والقُبَّیْط والقُبَّیْطَی والقُبَّیْطَاء: ایک قسم کی مٹھائی۔ ریوڑی۔
قَبَعَ (ف) قُبُوْعًا۔ القُنْفُذ: سیہی کا اپنی کھال میں سر چھپانا...... الرجلُ فِی قَمِیْصِهٖ: گریبان میں سر ڈالنا...... رَأسَهٗ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا...... فِی الْاَرْضِ: جانا (...قَبْعًا) الجَوَالِقَ: گون کے کنارے موڑنا۔ (...... قَبْعًا وقُبُوْعًا) عَنْ اَصْحَابِهٖ: تخلف کرنا...... النجمُ: ستارے کا ظاہر ہو کر چھپ جانا...... الرجلُ: عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا...... المرأةُ: عورت کا چھپنا۔ (قَبْعًا وقِبَاعًا وقُبَاعًا) الخِنْزِیْرُ: سور کا غرانا۔
الفِیْلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا (...... والقَبْع) المَزَادَةَ: مشک کے منہ کو منہ میں ڈال کر پینا۔
القُبَع: بگل۔

جانور۔
القُبَاع: بے وقوف مرد۔ ایک بڑا پیمانہ۔
القُبَعَة: ایک چھوٹا سا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "یَا اِبْنَ قُبَعَةَ وَیَا ابْنَ قَابِعَاءَ" یعنی اے بے وقوف۔
...... "اِمْرَأةٌ قُبَعَةٌ طُلَعَةٌ" کبھی چھپنے والی کبھی ظاہر ہونے والی عورت۔
القُبَعَة: بچوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔
القَبَاع: بزدل سور۔
اَلْقُبَیْعَة: چھوٹا پرندہ جو چوہوں کی بل کے پاس ہوتا ہے جب خوفزدہ ہو تو بل میں داخل ہو جاتا ہے۔
القُبَاعِی: بڑے سر کا مرد۔
القَبِیْعَة۔ مِنَ السَّیْفِ: تلوار کے قبضہ پر چاندی یا لوہے کی گرہ۔
القَبِیْعَةُ والقِبِیْعَة: سور کی ناک کا سوراخ۔
القَوَابِع: گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہے ہوئے گھوڑے۔
القَبَعْثَرِی والقَبَعْثَر: بڑا۔ بڑا اونٹ ج قَبَاعِث۔
القَبَعْثَی: بڑے قدم کا مرد۔ بڑے کھر کا اونٹ۔ مؤنث قَبَعْثَاة۔
قَبْقَبَ قَبْقَبَةً۔ الفحلُ: بڑبڑانا...... الرجلُ: بے وقوف ہونا۔
القَبْقَب: پیٹ۔
القَبْقَبَة: مص۔ گھوڑے کے پیٹ کی آواز۔ نر جانور کے دانت کی آواز۔
القِبْقِب: دریائی مچھلی۔
القَبْقَاب: کھڑاؤں۔ ج قَبَاقِیْب۔
القَبْقَاب والقُبَاقِب: بہت بولنے والا۔ بک بک کرنے والا۔ جھوٹا۔ سخت آدمی
القَبَاقِب: آئندہ تیسرا سال کہا جاتا ہے "اِنَّکَ لَاتُفْلِحُ العَامَ وَلَا القَابِلَ وَلَا القَبَاقِبَ" یعنی نہ تو تم امسال فلاح پاؤ گے نہ آئندہ سال نہ تیسرے سال۔
قَبِلَ (س) قَبُوْلًا وقُبُوْلًا۔ الشیٔ: لینا۔ قبول کرنا...... الکلامَ: تصدیق کرنا۔

قَبَلَتْ (ن) قَبْلاً وَقَبُولاً. رِيحُ القَبُول: پروائی ہوا چلنا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً عَلَى الشَّئُ: مشغول ہونا اورلازم ہونا......المَكَانَ: متوجہ ہونا کہا جاتا ہے "قَبَلَتِ المَاشِيَةُ الوَادِيَ" جانور وادی کی جانب متوجہ ہوئے۔

قَبِلَ (ف) قَبْلاً. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔

قَبِلَتْ (س) قِبَالَةَ المَرْاَةُ: عورت کا دائی جنائی ہونا......القَابِلَةُ الوَلَدَ: دایہ گری کرنا۔

قَبِلَ (س) وقَبَل (ن ض) قَبَالَةً بِهِ: کفیل و ضامن ہونا۔

قَبَلَ (ن) قَبْلاً وقَبِلَ (س) قَبَلاً: آنکھوں میں کجی والا ہونا۔ بھینگی نظر والا ہونا۔

قُبِلَ القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا۔

قَبَّلَهُ: بوسہ دینا۔قَبَّلَ العَامِلَ العَمَلَ: ضامن لینا اورضمان کو (القَبَالة) کہتے ہیں۔قَبَّلَتْهُ الحُمّٰى: بخار کی وجہ سے ہونٹوں پردانے نکل آنا۔

قَابَلَهُ: سامنے ہونا......قَابَلَ الشَّئَ بِالشَّئِ: مقابلہ کے لئے دو چیزوں کو آمنے سامنے کرنا۔

اَقْبَلَ. اليَوْمُ: دن کا قریب ہونا۔اَقْبَلَتِ الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: زمین میں نباتات کا بڑھنا۔بکثرت ہونا۔اَقْبَلَ عَلَيْهِ: متوجہ ہونا ......اِلَيْهِ: آنا......عَلَى الشَّئِ: شروع کرنا اورلازم ہونا......القَوْمُ: پروائی ہوا لگنا...... فُلاَنًا الشَّئَ: آگے کرنا کہا جاتا ہے "اَقْبَلْتُ زَيْدًا مَرَّةً وَاَدْبَرْتُهُ اُخْرَى" یعنی چلنے میں زید کو کبھی آگے کبھی پیچھے کیا۔"اِذْهَبْ فَاقْبِلْهُ الطَّرِيقَ" اس کو لے جاؤ اور راستہ بتلاؤ اور سامنے کرلو۔

تَقَبَّلَهُ: لینا۔تَقَبَّلَ العَمَلَ: کام کو لازم کرنا۔ ......اللّٰهُ دُعَاءَهُ: دعا قبول کرنا......اَبَاهُ: باپ کے مشابہ ہونا۔تَقَبَّلَتْهُ السَّعَادَةُ: نیک بختی ظاہر ہونا۔

تَقَابَلَ. الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِقْتَبَلَ الكَلاَمَ: فی البدیہہ کہنا......الاَمْرَ: کام ازسرنو کرنا......الرَّجُلُ: بے وقوفی کے بعد عقل مند ہونا۔

اِقْبَلَّتْ واِقْبَالَّتْ عَيْنُهُ اِقْبِلاَلاً واِقْبِيلاَلاً: نگاہ کا بھینگا ہونا۔

اِسْتَقْبَلَ. الشَّئَ: سامنے ہونا......الرَّجُلَ: توجہ کرنا۔سامنا کرنا۔مقابلہ کرنا۔

قَبْلُ: پہلے۔آگے اور یہ ظرف زمان ہے کبھی معرب ہوتا ہے۔جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ وَمَاتَ الوَزِيرُ قَبْلَه ومِنْ قَبْلِهِ: کبھی مضاف الیہ محذوف ہوتا ہے۔اگر نیت میں ہو تو مبنی علی الضم جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ ومَاتَ الوَزِيرُ قَبْلُ ومِنْ قَبْلُ: اور اگر مضاف الیہ نہ لفظوں میں ہو نہ نیت میں تو معرب جیسے مَاتَ الخَلِيفَةُ ومَاتَ الوَزِيرُ قَبْلاً ومِنْ قَبْلٍ۔

قُبَيْلَ: قبل کی تصغیر۔کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلاَنٌ قُبَيْلَ العَصْرِ" یعنی فلاں عصر سے کچھ پہلے آیا۔

القُبْلُ والقُبُلُ: اگلا حصہ......مِنَ الزَّمَانِ: ابتدائی زمانہ......مِنَ الجَبَلِ: دامن کوہ ج اَقْبَال: کہا جاتا ہے اَقْبَلَ قُبُلَهُ: یعنی اس نے اس کا قصد کیا "رَاَيْتُهُ (قُبُلاً وقَبَلاً وقُبُلاً وقِبَلاً وقُبَيْلاً وقَبِيلاً) میں نے اس کو ظاہر طور پر سامنے دیکھا۔

القَبَلُ: مص۔سامنے کی مرتفع زمین۔واضح راستہ۔بکری کے سینگوں کا چہرے پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ قَبَلَهُ" اللہ باقی رکھے اس چیز کو جو اس سے پہلے نظر آئے۔القَبَلُ: دایہ کی بچہ جنانے کی لطف تدبیر۔ہر چیز جو پہلے نظر آئے۔کلام کی برجستگی۔ہاتھی دانت وغیرہ کا گول تعویذ جو عورت اور گھوڑے کے سینہ پر لٹکایا جاتا ہے۔والقَبَلُ فِي العَيْنِ: آنکھ کی سیاہی کا ناک کی طرف جھکنا......فِي [illegible]

طرف جھکنا۔

القِبَلُ: طاقت۔قدرت جیسے "مَالِي بِهِ قِبَلٌ" مجھے اس کی طاقت نہیں کہا جاتا ہے "لِي قِبَلَ فُلاَنٍ دَيْنٌ" میرا فلاں کے پاس قرض ہے "وَاَتَانِي مِنْ قِبَلِهِ" اس کے پاس سے میرے پاس آیا۔اس کی طرف سے میرے پاس آیا۔

القِبْلَةُ. قَبَلَ: کا اسم نوع۔جہت اور اسی سے ہے قِبْلَةُ المُصَلِّي: اس جہت کے لئے جدھر نماز پڑھتا ہے کعبہ۔جس چیز کا سامنا کیا جائے کہا جاتا ہے "مَالَهُ فِي هٰذَا الاَمْرِ قِبْلَةٌ ولا دِبْرَةٌ" اس کے لئے اس معاملہ میں آگا پیچھا نہیں یعنی نہیں جانتا کہ کیا کرے۔ "وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً" اپنے مکانوں کو آمنے سامنے کرو۔

القُبْلَةُ: بوسہ۔کفالت۔ضمان۔ج قُبَل.

القَبَلَةُ: ایک قسم کا مہرہ جس کو جادوگرنی استعمال کرتی ہے اور اسی سے جادو کرتی ہے۔ ج قَبَل.

القَبْلَةُ بسکون الباء اور القُبْلَةُ بضم القاف وسکون الباء بھی اسی معنی میں ہے۔

القِبَالُ. مِنَ النَّعْلِ: تسمہ۔کہا جاتا ہے رَجُلٌ مُنْقَطِعُ القِبَالِ: مرد بدرائے۔

القَبَالَةُ: مص۔ضمانت۔کفالت۔کہا جاتا ہے جَلَسَ (قُبَالَتَهُ) یعنی وہ اس کے سامنے بیٹھا۔

القَبُولُ: مص۔اچھی ہیئت۔باد صبا۔دائی جنائی۔عافیت اور نعمت وغیرہ کا آنا۔

القَبِيلُ: ضامن۔کفیل۔شوہر۔تین یا زائد کی جماعت۔ج قُبُل وقُبَلاَءُ. القَبِيلُ: خدا کی اطاعت (دَبِير: خدا کی نافرمانی) القَبِيلُ مِنَ النِّسَاءِ: دائی جنائی۔کہا جاتا ہے "مَا يَعْرِفُ قَبِيلاً مِنْ دَبِيرٍ" وہ آنے جانے والے کو پہچانتا نہیں "ومِنْ قِبَلِ ذٰلِكَ" اسی کی جہت سے اور کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ قَبِيلاً" میں نے اس کو سامنے سے ظاہر طور پر دیکھا۔

القَبِيلَةُ: ایک باپ کے بیٹے۔کنوئیں کے منہ

[illegible] ج قبعل
قبعل القرابن: سرکی ہڈی کے ٹکڑے بعض بعض سے ملے ہوئے۔ قبائل الطیر: پرندوں کی قسمیں۔ قبائل الثوب: کپڑے کے ٹکڑے۔

الاستقبال: بمعنی من الزمان: حال کے بعد آنے والا زمانہ۔

الاقبل: وہ شخص جس کی آنکھوں میں بھینگا پن ہو۔ "رَجُلٌ اَقْبَلُ" ناک کی جانب دیکھنے والا مرد۔ مؤنث قبلاء۔ ج قُبل۔

القابل: ۔ آئندہ سال۔ آمادۂ قبول۔ جاذب۔ ج قَبَلَة۔

القابلیۃ: قبول اور تاثر کی آمادگی کی حالت۔

القابلۃ: قابل کا مؤنث۔ آنے والی رات۔ دائی جنائی۔ ج قَوَابِل وقابلات۔ قوابلُ الامر: اوائل امر۔

المُقابَل: مقع۔ الرَّجُلُ المُقَابَل: ماں باپ کی طرف سے شریف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقَابَلٌ مُدَابَر" نجیب الطرفین مرد۔

المُقبَّل: مقع۔ مقبول۔۔۔۔۔ من الثیاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔ رَجُلٌ (مُقْتَبَلُ الشَّبَاب): مرد نوجوان جس میں بڑھاپے کے آثار ظاہر نہ ہوں۔

المُسْتَقْبَل۔ لما: (المُسْتَقْبَل والمُسْتَقْبِلُ) من الزمان: آئندہ زمانہ۔

قَبَنَ (ض) قُبُونًا۔ الرَّجُلُ: ملک میں جانا۔

قَبَّنَ۔ الشئ: قبان سے تولنا (دیکھئے قبان)

اقْبَنَّ: دشمن سے شکست کھانا۔ بے خوف تیز دوڑنا۔

القُبْنَة: ضروریات میں بھاگ دوڑ۔

القبّان: بھاری اشیاء کے تولنے کا ایک آلہ (دخیل)

القَبِین: اپنے کاموں میں بھاگ دوڑ کرنے والا۔ تیز رو۔

قَبَا يَقْبُو قَبْوًا۔ البناء: عمارت کو بلند کرنا یا گنبد نما بنانا۔۔۔۔۔ الزعفران: زعفران توڑنا اور جمع کرنا۔۔۔۔۔ الشئ: کسی چیز کو انگلیوں سے جمع کرنا۔۔۔۔۔ قبّا الشئ: کسی چیز کو کمان جیسا کرنا۔ الحرف: ملانا۔

قَبّى تَقْبِيَةً۔ المتاع: سامان مہیا کرنا۔ الثوب: کپڑے کو قبا بنانا۔۔۔۔۔ علی فلان: ظلم کرنا۔

تَقَبّى: الشئ: گنبد جیسا ہونا۔۔۔۔۔ القباء: قبا پہننا۔۔۔۔۔ الرجل: پیچھے سے آنا۔

اِنْقَبى۔ عنه: پوشیدہ ہونا۔

اِقْتَبى۔ المتاع: سامان مہیا کرنا۔ آراستہ کرنا۔

القَبْو: جھکی ہوئی عمارت۔ گنبد۔ قبہ۔ گول گنبددار کمرہ۔

القَبْوَة: قبا کا اسم مرۃ۔ دونوں ہونٹوں کا ملانا۔

القَبَاء: ایک کپڑا ہے جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ ج اَقْبِيَة۔

القِبَاء: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بينهما قباء قوسين وقاب قوسين" یعنی دو کمان کے مقدار۔ کنایہ قریب سے۔

القَبَة: اوجھ کا وہ حصہ جس میں پرت پرت ہوتا ہے۔ تا واو محذوف کے بدلہ میں ہے۔

المَقْبُوّ: مقع۔ جمع کیا ہوا۔ ملا ہوا۔

المَقْبِيُّ: بہت چربی والا۔

القِبْي: مقدار۔

القَبَايَة: بیابان۔

قَتَّ (ن) قَتًّا: جھوٹ بولنا۔۔۔۔۔ الثوب: کپڑے کو لمبائی میں کاٹنا۔۔۔۔۔ الشئ: کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کم کرنا۔ مہیا کرنا۔

قَتَّ اِلى فُلَانٍ وقَتَّ اَثَرَ فُلَانٍ: ارادہ معلوم کرنے کے لئے کسی کے پیچھے پوشیدہ طور پر جانا۔

قَتَّ وقَتَّتَ۔ الاحادیث: سخن چینی کرنا۔

وقَتَّتَ الاَقَادِيَة: ہانڈی میں ڈالنا اور پکارنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَقُتُّ الحَدِيثَ" وہ باتوں میں تزویر اور تحسین کرتا ہے۔

تَقَتَّتَ۔ الحدیث: بات کے پیچھے پڑنا۔ کان لگانا۔

اِقْتَتَّ۔ الشئ: کسی چیز کو جڑ سے اکھیڑنا۔

القَتّ: بمعنی۔ جھوٹ۔ اسپت یا اسپست خشک۔ ایک قسم کا جنگلی دانہ ہے جس کو دیہاتی کوٹنے اور پکانے کے بعد کھاتے ہیں۔ واحد (قَتَّة)

القَتَات: ایک قسم کی نباتات۔

القَتَّات والقَتُوت: چغل خور۔ اِمْرَأَةٌ قَتَّاتَة وقَتُوت: چغل خورن۔

القِتِّيتى: چغلی۔ رَجُلٌ قِتِّيتى: چغل خور مرد۔ قول (مَقْتُوت ومُقَتَّت) جھوٹا قول۔

قَتَبَه (ن) قَتَبًا: بھنی ہوئی آنت کھلانا۔

اَقْتَبَ۔ البعیر: اونٹ پر پالان باندھنا۔۔۔۔۔ ہ یمینا: سخت قسم دینا۔۔۔۔۔ ہ الدین: گرانبار و بوجھل کر دینا۔

القِتْب: آنتیں (مذکر اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے) جو پیٹ کے ارد گرد ہو۔ پالان۔ ج اَقْتَاب۔

القِتْبَة: آنتیں۔ ج اَقْتَاب۔

القَتَب: کجاوہ۔ آنتیں۔ ج اَقْتَاب کہا جاتا ہے "هُوَ قَتَبٌ يَعَضُّ بِالغَارِب" یعنی وہ بہت زیادہ اصرار کرنے والا ہے۔

القَتِب: تنگ خو۔ جلدی غضبناک ہونے والا۔

القَتُوبَة: وہ اونٹ جس پر پالان ہو۔

رَجُلٌ (مُقَتَّبُ) الكَاهِل: ٹیڑھے کندھے والا مرد۔

قَتَدَ۔ القَتَادَ: قتاد کے کانٹے دور کر کے اونٹوں کو چارہ دینا۔

قَتَّدَ۔ القَتَادَ: قتاد کے اطراف کو آگ سے جھلس دینا۔

القَتَاد: ایک درخت ہے جس کے کانٹے سوئی کی مانند ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مِنْ دُوْنِ هٰذَا الاَمْرِ خَرْطُ القَتَادِ" یعنی بڑی ہی مشکل سے یہ حاصل ہو سکتا ہے اور درخت قتاد کا کانٹا اس سے بہت سہل ہے اور خرط القتاد سے مراد اس کے چھلکے اور کانٹے کو ہاتھوں سے دور کرنا ہے۔

الـقَـتَـد والـقِتَد : کجاوہ کی لکڑی ۔ ج اَقْتَاد واَقْتُد وقُتُود.

قَتَرَ (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا. عَلٰی عَيَالِهٖ : بال بچوں پر نفقہ میں تنگی کرنا ۔ صفت (قَاتِر وقَتُور واَقْتَر) ...... الشَّیْءَ : بعض کو بعض سے ملانا ۔

...... الـدِّرْعَ : زرہ میں میخوں کے سرے بنانا ۔

...... الاَمْـرَ : لازم ہونا (...... قَتْرًا وقَتَرًا وقُتُورًا) مَابَيْنَ الاَمْرَيْنِ : تخمینہ کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔

قَتِرَ الرَّجُلُ : روزی کا تنگ ہونا ۔

قَتَر (ن ض) قَتْرًا وقُتُورًا وقَتِرَ (س) قَتَرًا. البَخُورُ واللَّحْمُ : بدبودار ہونا ...... النَّارُ : دھوئیں والی ہونا ۔

قَتَّرَ. عَلٰی عَيَالِهٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا ۔ اللَّحْمُ : گوشت کا بدبودار ہونا ...... الصَّيَّادُ لِلاَسَدِ : شیر کے شکار کے لئے گڑھے میں گوشت ڈالنا ...... ہ : خاک پر پچھاڑنا ...... الشَّیْءَ : ایک دوسرے کے قریب کرنا ...... الـرَّجُلَ : پکی ہوئی چیز کی بُو تیز کرنا ...... الوَحْشَ : اونٹ کے بال وغیرہ کی دھونی دینا تا کہ شکاری کی بُو محسوس کر کے بھاگ نہ جائے ...... مَابَيْنَ الاَمْرَيْنِ : اندازہ کرنا ۔

اَقْتَرَ : مال کم ہونا ...... عَلٰی عَيَالِهٖ : نان ونفقہ میں تنگی کرنا ...... الشَّیْءُ : لازم ہونا ...... اللّٰـه رزقه : روزی تنگ کرنا ...... النَّارَ : دھوئیں والی کرنا ۔ اَقْتَـرَتِ الـمَرْاَةُ : عود کی دھونی دینا ۔

تَقَتَّرَ : غضبناک ہو کر آمادہ جنگ ہونا ۔

...... لِلصَّيْدِ : شکار کے لئے قترہ میں چھپنا ۔ (دیکھئے قُتْرَة) ...... فُلَانًا : فریب دینے کا ارادہ کرنا ...... عَنْهُ : جدا ہونا ...... الاَمْرَ : آمادہ ہونا ...... لِلاَمْرِ كَذَا : نرمی برتنا ۔

تَقَاتَرَ. القَوْمُ : ایک دوسرے کو فریب دینا ۔

اِقْتَـرَ. الـصَّـائِدُ : شکاری کا قترہ میں چھپنا (دیکھئے قُتْرَة)

الـقَـتْـر : مص ۔ زندگی بسر کرنے کے قابل ۔ اندازہ ۔

الـقِتْـر : تیر کا پھل ۔ چھوٹا تیر ۔ تیر کا نے جو نشانے پر پھینکا جائے ۔

القَتَر : گردوغبار ۔ اندازہ ۔

الـقُتْـر والقُتُر : گوشہ وجانب ج اَقْتَار : قطر میں ایک لغت ہے ۔

القَتِر : متکبر ۔ مغرور ۔

القَتْرَة. قَتَر : کا اسم مرۃ ۔ گردوغبار ۔

الـقِتْرَة. قَتَر : کا اسم نوع ۔ القِتر : کا واحد ۔

اَبُـوْ قِتْرَةَ : ابلیس کی کنیت ۔ اِبْنُ قِتْرَةَ : ایک خبیث قسم کا سانپ جس کا کاٹا ہوا بچتا نہیں ۔ ج بَنَـاتُ قِـتْرَةَ. قترۃ : ان سب میں غیر منصرف ہے اس لئے کہ مؤنث معرفہ ہے ۔

الـقُتْـرَة : شکاری کا مچان ۔ زرہ کا حلقہ ۔ تنگی عیش ۔ روشن دان ۔ قُتْرَةُ البُسْتَان : باغ کی نالی ۔ قُتْرَةُ البَابِ : دروازہ میں بند کرنے کی جگہ ج قُتَر.

الـقُتَـار : پختہ چیز کی بھاپ ۔ بخور یا گوشت یا بھنی ہوئی چیز یا جلی ہوئی ہڈی یا عود کی بُو ۔

الـقَتِيْـر : زرہ کی میخوں کے سرے ۔ زرہ ۔ بڑھاپا یا بڑھاپے کی ابتداء ۔

الـقَـاتِر والـقَتُوْر والاَقْتَر : بخیل ۔ جو بال بچوں پر نان ونفقہ میں تنگی کرے ۔ کہا جاتا ہے "سـرجٌ" (قَاتِرٌ ومُقْتِر) آرام دہ زین جس سے جانور کو تکلیف نہ پہنچے ۔ "ولَـحْـم قَاتِر" یعنی وہ گوشت جس میں چکنائی کی وجہ سے بُو ہو ۔

الاَقْتَر : خاکستری رنگ والا ۔

التَّقْتِيْر : مص ۔ قوت لایموت ۔

قَتَعَ (ف) قُتُوْعًا : ذلیل ہونا ۔

قَاتَعَهٗ مُقَاتَعَةً : مقاتلہ کرنا ۔

القِتْع : شہد کا چھتہ جو چٹان میں ہو یا ایسے غار میں ہو جو زیادہ گہرا نہ ہو ۔

الـقَـتَـع : ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ۔ واحد (قَتَـعَة) اور کہا گیا ہے کہ قَتَـع [illegible]

القَتَعَة : ذلیل ۔ کہا جاتا ہے هُوَ (قَتَعٌ مِنْهُ) یعنی وہ اس سے زیادہ ذلیل ہے ۔ مؤنث قَتَعَةٌ. ج قَتَع.

قَتَلَهٗ (ن) قَتْلًا وتَقْتَالًا : مار ڈالنا ۔ صفت (قَاتِل) ج قَاتِلُوْن وقَتَلَة وقُتَّال : کہا جاتا ہے "قَتَلَهٗ بِاَخِيْهِ" یعنی اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کیا ۔ قَـتَـلَ الخَمْرَةَ : شراب میں پانی ملانا ۔ الـجُـوْعَ او البَـرْدَ : بھوک یا سردی کی تیزی کو توڑ دینا ۔ کہا جاتا ہے "قَاتَـلَـهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس پر لعنت کرے اور یہ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے اور مقام مدح وثنا اور موقع استحسان پر بھی بولا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ الشَّیْءَ خُبْرًا" یعنی اس نے علم کے لحاظ سے احاطہ کرلیا "وقَتَلَ غَلِيْلَهٗ" یعنی اس نے اسے پلایا اور اس کی تشنگی سیرابی کی وجہ سے زائل ہوگئی ۔

قَتَّلَ. القَوْمَ : بہت لوگوں کو قتل کرنا ۔

قَاتَـلَـهٗ قِتَـالًا وقِيْتَالًا ومُقَاتَلَةً : جنگ کرنا ۔ دشمنی کرنا ...... ہُ اللّٰـهُ : لعنت کرنا اور بموقع استحسان پر کہا جاتا ہے "قَـاتَـلَـهُ اللّٰـهُ مَا اَشْـعَرَهٗ" مراد اس سے مدح ہے نہ کہ قتل کی بددعا ۔

اَقْتَلَهٗ : قتل کے لئے پیش کرنا ۔

تَـقَتَّلَ : چلنے میں لچکنا ...... لِلاَمْرِ : مہلت دینا ...... لِفُلَانٍ : جھکنا ۔ فرمانبردار ہونا ۔ تَقَتَّلَ وتَقَاتَلَ واقْتَتَلَ القَوْمُ : باہم ایک دوسرے سے جنگ کرنا ۔

اِسْـتَـقْـتَـلَ : قتل ہونے کے لئے سر جھکانا (جیسا اِسْتَمَاتَ) قتل کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا ۔ فِـی الاَمْـرِ : کوشش کرنا ۔ جان جوکھوں میں ڈالنا ۔

الـقَتْل : مص ۔ الـقَتْلُ العَمَد : قتل جو مقصود ہو ۔ القَتْلُ الخَطَا : قتل جو غیر مقصود ہو ۔ [illegible]

القِتْل : دشمن ۔ دوست ۔ ہمسر ۔ نظیر ۔ [illegible] بہادر ج اَقْتَال اور کہا جاتا ہے [illegible] شَرٍّ" وہ شر کا جاننے والا ہے ۔

القِتْلَة : قتل کا اسم نوع ۔ کہا جاتا ہے [illegible]

فلانا تشویہ [illegible] کرنے کے بعد قتل کیا۔

المقتل: قتل ـ موت ـ کہا جاتا ہے [illegible] ناقة قتل = مضبوط اونٹنی۔

القتول: بہت قتل کرنے والا (مذکر ومؤنث) ج قتل وقتل۔

القتیل: مقتول (مذکر ومؤنث) ج قتلی وقتلاء وقتالی۔

المقتل: جسم کا وہ عضو نازک جس پر ضرب پہنچے سے آدمی نہ بچے۔ قتل کی جگہ۔ [illegible] ج مقاتل۔

المقتلة: لڑنے والی جماعت۔ تا تانیث کے لئے جماعت کی تاویل کی وجہ سے ہے واحد مقاتل۔

المقتل: میدان جنگ۔

المقتل: تجربہ کار۔ باخبر۔ دل جس کو عشق نے ہلاک کر دیا ہو۔

قتم (ن) قتوما وقتم (س) قتما. القتوم: غبار کا بلند ہونا۔

قتم (ض) قتمة وقتوما: سیاہی مائل ہونا (...... قتوما) وجهه: چہرے کا متغیر ہونا۔

قتم. الیوم: بہت غبار والا دن۔

اقتم اقتماما. الشیء: کالا ہونا۔ سیاہی مائل ہونا۔

القتم: مس۔ غبار۔

القتام والقتمة: کالا غبار۔ لڑائی کا غبار۔ تاریکی۔ سیاہی۔

القاتم: قا۔ کالا۔ کہا جاتا ہے اسود قاتم: بہت کالا۔ ج قواتم۔

الاقتم: سیاہی مائل۔ بھورا۔

خباض مقتم: موت کا گڑھا۔

قتن (ن) قتونا. السمک: مچھلی کا خشک ہونا۔ اس کی تری کا زائل ہونا۔

قتن (ک) قتانة والقتن: کم خوراک ہونا۔ دبلا ہونا۔

القتان والقتان: گرد وغبار۔

القاتن: قا۔ سیاہی مائل۔ کہا جاتا ہے اسود قاتن: بہت سیاہ۔

المقتین: کم خوراک (مذکر ومؤنث) خمار و دبلی سا [illegible] ۔ باریک تیزہ۔ چھری۔

القتن: ایک قسم کی چوڑی مچھلی۔

قتا یقتو قتوا وقتا وقتی وقتی مقتی الملوک: اچھی خدمت کرنا۔ صفت (قات)

اقتوی اقتواء. الرجل: خدمت لینا (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ اقتعلال لازم ہے)

القتوة: قتا کا اسم مرة۔ چغلی۔

المقتی: جو خوراک پر خدمت کرے اور اکثر بادشاہ کے خدام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ج مقتوون ومقاتوة ومقاتیة.

المقتوی: بمعنی مقتی.

قت (ن) قتا. الشیء: کھینچنا ...... الابل: اونٹ کو پانی پلانا ...... (وقتت) الشجر: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ قت.

(ن) قتا وقتیتی. المال: بکثرت جمع کرنا۔

القتات: سامان۔ کہا جاتا ہے "جاء القوم بقتاتهم وقتاتهم" قوم مع اپنے ساز و سامان کے آ گئی۔

القتات: چغل خور۔

القتقة والقتیقة والمقتقة: لوگوں کی جماعت۔

اقتا. المکان او القوم: بہت ککڑی والی ہونا۔

القثاء والقثاء: ککڑی۔ واحد (قثاءة وقثاءة) الحمار) کریلا۔

المقثأة والمقثوءة: ککڑی کی جگہ۔ ج مقاثی کہا جاتا ہے "ارض مقثاة ومقثوءة" ککڑی والی سرزمین۔

اقتثر. الشیء: گھر کے لئے سامان بنانا۔

تقثر: بدل ہونا۔ ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا۔

القثرة: گھر کا سامان۔

القثرد والقثرد والقثرد: گھر کا سامان۔

القثرد والقثرد القثار: گھر کے بہت سامان والا۔ بہت بکریوں والا۔

المقثور: [illegible]

لوگوں کی جماعت۔

القثرد: قمیص کے دامن۔

قثقث قثقثة. الوتد: کھونٹی کو اکھیڑنے کے لئے حرکت دینا ...... المکیال: ناپ پورا کرنا۔

قثم (ض) قثما. الشیء: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا ...... (واقتثم) المال: بہت لینا۔

اقتثم الرجل: ذلیل کرنا ...... الشیء: جڑ سے اکھیڑنا۔

قثم (ن) قثما. له من المال: یکبارگی دینا ...... فی مشیه: سست چلنا۔

قثم (س) وقثم (ک) قثمة وقثما: شیر کے پاخانہ سے لتھڑنا۔

قثم (س) قثما وقثمة: گرد آلود ہونا۔

القثم والقثوم: خیر یا شر کا جمع کرنے والا۔

القثم: بہت دینے والا (قاثم) سے معدول ہے)

القاثم: قا۔ دینے والا۔

القثم: سخی لوگ۔

القثمة: خاکستری رنگ۔

قثام: مبنی بر کسرہ۔ مادہ بجو۔ بہت مال غنیمت

قثا یقثو قثوا وقثی یقثی قثیا واقتثی المال: جمع کرنا۔

القثا: ایسی چیزوں کا کھانا جس سے کھانے میں آواز نکلے جیسے ککڑی وغیرہ۔

قح (ن) قحوحة وقحاحة: خالص ہونا۔

القح: خالص کہا جاتا ہے "فلان کریم قح واعرابی قح" فلاں خالص کریم اور خالص اعرابی ہے ج اقحاح. القح: سخت اور بدخو۔ مؤنث قحة: کہا جاتا ہے اعرابیة قحة.

القحاح: خالص۔

قحب (ن) قحبا وقحابا وقحب: کھانسنا۔ قحبت المرأة: عورت کا بدکار ہونا۔

القحب: سن رسیدہ کھانسی والا۔

القحبة: قحب کا مؤنث۔ بدکار۔ زانیہ۔

بڑھیا۔ج قِحَاب.
قَحَتَ (ف) قَحْتًا. الشَّيْءُ: کل لے لینا۔
قَحَدَ (ف) قَحْدًا و اَقْحَدَ. البَعِيْرُ: بڑے کوہان والا ہونا۔
اِسْتَقْحَدَتْ. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
نَاقَة قَحِدَةٌ و مِقْحَادٌ: بڑے کوہان والی اونٹنی ج مَقَاحِيْد.
القَحَدَة: کوہان یا کوہان کی جڑ۔ج قِحَادٌ و اَقْحُد.
القُحَّاد: وہ شخص جس کے نہ بھائی ہو نہ لڑکا۔
المَقْحَدَة: کوہان کی جڑ۔
قَحَزَ (ف) قَحْزًا: کودنا۔رنجیدہ ہونا۔مضطرب ہونا(...... قُحُوْزًا) مُردہ کی طرح کرنا(...... قَحْزًا و قُحُوْزًا و قَحَّزَ بِهِ: پچھاڑنا۔قَحَزَهُ قَحْزًا و قَحَّزَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا(قَحَزَ قَحْزًا و قُحُوْزًا و قُحَزَانًا) الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔
قَحَّزَ و تَقَحَّزَ. لَهُ الكَلَامَ: سخت کلامی کرنا۔
القَاحِزَات: سختیاں۔
القُحَّازَة: پرندوں کے پھنسانے کا جال۔
التَّقْحِيْز: مص۔دھمکی۔وعید۔برائی۔
جُوْعٌ مُقْحِز: سخت بھوک۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا: سخت مارنا۔
قَحَطَ (ف) قَحْطًا و قَحِطَ (س) قَحَطًا المَطَرُ: بارش رکنا۔
قَحَطَ (ف) و قَحِطَ (س) قَحْطًا و قَحَطًا و قُحُوْطًا و قُحِطَ و اَقْحَطَ العَامُ: بارش رکنا اور خشک سالی ہونا۔صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِط و اَقْحَطَ اللّٰهُ الاَرْضَ: قحط ڈالنا۔اَقْحَطَ النَّاسُ: قحط میں مبتلا ہونا۔
قُحِطَ و قَحِطَ و اَقْحَطَ البَلَدُ: بارش رکنا۔خشک سالی والا ہونا۔
قَحَّطَ النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
عَامٌ قَحِطٌ و قَحِيْطٌ و مَقْحُوْطٌ: خشک سال۔
سَنَةٌ قَحِيْطٌ: خشک سال۔

اَلْمِقْحَطَةُ: آلہ قحط
المِقْحَط: نہ تھکنے والا گھوڑا۔
قَحَفَهُ (ف) قَحْفًا: کھوپڑی کاٹنا یا توڑنا۔ ...... الشَّيْءُ: بہالے جانا ...... مَا فِي الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا ...... الحَبَّ: دانے کو بکھیرنا۔ ...... الرُّمَّانَةَ: انار چھیلنا۔چھلکا اتارنا(...... قَحَافًا) کھانسنا۔
اِقْتَحَفَ. مَا فِي الاِنَاءِ: ڈگڈگا کے سب پی جانا ...... السَّيْلُ كُلَّ شَيْءٍ: بہالے جانا۔
القِحْف: کھوپڑی۔کھوپڑی کا جو حصہ ٹوٹ کر جدا ہو جائے۔لکڑی کا پیالہ۔ج اَقْحَاف و قُحُوْف و قِحَفَة: کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِاَقْحَافِ رَاسِهِ" اس نے اس پر بڑے بڑے کام ڈال دیئے۔اس نے اس کو تباہی میں مبتلا کر دیا۔"فُلَانٌ مَالَهُ قِدٌّ ولَا قِحْفٌ" فلاں نہ تو اس کے پاس چمڑے کا پیالہ ہے نہ لکڑی کا۔یعنی اس کے پاس کچھ نہیں قد چمڑے کے پیالہ کو کہتے ہیں۔
القِحَاف: ڈگڈگا کے پینا۔
القُحَاف: بہالے جانے والا سیلاب۔
القُحَافَة: ہر وہ چیز جس کو لے کر تم چست ہو جاؤ۔
القَاحِف: فا۔ج قُحُف.
عَجَاجَةٌ قَحْفَاءُ: آندھی جو سب چیز کو اڑا لے جائے۔
المِقْحَفَة: وہ لکڑی جس سے دانے کو بکھیرا جائے۔ج مَقَاحِف.
قَحَلَ (ف) قُحُوْلًا و قَحِلَ (س) قَحَلًا و قَحْلًا و قُحِلَ. الشَّيْءُ: خشک ہونا۔صفت قَاحِلٌ و قَحْلٌ و قَحِلٌ و القَحْلُ: اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّيْخُ: یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "كَيْفَ نَرُدُّ شَيْخَكُمْ قَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی۔
[illegible]

الصَّوْمُ: روزے نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَهُ مُقَاحَلَةً: لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ. الشَّيْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔تَقَحَّلَ فِي لُبْسِهِ و حَالِهِ: برے لباس اور حال والا ہونا۔
القَاحِل: فا...... مِنَ الجُلُوْدِ: خشک کھال۔
القُحَال: بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
القُحُوْلَة: خشکی۔
المُتَقَحِّل. مِنَ الرِّجَالِ: خشک کھال والا۔بدحال۔
قَحَمَ (ن) قَحْمًا و قُحُوْمًا فِي الاَمْرِ: کسی معاملے میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا ...... اِلَيْهِ: قریب ہونا۔
قَحَمَ (ف) قَحْمًا. المَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا۔
قَحَّمَهُ و اَقْحَمَهُ. فِي الاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔"تَقَحَّمَ الفَرَسُ رَاكِبَهُ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔اَقْحَمَ فَرَسَهُ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا ...... الكَلِمَةَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْل کا لفظ [illegible] یدمن کے درمیان اس قول میں [illegible] يَدَوْ رِجْلَ مَنْ قَالَهَا [illegible] ترکیب یوں ہے۔
قَطَعَ اللّٰهُ يَدَ مَنْ قَالَهَا وَ رِجْلَهُ.
اُقْحِمَ. القَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔
تَقَحَّمَ. الفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔گھسنا ...... الفَرَسُ رَاكِبَهُ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا ...... الاَمْرَ: کسی معاملے میں اپنے کو بے سوچے ساتھ ڈال دینا۔
اِقْتَحَمَ الاَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو [illegible]

کے ساتھ ڈالی دیتا ہے۔
......فلانا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قحمتہ عینی" میری آنکھوں نے اس کو ذلیل سمجھا۔ القحم المنزل: ہجوم کرنا...... النجم: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا (......وقحم) بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔
القحم: مص۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ ذبلا۔ مؤنث قحمۃ ج قحام۔
القحمۃ: دشوار کام۔ ہلاکت۔ قحط ج قحم۔
......القحمۃ: بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ قحم الطریق: راستے کی دشواریاں۔ القحم من الخصومات: وہ جو انسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے "للخصومۃ قحم"...... القحم من الشہر: مہینے کی آخری تین راتیں۔
القحامۃ و القحومۃ: بہت بڑھاپا۔
القحوم: بہت بوڑھا۔
المقحام قاحم: کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے۔ ج مقاحیم۔
المقاحم: ہلاکتیں اور مفرد قحمۃ: یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے ملامح جمع لمحۃ کی۔
المقحم: مثل۔ کمزور وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔
قحا یقحو قحوا۔ الدواء: دوا میں گل بابونہ ڈالنا...... (واقتحی) المال: کل مال لے لینا۔
اقحت۔ الارض: گل بابونہ والی ہونا۔
المقحاۃ: پھاوڑا۔
القحوان والاقحوان: گل بابونہ۔ واحد۔ قحوانۃ والقحوانۃ۔ ج اقاحی واقاح: اور اس کی تصغیر اقیحیان: ہے اور اس کا واحد اقیحیانۃ القحوانۃ: سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ اقاحی الامر: کام کے اوائل۔

قد: معانی ذیل میں مستعمل ہیں۔
(۱) بمعنی حسب جیسے قد زید درہم: اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قد زید درہم: یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قدی درہم: بغیر نون وقایہ کے جیسے حسبی درہم۔
(۲) اسم فعل بمعنی کفی یا یکفی: جیسے قدنی درہم بمعنی یکفینی درہم: ان سب صورتوں میں قد اسم ہے۔
(۳) مضارع کے ساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قد یقدم الغائب الیوم: توقع ہے کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قد یصدق الکذوب: جھوٹا آدمی بھی سچ بولتا ہے۔
اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قد افلح من اتقی اللہ: جو اللہ سے ڈرا۔ اس نے یقیناً فلاح پائی۔ قرآن میں ہے قد افلح من زکٰھا۔ قد افلح المؤمنون۔
اور حال سے قریب کرنے کے لئے جیسے قد قام فلان: جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے جیسے قد اشہد الغارۃ الشعواء تحملنی: مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔
قد (ن) قدا و قددا۔ الشیء: جڑ سے کاٹنا۔ لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو قددت الشیء نصفین اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قددت الشیء بنصفین۔ قد المسافر الفلاۃ: بیابان طے کرنا۔ قد الکلام: بات کاٹنا۔ قدد اللحم: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا۔
قد: درد شکم والا ہونا۔
تقدد: پھٹنا...... القوم: قوم کا متفرق ہونا...... الشیء: خشک ہونا...... الثوب: کٹ جانا اور پرانا ہونا...... القوم: مختلف الرائے فرقے ہونا...... الثوب: [illegible]

اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔
انقد: پھٹنا۔
اقتد۔ الشیء: بمعنی قدہ...... الشیء: پھٹنا۔ ......الامور: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔
استقد۔ الامر: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔
القد: مص۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھذا علی قد ذاک" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ ج اقد وقدود وقداد اقدۃ۔
القد: چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک کہا جاتا ہے "ما لہ قد ولا قحف" اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ ج اقد۔
القد: ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔
القدۃ: تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ ج قدد واقدۃ۔: قرآن مجید میں ہے "کنا طرائق قددا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔
القداد: جنگلی چوہا۔ سیہی۔
القداد: پیٹ کا درد۔
القدید: کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت۔ پرانا کپڑا۔
القدید: چھوٹا ٹاٹ۔
القدیدیون: فوج کے توابع۔ جیسے درزی، نائی وغیرہ۔
المقد: راستہ۔ ہموار جگہ۔
المقد والمقدۃ والمقد: کاٹنے کی چھری۔
المقدود: ضعیف کمزور۔
القیدود: لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ ج قیادید۔
قدح (ف) قدحا۔ فی عرضہ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قدح فی ساق اخیہ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قدح الشیء فی صدری" اس چیز نے دل میں اثر کیا "قدح ختام

الخَابِيَةَ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا۔
.....الدُّودُ فِی الاَسْنَانِ او الشَّجَرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔قَدِحَتِ العَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
.....الشَّیْئُ: چلو لینا.....الطَّبِیْبُ العَیْنَ: آنکھ کے اندرونی حصّہ سے پانی نکالنا۔
فِی القِدْحِ: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔
قَدَحَ واقْتَدَحَ. بِالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔عرب کے امثال سے ہے "اِصْنَعْنِی لِی اَقْدَحْ لَکَ" یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔قَدَحَ واقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا.....القِدْرَ: چمچے سے نکالنا.....واقْتَدَحَ الاَمْرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔
قَدَّحَ الفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔
قَدَّحَتِ العَیْنُ: آنکھ کا دھنسنا۔
قَادَحَهٗ وتَقَادَحَا: ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کرنا۔
اِسْتَقْدَحَ. زِنَادَهٗ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔
القَدْحُ: مص۔دانت یا لکڑی کا کیڑا۔
القِدْحُ: تیر بغیر پر اور نصل کے۔جوے کا تیر۔ج قِدَاحٌ واَقْدُحٌ واَقْدَاحٌ وقِدْحَانٌ وجج اَقَادِیْحُ کہا جاتا ہے "صَدَقَهُمْ وَسْمَ قِدْحِهٖ" یعنی ان سے سچ کہا۔
القَدَحُ: پینے کا برتن۔چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں کہا جاتا ہے "لَا تَجْعَلُوْنِی کَقَدَحِ الرَّاکِبِ" یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے اور القَدَحُ الفَرْدُ: کنایہ ہے لے پالک سے۔ج اَقْدَاحٌ. القَدَحُ: اسم ہے۔اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔
القِدْحَةُ. قَدَحَ: کا اسم نوع۔
القُدْحَةُ. مِنَ المَرَقِ: چمچہ بھر۔

القِدَاحَةُ: پیالہ بنانے کا پیشہ۔
القَادِحُ: فا۔دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔لکڑی میں شگاف۔
القَادِحَةُ: قادح کا مؤنث۔درخت یا دانت کا کیڑا۔ج قَوَادِحُ کہا جاتا ہے "حُمَّی قَادِحَةٌ" بہت تیز بخار۔
القُدَّاحُ: کاسہ گر۔تروتازہ پودے کے اطراف۔نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (..... والقَدَّاحَةُ) چقماق کا لوہا۔
اَلْقَدَّاحَةُ: سگریٹ جلانے کیلئے لائٹر۔
القَدِیْحُ: شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچے سے نکلے۔
الاَقْدَحُ والقَدُوْحُ: کہا جاتا ہے "رَکِیٌّ قَدُوْحٌ": وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔
المِقْدَحُ والمِقْدَاحُ: چقماق۔آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔
المِقْدَحُ والمِقْدَحَةُ: چمچہ۔
اِقْدَحَرَّ اِقْدِحْرَارًا. الرَّجُلُ: بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔
قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً ومِقْدَارًا وقَدَارَةً وقُدُوْرَةً وقُدُوْرًا وقِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا. عَلَی الشَّیْئِ: توانا ہونا، قوی ہونا۔
قَدَرَ (ض) قَدْرًا. الاَمْرَ: تدبیر کرنا۔الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: اندازہ کرنا۔مقدار کے مطابق کرنا (..... قَدَارَةً) الشَّیْئَ: تیار کرنا۔وقت معین کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا. الاَمْرَ کَذَا: غور و فکر کرنا۔
قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا. اللّٰهَ: تعظیم کرنا (..... وقَدَّرَ) اللّٰهُ عَلَیْهِ الاَمْرَ وقَدَّرَ لَهٗ الاَمْرَ: فیصلہ کرنا۔حکم لگانا۔قَدَرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔قَدَرَ وقَدَّرَ عَلٰی عِیَالِهٖ: اہل و عیال پر نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔قَدَرَ عَلٰی [illegible]

الرَّجُلُ: معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔
وقَدَرَ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: اندازہ کرنا۔مقدار کے مطابق بنانا۔
قَدِرَ (س) قَدَرًا: چھوٹی گردن والا ہونا۔
.....عَلَی الشَّیْئِ: قدرت رکھنا۔
قَدَّرَ واَقْدَرَ اللّٰهُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا: قادر بنانا۔واَقْدَرَ الاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔
قَادَرَهٗ مُقَادَرَةً: توانائی میں مقابلہ کرنا۔اندازہ کرنا۔دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔
بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کے لئے اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُقَادِرُنِیْ" یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔
تَقَدَّرَ. الثَّوْبُ عَلَیْهِ: کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا۔لَهٗ کَذَا: آمادہ ہونا۔
تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔
اِنْقَدَرَ: اندازہ کے موافق ہونا۔کہا جاتا ہے قَدَرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ: یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔
اِقْتَدَرَ. عَلَیْهِ: قوی ہونا۔قدرت پانا..... الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا.....الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ: اندازہ کرنا۔
اِسْتَقْدَرَ. اللّٰهَ خَیْرًا: خدا سے نیکی کا حصّہ مانگنا۔
اَلْقَدْرُ: مص۔چیز کی انتہا۔بغیر کی زیادتی کے برابر ہونا۔کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاکَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔طاقت و قوت۔عزت و وقار۔تونگری۔کندھے کا سرا۔ج اَقْدَار۔
﴿لَیْلَةُ القَدْرِ﴾: رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔
القِدْرُ: ہانڈی (مؤنث) ج قُدُوْرٌ اور اس کی تصغیر قُدَیْرَةٌ وقُدَیْر۔
القَدْرُ: مص۔چیز کی انتہا۔طاقت و قوت۔

تقدیر الٰہی اندازہ کا جس اشیاء کے ساتھ ان کے اوقات میں۔ ج مَقَادِر۔

القَدِیرُ: فا۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا لَیْلَةٌ قَدِیرَةٌ" ہمارے درمیان ایک رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔

القَدَرِیَّة: ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعال اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اس کے خلاف ہے۔

القُدْرَة: فعل یا ترک فعل کی طاقت۔

القَدَرَة: چھوٹی شیشی۔ دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ۔

القَدَار والقِدَار: قدرت۔

القُدَار: میانہ قد مرد۔ چست و چالاک لڑکا۔ باورچی۔ ہانڈی میں پکانے والا۔ بڑا اژدہا۔

القَدَر: پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے۔

القُدْرَة والقُدُورَة: مصادر۔ اقتدار۔ قوت۔ تونگری۔

التَّقْدِیر: مص..... عند النحاة: کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا..... عِنْدَ المتکلِّمین: ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا۔ تقدیر الٰہی۔ ج تَقَادِیر۔

القَدِیر: قدرت والا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہانڈی میں پکا ہوا گوشت۔

الأَقْدَر: اسم تفضیل۔ پست قد اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا۔

القَدْرَاءُ: اقدر کا مؤنث۔ کان نہ بڑا نہ چھوٹا۔ بنو قَدْرَاء: اغنیاء۔

المِقْدَار: توانائی۔ اندازہ۔ پیمانہ ج مَقَادِیر۔

المُقْتَدِرُ: فا۔ ہانڈی پکانے والا۔ کام کا ساتھی۔ ہر چیز کا وسط کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقْتَدِرُ الطُّوْلِ" مرد میانہ قامت۔

المَقْدُرَة: تنگ مکان۔

المَقْدُورُ: مفع۔ فیصل شدہ معاملہ کہا جاتا ہے "أَمْرٌ مَقْدُورٌ عَلَیْهِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو۔

المَقْدُرَة المَقْدَرَة والمَقْدِرَة: قوت و تونگری..... المَقْدَرَة: قضاء و قدر۔ تقدیر الٰہی۔

قَدُسَ (ن) قُدْسًا وقُدُسًا: پاک ہونا۔ بابرکت ہونا۔

قَدَّسَ۔ اللّٰهُ فلانًا: پاک کرنا۔ بابرکت کرنا..... الرَّجُلُ اللّٰهَ: تنزیہ کرنا۔ قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا..... الکَاهِنُ عِنْدَ الصَّلٰوة: عشاء ربانی ادا کرنا..... الرَّجُلُ: بیت المقدس میں آنا۔ قَدَّسَ لِلّٰهِ: پاکی بیان کرنا۔ اسی سے ہے "نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ"۔

تَقَدَّسَ: پاک ہونا۔ القَدَاسَة: پاکی۔

القُدْس والقُدُس: مصادر و القُدُس: بیت المقدس و روح القدس۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔ وحَجَرُ القُدْس۔ جَنْتُ القُدْس: وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کیلئے کنوئیں میں ڈالا جائے۔

القَدَس والقُدْس: چھوٹا پیالہ۔

القَادِس: بڑی کشتی۔ پتھر جو اونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے۔ ج قَوَادِیس: بیت حرام۔ اندلس کا ایک جزیرہ۔

القَادُوس: چکی میں دانے ڈالنے کا برتن۔ عوام اسے کور کہتے ہیں۔ نہر سے پانی نکالنے کا برتن۔ ج قَوَادِیس۔

القُدَاس: اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر۔ چاندی کا بنا ہوا موتی۔ بڑی شرافت۔ القَدِیس: موتی۔

القَدُوس: سخت اقدام کرنے والا۔ سخت حملہ کرنے والا۔

القَدُّوس والقُدُّوس: باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک۔

[illegible]

عند اللہ۔ مؤنث مُقَدَّسَة۔

المَقْدِس: مکان مقدس۔ پاک جگہ۔ بیت المَقْدِس والبَیْتُ المُقَدَّس: یروشلم۔ نسبت کے لئے مَقْدِسِی و مُقَدَّسِی۔ أَرْض مُقَدَّسَة: مبارک زمین۔ الأَرْض المُقَدَّسَة: فلسطین۔

المُقَدَّس: فا۔ یہودی عالم۔ راہب۔

قَدَعَ (ف) قَدْعًا الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا..... الأَمْرَ: کر گزرنا..... فَرَسَهُ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام سے روکنا..... السَّفِینَةَ: کشتی کھینا..... الخَمْسِینَ مِنْ عُمْرِهِ: تجاوز کرنا..... مِنَ الشَّرَابِ: گھونٹ گھونٹ پینا..... الذُّبَابَ عَنْهُ بِکَذَا: کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا۔ قَدَعَهُ وأَقْدَعَهُ عَنْ کَذَا: روکنا۔

أَقْدَعَ الرَّجُلَ: گالی دینا۔

قَدِعَ (س) قَدَعًا: رکنا۔ بازر ہنا۔

قَدِعَتْ عَیْنُهُ: زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدِعَتْ لِیْ خَمْسُوْنَ" میں تقریباً پچاس کی عمر کو پہنچ گیا۔

قَادَعَهُ بِعِیْرَهُ: کلیلیں کرنا۔

تَقَدَّعَ لَهُ بِالشَّرِّ: آمادۂ بدی ہونا۔

تَقَادَعَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا..... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔ تَقَادَعَ عَلَى الشَّیْءِ وفِیْهِ: جوق جوق گرنا کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِی المَرَقِ" شوربے میں مکھیاں پے بہ پے گریں..... القَوْمُ: پے بہ پے مرنا۔

اِنْقَدَعَ: رُکنا..... عَنِ الشَّیْءِ: شرم کرنا۔

القَدِع: بہت رونے والا۔ مَاءٌ قَدِعٌ: پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے۔

اِمْرَأَةٌ قَدِعَةٌ وقَدُوعٌ: شرمیلی کم بولنے والی عورت۔

القَدَع: بزدلی۔ کثرت گریہ سے نگاہ کی کمزوری۔

القِنْدَعَة: چھوٹا سینہ بند۔ انگیا۔

القَدُوع: کسی چیز پر گرنے والا۔ ذلیل۔

المُقَدَّع : جھری دار۔
المِقْدَعَة : مورچھل۔ مکھی ہانکنے کی چھوری لاٹھی جس سے ہانکا جائے۔
قَذَفَ (ن) قَذْفًا. المَاءَ : چلو لینا۔ گرانا۔
القُذَاف : مٹی کا گھڑا۔ بڑا پیالہ۔
اَلتَّقْذِيْفُ : بحریہ کے نزدیک تَقْذِيْفُ سے تحریف ہوا ہے۔ یعنی کشتی کھیلنا۔ کشتی کے مقابلہ میں جیت جانا۔ المقذاف چھو : یہ لفظ مغذاف سے تحریف شدہ ہے۔
قَدَمَ (ن) قَدْمًا وقُدُوْمًا. القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا۔
قَدِمَ (س) قُدُوْمًا ومَقْدَمًا وقِدْمَانًا المَدِيْنَةَ : شہر میں آنا ...... مِنْ سَفَرِهٖ : سفر سے واپس ہونا ...... اِلَى الاَمْرِ : قصد کرنا۔
قَدَمَ (ن) وقَدِمَ (س) قَدْمًا وقُدْمًا وقُدُوْمًا واَقْدَمَ عَلٰى قِرْنِهٖ : جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ واَقْدَمَ عَلَى الاَمْرِ : بہادری کرنا۔ قَدِمَ واَقْدَمَ عَلَى العَيْبِ : عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ يَمِيْنًا : قسم کھانا۔
اَقْدَمَ فُلَانًا : آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَهُ البَلَد : شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔
قَدُمَ (ک) قِدَمًا وقَدَامَةً : پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِيْم وقُدَام.
قَدَّمَ القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَهُ : آگے کرنا۔ قَدَّمَ يَمِيْنًا : قسم کھانا ...... بَيْنَ يَدَيْهِ : آگے بڑھنا ...... اِلَيْهِ بِكَذَا : حکم دینا ...... قَدَّمَ اِلَى الحَائِطِ : قریب کرنا۔
تَقَادَمَ : بمعنی قَدُمَ : پرانا ہونا۔
تَقَدَّمَ : آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا ...... القَوْمَ : قوم سے سابق ہونا ...... اِلَيْهِ بِكَذَا : حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَقَدَّمُ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيْهِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔
اِقْتَدَمَ بمعنی تَقَدَّمَ : آگے بڑھنا۔
اِسْتَقْدَمَ : بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا ...... الرَّجُلَ : آنے کو کہنا ...... القَوْمَ : آگے کو بڑھ جانا۔

القَدَمَ : خاندانی شرافت۔ سرخ کپڑا۔
القِدَمُ : پرانا زمانہ کہا جاتا ہے كَانَ كَذَا قِدَمًا : یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔
القِدَمُ : حدوث کا ضد۔ اوّلیت۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ قِدَمٌ فِيْ هٰذَا الاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت ہے۔
القَدَمُ : پاؤں (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے) ج اقدم وقُدام : اور تصغیر قُدَيْمَة.
القَدَم : آگے بڑھنا۔ اوّلیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ فِيْ كَذَا قَدَمُ صِدْقٍ او قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کے لئے اس معاملہ میں اچھی اوّلیت یا بری اوّلیت ہے۔ و "لِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ و "وَضَعَ قَدَمَهٗ فِي العَمَلِ" یعنی شروع کر دیا۔ "جَعَلَ دِمَاءَهُمْ تَحْتَ قَدَمَيْهِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا۔ "واجْعَلْ ذٰلِكَ تَحْتَ قَدَمِكَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو۔ یعنی معاف کر دو۔
والقَدَمُ فِي القِيَاسِ : پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔
القَدَم : بہادر (مذکر و مؤنث مفرد جمع) کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَدَمٌ اِمْرَاَةٌ قَدَمٌ ورِجَالٌ قَدَمٌ ونِسَاءٌ قَدَمٌ : اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔
القَدِم : بہت اقدام کرنے والا سخت سنگستان۔
القُدُم والقُدْم : دلیر۔ القُدُم : آگے گزرنے والا کہا جاتا ہے "مَضٰى قُدُمًا" وہ سیدھا گیا اِدھر اُدھر نہیں مڑا۔ مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔
القُدْمَة : دلیری۔ معاملہ میں اوّلیت۔
القُدْمِيَّة : مغرورانہ چال۔
القَدُوْم : دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔
ج قُدُم القَدُوْم : کلہاڑا مؤنث ہے ج قُدُم

القَدِيْمَة : مص قَدُمَ کا اِدب۔ ج قَدَائِم.
القَادِم : آ۔ ج قُدُوْم وقُدَّام وقَادِمُوْن.
قَادِمُ الاِنْسَانِ : انسان کا سر۔ ج قَوَادِم'
قَادِمُ الرَّجْلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ العَامُ القَادِم : آئندہ سال القَادِمُ مِنَ الاَطْبَاءِ والضُّرُوْعِ : اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی بانکہ۔
القَادِمَة : مؤنث قَادِم بمعنی۔ القَادِمَة : بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں۔ ج قَوَادِم وقُدَامٰى اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں۔ وقَادِمَةُ الرَّجْلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِم وقَادِمَةُ العَسْكَرِ : فوج کا اگلا دستہ۔
القَدِيْم والقُدَام : پرانا۔ ج قُدَمَاء وقُدَامٰى وقَدَائِم مؤنث قَدِيْمَة ج قَدِيْمَات وقَدَائِم القُدَامٰى : فوج کا اگلا دستہ۔
قُدَام : آگے۔ مؤنث ہے اور اس کی تصغیر قُدَيْدِيْمَة : اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَيْدِيْم : آتی ہے۔ کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ قُدَامَ ذَاكَ او قُدَيْدِيْمَةَ ذَاكَ : یعنی میں نے اس سے اس کے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔
القُدَّام والقَدَّام والقِدِّيْم : شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار۔ بادشاہ۔ القُدَّام : قصائی۔
القَدَمَةُ مِنَ الغَنَمِ : چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔
القَيْدُوْم والقَيْدَام : اگلا حصہ۔
قَيْدُوْمُ الجَبَلِ : پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔
الاَقْدَم : اسم تفضیل۔ شیر۔
المَقْدَم : آنے کا وقت۔
المُقْدِم والمُقَدَّم. مِنَ العَيْنِ : ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ ...... مِنَ الوَجْهِ : چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو ...... مِنَ الرَّجْلِ : کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج مَقَادِيْم.

المُقَدَّم: بنان والوں کی اصطلاح میں خاندان کے اکابرین میں تیسرا درجہ اوّل درجہ الامیر ثم المعونة ثم المقدم ثم الشیخ۔

اہل منطق کی اصطلاح میں ۔مقدمة: شرطیہ کا اوّل جز جس پر دوسرا جز مرتب ہو جیسے اِنْ کَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُودٌ: دوسرے جز کا نام التالی ہے۔

المُقَدِّمَةُ والمُقَدَّمَةُ مِنَ الجَيْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراوّل...... مِنَ الكِتَابِ: دیباچہ والمُقَدِّمَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی، پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔

القَدُّومُ والقَدُومُ: لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کے لئے آلہ جس کو رندا کہتے ہیں۔

المِقْدَامُ والمِقْدَامَةُ: بہت پیش قدمی کرنے والا۔ تا مبالغہ کے لئے ہے ج مَقَادِيمُ کہا جاتا ہے هُوَ يَمْشِي (القُدَمِيَّةَ والقَدَمِيَّةَ والتَقَدِمِيَّةَ) جبکہ میدان جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم وفضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیر یوں ہے کہ "مَشَى المِشْيَةَ المَنْسُوبَةَ إِلَى قَوْلِ النَّاسِ يَقْدُمُ وتَقَدَّمَ."

القُدْمُوسُ والقِدْمَاسُ: پرانا۔ کہا جاتا ہے "عِزٌّ وحَسَبٌ قُدْمُوسٌ وقِدْمَاسٌ" خاندانی عزت۔

القُدْمُوسُ والقُدْمُوسَةُ: بڑی چٹان۔

القُدْمُوسُ والقُدَامِسُ: سخت۔ القُدْمُوس: ہراوّل۔ لشکر کا اگلا حصہ ج قَدَامِيس خَمِيسٌ قُدْمُوسٌ: بڑا۔ القُدْمُوسَة: بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

القَدْنُ: کافی کہا جاتا ہے "قَدْنُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ" زید کے لئے ایک درہم کافی ہے۔

قَدَا يَقْدُو قَدْوًا: قریب ہونا۔ سفر سے واپس ہونا...... بِهِ فَرَسُهُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَدَا يَقْدُو قَدْوًا وقَدِيَ يَقْدَى قَدًى وقَدَاةً وقَدَاوَةً الطَّعَامُ: کھانے کا مزیدار و خوشبودار ہونا۔ صفت قَدٍ وقَدِيٌّ: تم کہتے ہو "شَمَمْتُ قَدَاةَ القِدْرِ: ہانڈی کی خوشبو کو میں نے سونگھا۔

أَقْدَى إِقْدَاءً: خیر اور امور دینیہ میں استقامت اختیار کرنا، بوڑھا ہونا اور موت کے قریب پہنچنا...... مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس آنا۔

المِسْكُ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا۔

تَقَدَّى تَقَدِّيًا. عَلَى دَابَّتِهِ: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ میں چلنا...... تَقَدَّتِ الدَّابَّةُ بِهِ رَاكِبَهَا: چوپایہ پر سوار ہو کر وسط راستہ پر لے جانا۔

اِقْتَدَى اِقْتِدَاءً بِفُلَانٍ فِي كَذَا: پیروی کرنا۔

القَدَاءُ: مص۔ خوشبو۔

القِدْوُ: جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔

القَدْوَى: استقامت۔ پائیداری۔

القِدَةُ والقَدْوَةُ والقِدْوَةُ والقُدْوَةُ والقِدْيَةُ: پیشوا۔ اُسوہ۔ جیسے "لِي بِكَ قُدْوَةٌ" میرے لئے تمہارے اندر اسوہ ہے کہا جاتا ہے "مَا أَقْدَى طَعَامَ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا کھانا کس قدر مزیدار و خوشبودار ہے۔

قَدَى يَقْدِي قَدْيًا الطَّعَامُ بمعنی قَدَا يَقْدُو: مزیدار و خوشبودار ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدَتْ قَادِيَةٌ" قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا (...... قَدَيَانًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَادَى مُقَادَاةً. الرَّجُلُ: مقابلہ کرنا۔

تَقَدَّى: ناز سے چلنا۔

القِدَةُ: ایک قسم کا سانپ ج قِدَات. القِدَةُ: پیشوا۔

القَدَى والقِدَى: مقدار۔ اندازہ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قَدَى رُمْحٍ" ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے۔

السَقْدِيَةُ. قَدَى: کا اسم نوع۔ روش۔ طریقہ۔ سیرۃ۔ کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هِدْيَتِكَ وقِدْيَتِكَ" اپنی روش وطریقہ پر لو۔

القَادِيَةُ: دیہات سے آنے والی قحط زدہ قوم ج قَوَادٍ.

المُقَدَّى: فا۔ شیر۔

القَدِيَّةُ: ہدیہ۔

قَذَّ (ن) قَذًّا. الرِّيشَ: تیر کے پر کے اطراف کا کاٹنا اور ہموار کرنا...... الرَّجُلَ: گدی پر مارنا۔

...... الحَجَرَ وكُلَّ غَلِيظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت چیز پھینکنا (...... وقَذَّذَ) الشَّعْرَ: بال کاٹنا اور برابر کرنا۔ قَذَّ وأَقَذَّ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔

تَقَذَّذَ القَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا۔

القُذَّةُ: تیر کا پر۔ القُذَّةُ: گھوڑے اور انسان کا کان۔ ج قُذَذ وقِذَاذ: پسو۔ ج قِذَّان وقُذَذ.

القُذَاذَةُ: پر کا تراشہ۔ سونے وغیرہ کا ریزہ ج قُذَاذَات کہا جاتا ہے "إِنَّ لِي قُذَاذَاتٍ وجُذَاذَاتٍ" قُذَاذَات: سونے کے ٹکڑے اور جُذَاذَات: چاندی کے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَدَعُ شَاذَّةً ولَا فَاذَّةً" یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے مار ڈالتا ہے۔

سَهْمٌ أَقَذُّ: پر دار تیر۔ بے پر کا تیر۔ ج قُذٌّ جج قِذَاذ: کہا جاتا ہے "مَا لَهُ أَقَذُّ ولَا مَرِيشٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

القُذَّان: بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی کی سفیدی۔ پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی۔

المَقَذُّ: گدی۔ سر کے بالوں کے نکلنے کی انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف۔ سر کے بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف۔

المِقَذُّ والمِقَذَّةُ: تراشنے کا آلہ۔

المُقَذَّذُ والمَقْذُوذُ: بال تراش کر ہموار کیا ہوا۔ ہر چیز ہموار اور لطیف۔ آراستہ و پیراستہ۔

المُقَذَّذَة والمَقذُوذَة : گول کان۔
تَقَذقَذَ فِی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا...... فِی الـــرَّکِیَّةِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا...... الرَّجُلُ: خود رائے ہونا۔
قَاذَحَه مُقَاذَحَةً : گالی گلوچ کرنا۔
تَقَذَّحَ لِفُلَانٍ بالشَّرِّ : شرارت کرنا۔
قَذَرَ (ن) وَقَذُر (ک) وقَذِرَ (س) قَذَرًا وقَذَارَة : گندا ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت قَذْرٌ وقَذِرٌ وقَذَرٌ وقَذُرٌ.
قَذَرَ (ن) قَذرًا وقَذِرَ (س) قَذرًا وقَذَرَ الشَّیْءُ: گندا کرنا۔ قَذِرَ الشَّیْءَ :مکروہ جاننا۔ پرہیز کرنا۔ گندا سمجھنا۔
اَقْذَرَهٗ : گندا پانا...... اَقْذَرَ فُلانًا : تنگ دل کرنا۔ بہت بولنا۔
تَقَذَّرَ الشَّیْءَ ومِنْهُ : میل کچیل کی وجہ سے مکروہ سمجھنا۔
القَذَرُ :مص۔ میل کچیل اور کبھی پاخانہ کے لئے بولا جاتا ہے ج اَقْذَاء اور مَقَاذِر: خلاف قیاس۔
القَاذُورَة : بدی۔ فاحشہ ج قَاذُورَات.
القَاذُورَة والقَذُور والقَاذُور وذُوقَاذُورَة: جو بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے نہ ملے، جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے۔ القَذُور مِنَ النِّسَاءِ : مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی۔ شک وشبہ سے دور۔
رَجُلٌ قُذَرَة : ملامت سے دور مرد۔
رَجُلٌ مَقْذَرٌ : مرد جس سے لوگ پرہیز کریں۔
المَقَاذِر : گندگیاں۔
المُقَذِّر :فواحش کا ارتکاب کرنے والا۔ ج مُقَذِّرُون.
القُذْرُوف :عیب۔ ج قَذَارِیف.
قَذَعَهٗ (ف) قَذْعًا: گالی دینا۔ بے ہودہ بکنا۔
اَقْذَعَ فُلانًا : گالی دینا...... لِفُلَانٍ :سخت سست کہنا...... القَوْلَ: برا کہنا۔
الرَّجُلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا۔

قَاذَعَهٗ : گالی گلوچ کرنا۔
قَذَّعَ ثَوبَه : کپڑے کو گندا کرنا۔ میلا کچیلا کرنا۔
تَقَذَّعَ لَهٗ بِالشَّرِّ : تیاری کرنا...... الرَّجُلُ: ناپسند کرنا۔
القَذَع : گندا۔ بے حیائی وفحش۔
الـــمُقَذِّع :گندگی والا۔ بے حیا۔ فحش کا ارتکاب کرنے والا کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بالمُقْذِعَات او المُقَذِّعَات" اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی۔
القُذَعْمِل :موٹا اونٹ۔ القُذَعْمِیل :بہت بوڑھا۔
القُذَعْمِلَة :پست قامت۔ خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهٗ قُذَعْمِلَة" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِی السَّمَاءِ قُذَعْمِلَة" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔
قَذَفَ (ض) قَذْفًا : قے کرنا...... المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلِهٖ : بغیر سمجھے بوجھے بک دینا...... الحَجَر و بالحَجَر: پتھر پھینکنا۔ قَذَفَهٗ بِکَذَا: تہمت لگانا کہا جاتا ہے "هُمْ بَيْنَ حَاذِفٍ وقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (...... واسْتَقْذَفَ) فُلانًا بِالحَجَر : پتھر مارنا...... الرَّجُلُ: تہمت لگانا۔
قَاذَفَهٗ :ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔
تَقَاذَفَ المَاءُ :پانی کا تیز بہنا...... الفَرَسُ : گھوڑے کا تیز دوڑانا...... القَوْمُ : آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوا بِالحِجَارَةِ : ایک دسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَت بِهِ الامـــواجُ: تھپیڑے مارنا اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِهِ الاَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالک مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لئے مجبور [illegible]

چلی آیا۔
اِنْقَذَفَ :پھینکا جانا۔
القُذْف والقُذَف والقُذُف :جانب۔ گوشہ۔
القُذُف والقَذَف :پھسلن کی جگہ۔
القُذُف والقَذَف والقَذُوف والقَذِیف : دور کہا جاتا ہے "فَلَاةٌ اَو نِيَّةٌ قَذَفٌ وقُذُف" دور کا بیابان۔ "بَلْدَةٌ قَذُوف" دور دراز کا شہر۔ "قَوْسٌ قَذُوف" تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔
نَاقَةٌ قَاذِف وقِذَاف وقُذُوف وقَذُوف : تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
الـــقُذْفَة :جانب۔ گوشہ۔ کنگرہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو ج قِـــذَاف وقُـــذَف وقُذُف وقُذْفَان.
اَلقَاذِفَة : بمبار طیارہ۔ اَلمِقْذَفَة: چھوٹی توپ۔
اَقْذَاف القَصْرِ: محل کے کنگرے۔
القَذِیفَة والقِذَاف : ہر وہ چیز جو پھینکی جائے ج قَـــذَائف :اور اسی سے ہے قَـــذَائِف المَدَافِع :توپ کے گولے۔ القِذَاف: تیز روی۔
القَذَاف :تھوڑا پانی۔
الـــقَذَّاف :اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔ منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دور تک پھینکا جائے۔
المُقَذَّف :لعنت کیا ہوا۔ پُر گوشت کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّف" جنگ آزمودہ سوار۔
المِقْذَف :چپو۔ ج مَقَاذِف، المَقَاذِیف بلا کتیں۔
المِقْذَاف :چپو۔ ج مَقَاذِیف.
فَرَسٌ مُتَقَاذِف : تیز رفتار گھوڑا۔ ...... مُتَقَاذِف: تیز چال۔
قَذَلَهٗ (ن) قَذْلًا: گدی پر مارنا۔ عیب لگانا۔ پیچھا کرنا۔ قَـــذَلَ فُلانٌ : برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا...... فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔

القلل: جمع
القَلَال: گدی۔ سر کا پچھلا حصہ۔ ج قُلُل وقِلِلَة۔
قَلِمَ (ن) قَلْمًا۔ لَـهُ مِنَ الـمَالِ: مال یکبارگی دینا۔
قَلِمَ (س) قَلَمًا الـمَاءَ: پانی کا گھونٹ لینا۔
تَقَلَّم: تیز دوڑنا۔
القُلْمَة: پانی کا گھونٹ۔
القُلَّم والقُلَّمْ: بہت دینے والا سردار۔
القِلَّم والقُلَّام مِنَ الآبَارِ: بہت پانی والا کنواں۔
بِئْرٌ قَلُوْمٌ: بہت پانی والا کنواں۔ ج قُلُم۔
الـقَـلِيمَة: مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔ ج قَلَائِم۔
قَذِيَ يَقْذَى قَذًى وقَذَيَانًا وقَذْيًا: آنکھ میں تنکا پڑنا۔ آنکھ کی صفت (قَـذِيَةٌ وقَـذِيَةٌ ومَقْذِيَةٌ)...... الشَرَابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔
قَذَى يَقْذِي قَذْيًا وقَذًى وقَذْيًا وقُذِيَانًا: آنکھ کا کیچڑ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "قَـذَتْ قَاذِيَةٌ: لوگوں کی جماعت آئی۔
أَقْذَى عَيْنَهُ: آنکھ میں خس وخاشاک ڈالنا۔
قَذَّى عَيْنَهُ: آنکھ سے خس وخاشاک نکالنا۔
قَاذَى مُقَاذَاةً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔
اِقْتَذَى الطَّائِرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔
القَزْمَل: کوتاہ قامت بدصورت۔
قَزَا يَقْزُوْ قَزْوًا. الاَرْضَ بِعَصَاهُ: زمین کو لاٹھی سے کریدنا...... الرَّجُلُ: عیب سے دُور رہنا۔ قُزَه (ایک کھیل ہے) کھیلنا۔
القَزَى: بےعیبی کے بعد عیب دار ہونا۔
القُزَة: سانپ۔ عربوں کا ایک کھیل ج قُزَات۔
قَزَى الرَّجُلَ: پچھاڑنا اور قتل کرنا (یائی ہے)
القِزَى: لقب کہا جاتا ہے "بِئْسَ القِزَى هٰذَا" یہ برا لقب ہے۔
قَسَّ (ن) قَسًّا وقِسًّا وقُسًّا: چغل خوری کرنا...... القَوْمَ: بُرے کلام سے تکلیف پہنچانا (...... قَسًّا) السَّيْرَ: دوڑنا...... مَا عَلَى العَظْمِ: ہڈی پر کا گوشت کھانا اور گودا نکالنا (وقَسَّ الاِبِلَ) اُونٹوں کو اچھی طرح سے چرانا۔
قَسَّ وتَقَسَّسَ الشَّيْءَ: طلب کرنا اور ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّسَ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّيْلِ" اس نے رات میں ان کی آواز پر کان لگایا۔
قَسَّ قُسُوْسَةً قِسِّيْسَةً: پادری ہونا۔
اِقْتَسَّ الاَسَدُ: شیر کا خوراک تلاش کرنا۔
...... النَّاقَةُ: اُونٹنی کا تنہا چرنا۔
القَسّ: پادری کاہن ج قُسُوْس: اُونٹوں کا مالک جو اُن سے جدا نہ ہو۔ پالا۔
القُسْس: عقلاء۔ ماہر۔
القُسَاس: سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ آرمینیا میں ایک پہاڑ ہے جس میں لوہے کی کان ہے اور اسی سے ہے السُّيُوْف والقُسَاسِيَّة۔
القَسَّاس: چغل خور۔
القِسِّيْس: پادری ج قِسِّيْسُوْن وقُسَّان واَقِسَّة وقَسَاوِسَة۔
القَسِّيّ مِنَ الدَّرَاهِم: ردی دراہم۔
القَسَّة: چھوٹا گاؤں۔
القُسُوْسَة والقِسِّيْسَة: قسیس کا درجہ۔
قَسَبَ (ض) قَسْبًا المَاءُ: پانی جاری ہونا۔
...... الشَّمْسُ: آفتاب غروب ہونے لگنا۔
قَسُبَ (ک) قُسُوْبًا وقُسُوْبَةً الشَّيْءُ:

سخت ہونا۔
القَسْبُ: مص۔ بہت سخت۔ خشک کھجور جو منہ میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ واحد قَسْبَة.
القَسَابَة: ردی قسم کی کھجور۔
القَسُّوب: چمڑے کا موزہ۔ القُسُّوب: چمڑے کے موزے (اس کا واحد نہیں)
القَسْبُ والقِسِيبُ: ہر ایک لمبی اور مضبوط چیز۔
قَسِيبُ المَاءِ: پانی کا بہاؤ آواز کے ساتھ۔
قَسْبَرَ قَسْبَرَةً: جماع کرنا۔
قَسُحَ (ف) قَسَاحَةً وقُسُوحَةً: سخت ہونا ...... الحَبلَ: رسی بٹنا۔
قَاسَحَهُ: سختی کے ساتھ معاملہ کرنا۔
القَاسِحُ والقُسَاح والمَقسُوح: سخت اور موٹا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ قَاسِحٌ" موٹا کپڑا "رُمحٌ قَاسِحٌ" ٹھوس مضبوط نیزہ۔
قَسَرَهُ (ض) قَسْرًا واقْتَسَرَهُ عَلَى الأمرِ: مجبور کرنا۔
قَسْوَرَ الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا ...... النَّبتُ: بکثرت ہونا۔
القَسْوَر والقَسْوَرَة: غالب۔ شیر۔ بہادر۔ قوی لڑکا ج قَسَاوِر وقَسَاوِرَة.
القَسْوَرَةُ: رات کا بڑا حصہ۔ ایک میدانی نباتات ج قَسْوَر.
القَسْوَرَة: تیر چلانے والا۔ شکاریوں کی جماعت۔
قَسَطَ (ض) قَسْطًا وقُسُوطًا: ظلم کرنا۔ حق سے ہٹ جانا۔ صفت قَاسِطٌ ج قُسَّاط وقَاسِطُون.
قَسَطَ (ن ض) قِسْطًا وأقْسَطَ الوَالِي: منصف ہونا۔ کہا جاتا ہے "أقْسَطَ فِي حُكْمِهِ وأقْسَطَ بَيْنَهُمْ وإلَيْهِم" فیصلہ میں انصاف کیا۔ ان کے درمیان انصاف کیا۔
أقْسَطَتِ الرِّيحُ العِيدَانَ: ہوا کا لکڑیوں کو خشک کر دینا۔

قَسِطَت (س) قَسَطًا العُنُقُ: گردن خشک ہونا ...... الدَّابَّةُ: سیدھی ٹانگوں والا ہونا
(...... قُسُوطًا) العِظَامُ: لاغری کی وجہ سے ہڈیوں کا خشک ہونا۔
قَسَّطَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا ...... الأغرَاسَ: پودوں کے درمیان برابر فاصلہ کرنا ...... الدَّيْنَ: قرض کی قسط مقرر کر دینا۔ کہا جاتا ہے قَسَّطَ الخَرَاجَ عَلَيْهِم والمَالَ بَيْنَهُم: یعنی خراج کا ان کے اوپر قسط مقرر کر دیا اور مال ان کے درمیان تقسیم کر دیا۔
قَسَّطَ عَلَى عِيَالِهِ: اہل وعیال پر تنگی کرنا۔
اِقْتَسَطُوا المَالَ بَيْنَهُمْ: تقسیم کرنا۔
تَقَسَّطَ القَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: برابر برابر تقسیم کرنا۔
القِسْطُ: انصاف۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قِسْطٌ" وہ عادل ہے "هُمْ قِسْطٌ" وہ لوگ عادل ہیں۔ حصہ۔ مقدار۔ میزان۔ ترازو۔ پیمانہ نصف صاع کا۔ روزی۔ قسط مقرر کئے ہوئے قرض کا ایک حصہ ج أقْسَاط.
القُسْط: عود ہندی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُسْطُ الرِّجْلِ وقَسِطُهَا" جبکہ پاؤں سخت اور سیدھے ہوں کہ چلنے میں مڑتے نہ ہوں۔
القَسَط: مص۔ اعضاء کی سختی یا خشکی۔
الأقْسَط: خشک شدہ گردن والا۔ مؤنث قَسْطَاء ج قُسْط. رِجْلٌ قَسْطَاء: ٹیڑھا پیر۔
عُنُقٌ قَسْطَاء: خشک گردن۔ رُكْبَةٌ قَسْطَاء: خشک شدہ زانو جو مڑ نہ سکے۔ ج قِسَاط.
القَسْطَان: غبار۔
القُسْطَان والقُسْطَانَة والقُسْطَانِيّ والقُسْطَانِيَّة: قوس قزح۔ دھنک۔
المُقْسِط: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور معنی اس کے عادل کے ہیں۔
قَسْطَرَ الدَّرَاهِمَ: دراہم کو پرکھنا۔
القَسْطَر والقَسْطَار: مرد دانا و دوربیں۔
القُسْطَرِيُّ: دراہم [illegible]

زوربیں۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ ج قَسَاطِرَة.
القِسْطَاس والقُسْطَاس: ترازو (جدید)
القَسْطَل والقَسْطَال والقُسْطُول والقَسْطَلَان: میدان جنگ کا گرد وغبار۔ ج قَسَاطِل. أمُّ قَسْطَل: مصیبت۔ موت۔
نَهرٌ قَسْطَالٌ: بہنے میں شور کرنے والا دریا۔
القَسْطَلَة: اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔
قَسْطَلَةُ المَاءِ: پانی بہنے کی آواز قَسَاطِلُ الخَيْلِ: گھوڑوں کی آوازیں۔
القَسْطَلَانِيَّة: شفق کی سرخی۔ غبار کی کثرت (...... والقَسْطَلَانِي) قوس قزح۔ دھنک۔
قَسْقَسَ قَسْقَسَةً: چرواہا ہونا۔ قَسْقَسَ الشَّيْءَ: ہلانا۔ قَسْقَسَ بِالكَلْبِ: کتے کو قوس قوس کہہ کے بلانا۔
قَسَمَ (ض) قَسْمًا الشَّيْءَ: بانٹنا۔ تجزیہ کرنا۔ ...... الدَّهرُ القَوْمَ: متفرق کرنا ...... فُلَانٌ أمْرَهُ: اندازہ کرنا ...... بَيْنَ النِّسَاءِ: بیویوں کی باری کی حفاظت کرنا۔
قَسُمَ (ک) قَسَامَةً الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔
قَسِيمٌ: فا۔ خوبصورت۔
قَسَّمَ الشَّيْءَ: جزء جزء کرنا۔ تفریق کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَسَّمَ الدَّهرُ القَوْمَ" زمانے نے قوم کو متفرق کر دیا ...... الشَّيْءُ: حسین ہونا۔
قَاسَمَهُ المَالَ: اپنے اپنے حصے کو لینا۔
قَاسَمَهُ عَلَى كَذَا: قسم کھلانا۔
أقْسَمَ بِاللّٰهِ: حلف اٹھانا۔ قسم کھانا۔
تَقَسَّمَ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا ...... الشَّيْءُ: جدا جدا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَقَسَّمَتْهُ الهُمُومُ" یعنی غموں نے اس کو پریشان خاطر کر دیا۔ وتَقَسَّمَ فُلَانٌ: فکر کرنا۔ سوچنا۔
تَقَاسَمَ القَوْمُ: آپس میں قسم کھانا (واقْتَسَمَ) القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔
اِنْقَسَمَ: تقسیم ہونا۔

اِسْتَقْسَمَ : تقسیم کرنے کو کہنا۔ غور کرنا۔ سوچنا۔ اِسْتَقْسَمَهُ بِاللّٰهِ : قسم کھانے کو کہنا۔

الـقَسْـم : مص۔ عطیہ۔ رائے۔ شک۔ عادت۔ بارش۔ پانی۔ ہانڈی۔ گمان پیدا ہونا اور پھر قوت پا کر یقین ہونا۔ حَسَصَاةُ القَسْم : پانی تقسیم کرنے کی کنکری اور یہ اس طرح پر کہ سفر کی حالت میں جب پانی کی کمی ہوتی تھی تو ایک برتن میں کنکری ڈالتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اتنا کہ کنکری چھپ جائے پھر ایک آدمی کو پینے کے لئے دیتے تھے اور پھر اسی طرح کرتے تھے اور یہ اس لئے تاکہ سب کو پانی برابر پہنچ جائے اور کسی کو شکایت نہ رہے۔

الـقِسْـم : تقسیم شدہ چیز کا ایک حصہ۔ خیر کا حصہ۔ ج اَقْسَام جج اَقَاسِیم.

القَسَم : اللہ تعالیٰ یا غیر اللہ کی قسم ج اَقْسَام.

القِسْمَة : اقسام کا اسم۔ حصہ۔ ج قِسَم.

اَلْقِسْمَةُ التَّوَافُقِيَّة : (علم حساب) چار نقاط جو ایک خط پر جمع ہوں اور اس کے برابر ہوں تو تقسیم موافقت ہے۔ وگرنہ تقسیم عدم موافقت ہے۔

قِسْمَةُ عَدَدٍ غَيْرِ صِفْرٍ عَلَى صِفْرٍ : (علم حساب) یہ تقسیم مستحیل ہے۔ یعنی صفر کے علاوہ عدد کو صفر پر تقسیم کرنا۔ صفر کی تقسیم صفر پر اس کا حاصل معین نہیں کوئی عدد بھی ہو سکتی ہے۔

القَسَمَة والقَسِمَة : خوبصورتی۔ چہرہ (...... والقَسِم) عطر فروش کا ڈبہ۔ ج قَسِمَات وقَسَمَات.

القَسَام : خوبصورتی۔ گرمی کی شدت۔

القَسَامَة : خوبصورتی۔ صلح۔ جماعت جو کسی چیز کے لئے قسم کھائے اور لے لے۔ قسم جو اولیاءِ مقتول کو دی جائے۔ کہا جاتا ہے "حَكَمَ القَاضِي بِالقَسَامَة" قاضی نے قسامت کا فیصلہ کیا اور قسامت قسم کا اسم ہے جو مصدر کی جگہ پر استعمال ہوا ہے۔

الـقُسَامَة : صدقہ کا مال۔ تقسیم کرنے والا جس کو اپنے لئے خاص کر لے۔

القَسَّامِي : تکلی پر کپڑے کو لپیٹنے والا۔ دو چیزوں کے درمیان کی چیز۔

القَسَّام. قَاسِم : کا مبالغہ۔

القَسِيم : حصہ۔ تقسیم شدہ شے کا ایک حصہ ج اَقْسِمَاء : تقسیم کرنے والا ج اَقْسِمَاء وقُسَمَاء خوبصورت ج قُسُم.

القَسِيمَة قَسِيم کا مؤنث۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ بازار۔ خوبصورت چہرہ ج قَسَائِم.

الاُقْسُومَة : حصہ۔ ج اَقَاسِيم.

المَقْسَم والمِقْسَم : حصہ۔ ج مَقَاسِم.

الـمَـقْسِـم : تقسیم۔ تقسیم کرنے کی جگہ ج مَقَاسِم.

صَاحِبُ المَقَاسِم : نائب امیر اور وہ اموالِ غنیمت کا تقسیم کرنے والا ہوتا ہے۔

المُقْسَم : قسم۔

الـمُقَسَّم : مفع۔ غمگین۔ خوبصورت۔ شئ مُقَسَّم : خوبصورت بنائی ہوئی چیز۔

القِسْمِل : شیر کا بچہ۔

اَقْسَنَ الرَّجُلُ : سخت ہاتھوں والا ہونا۔

اِقْسَأَنَّ اِقْسِئْنَانًا وقُسَانِينَةً العُودُ : لکڑی کا خشک اور سخت ہونا...... الرَّجُلُ : مرد کا بوڑھا ہونا اور خشک ہونا...... فِي العَمَلِ : کر گزرنا ...... اللَّيْلُ : رات سخت تاریک ہونا۔

الـمُقْسَئِنُّ : جوانی کی انتہا اور بڑھاپے کی ابتدا میں ہونے والا۔

قَسَا يَقْسُو قَسْوًا وقَسْوَةً وقَسَاوَةً وقَسَاءَةً : سخت و درشت ہونا۔ صفت قَاسٍ ج قُسَاة ...... اللَّيْلُ : رات تاریک ہونا...... الدِّرْهَمُ : درہم کھوٹا ہونا۔ صفت قَسِيّ.

قَسَّى تَقْسِيَةً واَقْسَى إِقْسَاءً الشَّئَ : سخت و درشت ہونا۔

قَاسَى مُقَاسَاةَ الاَلَمَ : تکلیف برداشت کرنا۔

القَسِيّ : سخت...... مِنَ الدَّرَاهِم : کھوٹے درہم ج قِسْيَان کہا جاتا ہے "عَشِيَّةٌ قَسِيَّةٌ" ٹھنڈی شام "يَوْمٌ او عَامٌ قَسِيٌّ" سخت دن یا سخت سال۔ گرمی یا سردی یا قحط کی وجہ سے "سِرْنَا سَيْرًا قَسِيًّا" ہم تیز چال چلے۔

اَرْضٌ قَاسِيَة : بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

لَيْلَةٌ قَاسِيَة : بہت تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْسَى مِنَ الصَّخْرِ" وہ پتھر سے زیادہ سخت ہے۔

الـمَقْسَاة : جو سخت بنا دے۔ کہا جاتا ہے "الـذَّنْبُ مَقْسَاةٌ لِلْقَلْبِ" گناہ دل کو سخت کرنے کا سبب ہے۔

قَشَّ (ن) قُشُوشًا : لاغری کے بعد تومند ہونا...... فُلاَنٌ : لاغری کی چال چلنا...... مِنْ مَرَضِهِ : مرض سے صحت یاب ہونا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا النَّبَاتُ : نباتات کا خشک ہونا...... الشَّئَ : جمع کرنا۔ ہاتھ سے رگڑنا...... فُلاَنٌ : صدقہ کے ٹکڑے کھانا۔

قَشَّ (ن ض) قَشًّا وقَشَشَ : اِدھر اُدھر سے کھانا۔ قَشَشَهُ بِكَلاَمِهِ : بدکلامی سے تکلیف پہنچانا۔

قَشَّ واَقَشَّ وانْقَشَّ القَوْمُ : چلا جانا۔ اَقَشَّ مِنَ المَرَضِ : مرض سے صحت یاب ہونا واَقَشَّتِ الاَرْضُ : زمین میں زیادہ خشکی ہونا۔ اِنْقَشَّ القَوْمُ : قوم کا متفرق ہونا۔

تَقَشَّشَ واقْتَشَّ مَا وَجَدَ : سب کچھ کھا لینا۔

القَشُّ : مص۔ بڑا ڈول۔ ردی قسم کی کھجور۔ گھر وغیرہ کا کوڑا کرکٹ۔

القِشَّة : بندریا۔ بندریا کا مادہ بچہ۔ چھوٹے جسم کی بچی۔ گبریلا کی مانند ایک کیڑا۔ کولتار استعمال کرنے میں جو چیتھڑا استعمال کیا جائے اور اس کو بعد میں پھینک دیا جائے۔

القَشِيش : سانپ کی کھال کی آواز۔

القَشِيش والقُشَاش والقُشَاشَى : پڑی ہوئی جو چیز اٹھائی جائے۔

القَشَّاش : پڑی ہوئی چیزوں کو اٹھانے والا (...... والقَشَّان والقَشُوش) جو معمولی چیز کو اٹھا کر کھا لے۔

المِقشَبة : جھاڑو۔

قَشَبَ (ض) قَشْبًا فُلانًا السَّمَّ : زہر پلانا۔قَشَبَ عَلَیْهِ : بہتان لگانا......الرَّجُلَ : عار دلانا۔عیب لگانا۔بُری بات کہنا...... السَّیْفَ : تلوار پر صیقل کرنا......هُ الدُّخَانُ : دھوئیں کا نتھنوں کو بھر دینا۔کہا جاتا ہے "قَشَبَنِی رِیْحُه" اس کی بُو نے مجھ کو تکلیف دی......هُ المَالُ: عقل زائل کرنا۔ ...... الشَّیْئَ : فاسد کرنا' بگاڑ دینا وقَشَبَ لَهُ : زہر پلانا۔قَشَبَه بِشَرٍّ : برائی سے یاد کرنا

قَشُبَ الرَّجُلُ : نیک نامی یا بدنامی اختیار کرنا۔قَشَبَ وقَشَّبَ الطَّعَامَ بِالسَّمِّ : کھانے میں زہر ملانا...... فُلانًا بِسُوْءٍ : ملوث کرنا قَشَبَتِ الرِّیحُ فُلانًا : ہوا کا تکلیف دینا۔قَشَبَ الشَّیْئَ : میلا کچیلا کرنا۔

قَشُبَ قَشَابَةً الشَّیْئُ : پاکیزہ ہونا۔صاف ہونا۔

اِقْتَشَبَ: نیک نامی یا بدنامی حاصل کرنا۔

تَقَشَّبَ السَّیْفُ : تلوار کا زنگ خوردہ ہونا۔

اِسْتَقْشَبَه : گندہ سمجھنا۔

القَاشِب : فا۔درزی۔کمزور نفس والا۔ واقعی عیوب بیان کرنے والا۔

القَشْب : گندہ۔

القِشْب : نفس۔زنگ۔سخت خشک۔زہر ......مِنَ الطَّعَامِ : کھانے کا ردی حصہ ج اَقْشَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قِشْبٌ خِشْبٌ" بے خیر آدمی (خِشْب : تابع محمل ہے)

القِشْبَة : بے خیر۔مرد خسیس۔

القَشَبُ : زہر۔ج اَقْشَاب.

القَشِب : نیا پرانا۔سَیْفٌ قَشِبٌ : صیقل شدہ یا زنگ خوردہ تلوار۔

القَشِیب : نیا۔ستھرا۔سفید ج قُشُب وقُشْب.

سَیْفٌ قَشِیْبٌ : صیقل شدہ تلوار۔زنگ خوردہ تلوار۔

القُشْبَانِیَّة : پرانی چادر۔

المُقَشَّب : غیر خالص۔حَسَبٌ مُقَشَّبٌ ورَجُلٌ مُقَشَّبُ الحَسَبِ : مرد جس کا حسب خالص نہ ہو۔

اَلْقِشْبِرُ : ردی قسم کا اُون۔اُون کا وہ حصہ جو صاف کرتے وقت گر جائے اور پھینک دیا جائے۔

القِشْبَار : سخت چھڑی۔رَجُلٌ قِشْبَارُ اللِّحْیَةِ وقُشَابِرُهَا : لمبی داڑھی والا۔

قَشْبَرَ : باریک بالن کو جمع کرنا۔

قَشَدَهُ (ن) قَشْدًا : برہنہ کرنا۔کھولنا۔

القِشْدَة : پتلا مکھن۔بالائی۔ایک بہت دودھ والا پودا (...... والقُشَادَة) گھی کا تلچھٹ۔

قَشَرَهُ (ن ض) قَشْرًا وقَشَرَهُ : کھال یا چھال اُتارنا......القَوْمَ : بدشگونی لانا۔

قَشِرَ (س) قَشَرًا : موٹی کھال والا ہونا۔

تَقَشَّرَ وانْقَشَرَ : چھل جانا۔

اِقْتَشَرَ الرَّجُلُ : ننگا ہونا۔صفت مُقْتَشِر.

القِشْر : چھلکا۔لباس ج قُشُوْر (...... والقُشْر) بالشت کے برابر ایک مچھلی۔

القِشْرَان : ٹڈی کے دونوں پر۔

القَشِر والقَشِیْر : بہت چھلکے والا۔کہا جاتا ہے "تَمْرٌ قَشِرٌ وقَشِیْرٌ" یعنی چھلکے والی کھجور۔

القَشَر : سخت سرخی۔

القُشْرَة والقُشَرَة والقُشْرَة : بارش جو سطح زمین کو صاف کر دے۔القَشْرَة: منحوس۔

القِشْرَة : چھال۔

القَاشِر : فا......مِنَ الخَیْلِ : گھوڑ دوڑ میں آخری گھوڑا۔

القَاشِرَة. قَاشِر کا مؤنث۔پہلا زخم جو کھال کو پھاڑ دے۔عورت جو اپنے چہرہ کو مل دل کر صاف کرے۔

اَلْقَشْرِیَّات : سخت اور مضبوط جسم والے جانور کچھ خشکی والے اور زیادہ پانی والے جیسے سرطان' مکڑی اور جھینگا مچھلی۔

القَاشُوْر والقَاشُوْرَة مِنَ الاَعْوَامِ : سخت قحط [illegible]

سال القَاشُور: منحوس......مِنَ الخَیْلِ : گھوڑ دوڑ کا آخری گھوڑا۔

القُشَار : سانپ کی کھال۔

القُشَارَة : اُتارا ہوا چھلا یا چھال۔

الاَقْشَر : چھلکا اتارا ہوا۔گرمی کی وجہ سے چھلی ہوئی ناک والا۔سخت سرخی والا۔ ابرص۔بہت سوال کرنے والا......مِنَ الاَرْضِ : سرخ سفید زمین۔مؤنث قَشْرَاء ج قُشْر۔شَجَرَة قَشْرَاء : کہیں کہیں سے چھلا ہوا درخت۔حَیَّة قَشْرَاء : کیچلی سے علیحدہ سانپ۔

القَشُوْر : چہرہ کو صاف کرنے والی دوا۔

المُقَشَّر : منقح کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالجَوَابِ المُقَشَّرِ" واضح جواب دیا "رَجُلٌ مُقَشَّرٌ" ننگا مرد۔

المِقْشَر : سوال میں اصرار کرنے والا۔

قَشَطَهُ (ض ن) قَشْطًا : لاٹھی سے مارنا۔

قَشَطَ عَنْهُ كَذَا : ننگا کرنا۔

قَشَطَ الرَّجُلُ : لوٹنا۔صفت مُقَشِّط.

تَقَشَّطَ وانْقَشَطَ : ننگا ہونا۔تَقَشَّطَتْ وانْقَشَطَتِ السَّمَاءُ : صاف بے ابر ہونا۔

القِشْطَة : بالائی۔

القِشَاط : برہنگی۔

القَشَّاط : بہت لوٹنے والا۔

المِقْشَط : چھال یا کھال اُتارنے کا آلہ۔

المِقْشَطَةُ عِنْدَ العَقَّادِیْنَ : ریشم کے دھاگوں کو صاف کرنے کا آلہ۔

قَشَعَ (ف) قَشْعًا القَوْمَ : متفرق کرنا۔

قَشَعَتْ واَقْشَعَتِ الرِّیحُ السَّحَابَ : ہوا کا بادلوں کو پراگندہ کرنا۔اَقْشَعَ القَوْمُ : متفرق ہونا۔اَقْشَعُوْا عَنِ المَاءِ اَوِ المَكَانِ : ہٹ جانا۔علیحدہ ہو جانا۔اَقْشَعَ السَّحَابُ : بادل کھل جانا۔

قَشِعَ (س) قَشَعًا الشَّیْئُ : خشک ہونا۔

اِنْقَشَعَ اللَّیْلُ : رات ختم ہونا۔

اِنْقَشَعَ وتَقَشَّعَ السَّحَابُ : بادل کھل جانا۔تَقَشَّعَ القَوْمُ : متفرق ہونا۔قَهْقَعَ

الـقـوم عَن مَا كَهم: دور ہونا۔ بکھر جانا
......الهمُ عَنِ القَلْبِ: دل سے غم کا زائل
ہونا۔

الـقَشْع: مص۔ پرانی پوستین۔ بے وقوف
شتر مرغ کا بچہ۔ چمڑے کا خیمہ۔ ج قُشُوع:
پرانی مشک۔ بڑھاپے کی وجہ سے ڈھیلے
گوشت والا زنبیل۔ زربجو۔ خشک شدہ مٹی کا
ٹکڑا۔ خشک کھال ج قِشَع.

القَشْع والقِشْع: کھل جانے والا بادل۔

القَشْع والقِشْع والقُشْع: حمام کا کوڑا
کرکٹ۔

القَشْعَة ج قِشَاع. القِشْعَة ج قِشَع:
خشک کھال کا ٹکڑا۔ بادل کا ٹکڑا جو کھلنے کے
بعد باقی رہ جائے۔ القَشْعَة: قَشَع: کا اسم
مرۃ۔ پرانی پوستین کا ٹکڑا۔ خشک شدہ مٹی کا
ایک ٹکڑا۔ بڑھیا۔ بادِ شمالی۔

القَشِع: خشک۔ غیر مستقل مزاج۔ شَاةٌ
قَشِعَةٌ: دُبلی پتلی بکری۔ اَرَاكَةٌ قَشِعَةٌ: گنجان
بہت پتوں والا پیلو کا درخت۔

القِشَاع: بوسیدہ ٹکڑا۔ دھجی۔

القَشَاع: مادہ بجو کی آواز۔

القُشَاعَة: رینٹ۔

القَشِيعُ مِنَ الكلاَءِ: متفرق گھاس۔ کہا جاتا
ہے "هُوَ اَقْشَعُ مِنْهُ" یعنی وہ اس سے اشرف
ہے۔

اِقْشَعَرَّ جِلْدُهُ: کانپنا۔ سمٹنا۔ کھردار ہونا۔
متغیر اللون ہونا۔ صفت مُقْشَعِر ج
مُقْشَعِرُّوْن وقَشَاعِر. واُقْشَعِرَّت السَّنَة:
قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا......الاَرْض: زمین
کا بارش نہ ہونے سے خشک ہونا۔ کہا جاتا
ہے اِقْشَعَرَّ الشَعْرُ: خوف یا سردی کی وجہ
سے رونگٹے کھڑے ہونا۔

المُقْشَعِرُّ: بمعنی مُقْشَعِر.

القُشَعْرِيرَة: کپکپی۔

القُشَاعِر: سخت کھال والا عمر رسیدہ۔

القُشْعُر: ککڑی۔

القَشْعَم: عمر رسیدہ (مرد یا عورت یا گدھ)
موٹا عمر رسیدہ شیر۔ ج قَشَاعِم وقَشَاعِيم.

القِشْعَام والقَشْعَمَانُ والقُشْعُمَان: بڑا نر
گدھ۔ عمر رسیدہ مرد یا گدھ۔

القِشْعَامَة: جال۔

القَشْعُوم: چھوٹے جسم والا۔ چچڑی۔

قَشِفَ (س) قَشَفًا وقَشُفَ (ک)
قَشَافَةً.

وتَقَشَّفَ: بدحال ہونا۔ پھٹے پرانے حال
والا ہونا۔ تنگ گزران ہونا۔ گندہ جسم ہونا۔
صفت قَشْفٌ وقَشِفٌ وقَشَفٌ وتَقَشُّفٌ:
تنگ زندگی گزارنا۔ تَقَشَّفَ فِي لِبَاسِه:
پیوند لگے ہوئے اور میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

قَشَفَ اللهُ عَيْشَهُ: تنگ زندگی کر دینا۔

عَامٌ اَقْشَفُ: سخت سال۔

قَشْقَشَهُ مِنَ الجَرَب اور الجُدَرِي: کھجلی یا
چیچک سے صحت یاب کرنا۔

تَقَشْقَشَ: صحت یاب ہونا۔

الـقَشْـقَشَة: مص۔ گوشت بھوننے کی
آواز۔

قَشَمَ (ن) قَشْمًا الطَعَام: زیادہ کھانا۔
مزیدار خوراک کھانا۔

قَشَمَ (ض) قَشْمًا. الرَجُلُ فِي بَيْتِه:
داخل ہونا۔

اِقْتَشَمَهُ: اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القَشْم والقِشْم: زمین میں پانی بہنے کی
نالی۔ گوشت جبکہ پک کر سرخ ہو جائے۔

الـقِشْـم: طبیعت۔ جسم۔ حال۔ ہیئت۔
چربی۔ جز ج قُشُوم.

القُشَام والقُشَامَة: دسترخوان پر بچا ہوا بیکار
حصہ۔

القَشِيم: خشک سبزی۔ ج قُشُم: موت۔

المَقْشَم. قَشَم: کا اسم ظرف اور کہا جاتا
ہے مَا اَصَابَتْ الاِبِل مَقْشَمًا: اونٹ نے
چراگاہ کو نہیں پایا۔

الـقَشْـمَر: پستہ قد۔ موٹا گٹھے ہوئے بدن
والا۔

قَشَا يَقْشُوُ قَشْوًا وقَشَى القِرْدَ: لکڑی۔
چھیلنا......الوَجْهَ: چہرہ پونچھنا۔ اور کہا جاتا
ہے قَشَاهُ عَنْ حَاجَتِه: یعنی اس کو اس کی
حاجت سے باز رکھنا۔

اَقْشَى اِقْشَاءً: تونگری کے بعد محتاج ہونا۔

تَقَشَّى. الشَيُّ: چھل جانا۔

القَاشِي: فا۔ کھوٹا پیسہ۔

القُشَاء: تھوک۔

القَشْوَة: کھجور کے پتوں کی ٹوکری جس میں
عورتیں روئی یا عطر وغیرہ رکھتی ہیں ج
قِشَاء وقَشَوَات.

اَلْقِشْلَةُ: فوج کے اترنے کی جگہ۔

القَشْوَان: کمزور۔ مؤنث قَشْوَانَة.

القَشِي مِنَ الدَرَاهِم: کھوٹے دراہم۔

المَقْشُوُّ المُقَشَّى: چھیلا ہوا۔

قَصَّ (ن) قَصًّا. الشَعْر ونَحْوه: قینچی سے
بال وغیرہ کاٹنا......النَسَّاجُ الثَوْبَ: چھور
کاٹنا......هُ: کان کے اطراف کو کاٹنا اور کہا
جاتا ہے "مَا يَقُصُّ فِي يَدِهِ شَيْءٌ" کوئی چیز
اس کے ہاتھ میں باقی نہیں رہتی (......
واَقَصَّ) المَوْتُ فُلاَنًا: قریب الموت
ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَه حَتّٰى قَصَّهُ عَلَى
المَوْتِ او اَقَصَّهُ مِنَ المَوْتِ" اس کو مارا
یہاں تک کہ موت کے قریب پہنچا دیا۔

قَصَّتْ واَقَصَّتِ الشَاةُ: حمل ظاہر ہونا۔
صفت مُقِصٌّ ج مَقَاصُّ اَقَصَّ الاَمِيْرُ فُلاَنًا
مِن فُلاَنٍ: بدلہ لے لینا۔ واَقَصَّ الرَجُلُ مِنْ
نَفْسِه: اپنے آپ سے بدلہ لینے دینا۔

قَصَّ (ن) قَصَصًا عَلَيْهِ الخَبَرَ: بیان کرنا
(...... قَصًّا وقَصَصًا) اَثَرَهُ: آہستہ آہستہ
پیروی کرنا۔

قَصَّصَ الشَيْ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَاصَّ قِصَاصًا ومُقَاصَّةً الرَجُلَ بِمَا كَانَ
لَهُ قَبْلَهُ: بدلہ میں روک لینا۔ قَاصَّه: بدلہ
لینا۔ قصاص لینا۔

تَقَصَّصَ اَثَرَهُ: پیروی کرنا......الكَلاَمَ: یاد
کرنا۔

تَقَاصَّ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بدلہ لینا۔

اِنْقَصَّ : کٹ جانا۔
اِقْتَصَّ. اَثَرَہٗ : تابعداری کرنا ...... مِنْ فُلَانٍ : قصاص لینا ...... الحَدِیْثَ : روایت کرنا۔ نقل کرنا۔
اِسْتَقَصَّہٗ : قصاص یا بدلہ لینے کو کہنا۔
القَصّ : مص ۔ (...... والقَصَص) سینہ یا اس کی ہڈی ۔ ج قِصَاص. قَصَصُ الشَّاۃِ : بھیڑ کا کٹا ہوا اُون ۔
القَصَّۃ. قَصَّ : کا اسم مرۃ ۔ چونا ج قِصَاص.
القِصَّۃ. قَصَّ : کا اسم نوع ۔ بات ۔ واقعہ ۔ حالت ج قِصَص و اَقَاصِیص.
القُصَّۃ : پیشانی کے بال ۔ بالوں کا گچھا ۔ ج قُصَص وقِصَاص.
القَصاص : ایک قسم کا درخت ہے جس کو شہد کی مکھی چاٹتی ہے ۔ واحد قصاصۃ.
القِصاص : گناہ کی سزا ۔ بدلہ ۔
القُصاص : سر پر قینچی چلنے کی جگہ وقُصَاصُ الشَّعْر : بتثلیث القاف : بال نکلنے کی منتہا آگے یا پیچھے کی جگہ ۔
القُصَاصُ : وہ پودا جس کو شہد کی مکھی چاٹے ۔
القُصَاصۃ : بال یا ناخن کا تراشہ ۔
القَصِیص : سینہ کے بال نکلنے کی جگہ ۔ ایک قسم کی نباتات جو سانپ کی چھتری کی جڑوں میں ہوتی ہے اور اس سے سر دھوتے ہیں ۔ واحد قَصِیصَۃ. ج قَصَائِص.
القَصِیصَۃ : اُونٹ کہ جس سے قافلہ کی پیروی کی جائے ۔ قِصَّۃ : چھوٹا اونٹ کہ جس پر کھانا اور اثاثہ لادیں ۔ جماعت جو ایک جگہ میں جمع ہو ۔ کہا جاتا ہے کہ "تَرَکْتُھم قَصِیصَۃً وَاحِدَۃً" یعنی میں نے ان کو ایک جگہ میں مجتمع حالت میں چھوڑا ۔
القَاصّ : فا ۔ قصہ گو ۔ خطیب ۔ واعظ ۔
القَصَّاص : اُجرت لے کر مجمع میں قصہ بیان کرنے والا ۔ وہ شخص جو اونٹ وغیرہ کے بال اُتارنے کا پیشہ کرتا ہو ۔
المُقَصَّص : مفع ۔ پیشانی کے بالوں والا

رَجُلٌ مُقَصَّصٌ : بڑے سینہ والا ۔
المِقَصّ : اثر ۔ نشان ۔
المِقَصّ : قینچی ۔ ج مَقَاصّ.
قَصَبَ (ض) قَصْبًا : کاٹنا ۔ قَصَبَ الشَّاۃ : بکری کے عضو کاٹنا (...... قَصْبًا وقُصُوْبًا) البَعِیْر : اونٹ کا پانی پینے سے باز رہنا ...... الاِنْسَانَ وغَیْرَہٗ : پانی پینے سے باز رکھنا اور سیرابی سے پہلے روک دینا ...... الرَّجُلَ : کسی کو گالی دینا ۔
قَصَّبَہٗ : گالی دینا ۔ قَصَّبَ الشَّعْرَ : بالوں کو گھنگھریالے بنانا ...... الزَّرْعُ : ڈنٹھل والی ہونا ...... فُلانًا : ہاتھوں کو گردن سے ملا کر باندھنا ۔
اَقْصَبَ. المَکَانُ : نرکل والی ہونا ۔
الرَّاعِی : چرواہے کے اونٹوں کا پانی پینے سے باز رہنا ۔
اِقْتَصَبَ الشَّیْئَ : اپنے لئے کاٹنا ۔
القُصْبُ : پیٹ ۔ آنت ۔ ج اقصاب.
القَصَب : ہر وہ جس میں پورے اور گرہیں ہوں جیسے بانس اور نرکل ۔ قَصَبُ السُّکر : گنا ۔ القَصَبُ : ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں ۔ گول اور لمبی جوف دار ہڈی ۔ گودے والی ہڈی ۔ حلق کی نالی ۔ مستطیل جوہر ۔ چشمے سے پانی بہنے کی جگہ ۔ آنسو بہنے کی جگہ ۔ مروارید آبدار تازہ ۔ زبرجد آبدار تازہ ۔ جو یاقوت سے مرصع ہو ۔ کہا جاتا ہے "اَحْرَزَ قَصَبَ السَّبَقِ" یعنی غالب رہا اور اس کی اصل یوں ہے کہ میدانِ مسابقت میں ایک بانس گاڑ دیا کرتے تھے کہ جو شخص آگے بڑھ جاتا تھا وہ اُسے اکھاڑ لیتا تھا تاکہ غالب رہنے کی علامت ہو ۔
القَصَبَۃ : واحد ہے قصب کا ۔ شہر کا یا مُلک کے شہروں میں بڑا شہر ۔ گاؤں یا گاؤں کے درمیان نیا کھدا ہوا کنواں ۔ بالوں کا لپٹا ہوا گچھا ۔ قَصَبَۃُ الاِصْبَع : اُنگلی کا سرا ۔ قَصَبَۃ المَرِی : نرخرہ قَصَبَۃُ الاَنْفِ : ناک کا بانسہ ۔

القَصَبِیّ : اسی کا باریک کپڑا ج قَصَب.
القَاصِب : فا ۔ بانسری بجانے والا ۔ قصائی ۔ بادل ۔ بہت گرجنے والا ۔ ج قُصَّاب (...... والقَصِیْب) مِنَ الاِبِل : پانی سے رُکنے والا اونٹ ۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ قَصِیْبٌ ونَاقَۃٌ قَصِیْبٌ.
القَصْبَاء : بہت سے بانس ۔ نرکل یا بانس اُگنے کی جگہ ۔ واحد قَصْبَاءَۃ. اَجَمَۃٌ قَصْبَاءُ : بہت ... یا بانسوں والی جھاڑی ۔ نرکل یا بانس کا جنگل ۔
القَصَّاب : بانسری بجانے والا ۔ قصائی ۔
القَصَّابَۃ : قصاب کا مؤنث ۔ لوگوں کے عیوب بیان کرنے والا ۔ ج قَصَّاب.
القُصَّابَۃ ج قُصَّاب (...... والقُصَّبَۃ والقُصْبَۃ) ج قَصَاصِب وقَصَاصِیب : بالوں کا پیچیدہ گچھا ۔ القُصَّابَۃ : بانسری ۔
القَصِیبَۃ : نرکل کی پوری ۔ بانس کی پوری ۔ بالوں کا گچھا ۔ ج قَصَائِب.
القِصَابَۃ : قصائی کا پیشہ ۔ بالوں کا پیچیدہ گچھا ۔
القَصُوْب مِنَ الغَنَم : بھیڑ کہ جس کا اُون اُتار دیا جائے ۔
المَقْصَبَۃ : بانس یا نرکل نکلنے کی جگہ ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ قَصِبَۃٌ ومِقْصَابٌ ومَقْصَبَۃٌ" بہت نرکل یا بانس والی سرزمین ۔
المُقَصِّبُ : فا ۔ سبقت لے جانے والا ۔ دودھ کہ جس پر گاڑھا جھاگ ہو ۔
المُقَصَّب : مفع ...... مِنَ الثِّیَاب : تہ شدہ کپڑا ۔ شَعْرٌ مُقَصَّبٌ : گھنگھریالے بال ۔
قَصْبَل قَصْبَلَۃ الطَّعَام : سب کھا لینا ۔
قَصَدَ (ض) قَصْدًا الرَّجُلَ ولَہٗ وإلَیْہِ : توجہ کرنا ...... اِلَیْہِ : اعتماد کرنا ۔ قَصَدَ قَصْدَہٗ : اس کی طرف جانا ...... فِی مَشْیِہٖ : سیدھی چال چلنا ۔
...... فلانًا عَلَی الاَمْرِ : مجبور کرنا ۔ کہا جاتا ہے "اِقْصِدْ بِذَرْعِکَ" یعنی ٹھہرو اور توقف کرو (...... وقَصَّدَ الشَّیْئَ) توڑنا ۔ قَصَّدَ وقَصَّدَ الشَّاعِرُ : قصائد بنانا

القَصْدُ: مہذب کرنا۔ درست کرنا۔
قَصَدَ (ض) قَصْدًا وقَصَدَ فِي الامْرِ: درمیانہ روی کرنا…… فِي النَّفَقَةِ: متوسط خرچ کرنا۔ اقْتَصَدَ فِي أَمْرِهِ: مستقیم ہونا۔
قَصُدَ (ک) قَصَادَةً البَعِيرُ: اونٹ کا موٹا ہونا۔
أَقْصَدَهُ: ٹھیک نشانہ پر نیزہ مارنا…… الحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ کا کسی کو ڈس کر مار ڈالنا۔
اِقْصَدَهُ السَّهْمُ: تیر مارنا اور اسی جگہ قتل دینا۔ أَقْصَدَ الشَّاعِرُ: قصائد بنانا کہا جاتا ہے "أَقْصَدَنِيْ الَيْكَ الأمْرُ" یعنی مجھے تیرے پاس آنے پر برانگیختہ کیا۔
تَقَصَّدَ الكَلْبُ وغَيْرُهُ: مرنا۔ تَقَصَّدَهُ: ارادہ کرنا۔ کسی کو اس کی جگہ پر مار ڈالنا (…… وانْقَصَدَ) الرُّمْحُ: نیزہ کا ٹوٹنا۔
القَصْدُ: مص۔ راستہ کی استقامت۔ میانہ روی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَصْدٌ" یعنی نہ تو بڑے ڈیل ڈول کا ہے اور نہ بالا "طَرِيقٌ قَصْدٌ" سیدھا راستہ وانَّهُ عَلٰى قَصْدٍ: یعنی وہ ہدایت پر ہے "وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيلِ" اللہ کے اوپر ایسے راستہ کا بیان کرنا ہے جو سیدھا ہو اور حق تک پہنچانے والا ہو۔ "هُوَ قَصْدَكَ او قَصْدَكَ" وہ تمہارے مقابل ہے۔
القَصْدُ مِنَ العَوْسَجِ ونَحْوِهُ: نرم و نازک ٹہنیاں۔ ہر خاردار درخت اگتے وقت۔ واحد قَصْدَةٌ القَصْدُ: بھوک۔ رُمْحٌ قَصِدٌ وقَصِيدٌ وأَقْصَادٌ: ٹوٹا ہوا نیزہ۔
القَصِيدُ مِنَ الشِّعْرِ: تین سے لے کر زائد شعروں کی نظم اور بعض نے کہا ہے کہ سولہ سے لے کر زائد شعروں کی نظم۔ درست اور مہذب کی ہوئی نظم۔ القَصِيدُ: موٹا گودا۔ خشک گوشت۔ لاٹھی۔ موٹی جوان اونٹنی۔ موٹا کوہان۔
القِصْدَةُ: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج قِصَدٌ۔
القَصُودُ: موٹا گودا۔
القَصِيدَةُ مِنَ الشِّعْرِ: سات یا دس اشعار سے زائد نظم۔ لاٹھی۔ قصید کا واحد۔ ج

قَصَائِدُ وقَصَائِدُ۔
القَاصِدُ: فا۔ مِنَ السَّفَرِ: آسان اور قریب کا سفر۔ طَرِيقٌ قَاصِدٌ: سیدھا راستہ۔ ج قَوَاصِدُ۔
القَاصِدَةُ: قاصد کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَنَا وبَيْنَ المَاءِ لَيْلَةٌ قَاصِدَةٌ" ہمارے اور پانی کے درمیان ایک رات کی مسافت ہے جس میں نہ تعب ہے اور نہ تاخیر ج قَوَاصِدُ۔
المُقْصَدُ: مفع۔ جو شخص بیمار ہو اور فوراً مر جائے۔
المَقْصِدُ: مکان۔ قصد۔ تم کہتے ہو "بابک مقصدی" تمہارا دروازہ میرے لئے جائے قصد ہے۔ ج مَقَاصِدُ۔
رَجُلٌ مُقْصَدٌ ومُقْتَصِدٌ: درمیانے جسم کا نہ موٹا نہ لاغر۔
المُقَصَّدَةُ: مفع۔ علامت جو اونٹوں کے کان میں ہوتی ہے۔
القَصْدِيرُ: رانگا۔ ایک معدنی چیز ہے جس سے جڑائی اور قلعی کا کام لیا جاتا ہے۔ ایک ٹکڑے کو قَصْدِيرَةٌ کہتے ہیں۔
قَصَرَ (ن) قُصُورًا الشَّيْءُ: ناقص ہونا۔ ارزاں ہونا…… عَنِ الشَّيْءِ: رُکنا اور عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دینا…… عَنْهُ الغَضَبُ او الوَجَعُ: غضب یا درد میں سکون ہونا…… السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا…… هٰذَا البُقْعَةُ: مقصود کو نہ پہنچانا…… الطَّعَامُ: بڑھنا…… اللَّحْمُ: گراں ہونا (…… قَصْرًا) قَيْدَ البَعِيرِ: تنگ کرنا…… الصَّلَاةَ ومِنَ الصَّلَاةِ: چار رکعت کے بجائے دو رکعت پڑھنا…… الشَّيْءَ: روکنا…… السِّتْرَ: پردہ لٹکانا…… بِهِ اللَّيْلُ: روکنا…… الدَّارَ: گھر کو دیواروں سے محفوظ کرنا اور کہا جاتا ہے "قَصَرْتَ بِكَذَا نَفْسَكَ" جبکہ تم شی قلیل کو مانگو۔
قَصَرَهُ (ض) قَصْرًا فِي بَيْتِهِ: قید کرنا۔ ۂ عَلَى الامْرِ: لوٹانا۔ واپس کرنا۔ قَصَرَ

الشَّيْءَ عَلٰى كَذَا: منحصر کرنا۔ محدود کرنا۔
قَصَرَ نَفْسَهُ عَلٰى كَذَا: دوسرے کی طرف نگاہ نہ اٹھانا…… الظَّلَامُ: مخلوط ہونا۔ وقَصَرَ عَلٰى نَفْسِهِ نَاقَةً: اپنے لئے خاص کر لینا۔ نَاقَةٌ: کو مَقْصُورَةٌ کہیں گے…… الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا۔
قَصُرَ (ک) قَصْرًا وقِصَرًا وقَصَارَةً: چھوٹا ہونا۔
قَصِرَ (س) قَصَرًا: خشک گردن والا ہونا۔ گردن میں درد ہونا۔ صفت قَصِرٌ وأَقْصَرُ: مؤنث قَصِرَةٌ وقَصْرَاءُ۔
قَصَّرَ الشَّيْءَ: چھوٹا کرنا…… الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹھپکنا اور سفید کرنا…… فِي العَطِيَّةِ: کم کرنا…… فِي الامْرِ: کوتاہی کرنا۔ قَصَّرَ عَنِ الامْرِ: باوجود قدرت کے رُکنا…… مِنْ شَعْرِهِ: بال چھانٹنا…… عَنِ الشَّيْءِ: طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چھوڑنا…… عَنْهُ الوَجَعُ او الغَضَبُ: درد یا غصہ میں سکون ہونا۔
أَقْصَرَهُ: چھوٹا کرنا۔ طول کم کرنا…… فُلَانٌ: شام کے وقت داخل ہونا۔ أَقْصَرَتِ المَرْأَةُ: چھوٹے چھوٹے بچے جننا۔ أَقْصَرَ المَطَرُ: بارش رک جانا…… الكَلَامَ: مختصر کلام کرنا…… مِنَ الصَّلَاةِ: بجائے چار کے دو رکعت پڑھنا (…… وتَقَاصَرَ) عَنِ الامْرِ: باوجود قدرت کے باز رہنا۔ تَقَاصَرَ الرَّجُلُ: کوتاہی ظاہر کرنا۔ تَقَاصَرَ الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا۔ تَقَاصَرَتْ نَفْسُهُ: بہ تکلف چھوٹا بننا۔
تَقَصَّرَ بِفُلَانٍ: مشغول ہونا۔
اِقْتَصَرَ عَلٰى كَذَا: اکتفا کرنا۔ اِقْتَصَرَهُ: گردن کی جڑ پکڑنا۔
اِسْتَقْصَرَهُ: کوتاہ یا کوتاہی کرنے والا سمجھنا۔
القَاصِرُ: فا…… مَاءٌ قَاصِرٌ: گھاس سے دور اور بقول بعض ٹھنڈا۔ كَلَأٌ قَاصِرٌ: گھاس کے اس کے اور پانی کے درمیان میں کتے کی آواز کا پہنچنے کا فاصلہ ہو۔

القَاصِرَ (قاصر) کا مؤنث۔ اِمْرَاَةٌ قَاصِرَةُ الطَّرف: عورت جو اپنی نگاہ کو صرف اپنے شوہر ہی پر مرکوز رکھے۔
القَصْر: مص۔ بہت لکڑی۔ محل۔ قَصْرُ المَجْد: مجد و شرافت کی کان۔ ج قُصُوْر.
القِصَر: چھوٹا پن۔
القَصْر والقَصَار والقُصَار والقُصَارٰی: غایت۔ انتہا۔ کہا جاتا ہے "قَصْرُک او قُصَارُک او قُصَارُک او قُصَارَاک اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ کہا جاتا ہے "اِبْنُ عَمِّی قَصْرَةً او قُصْـرَةً" اوہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔
القَصَر والقَصَرة والقُصْرٰی والقِصْرٰی والقُصَارة: غلہ کا کوڑا کرکٹ جو چھلنی میں باقی رہ جائے۔ دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانہ باقی رہ جائے۔
القُصِری والقَصَرٰی: سانپ کی ایک قسم۔ والقُصری: آخر امر۔
القُصْرِیان: پسلی کی دو ہڈیاں جو چنبر گردن کے قریب ہیں۔
القُصْرِیّ والقِصْرِیّ: دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانے باقی رہ جائیں اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَصْرِیٌّ" یعنی خاص اور اس کی نظیر ہے "رَجُلٌ عُمِّیٌّ" یعنی عام۔
القَصَرَة: لکڑی کا ٹکڑا۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔ گردن کی موٹی جڑ۔ ج قَصَر واَقْصَار وقَصَرات القَصَرة: کاہلی سستی۔
القُصَارَة: کشادہ۔ مضبوط مکان۔ قُصَارَةُ الاَرْضِ: زمین کا زرخیز ٹکڑا۔
القِصَارَة: دھوبی کا پیشہ۔ پست قد عورت۔ کہا جاتا ہے اِمْـرَاَةٌ قِصَارَةٌ: یعنی پست قد عورت۔
قَیْصَر: شاہانِ روم کا لقب ج قَیَاصِرَة.
القِصَار والقِصَارَة: ہارنالا ج تَقَاصِیْر.
القَصِیْر: چھوٹا۔ چھوٹے قد والا۔ سَیْلٌ قَصِیْرٌ: سیلاب جو وادی کو نہ بھرے۔ قَصِیْرُ العِلْم: کم علم۔ ج قِصَار وقُصَرَاء مؤنث قَصِیْرَة ج قِصَار وقَصِیْرَات وقَصَائِر۔
الاَحَادِیْث القِصَار: جامع اور مفید باتیں۔
القَصِیْرَة والقَصُوْرَة والمَقْصُوْرَة مِنَ النِّسَاء: وہ عورت جس کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہ ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّی قَصِیْرَةً" وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔
قَیْصَرن قَیَاصِر: ہر رومی بادشاہ کا لقب۔
القَصَّار: اسم مبالغہ۔ دھوبی۔
الاَقْصَر: اسم تفضیل۔ ج اَقَاصِر واَقْصَرُوْن: مؤنث قُصْرٰی ج قُصَر وقُصْرَیَات.
الاُقَیْصِر: بعض عرب کے ایک بُت کا نام۔
المِقْصَر والمِقْصَرة: دھوبی کا تختہ۔
المَقْصِر والمَقْصَر والمَقْصَرَة: شام۔ ج مَقَاصِر ومَقَاصِیْر مَقَاصِیْرُ الطُّرُق: راستے کے اطراف۔ واحد مَقْصَرة: کہا جاتا ہے هُوَ جَارِی مُقَاصِرِیْ: یعنی اس کا محل میرے محل کے مقابل ہے۔
المَقَاصِر: درخت کی جڑیں۔ واحد مَقْصُوْر.
المَقْصُوْرَة: مضبوط کشادہ مکان۔ حویلی۔ دُلہن کا مزین کمرہ۔ مَقْصُوْرَةُ الدَّار: کمرہ ج مَقَاصِیْر اور کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّی مَقْصُوْرَةً" وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔
قَصَعَ (ف) قَصْعًا: پانی کے گھونٹ لگنا۔ ...... القَمْلَةَ بِظُفُرِهٖ: جوں کا ناخن سے مار ڈالنا۔ قَصَعَتِ الرَّحی الحَبَّ: چکی کا دانہ کو پیسنا۔ الـرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔
قَصَعَ الرَّجُلَ او هَامَتَهٗ: سر پر تھپڑ مارنا۔
قَصَعَ وقَصَّعَ البَیْتَ: لازم رہنا...... المَاءُ عَطَشَهٗ: بجھانا۔ کہا جاتا ہے "قَصَعَ او قَصَّعَ الشَّیْطَانُ فِیْ قَفَاهُ" یعنی غضبناک ہوا اور بدخلق ہوا۔ قَصَعَ وقَصَّعَ الجُرْحُ بِالدَّم: زخم کا خون سے بھرنا...... النَّاقَةُ بِجِرَّتِهَا: جگال کو لوٹا دینا۔ قَصَعَ الرَّجُلُ فِیْ ثَوْبِهٖ: کپڑے میں لپٹنا۔ قَصَعَ الضَّبُّ: گوہ کا سوراخ کے منہ کو بند کر دینا۔ قَصَعَ الزَّرْعُ مِنَ الاَرْضِ: اُگنا۔
قَصِعَ (س) قَصَعًا وقَصُعَ (ک) قَصَاعَةً الغُلَامُ: جوان ہونے میں تاخیر ہونا۔
تَقَصَّعَ الجُرْحُ بِالدَّم: زخم کا خون سے بھرنا ...... البَیْتَ: لازم رہنا ...... الیَرْبُوْعُ التُّرَابَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے مٹی نکالنا۔
القَصْعَة: پیالہ۔ ج قِصَع وقِصَاع وقَصَعَات.
القَصَّاع: کاسہ ساز۔ پیالہ بنانے والا۔
القُصَعَة ج قُصَع و (القُصَعَة والقُصَعَاء والقُصَاعَة والقَاصِعَاء) ج قَوَاصِع والقُصَیْعَاء: جنگلی چوہے کا بل۔
الغُلَامُ القَصِیْعُ مؤنث قَصِیْعَة وقَصِیْع والقَصِع مؤنث قَصِعَة والمَقْصُوْع: مؤنث مقصوعہ دیر میں جوان ہونے والا۔
المِقْصَع مِنَ السُّیُوْف: شمشیر بدال۔
اِقْصَعَلَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔
القُصْعُل: کمینہ۔ نااہل۔ بچھو۔ بچھو کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ۔
قَصَفَ (ض) قَصْفًا الشَّیْءَ: توڑنا...... الشَّیْءُ: ٹوٹنا...... قَصْفًا وقَصِیْفًا) الرَّعْدُ: بادل کا زور سے گرجنا...... البَعِیْرُ: اونٹ کا دانت پیسنا اور بڑبڑانا۔
قَصَفَ (ن) قَصْفًا وقُصُوْفًا: کھانے پینے کھیل کود میں زیادہ مشغول رہنا۔
قَصِفَ (س) قَصَفًا العُوْدُ: کمزور و ضعیف ہونا۔ صفت اَقْصَف وقَصِف ...... النَّبْتُ: لمبے ہونے کی وجہ سے جھک پڑنا ...... الرَّجُلُ: کمزور و ضعیف ہونا ...... الرُّمْحُ: نیزہ کا [illegible] میں پھٹ جانا ...... النَّابُ: دانت کا [illegible] ٹوٹنا۔ القَنَاةُ: بغیر جدا ہوئے ٹوٹنا۔
قَصَّفَهٗ: توڑ دینا۔
اَقْصَفَ العُوْدُ: نرم و باریک ہونا ......

اَلقَصْفُوْا عَنْهُ: عاجز ہو کر چھوڑ دینا۔

تَقَصَّفَ: ٹوٹنا۔۔۔۔عَلَيْهِ القَوْمُ: قوم کا اکٹھا ہونا۔۔۔۔القَوْمُ: قوم کا جھگڑے یا دھکم پیل میں شور مچانا۔

تَقَاصَفَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

اِنْقَصَفَ: ٹوٹنا۔۔۔۔السَّيْلُ: سیلاب کا رواں ہونا۔۔۔۔القَوْمُ: عَنْهُ: سستی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔۔۔۔عَلَيْهِ: پے درپے آنا۔

القَصْفُ والقُصُوْفُ: کھیل کود کھانے پینے میں مشغولیت۔ القَصْفُ: باجہ کی آواز۔ شور۔ کھیل کود کا اعلان۔

القُصُوْفُ والقَصَفَةُ: اونٹ کی بڑبڑاہٹ۔ اونٹ کے دانتوں کی آواز۔

القَصْفَةُ: شہسواروں کی جماعتوں کا ایک دوسرے پر دھاوا۔ سیڑھی کا پایہ۔۔۔۔مِنَ القَوْمِ: بھیڑ ہجوم۔ ج قَصْف وقُصْفَان.

القَاصِفُ: قَاصِفٌ رَعْدٌ قَاصِفٌ: بہت گرجنے والا بادل۔ رِيْحٌ قَاصِفٌ او قَاصِفَةٌ: بہت تیز ہوا۔

القَصِفُ: مردسریع الانکسار۔ القَصِفُ البَطْنِ: بھوک کی تاب نہ رکھنے والا (۔۔۔۔والقَصِيْفُ) دو برابر حصوں میں ٹوٹا ہوا۔ القَصِيْفُ: درخت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔

الاَقْصَفُ: وہ شخص جس کا دانت آدھے حصہ سے ٹوٹ جائے۔

المَقْصَفُ: کھانے پینے کھیل کود کی جگہ۔ ج مَقَاصِفُ (مولدة)

قَصْقَصَ الشَّيْءَ: توڑنا۔۔۔۔بِالجَرْوِ: کتے کے پلے کو بلانا۔

تَقَصْقَصَ اَثَرَهُ: پیروی کرنا۔۔۔۔كَلَامَهُ: یاد کرنا۔

حَيَّةٌ قَصْقَاصٌ وصَصْص: خبیث سانپ۔ اَسَدٌ او رَجُلٌ قُصَابِص ج قَصَاقِص وقُصَاقِصَات (وقُصَقِص وقُصْقُصَة وقُصْقَاص) موٹا یا پستہ قد شیر یا مرد۔

القَصْقَص: سینہ میں بال نکلنے کی جگہ۔ آواز۔

قَصَلَ (ض) قَصْلاً الشَّيْءَ: کاٹنا۔ صفت فاعل قَاصِلٌ اور صفت مفعول قَصِيْلٌ ومَقْصُوْلٌ۔۔۔۔الحِنْطَةَ: گیہوں کا دائیں کرنا۔۔۔۔الدَّابَّةَ وعَلَيْهَا: جانور کو گھاس کھلانا۔ چارہ دینا۔۔۔۔عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔

تَقَصَّلَ وانْقَصَلَ: کٹنا۔

اِقْتَصَلَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔۔۔۔الشَّيْءُ: کٹنا۔

اِقْتَصَلَ بِهِ: قبضہ کرنا۔۔۔۔بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

القَصَلُ بمعنی۔(۔۔۔۔ والقِصْلُ والقَصَلُ والقُصَالَةُ) گیہوں کا ردی حصہ جو پھینک دیا جائے یا دوبارہ دائیں کیا جائے۔ القِصْلُ: بے خبر۔ بے وقوف۔ کمزور۔ مؤنث قِصْلَة.

القَصْلَةُ والقِصْلَةُ: اونٹوں کا گلہ۔

سَيْفٌ قَاصِلٌ وقَصَّالٌ ومِقْصَلٌ: شمشیر براں۔ لِسَانٌ مِقْصَلٌ: تیز زبان۔

القَصَّالُ: شیر۔

القَصِيْلُ: سبز جو۔ جو کاٹ کر جانوروں کو چارہ دیا جائے۔ جماعت۔ ج قُصْلَان: فقہاء کی اصطلاح میں قَصِيْل: وہ کھیتی جو ابھی تیار نہ ہوئی ہو۔

المِقْصَلَةُ: مار ڈالنے کا ایک آلہ جس میں چھری ہوتی ہے اور مجرم کے سر پر گرتی ہے۔

القُصْلُبُ: قوی۔ توانا۔

قَصَمَ (ض) قَصْمًا الشَّيْءَ: توڑنا۔۔۔۔الرَّجُلَ: ہلاک کرنا۔۔۔۔فُلَانٌ: سفر توڑ دینا اور واپس آنا اور کہا جاتا ہے "قَصَمَ اللّٰهُ ظَهْرَ الظَّالِمِ" اللہ ظالم کی پیٹھ کو توڑ دے یعنی اس پر کوئی مصیبت نازل کرے "وقَصَمَ اللّٰهُ عُمْرَ الكَافِرِ" اللہ نے کافر کی زندگی ختم کر دی۔

قَصِمَتْ (س) قَصَمًا سِنُّهُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔

تَقَصَّمَ وانْقَصَمَ: ٹوٹنا۔

القَصَمُ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔ ٹڈی کے انڈے۔۔۔۔واحد قَصَمَة

القَصْمَةُ والقِصْمَةُ: ٹکڑا۔

القَصْمَةُ. قَصَمَ: کا اسم مرة۔ سیڑھی کا پایہ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے نَزَلَتْ بِهِمْ قَاصِمَةُ الظَّهْرِ: یعنی ان پر ہلاکت واقع ہوئی۔

القَصِمُ والقَصِيْمُ: جلدی ٹوٹنے والا۔ کمزور۔

القَصِيْمَةُ. قَصِيْم: کا مؤنث۔ ریتلی زمین جس میں کثرت سے غضا کے درخت ہوں۔ ج قَصِيْم وقُصُم وقَصَائِم: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا يَحْتَطِبُوْنَ فِي القَصِيْمِ" وہ لوگ غضا درخت کی لکڑیوں کو چن رہے تھے۔

القَيْصُوْمُ: ایک خوشبودار دوائی کا نام۔

القُصَمُ: ہر چیز کو توڑ دینے والا۔

الاَقْصَمُ: وہ شخص جس کا اگلا دانت ٹوٹا ہوا ہو۔ مؤنث قَصْمَاء ج قُصْم. القَصْمَاءُ مِنَ المَعْزِ: بکری جس کا سینگ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔

قَصْمَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔۔۔۔ہٗ: پچھاڑ دینا۔۔۔۔الشَّيْءَ: کاٹنا۔۔۔۔الطَّعَامَ: سب کھا جانا (۔۔۔۔ وتَقَصْمَلَ) المُقَصْمَلُ قصمل کی بیماری والا ہونا (قُصَامِل) ایک بیماری ہے جو اونٹوں کے بچوں کو ہوتی ہے جس سے وہ مر جاتے ہیں۔

القَصْمَلُ والقِصْمِلُ: مضبوط مرد۔

القِصْمِلُ: شیر کہا جاتا ہے "اِلتَقَمَهُ القَصْمَلِيّ" یعنی بہت حرص سے کھایا۔

قَصَا يَقْصُوْ قَصْوًا وقُصُوًّا وقَصًا وقَصَاءً وقَصِيَ يَقْصَى قَصًا المَكَانُ: دور ہونا۔ الرَّجُلُ عَنِ القَوْمِ: علیحدگی اختیار کرنا۔

قَصَا يَقْصُوْ قَصْوًا النَّاقَةَ او الشَّاةَ: اونٹنی یا بکری کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کاٹ دینا۔

قَصَّى تَقْصِيَةً النَّاقَةَ: بمعنی قَصَا يَقْصُو۔۔۔۔ الاَظْفَارَ: ناخن تراشنا۔

قَاصَى مُقَاصَاةً الرَّجُلَ: دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَاصَانِي فَقَصَوْتُهُ" اس نے مجھ سے دور ہونا چاہا میں اس سے زیادہ دور ہو گیا (فعال مغالبہ میں سے ہے "هَلُمَّ

اَقَاصِیکَ اَیُّنَا اَبْعَدُ مِنَ الشَّرِّ" آؤ تم سے مقابلہ کریں دیکھیں ہم میں سے شر سے کون بعید ہے۔

اَقْصٰی فُلَانًا عَنْہُ: دُور کرنا..... الشَّیْءَ: انتہا پر پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا یُقْصِیْہِ الْبَصَر" ہم ایسی جگہ پر اُترے جس کی انتہا حدِ بصر سے خارج ہے۔

تَقَصّٰی تَقَصِّیًا: دُور ہونا (...... واسْتَقْصٰی) الْمَسْاَلَۃَ وَفِیْھَا: مسئلہ کی تہ کو پہنچنا۔ وَتَقَاصَاھُمْ: بعید لوگوں میں سے ایک ایک کو بلانا۔

الْقَصَا: مص۔ دُور کا نسب۔ کنارہ کہا جاتا ہے "حُطْنِی الْقَصَا" یعنی مجھ سے دُور رہو جا۔ و "ذَھَبْتُ قَصَاہُ" میں اس کی طرف چلا۔

الْقَصَا: اونٹنی یا بکری کے کان کے کنارے سے تھوڑا سا کٹا ہوا حصہ (...... والقَصَاء) گھر کے سامنے کا صحن۔

الْقَصْوَۃ: کان کے اوپر کے حصہ پر داغ۔

الْقَصِیُّ: دور۔ ج اَقْصَاء مؤنث قَصِیَّۃٌ ج قَصَایَا کہا جاتا ہے "رَمَیْتَ الْمَرْمَی الْقَصِیَّ" یعنی تم گمان اور تاویل میں بہت دُور چلے گئے۔ الْقَصِیَّۃ: اصیل اُونٹنی۔ بداصل اُونٹنی۔

الْقَاصِی: فا۔ دُور۔ بعید۔ قَاصُوْن واَقْصَاء۔

الْقَاصِیَۃ: قاصی کا مؤنث۔ کنارہ۔ نَعْجَۃٌ قَاصِیَۃٌ: بوڑھی بھیڑ۔ الْقَاصِیَۃ مِنَ الشَّاءِ: ریوڑ سے علیحدہ ہونے والی بکری۔

الْاَقْصٰی: مؤنث قَصْوَاء و (الْمَقْصُوّ والْمَقْصِیّ والْمَقْصِیّ) مِنَ الْجِمَالِ: اُونٹ جس کے کان کا کنارہ ذرا سا کٹا ہوا ہو اور ایسے ہی شَاۃٌ مَقْصُوَّۃٌ ومُقْصَاۃٌ۔

الْاَقْصٰی: اسم تفضیل۔ زیادہ دُور۔ ج اَقَاصٍ: مؤنث قُصْوٰی وقُصْیَا۔

الْقُصْوٰی والْقُصْیَا: وادی کا کنارہ دُور کی حد۔

قَضَّ (ن) قَضًّا الشَّیْءَ: سوراخ کرنا.....

......الْوَتِدَ: کھونٹی اُکھیڑنا..... الْحَائِطَ: دیوار کو زور سے ڈھانا..... عَلَیْھِمِ الْخَیْلَ: کسی جماعت پر گھوڑوں کو بھیجنا اور متفرق کرنا..... الطَّعَامَ: کھانے میں کوئی خشک چیز مثلاً گڑ یا شکر ڈالنا۔

قَضَّ (ض) قَضِیْضًا السَّیْرُ والْوَتَرُ: چرچرانا، چٹخنا۔

قَضَّ (ض) قَضَضًا الْمَکَانُ اوِ الطَّعَامُ: جگہ یا کھانے کا کنکری دار ہونا..... عَلَیْہِ الْمَضْجَعُ: خوابگاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَضَّ الرَّجُلُ" جبکہ نیند نہ آئے اور آسودگی حاصل نہ ہو۔

اَقَضَّ الْمَکَانُ اوِ الطَّعَامُ: بمعنیٰ قَضَّ۔

الْمَضْجَعُ: خوابگاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَقَضَّ عَلَیْہِ الْمَضْجَع" یعنی خوابگاہ خاک آلود اور سخت ہوگئی "واَقَضَّ عَلَیْہِ الْھَمُّ" یعنی اس پر غم نازل ہوا..... اللّٰہُ مَضْجَعَہٗ: خوابگاہ کو کھردار کرنا..... الرَّجُلُ: باریک اُمور کے درپے ہونا۔

اِنْقَضَّ: ٹوٹنا..... الْجِدَارُ: دیوار کا پھٹنا، گرنا۔ اِنْقَضَّتِ الْخَیْلُ عَلَی الْقَوْمِ: گھوڑوں کا منتشر ہونا۔ کہا جاتا ہے قَضَضْنَا عَلَیْھِمُ الْخَیْلَ فَانْقَضَّتْ عَلَیْھِمْ: ہم نے ان پر گھوڑے دوڑائے پس وہ ان پر ٹوٹ پڑے (...... وتَقَضَّضَ) الطَّائِرُ: پرندے کا نیچے اُترنا اور کہا جاتا ہے تَقَضّٰی تَقَضِّیًا: دوسرے ضاد کو یا سے بدل کر۔ جیسا تَظَنَّنَ: سے تَظَنّٰی: اور بعضوں نے کہا ہے کہ قَضَّ: سے تَفَعَّلَ: کے وزن پر یا سے بدل کر ہی استعمال ہوتا ہے۔

اِنْقِضَاضُ الْجِدَارِ: دیوار کا پھٹنا۔ گرنا۔

اِسْتَقَضَّ الْمَضْجَعَ: خوابگاہ کو کھردار پانا۔

..... الطَّعَامُ والْمَکَانُ: کنکری دار ہونا۔

اِسْتَقَضَّ الْھَمُّ: غم کا زوال چاہنا۔

اِقْتَضَّ: بکارت زائل کرنا۔

الْقَضُّ والْقَضَضُ: مصادر۔ کنکری.....

الْقَضُّ والْقَضِیْضُ والْاَقَضُّ: جس میں کنکری ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءَ الْقَوْمُ قَضُّھُمْ وقَضَّھُمْ وقَضِّھِمْ وقَضَضُھُمْ وقَضِیْضُھُمْ وبِقَضِیْضِھِمْ" یعنی سب آئے۔ قض کا نصب مصدر یا حال کی بنا پر اور رفع تاکید کی وجہ سے کُلُّھُمْ کے قائم مقام ہو کر۔

الْقَضَّۃ. قَضّ: کا اسم مرۃ۔ قِضَاض: کا واحد بمعنیٰ تہ بتہ پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ کنکری۔ چیز کا بقیہ۔ دھاگے کی چھوٹی اَنٹی۔ اَرْضٌ قَضَّۃٌ: کنکری والی زمین۔

الْقِضَّۃ: جنس۔ چھوٹی کنکریاں۔ ج قِضَّات۔ والْقِضَّۃ: دوشیزگی۔

الْقِضَۃ والْقُضَۃ: عیب۔

قَضِیَ یَقْضَاُ قَضْاً الشَّیْءُ: کھانا..... السِّقَاءُ: مشک کا خراب ہونا۔ بدبودار ہونا۔

..... الْعَیْنُ: آنکھ کا سرخ ہونا..... الثَّوْبُ اوِ الْحَبْلُ: کپڑے یا رسّی کا بوسیدہ ہونا اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا (...... قَضَاً وقَضَاءۃً فِیْ) حَسَبِہٖ: تباہ ہونا..... اَقْضَاُہٗ: کھلانا..... کہا جاتا ہے تَقَضَّاَ مِنْ فُلَانٍ اَنْ یُّزَوِّجَہٗ: یعنی اس کے حسب کو ذلیل سمجھا اور نکاح کرنے سے انکار کر دیا۔

الْقَضَاۃ والْقُضَاۃ: عیب۔ فساد۔ عار۔

الْقَضِیْءُ: خراب بدبودار۔ کہا جاتا ہے سِقَاءٌ قَضِیْءٌ وقِرْبَۃٌ قَضِیْئَۃٌ: خراب اور بدبودار مشک۔

قَضَبَ (ض) قَضْبًا الشَّیْءَ: کاٹنا..... الرَّجُلَ: کسی کو شاخ سے مارنا..... النَّاقَۃَ: اُونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا۔

قَضَّبَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا..... الْکَرْمَ: موسم بہار میں انگور کی شاخیں تراشنا۔

(...... وتَقَضَّبَ) شُعَاعُ الشَّمْسِ: آفتاب کی کرن کا پھیلنا و تَقَضَّبَ الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَقْضَبَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سبزہ زار ہونا۔ ساگ پات اُگانا۔

اِنْقَضَبَ : کٹنا۔۔۔۔الکَوکَبُ مِنْ مَکَانِہٖ : ستارے کا اپنی جگہ سے ہٹنا۔
اِقْتَضَبَ الشَّیْءَ : کاٹنا۔۔۔۔الکَلَامَ : فی البدیہہ کہنا۔۔۔۔النَّاقَةَ : اونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا۔۔۔۔فُلَانًا : اچھی طرح سے کام کرنے کی صلاحیت سے قبل اس کے کرنے کی تکلیف دینا۔
القَضْب : لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے کمان بنایا کرتے تھے۔ کٹی ہوئی شاخیں۔ واحد قَضْبَة.
القَضْبَة : شاخ۔ درخت نبع : کا بے بنا ہوا تیر۔ ج قَضَبَات. القَضْبَة : ساگ ترو تازہ جو کھایا جائے ج قَضْب.
القِضْبَة : اونٹوں یا بکریوں کا گلہ۔ سبک اور لطیف (مرد یا اونٹنی)
القَضِیب : کٹی ہوئی شاخ۔ بغیر سدھائی ہوئی اونٹنی۔ ج قُضْبَان وقِضْبَان. القَضِیب : شمشیر براں۔ کمان جو درست شاخ سے بنائی ہوئی ہو۔
سَیْفٌ قَاضِبٌ ج قَوَاضِب وقُضَّاب وقَضَّابَة ومِقْضَب : بہت تیز کاٹنے والی تلوار رَجُلٌ قَضَّابَة : اُمور کا اچھی طرح طے کرنے والا۔
القَاضِبَة. قاضب : کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْ فِيْ قَاضِبَة" یعنی میرے منہ میں کوئی دانت نہیں۔
القُضَابَة : کاٹی ہوئی چیز کے ٹکڑے۔
اَلْمِقْضَب : درانتی۔
المِقْضَاب : درانتی۔ بہت کاٹنے والا۔
اَرْضٌ مِقْضَابٌ : سبزہ زار زمین۔ ساگ پات اُگانے والی زمین۔
المَقْضَبَة : ساگ پات اُگنے کی جگہ۔ ج مَقَاضِب ومَقَاضِیب.
المُقْتَضَب : کام کرنے کی صلاحیت نہ ہونے سے پہلے اس کے کرنے کی تکلیف دیا ہوا۔ اوزان شعر میں ایک بحر کا نام۔۔۔۔مِنَ

الشِّعرِ والکَلَامِ : فی البدیہہ شعر یا کلام۔
قَضَعَهٗ (ف) قَضْعًا : مغلوب کرنا۔ مقہور کرنا۔
اِنْقَضَعَ عَنْهُ : دور ہونا (۔۔۔۔ وتَقَضَّعَ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ جدا جدا ہونا۔
القَضْع والقُضَاع والقُضَیْع : پیٹ کا درد اور مروڑ۔
القُضَاع والقُضَاعَة : آٹے کی گرد۔ دیوار کی جڑ میں جو جھڑ کر گرے۔ القُضَاعَة : تیندوا۔
القُضَاء : چیتہ۔
القَضْعَم : بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں۔ پوپلا۔
قَضُفَ (ک) قَضَفًا وقَضَافًا وقَضَافَةً : نحیف ولاغر ہونا۔ صفت قَضِیف ج قِضَاف وقُضْفَان وقُضَفَاء.
اِنْقَضَفَ : ٹوٹنا۔
القَضَف : پتلے پتھر۔
القَضَفَة : ٹیلہ جو ایک پتھر کا معلوم ہو۔ زمین کا ٹکڑا جو اُبھرا ہوا ہو اور کچھ لمبا ہو۔ ایک پرندہ کا نام۔ ج قَضَف وقِضَاف وقُضْفَان وقِضْفَان.
القِضْفَة : ریت کا ٹکڑا جو بڑے حصہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔
القَضِیفَة مِنَ النِّسَاءِ : کم گوشت دبلی پتلی عورت۔
قَضْقَضَ قَضْقَضَةَ العَظْمَ : ہڈی کا ٹوٹتے کے وقت چٹخنا۔۔۔۔الاَسَدُ فَرِیْسَتَهٗ : شیر کا اپنے شکار کو توڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَقَضْقَضَ : ٹوٹنا۔ جدا جدا ہونا۔
القَضْقَاض والقُضَاقِض والقُضَاقِض : شیر۔
القَضْقَاض : ہموار زمین۔
قَضِمَ (س) وقَضَمَ (ض) قَضْمًا الشَّیْءَ : دانت کے اطراف سے کاٹنا اور کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَقْضِمُ الدنیا قَضْمًا" جبکہ بے رغبتی کرے اور معمولی پر راضی ہو جائے۔

قَضِمَتْ (س) قَضَمًا السِّنُّ : دانت کے اطراف کا ٹوٹنا۔ قَضِمَ الرَّجُلُ : دانت کے ٹوٹے ہوئے اطراف والا ہونا۔ قَضِمَ السَّیْفُ : تلوار پرانی ہونے کی وجہ سے دھار خراب ہونا۔
قَاضَمَ مُقَاضَمَةً : تھوڑا تھوڑا بیچنا یا خریدنا۔
اَقْضَمَ الدَّابَّةَ : جانور کو جو کا چارہ دینا۔۔۔۔ (واسْتَقْضَمَ) القَوْمُ : قحط میں تھوڑا غلہ لینا۔
القَضِم مِنَ الاَسْنَانِ : اطراف گرے ہوئے دانت۔ القَضِم مِنَ الرِّجَالِ : جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔
القَضِم مِنَ السُّیُوفِ : پرانی ہونے کی وجہ سے خراب دھار والی تلوار۔
الاَقْضَم : جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث قَضْمَاء ج قُضْم.
القَضْم : مص۔ تلوار۔
اَلْقَضَامِیُّ : وہ چنے جن کو بھگو کر بھونا جائے اور دانتوں سے چبایا جائے۔
القُضْمَة والقَضَام والمَقْضَم : جو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ قُضْمَةً وقَضَامًا ومَقْضَمًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔
القَضِیم : جس کو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ ٹوٹی ہوئی دھار کی تلوار۔ گٹھری۔ نامہ (۔۔۔۔ والقَضِیمَة) چمڑے کا فرش جو مجرم کے نیچے بچھا دیتے تھے تاکہ خون سے زمین خراب نہ ہو۔ چمڑا۔ سفید چمڑا جس پر لکھا کرتے تھے۔ جانوروں کے لئے جو۔ چاندی ج قَضْم وقُضُم واَقْضِمَة.
القَضَّام : کھجور کا لمبا درخت کہ اس کے پھل خشک ہو گئے ہوں۔ ج قَضَاضِیم.
قَضَى یَقْضِي قَضَاءً الشَّیْءَ : مضبوطی سے بنانا۔۔۔۔حَاجَتَهٗ : پوری کرنا اور فارغ ہونا۔۔۔۔وَطَرَهٗ : مراد کو پہنچنا۔۔۔۔عَبْرَتَهٗ : تمام آنسو بہا دینا۔۔۔۔الدَّیْنَ : قرض ادا کرنا۔۔۔۔الصَّلَاةَ : نماز ادا کرنا۔۔۔۔الاَمْرَ اِلَیْهِ : پہنچانا۔۔۔۔العَهْدَ : نافذ کرنا۔۔۔۔عَلَیْهِ عَهْدًا

وصیت کرنا۔ قَضَى الرَّجُلَ وقَضَى نَحْبَهُ وقَضَى اَجَلَهُ وقُضِيَ عَلَيْهِ: مرنا اور کہا جاتا ہے ضَرَبَه فَقَضَى عَلَيْهِ: یعنی مار ڈالا۔ وقَضَى مِنْهُ العَجَبَ: بہت زیادہ تعجب کیا۔ وَلاَ اَقْضِي مِنْهُ العَجَبَ: یعنی تعجب کا حق ادا کرنا ممکن نہیں کہ معاملہ بہت عظیم الشان ہے۔

قَضَى يَقْضِي قَضَاءً وقَضْيًا وقَضِيَّةً بَيْنَ الخَصْمَيْنِ: فیصلہ کرنا...... الاَمْرَ لَهُ اَوْ عَلَيْهِ: موافق یا مخالف فیصلہ کرنا...... الشَيْءَ: جتانا۔ بیان کرنا۔

قَضَّى تَقْضِيَةً وقِضَّاءً. وَطَرَهُ: حاجت پوری کرنا۔ مُراد برلانا...... الاَمْرَ: معاملہ کو نافذ کرنا...... فُلاَنًا: قاضی بنانا(...... تَقْضِيَةً) مرنا۔

قَاضَا مُقَاضَاةً. فُلاَنًا اِلَى الحَاكِمِ: فیصلہ کے لئے لے جانا...... هُ عَلَى مَالٍ: صلح کرنا۔

تَقَضَّى. البَازِي: باز کا ٹوٹ پڑنا۔ اس کی اصل تَقَضَّضَ: ہے ضاد اخیرہ کو تخفیف کے لئے یا سے بدل دیا گیا ہے(...... وانْقَضَى) الشَيْءُ: فنا ہونا ختم ہونا۔

تَقَاضَيَا اِلَى الحَاكِمِ: دونوں کا حاکم کے پاس فیصلہ کے لئے جانا۔ تَقَاضَاهُ الدَّيْنَ وغَيْرَهُ وبِالدَّيْنِ: قرض کا تقاضا کرنا۔

اِقْتَضَى اِقْتِضَاءً الحَالُ كَذَا: چاہنا۔ لازم کرنا۔ اِقْتَضَاهُ الدَّيْنَ وغَيْرَهُ: تقاضا کرنا۔ طلب کرنا۔ واقْتَضَى الاَمْرُ الوُجُوبَ: صیغہ امر کا وجوب پر دلالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ مَا يَقْتَضِيهِ كَرَمُكَ" وہ کرو جو تمہارے کرم کا تقاضا ہو۔

اِسْتَقْضَى اِسْتِقْضَاءً فُلاَنًا الدَّيْنَ: قرض ادا کرنے کا مطالبہ کرنا۔ اِسْتَقْضَى السُّلْطَانُ فُلاَنًا عَلَيْنَا: قاضی بنانا...... هُ: فیصلہ کے لئے طلب کرنا واُسْتُقْضِيَ فُلاَنٌ: قاضی بنایا جانا۔

القَضَى والقَضَاء: حکم۔ ادا۔ ج اَقْضِيَةٌ۔ مصباح میں ہے کہ علماء قضا کا استعمال اس عبادت کے لئے کرتے ہیں جو شرعی حیثیت سے معین وقت کے علاوہ میں ادا کی جائے۔ اور ادا وہ ہے جو وقت معین میں کی جائے اور یہ وضع لغوی کے خلاف ہے لیکن دونوں وقتوں میں تمیز کے لئے اصطلاح ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قضا مُراد ہے عالم عقل میں تمام موجودات کے وجود سے جو مجمل بطریق ابداع کے ہو اور قدر مُراد ہے وجودِ خارجی سے جو مفصل ایک کے بعد ایک ہو۔

القَضِي: موت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَضِيٌّ" مَرد جلد فیصلہ کرنے والا۔

القَضِيَّة: مص۔ قَضَى: کا اسم ہے...... عند المنطقین: وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جاسکے۔ ج قَضَايَا.

القِضَة: ایک ترش قسم کی گھاس ج قِضًى وقِضَات وقِضُون.

القَاضِي: فا۔ حاکم شرعی۔ ج قُضَاة.

قاضي القُضَاةِ: قاضیوں کا رئیس۔ چیف جسٹس۔ سَمٌّ قَاضٍ: زہر قاتل۔

القَاضِيَة: قاضی کا مؤنث۔ موت۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْ عَلَيْهِ القَاضِيَةُ" اسے موت آئی۔

القَضَّاء: اسم مبالغہ۔ مضبوط زرہ۔

قَطَّ (ن) قَطًّا واقْتَطَّ. القَلَمَ ونحوه: قلم پر قط لگانا...... البَيْطَارُ حَافِرَ الدَّابَّةِ: سلوتری کا چوپایہ کے کھر تراشنا۔

قَطَّ (ن ض) قَطًّا وقُطُوطًا وقَطَّ السِعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔ صفت قَطٌّ وقَاطٌّ وقَاطِطٌ.

قَطَّ وقَطِطَ (س) قَطَطًا وقَطَاطَةً الشَعْرُ: بال چھوٹے اور گھنگریالے ہونا۔ صفت قَطٌّ وقَطَطٌ.

قَطْقَطَ الخَرَّاطُ الخَشَبَةَ: خرادی کا لکڑی کو تراشنا اور ہموار کرنا۔

اِقْتَطَّ وانْقَطَّ الشَيْءُ: منقطع ہونا۔

قَطْ: حسب کے معنی میں آتا ہے جیسے قَطْنِي وقَطْكَ قَطْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ بمعنی حسبی وحسبک وحسب زید بزعم: فرق یہ ہے کہ قط مبنی ہے اور حسب معرب ہے۔ اور اسم فعل ہو کر بمعنی یکفی بھی مستعمل ہے۔ اس صورت میں نون وقایہ کے ساتھ بناء علی السکون کی حفاظت کے لئے قطنی کہا جاتا ہے۔ اگر تقلیل کا ارادہ ہو تو ساکن کر دیتے ہیں۔ جیسے مَا عِنْدِي اِلاَّ هذَا قَطْ اور اگر ہمزۂ وصل کے ساتھ ملے تو آخر کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ جیسے مَا علمتُ الا هذا قطِ الدهر اور کبھی تحسین لفظ کے لئے اس کے شروع میں فا بھی داخل کر دیتے ہیں۔ جیسے "رَاَيْتُه مرةً فقط" یعنی میں نے اس کو صرف ایک ہی مرتبہ دیکھا۔

قَطُّ: ظرف زمان ہے اور استغراق ماضی کے لئے آتا ہے اور نفی کے ساتھ مختص ہے جیسے مَا فَعَلْتُ هذَا قَطُّ اور کبھی قُطُّ اور قُطُ بھی کہا جاتا ہے۔

القِطُّ: بلی۔ ج قِطَاط وقِطَطَة. قَطُّ الزَبَاد: دیکھئے لفظ الزَبَاد واحد قِطَّة. القِطُّ: حصہ۔ رات کا ایک حصہ۔ حساب کا رجسٹر۔ چک۔ چٹھی۔ ج قُطُوط.

رَجُلٌ قَطٌّ وقَطَطٌ: چھوٹے گھنگریالے بال والا۔ ج قَطُّون وقِطَاطٌ واَقْطَاطٌ وقَطَطُون وامْرَاَةٌ قَطَّة وقَطَط: گھنگریالے بال والی عورت۔

قَطَاطِ: اسم فعل بمعنی حسب۔

القَطَوطَى: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا۔

القِطَاط: بالوں کا گھنگریالا پن۔ سم کا گھیرا۔ پہاڑ کا کنارہ۔ نمونہ کہ جس کو دیکھ کر کوئی چیز قطع کریں ج اَقِطَّة (...... والقَطِيطَة) غار کا بالائی کنارہ ج قَطَائِط اور کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَيْلُ قَطَائِطَ" گھوڑے گروہ گروہ آئے۔

القَطَّاط: اسم مبالغہ۔ خراد کرنے والا۔ ...... قَاطٌّ وقَاطِطٌ ومَقْطُوطٌ: گراں بھاؤ۔

المِقَطُّ والمِقَطَّة: قط زن۔

المَقَطّ : گھوڑے کے پہلو کی ہڈی کے سرے کا ملتجا۔

قَطَبَ (ض) قَطْبًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ جمع کرنا۔ ......الشَّرابَ: ملونی کرنا......الاِنَاءَ: برتن بھرنا۔

......الرَّجُلَ: غضبناک کرنا......الجَوَالِقَ: گون کے دونوں گوشوں کو ملانا......القَوْمُ: جمع ہونا۔

قَطَبَ (ض) قَطْبًا وقُطُوبًا وقَطَّبَ الرَّجُلَ: ترش روئی کرنا۔ صفت قاطِبٌ وقَطَّبَ الشَّرَابَ: ملونی کرنا۔

اِقْتَطَبَ الشَّرَابَ: ملونی کرنا......القَوْمُ: جمع ہونا۔

القَطْب والقِطْب والقُطُب والقُطْب ج أَقْطَاب. القُطْبَة ج قُطَب: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔

القُطْب: فرقدین اور جدی کے درمیان ایک ستارہ کا نام جس سے قبلہ کی تعین کرتے ہیں۔ مدار کار کہا جاتا ہے "هُوَ قُطْبُ ذٰلِكَ الأَمْرِ" وصَاحِبُ الجَيْشِ قُطْبُ رَحَى الحَرْبِ: سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ قُطْبُ بَنِی فُلاَنٍ" ج أَقْطَاب وقُطُوب وقِطَبَة ...... عِنْدَ الجغرافیین: زمین کے محور کا کنارہ اور وہ دو ہیں قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

القَطَب: کسی چیز کو لینے کے بعد باقی کو اٹکل سے بغیر وزن کے لینا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ قَطَبًا" اس نے اسے اٹکل سے بغیر وزن کے لے لیا۔

القُطْبَة: چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ ایک قسم کی گھاس۔ القُطْبَة عند الجغرافیین: زمین کے محور کا کنارہ۔

القِطْبِی: ایک قسم کی گھاس جس سے رسی بنائی جاتی ہے۔

القُطْبَان: ایک قسم کی گھاس۔

القِطَاب: ملونی۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔

القُطْلَبَة: گوشت کا ٹکڑا۔

القَطِيب والمَقْطُوب: ملایا ہوا۔ القَطِيب والقَطِيبَة: اونٹنی اور بکری کا دودھ ملایا ہوا۔

القَاطِب والقَطُوب: ترش رو۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا قَاطِبَةً وبِقَطِيبَتِهِم" یعنی سب آئے اور قاطبۃً حالیت کی بنا پر منصوب ہے۔

قَطَرَهُ (ن) قَطْرًا: سخت پچھاڑنا۔ قَطَرَ البَعِيرَ: اونٹ پر قطران ملنا......الثَّوْبَ: کپڑے کو سینا اور کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی مَنْ قَطَرَهُ او مَنْ قَطَرَ بِهِ" مجھے نہیں معلوم کہ اس کو کون لے گیا (اور یہ نفی کے ساتھ خاص ہے)(...... قَطْرًا) الرَّجُلُ: دانہ وغیرہ کو وزن سے لینا اور باقی کو اسی حساب سے اندازے سے بغیر وزن کے لینا (...... قُطُورًا) فِی الأَرْضِ: جانا(...... قَطْرًا وقُطُورًا وقَطَرَانًا) المَاءُ: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا......الصَّمْغُ مِنَ الشَّجَرَةِ: درخت سے گوند نکلنا۔

قَطَّرَ (ن) قَطْرًا وقَطَّرَ واَقْطَرَ الإِبِلَ: اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَطَّرَ البَعِيرَ اِلَى البَعِيرِ: ایک اونٹ کو دوسرے اونٹ کے قریب کر دیا۔ قَطَّرَ واَقْطَرَ المَاءَ: ایک ایک قطرہ ٹپکانا۔ قَطَّرَ الدَّوَاءَ: کشید کرنا۔ قَطَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔ اَقْطَرَ النَّبْتُ: نباتات کی خشکی شروع ہونا......الشَّیْءُ: ٹپکنے کا وقت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَاَقْطَرَهُ" نیزہ مارا اور ایک جانب پر گرا دیا۔ واَقْطَرَ المَاءُ: پانی کا بہنا۔

تَقَطَّرَ: عود کی دھونی دیا ہوا ہونا......المَاءُ: پانی کا قطرہ قطرہ بہنا......الرَّجُلُ: اپنے آپ کو اوپر سے پھینک دینا۔ گرنا......عَنْ كَذَا: پیچھے رہنا......بِهِ: ایک جانب گرا دینا۔

تَقَاطَرَ. القَوْمُ: گروہ در گروہ پے در پے آنا۔

المَاءُ: پانی کا بہنا اور ایک ایک قطرہ گرنا

وتَقَاطَرَ: کنارہ ......

اِقْطَرَّ واِقْطَارَّ: خشک ہونے لگنا......النَّاقَةُ: اونٹنی کا دُم اور سر اٹھانا۔ واِقْطَارَّ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

اِسْتَقْطَرَ المَاءَ وغیرہ: ٹپکانا۔ کشید کرنا۔ بارش طلب کرنا۔

القَطْر: مص۔ بارش۔ کسی بہنے والی چیز کا قطرہ ج قِطَار.

القِطْر: تانبا۔ تانبے کی ایک قسم۔ پگھلا ہوا تانبا۔ ایک قسم کی چادر۔

القُطْر: اقلیم۔ گوشہ۔ جانب ج أَقْطَار

أَقْطَارُ الدُّنْيَا: دنیا کی چاروں جہتیں۔ وقُطْرُ الدَّائِرَةِ فِی الهَنْدَسِةِ: وہ خط مستقیم جو دائرہ کو تقسیم کر دے اور مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہو۔ وقُطْرُ المُرَبَّعِ والمُسْتَطِيلِ والمُعَيَّنِ: اس خط مستقیم کو کہتے ہیں جو دو مقابل زاویے کے اندر ہو۔

القُطْر والقُطُر: عود۔ اگر۔

القَطْر: غلے وغیرہ کو وزن سے لینا اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن کے اٹکل سے لینا۔

القَطْرَة قَطَر: کا اسم مرۃ۔ نقطہ ج قَطَرَات کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِقَطْرَةٍ" اللہ اس پر مصیبت نازل کرے۔

القُطْرَة والقُطَيْرَة: معمولی چیز۔ خسیس چیز۔

قَلَزَهٗ (ن ض) قَلْزًا: مارنا۔قَلَزَ الاَرْضَ بِعَصَاہ: کریدنا۔۔۔۔بِسَہْمِہٖ: تیر پھینکنا۔۔۔۔بِقَیْئِہٖ: اُلٹی کرنا۔۔۔۔الرَّجُلُ: پینا۔چست ہونا۔کودنا۔لنگڑانا۔۔۔۔ہ المَاءِ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔

(۔۔۔۔قَلَّزَ واَقْلَزَ) الجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔

تَقَلَّزَ: چست ہونا۔۔۔۔الوَعْلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا۔

اِقْتَلَزَ الکَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

القُلَّزُ مِنَ الرِجَالِ: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔

القِلِزُّ والقُلُزُّ: سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔مضبوط مرد۔مؤنث قِلِزَّۃٌ و قُلُزَّۃٌ۔

قَلْزَمَ وتَقَلْزَمَ الشَّیْئَ: نگلنا۔تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔

القِلْزِم: کمینہ۔

القُلْزُم: مصر اور مکہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔

القَلْزَمَۃ: مص۔کمینہ پن۔شور۔

قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا: کھانا یا پانی کا پیٹ سے منہ تک آنا۔بہت شراب پینا۔۔۔۔نَفْسُہٗ: جی متلانا۔۔۔۔الکَاسُ بِالشَّرَابِ: چھلک پڑنا۔۔۔۔الاِنَاءُ: بہہ پڑنا۔۔۔۔النَّحْلُ العَسَلَ: شہد بنانا۔۔۔۔السَّحَابَۃُ بِالنَّدٰی: جھلا پڑنا۔۔۔۔الرَّجُلُ: گانے میں ناچنا۔عمدہ گانا۔

قَلَّسَ: دف بجانا اور گانا۔سجدہ کرنا۔۔۔۔القَوْمُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا۔۔۔۔لَہٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا۔۔۔۔الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلَّسَ: ٹوپی پہنانا۔

القَلْس: مص۔کشتی و جہاز کی موٹی رسّی۔ج قُلُوْس و اَقْلَاس۔القَلْس: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے۔قے۔قَلْسُ البَحْرِ: بادل۔

القَالِس: وہ شخص جس کے منہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آجائے۔

القَلَّاس: اسم مبالغہ۔ٹوپی بنانے والا۔بَحْرٌ قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

القَلِیْس: شہد۔شہد کی مکھی۔

قَلْسَی الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلْسَی تَقَلْسِیًا: ٹوپی پہننا۔

الاَنْقَلِیْس والاِنْقِلِیْس: ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔بام مچھلی۔

القَلَاش: چھوٹا۔سکڑا ہوا۔

القَلَاشَۃ: کوتاہی۔چھوٹا پن۔

القَلَّاش والاَقْلَش: حیلہ گر (دخیل)

قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا۔الرَّجُلُ: کودنا۔۔۔۔القَوْمُ: اکٹھا ہوکر چلنا۔۔۔۔القَوْمُ عَنِ الدَارِ: ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہوکر چلنے کا وقت آنا۔

۔۔۔۔المَاءُ: پانی کا ختم ہونا۔۔۔۔البِئْرُ: اوپر تک چڑھنا۔۔۔۔الظِلُّ عَنْ کَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔صفت قَالِص۔۔۔۔الثَوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا۔۔۔۔الغُلَامُ: جوان ہونا۔۔۔۔الشَفَۃُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔

قَلَصَت (ض) قُلُوْصًا وقَلِصَت (س) قَلَصًا نَفْسُہٗ: جی متلانا۔

قَلَّصَ قَمِیْصَہٗ فَقَلَّصَ ھُوَ: سمیٹنا۔سمٹنا۔لازم ومتعدی۔قَلَّصَتِ الدِرْعُ: زرہ کا چست ہونا۔۔۔۔النَاقَۃُ بِرَاکِبِہَا: اُونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔دوڑے جانا۔۔۔۔القَوْمُ: اُونٹنیوں پر سوار ہونا۔

اَقْلَصَ البَعِیْرُ: کوہان کا کچھ ظاہر ہونا۔۔۔۔النَاقَۃُ: گرمی میں موٹی ہونا۔

تَقَلَّصَ: اکٹھا ہونا۔سکڑنا۔قریب قریب ہونا۔

القَلْصَۃ: پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہوکر ختم ہوجائے۔ج قَلْص و قَلَصَات اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِی البِئْرِ اِلَّا قَلْصَۃً مِنَ المَاءِ" کنوئیں میں نے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔

القَلُوْص مِنَ الاِبِلِ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔جوان اُونٹنی یا چلتی ہوئی اونٹنی۔اونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ج قَلَائِص وقِلَاص وقُلُص وقُلْصَان۔القَلُوْص: مادہ شتر مرغ۔شتر مرغ کا مادہ بچہ۔شوات کا بچہ۔جوان لڑکی۔جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہے۔

القَلِیْص: بہت۔۔۔۔مِنَ المِیَاہِ: ختم ہونے والا پانی۔

القَلَّاص مِنَ المِیَاہِ: ختم ہونے والا پانی۔اُونٹنی کو دوہنے والا۔

المِقْلَاص: اُونٹنی کو دوہنے والا۔۔۔۔مِنَ النُوْقِ: گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اونٹنی۔

فَرَسٌ مُقَلِّصٌ: لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلَطَ (ن) قَلْطًا: بدصورت ہونا۔

القَلْط: جن کے بچے۔شیطان کے بچے۔

القَلَطِی والقِلَیْط: مرد خبیث سرکش (۔۔۔ والقُلَاط) بہت پستہ قد۔آدمی ہو یا گدھا یا کتا۔

القُلَیْط: میل اور گندگی جمع ہونے کی جگہ۔

القُلَیْطَۃ: تیتر کی ایک قسم۔

القُلَیْط: خصیہ میں سوجن۔

القَیْلَط والقِیْلِیْط: خصیہ میں سوجن والا۔

القَلْطَبَان: بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔بھڑوا۔

قَلَعَ (ف) قَلْعًا وقَلَّعَ واقْتَلَعَ الشَّیْئَ: جڑ سے اکھیڑنا۔قَلَعَ الوَالِیَ فُلَانًا: معزول کرنا۔اِقْتَلَعَ الشَّیْئَ: چھیننا۔

قَلِعَ (س) قَلَعًا وقَلْعَۃً الرَّاکِبُ: سوار کا

زین پر جم کر نہ بیٹھنا......الرَّجُلُ: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا......الْمُصَارِعُ: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔

قَلِعَ قَلَعًا. الرَّجُلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔

اَقْلَعَ عَنْ كَذَا: باز رہنا اور چھوڑنا...... الْمَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: بادبان اٹھانا...... اَصْحَابُ السَّفِيْنَةِ: روانہ ہونا......الشَّیْءُ: روشن ہونا......الْاَمِيْرُ: قلعہ بنانا...... الْحُمّٰى عَنْ فُلَانٍ: بخار کا اتر جانا۔ قرآنِ مجید میں ہے "يَا سَمَاءُ اَقْلِعِیْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔

قَالَعَا مُقَالَعَةً: ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔

تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ واقْتَلَعَ: جڑ سے اُکھڑنا۔ تَقَلَّعَ فِی مَشْيِهٖ: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔

الْقَلْعُ: مص۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُعٌ وقُلُوْعٌ. قَلْعُ الْحُمّٰى: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ فِی قَلْعٍ وقِلْعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاهُ" میں نے اس کو بخار اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع: کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِیٌّ وقَلَعِیٌّ".

الْقِلْعُ: بادبان۔ ج قُلُوْعٌ وقِلَاعٌ.

الْقِلْعُ: بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔

الْقُلْعُ: چلنے میں قوی مرد۔

الْقَلَعُ: مص۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو...... مِنَ الْحُمّٰى: بخار اُترنے کا دن۔

الْقَلِعُ: جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ وشَيْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔

الْقَلْعَةُ: قلعہ۔ ج قِلَاعٌ وقُلُوْعٌ. الْقِلْعَةُ: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔

الْقِلْعَةُ. قِلَعٌ: کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَعٌ.

الْقُلْعَةُ: کھرنڈ والا' کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے' ہمیشہ نہ رہنے والا مال' منگنی کا مال' درخت سے جو اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰی قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "ومَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةٍ وقُلْعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و "هٰذَا الْمَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔

الْقَلَعَةُ: بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَعٌ: چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلَاعٌ وقَلَعٌ.

الْقُلَعَةُ: کھرنڈ والا۔

الْقُلَاعُ: جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلَاعَةٌ الْقُلَاعُ: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلَاعُ الْاُذُنِ: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔

الْقُلَاعَةُ: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ بِقُلَاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔

الْقِلَاعَةُ: کشتی و جہاز کا بادبان۔

الْقُلَّاعُ: وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

الْقَلُوْعُ: بڑی اونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں الٹ جائے۔ ج قُلُعٌ.

اِقْلَاعُ الْحُمّٰى ومُقْلَعُهَا: بخار کا اُترنا۔

الْمَقْلَعُ: پتھر اکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِعُ.

الْمِقْلَاعُ: گوپھن۔ ج مَقَالِيْعُ.

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا...... فُلَانٌ: خود سری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَفَّ الشَّیْءُ: سمٹنا...... [illegible]

یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

قَلْمَطَ وتَقَلْمَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔

الْمُقَلْمَطُ: میلا اور کنجوس آدمی۔

الْقَلْمَطَةُ: بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا......الشَّیْءَ: پلٹنا(...... واقْتَلَفَ) الظُّفُرَ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ الْعَصِيْرُ: جھاگ لانا۔

قَلَفَ (ن) قَلْفًا. الْقُلْفَةُ: کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَةَ الدَّنِّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا(...... وقَلَّفَ) السَّفِيْنَةَ: کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القِلَافَةُ: ہے وقَلَّفَ الجزور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِیُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَفُ.

تَقَلَّفَ الْقِشْرُ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

الْقِلْفُ: درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَةٌ: سخت جگہ۔

الْقِلْفَةُ: ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

الْقُلْفَةُ والْقَلَفَةُ: عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَفٌ.

الْقَلِفَةُ مِنَ الشِّفَاهِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

الْقُلَافَةُ: درخت وغیرہ کی چھال۔

الْقَلِيْفُ ج قُلُفٌ والْقَلِيْفَةُ ج قَلَائِفُ والْمَقْلُوْفَةُ ج مَقْلُوْفَاتٌ: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

الْقَلِيْفُ والْمَقْلُوْفُ: مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ الْقَلِيْفُ: خشک [illegible] دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔

کھجور کا بڑا اٹو کرا۔ واحد قَلِیفَة.
الاَقْلَف: بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قَلْفَاء ج قُلْف: کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْلَفُ القَلْبِ" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عَامٌ اَقْلَف" سرسبز سال "عَيْشٌ اَقْلَف" خوش حال زندگی۔
التَّقْلِيف: کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔
قَلْفَحَ الطَّعَامَ: سب کچھ کھالینا۔
تَقَلْفَعَ عَنْهُ الشَّيْءُ: چھل جانا۔
القِلْفَع والقِلْفِع: خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔
القلفعة: سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔
قَلِقَ (س) قَلَقًا: مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قَلِق ومِقْلَاق: صفت مؤنث قَلِقَة ومِقْلَاق.
قَلَقَ (ن) قَلْقًا الشَّيْءَ: حرکت دینا۔
اَقْلَقَهُ: بے قرار کرنا۔ اَقْلَقَ الشَّيْءَ مِنْ مَكَانِهِ: حرکت دینا...... القَوْمُ السُّيُوفَ فِي الغِمْدِ: آسانی کے لئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔
القُلْقَاس: اروی۔
قَلْقَلَ قَلْقَلَةً: آواز نکالنا...... قَلْقَلَةً وقَلْقَالاً وقِلْقَالاً الشَّيْءَ: حرکت دینا۔
الحُزْنُ ومَعَهُ: آنسو بہانا...... فِي الاَرْضِ: سفر کرنا۔
تَقَلْقَلَ: متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا ...... فِي البِلَادِ: ملک میں پھرنا۔
القِلْقِل والقُلْقُلَان: ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔
حروف القَلْقَلَة: پانچ حروف ہیں۔ ب ' ج ' د ' ط ' ق۔

القُلْقَال: ہمیشہ سفر کرنے والا۔
القُلَاقِل والقُلْقُل: پھرتیلا مددگار۔ القُلْقُل: سفر میں ہلکا پھلکا۔
قَلَمَ (ض) قَلْمًا وقَلَّمَ الشَّيْءَ: کاٹنا ...... الظُّفُرَ: ناخن تراشنا۔ قَلَّمَ: تھوڑا تھوڑا کاٹنا......
القَلَم: قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قَصَبَة اور يَرَاعَة: کہتے ہیں۔
القَلَمَ: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اَقْلَام وقِلَام.
القَالِم: قا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قَلَمَة.
القُلَامَةُ: تراشہ۔ قُلَامَةُ الظُّفُر: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔
اِلاقْلِيم: ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اَقَالِيم (دخیل)
اَلاِقْلِيمِيّ: نظریہ اقلیمیہ کو ماننے والا۔ علاقائی سطح پر لوگوں کے اجتماع کا نظریہ۔
المِقْلَمَة: قلم دان۔ ج مَقَالِم.
مَقَالِمُ الرُّمْحِ: نیزے کی گرہیں۔
المُقَلَّمَة: بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سَارَتْ اَلْفٌ مُقَلَّمَةٌ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَقْلُومُ الظُّفُرِ ومُقَلَّمُ الظُّفُرِ" یعنی ضعیف وذلیل ہے۔
المِقْلَام: قینچی۔
القَلَمَّس: بہت پانی والا کنواں۔ بہت فیاض۔ دور اندیش۔ ہوشیار۔ غیر معروف۔
قَلْمَعَ رَاسَهُ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ موڑنا۔ ...... الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
القَلْمَعَة: مص۔ کمینے لوگ۔
قَلْنَسَهُ: ٹوپی پہنانا۔ قَلْنَسَ الشَّيْءَ: چھپانا۔ ...... الرَّجُلُ: سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔
تَقَلْنَسَ: ٹوپی پہننا۔

وقَلَانِسُ وقَلَانِي وقَلَاني: اور تصغیر قُلَيْنِسَة وقُلَيْسِيَة: اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتے ہیں اس کو عوام قَلُوسَة: کہتے ہیں۔
قَلَا يَقْلُو قَلْوًا اللَّحْمَ وغَيْرَهُ: گوشت کڑاہی میں بھوننا۔ صفت فاعلی۔ قَلَّاء: اور صفت مفعولی مَقْلُوّ...... الإِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
...... القُلَةَ وبالقُلَةِ: گلی ڈنڈا کھیلنا...... قِلًا وقَلَاءً) الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔
تَقَلَّى اِلَيْهِ: نفرت کرنا۔ بغض ظاہر کرنا...... عَلَى فِرَاشِهِ: مضطرب ہونا۔ تلملانا۔
تَقَالَى الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ تَقَالٍ" ان کے درمیان بغض ہے۔
اِقْلَوْلَى اِقْلِيلَاءً: کوچ کرنا۔ بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا...... فِي الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اترنا......: پیچھے پر سوار ہونا۔
القِلْو: ہلکا پھلکا۔ جوان ہلکا گدھا۔
القُلَة ج قُلَات وقِلُون وقُلُون (المِقْلَى والمِقْلَاء) گلی ڈنڈا۔ القُلَة: ہرن کے پھنسانے کے لئے ایک قسم کا پھندا۔
القِلَوَة: جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔
القَلَوْلَى: بلند پرواز پرندہ۔
قَلَى يَقْلِي قَلْيًا اللَّحم وغيره: گوشت بھوننا صفت فاعلی قَلَّاء: صفت مفعولی مَقْلِيّ ......
فُلانًا: سر پر مارنا(...... الرَّجُلَ وقَلِيَهُ يَقْلَاهُ قِلًى وقَلَاءً ومَقْلِيَةً) بغض رکھنا۔ صفت فاعلی قَالٍ: اور صفت مفعولی مَقْلِيّ.
القِلَى والقِلَى: بجی۔
القُلَّى: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مردوں کی کھوپڑیاں۔ واحد قُلَّة.
القَلَّاء: کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں

گوشت بھوننے والا۔

المَقلاۃ: وہ جگہ جہاں کڑاہیاں چڑھتی ہیں۔

المَقلِیَّۃ: جو بھونا جائے۔شوربا جو اونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ج قلایا.

المِقلٰی والمِقلاۃ: کڑاہی۔فرائی پان۔ج مَقَالٍ.

المَقلاۃ: وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔

المَقلِیُّ: جو بھونا جائے۔

قَمَّ(ن) قَمًّا: خشک ہونا۔۔۔۔۔شارِبَہٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا۔۔۔۔۔البَیتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔صفت قَامٌّ وقَمَّام (۔۔۔۔۔واقتَمَّ) مَا عَلَی المَائِدَۃِ: کھانا۔واقتَمَّ الشَّیْءَ: مزاولت کرنا۔اعتماد کرنا۔خطانہ کرنا۔

قَمَمٌ: خشک کرنا۔قَمَّمَ النَّجمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَقَمَّمَ مَا عَلَی المَائِدَۃِ: دسترخوان پرسے سب کچھ کھالینا۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: کسی چیز پر چڑھنا۔۔۔۔۔۔النَّخلَۃَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ قِرنَہٗ: ہمسر پر غالب آنا۔

القِمَّۃ: ہر چیز کی چوٹی۔لوگوں کی جماعت۔بدن۔قدوقامت۔ج قِمَم.

القُمَّۃ: شیر کا لقمہ۔کوڑا کرکٹ۔

القَمِیمُ: خشک سبزی۔ستو۔

القُمَامَۃ: کوڑا کرکٹ۔لوگوں کی جماعت ج قُمَمٌ.

المِقَمُّ والمُقتَمُّ: دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔

المِقَمَّۃ: جھاڑو ج مَقَامُّ (۔۔۔۔۔والمِقَمَّۃ) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔

قَمَأَ(ف) وقَمُؤَ(ک) قَمَاءۃً وقُمَاءۃً وقِمَاءۃً وقَمَاءۃً: ذلیل وخوار ہونا۔صفت قَمِیءٌ ج قُمَاءُ وقِمَاءٌ.

قَمَأَ(ف) قَمَأَ المَکَانَ وبِہٖ: داخل ہونا اور اقامت کرنا۔۔۔۔۔ۃ: اکھیڑنا۔

قَمُئَتْ(ف) قَمْأً وقُمُوْءًا (ک) قُمُوْءًا وقُمُوْءَۃً وقَمْأً وقَمَاءً وقَمَاءۃً. المَاشِیَۃُ: جانور کا موٹا ہونا۔۔۔۔۔بِالمَکَانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔

اَقمَأَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔۔۔۔۔الشَّیْءُ او المَکَانُ فُلَانًا: تعجب میں ڈالنا اَقمَأَتِ المَاشِیَۃُ: جانور کا موٹا ہونا۔

قَامَأَہٗ مقَامَأَۃً: موافقت کرنا۔کہا جاتا ہے مَا قَامَأَہُ المکان: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔

تَقَمَّأَ فُلَانٌ المَکَانَ: موافق ہونا اور اقامت کرنا۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔عمدہ لینا۔

اِقتَمَأَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

المَقمَأُ: وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہوجائیں۔

القَمْأَۃ ج قِمَاءٌ والمَقمَأَۃ والمَقمُؤَۃ: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔

القَمَأَۃ والقُمَأَۃ: سرسبزی۔آرام۔

القَمِیءُ: ذلیل وخوار۔

قَمَحَ (ن) قُمُوْحًا وقَامَحَ وتَقَمَّحَ واِنقَمَحَ البَعِیرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اٹھانا صفت قَامِحٌ ج قِمَاحٌ وقُمَّحٌ وتَقَمَّحَ الشَّرَابَ ومِنَ الشَّرَابِ: ناپسند کرنا۔

قَمِحَ (س) قَمْحًا واقتَمَحَ وتَقَمَّحَ السَّوِیقَ: ستو پھانکنا۔۔۔۔۔الشَّرَابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔

قَمَّحَ فُلَانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔

اَقمَحَ السُّنبُلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا۔۔۔۔۔البُرُّ: تیار گیہوں ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: سر اٹھانا اور آنکھ بند کرنا۔۔۔۔۔بِاَنفِہٖ: بڑائی جتانا۔مغرور ہونا۔۔۔۔۔الغُلُّ الاَسِیرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا۔۔۔۔۔فُلَانٌ: شراب پینا۔

القَمحُ: گیہوں۔واحد قَمحَۃ.

القَمحَۃ: پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔(۔۔۔۔۔والقُمَّحَان والقُمُّحَان) زعفران۔ج

القِمِحْدُوَۃ: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔

القَمِیحَۃ: پھنکی (دوایا ستو وغیرہ کی)

رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِیذِ: بہت پینے والا۔

القَمَحدُوَۃ: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ۔

اَقمَخَ اِقمَاخًا بِاَنفِہٖ: بڑائی جتانا۔متکبرین کی طرح بیٹھنا۔

قَمَدَ (ض) قَمْدًا وقُمُوْدًا: انکار کرنا۔باز رہنا۔نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔

قَمِدَ (س) قَمَدًا: لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔صفت اَقمَدُ مؤنث قَمدَاء.

اَقمَدَ الرَّجُلُ: گردن بلند کرنا۔

القُمُدُ والقُمُدُّ القُمَاد: مضبوط۔موٹا۔

القُمُدُّ والقُمُدَّۃ والقُمُدَّانِیَّۃ: لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔

القَمَنْدَر: لمبے قد والا۔

قَمَرَ (ض) قَمْرًا: جوا کھیلنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: جوئے میں غالب آنا۔

قَمِرَ (ن ض) قَمَرَ الرَّجُلَ مَالَہٗ: مال چھین لینا۔

قَمِرَ (س) قَمَرًا الشَّیْءُ: بہت سفید ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا۔۔۔۔۔الکَلأُ والمَاءُ وغَیرُہُمَا: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا۔۔۔۔۔الاِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔

قَامَرَہٗ مُقَامَرَۃً وقِمَارًا: باہم جوا کھیلنا۔

اَقمَرَ اللَّیلُ: چاندنی کا کھیت کرنا۔۔۔۔۔الہِلَالُ: پورا چاند بننا۔۔۔۔۔القَومُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا۔۔۔۔۔الثَّمَرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی کا آجائے پکنے سے پہلے سردی کا آجانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا۔۔۔۔۔الاِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔

تَقَمَّرَ: چاندنی رات میں شکار کے لئے نکلنا۔ ......الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔ چاندنی رات میں آنا...... الطَّيْرَ والظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا...... الطَّيْرَ: پرندہ کو شکار کے لئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا۔

تَقَامَرَ القَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔

اِقْمَارَّ اِقْمِيْرَارًا: سفید ہونا۔ چاند کے رنگ کا ہونا۔

القَمَر: چاند۔ تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ القمران: آفتاب و ماہتاب۔ اَقْمَارُ العِلْمِ وشُمُوْسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْعَيْتُهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔

القُمْرَة: سبزی مائل۔ سفید رنگ۔

المَاءُ القَمِرُ: بہت پانی۔ لَيْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔

الحُرُوْفُ القَمَرِيَّة: چودہ حروف جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرَ۔

القُمْرِيّ: فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِيَّة ج قُمْر وقَمَارِيّ۔

اَلْقَمَرِيَّةُ: زمین پر پھیلنے والی بوٹی جس کے پھولوں کے بیج چاند کی طرح ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے لگائی جاتی ہے۔ امریکہ کے علاقہ میں پائی جاتی ہے۔

القِمَار: مص۔ جوا۔

القَمِيْر: جواری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِيْرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار جیسے نَصِيْر واَنْصَار۔

قَمْرَةُ المَرْكَبِ: (عِنْدَ المَلَّاحِيْنَ): بحری جہاز کا کمرہ۔

الاَقْمَر: سبزی مائل سفید رنگ والا۔ سفید وَجْهٌ اَقْمَر: چاند کے مشابہ چہرہ۔ سَحَابٌ اَقْمَر: پانی سے بھرا ہوا بادل۔

القَمْرَاءُ. الاقمر: کا مؤنث۔ چاندنی۔

لَيْلَةٌ مُقْمِرٌ ومُقْمِرَةٌ: چاندنی رات کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے۔ اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ۔"

المَقْمُوْرُ: مفع۔ برائی۔ ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ يَدِيْ بَيْنَ اِحْدٰى مَقْمُوْرَتَيْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔

قَمَزَ (ن ض) الشَّيْءَ: جمع کرنا...... الشَّيْءَ...... انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔

اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بے کار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔

القَمْز: بے کار مال۔

القُمْزَة: کھجور کی ایک مٹھی۔ نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ ج قُمَز۔

قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا واَقْمَسَهُ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔ اَقْمَسَ الكَوْكَبُ: ستارے کا غروب ہونا...... قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِي المَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔ قَمَسَ بِهٖ فِي البِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔ الوَلَدُ فِي البَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔

قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا وقُمُوْسًا وانْقَمَسَ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔ اِنْقَمَسَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اِنْقَمَسَ فِي الرَّكِيَّةِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔

قَمَّسَ الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔

قَامَسَهُ قِمَاسًا ومُقَامَسَةً: غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ کہا گیا ہے "هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔

تَقَامَسُوْا فِي المَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔

القَمَّاس: غوطہ خور۔

القَامُوْس: سمندر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج

القَامُوْس: علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس کہتے ہیں۔

القِمَاس: کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔

القَمِيْس ج قَمَامِيْس القَمِيْس: سمندر۔

القَمُوْس: کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔

القُمُس: مرد شریف ج قَمَامِس وقَمَامِسَة۔

القَوْمَس: امیر۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ج قَوَامِس. القَوَامِس: مصیبتیں۔

قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ القُمَاشَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

تَقَمَّشَ: جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔

اِقْتَمَشَ. القُمَاش: اِدھر اُدھر سے کھانا۔

القُمَاش: ردی اور گھٹیا چیزیں۔ قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔ قُمَاشُ البَيْتِ: گھر کا سامان۔ ج اَقْمِشَه۔

القَمْش: مص۔ ردی چیز۔

القَمَّاش: سامان بیچنے والا۔

قَمَصَ (ن ض) قَمْصًا وقِمَاصًا وقُمَاصًا وقَمَصًا الفَرَسُ وغَيْرُهُ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا...... العَيْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا...... (قَمْصًا) مِنْهُ: نفرت کرنا۔ اعراض کرنا...... النَّاقَةُ بِالرَّدِيْفِ: اونٹنی کا اچھلتے ہوئے لے جانا...... وقَمَّصَ) البَحْرُ بِالسَّفِيْنَةِ: موج سے حرکت دینا۔ وقَمَّصَهُ: قمیص پہنانا۔

قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔

تَقَمَّصَ: کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَايَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ: ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔

القَمَص: انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔ کھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔ واحد قَمَصَة۔

القِمَاص: مص۔ قلق۔

القَمِیص: کرتا (مذکر ومؤنث) ج اَقمِصة وقُمُص وقُمصان. القَمِیص: نوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "هَتَکَ الخَوفُ قَمِیصَ قَلبِهِ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القِمِّص والقَمُوص: وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القَمُوص: شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوصُ الحَنجَرة" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

قَمَطَهُ (ن ض) قَمطًا وقِمطَةً: گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا...... الاِبِلَ: اُونٹوں کو قطار میں کرنا...... طَعَم الشَّیءَ: چکھنا...... الشَّیءَ: لینا۔ قَمَطَ الدِّیکُ: مرغ کا جفتی کرنا...... المَرأةَ: عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط: رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (...... والقِمط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لئے باندھیں۔

عَامٌ قَمِیطٌ: پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمتُ عِندَهُ حَولًا قَمِیطًا او شَهرًا قَمِیطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط: چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لئے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط: بہت سے چور۔

قَمطَرَ قَمطَرةً الشَّیءَ: جمع ہونا...... الشَّیءَ: جمع کرنا...... القِربَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا...... العَدُوُّ: دشمن کا بھاگنا۔ قَمطَرَ الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

اِقمَطَرَّ: منتشر ہونا۔ سکڑنا...... لِلشَّرِّ: آمادہ ہونا...... الیَومُ: دن کا سخت ہونا...... عَلَیهِ الشَّیءُ: بھیڑ ہونا۔

القِمَطر والقِمَطرُ: بستہ۔ جزودان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر ومؤنث اور اِمرَأةٌ قِمَطرةٌ کہتے ہیں۔ ج القَمَاطِر القِمَطر: شکردانی۔

القُمَاطِر والقَمطَرِیر: سخت دن یا سخت لڑائی۔

القِمَطرَی: پست قد موٹا مرد۔ اکٹھی چال۔

قَمَعَهُ (ف) قَمعًا: آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار وذلیل کرنا۔ قَمَعَ القِربَةَ: باہر کی طرف مشک کے منہ کو موڑنا قَمَعَ فِی الشَّیءِ: داخل ہونا۔

الکُتُبَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرأةُ بَنَانَها بِالحِنَاءِ: عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا...... ہٗ: سر کے بالائی حصہ پر مارنا...... البَردُ النَّبَاتَ: سردی کا نباتات کو جلا دینا...... مَا فِی السِّقَاءِ: ڈگڈگا کے پینا...... الشَّرَابُ: آسانی سے حلق سے اُترنا...... سَمعَهُ لِفُلانٍ: خاموش ہونا...... الوَطبَ: قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَینُهُ: گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة...... الفَرَسُ: ایک موٹے گھٹنے والا ہونا...... غُرقُوبُ الفَرَسِ: ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا...... الظَّبیَةُ: ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا...... فُلانٌ الدَّوَاءَ: دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ البُسرَةَ ونَحوَهَا: کھجور وغیرہ کی پلیدی کو دُور کرنا۔ قَمَّعَتِ البُسرَةُ ونَحوُهَا: کھجور وغیرہ کی چینڈی کا دُور ہونا۔

اَقمَعَهُ: ذلیل وخوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقمَعتُهُ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ: متحیر ہونا مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا...... الذُّبَابَ: مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَکتُهُ یَتَقَمَّعُ: میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (...... واِقتَمَعَ) الشَّیءَ: چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما فِی الاِنَاءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنقَمَعَ: خوار وذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا...... الرَّجُلُ: تنہا بیٹھنا۔

القَمَع والقِمع والقِمَع: قیف۔ ج اَقمَاع: کھجور وغیرہ کے نیچے کی چینڈی اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قُمَع کہتے ہیں۔ ج قُمُوع.

القَمَع: آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ زخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الاَقمَع: مؤنث قَمعَاء ج قُمع والقَمُوع: وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الاَقمَع مِنَ الخَیلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمِعَة: کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَةُ الذَّنَبِ: دُم کا کنارہ۔ قَمَعَةُ الشَّیءِ: عمدہ چیز۔ ج قَمَع. القَمَعة: مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج مَقَامِع.

القَمِع. مِنَ الخَیلِ: گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ: بڑا کوہان۔ طَرفٌ قَمِعٌ: پھنسیوں والی آنکھ۔

القَمعَة: توشہ دان وغیرہ کا سر بند۔ بہترین مال ج قَمَع.

اَلقُمعُ وَالقَمعُ وَالقِمعُ: قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)۔

اَلقِمَعِیَّةُ: یورپ برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء جتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔

القَمِیعَة. مِنَ الدَّوَابِّ: دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصہ۔ دم کا سرا ج قَمَائِع.

المِقمَعَة: آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع.

المَقمُوع: مقمع۔ مغلوب۔ تخمہ زدہ...... مِنَ المَالِ: چنا ہوا مال۔

قَمعَلَ قَمعَلَةً النَّبتُ: نباتات کا غلاف نکلنا یا

شگوفہ نکلنا......الرَّجُلُ: سردارِ قوم ہونا۔
القِمْعَال: سردارِ قوم: چرواہوں کا سردار۔
القُمْقُمْ: تنگ منہ کی ہانڈی (...... والقُمْعُول) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل وقَمَاعِيل.
القُمْعُولَة: نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔ کونپل۔ سر کے اندر گھٹا۔ ج قَمَاعِيل.
قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ: دسترخوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔
تَقَعْقَمَ: بہت پانی میں گھسا یہاں تک کہ ڈوب جانا۔ الشَّیْءَ: چڑھنا۔
القُمْقُمُ: حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لئے تانبے کا برتن۔ عطرفروش کا برتن۔ گلاب پاش۔
القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقَان: بڑی تعداد۔ سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَة. القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم: بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم و قَمَاقِمَة القَمْقَام: امرِ عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَام: کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِم: ماہِ ستمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔
القِمْقِم: بہ۔ خشک پکی کھجور۔
القُمْقُمَة: لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔
قَمِلَ (س) قَمَلاً القَوْمُ: زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا...... فُلَانٌ: لاغری کے بعد موٹا ہونا...... رَاسُهُ: سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِل بَطْنُه: توند نکلنا۔
قَمِل واَقْمَلَ المَرْعٰی: چراگاہ کا اُگنا اور سیاہ ہونا۔
تقَمَّلَ الرَّجُلُ: کچھ موٹائی شروع ہونا۔
القَمْلُ: جوواحد قَمْلَة: کہا جاتا ہے "ذَبَّ قَمْلَةً" یعنی موٹا ہوا۔ قمل قريش: دانہ صنوبر۔
القَمَال: جوں۔

القُمَّل: چچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَة.
المِقْمَل: فقیری کے بعد تونگر۔
تَقَمَّنَ الامْرَ: قصد کرنا...... الشَّیْءَ: پکڑنے کے قریب ہونا۔
القَمَن: لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنْزِلُ لَكَ مَوْطَنٌ قَمَنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وَجِئْتُ بِالحَدِيثِ عَلٰى قَمَنِهٖ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔
القَمِن: لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِين کے ساتھ باء یا مِن یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "هُوَ قَمِنٌ وَقَمِينٌ بِكَذَا. وقَمِنٌ وقَمِينٌ مِنْ كَذَا ولِكَذَا" ج قُمَنَاء وقَمِينُونَ مؤنث قَمِينَة ج قَمِينَاتٌ وقَمَائِن کہا جاتا ہے۔ اَقْمَنُ بِهٰذَا الامْرِ: یعنی وہ اس کے لئے سزاوار تر ہے۔ وهٰذَا الامْرُ مَقْمَنَةٌ لِذَاكَ: یعنی زیادہ مناسب ہے۔
المُقْمَئِنّ: سکڑا ہوا۔
قَامَى مُقَامَاةً: موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے: مَا يُقَامِينِي هٰذَا یہ میرے موافق نہیں۔
قَمِهَ (س) قُمُوهًا البَعِيرُ: حوض سے سر اٹھا لینا اور پانی نہ پینا...... الشَّیْءُ: فِي المَاءِ: ڈوبنا اور اچھلنا۔
تَقَمَّهَ فِي الارْضِ: آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ يتقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔
القَمَه: کھانے کی کم خواہش۔
القَامِه: فا۔ ج قُمَّه.
اِقْمَهَدَّ: مرنا...... الرَّجُلُ او البَعِيرُ: سر اٹھانا...... بِالمَكَانِ: ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔
القُمْهُد: کمینہ۔ بداصل۔ بدصورت۔
قَامَاهُ مُقَامَاةً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو "مَا يُقَامِينِي هٰذَا الشَّیْءُ" یعنی یہ چیز مجھ

موافق نہیں۔
قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِي الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
اِقْتَنَّ: غلام بنانا۔ خاموش ہونا (...... واقْتَانَّ اِقْتِنَانًا) کھڑا ہونا۔
اِسْتَقَنَّ بِالامْرِ: مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔
القُنّ: چھوٹی پہاڑی (...... والقُنَان) کرتے کی آستین۔
القِنّ: غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان واَقِنَّة آتی ہے۔
القِنَانَة والقُنُونَة: غلامی۔ بندگی۔
القُنَّة: چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّة كُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَن وقِنَان وقُنُون وقُنَّات.
القِنَّة: رسی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن.
القَنَن: طریقہ۔ روش۔
القِنِّينَة: شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِي وقِنَان.
القَانُون: قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِين (دخیل)۔
قَنَأَ (ف) قُنُوءًا. الشَّیْءُ: گہرا سرخ رنگ والا ہونا...... اللِّحْيَةُ مِنَ الخِضَابِ: داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنَأ) اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
قَنَأَ (ف) قَنْأً وقَنَأً وتَقْنِئَةً لِحْيَتَهُ: داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَّأَ الشَّیْءَ: گہرا سرخ رنگنا۔
(قَنَأَ (ف) قَنْأً واَقْنَأَ) الرَّجُلَ: قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الادِيمَ: چمڑے کو خراب کرنا...... الشَّیْءُ فُلَانًا: ممکن ہونا اور قریب ہونا۔
قَنِئَ (س) قُنُوءًا: مرنا...... الادِيمُ: چمڑا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "احمر قانیٔ" بہت گہرا سرخ۔

المقناة والمقنوة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

القبیل: ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔

قَنَبَ (ن ض) قُنُوبًا فِی الشَّیْ: داخل ہونا۔الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا......

الکَرْمَ: انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔

قَنَبَ الزَّرْعُ: خوشہ کے پتے ظاہر ہونا......

الزَّهْرُ: کلی سے نکلنا......الکَرْمَ: انگور کی شاخ تراشی کرنا......الاَسَدُ بِمَخْلَبِهٖ: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔قَنَّبَتْ واَقْنَبَتْ وتَقَنَّبَتِ الخَیْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔کہا جاتا ہے "قَنَبُوْا وتَقَنَّبُوْا نَحْوَ العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔وتَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِی بَیْتِهٖ: داخل ہونا۔

اَقْنَبَ: سفر میں دور جانا۔قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔

قُنْبُ الزَّهْرِ: پھول کا غلاف ج قُنُوب.

القَانِب: فا۔بلبلانے والا بھیڑیا۔تیز رفتار قاصد۔وَادٍ قَانِبٌ: وادی جس کا سیلاب دور سے جاری ہو۔

المُقَنَّب: بڑا بادبان۔شیر کا چنگل۔مِنْ کَفِّ الاَسَدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔

القُنَاب والقِنَاب والقُنَّابَة: پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔القِنَاب: شیر کا پنجہ۔کمان کی تانت۔

القِنَّبُ والقُنَّب: جوٹ۔سن جس سے ستلی بناتے ہیں۔

القَیْنَب: لوگوں کا گروہ۔گھنا بادل۔

القَیْنَاب: تیز رفتار قاصد۔تیز رفتار چٹھی رساں۔

المِقْنَب: تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کے لئے جمع ہوں ج مَقَانِب (...... والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔المِقْنَب: شیر کی ہتھیلی۔کہا جاتا ہے "بِمِخْلَبُ الاَسَدِ فِی مِقْنَبِهٖ" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔شکاری کا تھیلا۔

القُنْبُرَة والقُنْبَرَة: چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ج قَنَابِر. القُنْبُرَة: سر پر کچھ زائد پر۔کلغی۔

دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِیَّةٌ: چوٹی والی مرغی۔کلغی دار مرغی۔

القُنْبُض: سانپ۔پستہ قد۔مؤنث قُنْبُضَة.

القُنْبُضَة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔

القُنَّبِیط: گوبھی اور عوام قَرْنَبِیط بھی کہتے ہیں۔

قَنَبَعَ فِی بَیْتِهٖ: چھپنا۔روپوش ہونا۔قَنْبَعَتِ الشَّجَرَةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔

......الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔

القُنْبُع: درخت کی کلی کا غلاف۔خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔پستہ قد خسیس مرد۔

القُنْبُعَة: بمعنی القُنْبُع: ایک قسم کا بچوں کے لئے کپڑا۔پستہ قد عورت۔قُنْبُعَةُ الخِنْزِیْرِ: سور کی خرخراہٹ۔

القَنْبَل والقَنْبَلَة: لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل.

القُنَابِل: بڑے سر والا (...... والقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔

قَنْبَلَ العَدُوَّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔

اَلْقُنْبُلَةُ: بم۔اس بم کی کئی اقسام ہیں۔

(۱) اَلْقُنْبُلَةُ الْحَارِقَةُ: آگ لگانے والا بم۔

(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الْجَرْثُوْمِیَّةُ: جراثیمی بم۔

(۳) اَلْقُنْبُلَةُ السَّامَّةُ: زہریلا بم۔

(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِّیَّةُ: ایٹم بم۔

قَنَتَ (ن) قُنُوْتًا: اطاعت کرنا۔نماز میں کھڑا ہونا۔اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللّٰهَ وقَنَتَ لِلّٰهِ".

......لَهٗ: ذلیل ہونا۔

قَنُتَ (ک) قَنَاتَةً: کم خوراک ہونا۔

اَقْنَتَ: نماز میں قیام طویل کرنا۔اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔دشمن پر بددعا کرنا۔ہمیشہ حج کرنا۔دیر تک جنگ کرنا۔

اِقْتَنَتَ: فرمانبردار ہونا۔

القَانِت: فا۔ہمیشہ اطاعت و فرمانبرداری میں رہنے والا۔نماز پڑھنے والا۔ج قُنَّت.

القَنِیت: کم خوراک (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ قَنِیْتٌ" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔

اِمْرَاَةٌ قَنُوْتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔

القُنْجُل: غلام۔

قَنَحَ (ف) قَنْحًا العُوْدَ: لکڑی کا سرا موڑنا ......الشَّارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اٹھانا۔سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (...... واَقْنَحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اٹھانا۔

قَنَّحَ البَابَ: دروازے کے لئے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔

تَقَنَّحَ: سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔

القُنَاح: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔

القُنَّاح: لمبی ٹیڑھی کنجی۔لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔

القُنَاخِر. ج قَنَاخِر والقِنْخِر: بڑے جسم والا اَنْفٌ قُنَاخِرٌ: موٹی ناک۔

القِنَّخْر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔

القُنْخُوْرَة والقِنْخِیْرَة والقِنَّخْرَة والقُنْخُوْر: بڑی چٹان۔

القَنْد. ج قُنُوْد والقِنْدِیْد ج قَنَادِیْد: شکر۔

القِنْدِیْد: کافور۔ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔خوشبودار شراب۔کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالاَمْرِ عَلٰی قَنَادِیْدِهٖ" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا......سَوِیْقٌ مُقَنَّدٌ و مَقْنُوْدٌ: شکر ملا ہوا ستو۔کَلَامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔

اَلْقَنْدِیَّةُ الْحَمْرَاءُ: بڑے پتوں والا پودا

جس کی بلندی دس میٹر ہوتی ہے بڑے بڑے
پتے ہوتے ہیں زینت کے لئے بولا جاتا
ہے۔
رَجُلٌ مَقْنُودُ الکَلَامِ: شیریں کلام مرد۔
القُنْدُر و القُنْدُس: ایک آبی جانور جس کی
دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی
مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے
پوستین بنتی ہے۔
قَنْدَسَ: گناہ کے بعد توبہ کرنا...... فِی
الاَرْضِ: سیر و سفر کرنا۔
القِنْدَعْل: بے وقوف۔
قَنْدَلَ: بڑے سر والا۔ صفت قَنْدَل و قُنَادِل
و قِنْدِیلٌ.
رَاسٌ قُنَادِلٌ: بڑا اور مضبوط سر۔
القِنْدِیل: چراغ۔ فانوس۔ ج قَنَادِیل
(دخیل)
القَنْدُوْل: ایک خاردار درخت۔ واحد
قَنْدُوْلَة.
القُنْذُع: مرد دیوث۔
اَقْنَز: چھوٹے مٹکے سے پینا۔
القِنْز و الاِقْنِیْز: چھوٹا مٹکا۔
القَانِز و القَنَّاز: شکاری۔
القَنَز: قنص میں ایک لغت ہے۔
القُنْزُعَة و القَنْزَعَة و القِنْزِعَة و القُنْزُعَة
و القُنْزُع: بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا
جائے۔ سر کے گرد اگرد بال۔ پروں کا بقیہ
مرغ کی کلغی۔ القُنْزُعَة: بہت پستہ قد
عورت۔ ج قُنْزُعَات و قَنَازِع.
القَنَازِع: بلائیں۔ سخت و تلخ بات۔ چھوٹے
لوگ۔
اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی
طرف اپنی نسبت کرنا۔
القِنْس و القَنْس: اصل۔
القِنْس ج قُنُوس و القَوْنَس ج قَوَانِس
و القَوْنُوْس: سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔
راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں
کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی

القِنَّس: بیل۔ ج قَنَانِس.
قَنْسَرَتْهُ. الشَدَائِدُ و السِنُّ: بوڑھا کرنا۔
تَقَنْسَرَ: بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔
القِنْسَر و القِنْسِرِیّ و القِنَّسْر: بہت بوڑھا
عمر رسیدہ۔
قَنَّشَه تَقْنِیْشًا: کم کرنا۔ اہل و عیال پر نفقہ
میں تنگی کرنا۔ قُنِشَ فِی الشَیْءِ: کمی کیا جانا۔
القَنْشُوْرَة: عورت جس کو حیض نہ آئے۔
قَنَصَ (ض) قَنْصًا الطَیْرَ: پرندہ کا شکار
کرنا۔
تَقَنَّصَ و اِقْتَنَصَ الطَیْرَ او الظَبْیَ: پرندہ یا
ہرن کا شکار کرنا۔
القِنْص: اصل۔
القَنَص: شکار۔
القَنَّاص: شکاری۔
القُنَّاص: شکاری لوگ۔
القَانِص و القَنِیْص: شکاری۔
القَنِیْص: شکار۔ مؤنث قَنِیْصَة.
القَانِصَة: پرندے کا پوٹا ج قَوَانِص: شکار
کرنے والے۔
القُنَاصِر: سخت۔
القِنْصَعْر: چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ
والا۔ گٹھے بدن کا۔
القُنْصُل: پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ
جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج
قناصل (دخیل)
القُنْصُلِیَّة. قُنْصُل: کے رہنے کی جگہ۔
قَنِطَ (س) قَنَطًا و قَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا
و قَنُطَ (ک) قَنَاطَةً: مایوس ہونا۔ صفت
قَنِط و قَانِط و قَنُوْط.
قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
قَنَّطَهُ و اَقْنَطَهُ: مایوس کرنا۔
قَنْطَتْ قَنْطَفَةً: خوف سے دوڑنا۔
قَنْطَرَ قَنْطَرَةً: بہت مال کا مالک ہونا۔
دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا......
عَلَیْنَا: دیر تک ٹھہرنا۔ الشَیْءَ: مضبوط
[illegible]

القِنْطِر: ایک قسم کا پرندہ......
و القِنْطِیْر مصیبت۔
القَنْطَرَة: مص۔ پل۔ بلند عمارت ج
قَنَاطِر.
القِنْطَار: ایک وزن جس کی مقدار مختلف
زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔
مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر.
القِنْطَارِیُوْن: ایک کڑوی گھاس جو مقوی
معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْر مُقَنْطَرَة:
بہت زیادہ۔
قَنَعَت و قَنِعَت (ف س) قَنْعًا. الاِبلَ:
اونٹوں کا تھان پھر آنا۔
قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا و اَقْنَعَتْ و اسْتَقْنَعَتْ
الشَاةُ: بلند تھان والی ہونا۔
قَنَّعَهُ: راضی کرنا۔ قَنَّعَ المَرْاَةَ: عورت کو
دوپٹہ اوڑھانا...... رَاسَهُ بِالسَیْفِ او
بِالعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا......
خِزْیَةً و عَارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر
دینا۔ قَنَّعَ الدِیْکُ: مرغ کا لڑنے کے
وقت گردن کے پردوں کو کھڑا کرنا اور کہا
جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَیْبُ خِمَارَهُ" یعنی اس پر
بڑھاپا چھا گیا۔
اَقْنَعَ رَاسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔
بِیَدَیْهِ فِی الصَلَاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ
سے رحم طلب کرنا...... الاِنَاءَ: برتن سے
اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لئے پانی کے بہاؤ کی
طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِی
النَهْرِ" یعنی بھر جانے کے لئے برتن کو نہر میں
پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الاِبلَ
: اونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔
تَقَنَّعَ: بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں
لپٹنا۔
فِی السِلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَقَنَّعَتِ
المَرْاَةُ بِالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔
اِقْتَنَعَ بِالشَیْءِ: راضی ہونا...... الاِبلُ
کا تھان پر واپس آنا...... الرَجُلُ الاِبلَ او
الغَنَمَ لِمَا وَاهَا: اونٹوں کو تھان پر واپس

لانا۔

القِنْع ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع: ہتھیار۔

القِنْع والقُنْع: کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِنْع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی' ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة واَقْنَاع. القُنْع: بگل۔

القِنْعَة: دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و ج قِنْعَان.

القُنْعَة: سوال۔ دیوار میں روشن دان۔

القُنْعَة مِنَ الجَبَلِ والسَّنَام: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔

القِنَاع: دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة: دِل کا غلاف۔ کَشْفُ القِنَاعِ عَنِ الشَّیْ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔

القَنِع: جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔

القَنُوع ج قُنُع والقَنِیع ج قُنَعَاءُ بمعنی قَنِع.

القَانِع: فا۔ بمعنی قَنِع: عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قَانِعُون وقُنَّع.

رَجُلٌ قُنْعَان: تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔

شَاهِدٌ قُنْعَان: شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)

رَجُلٌ قُنْعَانِی: جس کی رائے پسند ہو

القُنْعَان: بڑا پہاڑی بکرا۔

القُنُوع: مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔

شَاهِدٌ مَقْنَع: شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَقَانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَنَا مَقْنَع: فلاں کے لئے رضامندی ہے۔ جس پر اہم قانع ہیں۔

المِقْنَع والمِقْنَعَة: سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔

المُقْنَع: مفع۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اٹھائے ہوئے ہو۔ فَمٌ مُقْنَع: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔

المُقْنِع: فا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اٹھانے والا۔

المُقَنَّع: مفع۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔

قَنِفَ (س) قَنَفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔

قَنَفَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنے۔

اَقْنَفَ: ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا(...... واسْتَنْقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔ اِسْتَنْقَفَ المَجْلِسُ: گول ہونا۔

القَنَف: مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔

القَنْف: سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔

القَنِف: سر پر تھوڑے بال والا۔

القِنَاف والقُنَاف: بڑی ناک' لمبی داڑھی' لمبے قد والا۔

اَلقَنْغَر: کنگرو یعنی آسٹریلیا کا قومی جانور۔ جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی ہوتی ہیں۔ مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت اس میں بٹھا لیتی ہے۔ انتہائی تیز رفتار جانور ہے۔

القَنِیف: لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.

الاَقْنَف: چھوٹے کان والا...... مِنَ الخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَنْفَاءُ ج قُنْف. القَنْفَاء: انسان کا کان جس کے لئے دائرہ نہ ہو۔

القَنْفَج: موٹی گدھی۔

القُنْفُذ: ج قَنَافِذ والقُنْفَذ والقُنْفُذ: قَنَافِذ: ج۔ سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة......

القُنْفُذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُنْفُذُ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔

القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔

قُنْفُشَةً قُنْفُشَةً: جلدی جمع کرنا۔

تَقَنْفَشَ: سکڑنا۔

القُنَافِش: چپٹی ہوئی ناک' سخت داڑھی والا۔

المُقَنْفِش: فا...... فِی اللِّبَاسِ: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُقَنْفِشًا لِحْيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔

تَقَنْفَعَتِ. القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔

القُنْفُع: پستہ قد۔ کمینہ(...... و القِنْفِع) چوہیا۔

القُنْفُعَة: چوہڑ۔ مادہ سیہی۔

القَنْقَن والقِنْقِن: ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قِنْقِنَة. القِنْقِن: راہ نما۔(...... والقُنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن...... (دخیل)

قَنِمَ (س) قَنَمًا الجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَانِم...... الفَرَسُ ونَحْوُهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا...... الطَّعَامُ واللَّحْمُ والسِّقَاءُ وغَيْرُهَا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم: اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِی قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ".

القَنَمَة: تیل وغیرہ کی بدبو۔

الاُقْنُوم: شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيم (دخیل)

قَنَا يَقْنُو قَنْوًا وقُنْوَانًا وقُنُوًّا واقْتَنَى المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لئے حاصل کرنا۔

قَنَا يَقْنُو قَنْوًا اللّٰهُ الشَّیْءَ: پیدا کرنا...... لَوْنُ الشَّیْءِ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔

قَنَا يَقْنِی وقَنِیَ يَقْنَی قَنْوًا وقُنًى واقْتَنَى واسْتَقْنَى الحَيَاءَ: لازم پکڑنا۔ قَنَّى القَنَاةَ: نالی کھودنا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا' مالدار بنانا۔ اَقْنَى السَّمَاءُ: بارش رُک جانا......

قَنِي يَقْنَى قَنًا الانْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا۔ صفت اَقْنٰی.

تَقَنّٰی: نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

القَنَا والقِنی والقُنو والقِنو: کھجور کا گچھا ج اَقْنَاء وقُنْیَان وقِنْیَان وقُنوان وقِنوان.

القَنَا: نیزہ ج قِنَاء۔ حلقوم۔

القُنْوَة والقِنْوَة: کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلْقَنَا: پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب و زینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِنَاوَة: بدلہ۔

القَنَاة: نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنًا وقُنِيّ وقَنَوَات وقَنَيَات: کہا جاتا ہے "فُلانٌ صُلْبُ القَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِيّ وقِنَاء وقَنَوات.

القَانِي: فا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القِنْوَان: موٹا۔

القِنْي والقِنْيَة: بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

القَنَّاء والمُقْنِي: نیزہ والا۔ القَنَّاء: نالی کھودنے والا۔

الاَقْنٰی مِنَ الاُنُوف: نتھنے تنگ اور درمیان سے بلند ناک اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْنَى الاَنْفِ" وہ تنگ نتھنے اور درمیان سے بلند ناک والا ہے۔ مؤنث قَنْوَاء.

القِنَاء والاقْنَاءَة مِنَ الحَائِطِ: دیوار کی وہ جانب جس پر سایہ رجوع کرے۔

القُنُو: سیاہی۔

المَقْنَاة والمَقْنُوَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔

قَنَى يَقْنِيْ قَنْيًا وقِنْيَانًا وقُنْيَانًا المَالَ: حاصل کرنا۔ کمائی کرنا۔۔۔۔۔ الحَيَاءَ: حیا کو لازم ہونا۔

قَنَّى اللّٰهُ فُلانًا: خوش کرنا۔ راضی کر دینا۔

قَانَى مُقَانَاةً الشَّیُٔ فُلانًا: موافق ہونا۔

۔۔۔۔۔الشَّیَٔ: ملانا۔۔۔۔۔ الشَّیَٔ بِالشَّیِٔ: خلط ملط کرنا۔

۔۔۔۔۔ الشَّیَٔ: ہمیشہ رہنا۔

اَقْنَى اِقْنَاءً اللّٰهُ: غنی کرنا۔ خوش کرنا۔ راضی کر دینا۔۔۔۔۔ الصَّيْدُ فُلانًا ولِفُلانٍ: شکار کا زد میں آ جانا۔ قریب آ جانا۔

القُنْيَة والقِنْيَة: کمائی۔ ج قُنًى کہا جاتا ہے "لَهٗ غَنَمٌ قُنْيَةٌ وقِنْيَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَرْضٌ مَقْنَاةٌ: ہر شخص کے موافق آب وہوا والی زمین۔

قَهِبَ (س) قَهَبًا: بھورے رنگ کا ہونا۔ صفت قَهِبٌ واَقْهَبُ.

اَقْهَبَ عَنِ الطَّعَامِ: ہاتھ کھینچ لینا اور خواہش نہ کرنا۔

القَهْب: بڑا اونٹ۔

القُهْبَة: بھورا رنگ۔

القُهَاب والقُهَابِي: سفید۔

الاَقْهَبَان: ہاتھی اور بھینس۔

قَهَدَ (ف) قَهْدًا فِي مَشْيِهٖ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

القَهْد: سفید۔ تیرہ گون۔ صاف رنگ والا۔ ایک قسم کی بکری۔ نیل گائے کا بچہ۔ بچھیا۔ نرگس کی کلی جب کہ کھلی نہ ہو۔ ج قِهَاد.

قَهَرَهٗ (ف) قَهْرًا: غالب ہونا۔

قُهِرَ اللَّحْمُ: گوشت میں آگ کی وجہ سے پانی نکلنا۔

قَاهَرَهٗ: غالب آنا۔

اَقْهَرَهٗ: مغلوب پانا۔ اَقْهَرَ الرَّجُلُ: ذلت اور قہر کی طرف معاملہ والا ہونا۔ یاران مقہور کا ساتھی ہونا۔

القُهْرَة: مجبوری۔ کہا جاتا ہے "هُوَ قُهْرَةٌ لِلنَّاسِ" وہ ہر ایک کا مقہور ہے۔

القَهْرَة مِنَ النِّسَاءِ: بہت شریر عورت ج قَهَرَات.

القَاهِر: فا۔ بلند۔ ج قَوَاهِر.

القَاهِرَة: القاہر کا مؤنث۔ مملکت مصر کا پایہ تخت۔ ہر چیز کا سابق۔ سینہ۔ سر سینہ۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

القَهَّار: اسم مبالغہ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

القَهْرَمَان: وکیل۔ آمد و خرچ کا منتظم۔ ج قهارمة.

القَهْرَمَة: قہرمان کا فریضہ۔

القَهْقَم: پستہ قد۔ القَهْقَب: عمر رسیدہ۔ لمبے قد والا۔ بکیں۔

قَهْقَرَ قَهْقَرَةً وتَقَهْقَرَ: پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَقَهْقَرُ فِي مَشْيِهٖ" جبکہ پچھلے پاؤں چلے۔

القَهْقُوْر: عمارت جس کو بڑے پتھروں سے بناتے ہیں اور عوام اسے "قُهْقُوْر" کہتے ہیں۔

القَهْقَرَى: پچھلے پاؤں لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَهْقَرَى" وہ پچھلے پاؤں لوٹا۔

القَهْقَرَة: مص۔ بڑی چٹان۔ گیہوں جو سبزی کے بعد سیاہ ہو جائے۔

قَهَزَ (ف) قَهْزًا: کودنا۔

القِهْز: ریشم۔

قَهَلَ (ف) قَهْلًا وقُهُولًا وقَهِلَ (س) قَهَلًا وتَقَهَّلَ جِلْدُهٗ: کھال خشک ہونا۔ قَهَلَ الرَّجُلُ: ناشکری کرنا۔ کفران نعمت کرنا۔۔۔۔ فُلانًا: بری تعریف کرنا۔ قَهِلَ (س) قَهَلًا وتَقَهَّلَ الرَّجُلُ: جسم کو آلودہ رکھنا۔ پاک صاف نہ رکھنا۔ تَقَهَّلَ: آہستہ چال چلنا۔ اپنی حاجت کا گلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔ تَقَهَّلَ صَوْتُهٗ: آواز کا نرم وضعیف ہونا۔

اَقْهَلَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو میلا کچیلا رکھنا یعنی امور میں مشغول ہونا۔

اِنْقَهَلَ: کمزور ہونا اور گر پڑنا۔

القَيْهَل والقَيْهَلَة: چہرہ۔ پیکر۔ کہا جاتا ہے "حَيَّا اللّٰهُ هٰذِهِ القَيْهَلَةَ" اللہ تعالیٰ اس چہرہ کو باقی رکھے۔

قَهِمَ (س) قَهَمًا الرَّجُلُ: قلّتِ الاشتہاء ہونا۔ صفت قَهِمٌ۔

اَقْهَمَ عَنِ الطَّعَامِ: کھانے کی خواہش نہ رکھنا ...... عَنِ الشَّيْءِ: ناپسند کرنا۔ عَنِ الشَّرَابِ والمَاءِ: چھوڑنا ...... الإِبِلُ عَنِ المَاءِ: اونٹوں کا پانی پر نہ جانا ...... إِلَيْهِ: خواہش کرنا۔ اَقْهَمَتِ السَّمَاءُ: آسمان کا بادل سے صاف ہونا۔

قَهْمَزَ قَهْمَزَةً: کودنا۔

القَهْمَزَى: گھوڑے کا پویہ دوڑنا۔ جلد بازی۔ نشاط۔

القَهْمَزُ: پست قد۔

القَهْمَزَةُ: مص ...... مِنَ النِّسَاءِ: بہت پستہ قد عورت۔

اَقْهَى: قہوہ پینے کی مداومت کرنا۔

القَهْوَةُ: خالص دودھ۔ پوری شکم سیری۔ شراب۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شراب کو قہوہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کے پینے والے کی اشتہا کم ہوجاتی ہے۔ بو۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ فُلَانًا طَيِّبُ قَهْوَةِ الفَمِ" یعنی فلاں کے منہ کی بو اچھی ہے اور مولدین درخت بن کو بھی کہتے ہیں اور اس درخت سے پینے کی جو چیز بنائی جاتی ہے اس کو بھی قہوہ کہتے ہیں۔ نیز جس جگہ کثرت سے پی جائے اس کو بھی مجازاً قہوہ کہتے ہیں۔

المَقْهَى: قہوہ خانہ۔ ہوٹل قہوہ۔

القَهْوَانُ: عمر رسیدہ موٹے سینگوں والا بکرا۔

قَهْوَسَ وتَقَهْوَسَ: دوڑنا قَهْوَسَ الرَّجُلُ: خوف سے دوڑنا۔ وتَقَهْوَسَ: جھک کر مضطربانہ چلنا۔ کبڑا ہونا۔

قَهِيَ (س) قَهْيًا واَقْهَى إِقْهَاءً عَنِ الطَّعَامِ: اشتہا کم ہونا۔ قَهِيَ عَنِ الشَّرَابِ: چھوڑنا۔

إِقْتَهَى عَنِ الطَّعَامِ: بغیر مرض کے کھانے کی خواہش نہ ہونا۔

القَاهِي: تیز خاطر۔ عَيْشٌ قَاهٍ: خوش عیشی۔

قَابَ يَقُوبُ قَوْبًا الاَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے انڈے کو توڑنا ...... الرَّجُلُ: قریب ہونا۔ بھاگنا۔

قَوَّبَ الاَرْضَ: زمین کو گولائی میں کھودنا۔ رو رو کر نشان چھوڑنا ...... الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔

تَقَوَّبَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَقَوَّبَ مِنْ رَاسِهِ مَوَاضِعُ" یعنی اس کے سر میں چند جگہ چھل گئیں (...... وانْقَابَ) المَكَانُ: درخت اور گھاس سے صاف کیا جانا۔

تَقَوَّبَتْ وانْقَابَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا پھٹنا۔ وانْقَابَتِ الاَرْضُ: زمین کا کھدنا۔

اِقْتَابَ الشَّيْءَ: پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔

القَابُ: مقدار۔ کمان کے قبضہ اور گوشہ کمان کے درمیان کا فاصلہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلَى قَابِ قَوْسَيْنِ" کنایہ ہے بہت قریب ہونے سے۔

القُوبُ: چوزہ۔ ج اَقْوَاب۔ اُمُّ قُوبٍ: مصیبت۔

القِيبُ: مقدار۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا قِيبُ قَوْسٍ"۔

القَابَةُ والقَائِبَةُ: چوزہ۔ انڈا اور مثال میں ہے "تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ اَوْ قَابَةٌ مِنْ قُوبٍ" یعنی انڈا چوزے سے جدا ہوگیا۔ اس موقع پر کہا جاتا ہے جبکہ کوئی اپنے ساتھی سے جدا ہوجائے۔

القُوبُ: انڈے کے چھلکے۔

القُوبَاءُ والقُوبَاءُ۔ ج قُوبٌ والقُوبَةُ والقُوَبَةُ: داد کی بیماری۔ عوام اسے حزاز کہتے ہیں۔ القُوَبَةُ: گھر پر مقیم خانہ نشین۔

القُوَبِيُّ: چوزے کھانے کا حریص۔

المُقْتَوَبُ: چھلا ہوا۔ داد کھجلی کی وجہ سے کھال چھلا ہوا شخص ...... مِنَ الحَيَّاتِ: کینچلی اترا ہوا سانپ۔

قَاتَ يَقُوتُ قَوْتًا وقِيَاتَةً الرَّجُلَ: روزی دینا۔ گزارہ دینا۔ خوراک دینا۔

اَقَاتَ إِقَاتَةً فُلَانًا وعَلَى فُلَانٍ: گزارہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ قابو پانا۔ قدرت رکھنا۔

اِقْتَاتَ اِقْتِيَاتًا وتَقَوَّتَ بِالشَّيْءِ: کھانا۔

اِقْتَاتَ الشَّيْءَ: خوراک [illegible] جاتا "فُلَانٌ يَقْتَاتُ الكَلَامَ" فلاں کم گفتگو کرتا ہے۔

إِسْتَقَاتَ إِسْتِقَاتَةً. فُلَانًا: گزارہ طلب کرنا۔

القَاتُ: ایک درخت کا نام۔

القُوتُ: خوراک۔ گزارہ کے لائق کھانا۔ ج اَقْوَات۔

القَائِتُ والقِيتُ والقِيتَةُ والقُوَاتُ: خوراک گزارہ کے لائق۔ القَائِتُ مِنَ العَيْشِ: کفایت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي قَائِتٍ مِنَ العَيْشِ" القَائِتُ: شیر۔

المُقِيتُ: فا۔ قدرت رکھنے والا۔ نگہبان۔ گواہ۔

قَاحَ يَقُوحُ قَوْحًا وتَقَوَّحَ تَقَوُّحًا. الجُرْحُ: زخم سوجنا۔ پیپ والا ہونا۔ قَاحَ وقَوَّحَ البَيْتَ: جھاڑو دینا۔

اَقَاحَ إِقَاحَةً الرَّجُلُ: سوال کے بعد منع کرنے کا ارادہ۔

القَاحَةُ: صحن۔ کہا جاتا ہے "دَخَلْتُ قَاحَةَ الدَّارِ" گھر کے صحن میں داخل ہوا۔ ج قُوحٌ۔

قَاخَ يَقُوخُ قَوْخًا جَوْفُهُ: بیماری کی وجہ سے خراب ہونا۔

لَيْلَةٌ قَاخٌ: کالی رات۔

قَادَ يَقُودُ قَوْدًا وقِيَادَةً وقِيَادًا ومَقَادَةً وقَيْدُودَةً وقَوَّدَ. تَقْوِيدًا وتَقْوَادًا. الدَّابَّةَ: چوپائے کو آگے سے کھینچنا۔

قَادَ يَقُودُ قِيَادَةَ الجَيْشِ: سالارِ جیش ہونا۔ ...... القَاتِلَ إِلَى مَوْضِعِ القَتْلِ: قاتل کو قصاص کے لئے لے جانا۔

قِيدَ الدَّقِيقُ: آٹے کا پیڑا بنانا اور پکایا جانا۔

قَوِدَ يَقْوَدُ قَوَدًا. الفَرَسُ وغَيْرُهُ: لمبی پیٹھ اور گردن والا ہونا۔ صفت اَقْوَدُ مؤنث قَوْدَاءُ ج قُودٌ۔

اَقَادَ: آگے بڑھنا ...... الغَيْثُ: بارش کا پھیلنا ...... هُ خَيْلًا: آگے سے کھینچنے کے لئے

الـقَـاتِـلَ بِـالقَتِيْلِ :مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

قَاوَدَهٗ مُقَاوَدَةً :ساتھ ساتھ چلنا۔

اِنْـقَادَ اِنْقِيَادًا. لِفُلاَنٍ :تابعدار ہونا۔فروتنی کرنا......الـطَـرِيْـقُ اِلٰی كَذَا:واضح ہونا۔ نمایاں ہونا(...... واقْتَادَ اِقْتِيَادًا) کھینچنا۔

اِقْتَادَ الـدَابَةَ :کھینچنا۔کہا جاتا ہے"اِقْتَادَ الـدَابَةَ فَاقْتَادت" اس نے جانور کو کھینچا پس وہ کھنچ گیا(لازم ومتعدی)

تَـقَـاوَدَ الـمَـكَـانُ :جگہ کا ہموار ہونا...... الـرَجُلاَنِ :دو مردوں کا ایک ساتھ بھاگنا گویا کہ دونوں ایک دوسرے کو کھینچ رہے ہیں۔

اِسْـتَـقَادَ :ذلیل ہونا۔فروتنی کرنا......لَـهٗ :فرماں بردار ہونا۔تابعدار ہونا......الاَمِيْرَ :مقتول کا قصاص لینے کی درخواست کرنا۔کہا جاتا ہےاِسْتَقَاد الاَمِيْرَ مِنَ القَاتِلِ فَاَقَادَهٗ مِـنْـهٗ :اس نے امیر سے قصاص لینے کی استدعا کی اور امیر نے قصاص لیا۔

القَـاد والقِيْد :اندازہ ومسافت۔کہا جاتا ہے"بَيْنَهـما قَادُ قَوْسٍ او قِيْدُ قَوْسٍ" ان دونوں کے درمیان ایک کمان کی مقدار فاصلہ ہے۔

الـقَـوْد :مص۔کوتل گھوڑا۔کہا جاتا ہے "مَرَّبِنَا قَوْدٌ".

الـقَوَد :قود کا مصدر۔قصاص۔مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔

القِيَاد :مص۔جانور کو کھینچنے کی رسّی۔کہا جاتا ہے"فُلاَنٌ سَلِسُ القِيَاد" فلاں تمہاری خواہشات کا فرمانبردار ہے"واَعْطٰی فُلاَنٌ القِيَادَ" فلاں خوشی سے فرمانبردار ہو گیا۔اور بعضوں نے کہا کہ مجبوراً۔

فَرَسٌ قَيِّدٌ وقَيِّدٌ وقُوْدٌ وقَوُوْدٌ :سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔

القَوَّاد :اسم مبالغہ۔

الاَقْـوَد :سدھا ہوا تابعدار گھوڑا۔مضبوط گردن والا۔بخیل۔کسی چیز کی طرف [illegible]

ہونے والا اور باز نہ رہنے والا (...... والمُقْوَد) لمبا پہاڑ۔

القَـائِد :فا۔ج قُوَّاد وقُوْد وقَـادَة :ج قَـادَات :مستطیل زمین یا پہاڑ۔پہاڑ کی چوٹی۔

القَـائِدَة :قائد کا مؤنث۔زمین پر پھیلا ہوا ٹیلہ۔کہا جاتا ہے"اَعْـطَـاه مَقَادَتَهٗ" یعنی وہ اس کا فرمانبردار ہو گیا۔

المِقْوَد :جانور کو کھینچنے کی رسّی۔ج مَقَاوِد.

المَقُوْد :مفع اور مَقْوُوْد :بھی اصل کے لحاظ سے کہا جاتا ہے۔

طَرِيْقٌ مُنْقَادٌ :سیدھا راستہ۔

قَـارَ يَقُـوْرُ قَوْرًا :پنجوں کے بل چلنا...... الـصَيْدَ :فریب دے کر شکار کرنا......فُلاَنًـا: آنکھ پھوڑنا(...... وَقَـوَّرَا تَـقْوِيْرًا واقْتَارَ اِقْتِيَارًا واقْتَوَرَ اِقْتِوَارًا) الشَئَ :گول کاٹنا۔

اِقْتَـارَ الرَجُلُ محتاج ہونا۔اِقْتَـارَ حَدِيْثَهُم :کھود کرید کرنا۔

قَوِرَ يَقْوَرُ قَوَرًا. الرَجُلُ :کانا ہونا۔

تَـقَـوَّرَ الـسَـحَابُ :بادلوں کا علیحدہ علیحدہ گول ٹکڑے ہونا......الـلَيْلُ :اکثر رات گزر جانا......الحَيَّةُ :سانپ کا کنڈلی مارنا۔

اِنْقَارَ اِنْقِيَارًا :واقع ہونا......اِنْقَارَتِ البِئْرُ :کنوئیں کا منہدم ہونا۔ویران ہونا۔اِنْـقَـارَ بِهٖ :مائل ہونا۔

اِقْـوَرَّ اِقْوِرَارًا. الفَرَسُ :گھوڑے کا دُبلا ہونا......الـجِـلْـدُ :دُبلے پن کی وجہ سے جھری پڑنا۔اِقْوَرَّتِ الاَرْضُ :روئیدگی کا جاتا رہنا......فُلاَنٌ :موٹا ہونا۔

القَار :تارکول۔سیاہ رنگ کا ایک روغن جس کو کشتی وغیرہ پر ملتے ہیں۔ایک کڑوا درخت۔واحد قَارَة: اُونٹوں کا بڑا گلہ۔

القَوْر :مص۔نئی رُوئی۔رُوئی کی رسّی۔

الـقَـارَة :پہاڑوں سے علیحدہ چھوٹا پہاڑ۔مادہ ریچھ ج قَارٌ وقَارَاتٌ وقُوْرٌ وقِيْرَان.

الاَقْوَرُ: کشادہ۔مؤنث قَوْرَاءُ.

[illegible]

حیچیں۔

المُقَوَّر :مفع۔تارملا ہوا۔دُبلا گھوڑا۔

قَـوَّزَ تَـقْوِيْـزًا النَبْتُ :نباتات کا بکثرت ہونا۔

تَقَوَّزَ البَيْتُ :گھر کا منہدم ہونا......الوَعْلُ: پہاڑی بکرے کا دوڑنا۔

اِقْتَازَ النَمِرُ :چیتے کا پھاڑ کھانا۔

قَـاسَ يَقُوْسُ قَوْسًـا القَوْمَ :سابق ہونا۔آگے بڑھنا......الشَئَ عَلٰی غَيْرِه وبِه: نمونہ پر اندازہ کرنا۔

قَوِسَ (س) قَوَسًـا وتَقَوَّسَ واسْتَقْوَسَ الـرَجُلُ :خمیدہ پشت ہونا۔وقَـوَّسَـتِ السَحَابَةُ: بارش ہونا۔

قَاوَسَنِی فَقُسْتُهٗ اَقُوْسُهٗ :اس نے کمان کے عمدہ ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔

تَقَوَّسَ :مڑا ہوا ہونا۔کمان کی مانند ہونا۔......قَـوْسَـهٗ :کمان اُٹھانا......الشَيْبُ: بڑھاپے کا بالوں کو کھوری کرنا۔

اِقْتَـاسَ الشَئَ :اندازہ کرنا......بِفُلاَنٍ: اقتداء کرنا۔

القَـوْس :مص۔کمان۔مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کی تصغیر قُوَيْسَةٌ وقُـوَيْـس اور ج قِسِیٌّ وقُسِیٌّ واَقْوَاس وقِيَـاس واَقْوُسٌ وقِيَاس۔اور نسبت کے لئے قُسَـوِیٌّ اور قوس کی اضافت شخص کی طرف ہوا کرتی ہے جیسے قَوْسُ نَدَفٍ وقَوْسُ نَبْلٍ وغَيْرِه. القَوْس: ہر خمی چیز جو کمان کی طرح ہو۔قَوْسُ قُزَحٍ: دھنک۔ذراع۔قَوْسُ الرَجُلِ :بچی ہوئی پیٹھ۔

الـقُـوْس :راہب کا صومعہ۔شکاری کا جھونپڑا۔

الاَقْوَس :خمیدہ پشت۔بلند ریت کا ابھار۔

لَيْلٌ اَقْوَسُ :بہت تاریک رات۔[illegible]

اَقْـوَس :دُور کا شہر(...... والـمُقَـوَّس والقُوْسِيّ) مِنَ الاَيَّام :سخت اور لمبا دن۔

القَوَّاس : کمان والا۔ کمان گر۔ کمان چلانے والا۔ والقَوَّاس : باوردی یا سفیر کا خادم۔ جن کی خاص وردی ہوتی ہے۔

القُوَيْسَةُ: ایک خوشبودار پودا جو کہ پتھروں کے قریب بڑھتا ہے۔ سفید تنے والا ہوتا ہے اس کے پھول گلابی ہوتے ہیں اس کے کچھ طبی فوائد ہوتے ہیں۔

القَيَّاس : کمان کا درست کرنے والا۔ (......والمُقَاوِس) گھوڑوں کو چلانے والا۔

القُوَيْس والقُوَيْسَة : قوس کی تصغیر۔ ایک قسم کی نباتات۔

المِقْوَس : کمان رکھنے کا تھیلہ۔ میدان۔ رسی کہ جس سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کی صف بندی کی جاتی ہے۔ وہ مقام جہاں سے گھوڑ دوڑ میں گھوڑے دوڑنا شروع کرتے ہیں۔ ج مَقَاوِس۔

تَقَوْصَرَ : بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

القَوْصَرة : کھجور وغیرہ رکھنے کا بانس کا بنا ہوا ٹوکرا۔

قَاضَ يَقُوضُ قَوْضًا وقَوَّضَ البِنَاءَ : عمارت ڈھانا۔ قَوَّضَ الصُّفُوفَ والمَجَالِسَ : تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔ بولتے ہیں "بَنَى فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ" جبکہ کوئی بھلائی کے بعد برائی کرے۔

تَقَوَّضَ : آنا جانا۔ ......الحَلَقُ او الصُّفُوفُ : حلقہ یا صفت کا پراگندہ ہونا (...... وانقاض)

البِنَاءُ : عمارت کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔

القُوط : بکریوں کا ریوڑ۔ ج اَقْوَاط۔

القُوطَة : بڑا ٹوکرا۔

القَوَّاط : بکریوں کے ریوڑ کو چرانے والا۔

قَاعَ يَقُوعُ قَوْعًا : پیچھے رہنا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا (...... وتَقَوَّعَ) کانٹے دار جگہ میں چلنے والے کی طرح بچتا بچاتا چلنا۔

القَاع : پست ہموار پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین۔ ج اَقْوَاع واَقْوُع وقِيع وقِيعَان وقِيعَة۔

المَقْوَع : مص۔ گیہوں، کھجور وغیرہ کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج اَقْوَاع۔

القَاعَة : مکان کا صحن ج قَاعَات۔

القَوَّاع : بلبلانے والا بھیڑیا۔

القُوَاع : خرگوش۔ مؤنث قُوَاعَة۔

قَافَ يَقُوفُ قَوْفًا واقْتَافَ اَثَرَ فُلَانٍ : پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ : کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔

...... فِي المَجْلِسِ : بات کرنی سکھلانا۔ کلام کی اصلاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَقَوَّفُ عَلَى مَالِي" وہ میرے مال کو مجھ سے روکتا ہے۔

القَائِف : قا۔ قیافہ شناس۔ وہ شخص جو کسی کے اعضاء کو دیکھ کر یہ کہہ دے کہ یہ فلاں نسب سے ہے۔ ج قَافَة (...... والقَوَّاف والقُوَّاف) کھوج لگانے والا۔

الاَقْوَف : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَقْوَفُ النَّاسِ لِلْاَثَرِ" وہ لوگوں میں نشانات کا زیادہ کھوج لگانے والا ہے۔

القُوف : کان کا بالائی حصہ۔

القُوفِي : ہر خوشبودار دھونی۔

القَاف والقُوف والقُوفَة مِنَ الرَّقَبَةِ : گردن کے بال اور کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِقُوفِ رَقَبَتِهِ" میں نے اس کی پوری گردن پکڑ لی۔

قَاقَتْ تَقُوقُ قَوْقًا. الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔

القَاق : بے وقوف (...... والقُوق والقِيق) مِنَ الرِّجَالِ : بہت زیادہ لمبا۔ القَاق والقُوق: ایک آبی پرندہ۔

القَائِق : لمبی کشتی۔

القَاوُوق : ایک قسم کی لمبی ٹوپی جو ممالک عجم میں مستعمل ہے۔ ج قَوَاوِيق (دخیل)

قَوْقَاتْ قَوْقَاةً الدَّجَاجَةُ : مرغی کا کڑکڑانا۔

القُوقَة : ایک قسم کا پرندہ جو اجاڑ جگہوں میں رہتا ہے۔

قَوْقَلَ قَوْقَلَةً الرَّجُلُ فِي الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا۔

قَوْقَى قَوْقَاةً وقِيقَاءً : چیخنا۔ چلانا۔

قَالَ يَقُولُ قَوْلًا وقَالًا وقِيلًا وقَوْلَةً ومَقَالًا ومَقَالَةً : کہنا۔ بولنا ...... بِكَذَا : حکم کرنا، اعتقاد رکھنا ...... بِيَدِهِ : ہاتھ جھکا کر پکڑنا۔ ...... بِرَاسِهِ : اشارہ کرنا ...... بِرِجْلِهِ : چلنا ...... عَنْهُ : روایت کرنا ...... عَلَيْهِ : افترا کرنا۔ تہمت لگانا ...... الحَائِطُ : دیوار کا گرنا ...... لَهُ : خطاب کرنا ...... فِيهِ وعَنْهُ : اجتہاد کرنا ...... بِثَوْبِهِ : کپڑے کو بلند کرنا ...... بِهِ : محبت کرنا اور اپنے لئے خاص کرنا۔

القَوْمُ بِفُلَانٍ : قتل کرنا اور "مَاتَ وغَلَبَ ومَالَ واَقْبَلَ واسْتَرَاحَ" کے معانی میں بھی مستعمل ہے اور افعال کی تیاری کو بھی قال سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَالَ فَاَكَلَ قَالَ فَضَرَبَ" وغیرہ اور ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی کا عمل کرتا ہے بشرطیکہ مخاطب کا صیغہ اور فعل مستقبل ہو اور اس سے پہلے استفہام ہو اور استفہام اور فعل کے درمیان ظرف کے علاوہ کسی اور چیز کا فاصلہ نہ ہو۔ جیسے "اَتَقُولُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا" بمعنی "اَتَظُنُّهُ مُنْطَلِقًا" اور بعض کے نزدیک ظن کے معنی میں بلا کسی شرط کے مستعمل ہے چاہے استفہام ہو یا نہ ہو۔ صیغہ مخاطب کا اور فعل مستقبل کا ہو یا نہ ہو جیسے قُلْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا : بمعنی ظَنَنْتُ۔

قَوَّلَ واَقَالَ اِقَالَةً واَقْوَلَ اِقْوَالًا. فُلَانًا مَالَمْ يَقُلْ: غلط قول کی نسبت کرنا۔ نہ کہی ہوئی بات کو منسوب کرنا۔ وقَوَّلَهُ: بات کہنے کی تعلیم دینا یا حکم دینا۔

قَاوَلَهُ مُقَاوَلَةً فِي الاَمْرِ : مباحثہ کرنا۔

تَقَوَّلَ عَلَيْهِ القَوْلَ : جھوٹ گھڑنا۔

تَقَاوَلُوا فِي الاَمْرِ : گفت وشنید کرنا۔

اِقْتَالَ الشَّيْءَ : پسند کرنا ...... عَلَيْهِمْ : حکم لگانا۔

بِالثَّوْبِ ثَوْبًا : کپڑے کو کپڑے سے بدل لینا۔

القال والقیل: مص۔ گفتگو۔ القال: ابتدایا سوال۔ کہنے والا۔ جیسے "رَجُلٌ قَالٌ" بمعنی قائل۔ القِیلُ: جواب۔

القَیل: رئیس۔ حمیر کے بادشاہ کا لقب۔ ج اَقوَال واَقیَال وقُیُول۔

القَول: کلام یا ہر ایک لفظ۔ ج اَقوَال جج اَقاوِیل۔

القائل: قا۔ ج قُوّل وقُیّل وقَالَة وقُوُول۔

القالة والقولة والمقال والمقالة: گفتگو۔ المقالة: کتاب کا ایک ٹکڑا۔ والقالة: لوگوں کے اندر بری یا بھلی پھیلی ہوئی بات۔ دوپہر کا قیلولہ۔

القُولَة والقُوّال والقُوّالة والقَوُول والقَوُّول ج قُوُل وقُوْل والتِقوَلة والتِقوَالة: خوش بیان۔ بہت بولنے والا۔

القوّال: گویا۔ ج قوّالون۔

المِقوَل والمِقوَال: اچھی گفتگو کرنے والا۔ تیز زبان۔ المِقوَل: زبان ج مَقاوِل ومَقاوِلة اِمرَأة مِقوَل ومِقوَال: اچھی گفتگو کرنے والی تیز زبان عورت۔

المَقول والمَقوُول: مفع۔

کَلِمَةٌ مَقُولَة: بار بار کہا ہوا کلمہ۔

قَامَ یَقُومُ قَومًا وقَومَةً وقِیامًا وقَامَةً: کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ چلنے والے سے تم کہتے ہو "قُمْ لِی" یعنی میری وجہ سے ٹھہرو۔

الماءُ: پانی کا منفذ نہ پانے سے ٹھہر جانا۔ قَامَتْ بِه دَابَّتُهُ: تھک جانا۔ قَامَ مِیزَانُ النَّهارِ: دوپہر ہونا ...... الامرُ: اعتدال پر ہونا ...... الماءُ: پانی کا جم جانا ...... قَامَتِ السُّوق: بازار کا رائج ہونا۔ قَامَ الکَلأ: گھاس کا ظاہر ہونا۔ المَتَاعُ بِه: قیمت برابر ہونا ...... عَلَی الامرِ: مداومت کرنا ...... بِه ظَهره: دردمند کرنا ...... بالامرِ: انتظام کرنا ...... عَلَی الامرِ: نگہبانی کرنا ...... عَلَی غَرِیمِه: قرض دار سے مطالبہ کرنا۔ فِی الصَّلاةِ: شروع کرنا ...... اَهلَهُ: اہل وعیال کی ضروریات کو پورا کرنا۔

جاتا ہے "قَامَ یَفعَلُ کَذَا" یعنی ایسا کرنے لگا۔ قَامَتِ الصَّلوٰةُ: نماز شروع ہوگئی اور کہا جاتا ہے "قَامَ بِی وَقَعَدَ" یعنی میرے متعلق بُری خبریں پھیلائیں۔

قَوَّمَ الشَّیءَ: سیدھا کرنا اور اسی سے تَقوِیمُ البُلدَانِ: ہے جس کے معنی ہیں شہروں کا طول وعرض بیان کرنا۔ قَوَّمَ دَارَهُ: کجی کو دور کرنا۔ المَتَاعَ: قیمت لگانا۔

قَاوَمَهُ قِوَامًا ومُقاوَمَةً: ساتھ کھڑا ہونا۔ مخالفت کرنا۔ قائم مقام ہونا۔

اَقَامَهُ اِقَامَةً وقَامَةً: کھڑا ہونا۔ اَقَامَ المَائِلَ او المُعوَجَّ: سیدھا کرنا اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَا اَقوَمَه" اور یہ مزید سے آنے کی وجہ سے شاذ ہے۔ اَقَامَ الشَّیءَ: ہمیشہ رکھنا ...... بالمَکَانِ: وطن بنالینا۔ اقامت کرنا ...... الحَقَّ: حق ظاہر کرنا ...... الصَّلاةَ: کامل طریقہ سے ادا کرنا ...... لِلصَّلاةِ: اقامت کہنا ...... السُّوقَ: رائج رکھنا۔ بازار لگانا۔

تَقَاوَمَ: سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمتُهُ فَتَقَوَّمَ" میں نے اسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔

تَقَاوَمَ القَومُ الشَّیءَ بَینَهُم: قیمت کا اندازہ لگانا۔ تَقَاوَمُوا فِی الحَربِ: بعض کا بعض کے لئے کھڑا ہونا۔

اِقتَامَ اِقتِیامًا اَنفَهُ: ناک کاٹنا۔

اِستَقَامَ اِستِقَامَةً: سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِستَقَامَ لَهُ الامرُ" معاملہ اس کے لئے ٹھیک ودرست ہوگیا ...... المَتَاعَ: سامان کی قیمت لگانا ...... الشِعرُ: شعر موزوں ہونا۔

القَومُ: لوگوں کی جماعت۔ ج اَقوَام واَقَاوِم واَقَائِم واَقَاوِیم قَومُ الرَّجُلِ: قریبی رشتہ دار جو ایک دادا میں شریک ہوں۔

القَوَمُ: دشمن ج قِیمَان (...... والقَوم) کی جگہ میں اقامت کرنا۔ القَومَ: ارادہ۔

اَلقُومَانُدس: وہ فوجی جماعت جس کو تربیت دی جائے تاکہ وہ کشتیوں کے ذریعے [illegible]

کو نیست ونابود کردے۔

القَومَة: مص۔ قام کا اسم مرۃ۔ قامت انسان۔ رکوع اور سجدہ کے درمیان قیام۔

القَوَام: اعتدال۔ قَوَامُ الاِنسَانِ: قدوقامت۔

القَومِی: قومیت کا نظریہ رکھنے والا۔

القَومِیَّة: اصل اجتماعی سیاسی نظریہ جس کے تحت اس نظریہ کو ماننے والا امت کے متعلق کاموں کو اس کے غیر کے کاموں پر ترجیح دیتا ہے۔

القَوَام والقِوَام: گزارہ۔ زندگی۔

قِوَامُ الامرِ وقِیَامُهُ: مایۂ درستگی۔ جس سے کسی چیز کا قیام ہو اور کہا جاتا ہے "هُوَ قِوَامُ اَهلِه وقِوَامُهُم" وہ اپنے اہل وعیال کے لئے سہارا ہے۔ القِوَام: سیدھا۔ کہا جاتا ہے "رُمحٌ قِوَامٌ" سیدھا نیزہ۔

القُوَام: ایک بیماری جو جانوروں کی ٹانگ میں ہوتی ہے۔

القَامَة: مص۔ لوگوں کی جماعت ...... مِنَ الاِنسَانِ: قد۔ ج قَامَاتٌ وقِیَمٌ چرخی مع سامان کہا جاتا ہے "اِستَقَوا عَلَی القَامَةِ" انہوں نے چرخی پر پانی کھینچا۔ ج قِیَم۔

القِیَامَة: موت کے بعد اٹھنا۔ یوم قیامت۔ قبروں سے اٹھنے کا دن۔

القِیمَة۔ قام کا اسم نوع۔ قیمت۔ ج قِیَم قِیمَةُ الاِنسَانِ: انسانی قدر۔

القِیَمِی: قیمت کی طرف منسوب۔

الاِقَامَة: مص۔ اِقَامَةُ الجُندِیِّ: فوجی کی ڈیوٹی۔ ج اِقَامَات اور کہا جاتا ہے "طَوَی بِسَاطَ الاِقَامَةِ" یعنی کوچ کیا۔

التَقوِیم: کیلنڈر جنتری اس کی بانیوں کے لحاظ سے کئی اقسام ہیں۔ (۱) الرُّومِی او اليُولِیُوسِی: اس کو یولیوس قیصر نے ۴۶ قبل مسیح جاری کیا تھا۔ اس میں سال کبیسہ (لیپ سال) چار پر تقسیم ہو کر آتا ہے۔

(۲) التَقوِیمُ الهِجرِیّ: اس کو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ۱۶ جولائی ۶۲۲ء

١٧ھ میں جاری کیا تھا۔ ہجری سال ١٢ قمری مہینوں کا ہوتا ہے۔ شمسی لحاظ سے ٣٥٤ دنوں کا ہوتا ہے۔ لیپ سالوں میں ٣٥٥ دنوں کا ہوتا ہے۔

التَّقْوِیْم: مص۔ تَقْوِیْمُ الْبُلْدَانِ: ممالک کے طول و عرض اور زمین کے خراج کا بیان۔

التَّقْوِیْم: جنتری۔ ج تَقَاوِیْم۔

القَیِّمُ عَلَی الاَمْرِ: متولی۔ منتظم۔ مؤنث قَیِّمَةٌ قَیِّم المَرْاَةِ: شوہر۔ اَمْرٌ قَیِّم: سیدھا معاملہ الدِیَانَةُ الْقَیِّمَةُ: راست بازی۔ کہا جاتا ہے "ذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَةُ" صفت مؤنث اس وجہ سے ہے کہ دین سے مراد ملت حنفی ہے۔

القَائِم: قا ج قُوَّم وقُیَّم وقُوَّام وقِیَام وقِیَمْ وقِیَّام۔ قَائِمُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِم المَاءِ: پانی کے لئے بلند عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہو۔ واٹر ورکس۔

القَائِم مَقَام عِنْدَاَرْبَابِ السِیَاسَة: نائب۔ ج قُوَّام المَقَامَات۔

القَائِمَةُ۔ قائم: کا مؤنث ج قَائِمَات وقَوَائِم قَائِمَةُ السَّیْفِ: تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَةُ الدَّابَةِ: جانور کی ٹانگ اور اسی سے ہے قَائِمَةُ الخُوَان او السَّرِیْر: دسترخوان یا تخت کا پایہ۔ ج قَوَائِم۔ القَائِمَة: کتاب کا ورق۔ العَیْنُ القَائِمَةُ: ایسی آنکھ جس کی بصارت زائل ہو چکی ہو اور ڈھیلا اپنی جگہ پر قائم ہو۔

قَوْمِیَّةُ الاَمْرِ: معاملہ کی درستگی۔ قَوْمِیَّةُ الْاِنْسَان وقُوْمِیَّتُہٗ: قامت انسان۔

القَوَّام: اچھے قد و قامت والا۔ اُمور کا منتظم۔ اچھی نگرانی کرنے والا۔ امیر۔ ج قَوَّامُوْن۔

القَوِیْم: معتدل۔ اچھے قد و قامت والا۔ ج قِیَام۔

القَیَّام والقَیُّوْم: ہر چیز کا نگہبان۔ بے مثل و بے ہمتا۔ وہ ذات جو ابدی ہو اور قائم بذاتہٖ ہو۔ القَیُّوْم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الاَقْوَم: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَقْوَمُ کَلَامًا مِنْ فُلَانٍ" فلاں بہ نسبت فلاں کے زیادہ سیدھی سادی گفتگو کرنے والا ہے۔

المَقَام: کھڑے ہونے کی جگہ۔ مرتبہ ج مَقَامَات (..... والمُقَام) کھڑا ہونا۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔ کھڑے ہونے کا زمانہ۔

المَقَامَة: مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت۔ خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے مجمع میں بیان کی جائے۔ ج مَقَامَات اور اسی سے ہے۔ مقاماتِ بدیعی، مقاماتِ حریری وغیرہ۔

المِقْوَم: ہل کا دستہ۔

المُقَامَة: کھڑا ہونا۔ لوگوں کی جماعت۔ وطن اقامت۔

المُقِیْم: قا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مُقِیْمٌ وَمُقْعِدٌ" یہ معاملہ اضطراب انگیز ہے۔

تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ حد سے گزرنا ..... تَقَوَّنَ الرَّجُلُ: اچھی تعریف کرنا۔

القَوْنَة: لوہے یا تانبے کا ٹکڑا جس سے برتن کو جوڑتے ہیں۔ ج قُوَن۔

القَان: ایک درخت ہے جس سے کمانیں بناتے ہیں۔

القَاوُوْن: ککڑی کی ایک قسم۔

قَوَّہ تَقْوِیْهًا۔ الرَّجُلُ: چلانا ..... الصَّیْدَ: گھیرا ڈالنا۔

تَقَاوَہَ: الرَّجُلَان۔ صرخا فتعارفا: نشانِ مقررہ سے ایک دوسرے کو چلا کر پہچاننا۔

اِسْتَقْوَهَہٗ: شکار کا گھیرا ڈالنے کے لئے کہنا۔

اَیْقَہَ: اطاعت کرنا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "اَیْقِهْ لِهٰذَا" یعنی اس کو سمجھو۔ اَیْقَہَ واسْتَیْقَہَ: اطاعت کرنا اور یہ دونوں اَوْقَہَ واسْتَوْقَہَ: کے مقلوب صیغے ہیں۔

القَاہ: طاعت۔ عزت۔ مرتبہ۔ خوش حال زندگی اور کہا جاتا ہے "مَالَکَ عَلَیَّ قَاہٌ" تم کو میرے اوپر کوئی قدرت نہیں۔

القَاهِي: خوش حال زندگی والا۔

قَوِیَ یَقْوَی قُوَّةً: توانا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ..... عَلَی الاَمْرِ: طاقت رکھنا (..... قَوِیَ) بہت بھوکا ہونا ..... المَطَرُ: بارش بند ہونا۔

قَوِیَتْ قِیًا وقَوَایَةً۔ الدَّارُ: گھر کا خالی ہونا۔

قَوَّی الرَّجُلَ او الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔

قَاوَی مُقَاوَاةً الرَّجُلَ: طاقت میں غالب ہونا۔ تم کہتے ہو "قَاوَانِی فَقَوَیْتُہٗ" اس نے مجھ سے قوت میں مقابلہ کیا میں غالب ہو گیا وقَاوَاہُ: دینا۔

اَقْوَی اِقْوَاءً: محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اُترنا۔ مالدار ہونا۔ مضبوط و جانور والا ہونا۔ اَقْوَتِ الدَّارُ: رہنے والوں سے خالی ہونا۔ اَقْوَی القَوْمُ: قوم کا توشہ ختم ہونا ..... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا اور کھانے کو کچھ نہ ہونا۔ اَقْوَی البُقْعَةَ: خالی کرنا۔ اَقْوَی الشِعْرَ: اشعار کے قوافی کو اعراب میں مختلف کرنا ..... اَلْحَبْلَ: رسّی کو جا بجا موٹا بٹنا۔

تَقَوَّی: قوی ہونا۔ مضبوط ہونا۔

تَقَاوَی تَقَاوِیًا: بھوکے رات بسر کرنا۔ القَوْمُ المَتَاعَ بَیْنَهُمْ: قیمت بڑھانا یہاں تک کہ انتہائی قیمت پر پہنچنا ..... القَوْمَ الدَّلْوَ: سب کا ڈول کے منہ پر منہ لگا کر پینا۔

اِقْتَوَی اِقْتِوَاءً۔ المَتَاعَ: قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا ..... شَیْئًا بِشَیْءٍ: تبدیل کرنا ..... عَلَی فُلَانٍ: عتاب کرنا ..... الرَّجُلُ: مضبوط اور قوی ہونا ..... الشَّیْءَ: اپنے لئے خاص کرنا۔

اِسْتَقْوَی اِسْتِقْوَاءً: قوی ہونا۔

القَوَاء والقِوَاء ج اَقْوَاء۔ القِيّ والقُوَایَة والقَوَی: خالی اور چٹیل میدان۔ القَوَاء والقَوَایَة: بے بارش کی زمین۔ مَنْزِلٌ قَوَاءٌ: منزل جس میں کوئی انیس نہ ہو۔

القَوَاء والقَوَی: بھوک۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القَوَاءَ او القَوَی" بھوکے رات بسر کی۔

القُوَّة: زور۔ طاقت۔ توانائی۔ ج قُوَّات

وَقُوًى وقُوىً: رسّی کی لڑی۔ ج قُوًى۔
القُوَى: عقل۔
القَاوِی: فا۔ پکڑنے والا۔ لینے والا۔ بَلَدٌ
قَاوٍ: خالی شہر۔
القَاوِيَة: مؤنث قاوی: انڈا۔ کم بارش کا
سال۔ اِبِلٌ قَاوِيَاتٌ: بھوکے اونٹ۔
التَقَاوِی: مص۔ تَقَاوِی الاَمْطَارِ: بارش کی
قلت۔
القَوِیّ: مضبوط۔ زوردار ج اَقْوِيَاءُ۔
المُقْوِی: فا۔ الفَرَسُ المُقْوِی: مضبوط
گھوڑا۔ البَلَدُ مُقْوٍ: شہر جو بارش سے خالی ہو۔
قَاءَ يَقِیءُ قَيْأً. مَا اَكَلَه: قے کرنا۔ صفت قَائِیٌ
قَاءَتِ الطَعْنَةُ الدَّمَ: نیزہ کا خون بہانا۔ کہا
جاتا ہے قَاءَتِ الاَرْضُ الكَمْأَةَ: سانپ کی
چھتری کو اگانا۔ وقَاءَ الرَّجُلُ نَفْسَهٗ: مرنا۔
قَيَّأَ تَقْيِئَةً واَقَاءَ اِقَاءَةً فُلانًا مَا اَكَلَهٗ: قے
کرانا۔
تَقَيَّأَ تَقَيُّؤًا واِسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَةً: بتکلف قے
کرنا۔
القُيَاء: قے۔ قے آور دواء۔
القَيُوءُ والقَيُّوءُ: بہت قے کرنے والا۔
المُقَيِّی: قے آور دوا۔
القِيثَار والقِيثَارَة۔ ج قَيَاثِير والقِيثَار
والقِيثَارَة۔ ج قَيَاثِير: سارنگی۔
قَاحَ يَقِيحُ قَيْحًا وقَيَّحَ واَقَاحَ وتَقَيَّحَ
الجُرْحُ: زخم کا پیپ والا ہونا یا پیپ بہنا۔
القَيْح: پیپ۔ پیپ جس میں خون کی
آمیزش نہ ہو۔
قِيدَ الرَّجُلُ: بیڑی ڈالا جانا۔
قَيَّدَهٗ تَقْيِيدًا: بیڑی ڈالنا۔ روکنا......هٗ
بالاِحْسَانِ: احسان مند بنانا۔ قَيَّدَ الكِتَابَ:
اعراب لگانا......الكَاتِبُ والمتكلمُ: کلام
کو کسی قید سے مقید کرنا......الحِسَابَ:
حساب لکھنا......الخَطَّ: نقطے اور اعراب
لگانا۔
تَقَيَّدَ: بیڑی میں ہونا۔ رُکنا۔
المُقَيَّد: جانور کے پاؤں باندھنے کی

وغیرہ۔ ج قُيُود واَقْيَاد. وقَيْدُ الاَسْنَانِ:
مسوڑھا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ قَيْدُ الاَوَابِدِ"
تیز رفتار گھوڑا۔ یعنی اپنی تیز رفتاری کی وجہ
سے وحشی جانوروں کے لئے قید کی مانند ہے
کہ وہ ان کو بھاگنے سے روک دیتا ہے۔
القَيْد والقِيْد والقَاد: اندازہ۔ کہا جاتا ہے
"بَيْنَهُمَا قِيْدُ رُمْحٍ او قَادُ رُمْحٍ" ان
دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار
ہے۔
القِيَاد: رسّی۔ جس سے جانور کو کھینچا جائے۔
القَيِّدُ مِنَ الخَيْلِ او الاِبِلِ: سدھا ہوا
تابعدار گھوڑا یا اونٹ۔
المُقَيَّد: مفع جانور کے پاؤں میں رسّی
باندھنے کی جگہ۔ ج مَقَايِيد پازیب پہننے کی
جگہ۔ كِتَابٌ مُقَيَّدٌ: اعراب لگی ہوئی کتاب
اور کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ مُقَيَّدُ الخِمَارِ" یعنی
آزاد عورت۔ وبَنُو مُقَيِّد: بہت سے بچھو۔
وارْضٌ مُقَيِّدَةُ الحمار: زمین سنگلاخ۔
قَيَّرَ الشَّیءَ: کسی چیز پر قار ملنا۔
اِقْتَارَ الحَدِيثَ: بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔
القِير والقَار: سیاہ رنگ کی ایک چیز جس کو
کشتی پر ملتے ہیں تاکہ پانی اندر نہ آئے۔
القَيُّور: گمنام۔ غیر معروف النسب۔ کہا جاتا
ہے "هٰذَا اَقْيَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے زیادہ
کڑوا ہے۔
القَيْرَبُوس: امریکہ میں ایک پودا جس کا تنا
ستون کی طرح سیدھا ہوتا ہے۔
القِيرَاط: دیکھو مادہ ق ر ط۔
القَيْرَوَان: گھوڑوں کا گلہ۔ فوج کا بڑا حصہ۔
قافلہ۔ ج قَيْرَوَانَات (دخیل)
قَاسَ يَقِيسُ قَيْسًا وقِيَاسًا: ناز سے چلنا۔
بھوکا ہونا......هٗ: سابق ہونا (...... قَيْسًا)
الطَبِيبُ قَعْرَ الجِرَاحَة: زخم کی گہرائی ناپنا۔
صفت قَائِس...... الشَّیءَ بِغَيْرِهٖ او عَلٰی
غَيْرِهٖ: نمونہ پر اندازہ کرنا۔
اَقَاسَ الشَّیءَ بِغَيْرِهٖ وعَلَيْهِ واِلَيْهِ: نمونہ پر

قَايَسَ قِيَاسًا ومُقَايَسَةً بَيْنَ الاَمْرَيْنِ:
اندازہ کرنا......الشَّیءَ بِکَذَا والٰی كَذَا:
اندازہ کرنا......الرَّجُلَ: اندازہ کرنے میں
مقابلہ کرنا...... والٰی كَذَا: سابق ہونا۔
تَقَيَّسَ: قبیلہ قیس غیلان سے مشابہ ہونا۔ قبیلہ
قیس کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا۔ یا
قبیلہ قیس کے حلیف ہونے یا پڑوسی ہونے یا
ان سے ولاء کا تعلق ظاہر کرنا۔
اِنْقَاسَ: اندازہ ہونا۔
اِقْتَاسَ. الشَّیءَ: اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"هُوَ يَقْتَاسُ بِاَبِيْهِ" وہ اپنے باپ کی پیروی
کرتا ہے۔
القَاس والقِيس: اندازہ۔ کہا جاتا ہے
"بَيْنَهُمَا قَاسُ رُمْحٍ او قِيسُ رُمْحٍ" ان
دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار
فاصلہ ہے۔
القِيَاس: مص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قِيَاسُ
ذَاکَ" یہ اس کے مشابہ ہے۔ القِيَاسُ فِی
المَنْطِقِ: وہ قول جو کم از کم دو قضایا سے
مرکب ہو کہ جن کے تسلیم کر لینے سے ایک
دوسرا قول لازم ہو۔
القِيَاسِیّ: مطابق قیاس۔
القَيَّاس: بہت قیاس کرنے والا۔
المِقْيَاس: مقدار جس سے اندازہ کیا جا
سکے۔ ج مَقَايِيس۔
القَيْسَرِیّ: بڑا۔ ج قَيَاسِر وقَيَاسِرَة۔
قَيْسَارِيَة: قیصریہ کی تحریف ہے اور یہ چند
شہروں کے نام ہے۔ جو قیاصرہ روم کے
ناموں پر رکھے گئے تھے۔ جیسے قیساریہ
فلسطین قیساریہ فیلیس قیساریہ کپادوکیا۔
قَاصَتْ تَقِيصُ قَيْصًا. السِنُّ: دانت کا جڑ
سے گرنا۔ قَاصَ البَطْنُ: پیٹ کا حرکت
کرنا۔
اِنْقَاصَ وتَقَيَّصَ الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا اور
گرنا......الفَرْسُ: داڑھ کا گرنا یا لمبائی میں
پھٹ جانا۔ تَقَيَّصَتِ البِئْرُ: کنویں کا گرنا
اِنْقَاصَتِ البِئْرُ: پانی بہت ہونا۔ یہاں تک

کر کرنے کے قریب ہونا۔
قَاضَ يَقِيضُ قَيْضًا الْقِيضُ ... کرنا۔
...... الشَّيُّ : پھٹنا...... السِّنُّ: دانت ہلنا......
الشَّيُّ بِـالشَّيُّ : مانند بنانا...... الشَّيُّ مِنَ
الشَّيُّ: بدلہ میں لینا۔
قِيضَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔
قَيَّضَ اللّٰهُ لَهُ كَذَا : مقدر کرنا...... اللّٰه فُلانًا
بِفُلانٍ: لانا۔
قَايَضَ قِيَاضًا و مُقَايَضَةً فُلانًا بِكَذَا : مبادلہ کرنا۔
تَـقَيَّضَـتِ الْبَيْضَةُ : انڈے کا ٹوٹنا۔ تَقَيَّضَ
لَـهُ كَذَا: مقدر ہونا...... سبب ہونا...... اَبَاهُ:
باپ کے مشابہ ہونا(...... اِنْقَاضَ) الْحَائِطُ :
دیوار گرنا۔ اِنْـقَـاضَـتِ الرُّكْبَةُ او السِّنُّ :
گھٹنے یا دانت کا لمبائی میں پھٹنا۔
تَـقَايَضَ تَقَايُضًا. الرَّجُلانِ : ایک دوسرے
سے تبادلہ کرنا۔
اِقْتَاضَ الشَّيُّ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الْقَيْضُ : مص۔ انڈے کا خشک چھلکا(......
والْقِيَاضُ) برابر۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا قَيْضٌ
او قِيَـاضٌ لِـكَذَا" یہ اس کے برابر ہے
و"هُمَا قَيْضَانِ" وہ دونوں ہم شکل ہیں۔
اَلْـمُقَـايَضَـةُ: ایک مال کو دوسرے مال کے
ساتھ برابر قیمت پر خرید و فروخت کرنا۔
الْقَيْضَـةُ: ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا۔ ج قِيَضٌ.
الْقَيْضُ والْقَيْضَـةُ: پتھر کہ جس کو گرم کر کے
بکری وغیرہ کے نقرہ گردن پر داغ لگائیں۔
الْمَقِيضُ : انڈے کی جگہ۔ بِئْرٌ مَقِيضَةٌ : بہت پانی
والا کنواں۔ بَيْضَةٌ مَقِيضَةٌ: توڑا ہوا انڈا۔
قَـاظَ يَقِيـظُ قَيْظًا. الْيَوْمُ : سخت گرم ہونا(......
وقَيَّظَ وتَقَيَّظَ واقْتَاظَ) الْقَوْمُ بِالْمَكَانِ : گرمی کا
زمانہ گزارنا۔ قَـيِّظُـوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔
قَيَّظَهُ الشَّيُّ: گرمی کے زمانہ کیلئے کافی ہونا۔
قَـايَظَهُ قِيَاظًا و مُقَايَظَةً : گرمی کا زمانہ ساتھ
گزارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔
الْـقَيْـظُ : گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج
[illegible] وقُيُوظٌ.
الْقَائِظُ والْقَيِّظُ. سخت گرمی والا۔ يَوْمٌ قَائِظٌ :
سخت گرمی کا دن۔ قَيْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔
الْقَيْظِيُّ: جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔
الْـمَقَاظُ والْمَقِيظُ والْمَقْيَظُ: گرمی کا زمانہ
بسر کرنے کی جگہ۔
الْمَقْيُظَةُ: گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔
قَاعَ يَقِيعُ قِيَعًا. الْخِنْزِيرُ: سور کا آواز نکالنا۔
قَيَّفَ وتَقَيَّفَ الْأَثَرَ: تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔
الْقِيَافَةُ: کھوج۔ تلاش۔
قَاقَتْ تَقِيقُ قَيْقًا الدَّجَاجَةُ: مرغی کا کڑکڑانا۔
الْقَيْقُ : بے وقوف۔ کبوتر کے برابر ایک پرندہ
جس کے بازو مخلط اور دُم کالی ہوتی ہے اور
بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو اَبُـو زُرَيْقٍ بھی
کہتے ہیں۔
قَـيْقَبَةُ الْبَيْـضَةِ : انڈے کے سخت چھلکے کے
نیچے کا باریک چھلکا۔
الْـقِيْقَاةُ والْقِيْقَاءَةُ : سخت زمین۔ ج قَوَاقٍ
وقِيَاقٌ وقِيَقٌ.
الْقَيْقَبُ :ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ۔
وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو
گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے (......
والْقَيْقَبَانُ) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین
بنائے جاتے ہیں۔
الْقَيْقَابُ: کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔
قَـالَ يَقِيـلُ قَيْلاً وقَـائِـلَةً وقَيْلُولَةً ومَقَالاً
ومَـقِيلاً: دوپہر میں سونا(...... قَيْلاً) دوپہر
میں دودھ دوہنا اور پینا۔
قَيَّلَهُ: دوپہر میں پلانا۔
قَايَلَهُ: معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔
اَقَالَ اِقَالَةً الْبَيْعَ: بیع توڑنا۔
اللّٰـهُ عَثْرَتَكَ : گرنے سے اٹھانا۔ درگزر
کرنا۔ اَقَالَ الْإِبِلَ: دوپہر میں پلانا۔
تَقَيَّلَ : دوپہر میں سونا...... اَبَاهُ: باپ کے مشابہ
ہونا...... الْمَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔ تَقَيَّلَتِ الْإِبِلُ
: اُونٹوں کا دوپہر میں پینا۔
تَقَايَلَ الرَّجُلانِ الْبَيْعَ: بیع کو فسخ کرنا۔
اِقْتَالَ شَيْئًا بِشَيْءٍ: تبدیل کرنا۔
اسْتَقَالَهُ اسْتِقَالَةً الْبَيْعَ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔
اِسْتَقَالَهُ عَثْرَتَهُ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔
الْـقَيْـلُ :مص۔ دیکھیں۔ حمیر کے بادشاہوں کا
لقب۔ اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
الْقَيْلُ والْقَيُوْلُ: دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔
الْقَيْلَةُ والْقَيُوْلَةُ: اُونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
الْقَيْلَةُ والْقِيْلَةُ: خصیہ کا سوجن۔
الْـقَـائِـلُ : دوپہر میں سونے والا۔ ج قُيَّـلٌ
وقُيُلٌ وقُيَّالٌ.
الْقَائِلَةُ. قَائِلٌ : کا مؤنث۔ دوپہر۔
الْقَائِلَةُ والْقَيْلُوْلَةُ: دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔
رَجُلٌ قَيَّالٌ: ہمیشہ دوپہر میں سونے والا۔
الإِقَالَةُ:مص۔ عقد کا فسخ کرنا۔
الْـمَقِيْـلُ: مص قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر
میں سونا یا لیٹنا۔
الْـمَقْيَـلُ : دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں
دوپہر کے وقت دوہا جائے۔
دَوْحَةٌ مِـقْيَـالٌ : بڑا درخت جس کے نیچے
بہت زیادہ لیٹا جائے۔
قَـانَ يَقِيْـنُ قَيْنًا الْحَدِيْدَ :لوہے کو برابر کرنا
......الإِنَـاءَ: برتن کو درست کرنا...... الشَّـيْءَ:
جمع کرنا...... اللّٰـهُ فُلانًا عَلٰى كَذَا : پیدا کرنا
......الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ: بناؤ سنگار کرنا۔
قَانَ يَقِيْنُ قَيْنًا وقِيَانَةً: لوہار ہونا۔
قَيَّنَهُ: مزین کرنا۔
تَقَيَّنَ: مزین ہونا...... النَّبْتُ: اچھا ہونا۔
اِقْتَـانَ اِقْتِيَـانًا النَّبْتُ : اچھا ہونا۔ الرَّوْضَةُ:
باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔
الرَّجُلُ: مزین ہونا۔
الْـقَـانُ : ایک درخت ہے جس سے کمانیں
بنائی جاتی ہیں۔ واحد قَانَةٌ.
الْقَيْـنُ : غلام۔ ج قِيَـانٌ...... لوہار اور ہر
کاریگر ج قُيُوْنٌ واَقْيَانٌ.
الْـقَيْـنَةُ : باندی۔ لونڈی۔ گانے والی۔ کنگھی
چوٹی کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب
سے نچلا حصہ۔ ج قِيَانٌ.
الْـمُقَيِّـنَةُ. مُقَيِّـنٌ : کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی
کرنے والی عورت۔

ک : اَلْکَاف : بنیادی حروف میں سے بائیسواں حرف ہے۔ حروف مہموسہ سے ہے۔

کَ: مخاطب اور مخاطبہ کے لئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضَرَبَکَ وکِتَابُکَ وضَرَبَکِ وکِتَابُکِ وضَرَبَکُمَا وکِتَابُکُمَا وضَرَبَکُمْ وکِتَابُکُمْ وضَرَبَکُنَّ وکِتَابُکُنَّ۔

(۲) حرف جار کبھی تشبیہ کے لئے جیسے زَیْدٌ کَالْاَسَدِ اور کبھی تعلیل کے لئے جیسے اُذْکُرُوا اللّٰهَ کَمَاهَدَاکُمْ : یعنی اللہ کو یاد کرو اس لئے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لئے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے "لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ"۔

(۳) حرف غیر جار اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلِکَ وتِلْکَ واِیَّاکَ واِیَّاکُمَا ورُوَیْدَکَ۔

(کَئِبَ) (س) کَأْبًا وکَأْبَةً وکَآبَةً غمگین ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ صفت کَئِبٌ وکَئِیْبٌ اور مجازاً کہا جاتا ہے "اَرْضٌ کَئِیْبَةُ الْوَجْهِ"۔

اَکْاَبَ الرَّجُلُ: غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

......الرَّجُلَ: غمگین کرنا۔

اِکْتَأَبَ: غمگین ہونا۔

اَلْکَأْبَاءُ: سخت غم۔ اِمْرَأَةٌ کَأْبَاءُ: شکستہ دل و غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے مَا اَکْاَبَهٗ: اس کا غم کس قدر شدید ہے۔

اَلْمُکْتَئِبُ: غمگین۔ کہا جاتا ہے "رَمَادٌ مُکْتَئِبُ اللَّوْنِ" یعنی راکھ سیاہی مائل۔

اَلْکُؤْبَةُ: ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔

کَأَجَ (ف) کَأْجًا. الرَّجُلُ: حماقت زیادہ ہونا۔

اَلْکَأَاج: حماقت۔ بے وقوفی۔

کَأَدَ (ف) کَأْدًا: شکستہ دل و غمگین ہونا۔ غم سے بدحال ہونا۔

تَکَأَّدَ وتَکَاءَدَ الْاَمْرُ فُلَانًا: دشوار ہونا...... الْاَمْرَ: مشقت اٹھانا۔

اِکْوَأَدَّ الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔

اَلْکَأْدَاءُ: غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات۔

عَقَبَةٌ کَأْدَاءُ وکَؤُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔

اَلْکُؤَدَاءُ: غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔

اَلْکَأْسُ: پیالہ (مؤنث) ج کُؤُوْس واَکْؤُس وکَأْسَات وکِئَاس. کَأْسُ الزَّهْرَةِ: کلی کا غلاف۔ اَلْکَأْسُ: شراب۔

کَأْسِیَّةُ النُّوْرِ: شمالی امریکہ میں پھولوں کی ایک قسم جو خوشبودار ہوتا ہے زیب و زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

کَأَصَهٗ (ف) کَأْصًا: ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا...... الشَّیْءَ: بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے "کَأَصَا عِنْدَهٗ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا" یعنی ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا۔

کَأْکَأَ کَأْکَأَةً: کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔

تَکَأْکَأَ: بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا...... الْقَوْمُ عَلَیْهِ: قوم کا کسی پر جمع ہونا...... فِیْ کَلَامِهٖ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔

اَلْکَأْکَاءُ: بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے وقت کی دوڑ۔

اَلْمُتَکَأْکِیْ: قد۔ پستہ قد۔

کَأَلَ (ف) کَأْلًا وکَأْلَةً وکُؤُوْلًا: قرض کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض سے بیچ لو۔

کَأَنَ (ف) کَأْنًا الرَّجُلُ: مضبوط ہونا۔

کَأَنَّ: حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع اور معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) تشبیہ۔ جیسے "کَأَنَّ زَیْدًا اَسَدٌ" گویا زید شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔

(۲) شک وظن جیسے "کَأَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ" شاید زید کھڑا ہے۔

(۳) تقریب جیسے کَأَنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ: قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔

کَأَیَ یَکْأَیْ کَأْیًا الرَّجُلَ: گفتگو سے رنجیدہ کرنا۔

اَکْأَیَ عَنْهُ: ناپسند کرنا۔

کَأَیِّنْ وکَأَیْ: کاف تشبیہ اور ایّ سے مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے کَأَیٍّ مِنْ رَّجُلٍ اور

کَائِیْ رَجُلاً رَأَیْتُ: میں نے بہت سے آدمی دیکھے اور قلت کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے لئے کَائِیْ تَقْرَأ سورۃ الاحزاب: یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورۃ احزاب کی تلاوت کی تو اُنہوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ۔

کَبَّ (ن) کَبًّا اِلْاِنَاءَ: برتن کو اوندھا کر دینا۔

......الرَّجُلَ عَلٰی وَجْهِهٖ ولِوَجْهِهٖ: پچھاڑنا

......الغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا

......الشَّیْئُ: بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔

کَبَّبَ: کباب بنانا۔

اَکَبَّ. فُلانًا: پچھاڑنا......الرَّجُلُ: پچھڑا جانا۔ سرنگوں ہونا......عَلٰی العِلْمِ وغَیْرِهٖ: ہمہ تن مشغول ہونا۔ اَکَبَّ عَلَیْهِ: کسی کو بچانے کے لئے اس پر چھا جانا۔

تَکَبَّبَ: کپڑے میں لپٹنا......الرَّمْلُ او الشَّجَرُ: تہ بتہ ہونا۔ تَکَبَّبَتِ الاِبِلُ: اُونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَکَابَّ القَوْمُ عَلٰی الشَّیْئِ: بھیڑ کرنا۔

اِنْکَبَّ عَلٰی الاَمْرِ: لازم ہونا۔

الکُبُّ: ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الکُبَّةُ: گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت۔ بڑا اونٹ۔ بوجھ۔ کُبَّةُ الغَزْلِ اولخُیُوْطِ: کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج کُبَبٌ۔

الکُبَّةُ والکَبَّةُ: حملہ اور کہا جاتا ہے "کَانَتْ لَهُمْ کَبَّةٌ فِی الْحَرْبِ" یعنی انہوں نے لڑائی میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ الکُبَّةُ: لوگوں کی جماعت۔ کَبَّةُ النَّارِ: آگ کا بڑا حصہ۔ کَبَّةُ الشِّتَاءِ: سردی کا یکباری آنا۔ سردی کی شدت۔

الکَبَاب: کباب۔

الکُبَاب: بہت اُونٹ بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بتہ ریت۔

المِکَبُّ: دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِکَبَّات ومَکَابُّ.

المُکِبُّ والمِکْبَاب: زمین کی طرف نظر رکھنے والا۔

کَبَتَهُ (ض) کَبْتًا: پچھاڑنا۔ رُسوا کرنا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَبَتَهُ لِوَجْهِهٖ" یعنی اس نے اس کو منہ کے بل پچھاڑ دیا۔ و "کَبَتَ فُلانٌ غَیْظَهُ فِی جَوْفِهٖ" یعنی فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ و "کَبَتَ اللّٰهُ العَدُوَّ" یعنی اللہ دشمن کو رسوا و ذلیل کرے۔

اِنْکَبَتَ: پچھاڑا جانا۔ رُسوا ہونا۔ پھرنا۔ ٹوٹنا۔

اَلکُبُوْث: اون کی کھلی گرم چادر۔ کمبل۔

المُکْتَبِت: غم سے بھرا ہوا۔

کَبِثَ (س) کَبَثًا اللَّحْمُ: گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت کَبِثٌ ومَکْبُوْثٌ.

کَبَثَ السَّفِیْنَةَ: کشتی کو زمین کی طرف کھینچ کر لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

کَبَحَ (ف) کَبْحًا الدَّابَّةَ بِاللِّجَام: چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ کَبَحَهُ عَنِ الحَاجَةِ: باز رکھنا۔ کَبَحَهُ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔ کَبَحَ الحَائِطُ السَّهْمَ: دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَکْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَام: چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

کَابَحَهُ مُکَابَحَةً: گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

اُکْبِحَ المَکَانُ: بلند ہونا۔ صفت مُکْبَح ومُکْبِح.

الکَابِح: فا۔ بدشگونی کی چیز۔ ج کَوَابِح.

بَعِیْرٌ اَکْبَح: مضبوط اونٹ۔

کَبَدَهُ (ن ض) کَبْدًا: جگر پر مارنا۔

کَبَدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا......البردُ القَوْمَ: سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

کَبِدَ (س) کَبَدًا وکُبِدَ: درد جگر والا ہونا۔ صفت کَبِدٌ۔

کَابَدَ کِبَادًا ومُکَابَدَةً الاَمْرَ: مشقتیں برداشت کرنا......المُسَافِرُ اللَّیْلَ: رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

کَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَکَبَّدَ الاَمْرَ: ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا......المَکَانَ: وسط میں پہنچنا......الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسط آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الکَبْد والکِبْد والکَبِد مِنَ الاَمْعَاءِ: جگر۔ کلیجہ (مذکر و مؤنث) ج اَکْبَاد وکُبُوْد.

الکَبِد: اندرون۔ پہلو۔ وسط شئی۔ معظم شئے۔ کَبِدُ القَوْسِ: علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ کَبِدُ الاَرْضِ: معدنی چیزیں جیسے چاندی، سونا وغیرہ کہا جاتا ہے "فُلانٌ تَضْرَبُ اِلَیْهِ اَکْبَادُ الاِبِلِ" یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کے آتے ہیں۔

الکَبْد والکَبَد والکَبْدَاء والکُبَیْدَاء والکُبَیْدَاة مِنَ السَّمَاءِ: وسط آسمان۔

الکَبْدَاء: ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔ الکَبَد: پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی۔ سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔

الکَبْدَة. کَبَد: کا اسم مرۃ۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔

الکُبَاد: درد جگر۔

الکُبَّاد: چکوترہ۔

الاَکْبَد: ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث کَبْدَاء ج کُبْد.

اَلکَبِدِیَّةُ: چھپے ہوئی پھولوں والا کائی جیسا پودا تر مقامات پر زندہ رہتا ہے سبز پتوں والا اس کے پتے سورج کی روشنی پڑنے پر گہرے سرخ رنگ کے دکھنے لگتے ہیں۔

[illegible]: لیموں۔

الکابد: فا۔ مشقت کی برداشت۔

کَبِرَ (س) کِبَرًا و مَکْبِرًا فِی السِّنِّ: عمر رسیدہ ہونا۔

کَبَرَ (ن) کَبْرًا فُلَانًا بِالسِّنِّ: کسی سے بڑا ہونا (عمر میں)

کَبُرَ (ک) کِبَرًا و کُبْرًا و کَبَارَةً فِی القَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ کَبُرَ عَلَیْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔

کُوبِرَ الرَّجُلُ فِی مَالِهٖ: ظلم سے لیا جانا۔ صفت مُکَابَرٌ عَلَیْهِ۔

کَبَّرَ تَکْبِیْرًا و کِبَّارًا: اللہ اکبر کہنا ...... الشَّیْئَ: بڑا بنانا۔

کَابَرَهٗ: دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا ...... عَلٰی حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔

اَکْبَرَ الاَمْرَ: بڑا سمجھنا ...... الرَّجُلَ: بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔

تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ تَکَابَرَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔

اِسْتَکْبَرَ: متکبر ہونا ...... الاَمْرَ: بڑا سمجھنا۔ بڑا شمار کرنا۔

الکِبْرُ: غرور۔ بڑا گناہ۔

الکِبْرُ والکُبْرُ: چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔ رفعت۔ الکِبْرُ: کفر و شرک۔

الکِبَرُ والکِبْرَةُ والکِبْرَةُ: بڑھاپا۔ والکِبْرَةُ: بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ کُبْرُهُمْ وکِبْرَتُهُمْ و کُبْرُهُمْ و کُبْرَتُهُمْ و اِکْبِرَّتُهُمْ و اَکْبِرَتُهُمْ" وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے۔ وفُلَانٌ کُبْرَةُ وَلَدِ اَبِیْهِ: فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

الکَبَرُ: ڈھول۔ ج کِبَار و اَکْبَار (دخیل) ایک درخت کا نام۔

الکِبْرِیَاءُ: بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔

الکُبَار والکُبَّار والکَابِرُ: بڑا۔ الکابِرُ: بلند مرتبہ سردار۔ مورث اعلیٰ۔

الکَبِیْرُ: بڑا۔ ج کِبَار و کُبَرَاء: معظم۔ رئیس اور کبیر اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ

ہے۔

الکَبِیْرَةُ: کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج کَبِیْرَات و کَبَائِر۔

الاَکْبَرُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "الاَکْبَرُ والاَصْغَرُ" بمعنی کَبِیْر و صَغِیْر ج اَکَابِر و اَکْبَرُوْن۔ اَکَابِرُ القَوْمِ: شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے "اَتَانِیْ فُلَانٌ اَکْبَرَ النَّهَارِ" فلاں میرے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔

الاَکْبِرُ والاَکْبَرُ: ایک میٹھی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔

الکُبْرٰی: اکبر کا مؤنث۔ ج کُبَر و کُبْرَیَات: اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الجَارِیَةُ مِنْ کُبْرٰی بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے۔

المَکْبِرُ والمَکْبِرَةُ: عمر کی بڑائی۔

المَکْبُوْرَاءُ: اسم جمع بمعنی کُبَرَاءُ۔

کَبْرَتَ الشَّیْئَ: کسی چیز پر گندھک ملنا۔

الکِبْرِیْتُ: گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبٌ کِبْرِیْتٌ وفِضَّةٌ کِبْرِیْتٌ" خالص سونا چاندی۔

اَلکُبْرَیَا الاَصَفُ: ایک چھوٹا درخت جس کے پھول سفید خوبصورت اور ہاضم ہوتے ہیں۔

کَبَسَ (ض) کَبْسًا عَلَی الشَّیْئِ: حملہ کرنا اور بھینچنا ...... البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی سے پاٹنا ...... رَاْسَهٗ فِی الثَّوْبِ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔ ...... القَوْمَ دَارَهٗ: اچانک حملہ کرنا ...... السَّنَةَ بِیَوْمٍ: سال میں ایک دن زائد کرنا ...... النَّاصِیَةُ جَبْهَتَهٗ: پیشانی کو چھپالینا۔

کَبِسَ (س) کَبَسًا: بڑے سر والا ہونا۔ صفت اَکْبَس: مؤنث کَبْسَاء۔ ج کُبْس۔

کَبَّسَ الجَسَدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔ ...... عَلَی الشَّیْئِ: گھس پڑنا۔

[illegible]

کنوئیں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَکَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَکَبَّسَ عَلَی الشَّیْئِ: گھس پڑنا۔

الکِبْسُ: کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔

الکِبَاسَةُ: کھجوروں کا گچھا۔ ج کَبَائِس۔

جِبَالٌ کُبْسٌ و کُبَّسٌ: سخت پہاڑ۔

الکَابُوْسُ: ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہوتا ہے۔

الکُبَاسُ: سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پُر گوشت۔ هَامَةٌ کُبَاس: موٹی گول کھوپڑی۔

الکَبْسَةُ: اچانک حملہ۔

الکَابِسَةُ: کابس کا مؤنث۔ اَرْنَبَةٌ کَابِسَةٌ: اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِیَةٌ کَابِسَةٌ: پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔

الکَبِیْسُ: ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے۔

السَّنَةُ الکَبِیْسَةُ: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے جیسے ۱۹۴۰ء و ۱۹۴۴ء۔

المِکْبَسُ ج مَکَابِس والمِکْبَاس ج مَکَابِیْس: اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔ المَکَابِیْس: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔

المُکَبِّسُ: فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔

اَلکُبْسُوْلُ: بندوق کی گولی۔ اس کی دوسری لغت کبسون ہے۔

کَبَشَ (ن) کَبْشًا الشَّیْئَ: مٹھی بھر کر لینا۔

الکَبْشُ: مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو اور بقول بعض چار سال کا۔ ج کِبَاش و اَکْبَاش و اَکْبُش و کُبُوْشَة۔ الکَبْشُ: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ لگانے کے لئے [illegible]

جاتے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔
الکِبَاش: جواں مرد لوگ۔
الکُبَاش: مینڈھوں والا۔
الکُبَاص والکُبَاصَة: مضبوط و قوی اُونٹ یا گدھا۔
کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیْءَ: کاٹنا......ہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا، روکنا......الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔
کَبَعَ (ف) کُبُوْعًا: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
کَبَّعَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الکُبَع: ایک قسم کی مچھلی جس کو "جمل البحر" (سمندر کا اونٹ) بھی کہتے ہیں۔
کَبْکَبَ کَبْکَبَةً وکِبْکِبَةً الشَّیْءَ: اُلٹنا۔ پچھاڑنا۔ المَوَاشِیَ الشَّارِدَةَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا......الشَّیْءَ: گڑھے میں پھینکنا۔
تَکَبْکَبَ فِیْ ثِیَابِهٖ: لپٹنا......القَوْمُ: جمع ہونا۔
الکَبْکَبُ والکِبْکِبُ: ایک قسم کا کھیل۔
الکُبْکُبَة بتثلیث الکافین والکُبْکُوب والکُبْکُوبَة: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔
الکُبْکُبُ والکُبَاکِب: گٹھے بدن والا۔
الکِبْکِبَة والکِبْکِبُ: کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔
کَبَلَهٗ (ض) کَبْلًا وکَبَّلَهٗ: بیڑی ڈالنا۔ قید کرنا۔
کَبَلَهٗ وکَابَلَهٗ مُکَابَلَةً الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا......کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ سے لے لینا۔
تَکَبَّلَ: بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔
اِکْتَبَلَ الاَسِیْرَ: بیڑی ڈالنا......الکِیْسَ: تھیلی کو باندھنا......ہٗ: خَیْرَہٗ: روکے رکھنا۔
الکَبْل والکِبْل: بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْل واَکْبُل: الکَبْل: ڈول کا کنارہ۔

ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔
الکَبَل والکَابِلِی: تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْوٌ کَبَلٌ او کَابِلِی"۔
الکَابُوْل: شکاری کا جال۔
المَکْبُوْل: مفع۔ قیدی۔
الکَابُلِی: پستہ قد۔
الکِبُوْلَاء: ایک قسم کا کھانا۔
کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا. الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا......الشَّیْءَ: غائب کرنا......عَنِ الشَّیْءِ: بزدل ہونا۔ باز رہنا......عَنْهُ لِسَانَهٗ: زبان روکنا......هَدِیَّتَهٗ: روک لینا۔
کَبَنَ (ض) کَبْنًا وکُبُوْنًا الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا......الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔
اَکْبَنَ. لِسَانَهٗ عَنْهُ: زبان روکنا۔
اِکْبَانَّ اِکْبِنَانًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔
الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا......الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔
الکِبْن: مص۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔
الکُبْنُ والکُبْنَة: بخیل کنجوس۔ الکُبْنَة: خشک روٹی۔
الکُبَان: اُونٹوں کی ایک بیماری۔
المَکْبُوْن: مفع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔
......مِنَ الخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْن. رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی اُنگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَة.
المَکْبُوْنَة: جلد باز عورت۔
کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا لِوَجْهِهٖ: منہ کے بل گرنا......الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ کَبَتِ النَّارُ: آگ کا راکھ میں چھپنا......النُّوْرُ: روشنی کم ہونا۔

......النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا......الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا......الجَمْرُ: بلند ہونا۔
......لَوْنُ الصُّبْحِ او الشَّمْسِ: تاریک ہونا......السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا......مَاءً فِی الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا......الکُوْزَ: کوزہ سے گرا دینا......الشَّیْءَ: صاف کرنا......البَیْتَ: جھاڑو دینا۔
کَبَّی تَکْبِیَةً النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا۔ ثَوْبَهٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کِبَاء)
اَکْبَی اِکْبَاءً. الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبَی وَجْهَهٗ: متغیر کرنا۔
کَابَی مُکَابَاةً السَّیْفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔
تَکَبَّی عَلَی المِجْمَرَةِ: عوددان پر کپڑے کو ڈالنا۔
اِکْتَبَی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔
اِنْکَبَی: منہ کے بل گرنا۔
الکُبَاءُ: بلند۔
الکِبَاء والکِبَی ج اَکْبَاء والکُبَة ج کُبُوْن: کوڑا کرکٹ۔
الکِبَاء: زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے اِدھر اُدھر غلیظ جھاگ۔
الکِبَاء: دھونی کی لکڑی۔ ج کُبًی.
الکَبْوَة. کبا: کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔
الکُبْوَة: دھونی دینے کی انگیٹھی۔
الکَابِی: فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ: باوجود دعوت کے خیر کی طرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غُبَارٌ کَابٍ: بلند غبار۔
الکَابِیَة: کابی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَةٌ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔
کَتَّهٗ (ن) کَتًّا: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا

بِجَیْشٍ مَایَکُتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور
فوج لے کر آیا۔
کَتَّ و اَکَتَّ و اکتتَّ الکلامَ فِی اُذُنِہٖ :
چپکے چپکے کہنا۔
کَتَّ (ن) کَتِیْتًا: آہستہ چلنا۔
کَتَّ (ض) کَتًّا البَعِیْرُ: اُونٹ کا آہستہ
آہستہ بڑبڑانا۔ کَتَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کا
جوش مارنا۔ اُبلنا۔ کَتَّ الرَّجُلُ: ذلیل
کرنا۔ غمگین کرنا۔
اِکْتَتَّ الحَدِیْثَ: بات سننا۔
تَکَاتَّ النَّاسُ: شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔
الکَتُّ: مص۔ دُبلا (مذکر و مؤنث)......
الکَتَّۃ. کَتَّ: کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔
الکَتَّۃ: ردی مال۔
الکَتِیْتُ: مص۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔
جوش شراب کی آواز۔ جوان اُونٹ کی
آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَتِیْتُ
الیَدَیْنِ" یعنی بخیل مرد۔
الکَتِیْتَۃ: ایک قسم کا کھانا۔
کَتَبَ (ن) کَتْبًا و کِتَابًا و کِتْبَۃً و کِتَابَۃً
الکِتَابَ: لکھنا۔ کَتَبَ عَلَیْہِ کَذَا: واجب
کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہٖ
الطَّاعَۃَ وَ عَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ" یعنی اللہ
تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی
ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔
کَتَبَ القِرْبَۃَ کَتْبًا: مشک کو دوہرے تسمہ سے
سینا۔
کَتَّبَ الکِتَابَ: لکھنا..... الوَلَدَ: لکھنا سکھانا
..... الجُنُوْدَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار
کرنا۔
کَاتَبَہٗ مُکَاتَبَۃً: خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر
لکھنا۔ کَاتَبَ العَبْدَ: مال معینہ کی ادائیگی کی
شرط پر آزاد کرنا۔
اَکْتَبَہٗ: لکھنا سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔
اَکْتَبَ القَصِیْدَۃَ: لکھوانا۔ اَکْتَبَ القِرْبَۃَ:
مشک کا منہ باندھنا۔
تَکَتَّبَ الرَّجُلُ: کپڑے سمیٹ کر تیار

ہونا۔ تَکَتَّبَتِ الکَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا
جمع ہونا۔
تَکَاتَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے خط و
کتابت کرنا۔
اِکْتَتَبَ الکِتَابَ: لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھوانا۔
لکھنے کو کہنا..... الغُلَامَ: لکھنا سکھانا......
القِرْبَۃَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا......
بَطْنُہٗ: بند ہونا..... الرَّجُلُ: رجسٹر میں اپنا نام
لکھنا اور اسی سے ہے "اِکْتَتَبَ بِمَالٍ او
اِعَانَۃٍ".
اِسْتَکْتَبَہُ الشَّیْءَ: لکھنے کو کہنا..... ہُ القَصِیْدَۃَ:
قصیدہ املا کرانے کو کہنا..... الغُلَامَ: کاتب
بنانا۔
الکِتْبَۃ: مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ
یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔
الکُتْبَۃ: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔
الکِتَاب: مص۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔
صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُب
و کُتْب والکِتَابُ عَلَی الاِطْلَاقِ: ہر وہ
کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اَھْلُ الکِتَابِ:
وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ
الکِتَابِ: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔
الکُتُبِیّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔
الکِتَابَۃ: مص۔ لکھا ہوا۔ مال معین کی
ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔
الکَتِیْب: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔
الکَتِیْبَۃ: لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔
سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔
الکَاتِب: فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْنَ و کَتَبَۃ
و کُتَّاب۔
الکُتَّاب: جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج
کَتَاتِیْب۔
المَکْتَب: تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج
مَکَاتِب۔
المَکْتَبَۃ: لائبریری۔ کتب خانہ ج
مَکَاتِب۔
[illegible]

کرانے والا۔
المُکَتِّب: فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔
المَکْتُوْب: مفع۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب.
کَتَحَ (ف) کَتْحًا الطَّعَامَ: شکم سیر ہو کر
کھانا۔ کَتَحَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔
الدَّبَی الاَرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات
اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔
الکَتَد والکَتِد: دونوں کندھوں کے درمیان
کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُوْد اور کہا جاتا ہے
"خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا و اَکْتَادًا" وہ
ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔
الاَکْتَد: کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ
والا۔
الکُتْر والکِتْر والکَتْر والکَتْرَۃ: بلند
کوہان۔ الکِتْر: بلند عمارت۔ اندازہ۔
چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیان۔
الکَتْر والکَتْرَۃ: لڑکھڑاہٹ کی چال۔
الکُتْرَۃ: قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔
کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔
کَتِعَ (س) کَتَعًا: سکڑنا۔ لچا ہونا..... فِی
العَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔
کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ: لے جانا..... کُتُوْعًا
فِی الاَرْضِ: دور ہونا اور بھاگنا۔
کَتَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
کَاتَعَہُ اللّٰہُ: تباہ و برباد کرنا۔
تَکَاتَعَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا پیچھا
کرنا۔
الکُتَع ج کُتْعَان والکَتِیْع: لئیم و ذلیل
الکُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لچا۔ راستہ کا
واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الکَتِیْع:
اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ کَتِیْعٌ او
کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حولٌ
کَتِیْعٌ: پورا سال۔
الکُتْعَۃ ج کُتَاع والکُتَعَۃ ج کُتَع
والکُتَعَۃ ج کُتَع: ڈولچی۔
کُتَعُ. کُتَعَاءُ: کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں
مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "[illegible]"

الدار جمعاء کتعاء" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَأَیْتُ اِخْوَتَکَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا اور کُتَعَ وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعَ کو جُمَعَ پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَعَ کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الاَکْتَع: لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ کے توابع میں سے ہے اور بغیر اَجْمَعُ کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاء۔

الکَتْعَاء: باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کے لئے جَمْعَاء کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَأْیٌ مُکَتَّعٌ: قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُکْتِعًا و مُکَوْتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

کَتَفَ (ض) کَتْفًا و کَتِیْفًا: آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

...... فِی الاَمْرِ: نرمی برتنا (...... کَتْفًا و کِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ...... السَّرْجُ الدَّابَّةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا ...... الاِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ...... الاَمْرَ: ناپسند کرنا (...... کَتْفًا و کَتَفَانًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

کَتِفَ (س) کَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔

کَتِفَ الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

کَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ ...... الاِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ...... اللَّحْمَ و نَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَکَتَّفَ: سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَکَتَّفَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔

الکَتِفُ و الکِتْفُ و الکَتْفُ: شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج کِتَفَة و اَکْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّهُ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ الکَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الکَتَفُ: مرض درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الکُتَاف: درد شانہ۔

الکِتَاف: مشکیں کسنے کی رسی۔ ج اَکْتِفَة و کُتُف و کُتْف.

الکَاتِف: فا۔ ناپسند کرنے والا۔

الاَکْتَف مِنَ الخَیْلِ و الجِمَالِ: درد شانہ والا۔ مؤنث کَتْفَاء ج کُتْف. الاَکْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الکَتِیْفُ: لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج کُتُف.

الکَتِیْفَة: دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج کَتَائِف.

الکُتْفَان و الکِتْفَان: ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد کِتْفَانَة.

المِکْتَاف: جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

کَتْکَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہ کے ہنسنا (...... و تَکَتْکَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الکَتْکَات: جلدی جلدی بولنے والا۔

کَتَلَهُ (ن) کَتْلًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔

کَتِلَ (س) کَتَلًا: چٹنا۔ صفت کَتِل.

...... [illegible] آلودہ ہونا۔

کَتَلَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

کَتَّلَ الشَّیْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَکَتَّلَ القَصِیْرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ...... الشَّیْءُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِنْکَتَلَ: گزرنا۔ جانا۔

الکُتْلَةُ مِنَ الطِّیْنِ و نَحْوِهٖ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج کُتَل.

الکَتَال: نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (...... و الکُتَل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیْهِ کَتَالَهٗ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الکَتَلْپَة: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الکَتِیْلَة: درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج کتائل.

الاکتل: سخت مصیبت۔

المِکْتَل و المِکْتَلَة: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آسکے۔ ج مَکَاتِل. المِکْتَل: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الکَاثُوْلِیْک: رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج کَاثُوْلِیْکِیُّوْن (دخیل)

کَتَمَ (ن) کَتْمًا و کِتْمَانًا و کَتَّمَ و اِکْتَتَمَ الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی کتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کَتَمْتُ زَیْدًا الحَدِیْثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "کَتَمْتُ مِنْ زَیْدٍ الحَدِیْثَ کَتَّمَ الشَّیْءَ" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ و اِکْتَتَمَ الشَّیْءَ:

کَتَمَ (ن) کُتُومًا و کِتمَانًا الاِنَاءَ : بہنے سے روکے رکھنا۔
کَاتَمَہُ مُکَاتَمَۃً السِرَّ : چھپانا۔ کہا جاتا ہے کَاتَمَہُ العَدَاوَۃَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔
تَکَاتَمَ الرَجُلَانِ الحَدِیثَ : ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔
اِنکَتَمَ: چھپنا۔
اِستَکتَمَ السِرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔
الکِتمَۃ: پوشیدگی۔
الکَتَم والکِتمَان: وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الکَاتِم: فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ کَاتِمٌ بمعنی مَکتُومٌ: یعنی چھپا ہوا بھید و قَوسٌ کَاتِمٌ: کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الکَتمَۃ: کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعتُہُ کَتمَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الکُتَمَۃ والکُتَّام والکَتَّامَۃ: بھید کو بہت چھپانے والا۔
الکَتُوم: بھید کو چھپانے والا (...... والکَتِیم) مِنَ القِسِیِّ : ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرزٌ کَتِیمٌ: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاَکتَم: بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُکتَتِم: فا۔ سَحَابٌ مُکتَتِمٌ: بادل جس میں گرج نہ ہو۔
کَتِنَ (س) کَتَنًا. الوَسخُ عَلَی الشَّیءِ: میل کا چسپاں ہونا...... الشَّیءُ: میل کچیل لگنا...... دھوئیں سے سیاہ ہونا...... النَّخلَۃُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا...... فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔
کَتَّنَ و اَکتَنَ الشَّیءَ: چپکانا۔
تَکَتَّنَتِ المَرأَۃُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الکَتَن: ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چمس پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الکَتن والکَتِن: پیالہ۔ سِقَاءٌ کَتِنٌ: میل کچیلی مشک۔
الکَتَّان: السی کا پودہ۔ الکَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ کَتَّانَہُ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
الکَتَانِیَات: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سٹے کی طرح اکٹھے۔ زیب و زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الکَتُونَۃ: کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الکَتَّان: کھٹمل۔
کَتَا یَکتُو کَتوًا: چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اَکتَی اِکتَاءً ا: دشمن پر غالب آنا۔
اِکتَوتَی اِکتِیتَاءً ا: غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
کَثَّ (ض) کَثَاثَۃً و کُثُوثَۃً و کَثٌّ (س) کَثَثًا : گاڑھا ہونا...... الشَّعرُ: بالوں کا گھنا ہونا...... اللِّحیَۃُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا...... بِسَلحِہ: پاخانہ کرنا۔
اَکَثَّ الرَّجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت کَثٌّ. ج کِثَاث و اَکَثّ مؤنث کَثَّاء. ج کُثٌّ.
الکَثُّ والکَثِیث: گھنی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ کَثُّ اللِّحیَۃِ وکَثِیثُھَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "وامرَأَۃٌ کَثَّۃٌ وکَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الکَثُّ: میلا کچیلا۔
الکَثِیث: سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الکَثَاث: کٹی ہوئی کھیتی کے داڑوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔
کَثَا (ف) کَثأً و کَثأً تکثِئَۃً اللَّبَنُ ونحوُہُ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا...... [illegible] داڑھی لمبی اور گھنی ہونا...... الزَّرعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا...... القِدرُ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا...... الرَّجُلُ: بالائی کھانا ...... اَوبَارُ الاِبِلِ: اونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَکثَاَتِ اللِّحیَۃُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔
الکُثأَۃ والکُثَاۃ مِنَ اللَّبَنِ: بالائی۔ ...... مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آ جائے۔ کہا جاتا ہے "خُذ کُثأَۃَ قِدرِکَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
...... الصَّیدُ فُلَانًا : شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَثَبَکَ الصَّیدُ فَارمِہ" شکار تمہارے قریب آ چکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ یَکثُبُہُ: وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ کَثَبَ لَبَنُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
کَثُبَ الشَّیءُ: کم ہونا۔
کَاثَبَ القَومَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَکثَبَ الرَّجُلَ والَیہِ ومِنہُ ولَہُ: قریب ہونا۔
فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنکَثَبَ الرَّملُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الکَثَب: قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ مِن کَثَبٍ او عَن کَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الکُثبَۃ: تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج کُثَب۔
الکَاثِبَۃ: کَاثِب کا مؤنث ...... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج کَوَاثِب۔
الکُثَاب: بہت۔
الکُثَّاب والکُثَّاب: بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الکَثِیب: ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثبَان واَکثِبَۃ۔
الکَثبَاء: مٹی۔
کَثَجَ (ض) کَثجًا. مِنَ الطَّعَامِ: بقدر کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع كرنا۔ بکھیرنا۔ كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبارۃ التاب۔ كَثَحَ مِنَ الْمَالِ: خواہش کے موافق لینا(...... وكَثَّحَ) عَنْ كَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَثَحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا۔

تَكَثَّحَ بِالْحَصَى: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ كُثْحُمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ دَرِيسٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْحُمَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وكَثَارَةً: بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكُثَارٌ وكَاثِرٌ وكَيِّثَرٌ.

كَثَرَ (ن) كَثْرًا الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ ...... الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا۔ ...... النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا...... بالكلام: بہت گفتگو کرنا...... فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ: کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا...... الشَّيْءُ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الْكِثْرُ والْكُثْرُ: بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ" قلت وکثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الْكُثْرَةُ: بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ: کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے القِلَّة والكِثْرَة.

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ: بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرُونَ. وَنِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ: اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَعْمَلُونَ كَذَا" (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔

الْكُثَارُ: بہت(...... والْكِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَارٌ او كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَيِّثَرُ: بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ: مالدار۔

الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيرُ: بہت بولنے والا (مذکر ومؤنث)

الْمَكْثُورُ: مغ۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبا لیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كُثُوعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثِعَتْ (ف) كَثْعًا وكُثُوعًا وكَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَة: اور ایسے ہونٹ والے کو أَكْثَعُ: کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ: بمعنی كَثَعَ. كَثَّعَتِ الأَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا...... القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا...... الجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا...... لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔

فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الْكُثْعَةُ والْكُثَعَةُ: بالائی۔ ہانڈی کی جھاگ۔ الْكُثْعَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الْكَثِعَةُ: گارا۔ کیچڑ۔

الْمُكَثِّعُ: فا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الْكَثْعَمُ: چیتا اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ف) كَثَافَةً وتَكَاثَفَ: موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ.

كَثَّفَهُ: موٹا کرنا۔

أَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا...... الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا...... الأَمْرُ: بلند ہونا۔

الْمُكَثِّفُ: بیٹری جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

الْكَثْفُ: جماعت۔

الْكَثِيفُ: گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد(...... والْكُثَافُ) بہت۔

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الْكُثْلُ: گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الْكَوْثَلُ والْكَوْثَلَ: دنبالہ کشتی۔

الکَاثُولِیکِ: دیکھئے کاثولیک.
کَثَمَ (ض) کَثمًا الشَّیْئُ: جمع کرنا......الاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا......الشَّیْئُ: منہ میں رکھ کر توڑنا......ہٗ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا۔
کَثِمَ (س) کَثَمًا: شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکْثَم.
کَاثَمَہٗ: قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَکْثَمَ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا......فِیْ بَیْتِہٖ: روپوش ہونا۔ اَکْثَمَہُ الصَّیْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَکَثَّمَ: حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْکَثَمَ: غمگین ہونا......عَنْ وَجْہٍ کَذَا: پھر جانا۔
الکَثِمُ والکَاثِمُ مِنَ الطِّیْنِ ونحوہ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
کَثَمُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الاَکْثَمُ: کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ اَکْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔
الکُثْمَۃُ: گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الکُحُّ: خالص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَّبَ الکَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکُحْبُ: کچا انگور واحد۔ کُحْبَۃٌ......وُبر۔
الکَاحِبُ: بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ دَرَاھِمُ کَاحِبَۃٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الکَاحِبَۃُ: آگ کا شعلہ بلند ہو۔
کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَہٗ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
کَحَصَ (ف) کُحُوصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔ الظَّلِیْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کر دکھلائی نہ دے۔ الرَّجُلُ: پشت دے کر بھاگنا...... کَحْصًا البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔
بِرِجْلِہٖ: پاؤں سے کریدنا......الاَرْضَ: زمین سے غبار اڑانا......الشَّیْئُ: [illegible]

کَحْصًا وکُحُوصًا الاَثَرُ: نشان مٹانا۔
الکَاحِصُ: فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَۃٌ. کَوَاحِص. اَطْلَالٌ کَوَاحِصُ: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحَطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ.
الکُحُوْف: جسم کے اعضاء۔
کَحْکَحَ: عاجز کرنا۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا وکَحَلَ العَیْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا......فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ وکَحَّال اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُّھَادُ عَیْنَہٗ: کنایہ ہے بے خوابی سے۔
کَحَلَ (ف) کَحْلًا واَکْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَتِ السِّنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
کَحَلَ واَکْحَلَ وتَکَحَّلَ واکْتَحَلَ واکْحَالَّ المکانُ بِالخُضْرَۃِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
کَحِلَت (س) کَحَلًا واکْحَالَّتِ العَیْنُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ وکَحِلَ الرَّجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ واِکْتَحَلَ: آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِکْتَحَلَ السُّھَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا......وَجْھُہٗ بِالھَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِیْ بِکَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکَحْلُ: مص۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
کَحْلُ وکُحَلُ وکَحْلَۃُ: تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الکُحْلُ: سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الکَحَلُ: خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
[illegible]

والمِکْحَلُ......[illegible]
عَیْنٌ کَحِلٌ وکَحِیْلٌ وکَحِیْلَۃٌ: سرگیں آنکھ ج کَحْلٰی وکحائل.
اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ: سرگیں آنکھیں۔
الکَحِیْلُ: نفط۔ قطران۔
الاَکْحَلُ: مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الکَحْلَاءُ. الاَکْحَلُ کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل.
الکَحْلَاءُ والکُحَیْلَاءُ: گاؤ زبان۔
الکُحْلِیُّ: سرمہ بنانے والا۔
المِکْحَلُ والمِکْحَالُ: سرمہ کی سلائی۔
المُکْحُلَۃُ: سرمہ دانی۔
اَلْمُکْحُلَۃُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور بالخصوص میں پیدا ہوتا ہے۔
الکَحْمَۃُ: آنکھ۔
کَحِیَ یَکْحِیْ کَحْیًا الشَّیْئُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا وکَخِیْخًا فِیْ نَوْمِہٖ: خراٹے لینا۔
کَخَمَہٗ (ف) کَخْمًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکِیْخَمُ: بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا: کام میں محنت کرنا۔ روزی کا طلب کرنا۔ انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا......الرَّجُلَ: تھکانا......الرَّاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا......الشَّیْئُ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَہٗ: سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ: مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ واَکْدٰی: کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ واکْتَدَّ الشَّیْئَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّہٗ واسْتَکَدَّہٗ: کام میں محنت کرانا۔
الکَدُّ: مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ھٰذَا مِنْ [illegible]"

کَدَکَ ولاکَدَ ایک [illegible]
محنت وکوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الکِدْۃ والکَدِید :سخت زمین۔ الکَدِیْد: موٹا موٹا پِسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الکُدَادَۃ والکُدَدَۃ والکُدْدَۃ: ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
کُدَادَۃ السَّمَن: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَاوَۃُ الکلا: تھوڑی گھاس۔
الکَدُوْد :بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْر کَدُوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الاکُدَّۃ: چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ اَکُدَاد واَکَادِیْد :شکست خوردہ قوم (ان کے لئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے "رَأَیْتُھُمْ اَکُدَادًا واَکَادِیْد" میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا "وابِلٌ اکُدَاد" تیز چلنے والا اونٹ۔
المِکَدُّ: کنگھی۔
المَکْدُوْد. مفع مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃ: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَأَ وکَدِئَ (ف س) کَدْءًا وکُدُوْءًا النَّبْتُ :نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
کَدِئَ (س) کَدَأَ الغُرَابُ: کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا...... البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا...... الاِبِلُ: اونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدَأَ وکَدَّأَ البَرْدُ النَّبَاتَ :زمین پر بٹھا دینا اور اُگنے نہ دینا۔
اَرْضٌ کَادِئَۃٌ :دیر سے اُگنے والی یا اُگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَاوِئَۃُ الاَوْبَار :کم بال والے اونٹ۔
الکَدَب والکُدْب والکَدَب والکَدِب: جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدَبَۃ۔ دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔
کَدِجَ (س) کَدَجًا الرَّجُلُ: بقدرِ کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِی العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اٹھانا۔ کَدَحَ لِعَیَالِہٖ :کمائی کرنا۔ رَأْسَہٗ بالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا(...... وکَدَّحَ) الوَجْہَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکْتَدَحَ لِعَیَالِہٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَکَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ" چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الکَدْحُ: مص۔ خراش۔ ج کُدُوح۔
کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَرًا وکَدَارَۃً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَۃً وکُدْرَۃً : تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَدِرَ عَلٰی فُلَانٍ" غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیْشُ :زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ الشَّیْئَ: تیرہ گوں کرنا کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کردی۔
تَکَدَّرَ واکْدَرَّ الشَّیْئُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْکَدَرَ فِی السَّیْرِ :تیز دوڑنا...... عَلَیْہِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ: بکھر جانا۔
الکُدْرَۃ: مص...... مِنَ الاَلْوَانِ: مٹیالا۔
الکُدْرَۃ مِنَ الحَوْضِ :کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک مٹھا ج کُدَر (...... والکُدْرِیْ والکُدْرَۃ ی) پتلا بادل۔
الکَدْر والکَدِر والکَدِیْر مِنَ العَیْشِ او الاَلْوَان وغَیْرِ ذٰلِکَ :غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الکُدُرّ: موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُدُرَّۃ۔
الکُدَارَۃ: ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاَکْدَر :مٹیالا۔ مؤنث کَدْرَاء۔ ج کُدْر :سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَر: تلخ زندگی۔
کَدَسَہٗ (ض) کَدْسًا وکُدَاسًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِہٖ الاَرْضَ: پچھاڑنا...... کَدَسَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا چھینکنا...... المُثْقَلُ فِی سَیْرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا...... الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا(...... کُدَاسًا) بدفالی لینا(...... وکَدَّسَ) الحَصِیْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔
تَکَدَّسَ :ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَکَدَّسَتِ الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔
الکُدْسَۃ والکُدَاس :جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے والکُدَاس مِنَ الثَّلْجِ او الحَصِیْدِ ومَا اَشْبَہٗ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جو ان کی طرح ہو۔
الکُدْس ج اَکْدَاس والکُدَّاس ج کَدَادِیْس :کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاس الرَّمْلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الکُدَاسَۃ :ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔
الکَادِس: فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِس۔
المُتَکَادِس :فا۔ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت۔
کَدَشَہٗ (ض) کَدْشًا: خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔ ہٹانا۔ کَدَشَ لِعَیَالِہٖ :حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا(...... واکْتَدَشَ واکْدَشَ) مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً : حاصل کرنا واکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے کی وجہ سے گرنا۔
الکَدْش :زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدِشٌ" خراش زدہ کھال۔

الـكَدَّاشُ : بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
كَدَعَهُ (ف) كَدْعًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الكُدْعَة: ذلیل ورسوا۔
اَكْـدَفَ الفَرَسُ : گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الكَدَفَة: ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
كَدْكَدَ الـرَّجُلُ : زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ كَـدْكَـدَهُ وتَكَدْكَدَهُ: سختی سے ہٹانا۔
الـكَدْكَـدَة : مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔
كَدَم (ض ن) كَـدْمًا : اگلے دانتوں سے کاٹنا ...... الـصَّـيْـدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "كَدَمَ فِيْ غَيْرِ مَكْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔
كَـادَمَتِ الـدَّابَةُ الحَشِيْـشَ : چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُكْدِمَ الاَسِيْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَـكَادَمُوْا. بِالاَفْوَاهِ : ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الكَدْم: مص۔ اثر۔ انسان۔ ج كُدُوْم.
الكَدَم: دانت کاٹنے کا نشان۔
الكُدَم : دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سر والی کالی ٹڈی۔ واحد كُدَمَة.
الكَدْمَة. كَدَمَ: کا اسم مرۃ۔ داغ' نشان۔
الكَدْمَة: حرکت۔
الكَدُوْم والكَدَّام: دانت کاٹنے والا۔
الـكُـدَام: گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔
الـكُدَامَة: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔
الكُدَامَة والكُدَام: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔
المَكْدَم: دانت کاٹنے کی جگہ۔
الـمُكَدَّم. مِنَ الحِبَال والاَكْسِيَة : مضبوط بنی ہوئی۔ قَـدَحٌ مُكَدَّمٌ : موٹے دِل کا شیشے کا پیالہ۔ اَسِيْـرٌ مُكَـدَّمٌ : رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔

المُكَدَّم: دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُكَدَّمٌ: جنگ کا زخمی شدہ۔
كَدَنَ (ن) كَدْنًا. بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا۔
الـكِـدْن والـكِدْن : کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج كُدُوْن.
كَـدَنَ يَكْدُنُ الفَدَّانَ : زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔
الكِدْنَة: کوہان۔
الـكِـدْنَة والـكُـدْنَة : چربی اور گوشت کی کثرت۔
الكَدَانَة: نا اہلی۔ فرومایگی۔
الـكَدِن : بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث كَدِنَة ج كَدِنَات.
الكَدَن: ٹھیالا۔
الـكَذَّان : نرم پتھر (اور یہ كَذَّان: کی تحریف ہے)
الكَذَّانَة: نرم پتھر کا ٹکڑا۔
كَدَهَ (ف) كَدْهًا وكَدَّه. الشَّيْءَ: توڑنا۔ ...... بالحَجَر : سخت پتھر سے رگڑنا ...... عَلَيْهِ: غالب ہونا ...... ہ الهَـمّ : مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْدُوْهٌ مِنَ الهَمّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔
...... لِاَهْلِهِ: مشقت سے کمائی کرنا ...... شَعْرَهُ بِالمُشْط: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔
تَكَدَّهَ: ٹوٹنا۔
الكَادِه: فا۔ توڑنے والا۔ ج كُدَّه.
الكَدْه : مص۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج كُدُوْه.
كَدَا يَكْدُو كَدْوًا وكُدُوًّا. الزَّرْعُ : خراب فصل ہونا ...... الاَرْضُ: دیر سے اُگنا (......
كِدَاءًا) الشَّيْءَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔
كَـدِيَ يَكْدَى كَدًى بالعَظْم : ہڈی کا گلے میں اٹکنا ...... الـمِسْـكُ : بے خوشبو ہونا۔
[illegible]

انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے گھسنا۔
تَكَدَّى تَكَدِّيًا: مشقت برداشت کرنا۔
كَـدَى يَـكْـدِي كَـدْيًـا الـرَّجُلَ : روکنا۔ مشغول کرنا ...... الـوَجْـهَ: چہرے میں خراش لگانا ...... الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔
اَكْـدَى اِكْـدَاءً الرَّجُلُ : حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَكْدَاهُ عَنْ كَذَا : باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَكْدَى المَعْدِنُ: جوہر نہ بنانا۔ الـحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَـاَلَـه فَـاَكْدَى" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا ......
الـنَّـبْـتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ......
الـعَامُ: خشک سالی ہونا ...... الـمَطَرُ: بارش کم ہونا ...... الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔
كَدَّى تَكْدِيَةً: سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔
تَكَدَّى تَكَدِّيًا: عطیہ طلب کرنا۔
الـكُـدْيَة: سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج كُدًى. الـكُدْيَة : طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (...... والكَدَاة والكَدَايَة) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔
الكَادِيَة: زمانہ کی سختی۔
كَذَّ (ن) كَذًّا: کھردرا ہونا۔
اَكَذَّ: نرم پتھر پر چلنا۔
اَلـكَذَّان : نرم پتھر۔ واحد كَذَّانَة: كَـذَبَ (ض) كَـذِبًـا وكِـذْبًـا وكَـذْبَةً وكِذْبَةً وكِذَّابًا وكِذَابًا : جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ كَـذَبَـتِ الـعَيْـنُ : دھوکا لانا۔
كَـذَبَ الـرَّاىُ : غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَـذَبَتْكَ عَيْنُكَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وكَـذَبَ السَّيْـرَ : چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وكَذَبَ القَوْمُ السُّرَى : لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور یہ دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "كَـذَبَهُ الحَدِيْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

كُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

كَذَّبَہٗ: جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَہٗ: رُک جانا...... الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا...... عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا(...... تَكْذِيبًا و كِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بِآيَاتِ رَبِّہٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔

اَكْذَبَہٗ: جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَہٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الِاكْذَاب ہے۔

كَاذَبَہٗ كِذَابًا و مُكَاذَبَةً: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَكَذَّبَ: جتکلف جھوٹ بولنا...... فُلَانًا وعَلَيْہِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَكَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الكِذَاب. بتثلیث الکاف والكِذْبى والكُذْبَان: جھوٹ۔

الاُكْذُوبَة: جھوٹ۔ ج اَكَاذِيب.

الكَاذِب: فا ج كَذَبَةٌ و كَذَّابٌ و كُذُبٌ.

الكَاذِبَة. كاذب: کا مؤنث ج كَاذِبَات و كَوَاذِب: جھوٹ۔

الكَذُوب ج كُذُب والكَذْبَان والكَيْذَبَان والكَيْذُبَان: بڑا جھوٹا۔

الكَذُوب: نفس۔

الكَذَّاب والكُذَبَة والكُذُوبَة والتِكِذَّاب والمَكْذَبَان والمَكْذَبَانَة: بڑا جھوٹا۔

الكَذُوبَةُ: نفس۔

المَكْذَبَة والمَكْذُبَة ج مَكَاذِب والمَكْذُوب والمَكْذُوبَة ج مَكَاذِيب: جھوٹ۔

التَكَاذِيب: جھوٹی باتیں۔ لغو وباطل باتیں۔

كَذَا: دو طریقہ سے مستعمل ہے۔

(۱) یہ کہ دونوں کلے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَاَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا ورَاَيْتُ عَمْرًو كَذَا اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھٰكَذَا.

(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا وكَذَا دِرْهَمًا: یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا و كَذَا۔

الكَاذِي: کیوڑہ۔

كَرَّ (ن) كُرُوْرًا: لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْہُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْہِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت كَرَّار اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلَحُ لِلكَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

...... اللَيْلُ والنَهَارُ: رات دن کا باری باری آنا(...... كَرًّا) الرَجُلُ: لوٹانا(...... كَرًّا وكُرُوْرًا وتَكْرَارًا) الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور لوٹ پڑنا۔

كَرَّ (ن) كَرِيْرًا. المَرِيْضُ: جان دینا۔

كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔

كَرَّرَ تَكْرَارًا وتَكْرِيْرًا وتَكِرَّةً. الشَيْءُ: بار بار کرنا۔

تَكَرَّرَ: بار بار ہونا۔

الكَرُّ: مص۔ کھجور کے پتوں کی رسّی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسّی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُوْر (...... والكُرُّ) کنواں۔ ج كِرَار.

الكُرُّ: نماز پڑھنے کے لئے مصلّی۔ ج اَكْرَار و كُرُوْر.

الكُرُّ: ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَكْرَار.

الكَرَّة: لڑائی میں حملہ...... عند المولدين مِنَ المحاسبين: ایک لاکھ ج كَرَّات.

الكُرَّة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو كرّتان اور قرّتان: کہتے ہیں۔

الكَرِّي: لڑائی میں حملہ۔

الكَرِيْرُ: مص۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الكَرَّار والمِكَرّ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّة اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔

المَكَرُّ: حملہ کی جگہ۔

كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا...... القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔

...... ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا...... ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسّی باندھنا...... فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا(...... كُرُوْبًا) قریب ہونا۔

النَارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبَتِ الشَمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا...... فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ كَرَبَ النَاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے(...... كَرْبًا وكِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَرْعِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔

كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسّی والا ہونا۔

كُرِبَ: غم لاحق ہونا۔

كَرَّبَ الدَلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی رسّی

رسّی باندھنا......الرَّجُلَ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَکْرَبَ: قریب ہونا......الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا......الاِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔
فِی السَّیْرِ: دوڑنا......القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
کَارَبَہٗ مُکَارَبَةً و کِرَابًا: قریب ہونا۔
تَکَرَّبَ: تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا و اِکْرَابَّ اِکْرِبْبَابًا: سخت غمگین ہونا۔
الکَرْب۔ ج کُرُوْب و الکُرْبَة ج کُرَب: غم اور مشقت۔
الکَرَب: ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی، کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَةٌ۔
الکَرَبَة: گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب۔
الکَرَابَة: سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب۔
الکَرَابَة والکُرَابَة: کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة۔
الکِرَاب: وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرَبَةٌ۔
الکَرُوْبِیُّون والکَرُوْبِیَّة: اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُبِیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوْب اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب۔
الکَرِیْبُ: نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الکَرِیْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (...... والمَکْرُوْب) غمگین۔
الکَرِیْبَة۔ کَرِیْب: کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب: کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَلمِکْرُوْبُ: جرثومہ۔ یعنی پانی، خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دوربین کے نظر نہ

آئے۔
الاِکْرَاب: مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَیْکَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔
المُکْرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔
حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔
اَلْکَرْبُوْنُ اَوِ الْفَحِیْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت ایٹمی نمبر اور کمیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱. ۱۲ کاربن-6 -C۔ کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔
اَلْکَرْبُوْنَاتُ: کاربونات۔ سفید باریک پیسا ہوا اکٹھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا بی کاربونیٹ)۔
الکَرْبَج: دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)
کَرْبَدَ فِیْ عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
الکِرْبِز: بڑا کھیرا۔
کَرْبَسَ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ مِنْ ظَھْرِ فَرَسِہٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الکِرْبَاس: کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیْس (دخیل)
رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ: چھلانگ لگانے کے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ......الشَّیْءَ: لپیٹنا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَهٗ: پچھاڑنا......الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا......قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ: چوتڑوں کے بل گرنا۔
کَرْبَلَ: کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا......الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا......الحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا، صاف کرنا۔

الکِرْبَال: گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیل۔
الکَرْبَلَة: مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِیْ مُکَرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
فَرَاشَةُ الکَرْنَبِ: اَوْ دُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْکَرْوِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا ملک آسٹریلیا ہے۔
کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا و اَکْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔
اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اَکْتَرَثَ لِلاَمْرِ: پروا کرنا......کہا جاتا ہے "ھُوَ لَا یَکْتَرِثُ لِھٰذَا الاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
الکَرَّاث و الکُرَّاث: گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کَرَّاثَةٌ۔
الکَارِث: غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث۔
الکَرِیْث: غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
کَرْثَا و تَکَرْثَا الشَّعْرُ وَنَحْوُہٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الکِرْثِئُ: تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
الکِرْثِئَة والکَرْثَاة: گنجان سبزی۔
الکَرِیْثَاء: پکی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا و کَرَّجَ و اَکْرَجَ و تَکَرَّجَ الخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الکُرْج: ایک قوم کا نام۔ واحد کُرْجِیّ (...... والکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔
الکُرَّجِیّ: مخنث۔

الکِرْخ: مذاہب کی کوٹھری۔ ج اکراخ۔
کَرَخَ (ف) کَرْخًا الماءَ الی مزارعہٖ: پانی کھیتوں میں چلانا۔
کَرَدَ (ن) کَرْدًا: ہانکنا...... العدوَّ: دشمن کو ہٹانا...... الشیءَ: کاٹنا۔
کَارَدَہٗ مُکَارَدَۃً: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الکَرْد: گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِکَرْدِہٖ او بِکَرْدَنِہٖ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
الکَرْدِیدَۃ: کھجور کی بڑی ڈھیری۔
کَرْدَحَ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فلانًا: پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ فی عَدْوِہٖ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
الکُرْدُح: بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الکُرَادِح: پستہ قد۔
الکِرْدَاح: دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
الکَرْدَحَۃ: مص۔ تیز دوڑ۔
المُکَرْدَح: فا۔ ذلیل وخوار۔
کَرْدَسَ الخیلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا...... الشیءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... الحمارَ: گدھے کو تیز ہانکنا...... ہٗ: پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ الرجلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ: سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الکُرْدُوس: کندھے کی ہڈی۔
الکُرْدُوسَۃ: گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج کَرَادِس و کَرَادِیس۔
کَرَادِیسُ الفرسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَس: گٹھے بدن کا۔
اَلکَرْدِینَال ج کَرَادِلَۃ: گرجا میں ایک بڑا عہدہ۔
کَرْدَمَ: موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ القومَ: جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ: گھبرا کر دوڑنا۔

الکُرْدُم والکُرْدُوم من الرجال: موٹا پستہ قد۔ ج کَرَادِم و کَرَادِیم۔ الکُرْدُم: بہادر۔
کَرَزَ (ض) کُرُوزًا: داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... الی فلانٍ: پناہ لینا (...... کَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
کَرَّزَ البازیَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کُرِّزَ البازیُ: باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَۃً الی المکان: دوڑ کر چھپنا...... عَنْہُ: بھاگنا...... ہٗ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا...... القومَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الکُرْز: چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ کُرْزُ الجُعَل: گبریلا کی گولی۔ ج اکراز و کِرَزَۃ۔
الکَرَز: ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد کَرَزَۃ۔
الکُرَّز: حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج کَرَارِزَۃ (...... والمُکَرَّز والکُرَّزِیّ) لئیم۔ خبیث۔
الکَارِز والکَارُوز: انجیل کا واعظ۔
الکُرَاز۔ ج کِرْزَان والکُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الکُرَّاز: چرواہے کا تھیلا اٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا...... من المعز: گھنٹی دار بکری۔ ج کَرَارِیز۔
الکَرِیز: پنیر۔
الکِرَازَۃ: انجیل کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً الرجلُ: دوپہر میں کھانا۔
الکُرْزُم: بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزَم والکِرْزِیم: کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَازِم و کَرَازِیم۔
کَرَّسَ البناءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔
الاُسقُفُ البِیعَۃَ او الاوانی الکنسیۃَ وغیرَھا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص کرنا۔
اَکْرَسَ المکانُ: بول و براز سے لتھڑ جانا...... ۃً: بول و براز والی جگہ میں داخل ہونا۔
تَکَرَّسَ: بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا...... الشیءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا...... اُسُّ البناءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا...... الحَبُّ ونحوُہ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْکَرَسَ علیہ: اوندھا ہونا...... فی الشیءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الکِرْس: ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج اکراس و ج اکارِیس۔ کِرْسُ الحوضِ: حوض کے ارد گرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الکُرَّاسَۃ والکُرَّاس: کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج کَرَارِیس۔
الکُرْسِیّ: تخت۔ کرسی۔ ج کَرَاسِیّ وکَرَاسٍ کُرْسِیُّ الاُسقُف: پادری کی اقامت گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِک: تخت شاہی۔ الکُرْسِیّ: علم: کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیّ" یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِھٰذا الحائطِ کُرْسِیًّا" اس دیوار کے لئے پشتہ بنا دو۔
کُرْسِیُّ الجَوْزاءِ: چند ستاروں کا مجموعہ۔
الکَرَاسِیّ: علماء۔
الکِرْیَاس: چھت کے اوپر کا پاخانہ۔ ج کَرَابِیس۔
الکَرَوَّس: بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُکَرَّس والمُکْرَس: مفع...... من القلائد: دو دو ہاروں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُکَرَّس: جوان پستہ قد پُر گوشت۔
اَلکِرْمَسَۃ: موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔

کَرْسَعَ کَرْسَعَةً الرَّجُلَ: دوڑنا ...... فُلانًا: گٹے ہوئے چھنگلیا والے حصّے پر مارنا۔
الکُرْسُوْع: گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج کَرَاسِیْع۔ کُرْسُوْعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الکُرْسُعَة والکُرْسُوْعَة: لوگوں کی جماعت۔
المُکَرْسَع: گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ۔ مؤنث مُکَرْسَعَة۔
کَرْسَفَ الدَّابَةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔ ...... البَعِیْرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔
الدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَکَرْسَفَ: کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ...... الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکِرْسَافَة: آنکھ کی کدورت۔
الکُرْسُف والکُرْسُوْف: رُوئی۔
الکُرْسُفَة والکُرْسُوْفَة: رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الکِرْسِنَّة والکِرْسِنَة: ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤ دانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
کَرِشَ (س) کَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔ ...... الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
کَرَّشَ: ترش رُوئی کرنا۔ مُکَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَکَرَّشَ وَجْهُهُ: ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا ...... القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَکْرَشَ الجَدْیُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَکْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجدی: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کے بچے جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کَرْش کہتے ہیں) ...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔

السکِرْش والکَرِش: جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج کُرُوْش۔
الکَرِش والکِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج اَکْرَاش و کُرُوْش۔ کَرِش القَوْمُ: قوم کا بڑا حصہ۔ کَرِش کُلِّ شَیْءٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔
التَّکْرِیْشَة: اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔
الاَکْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاء ج کُرْش۔ قَدَمٌ کَرْشَاءُ: پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔
دَلْوٌ کَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ اَتَانٌ کَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔
المُکَرَّشَة: کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔
کَرَصَ (ض) کَرْصًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔
کَرَّصَ: پنیر کھانا۔
اِکْتَرَصَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
الکَرِیْص: پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔
المِکْرَص: دودھ دوہنے کا برتن۔
کَرَضَ (ن) کَرْضًا الشَّیْءَ: تہ بتہ رکھنا۔
کَرَظَ (ن) کَرْظًا فِیْ عِرْضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَکْرُوْظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
کَرَعَ (ف) وکَرِعَ (س) کَرْعًا وکُرُوْعًا فِیْ المَاءِ او الاِنَاءِ: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
کَرَعَهُ (ف) کَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔
کَرِعَ (س) کَرَعًا: دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ...... السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ کَرِعَتِ السَّمَاءُ:

اَکْرَعَهُ الصَّیدُ: شکار کا قریب ہونا۔ اَکْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔
تَکَرَّعَ ...... الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔
الکَرَع: مص۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے و فرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرَعٌ ورِجَالٌ کَرَعٌ" الکُرَاع مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر و مؤنث) اور بقول بعض کُرَاع: ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والکُرَاع مِنَ الاِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج اَکْرُع واَکَارِع۔
الکُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔
کُرَاعُ الاَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِیْ کُرَاعِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ اَکَارِعُ الاَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔
الکُرَاعِی: پائے کا بیچنے والا۔
الکَارِع: فا۔ پانی میں گھسنے والا پیے یا نہ پیے۔
الکَارِعَة: کارع کا مؤنث۔ ج کَارِعَات۔
الکَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔
الکَرِیْع: برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔
الاَکْرَع: پتلی پنڈلیوں والا۔
الکَرَّاع: اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَکْرَع: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَکَارِع۔
فَرَسٌ مُکْرَعُ القَوَائِم: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُکْرَعَةُ مِنَ النَّخِیْلِ وغَیْرِہ: پانی لگی ہوئی کھجور۔
کَرَفَ (ن ض) کَرْفًا و ...

الحِمَارُ وغیرہ: گدھے کا پیشاب کر کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔
کَرِفَ الشَّیءُ: سونگھنا۔ اَکْرَفَتِ البَیْضَۃُ: انڈے کا گندا ہونا۔
اَلکَرْشَنَۃُ: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ الکَرْشُونِي: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)
الکِرْفُ: ایک ہی چمڑے کا ڈول۔
کَرْفَأَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔
کَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔
تَکَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔
الکِرْفِئُ: بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو کِرْفِئَۃ: کہتے ہیں۔ الکِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
المُکَرْفَحُ: بدصورت چہرہ والا۔
اَلکَرَافِئَۃُ: شیشہ کی بوتل۔
کَرْفَسَ کَرْفَسَۃً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا...... البَعِیْرَ: تنگ باندھنا۔
تَکَرْفَسَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الکُرْفُسُ: رُوئی۔
الکَرَفْسُ: اجوائن۔
الکُرْکِيُّ: سارس۔ ج کَرَاکِيُّ.
الکَرْکَدَنُ: گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام کَرْکَدَنّ کہتے ہیں۔
کَرْکَرَ کَرْکَرَۃً الشَّیءَ: بار بار اعادہ کرنا ...... الرَّحٰی: چکی گھمانا ...... الحَبَّ: دانہ پیسنا۔
الشَّیءَ: جمع کرنا ...... الرَّجُلَ: قید کرنا ...... فِي الضِّحْکِ: بہت ہنسنا ...... الرَّجُلُ: ہنسنا۔ شکست کھانا ...... الرِّیَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا ...... الاَمْرَ عَنْہُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ رد کرنا ...... بِالدَّجَاجَۃِ: مرغی کو بلانا۔
تَکَرْکَرَ فِي الاَمْرِ: مضطرب ہونا ...... المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔
الکَرْکَرُ: ایک آبی پرندہ۔

الکَرْکَرَۃُ: مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
الکِرْکِرَۃُ: سم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج کَرَاکِر. الکَرَاکِرُ: گھوڑے کے جوڑے۔
الکَرْکُورَۃُ: گہری وادی۔
کَرْکَسَ الشَّیءَ: رد کرنا۔ ہٹانا...... الدَّابَّۃَ: چوپائے کو باندھنا (...... وتَکَرْکَسَ) الاِنْسَانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
الکُرْکُمُ: زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
الکَرْکَنْدُ: سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
کَرُمَ (ک) کَرَمًا وکَرَمَۃً وکَرَامَۃً: عزیز و نفیس ہونا، آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا...... السَّحَابُ: بارش لانا۔
کَرَمَہٗ (ن) کَرْمًا: کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ" اس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔
کَرَّمَہٗ تَکْرِیْمًا وتَکْرِمَۃً: تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (...... وکُرِّمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔
کَارَمَہٗ: کرم میں مفاخرت کرنا۔ وکَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔
اَکْرَمَ: کریم اولاد والا ہونا...... فُلَانًا: تعظیم کرنا...... نَفْسَہٗ عَنِ المَعَاصِي: بچانا، محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَکْرَمَہٗ لِي" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔
تَکَرَّمَ: بہ تکلف کرم کرنا (...... وتَکَارَمَ) عَنْ کَذَا: بچنا۔ دُور رہنا۔
اِسْتَکْرَمَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا...... الشَّیءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔
الکَرْمُ: مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الکَرَمُ: صفت بمعنی کریم وطیب اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ ونِسَاءٌ کَرَمٌ واَرْضٌ کَرَمٌ.
الکَرْمُ: انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج کُرُوْمٌ. بِنْتُ الکَرْمِ او الکَرْمَۃِ او الکُرُوْمِ: شراب۔ الکَرْمُ: ہار۔
الکَرْمَۃُ: انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے
الکَرْمَۃُ: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَرْمَۃٌ" مرد کریم۔
الکَرَامَۃُ: مص۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وکَرَامَۃً لَکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "وَلَہٗ عَلَيَّ کَرَامَۃٌ" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الکَرَامَۃُ: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے کُرْمًا وکُرْمَۃً وکَرْمَۃً وکُرْمٰی وکُرْمَانًا وکُرْمَۃَ عَیْنٍ لَکَ: یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔
الاُکْرُوْمَۃُ: کرم کا فعل۔
التَّکْرِمَۃُ: مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔
الکَرِیْمُ: صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے رَجُلٌ کَرِیْمٌ: مرد سخی۔ دیالو۔ ج کِرَامٌ وکُرَمَاءُ اور لفظ "کَرِیْمٌ" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابلِ تعریف چیز پر ہوتا ہے۔
رِزْقٌ کَرِیْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ: نرم و پسندیدہ قول۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ: جمال و محاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الکَرِیْمَانِ ج اور جہاد۔
الکَرِیْمَۃُ: کریم کا مؤنث ج کَرِیْمَات وکَرَائِم وکِرَام. الکَرِیْمَۃُ: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان۔ الکَرِیْمَتَانِ: دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃُ الرَّجُلِ: بیٹی۔ الکَرِیْمَۃُ: صاحب کرم و حسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم میں شریف

ہو۔ کَرِیْمَۃٌ میں تا مبالغہ کے لئے ہے۔
کَرَائِمَ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔
الکُرَام: کریم۔ ج کُرَامُوْن.
الکَرَّام: انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
الکُرَّام والکُرَّامۃ: بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَامُوْن.
المَکْرَمَانُ: کریم بہت وسیع اخلاق والا اور یہ ندا ہی کے لئے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرَمَانُ.
المَکْرَم والمَکْرَمَۃ: شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم. اَرْضٌ مَکْرَمَۃٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔
المَکْرُم والمَکْرُمَۃ: کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
المِکْرَام: لوگوں کا اِکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔
المُکَرَّم: مفع۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔
کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا...... ضَیْفَہٗ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الکُرْنُب والکَرَنْب: کرم کلا۔
الکُرْنُبِیَّۃ: ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔
فَرَاشَۃُ الکَرَنْبِ: اَو دُوْدَۃُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
کَرْنَفَ الکَرَانِیْفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
کَرْنَفَ الشَّیْءَ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔ النَّخْلَۃَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔
الکِرْنَاف والکُرْنَاف: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ وا
کُرْنَافَۃٌ ج کَرَانِیْف.
اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ: موٹی ناک۔
کَرِہَ (س) کَرْھًا وکُرْھًا وکَرَاھَۃً وکَرَاھِیَۃً ومَکْرَھَۃً ومَکْرُھَۃً الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کارہ: صفت مفعولی مَکْرُوْہٌ.
کَرُہَ (ک) کَرَاھَۃً وکَرَاھِیَۃً الاَمْرُ او المَنْظَرُ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْہٌ.
کَرَّہَ الشَّیْءَ فُلَانًا وکَرَّہَ الشَّیْءَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔
اَکْرَہَ. فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا۔
الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اُکسانا۔
تَکَرَّھَہٗ وتَکَارَہَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ وتَکَارَھَہٗ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَہَ الشَّیْءَ: قبیح پانا، قبیح سمجھنا۔
الکَرْہ والکُرْہ: مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے اور بقول بعض کُرْہ بالضم: جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہٌ: بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیْءٌ کَرْہٌ" مکروہ چیز۔ و "رَجُلٌ کَرْہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "وفَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔
الکَرِہ: قبیح۔
الکَرَاھَۃ: مص۔ سخت زمین۔
الکَرَاھِیْنَ: کراہت۔ کہا جاتا ہے: "اَتَیْتُکَ کَرَاھِیْنَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔
الکَرِیْھَۃ: مؤنث کَرِیْہ: لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہ. ذُوالکَرِیْھَۃِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیْتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ ومَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔
المَکْرَہ: مکروہ۔ ج مَکَارِہ.
المَکْرَھَۃ والمَکْرُوْھَۃ: ناپسندیدہ ودشوار
المَکْرُوْہ: مفع۔ شر۔ ناپسندیدہ۔
المَکْرُوْھَۃ: تنگی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُوْمَکْرُوْھَۃٍ" وہ تنگی میں ہے۔
کَرَا یَکْرُو کَرْوًا. الاَرْضَ: کھودنا...... الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا...... البِئْرَ: کنوئیں کا من درخت کے تنوں سے بنانا...... بالکُرَۃ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَۃُ: تیز دوڑنا۔
کَرِیَتْ تَکْرِی کَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا...... المَرْاَۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔
الکَرَا: بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کَرَوَان کا مذکر۔
الکَرَوَان: ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کالمبی چونچ کا اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کریٰ کے معنی نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ. ج کِرْوَان وکَرَاوِیْن.
الکُرَۃ: ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز اور نسبت کیلئے کُرَوِی وکُرِّی ج کُرًی وکُرِیْن وکِرِیْن وکُرَات واُکَر.
الکَرَوْیَا والکَرَوْیَاءُ: زیرہ۔
کَرٰی یَکْرِیْ کَرْیًا الرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... النَّھْرَ: نہر کو کھودنا...... بالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔
کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان وکَرِیٌّ.
کَارَاہُ مُکَارَاۃً وکِرَاءً الدَّابَۃَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.
اَکْرٰی اِکْرَاءً الشَّیْءُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد) ...... فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا ...... الحَدِیْثَ: بات طویل کرنا...... فُلَانًا دَابَّۃً او دَارًا: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔
الکَرْوُ والکُرُوُّ الکَرْوَۃ.
تَکَرّٰی تَکَرِّیًا: سونا۔

اِكْتَرىٰ مِنْهُ الدَّارَ وَغَيْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
تَكَارىٰ وَاسْتَكْرىٰ الدَّارَ وَغَيْرَهَا: مکان وغیرہ کرایہ پر لینا۔
الكِرَاء والكِرْوَة: کرایہ۔
الـكَرِيّ: اُونگھنے والا۔ کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ پر دینے والا۔ ج اَكْـرِيَـاء: بہت چیز۔ ایک درخت ہے جو ریگستان میں ہوتا ہے۔ واحد كَرِيَّة۔
الكَرْيَان: اُونگھنے والا۔
الـمُكَارِي: جانوروں کو کرایہ پر دینے والا۔ ج مُـكَـارُوْن: اوراب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا جاتا ہے۔
الـمُـكَرِّي مِنَ الاِبِلِ: آہستہ ونرم رفتار اُونٹ۔
كَزَّ (ن) كَزًّا الشَّئَ: تنگ کرنا۔ كَزَّتْ خـطَاهُ: قدم قریب قریب ہونا...... الـمَرْاَةُ وَمُـلْـجَـهَـا: عورت کا بازو بند کو بازو سے بھر دینا (...... كَزَازَةً وكُزُوْزَةً) سکڑنا۔ خشک ہونا۔
كُزَّ: سردی سے کپکپی لاحق ہونا۔ زکام ہونا۔
اَكَزَّ اللّٰهُ فُلانًا: کپکپی کی بیماری لگانا۔ صفت مفعولی۔ مَكْزُوْز۔
اِكْتَزَّ: سکڑنا۔
الـكَزُّ: مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا ہے "وَجْـهٌ كَـزٌّ" یعنی قبیح چہرہ۔ "وَذَهَبٌ او جَـمَـلٌ كَـزٌّ" یعنی بہت ٹھوس اور مضبوط۔ "وفُلانٌ كَـزُّ الـيَـدَيْنِ" فلاں بخیل ہے۔ ج كُزٌّ۔
الـكَزَّة۔ كَزٌّ: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ كَزَّةٌ" یعنی ایسی کمان جس کی لکڑی خشک ہے مڑتی نہیں۔ "وبَـكْـرَة كَزَّةٌ" یعنی تنگ چرخی۔
الكَزَّان: کجاوہ کے پچھلے حصہ کی دو لکڑیاں۔
الكَزَز: بخل۔
الـكُـزَاز والكُزَّاز: سخت سردی کی وجہ سے کپکپی یا ایک مرض کا نام۔

كَزِبَ (س) كَزَبًا۔ مَشْطُ الرِّجْلِ: پاؤں کی ہڈی کا چھوٹا ہونا، سکڑنا۔
الـكُزْبَرَة والكُزْبُرَة والكُزْبَرَة: دھنیا کا پودہ اور دھنیا کو کشلان کہتے ہیں۔
كَـزَمَ (ن) كَـزْمًـا منہ بند کرنا اور چپ رہنا۔
...... الـجَوْزَةَ وَنَحْوَهَا: اخروٹ وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور گری نکالنا...... ہٗ: سخت دانت کاٹنا۔
كَزِمَ (س) كَزَمًا: بخیل ہونا۔ بہت کھانے والا ہونا۔ چھوٹی ناک یا انگلی والا ہونا۔ صفت اَكْزَم: پیش قدمی سے ڈرنا۔
كَزَمَ البَرْدُ اَصَابِعَهُ: سردی کا اُنگلیوں کو سکڑا دینا۔
اَكْزَمَ: سکڑنا...... عَنِ الطَّعَام: بہت کھانا یہاں تک کہ خواہش باقی نہ رہے۔
تكَزَّمَ الفَاكِهَةَ: میوہ بغیر چھیلے ہوئے کھانا۔
الكَزَم: تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الكَزَم: بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ کی چھوٹائی اور موٹائی کہا جاتا ہے "فِـي يَـدِهٖ كَزَم" جبکہ افعالِ خیر کے لئے ہاتھ نہ کھلے۔
الكَزِم مِنَ الرِّجَال: بزدل خائف مرد۔
الـكُزْمَان مِنَ الرِّجَال: اتنا کھانے والا کہ ناپسند کرنے لگے۔
الـمُكَزَّم: چھوٹی ہتھیلی اور قدم والا۔
كَزَىٰ يَكْزِي كَزْيًا: اپنے آزاد کردہ سے احسان کرنا۔
كَسَّ (ن) كَسًّا الشَّئَ: باریک کوٹنا۔
كَـسَّ (س) كَسَسًـا: چھوٹے چھوٹے دانتوں والا ہونا۔ چھوٹے تالو والا ہونا۔ صفت اَكَسّ: مؤنث كَسَّاء ج كُسّ۔
الكُسّ: اندام نہانی۔
الـكَسِيْس: ٹوٹی ہوئی روٹی، شکرا اور بقول بعض جو اور چینا سے بنی ہوئی شراب۔ کھجور کی نبیذ۔ خشک شدہ گوشت کہ اس کو کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور بطور توشہ سفر میں لے جاتے ہیں۔
المَكْسُوْس: مفع۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔
كَسَـاهُ (ف) كَسْـأً: پیچھا کرنا۔
كَسَـأَ الـدَّابَةَ: چوپایہ کو ہانکنا...... الـقَوْمَ: خصومت میں غالب آنا...... ہٗ بـالـسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔
الكُسْءُ مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک ٹکڑا۔
الـكُسْءُ والكُسُوْءُ مِن كُلِّ شَئٍ: پچھلا حصہ ج اَكْسَاء: کہا جاتا ہے "رَكِبَ كُسَاهُ" یعنی وہ گدی کے بل گرا "واَتَيْـنَـا فِيْ اَكْـسَـاءِ الشَّهْـر" یعنی ہم مہینہ کے آخر میں آئے۔ "ومَرُّوا فِيْ اَكْسَـاءِ المُنْهَزِمِيْنَ او عَلٰى اَكْسَـاءِهِـم" یعنی وہ لوگ شکست خوردہ جماعت کے نشان قدم پر اور ان کے پیچھے رہ گئے۔
كَسَبَ (ض) كَسْبًـا وكِسْبًـا وتَـكَسَّـبَ واكْتَسَـبَ مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ کمائی کرنا۔ كَسَـبَ الشَّئَ: جمع کرنا۔ كَسَـبَ الاِثْمَ: گناہ اُٹھانا ...... لاَهْلِهٖ: کمائی کرنا۔
كَسَـبَ وكَسَّـبَ واَكْسَبَ فُلانًا مَالًا او عِلْمًا: مال یا علم حاصل کرانا۔
اِسْتَكْسَبَ وتَكَسَّـبَ فُلانًا: کمائی کرانا۔
تَكَسَّبَ الرَّجُلُ: کمانے کی کوشش کرنا۔
الكَسْب: مص۔ کمائی۔
الكِسْبَة الكَسِيْبَة: کمائی۔
الكَاسِب: فا۔ ابو کاسب: بھیڑیا۔
الـكَاسِبَة کاسب کا مؤنث ج كَـوَاسِـب
الـكَـوَاسِـب: انسان یا پرندہ کے جسم کے جوڑ۔ شکاری جانور۔
الـكَسُوْب والكَسَّـاب: بہت کمائی کرنے والا۔
الـمَكْسَب والـمَكْسِب والمَكْسَبَة: کمائی۔
اَلْكُسْتَنَا: ایک معروف درخت شاہ بلوط۔ ابو فروہ۔ اس کے پھلوں کو بھون کر کھایا جاتا
كُسْتُبَـةُ الـحِـصَـان او قُـسْـطَـانَة

الحِصَانِ: سفید پھولوں والا کڑوے پھلوں والا درخت۔

الکِسَاب: بھیڑیا۔

الکُسْب: کھلی۔

الکُسْبج: کھلی۔

الکُسْبُر: ہاتھی دانت کا کنگن کی مانند ایک زیور۔ ج کَسَابِر۔

الکُسْبُرَة: دھنیا۔

کَسَحَ (ف) کَسْحًا البَيْتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ کَسَحَتِ الرِّيحُ الأرْضَ: ہوا کا مٹی کو اڑا لے جانا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْنَا بَنِي فُلَانٍ فَكَسَحْنَاهُمْ" یعنی ہم بنی فلاں پر پہنچے اور ان کو نیست و نابود کر دیا۔

کَسِحَ (س) کَسَحًا: ہاتھ پاؤں میں بے حسی والا ہونا۔ ایک پاؤں کے بوجھل ہونے کی وجہ سے چلنے میں گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَح ج کُسْحَان: کہا جاتا ہے "مَا اَكْسَحَهٗ" کس قدر بوجھل ہے۔

کَاسَحَهٗ مُكَاسَحَةً: بہت سخت جھگڑا کرنا۔

اِکْتَسَحَ الشَّیْءَ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَيْهِمْ فَاكْتَسَحُوْهُمْ" یعنی انہوں نے ان کو لوٹا اور ان کا سارا مال لے گئے۔

الکَسْح: مس۔ عاجزی۔

الکُسَاحَة: کوڑا کرکٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی اور اکثر پاؤں کی بے حسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الکَسِیح: وہ شخص کہ جس سے تم مدد طلب کرو اور وہ تمہاری مدد نہ کرے۔

الاَکْسَح: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج کُسْحَان۔

الکَسِیح والکُسْح والکُسْحَان: ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔

الکُسَاح: اونٹوں کا ایک مرض۔

المِکْسَحَة: جھاڑو۔

المَکْسُح: چھیل کر ہموار کیا ہوا۔ جیسے عُوْدٌ مُكْسَح۔

المَکْسُوح: مثلٌ جَمَلٌ مَكْسُوْحٌ: سخت لنگڑا اونٹ۔

کَسْحَبَ کَسْحَبَةً: ڈر کی وجہ سے چھپ چھپ کر چلنا۔

کَسَدَ وکَسُدَ (ن) کَسَادًا وکُسُوْدًا الشَّیْءُ: خواہش مندوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ کَسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔ شئی کی صفت کَاسِدٌ وکَسِيْدٌ اور سوق کی صفت کَاسِدٌ وکَاسِدَةٌ واَکْسَدُ۔

اَکْسَدَ القَوْمُ: مندے بازار والا ہونا۔

اَکْسَدَتِ السُّوْقُ: بازار کا مندا ہونا۔

اَکْسَدَ الشَّیْءَ: غیر رائج بنانا۔

اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ: واپس ہونا۔ لوٹنا۔

الکُسْد: قسط (ایک دوا کا نام)

الکَسِیْد: مندا۔ گھٹیا۔

کَسَرَ (ض) کَسْرًا العُوْدَ وکُلَّ صُلْبٍ: توڑنا۔ العَسْکَرَ: لشکر کو شکست دینا..... الوَصِيَّةَ: وصیت منسوخ کرنا..... الشِّعْرَ: شعر کا وزن درست نہ کرنا..... الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا اترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا..... الحَرْفَ: حرف کو زیر دینا..... الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا اور ٹیک لگانا..... المَتَاعَ: سامان ایک ایک کر کے بیچنا۔ کَسَرَ مِنْ طَرْفِهٖ وعَلٰی طَرْفِهٖ: نگاہ پست کرنا..... فُلَانًا عَنْ مُرَادِهٖ: پھیرنا۔

کَسَرَ (ض) کُسُوْرًا الطَّائِرُ: پرندہ کا اترنے کے لئے پروں کو سمیٹنا۔

کَسِرَ (س) کَسَرًا: کاہل ہونا۔

کَسَّرَ: بمعنی کَسَرَ: تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے وکَسَّرَتِ المِرْآةُ ونَحْوُهَا النُّوْرَ عَلٰی کَذَا فَتَکَسَّرَ: آئینہ نے فلاں چیز پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔ کَسَّرَ الکَلِمَةَ: جمع مکسر بنانا اور کہا جاتا ہے "کَسَّرَ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّةِ اَبْوَابٍ" کتاب کو چند [illegible]

تَکَسَّرَ: ٹوٹنا..... الشَّیْءُ: ٹوٹنا۔

اِنْکَسَرَ: ٹوٹنا..... العَسْکَرُ: لشکر کا شکست کھانا اور پراگندہ ہونا۔ صفت دونوں معنی کے لحاظ سے مُنْکَسِر ہے اور مُنْکَسَر نہیں کہا جاتا..... الحَرُّ: گرمی کم ہونا..... العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا نرم ہونا اور خمیر ہونا..... عَنِ الشَّیْءِ: عاجز ہونا۔

اِکْتَسَرَ الشَّیْءَ: توڑنا۔

الکَسْر: معنی زیر کی حرکت۔ بہت کم..... فِی الحِسَابِ: ایک سے کم جیسے تہائی چوتھائی اور اس کے مقابلہ میں صحیح ہے ج کُسُوْر وجج کُسُوْرَات۔

الکَسْر والکِسْر: عضو کا جزو۔ ہڈی کا جز مع گوشت کے۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُهٗ وهُوَ يُطْعِمُ النَّاسَ مِنْ كُسُوْرِ الاِبِلِ" میں اس کے پاس آیا اور وہ لوگوں کو اونٹ کے اعضاء کھلا رہا تھا۔ کوٹھری کا ایک گوشہ۔ خیمہ کا وہ کنارہ جو زمین پر لگا ہوا ہو۔ گوشہ ج اَکْسَار وکُسُوْر۔ کُسُوْرُ الاَوْدِيَةِ: وادی کے موڑ (اور اس آخری معنی میں اس لفظ کا واحد نہیں) "هٰذِهٖ اَرْضٌ ذَاتُ كُسُوْرٍ" یہ زمین اونچی نیچی ہے۔

الکَسْرَة: کَسْر کا اسم مرۃ۔ زیر کی حرکت۔ شکست۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ عَلَيْهِمُ الكَسْرَةُ" یعنی شکست کھا گئے۔ "وبِعَيْنِهٖ كَسْرَةٌ مِنَ النَّوْمِ" یعنی اس کی آنکھ میں نیند کا غلبہ ہے۔ بیداری کی وجہ ہے۔ ج کَسَرَات اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُوْ كَسَرَاتٍ وهَزَرَاتٍ" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہر چیز میں نقصان ہوتا ہے۔

الکِسْرَة: ٹوٹی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج کِسَر وکِسِرَات وکِسْرَات۔

کَسْرٰی وکِسْرٰی: شاہان فارس کا نام۔ ج اَکَاسِرَة واَکَاسِر وکَسَاسِرَة وکُسُوْر اور نسبت کے لئے کِسْرَوِيٌّ اگر کِسْرٰی کی طرف نسبت ہو اور اگر کَسْرٰی کی طرف ہو۔ کَسْرَوِيٌّ واَکْسِيرِيٌّ۔

الکَسَّار والکَسَّارۃ مِنَ الحَطَب وکُسَارَۃ: کورا۔ چھپٹی۔

الکَسِیر: ٹوٹا ہوا۔ ج کَسْریٰ وکُسَارَیٰ.

الاِکْسِیر: وہ چیز جو چاندی وغیرہ کو سونا بنا دے۔

التَکْسِیر: مص۔ والتَکْسِیر عِنْدَ المُهَنْدِسِیْنَ: پیائش۔

الکَاسِر: فا۔ ج کُسَّر: عقاب۔ کہا جاتا ہے عُقَابٌ کَاسِرٌ: ٹوٹ پڑنے والا یا شکار کئے ہوئے جانور کو توڑ دینے والا عقاب۔

کَاسِرُ الحَجَرِ اَو الفُلَّب: پہاڑی علاقے کا پھول۔

اَلْبَدَ بِالْاَرْضِ : چمٹ جانا ...... بِـالْمَکَانِ : اقامت کرنا ...... السَّـرْجَ : زین کے لئے نمدہ بنانا ...... الْـفَـرَسَ : گھوڑے پر نمدہ باندھنا ۔ الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ : چپکانا ...... الرَّجُلُ رَاْسَہٗ : دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا ...... الْخَرْقَ : پیوند لگانا ...... بَصَرُ الْمُصَلِّی : سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا ۔

تَلَبَّدَ الصُّوْفُ وَنَحْوُہٗ : نمدہ بننا ...... الطَّائِرُ بِالْاَرْضِ : پرندہ کا زمین پر بیٹھنا ۔ الرَّجُلُ : دیکھ کر معلوم کرنا ۔ تَـلَـبَّـدَتِ الْاَرْضُ بِـالْـمَطَرِ : بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا ۔

اِلْتَبَدَ الْوَرَقُ وَنَحْوُہٗ : آپس میں چمٹنا ۔ ...... الشَّجَرَۃُ : بہت پتوں والا ہونا ۔

اللَّبَد : معں ۔ نمدہ ۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر ۔

اللَّبَد : تہ بتہ شدہ بال ۔

اللَّبِد واللُّبَد : جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے ۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے ۔ اَبُو لُبَدٍ : شیر ۔

اللِّبْد : بال یا اون تہ بتہ شدہ ۔ اون کا بچھونا ۔ نمدہ ج ۔ لُبُوْد واَلْبَاد : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَجِفُّ لِبْدُہٗ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے ۔

اللُّبَادَۃ : اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا ۔

اللِّبْدَۃ : تہ بتہ جما ہوا بال یا اون ۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے ۔ ران کا اندرونی حصہ ۔ ٹڈی ۔

اللُّبْدَۃ : تہ بتہ جما ہوا بال یا اُون ۔

الــلِّبْدَۃ واللُّبْدَۃ : شیر کے ایال ۔ ج لِبَد ولُبَد والْبَاد ولُبُوْد.

اللَّابِد : فا ۔ شیر ۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال ۔

اللَّبَّاد : نمدے بنانے والا ۔

اللُّبَّاد : چیچڑی ۔

الـلَّبِیْد : توبرہ ۔ چھوٹا بورا (...... والـلُّبَادَی واللُّبَادَی واللُّبَدَی) ایک قسم کا پرندہ ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے ۔ اللُّبَدَی : جمع شدہ لوگ ۔

المُلْبِد : فا ۔ زمین پر پٹک دینے والا ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِدٌ" ای فَقِیْرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے ۔ شیر ۔ زمین سے چمٹنے والا ۔

الـمَلْبُوْد والـمُلْبَد والمُلَبَّد : پیوند لگا ہوا تَیْسٌ مَلْبُوْدٌ : ٹھوس گوشت والا بکرا ۔

لَبَزَہٗ (ض) لَبْزًا : بہت سخت مارنا ۔ لَبَزَ الشَّیْئَ : بہت تیز کھانا ۔ توڑنا ...... فُلَانًا : عیب

لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔
لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔
لَبَسَهٗ (ن) لَبْسًا: شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِي" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔
لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اٹھانا..... فُلَانًا عَلٰى مَافِيْهِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰى ذٰلِكَ اُذُنِيْ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "وَلَبِسْتُ لِفُلَانٍ اُذُنِيْ" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔
لَبَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: خلط ملط کرنا..... الشَّيْءَ: عیب چھپانا۔
اَلْبَسَهٗ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا..... ہٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔
لَابَسَهٗ: ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا
لَابَسَ الْاَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔
تَلَبَّسَ بِالْاَمْرِ وَبِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا..... الطَّعَامُ بِالْيَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِيَ الْاَمْرُ: تعلق ہونا..... عَلَى الْاَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّهٗ بِلَحْمِيْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی" وَتَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔
اِلْتَبَسَ عَلَيَّ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ وَالْتَبَسَ بِعَمَلِ كَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسْتُ بِهِ الْخَيْلُ: لاحق ہونا۔
اللَّبْسُ واللُّبْسُ واللُّبْسَةُ والاِلْتِبَاسُ واللَّبُوْسَةُ واللُّبُوْسَةُ: شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْسُ واللُّبْسُ: تاریکی کا ملنا۔
اللُّبْسُ: ایک قسم کا کپڑا۔
اللِّبْسُ: لباس۔ ج لُبُوْس. لِبْسُ الْهَوْدَجِ وَنَحْوِهٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس: کا اطلاق ہوتا ہے۔
اللِّبَاسُ: جو کپڑا پہنا جائے ج لُبُس وَاَلْبِسَة: شوہر و بیوی۔ مخلط ہونا۔ اختلاط۔ لِبَاسُ الزَّهْرِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰى: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔
اللِّبْسَةُ: ایک قسم کا کپڑا۔ اللِّبْس کا اسم نوع۔
اللَّبُوْسُ: لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔
اللَّبِيْسُ: کپڑا۔ قَمِيْصٌ لَبِيْسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔
التَّلْبِيْسُ: مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء۔ حقیقت۔
اللَّبَّاسُ: بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔
المَلْبَسُ والمِلْبَسُ: لباس۔ ج مَلَابِس
المِلْبَسُ: رات۔
المُلَبَّسُ: مفع..... عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔
لَبَشَ: سفر پر جانے کے لئے بے ترتیب سامان جمع کرنا۔
لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِطَ بِهٖ: گویا جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آ جانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔
لَبَطَ (ض) لَبْطًا وَتَلَبَّطَ وَالْتَبَطَ. الْبَعِيْرُ اَوِ الْبَغْلُ: اونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا' دوڑنے میں لات پٹکنا۔ اِلْتَبَطَ وَتَلَبَّطَ الرَّجُلُ: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا..... فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا۔
اللَّبْطَة. لَبَطَ: کا اسم مرۃ۔ زکام۔
اللَّبْطَة. اللِّبَاط: کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔
الاَلْبَاط: کھالیں۔ واحد لَبْط.
المَلْبُوْط: مفع۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِهٖ: اپنے کام میں متحیر مرد۔
لَبَعَ: لالچ کے ساتھ کھانا۔
لَبِقَ (ن) لَبْقًا وَلَبَّقَ الشَّيْءَ: نرم کرنا۔
لَبِقَ (س) لَبَقًا وَلَبُقَ (ک) لَبَاقَةً: حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبَّقَ الثَّرِيْدَ وَنَحْوَهٗ بِالسَّمْنِ: چکنا۔
اللَّبِقُ واللَّبِيْقُ: نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَةٌ وَلَبِيْقَةٌ.
لَبَكَ (ن) لَبْكًا وَلَبَّكَ الْاَمْرَ اَوِ الشَّيْءَ: ملانا..... الثَّرِيْدَ: کھانے کے لئے جمع کرنا..... القَوْمُ بَيْنَ الشَّاءِ: بکریوں کو ملا دینا۔
لَبِكَ (س) لَبَكًا وَالْتَبَكَ وَتَلَبَّكَ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔
اَلْبَكَ: فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔
اللَّبْكُ واللَّبْكَةُ: مخلوط چیز۔ اَمْرٌ لَبِكٌ وَلَبِيْكٌ: گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔
اللَّبْكَةُ: ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔
اللُّبَاكَةُ واللَّبِيْكَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِيْ لَبْكَةٍ وَلَبِيْكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔
لَبْلَبَتِ الْمَرْاَةُ بِوَلَدِهَا: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا..... الشَّاةُ بِوَلَدِهَا بَعْدَ الْوَضْعِ: بکری کا بچہ کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔
لَبْلَبَ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔
اللَّبْلَبُ واللُّبْلُبُ: اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔
لَبَالِبُ الْغَنَمِ: بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔
اللَّبْلَابُ: عشق پیچ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑوں پر پھیلتی ہے اس کا پھل لوبیا کے بیج کے مشابہ ہوتا ہے)۔
لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ: دودھ پلانا۔ فُلَانًا بِالْعَصَا: سخت لاٹھی مارنا (لَبَنَ ض)
لَبَنَ الرَّجُلُ: بہت کھانا۔
لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ: تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا..... الشَّاةُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔
اَلْبَنَ الْقَوْمُ: بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ وَمُلْبِنُوْنَ..... النَّاقَةُ: تھن میں دودھ

اُترنا۔ [illegible]
تَلْبِنَہ)
لَبَّنَ: اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لئے مجلس [illegible]
بنانا...... الشَّیْئَ: چوکور بنانا۔
تَلَبَّنَ الرَّجُلُ: دیر کرنا۔
اِلْتَبَنَ: اپنا دودھ چوسنا۔
اِسْتَلْبَنَ: دودھ طلب کرنا۔
اللَّبَنُ: مص۔ دودھ ج اَلْبَان: تھوڑے سے کو لَبِنَۃ کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَۃِ: درخت کا دودھ۔
اللَّبِنُ والِلبِنُ واللِّبْنُ: کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَۃ۔
اللَّبِنُ واللَّبُوْنُ: دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ الْقَمِیْصِ: کرتے کی کلی۔
مَجْلِسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔ اللَّبِنَۃُ واللَّبِیْنَۃُ: دودھ والی۔
اللَّبَانُ: سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کے لئے ہوتا ہے۔
اللِّبَانُ: دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَخُوْهُ بِلِبَانِ اُمِّهٖ اور بِلَبَنِ اُمِّهٖ: نہیں کہا جاتا ہے۔
اللُّبَانُ: صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام آتا ہے۔
اللُّبَانَۃُ: حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات ولُبَان۔
لُبْنَانُ: ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔
اللَّابِنُ: فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا' دودھ پلانے اولا۔ مؤنث لَابِنَۃ ج لَابِنَات لَوَابِن. اللَّوَابِنُ: تھن۔
اللَّبُوْنُ واللَّبُوْنَۃُ: دودھ والی۔ ج لِبَان ولِبْن ولُبْن ولُبُن ولَبَائِن: کہا جاتا ہے "کَمْ لُبْنُ غَنَمِکَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔
اللَّبِیْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِیْنَۃ: کرتے کی کلی۔
اللُّبْنٰی: ایک درخت ہے جس سے شہد کی [illegible] جیسا دودھ نکلتا ہے اور نیز اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے حَسَلُ اللُّبْنٰی لُبْنٰی: درخت کا دودھ۔
اللَّبَّانُ والمُلَبِّنُ: اینٹیں بنانے والا۔
المَلْبَنُ والمَلْبَنَۃُ: بھوی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔
المِلْبَنُ: دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔
المَلْبُوْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔
المِلْبَنَۃُ: چمچہ۔
عُشْبٌ مَلْبَنَۃٌ: زیادہ دودھ والی گھاس۔
اللَّبُوَۃ واللَّبْوَۃ: شیرنی' اس کو لَبُوْۃ اور لَبَاءَۃ اور لَبَاۃ بھی کہا جاتا ہے (لَبَأَ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)
لَبِیَ یَلْبٰی لَبًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا۔
لَبّٰی تَلْبِیَۃَ الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لَبَّیْکَ: کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمُ الْمُلَبِّیَۃُ" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔
لَتَّ (ن) لَتًّا. الشَّیْئَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا...... السَّوِیْقَ: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا...... المَاءُ الثِّیَابَ وغَیْرَهَا: تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ.
لُتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔
اَلَتَّ الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔
اللَّاتُ واللَّاتُّ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام ہے۔
اللَّتُّ: مص [illegible] کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔
اللُّتَاتُ: درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰی مِنِّی الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔
لَتَّا (ف) لَتًّا. فُلَانًا فِیْ صَدْرِهٖ: دھکا دینا۔
کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ بِهٖ اُمُّهٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا...... بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔ لَتَأَ اِلَیْهِ بِعَیْنِهٖ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا...... الشَّیْئَ: کم کرنا...... الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَأَ: گوز کرنا۔
اللَّتِیْئُ: ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔
لَتَبَ (ن) لَتْبًا ولُتُوْبًا بِهٖ: چپکنا...... فِیْهِ: ثابت رہنا...... فِیْ مَنْحَرِ النَّاقَۃِ: بھالا مارنا (...... ولَتَبَ) السَّرْجَ عَلَی الْفَرَسِ: زین کسنا اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَیْهِ ثَوْبَهٗ" جب کہ کپڑا پہنے اور اتارنا نہ چاہے۔
اَلْتَبَ عَلَیْهِ الْاَمْرَ: واجب کرنا۔
تَلَاتَبَ الْقَوْمُ: قوم کا باہم ملنا...... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
اِلْتَتَبَ. الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔
اللَّاتِبُ: چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔
المِلْتَبُ: ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔
المَلَاتِبُ: پرانے کپڑے۔
لَتَحَهٗ (ف) لَتْحًا: کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا...... هٗ بِبَصَرِهٖ: نگاہ ڈالنا...... فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا...... اَلْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَحَهٗ بِیَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔
لَتِحَ (س) لَتَحًا: بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحَان: مؤنث لَتْحٰی.
رَجُلٌ لَتِحٌ ولَاتِحٌ ولُتَاحٌ ولُتَحَۃٌ: چالاک عقل مند ج لَتَاج کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْهُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔
لَتَخَهٗ (ف) لَتْخًا: آلودہ کرنا...... الشَّیْئَ: پھاڑنا۔
تَلَتَّخَ بِالشَّیْئِ: آلودہ ہونا۔
لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِیَدِهٖ: مکا مارنا۔
لَتَزَهٗ (ض ن) لَتْزًا: مکا مار کر دفع کرنا۔
لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا...... هٗ بِیَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔

اَللَّتْلَثَة: جھوٹی قسم۔
اَلـلَّـتْـلَثَة: بے فائدہ کلام۔ کم قیمت کاموں میں مشغول ہونا۔ اس کا باپ: لَـتْـلَـثَ فَهُوَ لَتْلاثٌ وَهِيَ لَتْلاثَة۔
لَـثَـمَهُ (ن ض) لَـثْـمًا: مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔ لَـثَم السَّهْم: تیر پھینکنا...... هُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا...... فُلانٌ بِشَفْرَتِهِ فِي لَبَّةِ بَعِيْرِهِ: اُونٹ کے لیجے پر چھری چلانا۔ لَـثَـمَـتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَ الْمَاشِي: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔
اللَّثَم: زخم۔
اَللَّاتِيْنِي ج لَاتِيْنُوْن وَلَاتِيْن: مؤنث لَاتِيْنِيَّة لَاتِيْنُوْم: کی طرف نسبت یہ اٹلی کا مقام مشہور ہے۔ کہا جاتا ہے شعب لاتینی ولغة لاتینة
اللَّتِن: میٹھا۔
اللَّتَنَة: سیپی۔
اَلَّتِيْ والَّتِ والَّتْ. اَلَّذِيْ: کا مؤنث ج اللَّاتِيْ واللَّاتِ واللَّوَاتِيْ واللَّوَاتِ واللَّوَا واللَّاءِ واللَّاءِ واللَّاءَات اور تثنیہ کے لئے اللَّتَان واللَّتَانّ: تشدید نون کے ساتھ۔ واللَّتَا: بغیر نون کے حالتِ رفعی میں واللَّتَيْ: حالتِ نصبی وجری میں۔
اَلـلَّـتَيَّـا واللُّتَيَّا. اَلَّتِيْ: کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللَّتَيَّان واللُّتَيَّان اور جمع کے لئے اللَّتَيَّات واللُّتَيَّات: کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي اللَّتَيَّا وَالَّتِي" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِي صَارَ كَذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔
لَثَّ (ن) لَثًّا وَأَلَثَّ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا...... اَلْمَطَرُ: چند روز تک برسنا...... عَلَيْهِ: اصرار کرنا ولَثَّ الشَّجَرُ: درخت کو تری پہنچنا۔
اللَّثُّ: مص۔ تری۔
لَثَأَ (ف) لَثْأً الكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔
اللَّثَأ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لَثَدَ (ض) لَثْدًا. اَلْمَتَاعَ: سامان تہ بہ تہ رکھنا۔
اللِّثْدَة: جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔
لَثَطَ (ض) لَثْطًا فُلانًا: آہستہ آہستہ مارنا۔ هُ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔
اللِّثَة: دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔
اللَّثِع: ہکلا۔ مؤنث لَثْعَاء ج لُثْع۔
لَثِعَ (س) لَثَعًا وَلَثَاعَةً: ہکلا پن ہونا۔ صفت الْثَع مؤنث لَثْعَاء ج لُثْع۔
اللُّثْغَة: سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔
اللَّثْغَة: منہ۔
لَثِقَ (س) لَثَقًا الْيَوْمُ: بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا...... اَلْمُسَافِرُ: کیچڑ میں پڑنا...... ثِيَابُهُ: کپڑوں کا تر ہونا...... الطَّائِرُ: پروں کا تر ہونا۔ صفت لَثِق۔
لَثَّقَ الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔
اَلْثَقَ الشَّيْءَ: تر کرنا۔
اِلْتَثَقَ وَتَلَثَّقَ: تر ہونا۔
اَلـلَّـثَـق: تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مَشَيْنَا فِي لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔
اللَّثِق: چپکنے والی مٹی "يَوْمٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔
لَثْلَثَ الْمَطَرُ: بارش کا چند دن تک برسنا...... الرَّجُلُ: کمزور ہونا...... عَلَى فُلانٍ: اصرار کرنا...... هُ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا...... هُ فِي التُّرَابِ: لوٹ لگوانا۔ لَثْلَثَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو تھکانا...... كَلامَهُ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثْلِثُوْا بِنَا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو (...... وتَلَثْلَثَ فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا۔ دیر کرنا...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ تَلَثْلَثَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ لگانا...... الْغَيْمُ وَالسَّحَابُ: بادلوں کا آنا

اللَّثْلَثُ واللَّثْلاثُ واللَّثْلاثَة واللُّثْلُث: ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کر جائے۔
لَثَمَ (ض) وَلَثِمَ (س) لَثْمًا الْفَمَ اوالوَجْهَ: بوسہ لینا۔
لَثَمَ (ض) لَثْمًا أَنْفَهُ: ناک پر مکا مارنا...... اَلْحِجَارَةُ خُفَّ الْبَعِيْرِ: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا...... اَلْبَعِيْرُ الْحِجَارَةَ بِخُفِّهِ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔
لَثَمَ وَلَثِمَ وَلَثَّمَ وَتَلَثَّمَ وَالْتَثَمَ الرَّجُلُ: ڈھاٹا باندھنا۔
لَاثَمَهُ: بوسہ لینا۔
تَلَاثَمَا: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔
اللَّثْم: مص۔ ناک اور اس کا ماحول۔
اللَّاثِم: فا۔ ج لُثَّم۔
اللِّثْمَة: بوسہ لینے کی ہیئت۔
اللَّثْمَة. لَثَمَ: کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔
اللِّثَام: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے ارد گرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لُثُم۔
لَثِيَ يَلْثَى لَثًى: تھوڑا پانی پینا۔ اَلْقِدْرُ: ہانڈی کو خوب چاٹنا...... وَأَلْثَى شَجَرُ السَّمُرِ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِيَتِ الْيَمِيْنُ طِيْنٍ وَنَحْوِهِ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِيَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔
اَلْثَتِ الشَّجَرَةُ مَاحَوْلَهَا: نمناک کرنا۔
تَلَثَّى والْتَثَى: گوند نکالنا۔ تَلَثَّى الشَّجَرُ: گوند بہنا۔
اللَّثَى: مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَى الثَّوْبِ: کپڑے کا میل۔
اللِّثَة: مسوڑھا۔ ج لِثًى ولِثَات ولُثًى۔
اللَّثِي: نمناک۔ ثوب لَثٍ: پسینہ سے تر اور میلا۔
اللَّثِيُّ: گوند کھانے کا حریص۔
اللَّثَاة: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔
الحُرُوف اللَّثَوِيَّة: ثاء۔ ذال۔ ظا۔

لَجَّ (ض س) لَجَجًا ولَجَاجًا ولَجَاجَةً: سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا ...... فِي الْاَمْرِ: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا ...... بِهِ الْهَمُّ ونَحْوُهٗ: لازم رہنا ...... عَلٰى فُلَانٍ فِي الْمَسْاَلَةِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔

لَجَّجَ والْتَجَّ الْقَوْمُ: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السَّفِيْنَةُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلْتَجَّتِ الْاِبِلُ: اُونٹ کا بڑبڑانا۔

لَاجَّ. خَصْمَهٗ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تَلَجَّجَ واسْتَلَجَّ مَتَاعَ فُلَانٍ: کسی کے سامان پر دعویٰ کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بِيَمِيْنِهٖ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔

اِلْتَجَّ الْبَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا ...... الْاَرْضُ بِالسَّرَابِ: موج جیسا ہونا ...... الْاَمْرُ او الْمَوْجُ: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا ...... الظَّلَامُ: اندھیرے کا گھٹاٹوپ ہونا۔

اِلْتَجَّتِ الْاَرْضُ: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا ...... الْاَصْوَاتُ: آوازوں کا مخلوط ہونا۔

اللُّجُّ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْهَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔

اللُّجَّة: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّةٌ وَاسِعَةٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ ولُجَج ولِجَاج واللُّجَّة: آئینہ۔

اللُّجِّي لُجّ: کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ لُجِّيٌّ" یعنی بحر بے پایاں نا اتھاہ سمندر۔

اللَّجَّة. لَجّ: کا اسم مرۃ۔ شور۔

اللَّاجُّ واللَّجُوج واللَّجُوجَه واللَّجَجة والمِلْجَاج: سخت جھگڑالو۔

المُلْتَجَّة: بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

لَجَاَ (ف) لَجَاً ولُجُوءًا ولَجِی (س) لَجَاً والْتَجَاَ اِلَى الْحِصْنِ وَغَيْرِهٖ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔

لَجَّاَ تَلْجِئَةً. فُلَانٌ مَالَهٗ: بعض ورثاء کے لئے خاص کر دینا ...... (والْجَاَ) فُلَانًا: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَاَهٗ: بچانا۔ اَلْجَاَ اَمْرَهٗ اِلَى اللّٰهِ: سپرد کرنا۔

تَلَجَّاَ اِلَيْهِ: سہارا لینا ...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔

اللَّجَاُ: مص۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاء: وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاۃ ہے۔

التَّلْجِئَة: مص ...... عِنْدَ الْفُقَهَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔

اَللُّجَاتُهٗ: ایک پہاڑی پودا جس کے پھول بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں۔

المَلْجَاُ: جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِی۔

لَجِبَ (س) لَجَبًا الْبَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا ...... الْقَوْمُ: شور مچانا۔

لَجُبَتْ (س) لُجُوْبَةً ولَجَّبَتِ الشَّاةُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔

لَجَّبَهٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اللَّجَب: مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ ذُوْلَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔

اللَّجِب: شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَيْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔

اللَّجْبَة واللِّجْبَة واللُّجْبَة واللَّجَبَة والَجِبَةُ واللِّجَبَة: کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَاب ولَجَبَات.

المِلْجَاب: تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لَجَذَ (ن) ولَجِذَ (س) لَجْذًا ولَجَذًا. الْكَلْبُ الْاِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا ...... لَجَذَ (الرَّجُلُ): کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا ...... الْحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا ...... الْمَاشِيَةُ الْكَلَاَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا ...... مِنَ الشَّيْءِ: تھوڑا سا لینا ...... فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذَنِي عَلٰى كَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لَجَفَهٗ (ن) لَجْفًا: سخت مارنا۔

لَجِفَت (س) لَجَفًا الْبِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجْفَاء.

لَجَّفَ الْبِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا ...... الشَّيْءَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تَلَجَّفَ الْبِئْرَ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَت والْتَجَفَتِ الْبِئْرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الْوَحْشُ الْكِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔

اللَّجَف: مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ ج اَلْجَاف.

اللِّجَاف: پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفَة ولُجُف.

اللَّجِيْفَة: دروازے کے پہلو۔

بِئْرٌ مُلْتَجِفَة: منہدم کنواں۔

لَجْلَجَ لَجْلَجَةً وتَلَجْلَجَ: ہکلانا۔ فِيْ صَدْرِهٖ شَيْءٌ: کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللُّقْمَةَ فِيْ فِيْهِ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تَلَجْلَجَ بِالشَّيْءِ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَهٗ مِنْهُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

اللَّجْلَاج: توتلا۔ ہکلا۔

لَجَمَ (ن) لَجْمًا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اَلْجَمَ الدَّابَۃَ: چوپایہ کو لگام لگانا۔
اَلْـقِـدْرَ: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔ النَّاقَۃَ: لگام سے داغ لگانا......ہٗ عَنْ حَـاجَتِـہٖ: روکنا۔ کہا جاتا ہے "تَـکَلَّـم فَـاَلْـجَمْتُہٗ وَاَلْمَقْتُہٗ الْحَجَر" اس نے گفتگو کی تو میں نے اس سے بند کر دیا۔
اَلْـجَمَ والْـجَمَ الْمَاءُ فُلَانًا: پانی کا منہ تک پہنچنا۔
اِلْتَجَمَتِ الدَّابَۃُ: لگام لگنا۔
اِسْتَلْجَمَ فُلَانًا اَلْفَرَسَ: لگام لگانے کو کہنا۔
اَلْـلَّـجَـم: زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْـجَام۔ (......واللُّجُم واللُّجَم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔
اللُّجُم: فضاء آسمانی۔
الـلِّجَام: لگام۔ ج لُـجُم ولُجُم واَلْجِمَۃ: اُونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَـاءَ فُلَانٌ وَقَـدْ لَـفَـظَ لِـجَـامَـہٗ" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبِع الْفَرَسَ لِجَامَھَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کے لئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔
اللَّجَّام: لگامیں بنانے والا۔
اللُّجَام: جس سے بدشگونی لی جائے۔
اللَّجَمَۃُ والمُلَجَّم: لگام دینے کی جگہ۔
الـلَّـجَـمَۃُ: لَـجَـم: کا واحد۔ زمین کے لئے علم۔ لَجَمَۃُ الْوَادِی: کنارۂ وادی۔
اللُّجْمہ: سطح پہاڑ۔ زمین کے لئے علم لُجْمَۃُ الْوَادِی: وادی کا کنارہ۔
المِکْیَال المُلْجَم: ڈھائی صاع کا پیمانہ۔
لَجَن (ن) لَـجْـنًـا ولَجَّنَ وَرَقَ الشَّجَرَ وَنَـحْـوِہٖ: پتوں کو کوٹ کر آٹا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔
لَجَنَ (ن) لُجُونًا ولِجَانًا الْبَعِیْرُ: اُونٹ کا اَڑیل ہونا......فِی الْمَشْیِ: آہستہ چلنا۔
لَجِنَ (س) لَجَنًابِہٖ: چمٹنا۔
تَـلَجَّنَ الشَّیْءُ: لیس دار ہونا......رَاسُہٗ: میلا ہونا......الـقَـوْمُ: پتے اور آٹا جو [illegible]

بنانا۔
اللَّجِن: میلا۔
الـلَّـجِـیْـن: کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔
اللُّجْنَۃ: جماعت۔ پارٹی۔
الـلَّجُوْن مِنَ الْجِمَالِ والنُّوْقِ: سست رفتار اُونٹ یا اُونٹنی۔
الـلُّـجَـیْـن: چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)
الـلُّجَیْنِیَّۃ: دراہم (لُجَیْن: کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)
اِلْـتَجٰی اِلٰـی غَیْـرِ قَوْمِـہٖ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔
لَحَّ (ن ض) لَـحًّـا الـقَرَابَۃُ بَیْنَنَا: رشتہ داری نزدیک ہونا۔
لَـحِحَ (س) لَـحًّـا ولَـحَـحًا الْعَیْنُ: کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔
اَلَحَّ فِی السُّوَال: سوال میں اصرار کرنا......الـسَّـحَـابُ بِـالْمَطَرِ: بادل کا لگاتار برسنا......الـمَطِیُّ: سواری کا تھک کر دیر کرنا......الْقَـتَبُ عَلٰی ظَھْرِ الدَّابَۃِ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا......اَلْـجَـمَلُ: اُونٹ کا اڑیل ہونا۔
تَلَحَّحَ عَلَیْہِ: مثل اَلَحَّ عَلَیْہِ.
اللَّحّ: مص۔ کہا جاتا ہے "ھُـوَ ابْـنُ عَمِّی لَـحًّا" وہ میرا قریبی چچازاد ہے اور لحا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "ھُـوَ ابْنُ عَمٍّ لَحٍّ" جر کے ساتھ اس لئے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔
اللَّاحّ: فا۔ مَکَانٌ لَاحٌّ ولَحِحٌ: تنگ جگہ۔
الـمِلْـحَاح: بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کر دے۔ سَـحَـابٌ مِلْحَاحٌ: لگاتار برسنے والا بادل۔
لَحَبَ (ف) لَحْبًا الطَّرِیْقَ: راستہ پر چلنا۔ راستہ کو واضح کرنا......الشَّیْءَ: [illegible]......

بِـفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پھینک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہٗ بِـالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا......
اللَّحْمَ: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا......اللَّحْمَ عَـنِ الْـعَظْـمِ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا......الـرَّجُلُ: سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَـرَّ یَلْـحَبُ" (......لُحُوْبًا) الطَّرِیْقُ: راستہ کا واضح ہونا......ظَهْـرُ الْـفَـرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ چکنا ہونا......الْمَرْاَۃَ: جماع کرنا۔
لَحِبَ (س) لَحَبًا الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے دُبلا ہونا......لَحُمَ زَیْدٌ: لاغر ہونا۔
لَـحَّـبَ الشَّـیْءَ: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا......فُلَانًا: ذلیل کرنا......ہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔
اِلْتَحَبَ الطَّرِیْقَ: راستہ پر چلنا۔
اَلـلَّـحْـب: مص (...... واللَّاحِب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَـرِیْـقٌ لَـحْـبٌ وَلَاحِبٌ" کشادہ راستہ۔
اللَّحِیْب: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔
الـمِلْـحَـب: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔
المَلْحُوْب: مفع رَجُلٌ مَلْحُوْبٌ: لاغر مرد۔ طَرِیْقٌ مَلْحُوْبٌ ومُلْحَبٌ: واضح راستہ۔
لَحَتَ (ف) لَـحْتًـا العَصَا: لاٹھی کو چھیلنا......فُلَانًـا بِـالْـعَـصَـا: لاٹھی سے مارنا......الـرَّجُلَ: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَـحَـتُـوْکُم کَـمَـا یُلْـحَـتُ الْقَضِیْبُ" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔
اللَّحْت: مص۔ خالص۔
اللُّحَاتَۃ: اتاری ہوئی چھال۔
لَـحَجَہٗ (ف) لَـحْجًا: مارنا......ہٗ بِعَیْنِہٖ: نظر بد لگانا۔ لَحَجَ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔
لَحِجَ (س) لَحَجًا السَّیْفُ وَنَحْوُہٗ: تلوار کا میان میں چمٹ کر رہ جانا......بِـالْمَکَانِ: لازم پکڑنا......الشَّـیْءُ: تنگ ہونا......

اللَّحَجُ: تنگ ہونا۔ عَنِ اللَّحجِ. لَحِجَتْ عَيْنُهُ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔
لَحَجَ عَلَيْهِ الْخَبَرَ: غلط خبر دینا۔
اَلْحَجَهُ اِلَيْهِ: مجبور کرنا۔
اِلْتَحَجَ اِلَيْهِ: مائل ہونا......اِلَيْهِ: مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔
تَلَحَّجَ الْاَمْرَ عَلٰى فُلَانٍ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
اِسْتَلْحَجَ الْبَابُ: دروازہ کا بند ہونا۔
اللَّحَجُ: مص آنکھ کا گڑھا۔
اللُّحْجُ: آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج اَلْحَاج. مَكَان لَحِجٌ: تنگ مکان۔
اللَّحَجُ: آنکھ کی کیچڑ۔
المُلْحَجُ والمُلْتَحَجُ: جائے پناہ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِى النَّاسِ لَمُلْحَجًا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قُفْل مُلْحَج: بند تالا۔
المَلاحِج: تنگیاں۔
المَلاحِيج: پہاڑ کے تنگ راستے۔
لَحْوَجَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَدَ (ف) لَحْدًا. اَلْمَيِّتَ: میت کو دفن کرنا......اللَّحْدَ: کھودنا......لِلْمَيِّتِ: بغلی قبر کھودنا......السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: نشانہ سے خطا کرنا......اِلٰى فُلَانٍ: مائل ہونا......فِى الدِّيْنِ: بے دینی اختیار کرنا......عَلٰى فِى شَهَادَتِهِ: گنہگار ہونا۔
اَلْحَدَ اِلْحَادًا. اَلْمَيِّتَ: مردہ کو دفن کرنا......اللَّحْدَ: کھودنا......لِلْمَيِّتِ: بغلی قبر کھودنا......عَنِ الدِّيْنِ: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکامِ خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا......فِى الْحَرَمِ: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا......السَّهْمُ الْهَدَفَ: نشانہ کے ایک جانب میں لگنا......بِهٖ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لاَحَدَ مُلَاحَدَةً صَاحِبَهُ: ہر ایک کا ایک دوسرے سے کج برتنا۔
اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّيْنِ: دین سے پھرنا......اِلٰى كَذَا: مائل ہونا......اِلٰى فُلَانٍ: پناہ لینا۔
اللَّحْد واللُّحْد: بغلی قبر۔ قبر۔ ج اَلْحَاد ولُحُوْد.
الاِلْحَاد. اَلْحَدَ: کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔
اللَّحُوْد: مائل ہونے والا۔
اللاَّحِد: فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قَبْرٌ لاَحِدٌ ومَلْحُوْدٌ" بغلی قبر۔
المُلْحِد: فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج مَلَاحِدَة ومُلْحِدُوْن المَلاحِدَة: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔
المُلْحَد والمَلْحُوْد: بغلی قبر۔ قبر۔
المُلْحَادَة: دین میں بہت طعن کرنے والا۔
المُلْتَحَد: جائے پناہ۔
لَحِزَ (س) لَحَزًا: بخیل ہونا۔ صفت لَحِز ولَحِز.
لَحَزَهُ (ف) لَحْزًا: اصرار کرنا۔
تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ کسی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لئے کمر کسنا......عَنْهُ: پیچھے ہٹنا۔
تَلاَحَزَ الْقَوْمُ: کلام میں مقابلہ کرنا......الصِّبْيَانُ: اشعار کا نقل کرنا۔
المَلْحَز: تنگ جگہ۔ ج مَلَاحِز کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِى الْمَلاحِزِ" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔
المُتَلاحِزُ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔
اللُّحْزَاء: ذخیرہ۔ خزانہ۔
لَحَسَ (ف) لَحْسًا الدُّوْدُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا......الْجَرَادُ الْخَضِرَ: ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔
لَحِسَ (س) لَحْسًا ولَحْسَةً ولُحْسَةً ومَلْحَسًا الْقَصْعَةَ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا اور اسی سے مثل ہے "اَسْرَعُ مِنْ لَحْسِ الْكَلْبِ اَنْفَهُ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔
لَحَّسَهُ الشَّيْءَ: چٹانا۔
اَلْحَسَ الْمَاشِيَةَ: تھوڑا سا چرنا۔ اَلْحَسَتِ الْاَرْضُ: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔
اِلْتَحَسَ مِنْهُ حَقَّهُ: حق لینا۔
اَللَّحْس: مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔
سَنَةٌ لاَحِسَةٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْهُمْ لَوَاحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مَالَكَ عِنْدِى لُحْسَةٌ: تمہارے لئے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔
اَللَّحُوْس: مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔
اللاَّحُوْس: بدبخت۔ منحوس (...... واللَّحُوْس والمُلْحِس والمِلْحَس) لالچی جو ہر چیز کو لے لے المِلْحَس: بہادر۔
اللَّحَّاس: بہت چاٹنے والا۔
اللُّحَاسَة. لُحَاس: کا مؤنث۔ شیرنی۔
اللُّحْسُم: وادی کی تنگ نالی۔ ج لَحَاسِم.
لَحَصَ (ف) لَحْصًا فِى الْاَمْرِ: مشغول ہونا۔ خَبَرَ فُلَانٍ: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔
لَحَّصَ خَبَرَهُ: بمعنی لَحَصَهُ......فِى كَذَا: سختی کرنا۔ تنگی کرنا......هٗ عَنْ كَذَا: روکنا۔ سست کرنا......الْكِتَابَ: پختہ کرنا۔
اِلْتَحَصَ الْاَمْرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔
اِلْتَحَصَتِ الْاِبْرَةُ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔
اِلْتَحَصَهُ الشَّيْءُ: مشغول ہونا......هٗ اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا......الْبَيْضَةَ ونَحْوَهَا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا......هٗ عَنْ كَذَا: روکنا۔ سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَيْنُهُ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔
لَحَاصِ: مبنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔
اللَّحَص: اوپر کے پپوٹے کی شکن۔
اللَّحَصَان: دوڑ۔ تیزی۔
اللَّحِيْص: تنگ۔ سکڑا۔

المَلْحَص: جائے پناہ۔
لَحَطَهُ (ف) لَحْطًا: پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔
اِلْتَحَطَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
لَحَظَ (ف) لَحْظًا و لَحَظَانًا فُلَانًا و اِلٰی فُلَانٍ بِالْعَیْنِ: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لَحْظًا و لَحَّظَ تَلْحِیْظًا) البَعِیْرَ: اُونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔
لَاحَظَهُ لِحَاظًا و مُلَاحَظَةً: انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
تَلَحَّظَ الشَّیْءُ: تنگ ہونا۔
تَلَاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْوَالُهُمْ مُتَشَاکِلَةٌ مُتَلَاحِظَةٌ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔
اللَّحْظ: مص۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لِحَاظ و اَلْحَاظ.
اللَّحَاظ و اللِّحَاظ: کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظٌ.
اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ و لِحَاظُ السَّهْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔ لِحَاظُ الرِّیْشَةِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔
اللَّحَّاظ: بہت سخت دیکھنے والا۔
التَّلْحِیْظ: مص آنکھ کے نیچے کا داغ۔
اللَّاحِظَة. لَاحِظ: کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لَوَاحِظ.
اللَّحْظَة. لَحْظ: کا اسم مرة۔ ج لَحَظَات کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ عِنْدَهُ لَحْظَةً" میں اس کے پاس ایک لحظہ بیٹھا۔
اللَّحُوْظ: تنگ۔
اللَّحِیْظ: شبیہ و نظیر۔
المَلْحَظ: دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ۔ ج مَلَاحِظ.
لَحَفَهُ (ف) لَحْفًا: لحاف اوڑھانا...... هُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا...... هُ بِجُمْعِ کَفِّهِ: مکا مارنا...... هُ سَهْمًا: تیر مارنا...... النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْءَ: چاٹنا...... عَنْهُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لُحِفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لُحِفَ لَحْفَةَ الرَّجُلُ فِیْ مَالِهِ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِیْ فَضْلَ لِحَافِهِ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔
لَحَفَ اِزَارَهُ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا۔
هُ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کے لئے لحاف بنانا الرَّجُلَ: دوسرے کے لئے لحاف خریدنا...... ضَیْفَهُ: سرما میں مہمان کے لئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا...... شَارِبَهُ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا...... بِهِ: نقصان پہنچانا...... الظُّفُرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا...... الرَّجُلُ: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
لَاحَفَهُ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے لئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ وَیُلَاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔
تَلَحَّفَ و اِلْتَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا۔ بِاللِّحَافِ و غَیْرِهِ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔
اللِّحْف: دامنِ کوہ۔
اللِّحْفَة. لَحَفَ: کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔
اللِّحَاف: رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُف.
المِلْحَف و المِلْحَفَة: چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلَاحِف.
لَحِقَ (س) لَحْقًا و لَحَاقًا فُلَانًا و بِفُلَانٍ: پا لینا۔ آ ملنا۔ آ پہنچنا...... اِلٰی قَوْمِ کَذَا: چمٹنا۔
لَحِقَ (س) لُحُوْقًا. الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا...... الثَّمَنُ فُلَانًا: قیمت لازم ہونا۔
لَاحَقَهُ: پیچھے ہونا۔
اَلْحَقَهُ: پالینا۔ آ ملنا...... هُ بِفُلَانٍ: ملانا۔
تَلَاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
تَلَاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔
اِلْتَحَقَ بِهِ: ملنا یا چمٹنا۔
اِسْتَلْحَقَهُ: اپنے خاندان میں ملانا۔
اِسْتَلْحَقَ الرَّجُلُ: وادی کی نکلی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔
اللَّحَقُ: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاق.
اللَّحَق: قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اُس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحَقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (...... و المُلْحَق) شی زائد۔ تتمۂ کتاب۔
اللَّحَاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحَق: ہے۔
اللِّحَاق: کمان کا غلاف۔
اللَّاحِق: فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ یہو لَاحِقٌ: باز۔
اللَّاحِقَة. لَاحِق: کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِق.
اللُّوَیْحِق: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ خیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
المُلْحَاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان، اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔
المُلْحَق: خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَکَ (ف) لَحْکًا و لَاحَکَ و تَلَاحَکَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکنا۔
تَلَاحَکَ الشَّیْءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلَاحَکَ الْبُنْیَانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ و لَحَکَ الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔
لُوْحِکَتْ فِقَارُ ظَهْرِهِ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَحِکَ (س) لَحْکًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اللُّحَکَة و اللُّحَکَاء: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا

جو رہت میں رہتا ہے۔

اللَّحِك: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

التلاحِيك: نگیاں۔

لَخْلَخَ وتَلَخْلَخَ القَوْمُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

الخَلْخ: تنگ جگہ۔

المُلَخْلَخ: قوم کا بڑا۔ سردار۔

لَحَمَ (ن) لَحْمًا الاَمْرَ: مضبوط کرنا۔ القَصَّابُ العَظْمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ...... ہ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ الصَّائِغُ الفِضَّةَ: سنار کا چاندی کو درست کرنا۔

لَحَمَهُ (ف) گوشت کھلانا۔

لَحِمَ (س) لَحْمًا بِالمَكَانِ: لازم ہوکے رہنا۔ الصَّقْرُ ونَحْوُهُ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔

لَحِمَ (س) لَحْمًا ولَحُمَ (ک) لَحَامَةً: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لُحِمَ لَحْمًا: قتل کیا جانا۔ صفت لَحِيم۔

لاحَمَ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا۔ الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا۔ لاحَمَ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

اَلْحَمَ الثَّوْبَ: کپڑا بننا...... الشِّعْرَ: اشعار کہنا...... الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ بیٹھنا۔ بَيْنَ القَوْمِ شَرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا...... ہ بَصَرَهُ: تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ اَلْحَمَ الرَّجُلَ: غمگین کرنا ...... فُلانًا الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا...... ہ عِرْضَ فُلانٍ: گالی دینے کا موقع دینا۔ اَلْحَمَتِ الدَّابَّةُ: ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ اَلْحَمَ بالمَكَانِ: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: گھر میں بہت گوشت والا ہونا...... القَوْمَ: گوشت کھلانا...... الشَّيْءَ: درست کرنا۔ اَلْحَمَهُ القِتَالُ: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ اُلْحِمَ الرَّجُلُ: مرنا۔

تَلاحَمَ القَوْمُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ تلاحَمَت الشَّجَّةُ: زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا

(...... والتَحَمَ) الشَّيْءُ: جڑ جانا اور درست ہونا...... اِلْتَحَمَتِ الحَرْبُ بَيْنَهُمْ: گھمسان کی جنگ ہونا۔ "اِلْتَحَمَ الجُرْحُ لِلْبُرْءِ" زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔

اِسْتَلْحَمَ الطَّرِيقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ الطَّرِيقَ او الطَّرِيدَةَ: پیچھے پڑنا...... الخَطْبُ فُلانًا: مشغول کر دینا...... الزَّرْعُ: گنجان ہونا۔ اُسْتُلْحِمَ الرَّجُلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔

اللَّحْم واللَّحَم مِنْ جِسْمِ الحَيْوَانِ: گوشت۔ ج لِحَام ولُحُوم ولُحْمَان ولِحْمَان والْحُم۔ لَحْمُ كُلِّ شَيْءٍ: مغز لَحْمُ البَحْرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَكَلَ لَحْمِي ورَتَعَ لَحْمِي" یعنی میری غیبت کی۔

اللَّحْمَة: گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لُحْمَةُ الثَّوْبِ: کپڑے کا بانا۔

اللُّحْمَه: قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔

اللِّحَام: جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔

اللَّحَّام: گوشت بیچنے والا۔

اللاحِم: گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ بازٌ لاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللَّحِم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ بازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللَّحِم: شیر۔

اللَّحِيم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذا لَحِيمُ ذاكَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

المُلْحَم: مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلْحِم: فا۔ گوشت کھلانے والا جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

المَلْحَمَة: گھمسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلاحِم۔

المُلاحِم مِنَ الحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کہا جاتا ہے شَجَّةٌ مُتَلاحِمَةٌ: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُسْتَلْحِم: فا۔ شیر۔

لَحَنَ (ف) لَحْنًا ولَحَنًا ولُحُونًا ولَحَانَةً ولَحَانِيَةً فِي كَلامِهِ او فِي القِرَاءَةِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لاحِن ولَحَّان ولَحَّانَة

(...... لَحْنًا) لِفُلانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن: اور لَحَّان: نہیں کہا جاتا اِلَيْهِ: قصد کرنا۔ مائل ہونا...... قَوْلَهُ: سمجھنا۔

لَحِنَ (س) لَحْنًا الرَّجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا...... الكَلامَ: سمجھنا۔

لَحَّنَهُ: غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لَحَّنَ فِي القِرَاءَةِ: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لاحَنَ القَوْمَ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

اَلْحَنَ فُلانًا القَوْلَ فَلَحِنَهُ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللَّحْن: مص...... مِنَ الاَصْوَاتِ: موزوں آواز سر۔ ج اَلْحَان ولُحُون۔ صِنَاعَةُ الاَلْحَانِ: فن موسیقی لَحْنُ الكَلامِ: مضمون کلام۔ اللَّحْنُ فِي الكَلامِ: اعراب دینا کی غلطی۔

اللَّحَن: لغت۔ سمجھ۔

اللَّحِن: زیرک۔ سمجھدار۔

اللاحِن: فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللُّحَنَة: وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔

اللُّحْنَة: بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

الاَلْحَن: بہت زیادہ سمجھدار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا يَلْحُو لَحْوًا والْتَحَى اِلْتِحَاءً الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاهُ: گالی دینا۔

المِلْحَی: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

لَحْوَجَ لَحْوَجَةً عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحَی يَلْحَی لَحْيًا الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔

صفت فاعلی لاحٍ: صفت مفعولی مَلْحِيٌّ: کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰهُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔

لَاحَی لِحَاءً ومُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاکَ فَقَدْ عَادَاکَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی...... فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلْحَی اِلْحَاءً: قابلِ ملامت کام کرنا۔ العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔

تَلَحَّی تَلَحِّيًا: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔

تَلَاحَی تَلَاحِيًا القَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔

اِلْتَحَی اِلْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی رکھنا...... العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

اللَّحْي: جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْيَان: دونوں جبڑے۔ لَحْيَا الْغَدِيرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ ولُحِيٌّ۔

اللِّحَاء: مص۔ لکڑی یا درخت کی چھال اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَيْنَ الْعَصَا ولِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔

اللِّحْيَان: لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لَحْيَانَة۔

اللِّحْيَة: داڑھی۔ ج لِحًی ولُحًی: اور نسبت کے لئے لَحَوِيٌّ۔ لِحْيَةُ الْحِمَار

سیاؤشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔

اللِّحْيَان: تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْيَانَة۔

الأَلْحَی واللِّحْيَانِيُّ: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لَخَّ (ن) لَخًّا: طمانچہ مارنا۔ لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا...... فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا...... هُ بِالطِّيبِ: خوشبو لگانا...... فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپا کرنا...... فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔

لَخِخَتْ لَخًّا ولَخِيخًا ولَخِخَتْ (س) لَخِخًا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة۔

اِلْتَخَّ الأَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔

العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔

تَلَاخَّ الْوَادِي: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔

وَادٍ لَاخٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔

اللَّخَة: ناک۔ اِمْرَأَةٌ لَخَّةٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوخٌ: عیب دار اصل۔

سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ: بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔

لَخَبَهُ (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً: طمانچہ مارنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اللَّخْب: گوگل کا درخت۔ واحد لَخْبَة۔

المُلَخَّب: طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔

اللَّخِخ: آنکھ کی بری کیچڑ۔

اللَّخْز: تیز چھری۔

[illegible]

پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ لَخِص کی صفت الْلَخِص: آنکھ کی صفت۔ لَخْصَاء۔ ج لُخْص۔

لَخَّصَ الْكَلَامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِي خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔

الشَّيْءَ: خالص لینا۔

اللَّخْص: مص۔ خلقتاً۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔

اللَّخْصَة: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ ج لِخَاص۔

الأَلْخَص: ظاہر۔ مختصر۔

ضَرْعٌ لَخِصٌ: زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد اور کہا جاتا ہے "جَفْنٌ لَخِصٌ" موٹا پپوٹا۔

المُلَخَّص: منع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوهُ" یہ لوگ کے قول کا خلاصہ ہے۔

لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا: زور سے مارنا۔

اللَّخْف: مص۔ پتلے جھاگ۔

اللَّخْفَة: سفید باریک پتھر ج لِخَاف۔

لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا: طمانچہ مارنا...... لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

لَخُمَ (ف) لَخُمَ الرَّجُلُ: پر گوشت چہرے والا ہونا۔

لَاخَمَهُ لِخَامًا ومُلَاخَمَةً: باہم طمانچہ بازی کرنا۔

اللَّخَمَة: سستی۔ افسردہ دلی۔

رَجُلٌ لُخَمَة ولَخْمَة: افسردہ دل مروت لئیم۔

اللَّخْمَة: سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔

اللِّخَام: ہڈیاں۔

لَخِنَ (س) لَخَنًا: بدبودار ہونا...... الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں ... ہونا۔ صفت اَلْخَن مؤنث لَخْنَاء۔ ج لُخْن۔

لَخْنَة۔ یا ابن اللخناء: کمینا۔

السَّلْتَحَن :بمعنی بچہ کی تحنیک کے لئے پیدی۔

لَخَاه يَلْخُوهُ لَخْوًا: ناک میں دوائی چڑھانا۔

لَخَاهُ يَلْخِيهِ لَخْيًا والْخَاهُ: مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔

لَخِي يَلْخَى لَخًى: ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔

لاخَى لِخَاءً ومُلاخَاةً. الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا...... فلانًا عَلَى فُلانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا...... بِهِ: چغل خوری کرنا۔

اِلْتَخَى اِلْتِخَاءً ا. الصَّبِيُّ: تر کردہ روٹی کھانا اسم لَخَاءٌ ہے۔

اللَّخَا واللَّخْي واللِّخَاء والمِلْخَى: جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔

الألْخَى: ہرزہ سرا۔ بکواس کرنے والا (...... والمِلْخَى مِنَ الْجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔

اللَّخْوَاءُ. الألْخَى: کا مؤنث۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔

لَدَّ (ن) لَدًّا ولادًّ لِدَادًا ومُلادَّةً وألَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔ لَدَّهُ عَنِ الشَّيْءِ: منع کرنا۔ لادَّعَنهُ: مدافعت کرنا۔

لَدَّ (ن) لَدًّا ولُدُدًا وألَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا۔ لَدَّ اللَّدُودَ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔

لَدَّهُ: سخت جھگڑالو پانا۔ اَلَدَّ بِهِ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِهِ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔

لَدَّ (س) لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت الَدُّ: کہا جاتا ہے "هُوَ الدَّيِّنُ اللَّدِدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔

لدَّدَهُ: حیران کرنا۔ لَدَّدَ بِهِ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ: متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِلْتَدَّ: منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔

اللَّدُّ: مص۔ پورا۔

اللَّدَدُ: مص۔ سخت جھگڑالو۔

اللَّدُّ واللادُّ واللَّدُود واللَّدِيد. ج اَلِدَّة والألَدُّ: مؤنث لَدَّاءُ. ج لِدَادٌ ولُدٌّ. والألَنْدَد واليَلَنْدَد: سخت جھگڑالو۔ اللَّدِيد واللَّدُود: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔ اللَّدِيدَان: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے، ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَنْهُ مُحِدٌّ ولا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کے لئے کوئی چارہ نہیں۔

المُتَلَدَّد: گردن۔

لَدَحَهُ (ف) لَدْحًا: پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا۔ هُ بِيَدِهِ: مارنا...... هُ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔

لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔

اَلْدَسَتِ الأرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔

اللِّدْس: سست و نرم۔

اللَّدِيس: موٹا۔ ج اَلْدَاس.

المِلْدَس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ ج مَلادِس.

لَدَغَهُ (ف) لَدْغًا وتَلْدَاغًا: ڈسنا کہا جاتا ہے "لَدَغَه بِكَلِمَةٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔

اَلْدَغَ. العَقْرَبَ فُلانًا: ڈسنے کے لئے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔

اللادِغ: فا۔ مؤنث لادِغَة ج لُدَّغ.

اللَّدْغَة. لدغ: کا اسم مرۃ۔

اللُّدَّاغ: کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔

اللُّدَّاغَة مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔

اللَّدِيغ: ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لُدَغَى ولُدَغَاء اور کہا جاتا ہے "هُمْ قَوْمٌ لُدَغَى ولُدَغَاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔

المِلْدَغ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔

لَدِكَ (س) لَدْكًا ولَدَكَابه: چپکنا۔

لَدَمَهُ (ض) لَدْمًا: طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔ الخُبْزَ مِنَ المَلَّةِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (...... ولَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا، درست کرنا۔

اَلْدَمَتْ عَلَيْهِ الحُمَّى: لگاتار بخار رہنا۔

تَلَدَّمَ: بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

اِلْتَدَمَ: پریشان و مضطرب ہونا۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔

اِلتَدَمَهُ: مارنا اور پیٹنا۔

اللَّدْم: مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔

اللَّدَم: عزت۔ قرابت۔

اللادِم: فا۔ ج لَدَم (كخادم وخَدَم)

اللِّدَام: پیوند۔

اَللَّدَّام: پیوند لگانے والا۔

اللَّدِيم. مِنَ الثِّيَاب: پیوند لگا ہوا کپڑا۔

المِلْدَم: بے وقوف۔ سست۔ پر گوشت اُمُّ مِلْدَم: بخار (...... والمِلْدَام) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔

لَدُنَ (ک) لَدَانَةً ولُدُونَةً: نرم ہونا صفت لَدْنٌ مؤنث لُدْنَة ج لُدْن ولِدَان.

لَدُنَتْ اَخْلاقُهُ: نرم اخلاق ہونا۔

لَدَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا...... هُ فِي الأمْرِ: ٹھہرانا۔ لَدَّنَ ثَوْبَهُ: تر کرنا۔

تَلَدَّنَ: ٹھہرنا...... بالمَكَانِ: اقامت کرنا...... عَلَيْهِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ عَلَيَّ رَاحِلَتِي" جبکہ وہ نہ چلے۔

اللَّدْنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی روٹی [illegible] پکے اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَدْنٌ

الْخَلِيقَةِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔

لَدُنْ ولَدَنْ ولُدْنُ ولَدِنَ ولُدُنَ ولَدْنِ. عِنْدَ: کے معنی میں ظرف زمان ومکان ہے۔ مگر عِنْدَ: سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے "لِي إِلَيْهِ لُدْنَةٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔

اَلْدَى اِلْدَاءً: زیادہ ہم عمر والا ہونا۔

لَدَى: ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔

اللِّدَةُ: ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لِدَتِي" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِدَات ولِدُوْن. اللِّدَةُ: وقت ولادت۔ (کلمہ یا مادہ وَلَدَ سے ہے) جیسے عِدَة وعد: سے۔

لَذَّ (س وض) لَذَاذًا ولَذَاذَةً. الشَّيْءُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذّ ولَذِيْذ.

لَذَّ (س) لَذًّا وتَلَذَّذَ والْتَذَّ الشَّيْءَ وبِهِ واسْتَلَذَّ الشَّيْءَ: لذیذ پانا۔

لَذَّذَهُ: لذیذ بنانا۔

تَلَاذًّا: ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَّذُّ: مص۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

للَالَذُّ: زیادہ لذیذ۔

اللَّذَّةُ: خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات: شراب۔

اللَّذِيْذُ: مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذُّو ولِذَاذٌ.

الْمَلَذُّ: لذت کی جگہ۔ ج مَلَاذُّ.

الْمَلَذَّةُ: خواہش۔ ج مَلَذَّات.

لَذَبَ (ن) لُذُوْبًا ولَاذَبَ مُلَاذَبَةً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَذَجَهُ (ن) لَذْجًا: سوال میں اصرار کرنا۔

لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذْعًا. فُلَانًا بِلِسَانِهِ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النَّارُ الشَّيْءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الْحُبُّ قَلْبَهُ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔

لَذَعَ الْبَعِيْرُ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا...... الرَّجُلُ بِذَكَائِهِ: جلدی سمجھنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہین ہونا۔ تَلَذَّعَتِ النَّارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ: درد میں سوزش ہونا۔

اللَّاذِعَةُ: لاذع کا مؤنث۔ ج لَوَاذِع لَوَاذِعُ الْكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ لَوَاذِعِهِ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

اللَّذَّاعُ: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اس لئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

اللَّوْذَعُ واللَّوْذَعِيُّ: تیز ذہن۔ تیز خاطر۔ فصیح۔

اللَّاذِقِيَّةُ: شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لئے لَاذِقَانِيٌّ ولَاذِقِيٌّ.

لَذْلَذَ: چست وپھرتیلا ہونا۔

اللَّذْلَاذُ: چست وپھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَهُ (س) لَذَمًا الشَّيْءُ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَذَمًا بِالْمَكَانِ: چپٹے رہنا...... بِالشَّيْءِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَهُ الشَّيْءَ وبِهِ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔

...... هُ بِفُلَانٍ: لازم کرنا۔ اَلْذَمَ بِالْمَكَانِ: ثابت رہنا اور کہا جاتا ہے "اَلْذِمْ بِفُلَانٍ كَرَامَتَكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بِفُلَانٍ: فریفتہ کیا جانا۔

اللُّذَمَةُ: گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز [illegible]

رَجُلٌ لَذِمٌ ولُذَمَةٌ ومِلْذَمٌ بِالشَّيْءِ: چیز کا شوقین۔ الْمِلْذَمُ: بہادر۔

اللَّاذَنُ واللَّاذَنَةُ: گوند کی ایک قسم۔

لَذِيَ يَلْذَى لَذًى بِالْأَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّذِي: اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَلَّذِ واللَّذْ واللَّذِيُّ واللَّذِيِّ ولَذِيَ: مؤنث اَلَّتِي (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللَّذَا واللَّذَانِّ ج الَّذِيْنَ واللَّاؤُ دن واللَّاؤُوْدُ: اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْنَ: حالت رفعی میں اور اَلَّذِيْنَ بہ: حالت نصبی وجری میں۔ اور اَلَّذِي: کی تصغیر اللَّذَيَّا: اور تثنیہ کی اللَّذَيَّانِ: اور جمع کی اللَّذَيُّوْنَ.

لَزَّ (ن) لَزًّا ولِزَزًا ولَزَازًا. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا...... الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: ملنا۔ اَلْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَزَّهُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

...... هُ: إِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔

لَزَّزَ اللّٰهُ فُلَانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔

لَازَّ لِزَازًا ومُلَازَّةً: چمٹنا اور جھگڑنے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشَّيْءَ: باندھنا اور چمٹانا۔

اِلْتَزَّ بِهِ: چمٹنا۔ ملنا۔

اللَّزُّ: مص۔ دروازہ کا حلقہ۔

اللِّزَزُ واللِّزَازُ: مص۔ دروازے کی ملی۔ سخت جھگڑا۔

اَلْمِلَزُّ: چمڑے یا سٹیل کی سوراخ دار واشل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔

اللِّزُّ: چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لِزُّ شَرٍّ ولَزِيْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

اللزاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔

عَیْش لَزِزٌ: تنگ زندگی۔

اللَّزِیْزَۃ: لَزِیْز کا مؤنث جمع لَزَائِز۔ اللُّزَاز: سینہ کی ہڈیاں۔

المِلَزّ: سخت جھگڑالو۔ (مذکر و مؤنث)

لَزَأَ (ف) لَـزْأً وَالَـزَأَو لَـزْأً: الإنَاءَ: برتن بھرنا......المَـاشِیَۃَ: جانور کو سیر کرنا۔

لَزَأ فُلانًا: دینا۔ کہا جاتا ہے "لَزَأَتْہُ أُمُّہُ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔

تَلَزَّأَ الإنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔

لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا: مضبوطی سے قائم رہنا۔ ......بِہٖ: چمٹنا۔ لَـزَبَـتِ السَّنَۃُ: خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔

لَزَبَتْ (ض) لَـزْبًا۔ العَقْرَبُ فُلانًا: بچھو کا ڈسنا۔

لَزِبَ (س) لَـزَبًا وَلَزُبَ (ک) لَـزْبًا وَلُـزُوْبًا الطِّیْنُ: چپکنے والی اور سخت ہونا۔

لَزَبَ الشَّیْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَلازَبَ الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔

اللِّزْب: تنگ راستہ۔

اللازِب: فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الأمْرُ ضَرْبَۃَ لازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا۔ طِیْنٌ لازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔

اللَّزِب: کم۔ تھوڑا۔ ج لِزَاب کہا جاتا ہے "ھُوَ عَزَبٌ لَـزَبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جاتا۔

اللَّزْبَۃ: سختی۔ قحط۔ ج لِـزَب وَلَزَبَات سَنَۃٌ لَزْبَۃٌ: سخت سال۔

المِلْزَاب: بڑا کنجوس۔ ج مَلازِیب۔

لَزِجَ (س) لَزَجًا وَلُزُوْجًا: لیس دار ہونا۔ چپکنے والا ہونا۔ صفت لَـزِج۔ لَـزِجَ الْعَسَلُ بِاِصْبَعِہٖ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔

تَلَزَّجَ: چپکنے والا ہونا......البَقْلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا......الـدَّابَّۃُ البُقُوْلَ: سبزی کے لئے جانا۔

اللُّزُوْجَۃ: چپک۔ چسپیدگی۔

رَجُلٌ لَزِجَۃٌ وَلَزِجَۃٌ لَزِیْجَۃٌ: کسی کے گھر ہی پر رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔

لَزِقَ (س) لُـزُوْقًا وَالْتَزَقَ بِـہٖ: چپکنا۔ (......لَـزَقًا) الرِّئَۃُ بِالْجَنْبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔

لازَقَہٗ لِزَاقًا وَمُلازَقَۃً: چپکانا۔

أَلْزَقَہٗ بِہٖ: چپکانا۔

لَـزَّقَ الشَّیْءَ: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔

الـلِّـزْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِزْقِیْ او بِلِزْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللِّزَاق: مص۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لئی: گوند وغیرہ۔ لِـزَاقُ الـذَّھَبِ وَلِزَاقُ الْحَجَرِ وَلِزَاقُ الرُّخَامِ: دواؤں کے نام۔

اللِّزَاق: جماع۔

أُذُنٌ لَـزْقَـاءُ: کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔

الـلَّـزُوْق وَاللازُوْق: زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔

الـلَّـزِیْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لَزِیْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّزِیْق: سمندری گھونگا۔

اَلـلُّزْقَۃُ: ہر دوا لے مقام پر مرہم وغیرہ لگائی گئی۔

الـلُّـزَق وَاللُّزَیْقَاء وَاللُّزَّیْقٰی: خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔

اَلْمُلْزَق: خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَـزِکَ (س) لَـزَکًـا الجُـرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا اور یا صواب لذک دال مہملہ سے ہے۔

مَخَضَ (ن ف ض) مَخْضًا اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔ مکھن نکالنا۔ صفت مفعولی مَخِيض ومَمْخُوض. الشَّيْءَ: بہت ہلانا...... الرَّأيَ: خوب غور کرنا...... بِالدَّلْوِ: بھرنے کے لئے ڈول ہلانا...... البِئْرَ بِالدَّلْوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔

مَخِضَتْ (س) مِخَاضًا ومَخَاضًا ومُخِضَتْ ومَخَّضَتْ وتَمَخَّضَتْ الحَامِلُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔ صفت مَاخِض. ج مُخَّض و مَوَاخِض.

أَمْخَضَ اللَّبَنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا...... الرَّجُلُ: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔

اِمْتَخَضَ وتَمَخَّضَ اللَّبَنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔ مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا...... الوَلَدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔

تَمَخَّضَتْ السَّمَاءُ: برسنے کے قریب ہونا۔ تَمَخَّضَ الدَّهْرُ بِالفِتْنَةِ: فتنہ ظاہر کرنا اور کہا جاتا ہے "تَمَخَّضَتِ اللَّيْلَةُ عَنْ صَبَاحِ سُوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بری صبح آئی۔

اِسْتَمْخَضَ اللَّبَنُ: دیر میں جمنے والا ہونا۔

اِسْتَمْخَضَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: حاملہ کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔

المَخَاض: دردِ زہ۔

الإمْخَاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔

المِمْخَض والمِمْخَضَة: مشکیزہ۔ مکھن نکالنے کا برتن۔ ج مَمَاخِض.

مَخَطَ (ف ن) مَخْطًا الشَّيْءَ: کھینچ کر لمبا کرنا۔ الجَمَلُ بِهِ: تیز دوڑنا...... الرَّجُلُ فِي الأرْضِ: تیز چلنا...... الوَلَدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا...... [illegible]

نگہبانی کرنا...... السَّيْفَ: تلوار سونتنا......

المَخَاط: رینٹ صاف کرنا...... الصَّبِيَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا...... فلانًا بِيَدِهِ: مارنا (...... مَخْطًا ومُخُوطًا) السَّهْمُ: تیر کا پار ہونا۔ صفت مَاخِط.

مَخَّطَ الوَلَدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔

أَمْخَطَ السَّهْمَ: تیر کو پار کرنا۔

اِمْتَخَطَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اُچک لینا...... السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

اِمْتَخَطَ وتَمَخَّطَ: رینٹ صاف کرنا۔ و تَمَخَّطَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔

المَخْط: مص۔ راکھ۔ چھوٹا کپڑا۔

المُخَاط: رینٹ۔ ج أَمْخِطَة. مُخَاطُ الشَّيْطَان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مُخَاطُ الشَّمْسِ ولُعَابُ الشَّمْسِ بھی کہتے ہیں۔

المُخَاطِيّ: رینٹ والا۔

المَخْط: فیاض سردار۔ ج أَمْخَاط.

المَخْطَة. مَخَط: کا اسم مرة۔ ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔

المِخْل عِنْدَ المولَّدِين: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ ج أمْخَال ومُخُول۔

المَاخِل: بھاگنے والا۔

مَخْمَخَ: گودا نکالنا۔

مَخَنَ (ن) مَخْنًا: رونا...... البِئْرَ: کوئیں سے پانی نکالنا...... العُودَ: لکڑی چھیلنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَخُنَ (ن) مَخْنًا ومُخُونَةً: لمبا ہونا۔ صفت مَخِن ومَخِنّ مؤنث مَخِنَة ومَخِنَّة۔

المِخَنّ: لمبا مرد۔

المِخَنَّة. المِخَنّ: کا مؤنث۔ گھر کا صحن۔

مَخَى الرَّجُلَ عَنِ الأمْرِ: الگ کرنا۔ دور کر دینا۔

أَمْخَى اِمْخَاءً و اِمْتَخَى اِنْمَخَى وتَمَخَّى

وامتخى اليه: عذرخواہی کرنا..... منه: بیزار ہونا۔ وتمخى العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

مدّ (ن) مدًّا الشئ وبالشئ: پھیلانا۔ کھینچنا..... الله عمره: عمر طویل کرنا..... من الدواة: قلم میں روشنائی لینا..... النهر او البحر: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم ومتعدی) کہا جاتا ہے "قلّ ماء ركيتنا فمدّتها ركية اخرى" ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہوگیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کردیا "وهذا الوادي يمدّ في وادي كذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے "ومدّ نظره اليه" اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مدّ الارض: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا..... الحرف: کھینچ کر پڑھنا..... الابل: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا..... السراج بالسليط: چراغ میں تیل ڈالنا ..... في السّير: گزرنا۔ مدّ وامدّ الرجل: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا ..... ه في غيه: گمراہی میں زیادتی کرنا..... الجند: فوج کی مدد کرنا..... النهار: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا..... الدواة: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا اور ایسا ہی "مدّ القلم" قلم میں روشنائی لگانا۔

امدّ في مشيته: ناز و انداز سے چلنا۔ امدّه الله في الخير: زیادہ کرنا..... اجله: طویل کرنا اور مؤخر کرنا..... فلانا بمال: دینا..... الكاتب: قلم میں ایک ڈوبا دینا..... البعير: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پکانا..... وامدّ الجرح: زخم میں پیپ ہونا۔

مدّد الشئ: پھیلانا۔

مادّه مدادًا ومُمادّة: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مادّه الثوب: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔

تمادّا الثوب: باہم مل کر کھینچنا۔

تمدّد وامتدّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔ تمدّدوا الشئ بينهم: کھینچنا۔ امتدّ بهم السّير: طویل ہونا..... في مشيه: ناز و انداز سے چلنا..... الى الشئ: دیکھنا..... النهار: دن کا آدھا ہونا۔

استمدّ القوم الامير على العدوّ: مدد طلب کرنا..... من الدّواة: روشنائی لینا۔

المدّ: مص۔ سیلاب۔ ج مدود۔ منتہی کہا جاتا ہے "بيني وبينه قدر مدّ البصر" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا کہا جاتا ہے "اتيته مدّ النهار ومدّ الضحى" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مدّ البحر: دریا کا چڑھنا۔

المدّ والمدّة: حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔

المُدّ: ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل ہے۔

المدّة: مد کا اسم مرة۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔

المُدّة: زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی کہا جاتا ہے "لهذه الامة والارض مُدّة" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدد۔

المِدّة: مد کا اسم نوع۔ پیپ۔

المِدد: مدد۔ فریاد رسی کہا جاتا ہے "امددته بمدد" میں نے اس کو قوت پہنچائی میں نے اس کی اعانت کی۔

المِدّان والامِدّان: کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔

المِداد: مص۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هم على مداد واحد" وہ ایک مثال پر ہیں و "سبحان الله مداد السّموات" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔

المادّة. المادّ کا مؤنث جس [illegible] کی ترکیب و قوام ہو۔ المادّة الاولى: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج موادّ۔ مادّات موادّ اللغة: الفاظ لغت۔ موادّ العلم: مباحث علم۔

المادّيّ: منسوب الى المادّة: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔

الامِدّة: تانا۔

الامدود: عادت۔

المديد: کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قدّ مديد" لمبا قد۔ "فلان مديد القامة" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مديدة۔ مُدّة مديدة: طویل مدت۔ ج مُدد: چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُديدة: تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)

المَمَدّ: مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔

المُمتدّ: اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔

الممدود: مفع۔ مال ممدود: بہت مال۔

الممدود في علم الصرف: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔

مدحه (ف) مدحا ومِدحة: تعریف کرنا۔

مادحه: تعریف کرنا۔

تمدّح: غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا..... الرّجل: تعریف کرنا۔ الى الناس: اپنی تعریف چاہنا۔

امتدح فلانا: تعریف کرنا (..... وامّدح): وسیع ہونا۔

تمادح القوم: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

المِدحة اسم ہے مدح سے۔ تعریف ج مِدح۔

المديح ج مدائح. والامدوحة. ج اماديح: تعریف۔

المَمَادِح: تعریفیں۔
مَدَخ (ف) مَدْخًا: بڑا ہونا...... فُلانًا: پوری مدد کرنا۔
مَادَخَه: خیر یا شر میں مدد کرنا۔
تَمَدَّخ: تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا پُر گوشت اور چربی والا ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔
تَمَادَخ وامتَدَخ عَلَيْه: ظلم کرنا۔ تَمَادَخ عَنْهُ: سستی و کاہلی کرنا۔
المَادِخ والمَدِيخ والمِدِّيخ: معظم و معزز۔
المَدُوخ والمُتَمَادِخ: جلد باز۔
مَدَرَ (ن) مَدْرًا ومَدَّرَ المَكَانَ: مٹی سے لیپنا...... الحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا...... مَدَرَ: بیٹ کرنا۔
مَدِرَ (س) مَدَرًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔
تَمَدَّرَ: لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔
اِمْتَدَرَ. المَدَر: ڈھیلا لینا۔
المَدَر: مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لئے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔
المَدَرَة: مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر کہا جاتا ہے فُلانٌ سَيِّدُ مَدَرَتِه: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔
المَدَرِيّ: شہر کا رہنے والا۔
الاَمْدَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہوگئے ہوں۔ گرد آلود۔
المَدْرَاء: بڑے پیٹ والی۔ ج مُدْر۔ بَنُو مَدْرَاء: شہر والے۔
مَكَانٌ مَدِيرٌ ومَمْدُورٌ: لیپی ہوئی جگہ۔
المَمْدَرَة والمِمْدَرَة: جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔
اِبِلٌ مُمَدَّرَة: موٹے اونٹ۔
مَدَسَ (ن) مَدْسًا الجِلْدَ ونَحْوَهُ: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِشَ (س) مَدَشًا عَيْنُهُ: بھوک وغیرہ سے چندھیانا...... يَدُهُ: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَش مؤنث مَدْشَاء ج مُدْش۔
مَدَشَ (ن) مَدْشًا. مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا...... لِفُلانٍ مِنَ الْعَطَاءِ: کم کرنا۔
مَدَّشَ وأَمْدَشَ: دینا۔
رَجُلٌ مَدَّاشُ الْيَدِ: چور۔
المَدْش: مص۔ تھوڑا عطیہ۔
المَدَش: مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پھٹن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بے وقوفی اور کہا جاتا ہے "مَابِهِ مَدَش او مَابِهِ مَدَشَة" اس کو کوئی مرض نہیں۔
المَدِش: بے وقوف۔
المَدْغَة: ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔
المُدَّعِيّ: نسب میں متہم۔
المَيْدَع: سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔
مَدَقَ (ن) مَدْقًا الصَّخْرَةَ: چٹان توڑنا۔
المِدَقْس: ریشم۔
تَمَدَّلَ بِالْمِنْدِيلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔
المَدْل: کمینہ۔ جما ہوا دودھ۔
المِدْل: مرد کم گوشت لاغر بدن۔
المُدْلُوج: بازو بند۔ مَلْمَدَ: بھاگنا۔
مَدَنَ (ن) مُدُونًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے)...... المَدِينَةَ: شہر میں آنا۔
مَدَّنَ. المَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔
تَمَدَّنَ: شائستہ ومہذب ہونا۔
تَمَدْيَنَ: ناز پروردہ ہونا۔
المَدِينَة: شہر۔ قصبہ۔ ج مُدْن ومُدُن ومَدَائِن۔
المَدِينَة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم ﷺ [illegible]
السَّلام: بغداد۔
المَدَائِن: بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کے لئے مَدَائِنِي ہے۔
المَدِين: شہر۔
المَدَان: ایک بت کا نام۔
مَدَهَ (ف) مَدْهًا: تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مُدَّه۔
تَمَدَّهَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔
مَادَىٰ مُمَادَاةً فُلانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يُمَادِيهِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔
اَمْدَىٰ اِمْدَاءً فُلانًا: مہلت دینا۔ الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔
تَمَادَىٰ. فِي غَيِّهِ: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا...... فِي الْاَمْرِ: انتہا کو پہنچنا...... بِنَا السَّفَرُ: سفر کا طویل ہونا۔
المَدَىٰ والمُدْيَة والمِيدَاء: غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مَدَى الْحَيَاةِ ومُدْيَتَهَا ومِيدَاءَهَا" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و"دَارِي مِيدَاءَ دَارِهِ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "مُدْيَةُ الْقَوْسِ" کمان کا وسط۔
المُدْيَة والمَدْيَة والمِدْيَة: بڑی چھری۔ ج مُدًى ومِدًى ومُدْيَات ومُدَيَات۔
المُدْيُ: شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ صاع آتے ہیں۔ ج اَمْدَاء۔
المَدِيّ: جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہوگیا ہو۔ ج اَمْدِيَة۔
الاَمْدَىٰ: اسم تفضیل کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَمْدَى الْعَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔
مُذْ: دیکھو مُنْذُ۔
مَذِجَ (س) مَذَجًا وتَمَذَّجَ الشَّيءُ: [illegible] ہونا اور پھولنا۔ تَمَذَّجَ الْاِنَاءُ: برتن کا بھرنا۔

......البِطِّيْخُ: خربوزہ کا پھیکا ہونا۔
مَذَّجَ تَمْذِيْجًا الشَّيْءَ: وسیع کرنا۔
مَذِحَ (س) مَذَحًا: رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت اَمْذَح.
تَمَذَّحَ الشَّيْءَ: چوسنا۔
الاَمْذَح: بدبودار۔
المَذَح: مص۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
تَمَذَّحَ الرَّجُلُ: چوسنا۔
المَذَخ: جنگلی انار کے پھول کا شہد۔
مَذِرَتْ (س) مَذَرًا. البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَة عوام "مُوْذَرَت البَيْضَةُ" اور صفت "مُمُوْذِرَة" کہتے ہیں۔
مَذِرَت نَفْسُه او مِعْدَتُهُ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا......الرَّجُلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔
مَذَّرَ الشَّيْءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
اَمْذَرَتِ الدَّجَاجَةُ البَيْضَةَ: گندا کرنا۔
تَمَذَّرَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔ تَمَذَّرَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا......المِعْدَةُ: بگڑنا......النَّفْسُ: جی متلانا۔ تَمَذَّرَ اللَّبَنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَ القَوْمُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔
المَذِر: گندا۔ بگڑا ہوا۔ اِمْرَأَةٌ مَذِرَةٌ: گندی عورت۔
الاَمْذَرَ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔
المِذَار مِنَ النِّسَاءِ: چغل خورن۔
مَذْرَقَ بِهِ: پھینکنا۔
مَذَعَ (ف) مَذْعًا ومَذْعَةً يَمِيْنًا: قسم کھانا۔ مَذَعَتِ المِيَاهُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا
مَذَعَ لِفُلَانٍ: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا (...... مَذْعًا) الضَّرْعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔
تَمَذَّعَ الشَّرَابَ: آہستہ آہستہ پینا۔
المَذَّاع: جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔
مَذَقَ (ن) مَذْقًا اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا
......فُلَانًا ولِفُلَانٍ: پانی ملا ہوا دودھ پلانا
......الوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔
اِمْتَذَقَ واِمَّذَقَ الشَّرَابُ او اللَّبَنُ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔
لَبَنٌ مَذِقٌ ومَذِيْقٌ ومَمْذُوْقٌ: پانی ملا ہوا دودھ۔ رَجُلٌ مَذِقٌ: ملول و رنجیدہ مرد۔
المَذَّاق: غیر خالص دوستی کرنے والا۔
مَذَلَ (ن) مَذْلًا ومِذَالًا ومَذِلَ (ن) مَذَلًا بِسِرِّهِ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (...... ومَذُلَت (ک) مَذَالَةً) نَفْسُهُ بِالشَّيْءِ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِيْل: کہا جاتا ہے "مَذِل بِمَالِه ومَذِلَ بِنَفْسِه" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
اَمْذَلَهُ: تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ اُمْذِلَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
اِمْذَلَّ اِمْذِلَالًا: سست و ڈھیلا ہونا۔
اِمْذَلَّتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا سن ہونا۔
المَذَل: مص۔ سستی و ڈھیلا پن اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَذْلُ اليَدِ او النَّفْسِ" فلاں سخی و کریم ہے۔
المِذْل: چھوٹے جسم والا۔
المَذِل والمَذِيْل: بے قرار۔ زچ ہونے والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مَذِيْل کی جمع مَذْلَى.
المَذِل والمَاذِل: وہ شخص جس کا دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی امید لگائے کہا جاتا ہے "هُوَ مَذِلٌ بِمُهْجَتِه" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا۔
المُذْلَة: کھجور کی گٹھلی۔ چٹان کا گڑھا۔
المِمْذَل: جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔
مَذْمَذَمَذْمَذَةُ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
المَلْمَاذ: بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث مَلْمَاذَة.
المِلْمِيْذ: جھوٹ بولنے والا۔
مَذَى يَمْذِيْ مَذْيًا ومَذَى الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔
مَذَى يَمْذِيْ واَمْذَى الرَّجُلُ: مذی نکلنا۔
اَمْذَى الفَرَسَ: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْذِ بِعَنَانِ فَرَسِكَ" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔
اَمْذَى الشَّرَابَ: زیادہ پانی ملانا۔
المَذْيُ: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔
المَمْذِي: حوض میں پانی بہنے کی جگہ......
والمَذِي: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔
المَاذِيَانَات: پانی بہنے کی جگہ۔ یا وہ پیداوار جو پانی بہنے کی جگہ ہو۔
المَاذِيُّ: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔
المَاذِيَّة: آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔
المَذِيَه والمَذِيَّة: آئینہ۔ ج مِذَاء ومَذِيَّات.
مَرَّ (ن) مَرًّا ومُرُوْرًا ومَمَرًّا: گزرنا۔ جانا مَرَّه ومَرَّبِهِ ومَرَّ عَلَيْهِ: گزرنا۔
مَرَّ (ن) مَرًّا. البَعِيْرَ: اونٹ کے رسی باندھنا۔
مُرَّ يُمَرُّ مَرًّا ومِرَّةً. بِفُلَانٍ: صفرا کا غلبہ ہونا۔ صفت مَمْرُوْر.
مَرَّ (س ن) مَرَارَةً: کڑوا کرنا۔
مَرَّرَ الشَّيْءَ: کڑوا ہونا۔ زمین پر پھیلانا۔
اَمَرَّ فُلَانًا بِكَذَا: گزارنا......الحَبْلَ: رسی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ يُمِرُّ عَلَيْهِ" فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تا کہ اسے پٹک دے "وفُلَانٌ ذُو نَقْضٍ و اِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحب حل وعقد ہے اَمَرَّ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا ......الشَّيْءَ: کڑوا کرنا۔ اَمَرَّهُ عَلَى الجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گزارا......يَدَهُ

عَلَى الشَّيْءِ : ہاتھ پھیرنا اور کہا جاتا ہے "مَا أَمَرَّ فُلَانٌ" و "مَا أَحْلٰی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "وَمَا يُمِرُّ وَمَا يُحْلِي" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

مَارَّ مِرَارًا وَمُمَارَّةً عَلَى الْأَرْضِ : کھینچنا۔ الرَّجُلَ : پچھاڑنے کے لئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔

اِمْتَرَّ بِهٖ وَعَلَيْهِ : گزرنا۔

تَمَارَّ الْقَوْمُ : بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔

تَمَارَّ مَا بَيْنَهُمْ : ایک دوسرے کے ساتھ بغض ودشمنی رکھنا کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ : گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا...... بِهٖ عَلٰی كَذَا : باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا...... الرَّجُلُ : درست معاملہ ہونا...... الشَّيْءُ : کڑوا پانا...... بِالشَّيْءِ : حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

الْمَرُّ : مص۔ رسّی۔ پھاوڑی۔

الْمُرُّ : کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارٰی : اندرائن۔

الْمَرَّةُ : ایک بار۔ ج مَرٌّ ومِرَارٌ ومِرَرٌ ومُرُوْرٌ ومَرَّاتٌ۔

الْمِرَّةُ : مص۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَرٌ جج أَمْرَارٌ : صفرا یا سودا۔ ج مِرَارٌ۔ الْمِرَّةُ : بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِيْدُ الْمِرَّةِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرة : لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

الْمُرَّةُ : الْمُرُّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِرُ : بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ ومِرَارٌ۔ أَبُو مُرَّةَ : کنیت ابلیس عَلَيْهِ اللَّعَن کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْمُرَّتَيْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

الْمَرَارَةُ : پتا۔ ج مَرَائِرُ و مَرَارَاتٌ : تلخی۔

الْمُرَيْرَاءُ : ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

الْمَارُوْرَةُ : نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

الْمُرِّيُّ : سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

الْمُرَارُ : ایک درخت ہے جس کو عوام الْمُرَيْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

الْمَرِيْرُ والْمَرِيْرَةُ : پختہ ارادہ...... مِنَ الْحِبَالِ : مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ أَمْرٌ مَرِيْرٌ : مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِيْرٌ : قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِيْرُهٗ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہوگیا۔ "وَاسْتَمَرَّتْ مَرِيْرَتُهٗ عَلٰی كَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہوجائے۔ الْمَرِيْرَةُ : عزت نفس۔ رسّی کی لڑی۔ ج مَرَائِرُ۔

الْأَمَرُّ : اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّٰی۔ الْأَمَرُّ : گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)

الْأَمَرَّانِ : فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْأَمَرَّيْنِ" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

الْمَمَرُّ : مص۔ گزرگاہ۔

الْمُمَرُّ : مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔

قِرْبَةٌ مَمْرُوْرَةٌ : بھری ہوئی خشک۔

مَرَأَ ومَرِئَ (س) ومَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً۔ الطَّعَامُ : خوشگوار ہونا اور "هَنَأَنِيْ وَمَرَأَنِي الطَّعَامُ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنأنی کے کہنا ہو تو أَمْرَأَنِي باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءًا۔ الرَّجُلُ : کھانا۔ (...... وَامْرَأَ الطَّعَامُ فُلَانًا : نافع ومفید ہونا۔

مَرِئَ (س) مَرَءًا : بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً : صاحب مروت ہونا۔ [illegible] (مَرَاءَةً) الْمَكَانُ : اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَهٗ : کسی کو هَنِيْئًا مَرِيْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ : بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعے نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ : خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

الْمَرْءُ مثلثة الميم : مرد۔ ج رِجَالٌ (من غير لفظه) اور مَرْؤُوْنَ بھی سنا گیا ہے اور نسبت کے لئے مَرْئِيٌّ مؤنث مَرْأَةٌ ومَرَةٌ۔

اِمْرُؤٌ : مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہوگے جَاءَ امْرُؤٌ رَأَيْتُ امْرَأً مَرَرْتُ بِامْرِئٍ : اور ہر حالت میں ضمہ وفتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ ج نِسَاءٌ ونِسْوَةٌ (من غير لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہوجائے گا۔ کہا جائے گا مُرَيْءٌ ومُرَيْئَةٌ اور اِمْرُؤٌ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہوتا اور ہے۔

الْمَرْأَةُ مَرْءًا : کا اسم مرة۔ مَرِئَ الطَّعَامُ : کا اسم۔

الْمُرُوْءَةُ : نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَةٌ : ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں۔ اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کردیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ۔

الْمَرِيْءُ : نرخرہ۔ ج مُرُؤٌ وأَمْرِئَةٌ : صاحب مروت کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِيْءٌ" خوشگوار کھانا۔ وَكَلَأٌ مَرِيْءٌ : بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "هَنِيْئًا مَرِيْئًا" کھانے پینے والے کے لئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

الْمَرِيْئَةُ مَرِيْءٌ : کا مؤنث۔ أَرْضٌ مَرِيْئَةٌ : اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَثَ (ض) مَرْثًا۔ الشَّيْءَ : نرم ہوجانے دار

کرنا۔

المَرْت: مص (...... والمَرُوْت): جنگل جس میں سبزی نہ ہو اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَات ومُرُوْتٌ واَمَارِيْت رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَـرْتُ الْـجَسَـد: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں۔ غُلَامٌ مَـرْتُ الْعِـذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔

اَرْضٌ مَمْرُوْتَة: زمین سبزی سے خالی۔

الـمُـرُوْتَة. المَـرْت: کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔

مَرَثَ (ن ض) مَـرْثًا الشَّيْءَ: نرم کرنا...... الصَّـبِيُّ اِصْبَعَه: بچے کا انگلی چبانا...... ثَدْيَ اُمِّه: چوسنا...... الـرَّجُـلُ الـرَّجُلَ: مارنا...... الـدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَّمر بِيَدِهٖ فِي المَاءِ: بھگونا اور ریزہ ریزہ ہونے کے لئے ہلانا۔

مَرِثَ (س) مَـرَثًا عَلَى الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَـرِثٌ ومِـمْـرَث. ج مَمَارِث.

مَرْثُ الثَّرِيْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ والعَهْدُ والاَمَانَةُ والدِّيْن: خراب ہونا۔ فاسد ہونا...... الخَاتَمُ فِي الاَصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَـرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔ مَـرَجَـتِ الـدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَه فِيْ اَعْرَاضِ النَّاسِ" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَـرَجَ الْكِذْبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا...... الـسُّـلْـطَانُ رَعِيَّـتَهٗ: فساد کرنے دینا۔ مَـرَجَ الْاَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

اَمْـرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا...... الشَّـيْءَ: ملانا...... الـعَـهْـدَ: پورا نہ کرنا۔ اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔

المَرْج: مص۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْج.

الـمَـارِج: فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔

الـمَرَّاج: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

الـمَرْجَان: چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة: مونگا۔

الـمَـرِيْـج: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج اَمْرِجَة. اَمْرٌ مَرِيْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِيْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُـصْـنٌ مُرِيْـج: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

الـمِـمْـرَاج: وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَـاقَةٌ مِـمْرَاجٌ" وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہوگئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَـرَحًـا ومَرَحَانًا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا...... السَّـحَابُ: بادل کا برسانا۔ مَـرِحَتْ عَيْنُه: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا...... الْعَيْنُ بِمَائِهَا وقَذَاهَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَـرِحٌ. ج مَرْحَى ومَرَاحَى. ومِرِّيْح ج مِرِّيْحُوْن کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِكَ" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَـرَّحَ الْجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا...... المزادَةَ الْـجَـدِيْـدَة: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ الْبُـرَّ: گیہوں صاف کرنا...... الْمُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا...... الرَّجُلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْـرَحَ: اِترانے میں برانگیختہ کرنا۔ اَمْـرَحَ الْكَلَأُ الْفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔

الـمِـرَاح: نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔

مَرْحَى: کلمہ تعجب ہے جو تیر انداز کے لئے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَبًا"۔

المَرْحَى: بڑی لڑائی (مادہ رح کی ہے)

الـمِـرْحَة. مَـرَح: کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

الـمَرُوْح: شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔

قَـوْسٌ مَرُوْحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح والمِمْرَاح: چست۔ خوش و خرم۔

الـمِـمْرَح والـمِمْرَاح: بہت آنسوؤں والی آنکھ۔ بہت جلد اگانے والی زمین۔

الـمُـمَرَّح: مفع۔ كَـرْمٌ مُـمَرَّح: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

الـتِّـمْرَاحَة: بہت خوش و خرم کہا جاتا ہے "هُوَ تِـلْـعَابَةٌ تِمْرَاحَةٌ" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَـرْحَـبَ فُلَانًا وبِهٖ: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا...... الـلّٰـهُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا...... ہٗ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَـرْخًا: مذاق کرنا...... جَسَدَهٗ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَـرَخًـا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ.

مَـرَّخَه: تیل ملنا۔ مَـرَّخ واَمْرَخ. العَجِيْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

الـمَـرْخ: مص۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ: مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ: فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ: پانی بہانے والا مرد۔

الْمِمْرَخ والمِمْرِيْخ: بہت تیل لگانے والا بے وقوف...... مِـنَ الشَّـجَـرِ: نرم و پتلا۔

الـمِـرِّيْخ: سبعہ سیارہ سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المُرْخَة: کچی کھجور۔ ج مُرَخ.

المُرَّخ: دم پونچھ۔

الـمَـرِيْخ: سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج

اَمْرَخَة.
ثَوْرٌ اَمْرَخ: سپید سرخ داغ والا بیل۔
المَرْخَاء: چست تیز چلنے والی اونٹنی۔
مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرُوْدًا (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً: سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَی النِّفَاقِ و نحوِہٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔
مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّیْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا...... فُلَانًا: تنگ عزت کرنا...... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا...... الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: ہاتھوں سے ملنا...... المَلَّاحُ السَّفِیْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا...... الشَّیْءَ فِی المَاءِ: پانی میں ملنا...... الغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔
مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً. الغُلَامُ: لڑکے کے دیر تک بے داڑھی کے رہنا...... الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔
مَرَّدَ تَمْرِیْدًا و تَمْرَادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا...... البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا...... لِلْحَمَامِ تَمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔
تَمَرَّدَ: مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا...... عَلَی النَّاسِ: سرکشی کرنا...... الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔
المَرَاد والمُرَّاد: گردن۔ ج مَرَاوِیْد.
المَرْد: پیلو کا تازہ پھل۔
المُرْدِیُّ: کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِیُّ.
المَارِد: فا۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَة و مَارِدُوْن و مُرَّاد.
المَرِیْد: سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء
المَرِیْد: دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔
الاَمْرَد: بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ اَمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے اردگرد بال
ہوں۔ مؤنث مَرْدَاءُ ج مُرْدٌ کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَی جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔
المَرْدَاء: بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ.
التِّمْرَاد: کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِیْد.
المِرِّیْد: سخت سرکش۔
المَرْدَقُوْش: دونا مروا۔ زعفران۔ رَجُلٌ مَرْدَقُوْشٌ: نرم کان والا امرد۔
مَرَذَ (ن) مَرْذًا. الخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔
مَرَزَہٗ (ن) مَرْزًا: کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں...... الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا...... الشَّیْءَ: ٹکڑا کرنا...... الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔
مَارَزَہٗ مُمَارَزَةً: مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا...... شَرِیْکَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا...... مِنْ مَالِہٖ مَرْزَةً: کچھ لے لینا۔
المُرْزَة والمِرْزَة: حصہ۔ ٹکڑا۔
المَرْزَتَان: لو سے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَة: ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَیب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِیْزٌ: آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَنْجُوْش: دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا...... الصَّبِیُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا...... یَدَہٗ بِالمِنْدِیْلِ:
سے اُتر کر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَکَرَةُ: رسی کا چرخی اور اِدھر اُدھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَةً الاَمْرَ: مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ خود کو کسی کام میں لگانا۔
اَمْرَسَ. حَبْلَ البَکَرَةِ: چرخی پر رسی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و امْتَرَسَ بِالشَّیْءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّیْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا...... بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا...... بِدِیْنِہٖ: دین سے کھیلنا...... بِالشَّیْءِ: مارنا...... بِالنَّوَائِبِ والخُصُوْمَاتِ: حوادثات اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ والاَلْسُنُ فِی الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ القَوْمُ فِی الحُرُوْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
المَرْس: مص۔ لگاتار چال۔
المَرِس: کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَی مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج اَمْرَاس.
المَرَسَة: رسی۔ ج مَرَس و جج اَمْرَاس.
اَمْرَاسُ المَرْکَبِ: سواری کی رسیاں۔
المِرَاس والمَرَاسَة: طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
المِمْرَاس: مضبوط۔ طاقت ور۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ مِمْرَاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
المَرْوَس: چرخی جس سے رسی ایک طرف کو

کرتی ہو۔

المَرِیْس: پانی میں جگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔

المَارِسْتَان والمَارِسْتَان: شفاخانہ ج مَارِسْتَانَات (دخیل)

مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا...... ہٗ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔

اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا...... لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

المَرْش: مص۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش و اَمْرَاش۔ المَرْش: پہاڑ کا پست حصہ۔

الاَمْرَش: بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش۔ المَرْشَاء: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔

المَرَّاش: بہت کماؤ۔

التَّمْرِیْش: تھوڑی بارش۔

مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْیَ ونَحْوَهٗ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔

مَرَصَ (ن) مَرْصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِیْرِ ونَحْوِهٖ: جو وغیرہ سے چھلکا اُتر جانا۔

المَرُوْص: تیز رفتار اونٹنی۔

مَرِضَ (س) مَرَضًا ومَرْضًا: بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ ومَرِیْضٌ ومَارِضٌ۔

مَرَّضَهٗ: علاج کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ مریض کردینا۔ مَرَّضَ فِی الاَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا...... البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔

اَمْرَضَ: مریض ہونا...... اللّٰهُ فُلَانًا: مریض بنانا...... ہٗ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ زَیْدًا فَاَمْرَضْتُهٗ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا۔ اَجْفَانَهٗ: پلکوں کو پست کرنا...... الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔

تَمَرَّضَ: کام میں کمزور ہونا۔

تَمَارَضَ: بتکلف مریض بننا...... فِیْ اَمْرِهٖ: کمزور ہونا۔

المَرَض والمَرْض: بیماری ج اَمْرَاض کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرْضَةٌ شَدِیْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔

المَرِیْض ج مَرْضٰی والمَرِض ج مِرَاض بیمار۔ قَلْبٌ مَرِیْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْیٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے۔ عَیْنٌ مَرِیْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَةٌ: سست ہوا۔ لَیْلَةٌ مَرِیْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِیْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِیْضَةٌ کی جمع مِرَاض و مَرْضٰی۔

المِمْرَاض: بہت بیماری والا۔

المَمْرُوْض والمُمَرَّض: بیمار۔

مَرَطَ (ن) مَرْطًا ومُرُطًا الشَّعْرَ او الرِّیْشَ: بال یا پر نوچنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا...... بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔ مَرَطَتِ المَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: جننا (...... مَرْطًا ومُرُوْطًا) الرَّجُلُ: جلدی کرنا...... فُلَانًا: تھکا دینا۔ مَرَّطَ الثَّوْبَ: آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔

مَرِطَ (س) مَرَطًا: کم بالوں والا ہونا۔

اَمْرَطَ الشَّعْرُ: بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔ اَمْرَطَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے کچی کھجوریں گرانا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا چلنے میں تیز ہونا۔

مَارَطَهٗ مُمَارَطَةً: ایک دوسرے کے بال نوچنا۔

تَمَرَّطَ وامَّرَطَ وانْمَرَطَ الشَّعْرُ: بال گرنا۔ تَمَرَّطَ السَّهْمُ: تیر کا پر سے خالی ہونا۔

اِمْتَرَطَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔

المِرْط: ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی چادر۔ ج مُرُوْط۔

الاَمْرَط: کم بال والا بھیڑیا جس کے بال نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطَاء ج مُرْط شَجَرَةٌ مَرْطَاءُ: بے پتوں کا درخت۔

سَهْمٌ مَرِیْطٌ ومِرَاطٌ واَمْرَطُ: بے پر کا تیر۔

المُرْط مِنَ السِّهَام: بے پر کا تیر کہا جاتا ہے "سَهْمٌ مُرُطٌ" ج اَمْرَاط ومِرَاط۔

المُرَاطَة: جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں گرے۔ المَرُوْط: تیز رفتاری۔ فَرَسٌ مَرَطٰی: تیز رفتار گھوڑا۔

المِمْرَطَةُ مِنَ النُّوْق: تیز رفتار اونٹنی۔ ج مَمَارِط۔

المُرَیْطٰی: حلق کا کوا۔

المُرَیْطَاء: ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

المُرَیْطَاوَان: داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

مَرَغَ (ف) مَرْغًا رَاْسَهٗ بِالدُّهْنِ: سر پر تیل ملنا...... شَعْرَهٗ: بال میں کنگھی کرنا۔

مَرِعَ (س) مَرَعًا ومَرُعَ (ک) مَرَاعَةً المَكَانُ: سرسبز ہونا...... الرَّجُلُ: خوش حال ہونا۔ مَرَعَ (س) مَرْعًا...... الرَّجُلُ: سبزہ زار میں پہنچنا۔

اَمْرَعَ المَكَانُ: سرسبز ہونا...... رَاْسَهٗ بِالدُّهْنِ: خوب تیل ملنا...... القَوْمُ: سرسبز جگہ پانا۔

تَمَرَّعَ: جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔

اِنْمَرَعَ فِی البِلَادِ: جانا۔ سیر کرنا۔

المَرْع: گھاس۔ ج اَمْرُع واَمْرَاع۔

مَكَانٌ مَرِعٌ: سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِعٌ: سبزہ زار ڈھونڈنے والا مرد۔

المُرْعَة والمِرَاع: چربی۔

المُرْعَة والمُرَعَة: ایک پرندہ تیتر کے مانند۔ ج مُرَع ومِرْعَان۔

مَكَانٌ مَرِیْعٌ: سبزہ زار جگہ۔ ج اَمْرَاع واَمْرُع۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَرِیْعُ الجَنَاب" فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔

الاُمْرُوْعَة: سبزہ زار زمین۔ ج اَمَارِیْع.
المِمْرَاع: سبزہ زار۔
مَـمَارِیْعُ الْاَرْضِ : عمدہ زمینیں (اس کا واحد نہیں)
الـمِـرْعَزُّ والـمِـرْعِزّیٰ والـمَـرْعِـزّی والـمِـرْعِزّاء والمَرْعِزّاء: بکری کے بالوں کے نیچے کا رواں۔ نرم اُون۔
مَرَغَ (ف) مَـرْغًـا الْـحَیْوَانُ الْعُشْبَ: چارہ چرنا..... فِي العُشْبِ: چرنے کے لئے ٹھہرنا..... البَعِیْرُ: اُونٹ کا جھاگ ڈالنا۔
مَرِغَ (س) مَـرْغًا. عِرْضُهٗ: عزت پر دھبہ لگنا۔
مَـرَّغَـهٗ تَـمْرِیْغًا وتَـمْرَاغًا فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا۔ مَـرَّغَ الْعِرْضَ: آبرو کو داغ دار کرنا..... رَاسَهٗ: خوب تیل لگانا۔
مَـارَغَه: فریب دینا..... هٗ فِي التُّرَابِ: مٹی میں چپکانا۔
اَمْـرَغَ: سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا..... الـعَـجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر نرم کرنا..... عِـرْضَـهٗ: آبرو کو داغ دار کرنا۔
تَـمَـرَّغَ. فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹنا..... فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا..... عَـلٰی فُلَانٍ: دیر لگانا۔
الحَیَوَانُ: جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَـمَرَّغَتِ الـسَّـائِـمَةُ: چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا ..... الـرَّجُـلُ: برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چکیلا اور نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا..... فِي النَّعِیْمِ: نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَرْغ: مص۔ لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب مالش۔
المَارِغ: فا۔ بے وقوف۔
الـمَرِغ مِنَ الشَّعرِ: بہت تیل جذب کرنے والے بال۔
الـمَرَاغ والمَرَاغَة والـمُتَمَرَّغ: جانور کے لوٹنے کی جگہ۔
المَرْغَة: مرغ کا اسم مرۃ۔ باغ۔
الامَـرَغ: افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤ

مَرْغَاءُ ج مُرْغ.
الـمِـمْرَغَة: ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی کہتے ہیں۔
مَرَقَ (ن) مُرُوْقًا الـسَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ: تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا..... مِـنَ الـدِّیْنِ: گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔
مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا الْقِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا ..... الْـجِلْـدَ: کھال سے اون اکھیڑنا..... هٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَرِقَتْ (س) مَرَقًا البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہو کر پانی بننا..... الـنَّخْلَةُ: درخت خرما سے زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔
اَمْـرَقَ الْقِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا..... الْجِلْدُ: اون اکھیڑنے کے قابل ہونا..... الـنَّـخْـلَةُ: زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گرنا۔ اسم اَلْمَرِق: ہے۔
مَرَّقَ: گانا..... القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔
تَـمَرَّقَ الشَّعَرُ: بال اکھڑ جانا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے بال جھڑ جانا..... الـثَّـوْبُ: کپڑے کا عصفر سے رنگا جانا۔
اِنْـمَرَقَ واِمَّرَقَ السَّهْمُ: چھید کر پار ہونا۔ الشَّعْرُ: بال گرنا۔
اِمْتَرَقَ الشَّیْئُ: جلدی سے گزر جانا۔ السَّیْفَ مِـنْ غِـمْـدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
الـمَرْق: مص۔ دھنکی ہوئی اون۔ بدبودار اون یا کھال۔ خوشہ کے غبار۔ ج اَمْـرَاق کہا جاتا ہے "اَصَـابَهٗ ذٰلِکَ فِي مَرْقِکَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔
المِرَق: بدبودار اون یا کھال۔
المَرَق والمَرَقَة: شوربا۔
الـمُـرَاقَة: اکھیڑی ہوئی اون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

مَـارِقُوْنَ ومُرَّاق. المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔
المَارِقَة. المَارِق: کا مؤنث۔ خوارج۔
الـمُـرَیَّق المُرَیَّق: عصفر۔ ثَوْبٌ مُمَرَّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔
المَمْرَق: نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔
لَحْمٌ مُمَرَّق: بہت چکنا گوشت۔ المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)
مَرْمَرَ: غضبناک ہونا..... المَاءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔
مَـرَکَ ومَـرَکَ: سامان تجارت پر نشان فارق لگانا۔
اَلْفَارِکَةُ: سامان پر نشان فارق۔
تَـمَـرْمَـرَ الـرَّمْـلُ: ریت کا موج مارنا..... الجسمُ: جسم کا تھلتھلانا..... عَلٰی اَصْحَابِه: امیر ہونا۔
الـمَرْمَرُ: سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (..... والـمَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔
الـمُـرَامِـر: باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔
المَرْمَرَة: مص۔ بہت بارش۔
الـمَـرْمَـرِیْـس: چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔
المَرْمِیْس: گینڈا۔
مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً ومُرُوْنًا ومَرَانَةً: تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا..... یَـدُهٗ عَلَی العَمَلِ و وَجهُهٗ عَلَی الاَمْرِ: سخت ہونا(..... مُرُوْنًا ومَرَانَةً) عَلَی الشَّیْئِ: عادی ہونا۔
مَرَنَ (ن) مَرْنًا الْجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔ ..... مِـنْ عَـدُوِّهٖ: دشمن سے بھاگنا..... بِـهٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
مَرَّنَ الشَّیْئَ: نرم کرنا..... فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: عادی بنانا..... بِـهٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
تَمَرَّنَ: بتکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا ..... عَلَی الشَّیْئِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔
المَرْنُ: مس۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال۔ لباس پوستین۔ علیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان۔ : مرنا۔
الاَنْفُ: ناک کے دونوں جانب۔
المَرْنُ: مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔
المَرْنُ: ملائم وسخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مَرْنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِکَ مَرْنِی" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرْنُ: شور وجنگ۔
المُرَّانُ: ٹھوس و لچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَةٌ۔
المَارِنُ: فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَوَارِن۔ رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔
المَيْرُوْن عِنْدَ النَّصَارٰی: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔
اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔
مَرِهَتْ (س) مَرَهًا عَيْنُهُ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَرِهٌ و اَمْرَهُ۔
رَجُلٌ مَرِهُ الفُؤَادِ: مرد بیمار دل۔ سَحَابٌ اَمْرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔
المَرْهَاءُ، الاَمْرَهُ: کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاءُ: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔
المُرْهَةُ: سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
مَرْهَمَ مَرْهَمَةً الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔
المَرْهَمُ: زخم پر لگانے والی دوا۔ ج مَرَاهِم۔
المَرْوُ: ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَةُ کہا جاتا ہے "قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَهُ" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔ المَرْوُ: ایک خوشبودار پودہ۔
المَرْوَةُ: مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔
مَرَى يَمْرِي مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا...... الدَّمَ ونَحْوَهُ: خون نکالنا...... حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا...... الرِّيحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا...... الشَّيْءَ: نکالنا...... الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَمْرِي دَابَّتَهُ بِسَاقِهِ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو کھلا رہا تھا۔ ...... فُلَانًا مِائَةَ سَوْطٍ: کوڑے مارنا۔ مَرَى الفَرَسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔
اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
مَارَى مِرَاءً ومُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔
تَمَارَيَا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِمْتَرٰى فِي الشَّيْءِ: شک کرنا...... واِسْتَمْرَى اللَّبَنَ ونَحْوَهُ: دودھ دوہنا۔ نکالنا۔
تَمَرَّى تَمَرِّيًا بِكَذَا: آراستہ ہونا۔
المِرْيَةُ والمُرْيَةُ: جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيهِ مِرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک
المِرْيَةُ: دودھ جو اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُ مِرْيَةَ النَّاقَةِ" اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔
المَرِيُّ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا۔ المَرَايَا: جمع مِرْآة: بمعنی آئینہ اور بجائے هَنِيئًا مَرِيئًا کے هَنِيًّا مَرِيًّا بھی کہا جاتا ہے۔
المَرِيَّةُ: بہت دودھ والی اونٹنی۔
المَارِيُّ: سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِيَّةٌ: چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔
المَارِيَّةُ والمُمَرِّيَةُ: سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔
مَرْيَمُ ج مَرْيَمَاتٌ: خاتون کا نام (سریانی لفظ) اس کا معنی بلندی پانے والی ہے۔
اَلمِرْزُكَا: شراب اور پانی کا نام جس کو مقدس کام کے وقت پیا جاتا۔ (سریانی لفظ) ترجمہ: ملا ہوا۔
اَمْرٌ مُمِرٌّ: سیدھا معاملہ۔
مَزَّ (س) مَزَازَةً الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا...... الشَّيْءُ: بہت ہونا۔ صفت مَزِيزٌ (...... مَزَازَةً ومُزُوْزَةً) الطَّعَمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔
مَزَّ (ن) مَزًّا الشَّيْءَ: چوسنا۔
مَازَّ مُمَازَّةً بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔
مَزَّزَهُ: فضیلت والا سمجھنا...... بِكَذَا: فضیلت دینا۔
تَمَازَّتِ النِّيَّةُ بِهِ: دور ہونا۔
تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ کھٹ مٹھا کھانا یا پینا۔
المَزُّ: دشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔
المِزُّ: مرتبہ وفضل۔ کثرت اور کہا جاتا ہے "شَيْءٌ مِزٌّ" فاضل چیز۔
المُزُّ: کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّةٌ۔
المُزُّ والمُزَّاءُ والمَزَّةُ: خوشگوار شراب
المَزَّةُ: ایک مرتبہ چوسنا کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ فِي الاِنَاءِ اِلَّا مَزَّةٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
المَزُّ: کثرت اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ عَلٰى مَزٍّ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔
المَزِيزُ: فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دشوار۔
الاَمَزُّ: فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاءُ ج مُزٌّ۔
مَزَجَ (ن) مَزْجًا ومِزَاجًا الشَّرَابَ بِالْمَاءِ: پانی ملانا...... فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
مَازَجَهُ مُمَازَجَةً: مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔
مَزَّجَ السُّنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ ...... فُلَانًا: کچھ دینا۔
تَمَازَجَا: باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بِهِ: ملنا۔
الـمِزْج والمَزْج: شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔
الـمِـزَاج: مص۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَة.
رَجُلٌ مَزَّاجٌ: جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔
المَزِيج: ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔
مَـزَحَ (ف) مَـزْحًـا: مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔
مَزَّحَ السُّنْبُلُ او العِنَبُ: رنگ پکڑنا۔
مَازَحَهُ مِزَاحًا و مُمَازَحَةً: ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَازَحا: باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَزَّحَ بِهِ: فخر کرنا۔
المَزْح: مص۔ خوشی۔
المُزاحة والمزاح: ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔
المَزَّاح: بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔
الـمُزَّح مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔
المَزْد: سردی۔
مَزَرَ (ن) مَـزْرًا۔ مِنَ اللَّبَنِ: تھوڑا سا پینا ...... اللَّبَنَ: دودھ کو چکھنے کے لئے پینا ...... ہٗ: آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا (...... ومَزَّرَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
مَـزُرَ (ک) مَزَارَةً: ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔
تَـمَـزَّرَ النَّبِيذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔
المَزْر: مص۔ مرد ظریف۔
المِزْر: جو یا گیہوں کی شراب۔ بے وقوف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ المِزْرِ" وہ شریف الاصل ہے۔
المَزِير: ظریف۔ سخت دل۔ ج اَمَازِر.
الاَمْـزَر: اسم تفضیل ہے مـزر سے مؤنث مَزْرَاء ج مُزْر و اَمَازِر کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمَازِرِ النَّاسِ" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔

المَزْرَة: ایک مرتبہ چوسنا۔
مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْيُ ونَحْوُهُ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (...... ومَـزَّعَ) القُطْنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔
تَـمَزَّعَ: جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کرلی اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔
المِزْعَة: روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مزع (...... والـمُزْعة) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔
...... مِنَ الـمَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع ومُزَع.
المَزَّاع: بہت دوڑنے والا۔ سیکی۔
الـمُزَاعَة مِنَ الشَّيْءِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو تومتے وقت گرے۔
المِزْعِي: چغل خور۔
فَرَسٌ مِمْزَعٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا و مَزْقَةً الثَّوْبَ: پھاڑنا ...... عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِق ج مَزِقُون جیسے "اَتَانِي اَنَّهُمْ مَزِقُونَ عِرْضِي" مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں ...... الطَّـائِـرُ بِسَلْحِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَـزَّقَ الثَّـوْبَ: چیر چیر کرنا کہا جاتا ہے "مَزَّقَهُمُ اللّٰهُ كُلَّ مُمَزَّقٍ" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔
مَازَقَهُ: دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔
تَمَزَّقَ: پھٹنا ...... القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِنْمَزَقَ: پھٹنا۔
المِزْقَة: کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مِزَقٌ ومَزِقٌ ومَزِيقٌ" پھٹا ہوا کپڑا۔
نَـاقَةٌ او فَـرَسٌ مِزَاقٌ: تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔
[illegible]

تَـمَزْمَزَ: حرکت کرنا ...... لِلْقِيَامِ: اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔
مَزَنَ (ن) مَـزْنًا ومُزُونًا: چلا جانا ...... وَجْهُهُ: چہرہ کا چمک اٹھنا ...... مِنَ العَدُوِّ: دشمن سے بھاگنا (...... ومَـزَّنَ) القِـرْبَةَ: مشک بھرنا ...... فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔
تَـمَزَّنَ: چلا جانا ...... عَلَى القَوْمِ: مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا ...... عَلَى الاَمْرِ: عادی ہونا۔
المُزْن: بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ المُزْنِ: اولہ۔
المُزْنَة: بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ المُزْنَةِ: نیا چاند۔
الـمَـزْن: عادت۔ طریقہ۔ حال کہا جاتا ہے "مَـا زَالَ عَـلَـى هٰـذَا المَـزْنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔
المَازِن: قا۔ چیونٹی کے انڈے۔
مُـزَيْـنَة: مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لئے مُزَنِي.
مَزَهَ (ف) مَزْهًا: ہنسی مذاق کرنا۔
مَزَا يَمْزُو مَزْوًا: تکبر کرنا۔
مَزَّاهُ تَمْزِيَةً: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔ کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهُ حَتَّى نَفَّقْتُهُ لَهُ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کردیا۔
تَـمَـازَى القَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعویٰ کرنا۔
الـمَزْو والمَزِيَّة ج مَـزَايَا والمَازِيَة ج مَـازِيَـات: علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہوجائے۔ خوبی۔ عمدگی۔
مَزِيَ يَمْزَى: تکبر کرنا۔
مَزَّى تَمْزِيَةَ الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔
کہا جاتا ہے "لَقَدْ عَنِيَ مَازِيًا وَمُعَنِّيًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

اَلمَرْأَةُ: سرکش لوگ۔ مغرور عورت۔
المَازِيَةُ ج مَازِيَاتٌ. والمَزِيَّةُ ج مَزَايَا: علم۔ کرم، شجاعت، شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔
المَزِيُّ: مرد خوش طبع۔ زیرک۔
مَسَّ (ن س) مَسًّا ومَسِيسًا ومِسِّيسَى الشَّيْءَ: چھونا۔ پہنچنا..... المرضُ او الكِبَرُ فلانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الحَاجَةُ إلى كَذَا: مجبور کرنا..... مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وعَذَابٍ: شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلانًا مَوَاسُّ الخَيْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ "ومَسَّتْ بِكَ رَحِمُ فُلانٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔
مُسَّ مَسًّا: جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوسٌ.
مَاسَّهُ مُمَاسَّةً ومِسَاسًا: چھونا۔ جماع کرنا۔
أَمَسَّهُ الشَّيْءَ: چھوانا اور کہا جاتا ہے "أَمَسَّ وَجْهَهُ المَاءَ او بَدَنَهُ الطِّيبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔
تَمَاسَّ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔
المَاسُّ: فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔
مَسَاسِ: اسم فعل بمعنی امر یعنی چھو۔ اور کہا جاتا ہے لامَسَاسِ: یعنی مت چھو۔
المَسُوسُ مِنَ المَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کَلأٌ مَسُوسٌ: چرنے والے جانوروں کے لئے مفید گھاس۔
المِسِّيسَا: ایک حلوے کا نام۔
[illegible]
الأَمَسُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ أَمَسُّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"۔
المَمَاسُوسُ والمَمْسُوسُ: پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔
مَسْمَسَ الحَاجَةُ: حاجت کا مجبور کرنا۔
المَسَّاسُ: بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَسَّاسَةٌ" یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔
مَسَا (ف) مَسْوًا ومُسُوًّا: بے باک ہونا..... المَاشِيُ: دیر کرنا..... الحَقَّ: حق کو دیر میں ادا کرنا..... الطَّرِيقَ: راستہ کے درمیان میں چلنا۔ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا ..... الرَّجُلَ بِالقَوْلِ وَغَيْرِهِ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (..... وأَمْسَى) بَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔
تَمَسَّا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
مَسَحَ (ف) مَسْحًا الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مریض کے لئے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَسَحَ اللّٰهُ مَا بِكَ مِنْ عِلَّةٍ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں..... هُ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا..... هُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا..... ذَوَائِبَ المَرْأَةِ: کنگھی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَسَحَهُ او مَسَحَ رَأْسَهُ" یعنی اس نے فریب دینے کے لئے نرم باتیں کیں۔ "مَسَحَ القَوْمَ قَتْلًا" قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا۔ "ومَسَحَهُ اللّٰهُ" اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلانًا: مارنا۔
..... عُنُقَهُ: گلا کاٹنا..... الإبِلَ: اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا..... سَيْفَهُ: تلوار سونتنا..... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
مَسَحَ (ف) مَسْحًا ومِسَاحَةً: پیمائش کرنا (..... مَسْحًا وتَمْسَاحًا) جھوٹ بولنا۔
مَسَحَ (ف) مُسُوحًا فِي الأَرْضِ: جانا۔
مَسِحَ (س) مَسَحًا: کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔
مُسِحَ بِالعِتْقِ او الكَرَمِ: کچھ شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔
مَسَّحَ الشَّيْءَ: پونچھنا۔ مَسَّحَهُ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا۔ مَسَّحَ فُلانًا: فریب دینے کے لئے اچھی بات کہنا..... الإبِلَ: اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔
مَاسَحَهُ مُمَاسَحَةً: فریب دینے کے لئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا..... هُ عَلَى كَذَا: معاہدہ کرنا۔
تَمَسَّحَ بِالمَاءِ ومِنَ المَاءِ: غسل کرنا..... الشَّيْءُ: پونچھنا۔ وتَمَسَّحَهُ بِالمَاءِ او الدُّهْنِ: نہلانا یا تیل ملنا کہا جاتا ہے "فُلانٌ يَتَمَسَّحُ بِهِ" فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔
تَمَاسَحَا: اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا کہا جاتا ہے "تَمَاسَحُوا عَلَى كَذَا" یعنی فلاں چیز پر سبھوں نے عہد و پیمان کیا "والتَقَوْا فَتَمَاسَحُوا" وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔
اِمْتَسَحَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المِسْحُ: ٹاٹ۔ کمبل۔ اونی لباس جس کو زاہد لوگ تقشف کی بناء پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج أَمْسَاحٌ ومُسُوحٌ.
المَسْحَةُ: مسح کا اسم مرۃ۔ گیلے ہاتھ کا نشان۔ اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَسْحَةٌ مِنْ جَمَالٍ او هُزَالٍ" اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔
المَسَحُ: مص۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔
المِسَاحَةُ: مصدر یا مَسَحَ الأَرْضَ: کا اسم ہے عِلْمُ المِسَاحَةِ: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔
المَسِيحُ: تیل لگا ہوا ج مُسَحَاءُ ومَسْحَى: لقب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا۔ بہت سیاحت کرنے والا۔ چاندی کا ٹکڑا۔

پسینہ۔ بہت سچا۔ کان۔ گز۔ بہت جھوٹا۔
خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے
والا......مِنَ الدَّرَاهِمِ: گھسا ہوا درہم۔
اَلْمَسِيحِيُّ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا
تابع۔
اَلْمَسِيحَة: سر کے دونوں جانب کے بال۔
گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان۔
چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِح۔
اَلْمَاسِح: فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنے
والا۔
اَلْمَاسِحَة. اَلْمَاسِح: کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی
کرنے والی۔ ج مواسح۔
اَلْمَسَّاح: زمین کی پیمائش کرنے والا۔
اَلْمِسِّيح: بڑا سیاح۔
اَلْاَمْسَح: کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران
یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔
ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا......مِنَ
الْاَرْضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِح: بڑا
سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسْحَاء۔
اَلْمَسْحَاء: کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ
زمین۔ ج اَلْمِسَاح والْمَسَاحِي: چھوٹے
پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ
مَسْحَاءُ الثَّدْيِ"۔
اَلتِّمْسَح: بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کے لئے
نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (......
والتِّمْسَاح) مگرمچھ ج تَمَاسِح وتَمَاسِيح۔
اَلْمِمْسَح والْمِمْسَحَة: جس سے پونچھا
جائے۔
مَسَخَهُ (ف) مَسْخًا: بُری صورت میں
بدل دینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے
"مَسَخَهُ اللّٰهُ قِرْدًا" اللہ نے اس کو بندر کی
صورت میں بدل دیا۔
صفت مفعول مَسِيخ ومَمْسُوخ ج
مُسُوخ......الْكَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی
کرنا......النَّاقَةَ: اُونٹنی کو لاغر کرنا......طَعْمَ
اللَّحْمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔
اَمْسَخَ الْوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الْغَزْلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِمْسَخَتْ وانْمَسَخَتِ الْعَضُدُ: کم گوشت
والا ہونا۔ اسم الْمَسَخ۔
اِمْتَسَخَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
الْمَاسِخِيُّ: کمان ساز۔
الْمَسِيخ: بدشکل......مِنَ الطَّعَامِ: بے مزہ یا
بے نمک۔ بے وقوف۔
الْاُمْسُوخ: ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ
چنے کے برابر ہوتا ہے۔
الْمَمْسُوخ: مفع۔ فَرَسٌ مَمْسُوخٌ: سرین
پر کم گوشت والا گھوڑا۔
اَلْمَسْخ: اقسام تناسخ سے ہے۔ اس کے
قائلین کا نظریہ ہے کہ حیوان ناطق
(انسان) کا بدن غیر ناطق حیوان کے بدن
سے مناسب اوصاف حاصل کر لیتے ہیں۔
جیسے اسد لفظ سے انسان میں شجاعت آ جاتی
ہے۔ ارنب: (خرگوش) کے لفظ سے بزدلی
آ جاتی ہے۔
اَلْمُسْخُرُ ج مَسَاخِرُ: وہ شخص جس سے
مذاق کیا جائے۔ اسی سے فعل تُمُسْخِرَ
عَلَيْهِ: اس سے مذاق کیا گیا اسی سے مساخر
وہ کھیل و تماشے جو عید کے ایام میں کھیلے
جاتے ہیں۔
مَسَدَ (ن) مَسْدًا الْحَبْلَ: رسی بٹنا یا
مضبوط بٹنا......فِي السَّيْرِ: تھکانا۔
مَسِدَ الْبَطْنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔
مَسَدَ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: سختی سے ہاتھ
پھیرنا۔
الْمَسَد: کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی
ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دُھرا۔ ج
مِسَاد و اَمْسَاد۔
الْمِسَاد: شہد کا مشکیزہ۔ درشتی۔ کہا جاتا ہے
"هُوَ اَحْسَنُ مِسَادِ شَعْرٍ مِنْكَ" اس کے
بالوں کی درشتی تیرے بالوں سے اچھی
ہے۔
الْمَمْسُود: مفع۔ رَجُلٌ مَمْسُودٌ: گٹھے بدن

صَاقٌ مَسْدَاء: اچھی ہموار پنڈلی۔
مَسَرَهُ (ن) مَسْرًا: کھینچنا اور تنگی سے باہر
نکالنا......النَّاسَ: نکتہ چینی کرنا۔ ورغلانا۔
مَسَطَ (ن) مَسْطًا: انگلی ڈال کر آنت میں
سے نکالنا......الثَّوْبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا
......فُلَانًا بِالسِّيَاطِ: کوڑے سے مارنا......
السِّقَاءَ: مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے
نکالنا۔
الْمَاسِط: فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کر
دے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ
میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اُونٹ چرتا ہے تو
اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔
الْمَسِيط: گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی
رہ جائے۔
الْمَسِيطَة: گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی
وادی۔
اَلْمِسْع: شمالی ہوا۔
الْمِسْعِيُّ: بہت سیر و سفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغَ وامْتَسَغَ الرَّجُلُ: علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا: چمٹنا۔ متعلق
ہونا۔ بالنَّارِ: زمین میں گڑھا کھود کر راکھ
سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَةُ السِّقَاءِ: مشکیزہ کا
پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِهِ: چمٹنا۔ مَسَّكَهُ: مشک سے
خوشبودار کرنا۔
اَمْسَكَهُ: روکنا۔ اَمْسَكَ بِهِ: چمٹنا......
الشَّيْءَ عَلَى نَفْسِهِ: اپنے لئے حفاظت کرنا
......اللّٰهُ الْغَيْثَ: بارش روکنا......عَنِ
الْاَمْرِ: رکنا۔ باز رہنا......عَنِ الْكَلَامِ:
خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ وتَمَاسَكَ وامْتَسَكَ بِهِ:
چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ
قَالَ كَذَا" یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہ
رکا۔ "وغَشِيَنِي اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَمَاسَكْتُ"
میرے اوپر ایک رنجیدہ معاملہ آ پڑا اس حالت
میں رک گیا۔ "ومَا بِهِ تَمَاسُكٌ" اس کے

اندر کوئی خیر نہیں "وَامْتَسَکَ فِی الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھہرا رہا۔

اِسْتَمْسَکَ بِہٖ: چمٹنا..... عَنْ کَلَامِہٖ: باز رہنا..... بَوْلُہٗ: پیشاب بند ہونا..... الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ: جم کر بیٹھنا۔

الـــمَسْکُ: مص۔ کھال۔ ج مُسُک ومُسُوک: ایک ٹکڑے کو "مَسَکَۃ" کہتے ہیں۔

الـــمَسَکُ: پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات۔ ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَکَۃ۔

الـــمُسْکُ: بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔

المِسْکُ: مشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غَزَالُ المِسْکِ کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْکَۃ کہتے ہیں۔ ج مِسَک۔ مِسْکُ الْبَرِّ ومِسْکُ الْجِنِّ: دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسْک فـراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمہ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔

الـمُسْکَۃ: جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام ورائے کامل۔ سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو۔ ج مُسَک: کہا جاتا ہے "مَا فِیْـہِ مُسْکَۃٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَیْـسَ لِاَمْرِہٖ مُسْکَۃٌ" یعنی اس امر کے لئے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِیْہِ مُسْکَۃٌ مِنْ خَیْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَافِی سِقَائِہٖ مُسْکَۃٌ مِنْ مَـــاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا پانی بھی نہیں۔

المُسْکَۃ والمُسُکَۃ: بخل۔

المُسَکَۃ: بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَک.

المَسَاک: پانی روکنے کا بند۔ بخل۔

الـمِسَـــاک: بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَـــا فِیْـــہِ مِسَاکٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔

المَسَاکَۃ والمِسَاکَۃ: بخل۔

الـمَسْـــاکَات: وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔

المُسْکَان: بیعانہ۔ ج مَسَاکِیْن.

المِسْکِیْن والمَسْکَنَۃ: دیکھو مادہ س ک ن۔

الـمُسْک والـمَسَـــاک والمُمْسِک: بخیل۔

الـــمَسِیْک ج مُسُک والـــمِسِّیْک: بخیل۔ کہا جاتا ہے "سِـــقَـــاءٌ مَسِیْک ومِسِّیْکٌ" مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے۔ "وَمَـــا فِیْـہِ مَسِیْک" اس کے اندر خیر نہیں۔

الْاِمْسَاک: مص۔ بخل۔

المَسِیْکَۃُ والْاَرْضُ المَسِیْکَۃُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔

المَسِیْکَۃُ المِسْکِیَّۃُ: ایک قسم کی نباتات۔

مَسَلَ (ن) مَسْلًا المَاءُ: پانی بہنا۔

اِمْتَسَلَ السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

الـــمَسَـــل: پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِـــلَۃ ومُسُلٌ مُسْلَانٌ ومَسَائِل.

مُسَـالَا الـــرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔

مَسَـــالَۃُ الْوَجْـہِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔

المَسِیْل: بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ ترنجبین۔ ج مُسُـــل واَمْسِـــلَۃ. مَسِیْلُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ۔ س ی ل کے مادہ میں مذکور ہے۔

مَسْمَسَ مَسْمَسَۃً ومِسْمَاسًا الْاَمْرُ: مخلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمْـــرِہٖ فِـــیْ مِسْـمَـــاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔

مُسْمِسَ الرَّجُلُ: جنونی کیفیت لاحق ہونا۔

المَسْمَاس: ہلکا۔

مَـــسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: بے باک ہونا۔ ہٗ: مارتے مارتے گرا دینا..... الشَّـــیْءُ مِـــنَ الشَّیْءِ: کھینچنا۔

مَسَا یَمْسُوْ مَسْوًا. الْحِمَارُ: گدھے کا اڑنا (..... ومَسّٰی تَـمْسِیَۃً) الرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کر کے ٹالنا۔

مَسَّـــاہُ تَـــمْسِیَۃً: شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی اور کہا جاتا ہے "مَسّٰـی بِـــہِ اللَّیْلُ" جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔

اَمْسٰـــی اِمْسَـــاءً ومُمْسًی: شام میں داخل ہونا۔ کان کی طرح فعل ناقص ہو کر بھی مستعمل ہے۔ جیسے "اَمْسٰـی زَیْدٌ ضَـاحِکًا" یعنی زید شام کے وقت ہنس رہا تھا یا زید ہنس رہا تھا۔

اَمْسَـــاہُ اِمْسَـــاءً: کسی چیز سے مدد کرنا۔ وعدہ کر کے ٹالنا۔

مَاسَاہُ مُمَاسَاۃً: تحول کرنا۔

اِمْتَسٰـــی اِمْتِسَـــاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا۔

الـمَسَـــاءُ ج اَمْسِیَۃ والـمُسْـی والـمِسْیُ شام ظہر سے مغرب تک کا وقت۔

الاُمْسِیَّۃُ: شام۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُـــہٗ اُمْسِیَّۃَ اَمْـــسِ" میں کل گزشتہ شام کے وقت اس کے پاس آیا۔

المُمْسٰی: مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔

مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے پونچھنا..... الْحَرُّ الْمَاشِیَۃَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا..... السَّـیْفَ: تلوار سونتنا..... الرَّجُلُ: برے خلق والا ہونا۔

تَـمَـاسٰـی وتَـمَسّٰـی الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمْتَسٰـی اِمْتِسَـاءً: پیاسا ہونا۔

الــمَــاسِــي: قا۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت نہ سنے۔ رَجُلٌ مَاسٍ: ہلکا پھلکا مرد۔

اَلْمِسْوَةُ: ایک زرد شئے بکری کے پیٹ سے نکالی جاتی ہے اس کو باریک کپڑے نچوڑ کر دودھ ڈال دیا جاتا ہے اس سے جبن (پنیر) بن جاتا ہے۔

التَّــمَــاسِــي: مص۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)

مَشَّ (ن) مَشًّا الْعَظْمَ: ہڈی کے اطراف کو چوسنا...... النَّــاقَةَ: اُونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ دینا۔ سارا دودھ دوھنا...... مَـــالَ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے لینا...... يَـــدَهُ: ہاتھ سے چکناہٹ دور کرنے کے لئے پونچھنا...... فُلَانًا: دشمنی کرنا۔ جھگڑا کرنا...... الشَّيْءَ: پانی میں حل کرنے کے لئے بھگونا۔

مَشَّشَ وتَمَشَّشَ الْعَظْمَ: ہڈی چوس کے گودا نکالنا۔

اَمَشَّ الْعَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔

اِنْمَشَّ لَهُ الشَّيْءُ: حاصل ہونا۔

اِمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا...... مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا...... مِنْ مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا...... العَظْمَ: چبائی ہوئی ہڈی کو چوسنا...... المُتَغَوِّطُ: پاخانہ کرنے والے کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔

الْمُشَاش. مُشَاشَة: کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْمُشَاشِ" فلاں نرم اخلاق ہے ومُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و حضر کے خدام۔

الْمُشَاشَة: نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاش. مُشَاشَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

الْمَشُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "اَطْعَمَهُ هَشًّا مَشًّا" اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔

الْمَشَش: سفیدی جو اُونٹ کی آنکھ میں ہو جاتی ہے۔

الاَمَشّ. مِنَ الْإِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا اونٹ۔ مؤنث مَشَّاء ج مُشٌّ.

الْمَشُوش: ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال تولیہ وغیرہ۔

اَلْمَشَّاؤُن: ارسطو کے فلسفہ کو ماننے والے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ارسطو اپنی تعلیمات چل کر پیش کرتے تھے۔ الْمَشَّائِيَة: فلسفہ ارسطو۔

مَشَجَهُ (ن) مَشْجًا بِكَذَا: ملانا۔ کہا جاتا ہے "مَشَجَ بَيْنَهُمَا".

الْمَشَجُ والْمَشِيجُ والْمَشَجُ والْمِشْجُ: مخلوط ج اَمْشَاج. الاَمْشَاج: میل کچیل جو ناف میں جمع ہو جائے۔

اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا...... السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔

مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔

مَشِرَ (س) مَشَرًا: اترانا۔ اکڑ باز ہونا۔

مَشَرَ ومَشَّرَ واَمْشَرَ وتَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا مَشَّرَهُ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّيْءَ: تقسیم کرنا واَمْشَرَ الرَّجُلُ: کھل کر دوڑنا...... بَــدَنَــهُ: بدن کا پھولنا...... الْاَرْضُ: سبزی اگانا۔ وتَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَهْلِهِ شَيْئًا: کمائی کرنا یا اپنے اہل کے لئے لباس خریدنا...... الشَّجَرُ: سرسبز ہونا...... القَوْمُ: کپڑے پہننا۔

اِمْتَشَرَ الرَّاعِي وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔

المِشْرُ مِنَ الرِّجَالِ: بخت سرخ مرد۔

المَشْرُ: نشان۔ کہا جاتا ہے "اَذْهَبَهُ مَشْرًا" یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی سنوائی۔

الْمَشْرَة: نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے، نئی نئی نکلی ہوئی گھاس اور کہا جاتا ہے "عَلَيْهِ مَشْرَةُ غِنًى" یعنی اس پر دولت مندی کا اثر ہے۔

مَشْرَةُ الْاَرْضِ ومَشْرَتُهَا: سبزی یا نئی نکلی ہوئی سبزی۔

اَرْضٌ مَاشِرَةٌ: بارش سے سیراب اور سبزی نکلی ہوئی زمین۔

الاَمْشَر: چست و چالاک۔

المَوْشُور: دیکھئے مادہ وش ر۔

مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا ومَشَّطَ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّيْءَ: ملانا...... الْبَعِيرَ: اُونٹ پر کنگھی جیسے آلہ سے داغ لگانا۔

مَشِطَتْ (س) مَشَطًا يَدُهُ: کام کرنے سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا (...... ومَشَّطَتْ) النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا۔

اِمْتَشَطَ: کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَتِ الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

الْمُشْط والْمَشْط والْمِشْط والْمُشُط والْمَشِط والْمُشُطُ: کنگھی ج اَمْشَاط ومِشَاط.

الْمُشْط: کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے مانند ہوتا ہے۔ اُونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی پتلی ہڈیاں اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والْمُشْط: ایک دریائی مچھلی جس کو مُلَطِّي بھی کہتے ہیں۔

المِشْطَة. مَشَطَ: کا اسم نوع۔

المِشَاطَة. مَشَّاطَه: گری۔

الْمُشَاطَة: کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔

المَشَّاط: شانہ ساز۔

الْمَاشِطَة والمَشَّاطَة: کنگھی کرنے کا پیشہ کرنے والی۔

الْمَشِيط: کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شَعْرٌ مَشِيطٌ وَلِمَّةٌ مَشِيطٌ" کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط: کنگھی۔

المَمْشُوطُ: مفع ـ رَجُلٌ مَمْشُوطٌ: پتلا ولمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظًا ومَشَظًا: پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده: یعنی اس کے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَتِ الدَّابَّةُ: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظًا. البَلَدَ: شہر کو اقامت کے لئے پسند کرنا...... فُلانًا: کچھ لے لینا۔

المَشْظ والمِشْظَة: پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنے کا پچڑ۔

المَشْظَة. مشظ: کا اسم مرة...... مِنَ الأخْبَارِ: مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَنَاةٌ مَشِظَةٌ: ناسخت نیزہ کہ جو لے اسی کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَعَ (ف) مَشْعًا الشَّئَ: کمانا۔ اُچک لینا...... القُطْنَ: روئی تومنا...... الغَنَمَ: بکری دوہنا...... بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا...... فُلانًا بِالحَبْلِ وَغَيْرِهِ: رسی وغیرہ سے مارنا...... الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

مَشَّعَ الشَّئَ: صاف کرنا۔ پونچھنا...... القَصْعَةَ: پیالہ میں سے سب کھالینا۔

اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهِ: چھین لینا۔ مَا فِي الضَّرْعِ او مَا فِي يَدِ فُلانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا۔ السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا (...... وتَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا۔

المِشْعة والمَشِيْعَة: تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوْعُ: بہت کمائی کرنے والا...... ذِئْبٌ مَشُوْعٌ: بہت اُچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَهُ (ف) مَشْغًا: مارنا۔ عیب لگانا...... الرَّجُلُ: ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا...... عِرْضَ فُلانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ: گیرو۔

المِشْقَة: بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقًا: جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا...... هُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا...... الكَتَّانَ وَنَحْوَهُ: رانجھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ الشَّئَ: دراز ہونے کے لئے کھینچنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا...... فِي الكِتَابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا' لکھنے میں جلدی کرنا اور کہا جاتا ہے "مَشَقُوا رَحِيْلَهُمْ" یعنی انہوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مَشُقَ مَشَقًا: پتلا ولمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ ومَشِيْقٌ ومَمْشُوْقٌ.

مَشِقَ (س) مَشَقًا: رانوں کی رگڑ سے سوزش ہونا۔ صفت مَشِقٌ وأَمْشَقُ اور اسم المُشْقَة.

مَاشَقَهُ مُمَاشَقَةً: گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَهُ الشَّئَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔

اَمْشَقَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔ اَمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِيْقًا الإبِلَ الكَلأَ: اُونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا...... الغُصْنُ: ٹہنی کا چھلنا...... اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ: چھین لینا۔ اچک لینا...... مَا فِي الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا...... السَّيْفَ: تلوار سونتنا...... فِي الشَّئِ: داخل ہونا...... الكَتَّانَ: رانجھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا...... الشَّئَ: اپنے لئے لینا...... مَا فِي يَدِ الرَّجُلِ: سارا لے لینا۔

المَشْق: مص۔ گیرو۔ اور کہا جاتا ہے "فِي قَدِّهِ مَشْقٌ" اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَه والمُشَاقَة: رانجھ کا نکلا ہوا خراب وردی حصہ۔ المِشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مِشَق.

المُشْقَة: نئے کپڑے کی دھجی۔

المَشِيْقُ: پہنا ہوا کپڑا...... مِنَ الخَيْلِ: دُبلا گھوڑا۔

المَاشِق: فا۔ ج مُشَّق.

قَلَمٌ مَشَّاق: تیز چلنے والا قلم۔

ثَوْبٌ مِشَقٌ ومُمَشَّقٌ وأَمْشَاق: گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَشْقَة. مَشَقَ: کا اسم مرة۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔

المَمْشُوْق: مفع۔ کم گوشت کا مرد...... مِنَ الخَيْلِ: دُبلا گھوڑا...... مِنَ القُضْبَانِ: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَمْشُوْقٌ" لمبا پتلا قد۔ مؤنث مَمْشُوْقَة.

التَّمَاشُق: جھگڑا۔

المِمْشَقَة: رانجھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق.

مَشَلَ (ن) مُشُوْلاً لَحْمُهُ: گوشت کم ہونا (...... مَشَلاً) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (...... وامْتَشَلَ) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاشِل والمَمْشُوْل: دُبلا پتلا۔ کم گوشت۔

المَشَل: کم دوہائی۔

المِمْشَل: نرمی سے دوہنے والا۔

المِشْلَوْز: میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْزٌ سے مرکب ہے)

المِشْمِش: زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَة.

مَشَنَهُ (ض) مَشْنًا: خراش لگانا۔ مَشَنَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا...... هُ بِالسَّيْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا (...... وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا۔ صفت مَاشِن. ج مُشَّن. وامْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا...... الشَّئَ: اُچک کر اپنے لئے لے لینا...... ثَوْبَهُ: کپڑا چھین لینا۔

مَشَنَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ" بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

المِشَان والمُشَان: ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔

اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِسْتَمْشَى بِكَذَا" جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔

المَشُو والمَشُو والمَشِيُّ والمَشَاءُ: دست آور دوا۔

مَشَى (ض) مَشْيًا وتَمْشَاءً: چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا ...... زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَةُ (...... مَشَاءً) المَرْأَةُ او المَاشِيَةُ: بہت بچوں والی ہونا ...... بِالنَّمِيمَةِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُهُ: پیٹ چلنا۔

مَشَّى تَمْشِيَةً: چلنا ...... الرَّجُلَ: چلانا۔

اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاهُ الدَّوَاءُ: دست لانا (...... وامْتَشَى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔

مَاشَاهُ مُمَاشَاةً: ساتھ چلنا۔

تَمَشَّى: چلنا۔

تَمَاشَيَا: باہم مل کے چلنا۔

المِشْيَةُ: چال۔

المَشِيَّةُ: ارادہ۔ خواہش۔

المَاشِي: فا۔ ج مُشَاة ومَاشُون: چوپائے والا۔ المُشَاة: چغلی کھانے والے۔ مِنَ العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔

المَاشِيَةُ. مَاشِي: کا مؤنث۔ مویشی۔ ج مَوَاشٍ۔

المَشَّاءُ: بہت چلنے والا۔ چغل خور۔

المَمْشَى: چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج مَمَاشٍ۔

مَصَّ (ن ف) مَصًّا وتَمَصَّصَ وامْتَصَّ: چوسنا۔

اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔

المَصُّ: مص۔ قَصَبُ المَصِّ: گنا۔

المُصَّةُ والمُصَاصُ مِنَ الشَّيْءِ: خالص

کہا جاتا ہے "فُلَانٌ كَرِيمُ المُصَاصِ" و "هُوَ مُصَاصُ قَوْمِهِ" جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

المُصَاصَةُ: جو چیز چوسی جائے۔

المَصَّاص: بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔

المَصَّان: کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا اور گالی کے موقع پر مرد کے لئے یا مَصَّان اور عورت کے لئے یا مَصَّانَة کہا جاتا ہے۔ المَصَّان: پچھنے لگانے والا۔

المُصَّان: گنا۔

المَصُوص: پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔

المَصِيصَةُ: پیالہ۔

مَصِيصُ الثَّرَى: نمناک مٹی یا ریت۔

المِمَصُّ: چوسنے کا آلہ۔

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔ النَّاقَةَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔

مَصَحَ (ف) مَصْحًا ومُصُوحًا الشَّيْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا ...... بِالشَّيْءِ: لے جانا۔ مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا ...... النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا ...... الكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا ...... لَبَنُ النَّاقَةِ: اُونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا

(مَصَحَ (ف) ومَصِحَ (س) مَصْحًا) الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا۔ صفت اَمْصَح۔

مَصَحَ ومَصَّحَ واَمْصَحَ اللهُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔

المُصَاحَات: اُونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اُونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تا کہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ف) مَصْخًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔

تَمَصَّخَ وامْتَصَخَ الشَّيْءَ: کھینچ کر نکالنا۔

وامْتَصَخَ ...

اِمْتَصَخَ الوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔

الاُمْصُوخَةُ: بردی کا سفید گودا۔ ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوخ واَمَاصِيخ (بردی ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

المَصُوخَةُ: بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔

المُصَّاخ: ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا ...... الشَّيْءَ: چوسنا۔ الرَّجُلَ: مطیع و فرمانبردار کرنا۔

المَصَاد: بلند پشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَة ومُصْدَان۔

المَصْدُ والمَصَدُ: گرمی کی شدت۔ سردی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلند پشتہ۔

المَصْدَةُ: بارش۔

مَصَرَ (ن) مَصْرًا النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

مَصَّرَ العَطِيَّةَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا۔

مَصَّرُوا المَكَانَ: شہر بنانا ...... الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا ...... الشَّيْءُ او العَطَاءُ: کم ہونا ...... القَوْمُ: پراگندہ ہونا ...... الشَّيْءَ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا ...... وامْتَصَرَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

المَاصِر: فا۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ نَاقَةٌ او شَاةٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔

المِصْر: دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشت ج اَمْصَار ومُصُور ومِصَر: ملک مصر۔

المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔

المِصْرِيُّ: منسوب اِلَى المِصْر مصر کا رہنے

والا۔ خَمْرٌ مُصِرَّةٌ ج مَصْلُو ومَصَالِيُّ کہا جاتا ہے خَمْرٌ مَصْلُو ومَصَارِيّ۔
الْمَصُوْرُ مِنَ الْإِبِلِ أَوِ الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مِصَار و مَصَائِر وعَطَاءٌ مَصُوْرٌ: تھوڑا عطیہ۔
الْمَصِيْرُ: آنت۔ ج أَمْصِرَةٌ ومُصْرَان ج مَصَارِيْن۔
الْمُمَصَّرُ: گیرو سے رنگا ہوا۔
الْمُمَصَّرَةُ. الْمُمَصَّرُ: کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔
مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔
الْمَصْطَكَى والْمُصْطَكَى والْمُصْطَكَاء: مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)
مَصَعَ (ف) مَصْعًا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا...... الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا...... فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا...... الْفَرَسُ: آہستہ سے گزرنا...... الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا...... الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: بچہ گرا دینا...... فُؤَادُ فُلَانٍ: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا...... هُ: ملنا (...... مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ ومَاصِعَةٌ...... مَاءُ الْحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا...... الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔
أَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ ...... الْعَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا...... الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و أَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرا دینا...... الْقَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا...... لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔
مَصَّعَ الْقَضِيْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔
مَاصَعَ مِصَاعًا ومُمَاصَعَةً: جنگ کرنا۔ مقاتلہ کرنا...... قِرْنَهُ: تلوار وغیرہ سے مارنا...... بِلِسَانِهِ: تہمت لگانا۔
تَمَاصَعَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا۔

انْمَصَعَ وامْتَصَعَ فِي الْأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔
انْمَصَعَ الْحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا۔
الْمَصْعُ: مص۔ ہانکنا۔ پھینکا جانا۔
الْمُصْعَةُ والْمُصَعَةُ: ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصْعٌ ومُصَعٌ۔
الْمَاصِعُ: فا۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔ پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَةٌ۔
الْمِمْصَعُ: تلوار باز۔ لڑکا جو بٹے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔
الْمَصُوْعُ: خوفزدہ مرد۔
مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللَّبَنُ: پانی ٹپکنے کے لئے کپڑے میں لٹکانا...... مَالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (مَصْلًا ومُصُوْلًا) الْجُبْنُ ونَحْوُهُ: ٹپکنا...... الْجُرْحُ: زخم کا رسنا۔
أَمْصَلَ مَالَهُ: مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا...... الْغَنَمُ: سارا دودھ دوہ لینا۔
أَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صف مُمْصِلٌ۔
الْمَصْلُ: مص۔ (...... والْمَصَالَةُ والْمُصَالَةُ) مِنَ اللَّبَنِ ونَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی الْمُصَالَةُ: تھیلا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔
الْمَاصِلُ: فا۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔
الْمَصْلَاءُ: باریک بازوؤں والی عورت۔
الْمِمْصَلُ: دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال تباہ کرنے والا۔
مَصْمَصَ الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا...... الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا۔
الْمُصَامِصُ: ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "إِنَّهُ لَمُصَامِصٌ فِي قَوْمِهِ" وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔
مَضَّ (س ن) مَضًّا ومَضِيْضًا الْجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا......

الْكُحْلُ الْعَيْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کر دینا...... الْخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا...... الشَّيْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (...... مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا۔
مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ: دردمند ہونا۔ (...... مَضَضًا ومَضَاضَةً ومَضِيْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔
أَمَضَّهُ الْأَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کرنا۔
أَمَضَّهُ الْجُرْحُ ونَحْوُهُ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَمَضَّنِي كَلَامُ فُلَانٍ" فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی "أَمَضَّهُ جِلْدُهُ" اس کی کھال کھجلائی۔
مَاضَّهُ مِضَاضًا: لعنت ملامت کرنا۔
مَضْمَضَ تَمْضِيْضًا: بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔
تَمَاضَّ الْقَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔
الْمَضُّ: مص۔ كُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔
الْمِضُّ: ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔
مِضُّ ومِضَّ ومِضِّ مبنی ومِضٍّ مع التنوين: کلمہ ہے جو لاکی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ کچھ امید بھی ہو۔
الْمَضَّةُ: اسم مرۃ۔ مؤنث الْمَضّ۔ اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کہ (وہ) مصیبت برداشت نہ کر سکے۔ أَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔
الْمَضَضُ: مص۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔
الْمَضَاضُ: جلن۔
الْمُضَاضُ: خالص۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ الْقَوْمِ" فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔ آنکھ کی جلن۔
الْمَضَّاضُ: جلانے والا۔
مَضَحَ (ف) مَضْحًا وأَمْضَحَ عِرْضَهُ:

عیب لگانا۔ مَضَغَ عَنْهُ: دفع کرنا...... الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا...... الْاِبِلُ: اُونٹوں کا منتشر ہونا...... المزادَةُ: رِسنا۔

مَضِدَ (س) مَضَدًا: کینہ رکھنا۔

مَضَرَ (ن) ومَضُرَ (ک) ومَضِرَ (س) مَضْرًا ومَضَرًا ومُضُوْرًا النَّبِيْذُ او اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔

مَضَّرَهُ: قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَضَّرَ اللّٰهُ لَهُ الثَّنَاءَ" اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔

تَمَضَّرَ: قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا۔

تَمَضَّرَتِ الْمَاشِيَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔

لَبَنٌ مَضِرٌ ومَاضِرٌ ومَضِيْرٌ: کھٹا دودھ۔

وعَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ خَضِرًا مَضِرًا او خِضْرًا مِضْرًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔ "اَخَذَهُ خِضْرًا مِضْرًا و خَضِرًا مَضِرًا" یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔

الْمَضِيْرَةُ: ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

الْمُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی۔

مَضَغَ (ف ن) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔

مَاضَغَهُ الْقِتَالَ او الْخُصُوْمَةَ: دیر تک لڑنا یا جھگڑنا۔

اَمْضَغَهُ ومَضَّغَهُ: چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ: پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔

الْمَضَاغُ: چبانا (...... والمُمَاضَغَة) جو چیز چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ" ہمارے پاس چبانے کے لئے کوئی چیز نہیں۔ الْمُضَاغَةُ: چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔

الْمَاضِغُ: فا۔ ج مُضَّغٌ.

الْمُضْغَةُ: گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغٌ ومُضَغُ الْاُمُوْرِ والجَرَاحَاتِ: معمولی امور

چھوٹے چھوٹے کام۔

الْمَضِيْغَةُ: ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا۔ عضلہ۔ ج مَضِيْغٌ ومَضَائِغُ.

الْمَضَّاغَه: بے وقوف۔ بہت چبانے والا۔

الْمَاضِغَانِ والْمَاضِغَتَانِ: دونوں جبڑے۔

الْمَوَاضِغُ: ڈاڑھیں۔

مَضْمَضَ مَضْمَضَةً ومَضْمَاضًا ومُضْمَاضًا الْمَاءَ فِيْ فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا...... الثَّوْبَ وَغَيْرَهُ: دھونا (...... وتَمَضْمَضَ) النُّعَاسُ فِيْ عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ الْكَلْبُ فِيْ اَثَرِهِ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔

الْمِضْمَاضُ: جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔

الْمَضْمَضَةُ: مص۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی۔

مَضَى يَمْضِيْ ومَضَا يَمْضُوْ مُضُوًّا ومُضِيًّا الشَّيْءُ: گزر جانا (...... مُضُوًّا) سَبِيْلَهُ ولِسَبِيْلِهِ: مرنا۔

مَضَى يَمْضِيْ ويَمْضُوْ مَضَاءً ومُضُوًّا عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔ جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ: کہتے ہیں۔ عَلَى الْبَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضَى مَضَاءً السَّيْفُ: کاٹنا۔

اَمْضَى اِمْضَاءً الْاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَمْضَى الْحَاكِمُ حُكْمَهُ" حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ کیا...... الْبَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا اور اسی سے ہے "اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ و الرَّسَائِلِ" یعنی دستخط کرنا اور کہا جاتا ہے "اَمْضَيْتُ لَهُ" یعنی میں نے اس کو تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقعہ پر اس کو سزا دی گئی کہ اس کے لئے کوئی عذر باقی نہ رہا۔

مَضَّى تَمْضِيَةً الْاَمْرَ: نافذ کرنا۔

تَمَضَّى الْاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا...... الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔

الْمُضَاءُ: آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے "مُضِی

عَلَى مُضُوِّهِ" وہ اپنی حالت میں آگے رہا۔

الْمَاضِيْ: فا۔ گزشتہ زمانہ...... عِنْدَ النُّحَاةِ: وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانہ پر دلالت کرے۔ الْمَاضِيْ: تلوار۔ ج مَوَاضٍ.

الْمِضَاءُ: پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ مِضَاءٌ عَلَى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ" تم اپنے ارادہ کو پورا کرنے والے ہو۔

مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا...... الدَّلْوَ: ڈول کھینچنا...... خَدَّهُ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَطَّ شِدْقَهُ" اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی۔

الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا...... خَطَّهُ او خُطْوَهُ: دراز کرنا۔

مَطَّطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا...... الرَّجُلَ: گالی دینا۔

تَمَطَّطَ: کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نَبِيْذٌ يَتَمَطَّطُ لِخُثُوْرَتِهِ" یہ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ سے چمٹتا ہے...... فِي الْكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔

الْمَطَاطُ: اُونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔

الْمَطَّاطُ: ریٹھ۔

الْمُطَيْطَى والْمُطَيْطَاءُ والْمُطَيْطَاءُ: مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔

الْمَطِيْطَةُ: گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِطُ.

مَطَأَ (ف) مَطْأً الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَطَحَهُ (ف) مَطْحًا بِيَدِهِ: مارنا۔

تَمَطَّحَ وامْتَطَحَ الْوَادِيْ: بہت اور بلند پانی والی ہونا۔

مَطَخَ (ف) مَطْخًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا...... الرَّجُلَ بِيَدِهِ: مارنا...... عِرْضَهُ: آبرو کو داغدار کرنا۔

الْمَاطِخُ: فا۔ سست رفتار گھوڑا۔

الْمَطَّاخُ: بے وقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے "مَطِخٌ مَطِخٌ اِذَا مَطِخَ مَطِخٌ" یعنی تیرا قول باطل ہے۔

مَطَرَتْ (ن) مَطَرًا وَمَطَرًا السَّمَاءُ: بارش ہونا...... السَّمَاءُ الْقَوْمَ: پانی برسانا۔ وَاَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُ فُلَانًا فَامْطَرَ وَاسْتَمْطَرَ" میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا اور اس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا۔ اَمْطَرَ الْمَکَانَ: بارش شدہ پانا۔

مَطَرَ (ن) مُطُورًا وَمَطْرًا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا...... الْقِرْبَةَ: مشک کو بھرنا...... الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اڑنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ وَلَا اَدْرِیْ مَنْ مَطَرَ بِهٖ" وہ گیا اور میں نہیں جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا (...... مُطُورًا) فِی الْاَرْضِ: جانا...... الْعَبْدُ: بھاگنا...... الشَّیْئُ: بلند ہونا۔

تَمَطَّرَ: بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب کرنا...... الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ: جانا...... الطَّیْرُ: پرندہ کا تیزی سے اڑنا...... بِهٖ فَرَسُهٗ: لے کے تیز دوڑنا۔ تَمَطَّرَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔

اِسْتَمْطَرَ اللّٰهَ: بارش طلب کرنا...... الْمَکَانُ او الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہونا...... الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا...... ثَوْبَهٗ: برساتی پہننا۔ اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ: عنایت وکرم کی التجا کرنا...... لِلسِّیَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَسْتَمْطِرِ الْخَیْلَ" گھوڑوں کے درپے مت ہو۔

الْمَطَرُ: بارش ج اَمْطَار۔

الْمُطْرُ: چینا کا خوشہ۔ عادت۔

الْمَطْرَةُ: بارش کی ایک بوچھاڑ (...... وَالْمَطِرَةُ وَالْمَطْرَةُ) عادت۔ الْمَطَرَةُ: مشک۔ حوض کا وسط۔

الْمَطَارُ وَالْمَطَارَةُ مِنَ الْآبَارِ: چوڑے منہ کا کنواں۔

الْمَطَّارُ مِنَ الْخَیْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔

الْمَطِرُ وَالْمَاطِرُ وَالْمَطُوْرُ: بارش والا۔

الْمَمْطُوْرُ: جس پر بارش ہو۔

سَحَابٌ مِمْطَارٌ: موسلا دھار برسنے والا بادل۔

الْمِمْطَرُ وَالْمِمْطَرَةُ: برساتی۔ عوام مَشَمَّع: کہتے ہیں۔

الْمُتَمَاطِرُ: بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔

الْمُتَمَطِّرُ: تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ مُتَمَطِّرًا" یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔

الْمُسْتَمْطِرُ: فا۔ بارش کا منتظر۔

الْمُسْتَمْطَرُ: مفع۔ بارش کے لئے کھلا میدان۔

الْمَطْرَانُ وَالْمِطْرَانُ: پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَةٌ وَمَطَارِیْنُ.

مَطَزَ (ن) مَطْزًا الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔

مَطَسَ (ض) مَطْسًا الْقَذَرَةَ: یکبارگی پاخانہ کرنا...... وَجْهَهٗ: چہرہ پر طمانچہ مارنا۔

مَطَعَ (ف) مَطْعًا وَمُطُوْعًا فِی الْاَرْضِ: جانا اور گم ہونا...... الشَّیْئَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

الْمَاطِعُ: فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "بَیَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ" خالص سفید۔

تَمَطَّقَ الطَّعَامَ: چکھنا...... الرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔ تَمَطَّقَتِ الْقَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔

الْمُطْقَةُ: مٹھاس۔ کہا جاتا ہے "تَمْرُهُمْ لَهٗ مُطْقَةٌ" ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانے والے چٹخارہ لیتا ہے۔

مَطَلَ (ن) مَطْلًا الْحَبْلَ: رسی تاننا...... الْحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا...... هٗ حَقَّهٗ وَبِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا...... الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی میں تاخیر کرنا۔

اِمْتَطَلَهٗ حَقَّهٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ النَّبَاتُ: لمبا اور گنجان ہونا۔

اِمْطَلَّ الشَّیْئُ: دراز ہونا۔

الْمَطْلَةُ وَالْمُطْلَةُ: حوض کی تہ میں بقیہ پانی۔

الْمُطْلَةُ: تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔

الْمِطَالَةُ: لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔

الْمَطَّالُ: لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (...... وَالْمَطُوْلُ) بہت ٹالنے والا۔

الْمَطِیْلَةُ: کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔

الْمِمْطَلُ: چور۔ لوہار کا گھن۔

الْمَمْطُوْلُ: مفع۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا۔ ٹالا ہوا۔

تَمَطْمَطَ: گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔

تَمَطْمَطَ الْمَاءُ: گاڑھا ہونا۔

مَطَا یَمْطُوْ مَطْوًا: چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالْقَوْمِ: دیر تک چلانا۔

مَطِیَ یَمْطَی مَطًا: پھیلنا اور لمبا ہونا۔

اَمْطَی الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔ اَمْطَاهُ الدَّابَّةَ: سوار کرانا۔

اِمْتَطَی الدَّابَّةَ: سوار ہونا۔

تَمَطّٰی: پھیلنا اور لمبا ہونا...... الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔

الْمَطَا: مص۔ پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَانِ ج اَمْطَاء.

الْمِطْوُ وَالْمَطْوُ: شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاء وَاَمْطَاء وَمَطِیٌّ۔ الْمِطْوُ: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاء.

الْمُطَوَاءُ: بروزن غُلَوَاءُ: انگڑائی۔ لمبائی۔

الْمَطْوَةُ۔ مطا: کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ مَطْوَةٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

الْمَطِیَّةُ: سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہے بعیر اور ناقة: دونوں کو مَطِیَّة کہتے ہیں۔ ج مَطَایَا وَمَطِیٌّ.

الْاُمْطِیُّ: سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔

مَظَّهٗ (ن) مَظًّا: ملامت کرنا۔

مَاظَه مِظَاظًا ومُمَاظَةً: جھگڑا کرنا۔ گالی دینا۔ مَاظَّ الْخَصْمَ: چمٹے رہنا۔
اَمَظَّهُ: گالی دینا۔
تَمَاظُّوا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
السَمَظُّ: مص۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔
المَظَاظَة: سختی و بدمزاجی۔
مَظَعَ (ف) مَظْعًا ومَظَّعَ الْوَتَرَ: تانت کو خشک اور چمکیلا کرنا۔
تَمَظَّعَ الْمَاْكُولَ: سب کا سب چاٹ جانا۔ ...... الظِلَّ: سایہ ڈھونڈتے پھرنا...... فِي الرَعْيِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔
المُظْعَة: گھاس کا بقیہ۔
المَظْعَة: باقی ماندہ گفتگو۔
مَعَ ومَعُ: اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے "اللّٰهُ مَعَكُمْ" اور اِفْعَلْ هٰذَا مَعَ هٰذَا۔
(۲) وقت اجتماع۔ جیسے جِئْتُكَ مَعَ الْعَصْرِ.
(۳) بمعنی عند جیسے جِئْتُ مِنْ مَعَ الْقَوْمِ اور بلا مضاف ہوئے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ اور جمع کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے "جَاءَ زَيْدٌ وعَمْرٌو مَعًا وجِئْنَا مَعًا" اور نسبت کے لئے مَعِی او زای سے واو معیت ہے۔
مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔
مَعَتَ (ف) مَعْتًا الشَّيْءَ: ملنا دلنا۔
مَعَجَ (ف) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج. مَعَجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا...... السَّيْلُ: سیلاب کا تیز بہنا...... بِالْقَلَمِ فِي الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کے لئے دوات میں ہلانا...... الفَصِيلُ ضَرْعَ اُمِّه: اُونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لئے تھن پر سر مارنا اور کہا جاتا

"الرِّيحُ تَمْعَجُ فِي النَّبَاتِ" ہوا پودوں کو اِدھر اُدھر کر رہی ہے...... الْجَارِيَةَ: جماع کرنا...... الرَّجُلَ: جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔
مُعِجَتِ النَبَاتُ: لہلہانا۔
تَمَعَّجَ السَّيْلُ او الْحَيَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
المَعْج: مع۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔
المَعْجَة. مَعَج: کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ مَعْجَةِ شَبَابِه" اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔
المَعَّاج: اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں اِدھر اُدھر ہونے والا گدھا۔
رِيحٌ مَعُوجٌ: تیز چلنے والی ہوا۔
فَرَسٌ مِعْعَج: نرمی کے ساتھ تیز رفتار گھوڑا۔
مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا...... الشَّيْءَ: جلدی سے کھینچنا ...... الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا...... فِي الْاَرْضِ: دور تک جانا...... الشَّيْءُ: تباہ ہونا ...... لَحْمَهُ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا ...... السَّيْفَ: تلوار سونتنا...... الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا(...... مَعْدًا ومُعُوْدًا) بِالشَّيْءِ لے جانا ...... الدَّلْوَ بِهَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔
مُعِدَ: درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد.
اِمْتَعَدَ الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لے جانا۔
المَعْد: مص۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تر و تازہ پھل۔ تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ تُعْدٌ ولامَعْدٌ" اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔
المَعَدُّ: پیٹ۔ پہلو۔
المَعِدَة والمِعْدَة آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مَعِدو مِعَد.

تَمَعْدَدَ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا ...... الْمَرِيضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا ...... المَهْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔
مَعِرَ (س) مَعَرًا الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا...... النَاصِيَةُ: پیشانی کے سب بال گر جانا...... الظُفْرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گر جانا۔
مَعَّرَ: مفلس ہونا ...... وَجْهَهُ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔
اَمْعَرَ الرِّيْشُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا...... الرَّجُلُ محتاج ہو جانا۔ اَمْعَرَتِ الْاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا...... الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا۔
...... الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا...... الْمَوَاشِيُ الْاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔
تَمَعَّرَ وَجْهُهُ: چہرے کا رنگ بدل جانا...... رَاْسُهُ: سر کے بال گر جانا۔
المَعَارَة: بدخلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔
المَعِر: کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنے والا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین۔
الاَمْعَر: کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ۔ چمڑے کا موزہ۔ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء ج مُعْر. نَاصِيَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی۔
المَمْعُوْر: مفع۔ غصہ کی وجہ سے ترش روئی۔
مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ ومَاعِزٌ ...... الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا...... واَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔
مَعَزَ (ف) مَعْزًا. الرَّاعِي المعزیٰ عَنِ الضَّانِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔
تَمَعَّزَ وَجْهُهُ: چہرہ کا سکڑنا...... البَعِيْرُ: تیز دوڑنا۔
اِسْتَمْعَزَ: کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے هٰا

أَمْعَزَهُ مِنْ رَجُلٍ: یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے۔ "وَمَا أَمْعَزَ رَأيَه" وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے۔
المَعْز والمَعَز: بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد ماعز ج اَمْعُز و مَعِيز. المَعَز: زمین کی سختی۔
الاُمْعوز ج اَماعِز واَماعِيز والمَعِيز والمِعْزیٰ والمَعَاز: بکری۔ الاُمعوز تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔
المَاعِز: فا۔ معز کا واحد (جیسے صاحب وصحب) بمعنی بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں) جمع مَوَاعِز۔ المَاعِز والمَعِز والمُسْتَمْعِز اپنے کام میں کوشش کرنے والا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال، مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔
المِعْزاة: بکری۔
الاَمْعَز: بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزاء ج مُعْز ومَعْزاوات واماعِز.
المَعّاز: بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔
المَعْزِیّ: بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔
رَجُلٌ مُعْزٌ: خلقتاً سخت کھال والا مرد۔
مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّيْءَ: سخت ملنا...... الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔
المَعْس: دودھ۔ حرکت۔
المَعّاس والمُتَمَعِّس: لڑائی میں پیش قدمی کرنے والا۔
مَعِصَ (س) مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ ومَعِيص.
تَمَعَّصَ بَطْنُهُ: پیٹ کا دردمند ہونا...... الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔
مَعِضَ (س) مَعَضًا وامْتَعَضَ مِنَ الأَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ وماعِض.
مَعَّضَهُ وأمْعَضَهُ: غضبناک کرنا۔ دردمند کرنا۔ اَمْعَضَ الشَّيْءُ: جلانا۔
مَعَطَ (ف) مَعْطًا الشَّيْءَ: کھینچنا...... الرِّيشَ: پر اکھیڑنا...... بِحَقِّ فُلانٍ: ٹالنا...... وامْتَعَطَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔ مَعَطَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا...... الجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا۔
مَعِطَ (س) مَعَطًا وتَمَعَّطَ الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔ صفت مَعِطٌ وامْعَط.
تَمَعَّطَ وامَّعَطَ وانْمَعَطَ وامْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گر جانا۔ اِمْتَعَطَ وامْتَعَطَ النَّهارُ: دن کا دراز ہونا۔ اِمْتَعَطَ رُمْحَهُ: نیزہ کھینچنا۔
المَعِط والامْعَط: جسم پر بے بال والا۔ مؤنث مَعْطاء ج مُعْط. ولِصٌّ امْعَط: بھیڑیئے کے مشابہ چور۔ رَمْلٌ امْعَط: بغیر نباتات کے ریگستان اَرْضٌ مَعْطاءُ: بغیر نباتات والی زمین۔
مَعَقَهُ (ف) مَعْقًا: ڈگڈگا کے پینا۔ مَعَقَ السَّيْلُ الأَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہالے جانا۔
مُعِقَ مَعْقًا. الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا۔
مَعُقَ (ک) مَعْقًا ومَعَاقَةً النَّهْرُ: گہرا ہونا۔ صفت مَعِيقٌ مؤنث مَعِيقَة.
اَمْعَقَ البِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا۔
تَمَعَّقَ: گہرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَيْنا" یعنی اس نے ہم سے بد خلقی کی۔
المَعْق والمَعَق والمُعْق: گہرائی۔ ج اَمْعاق واَماعِق واَماعِيق. المَعْق: بد خلقی۔ بے نباتات والی زمین۔
مَعَكَ (ف) مَعْكًا الشَّيْءَ: ملنا...... الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ بے عزتی کرنا...... فُلانًا فِي الخُصُومَةِ: غالب آنا۔ مَعَكَهُ دِيْنَهُ وبِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
مَعُكَ (ک) مَعَاكَةً: بے وقوف ہونا۔
مَعَّكَهُ: زمین میں لوٹانا۔
تَمَعَّكَ: زمین میں لوٹنا۔
مَاعَكَهُ مُمَاعَكَةً بِدَيْنِهِ: قرض کی ادائیگی کو ٹالنا۔
المَعِك: بے وقوف۔ سخت جھگڑالو (...... والمِمْعَك) قرض کو ٹالنے والا۔
المَعْكُوكَة: مشہور کھانے کا نام۔
اِبِلٌ مَعْكَى: بہت اونٹ۔
المَعْكُوكَاء: گرد و غبار۔ شور و غوغا۔ بدی۔
مَعَلَ (ف) مَعْلًا الشَّيْءَ: چھین لینا۔ اُچک لینا...... الخَشَبَةَ: لکڑی چیرنا...... اَمْرَهُ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کر لینا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الحِمارَ: گدھے کو خصی کرنا۔ مَعَلَهُ وامْعَلَهُ عَنِ الشَّيْءِ: جلدی سے ہٹا دینا۔
اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ: پے در پے نیزہ مارنا۔
المَعِل مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا، جلد باز۔
المَعْل: مص۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ مَعْلٌ" تیرے لئے ضروری ہے۔
المَعَالَة: بدی۔
حِمارٌ مَمْعُولٌ: خصی کیا ہوا گدھا۔
مَعْمَعَ: جلدی کام کرنا...... الشَّيْءُ المُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا...... القَوْمُ: سخت جنگ کرنا۔ سخت گرمی میں چلنا...... الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا...... السَّمَاءُ المَطَرَ عَلَى الأَرْضِ: سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کر دینا۔
المَعْمَع: تیز خاطر عورت اور کہا جاتا ہے "هُوَ ذُو مَعْمَعٍ" وہ امور پر صبر کرنے والا ہے۔
المَعْمَعَة: مص۔ بانس وغیرہ جلنے کی آواز۔ لڑائی میں بہادروں کا شور۔ گرمی کی شدت ج مَعامِع. المَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے۔
المَعْمَعِيّ: جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔
المَعْمَعَان والمَعْمَعَانِي مِنَ الأَيَّامِ: سخت گرم۔ المَعْمَعَان: سخت گرمی یا سردی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي مَعْمَعَانِ الصَّيْفِ" یعنی

وہ سخت گرمی میں آیا۔ وَفِـيْ مَـعْـمَـعَـانِ الشِّتَاءِ: یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا۔

مَعَنَ (ن) مَعْنًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا..... بِـالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا۔ حق کا اقرار کرنا۔ (ضد)

مـعـن (ف) مـعـنًـا ومـعُـنَ (ک) مُـعُوْنًا المَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا۔ صفت مَعِین.

مَـعَـنَ الـفَـرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا ..... المَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہو کر سیراب کر دینا۔

مَعِنَ (س) مَـعَـنًا الْمَكَانُ او النَّبتُ: پانی سے سیراب ہونا۔

اَمْـعَـنَ فِـي الطَّلَبِ: ڈھونڈنے میں بہت مبالغہ کرنا..... فِي الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا۔

الـضَّـبُّ فِيْ جُـحْـرِهٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غالب ہونا..... الـفَـرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا ..... الـنَّظَرَ فِي الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا..... الـوَادِيْ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا..... مَـالُـهٗ: بہت ہونا، کم ہونا ..... بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا۔ انکار کرنا..... الـمَـاءُ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا ..... فُلَانٌ الـمَـاءَ: پانی بہانا۔ اَمْـعَـنَـتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا۔

تَمَعَّنَ: ذلیل و حقیر ہونا۔

الـمَعْنُ: مص۔ ہر نفع اٹھانے کی چیز۔ بہت کم۔ آسان۔ لمبا۔ کوتاہ۔ ادھوڑی۔ سرخ کھال جو ٹوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ بہت مال والا۔ کم مال والا۔ ذلت۔ کھلے میدان کا پانی۔

المَعْنَةُ. مَعْن: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ سَـعْـنَةٌ ولا مَـعْـنَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

المَعْنِيُّ: بہت مال والا۔ کم مال والا۔

المَعَان: منزل۔

الـمَاعُوْن: بارش۔ پانی۔ ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے (جیسے ہانڈی، چمچہ، ڈول، رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ ..... عِنْدَ العَامَّةِ: کاغذ کا دستہ یا رم۔

الـمَعِيْن: بہتا ہوا پانی اور کہا جاتا ہے "مَـاءٌ مَعِيْنٌ" جاری پانی "سِقَاء مَعِيْنٌ" بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ۔ ج مُعُنَات و مُعُن.

الـمُعْنَات و المُعْنَان: پانی بہنے کی جگہ، وادی میں پانی کے نالے۔

كَـلا مَمْعُوْن: گھاس جس میں پانی جاری ہو

رَوْضٌ مَـمْـعُوْن: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ۔

تَمَعْنَى يَتَمَعْنَى: معنی سمجھنا۔ معنی بیان کرنا۔

مَـعَـا يَـمْـعُـوْ مُعَاءً الـسِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

اَمْعَى النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا ..... الْبُـسْـرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔

تَمَعَّى السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا.....

الشَّرُّ بَيْنَ النَّاسِ: برائی کا پھیلنا۔

الـمَـعْـو: تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔

المَعْيُ والمِعَى ج اَمْعَاء. والمِعَاءُ ج اَمْعِيَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مَغَثَ (ف) مَـغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا..... الـرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا۔ پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَـغَثَتْـهُـمُ الحُمّٰى" ان کو بخار آ گیا۔ مَغَثَهٗ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَـغَثَ الشَّيْئَ: گڈمڈ کرنا..... عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔

مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔

مَاغَثَهٗ مِغَاثًا ومُمَاغَثَةً: جھگڑا کرنا۔

الـمَغْث: مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ ج مِغَاث.

المِغث: سخت قسم کا پہلوان۔

الـمَـغِـيْـث: گھاس جس کو مویشی نے بچھا دیا ہو۔ شریر مرد۔

الـمُغَاث: چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔

الـمَمْغُوْث: بخار زدہ۔ بارش سے بھیگی ہوئی گھاس۔

مَغَجَ (ن) مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا۔ چلنا۔

مَغَدَ (ف) مَغْدًا الشَّيْئَ: چوسنا۔

الـفَـصِـيْـلُ اُمَّـهٗ: اونٹ کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا..... الـنَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا.....

الـرَّجُـلُ فِيْ عَيْشِهٖ: آسودہ زندگی گزارنا ..... شَعْرَهٗ: بال اکھیڑنا..... الْعَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا..... فُلَانٌ: کامل جوان ہونا ..... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَغَدَ (ف) ومَغِدَ (س) مَـغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔

اَمْغَد: دیر تک پینا..... الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔

المَغْد: مص۔ عَيْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔

المَغْدُ: ببول کا گوند، بیری کا گوند ..... یبروج الـصـنـم (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک، نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔

مَغَرَ (ف) مَغْرًا فِي الْبِلَادِ: تیز جانا..... بِهٖ بَعِيْرُهٗ: لے کے تیز دوڑنا۔

مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا۔

اَمْغَرَهٗ بِـالسَّهْمِ: آر پار کر دینا۔ اَمْغَرَتِ الـنَّـاقَةُ: اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا۔ صفت مُمْغِر.

المَغْرَة والمَغَرَة: گیرو۔

المَغْر والمُغْرَة: غیر خالص سرخی کا رنگ۔

المَغَارَة: دیکھئے مادہ غور۔

الاَمْـغَر: غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی

کی ہوت ۔۔۔۔

لَبَنٌ مَغِرٌ: سرخ دودھ خون ملا ہوا۔

المَمْغَرَة: وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔

مَغَسَ (ف) مَغْسًا بِيَدِهٖ: چھونا۔۔۔۔ بالرُمح: نیزہ مارنا۔۔۔۔ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

مُغِسَ: آنتوں میں درد والا ہونا۔

مَغِصَ (س) مَغَصًا ومُغِصَ مَغْصًا: آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوص۔

اَمْغَصَهٗ: مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔

تَمَغَّصَ بَطْنُهٗ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَغَّصَ بَطْنِيْ" یعنی درد میں مبتلا کیا۔ "تَمَغَّصَنِي الشَّيْءُ وتَمَغَّصْتُ مِنْهُ" اس نے مجھے تکلیف دی۔

المَغْصُ: مص۔ آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن۔

المَغَصُ: عمدہ اونٹ ج اَمْغَاص واحد مَغَصَة۔

مَغَطَ (ف) مَغْطًا ومَغَطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لئے کھینچنا۔

تَمَغَّطَ وامَّغَطَ الشَّيْءُ: کھینچنا اور طویل ہونا۔

تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا۔۔۔۔ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔

اِمْتَغَطَ: کھینچنا اور طویل ہونا۔۔۔۔ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المُمَّغِط: انتہائی لمبا۔

مَغَلَ (ف) مَغْلًا ومَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغل خوری کرنا۔

مَغِلَت (س) مَغَلًا عَيْنُهٗ: خراب ہونا۔

الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا۔

مَغَلَتْ (ف) ومَغِلَتْ (س) مَغَلًا الدَّابَّةُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَمْغَلَة ومَمْغُولَة: اور اسم المَغْلَة۔

اَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد ہونے والے جانور کا مالک ہونا۔۔۔۔ الحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانۂ حمل کا دودھ پلانا۔۔۔۔ بِهٖ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔

المَمْغَل والمُغْل: زمانۂ حمل میں عورت کا دودھ۔ المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ ج اَمْغَال۔

لمُغل: ایک قوم کا نام۔ ج مُغُوْل۔

المَغْلَة: مَغْل کا اسم مرۃ۔ فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ ج مِغَال۔

المَغَالَة: مص خیانت۔ فریب۔

مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔۔۔۔ الكَلَامَ: مبہم کہنا۔۔۔۔ الشَّيْءَ: گڈمڈ کرنا۔۔۔۔ فِي عَمَلِهٖ: ناقص و ردی طریقے سے کرنا۔۔۔۔ الأَمْرُ: غلط ملط ہونا۔۔۔۔ الكَلْبُ فِي الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

المَغْنَطِيس والمَغْنَاطِيس: چمک پتھر۔

مَغَا يَمْغُو مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

المُغَاء والمُغُوّ: بلی کی آواز۔

مَغَي يَمْغِي مَغْيًا: غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغَّي الأَدِيْمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغْيُ مص۔۔۔۔ فِي الأَدِيْمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن۔

فِي الإِنْسَانِ: مذاقاً یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ف) مَفْجًا الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔

رَجُلٌ مَفَاجَةٌ: بے وقوف مرد۔

مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا۔۔۔۔ اللّٰهُ عَيْنَهٗ: اکھیڑنا۔

مَقَّقَ الطَّائِرُ فَرْخَهٗ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا۔ عَلَى عِيَالِهٖ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔

تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا۔۔۔۔ مَا فِي العَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا۔

وامْتَقَّ الفَصِيْلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

المَقَقُ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔

المَقَقَة: دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ۔ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔

الاَمَقّ: پتلے پن کے ساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقّ۔ بَلَدٌ اَمَقُّ: وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاء: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقّ۔

مَقَتَ (ن) مَقْتًا ومَاقَتَ الرَّجُلَ: بہت بغض رکھنا۔

مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ اِلَى: ناپسند ہونا۔

مَقَّتَهٗ: بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَهٗ اِلَى قُبْحِ فِعْلِهٖ: مبغوض کر دینا۔

تَمَقَّتَ اِلَى: ناپسند ہونا۔

تَمَاقَتُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔

المَقْتُ: مص زَوَاجُ المَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔

المَقْتِيُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔

المَقِيْت والمَمْقُوْت: ناپسند۔

مَقَرَ (ن) السَّمَكَةَ مَقْرًا عُنُقَهٗ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا۔۔۔۔ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔

مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر۔

اَمْقَرَ السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔۔۔۔ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا۔۔۔۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔

اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔

اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔

المَقْر والمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔

المَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔

المَمْقِر: کم پانی والا کنواں۔

مَقَسَ (ن) مَقْسًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔

الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔۔۔۔ المَاءُ:

پانی کا جاری ہونا......فلانٌ فی الارض : جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهٗ : جی متلانا۔

مَاقَسَہ مُمَاقَسَۃ: باہم ڈبونا۔غواصی میں مقابلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یُمَاقِسُ حُوتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔

مَقَطَہٗ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَہٗ بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔مَقَطَ الشَّیْءَ: باندھنا۔مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا......عُنُقَہٗ: توڑ دینا......الکُرَۃَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا......ہٗ بالاَیْمَانِ: قسم دلانا......الحَبْلَ: رسی بٹنا......الشَّیْءُ: گھونٹ لگانا۔

مَقَطَ بالقِرْنِ ومقطَہٗ ومَقَّطَہٗ: پچھاڑنا......

مَقَطَ بالاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

المَاقِطُ: فا۔کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ڈول کی رسّی۔

المِقَاطُ: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ج مُقُط.

المَقِطُ: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

المُقَّطُ: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ۔ج اَمْقَاط.

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔

......ہٗ بِشَرٍّ: تہمت لگانا......الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَقَعَ الفَصِیْلُ مَافِیْ ضَرْعِ اُمِّہٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

اُمْتُقِعَ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔

المَقْعُ: مص۔ٹھہرا ہوا پانی۔ج اَمْقُع.

مَقَلَہٗ (ن) مَقْلًا: دیکھنا۔کہا جاتا ہے "مَقَلَتْہُ عَیْنِیْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَیْنَایَ مِثْلَہٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔

......ہٗ: پانی میں ڈبونا۔مَقَلَ فِی المَاءِ: غوطہ لگانا۔

......المَقْلَۃَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آجائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔

مَاقَلَہٗ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

تَمَاقَلَا: باہم غوطہ زنی کرنا۔

اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔

المَقْلُ: مص۔کنوئیں کی تہ۔کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

المُقْلُ: گوگل کا پھل۔گوگل۔

المَقْلَۃ۔مقل: کا اسم مرۃ۔کنوئیں کی تہ۔کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آجاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔

المُقْلَۃُ: آنکھ کا ڈھیلا۔آنکھ۔ج مُقَل.

مَقْمَقَ الشَّیْءُ: نرم اور آسان ہونا......الشَّیْءَ: ذلیل کرنا......الوَلَدُ اُمَّہٗ: زور سے چوسنا۔

المُقَامِقُ: حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔

مَقِہَ (س) مَقَھًا: سرخ پلکوں والا ہونا۔صفت اَمْقَہُ.

المَقَہُ: سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔

الاَمْقَہُ: دور۔بنجر زمین۔سرخ پلکوں والا۔خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔مؤنث مَقْھَاءُ ج مُقْہٌ.

مَقَا یَمْقُوْ مَقْوًا ومَقٰی یَمْقِیْ مَقْیًا السَّیْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔مَقَا الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: زور سے دودھ پینا۔مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَکَّ (ن) مَکًّا وتَمَکَّکَ وامْتَکَّ [illegible] دینا۔

الشَّیْءَ: ہلاک کرنا۔برباد کرنا......غَرِیْمَہٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔

اِمْتَکَّ وتَمَکَّکَ الفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّہٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَکَّکَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔

المُکَاکُ والمُکَاکَۃُ: ہڈی کا گودا۔

المَکُّوْکُ: پینے کا پیالہ۔ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔کپڑا بننے کی نال۔ج مَکَاکِیْک.

مَکَتَ (ن) مَکْتًا بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْکَتَ: پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَکَثَ (ن) مَکْثًا ومَکَثًا ومُکُوْثًا ومُکْثَانًا ومِکِّیْثٰی ومِکِّیْثَاءَ بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ٹھہرنا۔صفت مَاکِثٌ اور اسم المُکْثُ والمِکْثُ.

مَکُثَ (ک) مَکَاثَۃً: ٹھہرنا۔

اَمْکَثَہٗ: ٹھہرانا۔

تَمَکَّثَ: انتظار کرنا اور ٹھہرنا......بالمَکَانِ: ٹھہرنا......فِی الاَمْرِ: جلدبازی نہ کرنا۔

المَکِیْثُ: ٹھہرنے والا۔رنجیدہ۔ج مُکَثَاءُ ومَکِیْثُوْنَ.

مَکَدَ (ن) مَکْدًا ومُکُوْدًا بالمَکَانِ: اقامت کرنا۔صفت مَاکِدٌ۔مَاءٌ مَاکِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی۔نَاقَۃٌ مَاکِدَۃٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔اور ایسا ہی نَاقَۃٌ مَکْدَاءُ ومَکُوْدٌ۔ج مُکُدٌ ومَکَائِد.

المِکَدُ: کنگھا۔

مَکَرَ (ن) مَکْرًا۔الرَّجُلَ وبِہٖ: دھوکہ دینا۔

اللّٰہُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔مَکَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا......ہٗ: رنگنا......الاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَکِرَ (س) مَکَرًا: سرخ ہونا۔

مَاکَرَہٗ: فریب دینا۔

مَکَّرَ: گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْکَرَہٗ: دھوکا دینا......ہٗ اللّٰہُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاكَرُوْا: بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اِمْتُكِرَ: گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
المَكْر: مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
المَكْرَة: مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْر و مُكُوْر.
المَاكِر: فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْن.
المَكَّار والمَكُوْر: بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا: ٹیکس جمع کرنا...... فِي البَيْع: قیمت گھٹانا...... هٗ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمُكُوْب: (یونانی لفظ) اس کی عربی اَلْمِجْهَرُ: دوربین۔
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَهٗ مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً: قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي البَيْع: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
المَكْس: مص۔ محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْس.
المَاكِس والمَكَّاس: ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب کمس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا......
المُخّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔
مَكِنَتْ (س) مَكْنًا الجَرَادَةُ و نَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْن. ج مِكَانٌ.
مَكَّنَهٗ و اَمْكَنَهٗ مِنَ الشَّيْءِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔
اَمْكَنَ الاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهُ النُّهُوْض" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔
وَاَمْكَنَنِي الاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آ گیا۔ اَمْكَنَتِ الجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔
تَمَكَّنَ عِنْدَ الاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔ المَكَانُ وبِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (...... و اسْتَمْكَنَ) مِنَ الاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔
المَكْن والمَكِن: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ و مَكِنَةٌ ج مَكْنَات و مَكِنَات.
المُكْنَة: قوت۔ طاقت۔
المَكِنَة: قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَات.
المَكَان: موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَة و اَمْكُن. و جج اَمَاكِنُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ العِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وهٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔
المَكَانَة: مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَات.
المَكِيْن: صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ.
المَكِيْنَة: آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔
المُتَمَكِّن فِي عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔
والمُتَمَكِّنُ الاَمْكَنُ: اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔
وَالمُتَمَكِّنُ غَيْرُ الاَمْكَنِ: اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔
غَيْرُ المُتَمَكِّنِ: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ و اَيْنَ.
مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً و مُكُوًّا: منہ سے سیٹی بجانا۔
مَكِيَتْ تَمْكٰى مَكًا يَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
تَمَكّٰى تَمَكِّيًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
المَكِي والمَكْو: خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْكَاء.
المُكَّاء: سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِي.
المَكْوَة: دبر۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا...... الشَّيْءَ فِي الجَمْرِ: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلَّال صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ و مَلِيْلٌ.
...... السَّهْمَ بِالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا۔
...... اللَّحْمَ اوِ الخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِي المَشْيِ: تیز دوڑنا
...... عَلَيْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلًّا: ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا...... الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔ المَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا و مَلَالًا و مَلَّةً و مَلَالَةً الشَّيْءَ و مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيْلًا الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الاَمْرُ وَاَمَلَّ عَلَيْهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّ الشَّيْءَ: بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا و اَمْلَيْتُ اِمْلَاءً الكِتَابَ عَلَى الكَاتِبِ: املا کرانا۔
تَمَلْمَلَ: مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا...... فِي

الـمَشي: تیز دوڑنا۔ ....مِـلَّۃَ کذا: مذہب اختیار کرنا..... الـخُبزَۃَ: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنمَلَّ: کھنچا جانا۔ نکل آنا۔

اِستَمل الشَّیُ: زچ ہونا۔

المَلُّ: مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔

الـمَـلَّۃ: اسم مرۃ۔ چنگاری' بھوبھل' بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ وخُبزَۃُ المَلَّۃِ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ مَلَّۃٌ" بہت جلدی ملول ہونے والا۔

الـمِـلَّۃ: مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل۔

المُلَّۃ: پکی سلائی۔ ج مُلَل۔

المَلّی: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

المَلَل والمَلال: تنگ دل۔

الـمُلال: مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

الـمَـلُول والمَلُولَۃ والمَلالۃ والمَالُولَۃ: تنگ دل۔ مذکر ومؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الـمَلِیل والمَملُول: بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّیُ الـمَملُول: باعث ملال۔ الـمَلِیل: کریلی۔ رَجُـلٌ مَلِیلٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

اَلـمُلُولُ: واحد مُلُولَۃ: بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

المَلِیل والمُمَلُّ مِنَ الطُّرُق: بہت چلتا ہوا راستہ۔

......الـمَـلِیـلَۃ: اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلأہُ (ف) مَلا ومَلأۃً ومِلأۃً: بھرنا۔ ......الاِنَاءَ مَاءً وبِالمَاءِ ومِنَ المَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعول مَملُوءٌ اور کہا جاتا ہے مَلأہُ عَلَی الاَمرِ: اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرتُ اِلَیـہِ فَمَلأتُ مِنہُ عَینِی"

نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا وَمَلأ عَلَیـہِ الاَرضَ: اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔

مَـلُؤَ (ک) مَلاءً ومَلاءَۃً: توانگر ہونا۔

مَلُؤَ (ک) ومُلِیَٔ مَلاءَۃً: زکام والا ہونا۔

مَـلِیَٔ (س) مَـلا وتَـمَـلا: پر ہونا۔ صفت مَلآن۔

مَـلأہُ تَـملِئَۃً: خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلأ فِی قَوسِہٖ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَملأہُ: باعث زکام ہونا۔ صفت مَلآن۔ اَملأ فِی القَوسِ: خوب زور سے کھینچنا۔

تَـمَلا۔ پُر ہونا۔ تَـمَلاتِ الھِدَاۃُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالأہُ مُمَالأۃً ومِلاءً عَلَی الاَمرِ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔

تَمَالأ القَومُ عَلَی الاَمرِ: اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔

اِستَـملأ فِی دَینِہٖ: قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔

المِلُ: برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَملاءٌ اور کہا جاتا ہے "اِنَّـہُ یَـنَامُ مِلَ جَفنِہٖ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلانٌ مِـلُ کِسَـائِـہٖ" فلاں موٹا ہے۔

الـمَـلا: قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الـمَـلا الاَعلٰی: ملائکہ مقربین۔ المَلا: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا کَانَ ھٰذَا الاَمرُ عَن مَلاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَملاءٌ اور کہا جاتا ہے "مَا اَحسَنَ مَلا بَـنِـی فُلانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

الـمَالِی: فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ مَالِیٌ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ وشَـابٌ مَـالِیُ العَینِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

ۃ: تہ بند۔ دوہری چادر۔ ج مُلاءٌ۔

المِلأۃ: مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔

الـمَلآن: بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلأی ومَلآنَۃ ج مِلاءٌ۔

الـمَلِیُ والمَلِیءُ: توانگر۔ ج مِلاءٌ واَملِیاءُ ومُلاءُ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَملا القَومِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلانٌ اَملا لِعَینِیَّ مِن فُلانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَـلَتَہُ (ض) مَـلتًا: حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔

مَـلَثَہُ (ن) مَلثًا: بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔

مَلَثَہُ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَثَہُ مِلاثًا ومُمَالَثَۃً: کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔

مَـلثُ اللَّیلِ ومَلثَـتُہُ: رات کی ابتدائی تاریکی۔

الـمَـلَـثَۃُ: مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

الـمِلثُ: وہ شخص جو جماع کرنے سے سیر نہ ہو۔

مَـلَجَ (ن) ومَـلِجَ (س) مَـلجًا الصَّبِیُّ اُمَّہُ: بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ چوسنا۔

اَملَجَہُ: دودھ پلانا۔

اِمتَلَجَ مَا فِی الثَّدیِ: چوسنا۔

المُلَج: گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَملاج۔

الـمُـلَّـج: دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

المَلِیج: دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الاَملَج: چٹیل میدان۔ آملہ۔

الاُمـلُـوج: ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جائے۔ ج اَمالِیج۔

الْمَلَج: کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج
مَوَالِج (دخیل)
ملح (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں
نمک ڈالنا ...... الرَّجُلَ: غیبت کرنا ......
الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑ پھڑانا ......
الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے "مَلَحَ
اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت
دے۔
مَلُحَ (ف) ومَلَحَ (ک) مُلُوْحَةً
ومَلَاحَةً ومُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری
ہونا۔ صفت مَلِيْحٌ اور نادر طور پر مالح بھی
مستعمل ہے۔
مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً ومُلُوْحَةً: خوبصورت
ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْح ومُلَاح
ومُلَّاح۔
مَلِحَ (س) مَلَحًا: نیلگوں رنگ کا ہونا۔
ملح الشي: نمکین کرنا ...... الطَّعَامَ: کھانے
میں بہت نمک ڈالنا ...... السَّمَكَ
ونَحْوَهُ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا ......
الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے میں نمک ملنا۔
الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمَ: عمدہ
بات کہنا۔
أَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد
کھاری ہونا ...... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت
نمک ڈالنا ...... الْإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا
...... الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا ...... الرَّاعِيُّ
الْإِبِلَ: کھاری پانی پلانا ...... الشَّيْءُ:
نیلگوں ل رنگ کا ہونا۔
الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا اور تعجب کے موقع پر
کہا جاتا ہے "مَا أَمْلَحَهُ وما أُمَيْلِحَه" یعنی
کس قدر خوبصورت ہے۔
مَالَحَهُ مِلَاحًا ومُمَالَحَةً: ساتھ کھانا۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ" وہ
ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا:
ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ
پینا۔
تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا ...... الرَّجُلُ:
نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا
جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ ويَتَمَلَّحُ" فلاں
خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔
اِمْلَحَّ الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا
ہونا۔
اِمْلَاحَّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا
ہونا۔ اِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔
الْمَلَح: عمدہ عمدہ باتیں۔
الْمِلْح: نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب
ہے) تصغیر مُلَيْحَة ج مِلَاح. الْمِلْح:
چربی۔ موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم
علماء. مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ
مَالِح بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَح ومِلْحَة
ومِلَاح وامْلَاح کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحُهُ
عَلٰى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا
کرنے والا ہے۔
الْمِلْح والْمِلْحَة: حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا
ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے
درمیان معاہدہ ہے۔ والْمِلْحَة: کھاری۔ کہا
جاتا ہے "بِئْر مِلْحَة" کھاری کنواں۔
الْمَلَح: سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی
۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔
الْمَلْحَة: اسم مرۃ۔ موج دریا۔
الْمُلْحَة: سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔
برکت۔
الْمُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.
الْمُلْحَة: کلمہ ملیحہ۔
الْمَلَّاح: کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا
بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔
الْمُلَاح: خوبصورت۔ ج مُلَاحُوْن.
الْمَلَاحَة: خوبصورت ہونا۔
الْمِلَاحَة: جہاز رانی۔
الْمَمْلَحَة والْمَلَّاحَة: نمک پیدا ہونے کی
جگہ۔ الْمَلَّاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔
الْأُمْلُوْحَة مِنَ الْكَلَام: عمدہ مستحسن کلام ج
اماليح
الْمَلَّاح: نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز
راں۔
الْمُلَّاح: ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة
رَجُلٌ مُلَّاح: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج
مُلَّاحُوْن.
الْمُلَّاحِيَّة: جہاز راں کا پیشہ۔
الْمُلُوْحَة: مص۔ نمکینی۔
الْمَلِيْح: خوبصورت۔ مؤنث مَلِيْحَة ج
مِلَاح وأَمْلَاح ...... مِنَ الْمَاءِ: کھاری
پانی۔ سَمَكٌ مَلِيْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔
الْأَمْلَح: اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔
ج مُلْح. الْأَمْلَح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر
پڑتی ہے۔
الْمَلْحَاء: تانیث أَمْلَح: سفید و سیاہ رنگ
والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔
بز الشکر ج مَلْحَاوَات.
الْمُلَّاحِي والْمُلَاحِي: سفید لمبا انگور۔ ایک
قسم کا انجیر۔
الْمِمْلَحَة: نمک دان۔ ج مَمَالِح.
الْمُتَمَلِّح: نمک والا یا سوداگر نمک۔
مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے
کھینچنا ...... الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ
ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا ......
الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا ...... فِي الْبَاطِلِ:
لغو باطل میں بہت مشغول ہونا ......
الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَلُخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا
خراب و بدمزہ ہونا۔
مَالَخَهُ مِلَاخًا ومُمَالَخَةً: باہم کھیل کود کرنا۔
چاپلوسی کرنا۔
تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا ...... الشَّيْءَ:
کھینچنا۔
اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا ...... يَدَهُ مِنَ
الْقَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا ...... السَّيْفَ: تلوار کو
جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ
مَرْكُوْزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے
ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔
الْمَلَّاخ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔ غنڈ

مَلاَّخ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوخِیَّة: ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِیخ: بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلَخ العَقْل: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلَدَ الشَّیءَ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الاَدِیمَ: چمڑے کو نرم کرنا...... الرِیُّ الغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد: جوانی۔ نزاکت۔ ج اَمْلاَد.
المَلَدَان: ٹہنی کی نزاکت۔
المَلْد والاَمْلَد والاُمْلُد والاُمْلُوْد والاِمْلِید والاُمْلُدان والاُمْلُدانی: نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ اُمْلُوْدٌ وشُبَّانٌ اَمَالِیْد" اَلْمَلَد: بھوت۔
المَلْدَاء: تانیث اَمْلَد. ج مُلْد: کہا جاتا ہے اِمْرَاَةٌ مَلْدَاءُ واُمْلُوْد واُمْلُوْدَةٌ واُمْلُدَانِیَّةٌ: یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا...... فُلاَنًا: نیزہ مارنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا...... مَلْذًا ومَلاَذَةً الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلاَمُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا...... الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الاَمْلَذ والمَلَذان والمَلَذانِیُّ والمَلاَذانِیُّ والمَلاَّذ والمِلْوَذ: خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا: پیچھے رہنا...... بِالشَّیءِ: لے جانا۔
مَلَزَهُ مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیءُ عَنِّی: جاتا رہنا۔
اَمْلَزَهُ تَمَلَّزَهُ وامْتَلَزَهُ: نکال لینا۔ اُچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ وامَّلَزَ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا وامَّلَزَ عَنْهُ: پیچھے رہنا۔
المَلِز مِنَ الرِّجَال: مضبوط پٹھوں والا۔
المِلاَّز: بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّیءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الاِبِلَ: زور سے ہانکنا...... الظَّلاَمُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا...... الرَّجُلُ بِلِسَانِهِ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) ومَلُسَ (ک) مُلُوْسَةً ومَلاَسَةً: نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت اَمْلَس.
مَلَّسَ الشَّیءَ: نرم و چمکدار کرنا...... الاَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا...... هُ مِنَ الاَمْرِ: چھڑانا۔
اَمْلَسَ الظَّلاَمُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
اَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ: چکنا ہونا...... مِنْ بَیْنِ القَوْمِ: خارج ہونا...... مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (...... وانْمَلَسَ وامَّلَسَ) مِنَ الاَمْرِ: بچ نکلنا، رہائی پانا۔
اِمْتَلَسَ الشَّیءَ: اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهُ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلاَسَّ: چکنا ہونا...... مِنَ الاَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
المَلْسُ: ہموار جگہ۔ ج مُلُوس واَمْلاَس و جج اَمَالِیس. مَلْسُ الظَّلاَمِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
المَلَسَی: بہت تیز رفتار اونٹنی اور کہا جاتا ہے بَایَعَهُ المَلَسَی اس نے اس سے بلاشرط بیع کی۔
الاَمْلَس: نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء.
المَلْسَاء: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاءُ: خشک سال۔ ج اَمَالِس واَمَالِیس. الاَلِفُ المَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
المَلِیس: نرم اور چکنا۔
المُلَیْسَاء: [illegible] مغرب اور عشاء کا درمیان۔
الاِمْلِیس والاِمْلِیسَة: خشک جنگل۔ ج اَمَالِیس اور اَمَالِس شاذ ہے۔
المِلاَّة والمِمْلَسَة: ہنگا۔ سراون۔ چپلا۔
مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّیءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
المَالُوش عِنْدَ العَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِیش.
مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّیءُ مِنْ یَدِهِ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَکَةُ مِنْ یَدِی" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی...... الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔
اَمْلَصَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص. اَمْلَصَ الشَّیءَ: پھسلانا۔
تَمَلَّصَ وانْمَلَصَ وامَّلَصَ مِنْهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا...... الشَّیءُ مِنْ یَدِی: پھسل جانا۔
المَلْص: ننگا۔
المَلَص: مص۔ پھسلن۔
المَلِص مِنَ الجِبَالِ ونَحْوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَکَةٌ مَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِیص: بمعنی مَلِص: اسقاط شدہ بچہ۔
الاَمْلَص: نرم و تر۔ رَجُلٌ اَمْلَصُ الرَّاسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلاَص: وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص: ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الحَائِطَ: مٹی سے لیپنا...... الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و اَمْلَطَتِ الحَامِلُ جَنِیْنَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ اَمْلَطَ رِیْشُ السَّهْمِ: تیر

کے پرکا گرجانا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ محتاج ہونا۔

مَلَطَ (ن) ومَلُطَ (ک) مُلُوْطًا الغُلامُ: غیر معروف النسب ہونا۔

مَلِطَ (س) مَلَطًا ومُلْطَةً: بے بال کے جسم والا ہونا۔

مَلَّطَ الحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا۔۔۔۔۔ الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

مَالَطَهُ مُمَالَطَةً: باہم ملنا۔ایک شاعر کا مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

تَمَلَّطَ الشَّيءُ: چک دار ہونا۔۔۔۔۔ السَّهْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔

اِمْتَلَطَ الشَّيءَ: چھین لینا۔اُچک لینا۔

المِلْطُ: شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلاط ومُلُوط.

المِلاطُ: لیپنے کی مٹی۔ج مُلُط.

الاَمْلَطُ ج مُلْط والمَلِيطُ: بے بال کے جسم والا۔سَهْمٌ اَمْلَطُ ومَلِيطٌ: بے پر کا تیر۔المَلِيطُ: بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔

المِمْلاطُ مِنَ النُّوقِ: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔

مَلَعَ (ف) مَلْعًا وامْتَلَعَ الشَّاةَ: بکری کی کھال اتارنا۔مَلَعَ الفَصِيلُ اُمَّهُ: دودھ پینا۔اِمْتَلَعَ الشَّيءَ: چھین لینا۔اچک لینا۔

مَلَعَتْ واَمْلَعَتْ وامْتَلَعَتْ وانْمَلَعَتْ النَّاقَةُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔

المَلْعُ: مص اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔

المَلِيعُ ج مُلُعٌ والمَيْلَعُ: تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔المَيْلَعُ: لمبا۔ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔

جَمَلٌ مَلُوعٌ: تیز رفتار اونٹ۔مؤنث مَلُوعٌ عُقَابٌ مَلُوعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔

المَلاعُ والمَلِيعُ: بے گھاس کا بیابان۔

مَالَغَهُ مُمَالَغَةً بِالكَلامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِي كَلامِهِ: بے وقوف بننا۔

تَمَالَغَ بِهِ: تمسخر کرنا۔

المَلْغُ ج اَمْلاغ والمَالِغُ ج مُلاَّغ والاَمْلَغُ: مؤنث مَلْغَاءُ ج مُلْغ: فحش کلامی کرنے والا۔بدکار۔بے وقوف۔

المَلُوغَةُ: بے وقوفی۔فحش کلامی۔

مَلِقَهُ (س) مَلَقًا ومَلِقَ لَهُ ومَالَقَهُ: چاپلوسی کرنا۔خوشامد کرنا۔مَلِقَ الخَاتَمُ مِنَ الاِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔

مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّيءَ: مٹانا۔نرم کرنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔۔۔۔۔ هُ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔۔۔۔۔ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا۔۔۔۔۔ هُ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔

مَلَقَ محتاج ہو جانا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔۔۔۔۔ الدَّهْرُ مَالَهُ: ضائع کر دینا۔

تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا وتِمِلاَّقًا. الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔تَمَلَّقَتِ المَرْاَةُ العِلْكَ بِفِيهَا: چبانا۔

اِنْمَلَقَ وامَّلَقَ: نرم و چمکدار ہونا۔۔۔۔۔ مِنْهُ: بچ نکلنا۔اِنْمَلَقَ الخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔

اِمْتَلَقَ الشَّيءَ: نکالنا۔

اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا۔

المَلَقُ: مص۔دوستی۔بڑی مہربانی۔دعا۔ہموار زمین۔تیز رفتاری۔کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔

المَلِقُ والمَلاَّقُ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔

المَلِقُ: کمزور۔فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔مؤنث مَلِقَةٌ.

المَلِيقُ: تیز رفتار۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔

المَلَقَةُ: چکنا پتھر۔

المَالَقُ والمِمْلَقُ والمِمْلَقَةُ: [illegible] المَالَق [illegible] کرنی۔(ڈھیل)

المِمْلاقُ: بہت محتاج۔بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔

مَلَكَ (ض) مَلْكًا ومِلْكًا ومُلْكًا ومَلَكَةً ومَمْلَكَةً ومَمْلِكَةً ومَمْلُكَةً الشَّيءَ: مالک ہونا۔۔۔۔۔ عَلَى القَوْمِ: غالب ہونا۔۔۔۔۔ عَلَى فُلانٍ اَمْرَهُ: کسی کے کام پر حاوی ہونا۔۔۔۔۔ نَفْسَهُ: قابو رکھنا۔۔۔۔۔ المَرْاَةَ: نکاح کرنا (۔۔۔۔۔ مَلْكًا) العَجِينَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔

مَلَّكَ الشَّيءَ: مالک بنانا۔مَلَّكَ القَوْمُ فُلانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا۔۔۔۔۔ هُ امْرَاَةً: نکاح کرانا۔مَلَّكَ فُلانًا اَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔مُلِّكَتِ المَرْاَةُ اَمْرَهَا: طلاق کا اختیار دے دینا۔

مَلَّكَ العَجِينَ: اچھی طرح گوندھنا۔

اَمْلَكَهُ الشَّيءَ: مالک بنانا۔اَمْلَكَ القَوْمُ فُلانًا عَلَيْهِمْ: بادشاہ بنانا۔۔۔۔۔ فُلانًا اَمْرَهُ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔۔۔۔۔ هُ المَرْاَةَ: نکاح کرانا۔

تَمَلَّكَ وامْتَلَكَ الشَّيءَ: مالک ہونا۔

تَمَلَّكَ عَلَى القَوْمِ: بادشاہ بننا۔

تَمَالَكَ عَنْ كَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔

المَلِكُ: بادشاہ۔ج مُلُوك واَمْلاك.

المُلْكُ: ملکیت۔ج اَمْلاك ومُلُوك قدرت کا اہل مٹر کا دانہ۔تھوڑا پانی۔

مُلْكُ الدَّابَّةِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔واحد مِلاك کہا جاتا ہے "مَالَهُ مُلْكٌ ومَالَهُ مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مِلْكُ يَمِينِيْ" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "ولَيْسَ لَهُ مِلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "اَعْطَانِي مِنْ مِلْكِهِ" اس نے مجھ کو اس

میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطَـالَ مـلـکـه : اس کی غلامی طویل ہے "وَمُلْکُ الـطَّـرِيـق" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

الـمـلـک: فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَـالَـهُ مَلْکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔

المَلاک. مَالَک: کا مخفف۔ بمعنی فرشتہ ج ملائکة و ملائک. الـمَلاک: اقتدار۔ ومِلاکُ الْاَمْـرِ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے اَلقَلْبُ مَلَاکُ الْجَسَدِ: دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے۔

الـمِلاک: بمعنی مِـلاکُ الْاَمْـرِ: سہارا۔ سرمایۂ بقا۔

المَلِک: اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحبِ قوت واقتدار۔ ج مُلُوک و اَمْلَاک.

الـمَلَکِيّ. مَلِک: کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَکِيَّة.

المُلْکَة و المَلَکَة: ملکیت۔

الـمَـلَکَة: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَـلَکَةُ يَـمِـيْـنِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَکَة: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں۔

الـمَـالِـک: فا۔ بادشاہ۔ ج مُـلَّـک و مُلَّاک. ابـو مـالـک: بھوک یا بڑھاپا۔ مَالِکُ الْحَزِين: بگلا۔

المَلاکَة و المِلاکَةُ و المُلُوکَة: ملکیت۔

الـمَـلَـکُـوت: بادشاہی۔ عزت وقدرت۔

الـمَـلَـکُـوْتُ الـسَّـمَـاوِی: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔

الـمَـمْـلَـکَة و الـمَـمْـلُـکَة: شاہی شان و شوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک.

الـمَلِيک: بادشاہ۔ ج مُـلَـکَاء. مَلِيکُ النَّحلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوک.

المُلَيْکَة: صحیفہ۔

الاُمْلُوک: اسم جمع ہے بمعنی مُلُوک

ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔

الـمَـمْـلُـوک: مفع۔ غلام۔ ج مَـمَـالِـيک اور اسی سے ہے مَـمَالِيکُ مِصْر: جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آ گئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔

مَـلْـمَل: تیز دوڑنا۔ مَـلْـمَـلَـهُ الْـمَـرَضُ: مضطرب کرنا۔

تَـمَلْمَل: غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا...... الْجَالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

المَلْمَلَة: مص ہاتھی کی سونڈ۔

الـمُـلْـمُـول: سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ مُلْمُولُ الْبَعِيْرِ والثَّعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

الـمَـلْـمَـلِـى: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَـاقَـةٌ مَلْمَلِي: تیز رفتار اونٹنی۔

المَلَنْخُوليَا: مالیخولیا۔

مَلَا يَـمْـلُـوْ مَلْوًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلَّاهُ اللّٰهُ عُمْرَهُ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلَّاهُ الـلّٰـهُ حَبِيْـبَـهُ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔

مُلِّيَ وتَمَلَّى عُمْرَهُ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُـلِّـيَ وتَـمَلَّى حَبِيْبَهُ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلَى اِمْلَاءً. اللّٰهُ فلانًا عمره: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا...... الْـبَـعِـيْـرُ و لِلْبَعِيْرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا...... اللّٰهُ الظَّالِمَ وَلَهُ: مہلت دینا...... عَـلَـيْـهِ الْکِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

...... لَـهُ فِـيْ غَيِّهِ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

...... عَلَيْهِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

اِسْـتَـمْـلَـيْـتُـهُ الْـکِـتَـابَ: املا کرنے کی درخواست کرنا۔

زمانہ دراز۔ ج اَمْلَاءٌ.

المَلَوَان: رات دن۔ واحد ملا.

الـمَـلَاوَة و المَلْوَة. بتثليث الميم: زمانہ دراز۔

المَلِيُّ: زندگی کی مدت۔

الاِمْلَاءُ: مص۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِيّ.

المَلَاة: سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلًا.

المَلِيُّ: زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُهُ مَلِيًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "وَمَـرَّ مَلِيٌّ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین ہیں۔

الاَمَالِي: املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْـلَـى الْـکِـتَـابَ: کے مصدر الاملاء کی جمع ہے۔

الـمَـلْـيُـوْن فِـي الْـعَـدَدِ: دس لاکھ۔ ج مَلَايِيْن.

مِم: مرکب ہے من و ما استفہامیہ سے۔

الْـمَـامُـوْس والـمَـامُـوْسَة: آگ۔ آتش دان۔ الـمَـامُـوْسَة: بدزبان بے وقوف عورت۔

مِـنْ: حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرَضَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَـارَ مِـنْ بَيْرُوْتَ۔

(۳) تبعیض۔ جیسے مِـنْـهُـمْ مَـنْ اَحْـسَـنَ ومِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔

(۴) تعلیل۔ جیسے مِـمَّـا خَطِيْـئَـاتِهِمْ اُغْرِقُوْا۔

(۵) بدل۔ جیسے اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ۔

(۶) مرادف با جیسے يَـنْـظُـرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ۔

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے

واللّٰہ یعلم المفسد من المصلح۔

(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کے لئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول یہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِیْ مِنْ رَجُلٍ" "وَہَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَافِی الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

مَنْ: اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ یَعْمَلْ خَیْرًا یُجْزَبِہٖ: اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰی اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے یَسْجُدُ لِلّٰہِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ: نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَکَ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنِّیْنِیْ عَلَیْہِ بکذا: بھلائی کرنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنَّۃً وامْتَنَّ وامْتِنَانًا عَلَیْہِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ وامْتَنَّ عَلَیْہِ بکذا: بھلائی کرنا۔ وامْتَنَّ فُلانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وامَنَّ وتَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّیْءُ: کم ہونا...... النَّاقَۃَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلانٌ فُلانًا وتَمَنَّنَ عَلَیْہِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمْنِیْنًا النَّاقَۃَ وبِہَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّہٗ مُمَانَّۃً: کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّہٗ: طالب احسان ہونا۔

اَلْمَنُّ: مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا کہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ اَلْمَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

المُنَّۃُ: قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

المِنَّۃُ: مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیَّ مِنَّۃٌ او مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ المِنَّۃُ اسم ہے مَنَّ عَلَیْہِ سے اور اسی سے ہے المِنَّۃُ تَہْدِمُ الصَّنِیْعَۃَ: احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

المِنَّۃُ: مکڑی۔ مادہ سیہی۔

المَنُوْن: موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَھَبَتْ بِہِمُ المَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کیا۔ زمانہ۔ رَیْبُ المَنُوْنِ: حوادث زمانہ۔

المَنُوْن والمَنُوْنَۃ: بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔

المَنُوْنَۃ: مکڑی۔

المَنَّان: بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَۃ۔

المَنِیْن: کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن و اَمِنَّۃ۔

المَمْنُوْن: مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَہٗ"۔

مَنَا (ف) مَنَا الجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا...... فُلانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

المَنِیْئَۃ: کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

المَمْنَاۃ: کالی زمین۔

المَنْجَنِیْق والمَنْجَلِیْق: جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِق ومَجَانِیْق ومَنْجَنِیْقَات۔

مَنَحَہٗ (ف ض) مَنْحًا الشَّیْءَ: دینا۔ عطا کرنا...... النَّاقَۃَ وکُلَّ ذاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کے لئے دینا۔ صفت مفعول المَنِحَۃ والمَنِیْحَۃ۔ ج مِنَح ومَنَائِح۔

مَانَحَہٗ مَنَاحًا ومُمَانَحَۃً: لگاتار عطیہ دینا۔

مَانَحَتِ العَیْنُ: لگاتار آنسو بہانا...... النَّاقَۃُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ المَنِیْحَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ المَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَہٗ: عطیہ طلب کرنا۔

المِنْحَۃ: عطیہ۔ ج مِنَح۔

المَنَّاح: بہت دینے والا۔

المَنُوْح: جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ والی اونٹنی۔

المَنِیْح: جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

المُمَانِح: جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِیْحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

اَلْمَنْدَرِیْن: ایک درخت جس کا پھل مالٹے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کو لیمون یوسف آفندی بولتے ہیں۔ لذیذ پھل والا ہوتا ہے عام مالٹے کے باغوں میں پایا جاتا ہے۔

مُنْذُ ومُذْ: کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو من کے معنی میں جیسے "مَا رَاَیْتُہٗ مُذْ یَوْمِ الْاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنی میں جیسے "رَاَیْتُہٗ مُذْ شَہْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں اور اگر معنی معدود ہوں تو مِنْ اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَاَیْتُہٗ مُذْ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَارَاَیْتُهٗ مُذْیُوْمَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کردیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْکَانَ یَوْمَانِ۔ اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِی الْمَالَ مُذْاَنَا یَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْیَوْمِ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

اَلْمَنْغِنِیْزِیُوْم: مینگانیز۔
رمز (علامت) اٹیمی نمبر کمیتی نمبر
54.93 - 25 - M-N

اَلْمُنْسَة: کہن سال۔
اَلْمَنْس: خوشی۔
مَنَعَهٗ (ف) مَنْعًا وَمَنَعَهُ الشَّیْءَ وَمِنْهُ وَعَنْهُ: محروم رکھنا۔ روکنا...... هٗ الْقَاضِی عَنِ الْمِیْرَاثِ: روکنا...... هٗ عَنِ الدَّعْوٰی: باز رکھنا۔ مَنَعَ جَارَهٗ: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔
مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً وَمَنَاعًا: قوی ہونا۔ ...... الْحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا...... الشَّیْءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِیْع۔
مَانَعَهٗ: حمایت کرنا...... هٗ الشَّیْءَ: جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔
تَمَنَّعَ وَاِمْتَنَعَ عَنِ الشَّیْءِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّیْءُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ وَامْتَنَعَ بِقَوْمِهٖ: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔
تَمَانَعَا: باز رہنا...... عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔
اَلْمَنْع: مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوْع۔
رَجُلٌ مَنِعٌ: اپنے نفس کو باز رکھنے والا

اَلْمَنْعَة: عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَاتٌ" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہوسکتا۔
اَلْمَنَعَه وَالْمِنْعَة: قوت۔ شوکت۔
اَلْمَنَاعَة: مص...... فِی الطِّبِّ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔
اَلْمَانِع ج مَانِعُوْن وَمَنَعَة: فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع: روکنے والا۔
مَنَاعِ: اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔
اَلْمَنُوْع وَالْمَنَّاع: بہت زیادہ منع کرنے والا۔ اَلْمَنَّاع: کنجوس۔ بخیل۔
اَلْمَنْعٰی: اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔
اَلْمَنِیْع: غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِیْعَة۔ حِصْنٌ مَنِیْعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔
مَنَا یَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِکَذَا۔
اَلْمَنَا: پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ تثنی مَنَوَان وَمَنَیَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ وَمُنِیٌّ اور اسی معنی میں اَلْمَنَّة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مَنَا دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
مَنَاة: مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔
اَلْمُنُوَّة: آرزو۔
مَنٰی یَمْنِیْ مَنْیًا اللّٰهُ الْخَیْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِکَذَا: یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔
مُنِیَ لِکَذَا: توفیق دیا جانا...... بِکَذَا: آزمائش کیا جانا۔
مَنّٰی تَمْنِیَةً الرَّجُلَ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ: آرزو دلانا۔
مَانٰی مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا...... الرَّفِیْقَ: باری باری

اَمْنٰی اِمْنَاءً الدِّمَاءَ: خون بہانا۔ گرانا...... الْحَاجُّ: حاجیوں کا منٰی میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰی: منی گرانا۔
اِسْتَمْنٰی بِالْیَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔
اِمْتَنٰی اِمْتِنَاءً الشَّیْءَ: جھوٹ گھڑنا...... الْحَاجُّ: حاجیوں کا منٰی میں آنا یا نازل ہونا۔
تَمَنَّی الشَّیْءَ: ارادہ کرنا...... الْکِتَابَ: پڑھنا...... الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا...... الْحَدِیْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔
اَلْمَنِیَّة ج مَنَایَا وَالْمَنٰی: موت۔ اَلْمَنٰی: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَی اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ بِمَنٰی مِیْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔
اَلْمُنْیَة وَالْمِنْیَة ج مُنًی وَمِنًی وَالْاُمْنِیَّة ج اَمَانٍ وَاَمَانِیُّ: آرزو۔ مطلوب۔ اَلْاُمْنِیَّة: جھوٹ۔
اَلْمُتَمَنِّیَات: تمنائیں۔
اَلْمَنْمُوْک: درمیانہ قد کا پودا جو برازیل کے جنگلات میں ہوتا ہے اس کے تنے سے آٹا نکالا جاتا ہے۔
مَهْ: اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهٍ۔
مَهَّ (ن) مَهًّا الْاِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔
مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّیْءُ: نرم ہونا۔
اَلْمَهَاة: نرمی تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (...... وَالْمَهَهُ) سیر و سفر کا ساتھی۔ امید۔ اَلْمَهَه: رفیق۔ نرمی۔
اَلْمَهْتَر وَالْمِهْتَار: امیر۔ والی۔ (دخیل)
مَهَجَ (ف) مَهْجًا: بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا...... اَلْوَلَدُ اُمَّهٗ: دودھ پینا۔
الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔
اَلْمَاهِج: فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ

چربی۔

المهجة: خون یا دل کا خون۔ روح۔

ومهجة كل شیء: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مهج ومهجات۔

الأمهج والأمهوج والأمهجاج: خالص دودھ۔

کہا جاتا ہے **رجل ممهوج البطن:** ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مهد (ف) مهد الفراش: بستر بچھانا۔ **لنفسه:** کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مهد الفراش: بستر بچھانا...... **الأمر:** درست وہموار کرنا...... **له العذر:** عذرخواہی کرنا...... **لفلان عذره:** قبول کرنا...... **لنفسه خيرًا:** اپنے لئے بھلائی مہیا کرنا۔

تمهد الفراش: بستر بچھانا...... **له الأمر:** آسان ہونا...... **الرجل:** قادر ہونا۔

امتهد الشيء: بچھنا...... **الرجل:** کمائی کرنا، کام کرنا۔

استمهد فراشا: بستر بچھانا۔

المهد: گہوارہ۔ پست زمین ج مهود۔

المهد ج مهدة وأمهاد **والمهدة** ج مهد: نرم وپست ہموار زمین۔

المهاد: بچھونا۔ پست زمین۔ ج مهد ومهد وأمهدة۔

المهيد: خالص مسکہ۔

الممهد: منع ماء ممهد: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مهر (ف ن) مهرًا ومهورًا ومهارًا ومهارة الشيء وفيه وبه: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مهر في العلم" یعنی علم میں حاذق وماہر ہوا۔ **في صناعته:** تجربہ کار وماہر ہونا۔

مهر (ف ن) مهرًا وأمهر المرأة: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ **وامهرها:** مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی ممهرة۔ **وأمهرت الفرس:** بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مهر: بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

ماهرة مماهرة: ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تمهر: ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔

المهر: مص۔ نکاح کے عوض مالی ج مهور ومهورة اور کہا جاتا ہے "هذا مهر ذلك" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

المهر: بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مهار وأمهار ومهارة مؤنث ج مهرة ج مهر ومهرات ومهارات۔ **المهر:** درمیانی سینہ کی ایک ہڈی۔ اندرائن کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مهرة۔

الممهورة من النساء: بہت مہر والی عورت ج مهائر۔

الماهر: حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مهرة۔

المهرية: سرخ گیہوں۔ **الإبل المهرية:** مہرة بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مهاري ومهار ومهارى۔

المهرجان: (فارسی لفظ) فرس (اہل فارس) کے نزدیک یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ مہر کا معنی محبت اور جان کا معنی روح یعنی روح سے محبت۔

المهرجان: پارسیوں کی ایک عید۔

مهزه (ف) مهزا بيده: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

مهشه (ف) مهشا: جلانا۔ کھرچنا۔

امتهش: جلنا۔

مهص الثوب: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تمهص في الماء: پانی میں گھسنا۔

امهاصت الأرض: بے نباتات ہونا۔ صفت مهصاء۔

مهق (س) مهقا: بہت سفید ہونا۔

مهقت (ف) مهقا الخيل: گھوڑے کا دوڑنا۔ **مهق الفصيل:** اونٹ کے بچے کو پانی پلانا۔

تمهق الشراب: تھوڑا تھوڑا [illegible]

پینا۔

المهق: مص۔ پانی پر کی سبزی۔

الأمهق: بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مهقاء ج مهق۔

المهقة: بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مهك (ف) مهكا ومهك الشيء: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ **مهكه:** نرم و چمکدار کرنا۔ **مهك في السير:** جلدی کرنا۔

تمهك في العمل: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

امهك الرجل: کم گوشت والا ہونا...... **في العدو:** کوشش کرنا۔

تماهك القوم: باہم جھگڑنا۔

مهكة الشباب ومهكته: جوانی کی رونق و تروتازگی۔

المهوك: نرم کمان۔

الممهك والمتمهك: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شاب ممهك۔

الممهك: لمبا بے ڈول۔

مهل (ف) مهلا ومهلة وتمهل في العمل: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مهل (س) مهلا الرجل: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت ماهل۔

أمهله ومهله الدين: مہلت دینا۔ **امهل ومهل الرجل:** نرمی برتنا...... **في الأمر:** مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

استمهله: مہلت مانگنا۔

المهل والمهل: مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ اور کہا جاتا ہے "مهلا وعلى مهل" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے۔ **المهل:** کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فلان ذو مهل: فلاں بھلائی میں

پیش قدمی کرنے والا ہے۔

المُهْل: معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی ہے جو راکھ جھڑے۔

المُهْلة: مص۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی ونرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰى عَلٰى مُهْلَتِهٖ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ تیار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُهْلَةَ فِيْ اَمْرِكَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "اَخَذَ عَلٰى فُلَانٍ الْمُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المِهْلة والمُهْلة والمَهْلة: پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَهِّل: فا۔۔۔۔ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔

مَهْمَا: اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا يَزُرْنِيْ زَيْدٌ اُكْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا تو اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔

مَهْمَهَ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَهْمَهَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّيْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔

الْمَهْمَه والْمَهْمَهة: دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهَامِه۔

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا ومَهْنَةً ومِهْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا: اپنا پیشہ کرنا۔۔۔۔ الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَهُنَ (ک) مَهَانَةً: حقیر وکمزور ہونا۔

مَاهَنَهٗ مُمَاهَنَةً: مشق کرنا۔

اَمْهَنَهٗ: کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَهَنَ الشَّيْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔ الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِهْنَة والمَهْنَة والمَهِنَة والمِهِنَة: کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْأَةُ بِمِهْنَةِ بَيْتِهَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کے لئے مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُكَ هٰهُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِيْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِيْ ثِيَابِ مِهْنَتِهٖ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن ومُهَن۔

الْمَاهِن: فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهَّان ومَهَنَة ومِهَان: مؤنث مَاهِنَة ج مَوَاهِن۔

الْمَهِيْن: حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء۔

مَهَا يَمْهُوْ مَهْوًا. الرَّجُلَ: بہت مارنا۔

مَهَا يَمْهُوْ مَهًا. الْبَقَرَةُ الْوَحْشِيَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔

مَهُوَ يَمْهُوْ مَهَاوَةً اللَّبَنُ او السَّمْنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهْوٌ۔

اَمْهَى اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔۔۔۔ الْحَدِيْدَةَ: لوہے کو تیز کرنا۔۔۔۔ الْفَرَسَ: رسی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسم الْمَهْيُ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ الْبِئْرَ حَتّٰى اَمْهٰى" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْهٰى فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا۔۔۔۔ الْحَبْلَ: رسی کو ڈھیل دینا۔۔۔۔ الْقِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا۔۔۔۔ الْقِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ الْعَيْنُ: آنسو بہانا۔

الْمَهْو: مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔

الْمَهَاة: نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا ومَهَوَات ومَهَيَات۔

مَهَى يَمْهِيْ ويَمْهٰى مَهْيًا وَاَمْهٰى وَامْتَهٰى الشَّفْرَةَ او الْحَدِيْدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔

اِسْتَمْهَى الْفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا۔۔۔۔ الْقَوْمَ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔

مَهْيَمْ: کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔

مَاءَ يَمُوْءُ مُوَاءً وَاَمْوَأَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ وَاَمْوَأَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔

الْمَائِيَة والْمَائِئَة والْمَائِيَّة: بلی۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوْتًا: مرنا۔ مَاتَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔۔ النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا۔ مَاتَ الْحَرُّ وَالْبَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الْحُمّٰى: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مَاتَ يَمُوْتُ مَوَاتًا مَوْتَانًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔۔۔۔ الطَّرِيْقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔

مَوَّتَهٗ: مار ڈالنا۔ موت دینا۔

اَمَاتَهٗ اِمَاتَةً: مار ڈالنا۔ اَمَاتَ نَفْسَهٗ: مغلوب کرنا۔۔۔۔ غَضَبَهٗ: غصہ پی جانا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا۔۔۔۔ النَّاقَةُ او الْمَرْأَةُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا۔ صفت مُمِيْت ومُمِيْتَة ج مَمَاوِيْت۔۔۔۔ الْقَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ [illegible] اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهٗ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔

اُمِيْتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهٗ: باہم صبر کرنا۔

تَمَاوَتَ: بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔

اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً وَاسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔۔۔۔ الشَّيْءُ: ڈھیلا ہونا۔

اَلمَوْت والمَوْتَة: موت۔ المَوْتُ الاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ المَوْتُ الاَبْیَض: موت طبعی یا اچانک موت۔
المَوْتُ الاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔
المُوْتَة: جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔
المَیْتَة. المَیْت: کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَیْتَات.
المِیْتَة: مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِیْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِیْتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بُری طرح مرنا)
المیو: موت۔ (مولدة)
المَوَتَان والمُوْتَان: جانوروں کی مری اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْتَان الْفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوْتَانَة.
المَوَتَان: موت۔ غیر ذی رُوح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ ولا تَشْتَرِ مِنَ الحَیَوَان" یعنی زمین، مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔
المَائِت: قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔
المَیْت ج اَمْوَات ومَوْتَی ومَیْتُوْن.
والمَیِّت ج مَیِّتُوْن: مردہ۔ مؤنث مَیْتَةٌ ومَیِّتٌ ومَیِّتَةٌ ج مَیْتَات ومَیِّتَات.
المَوَات: مص۔ غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔
المَمَات: موت۔ یا زمانہ موت۔
المُمَات مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔
خَطِیْئَةٌ مُمِیْتَةٌ: گناہ کبیرہ۔
المُسْتَمِیْت: فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروا نہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔
مَاثَ یَمُوْثُ مَوْثًا ومَوَثَانًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملوط کرنا...... الشَّیْءُ فِی المَاءِ: پانی میں گھلنا۔ اِنْمَاثَ: مخلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔
مَاجَ یَمُوْجُ مَوْجًا ومَوَجَانًا وتَمَوَّجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔
المَوْج: مص۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ. ج اَمْوَاج. ومَوْجَةُ الشَّبَاب: آغاز جوانی۔
المَوَّاج: بہت موج مارنے والا۔
مَاخَ یَمُوْخُ مَوْخًا الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔
المَاذ: اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوَذٌ ہے)
المَاذِیّ: سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (...... والمَاذِیَّة) نرم زرہ۔
المَاذِیَّة: شراب۔
مَارَ یَمُوْرُ مَوْرًا البَحْرُ: موج زن ہونا...... الدَّمُ عَلَی الاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا...... الدَّمَ: خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا...... الشَّیْءُ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا...... التُّرَابُ: غبار کا اٹھنا۔ برانگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ وبِالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِّنَانُ فِی المَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔
اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اُٹھانا برانگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِی المَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔
تَمَوَّرَ: تردد کی حالت میں آنا جانا...... الشَّعَرُ: بالوں کا اِدھر اُدھر ہونا اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الوَبَرُ ونَحْوُهُ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں...... الشَّیْءُ: کسی چیز کا مضطرب ہونا اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔
[illegible]
اِمْتَارَ اِمْتِیَارًا السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔
مَارَی ومَارِی: سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لئے ہوتا ہے۔ اور مؤنث کے لئے مُرْت کہا جاتا ہے۔
المَوْر: مص۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔
المُوْر: ہوا میں اُڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے میمنے۔
المُوْرَة والمُوَارَة: گری ہوئی اون۔
المُوَارَة: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصہ۔
المَائِر: فا۔ کم سمجھ۔ سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَة. ج مَائِرَاتٌ ومَوَائِر.
المَوَّار: اسم مبالغہ۔ رِیْحٌ مَوَّارَةٌ واَرْیَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا۔
المَوْرَج: کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں۔
اَلمُوْرِکْس: ایک پیچی پاؤں والی پیٹ والے کھلے منہ والی کانٹے والی جس کو ہر سو چلاتی ہے سرخ رنگ والا سیلان بہائی ہے پرانے زمانے میں لوگ اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے تھے۔
المَوْز: کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَةٌ.
المَوَّاز: کیلہ بیچنے والا۔
المُوْزَج: موزہ۔ ج مَوَازِج ومَوَازِجَة.
مَاسَ یَمُوْسُ مَوْسًا الرَّأْسَ: سر مونڈنا۔
المَاس: ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب وخفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔
المُوْسٰی: استرا۔ (مذکر ومؤنث) ج مَوَاسٍ ومُوْسِیَات.
المُوْسِیْقَی: گانے کا فن۔
المُوْسِیْقِیّ: گانے والا۔ گویا۔
مَاشَ یَمُوْشُ مَوْشًا الکَرْمَ: توڑنے کے

بعد باقی ماندہ انگور چننا۔

الـمَاشّ : اثرو۔ واحد مَاشَةٌ: گھر کا معمولی سامان۔

اَلْمُوسِلِيُّ: روئی کا باریک نرم کپڑا۔

مَاصَ يَمُوصُ مَوْصًا ومَوَّصَ الثَّوْبَ : کپڑا دھونا۔ مَاصَ الشَّيْءَ: ہاتھ سے ملنا۔

المَوْص: مص۔ بھوسہ۔

الـمُـوَاصَة: پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں۔

مَوْعَةُ الشَّبَابِ: آغازِ جوانی۔

مَاعَ يَمُوعُ مَوْعًا ومُوَاعًا السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

مَاقَ يَمُوقُ مَوْقًا المَبِيعُ: ارزاں ہونا۔ الطَّعَامُ: غلہ مندا ہونا۔

مَاقَ يَمُوقُ مَوْقًا ومُوْقًا ومُوَاقَةً ومُؤُوقًا الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔

تَمَاوَقَ: حماقت ظاہر کرنا۔

اِنْمَاقَ اِنْمِيَاقًا: ہلاک ہونا۔

اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً: بے وقوف سمجھنا۔

المَائِق: بے وقوف۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَقُ مَائِقٌ" وہ بڑا احمق بے وقوف ہے۔ ج مَوْقَى۔

الـمُوْق: مص۔ بے وقوفی۔ غباوت۔ غبار۔ پر والی چیونٹی۔ گوشۂ چشم۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے۔ ج اَمْوَاق۔

مَالَ يَمُولُ ويَمَالُ مَوْلاً ومُؤُوْلاً: مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَلَهُ" وہ کس قدر مالدار ہے۔

مَالَهُ يَمُولُهُ مَوْلاً واَمَالَهُ اِمَالَةً: مال دینا۔

مَوَّلَهُ: مالدار بنانا۔

تَـمَوَّلَ الـمَـالَ : اپنے لئے جمع کرنا (...... واِسْتَـمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مال والا ہونا۔

الـمَالُ ج اَمْوَال: مال و دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ بکری وغیرہ۔ مذکر و مؤنث ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ المَالُ وهِيَ المَالُ" اور کہا جاتا ہے "خَرَجَ اِلَى مَالِهِ" یعنی اپنی جائیداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا۔ ج مَالَةٌ ومَالُوْن: بہت مال والا مرد۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَالٌ : بہت مال دار مرد۔ مؤنث مَالَةٌ ج مَالَة ومَالَات۔

المُوْل: مکڑی۔ واحد مُوْلَةٌ۔

الـمَـالِيَّة : مالیت۔ دولت۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں۔

المَوِّل والمَيِّل: بہت مال والا۔

المُوَيْل: مال کی تصغیر۔ رجب کا مہینہ۔

مِيمَ مَوْمًا الرَّجُلُ: برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے۔ صفت مفعولی مَمُوْمٌ۔

مَوَّمَ مِيمًا: حرف میم لکھنا۔

الـمُوْم : موم۔ جلاہوں کا نال۔ موچیوں کا ایک آلہ۔ المَوْمَاء والمَوْمَاة: وسیع بیابان یا بے پانی کا بیابان۔ ج المَوَامِي۔

الـمُومِيَاء: ایک قسم کی دوا۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔

مَانَهُ يَمُونُهُ مَوْنًا ومُؤْنَةً ومَوُّنَةً : نان نفقہ برداشت کرنا۔ صفت مَائِن۔ مَانَ الاَرْضَ: زراعت کے لئے زمین جوتنا۔

تَمَوَّنَ : نان نفقہ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔

المُؤْنَة: گزارے کا ذخیرہ۔ ج مُؤَن۔

بَيْتُ المُؤْنَةِ: گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری۔

الـمَـوَّان : ذخیرہ جمع کرنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا۔

مَاهَت تَمُوهُ وتَمَاهُ مَوْهًا ومَاهَةً ومُؤُوْهًا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ ...... والسَّفِيْنَةُ: کشتی میں پانی داخل ہونا۔

مَاهَ يَمُوهُ مَوْهًا الرَّجُلَ: پانی پلانا...... الشَّيْءَ بالشَّيْءِ: ملانا۔

اَمَاهَ اِمَاهَةً واَمْوَهَ اِمْوَاهًا الشَّيْءَ: ملانا...... الشَّيْءُ: ملنا...... الرَّجُلَ: پانی پلانا......

الـدَّوَاةَ: دوات میں پانی ڈالنا...... البِئْرَ: کنواں کھود کر پانی نکالنا...... السِّكِّيْنَ: چھری پر پانی چڑھانا۔ اَمَاهَتِ السَّمَاءُ: بہت پانی برسانا...... الاَرْضُ: بہت پانی والا ہونا۔

مَوَّهَ الـمَكَانُ: پانی والی ہونا...... القِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھانا...... الشَّيْءَ بِمَاءِ الذَّهَبِ اَوِ الفِضَّةِ ونَحْوِهِمَا: سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا...... عَلَيْهِ الاَمْرَ والخَبَرَ: جھوٹی بات خلاف واقعہ سنانا۔

تَمَوَّهَ: سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا۔ الـعِنَبُ: انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا...... الـمَكَانُ بِالبَقْلِ: سبزہ زار ہونا۔

الـمَاءُ: پانی (اصل مَوَه ہے) تصغیر مُوَيْه اور نسبت کے لئے مَائِيٌّ ومَاوِيٌّ ومَاهِيٌّ۔ ج مِيَاه واَمْوَاه۔ ومَاءُ الوَرْدِ ومَاءُ الزَّهْرِ ونَحْوِهِمَا: گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے۔ مَاءُ الوَجْهِ اَو مَاءُ الشَّبَابِ: چہرہ یا جوانی کی رونق و تر و تازگی۔ مَاءُ السَّيْفِ: تلوار کی چمک دمک۔ بَنَاتُ المَاءِ: پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے۔ مفرد اِبْنُ المَاءِ۔ المَاءُ الاَزْرَق: موتیا بند۔

المَاهُ: پانی اور نسبت کے لئے مَاهِيٌّ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاهُ الفُؤَادِ ومَاهِيُّ الفُؤَادِ" یعنی بزدل۔ بلید الطبع۔

المَاءَة: پانی۔ تصغیر مُوَيْهَة۔

الـمُوْهَة والـمُوَاهَة مِنَ الوَجْهِ: رونق و حسن۔

المَاهَة: مص۔ چیچک۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

الـمَاهِيَّة مؤنث الـمَاهِيُّ۔ مَاهِيَّةُ الشَّيْءِ: حقیقت "مَا هُوَ" سے نکلا ہوا۔ ج مَاهِيَات۔

الـمَائِيَّة والـمَاوِيَّة مِنَ الشَّجَرِ: وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو۔

المَاوِيَّة: آئینہ۔ ج مَاوِيّ۔

رَكِيَّةٌ مَهْمَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔

الأَمْوَه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "البئر هذه السنة امْوَهُ مِمَّا كَانَتْ" یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے۔

المَمْوْهَة: مفعٌ۔ ناخنہ والی آنکھ۔

مَاتَ يَمِيْتُ مَيْتًا: مرنا۔

اَلْمَاهِيَّةُ ج مَاهِيَات: ماہانہ اجرت (تنخواہ) یہ لفظ "ماہ" کی طرف منسوب ہے جس کا معنی مہینہ ہے۔

مَاثَ يَمِيْثُ مَيْثًا وَمَيَّثَ الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔ مَيَّثَ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔

تَمَيَّثَ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: پگھلنا۔ حل ہونا ...... الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ تَمَيَّثَ الْأَرْضُ: بارش سے نرم ہونا ...... الْحَرَارَةُ: ٹھنڈی ہونا۔

اِنْمَاثَ اِنْمِيَاثًا الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: پانی میں حل ہونا۔

اِمَاثَ الرَّجُلُ: زندگی کی راحت پانا ...... الأَقِطَ: پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا ...... الشَّيْءَ فِي الْمَاءِ: پگھلانا۔ حل کرنا۔

الْمَيْثُ: نرم۔

اَرْضٌ مَيْثَاءُ: بغیر ریت والی نرم زمین۔

الْمُسْتَمِيْثُ: انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاجَ يَمِيْجُ مَيْجًا الشَّيْءُ: مخلوط ہونا۔

مَاحَ يَمِيْحُ مَيْحًا وَمَيْحُوْحَةً: چلو سے پانی لینا ...... اَصْحَابَهُ: لوگوں کے لئے چلو چلو پانی لانا ...... الرَّجُلَ: نفع دینا ...... هُ عِنْدَ الْأَمِيْرِ: سفارش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِحْنِيْ عِنْدَ الْأَمِيْرِ" یعنی سفارش امیر سے کرو۔

مَاحَتِ الرِّيْحُ الشَّجَرَةَ: جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ مَاحَهُ يَمِيْحُهُ مَيْحًا وَمِيَاحَةً: دینا۔

مَيَّحَ تَمْيِيْحًا الْغُصْنُ: جھکنا' ہلنا ...... السَّكْرَانُ: چلنے میں ڈگمگانا۔

مَايَحَهُ مُمَايَحَةً: ملانا۔

اِمْتَاحَ الْمَاءَ: چلو لینا ...... الرَّجُلَ: طلب فضل کے لئے کسی کے پاس آنا۔ اِمْتَاحَهُ الْحَرُّ اَوِ الْعَمَلُ: پسینہ میں شرابور کرنا۔

تَمَيَّحَ: نازو انداز سے چلنا۔ دائیں بائیں جھکنا۔

تَمَايَحَ: ڈگمگانا۔

اِسْتَمَاحَهُ اِسْتِمَاحَةً: عطیہ مانگنا۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔

الْمَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالْمَيَّاحُ: چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔

مَاخَ يَمِيْخُ مَيْخًا وَتَمَيَّخَ الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔

مَادَ يَمِيْدُ مَيْدًا وَ مَيَدَانًا: ہلنا۔ جھکنا۔ کہا جاتا ہے "مَادَتْ بِهِ الْأَرْضُ" زمین اس کے ساتھ گھوم گئی ...... الْغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ ہلنا ...... الرَّجُلُ: نازو انداز سے چلنا۔ سر چکرانا

وَمَادَ الرَّجُلَ: زیارت کرنا۔ بہتر سلوک کرنا۔

تَمَايَدَ: نشاط سے جھومنا۔

تَمَيَّدَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا ناز سے چلنا۔

اِمْتَادَ اِمْتِيَادًا: غلہ جمع کرنا۔ عطیہ طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِمْتَادُوْهُ فَمَادَهُمْ" یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا۔

الْمَائِدُ: جھکنے والا۔ سر میں چکر والا۔ ج مَيْدَى. غُصْنٌ مَائِدٌ: جھکنے والی ٹہنی۔ غُصُوْنٌ مُيَّدٌ: جھکنے والی ٹہنیاں۔

الْمَائِدَةُ: الْمَائِد کا مؤنث۔ دسترخوان جس پر کھانا ہو۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ وَمَائِدَات.

مَيْدَ: بید میں ایک لغت نادرہ۔

الْمِيْدَةُ. مَادَ: کا اسم مرۃ۔ کھانا۔ دسترخوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو۔

مَيْدَى: بمعنی مِنْ اَجْلِ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ مَيْدَى ذٰلِكَ" اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا۔ وبمعنی "حِذَاءَ" کہا جاتا ہے "دَارِي بِمَيْدَى دَارِهِ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل

مَيْدَاءُ الشَّيْءِ: قیاس وانداز۔ انتہاء اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَيْدَاءُ ذٰلِكَ وَبِمَيْدَائِهِ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔

الْمَيْدَانُ وَالْمِيْدَانُ: گھوڑ دوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَيَادِيْن.

الْمَيَّادُ: بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَيَّادَة.

الْمَيُوْدُ: بہت ہلنے والا۔

الْمُمْتَادُ: عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔

مَارَ يَمِيْرُ مَيْرًا وَ اَمَارَ عِيَالَهُ: اہل وعیال کے لئے نان ونفقہ لانا ...... الدَّوَاءَ وَنَحْوَهُ: پگھلانا مَارَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا۔ اَمَارَ اَوْدَاجَهُ: رگیں کاٹنا۔

مَايَرَهُ مُمَايَرَةً: خوراک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔

تَمَايَرَ تَمَايُرًا مَابَيْنَ الْقَوْمِ: فساد واقع ہونا۔

اِمْتَارَ لِعِيَالِهِ اَوْ لِنَفْسِهِ: خوراک جمع کرنا۔

الْمَيْرُ: مص۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ خَيْرٌ وَلَا مَيْرٌ".

الْمِيْرَةُ: خوراک جس کو انسان ذخیرہ کر کے رکھے۔ ج مِيَر.

الْمَائِرُ: خوراک لانے والا ج مُيَّار وَمَيَّارَة.

الْمَيَّارُ: خوراک لانے والا۔

الْمُوَارَةُ: اون کا ردی حصہ جو دھنے کے وقت گرے۔

مَازَ يَمِيْزُ مَيْزًا وَمَيَّزَ وَ اَمَازَ الشَّيْءَ: علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ...... الشَّيْءَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

تَمَيَّزَ وَانْمَازَ اِنْمِيَازًا وَامْتَازَ اِمْتِيَازًا وَاسْتَمَازَ اِسْتِمَازَةً: جدا ہونا۔ وَتَمَيَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَيْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

وَاسْتَمَازَ: جدا ہونا۔

تَمَايَزَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا۔

الْمَيْزُ وَالْمَيِّزُ: مضبوط پٹھوں والا۔

التَّمْيِيْزُ. مَيَّزَ: کا مصدر۔ قوت نفسانی جس

سے معانی کا استنباط ہو۔ علم نحو کی ایک اصطلاح۔ سِنُّ التَّمْیِیْز: نفع ضرر پہچانے کی عمر۔

اِلاِمْتِیَاز: مص۔ کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔ لائسنس ج اِمْتِیَازَات (مولدۃ)

المِیْزَاب: پرنالہ۔

مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا ومَیَسَانًا وتَمَیَّسَ الرَّجُلُ: ناز و انداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ ومَیَّاسٌ ومَیْسَان ومَیُوْسٌ۔

مَیَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔

المَیْس: مص۔ ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد مَیْسَةٌ۔ المَیْس: ایک قسم کی کشمکش۔ دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔ کجاوہ۔

المَیَّاس: اکڑ کے چلنے والا شیر۔ بھیڑیا۔

المَیْسَان: بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج مَیَاسِیْن۔

مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا...... النَّاقَةَ: تھن سے آدھا دودھ دوہنا...... الخَبَرَ: کچھ بتلانا کچھ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "مَاشُوْا الأَرْضَ مَیْشَةً" وہ زمین پر گزرے۔

مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا ومَیَطَانًا وأَمَاطَ إِمَاطَةً عَنْ کَذَا: جدا ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یا فُلاَنُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔ مَاطَه وأَمَاطَهُ ومَاطَ بِه: جدا کرنا۔ دور کرنا۔ لے جانا۔ مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِه" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔ فُلاَنًا: ڈانٹنا ہٹانا...... الشَّیْءُ: جانا۔

مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَهُمَا: مائل کرا دینا۔

تَمَایَطَ القَوْمُ: فساد واقع ہونا۔ ایک دوسرے سے بعید ہونا۔

مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

المَیْط: مص۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ مَیْ

اس کے پاس کچھ نہیں "وامْتَلأَ حَتّٰی لاَ یَجِدُ مَیْطًا" بھر گیا یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں "وأَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ۔

المِیَاط: دفع۔ ڈانٹ۔ جھکاؤ۔ ادبار و تباعد (جس طرح ہیاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "أَصْبَحُوْا فِیْ هِیَاطٍ ومِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال و ادبار میں ہیں۔

المَیَّاط: بے ہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔

مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیل کر بہنا۔ کہا جاتا ہے "السَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے...... نَاصِیَةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا (...... وانْمَاعَ انْمِیَاعًا وتَمَیَّعَ تَمَیُّعًا) السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا۔ صفت مَائِع مؤنث مَائِعَةٌ کہا جاتا ہے الفِضَّةُ یَتَمَیَّعُ فِی البُوْطَةِ: چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔

أَمَاعَ إِمَاعًا وإِمَاعَةً الشَّیْءَ: بہانا۔

مَیْعَةُ الشَّیْءِ: اول شے۔ اصل شے۔ کہا جاتا ہے "مَیْعَةُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی "ومَیْعَةُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ "مَیْعَةُ الفَرَسِ" گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "الفَرَسُ فِیْ مَیْعَةِ جَرْیِه" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے۔ المَیْعَة: زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

المَائِع: بہنے والی چیز۔ بے وقوف۔

المَائِعَة۔ المَائِع: کا مؤنث۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ ج مَوَائِع۔

اَلْمَیْعَةُ السَّائِلَةُ: ایک خوبصورت درخت جو ادویات میں استعمال ہوتا ہے۔

مَالَ یَمِیْلُ مَیْلاً وتَمْیَالاً ومَیَلاَنًا ومَیْلُوْلَةً ومَمَالاً ومَمِیْلاً إِلَی المَکَان: لوٹنا...... إِلَی

...... عَنِ الطَّرِیْقِ: تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا...... الحَائِطُ: دیوار کا جھکنا...... الحَاکِمُ فِیْ حُکْمِه: ظلم کرنا...... عَلَیْهِمُ الدَّهْرُ: زمانہ کا مصائب ڈالنا۔ مَالَ بِفُلاَنٍ: غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءُ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ لاَ تَمِیْلُ عَلَیْهِ المِرْبَعَةُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے۔

مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلاً۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّهَارُ او اللَّیْلُ: دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور ہوا۔

مَیِلَ (س) مَیَلاً: خلقتاً جھکا ہوا ہونا۔ صفت أَمْیَل۔ کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔

مَیَّلَ تَمْیِیْلاً الشَّیْءَ: جھکانا...... فِی الأَمْرِ: شک کرنا...... بَیْنَ الأَمْرَیْنِ: تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قَرَّبَ لَهُ طَعَامًا فَمَیَّلَ فِیْهِ لِقِلَّتِه" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔

أَمَالَ إِمَالَةً الشَّیْءَ: جھکانا...... یَدَهُ بِالفَرَسِ: لگام ڈھیلی کرنا۔ أَمَالَتِ المَرْأَةُ: نقاب اتارنا۔ أَمَالَ القَارِئُ: پڑھنے میں امالہ کرنا۔

مَایَلَهُ مُمَایَلَةً: موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَایَلَنَا المَلِکُ فَمَایَلْنَاهُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ وتَمَایَلَ تَمَایُلاً فِیْ مَشْیِه: ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ القَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال ہو رہے ہیں۔ تَمَایَلَ الرَّجُلُ عَنِ الفَرَسِ: جھکنا۔

إِسْتَمَالَ إِسْتِمَالَةً: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَیَّلَهُ فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا...... فُلاَنًا وبِقَلْبِه: جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا...... مَا فِی الوِعَاءِ: لینا۔

اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ ونَحْوَهُ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔

الْمِیْلُ: سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ الْمِیْلُ: نشانِ راہ جو مسافر کے لئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت ...... عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ: چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ والْمِیْلُ الْهَاشِمِی: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَال واَمْیُل ومُیُول.

مَیْلُ كَوْكَب: وہ زاویہ جو استواءِ آسمانی اور اس خط کے درمیان واقع ہے جو زمین اور ستارے کے درمیان تعلق کا ذریعہ ہے۔

دَائِرَةُ الْمَیْلِ: آسمانی کرہ کا بڑا دائرہ جو کرہ دو قطب کے ساتھ گزرتا ہے۔ (العناصر الکیماویہ) (کیمیائی عناصر)

الْمِیْلَة: وقت۔ ج مِیَل اور کہا جاتا ہے "اَلدَّهْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔

الاِمَالَة: مص ...... فِی الْقِرَاءَةِ: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔

الاَمْیَل: اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَیْلَاء.

الْمَیْلَاء. الاَمْیَل: کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ۔ شَجَرَةٌ مَیْلَاء: بہت ٹہنیوں والا درخت۔

الْمَائِل: فا۔ ج مُیَّل ومَالَة مؤنث مَائِلَة ج مَائِلَات ومَوَائِل.

الْمَیَّال: بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالَة.

مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا: جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِن ومَیَّان ومَیُوْن. مَانَ الاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے جوتنا۔

تَمَایَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔

الْمَان: ہل کا پھل۔

الْمَیْن: جھوٹ۔ ج مُیُوْن کہتے ہیں "اَكْثَرُ الظُّنُوْنِ مُیُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا هُوَ اِلَّا كَذِبٌ ومَیْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔

الْمِیْنَا والْمِیْنَاء: بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ ومَوَانِی. الْمِیْنَاء: آبگینہ۔

مُتَمَایِنُ الْوُدِّ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔

مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهًا ومَیْهَةً السَّیْفَ وغَیْرَہ بِمَاءِ الذَّهَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا ...... فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاهَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاهَ یَمِیْهُ مَیْهَةً ومَاهَةً ومَیْهًا الرَّكِیَّةَ: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔

الْمَاهَة والْمِیْهَة: کنوئیں کے پانی کی کثرت۔

الاَمْیَه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "اَلْبِئْرُ اَمْیَهُ مِمَّا كَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔

مَیّ ومَیَّة ومَیَّا: عورتوں کے نام۔

ن

ن: اَلنُّوْنُ: بنیادی حروف میں سے پچیسواں حرف ہے۔ حروفِ زلقیہ سے ہے۔

ن: حرفِ نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نونِ تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ اور یہ فعل کے ساتھ مختص ہے جیسے "لَیَکُوْنَنَّ مِنَ الصَّاغِرِیْنَ" و "لاَ تَحْسَبَنَّ اللّٰہُ غَافِلاً" ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰہِ لاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نونِ تنوین اور یہ نونِ ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ۔

(۳) نونِ تانیث اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ وَیَضْرِبْنَ وَاضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کے لئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلاَمُکُنَّ وَمِنْھُنَّ وَضَرَبَھُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نونِ وقایہ اور یہ یائے متکلم سے پہلے آتا ہے جیسے ضَرَبَنِي وَاِنِّيْ۔

(۵) نونِ زائدہ۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے "یَضْرِبَانِ وَتَضْرِبَانِ" یا ضمیر مؤنث حاضر کے ساتھ متصل ہو جیسے "تَضْرِبِیْنَ" یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے: "یَضْرِبُوْنَ وَتَضْرِبُوْنَ" ان ساری صورتوں میں سوائے مثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور مثنیٰ میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم مثنیٰ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا جیسے "اَلزَّیْدَانِ" اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے اَلزَّیْدُوْنَ.

نَا: ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے "رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا".

نَاَتَ (ف وض) نَاْتًا وَنَئِیْتًا: گریہ وزاری کرنا ...... الرَّجُلَ: حسد کرنا۔

اَلنَّاَٰتُ: شیر۔

نَاَثَ (ف) نَاْثًا وَمَنْاَثًا عَنْہُ: بعید ہونا۔ تاخیر کرنا ...... الرَّجُلُ: کوشش کرنا۔

اَنْاَثَہُ اِنْآثًا: دُور کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَعٰی سَعْیًا نَاْثًا وَمِنْاَثًا" وہ سست چال چلا۔ سَیْرٌ مِنْاَثٌ: سست چال۔

نَاَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِی الْاَرْضِ: جانا ...... الْاَمْرَ: کام کو مؤخر کرنا (...... نَئِیْجًا) اِلَی اللّٰہِ فِی الدُّعَاءِ: گڑگڑانا۔ نَاَجَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز ہونا ...... الرِّیْحُ الْمَوْضِعَ: ہوا کا تیز گزرنا۔

نَاَجَ (ض) [illegible]

آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَاْجًا: آہستہ کھانا۔

نَئِجَ الْقَوْمُ: تیز ہوا لگنا۔

اَلنَّائِجَۃُ: تیز ہوا۔ ج نَائِجَات.

اَلنَّآجُ: بہت آواز نکالنے والا۔ تیز رَجُلٌ نَآجٌ: بلند آواز والا مرد۔

اَلنَّئِیْجُ: مص۔ کہا جاتا ہے "لِلرِّیْحِ نَئِیْجٌ" ہوا کے لئے تیز سرسراہٹ ہے۔

رِیْحٌ نَؤُوْجٌ: تیز چلنے والی ہوا۔ ج نَوَائِجُ.

اَلْمَنْؤُوْجُ: مفع۔ حَدِیْثٌ مَنْؤُوْجٌ: پیچیدہ بات۔

نَاَدَہُ (ف) نَاْدًا: حسد کرنا۔ نَاَدَتْہُ الدَّاھِیَۃُ: مصیبت نازل ہونا۔ نَاَدَتِ الْاَرْضُ: زمین میں سیلن ہونا۔

اَلنَّآدُ: بروزن عَقَام وَالنَّآدٰی: بروزن نصاریٰ وَالنُّؤُوْدُ: مصیبت۔

اَلنِّئْدِلُ: مصیبت۔

نَاَرَتْ (ف) نَاْرًا. نَائِرَۃٌ فِی النَّاسِ: لوگوں میں ہیجان ہونا۔

اَلنُّؤُوْرُ: کاجل۔

نَاَشَ (ف) نَاْشًا تَنَاءَشَ الشَّیْءُ: سخت پکڑنا ...... الْاَمْرَ: مؤخر کرنا ...... الشَّیْءُ: دور کرنا ...... ہُ اللّٰہُ: زندہ کرنا اور بلند کرنا ...... الرَّجُلُ مِنْ مَکَانِہٖ: اٹھنا۔

تَنَاءَشَ: پیچھے ہونا اور دُور ہونا ...... الشَّیْءَ: دور سے لینا۔

اِنْتَاشَ: پیچھے ہونا اور دور ہونا ...... الشَّیْءَ فُلاَنًا: جلدی میں ڈالنا ...... بِمَتِنِیْہِ: کمر پر

کے ساتھ کوچ کرنا...... فُلَانًا: یعنی مجھنا...... اللّٰہُ: برباد کرنا۔

النَّوُوْش: قوی غالب۔

النَّیْش: دور۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ نَیْشًا" اس نے اس کو اخیر میں کر دیا۔ "وَجَاءَ نَیْشًا" وہ دیر سے آیا۔ "وَاتَّبَعَهُ نَیْشًا" بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے۔

النِّیْطِل: مصیبت۔

النَّیْطَل: بڑی مصیبت۔ چالاک مرد۔

نَافَ (ف) نَافًا فِي الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

نَئِفَ (س) نَأَفًا وَنَأْفًا مِنَ الشَّرَابِ: آسودہ ہونا...... الرَّجُلَ: نفرت کرنا...... الشَّیْئَ: کھانا۔

نَأَلَ (ف) نَأْلًا وَنَئِیْلًا وَنَأَلَانًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا۔ صفت نَؤُوْلٌ۔

الرَّجُلُ: سر اُٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا...... فُلَانًا: حسد کرنا۔

نَأَمَ (ف ض) نَئِیْمًا: آہستہ آہستہ رونا۔

نَأَمَتِ الْقَوْسُ وَالْاَسَدُ وَالظَّبْیُ: کمان، شیر۔ ہرن کا آواز کرنا۔

النَّأْمَةُ. نَأَمَ: کا اسم مرۃ۔ نغمہ۔ آواز۔ کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللّٰہُ نَأْمَتَهُ" اللہ اس کی آواز کو خاموش کر دے یعنی مار دے۔

نَأُبَ. نَبَ نَأَبَةً وَتَنَبَّ نَبَ عَنِ الْاَمْرِ: سُست ہونا۔ عاجز ہونا۔ قاصر ہونا۔ صفت نَبٌ نَأْوٌ نَأْنَاءٌ و نُؤْنُوٌ: یعنی عاجز۔ بزدل۔ نَأْنَأَ فُلَانًا: اچھی غذا دینا۔ ارادہ سے باز رکھنا۔

نَأَى یَنْأَى نَأْیًا فُلَانًا وَنَأَى عَنْ فُلَانٍ: دور ہونا۔ صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَةٌ۔

نَأَى وَانْأَى وَانْتَأَى النُّؤْیَ لِلْخَیْمَةِ: خیمہ کے گرد چوبچہ کھودنا۔

نَاءَیَ مُنَاآۃً الرَّجُلَ: دور کرنا...... الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْأَى فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا۔

تَنَاءَیَ تَنَائِیًا وَانْتَأَیَ اِنْتِئَاءً: دور ہونا۔

النَّأْیُ وَالنُّؤْیُ وَالنِّئْیُ وَالنُّؤَی: چوبچہ خیمہ کے اردگرد۔ ج آنَاءٌ وَاَنْآءٌ وَنُئِیٌّ وَنِئِیٌّ۔

النَّائِیْ: دور۔

الْمُنْتَأَی: دور جگہ۔ خیمہ کے اردگرد چوبچہ۔

النَّای: بانسری۔ ج نَایَات (دخیل)

نَبَّ (ض) نَبًّا وَنَبِیْبًا وَنُبَابًا التَّیْسُ خَاصَّةً: بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا۔

نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّبَاتُ: پورے دار ہونا۔

تَنَبَّبَ الْمَاءُ: پانی کا بہہ پڑنا۔

النَّبَّةُ: اسم مرۃ۔ بدبو۔

الْاُنْبُوْبُ: بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا۔ ج اَنَابِیْبُ: ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَ مِنْ اُنْبُوْبِ الْکُوْزِ" اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا۔

اُنْبُوْبُ الْمَاءِ: نالی۔ اُنْبُوْبُ الْکُوْزِ: کوزہ کی ٹونٹی۔ الْاُنْبُوْبُ مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی قطار۔ اَنَابِیْبُ الرِّئَةِ: پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔

الْاُنْبُ وَالْاُنْبُوْبَةُ: بانس یا نرکل کا پورا۔

نَبَأَ (ف) نَبْأً وَنُبُوْءً الشَّیْئُ: بلند ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَبَأَ سَمْعِیْ عَنْ کَذَا" میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی...... عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا...... مِنْ اَرْضٍ اِلٰی اَرْضٍ: ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا (نَبَأَ (ف) نَبْأً) آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّأَ تَنْبِئَةً وَتَنْبِیْئًا وَاَنْبَأَ فُلَانًا الْخَبَرَ وَبِالْخَبَرِ: خبر دینا۔ تم کہتے ہو نَبَّأْتُ زَیْدًا عَمْرًوا خَارِجًا: یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وَاَنْبَأَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔

نَابَأَهُ مُنَابَأَةً: ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَأَ الْقَوْمُ: دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا۔

اِسْتَنْبَأَ الرَّجُلَ: خبر دریافت کرنا...... النَّبَأَ: خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَأُ: خبر ج اَنْبَاءٌ۔

النَّبْأَةُ: آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔

النُّبُوْءَةُ وَالنُّبُوَّةُ: اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔

النَّبِیْءُ وَالنَّبِیُّ: اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کے لئے نَبَوِیٌّ ج اَنْبِیَاءُ وَنَبِیُّوْنَ وَاَنْبَاءٌ وَنُبَاءٌ مؤنث نَبِیْئَةٌ ج نَبِیْئَاتٌ۔

النَّبِیُّ: واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا النَّبِیُّ کی تصغیر نُبَیِّیٌّ اور نَبِیٌّ کی نُبَیٌّ۔

النَّابِیْ: فا۔ ٹیڑھی جگہ۔ رَجُلٌ نَابِیٌّ وَسَیْلٌ نَابِیٌّ: ایسی جگہ سے آنے والا کہ معلوم نہ ہو۔

نَبَتَ (ن) نَبْتًا وَنَبَاتًا الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا...... الْبَقْلُ: سبزی کا اگنا (...... نُبُوْتًا) ثَدْیُ الْجَارِیَةِ: پستان کا ابھرنا۔

نَبَتَ (ن) نَبْتَةً وَنَبَاتًا الْاِنْسَانُ: جوان ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَتَ فُلَانٌ فِیْ مَنْبَتِ صِدْقٍ" یعنی فلاں نے سچے لوگوں میں پرورش پائی۔

اَنْبَتَ الْمَکَانُ: سبزی والی ہونا...... الْبَقْلُ: سبزی کا اُگنا...... الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ اَنْبَتَ اللّٰہُ الْبَقْلَ: سبزی اگانا۔ صفت مَنْبُوْتٌ: خلافِ قیاس۔

نَبَّتَ الشَّجَرَ: پودا اگانا...... الْحَبَّ: دانہ بونا...... الصَّبِیَّ: بچے کی پرورش کرنا۔

تَنَبَّتَ الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔

النَّبْتُ: مص۔ سبزی۔ ج نُبُوْتٌ واحد نَبْتَةٌ۔

النَّبَاتُ: مص۔ زمین سے جو کچھ اُگے (پودا یا بیل یا گھاس) واحد نَبَاتَةٌ ج نَبَاتَاتٌ وَاَنْبِتَةٌ علم النَّبَاتِ: وہ علم جس میں نباتات کی حقیقت اور ان کے افعال و خواص سے

النَّبَاتِيّ: ماہر علم نبات۔
النَّابِت: نئی اُگی ہوئی سبزی۔
النَّابِتَة. النَّابِت کا مؤنث۔ اولاد۔ چوپاؤں کے بچے۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ بَنِي فُلَانٍ لَنَابِتَةُ شَرٍّ" فلاں کی اولاد شر وفساد کے باعث ہیں۔ ج نَوَابِت. النَّوَابِت: ناتجربہ کار نوجوان۔
النُّبُوت: درخت کی ٹہنی اور ڈنڈے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج نَبَابِيت.
التَّنْبِيت: مص۔ درخت۔ پودا۔ درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں۔ ج تَنَابِيت.
المَنْبَت: اُگنے کی جگہ۔
المِنْبَات: بہت روئیدگی والی زمین۔
اليَنْبُوت: خشخاش کا پودا۔ خرنوب کا درخت۔ ج يَنَابِيت واحد يَنْبُوتَة.
نَبَثَ (ن) نَبْثًا البِئْرَ: کنواں کھود کر مٹی نکالنا ...... التُّرَاب: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا ...... عَنِ السِّرِّ او الأَمْرِ: بھید کی یا معاملہ کی تفتیش کرنا ...... فُلَانٌ: غضبناک ہونا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْبُثُ عَنْ عُيُوبِ النَّاسِ" فلاں لوگوں کے عیوب کو ظاہر کرتا ہے۔
اِنْتَبَثَ التُّرَابَ: کنوئیں وغیرہ سے مٹی نکالنا ...... الشَّيْءَ: لینا۔
تَنَابَثَ القَوْمُ: باہم بحث کرنا۔ "لَا يَزَالُونَ يَتَنَابَثُونَ عَنِ الأَسْرَارِ وَيَتَبَاحَثُونَ عَنِ الأَخْبَارِ" وہ لوگ اسرار واخبار کے متعلق ہمیشہ بحث کرتے رہے۔
اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ: تحقیق میں کوشش کرنا۔
النَّبْث: نشان۔ ج أَنْبَاث.
النَّبِيث: شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَبِيثٌ نَبِيثٌ".
النَّبِيثَة: کنوئیں وغیرہ سے نکالی ہوئی مٹی۔ بھید۔ ج نَبَائِث کہا جاتا ہے "ظَهَرَتْ نَبَائِثُهُمْ وَلَمْ تَخْفَ خَبَائِثُهُمْ" ان کے بھید ظاہر ہو گئے اور ان کی خباثتیں پوشیدہ نہیں رہیں۔ نَبِيثَةُ السَّبُعِ: ضرورت کے ......

کے لئے چھپایا ہوا گوشت۔
الأُنْبُوثَة: کوڑی چھپول۔ بچوں کا ایک کھیل کہ مٹی کے نیچے کسی چیز کو چھپا دیتے ہیں جو نکال لیتا ہے وہ جیت جاتا ہے۔
نَبَجَ (ض) نَبِيجًا: سخت آواز ودرشت کلام ہونا۔ صفت نَبَّاج.
نَبَجَت (ن) نَبْجًا القَبْجَةُ: چکور کا باہر نکلنا۔
أَنْبَجَ: کلام میں گڈمڈ کرنا۔ بلند ٹیلوں پر بیٹھنا۔
اِنْتَبَجَ وتَنَبَّجَ العَظْمُ: سوجنا۔
النَّبْجَة: ٹیلہ ج نَبَاج.
النَّبَّاج: جھوٹا۔ كَلْبٌ نَبَّاجٌ ونُبَاجِيٌّ: بھونکنے والا کتا۔
النُّبَاج: ناکارہ آدمی۔ گوز۔ نُبَاجُ الكَلْبِ: کتے کی آواز۔
النَّبَّاجَة. نَبَّاج کا مؤنث۔ چوتڑ۔ دبر۔
النَّابِجَة: مصیبت۔
النَّبَاج: بلند ٹیلے۔
النَّبَجَان: دھمکی۔ وعید۔ ج نَبَاج.
المِنْبَج: جھوٹے وعدے کرنے والا۔
النُّبَج: کالے تھیلے۔
الأَنْبَج: آم۔
النَّبِيج: کتے کی آواز۔
نَبَحَ (ف ض) نَبْحًا ونُبُوحًا ونَبِيحًا ونُبَاحًا ونِبَاحًا وتَنْبَاحًا الكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔ صفت نَابِح ج نَوَابِح ونُبَّح ونُبُوح کہا جاتا ہے "نَبَحَهُ الكَلْبُ ونَبَحَ عَلَيْهِ" اس پر کتا بھونکا۔ نباح کتے کی آواز کے لئے ہے مگر مجازاً ہرن اور بکرے وغیرہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ونَبَحَ الشَّاعِرُ کہا جاتا ہے "نَبَحَتْنِي كِلَابُكَ" تمہاری گالیاں مجھے پہنچیں۔
نَبُحَ (ف) نُبَاحًا الهُدْهُدُ: زیادہ عمر ہونے کی وجہ سے موٹی آواز والا ہونا۔
نَابَحَهُ مُنَابَحَةً الكَلْبُ: کتے کا کسی پر بھونکنا۔

أَنْبَحَهُ واسْتَنْبَحَهُ: بھونکانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَحَ الأَضْيَافُ كَلْبَهُمْ" مہمانوں نے ان کے کتوں کو بھونکایا۔ عادت تھی کہ جب مسافر رات کو راستے میں بھٹک جایا کرتا تھا تو کتے کی طرح آواز نکالتا تا کہ آبادی کے کتے بھونکنے لگیں اور ان کی آواز سے اس کو راستہ کا پتہ لگ جائے اور اسی وجہ سے رات کے آنے والے کو مُسْتَنْبِح کہتے تھے۔
النُّبُوح: مص۔ قوم کا شور اور ان کے کتوں کی آوازیں اور یہ نَبْح کی جمع ہے۔
النَّبَّاح: تیز بھونکنے والا۔ چھوٹی سفید سیپی جس کو ہار میں ڈالا کرتے تھے۔ واحد نَبَّاحَة.
كَلْبٌ نَبَّاحِيٌّ: بلند آواز سے بھونکنے والا کتا۔ ظَبْيَةٌ نَبْحَاءُ: ممیانے والی ہرنی۔
المَنْبُوح: جس کو گالی دی جائے۔
نَبَخَ (ن ض) نُبُوخًا العَجِينُ: خمیر اُٹھنا۔
أَنْبَخَ العَجَانُ: خمیر اٹھانا ...... الرَّجُلُ: نرم زمین میں کھیتی کرنا۔
النَّبْخ والنَّبَخ: آبلہ۔ چھالا۔
النَّبْخَة والنَّبَخَة. بردی: ایک قسم کی گھاس جس سے کشتی کی درز کو بند کرتے تھے۔ گندھک۔
النَّبْخَة والنُّبْخَة: نکتہ۔
النَّابِخَة: دور کی زمین۔ تکبر سے بولنے والا۔ ج نَوَابِخ.
الأَنْبَخ: مرد سخت اندام۔ مٹیالے رنگ والا۔ بہت مٹی۔
الأَرْضُ النَّبْخَاءُ: بلند زمین۔ نرم زمین۔ ج نَبَاخِي.
النَّبَاخ والأَنْبَخَانُ مِنَ العَجِينِ: اٹھا ہوا خمیر۔
نَبَذَ (ض) نَبْذًا الشَّيْءَ: پھینک دینا۔ ...... الأَمْرَ: بے کار کر دینا ...... العَهْدَ: توڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَذَ إِلَى العَدُوِّ" اس نے عہد کو دشمن کی طرف ڈال دیا۔
نَبَذَ ونَبَّذَ النَّبِيذَ: نبیذ بنانا ...... العِنَبَ او التَّمْرَ: نبیذ بنانا۔ ونَبَّذَ الشَّيْءَ: ڈال دینا۔

پھینک دینا۔

نَبَذَ (ض) نَبَذًا و نَبَذَانًا عِرْقُهُ: رگ کا حرکت کرنا۔ (نبض میں ایک لغت ہے)

نَابَذَهُ مُنَابَذَةً و نِبَاذًا: دشمنی کی وجہ سے جدا ہونا ...... هُ الْحَرْبَ: اعلانِ جنگ کرنا۔

هُ فِي الْبَيْعِ: بیع منابذہ کرنا اور اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ مشتری سامان پر کنکری پھینکتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس پر لگ جائے وہ اتنے میں میری ہے اس کو بیع منابذہ' بیع القاء الحجر اور بیع الحصاۃ کہتے تھے۔

تَنَابَذُوْا: باہم اختلاف کرنا۔ دشمنی سے علیحدہ ہونا۔

اِنْتَبَذَ النَّبِيْذَ: نبیذ بنانا ...... الْعِنَبُ او التَّمْرُ: نبیذ بننا ...... عَنِ الْقَوْمِ: قوم سے جدا ہونا ...... فُلَانٌ: گوشہ نشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَبَذَ اِلٰى نَاحِيَةٍ و اِنْتَبَذَ مَكَانًا" اس نے گوشہ بعید میں اپنے لئے جگہ بنالی۔

النَّبْذُ: مص۔ تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَالُهُ وَبَقِيَ نَبْذٌ مِنْهُ" اس کا مال برباد ہو گیا اور تھوڑا سا باقی رہ گیا۔ ج اَنْبَاذٌ. اَنْبَاذُ النَّاسِ: اوباش لوگ۔

النَّبْذَةُ والنُّبْذَةُ: گوشہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ نَبْذَةً" وہ ایک گوشہ میں بیٹھ گیا اور کبھی چیز کے ٹکڑے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج نُبَذٌ.

النَّبِيْذُ: پھینکا ہوا۔ مؤنث نَبِيْذَةٌ: انگور یا کھجور کی نچوڑی ہوئی شراب۔ ج اَنْبِذَةٌ.

النَّبَّاذُ: نبیذ بیچنے والا۔

الْمَنْبُوْذُ: مقع۔ حرامی بچہ۔ بچہ جس کو اس کی ماں نے راستہ میں پھینک دیا ہو۔ آج کل کی زبان میں اچھوت کے لئے مستعمل ہے۔

الْمِنْبَذَةُ: تکیہ۔ ج مَنَابِذُ.

نَبَرَ (ض) نَبْرًا الْغُلَامُ: بڑھنا ...... الْمُغَنِّي: گویئے کا آواز کو پست کے بعد بلند کرنا ...... الرَّجُلَ: ڈانٹنا ...... هُ بِلِسَانِهِ: غیبت کرنا ...... الْحَرْفَ: ہمزہ لگانا ...... الشَّيْءَ: بلند کرنا۔

الرُّمْحَ عَنْهُ: جلدی سے اٹھانا۔

اَنْبَرَ الْاَنْبَارَ: کھیلا بنانا۔

اِنْتَبَرَ الْجُرْحُ: زخم کا سوجنا ...... الْخَطِيْبُ: خطیب کا منبر پر چڑھنا ...... الْجَسَدُ: جسم کا سوجنا۔ اِنْتَبَرَتْ يَدُهُ: ہاتھ میں آبلہ ہونا۔

النَّبْرُ: مص۔ بے شرم اور کہا جاتا ہے "طَعَنَ طَعْنًا نَبْرًا" اس نے جلدی سے نیزہ مارا۔

النِّبْرُ: ایک قسم کی مکھی یا چیچڑی۔ بہت زیادہ پست قد۔ ج نِبَارٌ و اَنْبَارٌ.

النِّبْرُ و الْاَنْبَارُ: کھیلا۔ غلہ و سامان رکھنے کی کوٹھری۔ ج اَنَابِرُ و اَنَابِيْرُ و اَنْبَارَاتٌ.

النَّبْرَةُ. نَبَرَ: کا اسم مرۃ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیان گڑھا۔ جس کا ورم۔ پست آواز کے بعد بلند آواز۔ گھبراہٹ کی چیخ۔ چیز کا بلند حصہ۔

النُّبْرَةُ: بڑا لقمہ۔ ج نُبَرٌ.

النَّبِيْرُ: پنیر۔ تم کہتے ہو "اَكَلْنَا النَّبِيْرَ" ہم نے پنیر کھایا۔

النُّبَيْرُ: مردوانا۔

النَّبُوْرُ: چوتڑ۔ دبر۔

النَّبَّارُ: چلانے والا۔ فصیح۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَّارٌ بِالْكَلَامِ" یعنی مرد فصیح۔

الْمِنْبَرُ: بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بنا پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ ج مَنَابِرُ.

قَصَائِدُ مُنَبَّرَةٌ و مَنْبُوْرَةٌ: ایسے قصائد جن کا قافیہ ہمزہ ہو۔

النَّبْرِيْجُ: حقہ کی نالی (فارسی لفظ)

النِّبْرَاسُ: چراغ۔ النِّبْرَاسُ: نیزے کا بھالا۔ بہادر دلیر۔ شیر۔ ج نَبَارِيْسُ.

النَّبَارِيْسُ: قریب قریب کنوئیں۔

النِّبْرِيْسُ: ہوشیار ماہر۔

النَّبْرَشْتُ: آدھ بھونا ہوا۔ (فارسی لفظ)

[illegible]

بِكَذَا: برا لقب دینا۔

تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ: ایک دوسرے کو شرم دلانا۔ ایک دوسرے کو برا لقب دینا۔

النَّبَزُ: برا لقب۔ ج اَنْبَازٌ.

النِّبْزُ: حسب اور عادات میں کمینہ۔

النُّبَزَةُ: لوگوں کو اکثر برا لقب دینے والا۔

نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نُبْسَةً و نَبَسَ بِالْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ" ...... السِّرَّ: بھید چھپانا۔ نَبَسَ الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ جلدی کرنا۔

اَنْبَسَ: جلدی کرنا۔ ذلت سے خاموش رہنا۔

النُّبُسُ: بولنے والے۔ اپنی ضروریات میں جلدی کرنے والے۔

رَجُلٌ اَنْبَسُ الْوَجْهِ: ترش رو مرد۔ مؤنث نَبْسَاءُ ج نُبْسٌ.

نَبَشَ (ن) نَبْشًا. الشَّيْءَ الْمَسْتُوْرَ: ظاہر کرنا ...... الْكَنْزَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا اور اسی سے ہے "نَبْشُ الْقَبْرِ" ...... الْحَدِيْثَ: نکالنا ...... السِّرَّ: پھیلانا ...... عَنِ الْاَسْرَارِ: بھیدوں کو نکال لینا۔ نَبَشَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔

اِنْتَبَشَ الشَّيْءَ مِنَ الْاَرْضِ: کھود کر نکالنا۔

النِّبْشُ: ایک درخت ہے جس کے پتے صنوبر کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور اس کی لکڑی سرخ رنگ کی بہت سخت ہوتی ہے۔

النَّبِيْشَةُ: زمین یا کنواں کھدا ہوا۔

النَّبَّاشُ: اسم مبالغہ۔ کفن چور۔

النِّبَاشَةُ: کفن چور کا پیشہ۔

الْاَنْبُوْشُ: جو کھودا جائے۔ الْاُنْبُوْشُ والْاُنْبُوْشَةُ: جڑ سے اکھیڑا ہوا درخت۔ ج اَنَابِيْشُ. اَنَابِيْشُ الْعُنْصُلِ وَنَحْوِهِ: جنگلی پیاز کی جڑیں۔

نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ: بولنا۔ اکثر اس کا استعمال نفی کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَبَصَ بِكَلِمَةٍ" نبس میں ایک

لغت ہے اور نَبَسَ افصح ہے۔ نَبَصَ الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔

نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا الطَّائِرُ: پرندہ کا آہستہ چہچہانا۔

النَّبص: مص۔ سبزی کی کونپل۔

النَّبْصَة: نبص کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ نَبْصَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا۔ نَبَضَتِ الأَمْعَاءُ: مضطرب ہونا۔ نَبَضَ البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا (...... نَبْضًا) الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔

نَبَضَ (ن) نُبُوْضًا۔ المَاءُ: پانی بہنا یا گہرائی میں جانا۔

نَبَّضَ فِي القَوْسِ وأَنْبَضَ القَوْسَ وعَنِ القَوْسِ و فِي القَوْسِ: آواز نکلنے کے لئے تانت کھینچنا۔ أَنْبَضَ الوَتَرَ وبالوَتَرِ: آواز نکلنے کے لئے کھینچنا۔

النَّبَض: دل اور شریان کی حرکت جس سے صحت اور مرض کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ج أَنْبَاض و النَّبْضَة: ایک ضرب نبض کی۔

فُؤَادٌ نَبِضٌ و نَبَضٌ و نَبِضٌ: تیز دل۔

النَّابِض: فا۔ تیرانداز۔ پٹھا۔ کہا جاتا ہے "نَبَضَ نَابِضُهُ" اس کا غصہ بھڑکا۔

المَنْبِض: نبض دیکھنے کی جگہ۔ ج مَنَابِض۔

المِنْبَض: دھننے کی کمان۔ ج مَنَابِض۔

نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نُبُوْطًا المَاءُ: زمین یا چشمہ سے ابلنا۔ نَبَطَ (ض ن) نَبْطًا و نَبَّطَ وأَنْبَطَ تَنَبَّطَ واسْتَنْبَطَ۔ البِئْرُ: کنوئیں سے پانی نکالنا۔ نَبَطَ وأَنْبَطَ واسْتَنْبَطَ الشَّيْءَ: پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ أَنْبَطَ الحُكْمَ: اجتہاد سے نکالنا۔ أَنْبَطَ فِيهِ: اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهُ: ایجاد کرنا۔ واسْتَنْبَطَ مِنْ فُلَانٍ خَيْرًا: نکالنا۔ اِسْتَنْبَطَ الفَقِيهُ: معنی کو نکالنا اور کہا جاتا ہے "اِسْتَنْبَطَ وأَنْبَطَ رَأْيًا حَسَنًا او مَعْنًى صَائِبًا" اچھی رائے یا درست معنی ظاہر کرنا۔ واستنـ

النَّبَطُ: نبطی ہونا۔

تَنَبَّطَ: نبطیوں کے مشابہ ہونا یا نبطیوں کی طرف منسوب ہونا۔

اِنْتَبَطَ الكَلَامَ: اجتہاد سے نکالنا۔

النَّبَطُ: کنوئیں کا پہلا پانی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَرِيبُ الثَّرَى بَعِيدُ النَّبَطِ" جبکہ وعدہ کرے اور وفا نہ کرے۔ ج أَنْبَاط ونُبُوط: مرد کی اندرونی حالت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُدْرَكُ نَبَطُهُ" فلاں کی اندرونی حالت اور اس کے علم کی گہرائی نہیں معلوم کی جا سکتی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

النَّبَط: ایک عجمی قوم جو عراقین کے درمیان آباد رہتی تھی۔ پھر اس لفظ کا استعمال عوام الناس کے لئے ہونے لگا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے كَلِمَةٌ نَبَطِيَّةٌ یعنی عام کلمہ۔ واحد نَبَطِيٌّ و نَبَاطِيٌّ و نَبَاطٍ۔ ج أَنْبَاط و نَبِيط

النُّبْطَة: کنوئیں کا پہلا پانی۔ گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی سپیدی۔

الأَنْبَطُ مِنَ الخَيْلِ: بغل اور پیٹ کی سپیدی والا گھوڑا۔ مؤنث نَبْطَاء ج نُبْط۔

نَبَعَ (ن) و نَبِعَ (س) و نَبُعَ (ک) نَبْعًا و نُبُوْعًا و نَبَعَانًا المَاءُ: چشمہ سے نکلنا۔

تَنَبَّعَ المَاءُ: تھوڑا تھوڑا نکلنا۔

النَّبْعُ: مص۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "قَرَعُوا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ" وہ لوگ باہم ملے اور آپس میں نیزہ بازی کی "وَمَا رَأَيْتُ أَصْلَبَ مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا...... عِنْدَ المُوَلَّدِيْنَ: پانی کا چشمہ اور عرب کے امثال سے ہے "لَوِ اقْتَدَحَ بِالنَّبْعِ لَأَوْرَى نَارًا" اگر درخت نبع کی لکڑی سے آگ نکالے تو بھڑکا دے یہ مثال جودت رائے کے لئے بیان کی جاتی ہے۔ اس لئے کہ درخت نبع کی لکڑی آگ ...

النَّبْعَة۔ النَّبْع: کا واحد۔ کمان پر بھی اطلاق ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيْمَةٍ" وہ شریف خاندان میں سے ہے۔

النَّابِعَة۔ النابع: کا مؤنث۔ ج نَوَابِع۔

نَوَابِعُ البَعِيْرِ: اونٹ کے پسینہ والے اعضاء۔

النَّبِيْع: پسینہ۔

النَّبَّاغَة: ذبر۔ بچے کی چندیا جب تک کہ نرم ہو اور جب سخت ہو جائے تو اس کو یافوخ کہتے ہیں۔

النَّبْعِيَّة: درخت نبع کی بنی ہوئی کمان۔

المَنْبَع: چشمہ۔ ج مَنَابِع۔

اليَنْبُوْع: چشمہ۔ بہت پانی والا نالہ۔ ج يَنَابِيْع کہا جاتا ہے "فَجَّرَ اللّٰهُ يَنَابِيْعَ الحِكْمَةِ عَلٰى لِسَانِهِ" اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی کے چشمے اس کی زبان پر جاری کر دیئے۔

نَبَغَ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوْغًا الشَّيْءُ: نکلنا اور ظاہر ہونا...... المَاءُ: پانی کا چشمہ سے نکلنا...... الوِعَاءُ بِالدَّقِيْقِ: چھننا...... الشَّرُّ: پھیلنا، ظاہر ہونا...... رَأْسُهُ: سر میں بھوسی ہونا...... الرَّجُلُ: عمدہ اشعار کہنا...... فِي العِلْمِ وَغَيْرِهِ: فائق ہونا...... فِي الدُّنْيَا: آسودہ زندگی والا ہونا اور کہا جاتا ہے "نَبَغَ فِيْهِمُ النِّفَاقُ" ان کے اندر نفاق ظاہر ہو گیا بعد اس کے کہ وہ چھپاتے تھے۔

أَنْبَغَ البَلَدُ: شہر میں بہت آنا جانا......

النَّاخِلُ: آٹا چھاننا۔

النَّبْغ و النُّبَاغ: چکی کا غبار۔

نَبَغَةُ القَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔

النَّابِغَة ج نَوَابِغ: فصیح۔ مرد عظیم الشان

النَّوَابِغ: آٹھ فصیح و بلیغ شاعروں کا لقب اور نسبت کے لئے النَّابِغِي۔ النَّوَابِغ: مادہ لومڑیاں۔

النَّابِغَة: کلمہ فصیحہ۔

النَّبِيْغ: مرد عظیم الشان۔ ج نُبَغَاء۔

النَّبَاغ و النُّبَّاغ و النُّبَاغَة و النُّبَّاغَة: آٹا۔ بھر

کی بھوسی۔ مَسْحَبَۃٌ تَبْسَاقَۃٌ: گرد وغبار والا راستہ۔

نَبَقَ (ن) نَبْقًا الشَّیْئُ: نکلنا اور ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لکھنا۔

نَبَّقَ الشَّیْئُ: نکلنا اور ظاہر ہونا...... الرَّجُلُ: لکھنا...... الْکِتَابَ: ترتیب سے لکھنا...... الشَّجَرَ: ترتیب سے پودے لگانا...... النَّخْلُ: خراب ہونا اور کھجوروں کا بیری کے مانند چھوٹا ہونا۔

نَبَقَ وَنَبَّقَ وَانْبَقَ: وادی میں ایک قطار میں پودا لگانا۔

اِنْتَبَقَ الْکَلَامَ: نکلوانا۔

النَّبَقُ: مص۔ میٹھا آٹا جو درخت خرما کے تنہ سے بنایا جاتا ہے۔

النَّبْقُ وَالنِّبْقُ وَالنَّبِقُ وَالنَّبَقُ: بیری واحد نَبِقَۃٌ.

النَّبِیْقَۃُ: انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ میں گرہ جبکہ بڑی ہو جائے۔ ج نَبَائِقُ.

نَبَکَ (ن) نُبُوْکًا وَانْتَبَکَ الْمَکَانُ: بلند ہونا۔

النَّابِکُ: بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَکَانٌ نَابِکٌ وَاَرْضٌ نَابِکَۃٌ" ج نَوَابِکُ.

النَّبْکَۃُ وَالنَّبَکَۃُ: نوک دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ۔ ج نَبَکٌ وَنَبْکٌ وَنِبَاکٌ وَنُبُوْکٌ.

النَّبْکَۃُ: درخت کی جڑ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلاً الرَّجُلَ: تیر مارنا یا تیر دینا۔

نَبَلَ بِالسَّھْمِ: تیر مارنا...... ہٗ بِالطَّعَامِ: تھوڑا تھوڑا دے کر مشغول رکھنا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... الْاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا...... ہٗ: نجابت وشرافت میں غالب ہونا...... بِہٖ: نرمی برتنا...... عَلَی الْقَوْمِ: تیراندازی کے لئے چن چن کے دینا۔

نَبُلَ (ک) نَبَالَۃً: نجیب وشریف ہونا۔ صفت نَبْلٌ وَنَبِیْلٌ: مؤنث نَبْلَۃٌ وَنَبِیْلَۃٌ ج نِبَالٌ وَنَبَائِلُ وَنَبْلَاتٌ وَنَبِیْلَاتٌ. نَبُلَ عَنْ کَذَا: بڑا ہونا۔

نَبَّلَ الرَّجُلَ: تیر دینا۔ استنجے کے ڈھیلے دینا۔

اَنْبَلَہٗ: تیر دینا۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ: موٹے بدنما تیر بنانا...... النَّخْلُ: درخت خرما میں پکی کھجوریں ہونا۔

نَابَلَہٗ مُنَابَلَۃً: نجابت وشرافت میں مقابلہ کرنا۔

تَنَبَّلَ: ذکی ہونا۔ نجیب وشریف ہونا۔ اذکیاء وشرفاء کے مشابہ بننا۔ مرنا...... الْمَالَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ تَنَبَّلَتِ الْخُطُوْبُ: حوادث کا بڑا ہونا۔

تَنَابَلَ الْقَوْمُ: شرافت یا تیر سازی میں مقابلہ کرنا۔

اِنْتَبَلَ: مرنا اور بدبودار ہونا...... فُلَانًا: قتل کرنا...... الْخَطْبُ: حادثہ کا بڑا ہونا...... لِلْاَمْرِ: خبردار اور مستعد ہونا...... الشَّیْئَ: یکبارگی اور جلدی اٹھانا۔

اِسْتَنْبَلَ الْمَالَ: عمدہ لینا...... الرَّجُلَ: تیر طلب کرنا۔

النَّبْلُ: مص۔ تیر۔ واحد نَبْلَۃٌ ج نِبَالٌ وَاَنْبَالٌ وَنُبْلَانٌ. نَبْلُ الدَّھْرِ: حوادثِ زمانہ۔

النُّبْلُ: ذکاوت۔ نجابت۔ شرافت۔ فضیلت۔ کمال جسم۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبْلَۃً" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبَلُ وَالنُّبَلُ: بڑے بڑے یا چھوٹے چھوٹے پتھر۔ واحد نَبَلَۃٌ وَنُبْلَۃٌ.

رَجُلٌ نَبَلٌ: مرد شریف۔ مؤنث نَبَلَۃٌ.

النُّبْلَۃُ: عطیہ۔ ثواب اور بدلہ۔ چھوٹا لقمہ ونُبْلَۃُ کُلِّ شَیْئٍ: عمدہ چیز۔ ج نُبُلَاتٌ.

النَّبَالَۃُ: مص۔ ذکاوت۔ نجابت وشرافت و فضیلت۔

النِّبَالَۃُ: تیر سازی کا پیشہ۔

النُّبَالَۃُ: کسی چیز کے پورا کرنے کا سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلْاَمْرِ نُبَالَتَہٗ" اس نے کام کے پورا کرنے کا سامان لے لیا۔

النَّبْلُ وَالنَّبِیْلُ: شرافت والا۔ فضیلت والا۔

[illegible] جسم والا [illegible]

نَبِیْلُ الرَّأْیِ" وہ عمدہ رائے والا ہے۔ ج نِبَالٌ.

النَّبِیْلَۃُ. نَبِیْلٌ: کا مؤنث۔ مردار ج نَبَائِلُ.

النَّابِلُ ج نُبَّلٌ وَنَبَلٌ وَالنَّبَّالُ. ج نَبَّالَۃٌ: تیر والا۔ تیرانداز۔ تیر ساز۔ تیراندازی میں ماہر کہتے ہیں "اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ" مثال ہے اس وقت بولتے ہیں جبکہ کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے۔ کہا گیا ہے کہ حابل سے تانا اور نابل سے بانا مراد ہے۔

الْاَنْبَلُ: اسم تفضیل۔ تیراندازی کا زیادہ جاننے والا۔

التِّبَالُ وَالتِّبَالَۃُ: دیکھئے۔ تنبل.

نَبِہَ (س) نَبَھًا لِلْاَمْرِ: سمجھ جانا۔

نَبِہَ (س) نُبْھًا مِنْ نَوْمِہٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

نَبَہَ (ن) وَنَبِہَ (س) وَنَبُہَ (ک) نَبَاھَۃً: شریف ہونا۔ مشہور ہونا۔ صفت نَابِہٌ وَنَبِہٌ وَنَبْہٌ وَنَبِیْہٌ.

نَبَّھَہٗ مِنْ نَوْمِہٖ: نیند سے بیدار کرنا...... ہٗ عَلَی او اِلَی الْاَمْرِ: واقف کرنا۔ جتلانا۔ نَبَّہَ بِاسْمِہٖ: مشہور کرنا۔ گمنامی سے نکالنا۔

اَنْبَہَ الْحَاجَۃَ: بھولنا...... ہٗ مِنَ النَّوْمِ: بیدار کرنا۔

تَنَبَّہَ مِنْ نَوْمِہٖ: نیند سے بیدار ہونا...... عَلَی او لِلْاَمْرِ: واقف ہونا۔ سمجھ جانا۔

اِسْتَنْبَہَ مِنْ نَوْمِہٖ: نیند سے بیدار ہونا۔

النُّبْہُ: سمجھ۔

النَّبَہُ: مص۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش وجستجو کے مل جائے۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّۃَ نَبَھًا" میں نے گم شدہ چیز کو بغیر تلاش کے پا لیا۔ مشہور۔ شے موجود۔

النَّبَاھَۃُ: شرافت۔ سمجھ۔ شہرت۔

النَّابِہُ وَالنَّبَہُ وَالنَّبِہُ وَالنَّبِیْہُ: شریف۔ سمجھ دار۔ شہرت والا۔ ج نُبَھَاءُ اَمْرٌ نَابِہٌ: بڑا کام۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَبَہٌ" مرد شریف و"قَوْمٌ نَبَہٌ" یعنی شرفاء (مفرد اور جمع کے [illegible] اس لئے کہ مصدر ہے)

النَّبَاه: اوپر کو نکلا ہوا بلند۔
المَنْبَهَة: سبب بیداری۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْبَهَة عَلٰی کَذَا" یہ فلاں چیز کو بتلانے والا ہے۔
رَجُلٌ مَنْبُوْهُ الِاسْمِ: مشہور و معروف۔
نَبَا یَنْبُوْ نَبْوَةً ونُبُوًّا ونَبِيًّا بَصَرُهٗ: نگاہ کا دھندلا ہونا۔ صفت نَابٍ...... الشَّیْءُ: دور ہونا اور پیچھے ہونا (...... نَبْوًا ونَبْوَةً) السَّیْفُ عَنِ الضَّرِیْبَةِ: تلوار کا اچٹ جانا...... جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ: بے چین رہنا...... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا...... الطَّبْعُ عَنِ الشَّیْءِ: نفرت کرنا...... عَنِ الشَّیْءِ: زائل ہونا...... بِیْ فُلَانٌ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَبَتْ بِیْ تِلْکَ الْاَرْضُ" یہ زمین مجھے موافق نہیں آئی...... الْمَکَانُ بِفُلَانٍ: ناموافق ہونا...... عَلَیْهِ الْاَمْرُ او الصَّاحِبُ: گراں ہونا۔ صاف نہ ہونا۔
نَبَتْ صُوْرَةُ فُلَانٍ: بدصورت ہونا۔ یہاں تک کہ آنکھ دیکھنے سے انکار کرے۔
اَنْبَی السَّیْفَ: تلوار کو کند کرنا۔
النَّبْوَة: مص۔ نَبْوَةُ الزَّمَانِ: زمانہ کی سختی (...... والنَّبَاوَة) بلند زمین۔
النَّبِیُّ والنُّبُوَّة: پیغامبر و پیغامبری۔
(دیکھئے مادہ نبأ) والنَّبِیُّ مِنَ الْاَرْضِ: بلند زمین۔
النَّبَاءَة: شرافت و ریاست کی طلب۔ پیش قدمی۔
النُّبُوُّ: بلندی و ارتفاع۔
النَّابِی: چوکنے والی تلوار یا تیر۔ موٹا۔ لڑائی میں پشت پھیرنے والا۔
النَّابِیَه۔ النَّابِی: کاموٹش۔ کمان۔
نَتَّ (ض) نَتِیْتًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا اُبلنا۔
نَتَّ (ن) نَتًّا ونَتِیْتًا مِنْخَرُهٗ: غصے سے نتھنے پھلانا۔
نَتَّتَ الْخَبَرَ: بیان کرنا۔
تَنَتَّتَ الرَّجُلُ: صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
المَنَتَّة: چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو

نَتَأَ (ف) نَتْأً ونُتُوْءًا الشَّیْءُ: بغیر جدائی کے اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ بلند ہونا۔ پھولنا...... الْقَرْحَةُ: زخم کا سوجنا......
الثَّدْیُ: پستان اُبھرنا...... الْجَارِیَةُ: بالغ ہونا...... عَلَی الْقَوْمِ: ظاہر ہونا۔
اِنْتَتَأَ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
النَّاتِیْ: فا۔ ہر بلند چیز جیسے مکان وغیرہ۔ اور اس میں تخفیف ہمزہ بھی جائز ہے تم کہو گے نَاتِی جیسے قَارِی وقَارِی۔
النُّتُوْء: مص (...... والنَّتَاة) ٹیلہ۔
نَتَبَ (ن) نُتُوْبًا الشَّیْءُ: بمعنی نَتَأَ۔
نَتَجَ (ض) نَتْجًا الْمَاخِضَ مِنَ الْبَهَائِمِ: بچہ جننے میں خبر گیری کرنا۔ صفت نَاتِجٌ۔ بهیمة: کو مَنْتُوْجَة اور بچے کو نَتِیْجَة کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "نَتَجَهَا وَلَدًا" اس نے بچہ جنوایا۔ ونَتَجَ الرَّجُلُ الْحَامِلَ: حاملہ عورت نے مرد کے پاس بچہ دیا۔ نَتَجَ الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نتیجہ نکلنا۔
نَتَجَتْ ونُتِجَتْ نَتَاجًا واُنْتِجَتِ الْبَهِیْمَةُ وَلَدًا: جننا۔ ونُتِجَ الْوَلَدُ: جنا جانا اور کہا جاتا ہے "نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ" بارش برسانا۔ نُتِجَ الْقَوْمُ: بچہ والی مویشی کا مالک ہونا۔
نَتَّجَ: بمعنی نَتَجَ تشدید تکثیر کے لئے ہے۔
اَنْتَجَ الْقَوْمُ: حاملہ اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ جننے والی اونٹنی اور بکریوں کا مالک ہونا۔ اَنْتَجَتِ الْبَهِیْمَةُ: جننے کے قریب ہونا۔ صفت نَتُوْج اور مُنْتِج نہیں کہا جاتا۔ اَنْتَجَ الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ: نتیجہ نکالنا۔
اَنْتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ: بارش برسانا۔
تَنَتَّجَتِ الْبَهِیْمَةُ: ولادت کے وقت پیچ و تاب کھانا۔ اِنْتَتَجَتْ وتَنَاتَجَتِ الْاِبِلُ: بچہ جننا۔ اِنْتَتَجَتِ النَّاقَةُ: غیر معروف جگہ میں بچہ دینا۔ اِسْتَنْتَجَ: بچہ جنوانا۔ نتیجہ نکالنا۔
النِّتَاج: جانوروں کے بچہ جننے کی حالت اور کہا جاتا ہے "بِالنَّاقَةِ نِتَاجٌ" یعنی اونٹنی کو حمل

النَّتِیْجَة: بچہ۔ ج نَتَائِج اور کہا جاتا ہے "غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِج" فلاں کی بکریاں ایک عمر کی ہیں۔
النَّاتِج: فا۔ لِلْبَهَائِمِ: جنانے والا۔
النَّتُوْج: حاملہ چوپایہ۔
المَنْتِج: بچہ جننے کا وقت۔
المِنْتَجَة: دُبر۔
نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا ونُتُوْحًا الْعَرَقُ: پسینہ نکلنا...... الدَّسَمُ مِنَ الْاِنَاءِ: چکنائی کا برتن سے رسنا۔ نَتَحَهُ الْحَرُّ: پسینہ لانا۔
اِنْتَتَحَ الشَّیْءُ: اُکھیڑنا۔
النَّتْح: مص۔ پسینہ۔
النُّتُوْح: مص۔ درخت کا گوند۔
زِقٌّ نَتَّاحٌ: ٹپکنے والی مشک۔ المَنْتَح: جسم سے پسینہ نکلنے کی جگہ۔ ج مَنَاتِح۔
المِنْتَحَة: دبر۔
نَتَخَ (ض) نَتْخًا الشَّیْءَ: اُکھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَخَ الْقَلَّاعُ الضِّرْسَ" دانت اُکھیڑنے والے نے داڑھ اُکھیڑلی و نَتَخَتْهُ الْمَنِیَّةُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِهٖ: موت نے اس کو قوم کے درمیان سے لے لیا۔ نَتَخَ الْبَازِی اللَّحْمَ: باز کا چنگل سے جھپٹا مارنا...... اِلَیْهِ بِبَصَرِهٖ: دیکھنا...... الثَّوْبَ بِالذَّهَبِ: سونے سے بنا...... فُلَانًا: اہانت کرنا (نَتِیْخًا ونَتَخَ) بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا نَتَخَ عَلٰی مِلَّةِ کَذَا: ثابت قدم رہنا۔
المِنْتَاخ: موچنا۔ تم کہتے ہو "نَتَخْتُ الشَّوْکَةَ مِنْ رِجْلِیْ بِالْمِنْتَاخِ" میں نے کانٹے کو اپنے پیر سے موچنے سے نکال لیا۔
نَتَرَ (ن) نَتْرًا الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا۔ اُچک لینا...... الْقَوْسَ: کمان کھینچنا...... الثَّوْبَ بِالْاَصَابِعِ او الْاَضْرَاسِ: کپڑے کو پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الْکَلَامَ: درشت کلامی کرنا...... ه بِالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔
نَتِرَ (س) نَتَرًا الشَّیْءُ: فاسد ہونا۔ ضائع ہونا۔
اِنْتَتَرَ: کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "نَتَرَهٗ فَانْتَتَرَ" اس

نے اسے سختی سے کھینچا وہ رج گیا النغر فیس
مَشْيَه: چلتے ہوئے ٹیک لگانا۔
النَّتْر: مص۔ کام میں کمزوری و سستی۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "قَابَلْتُهُ بِنَتْرٍ" میں نے اس کا سختی سے مقابلہ کیا "وَاطْعَنُوا النَّتْرَ" زور سے نیزہ مارو۔

النَّتْرَة۔ نتر: کا اسم مرۃ۔ پار ہو جانے والی ضرب نیزہ۔ ج نَتَرات.

النَّاتِرَة: تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔ ج نَوَاتِر کہا جاتا ہے کَلَّمْتُهُ مُنَاتَرَةً میں نے اس سے بلند آواز سے گفتگو کی۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا الشَّوْكَةَ وَنَحْوَهَا: نکالنا ...... الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا ...... اللَّحْمَ وَنَحْوَهُ: گوشت وغیرہ کو دانت سے نوچنا ...... الْجَرَادُ الْأَرْضَ: زمین کی سبزی کھا جانا ...... الرَّجُلُ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا ...... هُ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا ...... الْحَجَرَ بِرِجْلِهِ: پتھر کو پاؤں سے ہٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا نَتَشْتُ مِنْ فُلَانٍ شَيْئًا" میں نے فلاں سے کچھ نہیں حاصل کیا اور کچھ نہیں لیا۔

نَتَشَ (ض) نَتْشًا وَتَنَاتَشَ الرَّجُلَ: پیٹھ پیچھے عیب جوئی کرنا۔

اَنْتَشَ النَّبَاتُ: نباتات کا زمین سے ظاہر ہونا (قبل اس کے کہ پہچانی جا سکے کہ کیا ہے)

النَّتَشُ: ابتدائی روئیدگی۔ ناخن کی جڑ کی سفیدی۔

الْمِنْتَاش: موچنا۔

تَنَاتِيشُ الدَّيْنِ: قرض کا بقایا۔

نَتَضَ (ن) نُتُوضًا الْجِلْدُ: داد وغیرہ جیسے مرض سے چھلکے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے اَنْتَضَتِ السِّنُّ السِّنَّ.

نَتَعَ (ن ض) نُتُوعًا الدَّمُ مِنَ الْجُرْحِ او الْمَاءُ مِنَ الْعَيْنِ: خون کا زخم سے یا پانی کا چشمہ سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔ صفت نَاتِع.

اَنْتَعَ الرَّجُلُ: سخت پسینہ آنا ...... الْقَيْءَ: بہت قے ہونا۔

نَتَغَ (ن ض) نَتْغًا الرَّجُلَ: عیب لگانا۔

غیبت کرنا۔ تہمت رکھنا۔

اَنْتَغَ: ہنسی اڑانا ...... هُ: عیب کرنا۔

الْمِنْتَغ: وہ شخص جس کی عادت لوگوں کی غیبت کرنے کی ہو۔

نَتَفَ (ض) نَتْفًا وَنَتَّفَ وَانْتَتَفَ الشَّعْرَ او الرِّيشَ وَنَحْوَهُ: بال یا پر نوچنا۔ اُکھیڑنا نَتَفَ فِي الْقَوْسِ: آہستہ کھینچنا۔

اَنْتَفَ الْكَلَأُ: اُکھیڑے جانے کے قابل ہونا۔

اِنْتَتَفَ وَتَنَتَّفَ وَتَنَاتَفَ الشَّعْرُ او الرِّيشُ: بال یا پر اُکھیڑا جانا۔

النُّتْفَة: گھاس وغیرہ جو انگلیوں سے اُکھیڑی جائے اور کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ نُتْفَةً مِنَ الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ" یعنی اس نے اسے تھوڑا سا کھانا دیا اور ایسا ہی "اَفَادَهُ نُتْفَةً مِنْ عِلْمٍ" اس نے اسے تھوڑا سا علم سکھلایا۔ ج نُتَف۔

النُّتَفَة: وہ شخص جو علم وغیرہ کو پوری طرح سے حاصل نہ کر سکے۔

النُّتَاف وَالنُّتَافَة: جو اُکھیڑتے ہوئے گرے۔

النَّتِيف وَالنَّتِيف: اُکھیڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "غُرَابٌ نَتِيفُ الْجَنَاحِ" پر و بال نچا ہوا کوا۔

النَّتُوف: داڑھی کے بال اُکھیڑنے کا شائق۔

الْمِنْتَاف: موچنا۔ چمٹی۔

نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا الْجِرَابَ: توشہ دان کو جھاڑنا ...... الْجِلْدَ: کھال اتارنا ...... الشَّيْءَ: جھاڑنا۔ ہلانا۔ بلند کرنا۔ پھیلانا۔

نَتَقَتِ الْمَرْاَةُ او النَّاقَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ صفت نَاتِق وَمِنْتَاق عوام النَّتَق وَالنِّتَاق کو قے کے معنی میں استعمال کرتے ہیں اور اس سے افعال بناتے ہیں۔

نَتَقَ (ن ض) نُتُوقًا: موٹا ہونا۔

نَتِقَتْ (ض) نَتْقًا وَنُتُوقًا الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا وَبِرَاكِبِهَا: چوپایہ کا اپنے سوار کو تھکا دینا۔

اِنْتَتَقَ: توشہ دان جھاڑ [illegible]

عورت سے نکاح کرنا۔ اپنا گھر غیر کے گھر کے مقابل بنانا۔

اِنْتَتَقَ الشَّيْءُ: کھنچ جانا ...... الْجِرَابُ: توشہ دان جھاڑا جانا۔

النَّاتِق: فا۔ آگ دینے والا چقماق۔ گھوڑا جو اپنے سوار کو تھکا دے۔ ماہِ رمضان۔ کہا جاتا ہے "بَنَى دَارَهُ نِتَاقَ دَارِي" اس نے اپنا گھر میرے گھر کے سامنے بنایا۔

نَتَكَ (ض) نَتْكًا الشَّعْرَ: بال اُکھیڑنا۔

نَتَلَ (ض) نَتْلًا الشَّيْءَ: آگے کھینچنا ...... فُلَانًا: ڈانٹنا ...... الْجِرَابَ: توشہ دان جھاڑنا یا سب کچھ نکال دینا ...... نَتْلًا وَنُتُولًا وَنَتَلَانًا) مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ: آگے بڑھ جانا۔

اِنْتَتَلَ: سبقت کرنا۔

تَنَاتَلَ النَّبْتُ: پیچیدہ ہونا اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا۔

اِسْتَنْتَلَ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ: پیش قدمی کرنا ...... لِلْاَمْرِ: تیاری کرنا ...... الْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ: پانی پر پہلے پہنچ جانا۔

النَّتْل وَالنَّتَل: شترمرغ کا انڈا جو پانی بھر کر جاڑے کے زمانہ میں دور دور میدانوں میں زمین کے اندر دبا جاتا ہے تاکہ گرمی کے زمانہ میں جب پانی کی ضرورت پڑے تو کام آئے۔ رَجُلٌ نَتْلٌ: مرد پستہ قد۔

النَّتِيلَة: وسیلہ۔

نَتَنَ (ض) وَنَتِنَ (س) نَتْنًا وَنَتُنَ (ک) نَتَانَةً وَنُتُونَةً وَاَنْتَنَ: بد بودار ہونا۔ صفت نَتِنٌ وَنَتِينٌ وَمُنْتِنٌ وَمِنْتِنٌ اور نَتِنٍ کی مؤنث نَتْنَى جیسے زمن: کی زمنی.

نَتَّنَ الشَّيْءَ: بد بودار کرنا۔

النَّيْتُون: ایک بد بودار درخت۔

الْمِنْتِين: بد بودار۔ ج مَنَاتِين کہا جاتا ہے "رِجَالٌ او آبَاطٌ مَنَاتِين" بد بودار لوگ۔ یا بد بودار بغل۔

الْمَنَاتِن: بد بو کی جگہیں۔ واحد مَنْتَن.

نَتَوَ (ن) نُتُوًّا الْعُضْوُ: سوجنا۔ صفت نَاتٍ.

اَنتَثی اِنتَاءً: پیچھے ہٹنا......ہٗ: صورت وسیرت میں مشابہ ہونا۔
تَنَثّی عَلَیْہِ: کسی پر چڑھ بیٹھنا۔
اِسْتَنْثی اِسْتِنْثاءَ الدُّمَّلُ: پھوڑے کا پکنا اور پھوٹنے کا وقت قریب ہونا۔
نَثَّ (ن ض) نَثًّا الْخَبَرَ: پھیلانا...... الْجُرْحَ: زخم پر تیل لگانا۔
نَثَّ (ض) نَثًّا ونَثِیثًا الزِّقُّ: مشک کا ٹپکنا ......الرَّجُلُ: موٹاپے کی وجہ سے پسینہ والا ہونا......العَظْمُ: ہڈی سے گودا بہنا۔
تَنَاثَّ القَوْمُ الْاَخْبَارَ: ایک دوسرے کو خبر بتلانا۔
النَّثُّ: مص ـ نمناک دیوار۔
النِثَاث: زخم پر لگانے کا تیل۔
النَثِیثَة: مشک سے ٹپکا ہوا۔
النَّثَّاث والمِنَثّ: بھید یا بات کو بہت پھیلانے والا۔
النُثَّاث: غیبت کرنے والے ـ واحد نَاثٌّ.
المِنَثَّة: اُون کا ٹکڑا جس سے زخم پر تیل لگائیں ـ ج مَنَاثٌّ ومِنَثَّات.
نَثِتَ (س) نَثَتًا اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
نَثَجَ (ض) نَثْجًا بَطْنَهُ بِالسِّكِّينِ: پیٹ پھاڑنا۔
مَافِي بَطْنِه: آنتوں کو خالی کردینا۔
اِسْتَنْثَجَ. احد العِدْلَيْن: ڈھیلا پڑجانا۔
النَثِج: بزدل ـ بے برکت۔
المِنْثَجَة: دبر۔
نَثِدَ (س) نُثُوْدًا الرَّجُلُ: ٹھہرنا......الكَمْأَةُ: سانپ کی چھتری کا اُگنا۔
نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا ونِثَارًا الشَّيْءَ: بکھیرنا ـ نثر میں گفتگو کرنا......الدِّرْعَ عَنْهُ: زرہ کو اتار دینا اور کہا جاتا ہے "نَثَرَتِ الْمَرْأَةُ بَطْنَهَا" یعنی اس کے بچے بہت ہوئے "واَخَذَ فُلَانٌ دِرْعًا فَنَثَرَهَا عَلَى نَفْسِهٖ" فلاں نے زرہ لی اور اپنے اوپر ڈال لی۔

نَثَرَتْ (ض) نَثِیْرًا الدَّابَّةُ: چھینکنا اور کہا گیا ہے کہ نثیر جانوروں کے لئے ہے جیسے عُطاس: آدمیوں کے لئے۔
اَنْثَرَ: ناک جھاڑنا......ہٗ: ناک کے بل گرانا۔
نَثَّرَ الشَّيْءَ: بکھیرنا۔
تَنَثَّرَ وتَنَاثَرَ وانْتَثَرَ الشَّيْءُ: بکھرنا ـ کہا جاتا ہے "تَنَاثَرَ القَوْمُ" قوم کے لوگ بیمار ہوئے اور مرے۔
اِنْتَثَرَ واسْتَنْثَرَ: ناک میں پانی ڈال کر جھاڑنا۔
النَثْر: مص ـ ضد نظم۔
النَثْرَةُ: نثر کا اسم مرة ـ کلام نثر کا ایک ٹکڑا ـ نتھنا اور اس کا اردگرد ـ چھینک ـ کشادہ زرہ ـ دونوں طرف کی مونچھوں کے درمیان کا گڑھا۔
النَثِر والمِنْثَر والنَّيْثُرَان: بہت بولنے والا ـ بھیدوں کا بہت ظاہر کرنے والا۔
رَجُلٌ نَثُوْرٌ او امْرَأَةٌ نَثُوْرَةٌ: بہت صاحب اولاد مرد یا عورت۔
النَثِیْر: بکھیرا ہوا ـ کلام نثر ـ کہا جاتا ہے "كَأَنَّ لَفْظَهُ نَثِیْرُ الدُّرِّ والدُّرُّ النَّثِیْرُ" گویا اس کے الفاظ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔
النُثَارَة والنُثَار والنَثَر: بکھری ہوئی چیزیں۔
النِثَار: مص ـ شادی کے موقعہ پر جو بکھیرا جائے۔
النَاثِر: فا ـ نثر بولنے والا یا لکھنے والا ـ نَخْلَةٌ نَاثِرٌ: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المُنْثَر: مفع ـ ہیچ ونا کارہ آدمی۔
المِنْثَار: کچی کھجوریں گرانے والا درخت۔
المَنْثُوْر: مفع ـ مِنَ الْكَلَامِ: ضد منظوم
المَنْثُوْر: ایک تیز خوشبو والا پھول دار پودہ ـ واحد مَنْثُوْرَة.
نَثَطَه (ن) نَثْطًا......فُلَانًا: بوجھل کرنا۔
الكَمْأَةُ: سانپ کی چھتری کا زمین سے نکلنا (...... نَثْطًا ونُثُوْطًا) ساکن ہونا" قرار پانا۔
[illegible]

اَنْثَعَ: بہت قے کرنا......القَيْءَ او الدَّمَ: قے یا خون نکلنا۔
نَثَلَ (ن) نَثْلًا الْفَرَسُ و كُلُّ ذِي حَافِرٍ: لید کرنا۔
نَثَلَ (ن ض) وانْتَثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا......الجِرَابَ: توشہ دان خالی کرنا...... الكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکالنا اور بکھیر دینا ـ نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْهُ: زرہ کو اتار پھینکنا...... اللَّحْمَ فِي الْقِدْرِ: گوشت کو ہانڈی میں ٹکڑے ٹکڑے کرکے ڈالنا......عَلَى فُلَانٍ دِرْعَهُ: زرہ پہنانا ـ اور کہا جاتا ہے "نُثِلَتْ حُفْرَتُهُ" یعنی اس کی قبر کھودی گئی۔
اَنْثَلَ الْبِئْرَ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔
تَنَاثَلَ الْقَوْمُ اِلَيْهِ: اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔
اِسْتَنْثَلَ الْكِنَانَةَ: ترکش سے تیروں کو نکال کر بکھیرنا۔
النَثَل: کھودا ہوا ـ کہا جاتا ہے "بِئْرُكَ نَثَلٌ" تمہارا کنواں کھدا ہوا ہے۔
النَثْلَة نَثَلَ: کا اسم مرة ـ دونوں مونچھوں کے درمیان کا گڑھا ـ کشادہ زرہ۔
النَثِیل: لید۔
النُثَالَة والنَثِیلَة: کنوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔
بَقِيَهُ النَثِيلَةَ: موٹا گوشت۔
المِنْثَلَة: زنبیل۔
نَثَمَ (ن) نَثْمًا وانْتَثَمَ: فحش بکنا۔
نَثَا يَنْثُو نَثْوًا الْحَدِیْثَ: بیان کرنا ـ پھیلانا ......الشَّيْءَ: متفرق کرنا......فُلَانًا: غیبت کرنا ......عَلَيْهِ قَوْلًا: کسی کی جانب سے خبر دینا۔
تَنَاثَى الْقَوْمُ الْحَدِیْثَ: آپس میں ایک دوسرے سے کہنا......الشَّيْءَ: ایک دوسرے کو یاد دلانا۔
النَاثِي: فا ـ غیبت کرنے والا۔
النَثْوَة: لوگوں کی عیب جوئی۔
النَثَا: کسی کے متعلق اچھی یا بری خبر۔
نَثَى يَنْثِي نَثْيًا الْخَبَرَ: بیان کرنا یا پھیلانا۔
اَنْثَى مِنَ الشَّيْءِ: ناک بھوں چڑھانا۔
فُلَانًا: غیبت کرنا۔

نَجَّ (ض) نَجًّا وَنَجِیْجًا الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ صفت نَجُوْج...... القَرْحَةُ: زخم سے مواد بہانا۔

نَجَّ (ن) نَجًّا الشَّیْءَ مِنْ فِیْهِ: منہ سے پھینکنا۔

نَجَأَهُ (ف) نَجْأً وَتَنَجَّأَهُ وَانْتَجَأَهُ: نظر بد لگانا۔

رَجُلٌ نَجُوْءُ العَیْنِ وَنَجُوْؤُهَا وَنَجِئُهَا وَنَجِیْئُهَا: بہت تیز نظر لگانے والا۔

نَجَأَةُ السَّائِلِ: مانگنے والے کی حریصانہ نظر۔

نَجُبَ (ک) نَجَابَةً الْوَلَدُ: شریف الاصل ہونا۔ قول وفعل میں لائق ستائش ہونا۔ صفت نَجِیْبٌ۔

نَجَبَ (ض ن) نَجْبًا وَنَجَّبَ وَانْتَجَبَ الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اتارنا۔ وَانْتَجَبَ الشَّیْءَ: چننا۔ برگزیدہ کرنا۔

اَنْجَبَ: شریف الاصل ہونا...... الرَّجُلُ: شریف بچوں کا باپ ہونا۔ بزدل بچے کا باپ ہونا اور کہا جاتا ہے "اَنْجَبَ بِهِ اَبَوَاهُ" اس کے والدین نے شریف بچہ جنا۔

اِسْتَنْجَبَ: شرفا کو طلب کرنا۔

اَلنَّجَبُ وَالنُّجَبَةُ: سخی۔ شریف۔ فیاض۔

اَلنَّجَبُ مِنَ الشَّجَرِ: چھال یا جڑ کی چھال۔

اَلنَّجَابَةُ: شرافت۔

اَلنَّجِیْبُ: شریف۔ شریف خاندان۔ ج اَنْجَابٌ وَنُجَبَاءُ وَنُجُبٌ مؤنث نَجِیْبَةٌ وَنَجِیَّةٌ۔ ج نَجَائِبُ۔ نَجَائِبُ الشَّیْءِ وَنَوَاجِبُهُ: کسی چیز کا مغز جس پر چھلکا نہ ہو۔ خالص۔

اَلْمِنْجَابُ (مذکر مؤنث) ج مَنَاجِیْبُ وَالْمُنْجِبُ ج مَنَاجِبُ مؤنث مُنْجِبَةٌ: شریف اولاد والا ہونا۔

اَلْمِنْجَابُ: ست وکمزور بغیر پر و پیکان کے تیر۔ کریلی۔

اَلْمَنْجُوْبُ: کشادہ برتن۔

نَجَثَ (ن) نَجْثًا وَتَنَجَّثَ عَنِ الْاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ تفتیش کرنا...... الشَّیْءَ: نکالنا۔ نَجَثَ القَوْمَ: قوم سے فریاد کرنا۔

تَنَاجَثَ القَوْمُ الْاَخْبَارَ: ایک دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔

اِنْتَجَثَ وَاسْتَنْجَثَ: نکالنا۔ اِسْتَنْجَثَ لِلشَّیْءِ: درپے ہونا۔

اَلنَّجْثُ وَالنُّجُثُ: دل کا غلاف۔ زرہ۔ مکان۔ ج اَنْجَاثٌ۔

رَجُلٌ نَجِثٌ: خبروں کی تلاش وجستجو رکھنے والا۔

اَلنَّجَّاثُ: امور کی کھود کرید کرنے والا۔

اَلنَّجِیْثُ: مخفی بھید۔ نشانہ۔ ست۔

اَلنَّجِیْثَةُ: بری خبر جو ظاہر ہو جائے۔ کوئیں اور جوہڑ کی مٹی۔

نَجَحَ (ف) نَجْحًا وَنُجْحًا وَنَجَاحًا الْاَمْرُ: آسان وسہل ہونا۔ نَجَحَتْ حَاجَةُ فُلَانٍ وَنَجَحَ فُلَانٌ بِحَاجَتِهِ: کامیاب وفتح مند ہونا۔

نَجَّحَهُ: کامیاب کرانا۔

اَنْجَحَ: کامیاب وفتح مند ہونا...... اللّٰهُ حَاجَتَهُ: حاجت پوری ہونا۔ صفت مُنْجِحٌ ج مَنَاجِحُ وَمَنَاجِیْحُ وَاَنْجَحَ فُلَانٌ بِالْبَاطِلِ: باطل پر غالب ہونا وَاَنْجَحَ الْبَاطِلَ بِفُلَانٍ: باطل کا غالب ہونا۔

تَنَجَّحَ الحَاجَةَ: وعدہ کرنے والے سے پورا کرنے کو کہنا۔

تَنَاجَحَتْ عَلَیْهِ اَحْلَامُهُ او مَسَاعِیْهِ: پے بہ پے درست ہونا۔

اِسْتَنْجَحَ فُلَانًا حَاجَتَهُ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔

اَلنَّجَاحُ وَالنُّجْحُ: مص۔ کامیابی۔

اَلنَّجَاحَةُ: صبر۔

اَلنَّاجِحُ: فا۔ سَیْرٌ نَاجِحٌ: سخت اور تیز چال۔

اَلنَّجِیْحُ: درست رائے۔ کہا جاتا ہے "رَاْیٌ نَجِیْحٌ" وہ شخص جس کی رائے درست ہو اور اس کے امور کامیاب ہوتے ہوں۔ صابر۔ مؤنث نَجِیْحَةٌ کہا جاتا ہے نَفْسٌ نَجِیْحَةٌ...... سَیْرٌ نَجِیْخٌ: تیز چال۔ مَكَانٌ نَجِیْخٌ: قریب جگہ۔

نَجَخَ (ف) نَجْخًا: فخر کرنا...... النَّوْءُ: بچھڑ کا جوش میں آنا...... السَّیْلُ: یکبارگی زور سے آنا۔

البَعِیْرُ: بدہضمی والا ہونا۔ صفت نَجِخٌ۔

البِئْرَ: کنواں کھودنا۔

تَنَاجَخَ الْمَوْجُ: موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَنَاجَخَا: باہم فخر کرنا۔

النَّاجِخُ: فا۔ کھانسنے والا۔ نَاجِخُ البَحْرِ: سمندر کا شور۔

النَّاجِخُ وَالنَّجُوْخُ: شور کرنے والا سمندر۔

سَیْلٌ نَاجِخٌ: بہت تیز بہاؤ کا سیلاب جو زمین کو کھود دے۔

نَاجِخَةُ الْمَاءِ وَنَجِیْخَةٌ: پانی کی آواز۔

النُّجَاخُ: کھانسنے والے کی آواز۔

نَجَخَاتُ الْمَاءِ: پانی کی بوچھاریں۔

النَّجِیْخَةُ: مکھن جو دودھ کے برتن میں کناروں پر چپک جائے۔

اِمْرَاَةٌ نَجَّاخَةٌ: وہ عورت جس کی اندام نہانی سے جماع کے وقت آواز نکلے اور بقول بعض وہ عورت جو جماع سے آسودہ نہ ہو۔

نَجَدَهُ (ن) نَجْدًا: مدد کرنا۔ غالب ہونا۔

نَجَدَ (ن) نُجُوْدًا الْاَمْرُ: واضح ہونا...... البَدَنُ عَرَقًا: بدن سے پسینہ بہنا...... الشَّیْءُ مِنَ الْاَرْضِ: نکلنا۔

نَجِدَ (س) نَجَدًا الرَّجُلُ: کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا۔ صفت نَجِدٌ۔ تھکنا۔ بلید ہونا۔

نُجِدَ نَجْدًا الرَّجُلُ: غمگین ہونا۔ صفت مَنْجُوْدٌ وَنَجِیْدٌ۔

النَّشَا : عمدہ خوشبو۔ بو۔ ج اَنْشَاء (...... والنَّشَاء) نشاستہ۔
النَّشَاةُ : خشک درخت۔ ج نَشًا۔
النَّشْوَةُ : اسم مرة۔ مستی یا ابتدائے مستی۔ بو۔
النِّشْوَةُ : تازہ خبر۔
النِّشْيَةُ : بو۔ ج نَشَايَا۔
النَّشْوَان : مست۔ مؤنث۔ نَشْوَى۔ ج نَشَاوَى۔
النَّشْيَان : پہلے پہل خبر کو معلوم کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَشْيَانٌ لِلْاَخْبَارِ او بِالْاَخْبَارِ"۔
نَصَّ (ن) نَصًّا الشَّئَ : بلند کرنا۔ نمایاں کرنا۔ حرکت دینا...... الْحَدِيثَ : حدیث کی سند بیان کرنا...... الرَّجُلَ : پوری طرح سے دریافت کرنا...... النَّاقَةَ : اونٹنی کو تیز دوڑانا...... الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا...... الْعَرُوسَ : دلہن کو حجلہ عروسی میں بٹھانا...... فُلَانٌ عُنُقَهُ : گردن اٹھانا...... الشَّئُ : ظاہر ہونا۔
نَصَّ (ض) نَصِيصًا الشِّوَاءُ عَلَى النَّارِ : بھوننے کے وقت آواز نکلنا۔ نَصَّتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَصَّصَ ونَاصَّ مُنَاصَّةً غَرِيمَهُ : قرض دار سے جھگڑا کرنا اور اصرار سے طلب کرنا۔
نَصَّصَ الْمَتَاعَ : سامان تہ بتہ رکھنا۔ نَصَّصَ فُلَانٌ : تصریح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
اِنْتَصَّ الشَّئُ : بلند ہونا۔ سیدھا ہونا۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ : کھڑا ہونا۔ سکڑنا۔ اِنْتَصَّتِ الْعَرُوسُ : دلہن کا حجلہ عروسی میں بیٹھنا

تَنَاصَّ الْقَوْمُ : ہجوم کرنا۔
النَّصُّ : مص۔ مصرح کلام۔ ج نُصُوص۔ والنَّصُّ مِنْ كُلِّ شَئٍ : انجام۔ انتہا۔
النَّصُّ مِنَ الْكَلَامِ : ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔
النُّصَّةُ : اسم مرة۔ مادہ چڑیا۔
النُّصَّةُ : ماتھے پر لٹکے ہوئے بال۔ ج نُصَص ونِصَاص۔
النَّصِيص : مص۔ نَصِيصُ الْقَوْمِ : لوگوں کی تعداد۔
الْمَنَصَّةُ : حجلہ عروسی۔ دلہن کے لئے آراستہ کیا ہوا کمرہ۔
الْمِنَصَّةُ : دلہن کے بٹھانے کی کرسی۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش۔ ج مَنَاصُّ اور کہا جاتا ہے "وُضِعَ فُلَانٌ عَلَى الْمِنَصَّةِ" یعنی فلاں کی بے عزتی کی گئی۔
النَّصَّاص : ناک کو حرکت دینے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَصَّاصُ الْاَنْفِ"۔
الْمَنْصُوصُ : مفع۔ تصریح شدہ۔ معین۔
نَصَاهُ (ف) نَصْوًا : پیشانی کے بال پکڑنا۔ الرَّجُلَ : ڈانٹنا۔ دفع کرنا۔
نَصَبَهُ (ض ن) نَصْبًا الْمَرَضُ او الْهَمُّ : تھکانا۔ تکلیف دینا۔ نَصَبَ الشَّئَ : بلند کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا...... الشَّجَرَةَ : پودہ لگانا...... لَهُ الْحَرْبَ : کسی سے لڑائی کی بنیاد رکھنا...... لَهُ الشَّرَّ : برائی ظاہر کرنا۔ لَهُ رَايًا : رائے دینا...... لِفُلَانٍ : دشمنی کرنا...... الْكَلِمَةَ : کلمہ کو زبر دینا یا زبر کے ساتھ پڑھنا...... الْاَمِيرُ فُلَانًا : کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا : تھکنا...... فِي الْاَمْرِ : کوشش کرنا۔
نَصَّبَ الشَّئَ : رکھنا۔ بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَّبَتِ الْخَيْلُ آذَانَهَا" گھوڑوں نے اپنے کان کھڑے کئے...... الْاَمِيرُ فُلَانًا : کسی کو عہدہ پر مقرر کرنا۔
اَنْصَبَ ...... : تھکانا۔ مقرر کرنا......

الْمَرَضُ : تکلیف دینا۔ النَّصَبُ الْمُحَدِّثُ : سند بیان کرنا...... السِّكِّينَ : چھری کا دستہ لگانا۔
نَاصَبَهُ مُنَاصَبَةً : دشمنی کرنا۔ مقابلہ کرنا...... هُ الْحَرْبَ او الْعَدَاوَةَ : لڑائی کا اعلان کرنا۔ دشمنی ظاہر کرنا۔
اِنْتَصَبَ : کھڑا ہونا۔ بلند ہونا...... الْحَرْفُ : حرف پر زبر ہونا...... الطَّاهِي : پکانے والے کا ہانڈی پر چڑھانا۔
تَنَصَّبَ : کھڑا ہونا...... الْغُبَارُ ونَحْوُهُ : بلند ہونا۔
تَنَاصَبُوا الشَّئَ : باہم تقسیم کرنا۔
النَّصْبُ : مص۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا۔ بلا۔ مرض۔ نتیجہ...... عِنْدَ النُّحَاةِ : ایک حرکت اعرابی کا نام اور اسی کے مقابلہ میں بنائی حرکت کو فتحہ کہتے ہیں۔ نَصْبُ الْعَرَبِ : ایک قسم کا راگ جو حدی کے مشابہ ہے۔
النِّصْبُ : حصہ (نصیب میں ایک لغت)۔
النَّصْبُ والنُّصْبُ : کھڑی کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُصْبُ عَيْنِي" یعنی یہ میری نگاہ کے سامنے ہے۔ نُصُب۔ ج اَنْصِبَةٌ : مرض۔ بلا۔ مصیبت۔ النُّصُبُ : ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے۔ نِصَاب کی جمع۔
الْاَنْصَاب : پتھر جو کعبہ کے اردگرد نصب کئے گئے تھے اور وہاں جانور غیر اللہ کے نام کا ذبح کرتے تھے۔
النَّصَبُ : مص۔ کھڑی کی ہوئی علامت۔ ج اَنْصَاب۔
النَّصِبُ : بیمار۔ مبتلاء درد۔
النَّصْبَةُ نَصْبٌ : کا اسم مرة۔ نصب کی علامت گاڑنے کے لئے پودہ۔
النِّصْبَةُ : گاڑنے کی نوعیت۔
النُّصْبَةُ : ستون وغیرہ جو راستہ بتانے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ ج نُصَب۔
النِّصَابُ : پارلیمنٹ میں بل پاس کروانے کے لئے کورم۔ (مقررہ تعداد)

المَنْصِبُ: اصل۔ مرجع۔ سورج غروب ہونے کی جگہ۔ ہر چیز کی ابتداء۔ چھری کا دستہ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج نُصُب.

النَّصِيْبُ: حصہ۔ حوض۔ نصب کیا ہوا پتھر ج اَنْصِبَة وانْصِبَاء. نُصُب.

النَّصِيْبَةُ: حوض کے اردگرد کا پتھر۔ ج نَصَائِب.

النَّاصِبُ: فا۔ تیز رفتار۔ ھَمٌّ نَاصِبٌ: تھکا دینے والا غم...... عِنْدَ النُّحَاة: نصب دینے والا عامل ج نَوَاصِب.

النَّصَّاب: ہر کام میں خود گھسنے والا۔

الاَنَاصِيْب والتَّنَاصِيْب: راستہ پر کھڑے کئے ہوئے نشانات۔

الاَنْصَب: سیدھے سینگوں والا۔ مؤنث نَصْبَاء. ونَاقَةٌ نَصْبَاء: ابھرے ہوئے سینہ والی اونٹنی۔

المَنْصِب: اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت اور اسی سے ہے مَنْصِب: بمعنی عہدۂ حکومت ج مَنَاصِب کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ مَنْصِب" یعنی فلاں کے لئے علو مرتبہ ہے۔

المِنْصَب: دیگدان آہنی۔ ج مَنَاصِب.

المَنْصَبَة: رنج و کلفت۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ ذُوْمَنْصَبَة" رنج و کلفت والی زندگی۔

المُنَصَّب: مفع۔ اَسْنَانٌ مُنَصَّبَةٌ: خوبصورت ترتیب وار دانت۔

المَنْصُوْب: مفع۔ وہ کلمات جن پر نصب ہو۔

المَنْصُوْبَة. المَنْصُوْب: کا مؤنث۔ حیلہ۔ کہا جاتا ہے "سَوّٰى لَهٗ مَنْصُوْبَةً" اس نے اس کے لئے حیلہ سوچا۔

نَصَتَ (ض) نَصْتًا وانْصَتَ وانْتَصَتَ لَهٗ: بات سننے کیلئے خاموش رہنا۔ اَنْصَتَهٗ: خاموش کرنا۔

تَنَصَّتَ: خاموش رہنے اور سننے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَنْصَتَ: خاموش کھڑا ہونا...... هٗ: خاموش رہنے کی درخواست کرنا۔

النُّصْتَة: خاموشی۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا ونُصْحًا ونَصَاحَةً ونِصَاحَةً ونَصَاحِيَةً. فُلَانًا وبِفُلَانٍ: نصیحت کرنا۔ مخلص ہونا۔ صفت نَاصِحٌ ج نُصَّاحٌ ونُصَّحٌ کہا جاتا ہے "لَا اُرِيْدُ مِنْكَ نُصْحًا وَلَا اِنْتِصَاحًا" یعنی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھ کو نصیحت کرو اور نہ مجھے ناصح سمجھو۔

نَصَحَ (ف) نَصْحًا ونُصُوْحًا الشَّيْءُ: خالص ہونا۔ صاف ہونا...... تَوْبَتَهٗ: پختہ توبہ کرنا...... العَمَلَ: خالص طریقہ سے کرنا...... العَسَلَ: شہد صاف کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا سینا...... الغَيْثُ البَلَدَ: اچھی طرح سے سیراب کر کے سبزہ زار کر دینا۔

نَاصَحَهٗ مُنَاصَحَةً: ایک دوسرے کو نصیحت کرنا...... نَفْسَهٗ بِالتَّوْبَةِ: خالص توبہ کرنا۔

اَنْصَحَ الرَّاعِيُ الاِبِلَ: سیراب کرنا۔

تَنَصَّحَ: بہت نصیحت کرنا۔ نصیحت کرنے والوں کے مشابہ ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اِنْتَصَحَ: نصیحت قبول کرنا...... فُلَانًا: خیر خواہ سمجھنا۔

اِسْتَنْصَحَهٗ: خیر خواہ سمجھنا۔

النِّصَاح: دھاگہ۔ سلک۔ ج نُصُحٌ ونِصَاحَةٌ.

النِّصَاحَات: چمڑے اس لئے کہ بعض کو بعض سے ملا کر سیتے ہیں۔ پھندے۔ واحد نِصَاحَة.

النَّاصِح: خالص شہد وغیرہ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَاصِحُ الجَيْبِ" یعنی صاف دل مرد۔

النَّاصِح والنَّصَّاح والنَّاصِحِيُّ: درزی۔

النَّصِيْح: خیر خواہ۔ نصیحت کرنے والا۔ ج نُصَحَاء.

النَّصُوْح: نصیحت کرنے والا (مذکر و مؤنث) تَوْبَةٌ نَصُوْحٌ: خالص توبہ۔

النَّصِيْحَة: اسم مصدر۔ اخلاص۔ خیر و صلاح کی طرف بلانا اور شر و فساد سے روکنا۔ ج نَصَائِح.

غُيُوْثٌ نَوَاصِحُ: لگاتار بارشیں۔

المِنْصَحُ والمِنْصَحَةُ: سوئی۔

المُتَنَصَّح: مفع۔ ثَوْبٌ مُتَنَصَّحٌ: پیوند لگا ہوا یا سلا ہوا کپڑا اور کہا جاتا ہے "اِنَّ فِيْ ثَوْبِهٖ مُتَنَصَّحًا" اس کے کپڑے میں سینے کی جگہ ہے۔

نَصَرَهٗ (ن) نَصْرًا: مدد کرنا...... هٗ مِنْ وعَلٰى عَدُوِّهٖ: دشمن سے نجات دلانا۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ الغَيْثُ الاَرْضَ: عالمگیر بارش ہونا۔

...... فُلَانًا: دینا۔

نُصِرَتِ الاَرْضُ: بارش ہونا۔

نَصَّرَهٗ: نصرانی بنانا۔

نَاصَرَهٗ مُنَاصَرَةً: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَنَصَّرَ: نصرانی ہونا۔ تَنَصَّرَ لَهٗ: مدد کی کوشش کرنا۔

تَنَاصَرَ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاصَرَتِ الاَخْبَارُ" یعنی خبروں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی۔

اِنْتَصَرَ: مدد کرنے میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے بچنا...... مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بدلہ لینا...... عَلٰى خَصْمِهٖ: غالب ہونا۔

اِسْتَنْصَرَهٗ: مدد طلب کرنا۔ اِسْتَنْصَرَ بِهٖ: فریاد کرنا...... فُلَانًا عَلٰى فُلَانٍ: کسی کے برخلاف مدد کرنے کی درخواست کرنا۔

النَّصْر: مص۔ مددگار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصْرٌ وقَوْمٌ نَصْرٌ" بمعنی رَجُلٌ نَاصِرٌ وقَوْمٌ نَاصِرُوْنَ جمع نَاصِرٌ کی جیسے رَكْبٌ: جمع رَاكِبٌ کی۔ النَّصْر بارش۔

النَّصْرَة: نصر کا اسم مرۃ۔ کامل بارش۔

النُّصْرَة: مدد اور بہترین اعانت۔ کامل بارش۔

النَّصْرَانِيُّ: شہر ناصرہ کی طرف منسوب۔ وہ

لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں ۔ ج نَصَارىٰ: مؤنث نَصْرَانِيَّة.

النَصْرَانِيَّة: نصاری کا دین ۔

النَصْرَان: نصرانی ۔ مؤنث نَصْرَانَة.

النَاصِر: فا ۔ ج نَاصِرُوْنَ ونُصَّار ونَصْر وأنْصَار والأنْصَار عَلَى الإطْلَاقِ: نبی کریم ﷺ کے مددگار جو باشندگانِ مدینہ طیبہ تھے ۔ اور نسبت کے لئے أنْصَارِيٌّ کہا جاتا ہے ۔ النَاصِر: وادی کی طرف بہنے کی نالی ۔ ج نَوَاصِر کہا جاتا ہے "مَدَّتِ الْوَادِي النَّوَاصِرُ" وادی کو نالیوں نے بڑھا دیا ۔

النَاصِرَة النَاصِر کا مؤنث ۔ و نَاصِرہ: ایک شہر کا نام جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے پیدائش تھی اور نسبت کے لئے نَاصِرِيٌّ.

النَصُوْر والنُصَر: مددگار ۔

النَصِيْر: مددگار ۔ ج نُصَرَاء وأنْصَار.

النَصِيْرَة النَصِيْر: کا مؤنث ۔ عطیہ ۔ ج نَصَائِر.

النُصَيْرِيَّة: غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں رہتے ہیں اور اپنے اعتقادات کو لوگوں سے چھپاتے ہیں ۔ واحد نُصَيْرِيٌّ.

النَاصُوْر: ناسور ۔ ج نَوَاصِير.

النَصَّار: بہت مدد کرنے والا ۔

الأنْصَر: غیر مختون ۔

المَنْصُوْر: مفع ۔ أرْضٌ مَنْصُوْرَةٌ: بارش شدہ زمین ۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا ونَصَاعَةً الشَّيْءُ: خالص ہونا (...... نُصُوْعًا) الأمْرُ: واضح ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ کہا جاتا ہے "نَصَعَ الْحَقُّ" یعنی حق ظاہر ہو گیا ...... اللَّوْنُ: بہت سفید ہونا ...... الشَّارِبُ: پیاسے کا پیاس بجھانا ...... الأمُّ بِہ: جننا ۔ کہا جاتا ہے "قَبَّحَ اللّٰهُ أُمًّا نَصَعَتْ بِہ" اللہ اس ماں کا برا کرے جس نے اس کو جنا ہے (...... وأنْصَعَ) بِالْحَقِّ: حق کا اقرار کر کے ادا کرنا ۔ أنْصَعَ لِلشَّرِّ: برائی کے درپے ہونا ۔

النَصْع والنِصْع والنُصْع: بہت سفید یا چمڑا یا کپڑا ۔

النِطَع: چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا تھا ۔

النَاصِع والنَصِيْع: خالص ۔ صاف ۔ کہا جاتا ہے "أصْفَرُ نَاصِعٌ أبْيَضُ نَاصِعٌ حَقٌّ نَاصِعٌ" خالص حق ۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ: خالص حسب ۔ کہا جاتا ہے أحْمَرُ نُصَاعٌ: یعنی خالص سرخ ۔ حُمْرَةٌ نَصَاعَةٌ: خالص سرخی ۔

المَنَاصِع: قضاء حاجت کے مقامات ۔ واحد مَنْصَع.

نَصَفَهُ (ن ض) نَصْفًا: آدھے تک پہنچنا ۔ کہا جاتا ہے "نَصَفْتُ عُمْرِيْ" میں اپنی آدھی عمر کو پہنچا ۔ "وَنَصَفْتُ الْكِتَابَ" میں آدھی کتاب تک پہنچا ۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا (...... نَصْفًا ونَصَافًا ونِصَافًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً) الرَّجُلَ: خدمت کرنا ۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا ونَصَافَةً ونِصَافَةً الشَّيْءَ: آدھا لینا ...... القَوْمَ: آدھا وصول کرنا ۔

...... الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: آدھا آدھا تقسیم کرنا ۔

...... القَدَحَ: پیالے سے آدھا پینا (نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا) النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا ۔

نَصَّفَ الشَّيْءَ: آدھا آدھا کرنا ۔ آدھا لینا ۔ النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا ...... رَأْسُ فُلَانٍ: سر کا آدھا سفید آدھا سیاہ ہونا ...... الرَّجُلُ: ادھیڑ عمر والا ہونا ...... الجَارِيَةَ: اوڑھنی اڑھانا ...... النَّخْلُ: کچھ سرخ کچھ سبز کھجوروں والا ہونا ۔

أنْصَفَ الشَّيْءُ: آدھے تک پہنچنا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا ...... الرَّجُلُ: انصاف ور ہونا ......

المُسَافِرُ: آدھے دن چلنا ...... المُتَخَاصِمَيْنِ: انصاف سے فیصلہ کرنا ...... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا ...... فُلَانًا: خدمت کرنا ...... المَاءُ الإنَاءَ: آدھے تک بھرنا اور کہا جاتا ہے "أنْصَفْتُ المَاءَ الإنَاءَ" آدھے تک برتن کو پانی سے بھر دیا ۔

نَاصَفَهُ مُنَاصَفَةً: آدھا آدھا بانٹنا ۔ نَاصَفَهُ المَالَ: آدھا مال دینا ۔

تَنَصَّفَ الأمِيْرَ: انصاف کرنے کی درخواست کرنا ۔ الشَّيْبُ فُلَانًا: تمام بال سفید ہونا ...... الرَّجُلَ: خدمت کرنا ...... فُلَانٌ فُلَانًا: خدمت کرانا ۔ بھلائی طلب کرنا ۔ مطیع ہونا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا اور کہا جاتا ہے "تَنَصَّفْنَاكَ بَيْنَنَا" یعنی ہم نے تم کو اپنے درمیان کر لیا ۔

اِنْتَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهُ: دن کا آدھے تک پہنچنا ...... سَهْمُهُ فِي الصَّيْدِ: تیر کا شکار کے جسم میں آدھا داخل ہونا ...... الشَّيْءَ: آدھا لینا ۔

تَنَصَّفَ وانْتَصَفَ مِنْ فُلَانٍ: انصاف چاہنا ۔ حق لینا ۔ بدلہ لینا ۔ تَنَصَّفَتْ وانْتَصَفَتِ الجَارِيَةُ: اوڑھنی اوڑھنا ۔

تَنَاصَفَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے انصاف کرنا ۔

اِسْتَنْصَفَ: انصاف کرنا ...... مِنْ فُلَانٍ: پورا حق وصول کرنا ۔

النِصْف بتثلیث النون: کسی چیز کا آدھا ۔ ج أنْصَاف.

النَصَف: درمیانی عمر والا ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَصَفٌ" ج نَصَفُوْن وأنْصَاف وامْرَأَةٌ نَصَفٌ ج نُصُفٌ ونُصْفٌ وأنْصَاف اور کہا جاتا ہے "إنَّ فُلَانَةَ لِعَلَى نَصَفِهَا" یعنی فلاں عورت آدھی جوانی پر ہے (...... والنَصَفَة) انصاف وعدل ۔

النِصْف وقَدْ تُثَلَّثُ النُّوْنُ: انصاف ۔ رَجُلٌ نِصْفٌ: درمیانی عمر یا قد والا اور اسی طرح کہا جاتا ہے "امْرَأَةٌ نِصْفٌ ورَجُلٌ او

نِسَاءٌ نِصْفٌ" واحد کی طاقت کے مونث واحد جمع سب میں مستعمل ہے۔

النَّصِيْفُ: آدھا۔ ہر وہ چیز جو سر کو چھپائے جیسے اوڑھنی اور عمامہ وغیرہ......مِنَ الْبُرُوْدِ: دو رنگوں والی چادر۔

النَّاصِفُ: قا۔ خادم ج نَصَفٌ ونَصَفَةٌ ونُصَّافٌ.

النَّاصِفَةُ: النَّاصِفُ: کا مؤنث۔ نَاصِفَةُ الْمَاءِ: نالی۔ ج نَوَاصِفُ.

النَّصْفَانُ مِنَ الْآنِيَةِ ونَحْوِهَا: نصف تک بھرا ہوا برتن۔ مؤنث نَصْفٰی.

الْأَنْصَفُ: بہت انصاف کرنے والا اور یہ اَنْصَفُ: اسم تفضیل خلاف قیاس ہے۔

الْمَنْصَفُ والْمَنْصِفُ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستے کا آدھا۔

الْمِنْصَفُ والْمَنْصَفُ: خادم۔ مؤنث۔ مِنْصَفَةٌ ج مَنَاصِفُ.

الْمُنَصَّفُ: مثع۔ شراب جس کو پکا کر آدھا کر دیا گیا ہو۔

مُنْتَصَفُ الشَّيْءِ ومَنْصَفُهُ: ہر چیز کا درمیان۔

الْمُتَنَاصِفُ مِنَ الرِّجَالِ: سڈول بدن کا مرد۔ مَكَانٌ مُتَنَاصِفٌ: برابر برابر اجزاء والی جگہ۔

نَصَلَ (ن) نَصْلاً السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا......السَّهْمُ: پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلاً ونُصُوْلاً مِنْ كَذَا: نکلنا۔ کہا جاتا ہے "نَصَلَ السَّهْمُ مِنْ نَصْلِهِ" تیر پیکان سے نکل گیا۔ "ونَصَلَتِ الْخَيْلُ مِنَ الْغُبَارِ" گھوڑے غبار سے نکل گئے "ونَصَلَ الطَّرِيْقُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا" راستہ فلاں جگہ سے نکل گیا۔ نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا......اللَّسْعَةُ او لَسْعَةُ: ڈنگ کا اثر اتر جانا۔ ونَصَلَ بِحَقِّي صَاغِرًا: نکالنا......مِنْ بَيْنِ الْجِبَالِ: ظاہر ہونا......النَّاقَةُ: اونٹوں سے آگے بڑھ جانا۔

نَصَّلَ وانْتَصَلَ السَّهْمَ: تیر میں پیکان لگانا وانْتَصَلَ السَّهْمَ: پیکان جدا کرنا۔ انْتَصَلَ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: نکالنا۔

تَنَصَّلَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ پسند کرنا......الرَّجُلَ: کسی کی ساری چیزیں لے لینا۔ تَنَصَّلَ إِلٰى فُلَانٍ مِنَ الْجِنَايَةِ: کسی کے پاس اپنے آپ کو بری کرنا......مِنْ كَذَا: نکلنا......اللِّحْيَةُ: داڑھی سے خضاب کا رنگ زائل ہونا...... كَمَدُ فُلَانٍ: رنج و غم زائل ہونا۔

اِنْتَصَلَ السَّهْمُ: پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ: نکلنا۔

اِسْتَنْصَلَهُ: نکالنا۔ اِسْتَنْصَلَتِ الرِّيْحُ الْيَبِيْسَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

النَّصْلُ: مص۔ پیکان۔ چاقو کا پھل اور بسا اوقات تلوار کو بھی نَصْل کہتے ہیں۔ ج نِصَالٌ و أَنْصُلٌ ونُصُوْلٌ ونَصْلُ الرَّأْسِ: سر کا بالائی حصہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِعْوَلٌ نَصِلٌ" کدال جس کا دستہ نکلا ہوا ہو۔

النَّصْلَانُ: پیکان اور بھالا۔

النَّصْلَةُ: ایک پیکان۔

النَّصِيْلُ: کلہاڑا۔ سر کا بالائی حصہ۔ تالو۔ ٹھوڑی کے نیچے گردن اور سر کا جوڑ۔ بھوسہ اور مٹی سے صاف۔ گیہوں۔ وادی کی ایک شاخ۔ نَصِيْلُ الْحَجَرِ: پتھر کی سطح۔ ج نُصُلٌ النَّصِيْلُ والْمِنْصَلُ والْمِنْصَالُ: لمبا پتھر جس سے کوٹنے کا کام لیا جائے۔

الْمُنْصُلُ والْمُنْصَلُ: تلوار۔ ج مَنَاصِلُ.

مُنْصِلُ الْأَسِنَّةِ ومُنْصِلُ الْإِلِّ: نام ماہ رجب کا۔

النَّصَمَةُ: تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ الْبَعِيْرُ: اٹھنے کے لئے دونوں زانو زمین میں لگانا......الشَّيْءَ: لانا......فِي مَشْيِهِ: چلنے میں جھومنا۔

حَيَّةٌ نَصْنَاصٌ: بہت حرکت کرنے والا سانپ۔

نَصَا يَنْصُوْ نَصْوًا وانْتَصَى الرَّجُلَ: پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَصَتِ الْمَاشِطَةُ الْمَرْأَةَ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ نَصَا فُلَانٌ الثَّوْبَ: اُتارنا۔ دور کرنا۔

نَاصَى نِصَاءً ومُنَاصَاةً الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے پیشانی کے بال پکڑنا۔ نَاصَى الشَّيْءُ الشَّيْءَ: متصل ہونا۔

تَنَصَّى الرَّجُلُ الْقَوْمَ: قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔ تَنَصَّتِ الْمَرْأَةُ: پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ تَنَصَّى الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: متصل ہونا۔

تَنَاصَى الْقَوْمُ: جھگڑے میں ایک دوسرے کے پیشانی کے بالوں کو پکڑنا......الْأَغْصَانُ ونَحْوُهَا: ٹہنیوں کا ہوا چلنے کے وقت قریب ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے اُلجھنا۔

النَّصْوُ: مص۔ پیٹ کا درد۔

النَّاصِيَةُ: پیشانی یا پیشانی کے بال جبکہ لمبے ہوں۔ ج نَوَاصٍ ونَاصِيَاتٌ اور کہا جاتا ہے "أَذَلَّ فُلَانٌ نَاصِيَةَ فُلَانٍ" یعنی فلاں نے فلاں کی اہانت کی۔ نَوَاصِي النَّاسِ: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔ عمائد.

الْمُنْتَصَى: دو وادیوں کے ملنے کی جگہ۔ دو وادیوں کے بالائی حصہ کے ملنے کی جگہ۔

أَنْصَى إِنْصَاءً الْمَكَانُ (یائی) بہت نصی والی ہونا (دیکھئے لفظ نَصِيٌّ)

اِنْتَصَى اِنْتِصَاءً الشَّعْرُ: بال کا طویل ہونا۔ ......الْجَبَلُ او الْأَرْضُ: پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا......الشَّيْءَ: چننا۔

النَّصِيُّ: ایک عمدہ قسم کا چارہ۔ واحد نَصِيَّةٌ ج أَنْصَاءٌ جج أَنَاصٍ. النَّصِيُّ: گردن کی ہڈی ج أَنْصِيَةٌ.

النَّصِيَّةُ: بمعنی نَصِيٌّ......مِنَ الْقَوْمِ او الْإِبِلِ وَغَيْرِهَا: برگزیدہ و عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ نَصِيَّتِي" یہ میرا عمدہ مال ہے۔ النَّصِيَّةُ: بقیہ۔ ج نَصِيٌّ وجج أَنْصَاءٌ وأَنَاصٍ.

نَضَّ (ض) نَضًّا ونَضِيْضًا الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا یا رسنا۔ نَضَّ مَالُهُ: سامان کے بعد نقدی ہونا......الشَّيْءَ: ظاہر کرنا......الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندوں کا بازو...... کو ملانا......

العُودُ: لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا......القِرْبَةُ مِنْ شِدَّةِ المَلا: مشک کا زیادہ بھر جانے سے پھٹنا۔
نَضَّ (ض) نَضِيضًا الأمْرُ: ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَانَضَّ بِيَدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ" یعنی مجھ کو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ "وَخُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ" قرض یا قیمت سے جو کچھ آسانی سے جلدی وصول ہو لے لو۔
نَضَّضَ الرَّجُلُ: بہت درہم و دینار والا ہونا ......الشَّيْءَ: ہلانا۔
أنَضَّ وتَنَضَّضَ الحَاجَةَ: پورا کرنا۔
تَنَضَّضَ واسْتَنَضَّ حَقَّهُ مِنْ فُلانٍ: تھوڑا تھوڑا کر کے وصول کرنا۔ تَنَضَّضَ فُلانًا: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ اسْتَنَضَّ المَعْرُوفَ او الخَبَرَ: تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔
النَّضُّ: مص۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَخْلَصَهُ مِنْهُ نَضًّا" اس نے اس سے نقد حاصل کیا۔ اَمرِ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "أتَى بِأمْرٍ نَضٍّ" اس نے امر مکروہ کیا۔ رَجُلٌ نِضُّ اللَّحْمِ: کم گوشت والا آدمی۔
النَّاضُّ: فا۔ درہم و دینار۔ کہا جاتا ہے "أمْرٌ نَاضٌّ" یعنی امر ممکن "وَمَاءٌ نَاضٌّ" دیر تک باقی رہنے والا پانی۔
النِّضَاضُ: تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا۔
النُّضَاضَةُ مِنَ المَاءِ وَغَيْرِهِ: بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ نُضَاضَةُ الرَّجُلِ: مرد کا آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نُضَاضَةُ أبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کا آخری لڑکا ہے۔
النَّضَّاضُ: اسم مبالغہ مؤنث نَضَّاضَةٌ۔
بِئْرٌ نَضُوضٌ: کنواں جس سے پانی تھوڑا تھوڑا نکلے۔
النَّضِيضُ: مص۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ج نِضَاضٌ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ نَضِيضُ اللَّحْمِ کم گوشت والا مرد۔ "وَجَاءَ القَوْمُ بِأقْصَى نَضِيضِهِمْ" قوم اپنی انتہائی جماعت تک کو لائی۔

النَّضِيضَةُ: تھوڑی بارش۔ ج أنِضَّةٌ ونَضَائِضُ اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِأقْصَى نَضِيضَتِهِمْ" لوگ آخری جماعت تک لائے "وَإبِلٌ نَضِيضَةٌ ونَضَائِضُ" پیاسے اونٹ جو سیراب نہ ہوں۔
النَّضَائِضُ: گرم پتھر پر گوشت بھوننے کی آواز۔ واحد نَضِيضَةٌ۔
نَضَبَ (ن) نَضْبًا المَاءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ نَضَبَ عُمْرُهُ: ختم ہونا۔
نَضَبَ (ن ض) نُضُوبًا المَاءُ: پانی کا زمین میں اترنا۔ خشک ہونا......عَنِ الشَّيْءِ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے نَضَبَ عَنْهُ البَحْرُ: یعنی پانی خشک ہو گیا......الخَيْرُ: کم ہونا...... عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ نَضَبَتِ المَفَازَةُ: بیابان کا دور ہونا۔
نَضَبَ القَوْمُ: دور ہونا......فُلانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَبَ مَاءُ وَجْهِهِ" یعنی وہ بے شرم ہوا......فُلانٌ الثَّوْبَ: کپڑا اتارنا۔
نَضَّبَ المَاءُ: پانی کا زمین میں جذب ہونا۔
نَضَّبَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
أنْضَبَ القَوْسَ: کمان سے آواز نکلنے کے لئے تانت کو کھینچنا۔
النَّاضِبُ: فا۔ غَدِيرٌ نَاضِبٌ: خشک شدہ تالاب۔ مَكَانٌ نَاضِبٌ: دور کی جگہ ج نُضَّبٌ۔
التَّنْضُبُ: ایک خاردار درخت جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور دیکھنے میں خشک معلوم ہوتی ہے اگرچہ تر ہی کیوں نہ ہو اور اس درخت پر گرگٹ بہت رہتے ہیں۔ ج تَنَاضِبُ۔
نَضِجَ (س) نَضْجًا الثَّمَرُ او اللَّحْمُ: پھل یا گوشت کا پکنا۔ صفت نَاضِجٌ ونَضِيجٌ (...... ونَضَجَتْ) النَّاقَةُ بِوَلَدِهَا: اونٹنی کا وقت ولادت گزار دینا اور بچہ نہ دینا۔
أنْضَجَ الثَّمَرَ او اللَّحْمَ: پھل یا گوشت پکانا۔
اسْتَنْضَجَ الكُرَاعَ [illegible] الشَّاةِ: بکری کے پائے پکانا۔

النُّضْجُ والنَّضْجُ: پختگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَضِيجُ الرَّأْيِ" یعنی وہ مضبوط رائے والا ہے "وَأمْرٌ مُنْضَجٌ" مضبوط معاملہ۔
المِنْضَاجُ: گوشت بھوننے کی سیخ۔
نَضَحَ (ف ض) نَضْحًا البَيْتَ بِالمَاءِ: پانی چھڑکنا......عَلَيْهِ المَاءَ: پانی چھڑکنا ......الجِلْدَ: کھال تر کرنا......عَطَشَهُ: پیاس بجھانا۔ آسودگی سے کم پینا......البَعِيرُ المَاءَ: کھیت میں ڈالنے کے لئے نہر یا کنوئیں سے لانا......فُلانًا بِالنَّبْلِ: تیر اندازی کرنا۔
نَضَحَ عَنْ نَفْسِهِ: مدافعت کرنا۔ نَضَحَ الزَّرْعُ: کھیتی کا دانہ دار ہونا......الشَّجَرُ: پتے نکلنے کے لئے پھٹنا......النَّخْلَ: پانی لانے والی اونٹنی سے پانی لا کر سیراب کرنا۔
نَضَحَ (ف) نَضْحًا وتَنْضَاحًا الإنَاءُ: برتن کا ٹپکنا......الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔
نَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا......[illegible] القَوْمُ: برسانا۔
أنْضَحَ الزَّرْعُ او الشَّجَرُ بمعنی نَضَحَ ...... عِرْضَ فُلانٍ: آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔
نَاضَحَ مُنَاضَحَةً عَنْ كَذَا: مدافعت کرنا۔
انْتَضَحَ المَاءُ عَلَيْهِ: پانی چھڑکا جانا...... واسْتَنْضَحَ المُتَوَضِّئُ: وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا۔
تَنَضَّحَتْ وانْتَضَحَتِ العَيْنُ: آنسو بہانا۔
انْتَضَحَ مِنْ كَذَا: بیزار ہونا۔
النَّضْحُ: مص۔ پانی وغیرہ کا چھڑکاؤ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کیا جائے۔ النَّضُوحُ: ہر وہ چیز جو پانی کی طرح رقیق ہو۔ ج نُضُوحٌ وأنْضِحَةٌ۔
النَّضَحُ: حوض۔ ج نُضُوحٌ وأنْضَاحٌ۔
النَّضِيحُ: حوض۔ پسینہ۔ ج نُضُحٌ۔
النَّاضِحُ: فا۔ اونٹ جس پر پانی سیراب کرنے کے لئے لایا جائے۔ مؤنث نَاضِحَةٌ۔ ج نَوَاضِحُ: بارش۔ پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ۔

النَّضَّاح: اسم مبالغہ۔ درختوں کو سیراب کرنے والا۔ سیراب کرنے والے اونٹوں کو ہانکنے والا۔ مؤنث نَضَّاحَة قَوْسٌ نَضَّاحَةٌ بِالنَّبْلِ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النَّضُوح: ایک قسم کی خوشبو۔ قِرْبَةٌ نَضُوْحٌ: مشک جس سے پانی رستا ہو۔ قَوْسٌ نَضُوْحٌ ونَضِيْحَةٌ: اچھی طرح تیر پھینکنے والی کمان۔

النِّضَاح: پسینہ۔

المِنْضَحَة والمَنْضَحَة: پانی چھڑکنے کا آلہ۔ ہزارہ۔

نَضَحَهُ (ف) نَضْحًا: چھڑکنا۔ تر کرنا اور کہا جاتا ہے "نَضَحَ النَّبْلَ وبِالنَّبْلِ فِي الْعَدُوِّ" اس نے دشمنوں میں تیر کی بوچھاڑ کی۔

نَضَخَ (ف) نَضْخًا ونَضَخَانًا المَاءُ: پانی کا چشمے سے اُبلنا۔

نَاضَخَهُ مُنَاضَخَةً ونِضَاخًا: ایک دوسرے پر چھڑکنا۔

اِنْضَخَ وانْضَاخَ عَلَيْهِ المَاءُ: پانی کا گرنا۔

اِنْتَضَخَ المَاءُ: پانی چھڑکا جانا۔

النَّضْخ: مص۔ خوشبو کا نشان جو کپڑے میں باقی رہ جائے۔

النَّضْخَة: بوچھار۔

النَّضَّاخ: موسلا دھار بارش۔ عَيْنٌ نَضَّاخَةٌ: اُبلنے والا پانی۔

المِنْضَخَة: پانی چھڑکنے کا آلہ ج مَنَاضِخ: عوام اسے مَرَشَّة یا رَشَّاشَة: کہتے ہیں۔

نَضَدَ (ض) نَضْدًا ونَضَّدَ. المَتَاعَ: سامان ترتیب سے رکھنا یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعول مَنْضُوْد ونَضِيْد ومُنَضَّد اور کہا جاتا ہے رَأْيٌ مُنَضَّد: یعنی مضبوط رائے۔

تَنَضَّدَتِ الْأَسْنَانُ ونَحْوُهَا: دانتوں کا ترتیب سے ہونا۔

اِنْتَضَدَ القَوْمُ بِمَكَانِ كَذَا: جمع ہونا۔ اور ٹھہرنا۔

النَّضَد: ترتیب سے رکھا ہوا ڈھیر لگایا ہوا سامان عامّة۔ تخت۔ تہ بتہ بادل۔ عزت و شرافت۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِی فُلَانٍ نَضَدٌ" فلاں کے بیٹوں کے لئے شرافت ہے۔ شریف۔ ج أَنْضَاد. أَنْضَادُ الْقَوْمِ: لوگوں کی جماعت اور ان کی تعداد۔ أَنْضَادُ الرَّجُلِ: مرد کے شریف چچا اور ماموں۔ أَنْضَادُ الْجِبَالِ او السَّحَابِ: تہ بتہ پہاڑ یا بادل (...... والنَّضُوْد) موٹی اونٹنی۔ ج أَنْضَاد ونُضُد.

النَّضِيْدَة: بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نَضَائِد.

المِنْضَدَة: گھر کے سامان وغیرہ رکھنے کا ٹھیل۔

نَضَرَ (ن) ونَضِرَ (س) ونَضُرَ (ک) نَضْرًا و نَضْرَةً ونَضَرًا و نُضُوْرًا و نَضَارَةً الوَجْهُ او اللَّوْنُ او الشَّجَرُ وغَيْرُهَا: شگفتہ ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ صفت نَاضِرٌ ونَضِرٌ ونَضِيْرٌ.

نَضَرَهُ (ن) نَضْرًا ونَضَّرَهُ اللّٰهُ: تروتازہ بنانا۔

أَنْضَرَ: تروتازہ ہونا...... الشَّجَرُ: درخت کا سرسبز ہونا۔ أَنْضَرَهُ اللّٰهُ: تروتازہ بنانا۔

اِسْتَنْضَرَ الشَّيْءَ: تروتازہ پانا یا سمجھنا۔

النَّضْر ج أَنْضَار وأَنْضُر و النُّضَار والنَّضِيْرُ والأَنْضُر: چاندی۔ سونا۔ عموماً سونے کے لئے مستعمل ہے۔ النُّضَار: ہر چیز کا خالص۔ سونے کا خالص جوہر۔

النُّضَار والنِّضَار: جھاؤ کا درخت اور بقول بعض سیدھی ٹہنیوں والا لمبا جھاؤ کا درخت برتن بنانے کے لئے بہترین لکڑی۔ کہا جاتا ہے "قَدَحُ نُضَارٍ" یعنی عمدہ لکڑی کا بنا ہوا پیالہ۔

النَّاضِر: خوبصورت۔ نرم و نازک۔ کیچڑ۔ النَّاضِرُ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ: گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے أَحْمَرُ نَاضِرٌ و أَخْضَرُ نَاضِرٌ.

النَّضْرَة: نرمی و نازکی۔ خوبصورتی و رونق۔ دولت مندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔ کہا جاتا ہے "تَعْرِفُ فِي وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ" یعنی ان کے چہروں میں نعمت کی رونق معلوم ہوتی ہے۔

النَّضَارِيَّة: پتے کھانے والے کیڑے جن کے رنگ چمکیلے ہوتے ہیں۔

نِضْرُ الرَّجُلِ: مرد کی بیوی۔

نَضَفَ (ض ن) نَضْفًا ونَضِفَ (س) نَضَفًا وانْتَضَفَ الفَصِيْلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تمام دودھ پی جانا۔

نَضَفَهُ (ن) نَضْفًا: خدمت کرنا۔ نَضَفَ الحِمَارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

أَنْضَفَ الجَمَلُ: اُونٹ کا دلکی چلنا...... الرَّجُلُ: ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا...... الجَمَلَ: اُونٹ کو دلکی چلانا۔

النَّضْف: مص۔ جنگلی پودینہ۔

النَّضَفَان: دلکی چال۔

النَّضِف والنَّضِيْف: ناپاک۔

النَّاضِف: فا (...... والمِنْضَف) بہت گوز کرنے والا۔ ج مَنَاضِف.

نَضَلَهُ (ن) نَضْلًا: تیر اندازی میں سبقت کرنا۔ تیر اندازی ہی میں غالب ہونا۔

نَضِلَ (س) نَضَلًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا دبلا ہونا۔ تھکنا۔

نَاضَلَهُ نِضَالًا ونِيْضَالًا ومُنَاضَلَةً: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ نَاضَلَ عَنْهُ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

أَنْضَلَهُ: لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تَنَضَّلَهُ: نکالنا۔

اِنْتَضَلَهُ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَضَلَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهِ" اس نے تیر کو ترکش سے نکالا۔ اِنْتَضَلَ رَجُلًا مِنَ القَوْمِ او سَهْمًا مِنَ الكِنَانَةِ: انتخاب کرنا۔ چننا۔ اِنْتَضَلَتِ الإِبِلُ فِي السَّيْرِ: چلنے میں اگلی ٹانگوں کو آگے پھینکنا۔

اِنْتَضَلَ وتَنَاضَلَ القَوْمُ: تیر اندازی میں مقابلہ کرنا۔ باہم فخر کرنا۔

المُنَاضِل: فا تیر اندازی میں غالب۔ ج

نِضَال۔
النِضِل: مصیبت۔ بلا وسختی۔
تَضَنضَ الرَّجُلُ: بہت روپے پیسے والا ہونا ......لِسَانَهُ: حرکت دینا......هُ: جلا و رنج کرنا۔
النَضنَاض والنَضنَاضَة مِنَ الحَيَّاتِ: زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ میں نہ رہنے والا سانپ۔ فی الفور ہلاک کرنے والا سانپ۔
نَضَا يَنضُو نَضوًا. السَّيفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا......الثَّوبَ عَنهُ: کپڑا اتارنا......الرَّجُلُ مِنْ ثَوبِهِ: ننگا کرنا ......البِلَادَ: طے کرنا۔ نَضَا الجُرحُ: زخم کی سوجن اترنا......المَاءُ: پانی کا جذب ہونا ......السَّيفُ: تلوار کا پار ہونا(...... نَضوًا ونُضِيًّا) الفَرَسُ الخَيلَ: آگے بڑھ جانا (...... نَضوًا ونُضُوًّا) الخِضَابُ: رنگ اتر جانا۔
اَنضَى اِنضَاءً البَعِيرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔ الثَّوبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا......فُلَانًا: دبلا جانور دینا۔
نَضَّى تَنضِيَةً. ثَوبَهُ عَنهُ: کسی کا کپڑا اتارنا۔
تَنَضَّى البَعِيرَ: اُونٹ کو دبلا کرنا۔
اِنتَضَى اِنتِضَاءً السَّيفَ: تلوار کو میان سے سونتنا......الثَّوبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔
النِضو: دبلا جانور مؤنث نِضوَةٌ: بوسیدہ کپڑا۔ کثرت تیر اندازی کی وجہ سے خراب شدہ تیر۔ باریک تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج اَنضَاء.
النُضَاوَة مِنَ الخِضَابِ: چھڑایا ہوا خضاب۔ کہا جاتا ہے "اَعطِنِي نُضَاوَةَ حِنَّائِكَ" عضو سے حنا کے چھڑائے ہوئے کو مجھے دو۔
النَضِي: دبلا جانور۔ بغیر پیکان اور پر کے تیر ......مِنَ السَّهمِ: پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ ج اَنضِيَة.
نَضِي يَنضِيُ نَضيًا السَّيفَ: تلوار سونتنا

الثَّوبَ: کپڑا اتارنا(...... وَاَنتَضَى وَانتَضَى) الثَّوبَ: کپڑا بوسیدہ کرنا۔ پرانا کرنا۔
نَطَّ(ن) نَطًّا الشَّيءَ: باندھنا۔ کھینچنا۔
نَطَّ(ض) نَطًّا: بکواس کرنا......فِي الاَرضِ جانا(...... نَطِيطًا) بھاگنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔
النَطَّاط: بک بک کرنے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ کودنے والا۔ لغو دعوی کرنے والا۔
النَطِيط: مص۔ مَكَانٌ نَطِيطٌ: دُور کی جگہ۔
اَرضٌ نَطِيطَةٌ: دُور والی زمین۔
عَقَبَةٌ نَطَّاءُ: دُور کی گھاٹی۔
الانَطّ: دُور کا سفر۔ ج نُطُط.
نَطَبَهُ(ن) نَطبًا وَانتَطَبَهُ: انگلی سے کان پر مارنا۔
نَاطَبَهُ مُنَاطَبَةً: برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرنا۔
اَنطَبَ اُذُنَهُ: انگلی سے کان پر مارنا۔
النَاطِبَة: چھننے کا سوراخ۔ ج نَوَاطِب.
النِطَاب: سر۔ گردن کی رگ۔
المِنطَب والمِنطَبَة: چھننا۔
المَنطَبَة: بے وقوف۔
نَطَحَهُ(ف ض) نَطحًا الثَّورُ وَنَحوُهُ: بیل کا سینگوں سے مارنا۔ نَطَحَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَاطَحَهُ نِطَاحًا وَمُنَاطَحَةً: سینگوں سے مارنا۔
اِنتَطَحَ وَتَنَاطَحَ الكَبشَانِ: مینڈھوں کا ایک دوسرے کو سینگ مارنا۔ تَنَاطَحَتِ الاَموَاجُ او السُّيُولُ: موج یا سیلاب کا آپس میں ٹکرانا۔
النَاطِح: فا۔ پرند یا وحشی جانور جو سامنے سے آئے اور یہ "قَعِيد" کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ نَاطِح سے مراد بھیڑ [illegible]

منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَطح: مص۔ منازل قمر میں سے دو ستاروں کا نام۔
النَوَاطِح: سختیاں۔
النَطحَة. نَطح: کا اسم مرۃ۔ لڑائی۔
النَطِيح: سینگ مارا ہوا۔ سینگ مارنے سے مرا ہوا۔ منحوس۔ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں۔ مؤنث نَطِيحَة. ج نَطحَى ونَطَائِح.
النَطَّاح: بہت سینگ مارنے والا۔ سینگ مارنے کا عادی۔
نَطَرَ(ن) نَطرًا ونِطَارَةً. الكَرمَ او الزَّرعَ: انگور یا کھیت کی نگہبانی کرنا۔ باغبانی کرنا۔
النِطَارَة: مص۔ باغبانی کا پیشہ۔
النَاطِر والنَاطُور: باغبان۔ انگور یا کھیت کا نگہبان۔ ج نُطَّار ونَطَرَة ونَوَاطِير ونُطَرَاء.
النُطَّار: اُچکا (جو کھیت میں پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)
نَطرُونَ: بورہ ارمنی۔
اَلنَاطُورُ: الماس کا زیور جو عورتیں پیشانی پر سجاتی ہیں۔
نَطِسَ(س) نَطَسًا: عالم ہونا۔ ماہر ہونا۔
تَنَطَّسَ: گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنا۔ امور میں غور و فکر کرنا اور خوب تحقیقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَطَّسَ الاَخبَارَ وعَنِ الاَخبَارِ" یعنی اس نے تحقیقات کی۔
النَطُس والنَطِس والنَطُس: عالم گفتگو اور لباس وغیرہ میں احتیاط کرنے والا۔
النَطِيس والنِطَاسِي والنَطَاسِي: عالم۔ ماہر طبیب۔
النُطُس: ماہر اطباء۔
النُطَسَة: بہت احتیاط کرنے والا۔
النَاطِس: جاسوس۔
نُطِعَ نَطعًا وَانتُطِعَ وَاستُطِعَ لَونُهُ: رنگ

متغیر ہونا۔
تَنَطَّعَ فِی الْکَلَامِ: غلو کرنا۔ تکلف سے بولنا۔ ......فِیْ شَهَوَاتِهٖ: مبالغہ کرنا۔ ......فِیْ عَمَلِهٖ: ماہر ہونا۔ ......الرَّجُلُ: چمڑے کے دسترخوان پر کھانا رکھنا۔ خوب سیر ہو کے کھانا۔

النَّطْعُ والنِّطْعُ والنَّطَعُ والنِّطَعُ: چمڑے کا فرش جو مجرم کو قتل کرنے کے لئے بچھایا جائے۔ ج اَنْطَاع و نُطُوْع۔

النِّطْعُ والنِّطَعُ: تالو کا اگلا حصہ جس میں شکن جیسا ہوتا ہے۔ ج نُطُوْع اور اسی سے حروف بِطَلِیہ ت د ط ہیں۔

النُّطُعُ: گفتگو میں بتکلف فصاحت ظاہر کرنے والا۔

النَّاطِعُ: خالص رنگ۔ کہا جاتا ہے بیاض ناطع۔

نِطَاعُ الْقَوْمِ: قوم کی زمین۔ قوم کا علاقہ۔ کہا جاتا ہے "وَطِئْنَا نِطَاعَ بَنِیْ فُلَانٍ" ہم نے بنی فلاں کے علاقے کو طے کیا۔

النَّطَّاعُ: کلام میں بہت غلو کرنے والا۔ جلد ساز۔ ہوشیاری سے کھانے کو دسترخوان پر چننے والا۔ ج نَطَّاعُوْن۔

النَّطَاعَةُ: لقمہ جس کا نصف حصہ کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے۔

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا وتَنْطَافًا ونَطَفَانًا ونِطَافَةً۔ الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا پانی بہنا۔ ......الْقِرْبَةُ: مشک کا ٹپکنا۔ ......الْمَاءَ: پانی بہانا۔

نَطَفَهٗ ونَطَّفَهٗ وانْطَفَهٗ: بدکاری کی تہمت لگانا۔ عیب لگانا۔ نَطَّفَ الْمَرْأَةَ: عورت کے کان میں بالی پہنانا۔

نَطِفَ (س) ونَطُفَ نَطَفًا ونَطَافَةً ونُطُوْفَةً: عیب دار ہونا۔ عیب و بدکاری کا الزام لگایا جانا۔ نَطِفَ الشَّیْءُ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ نَطِفَ الرَّجُلُ: بدہضمی والا ہونا۔

تَنَطَّفَ الرَّجُلُ: عیب دار ہونا۔ ......مِنْ کَذَا: پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ تَنَطَّفَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا بالی پہننا۔

النَّطَفُ: مص۔ عیب۔ برائی۔ فساد۔

النُّطْفَةُ: صاف پانی۔ تھوڑا یا زیادہ۔ سمندر۔ مرد یا عورت کا نطفہ۔ ج نِطَاف ونُطَف (...... والنُّطَافَةُ) تھوڑا پانی جو ڈول یا مشک میں باقی رہ جائے۔ النُّطَافَةُ: ہر وہ چیز جو کسی چیز سے ٹپکے۔

النُّطْفَتَانِ: دو سمندر (بحر روم و بحر چین یا بحر مشرق و بحر مغرب)

النُّطْفَةُ والنُّطَفَةُ: بالی۔ آبدار موتی ج نُطَف۔

النَّطِفُ: پلید۔ شکی آدمی۔

النَّطُوْفُ: بارش والی۔ کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ نَطُوْفٌ" صبح تک بارش والی رات۔

النَّاطِفُ: ریوڑی۔ گُد۔

النَّاطِفِیُّ: ریوڑی بیچنے والا۔

نَطَقَ (ض) نَطْقًا ومَنْطِقًا ونُطُوْقًا: بولنا ......الْکِتَابُ: واضح بیان کرنا۔

نَطَّقَهٗ: گفتگو کرانا۔ کسی کو پٹکا باندھنا۔ کسی کی کمر میں پٹکا باندھنا۔ نَطَّقَ الْمَاءُ الْاَکَمَةَ وَغَیْرَهَا: پانی کا ٹیلے کے وسط تک پہنچنا۔

نَاطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔

اَنْطَقَهٗ: گفتگو کرانا۔

تَنَاطَقَا الرَّجُلَانِ: باہم گفتگو کرنا۔

تَنَطَّقَ وانْتَطَقَ وتَمَنْطَقَ: کمر میں پٹکا باندھنا ......الْمَرْأَةُ: عورت کا کمر میں پٹکا باندھنا ......الْاَرْضُ بِالْجِبَالِ: پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا۔ اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ: طاقتور و قوی ہونا۔ ......الرَّجُلُ: گفتگو کرنا۔ علم منطق حاصل کرنا ......فَرَسَهٗ: بغیر سوار ہوئے کھینچنا۔

اِسْتَنْطَقَهٗ: گفتگو کرنا۔ بولنے کو کہنا۔

النُّطْقُ: مص۔ اس کا استعمال نطق خارجی یا ظاہری یعنی گفتگو پر بھی ہوتا ہے اور نطق داخلی یا باطنی یعنی فہم و ادراک کلیات پر بھی۔

النَّطْقَةُ۔ نطق: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نَطَقَ نَطْقَةً وَاحِدَةً" وہ ایک ہی بول بولا۔

النَّطِقُ: بولنے والا۔

النِّطَاقُ: کمربند۔ شل کہا جاتا ہے "[illegible]
فُلَانٌ حِبْکُ النِّطَاقِ" یعنی فلاں شخص جانے کے لئے یا کام کرنے کے لئے مستعد ہوا۔ النِّطَاقُ: کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو عورتیں کمر پر باندھتی ہیں اور اس کا بالائی حصہ نچلے حصہ پر اور نچلا حصہ زمین تک لٹکتا رہتا ہے۔ ج نُطُق۔

نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ: جوزا کے درمیان کے تین ستارے جن کو عرب نظم بھی کہتے تھے اور یہ انتظام و التام کے لئے ضرب المثل ہے۔

النِّطَاقَةُ: پرچہ۔ پرزہ۔ اس وجہ سے کہ وہ لکھے ہوئے کو بتلاتا ہے۔

النَّاطِقُ: فا۔ عرب کا قول "اَلْاِنْسَانُ حَیَوَانٌ نَاطِقٌ" یعنی انسان عاقل ہے۔ کِتَابٌ نَاطِقٌ: واضح کتاب۔

النَّاطِقَةُ۔ النَّاطِقُ: کا مؤنث۔ کمر۔ النَّفْسُ النَّاطِقَةُ: نفس انسانی۔

الْمَنْطِقُ: مص۔ گفتگو اور کبھی انسان کے علاوہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ مَنْطِقَ الطَّیْرِ: علم المنطق: ایک علم عملی کا نام جس کو میزان بھی کہتے ہیں اور یہ وہ علم ہے جو ذہن کو خطاء فی الفکر سے بچائے۔

الْمَنْطِقِیُّ: علم منطق جاننے والا۔

الْمِنْطَقُ والْمِنْطَقَةُ: پٹکا جو کمر پر باندھا جائے۔ ج مَنَاطِق اور مِنْطَقَة سے فعل کا اشتقاق کیا ہے۔ کہتے ہیں تَمَنْطَقَ: بمعنی پٹکا باندھنا جیسے مِدْرَعَةٌ سے تَمَدْرَعَ اور مِنْدِیْلٌ سے تَمَنْدَلَ۔

تَمَنْطَقَ: علم منطق حاصل کرنا اور اسی سے بعض کا قول ہے "مَنْ تَمَنْطَقَ فَقَدْ تَزَنْدَقَ" جس نے علم منطق سیکھا وہ زندیق ہو گیا۔ مِنْطَقَةُ الْجَوْزَاءِ: تین ستاروں کے نام اور مِنْطَقَةُ الْعَوَّاءِ: ایک دوسرے ستارے کا نام ہے۔

الْمِنْطِیْقُ والنِّطِّیْقُ: بلیغ۔

الْمُنَطَّقُ: مفع پٹکا باندھنے کی جگہ۔ الْمُنَطَّقَةُ مِنَ الْمَعْزِ: کمر میں سفیدی والی بکری۔

اَلْمُنْطِقُ: (علم حساب)۔
الْمُنْتَطِق: عالی مرتبہ۔ گرامی قدر۔ اور کہا جاتا ہے "جَاءَ مُنْطَقِاً حِصَانَهٗ" یعنی وہ بغیر سوار ہوئے گھوڑے کو کوتل بنا کر آیا۔
الْمَنْطُوق عِنْدَ الْاُصُوْلِيِين: مفہوم مخالف کے خلاف۔
نَطَلَ (ن) نَطْلاً الْخَمْرَ: نچوڑنا (...... وَنَطَّلَ) رَاسَ الْعَلِيْلِ بِالنَّطُوْل: تریڑا کرنا۔ آہستہ آہستہ دوا میں جوش دیا ہوا نیم گرم پانی گرانا۔
اِنْتَطَلَ مِنَ الزِّقِ: مشک سے تھوڑا پانی گرانا یا لینا۔
النَّطْل: مص۔ انگور کا چھلکا۔ تھوڑا دودھ۔ (...... وَالنِّطْل) بھگوئے ہوئے خشک انگور خود بخود شراب نکلنے کے بعد جو نچوڑا جائے۔ النِّطْل: شراب کا بقیہ۔
النُّطْلَة وَالنَّاطِل: شراب یا پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ۔ النَّاطِل: فضلہ جو پیانہ میں باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَفَرْتُ مِنْهُ بِنَاطِلٍ" میں نے اس سے کچھ حاصل نہیں کیا۔
النَّاطِل وَالنَّاطَل وَالنَّيْطَل وَالنَّاْطِل: شراب دودھ وغیرہ ناپنے کا کوزہ۔ النَّيْطَلُ وَالنَّطْلاءُ: مصیبت۔ وَالنَّيْطَل: ہلاکت۔ موت۔ ڈول۔ ج نَيَاطِل.
الانْطِلَة: مصیبتیں۔
النَّطُوْل: پانی جس میں دوا جوش دیں اور عضو ماؤف کو اس سے دھاریں۔
المَنَاطِل: شراب کشی کے آلات۔
نَطْنَطَ الشَّئَ: کھینچنا...... الرَّجُلُ: لمبے سفر والا ہونا (...... وَاتَنَطْنَط) دُور ہونا۔
النَّطْنَط وَالنُّطْنُط وَالنَّطْنَاط: لمبے قد والا۔ ج نَطَانِط وَنَطَانِيْط......
نَطَا يَنْطُوْ نَطْوًا. الحَبْلَ: رسی کھینچنا...... الْغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا بانا کرنا...... المَنْزِلُ: دُور ہونا...... عَنْ فُلاَنٍ: چپ ہو جانا۔

نَاطَى مُنَاطَاةً الرَّجُلَ: باہم نزاع کرنا۔
اَنْطَى: دینا۔
تَنَاطَى الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ تَنَاطَوا الْكَلاَمَ: آپس میں گفتگو کرنا۔
النَّطْو: دُوری۔
النَّطِي: دُور۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ نَطِيٌّ" دُور کا راستہ (...... وَالْمَنْطُوّ) مِنَ الْغَزْلِ: کاتے ہوئے سوت کا تانا کیا ہوا۔
النَّطَاة: کچی کھجور کا غلاف یا ڈنٹھل ج اَنْطَاء.
نَظَرَ (ن) وَنَظِرَ (س) نَظَرًا وَمَنْظَرًا وَمَنْظَرَةً وَتَنْظَارًا وَنَظَرَانًا. هٗ وَاِلَيْهِ: دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ (نَظَرَ (ن) نَظَرًا) فِي الْاَمْرِ: سوچنا۔ فکر کرنا۔ اندازہ کرنا...... الشَّئَ: انتظار کرنا...... بَيْنَ النَّاسِ: حکم کرنا اور فیصلہ کرنا...... لِلْقَوْمِ: رحم کرنا اور مدد دینا...... فُلاَنًا: متوجہ ہونا۔ دیر کرنا...... فُلاَنًا الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ (اَنْظَرَ میں ایک لغت ہے) ...... الشَّئَ: مہلت سے بیچنا...... فُلاَنٌ: کاہن ہونا اور کہا جاتا ہے "اُنْظُرْ لِي فُلاَنًا" میرے لئے فلاں کو طلب کرو۔ وَدَارِيْ تَنْظُرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وَنَظَرَ الدَّهْرُ اِلَى بَنِيْ فُلاَنٍ" زمانے نے بنی فلاں کو ہلاک کر دیا۔
نَاظَرَهٗ مُنَاظَرَةً: مشابہ ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَيْشُ الْاَلْفَيْنِ: قریب پہنچنا...... فُلاَنًا بِفُلاَنٍ او الشَّئَ بِالشَّئِ: مشابہ بنانا اور کہا جاتا ہے "دَارِيْ تُنَاظِرُ دَارَهٗ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
اَنْظَرَهٗ الدَّيْنَ: ادائیگی قرض کے لئے مہلت دینا۔ اَنْظَرَ فُلاَنًا لِفُلاَنٍ: مشابہ بنانا...... الرَّجُلَ: سوچنے کا موقع دینا۔ مہلت سے بیچنا۔
تَنَظَّرَهٗ: آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تَنَظَّرَ فُلاَنٌ: انتظار کی ہوئی چیز کی امید رکھنا۔
[illegible]

الحانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الدَّارَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو دیکھنا۔
اِنْتَظَرَهٗ: انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ دیر لگانا۔
اِسْتَنْظَرَهٗ: انتظار کرنا۔ مہلت طلب کرنا۔
النَّظَر: مص۔ نگاہ۔ دانائی۔ عِلْمُ النَّظَرِ وَالْاِسْتِدْلاَلِ: علم کلام اور کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ" عدم ظہور کی وجہ سے یہ امر محل غور ہے "وَبَيْنَنَا نَظَرٌ" ہمارے درمیان اتنی قربت ہے کہ نگاہ پہنچ سکے۔ "وَنَظَرًا اِلَى كَذَا وَبِالنَّظَرِ اِلَى كَذَا" یعنی فلاں کے لحاظ سے۔ النَّظَر: ہمسائے۔
النِّظْر: مشابہ۔ مانند۔
النَّظْرَة. نَظَر: کا اسم مرۃ۔ ایک نگاہ۔ ہیئت۔ بری ہیئت و عیب۔ رحمت۔ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَهٗ بِعَيْنِ النَّظْرَةِ" اس نے اس کو مہربانی کی نگاہ سے دیکھا۔
النَّظِرَة: مہلت۔ معاملہ میں تاخیر۔
النَّظَرِي: نظر کی جانب منسوب۔ استدلالی علوم کی تقسیم میں نظری کا اطلاق اس علم پر ہوتا ہے جو عمل سے تعلق نہ رکھتا ہو اور اس کے مقابل کو عملی کہتے ہیں۔
النَّظَرِيَّةُ فِي الْهَنْدَسَةِ: وہ قضیہ جو ثبوت کے لئے دلیل کا محتاج ہے۔ ج نَظَرِيَّات.
النِّظَار وَالنِّظَارَة: فراست۔ دانائی۔
النَّاظِر: آنکھ کی پتلی۔ وَالنَّاظِر عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: کسی ادارہ کا ناظم۔ جیسے ناظر خارجیہ و ناظر مالیہ۔ ج نُظَّار. النَّاظِرُ: پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ امین آدمی جس کو بادشاہ کسی مقام کے لوگوں کے معاملات کی تحقیقات کے لئے بھیجے اور کہا جاتا ہے "هُوَ شَدِيْدُ النَّاظِرِ" یعنی وہ تہمت سے بری ہے اس لئے کہ آنکھ اٹھا کر بات کرتا ہے۔ النَّاظِرَانِ: ناک کے دونوں پہلوؤں کی ڈوریں۔

نَظَارِ: اسم فعل۔ بروزن قَطَامِ وَنَزَالِ۔ بمعنی انتظر۔

النَّاظِرِ والنَّاظُوْر: انگور یا کھیتی کا محافظ۔ النَّاظُوْرُ: سردارِ قوم۔

النَّاظِرَةُ. النَّاظِرُ: کا مؤنث۔ آنکھ ج نَوَاظِر

النَّوَاظِر: سر کی رگیں جو آنکھ سے ملی ہوئی ہیں۔

النَّظَّار: تیز دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَظَّارٌ" چالاک تیز خاطر بلند اطراف گھوڑا۔

النَّظَّارَةُ: ناظرین۔ موقعہ جنگ کے تماشائی

النَّظَّارَةُ عِنْدَ الْمُولَّدِيْن: دُوربین۔

النَّظُوْر والنَّظُوْرَة والنَّظِيْرَة والنَّاظُوْرَة: قوم کا سردار (مذکر و مؤنث واحد جمع)

النَّظُوْر: مہمات سے غفلت نہ برتنے والا۔

النَّظِيْر: مثل و مانند اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْرُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے مطابق ہے۔ ج نُظَرَاء مؤنث نَظِيْرَة ج نَظَائِر۔

نَظَائِرُ الْقَوْمِ: قوم کے شرفا و افاضل۔

نَظِيْرَةُ الْقَوْمِ او الْجَيْشِ ونَظُوْرَتُهُمْ: دیدبان۔

الْمَنْظَر: دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِيْ مَنْظَرٍ وَمُسْتَمَعٍ" فلاں ایسی جگہ میں ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتیں سن سکتا ہوں۔ "وَكُنْتُ عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ" یعنی میں اس مقام سے علیحدہ تھا ج مَنَاظِر

الْمَنَاظِر: بلند زمینیں۔ عِلْمُ الْمَنَاظِر: وہ علم جس سے اشیاء کی مقدار باعتبار قرب و بعد کے پہچان سکیں۔

الْمَنْظَرَة: مص۔ دیکھنے کی جگہ چاہے خوش نما ہو یا بدنما۔ دیکھنے بھالنے کی جگہ۔ الْمَنْظَرَة: قوم جو کسی چیز کی طرف دیکھنے والی ہو۔

الْمَنْظَرِيّ والْمَنْظَرَانِيّ: خوش نما۔

الْمُنَاظِر: فا۔ مثل۔

الْمِنْظَار: آئینہ۔ ج مَنَاظِيْر۔

الْمَنْظُوْر: مفع وہ شخص جس کی خیر کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

الْمَنْظُوْرَة. الْمَنْظُوْرُ: کا مؤنث۔ مصیبت

امْرَأَةٌ مَنْظُوْرَةٌ: عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ک) نَظَافَةً الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ بارونق و حسین ہونا۔ صفت مذکر نَظِيْفٌ صفت مؤنث نَظِيْفَةٌ ج نُظَفَاء: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَظِيْفُ السَّرَاوِيْلِ" فلاں پاک دامن ہے ونَظِيْفُ الْاَخْلَاقِ: مہذب ہے۔

نَظَّفَ الشَّيْءَ: صاف کرنا۔ پاک کرنا۔

تَنَظَّفَ الشَّيْءُ: صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ: بتکلف صاف ستھرا بننا۔ برائیوں سے دور ہونا۔

اِنْتَظَفَ الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

اِسْتَنْظَفَ: صاف ستھرا طلب کرنا...... الْوَالِي الْخَرَاجَ: پورا وصول کر لینا...... فُلَانٌ الشَّيْءَ: سب لے لینا...... الْفَصِيْلُ مَا فِيْ ضَرْعِ اُمِّهِ: اُونٹ کے بچے کا تھن سے سارا دودھ پی لینا۔

نَظَمَ (ض) نَظْمًا ونِظَامًا اللُّؤْلُؤَ ونَحْوَهُ: موتی پرونا۔ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا...... الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ: ترتیب دینا۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا...... الْاَمْرَ: برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَّمَ اللُّؤْلُؤَ والشِّعْرَ: بمعنی نظم (پرونا۔ موزوں کرنا)

نَظَّمَتْ وَاَنْظَمَتِ السَّمَكَةُ او الدَّجَاجَةُ: مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔

تَنَظَّمَ وَانْتَظَمَ وتَنَاظَمَ اللُّؤْلُؤُ ونَحْوُهُ: موتی کا پرو دیا جانا۔ ترتیب وار ہونا۔ تَنَظَّمَ وَانْتَظَمَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔ وَانْتَظَمَ الصَّيْدَ: شکار کو چھید کر پار کر دینا۔ تَنَاظَمَتِ الصُّخُوْرُ: پتھر کی چٹانوں کا ایک ساتھ ملا ہوا ہونا۔

النَّظْم: مص۔ ٹڈی دل یا ٹڈیوں کی ایک قطار۔ ترتیب دیا ہوا موزوں کلام اور اس کے مقابل کو نثر کہتے ہیں۔ النَّظْمُ بعض

ستاروں پر اطلاق ہوتا ہے جیسے ثریا۔ نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ والدَّبَرَان۔

نِظَامُ كُوْبِرْنِيْك: کوبرنیک البولونی (۱۴۷۳۔۱۵۴۳) کا نظریہ فلکیات جس کے تحت وہ دعویٰ کرتا ہے کہ زمین اپنے اردگرد گھومتی ہے نیز وہ اور دیگر سیارات سورج کے اردگرد گھومتے ہیں۔ اس سے قبل اس کے برخلاف بطلیموس نے نظریہ فلکیات پیش کیا تھا کہ سورج ستارے اور سیارے زمین کے اردگرد گھومتے ہیں۔

النِّظَام: مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔ ج نُظُم واَنْظِمَة واَنَاظِيْم. النِّظَام: طریقہ و عادت۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلٰى نِظَامٍ وَاحِدٍ" وہ ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔ نِظَامُ الْاَمْرِ: سرمایہ۔ معاملہ۔ النِّظَامُ مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔ النِّظَامُ مِنَ الْجَرَادِ والنَّخْلِ ونَحْوِهَا: ایک قطار ٹڈیوں یا درخت خرما کی۔

النِّظَامَان والْاِنْظَامَان والْاُنْظُوْمَتَان مِنَ السَّمَكَةِ او الضَّبَّةِ: دُم سے کان تک کی دو دھاریاں۔ ج اَنَاظِيْم۔

الْاِنْظَام: مچھلی یا گوہ کے انڈوں کی قطار۔ لڑی کا دھاگا...... مِنَ الرَّمْلِ: ریت پر جما ہوا اور تہ لگا ہوا۔

النَّظَّام: بہت پرونے والا۔

النَّظِيْم: موزوں شعر وغیرہ۔ پہاڑی راستہ جس میں چشمے قریب قریب ہوں۔

الْمَنْظُوْم: مفع۔ شعر اور یہ منثور کے خلاف ہے۔

الْمَنْظِم: ترتیب دینے کی جگہ۔ ج مَنَاظِم۔

النَّعّ: کمزور مرد۔

النُّعَاع: ملائم و نازک گھاس۔ واحد نُعَاعَة۔

نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا ونُعَابًا ونَعِيْبًا ونَعَبَانًا وتَنْعَابًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ جدائی کا خوف دلانا...... الْمُؤَذِّنُ: گردن لمبی کر کے اذان دینا۔

نَعَبَ (ف) نَعْبًا الْاِبِلُ: اُونٹ کا چلنے میں

گردن لمبی کرنا۔
النَّعب: مص ۔ رِیحٌ نَعَبٌ: تیز ہوا۔
نَاقَةٌ نَاعِبَةٌ: ج نَوَاعِب و نُعُوبٌ. ج نُعُب ونَعَّابَة: تیز رفتار اُونٹنی۔
النَّعَّاب: اسم مبالغہ ۔ کوے کا بچہ۔
المِنعَب والمُنعِب: تیز رفتار اُونٹنی ۔ تیز رفتار گھوڑا جو چلنے میں گردن بلند کرے۔ چلانے والا ۔ بے وقوف۔
نَعَتَهٗ (ف) نَعتًا: تعریف کرنا ۔ بیان کرنا (اور اکثر اس کا استعمال صفات حسنہ کیلئے ہوتا ہے) نَعتَ الکَلِمَۃَ: کلمہ کے لئے صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعَتًا: بتکلف عمدہ صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَةً الرَّجُلُ: خلقۃً عمدہ صفات والا ہونا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنعَتَ الرَّجُلُ: خوب صورت چہرہ والا ہونا۔ عمدہ خصلتوں والا ہونا۔
اِنتَعَتَهٗ: تعریف کرنا ۔ اِنتَعَتِ المَرأَۃُ ...... بالجَمَالِ: متصف ہونا۔
تَنَعَّتَ الشَّیءَ: تعریف کرنا ۔ بیان کرنا۔
اِستَنعَتَهٗ الشَّیءَ: بیان کرنے کو کہنا۔
النَّعت: مص ۔ تعریف ج نُعُوت.
النَّعت والنَّعتَة والنَّعِیت والنَّعِیتَة والمُنتَعِت مِنَ الخَیلِ: گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا اصیل گھوڑا جس کی سب تعریف کریں اور کہا جاتا ہے "شَیءٌ نَعتٌ" عمدہ چیز ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ نُعتَۃٌ" یعنی وہ بلندی مرتبہ یا حسن جمال میں انتہا پر ہے۔
نَعَثَ (ف) نَعثًا وانتَعَثَ الشَّیءَ: لینا۔
اَنعَثَ فِی مَالِهٖ: فضول خرچی کرنا ......
الرَّجُلُ: سفر کے لئے سامان لینا ...... القَومُ: کام میں جدوجہد کرنا۔
نَعثَلَ الشَّیءَ: جمع کرنا ...... الفَرَسُ فِی جَریِهٖ: تیزی دوڑ کی وجہ سے گھوڑے کا بیٹھ بیٹھ جانا۔

النَّعثَل: بے وقوف بڈھا ۔ نر بجو۔
النَّعثَلَة: بے وقوفی ۔ بڈھے کی چال۔
نَعِجَ (س) ونَعَجَ (ن) نَعَجًا ونُعُوجًا اللَّونُ: خالص سفید رنگ ہونا ۔ نَعَجَتِ النَّاقَةُ فِی سَیرِهَا: اُونٹنی کا تیز دوڑنا ۔ (نَعِجَ (س) نَعَجًا) البَعِیرُ: اُونٹ کا موٹا ہونا ...... الرَّجُلُ: بھیڑ کا گوشت کھا کر بدہضمی ہونا۔ صفت نَعِجٌ.
اَنعَجَ القَومُ: موٹے اُونٹوں والا ہونا۔
النَّعجَة: بھیڑ ۔ ج نِعَاجٌ و نَعَجَات. ونِعَاجُ الرَّملِ: گائے۔
النَّاعِجَةُ مِنَ النِّسَاءِ او النُّوقِ: سفید عورت یا اُونٹنی ۔ نَاقَةٌ نَاعِجَةٌ: تیز رفتار اُونٹنی کہ جس پر بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کریں ۔ اَرضٌ نَاعِجَةٌ: ہموار نرم زمین ۔ ج نَوَاعِج.
النَّعَج: مص ۔ خالص سپیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِیرًا و نُعَارًا الرَّجُلُ: خراٹے لینا ...... العِرقُ بِالدَّمِ: جوش کے ساتھ خون نکلنا یا نکلنے میں آواز ہونا اور کہا جاتا ہے "نَعَرَ فُلَانٌ فِی قَفَا الاِفلَاسِ" یعنی مستغنی ہوا۔
نَعَرَ (ف) نَعرًا فِی البِلَادِ: جانا ...... القَومُ: جوش وخروش ظاہر کرنا اور اکٹھا ہونا ...... اِلٰی فُلَانٍ: آنا ۔ کہا جاتا ہے "مِن اَینَ نَعَرتَ اِلَینَا" تم کہاں سے ہمارے پاس آئے ۔ نَعَرَ فِی الاَمرِ: اٹھنا اور کوشش کرنا ...... الرَّجُلُ: مخالفت کرنا اور انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا الحِمَارُ او الفَرَسُ: ناک میں مکھی داخل ہونے کی وجہ سے مضطرب ہونا ۔ صفت نَعِرٌ.
نَعَّرَ السَّھمَ: سیدھائی معلوم کرنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
اَنعَرَ الاَرَاکُ: درخت پیلو کا پھل دار ہونا۔
النُّعرَةُ. نُعرَة: کا اسم مرۃ ۔ خراٹا ۔ ج نُعَرَات. نَعرَةُ النَّجمِ: ہوا کا جھونکا اور ثریا کے طلوع کے وقت سخت گرمی۔

کام۔
النُّعَرَة والنُّعُرَة: ناک کا اندرونی بالائی حصہ ۔ النُّعَرَة: ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے ۔ پیلو کا پھل (ایک قسم کی بڑی نیلی مکھی جو گھوڑوں اور گدھوں کی ناک میں داخل ہو کر تکلیف پہنچاتی ہے۔ ج نُعَرٌ و نُعَرَاتٌ.
النَّاعِر: فا ۔ کہا جاتا ہے "کُلَّمَا نَعَرَ بِھِم نَاعِرٌ اِتَّبَعُوهُ" جب بھی کوئی چیخنے والا چیختا ہے اس کے پیچھے ہو جاتے ہیں ۔ مقصد یہ ہے کہ وہ ہر بونگ کے پیچھے ہو جاتے ہیں۔
النَّعِر: وہ شخص جو ایک جگہ پر قائم نہ رہے مؤنث نَعِرَةٌ.
النَّعِیر: مص ۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ وپکار ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَعِیرُ الھَمِّ" فلاں بلند ہمت ہے۔
النَّعَّار: نافرمان ۔ فتنہ انگیز ۔ چیخنے والا ۔ شور مچانے والا ۔ مؤنث نَعَّارَۃٌ. اِمرَأَۃٌ نَعَّارَۃٌ: شور مچانے والی ۔ بدزبان عورت ۔ النُّعَار: ایک قسم کا پرندہ۔
النَّعَّار والنَّعُور والنَّاعُور: رگ یا زخم جس سے خون جوش سے نکلے ۔ النَّاعُور: چکی کا پہلو ۔ النُّعُورُ مِنَ الرِّیَاحِ: گرمی میں ناگہاں ٹھنڈی ہوا یا سردی میں گرم ہوا ۔ نِیَّۃٌ نَعُورٌ: دور کی نیت۔
النَّعَارَۃ عِندَ المُوَلَّدِینَ: رہٹ والا مٹی کا آب خورہ ۔ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُور والنَّاعُورَۃ: رہٹ ۔ ج نَوَاعِیر.
نَعَسَ (ف ن) نُعَاسًا الرَّجُلُ: اونگھنا ۔ صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعَّس ۔ صفت مؤنث نَاعِسَۃٌ ج نَاعِسَات و نَوَاعِس. نَعَسَ جِسمُهٗ او رَأیُهٗ: جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا ۔ نَعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔
اَنعَسَهٗ: سلانا ...... فُلَانٌ: سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ: بتکلف سونا ۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا

ظاہر کرنا..... العِرْقُ: رگ کا سست پڑنا۔
تَنَاعَسَتِ السُّوْقُ: بازار کا ماند پڑنا۔
النُّعَاس: حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النَّعْسَان: اونگھنے والا۔ مؤنث نَعْسَی (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
اِمْرَأةٌ نَعْسَانَةٌ ونَعُوْسٌ: اونگھنے والی عورت۔ نَاقَةٌ نَعُوْسٌ: دودھار اونٹنی۔
نَعَشَهُ (ف) نَعْشًا اللّٰهُ: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا..... الرَّبِيْعُ النَّاسَ: خوش حال کرنا..... المَيِّتَ: بھلائی سے یاد کرنا..... طَرْفَهُ: نگاہ اٹھا کر دیکھنا..... الشَّجَرَةَ: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نُعِشَ: تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت مَنْعُوْشٌ..... فُلَانٌ: پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نَعَّشَهُ، اَنْعَشَهُ اللّٰهُ: بلند کرنا اور اٹھانا۔
نَعَّشَ فُلَانٌ فُلَانًا: نَعَشَكَ اللّٰهُ مِنْ عَثْرَتِكَ: کہنا۔
اِنْتَعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا ..... مِنْ سَقْطَتِهِ: گرنے کے بعد اٹھنا۔
اِسْتَنْعَشَ: سستی کے بعد چست ہونا۔
اَلنَّعْشُ: مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مُردہ کا تخت۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الْكُبْرٰی: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بَنَاتُ نَعْشٍ الصُّغْرٰی: کہتے ہیں۔
نَعَصَ (ف) نَعْصًا الشَّيْءُ: حرکت دینا..... الْجَرَادُ الْاَرْضَ: چٹ کر جانا۔
نَعِصَ (س) نَعَصًا: جھکنا۔
اِنْتَعَصَ: ہلنا..... الرَّجُلُ: گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
النَّاعِصَةُ: مددگار۔ اعوان و انصار۔
اَنْعَطَ الْاَكْلُ: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈالنا۔

دینا۔
النُّعُطُ: کھانے اور دوا و وحش میں بدتمیز لوگ۔ واحد نَاعِطٌ۔
نَاعَفَهُ مُنَاعَفَةً: باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو۔ الطَّرِيْقَ: راستہ میں مقابلہ کرنا۔
اَنْعَفَ: بلند جگہ پر بیٹھنا۔
اِنْتَعَفَ: بلند جگہ پر چڑھنا..... لِفُلَانٍ: درپے ہونا..... الشَّيْءَ: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔
الرَّاكِبُ: ظاہر ہونا۔
النَّعْفُ: پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ..... مِنَ الرَّمْلَةِ: ریت کا اگلا و پچھلا حصہ۔ ج نِعَاف۔
النَّعْفَةُ: پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النَّعَفَةُ: گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اُذُنٌ نَاعِفَةٌ ونُعُوْفٌ ومُنْتَعِفَةٌ: لٹکتا ہوا کان۔
المَنَاعِفُ مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
المُنْتَعَفُ: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا ونَعِيْقًا ونُعَاقًا ونَعَقَانًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ المُؤَذِّنُ: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الرَّاعِي بِغَنَمِهِ: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النَّعَّاقُ: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
النَّاعِقَان: جوزاء کے دو ستارے۔
نَعَلَ (ف) نَعْلًا الْقَوْمَ: جوتے دینا۔ (نَعَلَ و نَعَّلَ واَنْعَلَ) الدَّابَّةَ: نعل لگانا۔
نَعِلَ (س) نَعَلًا: جوتہ پہننا۔
تَنَعَّلَ وانْتَعَلَ: جوتہ پہننا..... الثَّوْبَ: روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْتَعَلَ الْاَرْضَ" اس نے پیدل سفر کیا۔
النَّعْلُ: مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نُعَيْلَةٌ نَعْلُ

الدَّابَّةِ: گھوڑے کا نعل ج نِعَال وانْعُل۔ النَّعْلُ: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ ج نِعَال کہا جاتا ہے "اِخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
النَّعْلَةُ: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نَعْل سے خاص ہے۔
النَّاعِلُ: فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رَجُلٌ نَاعِلٌ: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حَافِرٌ نَاعِلٌ: سخت کھر۔
النَّعَّالُ: نعل بند۔
المَنْعَلُ والمَنْعَلَةُ: سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَنْعَلٌ و اَرْضٌ مَنْعَلَةٌ"۔
المُنْعَلُ: جوتے والا۔ فَرَسٌ مُنْعَلٌ: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِالْمُنْعَلَاتِ" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعَمَ (ف ن) ونَعِمَ (س) نَعْمَةً ومَنْعَمًا الرَّجُلُ: خوش حال ہونا..... عَيْشُهُ: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يَنْعَمُهُمْ" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "ونَعِمْتُ بِهٰذَا عَيْنًا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "ونَعِمَكَ اللّٰهُ عَيْنًا ونَعِمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہاری محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نَعِمَ (س) نَعَمًا الْعُوْدُ: لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک) نُعُوْمَةً: نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا صفت نَاعِم۔
نِعْمَ افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو "نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ ونِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ" اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نِعْمَا نِعْمُوْا ونِعْمَتَا ونِعْمَن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ

کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَّقْتُهُ دَقًّا نِعِمَّا" (کسرِ عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) یعنی میں نِعْمَ مَا دَقَّقْتُهُ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الفِعْلَةُ ہے۔

نَعَمَ الشَّیْءُ: نرم و نازک بنانا ...... الرَّجُلُ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا ...... القَوْمُ: لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ الشَّیْءُ: نرم و نازک بنانا ...... فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰهُ صَبَاحَکَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰهُ النِّعْمَةَ عَلَيْهِ وَاَنْعَمَهُ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچانا۔ القَوْمُ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِيْقَهُ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا ...... اَنْعَمَ النَّظْرَ فِی الْمَسْاَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهُ کسی سے نَعَمْ: کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ يُنْعِمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلُ: آسودہ حال بنانا ...... الْحَبْلَ وَغَيْرَهُ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا ...... قَدَمَيْهِ: مشغول کرنا ...... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: ڈھونڈنا ...... الدَّابَّةُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِی" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ: خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ: کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔ نَعِمْ و نِعِمْ و نِعَامْ و نَعَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنی قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد: ہو گا جیسے "اِضْرِبْ زَيْدًا" کا جواب میں "نَعَمْ اَعِدُکَ بِضَرْبِهٖ" کے معنی میں ہو گا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہو گا جیسے اَقَامَ زَيْدٌ: کے جواب میں نَعَمْ اُعَلِّمُکَ بِقِيَامِهٖ کے معنی میں ہو گا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ۔

النُّعْم: خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "هٰذَا يَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

النَّعَم: اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج انعام: جج اَنَاعِيْم۔

النَّعْمَة: اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

النِّعْمَة: احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم و اَنْعُم و نِعْمات و نِعَمات و نِعِمات کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

النَّعْمَاء ج اَنْعُم والنُّعْمٰی: بابرکت ہاتھ۔ والنُّعْمٰی: آرام۔ خوش عیشی، مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهُ نَعْمَ عَيْنٍ ونُعْمَ عَيْنٍ ونَعْمَةَ عَيْنٍ ونُعْمَةَ عَيْنٍ ونُعْمٰی عَيْنٍ ونَعِيْمَ عَيْنٍ ونَعَامَ عَيْنٍ ونِعَامَ عَيْنٍ ونُعَامَ عَيْنٍ ونَعَامٰی عَيْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لئے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعَامَاکَ [illegible]

ہے کہ تم ایسا کرو۔

النُّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَيْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعَامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام و نَعَامَات و نَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَيْقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة: نفس، تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا اور کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ کَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَکِبَ جَنَاحَی النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهُ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهُ لَخَفِيْفُ النَّعَامَةِ" یعنی ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لئے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعَام: اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعَامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمَان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب۔ خون

شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِيْقَةُ النُّعْمَانِ۔

الاِنْعَام: مص۔ انعام۔ ج الانعامات۔

الإنعامة: انعام۔ عطیہ۔
النَّاعِمُ: فا...... مِنَ الثِّيَابِ: ملائم کپڑا...... مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی...... مِنَ النَّبَاتِ: سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة. النَّاعِم: کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيمُ اللّٰهِ: اللہ کا فضل۔
المِنْعَم: جھاڑو۔
المِنْعَام: بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔
المُنَاعِم والمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ: سیدھی ہموار نباتات۔
المُنَعَّم والمُنَاعَم والمُتَنَعِّم والمُتَنَاعِم: خوش حال۔ مالدار۔
نَغْنَغَ لِسَانُ فُلَانٍ: زبان میں ہکلا پن ہونا۔
تَنَغْنَغَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا...... عَنْهُ: دور ہونا۔
النَّغْنَغ والنُّغْنَاغ: پودینہ۔ واحد نَغْنَغَة ونُغْنَاغَة.
النُّغْنُغَة: پوٹا۔
نَغَا يَنْغُو نُغَاءُ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّغْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اُونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَعَى يَنْعَى نَعْيًا ونَعِيًّا ونُعْيَانًا لَنَا وإِلَيْنَا فُلَانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی...... نَعَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کے لئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا ...... عَلَى الْقَوْمِ شَهَوَاتِهِمْ: عیب گیری کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
أَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ أَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
إِسْتَنْعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ إِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ: پھیلنا...... حُبُّ الْخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا...... الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّعْيَة. نَعَى: کا اسم مرۃ۔ ج نَعَيَات.
النَّاعِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاعُونَ ونُعَاة ونُعْيَان.
النَّعِي: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَعَاءِ مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
المَنْعَى والمَنْعَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ.
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة والنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب. النُّغْبَة: برا کام۔
النُّغْبُن: بے وقوف۔
النَّغْبَقَة والنَّغْبُوقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوق: ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُول: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَتَ (ف) نَغْتًا الشَّعْرَ: بال کھینچنا۔
النَّغْث: دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَت (ف ض) ونَغِرَت (س) نَغِيرًا ونَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ ونَغِرَ نَغَرًا ونَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر: صفت مؤنث نَغِرَة...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغَرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا...... الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا...... عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
أَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغَر: مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر: بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان.
النَّغَّار: بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
المُنْغِر: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
المِنْغَار: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز: فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا ونَغَشَانًا: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "انْتَغَشَ وتَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ والرَّأْسُ بِالْقُمَّلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوں سے بھر گیا۔
النَّغْشَة. نَغَش: کا اسم مرۃ۔

النغاش والنغاش والنغاشیّ: بہت پستہ قد۔ النغاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نغص (س) نغصًا البعیرُ: سیراب نہ ہونا ......الرَّجلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نغصہٗ (ف) نغصًا: پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نغّص وانغص اللّٰہُ علیہِ العیشَ ونغّص عیشَہٗ: زندگی مکدر کر دینا۔ ونغّص فلانًا: زندگی مکدر کر دینا۔ انغص فلانًا رعیَّتَہٗ کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّص تنغیصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تنغّص العیشُ: مکدر ہونا۔
تناغصتِ الابلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغصَۃ: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نغض (ن ض) نغضًا ونغوضًا ونغضانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔
نغضوا الی العدوّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ......الشیْءَ وبالشیْءِ: ہلانا۔ نغض نغضًا الشیْءُ: بہت ہونا ......السحابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔
نغّض الشیْءَ: ہلانا۔
انغض الشیْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رأسَہٗ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تنغّض الشیْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النغض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
الناغض: فا۔ ج نُغّض۔ الناغضُ من الانسان: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غیمٌ ناغضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل (...... والنغض) من الکتفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النغّاض من السحاب: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رجلٌ نغّاض البطنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النغوض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نغف (س) نغفًا البعیرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النغف: مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نغفۃ۔ النغف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نغق (ف ض) نغاقًا ونغیقًا الغرابُ: کوّے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النغّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نغل (س) نغلاً الجلدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ......الجرحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نغلت نیّتُہٗ: نیت بری ہونا۔ نغل قلبُہٗ علیّ: کینہ رکھنا ...... بینہم: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ......وجہُ الارض: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نغل (ک) نغولۃ المولود: نسب بگڑنا۔
النغلۃ اسم مصدر ہے۔
انغل الجلدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النغلۃ۔
النغل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النغل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النغلۃ: چغل خوری۔
النغل والنغل مؤنث نغلۃ ونغلۃ والنغیلُ: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النغیلۃ: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نغم (ض ن) ونغم (س) نغمًا ونغمًا وتنغّم الرجلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نغم فی الشرابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سکتَ فما نغم بحرفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
ناغمہٗ مناغمۃً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النغم والنغم: گانے میں سر۔ ج انغام ج [illegible]
[illegible] اسی [illegible] النغم الموسیقیۃ [illegible]

آہستہ گفتگو۔
النغّام: بہت سر نکالنے والا۔
النغمۃ والنغمۃ۔ نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نغمات۔
النُّغمۃ: گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رجلٌ نغومٌ: اچھی آواز والا مرد۔
نغا ینغو نغوًا ونغی ینغی نغیًا وانغی الیہ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سکتَ فلانٌ فما نغی بحرفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
ناغی الصبیَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ ......المرأۃَ: عشق بازی کرنا ......الرجلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ......الموجُ السحابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "ہذا لجبلٌ یناغی السماءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تناغی القومُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
الناغیۃ: کلمہ۔
النغوۃ والنغیۃ: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النغیۃُ: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سمعتُ نغیۃً من کذا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نفّ (ن) نفًّا الارضَ: بونا۔
نفّ (س) نفًّا السویقَ: ستو پھانکنا۔
النفیُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج أنفائیّ۔
النفیّۃ والنفیۃ والنفی: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النفیف: اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النفا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہوگئے ہوں۔ واحد نفاۃ۔
نفث (ض) نفثًا ونفثانًا ونفیثًا ونافثتِ القدرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نفوث۔ نفث ونافث الرجلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ ونفثت الدقیقُ نفثًا:

آنے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيْجَةُ: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
اَلنَّفْثَالِيْنُ: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی بوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا وَنَفَثَانًا اَلْبُصَاقَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا......الجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا......الرَّجُلُ: تھوکنا۔نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: دردسینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔
اَلْقَلَمُ: لکھنا......فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْءَ فِيْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔وَنُفِثَ فِيْ رَوْعِي او قَلْبِيْ كَذَا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔"وَفُلَانٌ يَنْفُثُ عَلَيَّ غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔
نَافَثَهُ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔
النَّفْثُ: مص۔بَلْغَم۔نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔
النَّفْثَةُ. نَفَثَ: کا اسم مرۃ۔ج نَفَثَات کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتُ فُلَانٍ" یعنی فلان کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔
النُّفَاثَةُ: تھوک وغیرہ جو دردسینہ والا پھینکے۔
النَّافِثُ والنَّفَّاثُ: جادوگر۔مؤنث نَافِثَةٌ ونَفَّاثَةٌ۔
دَمٌ نَفِيْثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔
الْمَنْفُوْثُ: مفع۔رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔
نَفَجَ (ن) نَفْجًا وَنَفَجَانًا وَنُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا......الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔
نَفَّجَ تَنْفِيْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا......الفَرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا......الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑ کر نکالنا...... الشَّيْءَ: بلند کرنا......السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا......الْحَالِبُ: دوہنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔
تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا......الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ڈینگ مارنا۔تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَي الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔کودنا۔کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ وَغَيْرُهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔
اِسْتَنْفَجَ الشَّيْءَ: نکالنا۔ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "مَا الَّذِيْ اِسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔
النَّافِجُ: فا۔صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔
النَّافِجَه. النَّافِج: کا مؤنث۔بہت بارش والا۔بادل۔ہوا جو پہلے زور سے چلے۔آخری پسلی۔بیٹی۔اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔مشک کا نافہ۔مشک رکھنے کا برتن۔ج نَوَافِج۔
النَّفَّاجُ: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ڈینگ مارنے والا۔
النِّفَاجَةُ: چوبغلا۔
النَّفِيْجَةُ: کمان۔ج نَفَائِج۔
النَّفِيْجُ: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ج نُفُج۔
النُّفُجُ: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نُفُجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "وَامْرَاَةٌ نُفُجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔
الْاَنْفَجَانِي: قول میں افراط کرنے والا۔
الْمَنَافِجُ: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑا ظاہر کرتی ہیں۔
بَعِيْرٌ مُنْتَفِجٌ: کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔
الْمَنْفُوْجُ: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔
نَفَحَ (ف) نَفْحًا وَنَفَحَانًا وَنُفُوْحًا وَنُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔نفحت الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ابتدائی ہوا کا چلنا۔نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔نَفَحَهُ بِكَذَا: دینا۔نَفَحَ لِمَّتَهُ: کنگھا کرنا......الشَّيْءَ: دفع کرنا۔ہٹانا۔
نَافَحَهُ مُنَافَحَةً: جھگڑا کرنا۔نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔
اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔اِنْتَفَحَ اِلٰى مَوْضَعِ كَذَا: واپس آنا۔
النَّفْحُ: مص۔النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْحُ: کہتے ہیں۔
النَّفْحَةُ. نفح: کا اسم مرۃ۔نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک......مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔النَّفْحَةُ: عطیہ۔ج نَفَحَات: کہا جاتا ہے۔نِيَّةٌ نَفَحٌ: بلند ارادہ۔
اِلنَّفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے......مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔
النَّفَّاحُ: بہت داد و دہش والا۔طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔
النَّفِيْحَةُ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّفِيْحُ والمِنْفَحُ: دخل در معقولات کرنے والا مرد۔
الْاِنْفَحَةُ والْاِنْفِحَةُ والْاِنْفَحَّةُ والمِنْفَحَةُ: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور
عوام اس کو مَجبَنَة کہتے ہیں۔
نَفَخَ (ن) نَفْخًا و نَفَّخَ بِفَمِهِ: منہ سے
پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخَ فِي النَّار
و نَفَخَ النَّارَ۔ نَفَخَ الضُّحٰى: بلند ہونا۔
نَفَخَتِ الرِّيحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا
جاتا ہے "نَفَخَ شِدْقَيْهِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔
و "نَفَخَ الشَّيْطَانُ فِي أَنْفِهِ" شیطان نے اس
کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے
متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً
اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَ
الطَّعَامُ: سیر کرنا۔
تَنَفَّخَ: پھولنا۔
اِنْتَفَخَ: پھولنا۔ اِنْتَفَخَ الشَّيْءُ: بلند ہونا......
النَّهَارُ: دن چڑھنا...... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر
کرنا۔
النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُو نَفْخٍ.
النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے
سے کم ہو جائے۔
النُّفُخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے
"شَابٌّ نُفُخٌ وجَارِيَةٌ نُفُخٌ."
النَّفْخَة. نفخ: کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے
پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَابِ: کامل
جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِيعِ: موسم بہار کی
تروتازگی۔
النُّفَاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔
النُّفَّاخَة: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں
ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخَات.
النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخُ
ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
النَّافُوخ: يافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔
النَّفِيخ: بمعنی۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر
ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اِنْفَخَانٌ و اِنْفِخَانٌ
و اِنْفَخَانِي و اِنْفِخَانِي" موٹائی کی وجہ سے پر
گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی
صورت میں۔
المِنْفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لہار کی
دھونکنی۔ ج مَنَافِيخ و مَنَافِخ. مَنَافِخُ
الشَّيْطَانِ: شیطان کے وساوس۔
المَنْفُوخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔
بزدل۔
نَفِدَ (س) نَفَدًا و نَفَادًا. الشَّيْءُ: نیست و
نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ
القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔
نَفَدَ (ن) نَفْدًا القَوْمَ: لوگوں سے آگے
بڑھ جانا۔
اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔
اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ
الشَّيْءَ: نیست و نابود کرنا...... القَوْمَ: لوگوں
کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔
نَافَدَهُ مُنَافَدَةً: باہم حاکم کے پاس جانا۔
جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود
کرنے کی کوشش کرنا۔
اِنْتَفَدَ واسْتَنْفَدَ الشَّيْءَ: نیست و نابود کرنا۔
اِسْتَنْفَدَ وُسْعَهُ: پوری طاقت لگانا۔ اِسْتَنْفَدَ
الحَقَّ: پورا حق لینا...... اللَّبَنَ: دودھ دوھنا
اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّهِ" یعنی اس
نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔
تَنَافَدَ الخَصْمَانِ إِلَى القَاضِي: فیصلہ کے
لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔
المُنَافِد فَاخَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری
طاقت صرف کرنے والا۔
المُتَنَفِّد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ
مُتَنَفِّدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔
المُتَنَفَّد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِي هٰذَا الشَّيْءِ
مُتَنَفَّدٌ عَنْ غَيْرِهِ" اس چیز میں بہ نسبت غیر
کے وسعت ہے "وفُلَانٌ مُتَنَفَّدُ فُلَانٍ" یعنی
جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو
جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد
کرتا ہے۔
نَفَذَ (ن) نَفْذًا و نُفُوذًا و نَفَاذًا الشَّيْءُ
الشَّيْءَ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ
السَّهْمُ الرَّمِيَّةَ وفِيهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے
چھید کر پار ہو گیا...... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر
جانا (نَفَذَ (ن) نُفُوذًا و نَفَاذًا الأَمْرُ و
القَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔
نَفَذَ المَنْزِلُ إِلَى الطَّرِيقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ
الطَّرِيقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذٌ. نَفَذَ
الكِتَابُ إِلَى فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِي
الأَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ
لِوَجْهِهِ: اپنی حالت پر گزرنا۔
نَافَذَهُ: فیصلہ کے لئے جانا۔
نَفَّذَ و اَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِيَّةَ: تیر سے شکار کو
چھید کر پار کرنا...... الكِتَابَ إِلَى
فُلَانٍ: بھیجنا...... الحَاكِمُ الأَمْرَ: جاری
کرنا۔ نافذ کرنا...... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط
میں چلنا۔ آگے گزر جانا و اَنْفَذَ عَهْدَهُ: عمل
میں لانا۔
تَنَافَذَ القَوْمُ إِلَى الحَاكِمِ: فیصلہ کے لئے
حاکم کے پاس جانا۔
النَّفَذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے أَمَرَ بِنَفَذِ
الكِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے
کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ مخلص و نکلنے کی
جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا
ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ والی
ہے کہ آر پار ہے۔
النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طریق
نَافِذٌ: عام راستہ۔ أَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی
فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذ: یہ
النَّوَافِذ: کا واحد ہے۔ منوافذ جسم انسانی
کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ
وغیرہ۔
النَّافِذَة. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔
سوراخ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ طَعْنَةٌ
نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج
نَوَافِذ.
النَّفَاذ والنُّفُوذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔
النُّفْذَة: مہرہ۔ ج نُفَذ.
النَّفِيذ: نافذ۔ أَمْرٌ نَفِيذٌ: نافذ حکم۔
المَنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.
المَنْفَذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج

مَنَافِذُ الْإِنْسَانِ: جسم انسانی کے سوراخ جیسے منہ، ناک وغیرہ۔
الْمُتَنَفِّذ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفْرًا الدَّابَّةُ مِنْ كَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور ہونا۔ صفت نَافِرٌ ونَفُوْرٌ۔
نَفَرَ (ض) نَفْرًا. مِنْ كَذَا: نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَةِ فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی...... عَنْ كَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا...... الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ إِلَى الشَّيْءِ: دوڑنا (...... نُفُوْرًا) الْعَيْنُ وَغَيْرُهَا: آنکھ کا سوجنا (...... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنًى: مکہ کی طرف کوچ کرنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفَرَانًا) الظَّبْيُ وَغَيْرُهُ: ہرن کا بھاگنا اور دور ہونا (نِفَارًا ونُفُوْرًا ونَفِيْرًا) الْقَوْمُ لِلْقِتَالِ او الْأَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَهُ: بھگانا۔ نَفَّرَهُ عَلَى فُلَانٍ: کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَهُ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ وبِالشَّيْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ: برا لقب دینا۔
أَنْفَرَهُ: بھگانا۔ أَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے اونٹوں والا ہونا...... الْقَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا...... الْحَاكِمُ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَهُ نِفَارًا ومُنَافَرَةً: فیصلے کے لئے جانا۔ حسب و نسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَافَرْتُهُ إِلَى الْقَاضِي فَنَفَّرَنِي عَلَيْهِ" میں اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔ باہم فخر کرنا...... الْقَوْمُ لِلْأَمْرِ: چل پڑنا۔
إِسْتَنْفَرَهُ: بھگانا۔ إِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی درخواست کرنا...... الظَّبْيُ: ہرن کا بھاگنا۔
إِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِهِ: کپڑے لے جا کر کم کر دینا۔
النَّفْرُ: مص۔ النَّافِرُ: کی جمع۔
النَّفَرُ والنَّفْرَةُ: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی جماعت۔ النَّفْرَةُ: نَفَرٌ: کا اسم مرۃ۔ نَفْرَةُ الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ وعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث و سرکش اور ایسا ہی عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وعِفْرِيتٌ نِفْرِيتٌ وعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ۔
النَّفَرُ: سارے لوگ۔ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ ج إِنْفَارٌ کہا جاتا ہے "ثَلَاثَةُ نَفَرٍ او ثَلَاثَةُ أَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
يَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِيْرِ او النُّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَةُ: حکم۔ فیصلہ (...... والنُّفْرَةُ) نظر بد سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَارُ: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّابَّةِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی عادت ہے۔
النُّفَارَةُ: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب لے۔
النَّافِرُ: فا۔ غالب۔ ج نُفَّرٌ ونَفَرٌ۔
النَّافِرَه. النَّافِرُ: کا مؤنث۔ نَافِرَةُ الرَّجُلِ و نُفُوْرَتُهُ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْرُ والنَّفُوْرُ والْمُسْتَنْفِرُ: بھاگنے والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِيْرُ: مص۔ دس مردوں سے کم کی جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِيْرُ: بگل (دخیل) ج أَنْفَارٌ. والنَّفِيْرُ الْعَامُ: دشمن سے مقابلہ کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا هُوَ بِنَفِيْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے میں مساوی نہیں۔
اَلنَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النَّفَارِيْرُ: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفْرُوْرٌ۔
الْمُسْتَنْفَرُ: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْرُ: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَةً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِجُ والنِّفْرَجَةُ والنِّفْرَاجُ والنِّفْرَاجَةُ والنِّفْرِجَاءُ: بزدل۔ ڈرپوک۔
النُّفْرِيْجُ: بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا ونُفُوْزًا ونَفَزَانًا الظَّبْيُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا...... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَهُ: کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: عورت کا بچے کو اُچھالنا۔ نَفَّزَ وأَنْفَزَ السَّهْمَ: تیر کی درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِيْزُ والنَّفِيْزَةُ: مکھن جو مٹکی میں اِدھر اُدھر لگا ہوا رہ جائے۔
النَّيْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے والا۔
نَوَافِزُ الدَّابَّةِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّازُ: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے ہیں۔
نَفِسَ (س) نَفَسًا ونَفَاسِيَةً بِالشَّيْءِ: بخل کرنا...... عَلَى فُلَانٍ بِخَيْرٍ: حسد کرنا (...... نَفَاسَةً) الشَّيْءَ عَلَى فُلَانٍ: نااہل سمجھنا۔
نَفَسَهُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (اى بعين) نظر بد لگانا۔
نَفِسَت (س) ونُفِسَتْ ونَفَسًا ونَفَاسَةً ونِفَاسًا. الْمَرْأَةُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔
نُفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ هٰذَا قَبْلَ أَنْ يُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَةً ونِفَاسًا ونُفُوْسًا

ونَفَسًا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِيسًا عَنْهُ الْكُرْبَةَ: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نَفَّسَ فُلَانًا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا۔ نَفَّسَهُ فِي الْاَمْرِ: ترغیب دینا۔
نَافَسَ نِفَاسًا ومُنَافَسَةً فُلَانًا فِي الْاَمْرِ: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا..... فِي الشَّيْءِ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
اَنْفَسَ الشَّيْءُ: نفیس ہونا..... الشَّيْءُ فُلَانًا: پسند آنا..... فُلَانًا فِي الشَّيْءِ: رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ: سانس لینا..... الصُّبْحُ: صبح کا روشن ہونا..... الْقَوْسُ: کمان کا چٹخنا..... النَّهْرُ: نہر میں زیادہ پانی ہونا..... النَّهَارُ: دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ: لمبی لمبی باتیں کرنا..... الرَّجُلُ فِي الْاِنَاءِ: برتن بغیر جدا کئے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ وَنَهٰى عَنِ التَّنَفُّسِ فِي الْاِنَاءِ" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تَنَافَسَ الْقَوْمُ فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے لئے رغبت کرنا۔
النَّفْسُ: مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وَفَقَ نَفْسَهُ" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هُوَ عَظِيمُ النَّفْسِ" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ نَفْسٌ" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نَفْسُ الشَّيْءِ: عین شی اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي هُوَ نَفْسُهُ وبِنَفْسِهِ" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نَفْسُ الْاَمْرِ: حقیقت امر۔ النَّفْسُ:

عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
..... نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خَرَجَتْ نَفْسُهُ: اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عِنْدِي خَمْسَةُ عَشَرَ نَفْسًا ج اَنْفُس ونُفُوس اور کہا جاتا ہے "فِي نَفْسِي اَنْ اَفْعَلَ كَذَا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وَفُلَانٌ يُؤَامِرُ نَفْسَيْهِ وَيُشَاوِرُهُمَا" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دو رائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وخَرَجَتْ نَفْسُهُ وجَادَ بِنَفْسِهِ" یعنی وہ مر گیا۔
النَّفَسُ: مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اِعْمَلُوا الْخَيْرَ وَاَنْتُمْ فِي نَفَسِ الْبَقَاءِ" خیر کا عمل کرو اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَتَبَ كِتَابًا نَفَسًا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اِكْرَعْ مَا فِي الْاِنَاءِ نَفَسًا وَاحِدًا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج اَنْفَاس اور کہا جاتا ہے "هٰذَا شَرَابٌ ذُو نَفَسٍ" یعنی خوشگوار ہے۔ وَنَفَسُ السَّاعَةِ: آخری زمانہ ونَفَسُ الشَّاعِرِ او الْمُؤَلِّفِ: طرز تحریر۔
النِّفَاسُ: مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النُّفْسَةُ: مہلت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ فِي الْاَمْرِ نُفْسَةٌ" تمہارے لئے معاملے میں گنجائش ہے۔
النَّافِسُ: فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النَّفِيسُ: بہت مال۔ شَيْءٌ نَفِيسٌ: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رَجُلٌ نَفِيسٌ: حاسد مرد۔
مَالٌ نَفِيسٌ ومُنْفِسٌ ومُنْفَسٌ: بہت مال۔
الْاَنْفَسُ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الثَّوْبُ اَنْفَسُ مِنْ ذَاكَ" یہ کپڑا اس سے

بہتر ہے "وهٰذَا الْمَكَانُ اَنْفَسُ مِنْ هٰذَا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وهٰذَا اَنْفَسُ مَالِي" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النُّفَسَاءُ والنَّفْسَاءُ والنَّفَسَاءُ: زچہ معنی نُفَسَاوَان۔ ج نِفَاسٌ و نُفْس ونُفَس ونُفُس ونُفَّاس ونَوَافِس ونُفَسَاوَات۔
النُّفُوسُ: حاسد نگاہیں۔
الْمَنْفُوسُ: نوپید بچہ۔ شَيْءٌ مَنْفُوسٌ: مرغوب چیز۔
الْمُنْفِسُ: فا۔ بیش قدر چیز۔
الْمُتَنَفَّسُ: سانس لینے کی جگہ۔
نَفَشَ (ن) نَفْشًا ونَفَّشَ الْقُطْنَ او الصُّوفَ: روئی یا اون دھننا۔
نَفَشَ نُفُوشًا الْقَوْمُ: ارزانی میں ہونا۔
فُلَانٌ عَلَى الشَّيْءِ: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
نَفَشَتْ (ض ن) ونَفِشَتْ (س) نَفَشًا الْاِبِلُ او الْغَنَمُ: اونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لئے رات میں رہنا۔ صفت نَافِشَةٌ ونُفَّاش ونَوَافِش ونُفَّش اور اسم النَّفَش۔
اَنْفَشَ الرَّاعِيُ الْاِبِلَ: چرواہے کا اونٹ کو رات میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تَنَفَّشَ الطَّائِرُ: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔
تَنَفَّشَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تَنَفَّشَتْ وانْتَفَشَتْ الْهِرَّةُ: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وانْتَفَشَ الصُّوفُ: دھنی ہوئی ہونا۔
النَّفَشُ: دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعویٰ۔ کہا جاتا ہے "بَلَدٌ ذُو نَفَشٍ" یعنی سرسبز وشاداب شہر۔ اِبِلٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ: بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہے اور ہمل کا رات اور دن دونوں پر ہے۔
النَّفِيشُ: برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بَقَرٌ او غَنَمٌ نَفَشٌ ونَوَافِش

ونَفَاشٌ" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔
النَّفَّاش: مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں۔
المُتَنَفِّش والمُنْتَفِش: پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "أَنْفٌ مُتَنَفِّشٌ ومُنْتَفِشٌ" چپٹی ناک۔
نَفَصَ (ض) نَفْصًا وأَنْفَصَ بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا۔ نَفَصَ وأَنْفَصَ بِالْكَلِمَةِ: جلدی بولنا۔ أَنْفَصَ فِي الضَّحِكِ: بہت ہنسنا...... الشَّاةُ بِبَوْلِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
...... الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔
النُّفْصَة: خون کا فوارہ۔ ج نُفَص۔
النُّفَاص: بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مر جاتی ہے۔
النَّفِيص: خوش گوار پانی۔
المِنْفَاص: بہت ہنسنے والا۔
نَفَضَ (ن) نَفْضًا الثَّوْبَ: کپڑا جھاڑنا...... الشَّجَرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لئے ہلانا...... الْوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ: پتے گرانا...... الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔
نَفَضَتْهُ الْحُمَّى: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرْعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا...... الْمَرْأَةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ الْقَوْمُ: بے توشہ یا بے مال ہونا۔ نَفَضَ الطَّرِيقَ: تلاش و جستجو کرنا، چوروں سے پاک کرنا...... الْقَوْمُ حَلَائِبَهُمْ: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَّوْبُ او الصِّبْغُ: رنگ کا مدھم پڑنا...... الْكَرْمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا...... فُلَانٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "إِذَا تَكَلَّمْتَ نَهَارًا فَانْفُضْ" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر دیکھ لو۔

نَفَضَ (ن) نُفُوضًا الْمَرِيضُ مِنْ مَرَضِهِ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
أَنْفَضَ الْقَوْمُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا...... الْقَوْمُ زَادَهُمْ: توشہ کو ختم کر دینا۔ أَنْفَضَ فُلَانًا عَنْهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا لینا۔ إِنْفَضَتِ الإِبِلُ: سارے بچے جننا۔
نَفَّضَ الثَّوْبَ او الشَّجَرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔
إِنْتَفَضَ الثَّوْبُ او الشَّجَرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا...... الْفَصِيلُ مَا فِي الضَّرْعِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا...... الْكَرْمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
تَنَفَّضَ وإِسْتَنْفَضَ الْمَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ إِسْتَنْفَضَ الْقَوْمُ: تامل کرنا۔ غور کرنا...... الشَّيْءَ: نکالنا...... الأَمِيرُ: جاسوس بھیجنا۔
النَّفَض والنِّفَاض والنُّفَاضَة: جھاڑے ہوئے سے جو گرے۔ النُّفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النَّفَض: پتے یا کھجور جو گریں۔ النِّفَاض: اسم ہے أَنْفَضَ الْقَوْمُ زَادَهُمْ سے۔ النِّفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُضٌ اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔
النُّفْضَة والنُّفَضَة والنُّفَاض والنُّفَضَاء: بخار کی کپکپی۔ النُّفَضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔
النَّفَضَة: جاسوسوں کی جماعت۔
النَّفْضَى والنِّفِضَّى والنِّفِّيضَى: کپکپی۔
النَّافِض: قا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ حُمَّى نَافِضٍ وحُمَّى نَافِضٌ وحُمَّى بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔
ثَوْبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔
النَّفُوضُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔
النِّفْض: شہد کی مکھی کی بیٹ۔
النَّفِيضَة: جاسوسوں کی جماعت۔ ج

نَفَائِض. النَّفَائِض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اونٹ۔
الإِنْفَاض: مص۔ بھوک۔ حاجت۔
الأَنَافِيض: درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد أُنْفُوضَة۔
المِنْفَض: چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (...... والمِنْفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔
المُنْفِض مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔
المَنْفُوض: مفع۔ تپ ولرزہ زدہ۔
نَفِطَتْ (س) نَفْطًا ونَفَطًا ونَفِيطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
نَفَطَ (ض) نَفْطًا: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
نَفَطَتْ (ض) نَفْطًا ونَفِيطًا الْعَنْزَةُ: بکری کا چھینکنا...... الْقِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَفَطَ الظَّبْيُ: ہرن کا آواز کرنا...... الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔
تَنَافَطَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
تَنَفَّطَ: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ تَنَفَّطَتِ الْيَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا ہونا۔
النَّفْط والنِّفْط: ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النَّفْط: چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نِفْط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔
النَّفْطَة والنِّفْطَة والنَّفِطَة: آبلہ چیچک۔
النُّفَطَة: جلدی غضبناک ہونے والا۔
النَّافِطَة: بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ۔ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔
النَّفَّاط: معدن سے نَفْط نکالنے والا۔
نَفُط: چھینکنے والا۔ ج نَفَّاطَة ونَفَّاطُون۔
النَّفَّاطَة والنَّفَّاطَة. نَفْط: کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے

نـفـط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَـرَجَ الـنـفَّـاطُونَ بـایـدِیهِم النـفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النَّفَّاطَة: پھنسی۔

النـفَطَان: کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النـفِیـط والـمَنفُوط: ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِیطَة و مَنفُوطَة۔

النـفَاطِیر: متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔ واحد نُفطُورَة۔

نَفَعَهٗ (ف) نَفعًا بکَذَا: نفع دینا۔

اِنفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنتَفَعَ بِهٖ ومِنهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِستَنفَعَهٗ: فائدہ طلب کرنا۔

النَّفع: فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَّفَاع والنَّفِیعَة: منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَّفِیعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَّفعَة. نَفع: کا اسم مرة۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفعَات۔

النِّفعَة. نَفع: کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع ونِفَع۔

النُّفَاعَة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّـافِـع: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفعِی: منفعی مذہب کا قائل النفعیة: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة: جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعَنِی فُلَانٌ بِنَافِعَة" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَّفَّاع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَّفُوع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُع۔

الـمَـنـفَـعَة: ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع. مَنَافِعُ الدَّار: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفَغَتْ (ف) نَفغًا ونُفُوغًا ونَفِغَتْ (س) نَـفَـغًا وتَنَفَّغَتْ یَدُهٗ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَـاقًـا ونَفِقَ (س) نَـفَـقًـا الشَّیءُ: ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ البَیعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَـفَـقَـتِ السُّوقُ: گرم بازار ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔ روح نکلنا...... الْجُرحُ: زخم کا چھل جانا۔

نَفَقَ (ن) ونَفِقَ (س) نَفَقًا اليَربُوعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً ونِفَاقًا فِی دِینِهٖ: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق۔ نَافَقَ اليَربُوعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

اَنفَقَ: محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا...... الْمَالَ: خرچ کرنا...... السِّلعَةَ: سامان رائج کرنا...... الْقَومُ: رائج تجارت والی قوم ہونا...... الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ اليَربُوعَ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا...... اليَربُوعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد) ......

اِنتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔ اليَربُوعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) ...... اليَربُوعَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِستَنفَقَ الْمَالَ: مال ختم کرنا۔

النَّفَق: سرنگ۔ ج اَنفَاق۔

النَّفِق: جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الْجَرْیِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِّفَاق والمُنَافَقَة: مص۔ منافق کا فعل۔

النَّفَقَة. اِنفَاق: کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات ونِفَاق واَنفَاق۔

النَّافِق: فا...... مِنَ الْبَضَائِع: رائج سامان۔

النَّافِقَة. النَّافِق: کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔

النَّافِقَاء ج نَوَافِق والنُّفَقَة والنُّفَقَاء: جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَیفَق السَّرَاوِیل: پائجامہ کا نیفہ۔

المِنفَاق: بہت خرچ کرنے والا۔

الـمُـنَـافِق: دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

الـمَـنفَقَة: باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "اليَمِینُ الْكَاذِبَةُ مَنفَقَةٌ لِلسِّلعَةِ مَمحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النَّـفَـكَة: کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نَفَلَ (ن) نَفلًا: قسم کھانا...... الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نَـفَـلَـهٗ النَّفَل: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ الْقَائِدُ الْجُندَ: مال غنیمت تقسیم کرنا...... الرَّجُلَ عَن نَسَبِهٖ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنفَل عَن نَفسِكَ اِن كُنتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کرو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهٗ: قسم کھلانا۔ حصہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَهُ النَّفَلَ: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَن فُلَانٍ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنفَلَهُ النَّفَلَ: غنیمت دینا۔ اَنفَلَ لَهٗ: قسم کھانا۔

تَـنَـفَّـلَ: نفل نماز ادا کرنا...... عَلٰی اَصحَابِهٖ: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔ وتَنَفَّلَ مِنهُ الشَّیءَ: طلب کرنا۔

اِنتَفَلَ: نوافل پڑھنا...... الشَّیءَ عَن فُلَانٍ: طلب کرنا...... مِنَ الْاَمرِ

والکَلامِ: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلاً فَانْتَفَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کھانا۔

اَلنَّـفْـلُ: فرائض وواجبات سے زائد کام۔ واجبات وفرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

اَلنَّفَلُ: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا نَفَلٌ عَلٰی ذَاکَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَال وَاَنْفَال. النَّفَل: ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَة.

اَلنَّـافِلَة: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض وواجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نَوَافِل کہا جاتا ہے "هُوَ کَثِيْرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

اَلنُّـفَـلُ: قمری مہینے کی چوتھی، پانچویں، چھٹی راتیں۔

اَلنَّوْفَلُ: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ. النَّوْفَل: سمندر۔ عطیہ۔ زبجو۔

اَلنَّوْفَلَة: نمک دان۔

اَلنَّـفْـنَف: فضاء آسمانی۔ آسمان وزمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں ے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِف وَنَفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف ونواحی (...... وَالـنَّـفْـنَـاف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دُور۔

نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزوردل بزدل ہونا...... الجَمَلُ: دشوار کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَتْ (س) نَفَهًا نَفْسُهٗ: تھکنا۔

نَفَّـهَ وَاَنْـفَـهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَـهَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ" اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

اَلنَّـافِهُ: تھکا ہوا ج نُـفَّـهٌ (...... وَالْـمَنْفُوْهُ) کمزوردل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَـاهُ يَنْفُوْهُ نَفْوًا لغت ہے۔ نَـفَـاهُ يَنْفِيْهِ یائی میں۔

نُـفَـاوَةُ الشَّيْءِ وَنُفَوَتُهٗ: ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النُّفْوَة: جلاوطنی۔

نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَـفَـى الـرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا...... الـرَّجُـلَ مِنْ بَلَدِهٖ: جلاوطن کرنا...... السَّـيْـلُ الْغُثَـاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا...... السَّـحَـابُ مَـاءَ هَا: بادل کا پانی برسانا۔

"نَـفَـى يَـنْـفِيْ نَـفْـيًـا وَنَفَيَـانًـا الصَّيْرَفِيُّ الـدَّرَاهِـمَ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَـفَـتِ الـرِّيْـحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَـفَـى يَـنْفِيْ نَفْيًا وَانْتَفَى عَنْهُ: دور ہونا...... الشَّعْرُ: بال گرنا وَانْتَفَى الشَّيْءُ: نابود ہونا۔

اِنْـتَـفَى مِـنْ وَلَدِهٖ: بچہ کا انکار کرنا۔ اِنْـتَـفَى فُلَانٌ مِـنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ وَنَـفَـاهُ فَانْتَفَى: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاهُ: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰـذَا يُـنَـافِيْ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے منافی ومخالف ہے۔

تَـنَـافَى تَنَافِيًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

تَنَافَتِ الْاَشْيَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نَـفَـاءُ الشَّيْءِ وَنَفَاتُهٗ وَنَفِيَتُهٗ وَنُفَايَتُهٗ وَنَـفَـايَتُهٗ وَنَفِيُّهٗ: چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

اَلـنَّـفْـيَة. نَـفْـي: کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت پھیلایا جائے۔ ج نُفَيَات.

اَلـنُّـفَيَان: مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

اَلنَّافِيْ: نا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔

اَلنَّفِيُّ: نابود کیا ہوا جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰـذَا ابْنُ نَفِيٍّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار کر دیا ہے۔

اَلـنَّـفِيَّة. النَّفِيُّ: کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

اَلْـمَـنْـفِـيُّ: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا، دھتکارا ہوا...... فِي الْكَلَامِ: اثبات کے خلاف۔

اَلْمَنْفٰی: جلاوطنی کی جگہ۔ ج مَنَافٍ.

نَقَّ (ض) نَقِيْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کے لئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَـادِعُ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقَّ: ٹرانے والا ہونا۔

اَلنَّقَّاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

اَلنَّقَّاقَة. النَّقَّاق: کا مؤنث۔ مینڈکی۔

اَلـنِّقْنِق: نر شتر مرغ اَلـنَّقِيقَات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

اَلنَّقُوْق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُقٌ وَنُقٌّ.

نَقَبَ (ن) نَقْبًا الْحَائِطَ: دیوار میں سوراخ کرنا...... الْـخُـفَّ: موزے میں پیوند لگانا...... فُلَانٌ فِـي الْاَرْضِ: جانا...... عَـنِ الْاَخْـبَـارِ: کھود کرید کرنا یا خبر دینا...... الـثَّـوْبَ: بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔ الـفَـرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں ٹانگیں اکٹھی کرنا اور کہا جاتا ہے "نَـقَـبَتِ الـنَّكْبَةُ فُلَانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الخُفُّ المَلْبُوْسُ : پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا ...... البَعِيْرُ : اُونٹ کا گھسے ہوئے کھروالا ہونا ...... الرَّجُلُ : پہاڑی راستوں میں چلنا...... فِي البِلَادِ : سیر کرنا ۔ ملکوں میں جانا ۔

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً ونَقِبَ (س) نَقَبًا ونَقُبَ (ک) نَقَابَةً عَلَى القَوْمِ : سردار قوم ہونا (نِقَابَةً او نَقَابَةً یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَةً بالکسر اسم ہے اور نَقَابَةً بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الْأَرْضِ : بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا ...... عَنِ الشَّيْءِ : خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا ۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا ومُنَاقَبَةً : مناقب پر فخر کرنا ۔ نَاقَبَهُ نِقَابًا : راہ در رو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا ۔

اَنْقَبَ فِي الْأَرْضِ : ملک میں چلنا البَعِيْرُ : گھسے ہوئے کھر والا ہونا...... الرَّجُلُ : قوم کا سردار بننا ...... فُلَانٌ : گھسے ہوئے کھر والے اونٹ کا مالک ہونا ۔

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّيْءِ : تفتیش میں مبالغہ کرنا ۔

تَنَقَّبَتْ وانْتَقَبَتِ الْمَرْأَةُ : عورت کا نقاب ڈالنا ۔

النَّقْبُ : مص ۔ سوراخ ۔ پہلو کا زخم (...... والنُّقْبُ) پہاڑی راستہ ج نِقَاب وانْقَاب ونَقْبُ العَيْنِ : موتیابند کا علاج ۔

النَّقْبُ والنُّقْبُ والنُّقَبُ : کھجلی ۔

النِّقْبَةُ : نقاب ڈالنے کی ہیئت ۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت ۔ نیز کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَيْهِ نُقْبَةً مِنْ كَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے ۔

النُّقْبَةُ : ابتدائی خارش ۔ زنگ ۔ رنگ ۔ چہرہ ۔ سوراخ ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے ۔ ج نُقَب ۔

الانْقَاب : کان (جمع ہے اس کا واحد ......

النِّقَاب : مص ۔ بڑا عالم ۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا ۔ سخت زمین کا راستہ ۔ پیٹ اور "فَرْخَانِ فِيْ نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رو در رو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَوَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا ۔

النَّاقِب : فا ۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے ۔

النَّاقِبَةُ ۔ النَّاقِب : کا مؤنث ۔ مذکورہ بالا زخم ۔

النَّقَّاب : کاموں میں گھسنے والا ۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا ۔

النَّقِيْب : قوم کا گواہ ۔ قوم کا ضامن ۔ قوم کا چودھری و سردار ۔ نَقِيْبُ الْاَشْرَافِ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ : لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا ۔ ج نُقَبَاءُ النَّقِيْب : بانسری ۔ ترازو کی زبان ۔ چھدا ہوا ۔ کتب

نَقِيْبٌ : کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہوتا کہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تاکہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آجائیں اور کھانا دینا پڑے ۔

النَّقِيْبَةُ : مؤنث النَّقِيْب : نفس ۔ عقل ۔ طبیعت ۔ مشورہ ۔ رائے کا نفاذ ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَيْمُوْنُ النَّقِيْبَةِ" فلاں پاک نفس ہے ۔

المَنْقَب : جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ ۔

المَنْقَب : پہاڑی راستہ ۔ ج مَنَاقِب ۔

المِنْقَب : پہاڑی راستہ ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم ۔ (...... والمِنْقَبَة) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے ۔

المَنْقَبَةُ : ...... کے

درمیان تنگ راستہ ۔ دیوار ۔ عمدہ فعل ۔ فخر ۔ ج مَنَاقِب ۔ مَنَاقِبُ الْاِنْسَانِ : عمدہ خصائل اور شریف اخلاق ۔

النِّقَابَةُ : محنت کشوں کی پارٹی اپنے حقوق مشرکین کے دفاع کے لئے ۔

نَقَتَ (ن) نَقْتًا الْعَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا وانْتَقَثَ الْعَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ...... الشَّيْءَ الْمَدْفُوْنَ : کھود کر نکالنا ۔ نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ او السَّيْرِ : دوڑنا ...... الْحَدِيْثَ : بات میں گڑبڑ کرنا ...... فُلَانًا بِالْكَلَامِ : بات سے تکلیف پہنچانا ...... الْاَرْضَ بِيَدِهِ : کدال سے کھودنا ...... عَنِ الشَّيْءِ : کھود کرید کرنا ۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ : دوڑنا ۔

تَنَقَّثَهُ : اپنی طرف مائل کرنا ۔ مہربان بنانا ۔

تَنَقَّثَ ضَيْعَتَهُ : جائیداد کی دیکھ بھال کرنا ۔

نِقَاث : ہجو ۔

النَّقْث : ہجو ۔ چغل خوری ۔

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّيْخِ : بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا ۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا ونَقَّحَ الْعَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ...... الْجِذْعَ : تنے کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا ...... الشَّيْءَ : چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا ۔

نَقَّحَ وانْتَقَحَ الْكَلَامَ : اصلاح کرنا ۔ درست کرنا ۔ نَقَّحَتِ السِّنُوْنُ الرَّجُلَ : کمزور کر دینا ...... وانْتَقَحَ الرَّجُلُ : قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا ۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ : چربی کم ہونا ۔

اِنْتَقَحَ الْعَظْمَ : ہڈی سے گودا نکالنا ۔

النَّقْح : مص ۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل ۔

النِّقْح : خالص ریت ۔

التَّنْقِيْح : مص ۔ ظہور معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار ۔

نَقَخَهُ (ف) نَقْخًا : مارنا ۔ نَقَخَ

دِمَاغَهُ: توڑنا۔
اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
النُّقَاخ: ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ آرام۔ امن۔ونُقَاخُ كُلِّ شَيْءٍ: خالص۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا نُقَاخُ الْعَرَبِيَّةِ" یہ خالص عربیت ہے۔
نَقَدَ(ن) نَقْدًا وتَنْقَادًا الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: پرکھنا......الْكَلَامَ: کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرنا۔نَقَدَ فُلَانًا ولِفُلَانٍ الثَّمَنَ: نقد ادا کرنا۔نَقَدَهُ دِرْهَمًا: دینا......الطَّائِرُ الْفَخَّ اوالْحَبَّ: چونچ مارنا......الرَّجُلُ الشَّيْءَ والَى الشَّيْءِ بِنَظَرِهِ: چپکے چپکے نظر ڈالنا۔ چپکے چپکے گھورنا......نَقَدَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
نَقِدَ(س) نَقَدًا الضِّرْسُ او الْقَرْنُ: دانت یا سینگ کا ٹوٹنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ صفت نَقِدٌ......الْحَافِرُ: کھر کا چھل جانا......الْجِذْعُ: تنہ کا کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔
اَنْقَدَ الشَّجَرُ: درخت میں پتے ہونا۔
نَاقَدَهُ مُنَاقَدَةً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔
تَنَقَّدَ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔
تَنَاقَدَ الدَّرَاهِمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔
اِنْتَقَدَ الدَّرَاهِمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا......الشِّعْرَ عَلٰى قَائِلِهِ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا......الْكَلَامَ: کلام کی تنقید کرنا۔ عیوب و محاسن ظاہر کرنا ...... الارَضَةُ الْجِذْعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔اِنْتَقَدَ الْوَلَدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
النَّقْدُ: مص۔ قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم۔ ج نُقُوْدٌ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ نَقْدٌ" عمدہ کھرا درہم۔ النَّقْدَان چاندی وسونا۔
النِّقْدُ والنُّقْدُ: کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔

النَّقَد: مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ بدشکل ہوتا ہے۔ واحد نَقَدَةٌ: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ج نِقَادٌ ونِقَادَةٌ۔ النَّقَد: کمینے لوگ۔ النَّقَدُ مِنَ الصِّبْيَانِ: حقیر وذلیل بچہ کہ جس پر جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَّقَد والنُّقُد: ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَةٌ ونُقُدَةٌ۔
النَّاقِد: فا۔ ج نَقَدَةٌ ونُقَّادٌ۔
اَنْقَد والاَنْقَدُ: سیہی اور امثال عرب سے ہے "بَاتَ بِلَيْلِ اَنْقَدَ" یعنی وہ سویا نہیں اس لئے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا۔
الاَنْقَد والاِنْقِدَان: کچھوا۔
النَّقَّاد: دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ رَاعِي النَّقَد (چھوٹی ٹانگ والی بھیڑ کا چرواہا)
مِنْقَادُ الطَّائِرِ: پرندے کی چونچ ج مَنَاقِيْد۔
الْمُنْتَقَد: مصدر میمی بمعنی اِنْتِقَاد۔
نَقَذَ(ن) نَقْذًا ونَقَّذَ واَنْقَذَ فُلَانًا مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
تَنَقَّذَهُ واسْتَنْقَذَهُ مِنْ كَذَا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
نَقِذَ(س) نَقَذًا: نجات پانا۔
النَّقَذُ: مص۔ سلامتی۔ چھیلنے والے کی سلامتی کی دعا کے لئے کہا جاتا ہے "نَقَذًا لَكَ" اور اس کی اصل "نَقَذَكَ اللّٰهُ نَقَذًا" ہے یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔
النَّقَذُ: مص۔ چھڑایا ہوا اور کہا جاتا ہے "مَالَهُ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِيْذ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔
النَّقِيْذَة: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔ جیسے گھوڑا، زرہ وغیرہ۔ ج نَقَائِذ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَقِيْذَةُ بُؤْسٍ" وہ سختی سے چھڑایا ہوا ہے۔
الاَنْقَذُ: سیہی۔
نَقَرَهُ (ن) نَقْرًا: مارنا۔ نَقَرَ الْعُوْدَ او الدُّفَّ: بربط یا دف بجانا۔فُلَانًا: عیب لگانا......الشَّيْءَ: چونچ سے سوراخ کرنا......
الطَّائِرُ الْبَيْضَةَ عَنِ الْفَرْخِ: پرندہ کا بچہ

نکالنے کے لئے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِي الْحَجَرِ: پتھر پر لکھنا......فِي النَّاقُوْرِ: بگل میں پھونکنا......الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا اِدھر اُدھر سے دانہ چگنا......الْحَجَرَ او الْخَشَبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نَقَرَتِ الْخَيْلُ بِحَوَافِرِهَا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الْاَمْرِ: چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ: قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ نَقَرَ السَّهْمُ الْهَدَفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور پار نہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "رَمَى الرَّامِي الْغَرَضَ فَنَقَرَهُ" تیر پھینکنے والے نے نشانہ پر تیر لگایا۔
نَقِرَ (س) نَقَرًا عَلٰى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاةُ: نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فُلَانٌ: فقیر ہونا۔
النَّائِهُ: بلند۔ نمایاں۔ کہا جاتا ہے "نَفْسٌ نَاهَةٌ" رکنے والا نفس۔

النِّيمُ: ن و م میں ذکر کیا گیا۔

اَلنِّيُونُ: ایک کمیاب گیس جس کی بو اور رنگ نہیں بجلی کے ایندھن میں استعمال ہوتا ہے۔

النَّايُ: بانسری۔ ج نَايَاتٌ (فارسی)

الــــواؤ : یہ حرف حروف تہجی میں سے ستائیسواں حرف ہے۔ یہ حروف جوف سے ہے۔

الواو: چند معنی کے لئے مستعمل ہے۔

(۱) حرف عطف اور اس کے معنی مطلقاً جمع کے ہیں۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ وَ عَمْرٌو۔

(۲) واو حالیہ۔ جملہ اسمیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ" جملہ فعلیہ پر جیسے "جَاءَ زَیْدٌ وَقَدْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ"۔

(۳) واو استیناف جیسے "لَا تَأْكُلِ السَّمَكَ وَتَشْرَبُ اللَّبَنَ۔

(۴) واو معیہ جیسے "سِرْتُ وَالْجَبَلَ"۔

(۵) واو جو اس مضارع منصوب کے اوپر داخل ہو جو نہی کے جواب میں واقع ہو جیسے "لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاتِيَ مِثْلَهُ"۔

(۶) واو قسم جیسے وَاللّٰهِ الْعَظِيْمِ:۔

(۷) واو رُبَّ: جیسے وَلَيْلٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰى سُدُوْلَهُ:۔

(۸) واو ضمیر جمع مذکر جیسے قَامُوْا۔

(۹) واو علامت جمع مذکر جیسے "يَلُوْمُوْنَنِيْ قَوْمِيْ"۔

(۱۰) واو فصل جیسے عَمْرٌو کا واو حالت رفعی وجری میں تاکہ عمر سے فرق ہو جائے۔

(۱۱) واو زائدہ بعد اِلا جیسے مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَا وَلَهُ طَمَعٌ او حَسَدٌ"۔

وا: ندبہ کے لئے مخصوص ہے جیسے "وَازَيْدَاهُ" یا "وَاظَهْرَاه" اور کبھی نداء حقیقی میں مستعمل ہوتا ہے۔

الوَاح والوَاحة: ریگستانی علاقہ میں سبزہ زار زمین۔ ج وَاحَات.

وَأَب يَئِبُ وَأَنَاوابَةً مِنْ فُلَانٍ: شرم کرنا۔ شرم کی وجہ سے جھجکنا۔ وَأَبَ يَأَبُ وَأْبَةً: کھر کے کناروں کا سمٹنا۔

وئِبَ يَوْأَبُ وَأَبًا: غضبناک ہونا۔

اَوْأَبَهُ وَأَتَأَبَه: غضبناک کرنا۔ کسی کے ساتھ قابل شرم فعل کرنا۔ ذلت کے ساتھ حاجت سے پھیر دینا۔

اِتَّأَبَ اِتِّئَابًا مِنْهُ: شرم کرنا۔

اَلإبَةُ والتُّوْبَة والـمَـوْئِبَة والـمُـوْئِبَة: رسوائی۔ عار۔ شرم۔

الـوَأبُ مِـنَ الْقِـدَاحِ: بڑا پیالہ......مِنَ الـحَوَافِرِ: باہم ملے ہوئے کناروں والا مضبوط کھر۔ چوڑا۔ بڑا اونٹ۔ ج اَوْآب.

الــــوَأْبَة: پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے (...... والـــوَئِبَةَ) بہت گہرا کنواں۔

قِدْرٌ وَأْبَةٌ: کشادہ ہانڈی۔

المُوْئِبَات: رسوا کرنے والی باتیں۔

الوَأج: سخت بھوک۔

وَأَدَ يَئِدُ وَأْدًا. البِنْتَ: لڑکی کو زندہ درگور کرنا۔ صفت مفعولی وَئِيْدٌ وَئِيْدَةٌ ومَوْؤُوْدَةٌ ...... فُلَانًا: بوجھل کرنا۔

تَوَأَدَ واتَّأَدَ فِي الْاَمْرِ: مہلت اور آہستگی سے کرنا۔ وتَوَأَدَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: زمین کا کسی کو چھپا لینا اور غائب کر دینا......الـمَرْأَةُ فِيْ قِيَامِهَا: بوجھل ہونے کی وجہ سے لچکنا۔

بلبلاہٹ۔

الـوَئِيْد: سخت۔ اُونٹ کی بلبلاہٹ۔ پیروں کی چاپ جو دور سے سنائی دے اور کہا جاتا ہے "مَشٰی مَشْاوَئِيْدًا" وہ متانت و سنجیدگی سے چلا (...... وَالتُّوْدَة والتَّوَآد) سنجیدگی۔ متانت۔

الـمَـوَائِد: مصیبتیں (اس کی اصل الـمـاود: ہے)

وَأَرَ يَئِرُ وَأْرًاوَارَةً الرَّجُلَ: گھبراہٹ میں ڈالنا.....الـنَّـارَ ولِلنَّار: آگ روشن کرنے کے لئے گڑھا بنانا (......وَوَأَّرَ تَـوْئِيْـرًا) فُلَانًا: مصیبت میں ڈالنا۔

اَوْأَرَهُ اِيْئَارًا: نفرت دلانا۔ خبردار کرنا۔

اِسْتَوْأَرَتِ الإبِلُ: اُونٹوں کا رُک کر پہاڑ پر چڑھ جانا۔

الوَائِر: فا۔ خوفزدہ۔

اِلإرَة ج اِرَاتٌ وارُوْن والـــوُؤْرَة ج. وُأرٌ واُوْرٌ: آگ سلگانے کی جگہ۔ اِلإرَةُ: آگ۔ اوجھ میں پکا ہوا گوشت۔ دھوپ میں سکھایا ہوا گوشت۔ دشمنی۔ آگ کی بھڑک۔ کوہان کی چربی۔

الوِئَار: لیپنے کی مٹی نکالنے کے گڑھے۔

اَرْضٌ وَئِرَةٌ: بہت گرمی والی زمین۔

وَأَصَ يَئِصُ وَأْصًابِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹکنا۔

تَوَاصَّ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ پانی پر بھیڑ کرنا۔

الـوَئِيْصَة: جماعت' مخلوق' کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الـوَئِيْصَةِ هُوَ" میں نہیں جانتا کہ

وہ کون ہے۔
وَأطَ يَئِطُ وَأطًا القَوْمَ: زیارت کرنا۔
الشَّئُ: جوش میں آنا۔
الوَأطَةُ مِنَ الأرضِ: بلند زمین......مِنَ
الماءِ: پانی کی بڑی جگہ۔
وَأَلَ يَئِلُ وَألاً ووَئِيلاً ووُؤُولاً ووَاءَلَ
وِئَالاً ومُوَاءَلَةً مِنْ كَذَا: نجات ڈھونڈنا۔
اِلَيهِ: پناہ لینا......اِلَى المَكَانِ: سبقت کرنا۔
وَأَّلَ فُلاناً: جائے پناہ بنانا......اِلَى اللّٰهِ:
رجوع کرنا۔ توبہ کرنا (...... وَأوْأَلَ)
المَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی ہونا۔
وأَوْأَلَ المَكَانُ: تہ بتہ جمی ہوئی مینگنیوں والی
بنانا۔ أَوْأَلَتِ المَاشِيَةُ فِي المَكَانِ او
الكَلَأ: گوبر مینگنی سے خراب کرنا۔
الوَأْلُ والمَوْئِلُ والمَوْأَلَةُ: جائے پناہ۔
اِسْتَوْأَلَتْ اِسْتِيئَالاً الإبِلُ: اونٹوں کا اکٹھا
ہونا۔
الوَأْلَةُ: اونٹ یا بکریوں کی تہ بتہ مینگنیاں۔
وَأَمَهُ يَؤُمُهُ وَأْمًا: بدشکل کر دینا۔
وَاءَمَهُ وِئَامًا ومُوَاءَمَةً: موافقت کرنا۔
تَوَاءَمَ: موافق ہونا۔ مناسب ہونا۔
اِتَّأَمَتْ اِتِّآمًا المَرأَةُ: جڑواں جننا۔ صفت
مُتْئِمٌ: اس میں واؤ کی تبدیلی تا سے ہوئی
ہے۔
الوَأْمُ: گرم کمرہ۔
الوَأْمَةُ: دوسرے کی صنعت کا نقال۔
المُوَأَّمُ: بدشکل۔ بڑے سر والا۔
المُتَوَائِمُ: فا۔ غِنَاءٌ مُتَوَائِمٌ: متناسب۔
وَأْوَأَ وَأْوَأَةً الكَلْبُ: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "مَا
سَمِعْتُ إلاَّ وَعْوَعَةَ الذِّئَابِ وَأْوَأَةَ الكِلابِ:
میں نے بھیڑیوں کے چیخنے اور کتوں کے بھونکنے
کے علاوہ کچھ نہیں سنا۔
وَأَى يَئِي وَأْيًا: وعدہ کرنا......الشَّئَ: ذمہ
دار ہونا۔
تَوَاءَى تَوَائِيًا القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔
اِتَّأَى اِتِّئَاءً: وعدہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْأَى اِسْتِيئَاءً الرَّجُلَ: وعدہ لینا۔

الوَأْيُ: مص۔ وعدہ۔ وہم وگمان۔ لوگوں کی
تعداد۔
الوَأَى مِنَ الدَّوَابِ: تیز رفتار۔ مؤنث
وَآةٌ (جیسے کہ قَنَاةٌ)
الوَأْيَةُ: بڑے بورے۔ بڑے پیٹ والی
اونٹنی (...... والوَأْيَةُ) بڑا پیالہ۔ بڑی ہانڈی
الوَئِيَّةُ: موتی۔ اپنے گھر کی محافظ عورت۔
وَبَّ يَوُبُّ وَبًّا: لڑائی میں حملہ کے لئے تیار
ہونا۔
وَبَأَ يَوْبَأُ وَبْأً ووَبَأَ المَتَاعَ: ترتیب سے
رکھنا۔
وَبَأَ وَأَوْبَأَ اِلَيهِ: اشارہ کرنا۔
وَبِئَ يَوْبَأُ وَبَئًا وَبْأً ووَبُؤَ يَوْبُؤُ وَبَاءَةً وَبَاءَةً
وإبَاءَةً وإبَاءَةً ووُبِئَ يُوْبَأُ وَبْأً وأَوْبَأَ
المَكَانُ: بہت وبا زدہ ہونا۔ اسم البِئَةُ عِدَةٌ
کی مانند۔
تَوَبَّأَ البَلَدَ: شہر کی آب وہوا کو ناموافق پانا۔
اِسْتَوْبَأَ اِسْتِيبَاءً المَدِينَةَ: وبا زدہ پانا۔
الوَبَأُ ج أَوْبَاءٌ والوَبَاءُ ج أَوْبِئَةٌ: عام
بیماری۔
الوَبِئُ والوَبِيءُ والمَوْبُوءُ: بہت وبا زدہ جگہ
اور ہر ایک کی مؤنث تا کے ساتھ۔
المُوبِئُ: فا۔ تھوڑا پانی۔
وَبَتَ يَبِتُ وَبْتًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَبَّخَهُ: جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔ عار دلانا۔
دھمکانا۔
الوَبْخَةُ: سرزنش۔ تکلیف دہ ملامت۔
وَبِدَ يَوْبَدُ وَبَدًا: بدحال اور کم مال والا
ہونا۔ صفت وَبِدٌ......الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ
ہونا......النَّهَارُ: دن سخت گرم ہونا......عَلَيهِ:
غضبناک ہونا۔
أَوْبَدَهُ إيبَادًا: جدا کرنا۔
تَوَبَّدَ أَمْوَالَهُمْ: نظر لگانے کے لئے معین
کرنا۔
الوَبْدُ: پہاڑ کا گڑھا۔
الوَبَدُ: مص۔ بدحالی و تنگی زندگانی۔ کہا جاتا
[illegible]

اور کبھی اس مصدر کو بطور وصف کے بھی
استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "رَجُلٌ
وَبَدٌ" یعنی بدحال مرد۔ واحد اور جمع دونوں
کے لئے اور کبھی أَوْبَادٌ جمع لاتے ہیں۔
الوَبْدُ: گرمی۔ عیب۔ پہاڑ کا گڑھا۔
الوَبِدُ: بھوکا (...... والمُتَوَبِّدُ) سخت نظر لگنے کا
سبب بننے والا۔
قَوْمٌ أَوْبَادٌ: مفلس لوگ۔
المُسْتَوْبِدُ: قلت مال اور کثرت عیال سے
بدحال مرد۔
وَبِرَ يَوْبَرُ وَبَرًا و أَوْبَرَ إيبَارًا: بہت پشم والا
ہونا۔ صفت وَبِرٌ وأَوْبَرُ: مؤنث وَبِرَةٌ
وَبْرَاءُ۔
وَبَرَ يَبِرُ وَبْرًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
وَبَّرَ: چھوٹے چھوٹے بال نکلنا......الثَّعْلَبُ:
لومڑی کا نشان چھپانے کے لئے سخت زمین
پر چلنا......الرَّجُلُ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا
......فُلانٌ: بھاگنا اور وحشت زدہ ہونا یا تنہا
زندگی بسر کرنا......عَلَيهِ الأَمْرَ: پوشیدہ
رکھنا۔
وُبِّرَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں گابھا دینا۔
الوَبْرُ: سخت سردی کے سات دنوں میں سے
ایک دن۔ بلی سے چھوٹا ایک جانور جس کی
دم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ ج
وُبُورٌ ووِبَارٌ ووِبَارَةٌ: مؤنث الوَبْرَةُ۔
الوَبَرُ: مص۔ اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے
بال ج أَوْبَارٌ۔ أَهْلُ الوَبَرِ: دیہاتی لوگ۔
کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّئَ بِوَبَرِهِ" یعنی اس
نے سارا لے لیا۔
الوَبَرَةُ۔ وَبَرٌ: کا واحد۔
الوَابِرُ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِرٌ" گھر
میں کوئی نہیں۔
بَنَاتُ الأَوْبَرِ وبَنَاتُ أَوْبَرَ: چھوٹی اور ردی
قسم کے سانپ کی چھتری اور کہا جاتا ہے
لَقِيتُ مِنْهُ بَنَاتِ أَوْبَرَ: مجھے اس سے مصیبت
حاصل ہوئی۔
[illegible] ج بوابیر: اسٹیمر۔ (فرانسیسی لفظ)

وَبِشَ يَوْبَشُ وَبْشًا الظُّفُرُ: ناخن پر سفید داغ ہونا...... جِلْدُ الْبَعِيْرِ: خارش کی وجہ سے اُونٹ کی کھال پر سیاہ سفید داغ ہونا۔ صفت وَبِشٌ۔

وَبَّشَ تَوْبِيْشًا الْجَمْرُ: چنگاری کا ہوا چلنے سے سلگنا...... الْقَوْمُ فِي أَمْرٍ: کسی کام میں ہر جگہ سے مشغول ہونا...... لِلْحَرْبِ: مختلف قبائل سے جنگ کے لئے اکٹھا ہونا۔

وَبَّشَتِ الأَظْفَارُ: ناخنوں میں سفید داغ ہونا۔

أَوْبَشَ: تیز چلنا۔ أَوْبَشَتِ الأَرْضُ: مخلوط پودوں والی ہونا۔

الوَبَشُ والوَبْشُ: کھجلی کے داغ۔ ناخن کے سفید داغ۔ أَوْبَاشٌ: کا واحد بمعنی سفلہ و کمینے لوگ۔ وَبْشُ الْكَلَامِ: ردی کلام اور کہا جاتا ہے "مَا بِهٰذِهِ الأَرْضِ إِلَّا أَوْبَاشٌ مِنْ شَجَرٍ أَوْ نَبَاتٍ" یعنی اس زمین میں صرف تھوڑے سے بکھرے ہوئے درخت یا نباتات ہیں۔

وَبَصَ يَبِصُ وَوَبْصًا وَبِيْصًا وَبِصَةً: چمکنا۔ بجلی کوندنا۔ صفت وَابِصٌ...... الْجِرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔ وَبَصَتِ الأَرْضُ: بہت نباتات والی ہونا۔

وَبِصَ يَوْبَصُ وَبْصًا: چست ہونا۔ صفت وَبِصٌ۔

وَبَّصَ الْجِرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا...... لَهُ بِيَسِيْرٍ: تھوڑا دینا۔

أَوْبَصَتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شعلہ اُٹھنا۔

أَوْبَصَتِ الأَرْضُ: نباتات ظاہر ہونا۔ یا بہت نباتات والی ہونا۔

أَبْيَضُ وَابِصٌ: چمکدار سفید۔

الوَابِصَةُ والوَبِيْصَةُ: آگ۔ الوَابِصَةُ: دہشت۔ خوف۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي النَّارِ وَابِصَةٌ" آگ میں چنگاری نہیں۔ "إِنَّهُ لَوَابِصَةُ سَمْعٍ" یعنی ہر سنی ہوئی چیز پر بھروسہ کرتا ہے۔

الوَبَّاصُ: چاند۔ چمکیلا۔ عَارِضٌ وَبَّاصٌ: بہت چمکنے والا بادل۔

وَبْصَانُ وُوَبُصَانُ: زمانہ جاہلیت میں ماہ ربیع الاخر کا نام۔

وَبَطَ يَبِطُ وَبْطًا الْجُرْحَ: زخم کھولنا۔ الرَّجُلَ: مرتبہ گھٹانا۔ ذلیل کرنا...... فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهِ: روک دینا۔ باز رکھنا (...... وَوَبِطَ يَوْبَطُ وَوَبُطَ يَوْبُطُ وَبْطًا وَوُبُوْطًا وَبَاطَةً) کمزور ہونا۔ خسیس یا بزدل ہونا۔

أَوْبَطَهُ: اچھی طرح خون بہانا۔ اچھی طرح قتل و غارت کرنا۔

الوَابِطُ: خسیس۔ کمزور۔ بزدل۔

الوَبَاطُ: کمزوری۔

وَبَقَ يَبِقُ وَوَبِقَ يَبِقُ وَبْقًا وَوَبِقَ يَوْبَقُ وَبَقًا وَوُبُوْقًا وَمَوْبِقًا وَاسْتَوْبَقَ: ہلاکت ہونا۔ صفت وَبِقٌ۔

أَوْبَقَهُ إِيْبَاقًا: ہلاک کرنا۔ ذلیل کرنا۔ قید کرنا۔

المَوْبِقُ: ہلاکت کی جگہ۔ وعدہ کی جگہ۔ قید خانہ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْكَبُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں خطرات میں پڑتا ہے "وَيَفْعَلُ الْمُوْبِقَاتِ" فلاں معاصی کا ارتکاب کرتا ہے۔

وَبَلَ يَبِلُ وَبْلًا فُلَانًا بِالْعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا...... الصَّيْدَ: شکار کو تیز ہانکنا۔

وَبَلَتِ السَّمَاءُ: بڑی بڑی بوندوں کی بارش برسانا۔

وَبُلَ يَوْبُلُ وَبْلًا وَوَبَالًا وَوُبُوْلًا وَوَبَالَةً الْمَكَانُ: بدہضمی والی جگہ ہونا...... الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

وَابَلَهُ مُوَابَلَةً: ہمیشگی کرنا۔

اِسْتَوْبَلَ اِسْتِيْبَالًا الْمَكَانَ: بدہضمی والی جگہ پانا۔ اِسْتَوْبَلَتِ الإِبِلُ: چراگاہ کے مضر صحت ہونے سے بیمار ہونا۔

الوَبْلُ والوَابِلُ: تیز بارش۔ بڑی بوندوں کی بارش۔

الوَابِلَةُ: وَابِلٌ کا مؤنث۔ بازو یا ران کے سرے کا کنارہ۔

الوَبَالُ: مضر۔ سختی۔ بدہضمی۔ برا انجام۔

الوَبْلَةُ والأَبَلَةُ: گرانی۔ سختی۔ بدہضمی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ وَبْلَةُ الطَّعَامِ أَوْ أَبَلَةُ الطَّعَامِ" اس کو کھانے سے بدہضمی ہوگئی۔

الوَبِيْلُ: سخت۔ مَرْعًى وَبِيْلٌ: مضر صحت چراگاہ۔ طَعَامٌ وَبِيْلٌ: مضر صحت کھانا۔

الوَبِيْلُ: ناقوس بجانے کی لکڑی۔ نرم شاخ۔ دھوبی کی موگری اور کہا جاتا ہے "إِبِيْلٌ عَلَى وَبِيْلٍ" یعنی لاٹھی پر سہارا لینے والا بڈھا (...... والوَبِيْلَةُ والمَوْبِلُ...... والمِيْبَلُ) موٹا ڈنڈا۔ لکڑی کا گٹھا۔

المِيْبَلُ والمِيْبَلَةُ: کوڑا۔ اونٹوں کے ہانکنے کے لئے لکڑی میں بندھا ہوا تسمہ ج مَوَابِلُ۔

وَبْنٌ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ وَابِنٌ" گھر میں کوئی نہیں۔

الوَبْنَةُ: تکلیف۔ بھوک۔

وَبَهَ وَوَبِهَ يَوْبَهُ وَبْهًا وَوَبَهًا وَوُبُوْهًا وَأَوْبَهَ إِيْبَاهًا لِفُلَانٍ وَبِهِ: جاننا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُوْبَهُ بِهِ أَوْ لَهُ" فلاں کی پرواہ نہیں کی جاتی۔

وَتَأَ يَتَأُ وَتْأً فِي مِشْيَتِهِ: سست رفتار چلنا۔

وَاتَأَهُ مُوَاتَأَةً وَوِتَاءً عَلَى الأَمْرِ: موافقت کرنا۔

الوَتُّ والوَتَّةُ: قمری کی آواز۔

وَتُحَ يَوْتُحُ وَتَاحَةً وَوَتْحَةً وَوُتُوْحَةً الْعَطَاءُ: داد و دہش کم ہونا۔

وَتَحَ يَتِحُ وَتْحًا وَتِحَةً الْعَطَاءَ: داد و دہش کم کرنا۔

أَوْتَحَ إِيْتَاحًا وَوَتَّحَ تَوْتِيْحًا الْعَطَاءَ: کم کرنا۔ أَوْتَحَ الرَّجُلُ: آفت لاحق ہونے سے کم مال والا ہونا...... فُلَانًا: رنج و مشقت میں ڈالنا...... لَهُ الشَّيْءَ: کم کرنا۔

تَوَتَّحَ تَوَتُّحًا مِنَ الشَّرَابِ: کم پینا۔

الوَتْحُ والوَتِحُ والوَتِيْحُ: تھوڑا۔ ناچیز۔ رَجُلٌ وَتِحٌ: خسیس مرد۔ طَعَامٌ وَتْحٌ: بے

برکت کمانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنیٰ عَنْہُ وَتِحَۃً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
وَتَخَ یَتِخُ وَتْخًا الرَّجُلَ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
اَوْتَخَ اِیْتَاخًا مِنْ فُلَانٍ: انتہائی مشقت کو پہنچانا۔
اَلْوَتِخَۃ: کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنیٰ عَنْہُ وَتِخَۃً" اس نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔
اَلْمِیْتَخَۃ: چھڑی۔
وَتَدَ یَتِدُ وَتْدًا وَتِدَۃً وَتَّدَ الْوَتَدَ: میخ گڑ جانا ...... الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔ وَتَدَ فِي بَیْتِہٖ: اقامت کرنا۔ وَتَّدَ الزَّرْعُ: نباتات کا ظاہر ہونا اور قوی ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "وَتَّدَ رِجْلَہٗ فِی الْاَرْضِ" اس نے اپنے پیر کو زمین میں دھنسا دیا۔
اَوْتَدَ اِیْتَادًا الْوَتَدَ: میخ گاڑنا۔
اَلْاَوْتَادُ فِیْ عُرْفِ الْمُسْلِمِیْنَ: مسلمانوں کی اصطلاح میں اوتاد چھپے ہوئے چار اولیاء ہیں اور ان کی ذمہ داری میں ہے کہ وہ چار آسمانوں سے آنے والے احکام کی تدبیر کریں۔ ان اولیاء کی رہائش چار آسمانوں پر ہوتی ہے۔ ان اولیاء کو العمد بھی کہا جاتا ہے۔
اَلْاَوْتَادُ الْاَرْبَعَۃ: (فلکیات)
چار رئیسی برج بارہ برجوں میں سے جن چار کے نام یہ ہیں: (۱) اَلْوَتَدُ الطَّالِعُ (۲) اَلْوَتَدُ الْغَائِبُ. (۳) وَتَدُ السَّمَاء (۴) وَتَدُ الْاَرْض: ان چار بوجوں کو نظام فلکی میں بنیادی اور حفاظتی حیثیت ہے۔
الْوَتْد والْوَتِد والْوَتَد: میخ۔ کھونٹی۔ کان کے سامنے کا سرے کے مانند ابھرا ہوا حصہ۔ ج اَوْتَاد. اَوْتَادُ الْاَرْضِ: پہاڑ۔ اَوْتَادُ الْبِلَادِ: ملک کے بڑے بڑے آدمی۔ اَوْتَادُ الْفَم: دانت۔ وَالْوَتِد عِنْدَ اَھْلِ الْعَرُوْض: تین حروف جن میں سے دوسرا یا تیسرا ساکن ہو۔ اگر دوسرا ساکن ہو تو وتد مفروق: کہلاتا ہے جیسے قَوْلُ اور تیسرا ساکن ہو تو وتد مجموع جیسے عَلیٰ۔
المِیْتَد والمِیْتَدَۃ: میخ گاڑنے کی لکڑی یا لوہے کی موگری۔
اَلْوَاتِد: ۃ۔ ثابت۔ قَرْنٌ وَاتِدٌ: کھڑا سینگ وَتِدٌ وَاتِدٌ: مبالغہ کے لئے ہے جیسے شُغْلٌ شَاغِلٌ.
وَتَرَ یَتِرُ وَتْرًا وَتِرَۃً فُلَانًا: گھبرا دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا...... فُلَانًا مَالَہٗ او حَقَّہٗ: گھٹا دینا۔ الْقَوْمَ: جفت کو طاق کر دینا......
الْقَوْسَ: تانت لگانا۔
اَوْتَرَ اِیْتَارًا الْقَوْسَ: کمان کے لئے تانت بنانا یا کمان میں تانت لگانا...... الشَّیْئَ: طاق بنانا ...... بَیْنَ الْاَشْیَاءِ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا۔
وَاتَرَ وِتَارًا ومُوَاتَرَۃً الْاَشْیَاءَ: وقفہ دے دے کر لگاتار کرنا...... الْکُتُبَ: لگاتار بھیجنا ...... الصَّوْمَ: ایک یا دو روز کا ناغہ دے کر روزہ رکھنا۔
وَتَّرَ الْقَوْسَ: کمان میں تانت لگانا۔
تَوَتَّرَ الْعَصَبُ وَنَحْوُہٗ: پٹھے وغیرہ کا تانت کی مانند سخت ہونا۔
تَوَاتَرَتِ الْاَشْیَاءُ: وقفہ کے ساتھ لگاتار ہونا۔
وَتَرُ الْقَوْسِ: کمان کی تانت۔
فِیْ الخطِّ الْمُنْحَنِیْ: خط کا قطعہ جو لفظوں کو ملانے والا ہو۔ فِی الْمُثَلَّثِ الْقَائِمِ الزَّاوِیَۃِ: (علم ہیئت) زاویہ قائمہ کے بالمقابل ضلع۔
الْوَتْر والوِتْر: بے جوڑ۔ طاق۔ بدلہ یا بدلہ لینے میں ظلم۔ ج اَوْتَار.
الْوَتَر. وَتَرَۃٌ کی جمع ہے بمعنی تانت۔ ج اَوْتَارٌ وِتَارٌ.
الْوَتَرَۃ: دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ کان کے اوپر کے حصہ کی نرم ہڈی۔ نتھنے کا کنارہ یا ناک کے بانسہ اور مونچھ کے درمیان کا حصہ۔ کمان سے تیر نکلنے کی جگہ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ ہر چیز کا گھیرا۔ ہر چیز کا خالص حصہ ج وَتَرٌ وَتَرَاتٌ.
الْوَتِیْرَۃ: طریقہ۔ وقفہ۔ سستی۔ نیزہ بازی سیکھنے کا دائرہ۔ قبر۔ گھوڑے کی پیشانی کا گول سفید داغ۔ بدلہ یا بدلہ دینے میں ظلم۔ قید۔ تاخیر۔ نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔ کان کے اوپر کا حصہ کی نرم ہڈی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی کھال۔ ہونٹ کا حلقہ۔ مکان کا وہ حصہ جہاں ستونوں سے طاق کے مانند بنایا جائے۔ سفید زمین۔ گلاب کا شگوفہ۔ پہلی دہائی کا نام۔ یعنی جب دس کا عدد پورا ہو جاتا ہے تو اسے وَتِیْرَۃ: کہتے ہیں۔
تَتْریٰ: اس کی اصل وَتْریٰ ہے اور اس کے معنی ایک کے بعد ایک کا آنا جیسے اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْریٰ.
الْمَوْتُوْر: مفع۔ وہ شخص جو اپنے مقتول کے خون کا بدلہ نہ لے سکے۔
الْوَتْش: ہر چیز کا قلیل۔ کمینے۔
وَتِغَ یَوْتَغُ وَتْغًا: گنہگار ہونا۔ دین یا دنیا کے بارے میں ہلاک ہونا۔ دردمند ہونا۔ بدخلق ہونا۔ ملامت زدہ ہونا۔ گفتگو میں ناسمجھ ہونا۔ برا قول کہنا اور حد درجہ جاہل ہونا ......
فِیْ حُجَّتِہٖ: غلطی کرنا۔
اَوْتَغَہٗ اِیْتَاغًا: ہلاک کرنا۔ قید کرنا اور بقول بعض مصیبت میں ڈالنا۔ دردناک کرنا۔
اَوْتَغَہٗ عِنْدَ السُّلْطَانِ: مضربات کی تلقین کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْتَغَ دِیْنَہٗ بِالْاِثْمِ" اس نے اپنے دین کو گناہ سے خراب کیا۔
الْوَتِیْغَۃ: دلیل میں غلطی۔
الْمَوْتَغَۃ: ہلاکت۔
وَتَنَ یَتِنُ وُتُوْنًا وِتَنَۃً الْمَاءُ: پانی کا ہمیشہ رہنا اور ختم نہ ہونا ...... بِالْمَکَانِ: ٹھہرنا اور اقامت کرنا (...... وَتْنًا و وَتِیْنًا) الرَّجُلَ: شہ رگ پر مارنا۔
وُتِنَ: شہ رگ پر مارنا۔
وَاتَنَہٗ مُوَاتَنَۃً: چمٹنا۔ ایک دوسرے کا مانند

کام کرنا۔وَاثَنَ الْمَکَانَ: دیر تک ٹھہرنا۔

اِسْتَوْثَنَ الْمَالُ: مال (یعنی جانوروں کا) موٹا ہونا۔

الْوَاثِن: فا۔کسی جگہ میں ہمیشہ رہنے والا۔ج وُثَّن ہمیشہ بہنے والا پانی جو کبھی ختم نہ ہو۔

الْوَثْنَةُ: مقروض کا پیچھا۔مخالفت۔

الْوَتِین: مص۔شہ رگ۔دل کی رگ جس سے تمام رگوں میں خون جاتا ہے۔ج وُتُن وَاَوْتِنَةٌ۔

وَثَاَیَثْاُ وَثْأَ اللَّحْمَ: مردار کرنا......الْوَتَدَ: کھونٹی کے سرے کو پاش پاش کر دینا(......

وَاَوْثَأَ) یَدَہٗ: موچ ڈالنا۔

وَثِئَتْ تَوْثَأُ وَثْأً وَوَثَأً اور وُثُوْءًا وَوُثِئَتْ یَدَہٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔صفت وَثِئَۃٌ وَمَوْثُوْءٌ۔قو وَثِیْئَۃٌ۔

وُثُوْیُوْثُوْ وَثَاءَۃً: موچ لاحق ہونا۔

الْوَثَاءَۃ والْوَثْءُ: موچ۔

الْوَثِیْءُ: ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔

الْمِیْثَاۃُ: میخ گاڑنے کا آلہ۔

وَثَبَ یَثِبُ وَثْبًا وَوُثُوْبًا وَوَثَبَانًا وَوِثَابًا وَوَثِیْبًا وَثِبَۃً: اُٹھنا۔کودنا۔عرب کا قول ہے "وَثَبَ اِلَی الشَّرَفِ وَثْبًا" وہ عزت پر دفعتاً پہنچ گیا۔

وَثَّبَہٗ تَوْثِیْبًا: گدی پر بٹھانا......ہٗ الْوِسَادَۃَ: بیٹھنے کے لئے بچھانا۔وَثَبَہٗ وِثَابًا: کسی کیلئے فرش بچھانا۔

اَوْثَبَہٗ اِیْثَابًا: کودنا۔اَوْثَبَہُ الْمَوْضَعَ: کسی مقام سے کودانا۔

وَاثَبَہٗ مُوَاثَبَۃً: سبقت کرنا۔ٹوٹ پڑنا۔

تَوَثَّبَ عَلَیْہِ فِیْ اَرْضِہٖ: ظلماً قبضہ کر لینا۔

تَوَاثَبَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الْوِثَابُ: تخت۔بچھونا۔بیٹھنے کی جگہ۔

الْوُثُبِیْ: بہت کودنے والا۔کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَوْ نَاقَۃٌ وَثَبِیٌ" بہت اچھلنے کودنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

الْوَثَّابُ: بہت کودنے والا۔فَرَسٌ وَثَّابَۃٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

اَلْوُثَابُ: ایک مخصوص بیماری جس میں جسم گرمی یا سردی کی وجہ سے سکڑ جاتا ہے پٹھے پھول جاتے ہیں اور سر میں شدید درد ہوتا ہے۔

الْمِیْثَبُ: کودنے والا۔بیٹھنے والا۔بلند زمین۔نرم زمین۔چھوٹا چشمہ۔

الْمُوْثَبَانُ: غزوہ نہ کرنے والا بادشاہ۔

وَثُجَ یَوْثُجُ وَثَاجَۃً: گاڑھا ہونا۔الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا ہونا......الْمَکَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔صفت وَثِیْجٌ۔

اَوْثَجَہٗ اِیْثَاجًا: زیادہ کرنا۔

اِسْتَوْثَجَ الْمَالُ: زیادہ ہونا......مِنَ الْمَالِ: زیادہ لینا......الْفَرَسُ: گھوڑے کا موٹا اور گٹھا ہونا......النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

الْوَثِیْجُ: گاڑھا۔گٹھا۔ثَوْبٌ وَثِیْجٌ: گف بنا ہوا کپڑا۔

الْوَثِیْجَۃُ: بہت درختوں والی زمین۔گنجان درختوں والی زمین۔

اَرْضٌ مُوْثَجَۃٌ وَمُثْجَۃٌ: بہت گھاس والی زمین۔

الْمَوْثُوْجُ مِنَ الثِّیَابِ: نرم بنا ہوا کپڑا۔

الْوَثْخَۃُ: پانی کی تری۔

الْوَثِیْخَۃُ: گاڑھا دودھ۔چربی ملی ہوئی نرم ہڈی۔تروتازہ اُلجھی ہوئی گھاس۔کیچڑ والی زمین۔

رَجُلٌ مُوْثَخُ الْخَلْقِ وَمَوْثُوْخَۃٌ: کمزور جسم کا مرد۔

وَثُرَ یَوْثُرُ وَثَارَۃَ الْفِرَاشُ: بچھونے کا نرم و ملائم ہونا۔صفت وَثِیْرٌ......لَحْمُہٗ: بہت گوشت والا ہونا......الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

وَثَرَ یَثِرُ وَثْرًا وَوَثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو روندنا۔نرم کرنا۔

اِسْتَوْثَرَ الْفِرَاشَ: بچھونے کو نرم پانا۔مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔

الْوَاثِرُ: فا۔ثابت قدم۔

الْوَثْرُ: مص۔چمڑے کا ٹکڑا جس کو تسمہ کے طور پر لیا کاٹا جائے۔صدری کے مانند ایک کپڑا۔

الْوِثْرُ: ایک قسم کا کپڑا جو سارے کپڑوں سے اوپر رہتا ہے۔نرم(...... وَالْمِیْثَرَۃُ) زمین پر رکھنے کا گدیلا۔ج مَوَاثِرُ وَمَیَاثِرُ۔

الْوَثْرُ والْوَثِیْرُ: نرم وملائم۔الْوَثِیْرُ: بمعانی وِثْرٌ۔

الْوَثِیْرَۃُ۔وثیر: کا مؤنث۔بہت گوشت والی۔ج وَثَائِرُ وَوِثَارٌ۔

الْوِثَارُ: نرم بچھونا۔

الْوَثَارَۃُ والْوِثَارَۃُ: بچھونے کی نرمی۔

الْمَوَاثِرُ والْمَیَاثِرُ: درندوں کی کھالیں۔ریشم ودیبا کی بنی ہوئی۔

وَثَغَ یَثِغُ وَثْغًا رَاْسَہٗ: توڑنا۔کچلنا۔

الْوَثْغَۃُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔

الْوَثِیْغَۃُ: موسم بہار کی اُلجھی ہوئی گھاس۔

الْوَثِیْغَۃُ مِنَ الْمَطَرِ: تھوڑی بارش۔

وَثَفَ یَثِفُ وَثْفًا وَثَّفَ وَاَوْثَفَ الْقِدْرَ: ہانڈی کے لئے پایہ بنانا۔

وَثِقَ یَثِقُ ثِقَۃً وَوُثُوْقًا وَمَوْثِقًا بِفُلَانٍ: بھروسہ کرنا۔صفت فاعل وَاثِقٌ اور صفت مفعولی مَوْثُوْقٌ بِہٖ۔

وَثُقَ یَوْثُقُ وَثَاقَۃَ الشَّیْءُ: قوی ومضبوط ہونا۔

وَثَّقَ الرَّجُلَ: مضبوط واستوار کرنا۔

وَثَّقَ الْاَمْرَ: مضبوط کرنا......الرَّجُلَ: کسی شخص کو معتبر کہنا۔

اَوْثَقَہٗ اِیْثَاقًا: رسی سے باندھنا۔

وَاثَقَہٗ وِثَاقًا وَمُوَاثَقَۃً: معاہدہ کرنا۔

تَوَثَّقَ: مضبوط وقوی ہونا......فِی الْاَمْرِ: وثیقہ لینا۔

تَوَاثَقَ الْقَوْمُ: باہم عہد وپیمان ہونا۔

اِسْتَوْثَقَ مِنْہُ: وثیقہ لینا......مِنَ الْاَمْوَالِ: حفاظت میں مبالغہ کرنا۔

الثِّقَۃُ: مص۔قابل بھروسہ۔لفظاً واحد مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی ثقات کے وزن پر مذکر ومؤنث دونوں کے لئے جمع لاتے ہیں اور کہا جاتا

ہے "فُلَانٌ اَیْمَنُ الْوَثِقَۃِ یعنی فلاں بہادر ہے اور اس کی بہادری پر بھروسہ کیا جاتا ہے۔

الوَثَاق والوِثَاق: باندھنے کی چیز جیسے رسّی وغیرہ ج وُثُق۔

الوَثِیْق: مضبوط۔ ج وِثَاق۔

الوَثِیْقَۃ۔وَثِیق: کا مؤنث۔ قابلِ اعتماد۔ کام کی مضبوطی۔ اَرْضٌ وَثِیْقَۃٌ: بہت گھاس والی زمین ج وَثَائِق۔

الاَوْثَق: اسم تفضیل۔ مؤنث وُثْقٰی اور اسی سے ہے "اِسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی" اس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا اور کہا جاتا ہے "خُذِ الْاَمْرَ بِالْاَوْثَق" معاملہ کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرو۔

المَوْثِق والمِیْثَاق: عہد۔ ج مَوَاثِق ومَیَاثِق ومَوَاثِیْق ومَیَاثِیْق۔

اَلْوَثَاقِیَّۃُ: زیتون کی قسم کا ایک چھوٹا درخت جس کے پتے آمنے سامنے ہوتے ہیں پھول خوشہ کی شکل میں لٹکے ہوتے ہیں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

وَثَلَ الْمَالَ: مال جمع کرنا...... الشَّیْئَ: مضبوط واستوار کرنا۔

الوَثَل: درخت خرما کے چھال کی رسی۔ چمڑے کا میل کچیل۔

الوَثِیْل: درخت خرما کی چھال۔ درخت خرما کی چھال کی رسّی یا جوٹ کی رسّی۔

وَثَمَ یَثِمُ وَثْمًا الشَّیْئَ: توڑنا۔ کوٹنا۔ وَثَمَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ: زور سے بارش ہونا...... الفَرَسُ الْاَرْضَ: گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔

وَثَمَتْ وَثْمًا وِثَامًا الْحِجَارَۃُ رِجْلَہٗ: پتھروں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔

وَثِمَ یَوْثَمُ وَثَمًا الْمَکَانُ: کم گھاس والی ہونا۔

وَثُمَ یَوْثُمُ وَثَامَۃً: بہت گوشت والا اور گٹھا ہونا۔ صفت وَثِیْم۔

وَاثَمَ مُوَاثَمَۃً فِی الْعَدْوِ: دشمنوں میں گھستے ہوئے چلا جانا۔

الوَثِیْمَۃ: پتھر۔ چقماق کا پتھر۔ گھاس یا نباتات کا ڈھیر۔

الوَثِم: کی۔

خُفٌّ مِیْثَم: بہت پامال کرنے والا گھر۔

وَثَنَ یَثِنُ وُثُوْنًا: عہد پر قائم رہنا۔

اَوْثَنَہٗ اِیْثَانًا: بہت عطیہ دینا...... مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔

اِسْتَوْثَنَ اِسْتِیْثَانًا الشَّیْئُ: باقی رہنا۔ مضبوط ہونا...... المَالُ: مال یعنی مویشی کا موٹا ہونا...... مِنَ الْمَالِ: بہت لینا۔

اِسْتَوْثَنَتِ الْاِبِلُ: اولاد کا بڑھنا۔

الوَاثِن: فا۔ ایک جگہ پر قائم رہنے والا۔ ج وُثُن۔

الوَثَنِ: بت۔ ج اَوْثَانٌ ووُثُنٌ ووُثْنٌ واُثُنٌ۔

الوَثَنِیُّ: بت پرست۔

وُثِیَتْ تُوْثٰی وَثْیًا یَدُہٗ: ہاتھ میں موچ ہونا۔ صفت مَوْثِیَّۃ۔

اَوْثٰی اِیْثَاءً الرَّجُلُ: زخمی یا شکستہ سواری والا ہونا۔

الوَثْیُ: موچ۔

الوُثْی: تکلیفیں۔

المِیْثَاءَۃ: موگری۔ ہتھوڑا۔

وَجَّ یَوُجُّ وَجًّا: تیز چلنا۔ دوڑنا۔

الوَجُّ: مص۔ تیزی۔ شتر مرغ۔ قطا۔ بل کی لکڑی۔ ایک دوا کا نام۔

وَجَأَ یَوْجَأُ وَجْأً وتَوَجَّأَ فُلَانًا بِالسِّکِّیْنِ او بِیَدِہٖ: کسی کی چھری یا ہاتھ سے مارنا۔ صفت مفعول مَوْجُوْءٌ ووَجِیٌّ اور اسم الوِجَاء...... التَّمَرَ: کھجور کو کوٹنا۔

وَجَأَ تَوْجِئًا الْبِئْرَ: ختم شدہ پانی والا پانا۔

اَوْجَأَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَوْجَأَ الرَّجُلُ: ناکام ہونا...... فُلَانًا عَنْہُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

اِتَّجَأَ التَّمْرُ: کھجور کا گودے دار ہونا۔

الوَجْءُ والوَجَأُ والوِجَاءُ: بے برکت چیز جیسے بے پانی کا کنواں۔

الوَجِیْئَۃ: گاٹے۔ کھجور یا ٹڈیوں کو کوٹ کر گھی یا زیتون کے تیل میں لت پت کر کے تیار کیا ہوا کھانا۔

وَجَبَ یَجِبُ وُجُوْبًا وَجِبَۃً الشَّیْئُ: ثابت ہونا۔ لازم ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَبَ الْبَیْعُ و وَجَبَ لِیْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی بیع لازم ہو گئی اور میری فلاں پر اتنی چیز ثابت ہو گئی (...... وَجْبَۃً الْحَائِطُ ونَحْوُہٗ) دیوار کا زمین پر گرنا...... الرَّجُلُ: دن میں ایک دفعہ کھانا (...... وَجْبًا ووُجُوْبًا) الرَّجُلُ: مرتے ہوئے گرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَوَجَبَ" اس نے اسے مارا پس وہ مر کر گر گیا...... فُلَانًا عَنْہُ: باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ وَجَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا...... العَیْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔ وَجَبَ وَجْبًا وَجِیْبًا ووَجَبَانًا الْقَلْبُ: دل کا تڑپنا۔ دھڑکنا۔

وَجُبَ یَوْجُبُ وُجُوْبَۃً: بزدل ہونا۔

وَجَّبَ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔ ہٗ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی بنانا اور ایسا ہی وَجَّبَ نَفْسَہٗ ولِنَفْسِہٖ: اپنے کو ایک ہی مرتبہ کھانے کا عادی کرنا...... النَّاقَۃَ: اونٹنی کو دن رات میں صرف ایک مرتبہ دوھنا...... الْاَمْرَ عَلَیْہِ: لازم کرنا...... بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ وَجَّبَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا تھکنا۔ وَجَّبَ اللَّبَنُ فِی ضَرْعِ النَّاقَۃِ: پیوی کا تھن میں جم جانا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا بیٹھنا۔

اَوْجَبَ اِیْجَابًا لِفُلَانٍ حَقَّہٗ: رعایت کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِیْجَابًا لِحَقِّہٖ: میں نے اس کے حق کی رعایت کی وجہ سے یہ کیا...... الشَّیْئَ: واجب کرنا یا سمجھنا۔ اَوْجَبَ الْبَیْعَ: لازم کرنا...... الرَّجُلُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔ جنت یا جہنم کے لائق کام کرنا...... اللّٰہُ قَلْبَہٗ: دل کو تڑپانا۔ دھڑکانا۔

وَاجَبَہٗ وِجَابًا ومُوَاجَبَۃً: لازم کرنا۔

تَوَجَّبَ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

تَوَاجَبُوْا: باہم شرط لگانا (گویا کہ بعض نے بعض پر کچھ واجب کیا)

اِسْتَوْجَبَ اِسْتِيْجَابًا الشَّيْئَ: مستحق ہونا۔ واجب ولازم جاننا۔

اَلْوَجْبُ: مص بڑی مشک۔ ج وِجَابٌ(..... والوَجَاب والوَجَابَة: بزدل۔ قَلْبٌ وَجَابٌ: بہت دھڑکنے والا دل۔

الوَجْبُ: گھوڑ دوڑ یا تیراندازی کی شرط۔

الوَجْبَة: مص دھماکے کے ساتھ گرنا۔ یا گرنے والے کی آواز۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔ ج وَجَبَات۔

الوُجُوْب: مص ثبوت۔ ذات کا اپنی عین کا اقتضاء کرنا اور خارج میں محقق ہونا۔

الوَجْبَة: وظیفہ۔ بیع کو واجب کرنا۔ پھر پہلے پہل لینا اور جب لے کر فارغ ہو چکو تو کہا جاتا ہے "قَدْ اِسْتَوْفَيْتَ وَجْبَتَكَ"۔

الوَاجِب: فا۔ لازم اور جائز ممکن ممتنع کے مقابل پر بھی بولا جاتا ہے۔ الوَاجِب: مقتول۔ وَاجِبُ الْوُجُوْدِ: جس کا وجود بذاتہ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے۔

المُوْجِب: فا۔ سبب۔ باعث۔

المُوْجَب: مفع ..... مِنَ الْكَلَامِ: جس میں نفی نہی استفہام ہو۔

المُوْجِبَة: بڑی نیکی یا بڑا گناہ جو باعث جنت یا جہنم ہو۔

المَوْجِب: موت۔ ج مَوَاجِب کہا جاتا ہے "خَرَجَ الْقَوْمُ اِلٰی مَوَاجِبِهِمْ" قوم اپنی موت کی جگہوں میں گئی۔

وَجَحَ الشَّيْئُ: ظاہر ہونا۔

اَوْجَحَ: ظاہر ہونا ..... الحَافِرُ: کھودنے میں چٹان تک پہنچنا ..... البَيْتَ: گھر پر پردہ لٹکانا ..... هُ اِلٰی كَذَا: مجبور کرنا۔ اوجَحَتِ النَّارُ: آگ کا چمکنا ..... غُرَّةُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا واضح ہونا۔ اَوْجَحَ البَوْلُ فُلَانًا: ..... پیشاب کا کسی کو تکلیف پہنچانا۔

الوَجَاح: چکنا پتھر (..... الوُجَاح والوِجَاح) پردہ۔

الوَجْح: غار کے مانند۔

المُوْجَح: مفع۔ جائے پناہ۔ چکنا پھسلا ..... والوَجِيْح) مضبوط وگف بنا ہوا کپڑا۔

المَوْجُوْح مِنَ الْاَبْوَابِ: بند کیا ہوا دروازہ۔

وَجَدَ ووَجِدَ يَجِد وَجْدًا ووُجْدًا وجِدَةً ووُجُوْدًا وِجْدَانًا وَاِجْدَانًا المَطْلُوْبَ: پانا۔ ضائع ہونے کے بعد کامیاب ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُ الضَّالَّةَ" میں نے گم شدہ کو پالیا۔ وَجَدَ افعال القلوب میں سے بھی ہے اس صورت میں دو مفعول کو نصب دیتا ہے جیسے وَجَدْتُ كَلَامَكَ صَادِقًا اور اس کا مصدر وُجُوْدٌ ہے۔

وَجَدَ يَجِد وَجْدًا ووِجْدًا ووُجْدًا۔

وجِدَةَ المَالَ ونَحْوَهُ: مستغنی ہونا۔

وَجَدَ يَجِدُ ويَجُدُ وَجْدًا وجِدَةً ومَوْجِدَةً ووِجْدَانًا عَلَيْهِ: غضبناک ہونا ..... وَجْدًا) بفُلَانٍ: بہت محبت کرنا ..... لَهُ: غمگین ہونا۔

وَجِدَ يَوْجَدُ وَجْدًا: بہت محبت کرنا۔ لَهُ: غمگین ہونا۔

وُجِدَ وُجُوْدًا الشَّيْئُ عَنْ عَدَمٍ: نیست سے ہست ہونا۔ صفت مَوْجُوْدٌ۔

اَوْجَدَ اِيْجَادًا اللّٰهُ الشَّيْئَ: موجود کرنا ..... فُلَانًا: غنی کرنا۔ قوی کرنا ..... هُ مَطْلُوْبَهُ: کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ حاصل کرانا۔

اَوْجَدَهُ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَوْجَدَهُ اِلَيْهِ: مضطر کرنا۔

تَوَجَّدَ بِهٖ: محبت کرنا ..... لَهُ: غمگین ہونا ..... السَّهَرَ ونَحْوَهُ: بے خوابی وغیرہ کی شکایت کرنا۔

تَوَاجَدَ: محبت یا خوشی یا غم یا تکلیف ظاہر کرنا۔

الوَجْد: مص پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج وِجَاذٌ (..... والمُوْجِد والوِجْد) محبت۔ خوشی۔ تونگری۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ وَجْدِيْ" یہ میری قدرت میں ہے۔

الوِجْدَان: مص اور بعض کے نزدیک بمعنی نفس اور اس کی باطنی قوتیں۔

الوِجْدَانِي: ہر وہ چیز جس کو انسان اپنے نفس سے محسوس کرے۔ جو چیزیں باطنی قوتوں سے محسوس ہوں۔ ج وِجْدَانِيَّات۔

الوَاجِد: فا۔ تونگر۔ محب اور کہا جاتا ہے اَنَا وَاجِدٌ لِلشَّيْئِ: میں اس پر قادر ہوں۔

الوَجَّاد: بہت غضبناک۔

الوَجِيْد: ہموار زمین۔ ج وُجْدَان۔

الوُجُوْد: مص ہست۔ عدم کا خلاف۔

الوُجُوْدِيُّ: عدمی کا خلاف۔

اَوْجَدَهُ اِلٰی كَذَا: مضطر کرنا ..... عَلَيْهِ: مجبور کرنا۔

الوَجْد: پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے اور بقول بعض حوض ج وِجَاذ ووِجْدَانٌ۔

مَكَانٌ وَجِذٌ: بہت گڑھوں والی۔ یا بہت حوض والی جگہ۔

وَجِرَ يَوْجَرُ وَجَرًا مِنْ كَذَا: خوف کرنا۔ صفت مذکر وَجِرٌ واَوْجَر صفت مؤنث وَجِرَةٌ ووَجْرَاء۔

وَجَرَهُ يَجِرُهُ وَجْرًا: منہ میں دوا ڈالنا۔ وَجَرَ فُلَانًا: ناپسندیدہ باتیں سنانا۔

اَوْجَرَهُ اِيْجَارًا الوَجُوْرَ: منہ میں دوا ڈالنا ..... هُ الرُّمْحَ: منہ میں نیزہ مارنا۔

تَوَجَّرَ المَاءَ: ناپسندیدگی سے پینا ..... الدَّوَاءَ: دوا کو تھوڑا تھوڑا نگلنا۔

اِتَّجَرَ وَجُوْر: سے علاج کرنا (اس کی اصل اَوْتَجَرَ ہے) دیکھو وَجُوْر۔

الوَجْر: مص۔ پہاڑ میں غار کے مانند ج اَوْجَار۔

الوَجْرَةُ والوُجَرَةُ: وحشی جانوروں کو شکار کرنے کا گڑھا۔ ج اَوْجَار۔

الوِجَار والوَجَار: بجو وغیرہ کا بھٹ۔ وادی کا وہ حصہ جس کو سیلاب نے کھود دیا ہو۔ ج اَوْجِرَةٌ ووُجُر۔

الوُجُوْرُ والوَجُوْر: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

الْمِيْجَزُ والمِيْجَزَةُ: مترشّی ہوا اٹھانے کا آلہ۔
الْمِيْجَاز: چوگان کے مانند ایک لکڑی جس سے گیند کو مارتے ہیں۔
وَجَزَ يَجِزُ وَجْزًا الْكَلَامَ: کلام مختصر کرنا۔ (وَوَجُزَ يَوْجُزُ وَجْزًا وَ وَجَازَةً وَوُجُوْزًا)
الرَّجُلُ فِي مَنْطِقِهِ: مختصر گو ہونا۔
وَجُزَ يَوْجُزُ وَجَازَةً الْكَلَامُ: کلام مختصر و بلیغ ہونا۔
اَوْجَزَ اِيْجَازًا الْكَلَامُ: مختصر ہونا...... الْكَلَامَ وَفِي الْكَلَامِ: مختصر کرنا...... الْعَطِيَّةَ: جلدی دینا۔
تَوَجَّزَ الشَّيْءَ: حاجت پوری کرنے کو کہنا۔
اِسْتَوْجَزَ اِسْتِيْجَازًا الْكَلَامَ: زوائد کو حذف کر دینا۔
الْوَجْزُ. رَجُلٌ وَجْزٌ: جلدی دینے والا یا پھرتیلا (...... وَالْوَجِيْزُ وَالْوَاجِزُ) ہلکا اور مختصر...... مِنَ الْكَلَامِ: جلدی سے سمجھ میں آنے والا مختصر کلام۔
الْمِيْجَازُ: مختصر کلام۔ بولنے کا عادی۔
وَجَسَ يَجِسُ وَجْسًا: پوشیدہ ہونا۔
وَجَسَتِ الْاُذُنُ: کان کا آہٹ محسوس کرنا (...... وَجْسًا وَجَسَانًا) سنی ہوئی چیز سے گھبرانا۔
اَوْجَسَ اِيْجَاسًا الرَّجُلُ: محسوس کرنا اور دل میں چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَسَ الْقَلْبُ فَزَعًا" یعنی دل نے گھبراہٹ محسوس کی۔
اَوْجَسَتِ الْاُذُنُ: کان کا آہٹ سننا۔
تَوَجَّسَ: آہٹ پر کان لگانا...... الطَّعَامَ او الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا...... فَزَعًا: گھبراہٹ محسوس کرنا...... الصَّوْتَ: خوفزدہ ہو کر سننا۔ تَوَجَّسَتِ الْاُذُنُ: آواز سننا۔
الْوَجْسُ: مص۔ آہستہ آواز۔ دل کی گھبراہٹ۔
الْوَاجِسُ: فا۔ دل میں آنے والا خیال۔
الْاَوْجَسُ: تھوڑی خورد و نوش۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهُ سَجِيْسَ الْاَوْجَسِ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
وَجِعَ يَوْجَعُ وَجَعًا: مریض اور دردمند ہونا۔ اس کے مضارع میں يَيْجَعُ اور يَاجَعُ واو کو یا یا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں (وَوَجِعَ فُلَانًا رَاْسُهُ وَوَجِعَ فُلَانٌ رَاْسَهُ" فلاں کے سر میں درد ہے۔
اَوْجَعَهُ اِيْجَاعًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا
اَوْجَعَ فِي الْعَدُوِّ: دشمن کی بہت خونریزی کرنا۔
تَوَجَّعَ: شکایت کرنا۔ غم ظاہر کرنا...... لَهُ: نرم دل ہونا۔
الْوَجَعُ: مرض و تکلیف ج وِجَاعٌ و اَوْجَاعٌ.
الْوَجِعُ: دردوالا۔ ج وَجِعُوْنَ وَوَجْعٰى وَوَجَاعٰى وَوِجَاعٌ وَاَوْجَاعٌ مؤنث وَجِعَةٌ ج وَجَاعٰى وَوَجِعَاتٌ.
الْجِعَةُ: جو کی نبیذ۔
الْاَوْجَعُ: بہت تکلیف پہنچانے والا۔ (یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ اَوْجَعَ ثلاثی مزید سے بنایا گیا ہے)
الْوَجْعَاءُ: دبر۔ ج وجعاوات.
الْوَجِيْعُ: درد پہنچانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ وَجِيْعٌ" دردناک مار۔ جیسے کہا جاتا ہے "عَذَابٌ اَلِيْمٌ.
وَجَفَ يَجِفُ وَجْفًا وَوَجِيْفًا وَوُجُوْفًا الشَّيْءُ: مضطرب ہونا (...... وَجِيْفًا) الْقَلْبُ: دل کا دھڑکنا۔ صفت وَجَّافٌ وَوَاجِفٌ (...... وَجْفًا وَجِيْفًا) الْفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ صفت وَاجِفٌ.
اَوْجَفَ الْفَرَسَ: گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ الشَّيْءَ: حرکت دینا۔ مضطرب کرنا...... الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔
اِسْتَوْجَفَ الْحُبُّ فُؤَادَهُ: محبت کا دل کو شیفتہ کرنا۔
نَاقَةٌ مِيْجَافٌ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
الْوَجِيْفُ: مص۔ خوف سے گرنا۔
[illegible]
اَنْجِيْهِي۔ فوج کی ترتیب۔ ج وُجَاقَاتٌ (دخیل)
وَجِلَ يَوْجَلُ وَجَلًا وَمَوْجِلًا: ڈرنا یا خوف محسوس کرنا اور اس کا مضارع يَيْجَلُ اور يَاجَلُ واو کو یا یا الف سے بدل کر اور يِيْجَلُ علامت مضارع کے کسرہ کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے۔
وَجَلَهُ يَوْجُلُهُ وَجْلًا: خوف میں بڑھ جانا۔
وَجُلَ يَوْجُلُ وَجَالَةً: بوڑھا ہونا۔
وَاجَلَهُ مُوَاجَلَةً فَوَجَلَهُ: خوف میں مقابلہ کرنا۔
اَوْجَلَهُ: ڈرانا۔
الْوَجَلُ: خوف۔ ج اَوْجَالٌ.
الْوَجِلُ: خوف کرنے والا۔ ج وَجِلُوْنَ وِجَالٌ مؤنث وَجِلَةٌ.
الْاَوْجَلُ: خوف کرنے والا (مؤنث کے لئے وَجْلَاءُ نہیں بلکہ وَجِلَةٌ بولا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَلُ مِنْكَ" وہ تم سے زیادہ خائف ہے۔
الْوَجِيْلُ والْمَوْجِلُ: گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔ الْمَوْجَلُ: خوف کی جگہ۔
الْوُجُوْلُ: بڈھے۔
وَجَمَهُ يَجِمُهُ وَجْمًا: مکا مارنا (...... وَجْمًا وُجُوْمًا) شدت غیظ یا خوف سے گفتگو سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "لَمْ اَجِمْ عَنْهُ" میں اس سے گھبرا کر خاموش نہیں ہوا۔ شدتِ غم کی وجہ سے ترش رو ہو کر سر جھکانا۔ صفت وَجِمٌ وَوَاجِمٌ. وَجَمَ مِنَ الْاَمْرِ: ناپسند کر کے رک جانا...... الشَّيْءَ: ناپسند کرنا۔ وَجَمَ لِفُلَانٍ مِنْ كَذَا: نرم دل اور غمگین ہونا۔
الْوَجْمُ: مص۔ رَجُلٌ وَجْمٌ: ناکارہ مرد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَجْمُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔
الْوَجَمُ: بخیل۔ لئیم۔ ہلکا پھلکا۔
الْوَجْمُ والْوَجَمُ: قبروں یا ٹیلوں پر پتھروں کا ڈھیر یا جنگلوں میں راستہ کے نشانات ج وُجُوْمٌ وَاَوْجَامٌ. بَيْتٌ وَجْمٌ وَوَجَمٌ: بڑا

گھر۔

الاَوْجَم: اسم تفضیل۔اَوْجَمُ الرَّمْلِ: ریت کا بڑا قطعہ۔

الوَجْمَة: ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوَجْمَة: ننگ وعار۔

الوَجِیْمُ مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن۔

الوَجِیْمَةُ: گیہوں یا چارہ۔آفت رسیدہ۔

المِیْجَمَةُ: دھوبی کی موگری۔

وَجَنَ یَجِنُ وَجْنًا بِالشَّیءِ: پھینکنا......الوَتَدَ: کھونٹی ٹھونکنا......بِہِ الاَرْضَ: زمین پر پٹکنا......القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو پچھوڑنا۔

وَجُنَ الجِلْدَ: کھال کو نرم ہونے کے لئے کوٹنا۔

تَوَجَّنَ: ذلیل ہونا۔فروتنی کرنا۔

الوَجْنَة والوِجْنَة والوُجْنَة والوَجَنَة والوَجِنَة والاَجْنَة والاِجْنَة والاُجْنَة: رخسارہ میں اُبھری ہوئی جگہ ج وَجَنَات۔

الوَجْن والوَجَن والوَاجِن: پتھریلی سخت زمین۔

الوَجِیْن: وادی کا کنارہ۔سامنے کی قدرے اونچی اور پتھریلی زمین ج وُجُنٌ۔

الاَوْجَن: سخت پہاڑ۔بڑے رخساروں والا۔مؤنث وَجْنَاءُ۔نَاقَةٌ وَجْنَاء: سخت اونٹنی۔

المُوَجَّن: بڑے رخساروں والا۔بہت گوشت والا موٹا۔

المِیْجَنَة: موگری۔ج مَیَاجِن ومَوَاجِن۔

المَوْجُوْن: مفع۔شرمندہ۔

المَوْجُوْنَة: دلہن کا آراستہ کمرہ۔

وَجَهَ یَجِهُ وَجْهًا فُلانًا: منہ پر مارنا اور رد کرنا۔لوگوں کے نزدیک وجاہت میں بڑھ جانا۔

وَجُهَ یَوْجُهُ وَجَاهَةً: وجیہ ہونا۔صاحب وجاہت ہونا۔

وَجَّهَ اِلی فُلانٍ: کسی کے پاس جانا......ہُ اِلی فُلانٍ: کسی کے پاس بھیجنا......ہُ الاَمِیْرُ [illegible] باعزت بنانا......وَجَّهَ الشَّیْءَ: کسی طرف پھیر دینا۔القَوْمُ الطَّرِیْقَ: راستہ پر چلنا اور نشان واضح کرنا۔لِعَبْدِہٖ: غلام سے اپنے مرنے کے بعد آزادی کے لئے کہنا......المَطَرُ الاَرْضَ: ایک روش کی بارش ہونا۔سطح زمین کو صاف کر دینا اور نشان ڈال دینا......الرِّیْحُ الحَصٰی: ہوا کا کنکریوں کو اڑانا......المَیِّتَ: میت کو قبلہ رو کرنا۔

اَوْجَهَ اِیْجَاهًا الرَّجُلَ: وجیہ بنانا۔وجیہ پانا۔رد کرنا۔

وَاجَهَهُ وِجَاهًا ومُوَاجَهَةً: رُودررُو مقابلہ کرنا۔کہا جاتا ہے "لَقِیَهُ مُوَاجَهَةً ووِجَاهًا" اس نے اس سے رُودررُو ملاقات کی۔

تَوَجَّهَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا اور قصد کرنا......الجَیْشُ: شکست کھانا......الشَّیْخُ: بڈھا ہونا۔

تَوَاجَهَ الرَّجُلانِ او المَنْزِلانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

اِتَّجَهَ اِلَیْہِ: متوجہ ہونا......لَهُ رَاْیٌ: خیال سوجھنا۔

الوَجْه: چہرہ۔ج اَوْجُه ووُجُوْه واُجُوْه۔وَجْهُ الثَّوْبِ ونَحْوِہٖ: کپڑے وغیرہ کا سامنے کا پہلو۔وَجْهُ الدَّهْرِ: زمانہ کا اوّل۔کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ عَلٰی وَجْهِ الدَّهْرِ" یہ زمانے کے شروع میں تھا۔

الوَجْه: مص۔جانب۔قصد ونیت جس عمل وغیرہ کی طرف انسان متوجہ ہو۔عزت ومرتبہ۔وَجْهُ الکَلامِ: مقصود کلام۔رضامندی۔کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ لِوَجْهِ اللّٰہِ" اس نے اس فعل کو اللہ کی رضامندی کے لئے کیا۔"وَضَرَبَ وَجْهَ الاَمْرِ وعَیْنَهُ" اس نے کام کی اچھی تدبیر کی۔"وَمَضٰی عَلٰی وَجْهِہٖ" وہ لاپروائی سے گزر گیا "اِبْیَضَّ وَجْهُهُ وبَیَّضَ اللّٰہُ وَجْهَهُ" اس وقت کہا جاتا ہے جبکہ کوئی فعل [illegible] "وَسَوَّدَ اللّٰہُ وَجْهَهُ" اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ فعل مذموم کرے......ج وُجُوْه: سردار قوم اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَجْهٌ" یعنی صاحب عزت ومرتبہ مرد۔الوَجْه: نوع وقسم جیسے "اَلْکَلامُ فِیْہِ عَلٰی وُجُوْهٍ عَلٰی اَرْبَعَةِ وُجُوْهٍ۔وَلَیْسَ لِکَلامِکَ وَجْهٌ" یعنی تمہارے کلام کے لئے صحت کی کوئی صورت نہیں "وَالوَجْهُ اَنْ یَکُوْنَ کَذَا" یعنی ظاہری قصد ہے کہ ایسا ہو "وَلِهٰذَا القَوْلِ وَجْهٌ" یعنی اس قول کے لئے ماخذ ہے "وَفُلانٌ اَحْسَنُ القَوْمِ وَجْهًا" فلاں قوم کے لحاظ سے بہتر حال میں ہے اس لئے کہ عموماً حسن ظاہر حسن باطن پر دلالت کرتا ہے "وَصَرَفَ الشَّیْءَ عَنْ وَجْهِہٖ" اس نے چیز کو اس کے طریقے سے پھیر دیا۔"وَرَجُلٌ ذُوْ وَجْهَیْنِ" جبکہ ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

الوَجْه والوَجَه: تھوڑا پانی۔

الوِجْه والوُجْه: جانب۔گوشہ۔

الوَجْه والوُجْه: صاحب عزت ومرتبہ۔

الجِهَة والجَهَة والجُهَة ج جِهَات وجَهَات وجُهَات والوُجْهَة والوِجْهَة: جانب۔گوشہ جس کی طرف تم توجہ کرو۔اور کہا جاتا ہے "ضَلَّ وِجْهَةَ اَمْرِہٖ" وہ اپنے مقصد سے نکل گیا۔

الوَجَاهَة: مص۔مرتبہ۔عزت۔حرمت۔کہا جاتا ہے "لَهُ وَجَاهَةٌ عِنْدَ النَّاسِ" اس کی لوگوں کے نزدیک عزت وحرمت ہے۔

التَّوْجِیْه: مص......فِی عِلْمِ العَرُوْضِ: روی مقید کے قبل کے حرف کی حرکت کا اختلاف۔روی مطلق اور تاسیس کا درمیان۔کہا جاتا ہے "هُمْ وِجَاهُ اَلْفٍ" وہ ایک ہزار کے قریب ہیں۔کہا جاتا ہے "وُجَاهَهُ ووِجَاهَهُ وُجَاهَهُ وتُجَاهَهُ وتِجَاهَهُ وتَجَاهَهُ: سامنے۔مقابل اور کہا جاتا ہے "قَعَدُوْا تُجَاهَهُ وَجَاهَهُ" وہ لوگ اس کے سامنے بیٹھے۔

الوَجِیْه: سردار قوم۔آبرو والا۔مرتبہ والا ج

وُجَهَـاءُ مؤنث وَجِيهَةٌ ج وَجِيهَـاتٌ وَجِـيهَـةُ الوَجِيـه مِنَ الأَكْسِيَةِ: دورخی چادر۔ الوَجِيه: پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ۔

الوَجِيهَةُ. وَجِيـه: کا مؤنث۔ ایک قسم کا دو رخہ مہرہ جس میں صورت نظر آتی ہے اور بسا اوقات اس کو نظر بد سے بچنے یا حصولِ عزت کے لئے گردن میں لٹکاتے ہیں۔

الأَوْجَه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْجَهُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں زیادہ مرتبہ والا ہے۔ کہا جاتا ہے نَظَرُوا اِلَيَّ بِاُوَيْجِه سُوْءٍ یعنی انہوں نے مجھ کو بری نظر سے دیکھا۔ اُوَيْجِه. اَوْجُه جمع وَجْهٌ کی تصغیر ہے۔

المُوَجَّه: مرتبہ والا......مِنَ الْكِسَاءِ: دورخی چادر۔ شَـيٌ مُوَجَّهٌ: ایک روش پر بنی ہوئی چیز۔

الـمُوَاجَهَة: مص۔ کسی کا کلام یا چہرے سے استقبال کرنا۔

وَجِيَ يَجِي وَجِيَ الرَّجُلَ: ناکارہ و نکما پانا۔ وَجِيَ يَوْجَى وَجًى وَتَوَجَّى الْمَاشِي: ننگے پاؤں ہونا یا قدم گھسنا۔ صفت وَجٍ و وَجِـيٌّ مؤنث وَجِيَةٌ و وَجْيَاء.

اَوْجَى اِيْجَاءً الرَّجُلَ: پاؤں گھسانا۔ دینا عَلَيْهِ: بخل کرنا......عَنْ كَذَا: اعراض کرنا......الشَّيْءَ: دور کرنا......فُلَانًا: حاجت سے ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَوْجَاهُ عَنْهُ" اس نے اس کو اس سے ہٹا دیا "وَاَوْجَيْتُ عَنْكُمْ ظُلْـمَ فُلَانٍ" میں نے تم سے فلاں کے ظلم کو دور کر دیا۔ اَوْجَى الـرَّجُلُ: حاجت کے لئے آنا اور ناکام واپس ہونا اور کہا جاتا ہے "سَاَلَ حَاجَةً فَاَوْجَى" اس نے حاجت کا سوال کیا اور محروم رہا۔

الوِجَاءُ: چھوٹی بوری۔ ج اَوْجِيَةٌ.

الوَجِيُّ: نکما ناکارہ۔

الوُخَاب: اُونٹ کی ایک بیماری کا نام۔

وَجِحَ يَوْجَحُ وَجَحَابَةً: پناہ لینا۔

اَوْجَحَهُ: پناہ دینا۔

الوَجَح: جائے پناہ۔

وَحَـدَ يَحِدُ وَحْدًا وَوَحْـدَةً وَحِدَةً وَوُحُودًا وَوَحُدَ يَحِد وَحَادَةً وَوُحُودَةً: اکیلا ہونا۔ صفت وَحِيدٌ.

وَحَّدَهُ تَوْحِيدًا وَاَحَّدَهُ: ایک بنانا۔ وَحَّدَ اللّٰهَ تَعَالٰى: ایک اللہ تعالٰی پر ایمان لانا۔ یکتا کہنا یا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا۔

اَوْحَدَهُ اِيْحَادًا: اکیلا چھوڑ دینا۔ یکتا جاننا اَوْحَـدَهُ لِلْاَعْدَاءِ: چھوڑ دینا۔ اَوْحَـدَتِ الشَّـاةُ: بکری کا ایک بچہ جننا۔ صفت مُوْحِد.

تَوَحَّدَ: تنہا باقی رہنا......بِـرَاْيِهٖ: اپنی رائے میں اکیلا رہنا۔ تَـوَحَّـدَهُ بِـالْفَضْلِ: کسی پر مہربانی کرنا اور دوسرے کی طرف سپرد نہ کرنا۔

اِتَّـحَـدَ الشَّيْئَـانِ: ایک ہونا......الشَّيْءُ بِـالشَّيْءِ: ایک چیز کا دوسری چیز سے گھل مل جانا......القَوْمُ: متفق ہونا۔

الوَحْد: مص۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ وَحْدَهٗ اَوْ جَـاءَ وَحْدَهٗ" میں نے اس کو اکیلا دیکھا یا وہ اکیلا آیا۔ مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا تثنیہ جمع نہیں آتا اور یہ حالیت کی وجہ سے بتقدیر منفرد منصوب ہے اور بعضوں کے نزدیک اسم متمکن ہے کہا جاتا ہے "جَلَسَ وَحْدَهٗ وعَلٰى وَحْدِهٖ وعَلٰى وَحْدِهِمَا وحَـدَيْهِمَـا ووَحْـدِهِمْ" اور بعضوں کے نزدیک اس کی اضافت صرف فُلَانٌ نَسِيْجُ وَحْدِهٖ بصورت مدح اور عُيَيْـرُ وَحْدِهٖ یا جُحَيْشُ وَحْدِهٖ: بصورت ذم میں ہوتی ہے اور کبھی رُجَيْـلُ وَقْدِهٖ بھی کہتے ہیں۔ رَجُلٌ وَحْدٌ تنہا مرد۔ اَجِيْرُ الْوَحْدِ: اَجیر خاص۔

الوَاحْدَانِيٌّ: اکیلا۔

الوَحْدَانِيَّةُ: اکیلا ہونے کی حالت۔

اَلْـوَحْـدَةُ الْـفَلَكِيَّةُ: زمین کی سورج سے دوری کی مسافت جو کہ مساوی: (۱۴۹۵۰۰۰ کلومیٹر) ہے۔

الحِدَةُ: مص۔ کہا جاتا ہے "......عَلٰى [illegible] حِدَتِهٖ" وہ تنہا باقی رہا۔ "وَفَعَلَهٗ عَلٰى ذَاتِ حِدَتِهٖ ومِنْ ذَاتِ حِدَتِهٖ وَمِنْ ذِي حِدَتِهٖ" اس نے اس کو خود بخود بغیر کسی کی مدد و رائے کے کیا۔

الوَحْدَة: مص۔ تنہائی۔

الـوَحَد والوَحِد: اکیلا۔ مؤنث وَحَدَةٌ و وَحِدَةٌ.

الأَحَد: اکیلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَحَدٌ" اکیلا مرد۔ اس کی اصل وَحَدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ہے "الْاَحَد" لاثانی۔ بے نظیر اور لفظ احد دو موقعوں پر واحد کا مترادف ہے۔ ایک باری تعالٰی کی صفت میں کہا جاتا ہے "هُوَ الوَاحِد وهُوَ الاَحَد" اور اس معنی کے لحاظ سے باری تعالٰی کے علاوہ کسی دوسرے کی صفت واقع نہیں ہوتا۔ دوسرے اسماء عدد میں جیسے اَحَدٌ وعِشْرُوْنَ و وَاحِدٌ وعِشْرُوْنَ اور لفظ احد: مذکر کے لئے آتا ہے کبھی مؤنث کے لئے بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے "لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِنَ النِّسَاءِ" اس وقت شَـيْءٌ کے معنی میں ہے اور احد کی تانیث احدیٰ ہے۔ اور اس کا استعمال دوسرے کے ساتھ مل کر ہوتا ہے جیسے اِحْدَىٰ وعِشْرُوْنَ واِحْدَىٰ عَشَرَةَ واِحْدَىٰ بَنَاتِ طَبَقٍ: مصیبت۔ سانپ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اِبْـنُ اِحْـدَاهَـا" وہ شریف ماں باپ والا ہے (آدمی ہو یا اُونٹ) ضمیر امہات کی طرف راجع یوم ہے۔ يَوْمُ الاَحَدِ: اتوار کا دن۔ ج آحاد.

الـوَاحِـد: ایک مؤنث وَاحِـدَةٌ تثنیہ وَاحِدَانِ ج وَاحِدُوْنَ: لاثانی۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ وَاحِـدُ قَـوْمِـهٖ" وہ اپنی قوم میں لاثانی ہے یعنی علم و فضیلت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے ج وُحْدَان واُحْدَان: اور وَاحِدٌ کا استعمال اَحَـدٌ کے معنی میں ہے۔ یعنی یکتا و لاثانی ہے۔ اسماء حسنٰی میں اس معنی کے لحاظ سے ہے اور کبھی عدد کی صفت میں آتا ہے جیسے اَلْـوَاحِدُ وعَشَرَةٌ وَاحِدَةٌ.

الوَحِيْد: اکیلا۔

اَلْاَوْحَد: واحد سے صفت کا صیغہ ہے اور اسی سے ہے "اَللّٰہُ الْاَوْحَدُ" یعنی اللہ وحدانیت والا ہے اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَوْحَدُ اَهْلِ زَمَانِهٖ" وہ اپنے زمانے والوں میں بے نظیر ہے ج اُحْدَان وَلَسْتُ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ بِاَوْحَدِ" میں اس کام میں اکیلا نہیں ہوں اور مؤنث کے لئے وَحْدَاء کا صیغہ نہیں آتا۔

وُحَاد و اُحَاد و مَوْحَد: ایک ایک واحد واحد سے معدول ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءُوْا وُحَادَ وَاُحَادَ وَمَوْحَدَ" لوگ ایک ایک کر کے آئے اور ایسا ہی مؤنث کے لئے بھی اور یہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اَلتَّوْحِيْد: مص۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتقاد۔

اَلْاِتِّحَادُ اَوِ الْجِسْمُ الْمُرَكَّبُ: (کیمیا) دو یا دو سے زیادہ بسیط جسموں کے ذرات کے درمیان نسبہ تامہ کے ساتھ مضبوط ترکیب کا نتیجہ۔ جیسے پانی آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہے۔ اور یہ مرکب جسم اپنے مرکبات سے مکمل مختلف ہوتا ہے۔

اَلْاِتِّحَادِی: کام کرنے والوں کی تنظیم کا رکن سیاسی اتحادی کا ماہر۔ اَلْاِتِّحَادِيَّةُ: اتحادی کی صفت۔ مزدوروں کی یونین۔

اَلْمُوَحِّد: قا۔ اللہ کی واحدانیت کا معتقد۔

اَلْمُوَحَّد مِنَ الْحُرُوْفِ: ایک نقطہ والا حرف جیسے ب۔

اَلْمِيْحَاد: اکیلا اکیلا۔ ج مَوَاحِيْد.

وَحِرَ يَحِرُ وَيَوْحَرُ وَيَيْحَرُ وَحَرًا عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا اور کینہ رکھنا۔ صفت وَحِرٌ.

وَحِرَ يَوْحَرُ وَحَرًا وَوَحِرَةً: چھپکلی کے مانند ایک زہریلا جانور۔ زہر آلود چیز کو کھانا پینا اور زہر کا اثر کرنا۔۔۔۔ الطَّعَامُ: وحرہ سے زہر آلودہ ہونا۔ صفت وَحِرٌ.

اَوْحَرَهٗ: غیظ و غضب میں ڈالنے والی باتیں سنانا۔ اَوْحَرَتِ الْوَحَرَةُ الطَّعَامَ: زہر آلود کر دینا کہ جس کے کھانے والے کو قے آنے لگے یا پیٹ چلنے لگے۔

اَلْوَحْرُ: کینہ۔ سخت غضب۔ خیانت۔

اَلْوَحَرُ: مص۔ غصہ۔ کینہ۔ سینہ کی سوزشیں۔

اَلْوَحَرَةُ: چھپکلی کے مانند ایک چھوٹا سا جانور جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس چیز پر چلتا ہے وہ زہر آلود ہو جاتی ہے۔ پستہ قد عورت یا اونٹ ج وَحَرٌ. اِمْرَاَةٌ وَحَرَةٌ: سیاہ رنگ کی بدصورت عورت یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت۔

وَحَشَ يَحِشُ وَحْشًا بِثَوْبِهٖ اَوْ سِلَاحِهٖ: کپڑا یا ہتھیار بھاگنے میں خوف کی وجہ سے پھینک دینا۔

اَوْحَشَ اِيْحَاشًا الْمَكَانُ: ویران ہونا۔ ۔۔۔ الْمَكَانَ: خالی پانا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ بے توشہ ہونا۔۔۔۔ الرَّجُلَ: وحشت محسوس کرنا۔

تَوَحَّشَ: وحشی کے مانند ہونا۔ بھوک کی وجہ سے پیٹ خالی ہونا۔ کپڑے پھینکنا۔۔۔۔ الْمَكَانُ: ویران ہونا۔

اِسْتَوْحَشَ: وحشت محسوس کرنا۔۔۔۔ مِنْهُ: مانوس نہ ہونا۔۔۔۔ الْمَكَانُ: ویران ہونا۔

اَلْوَحْشُ: مص۔ جنگلی جانور۔ ج وُحُوْش وَوُحْشَان واحد وَحْشِيٌّ. حِمَارٌ وَحْشٌ وَحِمَارٌ وَحْشِيٌّ: جنگلی گدھا۔

وَبَقَرُ الْوَحْشِ: نیل گائے۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَحْشٌ" ویران و خالی جگہ۔ "وَمَشٰى فِی الْاَرْضِ وَحْشًا" وہ تنہا گیا "وَبَاتَ وَحْشًا" اس نے بھوکے رات گزاری اور جمع کی صورت میں تم کہو گے "هُمْ اَوْحَاش" اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ وَحْشِ النَّاسِ" وہ سفلہ لوگوں میں سے ہے۔

اَلْوَحْشَةُ: تنہائی۔ تنہائی کی وجہ سے خوف یا [illegible]

دوستی۔ محبت کی دوری۔ ویران زمین۔

اَلْوَحْشِيُّ وَالْوَحْشُ: کا واحد۔ لوگوں سے بدکنے والا۔ ہر چیز کا دایاں پہلو۔ ۔۔۔ مِنَ الْقَوْسِ: کمان کی پشت۔۔۔۔ الْوَحْشِيُّ مِنَ التِّيْنِ وَنَحْوِهٖ: جنگلی انجیر۔

اَلْوَحْشِيَّةُ وَالْوَحْشِيُّ: کا مؤنث۔ تیز ہوا جو کپڑوں میں داخل ہو جائے۔

اَلْوَحِيْشُ: جنگلی جانور۔ اَلْجَانِبُ الْوَحِيْشُ: دایاں پہلو۔

اَلْوَحْشَان: غمگین۔ ج وَحَاشٰی.

اَرْضٌ مَوْحُوْشَةٌ: جنگلی جانوروں والی زمین۔

وَحَفَ يَحِفُ وُحُوْفًا الْبَعِيْرُ اَوِ الرَّجُلُ: زمین پر گر پڑنا۔ بیٹھنا۔۔۔۔ مِنْهُ: قریب ہونا۔۔۔۔ اِلَيْهِ: توجہ کرنا۔۔۔۔ اِلٰى كَذَا: تیز چلنا۔

وَحُفَ يَوْحُفُ وَحْفًا وَوُحُوْفَةً وَحَافَةً وَوُحُوْفَةً الشَّعْرُ اَوِ النَّبَاتُ: گھنا ہونا۔

وَحَّفَ: تیز چلنا۔ زمین پر گر پڑنا۔۔۔۔ فُلَانًا: ڈنڈے سے مارنا۔

اَوْحَفَ اِيْحَافًا: تیز چلنا۔ جلدی جانا۔

اَلْوَحْفُ: مص۔ خوبصورت گنجان کالے بال۔ تازہ گھاس (۔۔۔ وَالْوَاحِفُ) جَنَاحٌ [illegible] اَلْاَجْنِحَةِ: بہت پروں والا بازو۔

اَلْوَحِفُ: مص۔ خوبصورت گنجان بال۔

اَلْوَحْفَةُ. وحف: کا اسم مرۃ۔ کالا پتھر۔ گول۔ بلند کالی زمین۔ آواز۔ ج وِحَاف.

اَلْوَحْفَاءُ مِنَ الْاَرَاضِی: وہ زمین جو سنگلاخ نہ ہو اور اس میں کالے پتھر ہوں۔ سرخ زمین۔ ج وَحَافٰی.

اَلْمَوْحِف: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَوَاحِف.

اَلْمِيْحَافُ مِنَ النُّوْقِ: ہمیشہ اپنے ٹھکانے پر رہنے والی اونٹنی۔ ج مَوَاحِيْف.

بَعِيْرٌ مُوَحَّفٌ: دبلا اونٹ۔

وَحِلَ يَوْحَلُ وَحَلًا وَمَوْحَلًا: کیچڑ [illegible]

پڑنا۔
اَوْحَلَهٗ: کیچڑ میں ڈالنا......ہٗ شَرًّا: برائی میں پھنسا دینا۔
وَاحَلَهٗ مُوَاحَلَةً: کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاحَلَهٗ فَوَحَلَهٗ" اس نے کیچڑ میں گھسنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
اِتَّحَلَ اِتِّحَالًا فِیْ یَمِیْنِهٖ: قسم کھانے میں استثناء کرنا۔
تَوَحَّلَ: کیچڑ میں لت پت ہونا (...... وَاسْتَوْحَلَ) اَلْمَکَانُ: کیچڑ والی ہونا۔
اَلْوَحْل بِالتَّسْکِیْنِ: وَحَل میں ایک ردی لغت۔
اَلْوَحَل: کیچڑ۔ ج اَوْحَال ووُحُوْل.
اَلْوَحِل: کیچڑ میں لت پت۔
اَلْمَوْحِل: کیچڑ کی جگہ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یہ وَحِل سے اسم ہے۔
وَحِمَتِ الْمَرْاَۃُ تَحِمُ وتَوْحَمُ وحَمًا وتَوَحَّمَتْ: حاملہ ہونے کی وجہ سے بعض چیزوں کے کھانے کا خواہش مند ہونا۔ کھانے کی خواہش بدل جانا یا کم ہو جانا۔ صفت وَحْمٰی ج وِحَام وَحَامٰی اور اسی سے مثال ہے۔ "وَحْمٰی وَلَاحَبَل" اس لالچی کے متعلق بولتے ہیں جو بغیر ضرورت کے بہت سوال کرے۔
وَحِمَ الشَّیْءَ: خواہش کرنا۔
وَحَمَتْ وَحْمَةً: ارادہ کرنا۔
وَحَّمَ الْحُبْلٰی: حاملہ کو خواہش کے مطابق کھلانا......لَهَا: حاملہ کی خواہش کے مطابق ذبح کرنا یا پیش کرنا۔
اَلْوَحَم: مص۔ حاملہ کی خواہش۔ پرندہ کی پھڑ پھڑاہٹ اور کہا جاتا ہے "لَیْلَةٌ ذَاتُ وَحِمٍ" بہت گرم رات۔
اَلْوِحَام والْوَحَام: حاملہ کی خواہش۔
اَلْوَحِیْم: بہت گرم دن۔
وَحَنَ یَحِنُ ووَحِنَ یَوْحَنُ وَحْنًا ووِحَنَةً عَنْ فُلَانٍ: کینہ رکھنا۔
تَوَحَّنَ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔
اَلْوَحْفَةُ: اسم مرۃ۔ پھسلانے والی کیچڑ۔
وَحْوَحَ: آواز کو گرفتہ نکالنا۔ سخت سردی کی وجہ سے ہاتھوں میں پھونکنا اور اُح اُح یا حو حو کہنا۔
تَوَحْوَحَ الظَّلِیْمُ فَوْقَ الْبَیْضِ: شتر مرغ کا انڈوں پر شیفتگی ظاہر کرنا۔
اَلْوَحْوَح والْوَحْوَاح: قوی۔ کتا۔ آواز نکالنے والا۔ اَلْوَحْوَح: جلد باز تیز آدمی۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ ج وَحَاوِح۔ اَلْوَحْوَاح: سردار اور رئیس ج وَحَاوِیْح.
وَحٰی یَحِیْ وَحْیًا اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغامبر بھیجنا......اِلَیْهِ او وَحٰی اِلَیْهِ کَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اَللّٰهُ فِیْ قَلْبِهٖ کَذَا: دل میں ڈالنا ......اَلْکِتَابَ: لکھنا......الذَّبِیْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (...... وَحْیًا ووَحًی ووَحَاءً وتَوَحّٰی) جلدی کرنا۔
اَوْحٰی اِیْحَاءً اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا ......اللّٰهُ اِلَیْهِ بِکَذَا: وحی بھیجنا......اَلْکِتَابَ: لکھنا......نَفْسَهٗ: خوفزدہ ہونا......اَلرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا......اَلْقَوْمُ: چلانا ......اَلْعَمَلَ: جلدی کرنا......الدَّوَاءُ اَلْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔
وَحّٰی تَوْحِیَةً ذَبِیْحَةً: جلدی ذبح کرنا۔
وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحّٰی الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔
تَوَاحٰی تَوَاحِیًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔
اِسْتَوْحَاهُ: پکارنا۔ جلدی کرانا......ہٗ الشَّیْءَ: دریافت کرنا۔
اَلْوَحْی: مص۔ لکھا ہوا پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کے لئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاک اللہ تعالیٰ کی طرف [illegible]
پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (...... والْوَحَاۃ) آواز۔
اَلْوَحٰی: مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے "اَلْوَحٰی الْوَحٰی" "والْوَحَاکَ الْوَحَاکَ" یعنی سبقت کرو، سبقت کرو۔
اَلْوَاحِیْ: فا۔ ج وَاحُوْن ووُحَاۃ.
اَلْوَحِیُّ: بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَکَاۃٌ وَحِیَّةٌ" جلدی کا ذبح۔
اَلْاَوْحٰی: زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحٰی" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔
وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا ووَخِیْدًا ووَخَدَانًا اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ ووَخُوْدٌ ووَخَّادٌ.
اَلْوَخْد. وَخَدَ: کا اسم ج وُخُوْد.
وَخَزَهٗ یَخِزُهٗ وَخْزًا: چبھونا......ہٗ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا......فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔
اَلْوَخْز: مص۔ ہر چیز کا تھوڑا اور کہا جاتا ہے "جَاؤُا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔
اَلْوَخِیْز: شہد کا ثرید۔
وَخُشَ یَوْخُشُ وُخُوْشَةً ووَخَاشَةً ووُخُوْشًا الشَّیْءُ: نکما اور ردی ہونا......رَاْسُ الْکَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔
وَخَّشَ الشَّیْءَ: نکما اور ردی کرنا......الْعَطِیَّةَ: کم دینا۔
اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِیَّةِ: کم دینا......فِیْ عِرْضِهٖ: بے عزتی کرنا......الشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔
اَلْوَخْش: ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی وخاش و اوخاش: جمع آتی ہے۔
وَخَصَ یَخِصُ وُخُوْصًا: حرکت کرنا۔

اَوْخَصَ اِيْخَاصًا فُلَانٌ لِيْ بِعَطِيَّةٍ: کم دینا۔
وَخَصَ يَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا......ہ الشَّيْبُ: بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔
الْوَخِيْصُ: نیزہ زدہ۔
وَخَطَ يَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّيْفِ: دُور سے تلوار سے کونچنا۔
......ہ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
وَخَطَ فِي الْبَيْعِ: کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔
وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔
الْوَخَّاط: تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ: پار ہونے والا نیزہ۔
المِيْخَط: پار ہونے والا۔
وَخَفَ يَخِفُ وَخْفًا السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا......السَّوِيْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا......الرَّجُلَ: بدگوئی کرنا۔ بُرائی سے یاد کرنا۔
وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِيْقَ: ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهُ لَيُوْخِفُ فِي الطِّيْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔
اِتَّخَفَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا پھسلنا۔
الْوَخْفَة: اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔
الْوَخِيْفَة: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔
الْمُوْخِف: بے وقوف۔
المِيْخَف: ستو گوندھنے کا برتن۔
وَخُمَ يَوْخُمُ وَخَامَةً ووُخُوْمَةً وُخُوْمًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا نا قابلِ ہضم ہونا۔
وَخَمَهُ يَخِمُهُ وَخْمًا: زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ يَوْخَمُ وَخَمًا واتَّخَمَ مِنْ وعَنْهُ: بدہضمی ہونا۔
وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض)

بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
اَتْخَمَهُ اِتْخَامًا الطَّعَامُ: بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَهُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)
وَخَّمَ الشَّيْئَ: مضر صحت بنانا۔
تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَكَانَ: کسی جگہ کی آب و ہوا کو ناموافق پانا۔
الْوَخْم والوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ: سست ج اَوْخَام۔ شَيْئٌ وَخِمٌ: دبازدہ۔
الوَخَم: مص۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔
الوَخِيْم والوَخُوْم مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔ سست۔ ج وَخَامٰی ووِخَام۔ بَلَدٌ وَخِيْمٌ: ناموافق شہر۔ شَيْئٌ وَخِيْمٌ: دبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِيْمُ الْعَاقِبَةِ: مضر روی۔
اَرْضٌ وَخْمَةٌ ووَخِمَةٌ ووَخَامٌ ووُخُوْمٌ وَخِيْمَةٌ ومَوْخِمَةٌ ومَوْخَمَةٌ ومُوْخِمَةٌ: مضر صحت گھاس والی زمین۔ وبازدہ زمین۔
التُّخَمَة: بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَةٌ ہے) ج تُخَمَات وتُخَم کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَةٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَةٌ ہے)
تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔
الوَخْنَة: فساد۔
وَخَى يَخِي وَخْيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخَى وَخْيَهُ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِيْ اَيْنَ وَخَى" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔
وَخَى الْاَمْرَ: طلب کرنا......ہ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔
وَاخَى مُوَاخَاةً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا آخَاهُ
[illegible]

تَوَخَّى تَوَخِّيًا وتَاخَّى تَاخِّيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ طلب کرنا۔
اِسْتَوْخَى الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔
الْوَخْي: مص۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِيٌّ ووِخِيٌّ۔
الوِخْي والخِيَّة: ارادہ۔
وَدَّهُ يَوَدُّهُ وَدًّا ووُدًّا ووِدًّا ووَدَادًا ووُدَادًا ووِدَادًا ووَدَادَةً ومَوَدَّةً ومَوْدِدَةً ومَوْدُوْدَةً: خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ كَانَ كَذَا وَلَوْ اَنَّكَ فَعَلْتَ كَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)
وَادَّهُ وِدَادًا ومُوَادَّةً: محبت ظاہر کرنا۔
تَوَدَّدَهُ: دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَيْهِ: دوستی کرنا۔
تَوَادَّدَا الرَّجُلَانِ: آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔
الوَدُّ والوِدُّ والوُدُّ: محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "تَوَدِّيْ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوْدَادٌ و اَوُدٌّ و اَوِدٌّ کہا جاتا ہے "هُوَ وُدُّكَ وَهُمْ اَوْدَادُكَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ۔
الوَدُوْد: بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدِيْ و وَدُوْدٌ۔
الوَدِيْد: محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّة واَوِدَّاءُ اور وَدِيْدا اسم جمع بمعنی محبین بھی ہے۔
الاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ۔
المِوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔
وَدَأَ يَدَأُ وَآدَأَ الشَّيْئَ: برابر کرنا......بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔
وَدِئَ يَوْدَأُ وَدْءًا: منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔
وَدَّأَ تَوْدِيْئًا وتَوْدِئَةً عَلَيْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا......عَلَيْهِ وبِهِ: ہلاک کرنا۔ وَدَّأَتْهُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

تَوَدَّأَ عَلَيْہِ: ہلاک کرنا۔ تَوَدَّأَتْ عَلَيْہِ الْأَرْضُ: اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا..... عَلَيْہِ وعَنْہُ الْأَخْبَارُ: خبریں منقطع ہونا۔ تَوَدَّأَ الرَّجُلُ: مرنا..... فُلَانٌ عَلٰی مَالِہٖ: لینا اور جمع کرنا۔

الوَدَأُ: مص۔ ہلاکت۔ التَّوْدِئَۃ: مص۔ دفن کرنا۔

المُوَدَّأَۃ: ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔

الوَدَبُ: بدحالی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی وَدَبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔

وَدَجَ يَدِجُ وَدْجًا ووَدَّجَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَيْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔ شر وفساد دور کرنا۔

وَادَجَہُ مُوَادَجَۃً: صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔

الوَدَجُ. ج اَوْدَاج والوِدَاجُ: گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَجَ اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ الوَدَجُ: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ فُلَانٌ وَدَجِی اِلٰی کَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کے لئے وسیلہ ہے ج اَوْدَاج. الوَدَجَان: دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ ھُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو بُرے بھائی ہیں۔

اَوْدَحَ لَہُ: مطیع ہونا۔ اقرار کرنا..... الاِبِلُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا ..... الحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

الوَدَحَۃ: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنٰی عَنِّی وَدَحَۃً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَدِرَ يَوْدَرُ وَدَرًا: بے ہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا..... الشَّیْءَ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَہُ: بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔ وَدَّرَ الرَّسُوْلَ: قاصد بھیجنا..... الشَّیْءَ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا..... المَالَ: فضول خرچی کرنا..... الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا..... فِی الْاَمْرِ: پڑنا ..... ہُ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ يَدِسُ وَدْسًا عَلَیَّ الشَّیْءُ: پوشیدہ رہنا..... بِالشَّیْءِ: چھپانا..... اِلَيْہِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا..... الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّیْءُ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَّسَتِ الْمَاشِيَۃُ: ہریاول چرنا..... اِلَيْہِ بِكَلِمَۃٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ ووَدَّسَ وتَوَدَّسَ الْمَكَانُ: ہریاول والا ہونا۔

اَوْدَسَتِ الْاَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

الوَدَسُ والوِدَاسُ والوَدَاسُ: نباتات جو سطح زمین کو چھپالے۔ الوَدَسُ: عیب۔

الوَدِيْسُ: خشک نباتات۔ پتلا شہد۔

اَرْضٌ مَوْدُوْسَۃٌ: کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ يَدِصُ وَدْصًا اِلَيْہِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ يَدَعُ وَدْعًا الشَّیْءَ: چھوڑنا..... مَالًا عِنْدَہُ: امانت رکھنا..... الشَّیْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (..... وَدْعًا) الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا اور کہا جاتا ہے "وَدَعُوْہُ" جبکہ کسی کے لئے دُعا کریں کہ اللہ تعالٰی اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے..... الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (..... ووَدُعَ يَوْدُعُ وَدَاعَۃً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِيْعٌ ووَادِعٌ.

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش وآرام سے چھوڑنا..... الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کے لئے جانا..... فُلَانًا: چھوڑنا..... الصَّبِیَّ او الْكَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا..... الثَّوْبَ فِی صِوَانٍ ونَحْوِہٖ: کپڑے کو گٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا ..... فَرَسَہُ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَہُ مُوَادَعَۃً ووِدَاعًا: صلح کرنا [illegible]

الوَدَاع.

اَوْدَعَہُ الشَّیْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ ہُ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔ اَوْدَعَ كِتَابَہُ كَذَا: خط میں لکھنا..... الْكَلَامَ مَعْنًی حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہا جاتا ہے اَوْدَعْتُہُ مَالًا: یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لئے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا ..... الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا..... فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔

تَوَادَعَ الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔

اِتَّدَعَ: آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار پکڑنا۔

اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لئے مال دینا۔

الوَدْعُ: مص۔ قبر۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوْعٌ (..... والوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعۃ ووَدَعَۃ. ج وَدَعَاتٌ.

الاَوْدَعُ: جنگلی چوہا۔

الوَدَاعُ: رخصت۔

الوَدَاعَۃ. وَدُعَ: کا مصدر۔ سکون ووقار۔

الدَّعَۃ والتُّدْعَۃ والتُّدَعَۃ والتَّدَاعَۃ: سکون۔ راحت۔ فراخی زندگانی۔

الوَدِيْعُ ج وُدَعَاء: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا ج وَدَائِع: عہد۔ مقبرہ۔

الوَدِيْعَۃ. وَدِيْع: کا مؤنث۔ امانت۔ ج وَدَائِع.

المُسْتَوْدَعُ: حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔

المِيْدَعُ ج مَوَادِع والمِيْدَعَۃ والمِيْدَاعَۃ: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔ كَلَامٌ مِيْدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔ المِيْدَاعَۃُ: آرام طلب مرد۔

المُوَدَّعُ: مفع ..... مِنَ الْخَيْلِ: پُرسکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔

المَوْدُوْعُ: سکون ووقار۔

زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔
الوَرْقَة فِي القَوْسِ: کمان کا عیب۔
الوُرْقَة: مٹیالا رنگ۔
الــوَرَاق: گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔
الوِرَاق: پتے نکلنے کا زمانہ۔
الوِرَاقَة: کاغذ سازی کا پیشہ۔
الوَرَّاق: روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔
الـوَارِق والـوَرِق والـوَرِيق مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شـجَـرَةٌ وَارِقَةٌ ووَرِقَةٌ ووَرِيـقَةٌ: سبز اور خوبصورت بہت پتوں والا درخت۔
الاَوْرَق: خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَـامَ اَوْرَق: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْق.
الــوَرْقَاء. اَوْرَق: کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق. ووَرَاقی کہا جاتا ہے الــتِجَـارَةُ مَوْرَقَةٌ لِـلْـمَـالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔
المُوَرِّق: فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔
وَرَکَ يَـرِکُ وَرْکًـا: سرین پر سہارا لینا ...... الــرَّجُـلَ: سرین پر مارنا ...... الشَّــیْ: سرین کے مقابل کرنا (...... وُرُوْکًـــا) الـرَّاکِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا ...... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ...... عَلٰی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔
وَرِکَ يَرِکُ ورُوُکًا: سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔
وَرِکَتْ تَوْرَکُ وَرَکًا. الوَرِکُ: سرین کا بڑا ہونا۔
وَرَّکَ الــحَـبْـلَ اَوِ الـرَّجُـلَ: سرین کے مقابل کرنا۔
...... عَـلَـی الْاَمْرِ: قادر ہونا ...... الشَّــیْ: واجب کرنا۔
...... الــرَّاکِـبُ: دو زانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا ...... الــذَّنْبَ عَلَيْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا ...... الـيَـمِيْـنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔
وَارَکَ مُـوَارَکَةً الْـجَـبَلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔
تَــوَرَّکَ: سرین پر سہارا لینا ...... الشَّــیْ: سرین پر بٹھانا ...... الــرَّاکِــبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے ٹانگ کو موڑنا ...... عَـنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا ...... بِــالْـمَـکَانِ: اقامت کرنا ...... عَلَی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَـوَرَّکَ لَهُ فَصَرَعَهُ: اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔
تَوَارَکَ: سرین پر ٹیک لگانا۔
الــوَرِک والــوِرْک والوَرْک: چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاک. الوِرْک: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے قَــعَـدَ الْــمَلَّاحُ عَلٰـی وَرِکِ السَّفِيْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُــمْ عَــلَـیٰ وَرِکٍ وَاحِـدٍ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الــوَرْکِی: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهُ لَوَرْکِی الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔
الــوَارِک والـــوِرَاک ج وُرُک والـمَوْرِک والمَوْرِکَة مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔
اَلاَوْرَک: بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْکَاء ج وُرْک.
المُوَرِّک: مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَمُوَرِّکٌ ...... الْاَمْرَ" ......
ہے۔
الــمَوْرِک والــمَوْرِکَة: کجاوہ کا اگلا حصہ۔
الــمِوْرَکَة: تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔
الــوَرَل: گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَة.
وَرِمَ يَـرِمُ وَرَمًــا وتَـوَرَّمَ الْـجِلْدُ: سوجنا۔ صفت وَارِم ...... اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔
وَرَّمَ الْجِلْدَ: سوجن پیدا کرنا ...... اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا ...... بِاَنْفِهِ: تکبر کرنا۔
اَوْرَمَ اِيْــرَامًــا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهِ مَا اَوْرَمَهُ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الوَرَم: مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَام.
الاَوْرَم: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
المَوْرِم: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
المُوَرَّم: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهُ مُوَارَنَةً: رو در رو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الوَرَنک: مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ يَـوْرَهُ وَرَهًــا: بے وقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه. مؤنث وَرْهَاء. وَرِهَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَتْ تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْاَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَـوَرَّهَ فُلَانٌ فِی عَـمَـلِ هٰذَا الشَّیْ: ماہر نہ ہونا۔
الــوَرِهُ مِــنَ السَّـحَـابِ: بہت بارش والا بادل۔
الوَارِه: کشادہ۔ فراخ۔
وَرْوَرَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا ...... فِی الْکَلَامِ:

جلدی جلدی بولنا۔

الــوَزْوَاز: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَزْوَزِیُّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَزْوِز: فا۔گانے والا۔

وَرَیٰ یَرِی وَرْیًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔القَیْحُ جَوْفَهُ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسم الوَرَی وَرَث وَرْیًا وَرِیَةَ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا......الإبلُ: اُونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرَیٰ وَوَرِیَ یَرِیْ وَرْیًا وَوُرْیًا وَرِیَةَ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔صفت وَارٍ۔

وَرِیَ یَرِی وَرْیًا۔المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الــرَّجُــلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔صفت مَوْرُوٌّ وَمَوْرِیٌّ۔

وَرَّیٰ تَــوْرِیَةَ الشَّیْ: پوشیدہ کرنا......عَنْ کَــذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا......الــخَبر وعَنِ الــخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا......عَنْ فُلَانٍ بَــصَرَهُ: نگاہ ہٹالینا۔وَرَّی الــنَّـــارَ: آگ نکالنا(......وَاَوْرَی) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَیٰ مُوَارَاةَ الشَّیْ: چھپانا۔

تَوَرَّیٰ تَوَرِّیًا وتَوَارَیٰ تَوَارِیًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَیٰ الــزَّنْدَ: آگ نکالنا۔کہا جاتا ہے اِسْــتَوْرَیْتُــهُ رَاْیَــهُ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الـــوَرْیُ: مص۔جوف بدن کی پیپ۔پھیپھڑوں کا زخم۔

الــوَرَیٰ: اسم ہے وَرَیٰ کا۔مخلوق۔اَبُــو الوَرَی: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاء۔وَرَا کا مادہ دیکھئے۔

الــزَّنْــدُ الــوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔الــوَارِی والــوَرِیُّ: موٹی چربی۔والوَرِیُّ: مہمان۔پڑوسی۔لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

رِیَةُ الــنَّارِ ووَرْیَتُهَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الـــــوَزُّ۔اِوَزٌّ: میں ایک لغت۔بط۔مؤنث وَزَّةٌ۔ج وَزَّاتٌ۔

اَرْضٌ مَوَزَّةٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأ یَــوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا......القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔وَزَأَهُم: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأ تَــوْزِئَةً وتَوْزِیئًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا......الــفَــرَسُ بِــرَاکِــبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَــوَزَّأَ الــوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا......الــرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ یَــزِبُ وُزُوبًــا الــمَــاءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

اَوْزَبَ اِیْزَابًا فِی الْاَرْضِ: جانا۔

الوَزَّاب: شاطر چور۔

الــمِیْزَاب والمِئْزَاب: پرنالہ ج مَــآزِیْب ومَآزِبُ اور بقول بعض مَوَازِیب۔

وَزَرَ یَــزِرُ وَزْرًا وِزْرًا الشَّــیْ: اٹھانا......الــرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا(......وَزْرًا) الــرَّجُلَ: غالب ہونا......الثُّــلْــمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ یَــزِرُ وَوَزِرَ یَوْزَرُ وِزْرَ وَزْرًا ووِزْرًا وزِرَــةً: گنہگار ہونا۔وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ یَزِرُ وِزَارَةً لِلْمَلِکِ: وزیر بننا۔

اَوْزَرَ اِیــزَارًا الشَّــیْ: محفوظ کرنا۔چھپانا۔لے جانا......الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً: وزیر بننا......هُ عَلَی الْاَمْرِ: مدد دینا۔تقویت دینا (یہ آزَرَ کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ:......وزیر بننا۔

اِتَّــزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا......بِــثَوْبِــهِ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ: وزیر بنانا۔اِسْتَوْزَرَ الشَّیْ: لے جانا۔

الــوِزْر: مص۔گناہ۔گرانی۔بھاری بوجھ۔کپڑوں کی گٹھری۔ج اَوْزَار۔اَوْزَار الْــحَــرْب: سامان جنگ۔کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَر: جائے پناہ۔بلند پہاڑ۔

الـــوِزْرَــةُ: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزِرَات وِزَرَات۔

الوِزَارَة والوَزَارَة: وزیر کا مرتبہ۔

الــوَزِیْر: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔مددگار۔ج وُزَرَاء واَوْزَار۔

المَوْزُوْر: مفع۔گنہگار۔گناہ سے متہم۔

وَزَعَ یَــزَعُ ویَــزِعُ وَزْعًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: روکنا۔منع کرنا۔وَزَعَ الْــجَیْــشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔کہا جاتا ہے "رَاَیْتُــهُ یَزَعُ الْــجَیْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (......وُزُوْعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ الْمَالَ بَیْنَهُمْ: پراگندہ کرنا......المَالَ عَلَیْهِمْ: تقسیم کرنا۔

اَوْزَعَ الْمَالَ: تقسیم کرنا......هُ بِکَذَا: بھڑکانا۔اَوْزَعَ بَیْــنَهُــمَــا: تفریق کرنا۔اصلاح کرنا......هُ الشَّــیْ: الہام کرنا۔واُوْزِعَ الشَّــیْ: الہام کیا جانا۔واَوْزِعَ بِــهِ: بھڑکایا جانا۔صفت مُوْزَع۔

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا......الْقَوْمُ الْمَالَ......آپس میں تقسیم کرنا۔کہا جاتا ہے "تَــوَزَّعَتْــهُ الْاَفْــکَـــارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔وتَــوَزَّعُــوْا ضُیُوْفَهُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللّٰهَ شُکْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِع: فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعة ووُزّاع۔
الوَزَعة. وَازِع: کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔
الاَوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں)
المُتَّزِع: فا۔ سخت جان۔
وَزَغَ يَزِغُ وَزْغًا واَوْزَغَ بِبَوْلِه: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا اور اسی سے ہے اَوْزَغَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔
وَزَغَ الجَنِينُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔
الوَزَغ: کپکپی۔ بزدل مرد۔
الوَزَغَة: چھپکلی۔ ج وَزَغ ووِزَاغ واَوْزَاغ وزْغَان واِزْغَان. الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔
وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا ووَزِيفًا ووَزَّفَ تَوْزِيفًا واَوْزَفَ اِيزَافًا: جلدی کرنا (...... وَزَّفَ) فُلانًا: جلدی کرانا۔
وَازَفَ مُوَازَفَةً وتَوَازَفَ تَوَازُفًا...... القَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الوَزَال: ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔
وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلانًا بِفِيهِ: منہ سے آہستہ سے کاٹنا...... الشَّيْءَ: سوراخ کرنا...... الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا (...... وَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
وُزِمَ وَزْمَةً فِي مَالِه: کچھ جاتا رہنا۔
تَوَزَّمَ: بہت روندنے والا ہونا۔
الوَزْم: مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (...... والوَزِيم والوَزِيمَة) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِيم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا جوڑا۔ رَجُلٌ وَزِيمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔
الوَزْمَة: مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام: جلدی۔
الوَزّام: بہت گوشت اور عضلہ والا۔
الوَزِيمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ: مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔
الوَزِينِيَّة: امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب وزینت۔
وَزَنَ يَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّيْءَ: تولنا...... لَهُ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: تول کر دینا...... الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَزِنُ رِطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔
وَزُنَ يَوْزُنُ وَزَانَةً الشَّيْءُ: بوجھل ہونا۔ صفت وَازِن...... الرَّجُلُ: عقلمند وسنجیدہ رائے ہونا۔
وَزَنَ واَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلَى كَذَا: دل لگانا۔
وَازَنَهُ وِزَانًا ومُوَازَنَةً: مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا...... بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔
تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: باہم برابر ہونا۔
اِتَّزَنَ: تلنا...... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا...... العِدْلُ: گٹھری کا دوسرے کے برابر ہونا...... الشَّيْءَ: وزن سے لینا۔
الوَزْن: مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَان کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّيْءِ او وَزْنَ الشَّيْءِ او زِنَةَ الشَّيْءِ او بِوِزَانِه او بِوِزَانَتِه" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔
الوَزْنَة: وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكْلُهُ فِي اليَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔
الوِزْنَة. وَزْن: کا اسم نوع۔
الوَازِن: فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ وَازِنٌ" کا [illegible]

الاَوْزَن: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا القَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهِ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ القَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔
الوَزِين: اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَزِينُ الرَّاْيِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔
المَوْزُونَة: پست قد عقلمند عورت۔
المِيزَان: ترازو۔ ج مَوَازِين. المِيزَان: مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہوگیا۔
وَزْوَزَ وَزْوَزَةً: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔
الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (...... والوَزْوَازَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔
المُوَزْوِز: فا۔ گانے والا۔
وَزَى يَزِي وَزْيًا الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ سکڑنا...... الاَمْرُ فُلَانًا: غصہ دلانا۔
وَازَاهُ مُوَازَاةً: مقابل ہونا۔
اَوْزَى اِيزَاءً ظَهْرَهُ اِلَى الحَائِطِ: ٹیک لگانا...... لِدَارِهِ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا...... الشَّيْءَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا...... اِلَى فُلَانٍ: پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهُ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔
تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِسْتَوْزَى اِسْتِيزَاءً فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَزَى: پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔
المُسْتَوْزِي: فا۔ خود رائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔
وَسَبَ يَسِبُ وَسْبًا واَوْسَبَ اِيسَابًا المَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔
وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

الوِسْب: گھاس۔
الوَسْب: مص ـ میل۔
المِیْسَاب: ادھ کچری کھجور۔
وَسَجَتْ تَسِجُ وَسْجًا ووَسِیْجًا ووَسَجَانًا الْإِبِلُ: تیز چلنا۔ صفت وَاسِجَةٌ۔
اَوْسَجَ الْبَعِیْرُ: تیز چلانا۔
الوَسَّاج والوَسُوْج مِنَ الْإِبِلِ: تیز رفتار ج وُسُجٌ اور کہا جاتا ہے "اِبِلٌ وَسُوْجٌ" تیز رفتار اونٹ۔
الوَسْج والوَسَجَان والوَسِیْج: اُونٹ کی تیز چال۔
وَسِخَ یَوْسَخُ ویَاسَخُ ویَیْسَخُ وَسَخًا الشَّیْئُ: میلا ہونا۔ صفت وَسِخٌ۔
وَسَّخَ واَوْسَخَ الشَّیْئَ: میلا کرنا۔
تَوَسَّخَ واتَّسَخَ اِسْتَوْسَخَ: میلا ہونا۔
الوَسَخ: میل کچیل۔ ج اَوْسَاخ۔
وَسَّدَه الوِسَادَةَ: کسی کو تکیہ دینا۔ وَسَّدَ اِلَیْهِ الْاَمْرَ: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
اَوْسَدَ فِی السَّیْرِ: تیز چلنا...... الْکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اُکسانا۔
تَوَسَّدَ الْوِسَادَةَ: سر کے نیچے تکیہ رکھنا...... ذِرَاعَهٗ: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوَسَاد والوِسَاد والوُسَاد......: تکیہ ج وُسُدٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَرِیْضُ الْوِسَادِ" یعنی غبی۔ اور "اِنَّ وِسَادَکَ لَعَرِیْضٌ" کنایہ ہے کثرتِ نوم سے۔
الوَسَادَة والوِسَادَة والوُسَادَة: تکیہ ج وَسَادَات ووِسَادَات ووُسَادَات ووَسَائِد۔
وَسَطَ یَسِطُ وَسْطًا وَسِطَةً الْمَکَانَ اَوِ الْقَوْمَ: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت وَاسِط (...... وَسَاطَةً) الْقَوْمَ وفِیْهِمْ: قوم میں حق و عدل میں متوسط ہونا۔
وَسُطَ یَوْسُطُ وَسَاطَةً: شریف ہونا۔ صاحب حسب ہونا۔
وَسَطَ یَسِطُ وَسَاطَةً وسِطَةً ووَسُطَ فِیْ حَسَبِهٖ: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وَسَّطَهٗ: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وَسَّطَ الشَّیْئَ: دو ٹکڑے کرنا۔
اَوْسَطَ اِیْسَاطًا الْقَوْمَ: بیچ میں داخل ہونا۔
تَوَسَّطَ الْقَوْمَ او الْمَکَانَ: بیچ میں بیٹھنا...... بَیْنَهُمْ: ثالث و مصلح بننا...... الرَّجُلُ: درمیانی چیز لینا۔
الوَسَط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے) معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شَیْئٌ وَسَطٌ" یعنی عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج اَوْسَاطٌ وَسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کے درمیان جیسے وَسَطُ الْحَبْلِ ووَسَطُ الدَّارِ۔ رَجُلٌ وَسَطٌ صاحب حسب مرد اور کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ وَسَطِ الْقَوْمِ وفِیْ وَسَطِهِمْ" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر لفظ وسط کے عوض بین رکھ سکتے ہوں وہ ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وَسْطُ الْقَوْمِ" اور "وَسَطُ الْحَبْلِ"۔
الوَاسِط: فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔
الوَاسِطَة. واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "کَانَ بِوَاسِطَةِ کَذَا" وہ فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ وَاسِطَةِ قَوْمِهٖ" فلاں اپنی قوم میں سب سے اچھا ہے۔
الوَسَاطَة: مص۔ ثالثی۔
الوَسِیْط: دو جھگڑا کرنے والوں کے درمیان ثالث ج وُسَطَاءُ مؤنث وَسِیْطَة اور کہا جاتا ہے "هُوَ وَسِیْطٌ فِیْهِمْ" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الاَوْسَط: متوسط۔ معتدل ج اَوَاسِط اَوْسَطُ الشَّیْئِ: دونوں اطراف کا درمیان۔
الْعِلْمُ الْاَوْسَط: علم ریاضی اور اس کو حکمت وسطی بھی کہتے ہیں۔
الوُسْطٰی. اَوْسَط: کا مؤنث ج وُسَط مِنَ الْاَصَابِعِ: بیچ کی انگلی

الوَسُوْط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا خیمہ۔
وُسُوْطُ الشَّمْسِ: آفتاب کا آسمان کے بیچ میں آنا۔
مُوَسَّطُ الْبَیْتِ: گھر کا درمیانی حصہ۔
الْمُتَوَسِّط: فا۔ اَلْبَحْرُ الْمُتَوَسِّطُ: وہ سمندر جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وَسِعَ یَسَعُ ویَسِعُ سَعَةً وسِعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْاِنَاءُ یَسَعُ عِشْرِیْنَ کَیْلًا" یعنی اس برتن میں بیس کیل کی گنجائش ہے۔ "ووَسِعَتْ رَحْمَةُ اللّٰهِ کُلَّ شَیْئٍ وَلِکُلِّ شَیْئٍ وَعَلٰی کُلِّ شَیْئٍ" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے "وَمَا اَسَعُ هٰذَا" میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لَا یَسَعُکَ اَنْ تَفْعَلَ هٰذَا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو "وَوَسِعَ الْقَوْمَ فَضْلُهٗ" اس کا فضل ساری قوم کو عام ہے "وَوَسِعَ الْمَالُ الدَّیْنَ" یعنی مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہے۔
وَسَعَ یَوْسَعُ وَسْعًا اللّٰهُ عَلَیْهِمْ رِزْقَهٗ: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "وَسَعَ عَلَیْهِ" جبکہ غنی کر دے۔
وَسُعَ یَوْسُعُ سَعَةً ووَسَاعَةً الْمَکَانُ: کشادہ ہونا...... الفَرَسُ: کشادہ قدم ہونا۔
اَوْسَعَ: مالدار ہونا...... الْمَوْضِعَ: کشادہ پانا...... النَّفَقَةَ: بہت خرچ کرنا (...... وَوَسَّعَ) کشادہ کرنا...... اللّٰهُ عَلَیْهِ: مالدار بنانا۔
واَوْسَعَهُ الشَّیْئَ: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
تَوَسَّعَ: کشادہ ہونا...... الْقَوْمُ فِی الْمَکَانِ: کشادگی کرنا...... الرَّجُلُ فِی النَّفَقَةِ: زیادہ خرچ کرنا۔
اِتَّسَعَ: کشادہ ہونا...... الرَّجُلُ: صاحب وسعت و مالدار ہونا...... النَّهَارُ: طویل و [illegible]ز ہونا۔

اِسْتَوْسَعَ : کشادہ ہونا......اَلشَّیْءُ : کشادہ پانا یا طلب کرنا۔

اَلْوَاسِعُ : فا۔ کشادہ......فِیْ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی : اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔

اَلْوَسْعُ والْوِسْعُ الْوُسْعُ : طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْ وَسْعِہٖ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔

اَلسَّعَةُ والْوُسْعَةُ والتَوْسِعَةُ : گنجائش۔ السَّعَةُ تونگری۔ غنی۔ طاقت۔ قدرت۔

اَلْوَسِیْعُ : کشادہ......مِنَ الْخَیْلِ : کشادہ قدم گھوڑا۔

اَلْوَسَاعُ مِنَ الْخَیْلِ : عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔

وَسَّفَ تَوْسِیْفًا. اَلشَّیْءُ : چھیلنا۔

تَوَسَّفَ الشَّیْءُ : چھلنا......اَلْبَعِیْرُ : موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا......اَوْبَارُ الْاِبِلِ : اونٹ کے اُون کا جھڑ جانا۔

وَسَقَ یَسِقُ وَسْقًا اَلشَّیْءُ : جمع کر کے اٹھانا ......اَلْبَعِیْرَ : اُونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَیْرُھَا : اُونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِق ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق ومَوَاسِیْق : خلاف قیاس جمع ہیں۔ وَسَقَتِ الْعَیْنُ الْمَاءَ : آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِکَ مَا وَسَقَتْ عَیْنِیْ الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ : پھل دار ہونا (...... وَسِیْقًا) اَلْبَعِیْرَ : ہانکنا۔

وَسَّقَ الْحِنْطَةَ : ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔

اَوْسَقَ اِیْسَاقًا الدَّابَّةَ : لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ : بہت پھل دار ہونا۔

وَاسَقَهٗ مُوَاسَقَةً : برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

اِتَّسَقَ الْاَمْرُ : مرتب ہونا......اَلْاِبِلُ : اُونٹوں کا اکٹھا ہونا......اَلْقَمَرُ : چاند کا پورا ہونا۔

اِسْتَوْسَقَ اِسْتِیْسَاقًا : اکٹھا ہونا۔ اَلْاَمْرُ : مرتب ہونا......لَهُ الْاَمْرُ : ممکن ہونا۔

اَلْوَسْقُ : مص۔ ساٹھ صاع اور بقول بعض ایک اُونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق. اَلْوَسْقُ : درخت خرما کا بوجھ۔ ج اَوْسَاق ووُسُوْق.

اَلْوَسِیْقُ : مص۔ دھتکار۔ بارش۔

اَلْوَسِیْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ : اُونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق. اَلْوَسِیْقَةُ : حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِیْقَةٌ : حاملہ اونٹنی۔

اَلْمُتَّسِقُ عِنْدَ اَھْلِ الْعَرُوْضِ : اوزان شعر میں ایک وزن ہے۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔ اَلْمُتَّسِقُ : چاند کا نام۔

اَلْمِیْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ : بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَیَاسِیْق ومَآسِیْق. اَلْمِیْسَاق : پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔

وَسَلَ یَسِلُ وَسِیْلَةً ووَسَّلَ وتَوَسَّلَ اِلَی اللّٰہِ بِعَمَلٍ او وَسِیْلَةٍ : تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل.

اَلْوَاسِلَةُ والْوَسِیْلَةُ : تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِیْل ووَسَائِل ووُسُل الْوَاسِلَةُ والْوَسِیْلَةُ : مرتبہ۔ درجہ۔

وَسَمَهٗ یَسِمُهٗ وَسْمًا وسِمَةً : داغ لگانا۔

وَسَمَ الْوَسْمِیُّ الْاَرْضَ : بہار کی پہلی بارش ہونا۔

وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا ووَسَامَةً الْغُلَامُ : خوبصورت چہرے والا ہونا......اَلْوَجْهُ : خوبصورت ہونا۔

وَسَّمَ : حج کے موقعہ پر مکہ میں حاضر ہونا۔

وَاسَمَهٗ مُوَاسَمَةً : خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔

تَوَسَّمَ الشَّیْءُ : فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِیْهِ الْخَیْرَ : بھلائی معلوم کرنا......اَلرَّجُلُ : موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ : وسمہ لگانا۔

[illegible]

اَلْوَسْمُ : مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم

اَلسِّمَةُ : پھول کی پتی کا اوپر والا حصہ۔ جُزْءُ الْمَدِقَّةِ : پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔

اَلسِّمَةُ : مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.

اَلْوَسْمِیُّ : موسم بہار کی پہلی بارش۔

اَلْوِسَامُ : جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَة.

اَلْوَسْمَةُ والْوَسِمَةُ : نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔

اَلْوَسِیْمُ : خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِیْمَةٌ ج وَسِیْمَات ووِسَام.

اَلْوَسَامَةُ : مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔

اَلْاَوْسَمُ : خوبصورت۔

اَلْمَوْسِمُ : لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کے لئے ہوتا ہے اور عید کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.

اَلْمِیْسَمُ : داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَیَاسِم. اَلْمِیْسَمُ : حسن و جمال۔

اَلْمَوَاسِمُ : داغ لگائے ہوئے اونٹ۔

وَسِنَ یَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَةً : اونگھنا۔ بیہوش ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ ووَسْنَان ووَسْنَان. صفت مؤنث وَسِنَةٌ ووَسْنٰی ووَسْنَان. وَسِنَ فُلَانٌ : کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔

اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ : غشی طاری کرنا۔

تَوَسَّنَهٗ : نیند کے وقت آنا۔

اِسْتَوْسَنَ : اونگھنا۔

اَلْوَسَنُ : مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان.

اَلسِّنَةُ : مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْنَةُ: نیند ۔ نیند کی ۔ اونگھ۔
الوَسْنَى: بہت اونگھنے والا۔
المَوْسُوْن: کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَةٌ۔
وَسْوَسَ وِسْوَاسًا وَوَسْوَسَةً الشَّيْطَانُ لَهُ وَإِلَيْهِ: وسوسہ ڈالنا...... الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِسٌ: آہستہ بولنا...... الحُلِيُّ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا...... الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔
وُسْوِسَ بِهِ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔
الوَسْوَاس: وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس۔
وَسَى يَسِيْ وَسْيًا رَاسَهُ: مونڈنا۔
وَاسَى الرَّجُلَ مُوَاسَاةً. آسَاهُ مُوَاسَاةً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔
أَوْسَى إِيْسَاءً ا. الرَّاسَ: مونڈنا۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
المُوْسَى: استرہ۔ ج مَوَاسٍ۔
الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔
الوِشْب. أَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔
وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الأَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِكَ قَرَابَتُهُ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِيْ قَلْبِهِ أُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے اُمور اور غم لاحق ہیں (...... وَوَشَجَ مَحْمَلَهُ) کچھ گرنے سے بچانے کے لئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهُ بِكُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَجَ اللّٰهُ بَيْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔
تَوَشَّجَتْ وَتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ وَنَحْوِهَا: پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِجُ: فا۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَة
الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔
الوَشِيْجُ: قرابت ورشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالوَشِيْجِ۔
الوَشِيْجَة: درخت کے ریشہ کی رسّی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔
الوَشِيْجَة: کان کی رگ۔ ج وَشَائِج۔
وَشَّحَهُ: حمیل پہنانا۔
تَوَشَّحَ وَاتَّشَحَ: حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَيْفِهِ: تلوار کو گردن میں لٹکانا......
بِثَوْبِهِ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا...... الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
الوِشَاح: تلوار۔ کمان۔ ذُوالوِشَاح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔ (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پیٹی۔ ج وُشُحٌ وَأَوْشِحَة وَوَشَائِح۔
الوِشَاحَة: تلوار۔
الوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔
المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔
المُوَشَّحَة مِنَ الطَّيْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔
وَشَرَ يَشِرُ وَشْرًا أَسْنَانَهُ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا...... الخَشَبَةَ بِالمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔
اِتَّشَرَ وَاسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔
المِيْشَار: آرہ۔

مَوْشُوْر ثُلَاثِيّ رُبَاعِيّ خُمَاسِيّ: جس کے قاعدے ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوں۔
المَوْشُوْر: مفع...... فِيْ عِلْمِ الطَّبِيْعِيَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اُس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِيْر۔
وَشِزَ يَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز وَالوَشَز: جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج أَوْشَاز۔
الوَشِيْزَة: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز۔
وَشَظَ يَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا...... الفَأْسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا...... القَوْمُ إِلَيْنَا: کم لوگوں کا آکر ملنا۔
الوَشِيْظ: تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج أَوْشَاظ (والوَشِيْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِيْظَةٌ فِيْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "هُوَ وَشِيْظَةٌ فِيْهِمْ" ج وَشَائِظ۔
وَشَعَ يَشَعُ وَشْعًا الشَّيْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (...... وَشْعًا وَوُشُوْعًا) الجَبَلَ وفيه: پہاڑ پر چڑھنا...... البَقْلَة: پھولدار ہونا۔ ...ہ الشَّيْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھننے کے بعد لپیٹنا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا...... الشَّيْبُ رَاسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا...... الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلَى كَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
أَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھول دار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّيْءُ: پراگندہ ہونا...... فِي الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا...... الشَّيْبُ رَاسَهُ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا الضُّيُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِہٖ
: بہت ہونا...... بالکَذِبِ: جھوٹ سے مزین
ہونا...... الغَنَمُ فِی الجَبَلِ: بکریوں کا چرنے
کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔

الوَشع: مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ
میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوع.

الوُشع: مکڑی کا جالا۔

الوُشُوع: پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق
میں ٹپکانے کی دوا۔

الوَشِیع: کپڑے کا نقش ونگار، باغ کے
اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ
جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا
درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج
کی نقل وحرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے
سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر
پانی کھینچیں۔

الوَشِیعَة: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی
لکڑی، بننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔
غبار کی دھاری ج وَشِیع وَوَشَائع۔

المُوَشَّع: مفع۔ بُردٌ مُوَشَّعٌ: منقش ودھاری
دار چادر۔

وَشَغَ یَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِہٖ: پیشاب کرنا۔

وَشَغَ الثَّوبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت
پت کر کے دھاری دار کر دینا۔

اَوْشَغَ اِیشَاغًا العَطِیَّةَ: کم دینا...... بِبَوْلِہٖ:
پیشاب کرنا۔

تَوَشَّغَ بِالسُّوءِ: آلودہ ہونا۔

الوُشْغ والوَشِیغ: تھوڑا۔

الوُشُوغ: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔

وَشَقَہٗ یَشِقُہٗ وَشْقًا: خراش کرنا...... ہٗ
بالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحمَ: گوشت
کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا...... الرَّجُلُ
: جلدی کرنا۔

وَشَّقَ الشَّیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اَوْشَقَ الشَّیءَ فِی الشَّیءِ: چمٹنا۔

تَوَاشَقَ واتَّشَقَ القَومُ العَدُوَّ بِاَسْیَافِہِمْ
: دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

وَاتَّشَقَ فُلانٌ اللَّحمَ: گوشت کے پارچے
کاٹ کر خشک کرنا۔

الوَاشِق: فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے
گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق
: میں ایک لغت۔

الوَشَق: مص۔ متفرق چراگاہ۔

الوَشَق: ایک جانور کا نام جس کی کھال سے
عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔

الوَشِیق والوَشِیقَة: خشک کیا ہوا گوشت کا
پارچہ ج وَشَائِق.

المِیشَاق: کنگھی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِیق.

وَشُکَ یَوْشُکُ وَشْکًا ووَشَاکَةً
ووَشُکَ الاَمرُ: جلدی ہونا۔ صفت
وَشِیک.

اَوْشَکَ: جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی
سے ہے اَوْشَکَ اَنْ یَمُوتَ: وہ مرنے
کے قریب ہی تھا اور یہ افعالِ مقاربہ میں
سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے
زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم
ہے اور اس کی خبر پر اکثر اَنْ آتا ہے۔

وَاشَکَ مُوَاشَکَةً: جلدی چلنا۔

الوَشْک والوُشْک والوَشْکَان
والوِشْکَان والوُشْکَان: جلدی۔ اور کہا
جاتا ہے وَشْکَانَ مَا یَکُونُ ذٰلِکَ: یعنی یہ
جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو
ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔

الوِشَاک: جلدی۔

الوَشِیک (مذکر ومؤنث) جلد باز۔
قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِیکًا" وہ
جلدی نکلا۔

وَشَلَ یَشِلُ وَشْلاً وَشَلَانًا المَاءُ: پانی کا
بہنا۔ ٹپکنا...... (وُشُولاً) کمزور ہونا۔ محتاج
ہونا...... اِلَیہِ: عاجزی ظاہر کرنا۔

اَوْشَلَ المَاءُ: پانی کم پانا...... حَظَّہٗ: کم کرنا۔

الوَشَل: تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے
۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج
اَوْشَال۔ الوَشَلُ: تنگی۔ خوف۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ القَومُ اَوْشَالاً" قوم ایک
دوسرے کے پیچھے آئی۔

عُیُونٌ وَشِلَةٌ: کم پانی والے چشمے۔

الوَاشِل: فا...... مِنَ الجِبَالِ: پہاڑ جس سے
ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ وَاشِلُ
الرَّاْیِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَھُوَ
وَاشِلُ الحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔

نَاقَةٌ وَشُولٌ: زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ
والی اونٹنی۔

الوُشُول: دولت کی کمی۔ نقصان۔

وَشَمَ یَشِمُ وَشْمًا ووَشَمَ الیَدَ: ہاتھ میں
گودنا۔ وَشَمَ الغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر
ہونا۔

اَوْشَمَ اِیشَامًا المَکَانُ: ہریالی ہونا۔ الکَرْمُ
: انگور کا رنگ پکڑنا...... الشَّیبُ فِی رَاْسِہٖ:
بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا...... البَرقُ: بجلی کا
آہستہ چمکنا...... السَّمَاءُ: بجلی کوندنا...... فِی
عِرْضِ فُلانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا...... فِی
الاَمرِ: غور وفکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الجَارِیَةُ
: پستان کا ابھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے
"اَوْشَمَ یَفعَلُ کَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔

اِستَوْشَمَ اِستِیشَامًا: گودنے کے لئے کہنا۔

الوَشْم: مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔
نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوم
ووِشَام.

الوَشْمَة۔ وَشْم: کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔
کہا جاتا ہے "مَا عَصَاہُ وَشْمَةً" اس نے
اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔

الوَشِیمَة: دشمنی، برائی۔

تَوَشَّنَ المَاءُ: پانی کم ہونا۔

الوَشْن: بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔

الاَوْشَن: دوسرے کے دسترخوان پر کھانا
کھانے والا۔

وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلانًا: آہستہ گفتگو کرنا
...... ہٗ الشَّیءَ: دھیرے سے دینا۔

تَوَشْوَشَ القَومُ: ایک دوسرے سے آہستہ
آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَشْوَشَة والوِشْوَاش: ہلکا، جلد باز۔ الرَّجُل وَتَوَشْوَشَ القَوْمُ: کام کرنے میں گھبرا جانا۔ مرد۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا وَشِيَةً وَوَشَى الثَّوْبَ: منقش کرنا ...... الكَلامَ: جھوٹ بولنا ۔ وَشَاةُ ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشَى يَشِي وَشْيًا وَوِشَايَةً بِهِ إلَى المَلِكِ: چغل خوری کرنا ...... بَنُو فُلانٍ: بکثرت ہونا۔

أَوْشَى إيشَاءً المَكَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا ...... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا ...... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا ...... النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا ...... الشَّيءُ: نکالنا۔ جاننا ...... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا ...... الدَّوَاءُ المَرِيضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا ...... فِي الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشَّى: نقش ونگار ہونا ...... الشَّيْبُ فِي رَاسِهِ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِيتَشَى اِيتِشَاءً العَظْمُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَى الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا ...... الحَدِيثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا ...... الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا ...... المَعْدِنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْيُ: مص۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْيُ السَّيْفِ: تلوار کا جوہر۔

الوَشَاء: اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِي: فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُونَ ووُشَاة. الوُشَاة: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاء. وَاشِي: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّيَة: مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِيَات.

الأَشْيَة: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ أَشْيَة" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ أَبْلَق" اور نسبت کے لئے وَشَوِيّ.

وَصَّ يَوَصُّ وَصًّا العَمَلَ: مضبوط بنانا۔

وَصْوَصَتْ تُوَصْوِصُ المَرْأَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِئَ يَوْصَأُ وَصًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ يَصِبُ وُصُوبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا ...... الدَّيْنُ: قرض واجب ہونا ...... عَلَى الأَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ يَوْصَبُ وَصَبًا ووَصَّبَ وتَوَصَّبَ: مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابَى ووِصَاب. تَوَصَّبَ. درد محسوس کرنا۔

أَوْصَبَ: مریض ہونا ...... اللّٰهُ فُلانًا: مریض کرنا ...... الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا ...... الشَّيءُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا (...... ووَاصَبَ) ہمیشگی سے مداومت کرنا۔

الوَصَبُ: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ الوَصَبُ: بصرا اور سبابہ کے درمیان کا حصہ۔ ج أَوْصَاف.

الوَاصِبُ: فا۔ دائم۔

الوَاصِبَة. واصب: کا مؤنث۔ بہت دُور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوَصَّبُ: بہت دردوں والا۔

وَصَدَ يَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ...... الثَّوْبَ: کپڑا بُننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ: کپڑا بُننا ...... الكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا ...... فُلانًا: خوف دلانا۔

أَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا ...... القِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا ...... عَلَى فُلانٍ: تنگی ڈالنا ...... الكَلْبَ بِالصَّيْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا (...... واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔

الوَصَّاد: جلاہا۔

الوِصَاد. أَوْصَدَ البَابَ وأَوْصَدَ القِدْرَ: کا اسم بمعنی بندش وڈھکائی۔

الوَصِيد: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ غار۔ پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (...... الوَصِيدَة) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

المُوَصَّد: پردہ۔

الوِصْر: عہد ج أَوَاصِر (...... والوَصِيرَة والأَوْصَر) عہد نامہ۔ چک۔ دستاویز اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ يَصَعُ وَصْعًا الشَّيءَ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصَع: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا ممولا۔ ج وِصْعَان.

الوَصِيع: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ يَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّيءَ: بیان کرنا۔ تعریف کرنا (...... وُصُوفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا (...... وَصْفَةً) الطَّبِيبُ لِلْمَرِيضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ يَوْصُفُ وَصَافَةً الغُلامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِيفٌ اور اسم الإِيصَاف والوَصَافَة.

وَاصَفَهُ: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔

أَوْصَفَ إيصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّيءُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا ...... بِالصِّفَاتِ الحَمِيدَةِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِيفًا او وَصِيفَةً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّيءَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلانًا الشَّيءَ: بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِيبَ: نسخہ تجویز کرانا ...... الغُلامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَة: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

جائے۔
الصِفاتِیَّة: ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفاتِیّ۔
الوَصفِیَّة: صفت کی حالت۔
الوَصِیف: لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہو گیا ہو ج وُصَفَاء مؤنث وَصِیفَة ج وَصَائِف۔
الوَصَّاف: وصف شناس۔ طبیب۔
وَصَلَ یَصِلُ وَصْلاً وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: جوڑنا۔ جمع کرنا۔۔۔۔ہُ بِألفِ دِینَارٍ: احسان کرنا (۔۔۔۔ وَصْلاً وَصِلَةً) فُلاناً: تعلق رکھنا۔۔۔۔زَیْداً: نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَہُ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا (۔۔۔۔ وُصُولاً وَوُصْلَةً وَصِلَةً) اِلَی المَکَانِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِی الخَبَرُ وَوَصَلَ اِلَیَّ الخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَہُ ضَرْبَةً لاَ تُوصَلُ" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔
وَاصَلَہُ وِصَالاً وَمُوَاصَلَةً: تعلق رکھنا وَاصَلَ الشَّیْءَ وَفِی الشَّیْءِ: ہمیشگی کرنا۔ لگاتار کرنا۔
وَصَّلَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: جوڑنا (۔۔۔۔ وَاَوْصَلَ) فُلاناً اِلَی کَذَا: پہنچانا۔
تَوَصَّلَ اِلَی کَذَا: پہنچنا۔۔۔۔اِلَی فُلاَنٍ: پہنچنے کے لئے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ اِلَیْہِ بِوُصْلَةٍ وَسَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنانا۔
تَوَاصَلَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔
اِتَّصَلَ بِالشَّیْءِ: جڑنا۔۔۔۔اِلَیْہِ: پہنچنا۔۔۔۔بِیْ خَبَرُ فُلاَنٍ: جاننا۔۔۔۔فُلاَنٌ بِالوَزِیرِ: خدمت میں رہنا۔۔۔۔اِلَی بَنِی فُلاَنٍ: منسوب ہونا۔
اِسْتَوْصَلَ: میل ملاپ ڈھونڈنا۔
الوَصْل: مص۔ لَیْلَةُ الوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الوَصْلِ عِنْدَ اَھْلِ القَوَافِی: اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا او[ر]

اور ہاء اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا وَصْلُ ھٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوُصْل والوِصْل: ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج اَوْصَال۔
الوُصْلَة: مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر۔ ساعت۔ دُور کی زمین۔ ج وُصَل۔
الصِلَة: مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلاَت۔
اِتِّصَالُ النَّیِّرَیْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔
الوَصُول: بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔
الوُصُول: مص۔۔۔۔عِنْدَ المُوَلِّدِینَ: رسید۔ ج وُصُولاَت۔
وَصِیلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا رَجُلٌ وَصِیلُ ھٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔
الوَصِیلَة۔ وَصِیل: کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل۔ الوَصِیلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِیلٌ وَوَصَائِلُ الوَصِیلَة: اونٹنی جو لگاتار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔
المَوْصِل: ملنے کی جگہ۔ رسی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ البَعِیرِ: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔
المَوْصِلاَن: شہر موصل اور جزیرہ۔
المَوْصُول: مفع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔
المُسْتَوْصِل: فا۔ المُسْتَوْصِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔
وَصَمَ یَصِمُ وَصْماً العُودَ اَوِ العَظْمَ: لکڑی [illegible]

لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔
وَصِمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا۔۔۔۔فُلاناً: دردناک کرنا۔ ست و کاہل کرنا۔ وَصَمَتِ الحُمّٰی فُلاناً: دردناک کرنا۔
تَوَصَّمَ: تکلیف اٹھانا۔
تَوَاصَمَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔
الوَصَم: مرض۔
الوَصْم: مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوم۔
الوَصْمَة: عیب و عار۔ جسم کی سستی۔
الوَصِیم: خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔
المَوْصُوم: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُومُ الحَسَبِ" عیب دار مرد۔
وَصْوَصَ عَیْنَہُ: نظر جمانے کے لئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا۔۔۔۔الجِرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔
وَصْوَصَتِ الجَارِیَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے کچھ دکھائی نہ دینا۔
الوَصْوَص والوَصْوَاص: آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَادِص وَصَاوِیص۔ الوَصَاوِص: سخت زمین کے پتھر۔
وَصَی یَصِی وَصْیاً: عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا۔۔۔۔الشَّیْءُ بِہٖ: متصل ہونا۔۔۔۔الشَّیْءَ بِآخَرَ: ملانا (۔۔۔۔ وَصْیاً وَوَصَایَةً) المَکَانُ: متصل نباتات والی ہونا۔۔۔۔النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔
وَصّٰی تَوْصِیَةً فُلاناً بِکَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا۔۔۔۔اِلَیْہِ بِالصَّلاَةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاہُ بِفُلاَنٍ اَنْ یُحْسِنَ اِلَیْہِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "وَوَصَّیْتُ لَہُ بِعَبْدٍ مَوْلًی" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا۔ وَصّٰی اِلَی فُلاَنٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا۔ فُلاناً بِوَلَدِہٖ: مہربان بنانا۔

أَوْصَى إِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا...... لَهُ بِكَذَا: کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا...... إِلَيْهِ: وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔

وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔

تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔

اِسْتَوْصَى اِسْتِيصَاءً بِفُلَانٍ: وصیت کو قبول کرنا۔

الْوَصِيَّةُ. الْإِيْصَاءُ: کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ وَصِيَّتُهٗ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا۔ وَصَايَا اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کئے ہیں۔ الْوَصِيَّةُ: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِيٌّ۔

الْوَصَاةُ. ج وَصًى والْوَصَايَةُ والْوِصَايَةُ: وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔

الْوَصِيُّ (مذکر ومؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج أَوْصِيَاءُ۔

الْوَاصِي: پیچیدہ گھاس۔ أَرْضٌ وَاصِيَةٌ: پیچیدہ گھاس والی زمین۔

وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوءًا ووَضَاءَةً الشَّيْءُ: پاکیزہ وخوبصورت ہونا۔

وَضَأَهُ يَضَؤُهُ وَضْأً: پاکیزگی وخوبروئی میں غالب ہونا۔

وَضَّأَ تَوْضِئَةً. بِالْمَاءِ: پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔

وَاضَأَهُ: پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَأَهُ فَوَضَأَهُ" اس نے اس سے پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ: وضو کرنا...... الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ: بالغ ہونا۔

الْوَضُوءُ: وضو کا پانی۔

الْوَضِيءُ ج وِضَاءٌ وأَوْضِيَاءُ والْوَاضِيءُ ج وَضَاءَةٌ والْوُضَّاءُ ج وُضَّاءُونَ ووُضَاضِيءُ: پاکیزہ وخوبصورت۔

الْأَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت وپاکیزہ۔

الْمِيضَأَةُ والْمِيضَاءَةُ: وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔

الْمُتَوَضَّأُ: وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً وُضُوحًا وتَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْأَمْرُ او الْكَلَامُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِحٌ ووَضَّاحٌ۔

وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا: برص کے داغوں والا ہونا۔

أَوْضَحَ الْأَمْرُ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا...... الْأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ أَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّأْسِ: زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ أَوْضَحَ فِي رَأْسِهٖ: زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ أَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔

وَضَّحَ الْأَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيضَاحًا عَنِ الْأَمْرِ: بحث کرنا...... هُ الْأَمْرَ او الْكَلَامَ: وضاحت کرانا...... الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا...... الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔

الْوَضَحُ: مص۔ روشنی وسپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الْوَضَحُ: چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھرا درہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "اِمْرَأَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الْوَضَحُ: دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج أَوْضَاحٌ وَضَحُ الطَّرِيقِ: شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ: تلوے کی سپیدی۔ أَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الْوَضَحَةُ: گدھی۔

الْوَاضِحُ: فا۔ ظاہر۔ نمایاں۔ وَاضِحُ الْحَسَبِ: پاک صاف حسب والا۔ الْوَاضِحُ مِنَ الْإِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

الْوَاضِحَةُ: واضح کا مؤنث ج وَاضِحَاتٌ وأَوَاضِحُ۔ الْوَاضِحَةُ: دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوں۔

الْوَضَّاحُ: سفید رنگ والا۔ خوبصورت چہرہ والا۔ بہت مسکرانے والا۔ دن۔ النَّسَبُ الْوَضَّاحُ: پاک صاف نسب۔ بکر۔ الْوَضَّاحُ: صبح کی نماز۔

الْوَضِيحَةُ: مویشی۔ ج وَضَائِحُ۔

الْمُتَوَضِّحُ: فا۔ ظاہر ہونے والا۔ شاہراہ پر چلنے والا...... مِنَ الْإِبِلِ: سفید اونٹ جس کی سفیدی بہت زیادہ نہ ہو۔

وَضَخَ يَضِخُ وَضْخًا الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

أَوْضَخَ الدَّلْوَ: ڈول کو پانی سے آدھا بھرنا۔

أَوْضَخَتِ الْبِئْرُ: کنوئیں کا کم پانی والا ہونا۔

أَوْضَخَ بِالدَّلْوِ: کم پانی کھینچنا۔

وَاضَخَهٗ وِضَاخًا ومُوَاضَخَةً: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

تَوَاضَخَ الْقَوْمُ: پانی کھینچنے یا دوڑنے یا چلنے میں مقابلہ کرنا۔

الْوَضُوخُ: پانی جو نصف ڈول تک ہو۔ پانی کھینچنے کی چیز۔

وَضِرَ يَوْضَرُ وَضَرًا: میلا کچیلا ہونا۔ چکناہٹ سے میلا ہونا۔ صفت مذکر وَضِرٌ صفت مؤنث وَضِرَةٌ ووَضْرَى کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَضِرُ الْأَخْلَاقِ وفِي أَخْلَاقِهٖ وَضَرٌ" فلاں گندے اخلاق والا ہے۔

وَضَّرَهٗ: میلا کچیلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ نَقِيَّ الْعِرْضِ فَوَضَّرَهٗ بِالدَّنَاءَةِ" وہ پاکیزہ آبرو والا تھا اور دناءت سے اس نے میلا کر دیا۔

الْوَضَرُ: مص۔ چکناہٹ کی وجہ سے میل

کچیلؔ پیالہ وغیرہ کا دھوون۔ پیالے میں کھانے کا اثر۔ ج اَوْضَار.
الوَضْرَیٰ: دبر(...... والوَضْرَاء) پہاڑ سے باہر نکلی ہوئی چٹان۔
وَضَعَهُ يَضَعُهُ وَضْعًا: کمینہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ وَضَعَ عُنُقَهُ: گردن پر مارنا...... الحَدِيثَ: بات گھڑنا...... الكِتَابَ: تالیف کرنا۔
السِّلَاحَ فِي العَدُوِّ: مقاتلہ کرنا...... يَدَهُ عَنْ فُلَانٍ: روکنا...... الجَنَابَةَ عَنْ فُلَانٍ: ناپاکی دور کرنا...... عَصَاهُ: اقامت کرنا۔
وَضَعَتِ المَرْأَةُ خِمَارَهَا: بے اوڑھنی کے ہونا۔ صفت وَاضِع۔ وَضَعَ الشَّیْءَ بَيْنَ يَدَيْهِ: سامنے چھوڑ دینا...... يَدَهُ فِي الطَّعَامِ: کھانا...... الجزيةَ او الحَرْبَ: ساقط کرنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا ومَوْضِعًا ومَوْضُوعًا الشَّیْءَ: رکھنا...... الشَّیْءَ مِنْ يَدِهِ: گرانا...... مِنْ فُلَانٍ: مرتبہ سے گھٹانا...... عَنْ غَرِيمِهِ: قرض دار سے کچھ چھوڑ دینا(...... وَضْعًا ومَوْضُوعًا) البَعِيرُ: سر جھکا کر تیز چلنا۔
وَضَعَ يَضَعُ وَضْعًا وَضَعَةً وَضِعَةً وُضُوعًا نَفْسَهُ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
وَضَعَتْ وَضْعًا ووُضْعًا وتُضْعًا المَرْأَةُ حَمْلَهَا: جننا۔ صفت وَاضِع.
وَضِعَ يَوْضَعُ ووُضِعَ ضَعَةً ووَضِيعَةً فِي تِجَارَتِهِ: نقصان اٹھانا۔ صفت مَوْضُوعٌ فِيهَا.
وَضُعَ يَوْضُعُ ضَعَةً وضِعَةً ووَضَاعَةً: لئیم ہونا۔ دنی ہونا۔ خسیس ہونا۔
وَضَعَ الشَّیْءَ: جوڑنا...... الجُبَّةَ: روئی بھر کر سینا۔ وَضَعَتِ النَّعَامَةُ بَيْضَهَا: شترمرغ کا انڈوں کو تہ بتہ رکھنا...... الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔
اَوْضَعَ البَعِيرَ: اُونٹ کا تیز دوڑنا...... البَعِيرُ: اُونٹ کو تیز دوڑانا...... اَوْضَعَ فِي تِجَارَتِهِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَلَّهَ الرَّجُلَ: شدتِ غم میں ڈالنا...... المَرْاَةَ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا (...... واَوْلَهَ) الحُزْنُ او الوَجْدُ فُلانًا: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔
اِتَّلَهَ النَّبِيْذُ فُلانًا: مدہوش کر دینا۔ عقل زائل کر دینا۔
اِسْتَوْلَهَ اِسْتِيْلاهًا: بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوْلَةٌ ومُوْلَهٌ: بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔ المُوْلَةُ: مکڑی۔
المِيْلَهُ: حیرانی وپریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔
المِيْلاهُ: تیز ہوا۔ اِمْرَئَةٌ مِيلاه: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ ج مَوَالِيْه۔
وَلْوَلَتْ وَلْوَلَةً ووَلْوَالاً المَرْاَةُ: واویلا کرنا۔ چیخنا۔ وَلْوَلَتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
الوَلْوَال: شدتِ غم۔ زلزلہ۔
وَلِيَ ووَلِيَ يَلِي وَلْيًا فُلانًا: قریب ہونا۔ متصل ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا يَلِيْه"۔
وَلِيَ يَلِي وَلايَةً ووِلايَةً الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: والی ہونا۔ متصرف ہونا...... الرَّجُلَ وعَلَيْهِ: مدد کرنا...... البَلَدَ: قابض ومتصرف ہونا (...... وَلايَةً) الرَّجُلَ محبت کرنا۔
وُلِيَ المَكَانُ: موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
وَلّٰى تَوْلِيَةً فُلانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
وَلّاهُ كَذَا: کسی کے پیچھے کرنا۔ وَلّاهُ ظَهْرَهُ: اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔ وَلّٰى الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا۔ دور ہونا۔ وَلّٰى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا۔ وَلَّى الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا۔ عَنْ زَيْدٍ بِوُدِّه: دوستی کا بدل جانا۔
اَوْلٰى اِيْلاءً فُلانًا الاَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
...... هُ مَعْرُوْفًا: کسی پر احسان کرنا۔ اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَوْلاهُ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) اَوْلاهُ عَلَى اليَتِيْمِ: وصیت کرنا۔
وَالٰى وِلاءً ومُوَالاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مدد کرنا...... الشَّيْءَ: لگاتار کرنا...... الغَنَمَ:

تَوَلّٰى تَوَلِّيًا الاَمْرَ: ذمہ داری لینا۔ کسی کے کام کے لئے مستعد ہونا...... فُلانًا: ولی مقرر کرنا...... عَنْهُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا
تَوَلّٰى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا...... الشَّيْءَ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا...... الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا...... عَلٰى بِوُدِّه: دوستی کا بدل جانا۔
تَوَالٰى تَوَالِيًا: پیاپے ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الغَنَمُ عَنِ المَعْزِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔
اِسْتَوْلٰى اِسْتِيْلاءً عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ قدرت یافتہ ہونا...... عَلَى الغَايَةِ: انتہا کو پہنچنا...... عَلَى الشَّيْءِ: قابض ہونا۔
الوَلْيُ: مص۔ قرب۔ نزدیکی۔ بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وسمی کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ وَلْيُ دَارِي" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔
الوَلاءُ: محبت۔ دوستی۔ نزدیکی وقرابت۔ مدد۔ ملکیت۔ الوَلاءُ: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عقد موالاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا وَلاءً اَوْ عَلٰى وَلاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔
الوَلِيُّ ج اَوْلِيَةٌ: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج اَوْلِيَاءُ: محبت کرنے والا۔ دوست۔ مددگار۔ پڑوسی۔ حلیف۔ تابع۔ داماد۔ ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُ وَلِيُّكَ" اللہ تمہارا حافظ ومددگار ہے۔ "وَالْمُؤْمِنُ وَلِيُّ اللّٰهِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرمانبردار ہوتا ہے۔
وَلِيُّ العَهْدِ: وارث تخت وتاج۔ وَلِيُّ اليَتِيْمِ: یتیم کا والی۔
الوَلايَة: مص۔ وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ ج وَلايَات۔
الوِلايَة: حکومت۔ امارت۔ سلطنت۔ وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ الوِلايَة والوَلاءَة: رشتہ داری ہے اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى وَلايَةٍ او وِلايَةٍ

وَاحِدَۃً" وہ لوگ میری دشمنی میں اکٹھے ہیں یا وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

الوَلِیَّۃُ: ولی کا مؤنث۔ نزدیکی۔ عرق گیر ج وَلِیَّات وَوَلَایَا۔ دَارٌ وَلِیَّۃٌ: نزدیک کا گھر۔

الوَالِی: فا۔ وَالِی البَلَدِ: حاکم شہر۔ ج وُلَاۃ۔

الاَوْلٰی: زیادہ حقدار۔ زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَوْلٰی بِکَذَا" وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ تثنیہ اَوْلَیَان ج الاَوْلَوْنَ والاَوَالِی: مؤنث الوُلْیٰ تثنیہ الوُلْیَیَان ج الوُلٰی والوُلْیَیَات "وَاَوْلٰی لَکَ" دھمکی اور وعید کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے کہ شر تمہارے قریب ہے بچو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی اَلْوَیْلُ لَکَ یا اَوْلَاکَ اللّٰہُ مَا تَکْرَھُہٗ" کے ہیں۔ اس صورت میں لام زائدہ ہے اور ایسا ہی "اَوْلٰی لِی وَاَوْلٰی لَہٗ" کہا جاتا ہے۔

المَوْلٰی: مالک و سردار۔ غلام۔ آزاد کرنے والا۔ آزاد شدہ۔ انعام دینے والا۔ جس کو انعام دیا جائے۔ محبت کرنے والا۔ ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان۔ شریک۔ بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی۔ تابع ج المَوَالِی اور کہا جاتا ہے "ھُوَ یَتَمَوْلٰی عَلَیْنَا" وہ ہمارا سردار بننا چاہتا ہے۔

المَوَالِیَا: ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا موالیا کہا کرتے تھے اور اپنے سرداروں کی طرف اشارہ کرتے تھے (اور عوام مَوَّال: کہتے ہیں ج مَوَاوِیل)

المَوْلیُّ: بچہ جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو۔ مؤنث مَوْلِیَّۃ۔

المَوْلَوِیُّ: مولی کی طرف منسوب عِنْدَ المُسْلِمِیْنَ: زاہد۔

المَوْلَوِیَّۃ: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جس کو فرقہ مَوْلَوِیَّۃ کے لوگ پہنا کرتے تھے اور کہا جاتا ہے "فِیْہِ مَوْلَوِیَّۃٌ" اس میں سرداروں کی مشابہت ہے۔

المُتَوَالِی: فا۔ ج مَتَاوِلَۃ: شیعوں کی جماعت۔

وَمَا یَمَا وَمْأً وَوَمَا تَوْمِئَۃً و اَوْمَأَ اِیْمَاءً بِحَاجِبِہٖ او بِیَدِہٖ او غَیْرِ ذٰلِکَ: اشارہ کرنا۔

وَامَأَ مُوَامَأَۃَ الرَّجُلِ: وَاءَمَ: میں ایک لغت ہے۔

المُوْمَأُ اِلَیْہِ: جس کی طرف اشارہ کیا جائے مذکورہ بالا کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

الوَمْحَۃ: دھوپ کا اثر۔

وَمِدَتْ تَوْمَدُ وَمَدًا اللَّیْلَۃُ: گھٹن کے ساتھ تیز گرمی والی ہونا۔ صفت وَمِدٌ وَمِدَۃٌ وَمِدَ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ وَمِدٌ عَلَیْہِ" وہ اس پر غضبناک ہے۔

الوَمَدَۃ: رات کی تیز گرمی۔

الوِمْدَۃ: خالص سپیدی۔

وَمَزَ یَمِزُو مَزًا بِاَنْفِہٖ: غصے سے نتھنے پھلانا۔

تَوَمَّزَ: اٹھنے کا ارادہ کرنا۔

وَمَسَ یَمِسُ وَمْسًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: رگڑنا یہاں تک کہ چھلکا جدا ہو جائے۔

اَوْمَسَتِ المَرْأَۃُ: بدکار ہونا۔ اَوْمَسَ العِنَبُ: پکنے کے لئے نرم ہونا۔

المُوْمِسُ والمُوْمِسَۃ: بدکار و فاجرہ عورت ج مُوْمِسَات وَمَوَامِس وَمَوَامِیْس وَمَیَامِس وَمَیَامِیْس۔

الوَمْشَۃ: بدنِ انسانی پر سفید تل۔

وَمَضَ یَمِضُ وَمْضًا وَوَمِیْضًا وَوَمَضَانًا البَرْقُ: آہستہ چمکنا۔ صفت وَامِض۔

اَوْمَضَ اِیْمَاضًا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا ...... الرَّجُلُ: رمز سے اشارہ کرنا۔ بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ مسکرانا۔ اَوْمَضَتِ المَرْأَۃُ بِعَیْنِھَا: عورت کا دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔

الوَمْطَۃ: تھکن سے زمین پر گرنا۔

الوَمْعَۃ: بارش کی بوچھاڑ۔

الوَمْغَۃ: لمبا بال۔

وَمِقَہٗ یَمِقُہٗ مِقَۃً وَوَمْقًا: محبت کرنا۔

وَامَقَہٗ وِمَاقًا وَمُوَامَقَۃً: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

تَوَامَقَ الرَّجُلَان: باہم محبت کرنا۔

تَوَمَّقَہٗ: دوستی کرنا۔

الوَمِیْقُ والمَوْمُوْقُ: محبوب۔

الوَمْکَۃ: فراخی و کشادگی۔

وَمِہَ یَوْمَہُ وَمَھًا النَّھَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

تَوَمَّنَ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

وَمٰی تَوْمِیَۃً بِالشَّیْءِ: لے جانا۔

اِسْتَوْمٰی عَلَیْہِ: غالب ہونا (مانند اِسْتَوْلٰی عَلَیْہِ)

المَوْمَاۃ والمَوْمَاء: بیابان ج المَوَامِی۔

الوَنُّ: کمزوری۔ چنگ کہ جس کو انگلیوں سے بجاتے ہیں (دخیل)

وَنَّبَہٗ: جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔

الوَنْج: ایک قسم کا بربط۔ (دخیل)

وَانَحَہٗ مُوَانَحَۃً: موافقت کرنا۔

وَنَمَ یَنِمُ وَنْمًا وَنِیْمًا الذُّبَابُ: مکھی کا بیٹ کرنا۔

الوَنْمَۃ والوَنِیْم: مکھی کی بیٹ۔

وَنٰی یَنِی وَوَنِیَ یَوْنٰی وَنْیًا وَوُنِیًّا وَوِنَاءً وَوَنْیَۃً وِنْیَۃً وَوَنٰی: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ تھکنا۔ صفت وَان مؤنث وَانِیَۃ ......ہٗ: چھوڑنا ...... عَنْ کَذَا: مہمل چھوڑ دینا ......

الکَرْمُ: سینچنا ...... السَّحَابَۃُ: برسانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَایَنِیْ یَفْعَلُ کَذَا" فلاں ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

وَنّٰی تَوْنِیَۃً: عمل میں سستی کرنا۔

اَوْنٰی اِیْنَاءً الرَّجُلَ: تھکانا۔ کمزور کرنا۔

تَوَانٰی تَوَانِیًا فِیْ حَاجَتِہٖ: سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ اہتمام نہ کرنا۔

الوَنَاء: سستی۔

اِمْرَأَۃٌ وَنَاۃٌ وَاَنَاۃٌ وَانِیَۃٌ: سست حرکات والی عورت۔

الوَنْوَۃ: عقل کی کمزوری۔

الوَنَاۃ والوَنِیَّۃ: مروارید۔ موتی۔

الوَانِی: فا۔ کمزور بدن والا۔ نَسِیْمٌ وَانٍ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔
الوَانِیُ: موتی۔
المِیْنَا والمِیْنَاء: بندرگاہ۔ اور "مِیْنَاءُ السَّاعَة" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔
وَهَبَ یَهَبُ وَهْبًا ووَهَبًا وَهِبَةً المَالَ فُلَانًا ولِـفُلَانٍ: ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبْنِی فَعَلْتُ کَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ اَنِّی فَعَلْتُ کَذَا نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (...... ووَهَبَ یَهَبُ) الرَّجُلَ: داد و دہش میں غالب ہونا۔
وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً: ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَوْهَبَ اِیْهَابًا الاَمْرَ لِفُلَانٍ: تیار کرنا۔ ...... الشَّیْئُ لِفُلَانٍ: لینے کے لئے ممکن ہونا۔ الشَّیْئُ لَهُ: زیادہ و بکثرت ہونا یہاں تک کہ اسی میں سے ہبہ کرے۔ اور کہا جاتا ہے "اَوْهَبْتُ لِکَذَا" یعنی میں اس پر قادر رہا۔
تَوَاهَبَ القَوْمُ: بعض کا بعض کو ہبہ کرنا۔
اِتَّهَبَ اِتِّهَابًا الهِبَةَ: ہبہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْهَبَ اِسْتِیْهَابًا الهِبَةَ: ہبہ طلب کرنا ...... فُلَانًا ومِنْ فُلَانٍ الهِبَةَ: ہبہ کرنے کی درخواست کرنا۔
الهِبَةُ: مص۔ کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا۔ ہبہ کی ہوئی چیز ج هِبَات.
الوَهَّاب والوَهَّابَة والوَهُوْب: بہت ہبہ کرنے والا۔
المَوْهِب والمَوْهِبَة. وَهَبَ: کا اسم ہے۔
المَوْهِبَة والمَوْهَبَة: عطیہ۔ ہبہ کی ہوئی چیز۔ چھوٹا سا تالاب جیسے "هُوَ اَشْهٰی مِنْ مَاءِ مَوْهِبَةٍ عَلٰی خَمْرٍ" وہ تالاب کے پانی سے شراب کا زیادہ راغب ہے ج "مَوَاهِب. المَوْهَبَة" پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔

وَهَتَ یَهِتُ وَهْتًا الشَّیْئَ: دبانا۔ سخت روندنا۔
اَوْهَتَ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
الوَهْتَة: پست زمین۔ ج وَهْتٌ.
لَحْمٌ مُوْهِتٌ: بدبودار گوشت۔
وَهَتَ یَهِتُ وَهْتًا وهِتَةً فِی الشَّیْئِ: مشغول ہونا ...... الشَّیْئَ: سخت روندنا۔
تَوَهَّتَ تَوَهُّتًا فِی الاَمْرِ: خوب غور کرنا۔
وَهَجَتْ تَهِجُ وَهْجًا ووَهِیْجًا ووَهَجَانًا النَّارُ او الشَّمْسُ: آگ بھڑکنا۔ آفتاب روشن ہونا۔
اَوْهَجَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَوَهَّجَ: بھڑکنا ...... الحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔ یَوْمُنَا: سخت گرمی والا ہونا ...... الجَوْهَرُ: چمکنا ...... رَائِحَةُ الطِّیْبِ: بھڑکنا۔ خوشبو پھیلنا۔
الوَهَج: آگ کی بھڑک یا آفتاب کی چمک۔ آفتاب کی یا آگ کی گرمی جو دور سے محسوس ہو وَهَجُ الطِّیْبِ خوشبو کی بھڑک۔
یَوْمٌ وَهْجَان ووَهِجٌ: سخت گرم دن۔
الوَهَّاج: سخت بھڑکنے والا۔ نَجْمٌ وَهَّاج: روشن ستارہ۔ اور ایسا ہی سِرَاجٌ وَهَّاجٌ.
وَهَّدَلَهُ الفِرَاشَ: بچھونا بچھانا۔
تَوَهَّدَ الفِرَاشُ: بچھنا۔
الوَهْد: پست زمین ج اَوْهُد ووُهْدَان اور کہا جاتا ہے "مَکَانٌ وَهْدٌ" پست جگہ۔
الوَهْدَة: پست زمین۔ گڑھا۔ ج وِهَاد ووَهْد.
وَهَرَهُ یَهِرُهُ وَهْرًا ووَهَرَهُ: سخت مشکل میں پھنسا دینا۔
تَوَهَّرَ اللَّیْلُ او الشِّتَاءِ: رات یا سردی کا اکثر حصہ گزر جانا ...... هُ فِی الکَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
اِسْتَوْهَرَ واِسْتَیْهَرَ اِسْتِیْهَارًا بِهِ: یقین کرنا۔
الوَهَر: دھوپ کا زمین پر اس طرح تیزی

اضطراب ظاہر ہو۔
لَهَبٌ وَاهِرٌ: بھڑک دار شعلہ۔
الوَهْرَة: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو۔
الوَهْرَان: ڈرنے والا۔
وَهَزَهُ یَهِزُهُ وَهْزًا: روندنا۔ ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا۔ وَهَزَهُ عَلٰی کَذَا: برانگیختہ کرنا۔ وَهَزَ الشَّیْئَ: توڑنا ...... القَمْلَةَ بَیْنَ اَصَابِعِهِ: جوں کو انگلیوں کے درمیان مار ڈالنا۔
وَهَّزَهُ: بوجھل کرنا۔
تَوَهَّزَ: سخت روندنا۔ بوجھل چال سے چلنا۔
تَوَهَّزَ خَلْفَ فُلَانٍ: کودنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ یَتَوَهَّزُ" وہ گزرا اس حال میں کہ زمین کو سخت دباتا ہوا چلتا ہے۔
الوَهْز: مص۔ پستہ قد مضبوط بدن والا۔
الوَهَّازَة: شرمیلی عورت کی چال۔
الاَوْهَز: اچھی چال والا۔
المُوَهِّز والمُوْهَز: سخت روندنے والا۔
وَهَسَ یَهِسُ وَهْسًا الشَّیْئَ: توڑنا۔ سخت روندنا ...... الرَّجُلُ: تیز چلنا ...... فِی الاَمْرِ: حیلہ کرنا ...... عَلٰی قَوْمِهِ: ظلم کرنا۔ دست درازی کرنا۔
وَاهَسَ مُوَاهَسَةً: تیز چلنا ...... هُ: جھگڑا کرنا۔
تَوَهَّسَ وتَوَاهَسَ: بوجھل چال چلنا۔ تیز چلنا۔ تَوَهَّسَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "تَوَهَّسَ الاَرْضَ فِی مِشْیَتِهِ" اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔
الوَهْس: مص۔ برائی۔ چغل خوری۔
الوَهْسَة: عام راستہ۔
الوَهَّاس: اسم مبالغہ۔ شیر۔
وَهَصَ یَهِصُ وَهْصًا الشَّیْئَ الرَّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ سختی سے پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا ...... الرَّاسَ: سر کچل دینا۔ الحَیَوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔
الوَهْصَة. وَهَصَ: کا اسم مرۃ۔ پست زمین۔

الوَكّاص: بڑا دینے والا۔

المَوْهَص: پست زمین۔ روندنے یا توڑنے کی جگہ۔ ج مَوَاهِص.

المَوْهُوص والمُوهَّص الخَلْقِ: گٹھے بدن والا۔

الوَهْصَة: پست زمین۔

وَهَطَهُ يَهِطُهُ وَهْطًا: توڑنا۔ روندنا۔ نیزہ مارنا۔ مارنا...... الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

أَوْهَطَهُ: کمزور کرنا۔ مارکرست کرنا۔ پچھاڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ أَوْهَطَ جَنَاحَ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو توڑ دینا۔

تَوَهَّطَ: ٹوٹنا۔ روندا جانا...... الفِرَاشَ: بچھانا ...... فِي الطِّينِ: نرم مٹی میں غائب ہونا۔

الوَهْط: مص۔ لاغری۔ جماعت ج أَوْهَاط کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أَوْهَاط" ان کے درمیان جھگڑا اور شور وغل ہے۔

الوَهْطَة: پست زمین ج وَهْط ووِهَاط.

وَهَفَ يَهِفُ وَهْفًا ووَهِيفًا إِلَى كَذَا: قریب ہونا...... النَّبَاتُ: سبز اور پتے والا ہونا...... لَهُ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (...... وَهْفًا ووِهَافَةً) النَّصْرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کے لئے مستعد ہونا۔

أَوْهَفَ إِيهَافًا الشَّيْءُ إِلَى كَذَا: قریب ہونا۔ أَوْهَفَ لَهُ الشَّيْءُ: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔

الوَاهِف: فا۔ گرجا کا خادم یا منتظم۔

الوِهَافَة والوُهْفِيَّة: گرجا کی خدمت۔

وَهَقَ يَهِقُ وَهْقًا الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسّی ڈالنا...... هُ عَنْ كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "وَالْقَلْبُ عِنْدَكُمْ مَوْهُوقٌ" دل تم لوگوں کے پاس اٹکا ہوا ہے۔

وَاهَقَ مُوَاهَقَةً والبَعِيرُ البَعِيرَ: چلنے میں گردن لمبی کرکے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔

أَوْهَقَ الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا۔

تَوَهَّقَ الحَصَى: کنکریوں کا دھوپ سے گرم ہونا...... فُلَانًا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔

تَوَاهَقَ القَوْمُ فِي الأَمْرِ: برابر ہونا یا مقابلہ کرنا۔ تَوَاهَقَتِ الإِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی کرکے مقابلہ کرنا...... السَّاقِيَانِ: مقابلہ کرنا۔

الوَهْق الوَهَق: رسی کہ جس کے ایک طرف پھندا ہوتا ہے اور جس کو جانور کی گردن میں ڈالتے ہیں ج أَوْهَاق.

وَهَلَ يَهِلُ ويَوْهَلُ وَهْلًا إِلَى الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔

وَهِلَ يَوْهَلُ وَهَلًا: کمزور ہونا۔ گھبرانا۔ صفت وَهِلٌ. وَهَلَ إِلَيْهِ: فریاد طلب کرنا۔ پناہ لینا...... فِي الأَمْرِ وعَنْهُ: غلطی کرنا۔ بھولنا۔

وَهَّلَهُ: خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔

تَوَهَّلَهُ: غلطی میں ڈالنا۔

الوَهَل والوَهْلَة: گھبراہٹ۔ خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ أَوَّلَ وَهْلَةٍ او وَهَلَةٍ او وَاهِلَةٍ: میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی۔

وَهَمَ يَهِمُ وَهْمًا فِي الشَّيْءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو...... الشَّيْءَ: خیال کرنا۔ تصور کرنا۔

وَهِمَ يَوْهَمُ وَهَمًا فِي الحِسَابِ: غلط کرنا۔ بھولنا۔

وَهَّمَهُ: وہم میں ڈالنا۔

أَوْهَمَ إِيهَامًا: وہم میں پڑنا...... هُ: وہم میں ڈالنا...... فُلَانًا بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا...... كَذَا مِنَ الحِسَابِ: غلطی کرنا ...... الشَّيْءَ: کل چھوڑ دینا۔

أَتْهَمَ: تہامہ میں داخل ہونا۔ أَتْهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا (یہ عوام کی بول چال میں ہے فصیح اِتَّهَمَهُ ہے)

اِتَّهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا...... هُ فِي قَوْلِهِ: سچائی میں شک کرنا۔ اِتَّهَمَ الرَّجُلُ: بدنام ہونا۔ متہم ہونا۔

تَوَهَّمَ الأَمْرَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ تَوَهَّمَ فِيهِ الخَيْرَ: کسی کے اندر خیر کا اندازہ کرنا۔

الوَهْم: مص۔ دل میں جو خطرہ گزرے۔ ج أَوْهَام: قوتِ وہمیہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ قوت وہمیہ اس حس باطنی کو کہتے ہیں جس کا کام معانی جزئیہ کا ادراک کرنا ہے جن کا تعلق محسوسات سے ہے جیسے زید کی شجاعت۔ سخاوت۔ بکری کی بزدلی۔ ماں کی محبت وغیرہ...... کشادہ راستہ۔ بڑا مرد۔ مضبوط موٹا سدھا ہوا اونٹ۔ ج أَوْهَام ووُهُم ووُهُوم کہا جاتا ہے "لَا وَهْمَ مِنْ كَذَا" اس سے کوئی چارہ نہیں۔

الوَهْمَة: موٹی اونٹنی۔

الوَاهِمَة: قوت وہمیہ۔

الوَهْمِيُّ: وہم والا۔

التُّهَمَة والتُّهْمَة. اِتِّهَام: کا اسم۔ تہمت۔ شک۔ ج تُهَم وتُهَمَات.

التَّهِيم: جس پر تہمت لگائی جائے۔

المَوْهُوم مِنَ الأَشْيَاءِ: وہم کیا ہوا۔ تصور کیا ہوا۔ خیال کیا ہوا۔

وَهَنَهُ يَهِنُهُ وَهْنًا وأَوْهَنَهُ: کمزور کرنا۔ وَهَنَ وأَوْهَنَ الرَّجُلُ: آدھی رات میں داخل ہونا۔

وَهَّنَهُ: کمزور کرنا۔

وَهَنَ ووَهِنَ يَهِنُ ووَهُنَ يَوْهُنُ وَهْنًا ووَهَنًا ووَهِنَ يَوْهَنُ وَهَنًا: کام میں سست ہونا۔ کمزور ہونا۔

تَوَهَّنَ البَعِيرُ: لیٹنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا زیادہ کھانے سے اُڑ نہ سکنا۔

الوَهْن: مص...... مِنَ الرِّجَالِ او الإِبِلِ: موٹا پستہ قد...... مِنَ اللَّيْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد (...... والوَهَن) کام میں سستی۔ بدن میں کمزوری۔

الوَهُون: کمزور۔

الوَاهِن: فا۔ کمزور۔ کندھے کی ایک رگ کا نام۔

الوَاهِنَة. واهن: کا مؤنث۔ کمزوری۔

بازو۔ گردن کا مہرہ۔ ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخدَعَان ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَشَدِیْدُ الوَاھِنَتَیْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے۔

الوَھْنَانَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: ناز و نعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت۔

المَوْھِنُ مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد۔

المَوْھُوْنُ: کمزور۔ مؤنث مَوْھُوْنَۃٌ۔

وَھْوَہَ وَھْوَھَۃً فِیْ صَوْتِہٖ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا...... الاَسَدُ فِیْ زَئِیْرِہٖ: شیر کا دھاڑنا۔ صفت وَھْوَاہٌ۔

الوَھْوَاہُ والوَھْوَہُ مِنَ الخَیْلِ: تیز و چست

رَجُلٌ وَھْوَاہٌ: بزدل مرد۔

وَھٰی ووَھِیَ یَھِی وَھْیًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا...... الشَّیُٔ: بندش ڈھیلی ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔ کمزور ہونا...... الحَائِطُ: دیوار کرنے کے قریب ہونا...... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا ...... السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا۔

اَوْھٰی اِیْھَاءً فُلَانًا: کمزور کرنا۔ سست کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَاَوْھٰی یَدَہٗ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا۔

الوَھْیُ: مص۔ شگاف۔ پھٹن ج وُھِیٌّ واَوْھِیَۃ۔

الوَھْیَۃ: اسم مرۃ۔ شگاف۔

الوَاھِی اسم فاعل ج وَاھُوْن ووُھَاۃ: مؤنث وَاھِیَۃ۔

الــوَھِیَّۃُ: موتی۔ ذبح کرنے کے لئے موٹا اونٹ۔

الاُوْھِیَّۃ: پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ۔

وَاہِ ووَاہَ ووَاھًا ووَاھًا لَہٗ وَبِہٖ: چیز کی خوبی کے لئے کلمہ تعجب گویا تم کہتے ہو "اَتَعَجَّبُ بِہٖ مَا اَطْیَبَہٗ" اور اظہار افسوس کے لئے بھی آتا ہے جیسے "وَاھًا عَلٰی مَافَاتَ"۔

وَیْ: کلمہ تعجب جیسے وَیْ لِـزَیْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کے لئے بھی آتا ہے اور وَیْــل سے کنایہ ہے تم کہتے ہو "وَیْکَ اِسْتَمِعْ قَوْلِیْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ اور دھمکی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَیْ بِکَ یَا فُلَانُ۔

وَیْــبٌ: بمعنی ویل۔ کہا جاتا ہے "وَیْبَکَ ووَیْبٌ لَکَ ووَیْبٌ لِزَیْدٍ ووَیْبًا لَہٗ ووَیْبٍ لَہٗ ووَیْبِہٖ ووَیْبَ غَیْرِہٖ: کسرہ اور ضمیر و اسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ۔ وَوَیْبَ زیــد: فتحہ اور اضافت کے ساتھ۔ وَوَیْبٍ فُلَانٌ کسرہ اور رفع کے ساتھ۔ اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں۔ یعنی اللہ اس کے لئے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَیْبًا لِھٰذَا" یعنی اس کے لئے تعجب ہے۔

الــوَیْبَۃ: بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَیْبَــات (مولدۃ) الوَیْبَۃ: مصیبت۔ بلا۔ رسوائی۔

وَیْح: کلمہ ترحم و توجع۔ اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ وَیْــلٌ کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَیْــحٌ لِـــزَیْدٍ ووَیْحًا لِزَیْدٍ وَیْحَہٗ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار کی فعل کی بنا پر۔ گویا کہ تم کہتے ہو اَلْزَمَہُ اللہُ وَیْحًا۔

الوَاحُ والوَاحَۃُ: ریگستان میں سرسبز زمین ج الوَاحَات۔

وَیْخ: بمعنی وَیْح۔

وَیْــس: بمعنی وَیْح اور اس کے احکام بھی وَیْح کے احکام جیسے ہیں۔

الوَیْسُ: محتاجی۔ ارادہ کی ہوئی چیز۔ نہ چاہی ہوئی چیز۔

وَیْک: کلمہ ہے جو وی اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

وَیْــل تَوْیِیْلًا فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: کسی کے لئے بہت ویل کہنا۔

تَوَیَّلَ: ویل کو پکارنا۔ یَاوَیْلِیْ: کہنا۔

تَــوَایَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے لئے ویل ویل کہنا کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَوَایَلَانِ"۔

الوَیْلُ: شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ جہنم کی ایک وادی کا نام کہا جاتا ہے "وَیْــلَـــہٗ ووَیْلَکَ ووَیْلِیْ ووَیْلٌ لِزَیْدٍ ووَیْلًا لَہٗ" نصب اضمار فعل کی بنا پر رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائے گا۔ کہا جاتا ہے "وَیْلٌ وَائِلٌ ووَیْــلٌ ووَیْلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل۔

الوَیْلَۃ: بلا رسوائی۔ ج وَیْلَات۔

وَیْــلُمِّــہٖ: یہ مرکب کلمہ ہے اس کی اصل "وَیْلٌ لِاُمِّہٖ" ہے بمعنی بددعا کے مگر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَہُ اللہُ" اور "لَا اَبَ لَکَ" کے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَیْلُمِّہٖ ووَیْلِمِّہٖ"۔ ضمہ لام و کسرہ لام کے ساتھ بمعنی چالاک و تیز فہم مرد۔

الوَیْمَۃ: تہمت اور بقول بعض چغل خوری۔

الوَیْنُ: کالا انگور۔ عیب۔

الوَیْنَۃ: کالا خشک انگور۔

وَیْہَ ووَیْہِ ووَیْھًا: کلمہ تحریض و اغراء ہے مفرد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے یہی آتا ہے۔

الهاء: یہ حروف تہجی میں چھبیسواں حرف ہے اور حروف حلقی سے ہے۔
ہ: تین صورتوں میں مستعمل ہے۔
(۱) ضمیر غائب ہے۔ منصوبا و مجروراً۔ جیسے "قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ" اس سے اس کے ساتھی نے باہم بات کرتے ہوئے کہا اور یہ کسرہ یا یاء ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے۔
(۲) حرف غیبت جیسے اِیَّاهُ کی ھا.
(۳) ھَاءِ: سکتہ اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کے لئے لاحق ہوتی ہے جیسے مَاهِيَهْ وَهَاهُنَاهْ. وَوَازَيْدَاهْ.
ھا: اس کی بھی تین صورتیں ہیں۔
(۱) اسم فعل بمعنی خُذْ: جیسے "هَا الْكِتَابَ" کتاب لو۔ اس کے الف کو ممدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ مقصورہ کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان کی طرح کریں اور کہیں ھَاءَ مذکر کے لئے۔ ھَاءِ مؤنث کے لئے وھَاؤُم جمع مذکر کے لئے۔ ھَاؤُمَا تثنیہ مذکر و مؤنث کے لئے ھَاؤُنَّ جمع مؤنث کے لئے۔
(۲) مؤنث کی ضمیر منصوب جیسے ضَرَبَهَا اور مجرور جیسے كِتَابُهَا. ہ: ضمیر ہے اور الف علامت تانیث۔
(۳) تنبیہ کے لئے اور اس کی چار صورتیں ہیں۔
(الف) اشارہ سے پہلے جیسے: ھٰذَا وھٰذَاک۔
(ب) ضمیر مرفوع جیسے "هَا أَنْتُمْ هٰؤُلَاءِ".
(ج) ای: کی صفت ندا کی صورت میں جیسے يَا أَيُّهَا الرَّجُلُ.
(د) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کو حذف کرتے وقت جیسے "هَا اللّٰهِ".
ھِیْ ھِیْ: اسم صوت ہے جس سے اونٹ کو چارہ کھلانے کے لئے بلاتے ہیں۔
ھَاھَاْ: اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔
ھَاھَا ھہنھاہً وھَاھَاءً: ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ صفت ھَاھَاْ وھَاھَاءَ ...... بالابل: اونٹ کو چارہ کے لئے بلانا اور ھِیْ ھِیْ کہنا یا ڈانٹنا اور ھَاھَاْ کہنا اور اسم الھِیْ ہے۔
جَارِيَةٌ هَأْهَاءَةٌ: بہت ٹھٹھا مار کر ہنسنے والی لڑکی۔
هٰؤُلَاءِ: ھا کلمہ تنبیہ اور اُولا: اسم اشارہ۔
ھَبْ. وَھَبْ: اسے امر کا صیغہ ہے اور کہا جاتا ہے "هَبْنِي فَعَلْتُ" فرض کر کہ میں نے کیا اور یہ کلمہ امر کا ہے جو دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے۔
ھَبَّتِ (ن) ھُبُوبًا وھَبِيبًا وھَبًّا الرِّيحُ: ہوا کا چلنا۔ ھَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوْمِ: نیند سے بیدار ہونا...... النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔
ھَبَّ (ض) ھَبًّا وھُبُوبًا وھَبِيبًا وھِبَابًا: چست و تیز رفتار ہونا۔ ھَبَّ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا اور کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ هَبَبْتَ" تم کہاں سے آئے (...... ھَبًّا وھُبُوبًا) السَّيْفُ: تلوار کا ہلنا ...... فِي الْحَرْبِ: شکست کھانا (...... ھَبًّا وھَبَّةً وهِبَّةً). السَّيْفُ الشَّيْءَ: تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا۔
ھَبَّ (س) ھَبَابًا: مدت تک غائب رہنا۔ کہا جاتا ہے "ھَبَّ فُلَانٌ حِينًا ثُمَّ قَدِمَ" فلاں ایک مدت تک غائب رہا پھر آ گیا۔ "وَأَيْنَ هَبَبْتَ عَنَّا" تم ہم سے کہاں غائب رہے؟
ھَبَّبَ تَهْبِيبًا الثَّوْبَ: کپڑا اپھاڑنا۔
اَھَبَّهُ مِنْ نَوْمِهِ: نیند سے بیدار کرنا۔ اَهَبَّ السَّيْفَ: تلوار کو ہلانا ...... الرِّيحَ: ہوا کا چلانا۔
تَهَبَّبَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اِهْتَبَّ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
اِسْتَهَبَّ الرِّيحَ: ہوا کا چلانا۔
الهَبَابُ: ذرات جو دھوپ پڑنے پر روشن دان وغیرہ میں معلوم ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ هَبَائِبُ وهِبَبٌ وأَهْبَابٌ" پارہ پارہ شدہ کپڑا۔
الهَبَّةُ. ھَبَّ: کا اسم مرۃ۔ صبح کی باقی ماندہ ایک ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ هَبَّةً" میں نے اس کو ایک مرتبہ دیکھا "وَاحْذَرْ هَبَّةَ السَّيْفِ" تلوار کے چلنے سے بچو۔
الهِبَّةُ. ھَبَّ: کا اسم نوع۔ حال۔ کپڑے کا

ایک ٹکڑا۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا۔ ج
کی باقی ماندہ ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔

الهَبُوبُ والهَبُوبَةُ والهَیِّبُ مِنَ الرِّیَاحِ: گرد و غبار اڑانے والی ہوا۔

الهَبَّاب: بہت گرد و غبار اُڑانے والی ہوا۔

المَهَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ۔ ج مَهَابُّ.

المُهِبُّ: کمزور۔ ج مُهِبُّونَ: بیدار کرنے والا۔

هَبَتَهُ (ض) هَبْتًا: مارنا۔ کسی کا سر جھکا دینا۔ مرتبہ سے گھٹا دینا۔ ذلیل کرنا۔

هَبَتَهُ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔

هُبِتَ الرَّجُلُ: بزدل و ہوش باختہ ہونا۔ صفت هَبِیت و مَهْبُوت.

الهَبْتَةُ. هَبَتَ: کا اسم مرۃ۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِی عَقْلِهِ هَبْتَةٌ" اس کی عقل کمزور ہے۔

الهَبْتَر: پستہ قد۔

هَبَجَهُ (ف) هَبْجًا بِالعَصَا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔

هَبِجَ (س) هَبَجًا وَجْهُ الرَّجُلِ: چہرے کا سوجنا۔ صفت هَبِجٌ.

هَبَّجَهُ: متورم کرنا۔

تَهَبَّجَ: سوجنا۔

المُهَبَّجُ: سست۔ بھدی طبیعت کا۔

هَبَدَ (ض) هَبْدًا وتَهَبَّدَ واِهْتَبَدَ الهَبِیدَ: اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ هَبَدَ فُلانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔

الهَبْد والهَبِید: اندرائن یا اس کا دانہ۔ واحد هَبِیدَة.

الهَوَابِد: اندرائن کے دانے چننے والیاں۔

هَبَذَ (ض) هَبْذًا وهَابَذَ واَهْبَذَ واِهْتَبَذَ الفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ کا تیز اڑنا۔

الهَابِذَة: تیز رفتار اونٹنی ج هَوَابِذ.

هَبَرَ (ن) هَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَرَ لَهُ مِنَ اللَّحْمِ هَبْرَةً" اس نے اس کے لئے گوشت کے ٹکڑے کاٹے "وَهَبَرْنَاهُمْ بِالسُّیُوفِ" ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔

هَبِرَ (س) هَبَرًا البَعِیرُ: اونٹ کا زیادہ گوشت والا ہونا۔

اَهْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔

اِهْتَبَرَ البَعِیرُ: اونٹ کا دبلا پتلا ہونا..... فُلانًا بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الهَبْر: مص۔ بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد هَبْرَةٌ. الهَبْر: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج هُبُورٌ. وهَبْر. الهَبْر فِی القِرَاءَةِ: آیت پر وقف کرنا۔

الهُبْر: انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔

الهَبِر مِنَ الجِمَالِ: بہت گوشت والا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "بَعِیرٌ هَبِرٌ دَبِرٌ" بہت گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث هَبِرَة.

الهِبْر: کٹا ہوا۔

الهِبْرِیَة: روئی کے اڑنے والے روئیں۔ سر کی بھوسی۔ بانس اور نرکل سے جو بکھرے اور جمع ہو کر جم جائے۔

الهُبُور: مکڑی۔

الهَبِر: پست زمین کہ اس کے اردگرد بلندی ہو ج هُبُرٌ واَهْبِرَةٌ: اندام نہانی۔ کہا جاتا ہے "ضَرْبٌ هَبْرٌ وهَبِیرٌ" گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والی ضرب۔

الهُبَیْرَة: بجو۔ اَبُو هُبَیْرَة: مینڈک۔ اُم هُبَیْرَة: مینڈکی۔

الاَهْبَر: بہت گوشت والا۔ مؤنث هَبْرَاء ج هُبْر.

الهُبَارِیَة: اڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی۔

رِیحٌ هُبَارِیَّة: غبار والی ہوا۔

الهَبَّار: بہت بالوں والا بندر۔

سَیْفٌ هَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔

الهُبُّور: چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے خوشے۔

هَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔ الثَّوْبَ: منقش کرنا۔

الهَبْرَج: تیز و سبک چال۔ مرد متکبر۔ اکڑ کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا بڑا گوشت بیل۔ بوڑھا ہرن۔

الهِبْرِج: موٹا بڑا گوشت۔

المُهَبْرَج مِنَ الاَوْتَارِ: خراب شدہ تانت۔

الهِبْرِزِیّ: فارسیوں کا کُن۔ نیا دینار۔ ہر خوبصورت و خوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص سونا۔ وَاُمُّ الهِبْرِزِیّ: بخار۔

تَهَبْرَسَ: ناز و انداز سے چلنا۔

هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوزًا وهَبَزَانًا: مرنا۔ یا اچانک مرنا۔

هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا الرَّجُلُ: پورے ہاتھوں سے دوہنا..... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ پچھنا..... لِعِیَالِهِ: کمائی کرنا۔
..... فُلانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔

هَبَّشَ تَهْبِیشًا المَالَ: جمع کرنا۔

تَهَبَّشَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا..... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ یَتَهَبَّشُ لِعِیَالِهِ" وہ اپنے اہل و عیال کے لئے کمائی کرنے کے لئے نکلا۔

اِهْتَبَشَ المَالَ: اکٹھا ہونا..... الشَّیْءَ: جمع کرنا..... مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔

الهَابِشَة: جماعت۔ الهَابِشَة والهُبَاشَة: مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج هَوَابِش هُبَاشَات. الهُبَاشَات: کمائیاں۔

الهَبَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ بہت جمع کرنے والا۔

هَبِصَ (س) وهَبَصَ (ح) هَبَصًا وهَبْصًا: پھرتیلا و جلد باز ہونا..... الكَلْبُ: کتے کا شکار کا حریص ہونا..... عَلَى الشَّیْءِ: مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت هَبِصٌ.

اِهْتَبَصَ فِی العَمَلِ: جلدی کرنا..... فِی المَشْیِ: تیز چلنا (..... وانْهَبَصَ) لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔

الهَبَصَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے مَشَى الهَبَصَى: وہ تیز چال چلا۔

هَبَطَهُ (ن) هَبْطًا مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے

أتارنا..... المَرَضُ لَحْمَهُ بیماری کا گوشت کو لاغر کرنا..... فُلانًا: مارنا..... بَلَدَ کَذَا: شہر میں داخل ہونا..... السُّوْقَ: بازار میں پہنچنا..... الوَادِیَ: وادی میں اترنا۔ صفت ھَابِط..... فُلانًا البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا..... ثَمَنَ السِّلْعَةِ وَمِنْ ثَمَنِهَا: قیمت گھٹانا۔

هَبَطَ (ض ن) هُبُوْطًا الثَّمَنُ: قیمت گھٹنا۔ کم ہونا۔ فُلانٌ: خاکساری کرنا ..... فلانٌ مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا..... مِنْ مَوْضِعٍ إِلَى آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنَ الْخَشْيَةِ" اس نے خوف کی وجہ سے خاکساری کی "وَهَبَطَهُ الزَّمَانُ" اس کو زمانہ نے مفلوک الحال بنا دیا۔

هَبَّطَ الْعِدْلَ: بوری کو اونٹ پر درست کر کے رکھنا۔

أَهْبَطَهُ: اتارنا۔ اَهْبَطَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانا۔

تَهَبَّطَ مِنْ كَذَا: نیچے اترنا..... الشَّيْءَ: بجھنا۔

اِنْهَبَطَ الرَّجُلُ: نیچے اُترنا۔

الْهَابِطُ: فا۔ لاغر۔

الهَبْطُ: مص۔ نقصان۔ برائی میں پڑنا۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰهُمَّ غَبْطًا لاهَبْطًا" یعنی اے اللہ ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں کہ لوگ ہم پر غبطہ کریں اور اس سے پناہ مانگتے ہیں کہ اپنی حالت سے پستی میں آجائیں۔

الهَبْطَةُ. هَبْطٌ: کا اسم مرۃ۔ پست وہموار زمین۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِيْ هَبْطَةٍ مِنَ الْأَرْضِ" وہ لوگ پست زمین میں ہیں۔

الْهُبُوْطُ: ڈھلوان۔ نشیب کی زمین۔

الْهَبِيْطُ: دبلا پتلا لاغر۔

المَهْبِطُ: اترنے کی جگہ۔

اَلْمَهْبَطُ: گرڈ اسٹیشن۔ ایئر فیلڈ۔

الْمَهْبُوْطُ: دبلا پتلا۔ رَجُلٌ مَهْبُوْطٌ: محتاج ومفلس مرد۔

هَبَعَ (ف) هَبْعًا وَهُبُوْعًا الْحِمَارُ: گدھے کا سست رفتاری سے چلنا اور جس کی ایسی حالت ہو اس کو هبع کہتے ہیں..... البَعِيْرُ: اونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا۔ هَبَعَ بِعُنُقِهِ: جلدی کرنا اور گردن کا سہارا لینا۔ صفت هَابِعٌ وَهُبُوْعٌ۔

اِسْتَهْبَعَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو گردن پھیلا کے چلوانا۔

الْهُبَعُ: گدھا۔ اونٹ کا بچہ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔ ج هُبَعَات وهِبَاع مؤنث هُبَعَة ج هُبَعَات۔

الْمُهْبِعُ: اونٹ کے بچوں کا مالک۔

اِبِلٌ هُبَّعٌ: گردن پھیلا کے چلنے والے اونٹ۔

هَبَغَ (ف) هُبُوْغًا وَهَبْغًا الرَّجُلُ: سونا۔

الْهَبْغَةُ: نیند۔

الْهَبِيْغُ: بہت سونے والا۔

اِنْهَبَكَتْ بِهِ الْأَرْضُ: دھنسانا۔

الْهُبَكَةُ: احمق۔ بے وقوف۔ زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔ ج هُبَكَات وهُبَك۔

هَبِلَتْ (س) هَبَلًا فُلَانًا أُمُّهُ: گم کرنا۔ بے فرزند ہونا۔ صفت هَابِلٌ بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "هَبِلَتْهُ أُمُّهُ" یعنی اس کی ماں اس کو گم کرے اور بسا اوقات مقام مدح و استحسان میں بولا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ کتنا بڑا عالم اور صائب الرائے ہے۔

هَبَلَ الرَّجُلُ لِعِيَالِهِ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا..... فُلَانًا: کسی سے هَبِلَتْكَ أُمُّكَ کہنا..... اللَّحْمُ فُلَانًا: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

أَهْبَلَ الرَّجُلُ: بے اولاد کرنا۔ عقل وتمیز کھونا..... اللَّحْمَ: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

تَهَبَّلَ لِعِيَالِهِ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔

اِهْتَبَلَ فُلَانٌ: بہت جھوٹ بولنا اور حیلہ کرنا..... الصَّيْدَ: شکار کو فریب دینا۔ لِعِيَالِهِ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔ ..... الشَّيْءَ: غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ كَلِمَةَ حِكْمَةٍ" حکمت کے کلمہ کو غنیمت جان۔ ..... عَلَى وَلَدِهِ: بے اولاد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِهْتَبِلْ هَبَلَكَ" اپنی حالت کی درستی کو لازم جانو۔

الْهَابِلُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ گر۔ بہت گوشت وچربی والا۔

الْهَبَالُ: ایک درخت ہے جس سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ واحد هَبَالَة۔

الْهَبَالَةُ: عقل وتمیز کھونا۔ جستجو۔ کہا جاتا ہے "نَالَهُ بِهَبَالَةٍ"۔

الْهُبَالَةُ: غنیمت۔

الْهَبَّالُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ ساز۔ فریب دینے والا شکاری۔

الْهَبَلُ: مص۔ حالت۔

الْهَبِلُ: بھیڑیا۔ فریب دینے والا۔

الْهُبْلَةُ: بوسہ۔

هُبَلُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

الْأَهْبَلُ: عقل وتمیز کھونے والا۔ ج هُبْل۔

الْهِبِلُّ والْهِبَلُّ: بڑا لمبا مرد۔ حیلہ جو۔

الْهِبِلُّ: ایک درخت کا نام۔

الْهَبْلَى: ناز کی رفتار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الْهَبْلَى" وہ خرام ناز سے چلتا ہے۔

الْهَبُوْلُ: بچہ گم کرنے والی عورت۔

الْمُهَبَّلُ: جس کو بددعا دی جائے کہ تیری ماں تجھے گم کرے۔ سوجے ہوئے چہرے والا۔ پُر گوشت۔ پاگل۔

المِهْبَلُ: ہلکا۔

الْمُهْبَلُ: جھوٹا۔

الْمَهْبُوْلُ: مفع۔ وہ جس کو اس کی ماں نے گم کردیا ہو۔

الْهَبْلَقُ: پستہ قد۔

الْهَبْنَقُ: بے وقوف۔ پستہ قد۔

الْهَبَنَّكُ: بے وقوف۔ کمزور۔ چغل خور۔

الْهَبَنَّكَةُ. هَبَنَّكٌ: کا مؤنث۔ سست کاہل۔

هَبْهَبَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا ...... السَّرَابُ: سراب چمکنا۔ هَبْهَبَهُ: ڈانٹنا۔

هَبْهَبَ الكَبْشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔

تَهَبْهَبَ الشَّيْئُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الهَبْهَب: تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔

الهَبْهَاب: تیز رفتار۔ چلانے والا۔ سراب۔

الهَبْهَبِيُّ: اچھی حدی گانے والا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت و مشقت کرنے والا۔ تیز رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مؤنث هَبْهَبِيَّة.

هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا: ست چلنا ...... الغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا بھاگنا ...... فُلَانٌ: مرنا ...... الرَّمَادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔

اَهْبَى اِهْبَاءً الفَرَسُ: گھوڑے کا غبار اڑانا۔

تَهَبَّى تَهَبِّيًا: دونوں ہاتھ جھاڑنا۔

الهَابِي: فا۔ ج هُبِّى کہا جاتا ہے "نُجُومٌ هُبِّى" غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔

الهَابِي: قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْضَعٌ هَابِي التُّرَابِ" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے وتُرَابٌ اَوْ رَمَادٌ هَابٍ: فضا میں اڑنے والی مٹی یا راکھ۔

الهَبَاء: غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج اَهْبَاء.

الهَبَاءَة: غبار کا قطعہ۔

هُبَابَة الشَّجَرِ: درخت کی چھال۔

الهَبْوَة: گرد و غبار۔ ج هَبَوَات واَهْبَاء (خلاف قیاس) اَهْبَاءُ الزَّوْبَعَة: بگولا۔

الهَبِيُّ: چھوٹا بچہ۔ مؤنث هَبِيَّة.

المُتَهَبِّي: کمزور نظر والا۔

هَتَّ (ن) هَتًّا الكَلَامَ: پیہم نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے پھاڑنا ...... العِرْضَ: آبروریزی کرنا ...... المَاءَ: پانی گرانا ...... فُلَانًا: مرتبہ گھٹانا ...... المَرْاَةُ غَزْلَهَا: عورت کا لگاتار کاتنا ...... فُلَانٌ فِي كَلَامِهِ: جلدی جلدی بولنا ...... وَرَقَ الشَّجَرَةِ: درخت کے پتے جھاڑنا ...... الشَّيْئَ: توڑنا اور چورہ کرنا (...... هَتِيتًا) البَكْرُ: جوان اونٹ کا آواز کرنا۔

الهَتُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "تَرَكَهُمْ هَتًّا بَتًّا" اس نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے چھوڑا۔

الهَتَّات: ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔

المِهَتُّ: بمعنی هَتَّات.

هَتَأَهُ يَهْتَأُهُ هَتْأً بِالعَصَا ونَحْوِهَا: لاٹھی وغیرہ سے مارنا ...... الطَّعَامَ: کھانا۔

هَتِئَ يَهْتَأُ هَتَأً الرَّجُلُ: ٹیڑھا ہونا۔

تَهَتَّأَ تَهَتُّؤًا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الهَتْءُ الهِتْءُ والهَتِيُّ والهِتَاءُ والهِتِيُّ والهِيتَاءُ والهِتْأَةُ: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى مِنَ اللَّيْلِ هَتْءٌ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

الهَتَأُ والهُتْؤُ: شگاف۔ پھٹن۔

الاَهْتَاء: کبڑا۔

هَتَرَ (ض) هَتْرًا عِرْضَ فُلَانٍ: آبروریزی کرنا ...... الكِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔

هَتَّرَ عِرْضَ فُلَانٍ: بہت زیادہ آبروریزی کرنا۔

هَاتَرَهُ مُهَاتَرَةً: بری گالی دینا۔

اُهْتِرَ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التاء اور یہ شاذ ہے و اُهْتِرَ فُلَانٌ کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لئے فریفتہ ہونا۔

اُهْتِرُوا فِي ذِكْرِ اللّٰهِ: اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔

تَهَاتَرَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَاتَرَتِ الشَّهَادَاتُ" شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہوئیں۔

اِسْتَهْتَرَ فُلَانٌ: [illegible] کے ساتھ خواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔

اِسْتُهْتِرَ الرَّجُلُ بِكَذَا: بہت فریفتہ ہونا ...... الرَّجُلُ: لغو و لاطائل افعال کا مرتکب ہونا۔

الهَاتِر: فا۔ ج هَاتِرُونَ وهَتَرَة.

الهِتْر: جھوٹ۔ مصیبت۔ امر عجیب۔ بے ہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج اَهْتَار کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِتْرُ اَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے۔

الهُتْر: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

التَّهَاتُر: ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں۔

التِّهْتَار والتَّهْتَر: حماقت و جہالت۔

المُهْتَر: کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رَجُلٌ مُهْتَرٌ گفتگو میں خطا کار۔

المُسْتَهْتَر بِالشَّيْئِ: سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔

الهِتْرِك: شیر۔ سخت و مشکل زمانہ۔

هَتَشَ (ض) هَتْشًا الكَلْبَ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ کہا جاتا ہے "هُتِشَ الكَلْبُ فَاهْتَتَشَ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لئے خاص ہے)

هَتَعَ (ف) هَتْعًا اِلَى قَوْمِهِ: جلدی متوجہ ہونا۔

هَتَفَتْ (ض) هَتْفًا وهُتَافًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا کوکو کرنا ...... هُتَافًا فُلَانًا بِفُلَانٍ: چلا کر بلانا ...... فُلَانًا وبِفُلَانٍ: تعریف کرنا۔

هَتَّفَتْ تَهْتِيفًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔

الهَاتِف: ٹیلیفون۔

الهَاتِف: فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے۔ ٹیلی فون۔ تم کچھ ہو "سَمِعْتُ هَاتِفًا يَهْتِفُ" جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے ...... کہا جاتا ہے [illegible]

هَتَفَةً وهُتُوفًا وهُتَافًا: آواز دینے والی کمان۔ حَمَامَةٌ هَتُوفٌ: بہت کوکو کرنے والی کبوتری۔ رِیحٌ هَتُوفٌ: سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔ سَحَابَةٌ هَتُوفٌ: گرجنے والا بادل اور اسم الهُتْفَى ہے۔

الهَتْف والهُتَاف: مص۔ سخت و بلند آواز۔

هَتَكَ (ض) هَتْكًا السِّتْرَ ونَحْوَهُ: پردہ پھاڑنا۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا۔ یا کچھ تھوڑا سا سوراخ کرنا تاکہ پردہ کے پیچھے کی چیز ظاہر ہو جائے۔ ...... الثَّوْبَ: کپڑے کو لمبا پھاڑنا۔ کہا جاتا ہے "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الفَاجِرِ" یعنی اللہ تعالیٰ فاجر کو رسوا کریں۔ "وَهَتَكَ عَوْرَتَهُ" جبکہ عزت جاتی رہے۔

هَتَّكَ السِّتْرَ: بمعنی هَتَكَ: تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَهَتَّكَ وانْهَتَكَ السِّتْرُ ونَحْوُهُ: پردہ کا پھٹنا۔ تَهَتَّكَ فُلَانٌ: رسوا ہونا ...... فِي البَطَالَةِ: بہادری میں [illegible] توڑنا۔

هَاتَكَ مُهَاتَكَةً: باہم رات کی تاریکی میں چلنا۔ کہا جاتا ہے "هَاتَكْنَا اللَّيْلَ" یعنی رات کی تاریکی میں ہم نے سفر کیا۔

الهُتْكَ: آدھی رات۔

ثَوْبٌ هَتِكٌ: پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهُتْكَةُ: پردہ دری۔ رات کی ایک ساعت۔

الهُتَيْكَةُ: رسوائی۔ بے عزتی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُنْهَتِكٌ ومُتَهَتِّكٌ ومُسْتَهْتِكٌ" بے عزتی سے لاپرواہ۔ رسوا۔ بدنام۔

الهَتِيك: پارہ پارہ شدہ۔

هَتَلَتْ (ض) هَتْلًا وهُتُولًا وتَهْتَالًا وهَتَلَانًا السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔

سَحَابٌ هُتُلٌ: لگاتار برسنے والے بادل۔

الهَتَلَان: ہلکی لگاتار بارش۔

هَتْلَمَ هَتْلَمَةً الرَّجُلَانِ: دوسروں سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَتْلَمَة: مص۔ پوشیدہ بات۔

هَتَمَ (ض) هَتْمًا فَاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا ...... الثَّنِيَّةَ: جڑ سے توڑنا۔

هَتِمَ (س) هَتَمًا: سامنے کے جڑ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت الأَهْتَمُ مؤنث هَتْمَاءُ ج هُتْمٌ۔

هَتَّمَهُ بِالضَّرْبِ: مار مار کر ضعیف و کمزور کر دینا۔

اهْتَمَ: دانتوں کو توڑنا۔

تَهَتَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَتَّمَتْ أَسْنَانُهُ" اس کے دانت ٹوٹ گئے۔

تَهَاتَمَا: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا۔

الهُتَامَة: ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

هَتْمَرَ الرَّجُلُ: بہت بولنا۔

هَتْمَلَ الرَّجُلُ: آہستہ بولنا ...... الرَّجُلَانِ: دوسرے سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔

الهَتْمَلَة: پوشیدہ بات۔

هَتَنَتْ (ض) هَتْنًا وهُتُونًا وهَتَنَانًا وتَهْتَانًا وتَهَاتَنَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے لگاتار بارش ہونا ...... الدَّمْعُ: آنسو کا ٹپکنا۔

الهَتْن: لگاتار بارش۔

...... سَحَابٌ هَاتِنٌ وهَتُونٌ: لگاتار بارش والا بادل ج هُتُنٌ وهُتْنٌ۔ عَيْنٌ هَتُونُ الدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔

التَّهْتَان: لگاتار برسنے والی بارش۔

هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا ...... فِي الكَلَامِ: جلدی جلدی بولنا ...... البَعِيرَ: اونٹ کو "هَتْ هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔

الهَتْهَات: ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔

هَتَاهُ يَهْتُوهُ هَتْوًا: پیروں سے روند کر توڑنا۔

هَاتَاهُ مُهَاتَاةً: دینا (اس فعل کی گردان عاطی کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وَهَاتِي يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "وَمَا أُهَاتِيكَ" میں تم کو نہیں دوں گا۔

هَثَّ (ن ض) هَثًّا: جھوٹ بولنا۔ صفت هَثَّاث: یعنی جھوٹا۔

هَثْرَمَ هَثْرَمَةً: بہت بولنا۔

هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا: کوٹ کر باریک کرنا۔

هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔

الهَيْثَم: ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا اور بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ کا ریت کا ٹیلہ۔

هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مخلوط ہونا۔ ...... الوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا ...... السَّحَابَةُ بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا ...... الشَّيْءَ: سخت روندنا۔

الهَثْهَاث: جلدی کرنے والا۔ شَيْءٌ هَثْهَاثٌ: ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هَثْهَاثٌ: جھوٹا مرد۔

الهَثْهَثَة: مص۔ لڑائی میں مخلوط آوازیں۔

هَثَى يَهْثِي هَثْيَانًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَاثَاهُ مُهَاثَاةً: مذاق اڑانا۔

هَجَّ (ن) هَجًّا وهَجِيجًا البَيْتَ: گھر ڈھانا (...... هُجُوجًا) العَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

...... النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجْهَجَ النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔

وهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔

اهْتَجَّ فِي الأَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

اسْتَهَجَّ فُلَانٌ: خود رائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ او القَافِلَةَ: تیز چلانا۔

عَيْنٌ هَاجَّةٌ: دھنسی ہوئی آنکھ۔

الهَجَاج: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ هَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خودسر ہوا (اور کبھی هَجَاج کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے) اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وهَذَا ذَيْكَ" یعنی دور رہو۔

الهَجَاجَة: گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ لے۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَجَاجَةٌ"۔

الهَجّ: بیل کی گردن کا جوا۔

الهُجُج: پوکھرے۔

الهَجِيج: مص ـ گہری وادی ـ لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے ـ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچیں جائیں ـ ج هُجَّان.

الاهجيج: گہری وادی ـ

عَيْنٌ مُهَجَّجَة: دھنسی ہوئی آنکھ ـ

المُهَجَّج: قا ـ دھنسی ہوئی آنکھ والا ـ

المُسْتَهْجُّ: ہر حق و ناحق میں بولنے والا ـ

هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وهُجُوْءً ا جُوْعُه: بھوک بند ہونا (...... هَجْأً الطَّعَامَ: کھانا...... بَطْنَهُ: پیٹ بھرنا...... هُ الطَّعَامُ: آسودہ کر دینا ـ

هَجِئَ يَهْجَأُ هَجْأً: بہت بھوکا ہونا ـ

اَهْجَأَ اِهْجَاءً جُوْعَه: بھوک زائل کرنا ـ

فُلاَنًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا...... فُلاَنًا الشَّئْ: کسی کو کچھ کھلانا ـ

تَهَجَّأَ الحَرْفَ: ہجے کرنا ـ

الهَجَأُ: ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے ـ

الهَجَاة: بے وقوف مرد یا عورت ـ

هَجَبَ (ض) هَجْبًا: ہانکنا ـ دوڑنا ـ لاٹھی سے مارنا ـ

هَجَدَ (ن) هُجُوْدًا: رات میں سونا ـ بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُوْد دن میں سونے اور هُجُوْع رات میں سونے کیلئے ہے ـ

هَجَّدَ تَهْجِيْدًا الرَّجُلُ: بیدار ہونا ـ رات میں سونا ـ رات میں نماز پڑھنا...... فُلاَنًا: جگانا ـ سلانا (ضد)

اَهْجَدَ الرَّجُلُ: سونا...... فُلاَنًا: سلانا ـ سوتا ہوا پانا ـ

تَهَجَّدَ الرَّجُلُ: رات میں سونا ـ بیدار رہنا ـ

الهَاجِد: سونے والا ـ رات میں نماز پڑھنے والا ج هُجُوْد وهُجَّد.

الهَجُوْد: رات میں نماز پڑھنے والا ـ ج هُجُوْد وهُجَّد.

التَّهَجُّد: مص ـ رات کی نماز ـ

الـمُتَهَجِّد: قا ـ رات کی نماز کے لئے نیند سے بیدار ہونے والا ـ ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں هَاجِد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے ـ

هَجَرَهُ (ن) هَجْرًا وهِجْرَانًا: قطع تعلق کرنا ـ چھوڑنا ـ هَجَرَ الشَّئْ: ترک کرنا ـ اعراض کرنا...... زَوْجَهُ: بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا (...... هَجْرًا وهِجِّيرىٰ واهْجِيْرىٰ) فِيْ نومه او مَرَضِهٖ: نیند یا مرض میں بکواس کرنا (...... هَجْرًا) بِهٖ فِي النَّوْمِ: خواب دیکھنا (...... هَجْرًا و هُجُوْرًا) البَعِيْرَ: پاؤں باندھنے کی رسّی سے باندھنا ـ

هَجَّرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا...... النَّهَارُ: سخت گرم ہونا...... اِلَى الشَّئْ: سویرے جانا اور سبقت کرنا ـ

هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ الْبَلَدِ وعَنْهُ: ہجرت کرنا ـ

اَهْجَرَهُ اِهْجَارًا: چھوڑنا ـ اَهْجَرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا ـ اَهْجَرَ فِيْ مَنْطِقِهٖ: بکواس کرنا...... بِفُلاَنٍ: ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا ـ

تَهَجَّرَ القَوْمُ: دوپہر میں چلنا...... فُلاَنٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا ـ

تَهَاجَرُوْا واهْتَجَرُوْا: باہم قطع تعلق کرنا ـ

تَهَاجَرُو المَاءَ: لینا ـ

اِهْتَجَرَهُ: چھوڑنا ـ

اَلهَاجِر: اسم فاعل ـ شَئْ هَاجِرٌ: نہایت عمدہ چیز ـ

الهَاجِرَة. الهَاجِر: کا مؤنث ـ گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت ـ سخت گرمی ـ ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَة و عَافِيَة: وغیرہ ـ نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ: عمدہ اونٹنی اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال متّہم کیا

الهَاجِرِيّ: بہت عمدہ ـ اعلیٰ و فائق ـ معمار ـ شہری ـ

هَاجِرَة: حضرت اسمٰعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی ـ

الهَجْر: مص ـ حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا ـ بہت عمدہ ـ مہاجر ـ دوپہر ـ سخت گرمی ـ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ عَنْ هَجْرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیوبیت کے بعد ملا ـ "وَذَهَبَتِ الشَّجَرَةُ هَجْرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہو گیا ـ

الهِجْر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی ـ

الهُجْر: قبیح گفتگو ـ فحش گوئی ـ اِهْجَار کا اسم ـ

الهَجِر: نہایت عمدہ ـ آہستہ چلنے والا ـ

الْاَهْجَر: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهْجَرُ مِنْ ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا بڑا ہے ـ

الهُجْرَاءُ: قبیح گفتگو ـ کفایت کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ غِنَاءُ ذٰلِكَ وَلاَ هُجْرَاؤُهُ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غنا ہے اور نہ کفایت ـ

الهَجْرَة. هَجْر: کا اسم مرۃ ـ موٹی عورت ـ

الهِجْرَة. هجر: کا اسم نوع ـ تَهَاجُر کا اسم ـ

الهِجْرَة والهُجْرَة: ترک وطن ـ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا ـ

الهِجْرُ: دیہات میں منتقل ہونا ـ

الهَجِيْر: دوپہر ـ سخت گرمی ـ بڑا اور کشادہ حوض ـ بڑا پیالہ ـ جما ہوا دودھ ـ موٹا گورخر ـ پاؤں باندھنے کی رسی سے بندھا ہوا اونٹ ج هُجُر.

اَلْهَجِيْر: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ ـ

الهَجِيْرَة: دوپہر ـ سخت گرمی ـ

الهِجَار: تانت ـ طوق ـ تاج ـ اُونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی ـ

الهِجِّيْر والهِجِّيْرَة: عادت ـ

الهِجِّيْرىٰ. هَجَرَ فِيْ نَوْمِهٖ او مَرَضِهٖ: کا

مصدر عادت۔ کہا جاتا ہے "ھذا ھجیراہ" یہ اس کی عادت ہے۔

الھِجِّیرَاء: عادت۔

الھَجُورِیُّ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔

الاُھجُورَۃ والاِھجِیرَیٰ والاِھجِیرَاءُ: عادت۔

المُھجِر: شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھا چڑھا۔ غدۃ۔

مُھجِر: بہت عمدہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِمُھجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔

المَھَاجِر: ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ بِالمَھَاجِرِ" اس نے فحش گفتگو کی۔

المَھجُور: مفع۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔

الھِجرِس: لنگور۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج ھَجَارِس الھَجَارِس: زمانہ کی سختیاں۔

الھِجرِع والھَجرَع: بے وقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔

ھَاجَزَہٗ مُھَاجَزَۃً: چپکے چپکے بات کہنا۔

ھَجَسَ (ن ض) ھَجسًا الشَّیءُ فِی صَدرِہٖ: وسوسہ گزرنا ...... فُلَانًا: کام سے روکنا۔

ھَاجَسَہٗ: چپکے چپکے بات کہنا۔

اِنھَجَسَ عَنِ الاَمرِ: باز رہنا۔

الھَاجِس: فا۔ اندیشہ وسوسہ ج ھَوَاجِس۔

الھَجس: مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔

الھَجَّاس: آواز کو سننے والا شیر۔

الھَجِیسَۃ: مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔

خُبزٌ مُتَھَجِّسٌ: فطیری روٹی۔ بے خمیری روٹی۔

المَھجُوس: مفع۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِی مَھجُوسٍ مِنَ الاَمرِ" وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

ھَجَشَ (ن) ھَجشًا: اکسانا ...... الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا ...... بَینَ القَومِ: فساد ڈالنا۔ ھَجَشَت لَہٗ نَفسِی: بہت خواہش مند ہونا۔

الھَاجِشَۃ: لوگوں کی جماعت۔ ج ھَوَاجِش کہا جاتا ہے "جَاءَت ھَاجِشَۃٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔

الھَجشَۃ: اسم مرۃ۔ اکسانا۔

ھَجَعَ (ف) ھُجُوعًا وتَھجَاعًا: رات میں سونا۔ سونا اور کہا جاتا ہے "ھَجَعَ جُوعَہٗ ھَجعًا فَھَجَعَ جُوعُہٗ ھُجُوعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم ومتعدی) "وَھَجَعتُ اِلَیہِ فَخَدَعَنِی" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔

ھَجَّعَ تَھجِیعًا القَومُ: سونا۔

اَھجَعَ جُوعَہٗ: بھوک کو تسکین دینا۔

الھَاجِع: فا۔ ج ھُجُوعٌ وھُجَّعٌ۔

الھَاجِعَۃ: رات میں سونے والی ج ھُجَّعٌ وھُجُوعٌ وھَوَاجِع وجج ھَوَاجِعَات۔

الھِجعُ والھُجَعُ والھَجِعُ والھُجَعَۃ: غافل۔ بے وقوف۔ الھُجَعَۃ: بہت سونے والا۔

الھَجعَۃ۔ ھَجَعَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "اَتَیتُ فُلَانًا بَعدَ ھَجعَۃٍ" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔

الھِجعَۃ۔ ھَجَعَ: کا اسم نوع۔ رَجُلٌ ھِجعَۃٌ: غافل بے وقوف مرد۔

الھَجِیعُ مِنَ اللَّیلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَی ھَجِیعٌ مِنَ اللَّیلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

التَّھجَاع: ہلکی نیند۔

المِھجَع: غافل۔ بے وقوف۔ ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار۔

ھَجِفَ (س) ھَجَفًا: بھوکا ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔

اِنھَجَفَ: لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا۔

الھَجفَان: پیاسا۔

الھِجَفّ: سخت بدن سست (شتر مرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔

الاَھجَف: دبلا۔ مؤنث ھَجفَاء۔

ھَجَلَ (ن) ھَجلًا بِالقَصَبِ وَغَیرِھَا: پھینکنا۔ ھَجَلَتِ المَرأَۃُ بِعَینِھَا: آنکھ مارنا۔

ھَجَّلَ عِرضَہٗ: بے عزتی کرنا ...... بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔

ھَاجَلَ مُھَاجَلَۃً: پست اور ہموار زمین میں چلنا ...... فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اَھجَلَ الاِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا ...... الشَّیءَ: کشادہ کرنا ...... المَالَ: مال ضائع کرنا ...... القَومُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔

اِھتَجَلَ الشَّیءَ: ایجاد کرنا۔

الھَاجِل: فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔

الھَجل: مص۔ پست وہموار زمین۔ ج اَھجَال وھِجَال وھُجُول۔

الھَجلَۃ۔ ھَجَلَ: کا اسم مرۃ۔ پست وہموار زمین۔ ج ھَجَلَات۔

الھِجُول: بدکار عورت۔

الھَجِیل: پست وہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔

دُمُوعٌ ھُجُولٌ: بہنے والے آنسو۔ مفرد ھَاجِل۔

ھَجَمَ (ن) ھُجُومًا عَلَیہِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا ...... البَیتُ: مکان کا گرنا ...... البَردُ او الشِّتَاءُ: سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا ...... ھَجمًا فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا ...... فُلَانًا عَلَی القَومِ: اچانک لانا ...... الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا ...... البَیتَ: گھر کو ڈھا دینا

......الھَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا...... مَا فِی
الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا(...... ھَجْمًا
وھُجُومًا) الشَّیئُ: قرار و سکون پانا......
المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سُست پڑنا
......فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔ ھَجَمَتْ
عَیْنُہٗ: آنکھ کا دھنس جانا۔
ھَجَمَہٗ: اچانک لانا۔
ھَاجَمَہٗ مُھَاجَمَۃً: ایک دوسرے پر اچانک
آنا۔
اَھْجَمَہٗ عَلَیْھِمْ: اچانک لانا۔ اَھْجَمَ مَا فِی
الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا
الإبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس
لانا...... اللّٰہُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔
تَھَاجَمَا: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔
تَھَجَّمَ عَلَی الشَّیئِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔
اِنْھَجَمَ البَیْتُ: مکان کا شکستہ و ویران
ہونا...... الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا
۔اِنْھَجَمَتِ العَیْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔
اِھْتَجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا
دودھ لینا۔
اُھْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
الھِجْمُ: مص ۔ بڑا پیالہ۔ پینہ ج اَھْجَام.
الھَجْمُ: بڑا پیالہ۔
الھَجْمَۃُ. ھَجْم: کا اسم مرۃ...... مِنَ الشِّتَاءِ:
سخت سردی...... مِنَ الصَّیْفِ: سخت گرمی
......مِنَ الإِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے
لے کر سو تک کا گلہ۔ الھَجْمَۃُ: بوڑھی بھیڑ۔
رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُہٗ
بَعْدَ ھَجْمَۃٍ مِنَ اللَّیْلِ" میں اس کے پاس
رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔
الھَجَّامُ: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔
بہادر۔ شیر۔
الھَجُومُ: جلد ہجوم کرنے والا...... مِنَ
الرِّیَاحِ: تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے
"تَحَمَّمْ فَإنَّ الحَمَّامَ ھَجُومٌ" حمام میں
داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور
ہے۔

الھَجِمَۃُ: گاڑھا دودھ۔
الإھْتِجَامُ: رات کا آخری حصہ۔
المَھْجُومُ: مفع ۔ بَیْتٌ مَھْجُومٌ: گرا ہوا
گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔
الھَیْجُمَانَۃُ: موتی۔ زرگری۔
ھَجَنَ (ن ض) ھَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے
لفظ ھَاجِن)
ھَجُنَ (ک) ھُجْنَۃً وھَجَانَۃً وھُجُونَۃً:
کمینہ ہونا۔ فرومایہ ہونا۔ دوغلا ہونا......
الکَلَامُ: غلط ہونا۔
ھَجَّنَہٗ تَھْجِیْنًا. ھجین: بنانا (دیکھئے لفظ
ھَجِیْن) ھَجَّنَ الأَمْرَ: حقیر کرنا۔ عیب دار
بنانا۔
اَھْجَنَ الرَّجُلُ: شریف النسل اونٹوں کا
مالک ہونا...... الجَارِیَۃَ: بلوغ سے پہلے
شادی کر دینا۔
اُھْتُجِنَتِ الشَّاۃُ: حمل ظاہر ہونا۔
اِسْتَھْجَنَ فِعْلَہٗ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا
مِمَّا یُسْتَھْجَنُ ذِکْرُہٗ" یہ ان چیزوں میں
سے ہے جن کا ذکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔
الھَاجِنُ: فا۔ چقماق جس سے ایک دفعہ کے
مارنے میں آگ نہ نکلے۔ بچی جس کی
شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے۔ کھجور کا
درخت جو چھوٹے ہونے پر ہی پھل دے۔
ج ھَوَاجِن.
الھِجَانُ مِنْ کُلِّ شَیئٍ: عمدہ و خالص مِنَ
الإبِلِ: سفید نسل کا شریف اونٹ (اس میں
مذکر مؤنث جمع سب برابر ہیں) کہا جاتا
ہے "بَعِیْرٌ ھِجَانٌ ونَاقَۃٌ ھِجَانٌ وَإبِلٌ
ھِجَانٌ" اور بسا اوقات ھَجَائِن بھی بولتے
ہیں رَجُلٌ ھِجَانٌ: شریف النسل مرد۔ وَعَلٰی
ھٰذَا القِیَاسِ اِمْرَاَۃٌ ھِجَانٌ ونِسْوَۃٌ ھِجَائِن
اَرْضٌ ھِجَانٌ: سفید نرم مٹی والی زمین۔
الھِجَانَۃُ: شرافت۔ سفیدی۔
الھُجْنَۃُ: مص...... مِنَ الکَلَامِ: عیب و
قباحت...... فِی العِلْمِ: علم کی بربادی ج
ھُجَن.

الھَجِیْنُ: کمینہ۔ وہ جس کی ماں باندی اور
باپ عربی ہو۔ ج ھُجُن وھُجَنَاء وھُجْنَان
ومَھَاجِین ومَھَاجِنَۃ مؤنث ھَجِیْنَۃ ج
ھُجُن وھِجَان وھَجَائِن کہا جاتا ہے
"فَرَسٌ وبِرْذَونَۃٌ ھَجِیْنٌ" خراب نسل کا
گھوڑا یا ترکی گھوڑا او الھَجِیْنُ مِنَ الخَیْلِ:
ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا شدہ
گھوڑا ج ھُجُن وھَوَاجِن. لَبَنٌ ھَجِیْنٌ:
دودھ جو نہ پتلا ہو نہ گاڑھا۔
غِلْمَۃٌ اُھَیْجِنَۃٌ: بلوغ سے پہلے شادی شدہ
لڑکے۔
المَھْجَنَۃُ والمَھْجَنٰی والمَھْجَنِی
والمَھْجَنَاء: ناکارہ لوگ۔
المُھَجَّنَۃُ مِنَ النُّوقِ: اٹھان کی جانب
منسوب اونٹنی جو اچھی نسل ہونے کی وجہ سے
خراب نسل کے اونٹوں سے باز رکھی جائے۔
کھجور کا درخت جس پر پہلی مرتبہ تر کھجور کا
پھول ڈالا جائے۔ اونٹنی جو پہلی مرتبہ حاملہ
ہو۔
المُھْتَجِنَۃُ: کھجور کا درخت جس پر پہلی بار نر
کھجور کا پھول ڈالا جائے۔ کھجور جو چھوٹے
ہونے کے باوجود پھل دے۔ بچی۔
الھِجَنْفُ: لمبا چوڑا۔ ج ھَجَانِف.
ھَجْھَجَ الفَحْلُ فِی ھَدِیْرِہٖ: زور سے آواز
نکالنا۔
......الرَّجُلَ: کسی چیز سے باز رکھنا......
الجَمَلَ او بِالجَمَلِ: "ھیج ھیج" کہہ کر
روکنے کے لئے ڈانٹنا۔
الھَجْھَاجُ: بے وقوف۔ بڑا شریر۔ کم عقل
والا۔ بہت بڑبڑانے والا اونٹ۔ لمبا مرد یا
اونٹ۔ مصیبت۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ یَوْمٌ
ھَجْھَاجٌ: تیز ہوا کا دن۔
الھَجْھَاجَۃُ: بمعنی ھَجْھَاج. بنجر زمین۔ ج
ھَجَاھِج مَاءٌ ھُجَاھِجٌ: پانی جو نہ کھاری ہو
نہ میٹھا۔
ھَجَاہُ یَھْجُوہُ ھَجْوًا وھِجَاءً وتَھْجَاءً:
معائب شمار کرنا۔ عیب گیری کرنا۔ گالی

دینا۔ مذمت کرنا۔ صفت فاعل ہاج اور صفت مفعول مَهْجُوّ (...... هَجْوًا وهِجَاءً) الحُرُوْف: حروف کے ہجے کرنا۔

هَجَا يَهْجُو هَجَاءً: پڑھنا۔

هَجُوَ (ک) هَجَاوَةً. اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

هَجَّى تَهْجِيَةً الحُرُوْف: حروف کے ہجے کرنا...... اللَّفْظَةَ: لفظ کے حروف کا جوڑ ملانا ...... الصَّبِيَّ الكِتَابَ: بچے کو کتاب پڑھانا۔

هَاجَيْتُهُ مُهَاجَاةً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

اَهْجَى اِهْجَاءً القَوْلَ: ہجو والا پانا۔

تَهَجَّى تَهَجِّيًا الحُرُوْف: حروف کی ہجے کرنا۔

تَهَاجَيَا تَهَاجِيًا واهْتَجَيَا اِهْتِجَاءً: ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔

الهِجَاء: حروف کا جوڑ۔ حُرُوْفُ الهِجَاءِ: الف سے لے کر یا تک اور ان کا نام حروف التهجيَ والتَّهْجِيَة: بھی ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى هِجَاءِ هٰذَا" یہ اس کی شکل پر ہے "وَهُوَ عَلَى هِجَاءِ فُلَانٍ" وہ لمبائی اور شکل میں فلاں کے اندازہ پر ہے۔

الهَجَاة: مینڈک۔

الهَجَّاء: بہت ہجو کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هجّاء" بہت ہجو کرنے والا مرد۔

الاُهْجُوَّة والاُهْجِيَّة: ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ اُهْجُوَّةٌ او اُهْجِيَّةٌ يَتَهَاجَوْنَ بِهَا ج اَهَاجِيُّ".

هَدَّ (ن) هَدًّا وهُدُوْدًا البِنَاءَ: عمارت کو دھماکے سے گرانا۔ کہا جاتا ہے "هَدَّتْهُ المُصِيبَةُ" مصیبت نے اس کے اعضاء کو ضعیف بنادیا۔ "وَهَدَّنِي هٰذَا الاَمْرُ اَوْ هَدَّ رُكْنِي" یعنی اس معاملہ نے میری کمر توڑ دی۔

هَدَّ (س ض) هَدًّا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَدَّ (ض) هَدًّا البَعِيْرُ: اُونٹ کا بڑبڑانا (...... هَدِيْدًا) الحَائِطُ ونَحْوُهُ: دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ هَدُّكَ مِنْ رَجُلٍ" یہ مرد تمہارے لئے فلاں مرد سے کافی ہے۔ بعض لوگ اس قول میں لفظ هَدّ کو مصدر قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ نہیں لاتے اور یہ اکثر کا قول ہے اور بعض فعل قرار دیتے ہیں اس وجہ سے وہ تثنیہ جمع مؤنث وغیرہ سب لاتے ہیں۔ کہتے ہیں "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ وبِامْرَاَةٍ هَدَّتْكَ مِنْ اِمْرَاَةٍ وَبِرَجُلَيْنِ هَدَّاكَ وَبِرِجَالٍ هَدُّوْكَ بِامْرَاَتَيْنِ هَدَّتَاكَ وَبِنِسَاءٍ هَدَدْنَكَ" الخ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَهَدُّ الرَّجُلُ" یعنی وہ اچھا آدمی ہے اور یہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ قوت اور طاقت کی تعریف کی جائے اور مطلقاً تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے اور فُلَانٌ يُهَدُّ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ بہادری اور قوت کی تعریف کی جائے۔

هَدَّدَهُ وتَهْدَادًا: دھمکانا۔ خوف دلانا۔

تَهَادُّوْا تَهَادًّا: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِنْهَدَّ الجَبَلُ او البَيْتُ: پہاڑ یا مکان کا ٹوٹ پڑنا۔ گرنا۔

اِسْتَهَدَّ: کمزور سمجھنا۔

الهَادُّ: فا۔ سمندر کا شور۔

الهَادَّة الهَادُّ: کا مؤنث۔ گرج۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْنَا العَامَ هَادَّةً" ہم نے امسال گرج نہیں سنی۔

الهَدُّ: مص۔ فیاض۔ سخت آواز (...... والهِدّ) کمزور مرد۔ ج هَدُّوْن وهِدُّوْن۔

الهَدَد: سخت آواز۔

الهَدَّة. هَدّ: کا اسم مرۃ۔ دھماکا۔

الهَدَاد: مہربانی۔ نرمی۔ مہلت اور اسی سے ہے "هَدَادَيْكَ" اور یہ "حَنَانَيْكَ" کے قبیل سے ہے۔ گویا کہ کہنے والا کہتا ہے "مَهْلًا بَعْدَ مَهْلٍ" یعنی چھوڑ دو۔ دور رہو۔ علیحدہ ہو جاؤ قَوْمٌ هَدَادٌ: بزدل لوگ۔

الهَدَادَة: بزدل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَدَادَةٌ" بزدل مرد۔

الهَدُوْد: نرم زمین۔ دشوار گزار گھاٹی اَكَمَةٌ هَدُوْدٌ: ٹیلہ جس سے اترنا دشوار ہو۔

الهَدِيْد: مص۔ لمبا مرد۔ دھماکا۔ آواز کی گنگناہٹ۔

الهِدَّان: اکھڑ بیوقوف مرد۔

الاَهَدّ: بزدل۔

التَّهْدَاد: ڈرانا۔ دھمکانا۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا مُتَهَادِّيْنَ ومُتَسَاتِلِيْنَ" وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے آئے گویا کہ بعض بعض کو توڑ رہے تھے۔

هَدَأَ يَهْدَأُ هَدْأً وهُدُوْءًا: سکون ہونا (حرکت و آواز وغیرہ میں) هَدَأَ بِالمَكَان: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَسَاقَطُوا اِلَى بَلَدِ كَذَا فَهَدَأُوْا فِيْهِ" لوگ فلاں شہر میں پہنچے اور وہاں اقامت کی ...... فُلَانٌ: مرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ وَقَدْ هَدَأَتِ العَيْنُ والرِّجْلُ" یعنی فلاں ہمارے پاس اس وقت آیا جبکہ سارے لوگ سو چکے تھے (اور کبھی هَدَا الف سے بدل کر بھی بولتے ہیں) هَدَاَ الصَّبِيَّ بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا۔

هَدِئَ يَهْدَأُ هَدَأً: کبڑا ہونا ...... البَعِيْرُ: کثرتِ بوجھ کی وجہ سے چھوٹے کوہان والا ہونا۔

هَدَّأَهُ تَهْدِئَةً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔

اَهْدَأَهُ اِهْدَاءً: تسکین دینا۔ چپ کرانا۔ اَهْدَأَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکی دینا ...... الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا ...... الكِبَرُ او الضَّرْبُ فُلَانًا: کبڑا کر دینا۔ جھکا دینا ...... اللّٰهُ مَنْكِبَهُ: مونڈھے کو پست کر دینا۔ عرب کہتے ہیں "لَا اَهْدَأَهُ اللّٰهُ" یعنی اللہ اس کے رنج و غم کو دور نہ کرے۔

الهُدْءُ والهَدْءُ: رات کا ابتدائی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بَعْدَ هَدْءٍ مِنَ اللَّيْلِ" وہ ہمارے پاس ایک حصہ رات گزرنے کے بعد یا لوگوں کے سونے کے بعد آیا الهُدْءُ: ...ت وخصلت۔ (لغت ہے هَدِيَ بالياء

میں)

الھَدْأَۃ. ھدأ: کا اسم مرۃ......مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الھِدْأَۃ. ھدأ: کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ ھِدْأَۃُ لَیْلَۃٍ" اس کے پاس رات کا گزارہ نہیں۔

اَلْھُدَأَۃ: ایک قسم کی دوڑ۔

الھُدَاءَۃ: دبلا گھوڑا (زہی کے لئے خاص ہے)

الھُدُوْء: مص......مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ' کہا جاتا ہے "اَتَانَا فُلَانٌ ھُدُوْءًا" فلاں ہمارے پاس سونے کے بعد آیا۔

الھَدِئُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

الاَھْدَأُ: کبڑا' کہا جاتا ہے "مَنْکِبٌ اَھْدَأُ" جھکا ہوا کندھا "وَرَجُلٌ اَھْدَأُ وامْرَأَۃٌ ھَدْآءُ" کبڑا مرد' کبڑی عورت "وَھُوَ اَھْدَأُ مِمَّا کَانَ" زیادہ مطمئن۔

المَھْدَأُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

المَھْدَأَۃ: حالت' کہا جاتا ہے "تَرَکْتُہٗ عَلٰی مُھَیْدِئَۃٍ": میں نے اس کو سابق حالت پر چھوڑ دیا اور یہ مُھْدَأَۃ کی تصغیر ہے۔

ھَدَبَ (ض) ھَدْبًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو دوھنا......الثَّمرۃَ: پھل توڑنا۔

ھَدِبَت (س) ھَدَبًا العَیْنُ: آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا......الشَّجرۃُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

ھَدَّبَ الثَّوْبَ: کپڑے میں جھالر بنانا۔ اَھْدَبَ واھتَدَبَ الثَّمرۃَ: میوہ توڑنا۔

اَھْدَبَتِ الشَّجرۃُ: درخت کا لمبی شاخوں والا ہونا۔

تَھَدَّبَتِ الاَغْصَانُ: ٹہنیوں کا لٹکنا۔ تَھَدَّبَ السَّحَابُ: لٹکے ہوئے بادل والا ہونا۔

الھُدْب والھُدُب: پلک' واحد ھُدْبَۃ وھُدُبَۃ: کپڑے کا جھالر ج اَھْدَابٌ واحد ھُدْبَۃ۔

الھَدَب: ارطی اور اس کے مانند درختوں کی ٹہنیاں' درخت کے پتے جو ہمیشہ رہیں

سرو......مِنَ النَّبَاتِ: گھاس جس کے پتے نہ ہوں اور وہ خود پتوں کے قائم مقام ہو اور بقول بعض ہر پتے جن میں چوڑائی نہ ہو۔

ھَدَبُ الشَّجرۃِ: ٹہنیوں کی لمبائی اور ان کا لٹکنا ج اَھْدَاب۔

الھَدِب: شیر......مِنَ العُیُوْنِ وَالاَشْجَارِ: لمبی پلکوں والی آنکھ' لمبی شاخوں والا درخت۔

الھُدَبُ: کند خاطر و عاجز۔

الھُدَاب: کند خاطر و عاجز۔ پتے جو چوڑے نہ ہوں' واحد ھُدَابَۃ کہا جاتا ہے "قَطَعَ ھَدَبَ الشَّجرۃِ وھُدَابَھَا" اس نے درخت کی لمبی شاخیں کاٹیں "ھُدَابُ النَّخْلِ" درخت خرما کی شاخیں ھُدَابُ الثَّوْبِ کپڑے کے جھالر۔

الھَیْدَبُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔ الھَیْدَبُ مِنَ الرِّجَالِ: کند خاطر و عاجز۔ بہت بالوں والا الھَیْدَب: پستان۔

الھَیْدَبیٰ: گھوڑوں کی ایک چال۔

الاَھْدَب: لمبی اور گھنی پلکوں والا۔ مؤنث ھَدْبَاء ج ھُدْبٌ۔ شَجرٌ اَھْدَبُ: لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت۔ نَسْرٌ اَھْدَبُ: لمبے پروں والا گدھ۔ عَیْنٌ ھَدْبَاءُ: لمبی پلکوں والی آنکھ۔ شَجرۃٌ ھَدْبَاءُ: لمبی اور لٹکی ہوئی شاخوں والا درخت اُذُنٌ ھَدْبَاءُ: لٹکے ہوئے کان۔ لِحْیَۃٌ ھَدْبَاءُ: لٹکی ہوئی داڑھی۔

ھَدَجَ (ض) ھَدْجًا وھَدَجَانًا وھُدَاجًا: بوڑھوں کی چال چلنا......الظَّلِیْمُ: شترمرغ کا کانپتے ہوئے چلنا۔

ھَدَجَت ھَدْجًا وھَدَجَۃً النَّاقَۃُ: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا......القِدْرُ: ہانڈی کا زور سے ابلنا......الرِّیْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

ھَدِجَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بڑے اور بلند کوہان والی ہونا۔

ہونا۔ تَھَدَّجَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بچے سے پیار کرنا۔ تَھَدَّجَ القَوْمُ عَلٰی فُلَانٍ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَھْدَجَ: کانپتے ہوئے چلنا۔

الھَدَّاج: اسم مبالغہ۔ بوڑھوں کی چال چلنے والا۔ ظَلِیْمٌ ھَدَّاجٌ: کانپتے ہوئے چلنے والا شترمرغ اور اسی سے ہے "فَنَافِذُ ھَدَّاجُوْنَ حَوْلَ بُیُوْتِھِمْ" یہاں ان کے مکان کے اردگرد کانپتے ہوئے چلتی ہیں۔

قِدْرٌ ھَدُوْجٌ: جلدی ابلنے والی ہانڈی۔

الھَوْدَج: ہودہ' ج ھَوَادِج۔

المِھْدَاج: بچے سے پیار کرنے والی اونٹنی۔ سائیں سائیں کرنے والی ہوا۔

المُسْتَھْدِج: فا۔ جلد باز۔

المُسْتَھْدَج: مفع۔ جلد بازی (مصدر میمی)

الھَدْجَدِج: بوڑھوں کی چال چلنے والا اشتر مرغ۔

ھَدَرَ (ن ض) ھَدْرًا وھَدَرًا الدَّمُ وغَیْرُہٗ: خون وغیرہ رائیگاں جانا......فُلَانٌ الدَّمَ وَغَیْرَہٗ: باطل کرنا۔

ھَدَرَ (ض) ھَدْرًا وتَھْدَارًا الحَمَامُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ گنگری کرنا......الشَّرَابُ: جوش میں آنا۔ ھَدَرَتْ جَرَّۃُ النَّبِیْذِ: نبیذ کا مٹکے میں جوش میں آنا......الرَّعْدُ: بادل میں گرجنا......النَّخْلُ: شگوفہ نکلنا......ھَدْرًا وھَدِیْرًا) البَعِیْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا......ھُدُوْرًا وھَدِیْرًا) العُشْبُ: بہت بڑھنا اور لمبی ہونا۔

ھَدَّرَ البَعِیْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔

اَھْدَرَ دَمَ فُلَانٍ: باطل کرنا۔ مباح کرنا۔

تَھَادَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِھْدَوْدَرَ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا۔

الھَادِر: فا۔ ناکارہ ج ھَدَرَۃ: دودھ جس کا اوپر کا حصہ گاڑھا اور نیچے کا پتلا۔

الھَادِرَۃ. الھَادِر: کا مؤنث۔ اَرْضٌ ھَادِرَۃٌ: بہت گھاس والی زمین ج ھَوَادِر۔

الھَذار: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَعْدٌ هَذّار" بہت گرجنے والا بادل۔

الھَدَر والھَدْر: مص۔ ناکارہ و رائیگاں کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ ھَدَرًا او ھَدْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ "ذَھَبَ مَالُہٗ او سَعْیُہٗ ھَدَرًا او ھَدْرًا" اس کا مال یا اس کی کوشش رائیگاں گئی۔

الھَدَرُ: ناکارہ لوگ۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اُنَاسٌ ھَدَرٌ" وہ ناکارہ لوگ ہیں۔

الھُدَر: نکما ناکارہ ج ھِدَرَۃٌ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلَانٍ ھَدَرَۃٌ وھِدَرَۃ وھُدَرَۃ" فلاں کی اولاد نکمی اور ناکارہ ہے اور ایسا ہی واحد کے لئے اور مؤنث کے لئے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ جُبَانٌ ھَدَرَۃٌ"۔

الاَھْدَر: پھولا ہوا۔ مؤنث "ھَدْرَاء ج ھُدْر"۔

المَھْدَرَۃ: سامنے کے چھوٹے دانت۔

الھَدارِیس: مصیبتیں۔

ھَدِشَ ھَدْشًا الکَلْبُ: کتے کا بھڑکایا جانا۔

اِنْھَدَشَ اِنْھِدَاشًا الکَلْبُ: کتے کا بھڑکنا۔

الھَوْدَع: شتر مرغ۔

ھَدَغَہٗ (ف) ھَدْغًا: توڑنا۔

اِنْھَدَغَ: ٹوٹنا۔۔۔۔۔ الشَّیْئُ: خشک ہونے کے بعد نرم ہونا۔۔۔۔۔ الرُّطَبَۃ: گر کر پھٹنا۔

ھَدَفَ (ن) ھُدُفًا۔ اِلَیْہِ: داخل ہونا۔ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا۔

ھَدِفَ (ض) ھَدَفًا: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ کسلمند ہونا۔۔۔۔۔ اِلَی الشَّیْئِ: جلدی کرنا۔

اَھْدَفَ لِلْخَمْسِیْنَ: قریب پہنچنا۔۔۔۔۔ عَلَی التَّلِّ: ٹیلہ پر سے جھانکنا۔۔۔۔۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔۔۔۔۔ لَہٗ الشَّیْئُ: پیش آنا۔۔۔۔۔ مِنْہُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَھْدَفَ لَکَ الصَّیْدُ فَارْمِہٖ" شکار تمہارے قریب ہے اس پر تیر مارو۔

اِسْتَھْدَفَ لَہٗ الشَّیْئُ: سیدھا کھڑا ہونا۔ الشَّیْئُ: بلند ہونا، نشانہ بننا اور اسی سے مشہور مقولہ ہے "مَنْ صَنَّفَ فَقَدِ اسْتَھْدَفَ" جس نے کوئی کتاب تصنیف کی وہ نشانہ بن گیا۔ اِسْتَھْدَفَ کَفَلُ الْاِنْسَانِ او الحَیْوَانِ: انسان یا حیوان کے چوتڑ کا بڑا ہونا۔

الھَادِف: فا۔ اجنبی۔

الھَادِفَۃ: جماعت۔

الھِدْف: بڑے جسم والا۔

الھَدَف: ہر ایک بلند (عمارت یا ٹیلہ یا پہاڑ) اور اسی وجہ سے نشانہ کو بھی "ھَدَف" کہتے ہیں الھَدَف: بڑے جسم کا مرد، بہت سونے والا۔ بھاری بھرکم، ناکارہ، ناموافق ج اَھْدَاف۔

الھِدْفَۃ: لوگوں کی جماعت۔ مکانات کہ جن میں لوگ کچھ اقامت کریں اور پھر کوچ کریں ج ھِدَف۔

ھَدَکَ (ض) ھَدْکًا البِنَاءَ: عمارت کو ڈھانا۔

تَھَدَّکَ تَھَدُّکًا: بیوقوف بننا۔۔۔۔۔ عَلَیْہِ بِالکَلَامِ: دھمکانا۔

ھَدَلَ (ض) ھَدِیْلًا الحَمَامُ او الغُلَامُ: آواز نکالنا۔۔۔۔۔ ھَدْلًا الشَّیْئُ: لٹکانا۔

ھَدِلَ (س) ھَدَلًا: ڈھیلا ہونا۔۔۔۔۔ البَعِیْرُ: زخم کی وجہ سے ڈھیلے ہونٹ والا ہونا۔

تَھَدَّلَتِ الشَّفَۃُ: ہونٹ کا ڈھیلا ہونا۔ ۔۔۔۔۔ اَغْصَانُ الشَّجَرَۃِ او ثَمَرَتُھَا: درخت کی ٹہنیوں یا پھل کا لٹکنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا لٹکنا۔

الھَادِل: فا۔ بَعِیْرٌ ھَادِلٌ: لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الھَدَال: لٹکی ہوئی شاخیں۔

الھَدَالُ: وہ طفیلی بیل جو دوسرے درختوں کی شاخوں پر چڑھ کر ان کا رس چوستی ہے۔ ان میں سے کچھ سفید پھلوں والی ہوتی ہیں موسم سرما میں بادام اور سیب پر چڑھی ہوئی ہوتی ہیں اور کچھ سرخ پھلوں والی زیتون کے درخت پر ہوتی ہیں۔

الھَدَالَۃ: جماعت۔

جَمَلٌ ھَدِلٌ: لمبے اور لٹکے ہوئے ہونٹ والا اونٹ۔

الھَدِیْل: مص۔ کبوتر کی کوکو، کبوتر کا بچہ، بہت بالوں والا مرد اور بقول بعض گھنے ہوئے بالوں والا جو کنگھی نہ کرے اور تیل نہ لگائے۔ رَجُلٌ ھَدِیْلٌ: سست و بوجھل مرد۔

الاَھْدَل: لٹکے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث ھَدْلَاءُ، ج ھُدْل۔ مِشْفَرٌ اَھْدَل: ڈھیلا ہونٹ کا اونٹ۔ شَفَۃٌ ھَدْلَاءُ: تھوڑی پر لوٹتا ہوا ہونٹ الاَھْدَلُ مِنَ السَّحَابِ: زمین کے قریب لٹکا ہوا بادل۔

ھَدَمَ (ض) ھَدْمًا البِنَاءَ: عمارت ڈھانا ۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَھَدَمَہٗ" اس نے اس کو مارا اور پیٹھ توڑ دی۔

ھُدِمَ الرَّجُلُ فِی البَحْرِ: سمندر میں چکر آنا۔

ھَدَّمَ البِنَاءَ: عمارت ڈھانا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) ۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

تَھَدَّمَ البِنَاءُ: عمارت کا آہستہ آہستہ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَھَدَّمَ عَلَیْہِ غَضَبًا" اس نے اسے دھمکی دی۔۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَھَادَمُوْا: ایک دوسرے کے خون کو مباح کرنا۔

اِنْھَدَمَ البِنَاءُ: عمارت کا ویران و شکستہ ہونا۔

الھَادِم: فا۔ ھَادِمُ اللَّذَّاتِ: کنایہ ہے موت سے۔

الھُدَام: چکر جو انسان کو سمندر میں لاحق ہو۔

الھَدْم: مص۔ مباح کئے ہوئے خون۔ کہا جاتا ہے "دَمُہٗ ھَدْمٌ" اس کا خون مباح ہے۔

الھِدْم: بوسیدہ یا پیوند لگا ہوا کپڑا۔ ج اَھْدَام وھِدَم کہا جاتا ہے "عَلَیْہِ ثِیَابُ ھِدَمٍ او اَھْدَامٌ" وہ بوسیدہ کپڑے پہنے ہوئے ہے۔

الھِدْم: پیر فرتوت، کھوسٹ بڈھا۔ پرانا۔

چرمی موزہ۔

الھَدِم: مخنث۔ بیوقوف۔

الھَدَم: خون مباح۔ کہا جاتا ہے "دَمُہٗ ھَدَمٌ" اس کا خون مباح ہے۔ کنوئیں کے کناروں سے شکستہ ہو کر جو کنوئیں ہی میں گر پڑے۔ ہر وہ عمارت جو ویران و شکستہ ہوگئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ حَفْرَکَ اِلَی لَھَدَمٌ وَاِنَّ حَبْلَکَ اِلَی لانْشُوطَۃ" یہ اس وقت بولا کرتے تھے جبکہ یہ کہنا مقصود ہو کہ تمہاری مدد بہت کم ہے نیز عرب معاہدہ اور نصرت کے وقت کہا کرتے تھے "دَمِی دَمُکَ وَھَدَمِی ھَدَمُکَ" یعنی اگر کوئی مجھے قتل کرے تو تم میرے خون کا مطالبہ کرو جیسے تم اپنے اولیاء کے خون کا مطالبہ کرتے ہو اور اگر کسی نے میری عزت بگاڑی پر تو اس نے تمہاری عزت پر بٹہ لگایا اور کہا جاتا ہے "اِنْقَضَّ ھَدَمٌ مِنَ الْحَائِطِ" دیوار منہدم ہوگئی۔

شَہِیْدُ الْھَدَم: وہ شخص جو کنوئیں میں گر جائے یا اس کے اوپر دیوار گر پڑے۔

الھَدْمَۃ: اسم مرۃ۔ ہلکی بارش۔

الھِدْمَۃ: پرانا کپڑا۔ ج ھُدُوم۔

الھَدِیم: پہلے سال کی باقی ماندہ گھاس۔

عَجُوزٌ مُتَھَدِمَۃٌ: بہت بڑھیا۔

المُھَدَّم او لمَھْدُوم والمَھْدُومَۃ: گاڑھا اور جما ہوا دودھ۔ اَرْضٌ مَھْدُومَۃٌ: زمین جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔

خُفٌّ مُھَدَّم: بوسیدہ پیوند لگا ہوا چرمی موزہ۔

ھَدْمَلَ الرَّجُلُ: کپڑے پھاڑنا۔

الھِدْمِل: پرانا کپڑا۔ دیرینہ۔ بہت بالوں والا۔

الھِدَمِل: پرانا کپڑا۔ جمع شدہ بلند پشتہ۔

الھِدَمْلَۃ: بہت درختوں والا ریگستان۔ زمانہ قدیم۔ لوگوں کی جماعت۔

ھَدَنَ (ض) ھُدُوْنًا: آرام پانا۔ بزدل ہونا ...... ڈھیلا ہونا (...... ھَدْنًا) آرام دینا۔ جھوٹے وعدہ سے راضی کرنا ...... الصَّبِیَّ: خوش کرنا۔

الشَّیئَ: دفن کرنا ...... فلانًا: قتل کرنا۔

ھُدِنَ عَنْکَ فُلَانٌ: کسی کام سے تھوڑی سی چیز پا کر راضی ہونا۔

ھَدَّنَہٗ: تسکین دینا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَّنُوْہُ بِالْقَوْلِ حَتّٰی ھَدَنَ" ان کو انہوں نے قول سے راضی کیا یہاں تک کہ وہ راضی ہوگیا ...... الصَّبِیَّ: خوش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَّنَتِ الْمَرْأَۃُ صَبِیَّھَا بِکَلَامِھَا لِیَنَام" عورت نے اپنے بچے کو سونے کے لئے لوری دی۔

اَھْدَنَ الْخَیْلَ: دبلا کرنا۔ گھوڑے کو چھریرا بنانا۔

ھَادَنَہٗ مُھَادَنَۃً: صلح کرنا۔

تَھَادَنَ الْاَمْرُ: درست ہونا ...... القَوْمُ: باہم صلح کرنا۔

اِنْھَدَنَ الرَّجُلُ عَنْ عَزْمِہٖ: ست ہونا۔

الھِدَان: احمق۔ بےوقوف۔ جنگ میں ست۔ ج ھُدُوْن.

الھِدَانَۃ: لڑائی کے بعد صلح۔

الھِدْن: سرسبزی۔ فراخی۔ ارزانی۔

الھَدِن: ڈھیلا۔

الھَدْنَۃ. ھَدَنَ: کا اسم مرۃ۔ تھوڑی ہلکی بارش۔

الھُدْنَۃ: مصالحت۔ آرام۔ سکون۔ ج ھُدَن.

الھُدُوْن: سکون۔ صلح۔

المَھْدُوْن: مفع۔ بہت سونے والا جو نہ صبح کی نماز پڑھے اور نہ اپنی ضروریات کے لئے جائے۔ کند ذہن جو صرف باتوں سے راضی ہو جائے۔

المَھْدَنَۃ: سکون۔ آرام۔

الھَیْدَان: بزدل۔ بخیل۔

ھَدْھَدَ ھَدْھَدَۃً البَعِیْرُ: اونٹ کا بڑبڑانا ...... الطَّائِرُ: پرندہ کا گٹکری کرنا۔ ھَدْھَدَتِ الصَّبِیَّ اُمُّہٗ: بچے کو سونے کے لئے ہلانا

ھَدْھَدَ الشَّیئَ مِنْ عُلْوٍ اِلَی اَسْفَل: اتارنا۔ کہا جاتا ہے "یُھَدْھِدُ [illegible] کَذَا" مجھے [illegible]

خیال ہوتا ہے۔

الھَدْھَد: جنات کی آوازیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الھُدْھُد والھُدَھِد والھُدَاھِد ھدھد: واحد ھُدْھُدَۃ و ھُدَھُدَۃ و ھُدَاھِدَۃ ج ھَدَاھِد و ھَدَاھِید "اَبْصَرُ مِنْ ھُدْھُدٍ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ عرب کا خیال تھا کہ یہ پانی کو زمین کے نیچے سے دیکھ لیتا ہے۔

الھُدَھِد: ہر کوکو کرنے والا پرندہ۔ بہت کوکو کرنے والا کبوتر۔ ج ھَدَاھِد و ھَدَاھِید.

الھَدْھَدَۃ: مص۔ کبوتر کی کوکو کی آواز۔

الھُدَاھِد: نرمی۔ تم کہتے ہو "عَلَیْکَ بِالْھَدَاھِدَۃ" اپنے اوپر نرمی کو لازم کرو۔

ھَدَاہُ یَھْدِیْہِ ھُدًی و ھَدْیًا و ھِدْیَۃً و ھِدَایَۃً: رہنمائی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھَدَاہُ الطَّرِیْقَ وھَدَاہُ اِلَی الطَّرِیْقِ وللطَّرِیْقِ" اس نے اس سے راستہ بیان کر دیا اور پہنچا دیا ھَدَاہُ اللّٰہُ اِلَی الْاِیْمَانِ او لِلْاِیْمَانِ: ہدایت کرنا

ھَدَی الرَّجُلُ: ہدایت پانا۔

ھَدَی یَھْدِی ھِدَاءَ الْعَرُوْسَ اِلَی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... فلانًا: آگے ہونا "جَاءَتِ الْخَیْلُ یَھْدِیْھَا فَرَسٌ اَشْقَرُ" گھوڑوں کا گلہ آیا جن کے آگے ایک ہلکے لال رنگ کا گھوڑا تھا۔

ھَدّٰی تَھْدِیَۃَ الشَّیئَ: جدا جدا کرنا۔

اَلْھَدِیَۃَ لِفُلَانٍ وَاِلَیْہِ: تحفہ دینا ...... العَرُوْسَ اِلَی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

ھَادَاہُ مُھَادَاۃً و ھِدَاءً: ہر ایک کا دوسرے کو تحفہ دینا۔ ھَادَی فُلَانٌ فُلَانًا: اپنا اپنا کھانا لا کر ساتھ کھانا ...... فُلَانًا: چلانا اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ یُھَادَی بَیْنَ اِثْنَیْنِ" فلاں دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔

اَھْدَی اِھْدَاءَ الْعَرُوْسَ اِلَی بَعْلِھَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ...... الھَدْیَ اِلَی الْحَرَم: ہدی کا جانور حرم میں بھیجنا ...... لِفُلَانٍ واِلَی فُلَانٍ کَذَا: تعظیم واجلال کے لئے تحفہ بھیجنا۔ ...... الشَّیئَ: جدا جدا کرنا۔

تَهَدَّى تَهَدِّيًا: ہدایت پانا۔

تَهَادَى تَهَادِيًا القَوْمُ: بعض کا بعض کو ہدیہ دینا...... الرَّجُلُ: لڑکھڑاتے ہوئے چلنا اور کہاجاتا ہے "جَاءَ يَتَهَادَى بَيْنَ اِثْنَيْنِ" وہ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتا ہوا آیا۔

"وَهٰذَ الشَّيْئُ يَتَهَادَى" یعنی وہ چیز ہے جس کو لوگ آپس میں تحفہ کے طور پر دیتے ہیں۔

اِهْتَدَى اِهْتِدَاءً: ہدایت پانا۔ راہ راست پانا۔ کہاجاتا ہے "اِهْتَدَى اِلَى الطَّرِيْقِ وَاهْتَدَى الطَّرِيْقَ اِلَى مَكَانِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں جگہ کا راہ راست پا لیا۔

اِهْتَدَى العَرُوْسَ اِلَى بَعْلِهَا: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔

الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑوں کو گلے کے آگے ہونا...... اِهْتَدَى الرَّجُلُ: ہدایت طلب کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنا۔

اِسْتَهْدَى اِسْتِهْدَاءً: ہدایت طلب کرنا...... الشَّيْئَ: ہدیہ طلب کرنا۔

الهَادِى: اسم فاعل ج هَادُوْن وهُدَاةٌ۔ الهَادِى: آگے رہنے والا۔ گردن۔ پیکان۔ لاٹھی۔ شیر ج الهَوَادِى۔

هَوَادِى اللَّيْلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔

هَوَادِى الاِبِلِ: اونٹوں میں سے پہلا اونٹ جو نمودار ہو۔

الهَادِيَةُ۔ الهَادِى: کا مؤنث۔ لاٹھی۔ پانی میں اوپر کو نکلی ہوئی چٹان۔ گردن۔ ج هَادِيَات وهَوَادٍ کہاجاتا ہے "اَقْبَلَتْ هَادِيَاتُ الخَيْلِ وهَوَادِيهَا"۔

رَجُلٌ هِدَاءٌ: کمزور کند ذہن مرد۔

الهِدَايَةُ: مص۔ رہنمائی۔

الهُدَى: رہنمائی۔ بیان۔ دلالت (مذکر و مؤنث) کہاجاتا ہے "هُوَ عَلَى الهُدَى" وہ ہدایت پر ہے۔ دن۔

الهَدْىُ: مص۔ طریقہ۔ سیرت۔ کہاجاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَه" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ "وَهَدَى هَدْيَه" وہ اس کی سیرت پر چلا۔ الهَدْىُ: محترم۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ واحد هَدْيَةٌ اور کہاجاتا ہے "مَالِي هَدْىٌ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا" یہ مقولہ بطور قسم کے ہے "وَجِئْتُهُ بَعْدَ هَدْىٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کے ایک حصہ گزرنے کے بعد آیا۔

الهَدْيَةُ والهِدْيَةُ: طریقہ۔ سیرۃ۔ کہاجاتا ہے "مَا اَحْسَنَ هَدْيَتَهُ وهِدْيَتَه" اس کی سیرت کس قدر اچھی ہے۔ ج هُدًى۔

الهُدْيَةُ۔ هُدَى: کا اسم نوع اور کہاجاتا ہے "خُذْ فِي هِدْيَتِكَ" جس کام میں تم مشغول تھے اسی میں لگے رہو اور اس سے تجاوز مت کرو۔ "وَضَلَّ هِدْيَتَهُ" یعنی اس طریقہ کو چھوڑ دیا جس کو کرنا چاہتا تھا۔

هُدْيَةُ الاَمْرِ: بتثلیث الهاء: جہت کار۔ کہاجاتا ہے "نَظَرَ فُلَانٌ هِدْيَةَ اَمْرِهِ" فلاں نے اپنے طریقہ کار پر غور کیا۔

الهَدُوُّ: رہنما۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ هَدُوٌّ" یعنی راہنما مرد۔

الهَدِىُّ: قیدی۔ دلہن۔ قربانی کا جانور جو حرم میں بھیجا جائے۔ مرد محترم۔ الحَمَامُ الهَدِىُّ: ڈاک کے کبوتر جو خطوط لے جائیں اور جواب لائیں۔

الهَدِيَّةُ۔ الهَدِىُّ: کا مؤنث۔ دلہن۔ تحفہ ج هَدَايَا وهَدَاوَى وهَدَاوٍ۔

الهِدْيَا: مثل۔ کہاجاتا ہے "لَكَ عِنْدِى هِدْيَاهَا" تمہارے لئے میرے پاس اس کے مثل ہے۔

المُهَادَاةُ: صلح کرنا۔

المِهْدَاءُ: وہ جس کی عادت ہدیہ دینے کی ہو۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ مِهْدَاءٌ وامْرَاَةٌ مِهْدَاءٌ"۔

المِهْدَى: تھالی طبق وغیرہ جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔

المَهْدِىُّ: مفع۔ وہ شخص جس کی اللہ تعالیٰ حق کی طرف رہنمائی کریں۔

المُهْدَاةُ والمَهْدِيَةُ: دلہن جو شوہر کے پاس بھیجی گئی ہو۔

هَذَّهُ (ن) هَذًّا وهَذَذًا وهُذَاذًا: جلدی کاٹنا۔ کاٹنا...... الحَدِيْثَ: بیان کرنا۔

اِهْتَذَذْتُ الشَّيْئَ: جلدی سے کاٹ دینا۔

هَذَاذَيْكَ: یہ کلمہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ کسی کو کسی چیز سے روکنا ہو۔

الهَذُّ: بہت کاٹنے والا۔

الهَذَّاذُ والهُذُوْذُ: بہت کاٹنے والا۔ شَفْرَةٌ هَذُوْذٌ: کاٹنے والی دھار۔ جَمَلٌ هَذَّاذٌ: آگے بڑھنے والا اونٹ۔

اِرْمِيْلٌ هَذٌّ: تیز کاٹنے والی رانپی۔

هَذَاَهُ يَهْذَاُهُ هَذْاً: جلدی کاٹنا۔ هَذَا العَدُوَّ: دشمن کو ہلاک کرنا...... فُلَانًا بِلِسَانِهِ: تکلیف دینا اور تکلیف دہ باتیں سنانا۔ الكَلَامَ: لغو باتیں کرنا۔ هَذَاَتِ الاِبِلُ: تھک کر گر پڑنا۔

هَذِئَ يَهْذَاُ هَذْاً مِنَ البَرْدِ: سردی سے ہلاک ہونا۔

تَهَذَّاَتِ القَرْحَةُ: زخم کا خراب ہونا اور پھٹ جانا۔

سَيْفٌ هُذَاءٌ وهَذَّاءٌ: تلوار قاطع۔

الهُذَاَةُ: کدال۔ پھاوڑہ۔

هٰذَا: ایک کلمہ ہے جو مرکب ہے ہائے تنبیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔

هَذَبَ (ض) هَذْبًا الشَّجَرَ وغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا...... النَّخْلَةَ: درخت خرما کی چھال اتارنا...... الشَّيْئَ: بہنا (...... هَذْبًا وهَذَابَةً) جلدی کرنا ...... القَوْمُ: بہت شور وغل کرنا۔

هَذَّبَ: جلدی کرنا...... الشَّجَرَ وغَيْرَهُ: شاخ تراشی کرنا۔ پاکیزہ کرنا۔ درست کرنا (تشدید کثرت کے لئے ہے) ...... الشِّعْرَ: درست کرنا۔ اصلاح کرنا ...... الرَّجُلَ: پاکیزہ اخلاق والا بنانا۔

هَاذَبَ مُهَاذَبَةً: جلدی کرنا۔

اَهْذَبَ: جلدی کرنا۔ اَهْذَبَتِ السَّحَابَةُ مَاءَهَا: جلدی برسانا۔

تَهَذَّبَ: پاکیزہ ہونا۔ درست ہونا...... الرَّجُلُ: شائستہ ہونا۔

الھَذَبُ: صفائی۔ خلوص۔
فَرَسٌ ھَذِبٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
اِبِلٌ مَھَاذِیْبُ: تیز رو اونٹ۔ مفرد مِھذاب۔
المُھَذَّبُ: مفع۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ عیوب سے پاک صاف۔ کَلامٌ مُھَذَّبٌ او شِعْرٌ مُھَذَّبٌ: عیوب سے پاک کلام یا شعر۔
فَرَسٌ او طَائِرٌ مُھَذِّبٌ: تیز رفتار گھوڑا یا پرندہ۔
ھَذَرَ (ن ض) ھَذْرًا وتَھْذَارًا الرَّجُلُ فِی کَلامِہٖ: بکواس کرنا (...... ھَذْرًا: الیَوْمُ) دن کا سخت گرم ہونا۔
ھَذِرَ (س) ھَذَرًا کَلامُہٗ: لغو وبیہودہ ہونا۔
اَھْذَرَ فِی مَنْطِقِہٖ وفِی کَلامِہٖ: بکواس کرنا۔
یَوْمٌ ھَاذِرٌ: سخت گرم دن۔
الھَذَرُ: مص۔ بکواس وبیہودہ گفتگو۔
رَجُلٌ ھَذِرٌ وھُذَرٌ وھُذَرَۃٌ وھَذَرَۃٌ وھَذَّارٌ وھَیْذَرٌ وھَیْذَارَۃٌ وھِذْرِیَانٌ ومِھْذَرٌ ومِھْذَارٌ ومِھْذَارَۃٌ: بکواس کرنے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔ ورَجُلٌ ھِذْرِیَانٌ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔ اِمْرَاَۃٌ ھَذِرَۃٌ وھَیْذَرَۃٌ ومِھْذَارٌ: بکواس کرنے والی عورت۔
ھَذْرَبَ: جلدی جلدی بہت بولنا۔
الھُذْرُبَانُ: جلدی بولنے والا۔ خدمت میں چست۔
الھِذْرِیَبِی: عادت۔
ھَذْرَفَ: جلدی کرنا۔ تیز چلنا۔
الھُذْرُوفُ: تیز رفتار ج ھَذَارِیْفُ۔
ھَذْرَمَ ھَذْرَمَۃً: بہت بولنا۔ پڑھنے اور بولنے میں جلدی کرنا...... الرَّجُلُ فِی کَلامِہٖ: گڑبڑی کرنا۔
الھَذْرَمَۃُ: مص۔ تیز رفتاری۔
الھُذْرَامُ: بہت بولنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ھُذْرَامٌ" بہت بولنے والا مرد۔
الھُذَارِمُ والھُذَارِمَۃُ: پڑھنے بولنے میں جلدی کرنے والا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَاَۃٌ ھَذْرَمِیٌّ: بہت شور۔ اوشرارت والی

عورت۔
ھَذَفَ (ض) ھُذُوْفًا: تیز چلنا۔
رَجُلٌ ھَذَّافٌ ومُھْذِفٌ وھَذِفٌ: تیز رفتار مرد۔
ھَذَلَ (ض) ھَذَلانًا: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "اَھْذَبَ فِی مَشْیِہٖ واَھْذَلَ" وہ تیز دوڑا۔
الھَاذِلُ: رات کا درمیانی حصہ۔
الھُذْلُوْلُ: ہلکا پھلکا مرد۔ ہلکا تیر۔ چست بھیڑیا۔ لمبا اور سخت بدن کا گھوڑا۔ چھوٹا ٹیلہ پانی کی چھوٹی نالی۔ ریت کے ذرات۔ آفت۔ ابتدائی رات یا بقیہ شب۔ باریک بادل۔ بارش جو دور سے دکھائی دے۔ ج ھَذَالِیْلُ۔
ھَوْذَلَ ھَوْذَلَۃً فِی مَشْیِہٖ: تیز چلنا۔ دوڑنے میں لڑکھڑانا...... بِبَوْلِہٖ: پیشاب کرنا۔ پیشاب اوپر کو کرنا۔
الھَوْذَلُ: بندر کا بچہ۔
الھَذْلَبَۃُ: جلد بازی۔ ہلکا پن۔
الھُذْلُوْغُ: موٹے ہونٹ والا۔
الھُذْلُوْغَۃُ: بدصورت۔ بیوقوف۔
ھَذْلَمَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
ھَذَمَ (ض) ھَذْمًا الشَّیْءَ: جلدی سے کاٹنا...... الرَّجُلُ: جلدی سے کھانا۔ صفت ھَاذِمٌ۔
الھُذَامُ: بہادر۔ تلوار قاطع۔ سِنَانٌ ھُذَامٌ: تیز بھالا۔
سِکِّیْنٌ ھَذُوْمٌ: تیز چھری۔
شَفْرَۃٌ ھُذَمَۃٌ وھُذَامَۃٌ: تیز دھار۔
المِھْذَمُ مِنَ السُّیُوْفِ: شمشیر براں۔
ھَذْمَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے چلنا۔
الھُذَمَا ذو الھَذَاھِذِ مِنَ السُّیُوْفِ: بہت کاٹنے والی تلوار۔ تیز رفتار۔ قَرَبٌ ھَذْھَاذٌ: پانی کے لئے رات میں دشوار سفر۔
الھَذَاھِدُ: وہ لوگ جو ہر ایک کو اپنا یا اپنا خادم بتلائیں۔
[illegible]

الکَلامِ: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
ھَذَی یَھْذِی ھَذْیًا وھَذَیَانًا: مرض وغیرہ کی وجہ سے غیر معقول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔ صفت ھاذٍ اور اسم الھُذَاءُ۔
اَھْذَی اِھْذَاءَ اللَّحْمَ: گوشت کو اچھی طرح سے گلا کر پکانا۔
ھَاذَاہٗ مُھَاذَاۃً: باہم بکواس کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ یُھَاذِی اَصْحَابَہٗ" وہ بیٹھا اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہم بکواس کرتا رہا۔
تَھَاذَی تَھَاذِیًا القَوْمُ: گفتگو میں بکواس کرنا۔
رَجُلٌ ھَذَّاءٌ وھَذَّاءَۃٌ: بہت بکواس کرنے والا مرد۔
ھَرَّ (ن ض) ھَرًّا وھَرِیْرًا الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ ھَرَّہُ النَّاسُ" فلاں کو لوگ ناپسند کرتے ہیں۔ ھَرَّ فِی وَجْہِ السَّائِلِ: تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔ ھَرَّتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔ ھَرَّ الشَّوْکُ: کانٹے کا خشک و پراگندہ ہونا...... بِسَلْحِہٖ: پاخانہ کرنا...... الدَّوَاءُ بِسَلْحِہٖ: پیٹ چلانا۔
ھَرَّ (ض) ھَرِیْرًا الکَلْبُ: کتے کا سردی کی وجہ سے بھونکنا (نباح سے کم)...... الھَرُّ الکَلْبَ: بھونکانا...... ھَرَّ الکَلْبُ الضَّیْفَ: کتے کا مہمان پر بھونکنا۔
ھُرَّتْ ھَرًّا وھُرَارًا الاِبِلُ: ہرار کی بیماری میں مبتلا ہونا...... بِسَلْحِہٖ: پیٹ چلنا یہاں تک کہ مر جانا۔
ھَرَّ (س) ھَرًّا: بدخلق ہونا۔
ھَارَّہٗ مُھَارَّۃً: کسی کے سامنے تیوری چڑھانا۔ منہ بگاڑنا۔
اَھَرَّ الکَلْبَ: بھونکانا اور اسی سے مثال ہے "شَرٌّ اَھَرَّ ذَا نَابٍ" (برے شر نے کتے کو بھونکایا) اَھَرَّ بِالغَنَمِ: بکریوں کو پانی پلانا۔ یا گھاٹ پر لے جانا۔
الھَارُّ: فا۔ کتا جبکہ اپنے دانت نکالے۔
الھُرَارُ: اونٹ کے گوشت اور کھال کے

درمیان ورم کے مانند ایک مرض۔ اُونٹ کا اسہال۔

الهُرْ: مص۔ اُونٹ کے ڈانٹ کی ایک قسم۔

الهِرُّ: بلاج هِرَرَةٌ مؤنث هِرَّةٌ ج هِرَرٌ اور بقول بعض هِرّ کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے اور هِرَّةٌ: صرف مؤنث کے لئے اور هِرَّةٌ کی تصغیر هُرَيْرَةٌ اور اسی سے ہے ابوهريرة.

الهِرُّ: اُونٹ کے ہانکنے یا پانی پر بلانے کی آواز۔ کراہت۔ ناپسندیدگی اور امثال عرب میں سے ہے "لا يَعْرِفُ هِرًّا مِنْ بِرٍّ" وہ دوست دشمن میں تمیز نہیں کرتا یا وہ بلی اور چوہے میں تمیز نہیں کرتا۔

الهُرُّ: شیر۔ بہت دودھ اور پانی۔

الهَرَّار: اسم مبالغہ۔ دانت نکالنے والا کتا۔ کہا جاتا ہے "هَلَكَ مَنْ لا هَرَّارَ لَهُ" ہلاک ہوگیا جس کے پاس ہرار نہیں تھا جس سے دشمن کو بھگاتا۔

الهَرَّارَان: نسر واقع اور قلب عقرب دو ستاروں کے نام۔ ماہِ دسمبر و جنوری۔

الهَرُوْر: زمین پر بکھرے ہوئے انگور کے دانے۔

الهَرِيْر: مص۔ کتے کی آواز (نباح سے کم) کہا جاتا ہے "اَدْبَرَ غَرِيْرُهُ وَاَقْبَلَ هَرِيْرُهُ" اس کی خوش خلقی جاتی رہی اور بد خلقی آ گئی۔ اس شخص کے لئے بولا کرتے ہیں جو بوڑھا اور بد خلق ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "اَجِدُ فِيْ وَجْهِهِ هِرَّةً وَهَرِيْرَةً" میں اس کے چہرے میں نفرت کے آثار محسوس کرتا ہوں۔

المَهْرُوْر: مرض ہرار میں مبتلا اونٹ۔

هَرَأَ يَهْرَأُ هَرْءًا فِيْ مَنْطِقِهِ: بہت فحش گوئی کرنا۔ بہت غلطی کرنا (...... هَرْءًا وَهَرَاءَةً) البَرْدُ فُلانًا: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا۔ هَرَأَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا سخت سرد ہونا...... اللَّحْمَ: گوشت کو بہت پکانا۔

هَرِئَ (س) هَرْءًا وهُرْءًا وهُرُوْءًا اللَّحْمُ: گوشت کو بہت پکا ہوا ہونا۔

هُرِئَتِ المَوَاشِيْ: مویشی کا سردی یا گرمی سے ہلاک ہونا۔ صفت مَهْرُوْءَةٌ.

هَرَّأَ تَهْرِئَةً اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا...... البَرْدُ المَاشِيَةَ: بدحال کر دینا۔

اَهْرَأَ اِهْرَاءً البَرْدُ: ہلاک کرنے والی سخت سردی پڑنا...... اللَّحْمَ: گوشت گلا ہوا پکانا ...... فُلانٌ فُلانًا: قتل کرنا...... الكَلامَ وَفِي الكَلامِ: بہت بولنا اور بے ہودہ بولنا۔

تَهَرَّأَ اللَّحْمُ: گوشت گلا ہوا پکنا۔ تَهَرَّأَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا سردی کی وجہ سے بدحال ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرَأَ البَرْدُ المَاشِيَةَ فَتَهَرَّأَتْ" جانور پر سخت سردی پڑی جس سے وہ بدحال ہوگیا۔

الهُرَاءُ: بے ہودہ و غیر مربوط کلام (...... والهُرَأُ) بہت اور بیہودہ بکنے والا۔ اِمْرَأَةٌ هُرَاءَةٌ وهُرَأَةٌ: بہت اور بیہودہ بکنے والی عورت۔

الهِرْاء: درخت خرما کا پودا۔

الهَرِيْءُ: بہت پکا ہوا گوشت جو ہڈی سے علیحدہ ہو جائے۔

الهَرِيْئَة: مؤنث الهَرِيْ۔ سخت سردی کا وقت کہا جاتا ہے "هٰذِهِ قُرَّةٌ لَهَا هَرِيْئَةٌ" یہ ایسی ٹھنڈک ہے کہ جس میں لوگوں کو اور جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے اور مر جاتے ہیں۔

المُهْرَأ: مفع۔ پکا ہوا گوشت۔

هَرَبَ (ن) هَرَبًا وهُرُوْبًا ومَهْرَبًا وهَرَبَانًا: بھاگنا...... فِيْ مَشْيِهِ: تیز چلنا...... فِي الاَرْضِ: دُور تک جانا...... فِي الاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

هَرِبَ (س) هَرَبًا الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔

هَرَّبَهُ: بھگانا۔

اَهْرَبَ الرَّجُلُ: گھبرا کر یا بغیر گھبرائے ہوئے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ دُور تک جانا۔...... فُلانٌ فُلانًا: بھاگنے پر مجبور کرنا۔

اَهْرَبَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا غبار اُڑانا۔

تَهَارَبُوْا: باہم مل کر بھاگنا۔

الهَارِب: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ هَارِبٌ وَلا قَارِبٌ" نہ اس سے کوئی بھاگنے والا ہے نہ قریب جانے والا یعنی وہ ناکارہ ہے۔

المَهْرَب: مص۔ بھاگنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَنَا مَهْرَبٌ" یعنی فلاں شخص ایسا ہے جس کے پاس سختیوں میں ہم بھاگ کر جاتے ہیں۔

هَرْبَجَ هَرْبَجَةً الاَمْرَ: بُرے طریقہ سے کرنا۔

الهَرَابِذَة: ہندوؤں کے بڑے بڑے لوگ بقول بعض ہندوؤں کے پنڈت' آتش پرستوں کی آگ کا خادم۔ واحد هِرْبِذ.

الهَرْبَذَة: دلکی سے آہستہ چال۔

الهُرْبُع: چست و چالاک چور' ہلکا پھلکا بھیڑیا ج هَرَابِع.

هَرَتَهُ (ن ض) هَرْتًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ هَرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا...... الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا...... عِرْضَ فُلانٍ: آبرو ریزی کرنا۔

هَرِتَ (س) هَرَتًا الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هَرِتَ شِدْقُهُ: اس نے اپنی باچھیں کھولیں۔ اَهْرَتَ اللَّحْمَ: گوشت گلا کر پکانا۔

الهَرِت والهَرَّات والهَرُوْت والهَرِيْت: شیر۔

الهَرِيْت: کشادہ۔ کشادہ باچھوں والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔ بیہودہ بکنے والا۔

الاَهْرَت: کشادہ باچھوں والا۔ کہا جاتا ہے "اَسَدٌ اَهْرَت واُسُوْدٌ هُرْت".

المُتَهَارِت: بہت بکواس کرنے والا۔

المُهَرَّت: مفع شیر۔ كِلابٌ مُهَرَّتَةُ الاَشْدَاقِ: چوڑی باچھوں والے کتے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَهْرُوْتُ الفَمِ" وہ چوڑی باچھوں والا ہے۔ ج مَهَارِيْت.

اَسَدٌ مُنْهَرِتُ الشِّدْقِ: چوڑی باچھوں والا شیر۔

الهِرْث: پرانا کپڑا۔

الهَرثَم والهُراثِم: شیر۔
الهَرثَمَةُ: کتے کے نتھنوں کے درمیان کی سیاہی۔ شیر۔
هَرَجَ (ض) هَرجًا النَّاسُ: فتنہ وفساد میں پڑنا...... البابَ: دروازہ کھلا ہوا چھوڑنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا...... فِی الحَدِیثِ: بے جوڑ اور بہت باتیں کرنا۔
هَرِجَ (س) هَرَجًا الرَّجُلُ: گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔
هَرَّجَ بِالسَّبُعِ: ڈانٹنا۔ ڈرانا...... النَّبِیذُ فُلانًا: مست کردینا۔ عوام کہتے ہیں۔ "هَرَّجَ فِي الحَدِيثِ" اس نے ہنسی کی باتیں کیں۔
تَهَارَجَ القَومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنهَرَجَ فُلانٌ مِنَ النَّبِیذِ: مست ہونا۔
اِستَهرَجَ لَهُ الرَّأیُ: رائے کا قوی اور ہمہ گیر ہونا۔
الهَرجُ: مص۔ فتنہ وفساد۔ آشوب۔
الهَرِجُ: بیوقوف۔ ہر چیز سے کمزور۔
الهِرجَة. هَرَجَ: کا اسم نوع۔ نرم کمان ج هِرَج.
الهَرَّاجُ: اسم مبالغہ۔ فَرَسٌ هَرَّاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهَرَّاجَة. الهَرَّاج: کا مونث۔ بے جوڑ اور بہت باتیں کرنے والی جماعت۔
فَرَسٌ مِهرَجٌ ومِهرَاجٌ: بہت دوڑنے والا گھوڑا۔
الهِرجَاب والهِرجَبُّ: لمبا۔ ج هَرَاجِیب.
الهِرجِشَة: عمر رسیدہ اونٹنی۔
الهِرجَع: لمبا ولنگڑا۔
الهِرجَفّ: مردست ونرم۔
هَرجَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔ دور دور قدم رکھنا۔
الهَرَاجِیل: لمبے لمبے لوگ۔ موٹے موٹے اونٹ۔
الهِرجَل: لمبے قدم ڈالنے والا ج هَرَاجِل.
هَرَدَهُ (ض) هَردًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔ هَرَدَ اللَّحمَ: گوشت کو گلا کر پکانا...... الشَّیءَ: قادر ہونا...... عِرضَهُ: بے آبروئی کرنا...... الشَّیءَ: خراب کرنے کیلئے پھاڑ ڈالنا۔
هَرِدَ (س) هَرَدًا اللَّحمُ: گوشت کا گل کر پکنا۔
هَرَّدَ: زرد رنگا ہوا کپڑا پہننا...... اللَّحمَ: گوشت کو گلا کر پکانا۔ کہا جاتا ہے "هَرَادَا الشَّیءَ یُهَرِیدُهُ هِرَادَةً" بمعنی أَرَادَ یُرِیدُ إِرَادَةً: ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے جیسے أَرَاق وهَرَاق میں۔
الهَردُ: مص۔ فتنہ وفساد۔
الهِردُ: شتر مرغ۔ مرد بے وقار و بے اعتبار۔
الهُردُ: زرد کرکم۔ سرخ مٹی۔ ہلدی۔
الهُردِیُّ والهُردَاءُ: ایک قسم کی گھاس۔
الهُردِیُّ: ہلدی سے رنگا ہوا۔
رَجُلٌ أَهرَدُ الشِّدقِ: چوڑی باچھوں والا مرد۔
المَهرُودُ. هُرِدَ: سے رنگا ہوا زرد کپڑا۔
هَردَبَ هَردَبَةً: سست دوڑنا۔
الهِردَبَّة: بڑھیا۔ بزدل۔ بڑے پیٹ والا۔
هَردَجَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔
الهِردِشَة: عمر رسیدہ اونٹنی وبھیڑ۔ بڑھیا۔
هَرَزَهُ (ض) هَرزًا: سختی سے چھونا۔ لکڑی سے مارنا۔
هَرِزَ (س) هَرَزًا وهُرُوزًا: ہلاک کرنا۔ مرنا۔
تَهَرُوزَ مِنَ الجُوعِ: بھوک سے ہلاک ہونا۔
هَرَسَ (ن) هَرسًا الشَّیءَ: سخت کوٹنا۔ ...... الطَّعَامَ: بہت کھانا۔
هَرِسَ (س) هَرَسًا: بہت کھانے والا۔ چھپا کر کھانا۔
الهَرَاسُ: بڑے کانٹوں کا ایک درخت واحد هَرَاسَة. هَرَاسَةُ القَومِ: قوم کی عزت۔ قوم کا سخت حملہ۔ کہا جاتا ہے "لِبَنِی فُلانٍ هَرَاسَةٌ" فلاں کی اولاد کے لئے عزت وقہر ہے جس سے وہ اپنے دشمنوں کو تباہ کرتے ہیں۔
الهَرَّاس: بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرسُ: مص۔ بلی۔
الهِرسُ: بلی۔ پرانا کپڑا۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ مَکَانٌ هَرِسٌ: ہر اس درخت اگانے والی جگہ۔ مونث هَرِسَة.
الأَهرَسُ: سخت گرانبار۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔
الهَرَّاس: اسم مبالغہ۔ بہت توڑنے والا اور بہت کھانے والا شیر۔ ہریسہ بنانے والا۔ ہریسہ بیچنے والا۔
الهَرِیس: باریک کوٹا ہوا (...... والهَرِیسَة) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور کوٹے ہوئے گیہوں کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
رَجُلٌ مِهرَسٌ: بہت کھانے والا۔
المِهرَاس: ہاون۔ المِهرَاس: پتھر کا ہاون۔ اوکھلی۔ بہت کھانے والا اونٹ۔ بھاری جسم کا اونٹ۔ مرد جو رات میں چلنے سے نہ ڈرے۔ ج مَهَارِیس.
هَرَشَ (ن ض) هَرشًا الدَّهرُ: زمانہ کا سخت ہونا۔
هَرِشَ (س) هَرَشًا: بدخلق ہونا۔
هَرَّشَ بَینَ الکِلابِ: کتوں کے درمیان بھڑکانا...... بَینَ النَّاسِ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
هَارَشَ مُهَارَشَةً وهِرَاشًا بَعضَ الکِلابِ عَلَی بَعضِهَا: بعض کو بعض پر بھڑکانا...... فُلانٌ فُلانًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَهَارَشَت واهتَرَشَتِ الکِلابُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَهَرَّشَ الغَیمُ: بادل کھل جانا۔
الهِرَاش. هَارَشَ: کا مصدر۔ جھگڑا۔ مقاتلہ۔

الھرِش: سخت عادت والا۔ اکھڑ۔
المُھارِش: فا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مُھارِشُ العِنَانِ" ہلکی لگام والا گھوڑا۔
الھرشَّۃ: بہت بڑھیا۔
ھَرشَفَت واھرَشَفَت۔ الھرشَفَۃُ: دوات کے صوف کا سوکھ جانا۔
الھِرشَفُ مِنَ الرِّجَالِ: دبلا بوڑھا۔ بہت پینے والا۔ بہت بڑھیا۔
الھِرشَفَّۃ: بہت بڑھیا۔ بوڑھی اونٹنی۔ دوات کا خشک شدہ صوف۔
ھَرِصَ (س) ھَرَصًا: خشک خارش والا ہونا۔
ھَرِصَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔
الھَرص: مص۔ کیڑا۔ خشک خارش۔
الھَرِیصَۃ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
ھَرَضَ (ن) ھَرضًا الثَّوبَ: کپڑا اجاڑنا۔
ھَرِضَ (س) ھَرَضًا: خشک خارش والا ہونا۔
ھَرِضَ الرَّجُلُ: خشک خارش کی وجہ سے بدن کا کھجک اٹھنا۔
ھَرَطَ (ن) ھَرطًا عِرضَ فُلَانٍ وفِی عِرضِہٖ: آبرو ریزی کرنا۔۔۔۔۔۔فِی الکَلَامِ: غیر مربوط اور بیہودہ کہنا۔
ھَرِطَ (س) ھَرَطًا: بیماری وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے گوشت والا ہونا۔
اَلھَرطَقَۃ: عیسائیوں کے نزدیک دین میں بدعت اس کی نسبت۔ ہرطوقی۔
تَھَارَطَا: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
الھَرط: مص (۔۔۔۔۔۔ والھِرط) بہت دبلا گوشت۔ مقتول مرد۔ دبلی بوڑھی بھیڑ۔ ناقۃ ھِرطٌ: عمر رسیدہ اونٹنی۔ ج اَھرَاط وھُرُوط
الھِرطَۃ: دبلی بوڑھی بھیڑ۔ بیوقوف۔ بزدل۔ کمزور ج ھِرَط
الھَیرَط: نرم۔ الھِرطَال: لمبے قد والا۔
الھُرطُمَان: ایک قسم کا غلہ۔
ھَرَعَ (ف) ھَرَعًا اِلَیہِ: اضطراب کے ساتھ جلدی کرنا۔
ھَرِعَ (س) ھَرَعًا الدَّمُ: خون کا جلدی بہنا۔
الرَّجُلُ: تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
ھَرَّعَ القَومُ الرِّمَاحَ: قوم کا نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
ھَرَّعَ وھُرِّعَ الرَّجُلُ: چلنے میں جلدی کرنا۔
اَھرَعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔۔۔۔۔۔ القَومُ رِمَاحَھُم: نیزہ سیدھا کر کے چلنا۔
اُھرِعَ الرَّجُلُ: خفیف العقل ہونا۔ غصہ یا کمزوری یا خوف یا سردی سے کانپنا۔ جلدی دوڑایا جانا۔ صفت مُھرَع اور کہا جاتا ہے "اَقبَلَ الشَّیخُ یُھرَعُ" بڑھا مضطرب ہو کر دوڑنے لگا۔
تَھَرَّعَتِ الرِّمَاحُ: نیزوں کا سیدھا ہونا۔
تَھَرَّعَ اِلَیہِ: جلدی کرنا۔
اِھتَرَعَ العُودَ: لکڑی توڑنا۔
اُستُھرِعَتِ الاِبِلُ: حوض کی طرف دوڑنا۔
الھُرَاع: اضطراب کے ساتھ تیز رفتاری۔ تیز ہانکنا۔
الھَرَع: مص۔ اضطراب کی چال۔ تیز ہانکنا۔
الھَرِع: جلدی بہنے والا خون۔ رَجُلٌ ھَرِعٌ: جلدی رونے والا۔ تیز رفتار۔ مؤنث ھَرِعَۃ۔
الھَرَعَۃ والھُرَعَۃ: جوں کے مانند ایک کیڑا۔ یا چھوٹی جوں اور بقول بعض بڑی جوں۔
الھَرِیعَۃ: باریک ٹہنیوں والا درخت۔
المُھرِع والمِھرَاع: شیر۔
المَھرُوع: پاگل۔ محنت و مشقت سے درماندہ۔
المُھرَع: مفع۔ لالچی۔
الھَیرَع: بزدل بے وقوف جلد باز۔ چست عورت رِیحٌ ھَیرَعٌ وھَیرَعَۃ: تیز چلنے والی ہوا جو مٹی اڑائے۔
الھَیرَعَۃ: چرواہے کی بانسری اور اس کو یَرَاعَۃ بھی کہتے ہیں۔
الھَرَاعِلَۃ: کمینے لوگ۔
ھَرَفَ (ض) ھَرفًا بِفُلَانٍ: کسی پر تعجب کرتے ہوئے مدح میں مبالغہ کرنا۔ بغیر جانے بوجھے مدح کرنا اور اسی سے ہے "لَا تَھرِف بِمَا لَا تَعرِف" جس کو تم جانتے نہیں اس کی مدح مت کرو۔ ھَرَفَتہُ الرِّیحُ: ہوا کا اڑا دینا۔ وھَرَفَ السَّبُعُ: درندے کا لگاتار آواز نکالنا۔
ھَرَّفَت تَھرِیفًا النَّخلَۃُ: جلدی پھل دار ہونا۔
ھَرَّفَ القَومُ اِلَی الصَّلٰوۃِ: نماز کیلئے جلدی کرنا۔
اَھرَفَتِ النَّخلَۃُ: جلدی پھل دار ہونا۔
اَھرَفَ الرَّجُلُ: مال نامی کا مالک ہونا۔
ھَرَقَ (ف) ھَرقًا واَھرَقَ المَاءَ: پانی گرانا۔
ھَرَّقَ المَاءَ: پانی گرانا (تشدید کثرت کے لئے ہے) اور کہا جاتا ہے (ھَرِّق عَلٰی جَمرِکَ) یعنی اپنی جگہ پر قائم رہو۔ یہ ایک مقولہ ہے جو غضبناک آدمی سے کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ اپنے غصہ کی آگ کو بجھاؤ۔
ھَرَاقَ المَاءَ یُھَرِیقُہٗ ھِرَاقَۃً: گرانا۔ اس کی اصل "اَرَاقَہٗ یُرِیقُہٗ اِرَاقَۃً" ہے۔ ہمزہ کو ہا سے بدل دیا گیا ہے اور ھَرَاقَہٗ کی اصل ھَرِیقَہٗ دَحرَجَہٗ کے وزن پر ہے اور اسی وجہ سے مضارع میں "یُھَرِیقُہٗ" کی ہا کو فتحہ دیا جاتا ہے جیسا کہ یُدَحرِجُہٗ میں دال کو اور امر کا صیغہ ھَرِق کی اصل ھَرِیقُ ہے دَحرِج کے وزن پر ثقالت کی وجہ سے یا کے کسرہ کو نقل کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا گیا۔ تثنیہ کا صیغہ ھَرِیقَا اور جمع کا ھَرِیقُوا اور کہا جاتا ہے "ھَرِیقُوا عَلَیکُم اَوَّلَ اللَّیلِ" وہ لوگ تمہارے پاس ابتدائی رات میں آئے۔
اور کبھی ہا اور ہمزہ دونوں کو جمع کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے "اَھرَاقَہٗ یُھرِیقُہٗ اِھرَاقَۃً"

سکون ہاء سے گویا کہ ہمزہ یاء کی حرکت کی
عوض میں بڑھا دیا گیا ہے اور اسی وجہ سے
اس زیادتی سے فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسم
فاعل کا صیغہ مُهْرِيقٌ اور اسم مفعول مُهْرَاقٌ
و مُهَرَاقٌ۔
تَهَارَقُوا: بعض کا بعض پر پانی گرانا۔
اِهْرَوْرَقَ اِهْرِيرَاقًا الدَّمْعُ و الْمَطَرُ: آنسو یا
بارش کا جاری ہونا۔
الهِرَقُ: پرانا کپڑا۔
الـمُهْرَقُ. اَهْرَقَ: کا اسم مفعول۔ صحیفہ۔ سفید
ریشم کا کپڑا جس کو گوند سے چکنا کر کے لکھنے
کے کام میں لاتے ہیں۔ چٹیل بیابان۔ کپڑا
یا کاغذ چکنا کرنے کا آلہ۔ ج مَهَارِقُ.
الـمُهْرَقَانُ والـمَهْرَقَانُ والمُهْرُقَانُ:
سمندر۔ کنارۂ سمندر جہاں پانی چڑھے اور
پھر اُتر جائے اور کوڑیاں باقی رہ جائیں۔
مَطَرٌ مُهْرَوْرِقٌ: موسلا دھار بارش۔
هَرْكَلَ هَرْكَلَةً: سُست اور ناز سے چلنا۔
جَمَلٌ اور رَجُلٌ هَرَاكِلٌ: موٹا اور بڑے جسم کا
اُونٹ یا مرد۔
الهَـرَاكِلَةُ: بڑی بڑی مچھلیاں آبی کتے۔
بڑے جوڑ والے دریائی جانور۔ سمندر کی
موجوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ واحد
هِرْكَلٌ.
الهِـرْكَـلَةُ والهِـرْكِـلَةُ والهِـرْكُـلَةُ
والهِرْكَوْلَةُ والهِرْكِيلُ: خوبصورت اندام
خوش رفتار عورت۔ بڑے سرین والی
عورت۔
الهَرْكَلَةُ: خرام ناز۔
الهَرَلُ: پہلے شوہر کا بیٹا۔
هَرِمَ (س) هَـرَمًا و مَهْرَمًا و مَهْرَمَةً: کمزور
ہونا اور بہت بوڑھا ہونا۔ صفت هَـرِمٌ ج
هَرِمُونَ و هَرْمَى مؤنث هَرِمَةٌ ج هَرِمَاتٌ
و هَرْمَى.
هَـرَمَـهُ الـدَّهْرُ: بہت بوڑھا کر دینا۔ هَـرَّمَ
فُلَانًا: تعظیم کرنا...... اللَّحْمَ: چھوٹے چھوٹے
ٹکڑے کرنا کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ يُهَرِّمُ

عَـلَـيْـنَـا الْاَمْـرَ او الـخَـبَـرَ" فلاں آیا اور
ہمارے سامنے معاملہ کو یا خبر کو بڑا کر کے
بیان کرتا ہے۔
اَهْـرَمَـهُ الكِبَرُ: بہت بوڑھا کرنا۔ کمزور کر
دینا۔
تَهَـارَمَ الـرَّجُلُ: بتکلف اپنے آپ کو بوڑھا
ظاہر کرنا۔
اِسْتَهْـرَمَـهُ: بہت بوڑھا سمجھنا۔ بہت بوڑھا
پانا۔
الهَـرْمُ: ایک قسم کی ترشی مائل نمکین گھاس۔
واحد هَرْمَةٌ کہا جاتا ہے "هُوَ اَذَلُّ مِنْ هَرْمَةٍ"
وہ ہرمہ گھاس سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔
الهَـرِمُ: بہت بڑھاپا۔ نفس و عقل۔ کہا جاتا
ہے "اِنَّكَ لَا تَدْرِي بِمَا يُوْلَعُ هَرِمُكَ"
تم نہیں جانتے ہو تمہارا نفس کس چیز پر فریفتہ
ہے۔ قَـدَحٌ هَـرِمٌ: ٹوٹا ہوا۔ الهَـرِمُ: عمدہ
رائے۔
الهَرَمُ: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔
الهَرَمُ عِنْدَ اَرْبَابِ المَسَاحَةِ: مخروطی شکل
کی عمارت جس کی کرسی مثلث یا مربع یا
بہت اضلاع والی ہو۔ ج اَهْرَامٌ و هِرَامٌ اور
اسی سے "اَهْـرَامُ مِـصْـر" ہے جو اس لئے
بنائے گئے تھے تا کہ بادشاہوں کے مدفن کا
کام دیں۔
اَلْهَرَمُ ج اهرام و هرام (ھ): وہ جسم جس
کے تین حصے اور سر ایک ہو اور ضلع ان تین
حصوں والے جو اس سر کے مقابل ہوں سے
بنتا ہے۔ مشترک راس ہرم کا راس ہے۔ اور
مثلثات ہرم کے اطراف جانبی ہیں اور ضلع
ہرم کا قاعدہ ہے اور ہرم ثلاثی رباعی اور
خماسی ہوتا ہے جب اس کا قاعدہ مثلث
مربع یا خماسی ہو۔
الهَرْمِيُّ: خشک لکڑی۔
الهُرْمَانُ: عقل۔ عمدہ رائے۔
اِبْـنُ هَـرْمَةَ: غیر منصرف۔ بڈھے بڈھیا کی
آخری اولاد۔
الهَرِمَةُ الهَرِمُ: [illegible]

الهَرُوْمُ: بدعادت۔ خبیث عورت۔
الـمَهْرَمَةُ: مص۔ انتہائی بڑھاپا۔
الهَرَامِيتُ: پرانے کنوئیں۔
هَـرْمَزَ هَـرْمَـزَةً الرَّجُلُ: کمینہ ہونا۔ آہستہ
چبانا۔ ساتھی سے چھپا کر گفتگو کرنا......
اللُّقْمَةَ: لقمہ چبانا اور منہ میں پھرانا اور نہ نگلنا
......النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
هَرْمَسَ هَرْمَسَةً وَجْهُهُ: تیوری چڑھانا۔
الهَرْمَسَةُ: مص۔ لوگوں کا شور و چیخ۔
الهَرَامِسَةُ: ماہرین علم نجوم۔
الهِـرْمَوْسُ: مضبوط رائے والا۔ تجربہ کار
چالاک۔
الهُـرَامِـسُ: لوگوں پر سخت حملہ کرنے والا
شیر۔
الهِرْمَاسُ: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ چیتے کا
بچہ۔
الهِرْمِيسُ: سخت حملہ کرنے والا شیر۔ گینڈا۔
هَرْمَطَ عِرْضَهُ: بے آبروئی کرنا۔
اِهْـرَمَّـعَ اِهْـرِمَّاعًا الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ جلدی
رونے والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِهْـرَمَّعَتِ
الْـعَـيْـنُ" جب کہ آنکھوں سے آنسو جلد نکل
پڑے۔
فِي مَنْطِقِهِ: بہت بولنا۔ اِهْرَمَّعَ اِلَيْهِ: بتکلف
رونا۔
الهِـرْمَـعُ: جلدی رونے والا۔ چال میں
سرعت والی۔
هَـرْمَلَـهُ هَـرْمَلَةً: بال اُکھیڑنا...... هَرْمَلَ
الشَّـعْـرَ والوَبَرَ والرِّيشَ: اکھیڑنا۔ کاٹنا۔
هَرْمَلَ عَمَلَهُ: بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ هَرْمَلَتِ
الْعَجُوزُ: بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہونا......
الوَبَرُ: اُونٹ کے بالوں کا گرنا۔
الهِرْمِلُ: بوڑھی اونٹنی۔ عمر رسیدہ عورت۔
الهُـرْمُـوْلُ: بالوں کا کچھ حصہ جو سر کے
اطراف میں باقی رہ جائے ج هَرَامِيلُ۔
الهُـرْمُـوْلَةُ: کپڑے کا ٹکڑا جو پرانے کرتے
کے دامن سے پھٹ جائے۔
هَرْنَفَ هَرْنَفَةً: آہستہ ہنسنا۔

المُهَرْنِفَة: کمزور آواز والی۔ بہت [illegible] سست آواز والی۔

هَرْهَرَ هَرْهَرَةً الشَّیْءَ: حرکت دینا...... الرَّجُلُ: بے فائدہ ہنسا...... بِالْغَنَمِ او الإبِلِ: بکریوں یا اونٹوں کو پانی پر بلانا یا گھاٹ پر لے جانا...... عَلٰی فُلَانٍ: دست درازی کرنا...... الضَّأْنُ: بھیڑ کا ممیانا(...... وَتَهَرْهَرَتِ) الرِّیْحُ: ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

الهِرْهِرُ: بوڑھی بکری۔

الـهَرْهَرَة: مص۔ لڑائی میں ہندوؤں کے شور وغل کی نقل۔ بھیڑ کی آواز۔ هَرْهَرَةُ الأَسَدِ: شیر کے دہاڑنے کی گونج۔

الهُرْهُرَة: انگور کی بیل کی جڑ میں انگور کا گرا ہوا دانہ۔

الهُرَاهِر: بہت دودھ اور پانی۔ شیر۔ ج هَرَاهِر۔

الهُرْهَار: بہت دودھ اور پانی۔ بے فائدہ ہنسنے والا۔ دبلا گوشت۔ شیر۔

الهُرْهُور: بہت دودھ اور پانی۔ آواز دینے والا جاری پانی۔ ایک قسم کی کشتی۔ انگور کا بکھرا ہوا دانہ۔ بوڑھی بکری۔

الهِرْهِیْر: ایک قسم کی مچھلی۔ ایک خبیث قسم کا سانپ۔

هَرَاهُ یَهْرُوْهُ هَرْوًا وتَهَرَّاهُ تَهَرِّیًا: لاٹھی سے مارنا۔ ڈنڈے سے مارنا۔

الهِرَاوَة: موٹا ڈنڈا۔ سونٹا۔ ج هَرَاوِیٰ وهُرِیٌّ وهِرِیٌّ۔

الهَرَّاء: ہروی کپڑوں کو بیچنے والا۔

هَرَاة: خراسان کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے هَرَوِیٌّ۔

هَرْوَلَ: تیز چلنا۔ دوڑنا۔

هَرَاهُ یَهْرِیْهِ هَرْیًا: ڈنڈے سے مارنا۔

هَرِیَ تَهْرِیَةَ الثَّوْبَ: کپڑے کو زرد رنگنا۔

هَارَاهُ مُهَارَاةً: باہم ٹھٹھا کرنا۔

الهِرَاء: کھجور کا پودہ۔

الهُرْیُ: گیہوں وغیرہ جمع کرنے کا بڑا مکان ج أَهْرَاء۔

هَزَأَ (ن) هَزْأً الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: ہلانا...... مِنْ عِطْفِ فُلَانٍ: کام کے لئے ابھارنا۔ هَزَّ بِهِ السَّیْرُ: سیر کی وجہ سے جلدی چلنا(...... هَزْهَزَ) الإبِلَ: اونٹ کو حدی سے نشاط میں لانا...... الکَوْکَبُ: ستارہ کا ٹوٹنا۔

هَزْهَزَهُ تَهَزْهُزًا: ہلانا۔

اِهْتَزَّ: ہلنا...... الإبِلُ: اونٹ کا حدی کی آواز سے چلنے میں جھومنا۔ اِهْتَزَّ إلَیْهِ قَلْبُهُ: خوش ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَهْتَزُّ لِلْمَعْرُوْفِ" وہ اچھے اعمال سے خوش ہوتا ہے...... المَاءُ فِیْ جَرَیَانِهِ: پانی کا رواں ہونا...... الکَوْکَبُ فِیْ انْقِضَاضِهِ: ستارہ کا جلدی ٹوٹنا...... الأَرْضُ: اُگانا...... النَّبَاتُ: لہلہانا اور بڑھنا۔

تَهَزَّزَ: ہلنا۔ جھومنا۔

الهَزَّة.هَزَّةٌ: کا اسم مرۃ۔ اِمْرَأَةٌ هَزَّةٌ: برائی سے خوش ہونے والی عورت۔ جمع نساء هَزَّات۔

الهِزَّة.هِزَّ: کا اسم نوع۔ نشاط وشادمانی۔ ہانڈی کے جوش کی آواز۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ اونٹوں کی چال کی ایک قسم۔ انبساط وبحالی فرحت۔

الهَزِیْز: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ہوا کی سرسراہٹ۔

الهَزَائِز: سختیاں (اس کے لئے واحد نہیں)

المَهَزّ والمَهَزَّة: حرکت۔

هَزَأَهُ یَهْزَأُهُ هَزْءًا: توڑنا۔ هَزَأَ إبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا...... رَاحِلَتَهُ: ہلانا۔ هَزَأَ زَیْدٌ: مرنا۔

هَزَأَ وهَزِئَ یَهْزَأُ هَزْأً وهُزْءًا وهُزُءًا وهُزُوءًا ومَهْزَأَةً بِفُلَانٍ ومِنْهُ: ٹھٹھا کرنا۔

هَزِئَ (س) هَزْءًا: مرنا۔

أَهْزَأَ إهْزَاءً: سخت سردی میں داخل ہونا۔ ...... إبِلَهُ: سردی سے مار ڈالنا۔ أَهْزَأَتْ بِهِ دَابَّتُهُ: جلدی لے جانا۔

تَهَزَّأَ تَهَزُّءًا وتَهَازَأَ تَهَازُؤًا واسْتَهْزَأَ اِسْتِهْزَاءً: ٹھٹھا کرنا۔

الهَازِئُ: فا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَفَازَةٌ هَازِئَةٌ بِالرَّکْبِ وهَزَّاءَةٌ بِهِمْ" یہ بیابان دشوار گزار ہے۔ و"غَدَاةٌ هَازِئَةٌ" بہت ٹھنڈی صبح۔

رَجُلٌ هُزْأَةٌ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُزْأَةٌ بَیْنَ النَّاسِ" یعنی لوگ اس سے ٹھٹھا کرتے ہیں۔

رَجُلٌ هُزَأَةٌ: لوگوں سے ٹھٹھا کرنے والا مرد۔

الهَوْزَب: مضبوط وقوی اونٹ۔ بڑی عمر کا اونٹ۔ گدھ۔

الهَیْزَب: مضبوط شیر۔

هَزْبَرَة: کاٹنا۔

الهِزَبْر والهِزْبَر والهُزَابِر: شیر۔ الهِزْبَر: موٹا۔ مضبوط وقوی۔ ج هَزَابِر۔

هَزْبَلَ هَزْبَلَةً: بہت محتاج ہونا۔

الهَزْبَلِیْل: بہت تھوڑا سا۔

هَزِجَ (س) هَزَجًا المُغَنِّیْ فِیْ غِنَائِهِ: گویئے کا سُر سے گانا یا پڑھنا۔ بحرِ هزج کے اشعار پڑھنا۔

هَزَّجَ: سُر سے گانا...... صَوْتَهُ: پے درپے آواز نکالنا۔

أَهْزَجَ الشَّاعِرُ: بحر ہزج کے اشعار بنانا۔

تَهَزَّجَ: سُر سے گانا...... الصَّوْتُ: پے در پے ہونا۔ تَهَزَّجَتِ القَوْسُ: آواز نکالنا۔ الرَّعْدُ: بادل کا گڑگڑانا۔

الهَزَج: مص۔ بادل کی گڑگڑاہٹ۔ ترانہ۔ سُر۔ طرب انگیز آواز۔ ہر کلام جو متناسق ہو۔ اشعار کی ایک بحر کا نام۔ جانوروں کی ٹانگ پڑنے کی سرعت اور خفت۔

الهَزِج: طرب انگیز۔ کہا جاتا ہے "مُغَنٍّ هَزِجٌ" طرب انگیز گویا۔ فَرَسٌ هَزِجٌ: گھوڑا جس کی ٹانگ جلدی اور ہلکی پڑے۔

الهَزِیْجُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ۔

الأُهْزُوْجَة: ترنم آمیز گیت ج أَهَازِیْج۔

هزرہ (ض) هَزْرًا بالْعَصَا: ڈنڈے سے بہت مارنا۔ هَزَرَ الشَّيْئُ: سخت چھونا...... فلانًا: جلاوطن کرنا۔ صفت مفعولی مَهْزُورٌ وهزِيْرٌ...... بِهِ الْاَرْضَ: پچھاڑنا...... لِفُلاَنٍ: بہت دینا...... الرَّجُلُ: ہنسنا۔ حاجت کے لئے جلدی کرنا...... اَلْبَائِعُ: گراں کرنا۔ قیمت بڑھا دینا۔

الهَزار: بُلبُل۔ ہزارداستان ج هَزَارَات.

الهِزْر: نقصان زدہ۔ بیوقوف۔ سخت۔

الهَزْرَة والهَزَرَة: نرم زمین ج هَزَارَات

الهُزْرَة: کاہلی۔ کہاجاتا ہے "رَجُلٌ ذُوهُزَرَاتٍ" ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

رَجُلٌ مِهْزَرٌ: ہر چیز میں نقصان زدہ مرد۔

هُزْرِفَ فِيْ عَدْوِهٖ: تیز دوڑنا۔

الهِزْرَاف والهُزَارِف والهُزْرُوف والهِزْرَوْف: تیز رفتار ہلکا پھلکا شترمرغ۔

الهُزْرُوْفُ: بڑے جسم والا۔

هَزَعَ (ف) هَزْعًا: جلدی کرنا...... الشَّيْئَ: توڑنا۔

هَزَّعَهٗ تَهْزِيْعًا: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَهَزَّعَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ لَهٗ: اپنے کو ناشناختہ بنانا۔ تَهَزَّعَتِ الْمَرْاَةُ فِيْ مِشْيَتِهَا: ڈگمگانا...... الْاِبِلُ فِيْ سَيْرِهَا: اُونٹ کا چلتے ہوئے جھومنا۔

اِنْهَزَعَ الشَّيْئُ: ٹوٹنا۔

اَهْتَزَعَ: جلدی کرنا۔ جھڑکنا...... السَّيْفُ ونَحْوُهٗ: تلوار وغیرہ کا حرکت کرنا۔

الهَزَع: اضطراب۔

الهِزَّاع: اکیلا۔ کہاجاتا ہے "مَا فِي الْجَعْبَةِ اِلَّا سَهْمٌ هِزَاعٌ" ترکش میں صرف ایک ہی تیر ہے۔

الهَزَّاع: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهُزَع: شکار کو بہت پھاڑنے والا شیر۔

الهَزِيْع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ یا تہائی یا چوتھائی رات اور بقول بعض رات کی ایک ساعت۔ ج هُزُعٌ. الهَزِيْع: بیوقوف۔

الاَهْزَع: ترکش کا آخری تیر۔ خراب۔ کہاجاتا ہے "مَالَهٗ اَهْزَعُ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِي الدَّارِ اَهْزَعُ" گھر میں کوئی نہیں۔ "وَمَا بَقِيَ فِيْ سَنَامِ بَعِيْرِكَ اَهْزَعُ" تمہارے اُونٹ کے کوہان میں بقیہ چربی نہیں۔

الهَيْزَعَة: خوف۔ جنگ میں شور۔

المَهْزَع: درختوں کو توڑنے والا۔ کوٹنے کا آلہ۔

سَيْفٌ مُهْتَزِعٌ: بہت حرکت کرنے والی تلوار۔ فَرَسٌ مُهْتَزِعٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

هَزَفَتْهُ (ض) هَزْفًا الرِّيْحُ: ہلکا پانا۔ اڑا لے جانا۔

هَزِقَ (س) هَزَقًا: چست ہونا...... فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

اَهْزَقَ فِي الضِّحْكِ: بہت ہنسنا۔

الهَزَق: چستی۔ بجلی۔ بادل کی تیز گڑگڑاہٹ۔

الهَزِق: سخت گرج...... مِنَ الرِّجَالِ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

الهَزِقَة مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کو ایک جگہ پر قرار نہ ہو۔

المِهْزَاق: چنچل عورت، بہت ہنسنے والی۔

رَجُلٌ مِهْزَاقٌ: بہت ہنسنے والا اوچھا مرد۔

هَزَلَ (ن) وهَزِلَ (س) وهُزِلَ هَزْلاً وهُزْلاً وهُزَالًا: کمزور ہونا۔ دبلا ہونا۔ هَزَلَتْ حَالُ فُلاَنٍ: تنگ ہونا (هُزَال جسم کی تشبیہ دیتے ہوئے) کہاجاتا ہے "لَهٗ فَضْلٌ جَزِيْلٌ وحَالٌ هَزِيْلٌ" اس کا فضل بہت زیادہ ہے اور حال پتلا ہے۔

هَزَلَ (ض) هَزْلاً فِيْ كَلاَمِهٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بکواس کرنا۔ بے ہودگی کرنا...... الدَّابَّةَ: دبلا کرنا۔ اچھی طرح نگہبانی نہ کرنے کی وجہ سے کمزور کرنا۔ هَزَلَ الْقَوْمُ: دُبلے مویشی والا ہونا...... فُلاَنٌ: جانوروں کے مرنے کی وجہ سے محتاج ہونا۔

هَازَلَ مُهَازَلَةً: بیہودگی کرنا...... فلانًا: ٹھٹھا کرنا۔

اَهْزَلَ فُلاَنًا: کمزور کرنا (هَزَلَ میں ایک لغت ہے مگر زیادہ فصیح نہیں) کھلاڑی پانا...... الْقَوْمُ: دُبلے مویشی والی ہونا۔ سختی اور تنگی کی وجہ سے اپنے مال کو روک لینا۔

الهُزَال: مص۔ لاغری۔ دبلاپن۔

الهُزَالَة: خوش طبعی۔ کہاجاتا ہے "وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا هُزَالَةٌ" ان کے درمیان خوش طبعی ہے۔

الهَزَّال والهَزِيْل: بہت دُبلا۔

الهُزَيْلَى: شعبدہ باز کا فعل۔

الهَزْلَى: بہت سانپ (جمع ہے واحد نہیں)

الهَزِيْل: دبلا۔ ج هَزْلَى.

الهَزِيْلَة. هُزَال: سے اسم مشتق ہے۔ جیسے شَتَمَ سے شَتِيْمَة پھر هَزِيْلَة کا اطلاق اونٹوں میں ہونے لگا۔ ج هَزَائِل وهَزْلَى.

الهَيْزَلَة: بڑا جھنڈا۔ کہاجاتا ہے "تَصَعَّدُوْا وفِيْهِمْ هَيْزَلَةٌ" وہ لوگ چلے اور ان کے اندر بڑا جھنڈا تھا۔

المَهْزُوْل: لاغر شدہ ج مَهَازِيْل. اَرْضٌ مَهْزُوْلَةٌ: نرم زمین۔

المَهَازِل: خشک سالیاں۔

هَزْلَجَ هَزْلَجَةً: جلدی کرنا۔

الهِزْلاَج: جلد باز۔ ہلکا پھلکا۔ بھیڑیا۔ ج هَزَالِج.

الهَزْلَجَة: مص۔ آوازوں کا اختلاط۔ جلدی۔

الهَزْلَع: تیز رفتار۔

هَزَمَ (ض) هَزْمًا الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا...... الشَّيْئَ: ہاتھ سے دبا کر گڑھا ڈالنا...... فُلاَنًا: ایسی ضرب مارنا کہ سرین سے ناف پر نکل آئے...... الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا...... لَهٗ حَقَّهٗ: حق کم کرنا...... الْبِئْرَ: کنواں کھودنا...... فُلاَنًا: قتل کرنا (...... هَزْوَمًا) اللَّيْلُ: سفیدی صبح کا پھٹنا۔

هُزِمَتْ عَلَيْهِ: مہربان بنایا جانا۔

هَـزَمَ الْعَدُوَّ: دشمن کو شکست دینا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)
تَهَزَّمَتِ الْقَوْسُ: کمان کا آواز دینا...... الرَّعْدُ: گرجنا...... السَّحُبُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا...... الْقِرْبَةُ: مشک کا خشک ہو کر پھٹنا۔ تَهَزَّمَ الْبِنَاءُ: عمارت کا گر پڑنا۔
اِنْهَزَمَ: شکست کھانا۔ الْعَصَا: لاٹھی کا چڑ چڑا کر ٹوٹنا۔ الْجَيْشُ: شکست کھانا۔ اِهْتَزَمَتِ السَّحَابَةُ بِالْمَاءِ: آواز کے ساتھ برسنا...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا چلنا اس طرح پر کہ آواز سنائی دے۔ اِهْتَزَمَ الشَّاةَ: بکری کو ذبح کرنا...... الشَّيْءَ: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔
اِسْتَهْزَمَ الْجُيُوشَ: شکست دینا۔ شکست چاہنا۔ شکست خوردہ پانا۔
الْهَازِمَةُ: مصیبت ج هَوَازِم.
الْهَزْمُ: مص ۔ پست زمین ۔ بغیر پانی کے چلا بادل ج هُزُوْم.
الْهَزِمُ مِنَ الْخَيْلِ: مطیع ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ هَزِمٌ وَفَرَسٌ هَزِمُ الصَّوْتِ" بادل کی گرج کے مشابہ آواز والا گھوڑا۔ غَيْثٌ هَزِمٌ: موسلا دھار بارش۔
الْهَزَمُ: کمان کی آواز۔
الْهَزْمَةُ: اسم مرۃ ۔ سینہ کا گڑھا ۔ سیب وغیرہ کا گڑھا جو ہاتھ سے دبانے سے پیدا ہو۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا ۔ پست زمین ج هَزْمٌ وهُزُمٌ وهَزَمَاتٌ. هُزُوْمُ الْجَوْفِ: پیٹ میں دانہ پانی کی جگہ۔
قِدْرٌ هَزِمَةٌ: بہت اُبلنے والی ہانڈی۔
الْهَزُوْمُ: آواز دینے والی کمان ۔ کہا جاتا ہے "قَوْسٌ هَزُوْمٌ بَيِّنَةُ الْهَزَمِ" بہت آواز نکالنے والی کمان۔
الْهَزِيْمُ: گرج کی آواز ۔ گرج ۔ سخت آواز والا گھوڑا ۔ غَيْثٌ هَزِيْمٌ: نہ رکنے والی بارش جَيْشٌ هَزِيْمٌ: شکست خوردہ لشکر۔
الْيَسَرُ: مص۔ آسان۔ تیار کیا ہوا۔ جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج أَيْسَارٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَعْسَرُ يَسَرٌ": دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد اور مؤنث کے لئے عَسْرَاءُ يَسْرَاءُ۔

الْيَاسِرُ: فا۔ آسان۔ بایاں۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم۔ قصائی ج أَيْسَارٌ۔

الْيَسَرَةُ: ہاتھ کی غیر متصل لکیریں۔ دونوں ران کے داغ ج أَيْسَارٌ يَسَرَاتٌ الْيَسَرَاتُ: ہلکی ٹانگیں۔

الْيُسْرَى ج يُسْرَيَاتٌ والْيَسْرَةُ: بایاں۔

الأَيْسَرُ: بائیں جانب والا۔ نرم و آسان۔

الْيَسِيْرُ: کم۔ نرم آسان (۔۔۔۔ والْيَسُوْرُ) غالب۔ جوئے باز۔ ج يُسُرٌ۔

الْمَيْسِرُ: جوا۔ تیروں کا جوا۔ ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے۔ زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا۔

الْمَيْسَرَةُ: بائیں جانب۔ بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَيَاسِرُ (۔۔۔۔ والْمَيْسِرَةُ والْمَيْسُرَةُ) آسانی۔ توانگری۔

الْمَيْسُوْرُ: آسان کیا ہوا۔ آسان ج مَيَاسِيْرُ۔

الْيَاسَمِيْنُ والْيَاسَمُوْنُ: چنبیلی۔

يَسِنَ يَيْسَنُ يَسْنًا الْمَاءُ: متغیر ہونا۔

الْيَشْبُ والْيَشْفُ والْيَشْمُ: یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر۔

الْيَصْبُ والْيَصْفُ: یشب۔

الأَيْصَرُ: سوکھی گھاس ج أَيَاصِرُ۔

يَعَرَتْ تَيْعِرُ وتَيْعَرُ يُعَارًا الشَّاةُ او الْمَعْزَى: بکری کا ممیانا۔

الْيَعْرُ والْيَعَرَةُ: بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیے کے شکار کے لئے گڑھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج يِعَارٌ۔

الْيَعْسُوْبُ: شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ج يَعَاسِيْبُ۔

الْيَعْفُوْرُ: ہرن۔

الْيَغْرُ: ایک جانور جو کتے سے چھوٹا [illegible] بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوا ہے اور اس کو غُرَيْر بھی کہتے ہیں۔

يَفَخَ يَيْفَخُ يَفْخًا الْوَلَدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا۔

الْيَافُوْخُ والْيَأْفُوْخُ: نومولود بچے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج يَوَافِيْخُ اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْقَوْمُ يَافُوْخَ اللَّيْلِ" جب کہ رات میں چلیں۔ "وَمَسَّ بِيَافُوْخِهِ السَّمَاكَ": جبکہ تکبر کرے "وَوَطِئَ فُلَانٌ يَوَافِيْخَ الْقَوْمِ": جبکہ سب لوگ سرداری کو تسلیم کر لیں۔

يَفَعَ يَيْفَعُ يَفْعًا وأَيْفَعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ يَفَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

تَيَفَّعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ ٹیلہ پر آگ روشن کرنا۔

الْيَفْعُ والْيَفَاعُ: بلند ٹیلہ۔ بلند زمین۔ ج يُفُوْعٌ۔ غُلَامٌ يَفَعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج أَيْفَاعٌ۔

الْيَافِعُ: فا۔ غُلَامٌ يَافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج يَفَعَةٌ ويُفْعَانٌ. مَجْدٌ يَافِعٌ: بڑی بزرگی۔

الْيَفَعَةُ: لڑکا جو نوجوان ہو اور بلوغ کے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے غُلَامٌ يَفَعَةٌ وغُلَامَانِ يَفَعَةٌ وغِلْمَانٌ يَفَعَةٌ۔

الْيَافِعَةُ. يَافِعٌ: کا مؤنث ج يَافِعَاتٌ الْيَافِعَاتُ مِنَ الأُمُوْرِ: طاقت سے باہر کام۔۔۔۔ مِنَ الْجِبَالِ: بلند پہاڑ۔

الْمَيْفَعَةُ: بلند زمین ج مَيَافِعُ۔

الْيَفَنُ: بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ بوڑھا بیل صاحب فنون ج يُفْنٌ۔

يَقَّ يَيِقُّ يُقُوْقَةً: سفید ہونا۔

الْيَقَقُ: روئی۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا۔ ایک ٹکڑے کو يَقَقَةٌ کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "أَبْيَضُ يَقَقٌ ويَقِقٌ": بہت سفید ج يَقَائِقُ۔

الْيَاقُوْتُ: ایک بیش قیمت پتھر واحد يَاقُوْتَةٌ ج يَوَاقِيْتُ۔

الْيَقْطِيْنُ: بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لئے ہوتا ہے واحد يَقْطِيْنَةٌ۔

يَقِظَ يَيْقَظُ يَقَظًا ويَقُظَ يَيْقُظُ يَقَاظَةً: بید

ہونا۔ چوکنا ہونا۔ صفت مذکر یَقِظٌ و یَقُظٌ و یَقْظَان ج اَیْقَاظ: صفت مؤنث یَقْظٰی ج یَقَاظٰی۔

اَیْقَظَ اِیْقَاظًا و یَقَّظَ تَیْقِیْظًا الغُبَارَ: غبار اڑانا ...... فُلانًا: بیدار کرنا۔ جگانا۔

تَیَقَّظَ تَیَقُّظًا و اسْتَیْقَظَ اسْتِیْقَاظًا: بیدار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَیَقَّظَ لِلْاَمْرِ": وہ معاملہ پر متنبہ ہوگیا۔ اسْتَیْقَظَهُ: بیدار کرنا۔

الیَقَظَة: بیداری۔

اَبُو الیَقْظَان: مرغ۔

یَقِنَ یَیْقَنُ یَقْنًا و یَقَنًا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ صفت یَقِنٌ (...... و اَیْقَنَ و تَیَقَّنَ و اسْتَیْقَنَ) الاَمْرَ و بِهٖ: جاننا۔ یقین کرنا۔

الیَقْنُ و الیَقَنُ و الیُقُنُ و الیَقَنَة و المِیْقَان: ہر سنی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث مِیْقَانَة۔

الیَقَنُ: زوال شک۔ رَجُلٌ یَقَنٌ بِالشَّیْءِ: کسی چیز پر فریفتہ مرد۔

الیَقِیْن: زوال شک۔ یقینی امر۔ نظر و استدلال سے حاصل ہونے والا العلم۔ حق الیقین۔ واضح اور خالص بے شبہ۔ اَمْرٌ یَقِیْنٌ: سچا واضح معاملہ۔

الیَکَة: زمین پر پھیلی ہوئی بیل جس کے ارد گرد تلوار کی صورت میں پتے ہوتے ہیں۔ اس پر پھولوں کا خوشۂ سفید پھول ہوتے ہیں۔

یَلَّ و یَلِلَ یَیْلَلُ یَلًّا و یَلَلًا: چھوٹے اور ناہموار اور اندر کو گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَیَلُّ صفت مؤنث یَلَّاء ج یُلٌّ۔

الیَلَب: کھال۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی نمدی زرہیں اور بقول بعض وہ کھالیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ سی کر سر پر اوڑھتے ہیں واحد یَلَبَة۔ الیَلَب: فولاد۔ خالص لوہا۔ ہر چیز میں سے بڑی چیز۔

الیَلَق: سفید۔ کہا جاتا ہے اَبْیَضُ یَلَقٌ و اَبْیَضُ لَهَقٌ و اَبْیَضُ یَقَقٌ: یعنی بہت زیادہ سفید۔

الیَلَقَة و الیَلْقَق: سفید بکری۔

الیَلْمَق: قبا۔ ج یَلَامِق۔

الیَلَنْجَج و الاَلَنْجَج و الیَلَنْجُوج و الاَلَنْجُوج: خوشبودار لکڑی۔

یَمَّ یَیُمُّ یَمًّا: مص۔ سمندر میں پھینکا جانا۔ ...... السَّاحِلُ: سمندر کے نیچے آنا۔

یَمَّمَهُ: قصد کرنا۔ یَمَّمَ المَرِیْضَ لِلصَّلٰوةِ: تیمم کرانا ...... فُلانًا بِرُمْحِهٖ: خاص طور سے نیزہ کا نشانہ بنانا۔

تَیَمَّمَ الاَمْرَ: قصد کرنا ...... لِلصَّلٰوةِ: مٹی سے ہاتھ منہ پر مسح کرنا۔

الیَمُّ: مص۔ سمندر۔ سانپ (...... والیَمَم) جنگلی کبوتر۔

الیَمَام: جنگلی کبوتر۔

الیَمَامَة: جنگلی کبوتری۔ ارادہ اور کہا جاتا ہے اِمْضِ یَمَامَتِیْ: میرے آگے چلو۔

المُیَمَّم: اپنے مطالب و مقاصد پر فتح مند۔

یَمَنَ و یَمِنَ یَیْمَنُ یَمْنًا الرَّجُلَ: داہنی جانب سے آنا۔

یَمَنَ یَیْمُنُ یَمْنًا و یُمْنًا اللّٰهُ فُلانًا: بابرکت بنانا۔ صفت مفعول مَیْمُوْن صفت فاعل یَامِن و یَمِیْن: جیسے قَادِرٌ و قَدِیْرٌ۔

یَمَنَ یَیْمَنُ و یَامَنَ یَمْنًا و یَمَنَ و یَامَنَ یُیَامِنُ مُیَامَنَةً بِهٖ: دائیں طرف لے جانا۔

یَمُنَ یَیْمُنُ و یَمِنَ یَیْمَنُ و یَمَنَ یَمُنَ یَیْمُنُ یُمْنًا و مَیْمَنَةً لِقَوْمِهٖ و عَلٰی قَوْمِهٖ: بابرکت ہونا۔ صفت یَامِن و یَمِیْن و اَیْمَن و مَیْمُوْن۔

یَمَّنَ عَلَیْهِ: برکت دینا (...... و یَامَن) بِفُلانٍ: دائیں جانب لے جانا (...... و یَامَن و تَیَامَنَ و اَیْمَنَ) دائیں جانب جانا۔ ملک یمن کی طرف جانا۔ ملک یمن میں جانا۔

تَیَمَّنَ بِکَذَا: برکت حاصل کرنا۔ ملک یمن کی جانب منسوب ہونا ...... بِالمَیِّتِ: قبر میں دائیں پہلو پر رکھنا ...... الرَّجُلُ: مرنا۔ داہنے ہاتھ یا پیر پر داہنی جانب سے شروع کرنا۔

اسْتَیْمَنَ اسْتِیْمَانًا بِکَذَا: برکت حاصل کرنا ...... الرَّجُلَ: قسم کھلانا۔

الیَامِن: برکت والا۔ مؤنث یَامِنَة۔

الیُمْن: برکت۔

الیَمَن و الیَمَنَة: داہنی جانب۔

الیَمَن: ملک یمن جو بلاد عرب میں سے ہے نسبت کے لئے الیَمَنِیُّ و الیَمَانِیُّ و الیَمَانِ ج یَمَنِیُّوْن و یَمَانُوْن و یَمَانِیُوْن۔

الیَمِیْن: داہنا ہاتھ۔ داہنی جانب۔ ج اَیْمُن و اَیْمَان و اَیَامِن و اَیَامِیْن تصغیر یُمَیِّن: بغیر ہاء کے ج یَمَائِن۔

الیَمِیْن ج اَیْمُن و اَیْمَان: قسم (مؤنث) اَیْمُنُ اللّٰهِ: اسم ہے جو قسم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور اس کی تقدیر اَیْمُنُ اللّٰهِ قَسَمِیْ ہے اور اس میں اور بھی لغات ہیں۔ اَیْمُنُ اللّٰهِ و اِیْمُنُ اللّٰهِ و اَیْمَنُ اللّٰهِ و اِیْمِنُ اللّٰهِ اور اسی کے معنی میں "اَیْمُ اللّٰهِ و اِیْمُ اللّٰهِ و اَمُ اللّٰهِ: میم کی تثلیث سے و مُن اللّٰهِ: میم اور نون کی تثلیث سے وَمُ اللّٰهِ میم کی تثلیث سے اور کہا جاتا ہے "یَمِیْنُ اللّٰهِ لَا اَفْعَلُ": قسم اللہ کی میں نہیں کروں گا۔

الیَمِیْن: برکت و قوت۔ ج اَیْمَان: کہا جاتا ہے: "فُلانٌ عِنْدَنَا بِالیَمِیْنِ": فلاں ہمارے نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔ وَقَدِمَ عَلٰی اَیْمَنِ الیَمِیْنِ: وہ برکت کے ساتھ آیا۔

الیُمْنٰی: دایاں ہاتھ یا داہنی جانب۔ مثنی یُمْنَیَان ج یُمْنَیَات۔

الیُمْنَة و الیَمْنَة: یمنی چادر۔

الاَیْمَن: داہنی جانب۔ مؤنث یَمْنَاء ج یُمْن و اَیَامِن: کہا جاتا ہے "ذَهَبَ اِلٰی اَیْمَنِ الاِبِلِ": وہ اونٹوں کی داہنی جانب گیا "وَنَظَرَ اَیْمَنَ مِنْهُ": اس نے داہنی جانب دیکھا۔

التَّیْمَن: دکھن۔

المَیْمَنَة: برکت۔ داہنی جانب کا دستہ فوج ج مَیَامِن۔

المُیَمِّن: برکت لانے والا۔

المَیْمُوْن: مبارک۔ ج مَیَامِیْن کہا جاتا ہے "هُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ": وہ مبارک چہرہ والا ہے "وَسِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیْمُوْنِ": مسافر کے لئے دعا ہے یعنی توفیق کے ساتھ سفر کرو۔

الیَنْبُوْت: ایک قسم کی نباتات۔

یَنْبُوْع: دیکھئے مادہ نبع۔

الیَانِسُوْن: ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔

یَنَعَ یَیْنَعُ و یَیْنِعُ یَنْعًا و یُنْعًا و یُنُوْعًا و اَیْنَعَ الثَّمَرُ: پھل کا پختہ ہونا۔ صفت یَانِع ج یَنْع و یُنَّع۔

الیَانِع: ہر چیز کا سرخ ...... یَنَعَ الشَّیْءُ: تیز سرخ ہونا۔

اَلیُنُوع: خون کی سرخی۔
اَلیَنَع: سرخ مہرہ۔ واحد یَنَعَۃٌ: عقیق کی ایک قسم۔
اَلیَنَم: ایک قسم کی نباتات واحد یَنَمَۃٌ۔
اَیْھَتَ اِیْھَاتًا. اللَّحْمُ: گوشت بدبودار ہونا۔
اِسْتَیْھَرَ: بے عقل ہونا..... فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں مدت گزارنا..... بِالْاَمْرِ: یقین کرنا۔
اَلیَھْرُ والیَھَرُ: کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گزاری۔
اَلیَھْیَرُ: سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت جھوٹ، اندرائن۔ زہر۔
اَلیَھْیَرَی: بہت پانی۔ باطل۔
اَلمُسْتَیْھِر: فا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔
اَلیَھْفُوف: بزدل۔ بیوقوف۔ چٹیل زمین۔ تیز قلب۔
اَلیَھَم: دیوانگی۔ جنون۔
اَلاَیْھَم: دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا۔ دلیر، چکنا پتھر، بے نشان شہر لَیْلٌ اَیْھَم: بے تاروں والی رات۔ مؤنث یَھْمَاء ج یُھْم

اَلیَھْمَاءُ. اَیْھَمُ: کا مؤنث۔ بے پانی اور بے نشان بیابان۔ سخت سال۔ مضبوط اونٹنی اَرْضٌ یَھْمَاءُ: بے نام ونشان وبے چراگاہ زمین۔ سِنُوْنَ یُھْمٌ: بے گھاس، پانی اور بے درخت والے سال۔
یَھُوْد: دیکھئے مادہ ہود۔
یَوْحِ ویُوْحِی: آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَکَ اللّٰہُ اَعْمَرَ مِنْ نُوْحٍ وَاَنْوَرَ مِنْ یُوْحٍ": اللہ تعالیٰ عمر نوح علیہ السلام کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔
اَلیُوْدُ: سیاہ خاکستری بلوری رنگ کا جسم جس کا دھواں تیزی سے پھیل جاتا ہے۔
اَلیَوْمُ الشَّمْسِ الْحَقِیْقِی: وہ وقت جب سورج خط جرہ سے دو دفعہ گزرتا ہے۔
یَاوَمَہٗ یِوَامًا ومُیَاوَمَۃً: دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔
اَلیَوْمَ: دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَخَرْتُکَ لِھٰذَا الْیَوْمِ": تم کو میں نے اسی دن کے لئے ذخیرہ بنایا تھا ج اَیَّام وجج اَیَاوِیْم، اَیَّامُ اللّٰہِ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں اَیَّامُ الْعَرَبِ: جنگ ہائے عرب۔ اِبْنُ الْاَیَّامِ: زمانہ شناس۔ "اِبْنُ الْیَوْمِ": زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ اَیْوَمٌ": مہینے کا آخری دن۔ وَیَوْمٌ اَیْوَمٌ وَیَوِمٌ وَوَوِمٌ وذُوْاَیَّام وذُوْاَیَاوِیْم وذُوْاَیَایِیْم: سخت طویل دن۔
اَلیُوْنَان: یونانی لوگ۔ ایک ملک کا نام۔
یُوْنَانِیٌّ: یونان کا رہنے والا ج یُوْنَانِیُّوْنَ۔
اَلیَاوِیُّ: یا کی جانب منسوب۔
اَلیَنَمِیَّۃ: خور۔
یَاتَیْنِیَۃٌ. اَلیَاءَ: لکھنا۔

تمت

عربی کی ضرب الامثال واقوالِ حکمت

ا

اِبِلِیْ لَمْ اَبِعْ وَلَمْ اَھَبْ

میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا، نہ تحفتاً دیا۔
ناحق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے۔

یا اِبِلِیْ عُوْدِیْ اِلٰی مُبَارَکِ

اے میرے اونٹ اپنے مقام پر واپس پلٹ جا۔
ایسا شخص جو فائدہ والا کام ترک کرنا چاہے۔

اَتٰی عَلَیْھِمْ ذُوْاَتٰی

ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے۔
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف والی کیفیات آتی جاتی رہتی ہیں

اَتَاکَ رَیَّانَ بِلَبَنِہٖ

(پی کر سیراب ہو گیا تو اپنا دودھ تیرے پاس لایا) یہ مثال اُس وقت دی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کو تحفٰی ہونے پر ہبہ نہ کرے بلکہ اپنی ضرورت سے زائد ہونے کی بناء پر کسی کو دے۔

اَتَتْکَ بِخَائِنٍ رِجْلَاہُ

(خائن کو خود اس کے قدم تمہارے پاس لے آئے) مطلب یہ ہے کہ برائی خود کرنے والے پر ہی لوٹتی ہے۔ گیدڑ کی موت آتی ہے تو وہ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔ اسی موقع پر اتتک بخائن رجلاہ بھی بولتے ہیں۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو برائی کی طرف چلتا ہے اور اس میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ خائن: قریب الموت شخص۔ یہ مثالیں ایسے موقع پر بولی جاتی ہیں جب آدمی اپنی برائی کا بدلہ دُنیا میں ہی پالے۔

اَتَتْکُمْ فَالِیَۃُ الْاَفَاعِیْ

(تمہارے پاس سانپوں کا پیش خیمہ آ چکا ہے) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب بڑے شر سے پہلے اس کے مقدمے کے طور پر چھوٹا شر آ چکا ہو۔ فالیۃ: ایک دھاری دار کیڑا ہے جو سانپ اور بچھوؤں کے بل

کے منہ پر رہتا ہے۔

یَاْتِیْکَ کُلُّ غَدٍ بِمَا فِیْہِ

کل آئندہ تیرے تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی۔
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے۔

وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے راہ خرچ نہیں دیا۔
یعنی توقع کے بغیر معلومات مہیا ہوتی رہتی ہیں۔

لَا اٰتِیْکَ حَتّٰی یَئُوْبَ الْقَارِظَانِ

(سلم نامی درخت کے) پتوں کو توڑنے والے دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔
یہ اُن کے لیے بولا جاتا ہے جنہوں نے کسی نہ کسی بہانے قطع تعلق کر ہی لینا ہے۔

لَا اٰتِیْکَ سِنَّ الْحِسْلِ

(میں تیرے پاس اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک کہ گوہ کے دانت نہ ٹوٹ جائیں) مطلب یہ ہے کہ کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ حسل گوہ کو کہتے ہیں اور گوہ کے دانت ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔

کُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ

(ہر آنے والی چیز نزدیک ہے) یعنی جو چیز آ رہی ہے وہ خواہ کتنی ہی دُور ہو، قریب ہی ہے اور ہر لحظہ مزید قریب آ رہی ہے۔

ذَاکَ اَحَدُ الْاَحَدَیْنِ

یہ دو یکتاؤں میں کا ایک ہے، یعنی بکھری اشیاء میں سے منتخب چیزوں کا انتخاب۔

اَخَذَہٗ بِرُمَّتِہٖ

اس کو اس نے رسی سمیت لے لیا۔
یعنی اصل کے ساتھ (فرع) متعلقہ چیزیں بھی ہاتھ آنا۔

قَدْ یُؤْخَذُ الْجَارُ بِذَنْبِ الْجَارِ

کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے۔

خُذْ مِنَ الرَّضْفَۃِ مَا عَلَیْھَا

پتھر پر جو لگا ہے لے لو۔ یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت جانو۔

خُذِ الْاَمْرَ بِقَوابِلِهٖ

(معاملہ کو اس کے مقدمات کے ساتھ لو) معاملے کے پیش آنے سے پہلے اس کی تدابیر اختیار کرو۔ اس میں باء بمعنی فی ہے یعنی بقوابله بمعنی فی بقوابله ہے۔

خُذْ مِنَ الدَّهْرِ ما صفي وَمِنَ الْعَيْشِ مَا كَفي

زمانہ سے وہ چیز لو جو پاک ہو اور روزی اتنی جو کفایت کرے۔

خُذْ مَا طَفَّ لَکَ

جو چیز نزدیک ہو اس کو حاصل کرنا۔

لاَ تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ

آج کے کام کل پر مت ڈالو۔

آخر الدّواءِ الكَيُّ

(مرض کی انتہا داغ دینا ہے) مرض کے انتہائی حد تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دوا سے علاج کیا جاتا ہے مگر کوئی دوا اس کو راس نہیں آتی۔ تب آخری علاج کے طور پر داغا جاتا ہے اس سے بھی تندرست نہ ہو تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا۔ اچھا ہو تو ہو ورنہ وہی موت ہے۔

آخِ الْاَكْفَاءَ دَاهِنِ الاَعْدَاءَ

(ساتھیوں سے بھائی چارہ کے ساتھ پیش آؤ اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو) اسی طرح ایک قول ہے: خالص المؤمن و خالق الفاجر: (مؤمن سے (دلی) اخلاص سے اور فاجر سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو)۔

اَخُوکَ اَمِ الذِّئْبُ

(وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا) جو شخص تیری ہمدردی کے لئے آیا ہے وہ تیرا بھائی ہے یا تیرا چھپا دشمن۔ اسی طرح بولا جاتا ہے اصاحب انت فاركن اليک ام عدو فاحذر منک (آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن ہے کہ تجھ سے عافیت مانگو)۔

اخوکَ مَنْ صَدَقَکَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے۔

اَخُوکَ مَنْ وَاسکَ بِنَشَبٍ لاَمَنْ وَاسکَ بِنَسَبٍ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے فقط قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرتا رہے یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے (اکثر) سودمند نہیں۔

اِنَّ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَکَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے۔

اِنَّ اَخَاکَ مَنْ اَسَاکَ

(تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے)۔ آسیت فلانا بمالی او غیرہ: ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی شخص کو مال دے کر اپنے برابر کر لیا جائے اور اپنے نفس پر اس کو ترجیح دی جائے۔ یہ بھائیوں کے ساتھ احسان کرنے کیلئے اُبھارنے پر بولا جاتا ہے۔

لِاَخِيکَ عَلَيْکَ مثل الذي لَکَ عَلَيْهِ

(تیرے بھائی کا تجھ پر وہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے)۔

رُبَّ اَخٍ لَمْ تلده والدة

(بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے) سچے دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ مشکلات میں کام آتا ہے۔

اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِن ذَهَبِهٖ

آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سودمند ہوتا ہے۔

اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ كَمَالٌ

علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے۔

نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ

زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا (استاد) ہے۔

مَارَبَةٌ لاَحَفَاوَةٌ

(حاجت سبب ہے نہ کہ اکرام) یعنی اکرام و احترام ضرورت کی بنا پر ہے محبت کی وجہ سے نہیں۔

اَلارْضُ الوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَ هَا وَمَاءَ غَيْرِهَا

گوڑی کی ہوئی نرم زمین اپنا پانی بھی پی جاتی ہے اور دوسرے کا بھی۔ ٹھنڈا لوہا گرم کو کھا جاتا ہے۔

بِالْاَرْضِ وَلَدَتکَ اُمُّکَ

(تیری ماں نے تجھے زمین پر ہی تو جنا ہے) ''آدمی خاک کا پتلا ہے''۔ غرور و تکبر سے روکنے اور انسان کو اس کی حیثیت یاد دلانے کے لئے بولا جاتا ہے۔

لِلْاَرْضِ مِنْ كَاسِ الْكِرَامِ نَصِيبٌ

سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین حصہ لیتی ہے۔

وَفِي الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيمِ مَنَادِحُ

زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بھرے پڑے

ہیں۔

لَا اَصْلَ لَهُ وَلَا فَصْلَ

اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام۔
اصل کا اطلاق حسب ونسب پر ہوتا ہے۔

اَلْاَصِيْلُ يَجُوْدُ

شریف آدمی سخاوت کیا کرتا ہے۔

اَلْاَصِيْلُ يَعْمَلُ بِاَصْلِهٖ

شریف اپنی شرافت کے مطابق عمل کرتا ہے۔

آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ

بھول علم کی مصیبت ہے۔

اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وَشَرِبَ

زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے۔
یعنی لمبی عمر پانے والے نے دُنیا کی اُونچ نیچ دیکھ لی۔

اَكَلْتُمْ تَمْرِيْ وَعَصَيْتُمْ اَمْرِيْ

تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی۔
یعنی جس تھالی میں کھانا اُسی میں سوراخ کرنا۔

آكُلُ لَحْمِيْ وَلَا اَدَعُهٗ لِاٰكِلٍ

میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا۔ یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے۔ یعنی میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو۔

يَاْكُلُ التَّمْرَ وَاُرْجَمُ بِالتَّمْرِ

(کھجور وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو نفع خود اٹھائے اور مشقت دوسروں کیلئے چھوڑ دے۔

يَاْكُلُنِيْ سَبُعٌ وَلَا يَاْكُلُنِيْ كَلْبٌ

مجھے ایک درندہ کھا رہا ہے کتا نہیں کھا رہا ہے۔

يَاْكُلُهُمْ بِضِرْسٍ وَيَطَؤُهُ بِظِلْفٍ

(اس کو ڈاڑھوں سے چباتا ہے اور سُم سے کچلتا ہے) محسن کے ساتھ برائی کرنے کے وقت کہتے ہیں۔

يَاْكُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِيْ لَمْ يُخْلَقْ

وہ اس ڈاڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی۔
یعنی نیکی کی تعریف سننے والے پر کہا جاتا ہے۔

غَيْرِيْ يَاْكُلُ الدَّجَاجَ وَاَنَا اَقَعُ فِي السِّيَاجِ

دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں [illegible]

اَكْلٌ وَحَمْدٌ خَيْرٌ مِنْ اَكْلٍ وَصَمْتٍ

کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ محسن کی جائز تعریف پر رغبت دلاتا۔

اَكْلًا وَذَمًّا

(کھانا اور پھر مذمت بھی کرنا) اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی [illegible] سے نفع بھی اٹھایا جائے اور اس کی مذمت بھی کی جائے حالانکہ وہ برائی کی مستحق نہ ہو۔ ''کھانا اور کیڑے نکالنا''۔

رُبَّ اُكْلَةٍ تَمْنَعُ مِنْ اُكُلَاتٍ

کبھی ایک لقمہ بہت سے لقموں سے روک دیتا ہے۔ کیونکہ کبھی ایک لقمہ بیمار کر دیتا ہے اور پھر بہت سی چیزوں سے انسان پرہیز کرتا ہے ہے۔ پرہیز پر آمادہ کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

آكَلُ مِنْ حُوْتٍ

مچھلی سے بھی زیادہ کھانے والا۔ مچھلی کے تالاب میں وقت بے وقت زیادہ خوراک ڈال دی جائے تو وہ کھا کھا کر ہی ہلاک ہو جاتی ہے۔

آكَلُ مِنَ الرَّحٰى

چکی سے زیادہ کھانے والا۔

آكَلُ مِنَ السُّوْسِ

گھن سے زیادہ کھانے والا۔

آكَلُ مِنْ ضِرْسٍ

داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

آكَلُ مِنَ النَّارِ

آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

حَتّٰى يُؤَلَّفَ بَيْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ

(یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی جمع ہو جائیں۔ نون مچھلی کو کہتے ہیں مچھلی اور گوہ ہرگز جمع نہیں ہو سکتیں کیونکہ مچھلی پانی میں رہتی ہے اور گوہ کبھی پانی نہیں پیتی اسی طرح حتی یرد الضب بولتے ہیں کیونکہ گوہ کو پانی کی ضرورت نہیں تعلیق بالمحال مراد ہے۔ جیسے جب تک آگ پانی یا شیر بکری جمع نہ ہوں اور ہرگز جمع نہ ہوں گے۔

آلَفُ مِنْ حَمَامِ مَكَّةَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مانوس) کیونکہ مکہ میں نہ کبوتر کا شکار کیا جاتا ہے اور نہ اس کو کوئی پریشان کرتا ہے۔

آلَفُ مِنَ الْحُمّٰى

[illegible] مانوس۔

بخار کا وقفہ وقفہ سے اترنا چڑھنا۔

آلفُ مِنْ کَلْب

کتے سے زیادہ مانوس۔

کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔

اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ

ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔

ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

اُمُّ الاخرس تعرِفُ بِلُغاتِ الخُرْسَان

گونگے کی ماں گونگے کی رمز شناس ہوتی ہے۔

اُمٌّ سَقَتْکَ الغَیْلَ مِنْ غیرِ حَبَلٍ

(وہ ایسی ماں ہے جس نے بغیر حمل کے تجھے حالت حمل کا دودھ پلایا ہے۔ غیل: اس دودھ کو کہتے ہیں جو ماں کے حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ پئے۔ یہ دودھ بچہ کو مضر ہوتا ہے۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو پہلے تو کسی کو مقرب بنالے اور پھر بغیر کسی قصور کے اس کو نکال دے اور زیادتی کرے۔

اِلٰی اُمِّہٖ یَلْهَفُ اللَّهْفَانُ

(فریاد کرنے والا اپنی ماں ہی کے پاس فریاد کرتا ہے) آدمی اپنے اہل اور بھائیوں ہی سے اعانت چاہتا ہے۔ لھفان: مصیبت زدہ اور مبتلائے غم کے متعلق کہا جاتا ہے۔

اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَہُ الْاَمْرُ

ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے آتی رہتی ہیں۔

اَمْرُ مُبْکِیَاتِکَ لَا اَمْرُ مُضْحِکَاتِکَ

رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔

یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس پر دھیان دو اور جو بے خوف کرے اس کو چھوڑ دو۔

لِاَمْرٍ مَاجَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَہُ

کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو فقط اپنا کام نکالنے کے لیے حیلہ سازی کرے۔

لِاَمْرٍ مَا یَسُوْدُ مَنْ یَسُوْدُ

(جو سردار بنتا ہے کسی وجہ ہی سے بنتا ہے) کوئی شخص استحقاق ہی کی وجہ سے قوم کا سردار بنا کرتا ہے۔ یعنی کوئی نہ کوئی خوبی تو ہوتی ہی ہے تو انسان سر کہلاتا ہے۔

لَیْسَ لِلاُمُورِ بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ

(جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر حاوی نہیں ہوسکتا)۔

اَلْاَمِیْرُ مَنْ لَا یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ

(امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے)۔

یَا حَبَّذَا الْاِمَارَةُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَةِ

حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر۔

تَاَمُّلُ العَیْبِ عَیْبٌ

عیب تلاش کرنا بذات خود ایک عیب ہے۔

مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَہُ

جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔

یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔

آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَکَّةَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مامون) کیونکہ نہ اس کو شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان۔ آمن امن سے مشتق ہے۔

اَمْنُ مِنَ الْاَرْضِ

بہت امانت دار شخص۔ زمین سے زیادہ امین کیونکہ زمین میں جس جنس کی امانت رکھی جاتی ہے اسی جنس کو اُگا دیتی ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُہٗ فِیْ وَجْھِہٖ وَحُزْنُہٗ فِیْ قَلْبِہٖ

مومن کی کشادہ روئی اس کے چہرے پر ہوتی ہے اور اس کا غم دل میں چھپا ہوتا ہے۔

اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ

مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔

لیس عَلَی الْاِنْسَانِ اِلَّا مَا مَلَکَ

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔

اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ

انسان احسان کا غلام ہے۔

اَلْاِنْسَانُ ابْنُ یَوْمِہٖ

(انسان اپنے دن کا بیٹا ہے) یعنی وقت کا بندہ۔

اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْکِیْرِ وَاللّٰہُ بِالتَّدْبِیْرِ

انسان غور و فکر میں مشغول ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر میں ہے "تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ"۔

کُلُّ اِنْسَانٍ وَھَمَّہٗ

ہر شخص اپنے غم کی تدبیر خود بہتر کرتا ہے ہر شخص اپنا کام خود ہی جانتا

ہے یا ہر شخص اپنی مصیبت میں مبتلا ہے۔

اَنفٌ فِي الْمَاءِ وَاِسْتٌ فِي السَّمَاءِ

ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے۔

یعنی کم مرتبہ انسان بلندی دعویٰ کرتا ہے۔

اَنفُکَ مِنکَ وَاِنْ کَانَ اَذَنَّ

تیری تیری ہی ہے اگر چہ وہ پانی بہاتی ہو۔

یعنی تیری قوم کے حقیر لوگ تیری مدد کے محتاج ہیں۔

اَنفُکَ مِنکَ وَاِنْ کَانَ اَجْدَعَ

مخلوق حوادث کا شکار ہے۔

یعنی سب نے فنا ہونا ہے۔

اَلاَنَامُ فَرَائِسُ الاَیَّامِ

(مخلوق زمانہ کا شکار ہے) آخر کار زمانہ سب کو ختم کر دے گا۔

مَنْ تَاَنّٰی اَدْرَکَ مَا تَمَنّٰی

(جس نے آہستگی سے کام لیا اس نے اپنی مراد پائی) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

کُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِیْ فِیْهِ یَرْشَحُ

(ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے) یرشح کے بجائے ینضح بھی مروی ہے مطلب ایک ہی ہے۔

عَلٰی اَهْلِهَا تَجْنِی الْبَرَاقِشُ

براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کرنے والی ہے۔

یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

آفَةُ الْمُرُوْءَةِ خُلْفُ الْوَعْدِ

مروت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے۔

آفَةُ الْجُوْدِ الْاِسْرَافُ

بات پر مزید مصیبت دروغ گوئی ہے۔

آفَةُ الْحَدِیْثِ الْکِذْبُ

سخاوت پر آفت فضول خرچی ہے۔

آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ

علم کی آفت نسیان ہے۔

اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَآخِرُہٗ نَدَمٌ

غصہ کی ابتداء جنون اور انتہا ندامت پر ہے۔

اَوَّلُ الْغَیْثِ قَطْرٌ

بارش کی ابتداء بوند ہے۔ (یعنی قطرہ قطرہ ہی دریا بنتا ہے)۔

اَوَّلُ الشَّجَرَةِ النَّوَاةُ

درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے۔

لَسْتُ اَوَّلَ مَنْ غَرَّهُ السَّرَابُ

تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب سے دھوکا ہوا۔

اِیْوَانِ کِسْرٰی

نوشیروان محل:

یہ مثل عجیب وغریب نادر الوقوع پر بولی جاتی ہے۔

یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا۔

ب

اَلْبِئْرُ اَبْقٰی مِنَ الرِّشَاءِ

(کنواں رسّی سے زیادہ باقی رہتا ہے) رشاء: ڈول کی رسّی۔

کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهٖ بِظِلْفِهٖ

اپنے ہی کھر سے اپنی موت کو کھودنے والے کی طرح۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔ اپنی ہلاکت کا خود سبب بننا۔

کَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْیَةِ

(چھری کھودنے والے کی طرح) ''اپنی موت بلانا'' ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ایسی چیز تلاش کرے جو خود اس کے لیے باعث ہلاکت ہو۔

اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ

شیر سے منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ صَقْرٍ

شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ

چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

بَخَرُ الْفَمِ

(منہ سے بدبو پیدا ہونا) گندہ دہن۔

اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ

(مادر سے بھی بخیل) مادر بنی ہلال کا ایک شخص جو بخل میں مشہور تھا۔

هٰذِهٖ بِتِلْکَ وَالْبَادِیُٔ اَظْلَمُ

یہ سزا پہلے عمل کے بدلہ میں ہے اور ابتداء کرنے والا ہی ظالم ہے یعنی بدی کرنے والے کو اس کی سزا بھی دی جاتی ہے اور بدی کی ابتداء کرنے کی وجہ سے ظالم بھی پکارا جاتا ہے۔

اَبْدَی الصَّرِیْحُ عَنِ الرَّغْوَةِ

خالص دودھ جھاگ سے الگ ہو گیا۔

كل مَبْذُولٍ مَمْلُولٌ
زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ و بیزاری ہو ہی جاتی ہے۔
بالبِر يُسْتَعْبَد الحُرُّ
اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو بھی غلام بنایا جاسکتا ہے۔
بَرِئَتْ قَائِبَةٌ مِنْ قُوْب
(انڈا چوزہ سے بے تعلق ہو چکا ہے) قائبہ: انڈے کو اور قوب: چوزہ کو کہتے ہیں یعنی ''بات بہت دور ہوگئی''۔ ''تیر کمان سے نکل چکا'' یا ''اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئی کھیت''۔
بَرْدُ غَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمِأٍ
صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا۔ مقولہ ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور پھر تپتی ہوئی دوپہر میں پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گیا۔ یعنی پیش بندی کرنا اور مارا جانا۔
اَبْرَدُ مِنْ غِبِّ المَطَر
بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد۔ غب المطر: دراصل غب یوم المطر ہے)۔
اَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ
اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔
اَبْرَدُ مِنْ قَلْحَسٍ
قلحس (ایک سردار کا نام جو بغیر جہاد کئے مالِ غنیمت کا طالب ہوتا تھا) سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔
بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ
بڑے خزانے سے تھوڑا۔
اِنَّما هو كَبَرْقِ الخُلَّبِ
(وہ تو دھوکہ دینے والے بجلی کی طرح ہے) یعنی بجلی چمکتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی ''جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں''۔
مَا كُلُّ بَارِقَةٍ تَجُوْدُ بِمَائِهَا
(امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا) یعنی بارش کی امید پوری ہوگی۔ احسان کی امید میں بولا جاتا ہے۔
عَسَى البَارِقَةُ لا تُخْلِفُ
ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برسایا کرتا۔
اَلَّذِیْ لاَ یُبْصِرُ مِنَ الغِرْبَالِ يَكُوْنُ اَعْمٰى
جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔
اَبْصِرْ وَ زَغْ فَلْعَكْ
دیکھ اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف متوجہ کرنا۔
اَبْصَرُ مِنْ عُقَابٍ
عقاب سے زیادہ تیز نظر۔
اَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ
(گدھ سے بھی زیادہ تیز نظر)
اَبْصَرُ مِنَ الوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ
رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔
اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ اليَمَامَةِ
یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر۔ زرقاء جدیس قبیلے کی عورت تھی جو تین منزل کے فاصلے سے دیکھ لیتی تھی۔
لا يُبِضُّ حَجَره
اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (رحم) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔
اَبْطَأُ مِنْ غُرَابِ نُوْحٍ
نوح کی کوے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔
اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَر
نعمان بن منذر کے لشکر۔ دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔
بَطْنِي عَطْرِی وَسَائِرِی ذَرِیْ
(صرف میرے پیٹ پر عطر ملو اور میرے باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو) ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اہم چیز کو چھوڑ کر غیر اہم کو اختیار کرے۔
البِطْنَةُ تَامِنُ الفِطْنَه
(زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے۔ افن الفصیل: اس وقت بولتے ہیں جب اونٹ کا بچہ اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ پی لے۔ مطلب یہ کہ مال و دولت نے عقل خراب کر دی۔
مَا اَبْعَدَ مَا فَاتَ وَمَا اَقْرَبَ مَا يَأْتِي
(جو نکل گیا وہ دُور گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت ہی قریب ہے)۔
اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ
ثریا ستارے سے زیادہ دُور۔
اَبْعَدُ من بيض الانوقِ
عقاب کے انڈوں میں سے بھی زیادہ دور یعنی نا حاصل ہونے والی

چیز۔

اَبعَدُ مِنْ بَناطِ الثُّرَیَّا

عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دُور۔

اَبعَدُ مِنْ مَناطِ الْعَیُّوقِ

(عیوق کے لٹکن سے بھی زیادہ دور) عیوق ثریا کے ساتھ طلوع ہونے والا ایک ستارہ ہے۔

اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ

(دوری ستم ہے) یعنی دوور رہنے سے محبت کم ہوتی ہے۔

رُبَّ بَعِیْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِیْبٍ

(بہت سے دوروالے پاس والوں سے زیادہ نافع ہوتے ہیں)۔

اِنَّ الْبُغاثَ بِاَرْضِنا یَسْتَنْسِرُ

ہمارے علاقے میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزت والا ہو جاتا ہے۔

اِنْ تَبغِ عَلَیْکَ قَوْمُکَ لاَ یَبْغِ عَلَیْکَ الْقَمَرُ

اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔
ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنا۔

من اِبْتِغاءِ الْخَیرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ

برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے۔

عَلَی البَاغِی تَدُوْرُ الدَّوائِرُ

(ظالم ہی کے سر پر مصیبتیں گھومتی ہیں) باغی ظالم کو کہتے ہیں۔

کَمُبْتَغِی الصَّیْدِ فِی عَرِیْسَةِ الاَسَدِ

(شیر کی کچھار میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح) اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جو غیر محل میں اپنی ضرورت طلب کرے یا جہاں وہ مغلوب ہو جائے یا اس چیز کے لئے جو محال چیز کا طالب ہو۔ ''چیل کے گھونسلے میں ماس تلاش کرنا'' ''ہاتھی سے گنا مانگنا''۔

بَقْبَقَةٌ فِی زَقْزَقَةٍ

(ہنسی میں شور وشر) بقبقة: شور اور بہت بولنے کو کہتے ہیں اور زقزقہ: ہنسی کو کہتے ہیں اور بے مقصد باتیں کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔ شیخی بگھارنا یا بے پرکی اڑانا۔

بَقْلُ شَهْرٍ وَشَوْکُ دَهْرٍ

ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا۔
یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

مَا اَسْتَبْقَاکَ مَنْ عَرَّضَکَ لِلاَسَدِ

جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا۔

اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر اُبھارے۔

لاَ یَبْقَی شَیْئٌ عَلٰی حَالِهٖ

کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی۔

بَقِّ نَعْلَیْکَ وَابْذُلْ قَدَمَیْکَ

(اپنے جوتے کو باقی رکھو اور پاؤں کام میں لاؤ) اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرو اور مال کو بچاؤ تاکہ معاملات قابو میں رہیں۔

اَبْقٰی مِنْ وَحْیٍ فِی حَجَرٍ

(پتھر پر لکھی ہوئی حکمت سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) یمن کے عرب حکمت کی باتیں پتھروں پر لکھتے ہیں تاکہ پائیدار رہیں لوگوں میں بولا جاتا ہے العلم فی الصغر کالنقش فی الحجر: ''بچپن کا علم پتھر پر لکیر کی مانند ہے۔''

اَبْقٰی من العَصْرین

(صبح وشام سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) عصرین صبح وشام کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ صبح وشام میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ ہمیشہ ایک ہی طرز پر آتے ہیں۔

اَبْقٰی مِنَ النَّسْرَیْنِ

نسر طائر اور نسر واقع دوستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا۔

اَبْقٰی مِنَ الدَّهْرِ

زمانہ سے زیادہ دیر باقی رہنے والا۔

اَبْقٰی مِنَ الْحَجَرِ

پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا۔

بَاکِرْ تَسْعَدْ

صبح اٹھا کرو تاکہ نیک بخت بنو۔ (حدیث کا مفہوم ہے کہ صبح کے وقت میں اللہ عزوجل نے برکت پنہاں کردی ہے۔)

اَبْکَرُ مِنَ الغُرابِ

کوّے سے بھی سویرے اٹھنے والا کوا سب پرندوں سے پہلے اٹھتا ہے۔

مَا تَبُلُّ اِحْدیٰ یَدَیْهِ الاُخْرٰی

اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو بھی تر نہیں کرتا۔ انتہائی کنجوس کو کہا جاتا ہے۔

بَلَغَ مِنْهُ الْمُخَنَّقُ

وہ انتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔
مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے۔

بَلَغَ الْحِزَامُ الطُّبْیَیْنِ

تک پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہا کو پہنچ چکا۔

بَلَغَ السَّیلُ الزُّبیٰ

سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔ مراد: لوگ حد سے گزر چکے۔

بَلَغَ السِّکِّینُ العَظْم

(چھری ہڈی تک پہنچ گئی) کسی معاملے کے انتہا تک پہنچنے کے وقت بولتے ہیں۔

بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَن

(خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔ ثُنن، ثنۃ کی جمع ہے وہ بال جو چوپایہ کے پیچھے ٹخنوں میں ہوتے ہیں۔ یہ مثال بھی شر کے انتہائی حد تک پہنچنے کے وقت بولا جاتا ہے۔

لَوْ بَلَغَ الرِّزْقُ فَاهُ لَوَلَّاهُ قَفَاهُ

(اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تب بھی (وہ پشت پھیر لے گا۔
ہر حالت میں خیر سے محروم رہنے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔

مَا عَسٰی اَنْ یَبْلُغَ عَضُّ النَّمْلِ

امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔

اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ

قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اوّل اَمَّا بَعْد اور اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ والیمین علی من انکر بولنے والا ہے۔

اَبْلَہُ مِنَ الحُبَارٰی

حباری سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔

اِنَّ البلاءَ مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ

خاموشی ہر بلا سے بچاتی ہے۔ کہتے ہیں: ایک چپ سو سکھ

اَلْبَلَایَا عَلَی الحَوَایَا

مصیبتیں حوایا پر بھی پڑتی ہیں۔ حوایا حویۃ کی جمع ہے۔ اس نمدہ کو کہتے ہیں جس میں گھاس بھر کر اونٹ کے کوہان پر رکھا جاتا ہے۔
مثال کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہونا ضروری ہے۔

بَنَانُ کَفٍّ لَیْسَ فِیْهَا سَاعِدٌ

ایسے ہاتھ کی انگلیاں ہیں جن کا بازو نہیں۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس میں ہمت تو ہو مگر عمل کی طاقت نہ ہو۔

اَنَا اِبْنُ جَلا

میں مشہور و معروف ہوں۔

اَنَا اِبْنُ جَلا وَطَلَّاعِ الثَّنَایَا. متی اَضَعِ العِمَامَةَ تعرفونی

میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے۔

رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابْنِ عَمٍّ

کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی۔

بِنْتُ صَفَا تَقُوْلُ عَنْ سَمَاعٍ

(بنت صفا ہر آواز کا جواب دیتی ہے) بنت صفا اور بنت جبل سے مراد صدائے بازگشت ہے۔ یہ مثال ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو کسی بھی کام کی طرف مدعو کیا جائے اور فوراً ہی قبول کرلے۔

یَبْنِیْ قَصْراً وَیَهْدِمُ مِصْرًا

(محل تعمیر کر رہا ہے اور شہر برباد کر رہا ہے) اس کو کہا جاتا ہے جس کی خیر کم اور شر زیادہ ہو۔

اَبْهٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ

(چاند سورج سے بھی زیادہ پُر رونق) ''چندے آفتاب چندے ماہتاب''۔

بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَةً

ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروا دیا۔
اس قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔

بَالَتْ بَیْنَهُم الثَّعَالِبُ

ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا۔
اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد و اختلاف ہو جائے۔

لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَةِ خَیْرٌ مَا تَرَکَهَا الصَّیَّادُ

الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔

بَیْتِیْ یَبْخَلُ لَا اَنَا

(میرا مکان بخیل ہے میں نہیں) دینے کے لئے گھر میں کچھ بھی نہیں۔

اَبَادَ اللّٰهُ خَضْرَاءَهُم

اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی کو برباد کرے۔ بددعا ہے۔

کَانَتْ بَیْضَةَ الدِّیْکِ

(وہ چیز مرغ کا انڈا تھی) اس چیز کے لئے بولا جاتا ہے جو صرف ایک مرتبہ پائی جائے پھر نایاب ہو جائے کیونکہ بعض عرب کے گمان میں مرغ بھی ایک مرتبہ انڈا دیتا ہے۔

بَیْضَةُ الْیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجَاجَةِ الْغَدِ

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے۔

بَيضَةُ البَلَد: شہر کا بڑا آدمی

دُونَهُ بَيضُ الأَنُوق

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے۔ نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے۔

ما كل بيضاء شَحمَةٌ وَلا كُلُّ سَودَاءُ تَمرَةٌ

ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی۔

مَنْ بَاعَ لِعِرضه اَنفَقَ

جو شخص اپنی آبرو بیچے گا آبرو دے بیٹھے گا۔ جو شخص گالیاں سننے کا سامان کرے گا تو گالیاں اس کو تیار ملیں گی۔ انفق کے معنی ہیں بکتا ہوا پایا۔ سہولت سے سودا ہو گیا۔

بِعتُ جارى وَلَم اَبِعْ دَارِىْ

میں نے پڑوسی بیچا ہے مکان نہیں بیچا۔ یعنی میں نے بدخلق پڑوسی سے بچنے کے لئے مکان فروخت کیا ہے۔

لا تَبِعْ نَقدًا بِدَيْنٍ

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر۔

قَدْ بَيَّنَ الصُّبحُ لذى عَينَيْنِ

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہو گئی۔

اَبْيَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبح او فَرَقِ الصُّبح

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن۔

اِنَّ مِنَ البَيانِ لَسِحرا

بعض بیان جادو اثر والے ہوتے ہیں۔

ت

اَنَاتَئِقٌ وَاَنتَ مَئِقٌ فَكَيفَ نَتَّفِقُ

(میں غضبناک ہوں اور تجھ میں سہارا نہیں پھر ہم کیسے متفق ہوں؟)

تئق: غصہ سے بھرا ہوا اور مئق: گھبرانے والا۔ دو مختلف العادات لوگوں کے لئے بولا جاتا ہے۔

اِتبَعِ الفَرَسَ لِجَامَهَا وَالنَّاقَةَ زِمَامَهَا

(گھوڑے کے ساتھ لگام اور ناقہ کے ساتھ لگام بھی دو) تاکہ بخشش مکمل ہو۔

اِتبَعِ الدَّلوَ بالرِّشَاءِ

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔ رشاء: پانی کھینچنے کی رسی۔

اَتبَعُ مِنَ الظِّلِّ

سایہ سے بھی زیادہ رتی پیچھا کرنے والا۔

لَوْ اتَّجَرتُ بِالأكفَانِ مَا مَاتَ اَحَدٌ

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔

لا تِجَارَةَ كَالعَمَلِ الصَّالِح

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہو سکتی۔

تَرَكَ ظَبيٌ ظِلَّهُ

(ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو عیش و آرام کی جگہ سے سختی و تنگی میں چلا جائے۔

تَرَكتُهُ عَلَى اَنقَى مِنَ الرَّاحَةِ

میں نے اس کو ہتھیلی کی طرح صاف حالت میں چھوڑا۔ یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا ہے۔

تَرَكتُهُ عَلَى مثل مِشفَرٍ مِنَ الاَسَدِ

میں نے اس کو گویا شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑ دیا ہے۔

تَرَكتُهُم فِى حَيصَ بَيصَ او حَيصِ بَيصِ

میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔

کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

مَاتَرَكَ الأوَّلُ لِلآخِرِ شَيئًا

جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزاد زندگی گزاری۔

مَنْ تَرَكَ الشَّهَوَاتِ عَاشَ حُرًّا

اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔

یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا جائے وہ ظلم کرنے لگے۔

لَوْ ترك القَطَا لَيلًا لَنَام

(اگر قطا (رات میں دیکھنے والی چڑیا) کو رات میں چھوڑتا تو آرام سے سو جاتا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بلا ارادہ کسی مصیبت پر مجبور کیا جائے یا جو ظلم کرنے پر ابھارا جائے اور ظلم کرنے لگے۔

لا يَترُكُ السَّاقَ اِلَّا مُمسِكًا سَاقًا

وہ ایک تنہ کو بغیر دوسرے تنہ کے پکڑے نہیں چھوڑتا۔ یہ گرگٹ کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

لا يَترُكُ الظَّبيُ ظِلَّهُ

تو شر کو چھوڑ دے شر تجھے چھوڑ دے گا۔

اُترُكِ الشَّرَّ يَترُككَ

تم شر کو چھوڑ دو وہ تجھے چھوڑ دے گی۔

[illegible] الجاهل جوابٌ

جاہل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

تَرکُ مَا لَا یَصلُحُ اَصلَحُ

جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

اِذَا تَمَّ العَقلُ نَقَصَ الکَلَامُ

جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔

تَمَامُ الرَّبِیعِ الصَّیفُ

(فصل ربیع کا ختم ہونا ہی گرمی ہے۔ اسی طرح عرب کا قول ہے الاعمال بخواتیمها: اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔

اَتَمُّ مِن قَمرِ التَّمِّ

پورے چاند (چودہویں کے چاند) سے بھی زیادہ پورا۔ تمّ کے معنی یہاں تمام کے ہیں یعنی بدرہ التمام.

التمرہ والجمرۃ

(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنبِ کَمَن لَا ذَنبَ لَهُ

گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

تَاجُ المُرُوَّۃِ التَّوَاضُعُ

عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

اَتیَهُ مِن قَومِ موسیٰ

قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

ثَاطَةٌ مُدَّت بِمَاءٍ

(سڑی کیچڑ کے ساتھ پانی بھی ملے گا۔ ثاطۃ: اس بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ کوئی اور سڑی ہوئی چیز بھی شامل ہو۔ کریلا اور نیم چڑھا۔

اَثبَتُ فِی الدَّارِ مِنَ الجِوَارِ

دیوار سے بھی زیادہ گھر میں جمنے والا۔

اَثبَتُ مِنَ الوَشمِ

گودنے کے نشانوں سے زیادہ پائیدار۔

مَالَهُ ثَاغِیَةٌ وَلَا رَاغِیَةٌ

اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

اَثقَلُ مِن رَضوَی

رضوی مدینہ کے پہاڑ سے بھاری۔

اَثقَلُ مِن تَودٍ

بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

ثَکِلَتکَ اُمُّکَ اَیَّ جَردٍ تَرقَعُ

تیری ماں تجھے روئے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے۔ جرد: پرانے کپڑے کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو غلط اور غیر نافع کام کرے۔

اَلثَّکلیٰ تُحِبُّ الثَّکلیٰ

(گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے) "کند ہم جنس با ہم جنس پرواز"۔

لَا یُثمِرُ الشَّوکُ العِنَبَ

کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا۔

ثَمرہ الجُبنِ لَا رِبحٌ وَلَا خُسرٌ

بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

لِکُلِّ ثَوبٍ لَابِسٌ

ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

ثار حابلهم علیٰ نابلهم

ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

الثور یَحمِی اَنفَه بِرَوقِه

بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

اَجبَنُ مِن نَعَامَةٍ

شتر مرغ سے بھی زیادہ بزدل۔

اَجبَنُ مِن صَافِرٍ

صافر سے زیادہ بزدل۔ صافر ایک پرندہ ہے جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ کو پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی کی آواز نکالتا رہتا ہے تاکہ وہ سو نہ جائے اور شکار نہ کر لیا جائے۔

اِنَّ الجَبَانَ حَتفُهُ مِن فَوقِهِ

بزدل کی موت اوپر سے نازل ہوتی ہے۔ نامرد کے لئے بولا جاتا ہے۔

بِجَبهَةِ العِیرِ یُفدیٰ حَافِرُ الفَرَسِ

گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔

اَنحَجِش لَمَّا فَاتَکَ الاَعیَارُ

جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔

قَد عَدَّ اشیاعکم فجدّوا

تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو۔

مَنْ جَدَّ وَجَدَ

جو کوشش کرتا ہے وہ پالیتا ہے۔

جِدَّ لِامْرِئٍ یَجِدُّلَکَ

جس شخص کے لئے تو کوشش کرے گا وہ تیرے لئے کوشش کرے گا۔

جَدُّکَ یَرْعٰی نَعْمَکَ

تیری نعمت تیرے چوپایوں کو چراتی ہے۔ مالدار مال اڑانے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

جَدُّکَ لا کَدُّکَ

تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں۔

کُلُّ جِدَّةٍ سَتُبْلِیْهَا عِدَّةٌ

ہرنئی چیز۔ عنقریب اس کو مرور ایام بوسیدہ کردیں گے۔

نِعْمَ الْجُدُوْدُ وَلٰکِنْ بِئْسَ مَا خَلَفُوا

آباء واجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی۔

لا جَدِید لِمَنْ لا خَلَقَ لَهٗ

جس کے پاس پرانا نہ ہو اس کے پاس نیا بھی نہیں رہتا۔ اس لئے پرانے کی حفاظت کرو کہ نیا بھی محفوظ رہے۔

جُدَیْدَةٌ فِی لُعَیْبَةٍ

(ایک بڑی سنجیدگی ہے کھیل میں) جدیدة جد کی تصغیر ہے وہ بات جو سنجیدگی سے کہی جائے۔ مراد یہ ہے کہ یہ بڑی سنجیدہ بات ہے جو کھیل ہی کھیل میں کہی گئی ہے۔

مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجَعَ

(جو قحط زدہ ہوتا ہے وہ گھاس کی تلاش میں نکلتا ہے) محاورہ ہے انتجع القوم الکلا: (قوم گھاس کی جستجو میں مختلف جگہ گئی) یعنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اچھی طرح کوشش کرو۔

وَبَعْضُ الْجَدْبِ اَمْرَأُ لِلْهَزِیْلِ

بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے۔ یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے۔

جَدَحَ جُوَیْنٌ مِنْ سَوِیْقِ غَیْرِہٖ

جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے۔

اَجْدٰی مِنَ الْغَیْثِ فِی اَوَانِهٖ

بروقت بارش سے زیادہ نفع مند۔

جَذْبُ الزِّمَامِ یُرِیْضُ الصِّعَابَ

باگ کھینچ کر رکھنا بے سدھے گھوڑوں کو [illegible] شخص کے لئے کہتے ہیں جو ابتداء میں حکم نہ مانے مگر آخر میں مطیع ہو جائے۔

صعاب: سرکش گھوڑے کو کہتے ہیں۔

جُذَیْلُ حِکَاکٍ

(کھجلی دور کرنے والا لکڑی کا ٹھا) جذل: درخت کی جڑ کو کہتے ہیں یہ اونٹوں کے باڑہ میں نصب کردی جاتی ہے اور خارشی اونٹ اس سے کھجلا کر سکون حاصل کرتے ہیں۔ حکاک: خارش کی طرح ایک بیماری سے اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کی رائے اور عقل سے لوگ اپنے کام درست کرتے ہیں۔

اَنَا جُذَیْلُهَا الْمُحَکَّکُ وَعُذَیْقُهَا الْمُرَجَّبُ

(میں اس کے لئے خارش کے وقت کھجلانے والا تنہ ہوں اور چبوترہ سے مضبوط کیا ہوا کھجور کا درخت ہوں) جذیل جذل کی تصغیر ہے بمعنی درخت کی جڑ۔ محک وہ چیز جس سے خارشی اونٹ کھجلائیں۔ عذیق عذق کی تصغیر ہے بمعنی کھجور کا درخت مرجب۔ وہ چیز جس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر مضبوط کیا گیا ہو کھجور کے اچھے درخت کی حفاظت کے لئے اس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر سہارا دیتے ہیں۔ تصغیر تعظیم کے لئے ہے۔ جس شخص کی عقل و رائے سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔

کُلٌّ یَجُرُّ النَّارَ اِلٰی قُرْصِهٖ

ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ اُسَامَةَ

اسامہ (شیر) سے زیادہ بہادر ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ لَیْثٍ بِخَفَّانَ

خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر۔

اَجْرَأُ مِنْ ذُبَابٍ

(مکھی سے زیادہ جری) جو بادشاہ کی ناک اور شیر کی پلک دونوں پر جا بیٹھتی ہے۔

اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَةٍ

گنجے کے سر کا بغیر بالوں والے حصے سے بھی زیادہ ننگا۔

اَجْرَدُ صَخْرَةٍ

چٹان سے زیادہ صاف۔ جس پر کوئی روئیدگی نہیں ہوتی۔ اس پر کوئی چیز نہیں جمتی۔

کَجَرَادٍ لَا یُبْقِیْ وَلَا یَذَرُ

ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔

سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔

الجرع اروی والرشیف انقع

زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔

لا جرم بعد الندامة

ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا۔

اذا جری المذکی حسرت عنه الحمر

جب کامل گھوڑا چلتا ہے تو گدھے اس سے عاجز رہ جاتے ہیں۔ مذکی وہ گھوڑا جس کی قوت اور نشو ونما مکمل ہو چکی ہو۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی خوبیوں کی وجہ سے اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جائے۔ ''گھوڑے اور گدھے میں کیا مقابلہ''۔

یجری بلیق ویذم

بلیق دوڑتا ہے پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے۔ بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا پھر بھی اس کی برائی ہوتی تھی یہ مثل اس موقع پر بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔

تجری الریاح بما لا تشتهی السفن

ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔

اجر الامور علی اذلالها

کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔

جری المذکیات غلاء

اچھے گھوڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔

الجزع عند المصیبة مصیبة اخری

(مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے)۔

جزاه جزاء سنمار

(اس کو سنمار جیسی جزا دی) سنمار شاہ نعمان ابن امراء القیس کے مشہور اور پر اسرار محل خوانق کا رومی معمار تھا جس کو محل کی تعمیر کے بعد نعمان نے اسی محل سے گرا کر ہلاک کر دیا تا کہ کسی اور کے لئے ایسا محل نہ بنا سکے ایسے محسن کے لئے کہا جاتا ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے۔

جزیته کیل الصاع بالصاع

(میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا) یعنی بھلائی کا بدلہ بھلائی سے اور برائی کا بدلہ برائی سے۔

هذا جزاء مجیر ام عامر

یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

اَلْجَزاءُ مِنْ جِنْسِ الْعَمَلِ

عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

تجشأ لقمان من غیر شبع

لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکار لی۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

جعجعة ولا اری لها طحنا

(چکی کا شور ہے مگر آٹا نظر نہیں آتا) ''شورا شوری و بے نمکی''۔

من جعل نفسه عظما اکلته الکلاب

(جو اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا اس کو کتے کھائیں گے)۔

لا تجعلها بیضة الدیک

(اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ) مشہور ہے کہ مرغا اپنی عمر میں ایک بار انڈا دیتا ہے۔ اسی مفروضے پر ایک شاعر نے کہا ہے۔

زرتنا مرة فی الدهر واحدة ثنی ولا تجعلها بیضة الدیک

اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

جلد الخنزیر لا یندبغ

خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

اجفی من الدهر

زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

تحت جلد الضان قلب الاذؤب

(بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیے کا دل) یعنی ظاہر میں بھیڑ کی طرح بھولا اور دل بھیڑیے کی طرح بے رحم۔

جلیس المرء مثله

(آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)۔

جلّی محبًا نظره

(دوست کو اس کی نظر نے ہی ظاہر کر دیا ہے) دوست کی نگاہ بتا دیتی ہے۔

لا یجمع سیفان فی غمد

ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

ما یجمع بین الاروی والنعام

پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔

یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

اَجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ

چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

مَنْ اَجْمَلَ قِيلاً سَمِعَ جَمِيلاً

(جو اپنی گفتگو اچھی رکھے گا وہ اچھی ہی سنے گا)۔

اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهِ يَجْتَرُّ

(اونٹ اپنے ہی منہ سے جگالی کرتا ہے) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اپنے کسب سے روزی کماتا ہے اور اس کے لئے بھی جو ایسے چیز سے نفع اٹھائے جو اس کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

اَلْجُنُونُ فُنُونٌ

جنون کی بہت سی قسمیں ہیں۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ

ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ

ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ موت ہے۔

جَنَتْ عَلٰى اَهْلِهَا بَرَاقِش

براقش کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

اِنَّكَ لَا تَجْنِى مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ

(تو کانٹوں سے انگور کا پھل نہیں چنے گا) ''کانٹے بو کر پھول چن نہیں سکتے''۔

اَجْنَاءُ هَا اَبْنَاؤُهَا

(دست درازی کرنے والے اس کے معمار ہی ہیں) اجناء: جانی کی جمع ہے۔ جرم کرنے والا اور ابناء: بانی کی جمع ہے بمعنی معمار۔ جمع کی یہ مثال نادر ہے۔ مثل ایک یمنی بادشاہ کا مقولہ ہے جس نے ایک جنگ پر جاتے ہوئے اپنی لڑکی کو قائم مقام بنایا تھا۔ لڑکی نے درباری امراء کے مشورہ سے ایک عمارت گرانے کا حکم دیتے ہوئے اس نے یہ جملہ کہا جو مثل بن گیا۔ مطلب یہ ہے کہ عمارت گرانے کا جرم وہی لوگ کر رہے ہیں جنہوں نے اس کی تعمیر کی تھی۔ بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے کی ضرورت پڑے تو یہ مثل کہی جاتی ہے۔

هَلْ يَجْهَلُ فُلَانًا اِلَّا مَنْ يَجْهَلُ الْقَمَرَ

(فلاں چیز سے وہی بے خبر ہو سکتا ہے جو چاند سے بے خبر ہو) یعنی فلاں چیز چاند کی طرح روشن و مشہور ہے ''چاند نکلا سب نے دیکھا''۔

اَلْجَهْلُ مَطِيَّةٌ مَنْ رَكِبَهَا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَهَا ضَلَّ

جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہوگا ذلیل ہوگا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہوگا۔

اَلْجَهْلُ شَرُّ الْاَصْحَابِ

جہالت بدترین ساتھی ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ

بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ فَرَاشَةٍ

پروانہ سے بھی زیادہ جاہل) جو خود کو ہی ہلاک کر لیتا ہے۔

عِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ

یقینی خبر تو جہینہ کے پاس ہے۔

اَجْوَدُ مِنْ حَاتِمٍ

حاتم سے بھی زیادہ سخی۔

اِنَّ الْجَوَادَ قَدْ يَعْثُرُ

اصیل گھوڑا کبھی غلطی کر لیتا ہے۔

یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے۔

اِنَّ الْجَوَادَ عَيْنُهُ فِرَارُهُ

اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے۔

لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ

ہر اصیل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے۔

جَاوِرْ مَلِكًا اَوْ بَحْرًا

(بادشاہ کے پڑوس میں رہ یا سمندر کے) دولت اہل ثروت ہی سے حاصل کرنی چاہئے۔

كَمُجِيْرِ اُمِّ عَامِرٍ

(بجو کو پناہ دینے والے کی طرح) شکاریوں نے ایک مرتبہ بجو کو گھیر لیا تھا۔ ایک اعرابی نے اس کو شکار دے دی۔ شکاری تو واپس چلے گئے لیکن بجو نے سوتے میں پناہ دینے والے اعرابی کا پیٹ پھاڑ دیا جس نے اس کو دودھ پلا کر سیراب کیا تھا۔ اس اعرابی کے چچا کے بیٹے کو جب معلوم ہوا تو اس نے کہا

مَنْ يَصْنَعِ الْمَعْرُوْفَ مَعَ غَيْرِ اَهْلِهِ
يُلَاقِي الَّذِى لَاقٰى مُجِيْرُ اُمِّ عَامِرٍ

(جو کوئی نا اہل کے ساتھ احسان کرتا ہے اس کو وہی جزا ملتی ہے جو ام عامر کے پناہ دینے والے کو ملی جیسے ''سانپ کو دودھ پلانا''۔

المستجیر بعمرو عند کربتہ، کالمستجیر من الرمضاء بالنار

مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا۔

الجار ثم الدار

پہلے پڑوس کو دیکھے پھر گھر کو۔

الرفیق قبل الطریق

اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا۔

جارک الادنی لا یغلک الاقصی

ادنیٰ پڑوسی کی حفاظت کرو تا کہ اعلیٰ تم پر غالب نہ ہو سکے۔

جاوز الحزام الطبیین

(تنگ پستان سے بھی متجاوز ہو گیا) پانی کا سر سے گزرنا۔

تجوع الحرۃ ولا تأکل بثدیہا

(شریف عورت بھوکی رہتی ہے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی) یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی ''ذلیل پیشہ سے بچانے کے لئے کہا جاتا ہے)۔

اجع کلبک یتبعک

اپنے کتے کا بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا۔

اجوع من ذؤالۃ (الذئب)

بھیڑیئے سے بھیڑیئے زیادہ بھوک والا۔

اجوع من کلبۃ حومل

حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا۔

اجوع من قراد

(چیچڑی سے زیادہ بھوکا) ازوالہ بھیڑیئے کا مخصوص نام ہے۔ کہتے ہیں کہ بھیڑیئے کے منہ میں کوئی چیز ہونی ضروری ہے گویا وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ بھیڑیئے کا پیٹ ہڈی کو پگھلا دیتا ہے۔ دشمن کو بددعا میں کہتے ہیں رماہ اللہ بداء الذئب: خدا اس کو بھیڑیئے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے۔

من جال نال

(جو دوڑ دھوپ کرتا ہے حاصل کر لیتا ہے) ''حرکت میں برکت ہے''۔

اجول من قطرب

(قطرب سے زیادہ چکر لگانے والا) قطرب ایک جانور ہے جو تمام رات نہیں سوتا بلکہ چکر لگاتا رہتا ہے)۔

جولۃ باطل ساعۃ وجولۃ الحق الی قیام الساعۃ

باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے۔

جاء بمطفئۃ الرضف

وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا پایا۔

جاء بالطم والرم

وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا۔

جاء الصیان فالوی بالاسانید

(مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا) مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

جاء بماصای وصمت

(وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا) یعنی چوپائے اور سونا چاندی وغیرہ۔

جاء بقرنی حمار

(وہ گدھے کے دو سینگ لایا) یعنی جھوٹ اور ناممکن بات۔

جاء بذات الرغک والصلیل

وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا۔

جاء ناشرا اذنیہ

اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا۔

جاء نافشا عفریتہ

اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا۔

جاؤ علی بکرۃ ابیھم

(وہ تمام کے تمام آ گئے) یعنی پیچھے کوئی باقی نہ رہا۔ بکرۃ: لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں۔ یہ مثل یوں بھی کہی جاتی ہے۔ جاؤا علی بکرتھم وبکرۃ ابیھم: تمام ہی آ گئے۔

اذا جاء الحین حارت العیون

موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

اذا جاء القدر غشی البصر

جب قضا آتی ہے تو آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں۔

جاؤ واقضا قضیضا

وہ سارے کے سارے آ گئے۔

جاء القوم قضھم وقضیضھم

قوم اور ساری کی ساری آ گئی۔

جیفۃ لا تعکر بحرا

ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

ح

مَنْ اَحَبَّ شَیأً اَکْثَرَ ذِکْرَہ

جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے۔

لا اُحِبُّ دَمِیْ فِیْ طَشْتٍ ذَھَب

مجھے اپنا خون سونے کے طشت میں بھی پسند نہیں:۔ موت کے بعد تمام شان وشوکت بے کار ہے۔

حُبُّکَ الشی ءِ یُعْمِیْ وَیُصِمُّ

کسی چیز سے تمہاری محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے۔ یہی مفہوم اس شعر میں کہا گیا۔

وَعَیْنُ الرِّض عَنْ کُلِّ عَیب کُلِیْلَۃٌ

بسوس سے زیادہ منحوس۔ بسوس منقذ تمیمیہ کی لڑکی تھی اور جساس بن مرہ بکری کی خالہ ہے۔ اس کے ایک پڑوسی کی اونٹنی کو جس نے کلیب بن وائل تغلبی کی چراگاہ میں چرائی چرتے ہوئے کسی پرندے کے انڈے توڑ دیئے تھے۔ کلیب نے تیر مار دیا۔ بسوس کی فریاد پر اس کے بھانجے جساس بن مرۃ بکری نے کلیب پر حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا۔ پھر مہلہل جو کہ کلیب کا بھائی اور بنی تغلب کا سردار ہے۔ کلیب کے قصاص کے لئے کھڑا ہو گیا۔ اسی طرح بنی تغلب اور بکر کے

درمیان لڑائی چھڑ گئی۔ جو چالیس سال تک جاری رہی۔ اسی وجہ
سے نحوست میں بسوس کی نحوست ضرب المثل ہو گئی۔

اَشامُ مِن حِفارٍ
قبر کھودنے والے سے زیادہ منحوس۔

اَشامُ مِن داحسٍ
داحس سے زیادہ منحوس۔

اَشامُ مِن زَعیف الحولاءِ
طویس سے زیادہ منحوس۔

اَشامُ طُوَیسٍ
منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔

اَشامُ مِن عِطرِ مِنشَمٍ
منشم کے عطر سے زیادہ منحوس۔ ایک عطر بیچنے والی عورت تھی جو جنگ
پہ آمادہ کرنے کے لیے عطر لگاتی تھی۔

اَشامُ مِن غُرابِ البَینِ
جدائی کے کوے سے زیادہ منحوس۔ بدوی جب کسی جگہ سے خیمے کو
اٹھاتے تو کوے اس جگہ کھانے کی اشیاء پر ٹوٹ پڑتے اسی لئے
بدفال لے کر ان کو جدائی کے کوے کہتے۔

مَن شَبَّ عَلیٰ خُلقٍ شَابَ علیه
جس عادت پر کوئی جوان ہوا ہے۔ اسی پر بوڑھا ہوگا۔

اَلشَّباب مَطِیَّةُ الجَهلِ
جوانی جاہلت کی سواری ہے۔

اَلشَّبعَان یفت لِلْجَائع فتًا بَطِیئًا
پیٹ بھرا بھوکے کے لئے آہستہ روٹی توڑتا ہے۔

ان هٰذَا الشبل مِن ذاک الاسد
یہ بچہ بھی اسی شیر کا ہے۔

مَن اَشبَهَ اَبَاهُ فَما ظَلَم
جو اپنے باپ کے مشابہ ہوا اس نے زیادتی نہیں کی۔

اَشبَهُ مِنَ المَاءِ بِالمَاءِ
اس سے زیادہ مشابہ جیسے پانی سے پانی۔

اِنَّهُ لَا شَبَهُ بِهٖ مِنَ التَّمرةِ بِالتَّمرةِ
وہ یقیناً اس سے بھی زیادہ مشابہ ہے جیسے ایک کھجور دوسری سے۔

مَا اَشبَها حِجلَ الجِبَالِ بِاَلوانِ صُخرِها
پہاڑوں کی چکور اس کی چٹانوں کے رنگ سے کتنی مشابہ ہوتی ہے۔

مَا اَشبَهَ اللَّيلَةَ بِالبَارِحَةِ
آج کی رات کل کی گزشتہ رات سے کس طرح مشابہ ہے۔

اَلشُّبهَةُ اُختُ الحَرام
شبہ حرام کی بہن ہے۔

یَشْجَعُ مَرَّةً وَیاسُو اُخریٰ
کبھی زخمی کرتا ہے کبھی غم خواری کرتا ہے۔

اَشجَعُ مِن لَیثٍ
شیر سے زیادہ بہادر۔

اَشجَعُ مِن اُسَامه
شیر سے زیادہ بہادر۔ اسامہ شیر کا علم ہے۔

اَلشُّجاع موقّی
بہادر سے کتراتے ہیں۔

اِن لَّم یَکُن شُحمٌ فَنَفَشٌ
اگر چربی نہ ہو تو اون ہی سہی۔

شَخبٌ فِی الاِنَا وَشَخباً فِی الاَرضِ
دودھ ایک دھار برتن اور ایک زمین پر۔

وَلَمَّا اشتَدَّ سَاعِدہ رَمَانِی
جب اس کی کلائی مضبوط ہوگئی تو اس نے میرے ہی تیر مارا۔

اَشَدُّ حُزناً مِنَ الخنساء عَلیٰ صَخرٍ
صخر پر غم کرنے والی خنساء سے بھی زیادہ غمگین۔ صخر بن عمرو سلیمی بنی
اسد پر ڈاکہ ڈالنے کے دوران تیر سے زخمی ہو کر مر گیا تو اس کی بہن
خنساء نے بڑے دردناک مرثیے کہے اور شدت غم میں بھائی کی قبر
کی مجاور بن گئی۔ حتیٰ کہ مر گئی۔

لِلشَّدائِدِ تُذخَرُ الرِّجَالُ
سختیوں کے لئے آدمیوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے۔

عِندَ الشَّدائِدِ تَذهَبُ الاَحقادُ
مصیبت کے وقت دشمنان زائل ہو جاتی ہیں۔

عِندَ الشَّدائِدِ تُعرَفُ الاِخوَانُ
سختیوں کے وقت بھائی پہچانے جاتے ہیں۔

شَرُّ اَیَّامِ الدِّیک یَومَ تُغسَلُ رِجلَاهُ
مرغ کے لئے بدترین دن وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

شَرُّ الرای الدَّبَرِیُّ
بدترین رائے وہ ہے جو بعد میں یاد آئے۔

شَرُّ الشَّدائد ما یُضحِک
بدترین سختی وہ ہے جو ہنسانے والی ہو۔ حیرتناک‘ جو مصیبت زدہ یا

دشمنوں کو ہنسائے۔

شَرٌ مِنَ الشَّر فَاعِلُهُ

سو برائیوں کی ایک برائی برائی کرنے والا ہے۔

شَرٌ مِنَ الْمَوْتِ مَا یَتمنی مَعَهُ الْمَوْتُ

موت سے بری وہ مصیبت ہے جس کے ہوتے ہی موت کی تمنا کی جائے۔

شَرُّ النَّاسِ مَن لَیَنقیهِ النَّاسُ

بدترین آدمی وہ ہے جس سے لوگ پرہیز کریں۔

شَرُّ النَّاسِ مَن دَاراهُ النَّاسِ بِشَرِّهٖ

بدترین آدمی وہ ہے جس کی ڈر کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کرتے ہوں۔

شَرُّ النَّاسِ مَنْ لاَ یُبَالی اَنْ یَراهُ النَّاسُ مُسِیئًا

بدترین آدمی وہ ہے جو اس کی پرواہ نہ کرے کہ لوگ اس کو بدی کرتے دیکھیں گے۔

اَلشَّرا خَبَثُ مَا اُوعِیت مِنْ زَادِ

برائی وہ سب سے زیادہ برا توشہ ہے جس کا تم نے ذخیرہ کیا ہے۔

الشَّرُّ قَلِیْلُهٗ کَثِیْرٌ

برائی تو تھوڑی بھی بہت ہے۔

اِنَّ فِی الشَّرِّ خِیَارًا

شر میں کچھ خیر بھی ہوتی ہے۔

لِکُلِّ شَرٍّ بَاعِثٌ

ہر شر کا کوئی اٹھانے والا ہے۔

لاَ تَشْرَبِ السَّمِّ اِتِّکَالاً عَلَی التِّرْیَاقِ

تریاق پر بھروسہ کر کے ظاہر نہ پیو۔

اَشْرَبُ مِنَ الهِیم

پیاسے اونٹوں سے بھی زیادہ پینے والا۔

اَشْرَبُ مِنَ الرَّمْلِ

ریت سے زیادہ پینے والا۔

اَشْرَبُ مِنَ القَمَعِ

قیف سے زیادہ پینے والا۔

اَشْرطُ اَمْلَکُ عَلَیْکَ اَمْ لَکَ

شرط زیادہ لازم ہے خواہ تیرے مخالف ہو یا موافق۔

شُرْعُکَ مَا بَلَّغَکَ المَحلَّ

تیری زادِراہ ہے جو تجھے مقام تک پہنچادے۔

اِنَّ الشِّرَاکَ قُدَّ مِنْ اَدِیْمِهٖ

تسمہ اپنی کھال سے ہی کاٹا گیا۔

مَنِ اشْتَرَی الْحَمْدَ لَمْ یَغْبَنْ

جس نے تعریف خرید لی اس کو خسارہ نہیں رہا۔

مَنْ یَشْتِرِی سَیْفِی وهذا اثرهٗ

میری تلوار کون خریدتا ہے اور یہ اس کا اثر ہے۔

اَلاَمَنْ یَشْتِرِی سَهْرا بِنَوم

کیا کوئی خریدار ہے جو نیند کے بدلے بیداری کو خرید لے۔ نعمت و عافیت کی ناشکری کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

اِشْتَرِ بِنَفْسِکَ وَلِلسُّوقِ

اپنے اور بازار کے لئے خریدو۔

اَلشَّعِیْرُ یُؤْکَلُ وَیُذَمُّ

جو کھایا جاتا ہے پھر اس کی مذمت بھی کی جاتی ہے۔

شُعَاعُ الشَّمس لاَ یَخفٰی وَنُورُ الحق لاَ یُطفٰی

آفتاب کی شعاعیں کو چھپایا نہیں جاسکتا اور حق کے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا۔

اِنْ یَکُنِ الشُّغْلُ جُهْدَةً فَاِنَّ الفراغ مَفْسدَةٌ

شغل اگر مشقت میں ڈالتا ہے تو بیکاری باعث فساد ہے۔

اِنَّ الشَّفِیْقَ بِسُوْءِ الظَّنِّ مُوْلَعٌ

یقیناً مہربان برے گمانوں کا حریص ہوتا ہے یعنی محبت کی زیادتی بدگمانی کا سبب ہوتی ہے۔

شَفَیْتُ نَفْسِی وَجَدَعْتُ نَفِی

میں نے اپنے نفس کو شفا دی مگر اپنی ناک کاٹ لی۔ یعنی ایک مراد پائی تو دوسرا نقصان کرلیا۔

شَقا فُلاَن عَصَا قَوْمِهٖ

فلاں نے اپنی قوم کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا۔

مَا یُشَقُّ غُبَارُهٗ

اس کا غبار چیرا نہیں جاسکتا۔

شقشقة هَدَرَتْ ثُمَّ قَرَّتْ

اونٹ کے منہ کا لوتھڑا ہے کہ پہلے آواز نکالی پھر ساکن ہوگیا۔

اِنَّ الشَّقِی تَرَی لَه اَعْلاَمًا

بدبخت کی تم تمام علامتیں دیکھ لوگے۔ یعنی بدبختی کی تمام علامات چھپ نہیں سکتیں۔

اِنَّ الشَّقِی وَفدُ الرَّاجم

بدبخت براجم کا آنے والا بے شک بدبخت ہے' لالچ میں نقصان اٹھانے والے کے لئے کہا جاتا ہے۔

لَا یَشْکُرُ اللّٰہَ مَنْ لَا یَشْکُرُ النَّاسَ

وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکرگزار نہیں جو لوگوں کا شکر نہیں کرتا۔

اَشْکَرُ مِنْ بَرُوقَه

برقہ سے زیادہ شکرگزار۔

تَشْکُر اِلٰی غَیْرِ مُصْمِتٍ

اس سے شکایت کر رہا ہے جو خاموش نہیں رہتا۔ یا خاموش نہیں کرتا۔

اَلشَّمَاتَةُ لُؤمٌ

دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونا کمینہ پن ہے۔

لِکُلِّ شَمْسٍ مَغْرِبٌ

ہر سورج کو ڈوبنا ہے۔

مَالِی بِشَمْسٍ لَا تُدْفِئُنِی

میرے سورج کو کیا ہوا کہ مجھے گرم نہیں کرتا۔

هُوَ عِندِی بِالشِّمَالِ

وہ میرے بائیں ہے۔ میرا بایاں ہے کم رتبہ ہے۔

رُبَّ شَانِئَةٍ اَحفٰی من اُمٍّ

بہت سی دشمن عورتیں ماں سے زیادہ مہربان ہوتی ہیں۔

شِنْشِنَةٌ اَعْرِفُهَا مِنْ اَخْزَمَ

وہ خصلت ہے جو مجھے اخزم سے معلوم ہے۔

شَاهِدُ الثَّعْلَبِ ذَنَبُهٗ

لومڑی کا گواہ اس کی دم ہے۔

شَاهِدُ الْبُغْضِ النَّظْرُ

بغض کا گواہ غضبناک نظر ہے۔

شَهَادَاتُ الْفِعَالِ خَیْرٌ مِنْ شَهَادَاتِ الرِّجَالِ

کاموں کی شہادت لوگوں کی شہادت سے بہتر ہے۔

اَشْهَرُ مِنَ الشَّمْسِ

سورج سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنَ الْقَمَرِ

چاند سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنَ الْبَدْرِ

کامل چاند سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنَ الصُّبْحِ

صبح سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنْ فَلَقِ الصُّبْحِ

ظہور صبح سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنْ عَلَمٍ

پہاڑ یا جھنڈے سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنْ نَارٍ عَلٰی علم

پہاڑ پر آگ سے زیادہ مشہور۔

اَشْهَرُ مِنَ الْاَبْلَقِ

ابلق سے زیادہ مشہور۔

اَتَشْتَهِی وَتَشْتَکِی

کیا تو چاہتا ہے اور شکایت بھی کرتا ہے۔

مِنْ شَهْوَةِ التَّمْرِ یَمَصُّ النَّوٰی

کھجور کی خواہش کے سبب گٹھلی کو چوستا ہے۔

شُبْ شَوْبًا لَکَ بَعْضُهٗ

وہ بناؤ جس کا کچھ حصہ تمہارے لئے ہو۔

شَابَ یَشُوبُ شَوبًا

بمعنی مرکب کرنا۔ ملانا۔

اِنْ شَاوَرْتَ الْعَاقِلَ صَارَ عَقْلُهٗ لَکَ

جب تو نے عقلمند سے مشورہ کیا تو اس کی عقل تمہاری ہوگئی۔

شَوْفُ النُّحَاسِ یُظْهِرُ النُّحَاسَا

تانبے کو صاف کرنا تانبے کو اچھی طرح ظاہر کر دیتا ہے۔

مِنَ الشَّوْکَةِ تَخْرُجُ الْوَرْدَةُ

کانٹے ہی سے گلاب کا پھول نکلتا ہے۔

اَلشَّاةُ مَذْبُوحَةٌ لَا یُولِمُهَا السَّلْخُ

ذبح شدہ بکری کی کھال اتارنے سے اس کو تکلیف نہیں ہوتی۔

کُلُّ شَاةٍ تُنَاطُ بِرِجْلَیْهَا

ہر بکری کو اس کے پاؤں کے بل ہی لٹکایا جاتا ہے۔ یعنی ہر شخص اپنے ہی جرم کی سزا پاتا ہے۔

لَا یَکُونُ ذٰلِکَ حَتّٰی یَشِیبَ الْغُرَابُ

یہ نہیں ہوسکتا جب تک کہ کوا سفید نہ ہو جائے۔ جب تک ناممکن ممکن نہ ہو جائے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے چوہا انڈا دے یا جب تک اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے۔ مطلب یہ ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔

کُلُّ شَیْءٍ وَثَمَنُهٗ

ہر چیز کی ایک قیمت ہے۔

بَاتَ یَشْتَوِی الْقَرَاحَ

خالص پانی کو ہی بھونتا رہا۔

شَیْبُکَ نَاعِیْکَ

تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کا مخبر ہے۔

ص

صَبَابَتِی تُروِی وَلَیْسَت غَیْلاً

میرا تلچھٹ سیراب کر دیتا ہے اتنا نہیں کہ زمین پر بہے۔

عِنْدَ الصَّبَاحِ یُحمد القوم السریٰ

صبح کے وقت قوم رات میں چلنے کی تعریف کرے گی۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو راحت کی امید میں مشقت برداشت کرے یا مشقت کے بعد راحت حاصل ہو۔

مَنْ صَبَرَ ظَفَرَ

جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہوا۔

الصَّبر حِیلَة مَنْ لاَ حِیلة لهٗ

صبر اس کا حیلہ ہے جس کا کوئی حیلہ نہ ہو۔

الصَّبْر مِفتاح الفَرَج

صبر کشادگی کی کنجی ہے۔

اَصْبَر مِنَ الوتد

میخ سے زیادہ صابر۔

اَصْبَر مِنَ الْاَرْضِ

زمین سے زیادہ صابر۔

الصَّبِی اَعلم بِمَضغ فِیْهِ

بچہ اپنے منہ چبانے کو خوب جانتا ہے۔ جب کسی واقف کار کو مشورہ دیا جائے اور وہ بھی غلط۔

وَرُبَّما صَحَتِ الاجسامُ باالْعِلَل

کبھی جسم بیماریوں کے سبب سے تندرست بھی ہو جاتے ہیں۔

صَاحِبُ الحاجة اَعمٰی

ضرورت مند اندھا ہوتا ہے۔

وَصِاحِب البَیْت اَدرٰی باالذی فِیه

مکان والا زیادہ بہتر جانتا ہے جو کچھ مکان میں ہے۔

صَحِیْفَةُ المُتَلَمِّسِ

متلمس کا خط: خود فریبی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہونے والا۔

تُصَد القُلُوب کَما یُصَدا الحَدِید

دل بھی اسی طرح زنگ آلود ہوتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہوتا ہے۔

صَدْرُکَ اَوْسَعُ لِسِرِّکَ

تیرا ہی سینہ تیرے راز کے لئے زیادہ ہے۔

صُدُورُ الْاَحرار قُبُور الاسْرَارِ

شریفوں کے سینے رازوں کی قبر ہوتے ہیں۔

صَادَفَ دَرءُ السَّیل دَرأً یَصْدَعُهٗ

سیلاب کی ٹکر ایسی ٹکر سے ہوئی جو سیلاب کی ٹکر کو توڑ دے گی۔

مَنْ صَدَقَ اللّٰهَ نَجا

جو اللہ کے ساتھ سچا رہا اس نے نجات پائی۔

اَلصِّدَق یُنْبِیءُ عَنْکَ لاَ الوَعِید

عمل کی سچائی تمہاری خبر دے گی نہ دھمکی۔

اَصْدَق من لَفْظ لَحْظٍ

بات سے زیادہ سچی نگاہ ہے۔

اَصْدَق مِنَ الْقَطَا

قطا سے زیادہ سچا۔ قطا (بھٹ تیتر) جو قطا قطا پکار کر اپنی سچی خبر دے دیتا ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ اپنی آواز بھی کبھی نہیں بدلتا۔

صرّح المَحْضُ عَنِ الزُّبَدِ

خالص چیز جھاگ سے الگ ہو گئی ہے۔ صرح لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

عِنْدَ التَّصرِیح تَرِیح

رات کھلنے کے وقت تو راحت پائے گا۔

اَلصَّرِیْحُ تَحْت الرَّغْوَة

صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے۔

مَن صَارَعَ الحق صَرَعَهٗ

جو حق سے کشتی کرے گا حق اس کو پچھاڑ دے گا۔

لِکُلِّ صَارِمٍ نَبوة لِکل جوار کَبْوة لِکُل عالِمٍ هَفْوَة

ہر تلوار کبھی اچٹ جاتی ہے ہر گھوڑا کبھی ٹھوکر کھاتا ہے اور ہر عالم سے کبھی لغزش ہوتی ہے۔

اَصْعَب مِن ردّ الشُّخب فِی الضَّرع

دودھ کی دھار کو تھن میں لوٹا دینے سے زیادہ مشکل۔

کَصَفِیحة المَسَنّ تَشحَذُ وَ لاَ تَقْطَعُ

سان کے پتھر کی طرح ہے دھار کو تیز کرتا ہے اور خود نہیں کاٹتا۔ دوسروں کو نصیحت کرتا ہے مگر اپنا کام درست نہیں کر سکتا۔

[illegible]

ایسا سودا ہے جس میں حاطب موجود نہیں تھا۔

اَصفٰی مِنَ الدَّمعَة

آنسو سے زیادہ صاف۔

اَصفٰی مَن عَینِ الدِّیک

مرغ کی آنکھ سے زیادہ صاف۔

اصفی من جَنَی النَّحلِ

شہد سے زیادہ خالص۔

اَصلَحَ غَیثٌ مَا اَفسَدَ البَرد

بارش نے درست کر دیا جس کو سردی نے خراب کر دیا تھا۔ جب کوئی شخص کسی کا بگاڑا ہوا کام درست کر دے تو کہا جاتا ہے۔

وھل یُصلح العَطّار مَا اَفسَدَ الدَّھرُ

کیا عطار اس کی اصلاح کر لے گا جس کو زمانے نے فاسد کر دیا ہے؟

لا یُصلح رَفِیقًا مَن لَم یَبلَع رِیقًا

وہ شخص رفیق بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا جو غصے کا تھوک نہ نگلے۔ غصہ نہ پی جائے۔

مَا لا یُصلح نزکهٗ اِخلَع

جو درست نہ ہو سکے اس کو چھوڑ دے۔

اَصلِح نَفسک یَصلُح لَکَ النَّاس

اپنے آپ کو درست کرے تمہارے لئے لوگ درست ہو جائیں۔

رُبَّ صَلَفٍ تَحتَ الرَّعدَةِ

گرجنے والے ابر کے نیچے بسا اوقات خالی بادل بھی ہوتے ہیں۔

اَصَمُّ عما ساءَهُ سَمِیعٌ

سنتا ہے مگر ان باتوں سے بہرا ہے جو اس کو بری معلوم ہوں۔ بہرا اپنے مطلب کی سن لیتا ہے یا بری باتوں کو ایسے ٹال دیتا ہے جیسے سنا ہی نہیں۔

صَمصَامَه عمرو بن معدیکرب

عمرو بن معدیکرب کی تلوار۔ عمرو بن معدیکرب کی تلوار کاٹ میں ضرب المثل تھی۔

اِصنَعه صنعَةَ مَن طَبَّ لِمَن حَبَّ

اس کو ایسے بنا جیسے ایک تجربہ کار آدمی اپنے محبوب کے لئے بناتا ہے۔ انتہائی نفاست ہے۔

اَصنَعُ مِنَ النَّحل

شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر۔

اَصنَع مِن دُوَدِ القزِّ

ریشم کے کیڑے سے زیادہ کاریگر۔

اصابهٗ تمرة الغُراب

کوے کو بہترین چیز مل گئی۔

مصائب قوم عند قوم فوائدُ

ایک قوم کے مصائب دوسری کے فوائد ہوتے ہیں۔

لَیس بِصیاحِ الغُرب یُحی المطر

کوے کے پکارے بارش نہیں آ سکتی۔

ھذا یَصید وھذا یَاکُلُ السَّمَک

یہ شکار کرتا ہے اور یہ مچھلی کھاتا ہے۔

صَیدُک لا تَحرِمه

اپنا شکار کرے اس سے محروم نہ رہا۔

یَا صَیدُک اِن لَم تحرمه

وہ تیرا شکار ہے اگر تو اس کو محروم نہ کرے۔

کُلُّ الصَّیدِ فِی جَوفِ الفراء

تمام شکار گورخر کے پیٹ میں ہیں۔

فِی الصَّیفِ ضَیَّعتِ اللَّبَن

تو نے دودھ کو گرمیوں ہی میں ضائع کر دیا۔

ض

اَلضَّجِو تَحلب العُلبَة

تنگ آئی ہوئی اونٹنی دودھ کا برتن بھر دیتی ہے۔

اِضطَرَّہُ السَّیلُ اِلَی العطش

سیلاب نے اس کو پیاس کے لئے مجبور کر دیا۔ خوشحالی اور وسعت نے تنگی اور مفلسی میں مبتلا کر دیا۔

لا یَضرُب السَّحَاب نَبحُ الکلاب

کتوں کا بھونکنا بادلوں کو ضرر نہیں پہنچاتا۔

اَلضَّرُورَات تَبِیعُ المخطورات

ضرورتیں ممنوع چیزوں کو ضائع کر دیتی ہیں۔

ضَرَبَ اَخماسًا لِاَسدَاسٍ

اس نے پانچویں دن کی باری والے اونٹ کو چھٹے دن والے کی باری بنا دیا۔

اِذا ضَرَبتَ فَاَوجِع وَاِذا زَجَرتَ فَاَسمِع

[illegible] جھڑکے تو اچھی طرح سنا دے۔

اِنَّکَ تَضرِبُ فِی حَدِیدٍ بَارِدٍ
تو ٹھنڈا لوہا پیٹ رہا ہے۔ بے نتیجہ کوشش کر رہا ہے۔
اِیَّاکَ اَن یضربَ لِسانکَ عُنُقَکَ
اس بات سے بچو کہ تمہاری زبان تمہاری گردن مار دے۔
ضَربُ الحَبیبِ اَوجَعُ
وہ گٹھڑی پر ایک اور گٹھڑی ہے۔ یعنی بوجھ پر بوجھ۔ مصیبت پر مصیبت۔
اِنها لَضِغثٌ عَلٰی اِبَالَةٍ
وہ گٹھڑی پر ایک اور گٹھڑی ہے۔
قَد ضَلَّ مَن کَانَت العِمیانُ تَهدِیَهُ
وہ کھو یا گیا جس کی رہنمائی اندھے کرتے ہیں۔
اَضَلُّ مِن ضَبٍّ
گوہ سے زیادہ گمراہ۔
انما یُضَنُّ بِالضَّنِیْنِ
بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے۔ سخی کے ساتھ نہیں یا نفیس چیز کے لئے بخل کیا جاتا ہے۔ ضنین: وہ چیز جس کی نفاست کی وجہ سے اس کے دینے میں بخل کیا جائے۔
اضیٔ لی اَقدَحْ لَکَ
تو میرے لئے روشن کر میں تیرے لئے چقماق سے آگ نکالوں گا۔
لا یضیع حقٌ وراءَهُ طَالِبٌ
وہ حق ضائع نہیں ہوگا جس کے پیچھے طلبگار موجود ہو۔
لَم یضع مَن مالک وما وَعظک
تیرے مال میں وہ حصہ ضائع نہیں جس نے میری خیر خواہی کی۔
اَضیعُ مِن سِرَاجٍ فِی شَمسٍ
دھوپ میں چراغ سے زیادہ ضائع۔
اَضیعُ مِن غِمدٍ بِلا نَصلٍ
بغیر تلوار کے میان سے زیادہ بیکار۔
اَضیعُ مِن قَمَرِ الشِّتَاءِ
جاڑوں کی چاندنی سے زیادہ بیکار۔ غریب کی جوانی اور جاڑوں کی چاندنی ضائع ہو جاتی ہے۔
اِذا ضافک مکروهٌ فاقره صبرًا
جب مصیبت مہمان ہو تو صبر سے اس کی ضیافت کرو۔
اَضیَقُ مِن ظِلِّ الرُّمحِ
نیزے کے سائے سے زیادہ تنگ۔

ط

تَطَأطَاءْ لَها تُخطِئکَ
مصیبت کے سامنے سر جھکا لو تا کہ تم نشانہ خطا کر کے گزر جاؤ۔ برائی سے مت الجھو۔
طَبیبٌ یُداوی النَّاسَ وَهُوَ مَرِیضٌ
وہ طبیب ہے جو لوگوں کا علاج کرتا ہے اور خود مریض ہے۔
یا طَبِیبُ طِبَّ نَفسَکَ
طبیب اپنا علاج کروائیں۔
اَلطَّبعُ اَغلَبُ
طبیعت زیادہ غالب ہوتی ہے۔
طَرفُ الفتیٰ یُخبِرُ عن جَنَانِه اَو عن ضَمِیرِه
جوان کی نگاہ اس کے دل کی خبر دیتی ہے یا اس کے ضمیر کی۔
رُبَّ طَرفٍ اَفصَحُ مِن لِسَانٍ
بہت سی نگاہیں زبان سے زیادہ فصیح ہوتی ہیں۔
اَلطَّرِیفُ خَفِیفٌ وَالتَّلِیدُ بَلِیدٌ
نئی چیز سبک اور لطیف ہوتی اور پرانی چیز ٹھس۔
اَطرِق کَرًا اِنَّ النَّعَامَةَ فِی القُرَی
(نظر جھکائے) گاؤں میں شتر مرغ موجود ہے۔ یعنی ذلیل بڑوں کے سامنے بڑی باتیں کرتا ہے۔
لا تُطعِمِ العَبدَ الکُرَاعَ فَیَطمَعَ بِالذِّرَاعِ
غلام کو پاکھر مت کھلاؤ ورنہ وہ دست کی طمع کرے گا۔
اَطغٰی مِنَ السَّیلِ
سیلاب سے زیادہ سرکش۔
من طَالَبَ العُلٰی من غیر کَدٍّ سَیُدرِکُها اِذا شَابَ الغُرَابُ
جو بغیر مشقت اعلیٰ درجات طلب کرتا ہے وہ انہیں اس وقت حاصل کرتا ہے جب کوا سفید ہو جائے گا۔
مَن طَلَبَ اَخًا بِلا عَیبٍ بَقِیَ بِلا اَخٍ
جو بے عیب بھائی تلاش کرے گا وہ بغیر بھائی کے ہی رہے گا۔
مَن طَلَبَ عَظِیمًا خَاطَرَ بِعَظِیمِه
جو کوئی بڑی مہم تلاش کرے گا وہ بغیر بھائی کے ہی رہے گا۔
مَن طَلَبَ شَیئًا نَالَه کُلَّهُ اَو بَعضَهُ
[illegible] گا وہ اس کے کل یا جز کو حاصل کرے گا۔

تَطْلُبُ اَثَرٌ بَعْدَ عَيْنٍ

تو اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے۔

لا اَطْلُبُ اَثَرٌ بَعْدَ عَيْنٍ

میں اصل کے بعد اثر کو طلب نہیں کرتا۔ میں اصل کو چھوڑ کر نقل کے پیچھے نہیں پڑتا۔

كُلُّهُمْ طَالِبُ صَيْدٍ

سب ایک ہی شکار کے طالب ہیں۔ ''یک انار صد بیمار''۔

رُبَّ طَلَبٍ جَرَّ اِلَى حَرْبٍ

بہت سی طلب لڑائی تک پہنچا دیتی ہے۔

اِذَا طَلَعَ سُهَيْلٌ رُفِعَ كَيْلٌ وَوُضِعَ كَيْلٌ

جب سہیل طلوع ہوگا تو ایک پیمانہ اٹھ جائے گا دوسرا رکھا جائے گا۔

اِذَا طَلَعَ القَمَرُ طَابَ السَّهَرُ

جب چاند نکلے گا تو بیداری خوش حالی ہو جائے گی۔

اَطْمَعُ مِنَ اشْعَبَ اشعب

اشعب سے زیادہ حریص۔

اَطْمَعُ مِنْ طُفَيْلٍ

طفیل سے زیادہ حریص۔ طفیل کوفہ کا مشہور حریص تھا۔ جو بغیر بلائے دعوتوں میں پہنچ جاتا تھا۔ اسی نسبت سے طامع اور لالچی کو طفیلی کہتے ہیں۔

مَنْ اَطَاعَ هَوَاهُ بَاعَ دِيْنَهُ بِدُنْيَاهُ

جس نے اپنی خواہش کی اطاعت کی اس نے اپنے دین کو دنیا کے بدلے میں بیچ دیا۔

مَنْ اَطَاعَ غَضَبَهُ اَضَاعَ اَدَبَهُ

جس نے اپنے غصہ کی اطاعت کی اس نے اپنا ادب ضائع کر دیا۔

بَيْنَ الْمُطِيْعِ وَبَيْنَ الْمُدْبِرِ الْعَاصِي

فرمان بردار اور اوندھے نافرمان کے درمیان کر دیا۔

مَنْ يَّطُلْ ذَيْلُهُ يَنْتَطِقْ بِهٖ

جس کا دامن دراز ہوتا ہے وہ اس کا پٹکا باندھتا ہے۔

اَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ

نیزہ کے سایہ سے زیادہ لمبا۔

اَطْوَلُ مِنْ شَهْرِ الصَّوْمِ

روزے کے مہینے سے زیادہ لمبا۔

اَطْوَلُ صُحْبَةً مِنَ الْفَرْقَدَيْنِ

فرقدین سے بھی زیادہ طویل صحبت۔ فرقدین دو ستاروں کا نام جو ہمیشہ یکجا رہتے ہیں۔

مَا عِنْدَهُ طَائِلٌ وَلَا نَائِلٌ

نہ اس کے پاس علم و فضل ہے نہ عطیہ۔ طول بمعنی فضل اور نوال بمعنی عطیہ۔

طَوَيْتُهُ عَلَى بُلَالَتِهِ اَوْ عَلَى بَلَالِهٖ

میں نے اس کو اس کی نمی پر بھی لپیٹ دیا۔

لِكُلِّ طَيٍّ نَشْرٌ

ہر لپیٹ کبھی کھلتا ہے۔

اَطْيَبُ مِنْ نَفَسِ الرَّبِيْعِ

موسم بہار کی ہوا سے زیادہ خوشگوار۔

اَطْيَبُ مِنَ الْحَيَاةِ

زندگی سے زیادہ خوشگوار۔

طَارَتْ بِهِمُ الْعَنْقَاءُ

ان کو عنقا (فرضی پرندہ) اڑا لے گیا۔ ایسے لوگوں کے لئے بولتے ہیں جو تمام ہلاک ہو جائیں اور کوئی نہ بچے۔

اَلطَّيْرُ بِالطَّيْرِ يُصَادُ

ایک پرندہ دوسرے پرندہ کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے۔

اِنَّ الطُّيُوْرَ عَلَى اَشْكَالِهَا تَقَعُ

پرندے اپنے ہم شکلوں پر پڑتے ہیں۔

اَطْيَشُ مِنْ فَرَاشَةٍ

پروانہ سے زیادہ طیش میں آنے والا۔

يُطَيِّنُ عَيْنَ الشَّمْسِ

چشمہ آفتاب پر مٹی ڈالتا ہے۔

ظ

ظِئْرٌ رَؤُوْمٌ خَيْرٌ مِنْ اُمٍّ سَؤُوْمٍ

مہربان دایہ طول ماں سے بہتر ہے۔

مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ الْمُهْدِيْ بِالظَّرْفِ

تحفہ دینے والے کی طرف سے برتن کی بھی سخاوت دانائی کی بات ہے۔ الظرف: اول بمعنی دانائی اور الظرف: دوم بمعنی برتن۔

اَلظَّفَرُ بِالضَّعِيْفِ هَزِيْمَةٌ

کمزور پر فتح پانا شکست ہے۔ کمزور کے مقابلہ میں جیت بھی اپنی ہار ہے۔

ظِلُّ السُّلْطَانِ سَرِيْعُ الزَّوَالِ

بادشاہ کا سایہ صریح الزوال ہوتا ہے۔

ظِلَالُ صَيفٍ مَالَهَا قِطَارٌ

گرمی کے بادل میں قطار پیش۔

ظُلْمُ مَرْءٍ يَصْرَعُهُ

آدمی کا ظلم ہی اس کو پچھاڑ دیتا ہے۔

اَلظُّلْمُ مَرْتَعُه وَخِيمٌ

ظلم کی چراگاہ ناقص ہے ظلم کی عاقبت مذموم ہے۔

اَظْلَمُ مِنْ حَيَّةٍ

سانپ سے زیادہ ظالم۔

اَظْلَمُ مِنْ اَفْعٰى

سیاہ سانپ سے زیادہ ظالم۔

اَظْلَمُ من لَيْلٍ

رات سے زیادہ سیاہ۔

اَظْمَاءُ مِنْ رَمْلٍ

ریت سے زیادہ پیاسا۔

يُصْبِحُ ظَمْآنَ وَفِي الْبَحْرِ فَمُهُ

صبح ہوتی ہے تو پیاسا ہوتا حالانکہ منہ سمندر میں ہے۔

ظَنُّ العَاقِلِ خَيْرٌ مِنْ يَقِيْنِ الْجَاهِلِ

عقلمند کا گمان جاہل کے یقین سے بہتر ہے۔

مَا ظَنُّكَ بِجَارِكَ قَالَ ظَنِّي بنفسي

تیرا گمان اپنے پڑوسی کے متعلق کیا ہے کہا وہ گمان جو اپنی ذات کے متعلق ہے۔ آدمی اپنے اوپر ہی قیاس کرتا ہے۔

اَكْثَرُ الظُّنُوْنِ مُيُوْنٌ

اکثر گمان فریب ہوتے ہیں۔

عَنْ ظَهْرِهَا تَحِلَ وَقْرًا

اپنی ہی کمر کا بوجھ کھوج رہی ہے۔

ظَاهِرُ العِتَابِ خَيْرٌ مِنْ بَاطِنِ الْحِقْدِ

ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے۔

وَيبقَى الْوُدُّ مَا بَقِيَ العِتَابُ

محبت اس وقت تک باقی رہے گی جب تک عتاب باقی ہے۔

ع

عَبْدٌ وحَلْيٌ فِي يَدَيه

غلام اور ہاتھوں میں زیور؟ کوے کی چونچ میں انگور

عَبْدٌ وَتَيُّومٌ

غلام اور بے مہار۔ یعنی کمینہ اور بے لگام۔

عَبْدُ غَيْرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ

غیر کا غلام تمہاری طرح آزاد ہے۔ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بے ہنر ہوتے ہوئے خود کو دوسروں پر فوقیت دے۔

اَلْعَبْدُ يُقْرَعُ بِالْعَصَا وَالْحُرُّ تَكْفِيْهِ الْاِشَارَةُ

غلام کو ڈنڈے سے کھٹکایا جاتا ہے آزاد کو اشارہ کر دیا جاتا ہے۔

اَلْعَبْدُ مَنْ لَا عَبْدَ لَهُ

غلام وہ بھی ہے جس کا کوئی غلام نہ ہو۔

فِي الْاِعْتِبَارِ غِنًى عَنِ الْاِخْتِبَارِ

عبرت حاصل کرنے میں امتحان سے بے نیازی ہے۔

اَلتَّعْبِيْرُ نِصْفُ التِّجَارَةِ

پرکھنا آدھی تجارت ہے۔

مَنْ عَتَبَ عَلَى الدَّهْرِ طَالَتْ مَعْتَبَتُهُ

جس نے زمانہ پر عتاب کیا اس کا عتاب طویل ہو گیا۔

اَلْعِتَابُ خَيْرٌ مِنْ مَكْتُوْمِ الْحِقْدِ

عتاب چھپے ہوئے کینہ سے بہتر ہے۔

اَلْعِتَابُ قَبْلَ الْعِقَابِ

سزا سے پہلے عتاب کر،

لَا عِتَابَ بَعْدَ الْمَوْتِ

موت کے بعد کوئی عتاب نہیں۔

مُعَاتَبَةُ الْاِخْوَانِ خَيْرٌ مِنْ فَقْدِهِمْ

بھائیوں کی ناراضگی ان کے نہ ہونے سے بہتر ہے۔

وَفِي الْعِتَابِ حَيَاةٌ بَيْنَ اَقْوَامٍ

عتاب میں قوموں کی زندگی ہے۔

رُبَّ عِتْقٍ شَرٌّ مِنْ رِقٍّ

بعض آزادی غلامی سے بدتر ہے۔

عَثْرَةُ الْقَدَمِ اَسْلَمُ مِنْ عَثْرَةِ اللِّسَانِ

قدم کی لغزش زبان کی لغزش سے زیادہ محفوظ ہے۔

مَا كُلُّ عَثْرَةٍ تُقَالُ وَلَا كُلُّ فُرْصَةٍ تُنَالُ

ہر لغزش واپس نہ لی جائے اور نہ موقع پھر ہاتھ آتا ہے۔

لَا يَعْجِزُ الْقَوْمُ اِذَا تَعَاوَنُوْا

جب قوم میں باہم تعاون ہو تو وہ عاجز نہیں رہتی۔

العجزية

عاجزی کی شکایت ہے۔

اَلْعَجَلةُ فُرْصَةُ الْعَجَزَةِ

جلدی عاجزوں کی فرصت ہے۔ کام پر قابو ہو تو جلد بازی نہیں ہوتی۔

لَيْسَ مِنَ الْعَدلِ سرعة العزل

جلدی ملامت کرنا انصاف کی بات نہیں۔ ممکن ہے عذر قابل قبول ہو۔

يَعْدُلُ لِكلبِ السُّوْءِ كَلْبٌ يُعَادِلُهُ

برے کتے کے لئے اسی جیسا کتا تیار کرنا پڑتا ہے۔

اَعْدَلُ مِنَ الْمِيزَانِ

ترازو سے زیادہ منصف۔

لا تَعْدَمُ الحسناءُ ذامًّا

کوئی حسینہ عیب سے خالی نہیں۔

لا يَعْدم الحُوار مِنْ اُمّهٖ حَنَّةً

کوئی اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کی شفقت نہیں کھوتا۔

اَلْعَدِيْمُ مَنِ احْتَاجَ اِلٰى لَئِيْمٍ

مفلس وہ ہے جو کمینے کا محتاج ہو جائے۔

مَنْ تَعَدّٰى الْحَقَّ ضَاقَ مَذْهَبُهُ

جس نے حق سے تجاوز کیا اس کا راستہ تنگ ہو گیا۔

اَعْدٰى مِنَ السُّلَيْكِ

سلیک سے زیادہ دوڑنے والا۔

اَعْدٰى مِنَ الشَّنْفَرٰى

شنفریٰ سے زیادہ دوڑنے والا۔

اَعْدٰى مِنَ الْعَقْرَبِ

بچھو سے زیادہ دشمن۔

اَعْدٰى مِنَ الْجَرَبِ

کھجلی سے زیادہ متعدی۔

اِيَّاكَ وَمَا يُعْتَذَرُ مِنْهُ

اس چیز سے بچو جس سے معذرت طلب کی جائے۔ ایسا کام ہی نہ کرو جس سے معذرت کی ضرورت پیش آئے۔

وَالْعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ مَقْبُوْلٌ

معذرت شریف لوگوں کے یہاں مقبول ہوتی ہے۔

لَعَلَّهُ عُذْرًا وَاَنْتَ تَلُوْمُ

شاید اس کو عذر ہو اور تو اس کو ملامت کر رہا ہو۔ مصرع اول یہ ہے۔

تَاَنَّ وَلَا تَعْجَلْ بِلَوْمِكَ صَاحِبًا

اپنے دوست کو ملامت کرنے میں جلدی نہ کرو۔

اَعْذَرَ مَنْ اَنْذَرَ

اس نے عذر پیش کیا جس نے ڈرایا تھا۔

اَلْمَعَاذُ مَكَاذِبُ

عذر اکثر جھوٹ ہوتے ہیں۔

رِجَالَةٌ تَعْقِلُ الرِّمَاحَ

پیدل ہے جو نیزوں کو گھوڑے پر نصب کئے ہوئے ہے۔

عَرِّضْ لِلْكَرِيْمِ وَلَا تُبَاحِتْ

شریف سے اشارہ کنایہ سے کہو۔ صاف مت کہو۔

اِنَّ فِي الْمَعَارِيْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْكَذِبِ

کنایوں میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

عَرَفَتِ الْخَيْلُ فُرْسَانَهَا

گھوڑوں نے اپنے سواروں کو پہچان لیا۔

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ عَرَفَ رَبَّهٗ

جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے رب کو پہچان لیا۔

مَنْ عُرِفَ بِشَيْئٍ نُسِبَ اِلَيْهِ

جو شخص کسی نسبت سے پہچانا گیا اسی کی طرف منسوب ہو گیا۔

لا يَعْرِفُ الْحَيَّ مِنَ اللَّيِّ

حق کو باطل سے ممتاز نہیں کر سکتا۔

لا يعرف العود كالناجم

کسی چیز کو وہی جان سکتا ہے جو اچھی طرح جانچ کر دیکھے۔

مَا يَعْرِفُ قَبِيْلًا مِنْ دَبِيْرٍ

آنے والے کو جانے والے سے ممتاز نہیں کر سکتا۔

لا يَعْرِفُ الْكُوْعَ مِنَ الْبُوْعِ

وہ ہاتھ کی ہڈی کو پاؤں کی ہڈی سے ممتاز نہیں کر سکتا۔

لا يَعْرِفُ الْكَاعَ مِنَ الْبَاعِ

وہ کتے کی ہڈی اور پھیلے ہوئے ہاتھوں میں تمیز نہیں کر سکتا۔

لا يَعْرِفُ الْهِرَّ مِنَ الْبِرِّ

وہ بلی اور چوہے میں فرق نہیں کرتا۔

اَلْاِعْتِرَافُ يَهْدِمُ الْاِقْتِرَافَ

اعتراف کر لینا ارتکاب (جرم) کو ختم کر دیتا ہے۔

من عَزَّبَزَّ

جو غالب آیا اس نے چھین لیا۔

اِن عَزَّ اَخُوکَ فَهُنْ

جب تیرا بھائی عزت پائے تو تو نرم ہو جا۔ وہ عزیز ہو کر بھی غرور نہیں کرے گا ورنہ تعلق ختم ہو جائے گا۔

عِزّ الرجل اِستغناؤہٗ عن النّاس

آدمی کی عزت لوگ سے ہوشیار ہو جانا ہے۔

اعزُّ من کلیب وائل

وائل کے کتے سے زیادہ معزز۔

اَعَزُّ مِنَ الزَّبَاءِ

زباء سے زیادہ معزز۔ زباء عمالقہ کی باشجاعت عورت تھی۔

اَعَزُّ مِنْ انف الاسَدِ

شیر کی ناک سے زیادہ عزت والا۔

اَعَزُّ مِنْ جَبْهة الاسَد

شیر کی پیشانی سے زیادہ عزت والا۔

اَعَزُّ مِن الاَبْلَقِ الجو

فضا کے عقاب سے زیادہ عزت والا۔

اَعَزُّ مِن الاَبْلَقِ العقوق

ابلق حاملہ گھوڑے سے زیادہ نایاب۔

اَعَزُّ من بَیْضِ الاَنُوق

شکرہ کے انڈوں سے زیادہ نایاب۔

اَعَزُّ من الغراب الاعصم

سرخ گندھک سے زیادہ نایاب۔

اعزُّ مِن الْکِبْرِیْتِ الْاَحْمر

سرخ گندھک سے زیادہ نایاب۔

اعزُّ من عنقاء مغرب

عنقا سے زیادہ نایاب۔

اعزُّ مَنْ مُخّ البَعُوضِ

مچھر کے مغز سے زیادہ نایاب۔

اِنّ بَعْدَ الْعُسِرِ یُسْرًا

تنگی کے بعد یقینی فراخی ہے۔

لَیْسَ هذا بِعُشّک فَادْرُجِی

یہ تیرا گھونسلہ نہیں چلی جا۔

اَعُشَبْتَ فَانْزِلْ

تو گھاس پر پہنچ گیا ہے تو اتر پڑ۔

بکلّ عُشْبٍ آثارُ رَعیٍ

ہر گھاس میں چرنے کے آثار موجود ہیں۔ جہاں دولت ہو وہاں مانگنے والے بہت۔

تَعَاشَرُوْ کَالْاِخْوانِ وَتَعَامَلُوْا کَالْاَجانب

بھائیوں کی طرح بسر کرو اور اجنبیوں کی طرح معاملہ کرو۔ حدیث میں آتا ہے معاملہ کرتے وقت لوہے کی طرح سخت ہو جاؤ۔

ان العَصَا مِنَ العَصِیة

لاٹھی چھڑی سے ہی بنتی ہے۔

بَیْنَ العَصَاء وَلِمَامِها

لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان۔

رُبَّ عَطَبٍ تحت طَلَبٍ

طلب کے پیچھے بہت سی بربادیاں ہیں۔

لاَعِطْرَ بَعْدَ عَرُوْسٍ

عروس کے بعد کوئی عطر نہیں۔

بَیْنَهم عِطْرُ مَنْشِمٍ

ان کے درمیان منشم کا عطر لگا ہوا ہے۔ تفصیل قبل ازیں گزر چکی۔

اَعْطَشُ مِن ثُعَالَةَ

لومڑی سے زیادہ پیاسا۔ جو سیراب ہی نہ ہو۔

اَعْطَشُ مِن رَمْلٍ

ریت سے زیادہ پیاسا۔

اَعْطَشُ مِنْ قَمْعٍ

قیف سے زیادہ پیاسا۔

اعطاہ غیضًا من فیض

اس کو زیادہ پانی میں سے تھوڑا دیا۔

اُعطی مَقُولاً وَعُدِم معقُولاً

اس کو گفتگو کی طاقت عطاء ہوئی مگر معقولیت معدوم کر دی گئی۔

وَاِنَّما نُعْطی الَّذِیْ اُعطِینا

جو ہمیں دیا گیا ہے وہی ہم دیتے ہیں۔

اَعْطِ اَخَاکَ تمرةً فان ابی فَجَمْرَةً

اپنے بھائی کو کھجور دو اگر انکار کرے تو انگارہ دو۔ بھلائی کام نہ دے تو سختی کرو۔

اَعْطِ القوس باریَها

کمان اس کے بنانے والے کو دو۔ یعنی کام تجربہ کار کو دو۔

من عَظُم صَغَارا المَصائب ابتلاء بِکِبارها

جس نے چھوٹی مصیبتوں کو بڑا سمجھا اللہ تعالیٰ نے اس مصیبت مبتلا کر دیا۔

اَلْعُقُوْقُ ثُكْلُ مَنْ لَّمْ يَثْكَلْ
اولاد کی سرکشی ان لوگوں کے لئے اولاد کھو دینے کے ہی برابر ہے جنہوں نے اولاد نہیں کھوئی۔

اَلْعُقُوْبَةُ الْاُمّ حالات القدرة
سزا دینا قدرت کی حالتوں میں سب سے گھٹیا درجہ ہے۔

يَا عَاقِدُ اذْكُرْ حَلًّا
اے گرہ لگانے والے کھولنے کا وقت بھی یاد رکھ۔

لِكُلِّ عِقْدٍ حَلٌّ
ہر گرہ کھلتی ہے۔

اَعْقَدُ مِنْ ذَنْبِ الضَّبِّ
گوہ کی دم سے زیادہ گرہ دار۔ گوہ کی دم بہت سی گرہوں کے لئے مشہور ہے جیسے کتے کی دم کجی کے لئے۔

اَعْقِلْ لِسَانَکَ اِلَّافِی اَرْبعة
اپنی زبان کو روکو مگر چار موقعوں پر۔ ۱۔ حق کی حمایت ۲۔ باطل کا استیصال۔ ۳۔ علم کے پھیلانے ۴۔ اللہ عزوجل کے شکر میں۔

العقل وزیرٌ ناصحٌ
عقل خیرخواہ وزیر ہے۔

عَقْلُ الْمَرْاَةِ فی جمالِها وَجَمَالُ المرءِ فِیْ عَقْلِهٖ
عورت کی عقل اس کی خوبصورتی میں ہے اور آدمی کی خوبصورتی اس کی عقل میں ہے۔

اَعْقَلُ النَّاسِ اَعْذَرُهم لِلنَّاسِ
سب لوگوں میں زیادہ عقلمند وہ ہے جو لوگوں کا عذر زیادہ قبول کرنے والا ہے۔

بِعلّة زَرْعٍ يُسْقَى الْقَرْعُ
کھیتی کی وجہ سے کدو کو بھی پانی پلا دیا جاتا ہے۔

بِعِلَّةِ الْوَرْشَان يَاْكُل رَطْبَ المشان
ورشان کے بہانہ سے کھجوریں کھا رہا ہے۔

اَعْلَقُ مِنْ قِرَادٍ
چچڑی سے زیادہ چمٹنے والا۔

لَيْسَ الْمُتَعَلِّقُ كَالْمُتَانِقِ
تھوڑی چیز پر اکتفا کرنے والا پیٹ بھر کی خوشی نہیں۔

يَعْلَمُ مِنْ اَيْنَ (او مِنْ حَيْث) تُوكل الكتِفُ
وہ جانتا ہے کہ شانہ (دست) کو کہاں سے یا کس طرح کھایا جاتا ہے۔

مَا كُلُّ يُعْلَم يُقَالُ
ہر وہ چیز جو معلوم ہو کہی جانی ضروری نہیں۔

لَا تُعَلِّمِ الْيَتِيْمَ الْبُكَاءَ
یتیم کو رونا نہ سکھانا۔

عِلْمُ الشَّئِ وَلَا جَهْلُهٗ
کسی چیز کا جاننا بہتر ہے نہ کہ نہ جاننا۔

اَلْعِلْمُ فِي الصُّدُوْرِ وَلَا فِي الْسُّطُوْرِ
علم سینوں میں ہے نہ کہ سطور میں۔

انه لعالم بمنابت القصيص
وہ قصیص کے اگنے کے مقامات کو جاننے والا ہے۔

لِكُلِّ عَالِمٍ هَفْوَةٌ
ہر عالم کے لئے کوئی نہ کوئی لغزش ہے۔

اَلْعُلَمَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ
علماء مخلوق خدا پر خدا کے امین ہیں۔

اعلم بِهَا مَنْ غصّ بِهَا
اس کو وہی زیادہ جانتا ہے جس کو اس کا اثر پہنچا ہے۔

اَعْلَامُ اَرْضٍ جُعِلَتْ لِطَائِحًا
زمین کے پہاڑ پست زمین بنا دیے گئے۔ جب کہیں کے معزز لوگ ذلیل کر دیے جائیں۔

مَنْ عَلَتْ هِمَّتُه طَالَ هَمُّهٗ
جس کی ہمت بلند ہوگی اس کا فکر بھی طویل ہوگا۔

اَعْمَرُ مِنْ حَيَّةٍ
سانپ سے زیادہ عمر والا۔

اَعْمَرُ مِنْ نَسْرٍ
گدھ سے زیادہ عمر والا۔

لِكُلِّ عَمَلٍ ثَوَابٌ وَلِكُلِّ كَلام جواب
ہر عمل کی جزا ہے اور ہر کلام کا جواب ہے۔

اَلْاَعْمَالُ بخواتيمها
اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔ یہی مطلب ہے اس قول کا کہ

اَلْاُمُوْرُ اَحْمدها مَغَبّةً
بہترین کام وہ ہے جو قابل تعریف انجام کا حامل ہو۔

اِيَّاكِ اَعْنِیْ وَاسْمَعِیْ يَاجَارَةُ
تجھے ہی مراد لیتا ہوں اور سن لے اے لونڈی۔

مِنَ الْعَنَاءِ رِيَاضَةُ الْهَرَمِ

بڑھاپے میں ریاضت زحمت ہے۔

عَادَ الْاَمْرُ اِلٰی نِصابِه

معاملہ اپنے اصل کی طرف لوٹ آیا۔

عَادَت بِعَتْرِهَا لَمِيْسُ

لمیس اپنی عادت کی طرف لوٹ گئی۔

عُوَّدَتْ كِنْدَةُ عَادَةً فَاصْبِرْ لَهَا

تو نے کندہ کو ایک عادت کا خوگر بنا دیا ہے لہٰذا اب صبر کرو۔

عُوْدِي اِلٰی مُبَارِكِكِ

اپنے ٹھکانہ تھان کی طرف لوٹ آیا۔ یعنی پہلی حالت پلٹ چل۔

اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ

لوٹنا زیادہ قابل تعریف ہے۔

لكل عُوْدٍ عَصَارَةٌ

ہر لکڑی کا ایک نچوڑ ہے۔ یعنی ہر ظاہر کا باطن ہے۔

مَا كُلُّ عَوْرَةٍ تُصَابُ

ہر چھپے ہوئے خلل کا صحیح پتہ نہیں لگ جاتا۔

بِئْسَ العوض مِنْ جمد قَيْدُهُ

اونٹ کے بدلے اس کے پاؤں کی رسی پورا بدلہ ہے۔ یعنی کھوئے ہوئے اونٹ کے بدلے اس کی کیا وقعت و اہمیت ہے۔

مَنْ اعانَكَ عَلَى الشَّرِ ظَلَمَكَ

جس نے شر میں تمہاری مدد کی اس نے تم پر ظلم کیا۔

اَعِنْ اخاكَ ولَم بِاالصَّوْتِ

اپنے بھائی کی مدد کر خواہ آواز سے ہی ہو۔

اَعِنِّی وخلاكَ ذَمٌّ

میری مدد کر اور مذمت تجھ سے دور ہو جائے گی۔

مَا يَعْوِيْ وَلَا يَنْبَحُ

نہ غیرآتا ہے نہ بھونکتا ہے۔

لَا فِي الْعِيرِ ولَا فِي النَّفِيرِ

نہ عیر میں اور نفیر میں یعنی قریش کے تجارتی قافلہ عیر میں اور لڑاکا قافلہ نفیر میں شریک نہ ہونے پر طعن۔

مَهْمَا يَعِشْ تَرَه

جتنا تو زندہ رہے گا تو دیکھے گا۔

عِشْ تَرَه مَا لَمْ تَرَه

زندہ رہ وہ دیکھے گا جو تو نے نہیں دیکھا۔

عِشْ رَجَبًا تَرَ عَجَبًا

رجب کے مہینے تک زندہ رہ عجائبات دیکھے گا۔

عِشْ قَنِعًا تَكُنْ مَلِكًا

قانع ہو کر زندگی بسر کر بادشاہ ہو جائے گا۔

العش نُجْعَةٌ وَالْحَرْبُ خُدْعَةٌ

زندگی روزگار کی طلب گاہ اور لڑائی ظاہر فریب تدبیر کا نام ہے۔

اَلْتَ مَرَّةً عَيْشٌ وَمَرَّةً جَيْشٌ

تو کبھی عیش ہے کبھی لشکر۔ یعنی کبھی خوشحالی اور کبھی تنگی۔

عَيْنٌ عرفت فَذَرَفَتْ

آنکھ نے پہچان لیا اور بھر آئی۔

عَيْنُ الهوىٰ لَا تَصْدُقُ

خواہشات کی آنکھ (نظر) سچی نہیں ہوتی۔

عَيْنُهُ فِرَارُهُ

اس کی نظر ہی دانت دیکھ لیتا ہے۔

عَيْنُكَ عَبْرىٰ وَالفؤاد فى دَدٍ

تیری آنکھ رونے والی ہے مگر قلب لہو و لعب میں ہے۔ یعنی مگر مچھ کے آنسو بہانا۔

رب عين اَنَمُّ مِنْ لِسَانٍ

بہت سی آنکھیں زبان سے زیادہ چغل خور ہوتی ہیں۔

بِعَيْنٍ تَرَانِی یَا جَمِيْلُ اَرَاكَ

اے جمیل جس نے آنکھ سے جیسے تو دیکھا اسی آنکھ سے میں تجھے دیکھتا ہوں۔

لَيْسَ لِعَيْنٍ مَا رَاَتْ

آنکھ کے لئے نہیں ہے جو اس نے دیکھ لیا۔

اَلْعَيان لا يحتاج الى الْبيان

آنکھوں دیکھی چیز بیان کی محتاج نہیں۔ "عیاں را چہ بیاں"۔

عَيٌّ صَامِتٌ خَيْرٌ مِنْ عَيِّ نَاطِقٍ

خاموش عاجز بولنے والے عاجز سے بہتر ہے۔

اوّل الْعَيّ الِاخْلَاطُ

غضب میں آنا عاجزی کی ابتداء ہے۔ یعنی دلائل سے عاجز انسان ہی غصہ ہوتا ہے۔

اَعيىٰ مِن باقِلٍ

باقل سے بھی زیادہ اپنی مراد ظاہر کرنے سے عاجز۔

غ

غَشُّکَ خَیرٌ مِنْ سَمِینِ غَیرِکَ
تمہارا اوبلا غیر کے فربہ سے بہتر ہے۔

غَدَرَکَ دلّکَ عَلَی الاِسَاءَةِ
جس نے برائی کی طرف تمہاری رہنمائی کی اس نے تم سے غداری کی۔

اَغدَرُ مِنْ غَدِیرٍ
جو ہر وقت اپنے مالک کا پانی جذب کر رہتا ہے اور کچھ دن بعد خشک کر دیتا ہے۔

اِن غدًا لِنَاظِرِهٖ قَرِیْبٌ
آنے والی کل اس کے دیکھنے والے کے لئے قریب ہے۔

عسیٰ غَدٌ لِغَیرِکَ
ممکن ہے آئندہ کل تیرے غیر کے لئے ہو۔ اس لئے آج کے کام کو کل پر نہ ٹال' شاید وہ تجھے کل کو نہ مل سکے۔

لِکُلِّ غَدٍ طَعامٌ
ہر آئندہ کل کے لئے کھانا ہے۔ اللہ کے فضل پر توکل کرو۔

اَغَرّ مِنْ سراب
سراب سے زیادہ دھوکا دینے والا۔

اَغَرُّ من الاَمَانِی
آرزوؤں میں سے زیادہ فریب دینے والا۔

اَغَرُّ من ظَبْیٍ مُقْمِرٍ
چاندنی میں ہر پھرنے والے ہرن سے زیادہ فریب کھایا ہوا۔

وَ کُلُّ غَرِیْبٍ لِلْغَرِیْبِ نسیب
مسافر مسافر کا قریب ہوتا ہے۔

مَنْ غَرْبَلَ النَّاس نخلوهُ
جو لوگوں کو چھانے گا لوگ اس کو چھان کر بھوسی نکال دیں گے۔ جو لوگوں کو برا کہے گا لوگ اس کو زیادہ برا بھلا کہیں گے۔

غرثان فاربکوا لهٔ
بھوکا ہے اس کے لئے کھانا تیار کرو۔

اَوّلُ الغَزوِ اَحمقُ
پہلی لڑائی نا تجربہ کا شکار ہوتی ہے۔

اَغْشَم مِنَ السَّیْلِ
سیلاب سے زیادہ ظالم۔

مَنْ غَضِبَ مِنَ الاَشْیٖءِ رَضِیَ مِن لا شیی
جو ادنیٰ چیز سے غضبناک ہوگا وہ ادنیٰ چیز سے راضی بھی ہو جائے گا۔

غَضَبُ الْخَیْلِ علی اللُّجُم
گھوڑوں کا غصہ لگاموں پر ہوتا ہے۔ یعنی جس پر زور چلے اُسی پر انسان نکالتا ہے۔

غَلَّ یَدًا مُطْلِقُهَا
ہاتھ میں اس کے آزاد کرنے والے نے طوق ڈال دیا ہے۔ مصیبت سے چھڑا کر احسان کا غلام بنالیا۔

اِذَا لَمْ تَغْلِبْ فَاخْلِبْ
غالب نہ آسکے تو حسن تدبیر سے کام کر۔

مَنْ غَالَبَ الاَیَّام غُلِبَ
جو زمانہ پر غالب آنے کی کوشش کرے گا وہ مغلوب ہوگا۔

یَغْلِبْنَ الْکِرَامَ وَ یَغْلِبُهُنَّ اللِّئَامُ
عورتیں شریفوں پر غالب آتی ہیں اور کمینے مرد ان پر غالب آتے ہیں۔

اَلْغَمَرات ثُمَّ یَنْجَلِین
اب سختیاں میں پھر جدا ہو جائیں گی۔

غنم مَنْ سَلِمَ
جو بچ رہا وہ غنیمت رہا۔

اَغْنَی الصَّبَاحُ عَنِ الْمِصْبَاحِ
صبح نے چراغ سے بے نیاز کر دیا۔

اَغْنَی عن الشیءِ مِنَ الاَقْرَعِ عَنِ الْمُشْطِ
کسی چیز سے اس سے بھی زیادہ بے نیاز جتنا گنجا کنگھی سے۔

وَهَلْ یُغْنِی من الحَدَثَان لَیتَ
کیا کاش کہا حوادث سے بے نیاز کر سکتا ہے۔

مَنْ لَمْ یُغْنِهِ مَا یَکْفِیهِ اَعْجَزَهٗ مَا یغنیه
جس چیز شخص کو کافی ہونے والی چیز نے بے نیاز نہ کیا اس کو بے نیاز کرنے والی چیز عاجز کر دے گی۔

غِنَی النَّفس اَفضَل مِن غِنَی المَال
نفس کی بے نیازی مال کی بے نیازی سے بڑھ کر ہے۔

اِنَّ الغنی طَوِیلُ الذَّیلِ مَیَّاسٌ
مالدار دامن دراز اور ناز سے چلنے والا ہے۔ یعنی مال دار اپنی مالداری کو مخفی نہیں رکھ سکتا۔

مَنْ غَابَ غَابَ نَصِیبُهٗ

جو غائب ہوا اس کا حصہ بھی غائب ہوا۔ غائب کو یاد رکھنا دلیل کرم ہے۔

اَلْغِيْبَةُ جُهْدُ العَاجِز

پیٹھ پیچھے برائی عاجز کی طاقت ہے۔

كَالْمُستغيثِ من الرمضاءِ بِالنَّار

اس شخص کی طرح جو سورج کی گرمی سے آگ کی طرف لے جاتے۔

اَغَيرَةً وَجُبناً

کیا غیرت بھی اور نامرادی بھی۔

غَيض من فيض

بہت میں سے تھوڑا۔

عِنْد الغَايةِ يُعْرَفُ السَّبقُ

انتہا کے وقت سبقت معلوم ہوگی۔

ف

فَتَلَ فِي الذُّرْوَةِ وَالغَارِب

اس کو ہان کے اوپر اور آگے بل دیا۔ بہلا پھسلا کر راضی کر لیا۔ فتیٌ

فَتى وَلاَ كمالِكٍ

جوان اور بھی لیکن مالک جیسے نہیں۔ مالک بن نویرہ بن حمزہ بنی معز ابن نزار میں سے کا لڑکا تھا جس کو حضرت خالد بن ولید نے قتل کر دیا تھا۔ اس کا بھائی متمم کو عرصہ تک اس کی موت کا شدید رنج و غم رہا۔ لوگ تعزیت کے طور پر دوسرے مقتول نوجوان کا ذکر کرتے تو متمم کہتا: وہ جوان تو ہے لیکن میرے بھائی مالک جیسا نہیں۔

اَیُّ فَتى قَتَلَهُ الدُّخَانُ

کون سا جوان ہے جس کو دھوئیں نے مارا ہو۔ کسی عورت نے ایسے جوان پر نوحہ کرتے ہوئے کہا تھا جو دھوئیں سے مر گیا تھا یعنی مرنے والا سیدھا اور بے تدبیر تھا۔

كُلُّ فَتَاة بِأَبِيها مُعْجَبَةٌ

ہر دوشیزہ اپنے باپ کے ساتھ ناز کرتی ہے۔

رُبَّ فَرْحةٍ تَعُودُ تَرْحَةً

بہت سی خوشیاں رنج بن جاتی ہیں۔

لَيسَ الفَرسُ بِجُلِّهِ

گھوڑا اپنی جُل (جھول) کی وجہ سے نہیں گھوڑے۔ گھوڑے کی قیمت جھول کی خوبصورتی سے نہیں۔

هُمَا كَمَا فَرَسَى رِهَانٍ

وہ دونوں ریس کے گھوڑوں کی طرح ہیں۔ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

مَا كُلُّ فُرْصَةٍ مُنَالٌ

ہر فرصت دوبارہ نہیں ملتی۔ موقعے بار بار نہیں ملتے۔

اَفْرَطَ فَاَسْقَطَ

وہ بولا اس نے غلطیاں کی بہت زیادہ۔

تَفَرَّقَ القَوم اَيْدى سَبَا اَوْ اَيَادى

قوم پراگندہ ہوگئی سبا کے لشکر کی طرح۔

مَنْ فَسدَتْ بِطَانَتُه كَانَ كَمن مَضَن بِالماءِ

جس کے اہل عیال سے بگڑ جائیں وہ اس طرح ہے جس پانی سے اچھو لگ جائے۔

اَفْسَدُ مِنَ السُّوسِ

گھیرہ (گھن ڈالنے والا کیڑا) سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔

اَفْسَدُ مِنَ الجَرادِ

ٹڈی سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔

افْسَدُ مِنَ اَرْضَةٍ

دیمک سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔

فسا بینهم مظربان

ان کے درمیان ظربان گوز مار دیا۔

اَفْصَح من سَحْبَان وائل

سحبان وائل سے زیادہ فصیح۔

فَضْلُ الفعل على القول مكرمة

قول سے عمل کی زیادتی بزرگی ہے۔

فَضْلُ القَوْلِ عَلَى الْفعلِ دَنَاءَةٌ

عمل پر قول کی زیادتی کمینگی ہے۔ کئے سے زیادہ کہنا کمینہ پن ہے۔

الفضل للمبتدى و ان احسن المقتدى

فضیلت ابتداء کرنے والے کے لئے ہے۔ خواہ پیروی کرنے والا اس سے اچھا کر کے دکھائے۔

اَفْضَلُ المَعْرُوْف إِغَاثَةُ المَلْهُوفِ

بہترین نیکی مصیبت زدہ کی فریاد کو پہنچنا ہے۔

لاَ اَفْعَلُ كذا مَا اَنَّ السَّماء سماءٌ و لا افعله ما ان فى السّماء نجما

میں ایسا نہیں کروں گا جب کہ آسمان آسمان ہے میں یہ کام نہیں کروں گا جب کہ آسمان پر کوئی ستارہ ہے۔

فَكُنْتُ كَفَاقِئِ عَيْنَيْهِ عَمَدًا

میں اس شخص کی طرح ہو گیا جو اپنی آنکھیں پھوڑ ڈالے۔

خَيْرُ الْفِقْهِ مَا حَاضَرْتَ بِهِ

بہترین علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت جواب دے سکے۔

لاَ تَفَكَّرْ فَلَهَا مُدَبِّرٌ

نہ فکر کیونکہ اس کا تدبیر کرنے والا ہے۔

لاَ يَفُلُّ الْحَدِيدَ اِلاَّ الْحَدِيدُ

لوہے کو لوہا کند کرتا ہے۔

فَمٌ تُسَبِّحُ وَيَدٌ تُذَبِّحُ

منہ تسبیح پڑھ رہا ہے اور ہاتھ قتل۔ کہتے ہیں بغل میں چھری اور منہ سے رام رام۔

فِي فِمِي مَاءٌ وَهَلْ يَنْطِقُ مَنْ فِي فِيهِ مَاءٌ

میرے منہ میں پانی ہے اور کیا وہ شخص بولتا ہے جس کے منہ میں پانی ہو۔

يُفْنِى مَا فِى الْقُدُوْرِ وَيَبْقٰى مَا فِى الصُّدُوْرِ

جو ہانڈیوں میں ہے وہ فنا ہو جائے گا اور جو سینوں میں ہے باقی رہے گا یعنی مال فنا ہو جائے گا اور علم باقی رہے گا۔

لَمْ يَفُتْ مَنْ لَمْ يَمُتْ

جو مرا نہیں وہ فوت نہیں ہوا۔

الفايت لاَ يَسْتَدْرِكُ

فوت شدہ پھر نہیں مل سکتا۔

اَفْوَتُ مِنْ اَمْسِ

کل گزشتہ سے زیادہ فوت شدہ۔

مُغَوِّرٌ عَلٰى شَنَّاباليًا

(بیابان طے کرنے والے نے بوسیدہ مشکیزہ لٹکایا ہے' حقیر سامان پر خطرناک مہم سر کرنے چلا ہے۔

اَفِقْ قَبْلَ اَنْ يَحْضُرَ تَرَاكَ

ہوش میں آ جا قبل اس کے کہ تیری قبر کھود دی جائے۔

اَفْوَاهُهَا مَجَاسُّهَا

ان کا منہ ان کے امتحان کی جگہ ہے۔

ق

قُبَّةُ نجران

نجران کا قبہ۔ یہ قبہ مبارک سمجھا جاتا تھا۔

كَالْقَابِسِ الْعِجْلاَن

جلد باز آگ لینے والے کی طرح۔ جو اپنی ضرورت کو پورا کرنے میں جلدی کرے۔

كَالْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے کی طرح۔ حاصل نہ ہونے والی چیز طلب کرنے والا۔

اِنَّهُ لَقُبْضَةٌ رُفْضَةٌ

وہ کبھی پکڑنے والا اور کبھی چھوڑنے والا ہے۔

قَتَلَتْ اَرْضٌ جَاهِلَهَا

زمین نے اپنے سے بے خبر کو مار ڈالا ہے۔

اَلْقَتْلُ اَنْفٰى لِلْقَتْلِ

بعض قتل زیادہ روکنے والے ہیں قتل سے۔

مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَيْنَ فَكَّيْهِ

آدمی کی قتل گاہ اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے۔

قُدَّتْ سيورُهُ من اَدِيْمِكَ

اس کے تسمے تیری کھال سے کاٹے گئے ہیں۔ یعنی ایک جیسے ہیں۔

مَنْ يَقْدِرُ عَلٰى رَدِّ اَمْسِ اَوْ تَطْيِيْنِ عَيْنِ الشَّمْسِ

گزشتہ کل کے لوٹانے یا چشمۂ آفتاب پر خاک ڈالنے کی قدرت کون رکھتا ہے۔

اِنَّ الْمَقْدِرَةَ تُذْهِبُ الْحَفِيْظَةَ

جب بھائی چارا پرانا ہو جاتا ہے تو تعریف بری معلوم ہوتی ہے۔

اِذَا قَدُمَ الْاِخَاءُ سَمِجَ الثَّنَاءُ

جب بھائی چارا پرانا ہو جاتا ہے تو تعریف بری معلوم ہوتی ہے۔

يُقَدِّمُ رِجْلاً وَيُؤَخِّرُ اُخْرٰى

ایک قدم آگے بڑھاتا ہے دوسرا پیچھے ہٹاتا ہے۔

لَيْسَ الْقَوَادِمُ كَالْقَوَافِى

بڑے آخر بڑے ہیں بڑے چھوٹے کی طرح نہیں۔

لِكُلِّ قَدِيْمٍ حُرْمَةٌ

ہر پرانی چیز کی ایک حرمت ہوتی ہے۔

لَيْسَ بِمَا قَرَّتْ بِهِ الْعَيْنُ ثَمِيْنٌ

جس چیز سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں اس کی کوئی قیمت نہیں۔

اَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

شہ رگ سے زیادہ قریب۔

لاَ قُرْبَةَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ

خوش اخلاقی سے بہتر تقرب کا کوئی ذریعہ نہیں۔

اِذا قُرِح الجَنَان بَکَتِ العَیْنَان

جب دل زخمی ہوتا ہے تو آنکھیں روتی ہیں۔

اِذا ما القارظ العنزی ابا

جب عنزی قارظ کے پتے چننے والا واپس آ جائے۔

فُلانٌ لا تُقْرَعُ العَصا

فلاں کے لئے عصا نہیں کھٹکھٹایا جاتا۔ یعنی اس سے غلطی ہی نہیں ہوتی جس پر متنبہ کیا جائے۔

قَرِیْنُک سَہْمُک یُخْطِیٔ وَیُصِیبُ

تیرا ساتھی تیرا تیر ہے جو کبھی خطا کرتا ہے اور کبھی نشانہ پر لگ جاتا ہے۔ غلطی پر چشم پوشی کرنی چاہئے۔

اَقْصٰی مِنْ صَخْرٍ

چٹان سے زیادہ سنگدل۔

قَشَرْتُ لَہ العَصَا

میں نے اس کے واسطے عصا کو چھیلا۔

اَقْصَر لَمَّا اَبْقَر

جب دیکھا تو باز رہ گیا۔

مَا اَقْصَر لِلّیلَ عَلَی الرّاقِد

سونے والے پر رات کتنی چھوٹی ہوتی ہیں۔

کُلُّ مُقْتَصر علیہ کان

جس چیز پر اکتفا کر لیا جائے وہ کافی ہے۔

لِکُلِّ قَضاءٍ جَالب وکُلِّ دِرّ حَالِبٌ

ہر حکم کا کوئی موجب ہوتا ہے اور ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا۔

قَطَعتُ جُھیْزَۃَ قَوْلَ کُلِّ خَطِیْبٍ

جھیزہ نے ہر بولنے والے کی بات کاٹ دی، ختم کر دی۔ سو باتوں کی ایک بات۔

اِذا اَقْطَعْنا عَلَما بَدَاعَلَمٌ

جب ایک پہاڑ کو ہم نے طے کر لیا تو دوسرا پہاڑ ظاہر ہو گیا۔

تَقْطَع اَعْنَاقَ الرِّجَالِ المَطَامِعُ

لالچ لوگوں کی گردنیں کٹوا دیتی ہے۔

مَنْ قَلَّ ذَلَّ وَمَنْ اَمِرَ فَلَّ

جو شخص کم ہوا وہ ذلیل ہو گیا اور جو ذلیل ہو گیا ہو کند کر دیا۔

لاقلیل من العدوَاۃ وَلاَعن وَالْمَرضِ

دشمنی، کینہ اور مرض ذرا سی چیز بھی کم نہیں

لا قلیل قَلَب لہ ظَھر المِجَنِّ

اس کی طرف ڈھال کی پشت پھیر دی۔ دیرینہ محبت کا لحاظ اٹھا دیا۔

اَلْقَلْبُ مُصْحف البَصَرِ

دل سے دل کو راہ ہے۔

مِنَ القَلْبِ اِلَی القَلْبِ

دل سے دل کی طرف۔

فِی بَعْضِ القُلُوْب عُیُوْنٌ

بعض دل میں آنکھیں ہوتی ہیں۔

القُلُوب تُجَازِی القُلُوبَ

دل ہی دل کی مکافات کرتے ہیں۔

اِقْلَعْ شَوکَکَ بِیَدِکَ

اپنے کانٹے کو اپنے ہاتھ سے نکال۔

فِی القمرِ ضیاء وَالشَّمْسُ اَضوءُ مِنْہ

چاند میں روشنی ہے لیکن سورج اس سے بھی زیادہ روشن ہے۔ عام خوبی میں شریک ہیں مگر ایک بڑھ کر ہے۔

لا تقتنِ من کَلْب سوءٍ جَرْوًا

کتے کا پلا مت پال۔

کُلُّ قَائِب مِنْ قَوْبٍ

ہر چوزہ انڈے سے نکلتا ہے۔

من قال ما لا ینبغی سَمِع مَا لاَ یَشْتَہِی

جو شخص نامناسب بات کہے گا وہ نامرغوب باتیں سنے گا۔

لَوْ قُلْتُ تَمرۃً لَقالَ جَمْرۃ

اگر میں کھجور کہوں تو وہ انگارہ کہے گا۔

قد قِیلَ ذَالِکَ اِنْ حَقًّا واِنْ کَذِبًا

یہ بات کو کہی جا چکی۔ سچ ہو یا جھوٹ۔

اِذَا قَالَتْ حذام فَصَدِّقُوھا فَاِنَّ القول مَا قَالَتْ حِذام

جب خدام کوئی بات کہے تو اس کی تصدیق کرو۔ کیونکہ قول وہی درست ہے جو حذام نے کہا۔

اَلقولُ یَنفُذ مَا لا تَنفُذُ الاِبَر

بات اس چیز میں بھی سوراخ کر دیتی ہے جس کو سوئی نہیں چھید سکتی۔

مَا کُل قَوْلٍ لَہٗ جَوَابٌ

ہر بات کا جواب نہیں۔

رُبَّ قَوْلٍ اَشَدُّ مِنْ صَوْلٍ

بہت سی باتیں حملے سے بھی زیادہ سخت ہیں۔

وبعض القول يذهب في الرِّيَاح

بعض باتیں ہوا میں اڑ جاتی ہیں۔

اِذا قام بک الشر فاقعُدْ

جب شر تجھے کھڑا کرے تو تو بیٹھا رہ۔ ہر حال میں بردبار رہ۔

لکلّ مقام مقالٌ

ہر جگہ کے مناسب ایک گفتگو ہوتی ہے ہر بات کا موقع ہوتا ہے۔

هَلْ يَسْتقِيم الظلُّ وَالعُود اَعْوَجُ

کیا سایہ سیدھا ہوسکتا ہے جبکہ لکڑی ٹیڑھی ہو۔

قِيمَتُ كُلِّ اِمرِئٍ مَا يُحْسِنهُ

ہر شخص کی قیمت وہ ہے جو اسے اچھا بناتی ہے۔

ک

اَخبَرُ مِنْ لَبدٍ

لبد سے زیادہ معمر۔

اَكْتَمُ مِنَ الْاَرض

زمین سے زیادہ چھپانے والا۔

مَنْ اَكْثَر اَهْجَر

جو زیادہ بولے گا بکواس کرے گا۔ اھجارہ: بیہودہ باتیں کرنا۔

تُكْثِرُ الحزّو وتُخطِئي المَفصَلَ

تو بہت کاٹتا ہے مگر جوڑ پر غلطی کھاتا ہے۔ سخت کوش ہے مگر عین موقعے پر غلطی کر جاتا ہے۔

مِنْ كَثْرة الملاّحين غرقت السَّفِينَةُ

ملاحوں کی کثرت سے کشتی ڈوب گئی۔

ان كان لک اكثرى فتجاف لي مِنَ اليسرى

میرا بہت تمہارے لئے وقف ہے تو میرے تھوڑے سے درگزر کر۔

اَلمكْثاءُ كَحَاطِبِ لَيْلٍ

زیادہ بولنے والا رات کی لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح ہے۔

اَكْدَحُ لِي اكدح لک

تو میرے لئے سعی کر میں تیرے لئے سعی کروں گا۔

اِكْذِبِ النَّفس اِذا حَدَّثتها

جب اپنے دل سے باتیں کر میں تیرے لئے سعی کروں گا۔

اَلْكِذْبُ دَاءٌ وَالصِّدقُ شِفَاءٌ

جھوٹ بیماری ہے اور سچ شفا ہے۔

اِن كَذِب نَجى فَصِدْقُ اَخْلَق

اگر جھوٹ نے نجات دے دی تو سچ بدرجہ اولیٰ نجات دینے والا ہے۔

اَكْذَبُ مِنْ يَلْمع

سراب سے زیادہ جھوٹا۔

اَكْذَبُ اُحْدُوثَة مِنْ اَسِيرٍ

قیدی سے زیادہ جھوٹ بولنے والا (روایت کرنے والا)۔

اَكْذَب مِنَ الاَخِيذِ

قیدی سے زیادہ جھوٹا۔

اكذب مَنْ دَبَّ ودَرَج

زندوں اور مردوں میں سب سے زیادہ جھوٹا۔ دب زمین پر چلا۔ درج ختم ہوگیا۔ یعنی زندہ ومردہ۔

اِنْ كُنْتَ كَذُوبًا فكن ذُكُورا

اگر تو جھوٹا ہے تو یاد رکھنے والا بھی بن۔ کیونکہ جھوٹا بھول جاتا ہے۔

كَان كراعًا فصارَ ذراعًا

وہ کراع تھا پھر گز بن گیا۔ کھر کے قریب کا حصہ یعنی ذلیل تو ی اور معزز بن گیا۔

حَتَّام تكرع ولا تنقع

تو کب تک پانی پیتا رہے گا۔

مَنْ كرمت عليه نفسه هَانَتْ عَلَيه شَهْوتهُ

جس شخص کو اپنا نفس حریص ہوگا اس کو اپنی شہوت حقیر معلوم ہوگی۔

اِسْتَكْرَمت فارْتَبط

تو نے شریف الاصل کو پالیا لہٰذا باندھ۔

اَكْرَمُ مِنْ حَاتِم طي

حاتم طائی سے زیادہ سخی۔

اَلكَرِيْم اِذا رِيم عَلَى الضَّيم نَبَا

شریف آدمی کو جب ظلم پر مائل کیا جائے تو وہ دور ہوجاتا ہے۔

مُكْرَهٌ اَخُوكَ لا بَطَلٌ

تیرا بھائی مجبور کیا گیا ہے پہلوان نہیں ہے۔ جرأت سے نہیں مجبوری سے کر رہا ہے۔

اَكْسَبُ مِنْ نَمْلٍ

چیونٹی سے زیادہ کمانے والا۔

اَكْسَبُ مِنْ ذئب

بھیڑیے سے زیادہ طلب کرنے والا۔

اَكْسَفًا وامساكًا

کیا تر شروئی اور بخل دونوں۔

اَکْسٰی مِن بَصَلَۃٍ

پیاز سے زیادہ لباس پہننے والا۔ پیاز کی طرح تہ بتہ لباس پہنے ہوئے ہے۔

عَصیۃَ نَجْران

یمن کا قدیم ترین شہر۔ نجران میں لوگوں کی زیارت گاہ۔

کالعکبۃ تَزارُو ولا تزوُر

کعبہ کی طرح ہے جس کی زیارت کی جاتی ہے۔ وہ کسی کی زیارت کو نہیں جاتا۔

ھٰذا الْکَعْکُ مِنْ ذَاکَ العَجین

یہ کیک اسی آٹے کا تو ہے۔

اَلْکُفر مُخبثَّہ لِنفس النعم

کفران نعمت منعم کو حالسد نفس کرنے والا ہے۔

الکفالۃ ندامۃ

کفالت اور ضمانت موجب پشیمانی ہے۔

کَفٰی المرءَ فَضلاً اَنْ تُعدَّ مَعائبہُ

آدمی کے فضل کے لئے یہی بات کافی ہے کہ اس کے عیب شمار ہو جائیں کیونکہ انسان میں بے شمار عیب ہوتے ہیں۔

یَکْفِیکَ مِمَّا لا تَری مَا قَدْ تَری

تمہارے لئے دیکھی ہوئی چیزیں اَن دیکھیں چیزوں کی طرف سے کافی ہیں۔ جو دیکھو وہی عبرت کے لئے کافی ہے۔

مَنْ کَانَ لَکَ کَلُّہٗ کَانَ عَلَیکَ کلُّہٗ

جو شخص پورا تمہارے لئے ہے اس کا پورا بوجھ تم پر ہے۔ اس کے مصارف برداشت کرنے ہوں گے۔ کلّ: بوجھ۔

وَالکَلُّ مَحْمُولٌ عَلی اذیِ الفضل

بوجھ اہل ثروت پر ہی ڈالا جاتا ہے۔

کُلُّ کَلْب بِبَابِہٖ نَبّاحٌ

ہر کتا اپنے دروازے پر بھونکنے والا ہے۔

اَلْکَلب کَلْبٌ لو طَوَّقتہ ذَھَبًا

کتا کتا ہی رہے گا خواہ اس کے گلے میں سونے کا طوق ڈال دیں۔

کَلْبُ عَسٍ خَیْرٌ مِنْ اَسَدٍ بِرَبَضٍ

گھومنے اور تلاش کرنے والا کتا شکار پر بیٹھے ہوئے شیر سے بہتر ہے۔ عسّ: طلب کرنا۔ طواف کرنا۔

کَلَّفْتَنِی مُخَّ البعُوض

تو نے مجھے مچھر کے مغز کی تکلیف دی ہے۔ ناممکن چیز کی طلب کرنا۔

کَلَّفْتُ اِلَیْکَ عِرقَ القِرْبَۃ

میں نے تیری طرف آنے میں مشکیزہ کے پسینے کی تکلیف اٹھائی۔ اتنی زحمت اٹھائی جتنی مشک اٹھانے میں ہوتی ہے۔

لَیْسَ مَعَ التَّکَلُّفِ تَظَرُّفٌ

تکلف کے ساتھ ظرافت نہیں ہوتی۔

کَلامُ اللیل یَمْحُوہُ النَّھَارُ

رات کی بات کو دن مٹا دیتا ہے۔

کَلَامٌ کَالْعَسلِ وَفِعْلٌ کَالْاَسَلِ

کلام شہد کی اور کام کنیرے کی طرح

کَلامٌ لَیِّنٌ وظلمٌ بیِّنٌ

کلام نرم اور ظلم کھلا ہوا۔

کَلامُہٗ رِیْحٌ فِی نَفَسٍ

اس کا کلام پنجرہ میں ہوا کی طرح ہے۔

لِکُلِّ کَلامٍ جوابٌ

ہر کلام کا جواب ہوتا ہے۔

رُبَّ کَلِمَۃٍ سَلَبَ نِعْمَۃً

بہت سے کلمے نعمت سلب کر دیتے ہیں۔

لَوْ کُوِیتُ عَلٰی اَدَاءٍ لم اکرہ

اگر مجھے بیماری کی وجہ سے داغ دیا جاتا تو میں ناگوار نہ جانتا۔

تَلَبَّدی تَصِیدِء

زمین پر چمٹ جاتا کہ تو شکار کرے۔

لَبِسَ لَہٗ جِلْدُ النہر

اس کے لئے چیتے کی کھال اوڑھ لی۔ دشمنی ظاہر کی، بھیڑیا بن گیا۔

بعد اللُّتَیّاء والتی

اس کے اور اس کے بعد۔ چھوٹی بڑی مصیبت کے بعد، مثل قصہ طلب ہے۔ جدلیس کے ایک شخص نے ایک پستہ قد عورت سے شادی کی، اس سے بہت تکلیفیں پہنچیں۔ چھوڑ کر دوسری کی۔ یہ دراز قد تھی اور اس سے پہلی سے بھی دوگنی تکلیفیں پہنچیں۔ اس کو بھی طلاق دے دی اور عہد کیا کہ بعد اللتیا والتی لا اتزوج ایمانا۔

ومن اللَّجاجَۃ مَا یضرُّ وینفعُ

بعض حجتیں وہ ہیں جو ضرر پہنچاتی ہیں اور نفع بھی دیتی ہیں۔

اللَّحظُ اَحذَقُ اِنبَاءً من اللفظ

نظر لفظ سے زیادہ سچی خبر دیتی ہے۔

لَحظٌ اَصدَقُ مِنْ لَفظٍ

نظر لفظ سے زیادہ سچی۔

لا لحقن حوَاقِنَهُ بذَواقِنِه

میں اس کے معدہ کو ٹھوڑی سے ملا دوں گا۔

اِذا تلاَحتِ الخُصُوم تَسافَهتِ الحُلوم

جب دشمن گالی گلوچ پر اتر آئے تو بردبار بھی احمق بن جاتے ہیں۔ قوت برداشت ختم ہو جاتی ہے۔

مَنْ لاَ حاکَ فَقَدْ عَاداکَ

جس نے تجھے برا بھلا کہا اس نے تجھ سے دشمنی کی۔ الملاحاۃ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

تَلْدَغُ العَقرب ویَصْحُ

بچھو ڈنک بھی مارتا ہے اور چیختا بھی ہے۔ صاء چوہے بچھو خنزیر اور ان جیسی چیزوں کا چیخنا۔ آواز نکالنا۔ اس ظالم کے لئے کہتے ہیں جو خود ہی فریاد بھی کرے۔

اَلَذّ مِن الغَنِیمَةِ البَارِدَةِ

غنیمت باردہ سے زیادہ لذیذ۔

اَلَذّ مِن المُنٰی

آرزوؤں سے زیادہ لذیذ۔

اَلزَم لِلمَرءِ مِن ظِلّهِ

سایہ سے بھی زیادہ آدمی کے ساتھ لازم رہنا۔

اَلزَم من الیمین للشمال

بائیں کے لئے داہنے سے بھی زیادہ لازم۔

اَلزَم من زِرّ لِعُروَةٍ

اس سے بھی زیادہ لازم جتنا کہ بٹن کاج کے لئے لازم ہوتا ہے۔

لِسَانُ الحَالِ بَیّنٌ من لسان المقال

زبانِ حال زبانِ قال سے زیادہ واضح ہے۔

لِسان من رَطَبٍ ویَدٌ من خَشَب

زبان تر کھجور ہے اور ہاتھ لکڑی کا ہے۔

لسان المرء من خدم الفواد

مرد کی زبان دل کے خدام میں سے ہے۔

اللسان مَرکَبٌ ذَلولٌ

زبان سدھی ہوئی سواری ہے۔ یعنی اختیار میں ہے۔

اَللُقَمُ تَوَرِثُ النقم

بہت سے لقمے غصہ اور انتقام پیدا کرتے ہیں کہ اللہ کا غضب اور رشوت دینے والے کی ناراضگی اس کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہے۔

لو اَلقَمتُهُ عَسَلاً لَعَضّ اِصبَعِی

اگر میں نے اسے شہد بھی چٹایا تو وہ میری انگلی بھی چبا ڈالے گا۔

کَاَنّمَا اَلقمهُ الحَجرَ

گویا کہ اس کو پتھر نگلوا دیا ہے۔ ''اینٹ کا جواب پتھر سے دیا''۔

لَقِیت مِنهُ عَرَق الیَرَبَة

میں نے اسے مشک کے پسینے کی محنت و مشقت اٹھائی۔

مَا یلقی الشجیّ مِنَ الخلیّ

غمگین بے غم سے کیا پائے گا۔

اَلق حَبلَه علی غَارِبِهِ

اسی کی رسی اس کے کوہان پر ڈال دو۔

اَلقِ فِی اِدلاءِ دَلوَکَ

ڈولوں میں تم بھی اپنا ڈول ڈال دو۔ دوسروں کے ساتھ تم بھی قسمت آزماؤ۔

اَنّی یَلتقی والسهی سُهیلٌ والسعی

سہیل اور سہا کہاں مل سکتے ہیں۔ سہیل قطب جنوبی کی سمت ایک ستارہ ہے۔ سہا: قطب شمالی کے قریب بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارہ ہے۔

مَنْ یَلْقَ اَبطَال الرّجال یکلَم

جو پہلوانوں سے دوچار ہو گا وہ زخمی ہو گا۔

بغیر اللهوِ تَرتَتِق الفُتُوق

کھیل ہی میں شگاف پر نہیں ہو جاتے۔

لیس یُلاَمُ هَاربٌ مِنْ حَتفِهِ

اپنی موت سے بھاگنے والے سے ملامت نہیں کی جاتی۔

رب لائمٍ مُلِیمٌ

بہت سے ملامت کئے ہوئے لوگوں کا کوئی عذر نہیں۔

ربُّ ملُوم لاَ ذَنبَ لَهُ

بہت سے ملامت کئے ہوئے لوگوں کا کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

رُبَّ مَلُومٌ لا عذرَ لَهُ

